حق و باطل کا معرکۃ الآراء

# مقدمہ مرزائیہ بہاولپور

روداد ۱۹۲۶ء تا ۱۹۳۵ء

جس میں
جناب جج محمد اکبر خان صاحب ڈسٹرکٹ جج بہاولپور
نے مرزائیت کو ارتداد قرار دے کر مسماۃ غلام عائشہ کا نکاح
عبدالرزاق مرزائی سے فسخ فرمایا

جلد سوم

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت
حضوری باغ روڈ ملتان 061-4783486

حق و باطل کا عظیم معرکہ

# مقدمہ مرزائیہ بہاول پور ۱۹۳۵ء

## عالی جناب جج محمد اکبر خان صاحب بی.اے، ایل.ایل.بی

ڈسٹرکٹ جج بہاول پور

## نے مرزائیت کو ارتداد قرار دے کر مسلمہ کا نکاح مرزائی سے فسخ فرمایا

جواب الجواب حضرت مولانا ابوالوفا صاحب مختار مسماۃ غلام عائشہ مدعیہ

و

فیصلہ مصدرہ ۷ر فروری ۱۹۳۵ جس میں

## جناب محمد اکبر خان صاحب بی.اے.ایل.ایل.بی ڈسٹرکٹ جج بہاول پور

نے مرزائیت کو ارتداد قرار دے کر مسلمہ کا نکاح مرزائی سے فسخ فرمایا

جلد سوم

ناشر: عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت ملتان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم


| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | : | روداد مقدمہ مرزائیہ بہاول پور ۱۹۳۵ء (جلد سوم) |
| صفحات | : | ۵۴۴ |
| قیمت | : | ۳۵۰ روپے |
| اشاعت اوّل | : | اکتوبر ۱۹۸۸ء / ربیع الاوّل ۱۴۰۹ھ |
| اشاعت دوم | : | اپریل ۲۰۰۶ء / ربیع الاوّل ۱۴۲۷ھ |
| اشاعت سوم | : | نومبر ۲۰۲۰ء / ربیع الثانی ۱۴۴۲ھ |
| مطبع | : | طیب شمشاد پرنٹنگ پریس لاہور |
| ناشر | : | عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت حضوری باغ روڈ ملتان |

Ph: 061-4783486

# تفصیلی فہرست


| | |
|---|---|
| جواب الجواب از حضرت مولانا ابوالوفاء شاہجہانپوری | ۱۹ |
| تحفظ ختم نبوت کے بے باک و بے لوث مجاہد خطیب زمانہ حضرت مولانا ابوالوفاء شاہجہانپوری | ۲۲ |
| تعلیم کا آغاز | ۲۲ |
| سند فضیلت و فراغت | ۲۲ |
| تدریسی زندگی | ۲۳ |
| تاریخ ساز مقدمہ بہاولپور میں شرکت | ۲۴ |
| مدرسہ قومیہ شاہجہانپور ...... مسلمانوں کی خدمت میں ایک اپیل | ۲۷ |
| دارالعلوم دیوبند میں بحیثیت مبلغ تقرر | ۲۸ |
| وعظ و خطابت کے میدان میں | ۲۹ |
| فرقہائے باطلہ کے رد و تعاقب میں انجمن اظہار حق کا قیام | ۳۱ |
| عرضداشت | ۳۳ |
| ہماری کفایت شعاری | ۳۴ |
| انجمن کے قویٰ اور جوارح | ۳۴ |
| نعت النبی ﷺ کے میدان میں | ۳۶ |
| مرضی مصطفیٰ ﷺ | ۳۷ |
| وفات و تدفین | ۳۷ |
| صدر محترم اور ناظم عمومی جمعیۃ علماء ہند کا اظہار تعزیت، ایصال ثواب | ۳۸ |
| ایمان و اسلام | ۳۹ |
| تمہید | ۳۹ |
| اصل جواب الجواب | ۳۹ |
| مختار مدعا علیہ کے افتتاحی کلمات | ۳۹ |
| جواب بحث | ۴۰ |
| مختار مدعیہ کے جواب کی آڑ میں مختار مدعا علیہ کی مغالطہ دہی کی ناکام کوشش | ۴۱ |
| البدر اور اخبار عام کے مغالطہ کا جواب | ۴۲ |

| | |
|---|---|
| اسلام کا سنگ بنیاد | ۴۴ |
| (۱) تاویلات رکیکہ کی حقیقت | ۴۴ |
| نمبروار مفصل جواب عرض ہے | ۴۴ |
| تبرعاً جواب | ۴۷ |
| ترجمہ کی ایک فاش غلطی | ۴۸ |
| دوسرا غلط ترجمہ | ۴۹ |
| (۲) جواب خالق ارض والسمٰوات کا دعویٰ | ۵۲ |
| (۳) اللہ تعالیٰ کو تیندوے سے تشبیہ | ۵۵ |
| (۴) ربنا عاج | ۵۵ |
| (۵) انت منی بمنزلۃ توحیدی وتفریدی | ۵۶ |
| (۶) انت اسمی الاعلیٰ | ۵۷ |
| (۷) انت منی بمنزلۃ لایعلمہا الخلق | ۵۷ |
| (۸) انما امرک اذا اردت شیئاً ان تقول لہ کن فیکون | ۵۷ |
| اولیاءاللہ پر صریح بہتان | ۵۹ |
| انبیاءکرام علیہم السلام پر بہتان | ۶۰ |
| مدعاعلیہ کی قابلیت | ۶۱ |
| (۹) مرزاصاحب کا خدا کے مانند ہونا | ۶۱ |
| (۱۰) (لاجواب) متعلقہ نشان نمبر ۱۰۶ | ۶۵ |
| (۱۱) انت منی بمنزلۃ ولدی | ۶۶ |
| مختار مدعیہ کے استدلال کا خلاصہ | ۶۶ |
| خلاصہ تاویلات | ۶۷ |
| جوابات مرتب | ۶۸ |
| ایک ضمنی اعتراض کا جواب | ۶۹ |
| پانچویں تاویل کا جواب | ۶۹ |
| (۱۲) اسمع ولدی | ۶۹ |
| (۱۳) اُخطی واصیب | ۷۰ |
| تاویلات رکیکہ پر ایک سرسری نظر | ۷۱ |

| | |
|---|---|
| تفصیل کفریات | ۷۱ |
| لفظ تردد کی آڑ | ۷۲ |
| مرزا صاحب کے بعض الہام بطور شرح | ۷۲ |
| (۱۴) الارض والسمآء معک کما ھومعی | ۷۲ |
| مفصل جواب تاویلات | ۷۳ |
| (۱۵) اصلی واصوم اسھر وانام | ۷۴ |
| (۱۶) اعطیت صفة الاحیاء والافناء من الرب الفعال | ۷۷ |
| (۱۷) نئی زندگی نیا خدا | ۷۸ |
| پہلے قول کا متعارض | ۸۰ |
| تکفیر مسلمین | ۸۰ |
| (۱۸) متشابہات | ۸۱ |
| (۱۹) | ۸۹ |
| استدعا | ۸۹ |
| کلمۂ توحید دوسرا حصہ، محمد رسول اللہ ﷺ | ۹۰ |
| تفصیل جواب | ۹۳ |
| تفصیل دلائل | ۹۳ |
| اجماع واقوال صحابہ رضی اللہ عنہم | ۹۴ |
| (۲۶) آثار سلف صالحین | ۹۴ |
| ائمہ لغت | ۹۴ |
| فیصلہ ائمہ مجتہدین | ۹۴ |
| صحابہ کرام کی تصریحات | ۹۶ |
| ائمہ مفسرین | ۹۶ |
| ائمہ لغت | ۹۶ |
| اجماع امت | ۹۶ |
| فیصلہ ائمہ عقائد | ۹۶ |
| فیصلہ ائمہ مجتہدین | ۹۷ |
| فیصلہ صوفیائے کرام | ۹۷ |

| | |
|---|---|
| شہادت قطب الوقت حضرت خواجہ غلام فرید صاحب | ۹۷ |
| (۲) خاتم النّبیین کے معنی | ۱۰۳ |
| (۳) معراج جسمانی کا انکار | ۱۰۵ |
| صحیح حدیث حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اس کے خلاف ہے | ۱۱۴ |
| امام زرقانی کا فیصلہ | ۱۱۴ |
| درایۃ حدیث عائشہ پر تنقید | ۱۱۵ |
| امور تنقیح طلب | ۱۱۵ |
| جواب وثبوت | ۱۱۵ |
| پیدائش حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا | ۱۱٦ |
| ایک اور گزارش | ۱۱٦ |
| حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا کے مقابل ان کے والد بزرگوار کا صحیح فیصلہ | ۱۱٦ |
| فیصلہ مولوی احسن امروہی | ۱۱۷ |
| تنقیح نمبر دوم | ۱۱۷ |
| تنقیح نمبر سوم | ۱۱۷ |
| حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے قول کا جواب | ۱۱۸ |
| شہادت حضرت ابی سفیان رضی اللہ عنہ | ۱۱۸ |
| حسن بصری کے قول کے متعلق | ۱۱۸ |
| حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی طرف غلط نسبت | ۱۱۹ |
| نتیجہ | ۱۱۹ |
| لفظ رؤیا کی بحث | ۱۱۹ |
| ایک عظیم الشان مغالطہ اور اس کا جواب | ۱۱۹ |
| مولوی ثناءاللہ امرتسری کا حوالہ | ۱۲۰ |
| انبیاء سابقین | ۱۲۱ |
| مرزا صاحب کے دوسرے حوالے | ۱۲۱ |
| حضرت خواجہ معین الدین چشتی غریب نواز اجمیری | ۱۲۱ |
| کیا معراج جسمانی کا منکر کافر ہے | ۱۲۴ |
| معراج کے متعلق عقلی طور پر قابل غور امور | ۱۲۵ |

| | |
|---|---|
| نمبروار مرتب اجمالی جواب | ۱۲۵ |
| فلسفہ قدیم یونانی | ۱۲۵ |
| فلسفہ جدید اور سائنس | ۱۲۵ |
| ارتفاع جسم خاکی | ۱۲۶ |
| کرّہ ناریہ یا زمہریہ یا زہریلی ہوا کا حائل ہونا | ۱۲۶ |
| آسمان کا بیٹھنا اور جڑنا | ۱۲۷ |
| شق صدر | ۱۲۷ |
| جنت و دوزخ | ۱۲۷ |
| ایک سوال اور اس کا جواب | ۱۲۷ |
| ملائک وشیاطین | ۱۲۸ |
| ایک اعتراض کا جواب | ۱۲۸ |
| رویت انبیاء | ۱۲۸ |
| نفس مسئلہ معراج پر ایک کلی عقلی دلیل | ۱۲۹ |
| وقوع پر دلیل شہادت | ۱۲۹ |
| خدا کی شہادت اللہ شهيد بيني وبينكم | ۱۲۹ |
| خلاصہ جواب | ۱۲۹ |
| پہلی منزل کے جسمانی ہونے پر قرآنی شہادت | ۱۳۰ |
| ثبوت | ۱۳۱ |
| ایک مغالطہ کا جواب | ۱۳۱ |
| رسول اکرم ﷺ صاحب واقعہ کی شہادت | ۱۳۱ |
| صاحب خانہ کی شہادت | ۱۳۲ |
| خاندانی شہادت | ۱۳۲ |
| درمیانی سفر کی شہادت | ۱۳۲ |
| پہلی منزل کی آخری شہادت | ۱۳۲ |
| دوسری منزل کا ثبوت | ۱۳۲ |
| تیسری منزل | ۱۳۳ |
| خلاصہ | ۱۳۳ |

| | |
|---|---|
| معجزہ شق القمر | ۱۳۳ |
| مختار مدعا علیہ کی غیر متعلق باتوں کا جواب | ۱۳۵ |
| اصول ریاضی کی آڑ اس کا جواب | ۱۳۶ |
| علم ہیئت وریاضی کے اصول کے متعلق مرزا صاحب کا نظریہ | ۱۳۶ |
| بہتان عظیم | ۱۳۷ |
| آراھم القمر فرقتین کا غلط مفہوم | ۱۳۹ |
| مرزا صاحب اور معجزہ شق القمر | ۱۳۹ |
| سیاق وسباق کی تاویل | ۱۴۰ |
| علم نبوی میں مقابلہ | ۱۴۵ |
| ایک مغالطہ کا جواب | ۱۴۶ |
| ابن مریم کے متعلق مرزا صاحب کی رائے | ۱۴۶ |
| دجال | ۱۴۸ |
| یاجوج وماجوج | ۱۴۹ |
| یاجوج ماجوج، مرزا صاحب | ۱۵۰ |
| آنحضرت ﷺ کی تحقیقات | ۱۵۰ |
| ارشاد نبوی ﷺ | ۱۵۱ |
| حضرت مولانا تھانوی اور مولانا سہارنپوری پر اتہام | ۱۵۱ |
| آنحضرت ﷺ کی خصوصیات | ۱۵۸ |
| مقام محمود کے متعلق سید الانبیاء ﷺ کا فیصلہ | ۱۶۲ |
| مرزا محمود صاحب خلیفہ قادیان کا فیصلہ | ۱۶۳ |
| مرزا اور مختار مدعا علیہ کے دو عظیم الشان بہتان | ۱۷۱ |
| خلاصہ جواب | ۱۷۱ |
| آنحضرت ﷺ کی تفسیر | ۱۷۲ |
| ائمہ مفسرین کا فیصلہ | ۱۷۲ |
| دو غیر متعلق وغیر مسلم حوالے اور ان کی حقیقت | ۱۷۴ |
| ایک اصولی ضابطہ | ۱۷۵ |

| | |
|---|---|
| (۴) وما ارسلناک الا رحمة للعالمین | ۱۷۶ |
| (۶) وما رمیت اذ رمیت ولکن اللہ رمیٰ | ۱۸۲ |
| (۷) وما ینطق عن الھویٰ ان ھو الا وحی یوحیٰ | ۱۸۳ |
| (۸) وماکان اللہ لیعذبھم وانت فیھم | ۱۸۴ |
| (۹) سبحان الذی اسریٰ بعبدہٖ...... الخ! | ۱۸۵ |
| (۱۰) لولاک لما خلقت الافلاک | ۱۸۶ |
| تیسری تاویل کا جواب | ۱۸۸ |
| حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی پر بہتان | ۱۸۸ |
| عینیت کا دعویٰ | ۱۸۹ |
| مختار مدعا علیہ کی تاویلات رکیکہ کا جواب | ۱۹۰ |
| بزرگان دین پر مختار مدعا علیہ کا صریح بہتان | ۱۹۲ |
| تفصیلی جواب | ۱۹۳ |
| مرزا صاحب کا جواب | ۱۹۴ |
| محمد رسول اللہ ہیڈنگ کے لاجواب نمبر | ۱۹۶ |
| نتیجہ | ۱۹۹ |
| مرزا صاحب اوران کے متبعین کا ایمان ایمان مجمل پر بھی نہیں | ۲۰۰ |
| شرعاً ملائکہ کی حقیقت | ۲۰۰ |
| تفاسیر وکتب عقائد | ۲۰۲ |
| مرزا صاحب کا فرشتوں کے متعلق عقیدہ | ۲۰۲ |
| اصل اعتراض | ۲۰۳ |
| **مختار مدعا علیہ کی تاویلات عقلیہ** | ۲۰۳ |
| خلاصہ تاویلات ایمان بالملائکہ | ۲۰۳ |
| نزول ملائکہ | ۲۰۴ |
| وکتبہ | ۲۰۵ |
| مختار مدعا علیہ کی تاویلات | ۲۰۶ |
| مختار مدعا علیہ کا اقرار | ۲۰۷ |

| | |
|---|---|
| (۲۱) فبأی حدیث بعده یؤمنون | ۲۰۷ |
| مختار مدعا علیہ کی تاویلات رکیکہ | ۲۰۸ |
| (۴) قرآن گالیوں سے پر ہے | ۲۰۹ |
| استدعا | ۲۱۱ |
| وجوہات تکفیر وترتیب شہادت | ۲۱۲ |
| بہتان | ۲۱۳ |
| اصل حقیقت | ۲۱۳ |
| تنقیح مبحث | ۲۱۴ |
| مرزاغلام احمد کے نزدیک وحی نبوۃ کے معنی | ۲۱۴ |
| اقراری ڈگری | ۲۱۵ |
| تبرعاً تفصیلی جواب بھی پیش کرتا ہوں | ۲۱۶ |
| نتائج مختار مدعا علیہ کا جواب | ۲۱۸ |
| جوابات مرتبہ | ۲۱۸ |
| دلائل انسداد وحی نبوت بعد خاتم النبی ﷺ | ۲۱۹ |
| اقوال سلف صالحین ومسلم بزرگان دین | ۲۲۰ |
| حضرت مولانا گنگوہی پر بہتان | ۲۲۲ |
| دلائل بقاء وحی غیر تشریع ازروئے قرآن شریف | ۲۲۳ |
| مختار مدعا علیہ کا مغالطہ اوران کا جواب | ۲۲۹ |
| دلائل بقاء وحی ازاحادیث | ۲۳۰ |
| عقیدہ سلف صالحین بقاء وحی غیر تشریعی کے خلاف نہیں | ۲۳۳ |
| وحی نبوت ورسالت مطلقاً منقطع ہے؟ | ۲۳۴ |
| فرشتہ وحی آنحضرت ﷺ کے بعد کسی کے قلب پر وحی لے کر نہیں اتر سکتا | ۲۳۵ |
| مبشرات یعنی الہام اوررویاء صالحہ کے سوا کوئی بھی قسم وحی کی باقی نہیں | ۲۳۵ |
| مبشرات والا شخص نبی ہرگز نہیں ہوسکتا | ۲۳۵ |
| اس کے جواب کے متعلق مدعا علیہ کی تاویلات | ۲۳۶ |
| اس میں دو امر قابل تحقیق ہیں | ۲۳۸ |

| | |
|---|---|
| مجدد الف ثانی کا فیصلہ اقوال بزرگان دین کے متعلق | ۲۳۸ |
| مختار مدعا علیہ کی تاویلات رکیکہ | ۲۴۰ |
| مطلق الہام کی چند صورتیں | ۲۴۱ |
| ساتواں حوالہ حجج الکرامۃ | ۲۴۲ |
| خلاصہ بحث | ۲۴۳ |
| (۶) مرزاصاحب کے نزدیک صرف تشریعی وحی بند ہے | ۲۴۳ |
| (۷) کیا مسیح موعود کے نزدیک آپ کی وحی قرآنی وحی کے برابر ہے | ۲۴۴ |
| **ختم نبوت** | ۲۴۵ |
| **دوسری وجہ تکفیر کا رد ...... جماعت احمدیہ حضور ﷺ کو خاتم النّبیین یقین کرتی ہے** | ۲۴۵ |
| اصل معاملہ | ۲۴۵ |
| جمیع مسلمان بعد حضرت ﷺ ایک نبی کا آنا مانتے ہیں | ۲۴۶ |
| خلاصہ استدلال مختار مدعا علیہ | ۲۴۷ |
| اس کا ثبوت ملاحظہ ہو | ۲۴۷ |
| احادیث | ۲۴۹ |
| خاتم النّبیین سے کیا مراد ہے؟ آنحضرت ﷺ لفظ خاتم النّبیین کے معنی کیا سمجھے؟ | ۲۵۱ |
| مرزاصاحب کی اس پر مہر تصدیق | ۲۵۲ |
| مختار مدعا علیہ کے استدلال کا خلاصہ | ۲۵۲ |
| حدیث کی تصحیح | ۲۵۳ |
| اس کے متعلق مختار مدعا علیہ کی تاویلات رکیکہ | ۲۵۴ |
| خلاصہ تاویلات | ۲۵۴ |
| مفصل ومرتب جواب | ۲۵۴ |
| تاویلات مختار مدعا علیہ | ۲۵۹ |
| مختار مدعا علیہ کی رکیک تاویل اور صحابہ کرام ؓ کی شان میں گستاخی | ۲۶۲ |
| جو میں نے پیش کیا ہے دراصل یہی حق ہے | ۲۶۴ |
| عبارت رسالہ آخری نبی | ۲۶۴ |

| | |
|---|---|
| خاتم النّبیین کے صحیح معنی | ۲۶۶ |
| خلاصہ تاویلات مختار مدعا علیہ | ۲۶۷ |
| خاتم کے معنی آخر کے | ۲۷۱ |
| خصوصی استدعا | ۲۷۲ |
| خاتم النّبیین کے معنی کا ضروریات دین سے ہونا | ۲۷۲ |
| کیا تاویل کی وجہ سے کوئی کافر ہوسکتا ہے | ۲۷۴ |
| مرزاصاحب کے نزدیک خاتم النّبیین کے معنی | ۲۷۵ |
| انقطاع نبوت پر دوسری پیش کردہ آیات کا صحیح مطلب | ۲۷۶ |
| الجواب علی ترتیب السوال | ۲۷۷ |
| مرتب تفصیل جواب | ۲۷۸ |
| مختار مدعا علیہ کی چند آیات کے متعلق عاجزی | ۲۷۹ |
| پیش کردہ احادیث کا صحیح مطلب | ۲۸۰ |
| پہلی حدیث کا جواب | ۲۸۱ |
| ۱۲۔مختصر حوالہ جات مختار مدعا علیہ | ۲۸۱ |
| ایک مغالطہ کا جواب | ۲۸۳ |
| اصولی تمہید | ۲۸۴ |
| اس مسئلہ کے متعلق شیخ اکبر کا آخری مصرح اور قطعی فیصلہ | ۲۸۶ |
| دوسری حدیث | ۲۸۶ |
| تیسری حدیث ختم بی النّبوت کا جواب | ۲۸۷ |
| چوتھی حدیث ان العاقب......الخ! | ۲۸۸ |
| پانچویں حدیث لم یبق من النبوّۃ الا المبشرات | ۲۸۸ |
| چھٹی حدیث | ۲۸۸ |
| ساتویں حدیث | ۲۸۹ |
| آٹھویں حدیث | ۲۸۹ |
| نویں حدیث | ۲۸۹ |

| | |
|---|---|
| (۱۳) اجماع کی بحث | ۲۹۰ |
| (۱۴) مسیلمہ کذاب وغیرہ کے قتال کی وجہ | ۲۹۲ |
| (۱۵) اسلامی بادشاہوں کے فیصلے | ۲۹۲ |
| (۱۶) مسیلمہ کذاب نے کس قسم کی نبوت کا دعویٰ کیا | ۲۹۲ |
| (۱۷) علماء نے کس قسم کی نبوت کو بند سمجھا ہے | ۲۹۲ |
| مختار مدعا علیہ کی صریح غلط بیانی | ۲۹۳ |
| پہلا حوالہ | ۲۹۳ |
| دوسرا حوالہ | ۲۹۴ |
| تیسرا حوالہ | ۲۹۴ |
| فیصلہ مرزا محمود صاحب | ۲۹۵ |
| (۱۸) علماء کے نزدیک رسول ونبی کی تعریف | ۲۹۶ |
| (۱۹) ظل وبروزی | ۲۹۶ |
| (۲۰) کیا مرزا صاحب تناسخ کے بھی قائل تھے | ۲۹۶ |
| (۲۱) کیا مرزا صاحب نے صاحب شریعت ہونے کا دعویٰ کیا | ۲۹۶ |
| مسئلہ جہاد | ۲۹۷ |
| مرتب تفصیلی جواب | ۲۹۷ |
| وہ حوالہ جس میں مسیح علیہ السلام کے قتال کرنے کی تصریح ہے | ۲۹۸ |
| ملاحظہ ہوں حوالہ جات ذیل | ۲۹۹ |
| قرآن پاک اور جہاد بالسیف | ۳۰۰ |
| جہاد بالسیف کب واجب ہوتا ہے | ۳۰۳ |
| بزرگان دین پر بہتان عظیم | ۳۰۳ |
| تیسری وجہ تکفیر (دعویٰ نبوت) | ۳۰۴ |
| قرآن مجید سے امکان نبوت پر دلائل | ۳۰۴ |
| مختار مدعا علیہ کی تاویلات کا خلاصہ | ۳۰۵ |
| خلاصہ تاویل مختار مدعا علیہ | ۳۰۹ |
| خلاصہ تاویلات | ۳۱۰ |

| | |
|---|---|
| خلاصہ تاویل | ۳۱۱ |
| چھٹی آیت استخلاف | ۳۱۲ |
| احادیث سے امکان نبوت کا ثبوت | ۳۱۳ |
| تیسری وجہ تکفیر کا اثبات وجواب الجواب ...... انکار حشر اجساد و نفخ صور | ۳۱۳ |
| تفصیل وتوضیح | ۳۱۴ |
| دوسرا اشکال اور اس کا حل | ۳۱۸ |
| چوتھی آیت | ۳۲۰ |
| نفخ صور | ۳۲۵ |
| توہین انبیاء | ۳۲۶ |
| **ادّعاء عینیت** | ۳۳۰ |
| مرزا صاحب کی تصریحات عینیت | ۳۳۱ |
| مرزا صاحب کا آنحضرت ﷺ اور قرآن پر ناپاک حملہ | ۳۳۴ |
| حقیقی خاتم | ۳۳۷ |
| سید المرسلین ﷺ اور تمام انبیاء کی عملاً توہین | ۳۳۹ |
| **توہین مسیح علیہ السلام** | ۳۵۰ |
| پیش گوئیاں | ۳۵۰ |
| صحابہ کرام رضی اللہ عنہم | ۳۶۵ |
| توہین صحابہ کا الزام اور اس کا جواب | ۳۶۷ |
| توہین اہل بیت رضی اللہ عنہم | ۳۶۹ |
| امام حسین رضی اللہ عنہ کی توہین | ۳۶۹ |
| اولیاء کی توہین | ۳۷۱ |
| اے بدذات فرقہ مولویان | ۳۷۴ |
| علماء کو گالیاں دینے کے تفصیلی جواب | ۳۷۵ |
| ذریۃ البغایا | ۳۷۸ |
| ازواج مطہراتؓ کی توہین | ۳۸۵ |
| حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کی توہین | ۳۸۵ |

| | |
|---|---|
| بیت اللہ کی توہین | ۳۸۵ |
| حج کی توہین | ۳۸۹ |
| مقبرہ بہشتی | ۳۸۹ |
| کیا تکفیر وجہ ارتداد وفسخ نکاح ہوسکتی ہے | ۳۹۰ |
| کفر کا فتویٰ | ۳۹۰ |
| مرزا صاحب کا منکر شیطان ہے | ۳۹۰ |
| مرزا صاحب کی بیعت میں نہ داخل ہونے والا جہنمی ہے | ۳۹۱ |
| خلیفہ محمود صاحب کا تمام مسلمانوں کو کافر دائرہ اسلام سے خارج ہونے کا فتویٰ | ۳۹۱ |
| جو بھی مرزا صاحب کو نہیں مانتا اور بیعت میں نہیں وہ پکا کافر ہے | ۳۹۱ |
| مختار مدعا علیہ کی تاویلات کا خلاصہ | ۳۹۱ |
| کیا غیر احمدی یعنی مسلمان اہل کتاب نہیں | ۳۹۳ |
| کیا مدعیہ مشرکہ ہے | ۳۹۴ |
| علاوہ اختلاف عقائد کے بھی نکاح فسخ ہونا چاہئے | ۳۹۴ |
| (۱) تمام اہل اسلام کافر خارج از دائرہ اسلام ہیں | ۳۹۴ |
| (۲) دینی معاملات میں کوئی بھی اتحاد نہیں | ۳۹۴ |
| (۳) آپس میں اصولی اختلاف بھی ہے اور فروعی بھی | ۳۹۴ |
| (۴) کسی مسلمان کے پیچھے نماز جائز نہیں | ۳۹۴ |
| (۵) غیر احمدی کے بچہ کا بھی جنازہ مت پڑھو | ۳۹۵ |
| (۶) مسلمانوں سے رشتہ وناطہ جائز نہیں | ۳۹۵ |
| (۷) غیر احمدی مسلمان ہندو اور عیسائی کی طرح کافر ہیں اس لئے انہیں لڑکی نہ دو | ۳۹۵ |
| (۸) مخالفین کو موت کے گھاٹ اتارنا | ۳۹۵ |
| (۹) مخالفین کو سولی پر لٹکانا | ۳۹۵ |
| (۱۰) ساری دنیا کو جب تک پورے طور پر احمدی نہ ہو دشمن سمجھیں گے | ۳۹۵ |
| (۱۱) ظاہری محبت کا اظہار صرف مسلمانوں کو شکار کرنے کے واسطے ہے | ۳۹۵ |
| (۱۲) تمام مسلمانوں کی جان ومال وایمان سے عزیز ترین ہستی کی توہین | ۳۹۶ |

| | |
|---|---|
| (۱۳)مرزاصاحب اور ﷺ میں (عیاذاباللہ) ذرابرابرفرق نہیں | ۳۹۶ |
| مرزاصاحب کے خلیفہ کی سرورکائنات ﷺ سے انتہائی دشمنی | ۳۹۶ |
| حوالہ جات مذکورہ بالا کی تصدیق وتوثیق | ۳۹۶ |
| بہرحال نکاح فسخ ہوناچاہئے | ۳۹۸ |
| احمدی شریعت اسلامیہ کے پابند ہیں | ۳۹۸ |
| اصولی اختلاف | ۴۰۲ |
| کیامدعاعلیہ اورمدعیہ کاعلیحدہ علیحدہ مذہب ہے | ۴۰۲ |
| مرتد کے معنوں میں تاویل | ۴۰۴ |
| مختارمدعیہ کے نزدیک فسخ نکاح کی ایک اوروجہ | ۴۰۴ |
| فسخ نکاح کی ایک اوروجہ | ۴۰۶ |
| خلاصہ تاویلات | ۴۰۶ |
| گواہان مدعاعلیہ پرتنقید کاجواب | ۴۰۷ |
| خلاصہ تنقید | ۴۰۷ |
| خلاصہ تاویلات | ۴۰۸ |
| (۲)دربار معلّٰی کی توہین | ۴۰۹ |
| خلاصہ تاویل مختارمدعاعلیہ | ۴۰۹ |
| (۳)گواہ مدعاعلیہ نمبر۱ ...... معلومات پربحث | ۴۱۰ |
| خلاصہ تاویلات مختارمدعاعلیہ | ۴۱۱ |
| تفصیلاً گواہ مدعیہ نمبر۱ کی صفائی | ۴۱۲ |
| گواہ مدعاعلیہ نمبر۱ کے جوابات میں تعارض کارد | ۴۱۳ |
| گواہ مدعاعلیہ نمبر۱ کے علم کے متعلق اعتراضات کاجواب | ۴۱۵ |
| اس سلسلہ کے لاجواب اموجن کاکوئی تذکرہ نہ کیا | ۴۱۶ |
| گواہ مدعاعلیہ نمبر۲ پرتبصرہ کاجواب | ۴۱۶ |
| مختاران مدعیہ کی صریح غلط بیانیاں | ۴۱۹ |
| خلاصہ اعتراضات | ۴۱۹ |

| | |
|---|---|
| الزام خیانت کا رد | ۴۲۱ |
| تحذیر الناس کا حوالہ | ۴۲۱ |
| حجج الکرامہ کا حوالہ | ۴۲۲ |
| بحر الرائق کا حوالہ | ۴۲۲ |
| (۱۳) تفسیروں کے متعلق | ۴۲۲ |
| آیت قرآنیہ کے ترجمہ میں خیانت کا الزام | ۴۲۳ |
| (۱۴) مندرجہ ذیل کتب فریقین کو غیر مسلم ہیں | ۴۲۴ |
| مسلّم اور مسلمان کا فرق | ۴۲۵ |
| گواہ مدعا علیہ کی شہادت ہرگز قابل قبول نہیں | ۴۲۵ |
| (۵) بشارت احمد | ۴۲۶ |
| (۹) قرآن وحدیث اور وحی مسیح موعود | ۴۲۹ |
| حدیث:''فاعرضوا علیٰ کتاب اللہ'' | ۴۳۲ |
| قیامت کے متعلق | ۴۳۵ |
| عقیدہ اوتار | ۴۳۶ |
| مرزا صاحب کے اقوال میں تعارض نہیں | ۴۳۷ |
| گواہان مدعیہ کی شہادتیں | ۴۴۶ |
| تناقض نمبر۱ | ۴۴۹ |
| تناقض نمبر۲ | ۴۴۹ |
| تناقض نمبر۳ | ۴۵۰ |
| تناقض نمبر۴ | ۴۵۰ |
| تناقض نمبر۵ | ۴۵۱ |
| تناقض نمبر۶ | ۴۵۱ |
| گواہ مدعیہ کا خود اپنے بیان سے تعارض | ۴۵۲ |
| گواہ مدعیہ نمبر۲ | ۴۵۳ |
| حسام الحرمین وغیرہ | ۴۵۴ |

| | |
|---|---|
| گواہان مدعیہ کے صریح کذب | ۴۵۵ |
| پہلا کذب | ۴۵۵ |
| دوسرا کذب | ۴۵۶ |
| تیسرا کذب صریح | ۴۵۶ |
| چوتھا کذب صریح | ۴۵۶ |
| پانچواں کذب | ۴۵۶ |
| چھٹا کذب صریح | ۴۵۷ |
| ساتواں کذب | ۴۵۷ |
| آٹھواں کذب | ۴۵۷ |
| نواں کذب | ۴۵۷ |
| دسواں کذب | ۴۵۸ |
| گیارہواں کذب | ۴۵۸ |
| بارہواں کذب | ۴۵۸ |
| تیرہواں کذب | ۴۵۸ |
| چودہواں کذب | ۴۵۸ |
| قطب الوقت حضرت خواجہ غلام فرید صاحب کی شہادت | ۴۵۹ |
| حضرت خواجہ مرزا محمود قادیانی کی نگاہ میں | ۴۵۹ |
| بعض اعتراضات کے جواب کا جواب الجواب | ۴۶۳ |
| خلاصہ جواب الجواب متعلقہ شہادت حضرت خواجہ صاحب | ۴۶۵ |
| آخری گزارش | ۴۶۶ |
| استدعا | ۴۶۶ |
| پس مقدمہ ہذا میں | ۴۶۶ |
| فیصلہ ...... مقدمہ مرزائیہ بہاول پور مصدرہ ۷/فروری ۱۹۳۵ء | ۴۶۷ |
| درخواست جلال الدین صاحب شمس مختار مدعا علیہ ...... مؤرخہ ۴/دسمبر ۱۹۳۴ء | ۴۶۸ |
| درخواست ہائے مسماۃ غلام عائشہ ...... مؤرخہ ۲۰/دسمبر ۱۹۳۴ء و ۱۲/جنوری ۱۹۳۵ء | ۴۶۹ |

# جواب الجواب از

# حضرت مولانا ابوالوفاء شاہجہانپوری

# مختار مسماۃ غلام عائشہ مدعیہ

## مدخلہ ۲۸؍اپریل لغایت ۱۰؍مئی ۱۹۳۴ء

عدالت عظمٰی ریاست بہاولپور سے مقدمے کی واپسی پر جب از سرنو تحقیقات شروع ہوئی تو مسماۃ غلام عائشہ کی جانب سے مختلف اوقات میں اکابرین نے بطور مختار مدعیہ پیروی مقدمہ کی۔ ۱۹۳۳ء میں جب فریق ثانی کی شہادت شروع ہوئی تو ہندوستان کے شہرۂ آفاق رأس المتکلمین حضرت مولانا ابوالوفا صاحب بطور خاص دیوبند سے بہاولپور تشریف لائے۔ آپ کو فن مناظرہ میں یدطولٰی حاصل تھا۔ آپ نے بحیثیت مختار مدعیہ تین برس عدالت میں پیروی مقدمہ فرمائی۔

جلال الدین شمس کی تحریری بحث کا نہایت جامع اور مدلل جواب الجواب قرآن مجید اور احادیث رسول اللہ ﷺ کی روشنی میں پیش فرمایا جس کے بارے میں علماء ربانی نے تحریر فرمایا ہے: ’’تردید مرزائیت کے موضوع پر لکھی گئی علم وعرفان کی یہ عظیم دستاویز اسلامی تاریخ میں آب زر سے لکھے جانے کے قابل ہے۔‘‘

ادارہ!

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

مخدوم ومکرم حضرت مولانا اللہ وسایا صاحب　　زید مجدکم العالی!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ　　امید ہے کہ حضرت والا بخیر ہوں گے۔

راقم سطور بھی بحمداللہ بعافیت ہے اور دعا گو ہے کہ اللہ رب العزت حضرت والا کا سایہ پوری دنیا کے خدام تحفظ ختم نبوت کے سروں پر تا دیر قائم رکھے۔آمین!

حضرت مولانا ابوالوفاء صاحب شاہجہانپوری کی سوانح اور حالات زندگی پر اس سے قبل دوبار مضمون بھیجا گیا۔لیکن اس میں کچھ تشنگی باقی رہ گئی تھی۔اس لئے اب نئی ترتیب اور اضافہ کے ساتھ تیسری بار اسی مضمون کو ارسال کیا جارہا ہے۔پورے ملک میں (بوجہ کرونا وائرس) سخت لاک ڈاؤن اور کسی سے بھی رابطہ میں دشواریوں کے سبب معلومات جمع کرنے اور مواد اکٹھا کرنے میں کافی وقت لگ گیا۔ امید ہے کہ حضرت والا اس تاخیر کو دامن عفو میں جگہ دیں گے۔ہر ممکنہ کوشش کر کے بحمداللہ اس موضوع پر تحقیقی مواد جمع کردیا گیا ہے۔اس میں حضرت مولانا ابوالوفاء صاحب سے متعلق جو احوال وکوائف درج کئے گئے ہیں وہ مآخذ اصلیہ اور چشم دید افراد کی تحریرات واقوال پر مبنی ہیں۔اگرچہ موضوع کا حق تو ادا نہیں ہو پایا ہے۔کیونکہ وہ قدرے وقت طلب کام ہے۔تاہم جو کچھ ہوگیا ہے اس سے امید ہے کہ تحفظ ختم نبوت کے اس فقیدالمثال مجاہد کے سوانحی خاکہ میں پڑھنے والوں کو وہ تشنگی نہ رہے گی جو اس سے پہلے تھی۔

حضرت والا کو یہ جان کر حیرت ہوگی کہ حضرت مرحوم پر پورے ہندوستان میں کسی نے کچھ نہیں لکھا ہے۔بے شمار اہل قلم سے رابطہ کیا گیا۔سب نے ایک ہی بات بتائی اور جس کسی نے لکھا بھی تو تحفظ ختم نبوت کی خدمات اور فرقہائے باطلہ کے ردوتعاقب کے تناظر میں کچھ نہیں لکھا گیا ہے۔اللہ جزائے خیر دے حضرت والا کو کہ آپ نے اس گمنام مجاہد کی سوانح پر توجہ فرمائی۔اسی لئے سارے کام پس پشت ڈال کر اس خدمت کو انجام دیا گیا ہے تاکہ کل میدان قیامت میں جب ہم خدام تحفظ ختم نبوت کا نبی پاک ﷺ کے اس عاشق بے مثال سے سامنا ہو تو کم ازکم عذرخواہی کے لئے ’’ڈوبتے کو تنکے کا سہارا سہی‘‘ کچھ تو ہاتھ میں رہے۔

تاریخی اوراق پلٹنے سے ثبوت تو یہاں تک مل جانے کی امید ہے کہ یہ خالص تحفظ ختم نبوت کے آدمی تھے جن کی پرورش علامہ کشمیری جیسی نابغہ روزگار ہستیوں نے کی تھی اور مذکورہ خوبیوں کے ساتھ علمی صلاحیت میں پختگی کے سبب دارالعلوم کی تاریخ میں افراز ساز ومردم گر شخصیت حضرت مولانا حبیب الرحمٰن عثمانی کے بھی نور نظر رہے۔تقسیم ہند سے پہلے حضرت کا شمار تحفظ ختم نبوت کے صف اوّل میں ہی نہیں بلکہ اماموں میں ہوا کرتا تھا۔چنانچہ اسی ذوق سلیم کی بناء پر تقسیم ہند کے بعد بھی حضرت کے کارناموں کا محور ختم نبوت پر کسی بھی زاویہ سے حملہ کرنے والے فرقہائے باطلہ کا ردوتعاقب دکھائی دیتا ہے۔قادیانیت کی نجاست جب موجودہ ہندوستان سے سمٹ کر دوسرے علاقوں میں چلی گئی تو اس کے بعد بھی حضرت نے نام بنام تمام فتنوں کی ناک میں نکیل ڈالنے کا کام کیا۔۱۹۴۲ء سے لے کر ۱۹۵۰ء تک حضرت کی صلاحیت سیاسی مسائل میں الجھی رہی۔۱۹۵۰ء تا ۱۹۷۴ء ملکی حالات جب کچھ سازگار ہوئے اور قادیانیت یہاں معدوم سمجھی جانے لگی اور واقعی ان دنوں میں قادیانیوں کی کیفیت کچھ اسی قسم کی تھی تو حضرت کا تمام تر رخ خطابت ووعظ کی جانب مڑ گیا۔پھر بھی جب بھی کہیں قادیانیت کا شتر بے مہار دکھائی دیتا ہے تو حضرت یہیں سے اس کے خلاف مچلتے دکھ رہے ہیں۔لیکن تاریخ نویسوں کے قلم سے حضرت کو تقریر وخطابت کے عنوان سے اس قدر شہرت ملی کہ بقیہ صفات محمودہ دب کر رہ گئی ہیں۔بندہ کی کوشش ہوگی کہ زبانی سے زیادہ تحریری ثبوت وشواہد جمع کر کے ان شاءاللہ! مزید مواد پیش کرے گا جو ممکن ہے کہ کتاب کی صورت بن جائے۔اب خدا کرے کہ یہ قدیم ریکارڈ دستیاب ہو جائے۔مرکز التراث الاسلامی سے ماسٹر محمد احمد ومولانا شہباز اختر سیوانی صاحبان سلام مسنون پیش کرتے ہیں۔

دعا گو: شاہ عالم گورکھپوری، دیوبند

۱۶؍رمضان المبارک ۱۴۴۱ھ، مطابق ۱۰؍مئی ۲۰۲۰ء

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# تحفظ ختم نبوت کے بے باک و بے لوث مجاہد خطیب زمانہ حضرت مولانا ابوالوفاء شاہجہانپوری

نحمده ونصلی علیٰ رسوله الکریم. اما بعد!

غیر منقسم ہندوستان کے مشہور عالم دین، مقبول خاص وعام خطیب، تحفظ ختم نبوت کے بے باک مجاہد حضرت مولانا ابوالوفاء عارف صاحب شاہجہانپوری کا شمار حضرت علامہ انور شاہ کشمیری کے معتمد علیہ تلامذہ میں ہوتا ہے۔آپ کے والد کا نام نامی جناب محمد حسین صاحب ہے جو لکھنؤ سے قریب میں واقع ضلع ''سیتاپور'' کے ایک قصبہ ''لہرپور'' میں متوسط درجہ کے تجارت پیشہ اور دین دار اور علم دوست لوگوں میں سے تھے۔مولانا ابوالوفاء صاحب کی پیدائش ۱۹۱۰ء میں محلّہ شیخ ٹولہ، قصبہ لہرپور، ضلع سیتاپور میں ہی ہوئی تھی اور یہی آپ کا آبائی وطن تھا۔لیکن دارالعلوم دیوبند سے فراغت کے بعد میں محلّہ تاہر زئی شہر شاہجہانپور میں مستقل سکونت اختیار کر لی تھی اور پھر شہر شاہجہانپور میں مستقل قیام کی وجہ سے ''شاہجہانپوری'' سے مشہور ہو گئے۔انتقال ۶؍فروری ۱۹۸۰ء میں اپنے مکان واقع محلّہ تاہر زئی شاہجہانپور میں ہوا اور اپنے مکان کے سامنے قبرستان جنگلہ میں مدفون ہیں۔''اللهم وسع قبره واجعل الجنة مثواه''

## تعلیم کا آغاز

حضرت مولانا ابوالوفاء صاحب شاہجہانپوری نے ابتدائی تعلیم اپنی جائے پیدائش قصبہ لہرپور کے مدرسہ رکنیہ میں حاصل کی۔ دارالعلوم دیوبند میں محفوظ تعلیمی ریکارڈ سے معلوم ہوتا ہے کہ ابتدائی تعلیم کے بعد اس زمانہ کی مشہور علمی و دینی درسگاہ مدرسہ عالیہ ریاست رامپور میں متوسطات تک کی تعلیم پائی اور ۱۳ سال کی عمر میں نہائی تعلیم کے لئے شوال ۱۳۴۰ھ مطابق جون ۱۹۲۲ء میں دارالعلوم دیوبند میں داخل ہو کر شعبان ۱۳۴۱ھ مطابق مارچ ۱۹۲۳ء میں دارالعلوم سے فارغ ہوئے۔

آپ کے تعلیمی ریکارڈ میں لکھا ہوا ہے کہ آپ کا نام ''ابوالوفاء علی احمد ولد محمد حسین'' ہے اور داخلہ نمبر ۳۵۶۴، شمار نمبر ۸۰ ہے۔ماہ شوال ۱۳۴۰ھ مطابق جون ۱۹۲۲ء بوقت داخلہ ۱۳ سال کے تھے اور برادری کے اعتبار سے شیخ تھے۔معاشی اعتبار سے والد صاحب تجارت پیشہ تھے۔حلیہ کے بابت لکھا ہے کہ موصوف اس وقت متوسط قامت، فراخ پیشانی، فراخ ابرو، رنگ گندمی، گول چہرہ، لاغر اندام تھے۔ مدرسہ عالیہ ریاست رامپور سے بیضاوی شریف، شمس بازغہ، مسلم الثبوت، حماسہ، ہدایہ آخرین پڑھ کر آئے اور دارالعلوم دیوبند میں دورۂ کامل میں داخلہ لیا۔ (بحوالہ رجسٹر داخلہ طلباء دارالعلوم دیوبند ضلع سہارنپور، شوال ۱۳۴۰ھ تا رمضان ۱۳۴۱ھ)

## سند فضیلت وفراغت

یہ عجیب اتفاق ہے کہ راقم سطور آج جب کہ ۸؍رمضان ۱۴۴۱ھ، مطابق ۲؍مئی ۲۰۲۰ء یوم شنبہ میں حضرت ممدوح کا سوانحی خاکہ مرتب کر رہا ہے۔حضرت کی فراغت کے پورے ایک سو سال مکمل ہو رہے ہیں۔آپ کی فراغت سے متعلق دارالعلوم دیوبند کے دفتر تعلیمات سے موصولہ ریکارڈ میں درج ہے کہ: ''۱۲؍شعبان ۱۳۴۱ھ، مطابق ۳۰؍مارچ ۱۹۲۳ء کا امتحان سالانہ سے فراغت کے بعد سند لے کر گھر واپس ہوئے۔'' (بحوالہ رجسٹر داخلہ طلباء دارالعلوم دیوبند ضلع سہارنپور، شوال ۱۳۴۰ھ تا رمضان ۱۳۴۱ھ)

آپ کے اساتذہ میں نابغۂ روزگار ہستیوں کی ایک بڑی تعداد ہے۔آپ کے تقریری وتحریری امتحان لینے والوں میں حضرت مولانا علامہ انور شاہ کشمیری صدر المدرسین دارالعلوم دیوبند، حضرت مفتی عزیز الرحمٰن صاحب مفتی اوّل دارالعلوم دیوبند، حضرت مولانا حکیم

محمد حسن صاحب، حضرت مولانا مرتضیٰ حسن صاحب چاندپوری، حضرت مولانا اعزاز علی صاحب وغیرہم ہیں اورانہی سے آپ نے تعلیم بھی پائی ہے۔آپ کی تعلیمی لیاقت اور حدیث فہمی میں ذہانت ورسائی کا اندازہ اس سے لگایا جاسکتا ہے کہ ۱۴سال کی عمر میں نہ صرف یہ کہ اپنی پوری جماعت میں آپ نے اوّل پوزیشن حاصل کی بلکہ بیشتر کتب میں اعلیٰ نمبر(۵۰) سے اوپر اعزازی نمبرات بھی حاصل کئے۔ دارالعلوم دیوبند کے ریکارڈ میں محفوظ کتابوں کے نمبرات حسب ذیل ہیں: بخاری شریف(۵۲)، ترمذی(۵۲)، مسلم شریف(۵۱)، نسائی(۵۱)، شمائل ترمذی(۵۱)، مؤطا امام مالک(۵۱)، مؤطا امام محمد(۵۱)، ابوداؤد(۵۰)، طحاوی(۵۰)، ابن ماجہ(۴۷)

(بحوالہ روئیداد دارالعلوم دیوبند مطبوعہ ۱۳۴۲ھ، مطابق ۱۹۲۴ء)

حضرت مولانا ابوالوفاء صاحب کا اپنے شہر کے علماء سے بھی گہرا ربط رہا۔ چنانچہ حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ ثانی (متوفی ۱۹۷۹ء) کے گھر بھی بغرض ملاقات ومشورہ تشریف لے جاتے رہتے تھے۔اسی مناسبت سے حضرت مفتی صاحب کے صاحبزادے مولانا محمد اکرام اللہ صاحب قاسمی، حضرت ممدوح کے چشم دید کتابی خاکہ میں بیان فرماتے ہیں کہ حضرت ممدوح ’’گداز بدن، معتدل الاعضاء، گندمی رنگ مائل بہ سفیدی، سفید نورانی مسنون ہلکی داڑھی، چہرے پر کمانی دار عینک، نرم گفتار ورفتار‘‘ جیسی خوبیوں کے مالک تھے۔ایک دانت سونے کے تار سے بندھا رکھا تھا جو دوران گفتگو چمکتا تھا۔انتقال تک اکابر کے وضع پر باقی رہتے ہوئے مدرسہ قومیہ شاہجہانپور کے صدر مدرس رہے۔حضرت مفتی کفایت اللہ ثانی کے بڑے صاحبزادے، جناب مولانا انعام اللہ صاحب (جنہیں حضرت تھانوی کی خدمت کا بھی شرف حاصل ہے اور حضرت موصوف ابھی ماشاء اللہ بعمر ۹۲ سال مرادآباد میں باحیات ہیں) نے بتایا کہ ایک زمانہ تک حضرت مولانا ابوالوفاء صاحب نے کرایہ کے مکان میں زندگی گزاری اور کرایہ کے مکان کا انتظام کرنے والے حضرت مفتی کفایت اللہ ثانی ہوتے تھے، پھر اخیر میں ضلع بلیا کے رہنے والے آپ کے ایک بہی خواہ منشی محمد عثمان نے اپنے اثر ورسوخ سے محلّہ تلہر زئی میں کسٹوڈین سے فروخت ہونے والے ایک پرانے طرز کے مکان کا تقریباً سات ہزار روپے میں سودا کردیا۔جس میں آپ نے اپنی حیات مستعار گزاری۔

آپ کے رفقاء درس میں حضرت مولانا مفتی عتیق الرحمٰن عثمانی صاحب دیوبندی سابق رکن مجلس شوریٰ دارالعلوم دیوبند، حضرت مولانا سید اختر حسین صاحب دیوبندی دارالعلوم دیوبند، حضرت مولانا عبداللہ ملتانی، مولانا عبدالحلیم ملتانی، مولانا محمد قاسم مظفرگڑھی، مولانا محمد صدیق بلوچستانی، مولانا محمد شعیب ہزاروی، مولانا شمس القمر پشاوری، مولانا امیرحمزہ کامل پوری وغیرہ جیسے قابل قدر علماء کے نام ملتے ہیں جو دینی اور ملی خدمات میں اپنی اپنی جگہ مینارۂ نور ومشعل راہ کی حیثیت سے متعارف ہیں۔آپ کے رفقاء درس کی کل تعداد ۵۶ ہے۔

## تدریسی زندگی

دارالعلوم دیوبند میں معین مدرس کی حیثیت سے آج بھی آپ کی تدریسی خدمات کا شہرہ ہے۔اس کے علاوہ آپ تاحین حیات، مدرسہ قومیہ شاہجہانپور میں بحیثیت صدر مدرس خدمات انجام دیتے رہے۔معتمد اور مستند ذرائع سے راقم سطور کو معلوم ہوا کہ آپ کو جامعہ قاسمیہ شاہی مرادآباد کا مہتمم نامزد کیا گیا اور باضابطہ تحریر بھی جاری کردی گئی تھی۔لیکن حضرت نے بوجہ ضعف واعذار معذرت فرمائی اور ایک بڑے ادارے کے اہتمام جیسے باوقار عہدہ کو قبول نہ فرماکر مدرسہ قومیہ سے ہی وابستہ رہے اور وعظ وخطابت کو خلق خدا میں اپنی فیض رسانی کا ذریعہ بنایا۔راقم سطور کی تحقیق پر دارالعلوم دیوبند کے بعض علیاء درجہ کے اساتذہ نے بتایا کہ آپ ایک عرصہ تک دارالعلوم دیوبند میں معین المدرس کی حیثیت سے استاذ رہے۔لیکن فن خطابت اور مناظرہ سے شغف کی وجہ سے دارالعلوم کی تدریسی خدمات سے سبکدوش ہوگئے۔

چونکہ دارالعلوم میں معین المدرس کا ریکارڈ محفوظ نہیں رکھا جاتا۔ اس لئے کوئی تحریری دستاویز اس سلسلے میں تاہنوز دستیاب نہیں ہوسکا۔ دور حاضر کے مشہور مؤرخ ووقائع نگار مولانا اسیرادروی مدظلہ اپنی ایک کتاب ’’کاروان رفتہ‘‘ میں حضرت مولانا ابوالوفاء صاحب سے متعلق تحریر فرماتے ہیں: ’’مولانا ابوالوفاء صاحب شاہجہانپوری اپنے دور کے بے مثال خطیب اور زبردست مناظر تھے۔ انہوں نے آدھی صدی تک سیرت نبوی کے موضوع پر دلکش پاکیزہ لب ولہجہ اور اپنی شیریں زبان میں عالمانہ تقریریں کیں۔ روایات صحیحہ سے سرموتجاوز ممکن نہ تھا۔ مسلمانوں کا کوئی اہم اور بڑا جلسہ ان کی شرکت کے بغیر نامکمل سمجھا جاتا تھا۔ آپ کا اپنا ایک مخصوص اور خوبصورت انداز بیان تھا۔ ہندوستان کے بہت سے واعظین نے اس کو نقل کرنے کی کوشش کی مگر کامیاب نہیں ہوئے۔ دارالعلوم دیوبند کے فاضل اور علامہ انورشاہ کشمیری کے مخصوص اور قابل اعتماد تلامذہ میں تھے۔ فراغت کے بعد دارالعلوم میں استاذ بھی رہے۔ لیکن قدرت نے ان کی فطرت میں صحرانوردی لکھ دی تھی۔ اس لئے وہ تقریر وخطابت کے بادشاہ بن کر ہندوستان کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک سفر کرتے رہے۔ قادیانیوں سے بہت سے مناظرے کئے۔ آپ جمعیۃ علماء ہند کے اہم رہنماؤں میں تھے۔ برطانوی حکومت کے خلاف ان کی تقریروں نے قیدوبند کی بھی راہ دکھائی۔ لیکن ان کے پائے ثبات میں کوئی جنبش نہیں آئی۔ شعروشاعری سے بھی آپ کو دلچسپی تھی۔ عارف آپ کا تخلص تھا۔ صرف نعت پاک کہتے تھے اور سیرۃ النبی ﷺ کے جلسوں میں جب پڑھی جاتی تھی تو ایک سماں بندھ جاتا تھا۔‘‘ (کاروان رفتہ ص ۱۶)

یہ بات ذہن نشین رہے کہ حضرت مولانا ابوالوفاء صاحب دارالعلوم دیوبند میں مدرس نہیں بلکہ معین مدرس رہے ہیں۔ ابتدائی دور میں ذی استعداد طلباء کو اساتذہ اور بطور خاص حضرت مولانا حبیب الرحمٰن عثمانی صاحب نائب مہتمم دارالعلوم دیوبند، اپنی صوابدید پر روک لیا کرتے تھے تاکہ کسی بیماری یا اور کسی عذر کی بناء پر غیر حاضر اساتذہ کے اسباق وہ پڑھا دیا کریں۔ پھر بعد میں مجلس شوریٰ دارالعلوم دیوبند نے اس کو اپنے ضابطہ میں شامل کرلیا۔ لیکن اس وقت ایسے مدرسین کا باضابطہ کوئی تحریری ریکارڈ دارالعلوم میں نہیں رکھا جاتا تھا۔ اس طرح طلباء کی حوصلہ افزائی بھی ہوتی تھی اور اساتذہ کی نگرانی میں ایک ایسی استعداد ان میں پروان چڑھتی تھی کہ بوقت ضرورت ان کو آگے چل کر دارالعلوم میں بطور مستقل اساتذہ کے بلالیا جاتا تھا۔ حضرت مولانا ابوالوفاء صاحب انہی خوش بختوں میں ہیں۔ اس لئے ان کا کوئی ریکارڈ بحیثیت استاذ کے دارالعلوم دیوبند میں محفوظ نہیں ہے۔

راقم سطور نے کتاب کاروان رفتہ کے مصنف سے مولانا منظورالحسن صاحب قاسمی ناظم مجلس تحفظ ختم نبوت ادری ضلع مؤ کے ذریعہ باضابطہ اس کی تحقیق کی اور براہ راست بات بھی کی تو حضرت مصنف نے یہ وضاحت فرمائی کہ اپنی تحریر کا کوئی مستقل ریکارڈ ان کے پاس نہیں ہے۔ کسی شنیدہ واقعہ کی بناء پر ایسا لکھ دیا گیا ہے۔ اسی طرح یہ بھی واضح رہے کہ کاروان رفتہ میں تاریخ وفات بھی صحیح نہیں درج ہے۔

## تاریخ ساز مقدمہ بہاول پور میں شرکت

آپ کا شمار حضرت علامہ انورشاہ کشمیری کے خصوصی اوران معتمد علیہ شاگردوں میں ہوتا ہے جن کو حضرت علامہ نے مرزائیت کے تابوت میں کیل ٹھونکنے کے لئے تیار کیا تھا۔ اس کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ تحفظ ختم نبوت کی تاریخ میں بے مثال اور تاریخ ساز مقدمہ (۱۹۲۶ء تا ۷؍فروری ۱۹۳۵ء) عدالت عالیہ ’’بہاول پور‘‘ میں دائر، جن مخلص اور بے لوث علماء نے اپنا خون جگر دے کر مقدمہ کی پیروی کی۔ ان میں اہل اسلام اور علمائے دیوبند کے ترجمان کی حیثیت سے حضرت علامہ کشمیری صاحب کے ہمراہ حضرت مولانا ابوالوفاء صاحب کو بھی شرکت کا شرف حاصل ہوا۔

۷؍محرم الحرام ۱۳۵۲ھ، مطابق ۲؍مئی ۱۹۳۳ء میں حضرت علامہ کشمیری کے انتقال کے بعد آپ نے مختار مدعیہ کی حیثیت سے ۱۹۳۳ء سے ۱۹۳۵ء تین برس تک بنفس نفیس مقدمہ کی پیروی فرمائی اور اس میں شاندار اور تاریخ ساز کامیابی حاصل کی۔ ’’روئیداد مقدمہ بہاول پور‘‘ کے نام سے تین جلدوں پر مشتمل مطبوعہ ذخیرے میں آپ کا بیان اور قادیانیوں کے جواب کا جواب الجواب آج بھی آپ کے علمی شاہکار کا ایک نادر باب ہے۔ کتاب کی تقریظات سے حضرت ممدوح سے متعلق چند سطریں بطور نمونہ درج کی جاتی ہیں جس سے قارئین مقالہ کو بہت کچھ تاریخی حقائق معلوم ہوں گے۔

کتاب ’’روئیداد مقدمہ بہاول پور‘‘ کے ناشر ادارہ، اسلامک فاؤنڈیشن لاہور کے رکن مجلس عاملہ جناب میر عبدالماجد سید نے حضرت مولانا ابوالوفاء صاحب کی خدمات کو سراہتے ہوئے لکھا ہے: ’’یہاں یہ عرض کرنا خلاف حقیقت نہ ہوگا کہ آج کے پرآشوب دور میں ماضی کے جن علماء وفضلاء واکابرین کے اقوال کو بطور سند پیش کیا جاتا ہے ان میں استاذ الاساتذہ شیخ المحدثین امام العصر حضرت مولانا سید انور شاہ کشمیری، شیخ الاسلام والمسلمین حضرت مولانا مفتی محمد شفیع، علامۃ الدہر فہامۃ العصر حضرت مولانا غلام محمد گھوٹوی اور شہرۂ آفاق مناظر حضرت مولانا ابوالوفاء شاہجہانپوری جیسے مشاہیر شامل ہیں جنہوں نے بہ نفس نفیس عدالت میں پیش ہوکر اپنی شہادتیں قلمبند کرائیں اور فریق ثانی کی شہادت پر براہین ودلائل سے ایسی باطل شکن جرح فرمائی جس نے مرزائیت کی بنیادوں کو کھوکھلا اور مرزائی دجل وفریب کے تمام پردوں کو پارہ پارہ کر کے فرقہ ضالہ کا ارتداد پورے عالم میں آشکارہ کردیا۔‘‘ (روئیداد مقدمہ بہاول پور ص۹)

’’مسماۃ غلام عائشہ مدعیہ کی جانب سے علامۃ العصر، اسوۃ البصر، قدوۃ الخلف حضرت سید مولانا انور شاہ کشمیری قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم، عالم نبیل وفاضل جلیل حضرت مفتی محمد شفیع، علامۃ الدہر فہامۃ العصر حضرت مولانا غلام محمد گھوٹوی، رئیس المناظرین ورأس المتکلمین حضرت سید محمد مرتضیٰ حسن چاندپوری، فاضل جلیل حضرت مولانا ابوالقاسم محمد حسین کولوتارڑوی، جامع علوم وفنون حضرت مولانا نجم الدین اور شہرۂ آفاق مناظر حضرت مولانا ابوالوفاء شاہجہانپوری نے بہ نفس نفیس عدالت میں پیش ہوکر قرآن پاک، احادیث متواترہ اور اجماع امت کی روشنی میں براہین ودلائل سے مرزا قادیانی اور اس کے متبعین کے کفر وارتداد کو روزروشن کی طرح آشکارہ کیا۔ جب کہ عبدالرزاق (مرزائی) مدعا علیہ کی جانب سے مرزائی جماعت کے صف اوّل کے مبلغین (مرزائی پنڈت) جلال الدین شمس وغلام احمد نے پیروی مقدمہ کی۔‘‘ (روئیداد مقدمہ بہاول پور ص۱۴)

اسلامک فاؤنڈیشن کے سرپرست اور متکلم اسلام حضرت مولانا محمد ادریس کاندھلوی کے خلف الرشید حضرت مولانا عبدالمالک شیخ الحدیث جامعہ اشرفیہ لاہور اپنے پیش لفظ میں تحریر فرماتے ہیں: ’’مرزائی مدعا علیہ کی حمایت کے لئے قادیانیوں کا پورا سرمایہ ان کی حمایت اور انگریزی سرکار کی سرپرستی بڑی وزنی چیز تھی اور عالم اسباب میں توقع نہیں کی جاسکتی تھی کہ مدعی مسلمان خاتون اپنے دعویٰ میں کامیاب قرار دی جاسکے۔ لیکن حضرت شیخ الجامعہ نے مدعیہ کی طرف سے شہادت اور اس کے مؤقف کی حمایت تثبیت کے لئے دارالعلوم دیوبند کے اکابر علماء کو دعوت دی کہ وہ بہاول پور تشریف لاکر مقدمہ کی پیروی کریں۔ اس صورتحال پر شیخ الاسلام حضرت علامہ انور شاہ کشمیری، حضرت مولانا سید مرتضیٰ حسن چاندپوری، حضرت مولانا نجم الدین، مولانا ابوالوفاء اور حضرت مولانا مفتی محمد شفیع مفتی دارالعلوم دیوبند، بہاول پور تشریف لائے۔‘‘ (روئیداد مقدمہ بہاول پور ص۲۵)

اسی طرح مخدوم العلماء والصلحاء حضرت خواجہ خان محمد صاحب نقشبندی امیر مرکزیہ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت ملتان نے اپنی تحریر میں اس مقدمہ میں پیروی کے لئے عوام وخواص کی جانب سے علمائے دیوبند کو منتخب کئے جانے پر روشنی ڈالی ہے۔ حضرت فرماتے ہیں:

''لیکن اس مقدمہ کی پیروی اور امت محمدیہ کی طرف سے نمائندگی کے لئے سب کی نگاہ انتخاب دارالعلوم دیوبند کے فرزند شیخ الاسلام مولانا محمد انور شاہ کشمیری پر پڑی۔ مولانا غلام محمد کی دعوت پر اپنے تمام تر پروگرام منسوخ کر کے مولانا محمد انور شاہ کشمیری بہاول پور تشریف لائے۔ ان کے تشریف لانے سے پورے ہندوستان کی توجہ اس مقدمہ کی طرف مبذول ہوگئی۔ بہاول پور میں علم کی موسم بہار شروع ہوگئی۔ اس سے مرزائیت کو بڑی پریشانی لاحق ہوئی۔ انہوں نے بھی ان حضرات علماء کی آئینی گرفت اور احتسابی شکنجہ سے بچنے کے لئے ہزاروں جتن کئے۔ مولانا غلام محمد گھوٹوی، مولانا محمد حسین کولوتارڑوی، مولانا مفتی محمد شفیع، مولانا مرتضیٰ حسن چاند پوری، مولانا نجم الدین، مولانا ابوالوفاء شاہجہانپوری اور مولانا محمد انور شاہ کشمیری کے ایمان افروز اور باطل شکن بیانات ہوئے۔ مرزائیت بوکھلا اٹھی۔ ان دنوں مولانا سید محمد انور شاہ کشمیری پر اللہ رب العزت کے جلال اور حضور سرور کائنات ﷺ کے جمال کا خاص پرتو تھا۔ وہ جلال و جمال کا حسین امتزاج تھے۔ جمال میں آکر قرآن وسنت کے دلائل دیتے تو عدالت کے در و دیوار جھوم اٹھتے اور جلال میں آکر مرزائیت کو للکارتے تو کفر کے ایوانوں پر زلزلہ طاری ہو جاتا۔ مولانا ابوالوفاء شاہجہانپوری نے اس مقدمہ میں مختار مدعیہ (مرحومہ عائشہ بنت مولانا الٰہی بخش) کے طور پر کام کیا۔''

(روئیداد مقدمہ ص۳۱)

''عدالت عظمیٰ ریاست بہاول پور سے مقدمے کی واپسی پر جب از سر نو تحقیقات شروع ہوئی تو مسماۃ غلام عائشہ کی جانب سے مختلف اوقات میں مختلف اکابرین نے بطور مدعیہ پیروی مقدمہ کی۔ ۱۹۳۳ء میں جب فریق ثانی کی شہادت شروع ہوئی تو ہندوستان کے شہرۂ آفاق رأس المتکلمین حضرت مولانا ابوالوفاء صاحب بطور خاص دیوبند سے بہاول پور تشریف لائے۔ آپ کو فن مناظرہ میں یدطولیٰ حاصل تھا۔ آپ نے بحیثیت مختار مدعیہ تین برس عدالت میں پیروی مقدمہ فرمائی۔'' (ازادارہ ۱۲۵۳)

نمونے کی ان سطروں میں مستند اور معتبر اکابر علمائے امت نے ''شہرۂ آفاق، رئیس المتکلمین'' وغیرہ جن وقیع الفاظ میں آپ کا ذکر خیر کیا ہے اس سے آپ کا علمی مقام اور آپ کی بلند پایہ خدمات کا اندازہ لگانا قارئین کے لئے اب مشکل نہیں ہوگا۔ ۷ر فروری ۱۹۳۵ء میں جج محمد اکبر صاحب نے اس مقدمہ کا فیصلہ مسلمانوں کے حق میں سنایا۔

حضرت مولانا کو اپنے وطن سے ہزاروں کلومیٹر دور موجودہ پاکستان میں ملتان کے قریب بہاول پور میں قائم اس مقدمے سے کس قدر گہرا لگاؤ تھا اور آپ نے اس کے لئے کیا کیا قربانیاں دی ہیں؟ اس کے بھی بڑے گہرے نقوش تاریخ نے اپنے سینوں میں محفوظ رکھے ہیں۔ اگر قارئین مضمون اکتاہٹ نہ محسوس کریں تو ایک تاریخی دستاویز اس قربانی سے متعلق بھی پیش کرتا چلوں۔ جس میں آپ دیکھیں گے کہ مقدمہ کے دوران حضرت مولانا مدرسہ قومیہ شاہجہانپور کے صدر المدرسین تھے اور ادارے کا پورا نظم ونسق سال بھر کے لئے مالیہ کی فراہمی وغیرہ امور حضرت پر ہی موقوف تھے۔ لیکن جیسے ہی اس مقدمے میں حضرت والا کی ضرورت محسوس کی گئی، بلا توقف میدان عمل میں آپ نے اپنی پوری توانائی جھونک دی۔ بلکہ مدرسہ کو بھی ماتحتوں کے حوالے کر کے کس استغنائی کیفیت سے مقدمے کی پیروی میں مشغول رہے۔ اس کا پتہ حسب ذیل اشتہار سے لگایئے جو سہ روزہ الجمعیۃ دہلی میں شائع کیا گیا ہے۔

چونکہ اہل نظر اس اشتہار کے مشمولات سے بہت کچھ نتائج اخذ کرسکتے ہیں۔ اس لئے راقم سطور اشتہار کو من وعن نقل کر کے اس پر کسی تبصرہ سے گریز کرتا ہے۔ البتہ اس جانب ضرور توجہ دلانا چاہتا ہے کہ یہ اشتہار مشہور زمانہ درسگاہ جامعہ عباسیہ بہاولپور کے شیخ الجامعہ حضرت مولانا غلام محمد گھوٹوی جیسی نابغۂ روزگار علمی ہستی کی جانب سے ہے، جنہوں نے مقدمہ میں حضرت مولانا ابوالوفاء کی مصروفیات کے پیش نظر کہ کہیں موصوف کے مدرسہ کو نقصان نہ پہنچ جائے، مدرسہ کی اعانت کے لئے ازخود اشتہار شائع فرمایا ہے۔ بلکہ اپنے جملہ متعلقین کو بھی اس کے شائع کرنے کا پابند بناتے نظر آرہے ہیں۔ تحفظ ختم نبوت کی تاریخ میں اپنی نوعیت کا یہ انوکھا اشتہار بلاشبہ تحفظ ختم نبوت کے خدام کے لئے ایک تاریخی دستاویز ہے اور قربان جایئے کہ تحفظ ختم نبوت کی خدمت میں کیا قابل صد رشک نصیبہ پایا۔ حضرت مولانا ابوالوفاء نے اور تحفظ ختم نبوت کی خدمت لینے میں کیا قابل صد فخر قدردانی کا حق ادا کیا۔ حضرت شیخ الجامعہ نے کہ اپنے مابعد والوں کے لئے ایک سبق آموز تاریخی مثال قائم کر گئے۔ باری تعالیٰ ان مخلصین پر رحمت برسائے اور اپنے کرم سے ہم خوردوں کو بھی اپنے اکابر کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق مرحمت فرمائے۔

نظر من در دو جہاں باعزت و تمکین باد — ایں دعا از من و از جملہ جہاں آمین باد

اب ملاحظہ فرمایئے اشتہار:

## مدرسہ قیومیہ شاہجہانپور ...... مسلمانوں کی خدمت میں ایک اپیل

’’مدرسہ قیومیہ اگرچہ ہم سے تقریباً ایک ہزار میل پر واقع ہے۔ مگر اس کے فیوض سے پنجاب بھی بہت کچھ مستفیض ہے۔ اس مدرسہ کی مذہبی، تعلیمی وتبلیغی خدمات اور باطل کے استیصال اور اہل حق کی تائید میں مساعی غالباً ہندوستان وپنجاب کے کسی حصہ میں مخفی نہیں۔‘‘

مشہور تاریخی مقدمہ بہاولپور میں جو مرزائیوں اور مسلمانوں کے درمیان معرکۃ الآراء چل رہا ہے اس میں علاوہ دیگر اکابرین علماء ہند کے حضرت مولانا ابوالوفاء صاحب نعمانی صدر مدرس وپرنسپل مدرسہ قیومیہ بالخصوص قابل ذکر ہیں جو ایک سال سے تقریباً اس مقدمہ میں اپنی بےلوث خدمات سے تمام مسلمانان ہند وعلماء کرام کی نیابت کا فرض باحسن وجوہ ادا کر رہے ہیں اور اکتوبر سے تو مسلسل ہر ماہ کا بڑا حصہ یہیں اسی سلسلے میں گزرا۔ آپ کی خصوصیت یہ ہے کہ یہ مرد خدا علم دین وقانون کی دونوں خدمتیں بیک وقت حسبۃ اللہ ادا کر رہے ہیں۔ آپ کے ساتھ بطور معین ناظم مدرسہ قیومیہ مولانا محمد قاسم صاحب بھی ہیں۔

بانی مدرسہ کے انتقال کے بعد اس مدرسہ کی آمدنی کا دارومدار حضرات اہل خیر رنگون وبرہماں (موجودہ برما Myanmar) کی اعانت پر تھا جو رمضان میں ناظم مدرسہ خود جا کر لے آتے تھے یا کبھی کچھ اعانت باشندگان مصوری نے کر دی ہے۔ اس کے سواء کوئی مستقل چندہ نہیں۔ چونکہ اس مرتبہ یہ حضرات اس اسلامی خدمت اور سید المرسلین خاتم النّبیین ﷺ کی حفاظت ناموس میں سرگرم ہیں اور غالباً اس کے واسطے کوئی بھی سعی نہیں کر سکتے۔ پس میں حضور سرکار دوعالم ﷺ کے شیدائیوں اور تمام اہل خیر باشندگان پنجاب وہندوستان خصوصاً حضرات رنگون سے پرزور حسبۃ اللہ اپیل کرتا ہوں کہ اس کی اہمیت کا خیال فرماتے ہوئے اس کی طرف دست اعانت دراز فرمائیں اور اسی بابرکت ماہ میں اس کی اس قدر اعانت فرمائیں کہ اگلے سال یہ چشمہ علم وعمل چلتا رہے اور دشمنوں کی شماتت کا موقع نہ ملے۔ دیگر جرائد اسلامیان ہند اور برہما خصوصاً اخبار ’’شیر رنگون‘‘ سے عرض ہے کہ اسے شائع فرمائیں اور اپنے نوٹ بھی اس کے متعلق لکھ کر اسلامیان ہند اور علماء کرام پر احسان فرمائیں۔

نوٹ: ترسیل زر بنام حاجی صدیق احمد سائیکل مرچنٹ شاہجہانپور مہتمم مالیات مدرسہ قومیہ ہونی چاہئے۔

غلام محمد گھوٹوی شیخ الجامعہ بہاول پور

(سہ روزہ الجمعیۃ دہلی ج ۱۹ش ۱ص ۸، یوم دوشنبہ ۱۴؍رمضان المبارک ۱۳۵۲ھ، مطابق یکم؍جنوری ۱۹۳۴ء، محفوظات مرکز التراث الاسلامی نمبر ۱۹۳۴-۱۷)

## دارالعلوم دیوبند میں بحیثیت مبلغ تقرر

دارالعلوم دیوبند کے محافظ خانہ سے موصولہ دستاویزات کے مطابق دارالعلوم دیوبند میں جب مستقل طور پر شعبۂ تبلیغ کا قیام عمل میں لایا گیا تو باضابطہ پہلے آپ سے دیوبند میں اس خدمت کے لئے تشریف آوری کی رائے معلوم کی گئی۔ جب آپ دیوبند میں قیام پذیر رہنے پر آمادہ ہوئے تو پھر آپ ہی کو اس شعبہ کا مبلغ اور ناظم بنایا گیا۔ واضح رہے کہ اس سے پہلے بھی مبلغین کا تقرر ہوا کرتا تھا۔ لیکن ان کی تبلیغ مساعی کا نظام شعبۂ تنظیم وترقی کے ماتحت ہوتا تھا۔ ملک میں اسلامی عقائد وتعلیمات اور مسلک دیوبند کی توسیع واشاعت کے لئے دارالعلوم دیوبند کے ارباب حل وعقد نے جب ضرورت محسوس کی تو شعبۂ تبلیغ کو مستقل طور پر قائم کر کے کثیر تعداد میں ذی استعداد اور فن مناظرہ وغیرہ میں مہارت رکھنے والے علماء کا بحیثیت مبلغ تقرر کرنے کا فیصلہ کیا۔ چنانچہ اس خدمت میں وسعت دینے کے لئے باضابطہ دارالعلوم دیوبند نے حضرت مولانا ابوالوفاء شاہجہانپوری سے رابطہ کیا اور حضرت حکیم الاسلام قاری محمد طیب مہتمم دارالعلوم دیوبند کے حکم نامہ کے مطابق ۳؍ذیقعدہ ۱۳۶۰ھ مطابق ۲۲؍نومبر ۱۹۴۱ء میں موصوف کا بحیثیت مبلغ وناظم شعبۂ تبلیغ تقرر عمل میں آیا۔

دارالعلوم دیوبند میں موصوف کے تقرر کے موقع پر دفتر اہتمام سے جو فرائض تفویض کئے گئے ان کی تصویب وتائید بحیثیت صدر مہتمم حضرت مولانا شبیر احمد عثمانی اور بحیثیت صدر المدرسین حضرت مولانا حسین احمد مدنی نے بھی فرمائی۔ تقررنامے پر ان دونوں اکابر کی دستی تائیدات ثبت ہیں۔ نیز اسی موقع سے ان اکابر نے شعبۂ تبلیغ دارالعلوم دیوبند اور حضرات مبلغین کے لئے ۱۸؍اصول وضع فرمائے تاکہ اس شعبہ کی افادیت وکارکردگی کو مثالی بنایا جاسکے۔

دارالعلوم دیوبند کی مطبوعہ روئیداد سالانہ سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کی نگرانی میں چار علماء کرام بحیثیت مبلغ دارالعلوم میں خدمات انجام دیتے رہے۔ (۱) مولانا ابوالوفاء مبلغ وناظم شعبہ کی حیثیت سے، (۲) جناب مولانا عبدالجبار ابوہری مبلغ، (۳) مولانا عتیق الرحمٰن آروی معین مبلغ، (۴) مولانا شاہ علی بستوی سفیر ومبلغ کی حیثیت سے خالص تبلیغی اسفار پر مامور تھے۔

ان اکابر کی خدمات کے سلسلہ میں مطبوعہ روئیداد سالانہ میں اختصار کے ساتھ دفتر اہتمام دارالعلوم سے جو رپورٹ درج ہے وہ حسب ذیل ہے۔ ''تبلیغ خدمات کو زیادہ وسیع اور منظم کرنے کے لئے اس سال شعبۂ تبلیغ کو ایک مستقل ناظم کے ماتحت کر دیا گیا ہے اور مولانا ابوالوفاء شاہجہانپوری کی خدمات اس شعبہ کو کامیاب بنانے کے لئے بعہدۂ ناظم حاصل کر لی گئی ہیں۔ مولانا عبدالجبار ابوہری کی خدمات بھی اسی سال شعبۂ تبلیغ کو حاصل ہوئی ہیں۔ اس سال حضرات مبلغین نے ملک کے مختلف حصوں میں تقریباً دوسو (۲۰۰) تقریریں کیں اور اپنے مواعظ میں اعمال صالحہ کی ترغیب دی۔ افعال قبیحہ سے مجتنب رہنے کی ہدایت کی اور مذاہب باطلہ کا رد کیا۔'' (روئیداد سالانہ دارالعلوم دیوبند ص ۷، بابت ۱۳۶۰ھ)

اس کے بعد اگلے سال کی کارکردگی سے متعلق مرقوم ہے کہ: ''۱۳۶۱ھ، مطابق ۱۹۴۲ء میں دارالعلوم دیوبند کے چار لائق مبلغوں نے ناظم شعبۂ تبلیغ کی رہنمائی میں اور نگرانی میں وسیع پیمانے پر تبلیغی خدمات انجام دیں۔ ایک سال کی مختصر مدت میں ان حضرات نے (۴۶۷) مقامات کا سفر کر کے (۶۲۲) تقریریں کیں اور اپنے مواعظ میں اعمال صالحہ کی ترغیب دی۔ افعال قبیحہ سے مجتنب رہنے کی ہدایت

کی اور مذاہب باطلہ کارد کیا۔ الحمدللہ! کہ ان کی تبلیغی سرگرمیاں بہت نتیجہ خیز رہیں اور عام مسلمانوں کی اصلاح کے علاوہ چار غیر مسلم مشرف باسلام ہوئے۔ فالحمد للّٰہ علیٰ ذالک!'' (روئیداد سالانہ دارالعلوم دیوبند ص۷، بابت ۱۳۶۱ھ)

بلاشبہ روئیداد مختصر ہے لیکن اس بات کا پختہ ثبوت ہے کہ دارالعلوم دیوبند کے شعبہ تبلیغ کی قابل قدر افادیت تھی اور اس کے کارہائے نمایاں سے عوام وخواص سبھی کو زبردست فائدہ پہنچ رہا تھا۔ یہ حضرات مبلغین، اصلاحی وتربیتی بیانات کے ساتھ ساتھ ملک کے طول وعرض میں باطل فرقوں کے ردوتعاقب میں بھی بھرپور سرگرم عمل رہا کرتے تھے اور ان میں حضرت مولانا ابوالوفاء کا ایک نمایاں مقام تھا۔

حضرت مولانا کی ایک دستی تحریر شعبۂ تبلیغ کے مراسلہ نمبر ۹۴۸، مجریہ ۲۱؍ذیقعدہ ۱۳۶۱ھ، مطابق ۳۰؍نومبر ۱۹۴۲ء سے معلوم ہوتا ہے کہ دارالعلوم دیوبند میں حضرت مولانا ابوالوفاء کا قیام کسی وجہ سے زیادہ دنوں نہ رہ سکا۔ سال بھر کے بعد یہ عارضی تقرر آگے نہ بڑھا اور آپ اپنے وطن واپس ہوگئے۔ حضرت مولانا کی دستی تحریر اور اس پر دفتر اہتمام کی کارروائی کے بعد کی صورتحال ادم تحریر راقم سطور کو دستیاب نہیں ہوسکی ہے۔ ان شاءاللہ! دستیاب ہونے پر اس کا اضافہ کردیا جائے گا۔

## وعظ وخطابت کے میدان میں

اس گوہر یکتا میں خالق کائنات اللہ رب العزت نے علمی اور عملی وقار واعتبار کے ساتھ ایک خاص قسم کی استغنائی صفت بھی ودیعت کر رکھی تھی۔ باوجود اس کے کہ آپ کو وعظ وخطابت سے ایک خاص شغف تھا اور اسی خدمت کو اپنے لئے ذریعہ نجات سمجھ کر اس سے وابستہ رہتے تھے۔ اپنے فکروفن میں حد درجہ خلوص وللّٰہیت کا اثر اس قدر غالب تھا کہ تدریسی خدمات وماحولیات میں مدارج علیاء طے کرنے اور مناصب جلیلہ پر فائز ہونے کے شوق سے کوسوں دور رہتے تھے۔ چنانچہ عوام وخواص میں آپ کی تبلیغی مساعی اور ان کی افادیت کا نہ صرف یہ کہ زمانہ معترف ہے بلکہ آج بھی اہل علم اور علمائے ربانی، دل کی گہرائیوں سے آپ کو خراج عقیدت ومحبت پیش کرتے ہیں۔ شدھی سنگھٹن کی ارتدادی تحریک میں مخالفین کو دلائل وبراہین سے قائل کرنا، قادیانیت جیسے زہریلے فتنے سے زندگی بھر نبردآزماں رہنا اور نبی پاک ﷺ کے عشق ومحبت میں بےلوث تحفظ ختم نبوت کی خدمات سے وابستگی، بدعات وخرافات سے ملت اسلامیہ کو بچانا اور سنت نبوی ﷺ پر عمل رہنے کی اعلانیہ دعوت وتلقین، باطل کی خرمن گاہوں پر اسلامی دلائل وبراہین کی گولہ باری، مسلک اہل السنۃ والجماعۃ مکتب فکر دیوبند کی ترویج واشاعت اور نت نئے درپیش ملکی وملی مسائل میں اکابر علمائے دیوبند کے مشن سے والہانہ وابستگی وغیرہ خدمات کے باب میں آپ کی جو نمایاں مساعی جمیلہ ہیں وہ ایک مستقل باب کی حیثیت سے ایک مستقل کتاب کی متقاضی ہیں جس کے ثبوت وشواہد تحریری اور زبانی آج بھی دستیاب ہیں۔ لیکن مضمون کی طوالت کے خوف سے راقم سطور ان سے یہاں صرف نظر کرنے پر مجبور ہے۔

فرقہائے باطلہ سے حق بات منوانے کے لئے فن مناظرہ میں خداداد صلاحیت رکھنے کے ساتھ ساتھ حضرت مولانا کو اللہ تعالیٰ نے مقبول ومفید انداز بیان سے بھی خوب خوب نوازا تھا اور سیرت نبوی ﷺ اور معراج النبی ﷺ کے موضوع پر بیان کرنے کا خاص ملکہ حاصل تھا اور آپ کا شمار ہندوستان کے چوٹی کے مقررین میں ہوتا تھا۔ جوانی کے زمانے میں آپ کے وعظ میں گھن گرج کا پہلو غالب رہتا اور مجال کیا، جو کسی سے مرعوب ہوں۔ آپ کے بیانات کے سامعین کا تأثر یہ ہے کہ آپ کے لب ولہجہ میں شاہجہانپوری اور سیتاپوری لہجے کا غالب عنصر تھا۔ لیکن سلاست وروانی اور برجستگی، جملوں کی ادائیگی میں صفائی اور جذب اس قدر ہوتا تھا کہ عمر کے اخیر حصے میں بھی آپ کا بیان کسی بھی خطہ اور کسی بھی علاقہ کے علمائے وقت بھی بڑی دلچسپی سے سنتے اور آپ کے علمی عرق ریزیوں سے استفادہ کرتے تھے۔ جب آپ کرسی

خطابت پر جلوہ افروز ہوتے تو بحر ذخار کی طرح بغیر کسی تلاطم کے بے تکلف کئی کئی گھنٹے انتہائی شستہ انداز میں تقریر کرتے چلے جاتے۔ انتہائی پروقار سماں ہوتا جس میں سامعین محوحیرت آپ کو دیکھتے رہتے۔ یہ وہ دور تھا جس میں خطیب زمانہ امیر شریعت حضرت مولانا عطاء اللہ شاہ بخاری، حکیم الاسلام قاری محمد طیب، سحبان الہند حضرت مولانا احمد سعید دہلوی جیسے حضرات موجود تھے۔ مفتی اعظم ہند حضرت مولانا مفتی کفایت اللہ شاہجہانپوری ثم دہلوی کا بیان بھی واعظانہ انداز میں سیرت النبی ﷺ پر ہی ہوتا تھا۔ اسی لئے پورے ملک میں آپ کی یکساں مقبولیت تھی اور آپ کی شرکت جلسوں کی کامیابی کی ضمانت سمجھی جاتی تھی۔ آپ کے برادر نسبتی حضرت مولانا محمد قاسم بھی آپ کے نقش قدم پر سیرت النبی ﷺ کے بلند پایہ خطیب مانے جاتے تھے۔

اکابر علمائے دیوبند کی طرح آپ نے بھی ہندوستان کی آزادی میں نمایاں اور سرفروشانہ کردار ادا کیا۔ حضرت شیخ الاسلام مولانا حسین احمد مدنی اور دیگر اکابر کے شانہ بشانہ ہندوستان کو آزاد کرانے میں آپ کی بڑی قربانیاں ہیں۔ جمعیۃ علماء ہند سے بھی گہری وابستگی رہی اور جمعیۃ کے پلیٹ فارم سے آپ کی خدمات کا ایک طویل باب ہے۔

۱۹۴۸ء کا سال غیر منقسم ہندوستان کے لئے اپنے اندر کیا کیا بلاخیز داستانیں رکھتا ہے۔ اس سے تقریباً سبھی لوگ واقف ہوں گے۔ ان حالات میں ممبئی میں زیر صدارت شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد مدنی جمعیۃ علمائے ہند کا پندرھواں اجلاس عام منعقد ہوا، جس میں ملک وملت کے مسائل کو لے کر جو تجاویز پاس ہوئیں ان کو روبہ عمل لانے کے لئے جن بالغ نظر اور موضوع پر دسترس رکھنے والے اہل علم کی باضابطہ ایک کمیٹی تشکیل دی گئی تھی، ان میں نمایاں نام حضرت مولانا ابوالوفاء شاہجہانپوری کا بھی ملتا ہے۔ ملاحظہ کیجئے اجلاس عام کی تجویز نمبر اور اراکین کمیٹی کے اسماء گرامی۔

''جمعیۃ علماء ہند کا یہ اجلاس مرکزی وصوبائی حکومتوں کی ان کوششوں کو بنظر استحسان دیکھتا ہے جو تعلیم کو عام کرنے کے لئے کی جارہی ہیں۔ لیکن یہ اجلاس اس حقیقت کی طرف توجہ دلانا ضروری سمجھتا ہے کہ مسلمانوں کے لئے دینی تعلیم ضروری ہے۔ اس لئے یہ بھی ضروری ہے کہ ابتدائی تعلیم کی تعمیم کے لئے جو بھی تدبیریں اختیار کی جائیں ان میں اس امر کا لحاظ رکھا جائے کہ مسلمان طلباء کے لئے ساتھ ہی ساتھ دینی تعلیم کے حصول کے مواقع باقی رہیں اور دینی تعلیم میں کوئی رکاوٹ نہ پیدا ہو جائے۔ اجلاس ہذا مندرجہ ذیل حضرات کی ایک کمیٹی منتخب کرتا ہے تاکہ وہ ذمہ دار اور متعلقہ ارکان حکومت سے اس مقصد کے لئے ضروری تبادلۂ خیال کر کے مناسب صورتیں اختیار کریں۔''

ارکان کمیٹی کے نام حسب ذیل ہیں: (۱) مولانا عبدالحلیم صدیقی، (۲) مولانا مفتی عتیق الرحمٰن، (۳) مولانا شفیق الرحمٰن قدوائی، (۴) مولانا ابوالوفاء شاہجہانپوری، (۵) مولانا بشیر احمد کھٹوری، (۶) مولانا محمد میاں ناظم جمعیۃ علمائے ہند۔

(دستاویزات مرکزی اجلاس ہائے عام ۱۹۴۸ء تا ۲۰۰۳ء ص۳۹)

جمعیۃ علماء سے حضرت موصوف کی طویل عرصہ تک وابستگی اور متعلقہ خدمات کا شمار ایک مستقل باب کا متقاضی ہے۔ اس کے لئے زیر قلم مضمون میں زیادہ جگہ لینے کی گنجائش اس لئے نہیں کہ اختصار در اختصار سے اس عنوان کا حق ادا نہیں ہوسکتا تاہم مذکورہ اقتباس سے یہ اندازہ لگانا کسی کے لئے مشکل نہیں رہا کہ ملک وملت کے اس متحدہ ومتفقہ پلیٹ فارم سے آپ کی خدمات نہایت مقبول ولائق صد تحسین رہی ہیں۔ بلکہ اپنی عمر عزیز کا بڑا قیمتی وقت آپ نے اس تنظیم کی آبیاری میں کھپایا ہے۔

شاہجہانپور کے علماء کی تاریخ ''سرزمین شاہجہانپور کے علمائے فحول'' میں مصنف نے لکھا ہے۔ نیز اس کی تائید آپ کے پوتے جناب ضمیر احمد صاحب نے بھی کی ہے کہ جب حکومت ہند نے تحریکات آزادی کے سلسلہ میں آپ کی خدمات کو سراہتے ہوئے وظیفہ کی

پیشکش کی تو مولانا مرحوم نے دوٹوک اور بڑا انوکھا جواب اس وقت کی وزیراعظم ''اندرا گاندھی'' کو دیا کہ میں نے تیرے لئے کچھ نہیں کیا جو کچھ کیا اپنی قوم اور اپنے ملک کے لئے کیا ہے تو اس کا صلہ میں تم سے نہیں چاہتا۔

## فرقہائے باطلہ کے ردوتعاقب میں انجمن اظہار حق کا قیام

دور تحریک خلافت کے ختم ہوتے ہی برصغیر میں کفروارتداد کی آگ ایک دم بھڑک اٹھی جس سے کوئی شہر، قصبہ اور قریہ محفوظ نہ رہ سکا۔ چنانچہ شہر شاہجہانپور کے اطراف میں بھی ارتدادی تحریکوں کی ریشہ دوانیاں ہونے لگیں اور یہاں طرفہ یہ تھا کہ علاوہ بیرونی حملوں کے اندرونی حملوں نے مسلمانوں کا ایمان مزید خطرہ میں ڈال دیا۔ غیرمسلم قوتوں سے شہ پاکر قادیانی جماعت نے بھی اپنے ارتدادی مشن کا مستقل جال بچھانے میں کوئی کسر نہ چھوڑی۔ دیکھتے ہی دیکھتے فضاء کچھ ایسی بننے لگی کہ جس سے خیال ہونے لگا کہ تھوڑے ہی عرصہ میں شاہجہانپور اور اس کے اطراف میں قادیانی ہی قادیانی نظر آئیں گے۔ شاہجہانپور میں اس وقت تک ارتدادی تحریکات اور بالخصوص قادیانی فتنہ کے سدباب کے لئے کوئی مستقل انجمن موجود نہیں تھی۔ کچھ علماء اور مخلص کارکنان حسن اتفاق سے جمع ہوگئے، جنہوں نے دفاع اسلام کی متواتر اور کامیاب کوششیں کیں جن سے شہر واطراف شہر میں آریہ سماجی اور قادیانیت کا فتنہ کچھ کم ہونے لگا۔ ان علماء کے اخلاص اور حسن کارکردگی کو دیکھ کر اللہ کے بعض مخصوص بندوں نے شیرازہ کو منظم کرنے کی سعی کی اور سب کو جوڑ کر ایک انجمن کی بنیاد رکھی گئی جو آج ''اصلاح المسلمین'' کے مبارک نام سے متعارف ہے۔ مگر اس وقت اس انجمن کا نام ''انجمن اظہار حق'' تھا۔

انجمن کے عظیم کارناموں میں سے ایک یہ بھی ہے کہ ماہ رمضان ۱۳۴۵ھ، مطابق مارچ ۱۹۲۷ء میں جب جلال آباد کے اطراف موہن پور وغیرہ میں شدھی تحریک کا زور ہوا اور مسلمانوں کی غفلت کے سبب زبردست ارتداد کا سیلاب آیا تو ''انجمن اظہار حق'' نے اپنے کارکنان میں سے چار علماء کو جو تعطیل رمضان کے باعث اپنے وطن میں تھے دور دراز سے بلاکر ارتداد زدہ علاقوں میں روانہ کئے۔ ماشاء اللہ! ان حضرات کی مساعی کامیاب رہیں۔ یوں سمجھئے کہ ہزاروں مسلمانوں کا ایمان بچ گیا۔ انجمن کے فرستادہ مخصوص علماء نے شہر کے اور اس کے اطراف نیز جلال آباد، پوایاں، تلہر وغیرہ میں تبلیغ ووعظ کے واسطے چھوٹے چھوٹے دورے کئے جس سے بہت نفع پہنچا۔

''رنگیلا رسول'' کے مقدمہ کے دوران حضرت مولانا ابوالوفاء کے شہر شاہجہانپور اور تحصیل پوایاں، تلہر، جلال آباد وغیرہ کی اکثر مساجد میں تقریریں ہوا کرتی تھیں۔ آپ نے بیانات کے ذریعہ مسلمانوں میں صحیح جذبات پیدا کر کے ان کے اقتصادی حالات درست کرانے میں بڑا کردار ادا کیا۔ اس دوران آپ کے دست حق پرست پر بہت سے غیرمسلم حلقہ بگوش اسلام ہوئے جن کے نام برابر اخبارات میں شائع ہوتے رہے اور بعضوں کو اپنے مصارف سے چھوٹی چھوٹی تجارت، پان وغیرہ کی دکان کا بھی انتظام کرادیا۔

(خلاصہ دوسالہ روئیداد انجمن اصلاح المسلمین شاہجہانپور مؤرخہ ۱۲؍اگست ۱۹۲۸ء)

یہی وہ خوش نصیب انجمن ہے جس کا نام ''انجمن'' تھا۔ لیکن کام تمام کا تمام تحفظ ختم نبوت کا تھا۔ اس انجمن نے شاہجہانپور میں قادیانیوں سے مقابلہ، مباحثہ اور ان کے خلاف سینہ سپر رہنا اپنے مقاصد اصلیہ میں شامل کر رکھا تھا۔ بڑے بڑے علماء کو اس موضوع پر خطاب کی دعوت دیتے۔ محلّہ تارین بہادر گنج میں مناظر اسلام محدث کبیر مولانا بدر عالم میرٹھی جیسے اکابر کے معرکۃ الآراء خطابات اس کی نگرانی میں ہوئے۔ اسی طرح نوری مسجد محلّہ تارین ٹکلی کے متعلق قادیانیوں کی جانب سے دائر کردہ مشہور مقدمہ کی پیروی اسی انجمن کے عہدہ داروں نے شروع کی اور اس میں کامیابی کا ایسا ریکارڈ قائم کیا کہ جسے زمانہ کبھی فراموش نہیں کرسکتا۔ اس فتح نے شاہجہانپور سے قادیانی فتنہ کا

خاتمہ کر دیا۔ بحمداللہ! اس کا ریکارڈ ’’مرکز التراث الاسلامی دیوبند‘‘ کے پاس محفوظ ہے۔ اس مقدمہ کی تفصیلی روئیداد کے لئے ملاحظہ فرمائیے: ’’تحفظ ختم نبوت کے مثالی سپوت متکلم اسلام حضرت مفتی عبدالغنی پٹیالوی ثم شاہجہانپوری‘‘ مطبوعہ مرکز التراث الاسلامی دیوبند اور ’’انکشاف حقیقت‘‘ مرتبہ جناب مولانا اکرام اللہ قاسمی صاحب مطبوعہ شاہجہانپور۔

مضمون کی طوالت کا احساس راقم سطور کو ستائے جا رہا ہے۔ لیکن میدان قلم کے باذوق احباب جانتے ہیں کہ ثبوت وشواہد کی زبان اپنے اندر الگ ہی ایک چاشنی اور جذب رکھتی ہے۔ علاوہ ازیں چونکہ مذکورہ انجمن کی مطبوعہ روئیداد تاریخی دستاویز کی حیثیت اختیار کر چکی ہے اور اس میں تحفظ ختم نبوت ورد قادیانیت سے متعلق کئی تاریخی خدمات کے ثبوت وشواہد بھی پوشیدہ ہیں۔ اس مناسب سے وقت کا تقاضا یہ ہے کہ محض خلاصہ لکھنے پر اکتفاء نہ کر کے اس کے اقتباسات سے بھی قارئین مضمون کو روشناس کرایا جائے۔ اس کا ایک بڑا فائدہ یہ بھی ہوگا کہ راقم سطور پر اگر کسی کو تاریخ کشید کرنے کا وہم وگمان ہوگا تو وہ بھی دور ہو جائے گا۔ ان فوائد کے پیش نظر ملاحظہ فرمائیے۔ روئیداد کے مرتب جناب حکیم محمد علی انصاری صاحب مرحوم کا تحریر کردہ متن موصوف لکھتے ہیں: ’’زمانہ کے حالات اور تجربات نے ہمیں بتلا دیا ہے اور طول وعرض ہند کے اندر جن تبلیغی انجمنوں نے میدان ارتداد میں کام کیا ہے ان کی روئیداد اس امر پر مشعر ہیں۔ نیز قائدین اور مبلغین عظام کی اکثریت اس امر پر متفق ہے کہ عارضی اور ہنگامی تبلیغ کے بجائے ٹھوس مستقل اور تدریجی تعلیم ہمیشہ مفید مؤثر اور کامیاب ہوتی ہے۔ کسی محل ارتداد میں کسی واعظ اور مبلغ کا پہنچ کر تقاریر اور مناظروں کا کرنا ممکن ہے کہ وقتی طور پر مفید اور کامیاب ہوا اور اس وقت فوری اثرات ہمارے لئے کارآمد ہوں۔ مگر جونہی یہ اثرات رفع ہوں گے حقیقی مقاصد بھی دور ہوتے جائیں گے۔ اس کے برعکس کسی گاؤں میں ایک معلم ہم بھیجتے ہیں جو وہاں کے بچوں کو ضروریات دین سکھاتا ہے اور اوقات فرصت میں ان کے ضعفاء اور جوانوں کے اعمال واخلاق کی بھی اصلاح کرتا ہے تو وہ بیک وقت ہمارے واسطے معلم، امام، مناظر اور مولوی کا کام دیتا ہے اور بالخصوص جب کہ اس کے قول وپند، اس کے اعمال کے مطابق ہوں۔ یہی وجہ ہے کہ انجمن نے اپنی توجہ دیہاتی مکاتب کی طرف زیادہ رکھی ہے۔ اب میں انجمن کی دوسال کے کاموں پر مختصر تبصرہ کرتا ہوں۔

۱...... قادیانیوں کے مقابلہ میں عظیم الشان جلسہ اور ختم نبوت وحیات مسیح جیسے اہم مباحث پر کامیاب مناظرہ جس سے کثیر تعداد ارتداد سے محفوظ رہی اور اس کی مفصل روئیداد اخبارات میں شائع ہو چکی ہیں۔

۲...... محلّہ تارین بہادر گنج میں مولانا بدر عالم صاحب میرٹھی (مناظر اسلام) کی ایک معرکۃ الآراء تقریر محاسن اسلام اور محامد سردار دو عالم ﷺ اور دیگر مقامی ضروریات پر ہوئی۔ اس کے علاوہ مختلف جلسے مختلف مساجد وغیرہ میں کئے گئے۔

۳...... مدتوں سے ایک مقدمہ محلّہ تارین ٹکلی کی مسجد کے متعلق قادیانیوں اور مسلمانوں کے درمیان تھا۔ اس کی پیروی انجمن کے عہدہ داروں نے شروع کی اور اس میں اس قدر سعی بلیغ کی جسے اہل شاہجہانپور کبھی فراموش نہیں کر سکتے اور جس کی عظیم الشان کامیابی کی مسرت اب تک مسلمانوں کے دلوں سے زائل نہیں ہوئی۔ اس فتح نے شاہجہانپور سے گویا قادیانی فتنہ کا خاتمہ کر دیا اور ایک حد تک انجمن سبکدوش ہو کر سماجی فتنہ کی روک تھام اور مسلمانوں کی عام اصلاح کی جانب یکسوئی سے متوجہ ہو سکی اور اس وقت سے نئے انتخاب میں اس کا نام اصلاح المسلمین رکھا گیا۔

۴...... اسی مقدمہ کے دوران میں ایک بیوہ کو انجمن سے بصیغہ تالیف قلوب وظیفہ دے کر ارتداد سے بچایا اور اس کے عقد کا انتظام کیا۔

۵...... گزشتہ سے سابق رمضان (۱۳۴۵ھ، مطابق جولائی ۱۹۲۶ء ناقل) کے اوّل عشرہ میں جلال آباد کے اطراف موہن پور وغیرہ میں بڑی شان سے شدھی کا پرچار ہوا اور زبردست ارتداد کا سیلاب آیا۔ انجمن نے اپنے کارکنان کو دور دراز سے بلا کر (جو تعطیلوں میں اپنے وطن میں تھے) موقعہ واردات پر چار اشخاص روانہ کئے۔ الحمدللہ! ان کی مساعی کامیاب رہیں اور ان کی اور دیگر حضرات کی کوششوں سے امید سے بہت زیادہ نفع پہنچا۔ سمجھئے کہ ہزاروں مسلمانوں کا ایمان بچ گیا۔

۶...... انجمن مخصوص کارکنوں نے شہر شاہجہانپور کے اطراف نیز جلال آباد و پوایاں وتلہر وغیرہ میں تبلیغ وتفتیش کے واسطے چھوٹے دورہ کئے جس سے بہت کچھ ٹھوس نفع پہنچا۔

۷...... رنگیلا رسول کے مقدمہ کے سلسلے میں شاہجہانپور کی اکثر مساجد میں تقریریں کرا کر مسلمانوں میں صحیح جذبات پیدا کر کے ان کی اقتصادی حالت درست کرائی۔ بکری کے گوشت وغیرہ کی اکثر اسلامی دوکانیں اور مسلمانوں سے خرید وفروخت کے جذبات بہت کچھ اراکین انجمن کی سعی کا نتیجہ ہیں۔

۸...... اس دوران میں بہت سے غیر مسلم حلقہ بگوش اسلام ہوئے جن کے نام برابر اخباروں میں شائع ہوتے رہے۔ بعضوں کو اپنے مصارف سے پان سگریٹ وغیرہ کی دکانیں بھی کرادیں۔

۹...... شہباز نگر میں تبلیغی حیلہ سے قادیانیوں نے قدم جمائے اور پھر مسلمانوں کو فیصلہ کن مناظرہ کا چیلنج دیا جس پر ایک کثیر تعداد کے ایمان وارتداد کا دارومدار تھا۔ انجمن نے فوراً مناظر روانہ کئے مگر قادیانیوں نے فرار کو قرار پر ترجیح دی۔ وہاں ضروری تقریریں کر کے واپس آئے اور یوں بہت مسلمانوں کے ایمان سلامت رہے۔

۱۰...... جمعیۃ تبلیغ الاسلام صوبہ کی ایک درخواست پر نومسلموں کی تعلیم کے واسطے قیمت چرم قربانی سے ایک کافی رقم روانہ کی۔

۱۱...... اہل قرآن نے بذریعہ اخبارات ورسائل شاہجہانپور میں پروپیگنڈا شروع کیا تھا۔ اس کی مقامی اخبارات میں تردید کی اور اس سے مسلمانوں کو خبردار کردیا۔

۱۲...... مخالفین ومتر ددین سے تبادلہ خیال کے واسطے انجمن نے برابر ایک جماعت تیار رکھی اور اس سے بہت کچھ اصلاح ہوئی۔

۱۳...... ہماری قابل ذکر خدمت یہ ہے کہ موضع نودیہ تحصیل پوایاں میں مسلمان بچوں کی تعلیم کے واسطے ایک مدرسہ جاری کیا جو اس وقت تک قائم ہے۔ اس مدرسہ میں تقریباً ۲۵ بچے تعلیم پاتے ہیں۔ اوقات تعلیم کے علاوہ مدرس صاحب وعظ ونصیحت اور مسلمانوں کی عام اصلاح میں اپنا وقت گزارتے ہیں اور گاؤں کی مسجد میں امامت بھی کرتے ہیں۔ اس مدرسہ سے ہماری بہت کچھ امیدیں وابستہ ہیں۔ خدا ان کو جلد پورا کرے۔

۱۴...... اراکین انجمن کی سعی سے موضع لودیپور میں تین آدمیوں نے قادیانیت سے توبہ کرتے ہوئے تجدید ایمان کی اور مجمع عام کے سامنے توبہ کرتے ہوئے گاؤں کی مسجد میں اس کی دستخطی تحریر لکھ دی جو اخبارات میں شائع ہوچکی ہے۔

## عرضداشت

آخر میں میری گزارش جناب سے ہے کہ یہ کام جواب تک انجمن نے کئے ہیں صرف انبار سے یکمشت ہے۔ ابھی اس کے سامنے مقاصد اور اغراض کی کثرت ہے۔ شہر میں مختلف تبلیغی وتنظیمی کاموں کے علاوہ دیہات میں مکاتب کا قیام نہایت ضروری ہے۔ مگر کیا میں پوچھ

سکتا ہوں کہ ہماری موجودہ حالت کب تک اور کس قدر کفالت کر سکے گی؟ میں آپ کے جذبات ملی وقومی سے پرزور مرافعہ کرتا ہوں کہ آپ جلد اس کی دستگیری فرمائیے۔ ورنہ ہم اور آپ، سب خدا کے سامنے جوابدہ ہوں گے۔ امداد کی بہتر صورت یہ ہے کہ آپ فوراً رکنیت قبول فرمائیں اور کثرت سے رکن بن جائیں۔

## ہماری کفایت شعاری

ہماری کفایت شعاری اور مصارف میں احتیاط کا اندازہ اس طرح سے کیا جاسکتا ہے کہ اب تک کے دفتر کے واسطے کوئی مکان حاصل نہیں کیا گیا ہے اور ہمارے ذاتی مکانات اس کے دفتر کا کام دے رہے ہیں۔ انجمن کا کوئی تنخواہ دار ملازم سوائے ایک چپڑاسی کے نہیں ہے جس کی تنخواہ صرف آٹھ روپیہ ماہوار مقرر ہے۔ یہ جگہ بھی کچھ دنوں ہی سے بڑھائی گئی ہے۔ ورنہ بیشتر انجمن کے ارکان تمام دفتری کام خود انجام دیتے تھے۔ اگرچہ ہم امید کرتے ہیں کہ ان کو اس قدر تکلیف نہ دی جائے گی۔ اب ملاحظہ فرمائیے کہ تمام سال ماسبق کا دفتری خرچ صرف اٹھارہ روپے پندرہ آنہ ہوا۔ اس میں تنخواہ چپڑاسی پندرہ روپیہ سوا تین آنہ کے علاوہ دوسرے سامان خطوط کے ٹکٹ اور اجرت اعلانات وغیرہ پر خرچ ہوئے۔

## انجمن کے قویٰ اور جوارح

سخت ناسپاسی ہوگی اگر میں جناب مولوی ابوالوفاء صاحب صدر مدرس قومیہ شاہجہانپور وجناب حاجی ڈاکٹر نثار احمد خان صاحب باڑوزوئی وجناب مولوی طفیل احمد صاحب باڑوزوئی وجناب مولوی محمد کفایت اللہ صاحب مدرس مدرسہ سعیدیہ شاہجہانپور اور اس قسم کے دوسرے بزرگوں کی خدمات کا تعارف نہ کراؤں۔ یہ وہ دردمند مخلصین ہستیاں ہیں جنہوں نے اس انجمن کی بناء وتشکیل کے وقت سے تااین دم انجمن کی بڑی بڑی خدمات کی ہیں۔ آئندہ شاید دوسرے کام کرنے والے بھی آئیں اور ممکن ہے کہ ان سے زیادہ کام کریں۔ مگر تقدم اور (بحالت کسمپرسی) انجمن کی امداد کا تفوق صرف انہیں کو حاصل ہے۔ مختصراً یہ کہ یہی حضرات بانیان انجمن ہیں اور یہی اس کو ترقی دینے والے ہیں۔ (دوسالہ روئیداد انجمن اصلاح المسلمین شاہجہانپور بابت ۱۳۴۵ھ، ۱۳۴۶ھ پیش کردہ بموقع جلسہ سالانہ منعقدہ ۲۵ صفر ۱۳۴۷ھ مطابق ۱۲ اگست ۱۹۲۸ء ص۴،۵،۷، مخطوطات مرکز التراث الاسلامی دیوبند نمبر ۶۳۳ ٹی.کے.این)

یاد رہے کہ شاہجہانپور میں کچھ قبیلے افغانستان سے آئے ہوئے آباد ہیں۔ اسی لئے شہر کے بعض مقامات اور مضافات میں آباد قصبات کے نام افغانی قبائل کے نام سے آج بھی موسوم ہیں۔ اردو میں لکھنے کا انداز وہی سو سال پرانا ہے۔ لیکن اس میں مقصد کی بہت سی تاریخ پنہاں ہے۔ ان مخلصین کے کام کرنے کا انداز اور جفاکشی دیکھئے اور یہ بھی دیکھئے کہ حفاظت دین کے لئے کسی کے تعاون پر ہی منحصر نہیں بلکہ اپنے جیب خاص سے صرفہ کر کے عوام کا دین بچانے کا دیوبندی مزاج کس آب وتاب سے جھلک رہا ہے۔ اپنے کام میں مخلص ہونے کا سرٹیفکیٹ ابنائے زمانہ دے رہے ہیں بلکہ شکریہ بھی ادا کر رہے ہیں۔ نیز یہاں سے اس بات کا بھی ثبوت مل رہا ہے کہ ماضی میں ہمارے اکابر تحفظ ختم نبوت کی خدمت کو باضابطہ ممبری اور رکنیت پر موقوف رکھتے تھے اور ممبران ہی سے اخراجات پورے کئے جاتے تھے۔

خدا رحمت کند ایں عاشقان پاک طینت را

حضرت مولانا ابوالوفاء صاحب کو صرف فتنۂ قادیانیت ہی نہیں بلکہ رسوم وبدعات اور لامذہبیت کے رد وتعاقب میں بھی ید طولیٰ حاصل تھا جس کو بھلایا نہیں جاسکتا۔ مضمون کی طوالت کے خوف سے اس عنوان پر تحریری مواد سے صرف نظر کرتے ہوئے چند زندہ وزبانی

تأثرات سے قارئین کو روشناس کرایا جاتا ہے۔ دارالعلوم دیوبند کے متعدد اساتذہ نے بتایا کہ حضرت مولانا اگرچہ دارالعلوم دیوبند کے باضابطہ ملازم نہیں تھے لیکن ہرجگہ دارالعلوم دیوبند کے ترجمان ہی کی حیثیت سے متعارف تھے۔

چنانچہ حضرت مولانا نعمت اللہ صاحب اعظمی مدظلہ استاذ الاساتذہ دارالعلوم دیوبند نے بتایا کہ ایک دفعہ قصبہ گنگوہ میں ذہنی وفکری آوارگی میں مبتلا ہونے والے ایک فرقہ کے متأثرین سے مناظرہ کی ضرورت پڑی تو حضرت مدنی نے مولانا ابوالوفاء صاحب کو گنگوہ بھیجا اور بذات خود بھی اس مناظرے میں شریک رہے۔ راقم سطور کے استاذ محترم حضرت مولانا محمد اقبال فائق قاسمی صاحب مدظلہ مہتمم جامعہ عربیہ تاج العلوم بچھی پور گنگرائی ضلع مہراج گنج نے بتایا کہ ایک دفعہ حضرت مولانا شبیر احمد صاحب مفتاحی مہتمم جامعہ صادقیہ مہراج گنج نے اہل بدعت کے مشہور ومعروف عالم کو مناظرہ کے لئے موضع گبڑوا میں دعوت دی۔ مناظرہ کے سامعین وناظرین کی ایک بڑی تعداد قرب وجوار کے مسلم گاؤں رامپور بلڈیہا، سسواں بازار، کھیم پرا، بچھی پور گنگرائی وغیرہ سے وہاں جمع ہوگئی۔ چشم دید گواہوں کا بیان ہے کہ ترجمان اہل بدعت نے راہ فرار اختیار کرنے میں ہی اپنی عافیت سمجھی۔ جب کہ مولانا ابوالوفاء صاحب کا اگلے روز بھی اعلانیہ بیان ہوا۔ آپ کا شہرۂ اس علاقہ میں آج بھی قائم ہے اور اس علاقہ کے ایک مشہور گاؤں نٹوا، متصل مہراج گنج میں آپ کے دست مبارک سے ایک وسیع وعریض مسجد کی بنیاد آپ کی یادگار ہے۔ حضرت مولانا کے قدردان اور اس مسجد کے بڑے معاونین میں موضع ''کھیم پرا'' کے جناب محمد عثمان صاحب اور جناب لیاقت علی صاحب منصوری رہے ہیں جن کا خانوادہ جناب شفاعت علی صاحب ابن لیاقت علی منصوری، جناب ماسٹر محمد اختر، رحمت علی، شمشیر علی وغیرہ پر مشتمل آج بھی شاد وآباد ودینی خدمات سے وابستہ ہے۔

اسی طرح جناب مولانا محمد اسلام قاسمی صاحب مہتمم مدرسۃ الصفۃ للبنات سون پری کا بیان ہے۔ اس علاقہ میں باطل فرقوں کی ریشہ دوانیوں سے عوام کو جب بھی بچانے کی اور مناظرے کی ضرورت محسوس ہوتی، حضرت مولانا ابوالوفاء صاحب کو دعوت دی جاتی رہی ہے اور وہ مسلک علمائے دیوبند کے ترجمان کی حیثیت سے ہمیشہ تشریف لاتے رہے ہیں۔ اسی طرح مولانا ہدایت اللہ قاسمی ناظم تنظیم رابطہ مدارس عربیہ وعلمائے ضلع مہراج گنج وصدر مدرس جامعہ عربیہ سیوانگر حیدرآباد کا باوثوق بیان ہے کہ اس وقت کے بافیض عالم دین حضرت مولانا صوفی مجیب اللہ کی دعوت پر حضرت مولانا ابوالوفاء کا مدرسہ اشرف العلوم کرتھیا اور مدرسہ بیت العلوم بیرواچندن ضلع مہراج گنج (متصل نیپال) میں بارہا آمد ہوئی ہے۔ یہ علاقہ بدعات وخرافات سے زیادہ متأثر تھا۔ لیکن حضرت ممدوح کی بار بار آمد نے اس پورے علاقے کو صحیح الفکر اسلامی عقائد ودیوبندی مسلک کا ایسا گڑھ بنادیا کہ اس کے فیوض وبرکات آج بھی دیکھے جاسکتے ہیں۔ جب کہ یہ علاقہ ہندوستان ونیپال کے درمیان بارڈر کا وہ حصہ ہے جہاں اس زمانے میں بمشکل ہی کسی عالم دین اور وہ بھی اس پایۂ کے کسی مبلغ دین کی آمد ورفت ہوتی تھی۔

دارالعلوم دیوبند کے اجلاس صد سالہ ۱۹۸۰ء کے موقع پر روزنامہ الجمعیۃ دہلی نے جو خصوصی شمارہ شائع کیا اس میں ایک مضمون نگار جناب مفتی عزیز الرحمٰن صاحب بجنوری، بعنوان ''دارالعلوم دیوبند فتنوں کے مقابلہ میں'' لکھتے ہیں: ''بریلویت کا کھل کر اور میدان میں آکر مقابلہ کرنے والے سب سے اوّل بزرگ حضرت مولانا خلیل احمد سہارنپوری خلیفہ حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی ہیں۔ انہوں نے اہل بدعت سے سب سے پہلا مناظرہ بہاول پور میں ۱۲۹۷ھ میں کیا۔ جس میں حضرت مولانا خلیل احمد کے علاوہ حضرت شیخ الہند، مولانا صدیق احمد، مولانا مراد احمد شریک تھے۔ اہل بدعت کو اس میں شکست ہوئی۔ رد بدعت میں حضرت گنگوہی کے ارشاد کے بموجب سب سے پہلی کتاب حضرت مولانا خلیل احمد نے لکھی جس کا نام ''ہدایت الرشید'' ہے۔ اس کے بعد ''المہند علی المفند'' تحریر فرمائی۔ ان کے بعد

حضرت مولانا اشرف علی تھانوی نے بہت کتابیں تحریر فرمائیں۔ حضرت شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد مدنی نے اس بارے میں نمایاں خدمات انجام دی ہیں۔ میلاد اکبر وغیرہ میں حلقہ دیوبند کے خلاف بریلوی حضرات نے علماء حرمین سے فتاوی حاصل کئے تھے۔ لیکن حضرت قدس سرہ نے اس بارے میں علماء حرمین کا بہت ذہن صاف کیا اور ایک وقت وہ آیا کہ جب بریلوی حضرات کو حرمین میں دوبارہ نماز جماعت سے ادا کرنے پر باہر نکالا گیا۔ حضرت مدنی کی کتاب ''الشہاب الثاقب'' بہت عمدہ کتاب ہے۔ ان کے علاوہ حضرت مولانا مرتضیٰ حسن چاندپوری، حضرت مولانا ابوالوفاء شاہجہانپوری، مولانا محمد یونس بکھروی نے گجرات اور مہاراشٹر کے علاقہ میں نمایاں خدمات انجام دیں ہیں۔'' (روزنامہ الجمعیۃ دہلی، دارالعلوم دیوبند نمبر مؤرخہ ۲۶؍مارچ ۱۹۸۰ء ص ۱۲۰، محفوظات مرکز التراث الاسلامی دیوبند اخبار نمبر ۱۷، موصولہ از حکیم محمد سعید سینٹرل لائبریری ہمدرد دہلی)

واضح رہے کہ مفتی عزیز الرحمٰن بجنوری کے بارے میں راقم نے دارالعلوم دیوبند کے ایک متحرک فاضل جناب مولانا محمد عرفان شیرکوٹی بجنوری سے وضاحت چاہی تو موصوف نے بتایا کہ مفتی صاحب (ولادت: ۱۹۲۵ء، وفات: ۲۰۰۴ء) قصبہ نہٹور کے رہنے والے اور حضرت مدنی کے خلفاء میں سے تھے۔ نیز بہت ساری کتابوں کے مصنف بھی رہے ہیں۔

مذکورہ بالا اقتباس میں جن اکابر شخصیات کا ذکر آرہا ہے ان سے زمانہ متعارف ہے۔ البتہ ان کے درمیان ''مولانا محمد یونس بکھروی'' کے نام سے جو ذکر آرہا ہے بہت کم لوگ جانتے ہوں گے کہ یہ وہی بزرگ ہیں جن کے موجودہ ''بنگلہ دیش'' میں فرقہائے باطلہ کے ردوتعاقب میں زبردست کارنامے ہیں۔ خدا معلوم آپ کے مساعی جمیلہ کی سنہری تاریخ کو وہاں کوئی جاننے اور بتانے والا ہے یا نہیں۔ جو آج بھی تاریخ کے اوراق پارینہ میں محفوظ و دستیاب ہے۔ حضرت موصوف کا وطن اصلی دیوبند سے قریب ضلع مظفرنگر (یو.پی) میں قصبہ ''بکھرا'' ہے اور یہیں مدفون بھی ہیں۔ لیکن اشاعت دین کی لگن میں اپنے وطن سے کئی ہزار کلومیٹر دور برہمن باریہ کے علاقے میں اپنی پوری توانائی صرف کردی اور اس کا سبب یہ بیان کیا جاتا ہے کہ آپ کو نبی پاک ﷺ کی خواب میں ایک مرتبہ زیارت نصیب ہوئی جس میں نبی ﷺ نے ''برہمن باریہ'' میں قادیانی فتنہ کی نشاندہی فرماتے ہوئے وہاں کام کرنے اور مسلمانوں کے دین وایمان کو بچانے کی طرف توجہ دلائی تو اس غیبی بشارت پر جگہ کا نام معلوم کرتے ہوئے وہاں پہنچے اور مرزائیوں کے ردوتعاقب میں ایک تعلیمی ادارہ قائم کیا جو آج بھی جامعہ یونسیہ کے نام سے جاری ہے اور علاقے کا مرکزی ادارہ ہے۔ برہمن باریہ میں مسلمانوں کی غفلت اور خاموشی کا فائدہ اٹھا کر مرزائیوں نے پورے علاقہ کو ارتداد کی لپیٹ میں لے لیا تھا۔ لیکن تاریخ شاہد ہے کہ مولانا محمد یونس بکھراوی کی محنتوں نے اس علاقے کو فتنۂ قادیانیت سے پاک کیا۔ باری تعالیٰ تحفظ ختم نبوت کے اس موفق الخیر سپاہی کو کروٹ کروٹ جنت نصیب فرمائے۔ آمین!

## نعت النبی ﷺ کے میدان میں

حضرت مولانا ابوالوفاء صاحب کو باری تعالیٰ نے جن خوبیوں سے نوازا تھا ان میں سے ایک صفت، باذوق نعت گوئی بھی ہے جو شرعی دائرے میں رہتے ہوئے افراط وتفریط سے پاک نبی ﷺ کے شان اقدس میں ہے۔ آپ اپنا تخلص ''عارف'' رکھتے تھے۔ حضرت مولانا کو جس طرح بیان سیرت اور دیگر علوم وفنون میں یدطولی حاصل تھا اسی طرح آپ کی شاعری میں بھی پڑھنے والوں کو تمام تر شعری کیفیات وتاثرات ملیں گے۔ آپ کی تحریر کردہ نعتوں میں درست عقائد کے ساتھ رسول اکرم ﷺ کی سیرت طیبہ، آپ ﷺ کا پیغام صلح وامن، اخوت ومساوات، بلندحوصلگی، کسرنفسی، فراخ دلی اور علی ظرفی وغیرہ خوبیوں کا بھی ثبوت ملے گا اور نبی پاک ﷺ سے حقیقی عشق

ومحبت کے جلوے بھی نظر آئیں گے۔ انداز بیان کا والہانہ پن، مترنم بحریں ملیں گی۔ حضرت مولانا کا نعتیہ مجموعہ ’’صدائے عارف‘‘ کے نام سے آپ کی حیات مبارکہ میں ہی زیور طبع سے آراستہ ہو چکا تھا، جس کے مرتب آپ کے سفر وحضر کے رفیق جناب ساجد صاحب لکھنوی ہیں۔ بطور مثال حضرت کا ایک نعتیہ کلام پیش کیا جاتا ہے۔

## مرضیٔ مصطفیٰ ﷺ

جسے رفعتیں بھی نہ پاسکیں وہ نبی کی رفعت تام ہے
جو زوال سے نہیں آشنا وہ انہی کا بدر تمام ہے

جو ہے رمز راز حیات کا جو ہے نغمہ ساز حیات کا
وہ نبی حق پر درود ہے وہ حبیب حق پہ سلام ہے

ہے قیام حکم وہ دیں اگر ہے قعود ان کی جو ہو رضا
بجز ان کی مرضیٔ پاک کے نہ قعود ہے نہ قیام ہے

بخدا ہے مرضیٔ مصطفیٰ جسے حق کہے ہے مری رضا
جسے وحی حق کہے خود خدا وہ انہی کا پاک کلام ہے

وہ حبیب خالق دو جہاں وہی کنہ محفل کن فکاں
وہ نبی حق وہ رسول ہے وہی انبیاء کا امام ہے

جو نگاہ لطف کرم اٹھے تو خزاں بھی موسم گل بنے
جو نظر پھرے تو یہ فصل گل بھی خزاں کا ایک پیام ہے

بخدا تو نہیں ہیں وہ مگر اتنے حق سے قریب ہیں
جہاں وہم بھی نہ پہنچ سکے وہ بلند ان کا مقام ہے

کہیں حشر میں شہ انبیاء کہ کدھر ہے عارف روسیاہ
اسے لاؤ دامن عفو میں وہ ازل سے میرا غلام ہے

(صدائے عارف ص ۸، مطبوعہ مکتبہ دین وادب کچا احاطہ لکھنؤ)

## وفات وتدفین

علمی قلمی اور زبانی خداداد صلاحیتوں کے ذریعہ عمر بھر تبلیغ دین کا فریضہ انجام دیتے ہوئے بالآخر تحفظ ختم نبوت کے بے باک وبے لوث مجاہد ۶؍فروری ۱۹۸۰ء میں اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ لیجئے! ہم بھی پڑھیں اور آپ بھی پڑھئے: ’’انا للّٰہ وانا الیہ راجعون‘‘ بوقت انتقال تین لڑکے اور دو لڑکیاں پسماندگان میں چھوڑیں۔ آج بھی الحمدللہ! آپ کے احفاد میں دین حق سے وابستگی اور علم دین سے تعلق باقی ہے۔ زہد واتقاء کے ساتھ آپ نے بڑی خوشگوار زندگی پائی۔ اخیر عمر میں چند ماہ علیل رہے۔ اس دوران بھی علماء اور اہل علم کا ایک بڑا طبقہ ملاقاتیوں میں آپ سے رجوع کرتا رہتا تھا۔ ابھی چار سال قبل جب حضرت کے دولت کدے پر راقم سطور کو حاضری کا موقع ملا تو اسی مکان میں جس میں حضرت قیام پذیر رہے۔ اہل خاندان سے دادا محترم کی خدمات دینی کے بہت سے واقعات سننے کو ملے۔ آپ اقرباء میں سے مولانا رعایت علی صاحب شاہجہانپوری فاضل دارالعلوم دیوبند تقسیم ہند کے موقع پر پاکستان منتقل ہوگئے اور غالباً دارالعلوم کراچی میں وہ کامیاب استاذ رہے۔ جب کہ دو حقیقی بھائی مولانا شریف احمد قاسمی، جناب نیاز احمد صاحب اور تین بہنیں ہندوستان میں ہی شاد وآباد رہے۔

انتقال کے بعد بہت سے مشہور زمانہ سیاسی اور غیر سیاسی، علمی ودینی شخصیات نے جنازہ میں شرکت کی۔ مکان کے سامنے ہی واقع قبرستان ’’جنگلہ‘‘ میں ۷؍فروری ۱۹۸۰ء کی عصر ومغرب کے درمیان تدفین عمل میں آئی۔ بہت سے ماہناموں اور روزناموں میں تعزیتی مضامین وپیغامات شائع ہوئے۔ ان میں سے اکابر علمائے دیوبند کی لگائی ہوئی صحافتی پود اور مستند ومعتبر روزنامہ الجمعیۃ دہلی میں اسی طرح کی ایک مطبوعہ خبر درج کرنے پر اکتفاء کیا جاتا ہے۔

آفتاب علم وعمل ہوگیا۔ مولانا ابوالوفاء رحلت فرماگئے

## صدر محترم اور ناظم عمومی جمعیۃ علماء ہند کا اظہار تعزیت، ایصال ثواب

نئی دہلی: ۸؍فروری ہندوستان کے طول وعرض میں مسلمانوں میں یہ خبر انتہائی حزن والم کے ساتھ پڑھی جائے گی کہ ایک اور آفتاب علم وعمل غروب ہوگیا۔ یہ اندوہناک سانحہ ہے کہ طوطیٔ ہند حضرت مولانا ابوالوفاء شاہجہانپوری رحلت فرماگئے۔ انا ﷲ وانا الیہ راجعون! حضرت مولانا ابوالوفاء صاحب ایک طویل عرصہ سے صاحب فراش تھے۔ بالآخر ۶؍فروری ۱۹۸۰ء کو صبح نو بج کر ۴۵ منٹ پر آپ نے داعی اجل کو لبیک کہا۔ ۷؍فروری کو شاہجہانپور میں جسے آپ نے ایک عرصہ ہوا اپنا وطن بنالیا تھا۔ تدفین عمل میں آئی۔ حضرت مولانا لہرپور ضلع سیتاپور میں پیدا ہوئے تھے۔ کئی برس مدرسہ قیومیہ میں استاد رہے۔ جمعیۃ علماء ہند کے کئی سال تک نائب صدر رہے۔ اخیر تک مجلس عاملہ کے رکن تھے۔ آپ نے تحریک خلافت اور جمعیۃ علماء ہند کی دیگر تحریکات میں جن میں مدح صحابہ شامل ہے حصہ لیا۔ آپ مجلس احرار سے بھی وابستہ رہے۔ آپ خطیب بے بدل تھے۔ سیرت مقدسہ پر اس زمانہ میں آپ سے بہتر تقریر کرنے والا کوئی اور نہیں تھا۔ تقریر میں اشعار بے ساختہ استعمال کرتے تھے۔ آپ کے انتقال سے علمی، دینی اور ملی صفوں میں جو خلاء پیدا ہوگیا ہے اسے مدتوں بہت شدت سے محسوس کیا جائے گا اور اس کو پورا کرنا مشکل ہوگا۔

جمعیۃ علماء ہند کے حلقوں میں حضرت مولانا کے انتقال پر انتہائی رنج وغم کا اظہار کیا گیا اور ادارہ الجمعیۃ بھی دعاگو ہے کہ اللہ رب العزت مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقامات سے نوازے۔

(روزنامہ الجمعیۃ جلد ۲۵، شمارہ نمبر ۳۸، مؤرخہ ۲۰؍ربیع الاوّل ۱۴۰۰ھ م: ۹؍فروری ۱۹۸۰ء، محفوظات مرکز التراث الاسلامی دیوبند اخبار نمبر ۱۹۸۰ء-۱۷)

اخیر میں ممنون ہوں اپنے کرم فرما مخدوم مکرم حضرت مولانا اللہ وسایا صاحب مدظلہ کا کہ حضرت نے تحفظ ختم نبوت کے ایک فقید المثال مجاہد پر کچھ لکھنے کی تحریک فرمائی اور مضمون مکمل ہونے تک برابر حوصلہ افزائی فرماتے رہے۔ نیز اسم بامسمّی جناب حافظ ابرار احمد صاحب حیدرآبادی مدظلہ رکن مجلس تحفظ ختم نبوت دہلی (مقیم حال ابوظہبی) جناب مولانا اکرام اللہ صاحب قاسمی ابن حضرت مفتی کفایت اللہ ثانی ومولانا محمد عثمان صاحب شاہجہانپوری، جناب الحاج ریاض احمد صاحب منصوری، مولانا کامران احمد قاسمی ابن الحاج محمد عرفان صاحب قصبہ محمدی لکھیم پور اور مرکز التراث اسلامی دیوبند کے کارکنان جناب محمد احمد صاحب، مولانا شہباز اختر کا بھی کہ ان حضرات نے ہندوستان میں لاک ڈاؤن سخت ہونے کے باوجود اس مضمون کا مواد فراہم کرنے میں مخلصانہ کردار ادا کیا۔ فجزاھم اللہ خیراً وصلی اللہ علیٰ خاتم النّبیین والمرسلین محمد وعلیٰ آلہ واصحابہ اجمعین ومن تبعھم باحسان الی یوم الدین!

(مولانا) شاہ عالم گورکھپوری

استاذ ونائب ناظم کل ہند مجلس تحفظ ختم نبوت دارالعلوم دیوبند

۱۴؍رمضان المبارک یوم جمعہ ۱۴۴۱ھ، مطابق ۸؍مئی ۲۰۲۰ء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# ایمان واسلام

الحمد للّٰہ وکفیٰ وسلام علی عبادہ الذین اصطفیٰ وافضل الصلوٰۃ واکملھا علی حبیبہ سیدالوریٰ وعلیٰ اٰلہٖ اصحابہٖ مصابیح الدجیٰ. امابعد!

## تمہید

الحمدللہ کہ مختار مدعاعلیہ (جلال الدین شمس قادیانی) باوجوداتنی لاطائل بحث تو درکنار اس کے قریب بھی نہ پہنچا۔ اس نے عاجز آکر جواب میں دیدہ دانستہ محض لاجواب ہونے کی وجہ سے وہ پوائنٹ ہی بچالیا۔ جن پر بحث مبنی تھی۔ باوجود اس کے میں بحول اللہ وقوتہ کے دعویٰ کے ساتھ علی الوجہ البصیرۃ کہہ سکتا ہوں کہ اگر اس طولانی بے معنی بحث کو اس کی خاطر کوئی نیک طینت اور رحم دل انسان اعلیٰ پایہ کی خدانخواستہ بحث ہی مان لے پھر بھی مرزاصاحب اور مرزائیوں کا کفروارتداد اس قدر اٹل ہے کہ وہ بدستور قائم رہتا ہے اور کوئی بھی عنوان تک بدلنا نہیں پڑتا، کیونکہ ہماری بحث کا بحمداللہ کوئی بھی ہیڈنگ ایسا نہیں جس میں ایک دوتین بلکہ متعدد حوالے ایسے لاجواب نہ رہے ہوں، جن کا جواب توکجا ذکر واشارہ تک دیدہ دانستہ ترک کر کے مختار مدعاعلیہ اپنے عجز اوران کی لاجوابی کا اقرار نہ کرچکا ہو (اور چونکہ شہادت کی طرح بحث بھی جماعت (قادیانی) کی مرتبہ ہے۔ لہٰذا تمام جماعت کے نزدیک) پس مرزاصاحب اور مرزائیوں کا کفروارتداد لاجواب واٹل ہے بجائے کسی جواب کے اگر میں ان لاجواب حوالوں کو جمع کروں تو بھی میری بحث ان شاء اللہ تعالیٰ بدستور اٹل ولاجواب رہے گی (مثلاً بحث کے ہیڈنگ لاالٰہ الا اللّٰہ کا پہلا نمبر الوہیۃ ...... الخ!) جس کا کوئی ہیڈنگ بھی ان شاء اللہ بدلنا نہیں پڑے گا اور میری بحث کو لاجواب ہونا ہی تھا۔ کیونکہ آقائے کائنات محمد رسول اللہ ﷺ سے کٹنے والوں، ان کے مقدس ناموس پر حملہ کرنے والوں اللہ تعالیٰ کے محبوب ﷺ کے باغیوں کو کوئی تاویل، کوئی آڑ، کائنات عالم کا کوئی ذرہ پناہ نہیں دے سکتا:

کچھ اس طرح سے کیا میں نے شکوہ والحاح　نگاہیں جھک گئیں ان سے نہ کچھ جواب بنا

میں ان شاء اللہ العزیز! درمیان میں ان لاجواب باتوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے آخر میں ان کی ایک مکمل لسٹ دوں گا، جو مرزاصاحب اور مرزائیوں کے کفروارتداد کی ان شاء اللہ تعالیٰ تاقیامت باقی رہنے والی دستاویز ہوگی۔

## اصل جواب الجواب

اس اجمالی تمہید کے بعد کسی مفصل جواب کی حاجت نہ تھی۔ مگر صرف دنیا پر اس جماعت کا دجل وفریب آشکارا کرنے کے واسطے کچھ اختصار سے عرض کرتا ہوں۔

## مختار مدعاعلیہ کے افتتاحی کلمات

’’مبادی بحث بعد میں ہوں گے آج میں اس سوال کو لیتا ہوں کہ مختار مدعیہ نے عقائد مدعاعلیہ پر اعتراض کیا ہے۔ حالانکہ مدعاعلیہ نے جواب دعویٰ میں صاف طور پر بیان کردیا تھا کہ میں مسلمان ہوں۔‘‘

یہ فرمانا کہ مبادی بعد میں آئیں گے، عجیب الٹی منطق ہے کون نہیں جانتا کہ مبادی مقاصد کے بعد نہیں آتے۔ ہاں! قادیان کی الٹی گنگا کا ہمیں علم نہیں۔ باقی مدعاعلیہ کا اقرار اسلام درست مگر ساتھ ہی مدعاعلیہ کو اپنی مرزائیت (احمدیت) اور مرزا کی نبوت اور وحی کا بھی تو

اقرار ہے۔ گویا وہ تمام کفریات جو خاصہ مرزائیت واحمدیت ہیں اور جن سے مرزا صاحب کی کتب بھری ہیں مدعا علیہ کے ایمانیات کا جزو اعظم ہیں:

زاہدا تسبیح میں زنار کا ڈورا نہ ڈال　　یا برہمن کی طرف ہو یا مسلمان کی طرف

مرزائیت سے توبہ کر ڈالنے پر محمد رسول اللہ ﷺ کا آغوش اس کے لئے کھلا ہے اور ہم غلاموں کی آنکھیں بھی اس کے لئے فرش راہ ہیں۔

## جواب بحث

اپنا اور مرزا صاحب کا ایمان واسلام ثابت کرنے کے واسطے جس قدر آیات واحادیث واقوال فقہاء ومتکلمین وعبارات مرزا صاحب پیش کی ہیں۔ یہ وہی شہادت کا گزرا ہوا مجروح سبق (بے حیائی سے) مکرر دہرایا گیا ہے جس کا دندان شکن جواب ۱۸؍اکتوبر ۱۹۳۳ء کی بحث میں مکمل دیا چکا جس کے لاجواب ہونے کا یہی ثبوت کافی ہے کہ مختار مدعا علیہ باوجود دعویٰ ہمہ دانی اور اس ادّعاء کے کہ اس کے پاس مختار مدعیہ کی بحث لفظ بلفظ لکھی ہے۔ مخصوص بنیادی پوائنٹ میں سے ایک حرف کا اشارہ تک نہیں کیا۔ ملاحظہ ہو عدالت کے واسطے اس کے مکرر نمبر۴ کا بالاختصار اعادہ کرتا ہوں۔

۱...... ہم بھی مانتے ہیں کہ مرزا صاحب کے اسلامی عقائد بھی تھے۔ ورنہ مادرزاد کافر کہا جاتا مرتد کا حکم نہ لگتا۔

۲...... ان آیات: ''آمن الرسول (البقرۃ:۲۸۵)'' وغیرہ اور احادیث: ''بنی الاسلام'' وغیرہ نیز کتب فقہ وعقائد میں جس قدر ایمان کے ارکان مذکور ہیں یہ ضروری تو ہیں، مگر ایمان کے واسطے کافی نہیں۔ ان کے باوجود بھی انسان سجدہ صنم، تحلیل خمر (نیز دیگر کفریات) یا بقول مرزائیاں مرزا صاحب کے انکار یا ان کی بیعت میں داخل نہ ہونے سے کافر ہوسکتا ہے۔ ملاحظہ ہو (جرح گواہ نمبر۱ یکم،۷؍مارچ ۱۹۳۳ء) لہٰذا باوجود بفرض محال ان تمام ایمانیات کے ہمارے قائم کردہ اور خصوصاً لاجواب کفریات کی وجہ سے بچ نہیں سکتے۔ نہ ایمان واسلام قیامت تک کسی طرح ثابت کر سکتے ہیں۔

۳...... باقی مرزا صاحب کی عبارت اور دعاوی یہ صرف زبانی ادّعاء اور محض مغالطہ ہے جو کہ بحث میں مفصل بتایا جاچکا ہے اور بقدر ضرورت مختصراً آگے عرض ہوگا۔ یہ قابل ملاحظہ ہے کہ ادّعاء ایمان کے ساتھ حضور ﷺ کے نبی آخرالزمان ہونے کا انکار، جہاد جیسے عظیم الشان مسئلہ کو خراب بتا کے محض رضا جوئی برٹش گورنمنٹ کے لئے دین سے اخراج، چندہ ماہواری کی جدید زکوٰۃ کا اضافہ، دسمبر کے جلسہ کو حقیقی اور اصلی حج قرار دینا، باری تعالیٰ اور سرکار دوعالم ﷺ کے بتائے ہوئے حشر ونشر کا انکار اور فلاسفہ کی پیروی، اپنے تمام نہ ماننے والے مسلمانوں کی تکفیر وتذلیل بلکہ بیعت میں تأمل کرنے والے تک کو پکا کافر بتانا، باری تعالیٰ کی توہین، اس کے تقدس وجلال پر یہود ونصاریٰ اور مشرکین جیسے ناپاک حملے، کشفی طور پر اس سے عیاذاً باللہ! ہمسری کا دعویٰ، تمام انبیاء اولوالعزم حتیٰ کہ سیدالانبیاء کی ہمسری بلکہ برتری کا دعویٰ سب کی منہ بھر کے توہین وتذلیل (العیاذ باللہ) اہل بیت رسول اللہ ﷺ خصوصاً سیدنا علی مرتضیٰ ؓ، سیدنا امام حسین ؓ ولخت جگر رسول اللہ ﷺ سیدہ فاطمۃ الزہراؓ کی زہرہ گداز ناقابل برداشت گندی توہین، خلفاء راشدین ؓ، صحابہ کرام ؓ، ائمہ دین تمام اقطاب وابدال، غوث، اولیاء اللہ سب سے برتری کا دعویٰ بلکہ دل کھول کر توہین، کتاب اللہ پر صرف اپنی خرافات وحی کی طرح ایمان رکھنا، احادیث نبویہ جو اپنی تراشیدہ وحی کے خلاف ہوں کوردی کی طرح پھینکنا، اپنے مقبرہ کو بہشتی مقبرہ بنانا، حرم نبوی اور خصوصی القاب نیز

اپنی بیویوں کو امہات المومنین کے القاب استعمال کر کے منہ چڑھانا، کون سا وہ کفر ہے جو مرزا صاحب یا مرزائیوں نے ترک کر دیا ہے:

تم گریباں میں منہ ڈال کے خود ہی سوچو ہم اگر کچھ بھی کہیں گے تو شکایت ہو گی

شیطان لعین ایک کفریہ اور ایک نبی کی توہین کر کے ہمیشہ کے لئے مردود بارگاہ ہو جائے اور یہ بزرگ سب کچھ کریں اور پھر مقرب کے مقرب:

بسوخت عقل ز حیرت کہ ایں چہ بوالعجبی است

۴...... یہ تمام امور ایمانیہ حقیقتاً اور معناً بدرجہ اتم مدعیہ اور اس کے ہم عقیدہ تمام دنیا کے مسلمانوں میں موجود ہیں، پھر بھی مرزا صاحب کی بیعت میں داخل نہ ہونے کی وجہ سے خواہ بچاروں نے ان کا نام تک نہ سنا ہو۔ کافر دائرہ اسلام سے خارج بلکہ پکے کافر ہیں۔ یہ تمام امور ایمانیہ باوجود کوئی کفر نہ ہونے کے صرف مرزا کی بیعت میں تأمل ہونے سے کافر ہونے سے نہ بچا سکیں اور مرزائی سینکڑوں کفریات کے باوجود انہی امور سے پکے مسلمان رہیں کچھ تو شرم چاہئے:

حیا و شرم جو ملتی کہیں زمانہ میں تو ہم بھی لیتے کسی اپنے مہربان کے لئے

## مختار مدعیہ کے جواب کی آڑ میں مختار مدعا علیہ کی مغالطہ دہی کی ناکام کوشش

مختار مدعیہ کے ہیڈنگ کے تحت یہ ثابت کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ مختار مدعیہ کا یہ مغالطہ ہے کہ یہ پیش کردہ کتب دعویٰ نبوت سے پہلے کی ہیں۔ ملخصاً۔ یہ محض مختار مدعا علیہ کا بوجہ جواب نہ بن سکنے کے مغالطہ ہے۔ کیونکہ میری بحث میں یہ نہیں کہ ۱۹۰۱ء کے بعد اسلامی عقائد کا نام ہی نہ لیا، بلکہ یہ ہے کہ پھر یہ لمبے لمبے زوردار دعویٰ ذرا اس کے بعد پھیکے پڑ گئے اور یہ بلند آہنگی باقی نہ رہی بلکہ آخر تک مرزا صاحب مغالطہ آمیز عبارتیں بولتے رہے اور بعد نبی کریم ﷺ کے مدعیان نبوت کا ذب کی خاصیت لازماً یہی ہے کہ وہ دجل سے کام لیں۔ جیسا کہ ہمارے آقا ﷺ کا ارشاد ہے اور مرزا صاحب نے خود دجال کی یہی تعریف کی ہے کہ وہ خلط ملط کرے ملاحظہ ہو (تبلیغ رسالت ج۳ ص۲۰۰، مجموعہ اشتہارات ج۲ ص۱۳۱) ''دجال کے لئے ضروری ہے کہ نبی برحق کا تابع ہو کر پھر سچ کے ساتھ باطل ملاوے...... اگر حق محض پر زیادت کی جائے تو اس زیادت کا نام عربی زبان میں دجل ہے اور اس کے مرتکب کا نام دجال ہے اور چونکہ آئندہ کوئی نیا نبی نہیں آ سکتا۔ اس لئے پہلے نبی کے تابع جب دجل کا کام کریں گے تو وہی دجال کہلائیں گے۔''

میری بحث کے اصل الفاظ ملاحظہ ہوں۔

۱...... ''یہ تمام بڑھ چڑھ کے ادّعاء اسلام اس وقت تھا۔ جب ادّعاء نبوت کا سودا دماغ میں نہ تھا اور ہر قسم کے مدعی نبوت پر لعنت بھیجتے تھے اور کسی قسم کے نبی کا آنا خاتم النّبیین کے منافی اور ''لا نبی بعدی'' میں تخصیص و تاویل شرارت قرار دیتے تھے اور عیسیٰ علیہ السلام کا نبی ہو کر آنا مجازی بتاتے تھے۔'' ملاحظہ ہو (ایام الصلح ص۱۴۶، خزائن ج۱۴ ص۳۹۳، حقیقت النبوۃ ص۸۹، انوار العلوم ج۲ ص۴۲۳، سراج منیر ص۳، خزائن ج۱۲ ص۵، حمامۃ البشریٰ ص۲۰، خزائن ج۷ ص۲۰۰) اس کے بعد یہ بلند آہنگی نہ رہی۔ باقی ۲۴؍اگست ۱۹۳۲ء کی جرح سے گواہ مدعیہ نمبر۲ کا ایک فقرہ لینا کہ: ''ازالہ اوہام کی تالیف تک مرزا صاحب مسلمان تھے۔'' یہ مغالطہ دینا چاہا ہے کہ اس کے بعد بس کفر ہی کفر فرماتے رہے اور یوں ازالہ اوہام جو ۱۸۹۱ء کا ہے۔ اس کے بعد اسلام کا دعویٰ پیش کیا ہے۔ محض بے سود حیلہ ہے۔ اس کے بعد بھی اسلامی نمائش فرماتے رہے ہیں۔ ۱۹۰۱ء کے بعد کے صرف۔

۲...... حوالہ کشتی نوح اور مواہب الرحمٰن ہیں جس میں الفاظ تو خوش آئند ہیں۔ مگر معانی بدل بدل کر الحاد اور بے دینی کی بنیادیں ڈال

رہے ہیں اور اس سے بھی ان کا کفر وارتداد ہی ثابت ہوتا ہے۔ ملاحظہ ہو: اصل بحث ۸،۱۱ اکتوبر ۱۹۳۳ء جہاں اس کا مفصل جواب ہے۔
مختار مدعیہ کا یہ کہنا کہ: ’’ہمارا استدلال جب غلط ہوتا کہ ۱۹۰۱ء کے بعد ان کی تردید مختار مدعیہ دکھاتا اور وہ نہ کر سکا۔‘‘ ماشاء اللہ جناب دیدہ ودانستہ چشم پوشی فرما کر تجاہل عارفانہ اختیار کریں اس کا کیا علاج۔ میں نے لاالٰہ الا اللہ ومحمد رسول اللہ (ﷺ) کی ہیڈنگ نیز دوسرے کفریات کے حوالے مثلاً (لیکچر سیالکوٹ ۱۹۰۴ء، براہین احمدیہ حصہ پنجم ۱۹۰۵ء، حقیقت الوحی ۱۹۰۷ء، البدر ۵؍مارچ ۱۹۰۸ء) تک کے حوالے پیش کئے ہیں جو نہ صرف ۱۹۰۱ء کے بعد کے ہیں۔ بلکہ انتقال سے دوماہ قبل تک کے ہیں۔ نیز خلیفہ محمود صاحب کے کفریات کے حوالے بھی درج ہیں، مگر آپ دیدہ دانستہ جواب نہ بن سکنے کی وجہ سے ٹال ہی جائیں اس کا کیا علاج۔ مختار مدعا علیہ نے حقیقت الوحی اور چشمہ معرفت سے دوتین حوالہ اسلامی عقائد کے پڑھ دیئے ہیں اور سمجھ گئے کہ دنیا اس سے مغالطہ کھا جائے گی۔ انہیں معلوم ہونا چاہئے کہ مؤمن کی فراست غضب کی ہوتی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ وہ کفریہ عقائد بھی انہیں کتابوں کے ملاحظہ فرماویں جو میں نے بحث ابتدائی حصوں میں دیئے ہیں تاکہ معلوم ہوجائے کہ یہ حق ملتبس کرنے کی ایک شکل ہے اور یہ وہی فرض ادّعاء اسلامی کا شہد ہے جس میں کفر وارتداد لازہر ملا کے مسلمانوں کا ایمان غارت کیا جاتا ہے۔ جواب تو یہ تھا کہ ۱۹۰۱ء کے بعد قبل جیسے بلند آہنگی کے اسلامی دعویٰ پیش کرتے ہوئے ان کفریات کی تردید کھلے ہوئے غیر مشتبہ لفظوں میں بعد کی کتب سے پیش کرتے مگر یہ کیونکر ہوسکتا تھا۔ محمد رسول اللہ ﷺ کے باغیوں اور کفر واسلام دونوں کشتیوں پر سوار ہونے والوں کی توبہ بھی قبول نہیں ہوتی کوئی اور پناہ کیونکر ملے۔ قرآن پاک پڑھئے: ’’ان الذین اٰمنوا ثم کفروا ثم اٰمنوا ثم کفروا ثم ازدادو اکفراً لم یکن اللہ لیغفرلھم ولا لیھدیھم سبیلا (النساء:۱۳۷)‘‘ ترجمہ: بے شک جولوگ ایمان لائے پھر کفر کیا پھر ایمان لائے پھر کفر کیا پھر کفر میں اضافہ ہی کرتے رہے۔ اللہ ان کی مغفرۃ نہیں کرے گا اور نہ انہیں سیدھا راستہ دکھائے گا۔
باقی مختار مدعا علیہ کا یہ کہنا کہ: ’’حقیقت الوحی سے جو کمال نادانی سے مختار مدعیہ نے حوالے خلاف توحید سمجھ کر پیش کئے ہیں۔ اکثر ان میں سے براہین احمدیہ میں موجود ہیں۔ جب کہ گواہان مدعیہ ومختاران مدعیہ کے نزدیک مرزاصاحب مسلمان تھے۔‘‘ کچھ الٹا سیدھا ہی جواب دے کر نادان فرماتے تو اچھا تھا۔ اب جواب سے عاجز آکر منہ چڑھانے کو مخول پر اتر آئے اور سچ ہے جب جواب کسی سے نہیں بنتا تو ایسی ہی باتیں کیا کرتا ہے۔ اللہ انہیں ہدایت دے اور سلیقہ کی گفتگو کی توفیق۔ یقیناً ایک دو قرآن پاک کی آیات براہین احمدیہ میں بھی ہیں۔ مگر وہاں یہ پتہ نہیں دیا کہ یہ قرآن کی آیات نہیں، بلکہ میرے الہامات ہیں اور ان سے سرکار دوعالم ﷺ مراد نہیں، بلکہ میں مراد ہوں، مسلمان بچارے یہ سمجھتے رہے کہ یہ قرآنی آیات آریوں اور عیسائیوں کو جواب دینے کے لئے منتخب کی گئی ہیں، جن پر جب بعد کو دلائل مبنی ہوں گے اور یہی انہیں باور کرا کے ہزاروں کا ان سے چندہ وصول کرلیا۔ بعد میں بھی اربعین اور حقیقت الوحی ۱۹۰۷ء وغیرہ میں آکر جب نبوت سے پردہ اٹھا۔ مرزاصاحب کے الہام بن گئے اور پہلے تو مصداق باری تعالیٰ حضور ﷺ اور بعض صحابہ کبار تھے اور اب وہ سب آیات صرف مرزاصاحب کے واسطے بن گئیں اور ہونا بھی تھا۔ کیونکہ حضور ﷺ کے بعد اگر دعویدار نبوت دجل نہ کرے تو ہمارے آقا ﷺ کی پیش گوئی پر حرف آجائے، جن کی شان گرامی میں ابوجہل وابولہب جیسا دشمن بھی ’’ماجربنا علیک کذباً‘‘ کے مستانہ قصائد پڑھ رہے ہیں۔

## البدر اور اخبار عام کے مغالطہ کا جواب

قول مختار مدعا علیہ۔

’’اور مختار مدعیہ کا یہ کہنا کہ مدعیہ کی طرف سے بدر ۵؍مارچ ۱۹۰۸ء کا حوالہ پیش کیا گیا جس میں دعویٰ نبوت کا ذکر ہے۔ لیکن مدعا علیہ کی طرف سے اس کے بعد کوئی تحریر پیش نہیں کی گئی، صریح جھوٹ ہے، کیونکہ مدعا علیہ کی طرف سے اخبار عام ۲۶؍مئی ۱۹۰۸ء کا حوالہ پیش کیا گیا ہے اور وہ ایک خط ہے جو آپ نے ۲۳؍مئی ۱۹۰۸ء کو اپنی وفات سے تین روز قبل ایڈیٹر اخبار عام کے نام تحریر فرمایا...... الخ!‘‘

جھوٹ کہنا تو آسان ہے مگر سچ صادق ومصدوق نبی ﷺ کے غلاموں کی طرف نسبت کر کے ثابت کرنا دشوار ہے۔ مختار مدعیہ کا دعویٰ تو اس وقت جھوٹا ہو سکتا تھا کہ اس نے اخبار بدر ۱۹۰۸ء ۵؍مارچ سے جو یہ حوالہ پیش کیا کہ: ''ہم خدا کے حکم سے نبی اور رسول ہیں۔''

(ملفوظات ج۱۰ ص۱۲۷)

مختار مدعا علیہ اخبار عام سے اس سے رجوع اور انکار ثابت کر دیتے کہ میں اب دعویٰ نبوت ورسالت سے باز آتا ہوں۔ میری غلطی یا دماغی خلل کا نتیجہ دعویٰ نبوت تھا۔ پھر ہم بھی مرزاصاحب کو اسلامی لفظوں سے یاد کرتے۔ آج مختار مدعا علیہ یا ان کے ہم عقیدہ اس کفریہ عقیدہ سے تائب ہو جائیں۔ پھر تو مسلمانوں اور حضور ﷺ کے غلام اپنی آنکھیں فرش راہ کرتے نظر آئیں گے۔

مختار مدعا علیہ نے یا غور نہ فرمایا۔ دیدہ دانستہ مسلمانوں کو سیدھا سادہ سمجھ کر اخبار عام کا خط نقل کر دیا کہ شائع ہونے پر عوام بھڑکیں گے نہیں صرف ہیڈنگ سے مغالطہ کھا جائیں گے۔ اسے یہ نہیں معلوم کہ یہ ایک خط عدالت عالیہ میں پیش کر رہا ہے، جہاں وہ ہر طرح پرکھا جائے گا۔ اس خط میں دعویٰ نبوت سے دست برداری یا اس پر توبہ وندامت تو درکنار اسی عظیم الشان کفریہ کا...... بار بار نہ صرف اقرار ہے بلکہ اسی پر اس وقت تک باقی رہنے کو فرمایا جاتا ہے جب تک دنیا سے گزریں۔ اس خط کے فقرات ذیل ملاحظہ ہوں۔

''میں اپنے تئیں نبی کہلاتا ہوں۔'' (مجموعہ اشتہارات ج سوم ص۵۹۷)

''اس نے میرا نام نبی رکھا ہے۔'' (مجموعہ اشتہارات ج سوم ص۵۹۷)

''سوجس خدا کے حکم کے مطابق نبی ہوں اور اگر میں اس سے انکار کروں تو گنہگار ہوں گا۔'' (مجموعہ اشتہارات ج سوم ص۵۹۷)

''اور جس حالت میں خدا میرا نام نبی رکھتا ہے، تو میں کیونکر انکار کر سکتا ہوں۔'' (مجموعہ اشتہارات ج سوم ص۵۹۷)

''میں اس پر قائم ہوں اس وقت تک کہ دنیا سے گزر جاؤں۔'' (مجموعہ اشتہارات ج سوم ص۵۹۷)

''میں نبی ہوں اور امتی بھی ہوں۔'' (مجموعہ اشتہارات ج سوم ص۵۹۸)

''مرزاصاحب نے آخر وقت بھی ہماری ہی تائید کی نہ مختار مدعا علیہ کی، اسے نہ پیش فرماتے تو شاید اچھا ہوتا:

صداقت چھپ نہیں سکتی ہے آخر کھل ہی جاتی ہے　　زلیخا نے کیا پاک دامن ماہ کنعاں کا

یہ کہنا کہ میں ایک ایسا نبی ہوں، ویسا نہیں، بے سود ہے۔ کیونکہ قرآن واحادیث وکتب عقائد کے دلائل قاطعہ سے ثابت ہو چکا کہ ہر قسم کا دعویٰ نبوت ظلی ہو یا بروزی مستقل ہو یا تابع شریعت ہو یا نہ حضور ﷺ کے بعد اعظم ترین کفریات سے ہے۔ علاوہ بریں کہ مرزاصاحب کا یہ فرمانا کہ میری نبوت کا معنی کثرت مکالمہ وغیرہ ہیں۔ یہ بھی وہی مغالطہ دہی ہے۔ جب کہ خود ہی فرما چکے ہیں کہ سوا صاحب شریعت نبی کے اور کسی ملہم وغیرہ کے انکار سے کفر لازم نہیں آتا نہ صاحب شریعت نبی کے شریعت کے علاوہ کسی کا منکر کافر ہوتا ہے۔ اس کے بعد اپنے منکرین کو محض انکار کی بناء پر کھلے بندھن کافر بھی بنا گئے۔ گویا کہ اپنے ہی اقرار سے مرزاصاحب شرعی نبی بن گئے:

مدعی لاکھ پر بھاری ہے شہادت تیری

(ابوالوفاء)

یہ بار بار کہنا کہ میں قرآن کے خلاف نہیں، اسلام کے خلاف نہیں، میری گردن اسی جوئے کے نیچے ہے۔ باوجودیکہ وہ جواء کب کا اتار پھینکا تمام دین کو برباد کر دیا۔ اللہ ورسول ﷺ سے علم بغاوت بلند کر چکے۔ نہ صرف لغو بلکہ مضحکہ خیز ہے۔

اس ہیڈنگ کے لاجواب پوائنٹ۔

ابتداء حصہ کے تینوں نمبر جس کا ہیڈنگ تفریق اسلام مدعیہ ومدعا علیہ جس میں تفصیل سے یہ بتایا گیا کہ مدعیہ یقیناً مسلمان ہے اور مدعا علیہ کے کفر میں شک نہیں۔ ملاحظہ ہوں الفاظ نوٹس بحث مختار مدعیہ۔

## اسلام کا سنگ بنیاد

لا الہ الا اللہ. محمد رسول اللہ

لا الــه الا الله مــحــمــد رسـول الله پر مرزائیوں کا ایمان نہیں لا الــه الا الله اس سلسلہ میں مختار مدعا علیہ نے جس تحیّر کا اظہار کیا ہے اور ان عیوب پر جن لغو طرق سے پردہ ڈالنے کی لغو کوشش کی ہے، اس کو بے نقاب کرنے سے قبل یہ عرض کروں کہ میرا یہ دعویٰ کہ مرزا صاحب اور کسی مرزائی کا جب تک وہ مرزا صاحب کو مسلمان سمجھے نہ لا الـــــه الا الله اصل اصول ایمان پر ایمان ہے نہ کبھی ہوسکتا ہے۔ بدستور اٹل قائم ہے۔ شائع ہونے پر کوئی ان سے حسن ظن رکھنے والا آنکھیں بند کر کے ان کی ساری مغالطہ آمیز رکیک تاویلات خدانخواستہ عقل ودانش کا خون کرتے ہوئے صحیح ودرست بھی تسلیم کرے، پھر بھی تمام بنیادی حوالے جن پر اس دعویٰ کا مدار ہے، ایسے لاجواب ہیں کہ ان کا جواب بھی مختار مدعا علیہ نے دیدہ دانستہ نام تک نہ لیا۔ اس ہیڈنگ کے آخر میں ملاحظہ فرمائیں جو کہ عدالت عالیہ کی نظر عالی میں پوشیدہ نہیں۔

## (۱)

## تاویلات رکیکہ کی حقیقت

رایتنی فی المنام عین اللہ وتیقنت اننی ھو　　(آئینہ کمالات اسلام ص۵۶۴، خزائن ج۵ ص۵۶۴)

تمام نمبر چھوڑ کر لا الـــــه الا الله کے ہیڈنگ کے تحت کے بارہویں نمبر کا جو کفریہ بعنوان ادّعاء عینیت باری تعالیٰ عقیدہ نقل کیا گیا ہے۔ سب سے پہلے اس کے واسطے ایک طول طویل عبارت سپرد قلم فرمائی ہے جس کا خلاصہ سات امور ہیں۔

۱...... مرزا صاحب نے اس سے یہ کبھی نہیں سمجھا کہ آپ خدا بن گئے؟

۲...... نہ کبھی آپ نے خدائی کا دعویٰ کیا۔

۳...... ان کا عقیدہ نہیں بلکہ رؤیا ہے۔

۴...... اس میں ہے کہ خواب ہی میں، میں نے یقین کیا کہ خدا ہوں۔

۵...... اس سے خدا کا اظہار مقصود نہیں، بلکہ کشف کا اظہار ہے۔

۶...... جو خواب میں دیکھا جائے اسے حقیقت پر محمول کرنا ضروری نہیں۔

۷...... تقریباً آٹھ حوالے قطع وبرید کر کے احادیث وصوفیاء کرام کے بے محل اور بے جوڑ بطور نظیر نقل کئے ہیں۔

## نمبروار مفصل جواب عرض ہے

جواب:

۱...... ’’مرزا صاحب نے اس سے یہ کبھی نہ سمجھا کہ آپ خدا بن گئے ہیں۔‘‘ اور کیسے سمجھتے تیقنت اننی ھو خود فرما رہے ہیں کہ میں نے یقین کرلیا ہے کہ میں ہو بہو خدا ہوں۔ (بطور جملہ معترضہ)

۲...... ’’اور نہ کبھی آپ نے خدائی کا دعویٰ کیا۔‘‘

جواب آخر تک اسی ذہن میں رہے۔ مختار مدعا علیہ کو تقلید میں نظر آئے تو اس کا ذمہ دار کون ہے۔ ’’آئینہ کمالات‘‘ جو فروری ۱۸۹۳ء کی تصنیف ہے اس کے بعد ’’لیکچر سیالکوٹ‘‘ جو ۱۹۰۴ء (ص۳۴، خزائن ج۲۰ ص۲۲۹) کا ہے۔ ہندوؤں کے لئے خدا کا اوتار بن رہے ہیں۔ اس آئینہ کمالات کے بعد کی (کتاب البریہ ص۷۶، خزائن ج۱۳ ص۱۰۲) میں الہام موجود ہے...... خدا تیرے اندر اتر آیا۔ خطبہ الہامیہ میں بھی اپنی خدائی پر قائم (ص۲۳، خزائن ج۱۶ ص۵۶) اور حقیقت الوحی کی تصنیف تک جو ۱۵؍مئی ۱۹۰۷ء ایک سال قبل وفات ہے مالک ’’کن فیکون‘‘ بنے بیٹھے ہیں۔ (ص۱۰۵، خزائن ج۲۲ ص۱۰۸) تفصیل کے واسطے میری بحث جہاں کفریات کا شمار کرایا ہے، ملاحظہ ہو۔ جب ہی تو وہ (تریاق القلوب ص س، خزائن ج۱۵ ص۴۹۷) پر نئے خدائی زمین نئے آسمان ماننے کی دعوت دے رہے ہیں وہ اسی کشف کی تفصیل ہے۔ کیونکہ (آئینہ کمالات اسلام ص۵۶۵، خزائن ج۵ ص۵۶۵) میں خود خدا بن کر ایک جدید نظام نیا آسمان نئی زمین تیار کی ہے۔ پھر (تریاق القلوب ۱۸۹۹ء ص س، خزائن ج۱۵ ص۴۹۷) پر فرماتے ہیں: ’’نئی زندگی ہرگز حاصل نہیں ہوسکتی جب تک ایک نیا یقین پیدا نہ ہو اور کبھی نیا یقین پیدا نہیں ہوسکتا جب تک موسیٰ اور مسیح اور ابراہیم اور یعقوب اور محمد ﷺ کی طرح نئے معجزات نہ دکھائے جائیں۔ نئی زندگی انہی کو ملتی ہے جن کا خدا نیا ہو، یقین نیا ہو، نشان نئے ہوں۔‘‘

اگر مرزاصاحب اوران کے یہ زمین آسمان مراد نہ ہوں تو جدید نہ ہوں گے۔ ہمارا خدا قدیم وازلی زمین وآسمان پر ہے۔ اب تو مرزاصاحب کی خود شہادت ہے۔ اب تو انکار نہ ہوگا۔

جادو وہ جو سر پر چڑھ کے بولے　کیا لطف جو غیر پردہ کھولے

۳...... ’’ان کا عقیدہ نہیں بلکہ رؤیا ہے۔‘‘

جواب یہ مختار مدعا علیہ کا اختراع ہے وہ خود تو ترجمہ رؤیا نہیں فرماتے، بلکہ فرماتے ہیں: ’’اور میں نے اپنے ایک کشف میں دیکھا۔‘‘ (کتاب البریہ ص۷۸، خزائن ج۱۳ ص۱۰۳)

نیز لفظ: ’’تیقنت اننی ھو‘‘ کہ میں نے یقین کر لیا کہ میں خدا ہی ہوں...... سے کھلے لفظوں میں اپنی رائے اور عقیدہ کا اظہار کر دیا ہے۔ پھر اور عقیدہ کس چیز کا نام ہے۔ نیز اپنے کشوف اور الہامات کے متعلق جن کا نام وحی رکھتے ہیں، فرماتے ہیں کہ مجھے ان پر ایسا ہی ایمان ہے جیسا کہ قرآن پاک اور تورات وانجیل پر...... الخ!

۴...... ’’اس میں ہے کہ خواب ہی میں میں نے یقین کیا کہ خدا ہوں۔‘‘

جواب محض غلط ہے کوئی لفظ ایسا نہیں جس کا ترجمہ ہو کہ خواب ہی میں میں نے یقین کیا ایسا ہوتا تو لفظ فیہ کا اضافہ کرتے۔

۵...... ’’اس سے خدائی کا اظہار مقصود نہیں بلکہ کشف کا اظہار ہے۔‘‘

جواب یہ شاید مختار مدعا علیہ کو کشف سے معلوم ہوا ہوگا۔ ورنہ وہ تو فرمار رہے ہیں کہ میں یقین کئے ہوئے ہوں کہ خود خدا ہوں ’’تیقنت اننی ھو‘‘ الفاظ کا زور اور ٹھاٹھ تو ملاحظہ فرمائیں۔

۶...... ’’جو خواب میں دیکھا جائے اسے حقیقت پر محمول کیا جانا ضروری نہیں۔‘‘

جواب مگر ممکن تو ہے اور جب وہ خود اسے حقیقت سمجھ رہے ہیں کہ میں نے یقین کر لیا ہے کہ خود خدا ہوں پھر کوئی کیا کرے۔ وہ تو خود اپنے ناطق فیصلہ سے تمام تاویلات کا بیڑا غرق کر گئے۔ ہاں! اگر دوسرے کفریات اس کے مؤید نہ ہوتے تو ممکن تھا کہ ہم بھی ان تاویلات کو بادل ناخواستہ منظور کرتے یا کوئی اور محمل تلاش کرتے مگر کفر آشکارا ہونے کے بعد تاویل کا امکان ہی نہ رہا۔

۷...... (نظائر پیش کردہ کی اصل تصویر)

نوٹ: یہ تقریباً تمام وہ حوالے ہیں جو مسل پر نہیں آئے اور باوجود اکثر ثبوت طلب اور قابل جرح ہونے کے شہادت میں بچا کر خلاف قانون نظائر کی آڑ لے کر پیش کئے گئے ہیں۔ حالانکہ نظیر وہ ہوسکتی ہے کہ فریقین نیز عدالت کو اس کا قابل اعتبار ہونا مسلم ہو۔ ہاں! اس کے منطبق وغیر منطبق ناطق وصامت ہونے میں کوئی کلام کیا جاسکے۔

آڑ جو بھی بنائی جائے دراصل یہ ایک جدید شہادت ہے۔ مگر جب کہ یہ ریکارڈ میں ہے (گو عدالت اس کی پابند نہیں نہ عدالت کے لائق التفات ایسی غیر ذمہ دار چیزیں ہوسکتی ہیں) تو اس کا جواب بھی تبرعاً پیش ہے۔

۱...... حضرت یوسف علیہ السلام کا خواب میں گیارہ ستارے اور چاند وسورج کو اپنا سجدہ کرتے دیکھنا...... الخ! نتیجہ یہ نکالا (تو کیا درحقیقت خدائی کا دعویٰ کر دیا) اور اس میں یہ مقدمہ لگا دیا کہ سورج وچاند صرف خدا ہی کو سجدہ کرتے ہیں۔'' سبحان اللہ! اتنی دور خواب تک پہنچے اور فرشتوں نے آدم علیہ السلام کو سجدہ کیا تھا اور فرشتے خدا کے سواء کسی اور کو سجدہ نہیں کر سکتے۔ لہٰذا (عیاذاً باللہ) آپ کے نزدیک وہ خدا ہوجائیں گے۔

نیز بعد کے واقعہ کو کیوں نہ لیا کہ ان کے گیارہ بھائیوں اور ماں باپ نے سجدہ کیا۔ یہ خواب اس واقعہ سے بالکل بے ربط وغیر متعلق ہے۔ نہ اس میں انہوں نے اپنے آپ کو خدا دیکھا، نہ خدائی کا یقین کیا، نہ زمین وآسمان تیار کئے، نہ آسمان دنیا پر ستارے چمکائے۔ ہاں! چاند، سورج، ستاروں کو اپنے سامنے جھکتا اور اپنے آپ کو ان کا قبلہ ضرور دیکھا۔ چنانچہ اس کے بعد ان کے یازدہ بھائیوں اور ہردو والدین نے اللہ کے حکم سے انہیں قبلہ بنا کر خدا کا سجدہ شکر ادا کیا۔ جیسے ملائکہ نے حضرت آدم علیہ السلام کی وساطت سے اشیاء غیر معلومہ کا علم حاصل کر کے خدا کے حکم سے حضرت آدم علیہ السلام کو قبلہ بنا کر خدا کا سجدہ شکر ادا کیا تھا۔

کیا کوئی کہہ سکتا ہے کہ ملائکہ یا سیدنا حضرت یعقوب علیہ السلام اور ان کے صاحبزادہ عیاذاً باللہ غیر اللہ کو سجدہ کر کے مشرک ہوگئے۔ حالانکہ یہ متفقہ عقیدہ ہے کہ غیر اللہ کو سجدہ کرنا حرام وشرک ہے۔ سجدہ صرف خالق کو ہوسکتا ہے۔ جیسا کہ قرآن واحادیث میں مصرح ہے۔

یہ ایسا ہی ہے کہ کعبہ کو کوئی سجدہ کی وجہ سے مسجود سمجھے۔ حالانکہ کعبہ کی طرف خدا کو سجدہ ہوتا ہے۔ رہی یہ بات کہ پھر اور کسی کی طرف کیوں سجدہ نہیں کرتے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ قبلہ کی نامزدگی اپنی رائے پر نہیں بلکہ خدا کے انتخاب پر ہے۔

یہ مذکورہ بالا تفسیر اپنی رائے سے نہیں بلکہ اکابرین صحابہ وتابعین وعلماء راسخین سے ماخوذ ہے۔

۲...... حضور ﷺ کے کنگن پہننے کا خواب آپ ﷺ نے اسے اسی وقت برا سمجھا اور پھوک کر اڑا دیا۔ ملاحظہ ہو اصل حدیث:

بخلاف مرزاصاحب کے کہ اس پر ڈٹے رہے اور ''تیقنت اننی ھو'' سے اپنی خدائی کے یقین ہونے کا نقارہ بجاتے رہے۔

مختار مدعا علیہ اور مرزائیوں کے اپنے جذبات کے لحاظ سے بلکہ ہم غلامان سرور کائنات ﷺ کا لحاظ کرتے ہوئے شرم چاہئے تھا کہ مرزا صاحب کا مقابلہ اور ان کی مثال سید الاوّلین والآخرین کو پیش جذبات کرے جن کی نظیر نہ مخلوقات عالم میں ہوئی نہ ہوسکے نہ قدرت نے ویسا بنایا نہ بنائے، خدا اپنی خدائی میں یکتا وبے مثل اور حضور ﷺ محبوب خدائی میں بے مثل وبے نظیر۔ کہاں مرزاصاحب اور کہاں محبوب رب العالمین ﷺ۔

چراغ مردہ کجا نور آفتاب کجا　　بہ بین تفاوت رہ از کجا است تا بکجا

اس سے یقیناً مسلمانوں کے جذبات سخت مجروح ہوئے ہیں۔　　(ابوالوفاء)

۳...... حوالہ ارشاد رحمانی۔

۱...... جدید ثبوت طلب غیر مسلم حوالہ ہے۔

۲...... حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب کے حالات زندگی بعد میں مرتب کی گئی۔

۳...... آپ کو معلوم نہیں ان کے مریدوں سے پوچھئے کہ اس کتاب کے متعلق ان کی کیا رائے ہے۔

۴...... مولانا محمد علی صاحب کو دیوبندیوں کا مسلم مقتداء ہونا جو تحریر فرمایا اس کا کیا ثبوت، ابھی انہیں انتقال ہوئے کے دن ہوئے۔ وہ تو دیوبندی بھی نہیں۔ جرح میں بلا کسی گواہ یا فریق سے منوائے مسلم کر کے کسی کو عدالت میں پیش کرنا خلاف قانون ہے۔

## تبرعاً جواب

یہ استدلال صوفیاء کی اصطلاح سے ناواقفیت پر مبنی نہیں۔ صوفیاء کے وہاں جب لفظ مادر کا بولتے ہیں اس سے خاک مراد لیتے ہیں اور جب پدر کا لفظ بولتے ہیں تو اس سے روح۔ کیونکہ خاک سفلی ہے اور روح علوی۔ جفت ہونے سے مراد اپنی آپ کو خاک میں مٹانا تاکہ پوشیدہ جوہر نمودار ہو جائیں جس طرح فرمایا گیا ہے:

در بہاراں کے شود سر سبز سنگ　　خاک شو تا گل بروید رنگ رنگ

دانہ جب خاک میں ملے تو شگوفہ نکلے

یہ محل تفصیل نہیں ورنہ عرض کرتا۔ تفصیل کے لئے ملاحظہ ہوں کتب صوفیائے کرام و اصطلاحات التصوف التعرف وغیرہ۔ یہاں کے لائق مختار مدعا علیہ کی پیش کردہ ارشاد رحمانی کے حوالے کا ایک فقرہ جو اسی جگہ وہ غلطی سے نقل کر لیا گیا۔ ورنہ عادت تو قطع و برید کی پیش کرتا ہوں۔

صوفیاء نے لکھا ہے کہ: تا از مادر خود جفت نشود و برادر خود نکشد کامل نشود...... الخ!

اس قسم کی صوفیہ کے ہاں سینکڑوں اصطلاحات ہیں۔ مثلاً: درزی، خمر، یا دحا، صنم، بتکدہ، میخانہ، قتل حیس وغیرہ۔ باقی اس سے بھی مرزا صاحب کا جواب جس میں اپنی خدائی کا یقین کئے بیٹھے ہیں، حل نہ ہوا۔ یہ صوفیہ کی مثالیں آپ فضول لے رہے ہیں۔ مرزا صاحب تو اس کے ساتھ فرماتے ہیں: ’’ہماری مراد اس واقعہ سے یہ نہیں جیسا کہ وحدۃ الوجود کی کتب (یعنی تصوف) میں لی جاتی ہے...... الخ!

(آئینہ کمالات ص ۵۵۶، خزائن ج ۵ ص ۵۵۶)

انہوں نے تصوف کی تمام مثالیں غیر متعلق قرار دیں اور آپ پیش فرما رہے ہیں: ’’توجیہ القول بما لا یرضیٰ بہ قائلہ‘‘

۴...... ’’رأیت ربی فی صورت شاب امرد...... الخ!‘‘ (یواقیت ج ۲ ص ۱۶۳)

اس کو علامہ ابن جوزی جیسے جلیل القدر محدثین اور امام جرح و تعدیل موضوع یا ضعیف بتاتے ہیں۔ جس سے عقائد میں اسناد درست نہیں۔ باوجود اس کے یہ کبھی نہ دیکھا کہ خود خدا ہوں اور یہ کبھی نہ فرمایا کہ میں نے اپنے خدا ہونے کا یقین کر لیا۔ باقی پھر اس کا مطلب کیا ہے تو جہاں سے یہ حدیث نقل کی ہے، وہیں یواقیت والجواہر میں لکھا ہے۔ ملاحظہ فرمالیں۔ تمام غیر متعلق امور یہاں مفصل ذکر نہیں ہو سکتے۔

۵...... حضرت اقدس عبدالکریم جیلی قدس سرہ العزیز کی انسان کامل کا حوالہ۔

چونکہ مقربان بارگاہ الٰہی بھی اللہ تعالیٰ اور اس کے محبوب ﷺ کے ناموس اور ان کی عظمت وجلال کے صحیح معنی میں محافظ ہوتے ہیں۔ اس لئے اللہ و رسول ﷺ کے باغیوں کو ان کے دامن میں بھی پناہ نہیں مل سکتی۔ اس حوالہ میں ترجمہ بھی غلط کیا۔ ترجمہ میں درمیان سے ایک سطر مغالطہ دینے کے واسطے حذف کر دی۔ پیچھے سے بھی قطع و برید کیا۔ پھر بھی یہ ان کی کرامت ہے کہ کچھ پلے نہ پڑا۔

آخری نتیجہ یہ نکالا ہے کہ یہ کشف مرزا صاحب کے اس کشف سے (یعنی کشف میں دیکھا کہ میں خدا ہوں اور یقین کر چکا ہوں کہ میں وہی خدا ہوں) جس پر مختار مدعیہ نے یہ اعتراض کیا ہے، بالکل ہی مطابق ہے۔ میں عدالت کی توجہ عالیہ خصوصیت سے اس کی طرف مبذول کراتا ہوں کہ مرزا صاحب کا یہ کشف اور عبدالکریم جیلی کی عبارت کا ترجمہ وہی سہی جو مختار مدعا علیہ نے پیش کیا ہے۔ مقابلہ فرمالیں اور پھر ''بالکل ہی مطابق ہے۔'' جیسے مغالطہ کی داد یں مرزا صاحب نے خدا ہونا دیکھا اور یقین بھی کر چکے۔ زمین وآسمان بھی خود بنائے اور ''ولقد زینا السمآء الدنیا بمصابیح'' کا نعرہ مستانہ بھی لگایا۔ وغیرہ وغیرہ!

اور بخلاف اس کے یہاں اس بزرگ کا عجز وانکسار ملاحظہ ہو۔ خصوصی فقرات از ترجمہ مختار مدعا علیہ۔

۱...... جب مجھ پر یہ تجلی ہوئی تو میں نے گھنٹی کی آواز سنی۔

۲...... میں ایک بلند درخت میں لٹکے ہوئے چیتھڑے کی طرح ہو گیا۔

۳...... میں ظاہر میں سوائے چمکوں اور گرجوں کے اور کوئی چیز نہ دیکھتا تھا۔

۴...... اور بادل انوار برسا رہا تھا اور سمندر آگ میں موجیں مار رہا تھا۔

۵...... اور آسمان وزمین ایک دوسرے میں داخل ہو کر مل گئے۔

۶...... اور میں سخت اندھیروں میں ہو گیا۔

۷...... یہاں تک کہ حضرت عزت وجلال کے خیمے مجھ پر لگائے گئے۔

اس جگہ درمیان سے ایک شعر کا ترجمہ جس سے پردہ فاش ہوتا تھا اڑا کے لکھا۔

۸...... پس اس وقت اشیاء صاف ہوئیں اور بادل جودھواں سا تھا صاف ہو گیا۔

۹...... آواز دی گئی کہ اے آسمان زمین...... الخ!

ملاحظہ ہو: اس میں کسی جگہ خدا ہونا اور یقین کیا دیکھنا یا خدائی کا دعویٰ کیا یا خود زمین وآسمان پیدا کئے۔ یہاں تو اپنے آپ کو چیتھڑے کی طرح فرما رہے ہیں اور بجائے قول مرزا صاحب ''میں نے زمین وآسمان پیدا کئے۔'' یہ بیچارے فرما رہے ہیں: ''پس اس وقت اشیاء پیدا ہوئیں اور بادل جودھواں تھا صاف ہو گیا۔'' آواز دی گئی اے آسمان اور زمین۔

اس جماعت کی خذلان کا راز یہی ہے کہ بزرگان دین اور پاکان خدا پر زبان درازی اور بہتان طرازی سے باز نہیں آتی:

چوں خدا خواہد کہ پردہ کس درد　　میلش اندر طعنۂ پاکاں کند

## ترجمہ کی ایک فاش غلطی

اصل الفاظ: ''فلم تزل القدرة تخترع لی ماهو الاقوی فالاقوی وتخترق لی ماهوی لاهوی فالاهوی''

ترجمہ مرزائیاں: ''پس قدرت میرے لئے اقوی سے اقوی چیز بناتی اور محبوب سے محبوب چیزوں کو بیان کرتی۔''

صحیح ترجمہ: پس قدرت قوی سے قوی انوکھے معاملات مجھ سے کرتی گئی اور میری خاطر محبوب سے محبوب پردے اٹھاتی گئی۔

دونوں کا فرق ملاحظہ ہو۔

کیونکہ باری تعالیٰ نے باوجود کمال ظاہر ہونے سے ہزاروں جلال وجمال کے انوار وتجلیات کے اپنے پر پردے ڈال رکھے ہیں:

بے حجابی یہ کہ ہر ذرہ میں جلوہ آشکار　　اس پہ گھونگھٹ یہ کہ صورت آج تک دیکھی نہیں

## دوسرا غلط ترجمہ

اصل عبارت:’’الی ان اضرب الجلال علی سرادق المتعال‘‘

ترجمہ مدعا علیہ:’’یہاں تک کہ حضرت عزت جلال کے خیمے مجھ پر لگائے گئے۔‘‘

صحیح ترجمہ:’’یہاں تک کہ اللہ کے جلال نے بزرگی کے خیمے مجھ پر نصب کردیئے۔‘‘ کہاں اللہ کے خیمے اورکہاں بزرگی کے خیمے۔اس کے بعد کی عبارت کا ترجمہ دیدہ ودانستہ چھوڑا:’’ففتق فی النظر الاعلی رتق الید الیمنی ‘‘اوپر نظر کرنے سے ایک داہنا ہاتھ نمودار ہوا۔پس اس وقت چیزیں پیدا کی گئیں۔اگر اس فقرہ کا ترجمہ نقل کردیتے تو سارا راز فاش ہوجاتا کہ خالق کا اوپر سے یدقدرت تھا جس کو ید یمنی کہا جاتا ہے۔’’کلتا یدی الرحمن الیمنی ‘‘مختار مدعا علیہ نے اپنی طرح ہر ایک کو صوفیاء کرام کی عبارت سے ناواقف سمجھا ہے۔جب تک صوفیاء کرام کی عظمت کما حقہ دل میں نہ ہو،ان کی عبارت کا مطلب کسی پر منکشف ہی نہیں ہوسکتا۔

مرزا صاحب تو کہہ رہے ہیں کہ ہماری مراد صوفیہ کی کتب والی نہیں اور آپ یہ نظائر پیش کرتے ہیں۔سبحان اللہ!

۶...... اس کے بعد ایک نیا حوالہ سوانح احمدی سے جو سید احمد صاحب بریلوی کی تاریخ ہے اور جسے مولانا اسماعیل صاحب شہید دہلوی کی طرف منسوب کیا جاتا ہے جس میں مندرجہ ذیل خیانتیں کیں۔

۱...... ’’دیوبندیوں کے مقتداء جناب مولانا محمد اسماعیل شہید۔‘‘

جواب: الف...... حالانکہ کسی دیوبندی کے سلسلہ اساتذہ وتلامذہ میں ان کا وجود تک نہیں۔البتہ ان کے والد بزرگوار وغیرہ مثلاً شاہ ولی اللہ صاحب وشاہ عبدالرحیم صاحب وغیرہ ضرور ہیں۔

ب...... جب تک شہادت میں مسلم یا مقتداء ہونا نہ منوالیں تو پھر یوں کہنا قانوناً درست نہیں۔

ج...... معلوم ہے کہ وہ بھی منجملہ علماء کے ایک عالم ہیں قرآن وحدیث آثار صحابہ اقوال ائمہ کے مقابل ان کا قول حجت نہیں۔

۲...... اس مسئلہ کے نقل کرنے میں اوّل وآخیر کی عبارت قطع کردی جس سے اصل مسئلہ پر روشنی پڑتی تھی اور موضوع بحث کا پتہ چلتا ہے۔

۳...... یہ مسئلہ وحدۃ الوجود اور فناء بقاء مسلم مگر ایک غیرذمہ دارانہ تاریخی رسالہ کا حوالہ اس شدومد سے کفر وارتداد اور ایمانیات وعقائد کے سلسلہ میں پیش کردیا۔جس سلسلہ میں مختار مدعا علیہ وگواہان تسلیم کریں،قطعیات کا اعتبار رہا احادیث احاد تک معتبر نہیں۔

۴...... سوانح احمدی کے اثبات کے سلسلہ میں مختار مدعا علیہ کو علماء کی رائے کا پتہ نہیں ورنہ اس کا ذکر نہ کرتا،ملاحظہ ہو:’’التنفید الجدید علی تصانیف الشہید‘‘مصنفہ مولانا حافظ عبدالشکور صاحب مرزاپوری۔

اصل جواب: اور اگر مختار مدعا علیہ کی خاطر یہ حوالہ بالکل قطعی فرض کرلیں تو بھی اس کا مدعا اس سے حل نہیں ہوسکتا۔یہاں پر حضرت مولانا شہید مقام فناء بقاء،مقام محبت اور وحدۃ الوجود کا وہ انتہائی درجہ بیان فرمارہے ہیں کہ جہاں’’سیر الی اللہ متناہی ختم ہوکر سیر فی اللہ‘‘غیرمتناہی ابدالآباد تک کے لئے شروع ہوجاتی ہے اور انسان اس وحدت محبت کے بے کیف دریا ناپیدا کنار میں غوطہ مارنے لگتا ہے اور پھر:’’انا الحق سبحانی ما اعظم شانی لیس فی جبّتی سوی اللہ‘‘وغیرہ کے نعرہ مستانہ لگائے جاتے ہیں اور:

من نمی گویم انا الحق یار می گوید بگو

زبان پر ہوتا ہے۔اس وقت نہ انہیں اپنا ہوش ہوتا ہے نہ دنیا ومافیہا کا،نہ جنت کا شوق نہ دوزخ کا کھٹکا،نہ نماز کا پتہ نہ روزے کی اطلاع۔بس’’انا اللہ الحق‘‘بلکہ آخر میں انا بھی ختم ہوجاتا ہے اور حق ہی حق رہ جاتا ہے:

خود زدی بانگ انا الحق خود سر دار آمدی

اس کی تفصیل کے واسطے ’’التعرف الشهود فی وحدة الوجود ‘‘وغیرہ متقدمین کے رسائل ملاحظہ فرمائیں یہ ذوقی چیزیں ہیں پلیٹ فارموں پر کہنے سننے کی نہیں:

مصلحت نیست کہ از پردہ بروں افتدراز　ورنہ درمحفل رنداں خبرے نیست کہ نیست

یہ ذوقی امور ہیں نہ ان کا کوئی نصاب ہے نہ کسی سعی کا نتیجہ یہ صرف مولیٰ کی دین اوران کے انتخاب کا نتیجہ ہے۔

عشق پر زور نہیں ہے یہ وہ آتش غالب　کہ لگائے نہ لگے اور بجھائے نہ بجھے

آج بھی جن پرنظر ہوجاتی ہے یہی ہوتا ہے کہ انہیں سوائے اس کے اور کچھ نظر ہی نہیں آتا۔

کچھ نہیں دیکھا ہے جب سے تو نظر آیا مجھے　جس طرف دیکھا مقام ہو نظر آیا

یہ عدالت ہے اورعدالتی مسل ہے یاران طریقت اوراہل ذوق کی محفل ہوتی تو مقام فناء وبقاء پر کیف اورطرب انگیز نظارے پیش کئے جاتے یہاں تو یہی کہہ کے پشیمان ہوں کہ کوئی عتاب ہوجائے۔

بھری بزم میں راز کی بات کہہ دی　بڑا بے ادب ہوں سزا چاہتا ہوں

عبارت پیش کردہ سے اس امر کے شواہد کے مقام فناء وبقاء یعنی وحدۃ الوجود اورصوفیاء کرام کے اناالحق وغیرہ کا یہاں فلسفہ بیان ہورہا ہے۔

فقرات ذیل ملاحظہ ہوں:

۱...... ’’خلعت مکالمہ اورسرور حاصل ہوتا ہے۔‘‘

۲...... ’’اوراس کی وحشت انس سے بدل جاتی ہے۔‘‘

۳...... ’’مقام فنا وبقاء کے پردہ اخفاء سے ظاہر ہوجاتے ہیں۔‘‘

۴...... ’’اس وقت دریائے وحدت میں ڈوب کراس کی عجب حالت ہوجاتی ہے۔‘‘

۵...... ’’اورکلمہ ’انا الحق‘‘اور’’لیس فی جبتی سوا اللہ‘‘ کہنے لگتا ہے۔‘‘

اس کے بعداس مسئلہ کوقرآن واحادیث اورفلسفہ سے ثابت کرکے فرماتے ہیں۔

۶...... ’’مگر یہ بات بہت باریک اورمسئلہ نہایت نازک ہے۔اس کے پیچھے پڑنا نہیں چاہئے۔‘‘الخ

مگر یہاں مدعا علیہ کے واسطے یہ کسی طرح مفید نہیں بلکہ محض بے سود ہے۔کیونکہ یہاں وحدت الوجود کا ذکر ہے اورمرزا صاحب اپنے دعویٰ خدائی کے ساتھ اسی کشف میں فرمادیا کہ:’’ہماری مراد اس واقعہ سے یہ نہیں۔جیسا کہ وحدت الوجود کی کتب میں مراد لی جاتی ہے۔‘‘ (آئینہ کمالات اسلام ص۵۶۶،خزائن ج۵ص ۵۶۶)

ایسی غیر متعلق مثالوں سے جسے مرزا صاحب خود تسلیم نہیں کرتے بلاوجہ مختار مدعا علیہ نے اپنا اورعدالت کا وقت رائیگاں کرکے مقدمہ کوطول دیا تاکہ دنیا کے سامنے یہ کہہ سکے اتنے صفحات کی بحث پیش کی ہے۔

۷...... اسی مذکورہ بالا اصول پر تذکرۃ الاولیاء سے جوحوالہ وحدت الوجود کے سلسلہ کا نقل کیا ہے ہرگز چسپاں نہیں۔ملاحظہ ہو: جوشخص حق میں محو ہوجاتا ہے وہ حقیقت میں سرتاپا حق ہی ہوجاتا ہے اوراگروہ آدمی خود نہ رہے اورسب حق ہی دیکھے تو یہ عجب نہیں ہوتا۔

نوٹ: یہاں یہ عبارت کاٹ کرلی تاکہ اصل مسئلہ منکشف نہ ہو۔نیز اس کتاب کی نسبت حضرت سید الطائفہ شیخ فریدالدین عطار کی طرف

تو ضرور ہے مگر صوفیاء کرام کے نزدیک اس میں دشمنان صوفیہ نے کمی زیادتی بھی کر ڈالی ہے اور بلاکسی خارجی شہادت کے بکلّیہ قابل اعتماد نہ رہی۔ اسی لئے تو مدعاعلیہ کی طرف سے شہادت میں پیش نہ کی گئی۔

۸...... خزائن الاسرار کا نیا حوالہ جس میں ہے کہ آنحضرت ﷺ عین اللہ تھے......الخ!

یہ ایک فصوص الحکم کی نہایت غیر معتبر شرح ہے جس سے یہ حوالہ نقل کیا گیا ہے۔ اس کے غیر مسلم ہونے کا اس سے بڑھ کر کیا ثبوت ہوگا کہ قرآن پاک حضور ﷺ کو عبداللہ اور رسول بتائے۔ حضور ﷺ آخر وقت تک نزع کے عالم میں تمام صحابہ ؓ کو وصیت فرمائی کہ دیکھو مجھے حد سے نہ بڑھانا، اللہ یا اس کا بیٹا نہ سمجھنا۔ ’’انما انا عبدہ ورسولہ‘‘ اذان ونماز میں رسول اللہ اور عبدہ ورسولہ لازم کیا جائے اور حضور ﷺ کو باوجود سلامتی ہوش وحواس عین اللہ بتائیں اور ناسمجھی سے اسے قرآن سے ثابت کریں اور مسلم ماننے پر یہ وہی وحدت الوجود ہے جو مرزاصاحب کو مسلم نہیں۔ کیونکہ محی الدین ابن عربی فرقہ وجودیہ کے موجد ہیں اور تمام ان کے شراح وحدۃ الوجودی ہیں۔ اس کے بعد حکمت اس خواب کی مدعاعلیہ کی طرف سے پیش کی گئی ہے کہ اس مقدمہ میں جو اسلام وکفر کا مسئلہ درپیش ہے۔ صرف اس کا جواب دینے کے لئے یہ رؤیا تھا تاکہ معلوم ہو جائے کہ مرزاصاحب صراط مستقیم پر ہیں اور علامہ عبدالغنی نابلسی کی کتاب (تعطیر الانام ج۱ ص۱) سے ایک تعبیر نقل کی ہے: ’’من رای کانہ صار الحق سبحانہ وتعالیٰ اھتدی الی صراط مستقیم‘‘

جواب یہ ہے کہ:

۱...... اوّلاً یہ ایک کشف ہے محض خواب نہیں۔ مرزاصاحب خود فرماتے ہیں: ’’میں نے ایک کشف میں دیکھا کہ......الخ!

(کتاب البریہ ص۷۸، خزائن ج۱۳ ص۱۰۳)

اور یہ کشف کا تعبیر نامہ نہیں بلکہ خواب کا ہے۔

۲...... کشف کی تعبیر صوفیاء کرام دیا کرتے ہیں۔ چنانچہ وہ اسے محض شیطانی خواب اور گمراہی بتاتے ہیں، جس پر یقین کرنے سے ان کے نزدیک کفر سے بھی بدتر ہوگا۔ ملاحظہ ہو آپ کی مسلم کتاب یواقیت اور مسلم بزرگ علامہ عبدالوہاب شعرانی کی (یواقیت ج۱۰ ص۱۲۰) ’’اعلم ان...... الی...... اطال ذلک‘‘ جس کا خلاصہ یہ کہ رویت باری تعالیٰ خواب میں بھی دنیا کے اندر سوائے سیدالمرسلین ﷺ اور کسی کو نہیں ہوسکتی۔ کیونکہ خواب میں بھی کسی صورت اور مثال پر ہوگی اور وہ بے مثال وبے نظیر ہے۔ کیونکہ وہ رب العالمین ہے فرماتا ہے: ’’لا تضربوا للہ الامثال لیس کمثلہ شیٔ ولم یکن لہ کفواً احد‘‘ آخری فیصلہ یہ کہ جو خدا کو یوں دیکھے اور خیال کرے کہ وہ الہ ہے: ’’فذالک من ارادۃ الشیطان واغوائہ تضلیلہ وھو مشبہ یعتقدہ کذالک فی الیقظہ‘‘ یعنی یا تو یہ شیطانی وسوسہ اس کے بہکانے اور گمراہ کرنے کے واسطے ہے یا درحقیقت وہ خدا کے جسم وصورت کا معتقد ہے، جسے وہ یوں دیکھ رہا ہے ملاحظہ ہو۔

صوفیاء کرام اسے شیطانی شرکت قرار دیتے ہیں۔

۳...... جس کسی بزرگ کو ایسا کشف ہوا، انہوں نے اسے شیطانی ہی قرار دیا ملاحظہ ہو۔ گواہ مدعیہ کے مسلم حضرت علامہ امام عبدالوہاب شعرانی (یواقیت ج۱ ص۱۲۸ مبحث ۲۲) ’’قال الشیخ عبدالقادر...... الی...... انتھی‘‘ خلاصہ یہ کہ سیدالطائفہ حضرت شاہ عبدالقادر جیلانی قدس سرہ العزیز فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ میں نے عظیم الشان نور دیکھا جس نے آسمان کے کنارے بھر دیئے ہیں۔ اس سے ایک صورت نمودار ہوئی اور مجھے پکارا۔ اے عبدالقادر ’’انا ربک‘‘ فرماتے ہیں: میں نے کہا۔ ذلیل ہو اے لعین۔ پس وہ عظیم الشان نور یکدم اندھیرا بن گیا اور وہ صورت دھواں بن کر وہ لعین مجھ سے کہنے لگا کہ عبدالقادر چونکہ آپ کو اپنے رب کے احکام اور اپنے مرتبے کی سمجھ تھی۔ اس لئے بچ نکلے۔ میں نے اس قسم کے واقعہ سے ستر سے زائد اہل طریق صوفیاء کرام کو گمراہ کر کے چھوڑا......الخ!

حضور ﷺ ایسے بے سرتاپا امور کو شیطانی وسوسہ قرار دیتے ہیں نہ کہ قابل تعبیر خواب۔ مشکوٰۃ، کتاب الرؤیا، حدیث، خواب قابل تعبیر کب ہے اور کب وسوسہ ہے۔ ملخص! قرآن پاک میں بھی اس قسم کے خوابوں کا لقب اضغاث احلام پراگندہ غیرقابل تعبیر خواب ہے۔

نوٹ: یہ بھی واضح رہے کہ عبدالغنی نابلسی کوئی فن تعبیر کے امام نہیں۔ ابن سیرین جو اس فن کے امام ہیں جنہوں نے یہ علم صدیق اکبرؓ سے اور انہوں نے سیدالمرسلین ﷺ سے حاصل کیا۔ ان کی کتاب التعبیر کا دیباچہ ملاحظہ ہو اور یہ اس قسم کے خواب سب شیطانی وسوسہ ہیں۔ جن پر یقین نہ کرنا چاہئے نہ کسی سے بیان کرنا۔

نیز (دافع البلاء، الوصیت، کشتی نوح) وغیرہ سے عقیدہ توحید نقل کرنا بالکل بے سود ہے۔ اس کے بعد اور اس کے ساتھ اور اس سے قبل تمام مشرکانہ عقائد واحوال موجود ہیں جن میں سے ایک سے بھی رجوع منقول نہیں۔ البتہ اس امر (یعنی اس کا یقین کہ میں خدا ہوں) سے تو یہ صاف لفظوں میں غیرمشتبہ طور پر پیش کردو، ہم یہ کفر واپس لے لیں گے۔ ہمیں ان سے کوئی ذاتی نزاع ہے نہیں۔ صرف باری تعالیٰ، اس کے حبیب پاک ﷺ، اولوالعزم انبیاء کرام علیہم السلام، صحابہ واہل بیت عظامؓ اور خاصان خدا، نیز مذہب اسلام کی توہین ودشمنی کا باعث ہے۔ جب تک اس سے توبہ نہ کرلیں، مرتد اور اسلام سے خارج ہیں۔

## (۲)

## جواب خالق ارض والسمٰوات کا دعویٰ

اس جواب میں بھی حسب عادت عدالت کو مغالطہ کی ناکام سعی کی گئی ہے اور گو اس سے سابق پر مفصل جواب عرض کر چکا ہوں اس کے جواب کی ضرورت نہیں۔ مگر چونکہ اس پر نمبر۲ کا ہیڈنگ قائم کر کے مختار مدعاعلیہ نے ایک لمبی بحث کی ہے جس سے یہ چاہتا ہے کہ پہلی بحث ذہن سے نکل جائے۔ اس لئے مختصراً جواب عرض ہے کہ وجہ تکفیر صرف خالق ارض والسماء کو علیحدہ کر کے اگر گواہ مدعیہ نمبر۳ قرار دیتا تو شاید یہ لایعنی تقریر کچھ باربط تو ضرور ہو جاتی۔ یہاں تو دعویٰ خدائی کے مضبوط کرنے کے لئے ایک قرینہ بنایا ہے۔ یعنی دعویٰ خدائی اور اس پر یقین کر کے خلق ارض وسماء کا دعویٰ اس خدائی دعویٰ کو اور پکا کر کے ایسا کفر ثابت کرتا ہے کہ جس کا جواب ہی ناممکن ہے اس کی تائید میں مختار مدعاعلیہ ہی کی ہی پیش کردہ عبارت ملاحظہ ہو: ’’اگر کوئی شخص خدائی کا دعویٰ اور اپنے آپ کو خالق جانے وہ اسلام سے مرتد ہو جاتا ہے۔ ملاحظہ ہو کہ منشاء اعتراض اور وجہ ارتداد صرف خالق ہونا نہیں، بلکہ خدائی کا دعویٰ اور اپنے کو خالق جاننا۔ مختار مدعاعلیہ محض مغالطہ کے طور پر صرف خالق زمین وآسمان لے اڑا اور دوراز کار عقل میں نہ آنے والی تاویلات کرلیں۔ (ابوالوفاء)

باقی یہ کہنا کہ اس کا ترجمہ خواب ہے۔ جیسا کہ گواہ مدعیہ نمبر۱ نے بھی کیا ہے، محض لغو ہے۔ کیونکہ وہ تو ترجمہ لغوی لکھوایا ہے۔ مگر مراد تو ترجمہ ہوگا جو متکلم مرزاصاحب نے خود کیا وہ فرماتے ہیں کہ میں نے کشف میں دیکھا۔ (کتاب البریہ ص۷۸، خزائن ج۱۳ ص۱۰۳)

نیز ’’وتیقنت اننی ھو‘‘ خارج میں خدا ہونے کا یقین کر بیٹھے۔ اعتراض تو یقین کرنے کے بعد پیدا ہوا ورنہ اگر وہ اس خواب کو اضغاث احلام پراگندہ خواب اور اس کشف کو شیطانی وسوسہ قرار دیتے۔ جیسا کہ حضرت سیدالطائفہ شیخ عبدالقادر جیلانی نے کیا، تو پھر اعتراض بھی نہ تھا۔ آج اگر مختار مدعاعلیہ یا مدعاعلیہ اس کا اقرار کرے کہ یہ شیطانی وسوسہ تھا۔ اس پر اعتراض نہ رہے گا۔ ہمیں کسی کو خواہ مخواہ کافر تو بنانا نہیں۔ مگر جب کہ اسے وحی ربانی اور مثل قرآن کے منزہ اور قابل ایمان سمجھا جاتا ہے تو ہزار تاویل کریں اور مجلدات اس پر لکھ ڈالیں کفر وارتداد ٹل نہیں سکتا:

سچ ہے حکیم کام نہ نکلے بناؤ سے    بیڑا کبھی نہ پار ہو کاغذ کی ناؤ سے

اس کے بعد مختار مدعا علیہ نے اس کا تفصیلی جواب دینے کے واسطے تین نمبر قائم کئے ہیں:

۱...... کیا خواب میں آپ نے موجودہ زمین وآسمان بنانے کا ذکر کیا۔

۲...... اگر نئے آسمان وزمین بنانے کا ذکر ہے تو اس سے کیا مراد ہے۔

۳...... کیا آپ اپنے آپ کو موجودہ زمین وآسمان کا خالق سمجھتے ہیں یا اللہ تعالیٰ کو۔

جوابات: پہلے کا جواب یہ ہے کہ آپ نے اپنے آپ کو عین اللہ عین خدا مان لیا تو نئے آسمان وزمین بنائیں یا وہی مٹا کے پیدا کریں یا ازل میں پہنچ کر ابتداً پیدا کریں۔ ایک ہی جیسا ہے کہ اپنی تصریح کے مطابق اوّلاً عین خدا بنتے ہیں جس پر یقین کامل ہے۔ پھر آسمان وزمین بنائے جاتے ہیں۔ پس اس کی ذات میں بھی شرک کیا اور افعال میں شرک اور نئے آسمان وزمین مانتے ہیں تو شرک دوبالا ہوجاتا ہے۔ کیونکہ اس کا مطلب تو یہ ہوا کہ خدا کے مقابل خود خدا بن گئے اور اس نظام اور زمین وآسمان اور آدم کے مقابل اپنا نیا نظام نئی زمین کا بنا کر کھڑا کیا اور نیا آسمان نئی زمین بنا کے جو خدا نے فرمایا خود بھی بول اٹھے کہ: ’’ولقد زینا السمآء الدنیا بمصابیح (الملک:۵)‘‘ پھر آدم علیہ السلام کو سلالۃ طین سے بنایا۔ بنانے کی قدرت اپنے اندر محسوس کی۔

دوسرے نمبر میں یہ کہنا کہ اس سے مراد یہ ہے اور وہ ہے اور دوسری مرزا کی کتب کا حوالہ سب بے سود ہے۔ کیونکہ انسان کا اصول ہے کہ جب گرفت میں آجاتا ہے تو تاویلیں کرتا پھرتا ہے۔ کفار مکہ بھی بتوں کو خدا سمجھتے ہوئے عبادت کرتے تھے اور جب گرفت میں آجاتے تو کہتے ہیں کہ: ’’ما نعبدھم الا لیقربونا الی اللہ زلفیٰ (الزمر:۳)‘‘ ہم تو صرف انہیں خدا تک رسائی کا ذریعہ بناتے ہیں۔ عیسائی بھی دیکھو تثلیث کی التثلیث فی التوحید وبالعکس تینوں ایک ہیں۔ تین ایک کی تاویل کرتے ہیں اور مطلب بناتے ہیں تو کیا وہ بھی موحد ہوجائیں گے؟ نیز عیسائی رب وابن کی بھی تاویلات کرتے ہیں۔ باقی تو یہاں بنیاد اعتراض اوّلاً دعویٰ خدائی اور اس کا یقین اور پھر زمین وآسمان اور آدم وانسان کو پیدا کرنا وہی الفاظ جو خدائے قدوس نے خلق کے بعد یا اسی وقت استعمال فرمائے استعمال کرنا اور عیاذاً باللہ خدا کے مدمقابل ہوکر اس کا منہ چڑھاتا ہے۔ لہٰذا یہ تاویلیں محض بے کار ہیں۔ جب تک یہ خدائی کے دعویٰ کا کشف جو بنائے اعتراض ہے۔ شیطانی نہ مانا جائے اور اس کی یقین سے مرزا صاحب کا رجوع اور غیر مشتبہ الفاظ میں مرنے سے قبل توبہ نہ دکھائی جائے بات بنانے کے واسطے تاویلیں تو اور کفر وارتداد کو مضبوط کریں گی۔ قرآن پاک پڑھئے: ’’یحلفون باللہ ما قالوا ولقد قالوا کلمۃ الکفر...... الخ! (التوبۃ:۷۴)‘‘

باقی پطرس اور یسعیا کا حوالہ اوّلاً وہ کتابیں محض اور نا قابل اعتبار ہیں۔ نیز قرآن سے منسوخ ہوچکیں ہر سال اس میں ترمیمات ہوتی رہتی ہیں۔ اس کی اصلی ونقلی کیا پتہ۔ ہم پر قرآن وحدیث حجۃ ہے نہ یہ محرف توراۃ وانجیل۔ دوسرے یہ حوالہ بیان محض بے ربط ہے اعتراض تو یہ ہے کہ پہلے دعویٰ خدائی کا اور اس کا یقین ہوا اور پھر زمین آسمان کی بناء صرف زمین وآسمان کا ذکر کافی نہیں اور محرف توراۃ وانجیل تو کیا شیطان لعین کی تاریخ میں بھی دعویٰ خدائی کے بعد اس کا یقین اور زمین آسمان کا خلق نہ دکھا سکیں گے۔

فرعون نے بھی ’’انا ربکم الاعلیٰ‘‘ کہا مگر خلق زمین آسمان چاند وسورج کا دعویٰ نہ کیا اور جب موسیٰ نے اپنے ایک مخالف خدا کا ان صفات سے تعارف کرایا تو لاجواب رہ گیا۔ مگر چودھویں صدی کے مدعی نبوت اور اس کے متبعین پر حیرت ہے کہ اتنی بدیہی البطلان چیز پر جمے ہوئے کمال مضبوطی سے تاویلات رکیکہ کررہے ہیں:

آنکھ جو کچھ دیکھتی ہے لب پہ آسکتا نہیں
محو حیرت ہوں کہ دنیا کیا سے کیا ہو جائے گی

ہاں! اگر مرزا صاحب یہ نہ فرمادیتے کہ میں وحدۃ الوجود اور صوفیاء کرام کی اصطلاح پر نہیں کہہ رہا تو ہم ’’ہمہ اوست‘‘ پر ضرور

نیک نیتی سے محمول کر لیتے۔ مگر انہوں نے تو کفر کے وہ مضبوط ستون قائم کئے ہیں کہ ساری عمر مرزائی کوشش کریں کفر دفع نہیں کر سکتے۔ باقی مثنوی صبح امید سے علامہ شبلی کے یہ اشعار:

بحث مدعاعلیہ: ان کے متعلق یہ ہے کہ یہ وہی قدیمی عادت ہے کہ جب قرآن اور حدیث نیز کسی معقول دلیل سے یا بزرگوں کے قول سے مرزاصاحب کا ثبوت نہیں ہوتا تو انگریزی تعلیم یافتہ اڈیٹران اخبار، شعراء زبان کی آڑ بن جاتی ہے۔

میں عدالت پر یہ بات واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ کشف والہام رؤیاء صالحہ وحی وغیرہ کا ذکر ہے وہ کشف وحی جس کے متعلق یہ کہ:

ہمچو قرآن منزہ اش دانم　از خطاہا ہمیں است ایمانم

(نزول المسیح ص ۹۹، خزائن ج ۱۸ ص ۴۷۷)

یہ کسی شاعر کے شاعرانہ تخیل کی آڑ کافی نہیں۔ نیز علامہ شبلی کے کلام میں نئے آسمان وزمین کی پیدائش کا کوئی تذکرہ نہیں بلکہ اسی قدیمی چرخ کی نئی اداؤں اور سیاروں کی نئی چمک اور فلک کے موسمی بہار نہ بدلنے کو مجازاً نئی صورت زمین وزمان پیش کر رہی ہے۔

آسمان فضاء کے تکدر وصفائی اور تغیرات کو شعراء برابر زمین وآسمان کہا کرتے ہیں۔

نظامی فرماتے ہیں:

زستم ستوران دراں پہن دشت　زمین شش شد و آسمان گشت ہشت

کوکب:

بام پر چڑھ کے ابر کو دیکھا　ایک نیا آسمان نظر آیا

باقی اس کشف کے آخری الفاظ (آئینہ کمالات ص ۵۶۶، خزائن ج ۵ ص ۵۶۶) سے جو الفاظ نقل کر کے اس کی شرح بتانا چاہا ہے وہ محض مغالطہ ہے۔ کیونکہ بنیاد اعتراض ''رأیتنی فی المقام عین اللہ وتیقنت اننی ھو'' (آئینہ کمالات اسلام ص ۵۶۴، خزائن ج ۵ ص ۵۶۴) کہ اوّلاً دعویٰ خدائی اور اس کا یقین تام جب تک اس سے تائب نہ ہوں کوئی تاویل قبول نہیں۔ (زمین وآسمان کے قلابے ملاتے رہیں)

باقی مختار مدعاعلیہ کا یہ کہنا کہ: ''بس شاید مختار مدعیہ کا اس تشریح کو عمداً نظرانداز کر کے عدالت کو مغالطہ دینا اس کو ثقہ شاہد کی حیثیت سے بالکل گرا دیتا ہے کہ اس کے فہم کا قصور ہے۔ منشاء اعتراض ہی یہ نہیں۔ بلکہ دعویٰ خدائی کا اور پھر زمین وآسمان پیدا کرنا۔ یہ تشریح دعویٰ خدائی اور اس کے یقین سے غیر متعلق ہے۔''

رہ گئی ثقہ شاہد کی حیثیت اس کے واسطے میری بحث کا ہیڈنگ گواہان مدعاعلیہ کا پوزیشن ملاحظہ فرمائیں اور مولانا مرتضیٰ حسن صاحب کی بحث سے کاپی خیانات تاکہ مدعاعلیہ کے گواہوں کی حیثیت اور عدم ثقہ ہونا واضح ہو جائے۔

باقی تیسرے نمبر کے سلسلہ میں یہ ثابت کرنا کہ مرزاصاحب نے دوسری کتابوں میں خدا کو خالق ارض وسما مانا ہے۔ محض بے کار ہے۔ کیونکہ ان بزرگوار کی عادت ہی دورخی باتوں کی ہے۔ کیا حمامۃ البشریٰ میں مدعی نبوت پر لعنت نہیں بھیجی اور دعویٰ نبوت کو کفر نہیں بتایا اور جو لوگ مرزاصاحب کی نبی کہتے ہیں انہیں دجال قرار نہیں دیا۔

پھر اس کے خلاف بھی سب کچھ کہا۔ مثیل مسیح کا دعویٰ بھی ہے انکار بھی۔ پوری تفصیل میری بحث سے ملاحظہ فرمائیں۔ اس کی ایک لسٹ درج ہے ان مغالطہ آمیز اور متعارض مخلوط باتوں سے ایماندار ہونا کجا مرزاصاحب کے معیار پر دجال ہونا لازم آئے گا۔ ملاحظہ ہو تبلیغ رسالت۔

(۳)

## اللہ تعالیٰ کو تیندوے سے تشبیہ

(توضیح مرام ص۷۵، خزائن ج۳ ص۹۰)

مختار مدعا علیہ کا یہ جواب سراسر مغالطہ ہے۔ تیندوے سے تشبیہ کا اعتراض نہیں نہ تمثیل سے اس کا کوئی علاقہ ہے۔ عقیدہ تثلیث کا ہیڈنگ نمبر۶ ہے اور یہ ہیڈنگ عقیدہ جسمیت نمبر۷ کے تحت میں ہے۔ محل اعتراض صرف ابتدائی حصہ ہے: ’’اس وجود اعظم کے بے شمار ہاتھ بے شمار پیر ہیں عرض طول رکھتا ہے۔‘‘

اور خصوصیت سے آخری فقرہ ’’عرض وطول رکھتا ہے‘‘ قابل غور ہے۔ کیونکہ عرض طول خدا کی شان کے سراسر خلاف اور خواص جسمیت سے ہے۔ اس کے متعلق مختار مدعا علیہ نے باوجود طول لاطائل بحث کرنے کے ایک حرف نہ کہا اور گویا اس الزام کو اپنے اس رو ّیہ سے لاجواب تسلیم کر لیا۔ لہٰذا غیر متعلق امور کا جواب دینا ہمارا منصب نہیں نہ عدالت ہی اتنا وقت دے سکتی ہے۔ ورنہ اس جواب کی ہر سطر اپنے اندر ایک انوکھا مغالطہ رکھتی ہے جو اہل فہم پر مخفی نہیں۔

(۴)

## ربنا عاج

(براہین احمدیہ حصہ چہارم ص۵۵۵، خزائن ج۱ ص۶۶۲ حاشیہ درحاشیہ نمبر۴)

مختار مدعا علیہ نے اس کے جواب میں لاجواب ہوکر اپنی طرف سے منگھڑت استدلال گھڑ کر جواب کی لاحاصل سعی کی کہ: ’’مختار مدعیہ نے اس الہام کے متعلق کہا ہے کہ اس سے شرک فی الصفات لازم آتا ہے اور اس امر کے لئے ایک فارسی شعر پڑھ کر یہ ظاہر کیا ہے کہ لفظ بتوں کے لئے مستعمل ہوتا ہے اور یہ لفظ فارسی ہے۔ الیٰ آخرہ! حالانکہ مختار مدعیہ کے بحث میں یہ دوسرے نمبر کے ہیڈنگ کے تحت میں بیان کیا گیا ہے جس کا عنوان شرک فی الاسم نمبر۲ ہے۔

اور بحث یہ کی گئی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات واسماء سب لاشریک ہیں اور ہونے چاہئیں۔ مرزا صاحب نے اپنی طرف سے خدا کا ایک یہ اسم تراشا ہے جو ناجائز اور شرک فی الاسم کے مرادف ہے اور مرزا صاحب کا یہ کہنا کہ اس کے معنی اب تک معلوم نہیں ہوئے۔ لغو حیلہ ہے۔ کیونکہ توفی اور خلت وغیرہ کے معنی کے واسطے سینکڑوں لغات دیکھی جاتی تھیں۔ اس کے واسطے ایک لغت بھی نہ دیکھی۔ عربی میں یہ لفظ ہاتھی دانت کے واسطے صرف حقیقت استعمال ہوا ہے اور اگر عربی کی توفیق نہ ہوئی تھی تو بوستان کا شعر:

بتے دیدم از عاج در سومنات　مرصع چو در جاہلیت منات

پڑھ لیا ہوتا۔ یہاں بھی اسی عربی ہاتھی دانت کے معنی میں مستعمل ہے…… الخ!

نہ اس میں اس لفظ کو فارسی بتایا ہے نہ شرک فی الصفات ثابت کیا ہے۔ ہمارا مدعا تو بہر طور حاصل ہے۔ یہ لفظ فارسی بنایئے یا عربی، مہمل ہو یا بامعنیٰ، مشتق ہو یا جامد۔ اللہ تعالیٰ کی ذات پر بلا شارع سے ثبوت کے بولنا جائز نہیں۔ کیونکہ باری تعالیٰ کے اسماء توقیفی ہیں۔ جب تک شرع میں اس کی استعمال کی تصریح نہ ہو ہرگز جائز نہیں اور بالخصوص اسماء صفاتیہ میں تو کسی کو اختلاف نہیں اور یہ مسئلہ کہ اسماء باری تعالیٰ توقیفی ہیں کوئی فروعی مسئلہ نہیں بلکہ اعتقادی مسئلہ ہے۔ ملاحظہ ہو گواہان مدعا علیہ کے مسلم بزرگ (باب اسماء توقیفی) ہیں۔ امام

عبدالوہاب شعرانی کا ارشاد: ''المبحث الخامس عشر فی وجوب اعتقاد ان اسماء اللہ تعالیٰ توقیفیة فلایجوز لنا ان نطلق علی اللہ تعالیٰ اسماً الا ان ورد فی الشرع'' (الیواقیت والجواہر ج۱ ص۷۳)

یعنی پندرہویں بحث اس بیان میں کہ اعتقاد اس امر کا کہ اللہ تعالیٰ کے اسماء توقیفی ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی نسبت کوئی بھی اسم استعمال کرنا جائز نہیں جب تک وہ شرع میں ثابت نہ ہو۔ پھر اسے مدلل بیان کیا ہے اور اسی ضمن میں ''وللہ الاسمآء الحسنیٰ'' کی یہ تفسیر کی ہے کہ: یعنی ''الواردة فی الکتاب والسنة'' یعنی خدا تعالیٰ کو انہیں اسماء حسنٰی سے پکارو جو کتاب وسنۃ میں آئے ہیں۔

لہٰذا شرک فی الاسم بدستور باقی رہا اور یہ استدلال بھی لاجواب ہی رہا۔ اس کے بعد مختار مدعا علیہ نے اس کے عربی سے مآ خذ نکال کر چاہا ہے۔ مگر اوّلاً تو یہ گزارش ہے کہ مرزاصاحب تو لکھتے ہیں کہ معنی معلوم نہ ہوئے اور گواہ اس میں معنی ڈال رہے ہیں۔ دوسرا یہ کہ آپ کے پیش کردہ معنی جب درست ہوں گے کہ یہ بالتشدید ہو۔ عاج یا عاجٍ داعٍ کی طرح ہو۔ حالانکہ اس کی کوئی تصریح نہیں۔ بلکہ ظاہر عاج ہے جو جامد بمعنیٰ ہاتھی دانت ہے اور کوئی بھی معنی کیجئے۔ اس کا اطلاق بلااذن شرع درست ہی نہیں اور شرک فی الاسم کا اعتراض خصوصاً جب کہ اسے عربی مانیں اور بھی اٹل ہے۔

## (۵)

## انت منی بمنزلة توحیدی وتفریدی

(اربعین ص۳۴، خزائن ج۱۷ ص۳۸۲)

یہاں بھی نقل استدلال میں مغالطہ دیا ہے اس کا عنوان ادّعاء یکتائیت ہے۔ یہاں ہرگز یہ ثابت نہیں کیا گیا کہ مرزاصاحب نے اپنے آپ کو توحید وتفرید میں شریک کیا۔ یہاں تک یہ لاطائل جواب قابل توجیہ ہو۔ یہاں تو صرف یہ ثابت کرنا ہے کہ مرزاصاحب اپنے آپ کو بمنزلۃ اللہ کی توحید وتفرید کے قرار دیتے ہیں۔ یعنی جس طرح اس کی توحید وتفرید یکتا ہے۔ مرزاصاحب بھی یکتا ہیں۔ پھر صرف اس کو تو پیش نہیں کیا بلکہ اس کے ساتھ ہی اس کے مؤید اور قرائن ہیں۔ مثلاً: ''انت منی بمنزلة لایعلمھا الخلق''

(اربعین نمبر۳، خزائن ج۱۷ ص۳۸۲)

تو مجھ سے ایسے مرتبے پر ہے کہ ساری مخلوق اسے نہیں جان سکتی۔ نیز مرزاصاحب کی اربعین نمبر۴ کی تشریح جو لوگوں کی گرفت کے بعد گھڑی ہے اور بھی قباحت دوبالا ہو جاتی ہے۔ کیونکہ خدا کی توحید وتفرید اس کی ذات سے غیر نہیں بلکہ عین ہے تو لازم آئے گا کہ مرزاصاحب عین ذات باری کی طرح ہو جائیں۔ پھر بڑا سوال تو یہ ہے کہ اگر مخلوق کے واسطے یہ استعمال جائز تھا تو کسی اور نبی حتیٰ کہ سیدالمرسلین ﷺ کو نہ فرمایا۔

تینوں فقروں کو (اربعین نمبر۳ ص۲۵) جس حوالہ سے پیش کیا ہے۔ ملاحظہ فرمائیں جو واضح قرینہ ہے۔

۱...... ''انت منی بمنزلة توحیدی وتفریدی''

۲...... ''انت منی بمنزلة عرشی''

۳...... ''انت منی بمنزلة لا یعلمھا الخلق''

اس سے صاف واضح ہے کہ اپنی صرف یکتائی بلکہ وہ مرتبہ ثابت کر رہے ہیں جو مخلوقات کے علم سے بالاتر ہے۔ یہ خدائی تک پہنچنے کا تیرا زینہ ہے۔ بتدریج دعویٰ کیا ہے۔ جیسا کہ ان کی عادت دوسرے دعاوی میں ہے۔

باقی مرزا صاحب کی کتب میں توحید کے تذکرے بھی ہیں اور شرک کے بھی ان کی عادت ہی متضاد بیانی کی ہے جس کے نمونہ کے لئے بحث میں ایک لسٹ دے چکا ہوں۔ نیز جو جرح مفصل مذکور ہیں۔

(۶)

## انت اسمی الاعلیٰ

یہ الہام بھی (اربعین نمبر۳ ص۳۴، خزائن ج۱۷ ص۴۲۸) سے نقل کیا ہے۔ مرزا صاحب نے خود ہی اس کا ترجمہ کیا ہے کہ اور تو میرا سب سے بڑا نام ہے جس کا مطلب بالکل واضح ہے کہ مرزا غلام احمد، اللہ کا سب سے بڑا نام ہے۔ یعنی اسم ذات اللہ سے بھی بڑا۔ پس جو شخص اپنا نام خدا کے تمام ناموں حتیٰ کہ اللہ سے بڑا سمجھے۔ لا الہ الا اللہ پر کیا ایمان رکھ سکتا ہے؟

باقی یہاں اسم اعظم وغیرہ کا کوئی ذکر نہیں جس کے لئے مختار مدعا علیہ نے تریاق القلوب کی تشریح پیش کر کے مغالطہ دینے کی ناجائز سعی کی ہے۔ ان مغالطوں سے جواب نہیں ہوتا اور نہ اسے کوئی عقل مند جواب قرار دے سکتا ہے۔ الحمدللہ! کہ اب تک مختار مدعا علیہ نے ہمارے پیش کردہ پوائنٹ میں سے ایک کو بھی چھوا نہیں اور ان شاء اللہ نہ کبھی ان کا جواب دے سکتا ہے۔

(۷)

## انت منی بمنزلة لایعلمها الخلق

(ضمیمہ تحفہ گولڑویہ ص۱۵، خزائن ج۱۷ ص۵۹)

یہ فقرہ ادّعاء یکتائیت نمبر۳ انت منی بمنزلة توحیدی وتفریدی کی تائید میں ذکر کیا گیا ہے۔ مستقل کوئی عنوان نہیں دیدہ دانستہ ٹکڑے ٹکڑے کر کے مختار مدعا علیہ نے غیر مرتب جواب دینا شروع کیا ہے تاکہ اصل مدعا خبط ہو جائے اور یوں مغالطہ کی تکمیل ہو سکے۔ حالانکہ یہ ناممکن ہے۔ خود مرزا صاحب کا ترجمہ آپ نے نقل کیا ہے کہ: ''مجھ سے تو وہ مقام ومرتبہ رکھتا ہے جس کو دنیا نہیں جانتی۔'' (اربعین) اور اس کے ساتھ یہ ترجمہ بھی ملا لیجئے کہ: ''تو مجھ سے ایسا ہے جیسا کہ میری توحید وتفرید'' پھر یکتائی کے ادّعاء کے ثبوت میں کونسی کمی رہ جاتی ہے اور جو شخص اپنے آپ کو خدا کی توحید کی طرح سمجھتا ہو وہ بھی کلمہ توحید لا الہ الا اللہ پر ایمان دار شمار ہو تو پھر کافر کون ہوگا۔

بریں　عقل　ودانش　بباید　گریست

(۸)

## انما امرک اذا اردت شیئاً ان تقول له کن فیکون

(براہین پنجم ص۹۵، خزائن ج۲۱ ص۱۲۴)

یہ ایک کھلا ہوا شرک تھا اور اس کے بعد ناممکن تھا کہ مرزا صاحب کا ایمان لا الہ الا اللہ پر ہو سکے۔ اس لئے حسب عادت اس کو رلانے اور اس میں دیدہ ودانستہ مغالطہ ڈالنے کی ناکام کوشش مختار مدعا علیہ نے ختم کر لی۔ مگر الحمدللہ! جواب تو کیا ہوتا نامرادی ہی رہی۔

مختار مدعیہ نے عدالت کے روبرو یہ الہام شرک فی الامر کے تحت میں پیش کیا ہے اور مدار اعتراض انما امرک ہے۔ یعنی کسی امر کی سوائے اس کے کوئی شان نہ ہونا کہ جب بھی وہ کسی چیز کا ہونا چاہے اور کہے کہ: ''ہو پس وہ فی الفور ہو جائے۔'' یہ اللہ تعالیٰ کی خاص

خصوصیت ہے۔ اس میں کوئی نبی، ولی، مرسل، ملائکہ شریک نہیں۔ کسی کو شریک ماننا ’’شرک فی الامر والتکوین‘‘ ہے۔ ’’قال اللہ تعالیٰ الا له الخلق والامر (الاعراف:۵۴)‘‘ پیدا کرنا اور امر کا مالک ہونا صرف اس کی شان ہے۔ ’’انما امرہ اذا اراد شیئاً ان یقول له کن فیکون (یٰسین:۸۲)‘‘ اور اس آیت اور اس کے ترجمہ ومطلب کا مختص ہونا ذات الٰہی کے ساتھ جواب بحث میں مختار مدعاعلیہ کو بھی مسلم ہے۔ وہ لکھتا ہے کہ: ’’کن فیکون‘‘ کے کامل اختیارات کہ جس بات کا ارادہ کرے وہ فی الفور ہو جائے۔ صرف خدا ہی کو حاصل ہے۔ چنانچہ فرماتے ہیں: (یعنی مرزاصاحب) ’’حکم اس کا (یعنی خدا کا) اس سے زیادہ نہیں کہ جب کسی چیز کے ہونے کا ارادہ کرتا ہے اور کہتا ہے ہو۔ پس ساتھ ہی ہو جاتی ہے۔ پس وہ ذات پاک ہے جس کے ہاتھ میں ہر ایک چیز کی بادشاہی ہے۔‘‘

(جنگ مقدس ص۱۷، خزائن ج۶ ص۱۰۱)

جب کہ اس آیت کا مضمون وترجمہ باری تعالیٰ سے مختص رہا تو یہی مضمون کسی اور کے واسطے کیونکر استعمال ہو سکتا ہے۔

چنانچہ اسی اقرار کرانے کو یہ صرف خدا ہی کی شان ہے سب سے پہلے استفتاء سے یہ پیش کیا۔ ’’انما امرک اذا اردت شیئاً ان تقول له کن فیکون‘‘ (استفتاء ص۸۶، خزائن ج۲۲ ص۷۱۴) یہی معہ ترجمہ اس سے قبل (حقیقت الوحی ص۱۰۵، خزائن ج۲۲ ص۱۰۸) پر بھی ہے۔ اس سے پہلے براہین احمدیہ وغیرہ میں بھی یہاں گواہ مدعاعلیہ نیز مختار مدعاعلیہ نے اسے شرک تو تسلیم کر لیا ہے۔ صرف اپنی طرف سے یہ (ناجائز) تاویل کرتا ہے کہ اس سے مرزاصاحب مراد نہیں۔ بلکہ خداتعالیٰ مراد ہے اور ضمیر (ک) خطاب خداتعالیٰ کی طرف ہے ملاحظہ ہوں الفاظ کہ: ’’یہ خطاب اللہ تعالیٰ کو ہے۔‘‘ اور یہ بالکل صحیح تھا۔ چنانچہ وہاں الہامات کی وہی ترتیب ہے جو (حقیقت الوحی ص۱۰۵، خزائن ج۲۲ ص۱۰۸) میں ہے۔ الی قولہ: ’’تو جس بات کا ارادہ کرتا ہے وہ تیرے حکم سے فی الفور ہو جاتی ہے۔ اس سے صاف ظاہر ہے کہ اس میں جو ضمائر خطاب ہیں وہ جناب الٰہی کے متعلق ہیں...... الخ!‘‘ اس کا شرک اور مختص بجناب الٰہی ہونا مابہ النزاع نہیں بلکہ اس کی شرح یہ کی جاتی ہے کہ اس سے مرزاصاحب مراد نہیں بلکہ اس ضمیر سے خود باری تعالیٰ مراد ہیں۔

مرزاصاحب کی براہین احمدیہ حصہ پنجم جس کو مرزاصاحب نے ان تمام قابل اعتراضات الہامات ونشانوں کی تشریح کے لئے لکھی ہے۔ اس میں تشریح وتصریح فرماتے ہیں کہ اس الہام میں میں خود مراد ہوں اور یہ خدائے تعالیٰ کا کلام ہے جو میرے پر نازل ہوا ہے۔ ملاحظہ ہو (براہین احمدیہ حصہ پنجم ص۹۵، خزائن ج۲۱ ص۱۲۴) اب جب مصنف نے خود اس الہام کی شرح کر لی اور اس کے ساتھ مختص کر لیا اور ضمیر خطاب سے اپنے آپ ہی مراد لے لیا۔

نیز گواہ نمبر۲ مدعاعلیہ نے بھی بجواب جرح ۲؍مارچ ۱۹۳۳ء تسلیم کر لیا کہ: ’’لیکن اس الہام میں مرزاصاحب کو خطاب ہے۔‘‘

پس ثابت ہوگیا کہ وہ خصوصیت الٰہی جو صرف اسی کو زیبا ہے جس کی تعبیر ’’انما امرہ اذا اراد شیئاً ان یقول له کن فیکون‘‘ یا ’’انما امرنا...... الخ!‘‘ ضمیر غائب یا متکلم سے خدا نے اپنی کامل اختیار کے اظہار کے لئے قرآن پاک میں اختیار فرمایا جسے گواہ اور مختار مدعاعلیہ نے بھی استفتاء کے اندر ضمیر خطاب سے بھی خداتعالیٰ کے ساتھ مختص قرار دیا اور مرزاصاحب کو شرک سے بچانے کے لئے جھوٹی تاویل کی۔

مگر مرزاصاحب نے بتصریح اپنے واسطے ثابت کر کے ایسا اٹل اقراری شرک تسلیم کیا ہے جس کا جواب قیامت کی صبح تک مرزاصاحب یا کسی مرزائی سے ناممکن ہے۔ اس سے یہ امر بھی معلوم ہوگیا کہ ہمارا اعتراض اسی استفتاء یا حقیقت الوحی اور براہین یا جہاں بھی یہ الہام ہے اس پر ہی ہے۔

مختار مدعا علیہ یا اس کے شاہد کی انوکھی طبع زاد تاویل کو باطل کرنے کے واسطے پیش کی ہے تا کہ ’’توجیه القول بمالا یرضیٰ به قائله‘‘ مدعی سست و گواہ چست کا نظارہ ہو جائے اور دنیا سمجھ لے کہ اس بحث کا ابتدائی حصہ کس قدر با معنی ہے۔

## اولیاء اللہ پر صریح بہتان

باقی اولیاء اللہ اور مقربان باری تعالیٰ (ہمارا حشر ان کے ساتھ فرمائیں) کبھی کن کہیں اور وہ چیز باذن یا بحکم الٰہی ہو جائے۔ یا کوئی نبی مردہ کو قم باذن اللہ کہے اور وہ زندہ ہو جائے وہ بطور کرامت یا اعجاز کے احیاناً ہے دائمی نہیں۔ نہ یہ معنی ہیں کہ اب اس امر کے سواء اس کے کوئی معنی نہیں کہ جب ہی وہ کسی چیز کو چاہے ہو جائے اور کہے کہ ہو جا۔ پس وہ فی الفور ہو جائے۔‘‘

’’انما امره اذا اراد شیئاً ان یقول له کن فیکون (یٰسین:۸۲)‘‘

اور یہ کامل اختیار کہ اس کے امر کے سواء اس کے کوئی معنی نہ ہو خدا ہی کے لائق ہے۔ کوئی اس میں اس کا شریک و سہیم نہیں۔ بدقسمتی سے مختار مدعا علیہ کو بلکہ مرزا صاحب کو بھی مسلم ہے۔ بحث کے مندرجہ ذیل کوٹیشن (Quotation) ملاحظہ ہوں:

۱...... کہ کن فیکون کے ایسے کامل اختیارات کہ جس بات کا ارادہ کرے وہ فی الفور ہو جائے صرف خدا ہی کو حاصل ہے...... الخ!

(جنگ مقدس ص۱۷، خزائن ج۶ ص۱۰۱)

۲...... یاد رکھنا چاہئے کہ جو تکوین کشتگان محبت الٰہی سے صادر ہوتی ہے۔ اس میں اور خدا تعالیٰ کی تکوین میں فرق ہے۔ ایسے انسان کا کن کہنا ہمیشہ نتیجہ پیدا نہیں کرتا۔ جیسا کہ خدا تعالیٰ کا...... الخ!

۳...... اور ’’اذا ارادت شیئاً‘‘ سے یہ نہیں سمجھنا چاہئے کہ بروقت مقربان بارگاہ الٰہی کو یہ مقام دیا جاتا ہے۔

۴...... پس اسی طرح کامل انسان کا کن دائمی طور پر نتیجہ نہیں کرتا بلکہ...... الخ!

اس کامل طور پر اور دائمی کے مقام حاصل ہونے کی تعبیر بتصریح مرزا صاحب اور مختار مدعا علیہ ’’انما امره اذا اراد شیئاً ان یقول له کن فیکون‘‘ ہے۔ ملاحظہ ہو کوٹیشن (Quotation) بحوالہ (جنگ مقدس ص۱۷، خزائن ج۶ ص۱۰۱) مکمل ’’انما امره‘‘ یا ’’انما امرنا‘‘ یا ’’انما امرک‘‘ کے اضافہ کے صرف کسی کے کن کہنے سے کسی چیز کا کبھی ہونا دائمی اختیار تکوین اور مقام تکوین حاصل کرنا نہیں کہلاتا۔ بلکہ ’’انما امرک اذا اردت شیئاً‘‘ کے صرف اتنا لفظ ہوگا کہ: ’’تقول للشئ کن فیکون‘‘

خلاصہ یہ کہ اعتراض صرف ان الفاظ اور اس کامل اختیار پر ہے جو ’’انما امرک اذا اردت شیئاً‘‘ میں جو خدا کے ساتھ مختص ہے۔ ’’قال اللہ تعالیٰ انما امره...... الخ!‘‘ ’’انما امرنا اذا اردنا شیئاً ان تقول له کن فیکون (قرآن حکیم)‘‘

پس مرزا صاحب کی عبارت والہام میں بعینہٖ وہ تعبیر ہے کہ ’’انما امرک اذا اردت شیئاً ان تقول له کن فیکون‘‘

(اربعین نمبر۲ ص۳۴، خزائن ج۱۷ ص۳۸۳)

مگر حضرت سید الطائفہ شیخ عبدالقادر جیلانیؒ (اللہ ہمیں ان کے طریقے پر چلائے) کی عبارت میں متفقہ قابل اعتراض دائمی اور کامل مقام تکوین پر دلالت کرنے والے خدا تعالیٰ کے ساتھ مخصوص منفرد فقرہ ’’انما امرک اذا اردت شیئاً‘‘ کا کہیں پتہ ونشان نہیں۔ وہاں صرف بطور کرامت کبھی کسی کے لئے صرف تقول للشئ کن فیکون ہے۔ (فتوح الغیب مقالہ ۱۳)

اسی طرح (حکم الاشراق مطبوعہ ایران ص۷) کی جو طول لاطائل عبارت پڑھی۔ اس میں کہیں بھی ’’انما امرک اذا اردت شیئاً‘‘ کا شائبہ تک نہیں۔ اس میں صرف یہ لفظ ہے: ’’پس وہ خدا کے نور کو نفس اشارہ کرتا ہے۔ پس وہ چیز اشارہ سے موجود ہو جاتی ہے۔‘‘ کسی کے اشارہ سے مخصوص حال میں بطور کرامت کسی چیز کا ہو جانا اور چیز ہے اور یہ کامل اختیار دائمی ملنا کہ ’’انما امرک اذا اردت

شیئاً ان تقول له کن فیکون ''اور بات ہے۔ان مقدس ومقربان الٰہی کی عبارت سے یہ مطلب سمجھنا مدعاعلیہ کی قلت درائیت کی کھلی نشانی ہے اور اولیاء اللہ کو بلاوجہ ہدف ملامت بنا کر اپنی عاقبت بگاڑنا ہے اور وعید ''من عاد لی ولیاً فقد اذنته بالحرب '' کا مصداق بن کر دنیا وآخرت کا دائمی خسران خریدنا ہے:

چو بشنوی سخن اہل دل مگو کہ خطاء است　　سخن شناس نئہ دلبرا خطا اینجاست

مگر ایسی جماعت سے کیا بعید ہے جو حضرت سیدالطائفہ کو عیاذاً باللہ مرزاصاحب کے مقابل اس قدر ذلیل سمجھتے ہوں کہ:

سرمہ چشم تیری خاک قدم بنوائے　　غوث الاعظم شہ جیلان رسول قدنی

(الفضل قادیان مؤرخہ ۱۶؍اکتوبر ۱۹۲۲ء ج۱۰ نمبر ۳۰ ص ۲،۱)

رسول مدنی کے وزن پر مرزا صاحب رسول قدنی ہیں اور ان کا یہ مرتبہ ہے کہ حضرت غوث الاعظم سیدنا عبدالقادر محی الدین جیلانی ؒ مرزا صاحب کے پیر کی خاک سرمہ کی طرح آنکھوں میں لگاتے ہیں۔ استغفراللہ! باقی رہا ہمارا عقیدہ تو بالفاظ آقائے کائنات ﷺ یہ ہے کہ رب مغبر مدفوعٍ بالابواب لواقسم علی الله لابره۔

سعدی:

خاک ساران جہاں رابحقارت منگر　　توچہ دانی کہ دریں گرد سوارے باشد
در بہاراں کے شود سر سبز سنگ　　خاک شو تاگل بروید رنگ رنگ
مردان خدا خدا نباشند　　لیکن زخدا جدا نہ باشند

نوٹ: عدالت کی توجہ اس طرف بھی مبذول کررہا ہوں کہ فتوح الغیب کا حوالہ جدید ہے اور حکیم الاشتراق مطبوعہ ایران نئے حوالہ کے ساتھ چھپی ہے کہ مطالبہ کے وقت نہ کتاب دکھا سکے نہ مصنف کا نام۔

## انبیاء کرام علیہم السلام پر بہتان

حضرت موسیٰ علیہ السلام اور سرکار دوعالم ﷺ کے کچھ معجزات بھی اسی مرزا صاحب کے شرک کی تائید میں نقل کئے ہیں۔ العیاذ باللہ ثم العیاذ باللہ! کہاں معجزات جو اپنے اختیاری نہیں بلکہ باذن اللہ ہوتے ہیں۔ ''قال الله تعالیٰ ماکان لنبیٍ ان یاتی بایٰته الاباذن الله ''اور کہاں مالک امروارادہ کن فیکون ہونا۔ لنبیً یہ صرف اسی کی دلیل ہے کہ جب کوئی گندا سے گندا عقیدہ یا الہام یا واقعہ مرزا صاحب کا پیش کیا جاتا ہے تو فوراً وہ کسی نبی اور خصوصیت سے مسلمانوں کی غیرت اور تاجدار مدینہ ﷺ کے جذبہ غلامی کو مجروح کرنے کے واسطے آقائے دوجہاں ہمارے ماں باپ ان پر قربان ہوں پر اسے چسپاں کرتے ہیں۔ مگر باادب ہم یہ کہتے ہیں کہ مسلمان اپنے آقا ﷺ کی توہین ہرگز برداشت نہیں کرسکتے:

جو جان چاہو تو جان لے لو جو مال مانگو تو مال دیں گے　　مگر یہ ہم سے نہ ہوسکے گا نبی کا جاہ و جلال دیں گے

اور اگر احتیاط نہ ہوتی تو نتائج کے خود ذمہ دار ہیں۔

ہم اس کے متعلق صرف اتنا واضح کردینا چاہتے ہیں کہ تمام اولیاء اللہ مقربان الٰہی، قطب، غوث، ابدال، اولعزم انبیاء کرام علیہم السلام حتیٰ کہ اللہ کے پیارے حبیب سیدالاوّلین والآخرین، خاتم النّبیین، رحمۃ للعالمین ﷺ سے ہزاروں بلکہ بے شمار خرق عادات، کرامات، معجزات صادر ہوئے۔ جس کے مخلوق سے جو کہا وہی ہوا۔ پھر بھی خدائے تعالیٰ نے کسی نبی، رسول، ولی، قطب، غوث کو یہ نہ فرمایا کہ: ''انما امرک اذا اردت شیئاً ان تقول له کن فیکون''

ساری دنیا میں ایک نظیر نہیں مل سکتی کہ: ''انما امرک اذا اردت شیئاً...... الخ!'' خدا کے سوا کسی کے واسطے استعمال ہوا ہو یا خدا نے کسی کے واسطے کسی الہام یا کتاب یا صحیفہ میں فرمایا ہو۔ یہ ایسا کھلا ہوا شرک اور کفر ہے کہ اگر ایک بھی کفر یہ نہ ہوتو بھی صرف یہ ہی ایک وجہ ان کے لا الہ الا اللہ پر ایمان نہ ہونے کی آفتاب سے زیادہ روشن وبیّن دلیل ہے۔ ان اقوال والہامات کے بعد دعویٰ اسلام کیونکر باور ہوسکتا ہے۔

ہر گزم باور نمی آید زروئے اعتقاد　　ایں ہمہ ہاگفتن وایں ہمہ داشتن

شیطان اور دجال نے بھی اپنے لئے یہ امر پسند نہ کیا کہ یہ الہام تراشے کہ خدا نے مجھے فرمایا: ''انما امرک...... الخ!''

''فاعتبروٗیااولی الابصار''

## (مدعا علیہ کی قابلیت)

ایک جگہ اسی بحث میں یہ بتایا ہے کہ یہ قضیہ شرطیہ کلیہ نہیں ہے۔ بلکہ مہملہ ہے جو فقرہ میں جزیہ کے ہوتا ہے اور اکمال شرح مسلم کے حوالہ سے ''اذا احب اللہ عبداً...... الخ!'' کی عبارت سے استدلال کیا ہے اوّلاً یہ خوش فہمی ملاحظہ ہو کر جملہ ''انما امرک'' پر اعتراض ہے نہ کہ صرف ''اذا اردت'' پر اور مثال صرف ''اذا احب'' کی ہے۔ دوسرے اس سے واضح ہوگیا کہ منطق اور فقہ میں بھی وہی مغالطہ دیا جو مذہب میں کیونکہ ہمارے مدارس عربیہ کا ادنی طالب علم مبتدی بھی جانتا ہے کہ اذا سے قبل انما آنے سے کلیہ بن جاتا ہے اور ایک نظیر بھی اس کے مہملہ ہونے کی نہیں مل سکتی۔ فیا...... للعجب ولضیعۃ الادب۔

نیز منطق کا کوئی ابتدائی رسالہ صغریٰ، مرقات بھی دیکھی جاتی تو معلوم ہوجاتا کہ قضیہ مہملہ محصورہ طبعیہ وغیرہ اس قضیہ کے اقسام ہیں۔ جن کا موضوع کلی ہو اور بیان موضوع امرک جزئی اور شخصی ہے یہ مہملہ میں مندرج بھی نہیں ہوسکتا۔

## (۹)

## مرزاصاحب کا خدا کے مانند ہونا

مختار مدعا علیہ کے جواب کا خلاصہ۔

۱...... اس پیش گوئی کا ذکر کرتے ہوئے مرزاصاحب یہ نہیں فرماتے کہ میں خدا کی مثل ہوں۔

۲...... آپ کو (تحفہ گولڑویہ ص۱۰۷ حاشیہ، خزائن ج۱۷ ص۲۷۵) میں خدا نے آدم کی مثل کہا ہے اور حدیث میں ''ان اللہ خلق آدم علی صورتہ'' ہے۔ یعنی اللہ نے آدم علیہ السلام کو اپنی شکل پر پیدا کیا۔ لہٰذا مرزاصاحب گویا کہ خدا کے مشابہ ہوگئے۔ کیونکہ مرزاصاحب آدم علیہ السلام کے مثل ہیں اور وہ اللہ کی شکل پر پیدا ہوئے ہیں۔

۳...... میکائیل کے معنی چونکہ خدا کے مانند ہیں۔ اس لئے تمام مسلمان جو قرآن شریف کی رو سے میکائیل فرشتہ پر ایمان رکھتے ہیں اور اس کے منکر کو کافر کہتے ہیں۔ مشرک قرار پائیں گے۔

۴...... پیش گوئیوں میں آنحضرت ﷺ کا آنا خدا کا آنا قرار دیا گیا۔ چنانچہ (استثناء ۳۳) کی پیش گوئی کہ خدا فاران پر ظاہر ہوا۔ آنحضرت ﷺ پر لگائی گئی ہے۔ چنانچہ مختار مدعیہ کے مقبول ومسلم مسلمان سرسیدالخ وغیرہ وغیرہ نے لیا ہے۔ (مقبول ومسلم کا لفظ خلاف ضابطہ ہے)

جواب:

۱...... اوّل کا جواب یہ ہے کہ مختار مدعا علیہ کے پیش کردہ الفاظ کہ: ’’میں خدا کے مثل ہوں۔‘‘

اگر مرزاصاحب نے نہیں فرمائے تو یہ ان سے پوچھیں یہاں تو مطلب واضح ہے کہ: ’’اور دانیال نبی نے اپنی کتاب میں میرا نام میکائیل رکھا ہے اور عبرانی میں لفظی معنی میکائیل کے ہیں خدا کے مانند...... الخ!‘‘ (حاشیہ اربعین نمبر۳ ص۲۵، خزائن ج۱۷ ص۴۱۳)

اب مرزاصاحب اپنا نام دانیال کے حوالہ سے میکائیل بتاتے ہیں اور اس کا معنی خود ہی خدا کے مانند کہتے ہیں جس سے صاف ظاہر ہے کہ خود کو خدا کے مانند ہونا بہت پسند ہے بلکہ دعویٰ ہے۔

رہا یہ امر کہ میکائیل کے معنی عبرانی میں یہ ہیں۔ اس کے واسطے سے گزارش ہے کہ نہ تو مرزاصاحب عبرانی جانتے تھے۔ نہ مختار مدعا علیہ عبرانی کجا مرزاصاحب باوجودیکہ سلطان القلم اپنی جماعت میں مسلم ہیں اور اردو یہ کہ: ’’ہیضہ کی آمدن ہونے والی ہے۔‘‘ (البشریٰ ج۲ ص۱۳۲) اور عربی بالخصوص قصیدہ اعجازیہ کے علاوہ بے شمار صرفی، نحوی غلطیوں کے یہ ہے۔

’’واما حسین فاذکرو دشت کربلا...... الخ!‘‘ (قصیدہ اعجازیہ ص۶۹، خزائن ج۱۹ ص۱۸۱) وعلیٰ ہٰذا القیاس اور زبانیں۔

چونکہ مجھے غیر متعلق امور مختار مدعا علیہ کی طرح ذکر کر کے طول دینا نہیں ورنہ کئی جزو اسی پر ہو سکتے ہیں۔

البتہ مختار مدعا علیہ نے ایک حوالہ اقرب الموارد کا پیش کر دیا ہے جس کی حقیقت واضح کرنا ہے۔

جواب یہ ہے کہ کسی مسلمان باایمان کا حوالہ پیش کرتے تو ہم بھی دیکھتے۔ ایک متعصب عیسائی کا جدید حوالہ پیش کر دیا۔ کیونکہ یہ عیسائی کی تصنیف ہے۔ ملاحظہ ہو (التفعاء القفوع بماھو مطبوع ص۳۲۹) اور یہ اصول گواہان مدعا علیہ کو مسلم ہے کہ لغت زبانی محاورات کا نام ہے۔ لغت اور ڈکشنری کی کتابیں چونکہ اپنے اپنے عقائد کے تحت میں لکھی جاتی ہیں۔ لہٰذا جب تک کوئی مسلم شعر، محاورہ وغیرہ کا حوالہ پیش نہ ہو صرف کسی لغوی کا لکھنا معتبر نہیں۔ ملاحظہ ہو جرح گواہ نمبر۱، مؤرخہ ۸؍مارچ...... اور یہاں کوئی شعر وغیرہ کی سند نہیں لہٰذا لغو و باطل ہے۔

نیز یہود و نصاریٰ نے اس قسم کے تشابہ الفاظ خدا، ابن، اب وغیرہ کا عبرانی سے ترجمہ کرنے میں اپنے تخیل فاسد کی بناء پر سخت دھوکہ کھایا ہے اور ان کی انتہاء اکثر انہیں لوگوں پر ہے جن کا معنوں کے ہیر پھیر سے گمراہ کرنا اور کلام الٰہی میں تحریف کرنا ایک پسندیدہ شغل اور محبوب شیوہ تھا۔ (ملاحظہ ہو بیضاوی ص۱۱۲) ’’یحرفون الکلم من مواضعه...... الخ!‘‘ معہ تفسیر۔

بخلاف اس کے مسلمانوں نے ہرگز یہ معنی قبول نہیں کئے۔ بلکہ عبرانی صحیح معنی لئے۔ کثرت حوالہ جات موجب طوالت ہیں۔ میں صرف اسی کتاب سے حوالہ دیتا ہوں جسے مختار مدعا علیہ بار بار بڑے بڑے القاب اور شدومد سے پیش کرتا رہا ہے کہ میکائیل کے معنی عبیداللہ کے ہیں۔ بلکہ اصول باندھا کہ جس کے آخر لفظ ایل ہو اس سے مراد خدا کا بندہ ہی ہوگا اور قول بھی ایسے مسلم بزرگ کا ہے جو تمام امت میں حبر الامت حضورﷺ کے عم زاد ابن عباسؓ جن کے متعلق ’’اللھم علمه الکتاب والحکمة‘‘ کی بشارت ہے جو اللہ تعالیٰ کی کتاب سمجھنے کے احق ہیں۔ (ملاحظہ ہو تفسیر اتقان ج۲ ص۱۴۱) ’’اخرج ابن جریر من طرق عکرمة عن ابن عباس قال جبریل عبد الله ومیکائیل عبید الله وکل اسم فیه اھل فھو عبید الله...... الخ!‘‘ یعنی ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ جبرئیل کے معنی عبداللہ اور میکائیل کے معنی عبیداللہ ہیں۔ لہٰذا یہ معنی مرزاصاحب اور مختاران مدعا علیہ کی ناواقفی یا مغالطہ پر مبنی ہیں ورنہ خدا کے کلام میں میکائیل کے ہرگز یہ معنی نہیں بلکہ عبیداللہ کے ہیں۔ یعنی خدا کا ادنیٰ بندہ اس سے نمبر۳ کا بھی جواب معلوم ہوگیا کہ تمام مسلمان باتباع حضرت سیدنا ابن عباسؓ وائمہ دین بزرگان اسلام میکائیل بمعنی خدا کا ادنیٰ بندہ قرآنی رو سے سمجھ کر ایمان رکھتے ہیں۔

البتہ بعض لوگ عیسائیوں کے اتباع میں میکائیل کو خدا کی مانند یا خدا سے بھی بڑھ کر سمجھیں تو کچھ تعجب نہیں۔ ہمارا ایمان تو یہ ہے کہ میکائیل کیا مخلوقات میں کوئی بھی حتیٰ کہ اشرف المخلوقات، باعث الکل، سید الکل ﷺ بھی خدا کے مثل نہیں۔ ’’لیس کمثلہٖ شئ (الشوریٰ: ۱۱) فلاتضربوا للّٰہ الامثال (النحل: ۷۴) قال ﷺ لاتطرونی کما اطرت الیھود والنصاریٰ (الحدیث)‘‘ آپ ﷺ نے یہود ونصاریٰ کی طرح مبالغہ مدح کو وصال کے وقت تک سختی سے روکا ہے۔

جواب:

۲...... تحفہ گولڑویہ کا حوالہ ایڈیشن اوّل کا جو ختم اور نایاب ہو چکا صرف مختار مدعا علیہ کو تنگ کرنے کے واسطے دیا گیا۔ اب ہم وہ ایڈیشن کہاں سے لائیں اور باوجود تلاش کے اس موجودہ ایڈیشن میں اس کے قریب قریب بھی نہ ملا۔ مگر ہم ان کی خاطر تسلیم کر کے جواب دیتے ہیں کہ مثیل آدم ہونے سے خدا کے مثل کیونکر ہو گئے اور اگر اپنے اس الہام سے خدا کے مثل سمجھتے ہیں تو اور اچھا ہے یہی ہمارا مدعا ہے۔ ملاحظہ ہو جو بھی الہام تراشتے ہیں وہ مشرکانہ۔

باقی رہا حدیث: ’’ان اللّٰہ خلق اٰدم علی صورتہ‘‘ ہمارے آقا ومولیٰ، تاجدار محبوب کردگار ﷺ کا ارشاد ہے۔ ہمارے سر آنکھوں پر مگر یہ دامن حضور ﷺ جیسے آقا سے کٹ کر غلاموں سے جوڑنے والے کو پناہ نہیں دے سکتا۔

کاش کسی محدث کی کفش برداری کا فخر حاصل ہوتا تو اس کی نورانیت سمجھ میں آتی۔ یہ اللہ کے محبوب ﷺ کا کلام ہے جو تمام مخلوق کے بادشاہوں کا بادشاہ ہے اور کلام الملوک ملوک الکلام مشہور ہے۔ اس حدیث پاک صاحب لولاک ﷺ کی ایمان بخش تحقیق تو بعد میں پیش ہوگی۔ اوّلاً ان بزرگ کا حوالہ پیش کرتا ہوں جن کی محض کرامت سے گواہ مدعا علیہ نمبر۱ انہیں مسلم مان گیا ہے۔ حالانکہ ان کے نزدیک مطلقاً مسلم صرف مرزا صاحب اور ان کے ہردو خلفاء ہیں۔ ملاحظہ ہو جرح گواہ نمبر۱ یکم ؍مارچ ۱۹۳۳ء جس میں ابن عربی، مجدد الف ثانی، امام عبدالوہاب شعرانی وغیرہ کے متعلق پوچھا گیا تو کہا کہ ہاں! مسلم بزرگ ہیں۔ (کتاب الیواقیت والجواہر ج۱ ص۱۱۸) مصنفہ حضرت العلام امام عبدالوہاب شعرانی۔ ’’فان فی الحدیث تافافھم‘‘ یعنی حدیث میں ہے کہ خدا نے ہر ایک مخلوق کا ایک نقشہ عرش کی ساق میں قبل پیدائش کھینچا جس صورت پر اسے پیدا کرنا تھا۔ پھر آدم علیہ السلام کو اسی صورت پر جو اپنی پہلی کھینچی ہوئی تھی کو پیدا کیا۔ اسی طرف حضور ﷺ کے اس ارشاد گرامی میں ارشاد ہے کہ: ’’ان اللّٰہ خلق اٰدم علی صورتہ یا علیٰ صورۃ الرحمن‘‘ یعنی آدم کو اللہ نے اسی صورت پر پیدا کیا جس کو عرش یا لوح میں قبل پیدائش آدم علیہ السلام کھینچی تھی۔ ورنہ باری تعالیٰ وتقدس کی کوئی صورت ہی نہیں۔ کیونکہ وہ تمام مخلوق سے جداگانہ ویگانہ ہیں۔ ’’تعالیٰ اللّٰہ عما یقول الظالمون علواً کبیراً‘‘ پس آدم علیہ السلام خدا کی صورت پر نہیں بلکہ اس کی تجویز کی ہوئی صورت پر پیدا ہوئے پھر بعض شراح حدیث نے ضمیر آدم علیہ السلام کی طرف پھیری ہے۔ یعنی آدم علیہ السلام کو آدم کی صورت پر پیدا کیا جو کہ ان کے شایان شان تھی اور تمام مخلوق سے ممتاز۔

مگر اہل اللہ کی یہی رائے ہے کہ اللہ نے آدم علیہ السلام کو اپنی صورت پر پیدا کیا جس کے یہ معنی کرتے ہیں کہ اپنی مرغوب وپسندیدہ وبرگزیدہ شکل پر اور فرماتے ہیں کہ جب ہی تو خواب میں باری تعالیٰ کی زیارت سوائے انسانی شکل کے اور کسی شکل میں نہیں ہوتی۔ حالانکہ درحقیقت ان کی کوئی بھی شکل نہیں۔ نیز اپنی طرف باری تعالیٰ انسانی اعضاء کا نام بوجہ محبوب ہونے کے منسوب کرتا ہے۔ حالانکہ ان کی ذات اس قسم کے اعضاء اور ان کی مشابہت وکیفیت سے پاک ہے۔ ’’قال اللّٰہ تعالیٰ ویبقیٰ وجہ ربک (الرحمن: ۲۷) یداللّٰہ فوق ایدیھم (فتح: ۱۰) یوم یکشف عن ساق (القلم: ۴۲)‘‘ وغیرہ وغیرہ۔

جن پر ہمارا ایمان بلاتفصیل کیفیت ہے۔ کیونکہ ان کی شان ’’لا نظیر له ولا مثال له. ولا ضد ولا ند. سبحانه ما اعظم شانه لا یجد ولا یتصور‘‘ ہے۔

چونکہ یہاں اس کا زیادہ تعلق نہیں ہے۔ اس لئے طول نہیں دیتا صرف یہ کہہ کر ختم کرتا ہوں کہ:

مصلحت نیست کہ از پردہ بروں افتد راز　　ورنہ در محفل رندان خبرے نیست کہ نیست

جواب:

۴...... باقی پیش گوئی میں خدا کا فاران پر اترنا اوّلاً انجیلی اصطلاح میں خدا و خداوند کا لفظ برابر نبی کے معنی میں مستعمل ہے اور ترجمہ میں وہی تحریف معنوی متحقق ہے۔

فاران پر خدا کے اترنے سے اس کی وہ تجلیات خاصہ اترنا مراد ہیں جو کسی نبی کے وجود سے اترتی ہیں۔

جیسا کہ کوئی کہے کہ وہ طور پر خدا اترا یہ ہرگز مراد نہیں وہ نبی خدا یا خدا جیسا ہوگیا نہ کسی نے یہ مطلب مشرکانہ لیا۔ انہیں پیش کردہ حوالہ جات کو بغور ملاحظہ فرمائیں۔ مطلب بالکل واضح ہے۔ بے جا ضد کا کوئی علاج نہیں۔ ’’من یرد الله به خیراً یفقه فی الدین‘‘

پس مرزاصاحب کا خدا کے مانند ہونے کا خیال بھی گویا لاجواب اور مسلم ہونے کے قریب لاجواب ہے۔ کیونکہ جو اس مشرکانہ بات کے واسطے اڑیں ڈھونڈی تھیں اور تلاش کی تھیں۔ وہ سب بحمداللہ بے نقاب ہوگئیں۔ باقی مرزاصاحب کے دوسرے عقائد اور تعارض باتیں نقل کر کے صفائی بے سود ہے۔

(لاجواب)’’انا نبشرک بغلام مظهر الحق والعلا وکان الله نزل من السماء‘‘

(آئینہ کمالات اسلام ص۵۷۸، خزائن ج۵ ص۵۷۸)

مختارمدعا علیہ نے دراصل میرا مفہوم ہی نہ سمجھا یا حسب عادت اپنے لفظوں میں اعتراض نقل کر کے جواب دے ڈالا۔ بہرحال میرا یہ اعتراض بالکل لاجواب اسی قسم کا ہے جو بحث کے جواب میں لاجواب ہونے کی وجہ سے نظرانداز کر دیا گیا ہے۔ مختارمدعیہ کی بحث میں یہ الہام ’’عقیدہ مثلیت کے تحت میں مذکور ہے اور نوٹس میں اسی ہیڈنگ عقیدہ مثلیت کے تحت میں اوّلاً اس سے ماقبل کا حوالہ اربعین ہے اور پھر یہ حوالہ۔

اعتراض یہ ہے کہ یہ کہنا: ’’انا نبشرک...... الخ!‘‘ یعنی ہم تجھے ایک ایسے لڑکے کی بشارت دیتے ہیں جو حق و بزرگی کو ظاہر کرنے والا ہوگا۔ گویا ہو بہو خدا آسمان سے اتر آیا۔ خدا کے ساتھ غیرخدا کو اس کے ہو بہو قرار دینا ہے جو کھلا ہوا شرک بلکہ شرک عظیم ہے۔ منشاء اعتراض کان الله کا تشبیہی لفظ ہے جو کمال تشبیہ یعنی کسی کے ہو بہو وہی ہونے پر دلالت کرتا ہے نہ کہ لفظ نزل اور نزول باری کی کیفیت و معنی پر۔ مختارمدعا علیہ نے اسی اعتراض لفظ کان تشبیہ بلیغ سے آنکھیں بند کر کے لفظ نزول کے معنی شروع کر دیئے کہ نزول سے مراد رحمت خداوندی کا نزول یا جلال و تجلی وغیرہ ہے اور اس کے واسطے تبلیغ رسالت، آئینہ کمالات، مشکوٰۃ، حاشیہ مشکوٰۃ کے پانچ حوالے نقل کئے۔ مگر یہ نہ ہوسکا۔ کان کی تشبیہ کا اعتراض کہ وہ بیٹا ایسا ہوگا جیسے ہو بہو خدا آسمان سے آ گیا۔ مرزاصاحب سے اٹھا سکتے یا اس کے متعلق کوئی بھی حوالہ دیتے۔ گویا مختارمدعا علیہ نے مرزاصاحب پر اس کفر کو بلاچون و چرا تسلیم کرلیا:

کچھ اس ادا سے کیا میں نے شکوۂ الحاد　　نگاہیں جھک گئیں ان کو نہ کچھ جواب آیا

نوٹ: چونکہ نزول کی بحث غیرمتعلق تھی، اس لئے اس کے متعلق مفصل ضرورت نہیں۔ اگر تفصیل منظور ہو تو فتح الباری و عمدۃ القاری شرح بخاری نیز نووی شرح مسلم ملاحظہ فرمائی جائے۔

## (۱۰)

## (لاجواب) متعلقہ نشان نمبر۱۰۶

(حقیقت الوحی ص۲۵۵، خزائن ج۲۲ص۲۶۷)

اس میں بھی اسی قدیمی مغالطہ سے کام لیا ہے کہ اعتراض کچھ، اور جواب کچھ۔ یہ نشان بھی عقیدہ جسمیت کے ہیڈنگ کے تحت میں پیش کیا گیا تھا اور بتلایا تھا کہ مرزاصاحب اور ان کے مرید خدا کی ذات وصفات میں جسمیت کا عقیدہ رکھتے ہیں۔ اصل نشان نمبر۱۰۶ کے الفاظ ملاحظہ ہوں۔

نشان نمبر۱۰۶: ''ایک دفعہ تمثیلی طور پر مجھے خداتعالیٰ کی زیارت ہوئی اور میں نے اپنے ہاتھ سے کئی پیش گوئیاں لکھیں جن کا یہ مطلب تھا کہ ایسے واقعات ہونے چاہئیں۔ تب میں نے وہ کاغذ دستخط کرانے کے لئے خداتعالیٰ کے سامنے پیش کیا اور اﷲتعالیٰ نے بغیر کسی تأمل کے سرخی کی قلم سے اس پر دستخط کئے اور دستخط کرنے کے وقت قلم کو چھڑکا۔ جیسا کہ جب قلم پر زیادہ روشنائی آجاتی ہے تو اسی طرح پر جھاڑ دیتے ہیں اور پھر دستخط کر دیئے اور اسی وقت میری آنکھ کھل گئی اور اسی وقت میاں عبداﷲ سنوری مسجد کے حجرے میں میرے پیر دبا رہا تھا کہ اس کے روبروغیب سے سرخی کے قطرے میرے کرتے اور اس کی ٹوپی پر بھی گرے اور عجیب بات یہ ہے کہ اس سرخی کے قطرے گرنے اور قلم کے جھاڑنے کا ایک ہی وقت تھا ایک سیکنڈ کا بھی فرق نہ تھا۔ ایک غیرآدمی اس راز کو نہیں سمجھے گا اور شک کرے گا۔ کیونکہ اس کو صرف ایک خواب کا معاملہ محسوس ہوگا۔ مگر جس کو روحانی امور کا علم ہو وہ اس میں شک نہیں کر سکتا۔ اسی طرح خدا نیست سے ہست کر سکتا ہے۔ غرض میں نے یہ سارا قصہ میاں عبداﷲ سنوری کو سنایا اور اس وقت میری آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔ عبداﷲ جو اس رویت کا گواہ ہے اس پر بہت اثر ہوا اور اس نے میرا کرتہ بطور تبرک اپنے پاس رکھ لیا۔ جو اب تک اس کے پاس موجود ہے۔'' (حقیقت الوحی ص۲۵۵، خزائن ج۲۲ص۲۶۷) محل اعتراض خط کشیدہ الفاظ ہیں خدا کو خواب یا کشف میں دیکھنا محل اعتراض نہیں۔ بلکہ یہ کہ سرخی سے دستخط کرنا اور صرف یہ بھی نہیں بلکہ روشنائی چھڑکنا اور روشنائی کا کپڑے پر گرنا۔ پھر اس کپڑے پر عالم بیداری میں روشنائی کا باقی رہنا اور پھر اسے تبرک بنا کر اس عقیدت سے رکھنا کہ یہ خدا کے قلم کی روشنائی ہے اور صرف خواب نہ سمجھنا۔ **لاحول ولاقوۃ الا باﷲ** اعتراض تو تھا یہ اس کا جواب لاجواب سمجھ کر بالکل نظرانداز کر دیا اور جواب یہ دے رہے ہیں کہ: ''بطور تمثیل خدائے تعالیٰ کو خواب میں دیکھنا ہرگز قابل اعتراض نہیں۔'' پھر اس کی تائید میں بحرالمعانی اور سوانح مولانا نانوتوی۔ دو جدید کتابوں کے حوالے درج کئے ہیں جو نہ مسل پر ہیں نہ عدالت کے سامنے آئے۔ مطالبہ پر بھی پیش نہ ہوئے۔ جواب یہاں خواب میں دیکھنے پر اعتراض کیا ہے اعتراض تو روشنائی چھڑکنے اور کپڑے پر پڑنے اور باقی رہنے اور تبرک بنا کر اس اعتقاد سے رکھنے پر کہ یہ خدا ہی کی روشنائی پڑی ہے۔ اس پر ہے جس کے ایک حرف کا ہی جواب نہ دیا بلکہ زبان پر بھی نہ لائے اور اسے بھی بالکل لاجواب مان لیا۔ درمیان میں اپنی عادت کے مطابق علماء دیوبند کثرہم اﷲتعالیٰ سوادہم اور ان کی جماعت پر ذاتیات کے حملے کئے ہیں۔ جنہیں عدالت خود ملاحظہ فرمائے۔ پھر غیرمتعلق، نزول کے حوالہ مشکوٰۃ، ترمذی، مسلم، ابن ماجہ نیز رویت کے متعلق بحرالرائق، یواقیت، بحرالمعانی کے پڑھے۔ جن کے متعلق اپنی اپنی جگہ پر آئے گا۔ مگر ان کا مقصد ان غیرمتعلق اور اکثر جدید مسل کے باہر خلاف قانون حوالوں کی بھرمار سے مقدمہ اور مسل کو طول دینا اور مدعیہ کو بلاوجہ تنگ کرنا تھا۔ **فالی اﷲ المشتکی!**

(۱۱)

## انت منی بمنزلة ولدی

خلاصہ استدلال مختار مدعا علیہ۔ یہ غلط نتیجہ نکالا گیا ہے کہ مرزا صاحب نے خدا کے بیٹے ہونے کا دعویٰ کیا ہے۔ اصل ملاحظہ ہو۔ ۱۸؍دسمبر ۱۹۳۳ء

جواباً گزارش ہے کہ میرا استدلال توڑ موڑ کر اپنے الفاظ کے رنگ میں ڈھال لیا تاکہ جواب ضابطہ کا دے کر لوگوں کو حسب عادت مغالطہ میں ڈال سکے۔ حالانکہ یہ بھی انہیں اعتراضات میں سے ہے جس کا جواب تا قیامت ناممکن ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ!

اوراس شرکیہ بلکہ عظیم الشان ناقابل عفو جرم سے جب تک مرزا صاحب کی توبہ ورجوع غیر مشتبہ الفاظ میں نہ پیش کریں کوئی بھی تاویل کام نہیں دے سکتی۔

## مختار مدعیہ کے استدلال کا خلاصہ

اوّلاً میں نے اس بحث میں بطور تمہید جرح گواہ مدعا علیہ نمبر۱۔ ۳؍مارچ سے تین آیات:

۱...... ’’قل هو الله احد الله الصمد لم يلد ولم يولد ولم يكن له كفواً احد (الاخلاص: ۱تا۴)‘‘

۲...... ’’تكاد السمٰوٰت يتفطرن منه وتنشق الارض وتخر الجبال هداً ان دعوا للرحمن ولداً وما ينبغى للرحمن ان يتخذ ولدا (مریم: ۹۰تا۹۲)‘‘

۳...... ’’وقالوا اتخذ الرحمن ولدا لقدجئتم شيئاً اِدّا (مریم: ۸۸، ۸۹)‘‘

نقل کی ہیں اور ترجمہ بھی گواہ نمبر۱ ہی کا پیش کیا ہے۔ اوّل کا ترجمہ نقل کرنے کی ضرورت نہیں۔ دوسری کا ملاحظہ ہو: ’’قریب ہے کہ آسمان پھٹ جائیں اور زمین شق ہو جائیں اور پہاڑ گر پڑیں۔ اس وجہ سے کہ انہوں نے خدا سے رحمان کے لئے بیٹا پکارا۔ حالانکہ رحمٰن کی شان کے لائق نہیں کہ وہ بیٹا بنائے۔‘‘

تیسری کا ترجمہ بھی واضح ہے۔

پھر یہ عرض کیا گیا ہے کہ گفتگو صرف اس میں ہے کہ خدا کی شان گرامی میں لفظ ولد استعمال جائز نہیں لفظ طفل وغیرہ میں بحث نہیں کیونکہ ولد تین طور سے استعمال ہوتا ہے۔

۱...... خدا تعالیٰ عیاذاً باللہ واقعی ولد جنے اسے پہلی آیت نے منع کیا اور توحید کے منافی ٹھہرایا۔

۲...... واقعی جنا نہیں مگر خارج سے منہ بولا بیٹا مجازاً بنا کے ولد اور بمنزلۃ ولد لفظ استعمال کیا اس کو آیت نمبر۳ نے روک دیا اور شان کبریائی کے خلاف اور منافی توحید قرار دیا۔

۳...... نہ خدا نے ولد جنا نہ خارج سے مجاز کسی کو بمنزلۃ ولد کے بنایا۔ بلکہ کسی معنی سے کسی نے خدا کی طرف نسبت ولد کی گو تاویلاً مجازاً صحیح اس کو بھی نہایت شدومد سے آیت نمبر۲ نے باطل قرار دیا۔ گویا لفظ ولد کے استعمال کی خدا نسبت جس قدر بھی صورتیں ہوسکتی تھیں، انہیں باطل اور عظیم الشان قرار دیا جس کا اقرار گواہ مدعا علیہ نمبر۱ جرح ۲؍مارچ ۱۹۳۳ء میں کر چکا ہے۔ جیسا کہ جرح میں انہیں آیات کے بعد اقرار کیا ہے کہ: ’’یہ آیات جامع ہیں ان تمام اقسام ولد کو جو جائز نہیں نسبت کرنا ان کا خدا کی طرف۔‘‘

اس کے بعد ’’انت منی بمنزلة ولدی‘‘ ’’تو مجھ سے بمنزلہ میرے فرزند کے ہے۔‘‘ (حقیقت الوحی ص۸۶، خزائن ج۲۲ ص۸۹) پیش کر کے یہ ثابت کیا ہے کہ خواہ خدا نے جنا ہو یا نہ، حقیقی معنی ہوں یا مجازی صرف یہ نسبت لفظ ولد کی گوزبانی ہوا عتقاداً نہ ہو ہرگز برداشت نہیں ہوسکتی اور کبھی بھی ایمان قائم نہیں رہ سکتا بلکہ اس نسبت میں گومجازی ہو زیادہ احتمال گمراہی بندگان خدا کا ہے۔ اس لئے اسے اور بھی شدومد سے قرآن حکیم نے ذکر فرمایا: ’’تکاد السمٰوٰت یتفطرن منه وتنشق الارض وتخر الجبال هداً ان دعوا للرحمن ولداً (مریم: ۹۰تا۹۲)‘‘

اور یہ بھی دعویٰ کیا ہے کہ مذکورہ بالا تینوں استعمال یا کسی طرح یہ لفظ ولد آج تک کسی مسلمان کسی عالم، ولی، ابدال، قطب، غوث، نبی، رسول حتیٰ کہ خاتم الانبیاء نے باوجود حبیب خدا ہونے کے نہ اپنے لئے نہ کسی اور کے لئے استعال کیا۔ بلکہ تمام عمر تردید فرمائی۔ خداتعالیٰ نے اپنے کسی پیارے حتیٰ کہ حبیب پاک، صاحب لولاک ﷺ جس سے زائد کوئی اللہ کا پیارا نہیں ہوسکتا۔ خود بھی فرماتے ہیں: ’’انا اکرم ولد بنی آدم ولافخر‘‘

جن کے کمال پیار وتقرب کا نظارہ شب معراج کے نقشہ سے فرمائیں۔ خدا نے آپ کے واسطے بھی بمنزلہ ولدی کا لفظ نہ فرمایا۔ دعویٰ یہ تھا کہ لفظ ولد کی نسبت ایک محاورہ بھی گومجازاً ہو مسلم یا غیر مسلم کا ہو آدم علیہ السلام سے قیامت تک کسی سے دکھادیں۔ مگر بحمداللہ! نہ دکھا سکے۔ لہٰذا لاجواب ہے۔

اسی وقت میں نے یہ پوزیشن صاف کردی تھی کہ طفل وغیرہ الفاظ میں گفتگو نہیں کہ مثنوی سے:

اولیاء　اطفال　حق　اند　اے　پسر

یا اور اسی قسم کے الفاظ کے محاورہ پیش کروائے جائیں۔ مگر پھر بھی ان کی آڑلی اور مندرجہ ذیل تاویلات رکیکہ کیں بھی عدالت خود جواب بحث اصل بحث سے ملاکر ملاحظہ فرمائے۔

کہیں ایک استعمال بھی لفظ ولد کا فرضی ہی نکل آئے تو ہمارا استدلال باطل ورنہ باوجود صفحہ سیاہ کرنے کے یہ اعتراض بھی بالکل لاجواب ہی رہے گا۔ کیونکہ منشاء اعتراض کو ہاتھ بھی نہ لگا یا جواب کیا دے سکتے۔

## خلاصہ تاویلات

۱...... ’’فاذکروا اللہ کذکرکم اٰبآءکم (البقرۃ:۲۰۰)‘‘ مجازی طور پر اب معنی باپ کے قائم مقام رکھ کر اسے باپوں کی طرح یاد کرنے کا حکم فرمایا ہے تو یاد کرنے والوں کو استعارہ کے رنگ میں ولد اور ابن کے قائم مقام نہ ہونے کی کیا وجہ۔

۲...... مرزاصاحب نے استعارہ کے رنگ میں اسے بمعنی طفل استعال کیا ہے اور اطفال حق کے الفاظ اولیاء کے حق میں استعال ہوئے ہیں۔

۳...... کوئی کسی کو اخی اور ولد احتراماً کہہ دے تو اس کا وارث نہ ہوگا۔ معلوم ہوا کہ ولد احتراماً وتقرباً بولتے ہیں۔ (یواقیت)

۴...... فوزالکبیر شاہ ولی اللہ صاحب ازالہ اوہام مولانا رحمۃ اللہ صاحب مہاجر مکی سے لفظ ابن کے مجازی استعال بمعنی عزیز نقل کیا۔

۵...... مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی سے بحوالہ حجۃ الاسلام نقل کیا کہ جیسے رعیت کے لوگ اپنے حاکموں اور بادشاہوں کو بوجہ مزید التفات ماں باپ کہہ دیا کرتے ہیں۔ ایسی ہی اگر گاہ بگاہ (کسی حالت میں) کسی بزرگ نے خداتعالیٰ کو باپ کہہ دیا تو اس کے بھی یہی معنی ہوں گے کہ خدائے تعالیٰ ان پر مہربان ہے نہ حقیقی ابوت ونبوت...... الخ!

اوّلاً مجھے جواب کیا اس کی طرف توجہ کی بھی ضرورت نہیں۔ کیونکہ ایک حوالہ میں بھی لفظ ولد جس میں گفتگو ہے استعال ہی نہیں اور نہ ساری دنیائے اسلام میں ایک نظیر مل سکتی ہے۔ کسی بزرگ نے سکر اور جذب کے حال میں بلااختیار بھی اسے استعال نہ فرمایا۔

جیسا کہ عدالت حوالہ جات بالا سے ملاحظہ فرما سکتی ہے۔

پھر بھی چونکہ دوسرے رنگ میں ان بزرگوں کے (اللہ ہمارا اور آپ کا حشر ان کے ساتھ فرمائے) دامن تقدیری کہ مرزا صاحب کی آڑ لے کر آلودہ کرنے کی سعی کی گئی ہے اور باری تعالیٰ نے بزرگوں کی ناموس کے حفاظت کرنے والے کے لئے میدان حشر میں حفاظت ناموس کا زبردست وعدہ فرمایا ہے۔ اس تقرب وثواب کی نیت سے جواب عرض ہے۔ اللہ تعالیٰ قبول فرما کر ذخیرۂ آخرت فرمائیں۔

## جوابات مرتب

۱...... پہلی آیت سے یہ مراد لینا کہ استعارہ کے رنگ میں خداتعالیٰ کا ذکر کرنے والے ولد ہوگئے۔ صرف مختار مدعا علیہ کی خوش فہمی ہے عدالت خود ملاحظہ فرمائے کہ کہیں دور کا بھی اس سے تعلق نہیں۔ ترجمہ آیت اور مطلب کسی بھی مترجم قرآن اور اردو تفسیر سے دیکھ لیا جائے تاکہ اس ترجمہ اور مطلب کی خیانت بھی واضح ہو جائے۔

واقعہ صرف اس قدر ہے کہ اہل مکہ ایام جاہلیت میں مکہ معظّمہ کے مخصوص مقامات پر بڑے شدومد بڑے فخر ومباہات کے ساتھ اپنے آباؤ اجداد کے محامد ومناقب ذکر کیا کرتے تھے۔ اللہ نے یہ حکم فرمایا کہ جس طرح تم شدومد سے اپنے آباؤ اجداد کا ذکر کرتے تھے۔ بجائے اس کے اس اہتمام سے اللہ کا ذکر کرو۔ بلکہ اس سے زائد شدومد سے ''فاذکروا اللہ کذکرکم اٰبآء کم او اشد ذکراً'' مختار مدعا علیہ نے دیدہ ودانستہ آیت کا آخری ٹکڑا کاٹ کر نقل کیا تاکہ مغالطہ دے سکے اور اصل حقیقت بے نقاب نہ ہو۔ تقریباً اکثر حوالے ایسے ہی بے ربط قطع وبرید سے پر کئے گئے ہیں۔ جیسا کہ بحث میں گزر چکا۔

۲...... نمبر۴ میں لفظ طفل یا اطفال یا ابن بمعنی عزیز استعمال ہونے سے لفظ ولد کا استعمال جو ولادت اور تولد کے معنی کو مشعر تھے، ہرگز ثابت نہیں ہوسکتا۔ نہ ہمارے مدعا پر اس سے کوئی زد آتی ہے۔

پھر بھی لفظ ولد، طفل، ابن کا فرق پیش کرتا ہوں۔ لفظ ولد لغت میں جننے کے معنی میں آتا ہے۔ چنداں حوالہ درکار نہیں۔ ولادت یا تولد کے محاورہ سے ہے۔ اسی وجہ سے کسی طور پر خدا کی طرف منسوب نہیں ہوسکتا۔

(الف) اور لفظ طفل طفولت سے ماخوذ ہے جس کے اصل معنی جننا نہیں، بلکہ نازپروردہ کے ہیں۔ ملاحظہ محاورہ ''طَفُلَ طُفالةً وطُفُولةً'' نرم ونازپروردہ گروید۔ (منتہی الارب)

پس طفل بمعنی نازپروردہ اولیاء اللہ کے حق میں مستعمل ہے جس میں جننے کی طرف لغوی بھی اشارہ نہیں اور کون اولیاء اللہ کے نازپروردہ بارگاہ ایزدی ہونے سے انکار کرسکتا ہے۔ ان کے نازپروردہ مسلم کرنے کے واسطے ان کے حالات وتذکروں کا مطالعہ بہ نیت تقرب کرکے دیکھا جائے کہ دل نور اور سرور سے کس قدر معمور ہوتا ہے۔ میں تو اختصاراً آیتیں اور حدیثیں تبرکاً بلاترجمہ نقل کرتا ہوں۔

۱...... ''الا ان اولیآء اللہ لا خوف علیھم ولا ھم یحزنون (یونس:۶۲)''

۲...... ''ان الذین قالوا ربنا اللہ ثم استقاموا تتنزل علیھم الملآئکة ان لا تخافوا ولا تحزنوا وابشروا بالجنة التی کنتم توعدون (حم السجدة:۳۰)''

۱...... ''(قال ﷺ) من عاد لی ولیا فقد اٰذنتہ بالحرب (الحدیث القدسی مشکوٰة)''

۲...... ''رب مغبر مدفوع بالابواب لو اقسم علی اللہ لابرہ (مشکوٰة، ترمذی)''

بس مختصراً اتنا کافی ہے ورنہ مقربان الٰہی کے تذکروں کو تو زمین وآسمان کے دفاتر بھی کافی نہ ہوں گے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم ورضوا عنہ:

طوفان نوح علیہ السلام لانے سے اے چشم فائدہ　　دو اشک بھی بہت ہیں جو کچھ فائدہ کریں

(ب) ابن جس کی اصل بنو یا بنی ہے جو بنا سے ماخوذ ہے جس کے معنی کسی چیز کے بنانے یا اس کے ہم معنی کے ہیں۔ بیٹا بھی باپ کی مجازی ساخت ہے۔ لہٰذا اس کی طرف منسوب ہوا اور یہ ابن یا بنت کا لفظ ولادت اور جننے کے معنی میں لغت عرب میں ملنا دشوار ہے۔ بخلاف اس کے نہ صرف عربی بلکہ اردو فارسی میں بھی کثرت سے دوسرے معنی میں مستعمل ہے۔ ملاحظہ ابن الوقت، ابناء الزمان، ابن الارض، ایک قسم کی ترکاری ہے، بنت الکرم، بنت الرز، شراب، نبات الدہر، حوادث زمانہ، نبات الفکر اشعار، نبات اللیل حوادث وغیرہ وغیرہ۔ ملاحظہ ہو قاموس لسان العرب، تاج العروس وغیرہ۔

## ایک ضمنی اعتراض کا جواب

رہا یہ کہ عیسیٰ علیہ السلام کے لئے ابن اللہ کہنے والے کافر ٹھہرائے گئے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ وہی لوگ ہیں جو انہیں ولد کہتے ہیں اور ان کا مذہب و اصطلاح متعین ہے کہ ولد کی نسبت وہ جائز سمجھے ہیں۔ لہٰذا اس قرینہ سے ان کا لفظ ابن بمعنی ولد مراد ہو کر کفر ہو جائے گا۔ جیسے کہ مرزا صاحب استعمال اور خدا کی طرف نسبت جائز سمجھتے ہیں۔ لہٰذا ان کا لفظ ابن استعمال کرنا بھی سراسر کفر ہوگا۔ بخلاف ان مسلمانوں کے جو ولد کی نسبت خدا کی طرف کسی طرح بھی جائز نہیں سمجھتے۔ اگر کسی حال میں لفظ ابن استعمال کر جاتیں۔ گو ایسا کرتے نہیں تو بمعنی عزیز و مخلوق لیا جا سکتا ہے۔ کیونکہ مراد متکلم خارجی قرائن سے متعین ہے۔ مگر لفظ ولد میں جو صریح ہے کوئی قرینہ درکار نہیں۔ قرینہ کنایات وغیرہ میں درکار ہوتا ہے۔

## پانچویں تاویل کا جواب

حضرت حجۃ الاسلام مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی کا حوالہ اس سے بالکل غیر متعلق ہے۔ اس میں تو صرف اس قدر ہے کہ اگر کوئی ولی مقرب بارگاہ جس پر اللہ تعالیٰ کی مخصوص نظر عنایت ہو اور اس خصوصی التفات کی وجہ سے کبھی کسی مخصوص حال اور سکر میں خدا کی نسبت لفظ اب استعمال کر جائے تو اسے کفر نہ سمجھو۔ نہ حقیقی معنی مراد لو، دیکھو تمہارے بول وچال میں بوجہ کثرت التفات بادشاہ و سلطان کو کہہ دیتے کہ تم ہمارے ماں باپ ہو یعنی بڑے مہربان۔ اسی طرح اسے سمجھو۔

یہاں کہیں لفظ ولد کا جو مابہ النزاع ہے پتہ تک نہیں۔ پس ثابت ہو گیا کہ یہ محاورہ بہ تصریح قرآن اور بہ اجماع امت کفر و شرک و باطل ہے۔ اس کا کوئی جواب اور کوئی تاویل بھی نہیں ہو سکتی۔ اللہ ہدایت اور توفیق توبہ مرحمت فرمائے۔ باقی اس میں ہماری اور فریق کی نسبت جو تیز کلامی ہے۔ اس کا جواب صرف اس قدر ہے کہ اللہ انہیں ہدایت اور شریفانہ اخلاق کی توفیق مرحمت فرمائیں۔　　(ابوالوفاء)

نوٹ: یہ بھی یاد رہے کہ ایسے الفاظ خدا کی نسبت استعمال کرنا جن پر شریعت شاہد نہ ہو زندقہ سے خالی نہیں اور نہ صرف علماء ظواہر کی رائے ہے بلکہ سید الطائفہ غوث اعظم سید عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ جو امام الصوفیہ اور ان کے پیشواء ہیں فرماتے ہیں۔ ''**کل حقیقة لاتشهد لها الشريعة فهي زندقته**'' جس حقیقت پر شریعت شاہد نہ ہو چھپا ارتداد و الحاد ہے۔ فتوح الغیب مقالہ نمبر۱۰ یہ اصول ملحوظ خاطر رہے دوسرے مقامات پر بھی کار آمد ہے۔　　(ابوالوفاء)

(۱۲)

## اسمع ولدی

اس کو چونکہ جرح میں صاف کر لیا تھا اور یہ حوالہ (البشریٰ ص۶۹) عدالت نے نوٹ نہیں کیا تھا۔ بحث کے وقت مختار مدعا علیہ خود ہی کہتے تھے کہ اسے بھی پیش کرو۔ مدعیہ کے مختار اور عدالت نے کہا کہ جب وہ کوئی نہیں تو کیوں پیش کیا جائے اور ادھر سے پیش نہ ہوا۔ پھر بھی مختار مدعا علیہ نے محض طول دینے کے لئے کہ وقت گزاری ہو بلاوجہ اسے بھی لکھ دیا۔

ہم صرف ان کی تسلی کے لئے نہ کہ جواب کے طور پر کہتے ہیں کہ یہ بھی مختار مدعا علیہ کا مغالطہ ہے یہ تو کہتے رہے کہ مؤلف نے اس کے خلاف اعلان شائع کر دیا ہے۔ مگر باوجود شدید مطالبہ کے جرح میں پیش نہ کر سکے کہ جرح سے اس کی حقیقت کھل جاتی اور خود بابو منظور الٰہی نے آخری ایڈیشن میں جو حال میں شائع ہوا ہے۔ ایک صحت نامہ دیا ہے اس میں بھی اس کی اصلاح نہیں۔ اب یہ کہنا کہ اصل منقول عنہ میں نہیں یہ بھی زیادہ قابل لحاظ نہیں مختلف ایڈیشنوں میں الفاظ کا ہیر پھیر بھی ممکن ہے۔ جرح میں شہادت کے وقت پیش کرتے تو معلوم ہوتا جو لوگ مسلمانوں کی مسلم کتابوں میں قطع و برید کریں۔ ان کا اپنے گھر کی کتابوں میں کیا اعتبار کہ محمودی قادیانی پارٹی مرزا صاحب کے تصانیف وعقائد میں روز تبدیلیاں کرتی رہتی ہے۔ عدالت چاہے تو میں خود مہیا کر کے پیش کر سکتا ہوں اور یہ کتاب لاہوری جماعت کے آدمی کی مرتب کی ہوئی ہے۔

پھر یہ بھی ہوسکتا کہ جب ہماری طرف سے مناظروں اور مقدمات میں گرفت ہوئی اور اعتراض ہوا تو اس سے پروپیگنڈا کے واسطے کوئی تحریر شائع کرا دی ہو وہ ہمیشہ حجت نہیں۔ ہم نے تو کتاب پیش کی ہے۔

نیز جرح میں گواہان مدعا علیہ نے یہ کہہ کر اس البشریٰ کو ٹال دیا کہ جب تک اصل کتاب منقول عنہ سے نہ پیش ہو ہم پر حجت نہیں اور خود کتنے حوالے اسی سے بحث میں پیش کئے جو معائنہ مثل سے واضح ہوں گے۔

## (۱۳)

## اخطی واصیب

خلاصہ استدلال مختار مدعا علیہ (۴) امور ہیں۔

۱...... مرزا صاحب کی یہ نیت نہیں ظاہر معنی مراد نہیں ہے۔

۲...... اس کا تشریحی نوٹ نیچے لکھا ہے۔

۳...... حدیث میں لفظ تردد خدا نے استعمال ہے۔

۴...... مرزا صاحب کے الہام میں **ان ربی لا یغل ولدینی ولا یخفی علی اللہ خافیہ . وانہ یعلم الرو اخفی** ......الخ! وغیرہ بھی موجود ہیں جو خدا کے قدس وتنزہ پر دال ہیں۔

<u>جواب:</u> میری غرض یہ نہیں کہ کیا مراد لیا مطلب تو یہ ہے کہ خدا تعالیٰ کی نسبت ایسے الفاظ استعمال کرنا جو کسی بعید یا اپنے ظاہری معنی سے اس کی شان گھٹاتے اور شایان شان نہ ہوں ہرگز جائز نہیں بلکہ سراسر توہین اور اس کی جلال توحید کے خلاف ہے۔

مرزا صاحب یا مختار مدعا علیہ کی نسبت کیسی تاویلی معنی سے لفظ خطاء وغلطی کو منسوب کیا جائے تو چراغ پا ہو جائیں اور جوابات دیں۔ مگر خدا کی طرف منسوب کر کے تاویلیں نکالیں۔ پھر جس اصل مذہب اس کے اس قدر مندرجہ بالا صریح اور لا جواب کفریات سے واضح ہو چکا ہے۔ اس کے لئے تو کسی تاویل کی گنجائش نہیں۔ مختار مدعا علیہ نے اس ہیڈنگ کا حوالہ اس ہیڈنگ کے تحت اور اس کا اس کے تحت خلط ملط کر کے اسی لئے جواب دیا ہے تاکہ میری قائم کردہ ترتیب میں جو صریح قرائن ہیں وہ مختلط ہو کر عدالت کی توجہ سے اوجھل ہو جائیں اور وہ مغالطہ دہی میں کامیاب ہوسکیں۔ بہرحال میرا یہ اعتراض بھی صرف لفظ خطا کی خدا کی طرف نسبت کرنے پر تھا۔ جو بھی نیت ہو صریح لفظ اور توہین میں نیت کا اعتبار نہیں۔

اس کا جواب تو یہ تھا کہ کسی آسمانی کتاب وصحیفہ وکسی حدیث یا بزرگ یا ادنیٰ سے ادنیٰ مسلمان کے استعمال میں دکھا دیتے کہ اس نے خدا تعالیٰ کی نسبت لفظ خاطی یا خطا کا استعمال کیا ہے اور میں عدالت کو یقین دلاتا ہوں کہ کہیں بھی خدا کی طرف خطا کی نسبت سوائے مرزائی لٹریچر کے نہیں مل سکتی۔ کیونکہ ایسے جاہ جلال ''فقال لمایرید علام الغیوب'' کی نسبت کوئی ایسا شخص جو اپنے آپ کو بندہ کہتا ہو اور اسے مالک سمجھتا ہو کیونکر کر سکتا ہے۔

اور پھر یہ کہے کہ یہ خدا کا الہام ہے ایسے الہام رحمانی نہیں بلکہ شیطانی ہوتے ہیں۔ جیسا کہ فتوحات وغیرہ میں مذکور ہیں ان کو حکایۃً نقل کرنے سے ہی رونگٹے کھڑے ہوتے ہیں۔ ''حاشاللہ عیاذاً باللہ. ثم عیاذاً باللہ''

خدا بھی خطا کرنے لگ جائے تو صواب پھر کون کرے گا۔ ہمارے نزدیک تو نبی بھی معصوم اور ولی بھی محفوظ ہوتا ہے۔ جب کہ اس لفظ خطاء کی نسبت جو صراحۃً تنقیص جلال توحید ہے۔ ایک محاورہ بھی نہ پیش ہوسکا تو گو اور بہت سے غیر متعلق حوالوں سے کاغذ سیاہ کیا ہو یہ اعتراض بھی لاجواب ہی رہا۔ یہاں نیت اور مراد پر اعتراض ہی نہ تھا۔ بلکہ استعمال لفظ پر تھا جو بدستور قائم ہے۔

## تاویلات رکیکہ پر ایک سرسری نظر

گو اس توضیح کے بعد ہمیں مدعا علیہ کی پیش کردہ تاویلات کی طرف توجہ کرنے کی بھی ضرورت نہ تھی۔ مگر اس کے شائع ہونے پر کوئی ناسمجھ انسان مغالطہ میں پڑ جائے۔ اس لئے اس کی حقیقت بے نقاب کرنا بھی ضروری ہے۔ پس مختصراً یہ گزارش ہے۔ (ابوالوفاء)

تاویل مختار مدعا علیہ

۱...... اس کا تشریحی نوٹ نیچے لکھا ہے۔

جواب: نوٹ کے ابتدائی الفاظ میں: ''اس وحی الٰہی کے ظاہری الفاظ یہ معنی رکھتے ہیں کہ میں خطاء بھی کروں گا اور صواب بھی۔'' پھر تردد کی مثال دے کر لکھتے ہیں کہ: ''اسی طرح یہ وحی الٰہی کہ کبھی میرا ارادہ خطا جاتا ہے اور کبھی پورا ہو جاتا ہے اس کے یہ معنی ہیں کہ میں کبھی اپنی تقدیر وارادہ کو منسوخ کر دیتا ہوں اور کبھی وہ ارادہ جیسا کہ چاہے ہوتا ہے۔'' (حقیقت الوحی ص۱۰۳، خزائن ج۲۲ ص۱۰۶)

عبارت بالا کے خط کشیدہ الفاظ خصوصیت سے قابل توجہ ہیں۔

ہمارا اعتراض ان الفاظ کی نسبت اور ظاہری معنی پر ہے جو مرزا صاحب کو بھی مسلم ہیں کہ: ''میں خطاء بھی کروں گا۔'' یا یہ کہ: ''کبھی میرا ارادہ خطاء ہو جاتا ہے اور کبھی پورا ہوتا ہے۔''

باقی جو تاویل کی ہے وہ خود ایک مستقل کفر اور عظیم الشان کفر ہے۔ اوّلاً الفاظ مکرر ملاحظہ ہوں۔

کبھی میں اپنی تقدیر وارادہ کو منسوخ کر دیتا ہوں اور کبھی وہ ارادہ جیسا کہ چاہا ہوتا ہے۔''

## تفصیل کفریات

۱...... پہلا کفر اس میں یہ ہے کہ خدا کے ارادہ کو منسوخ اور ایسا مانا ہے کہ کبھی نہیں بھی ہوتا ہے۔ حالانکہ یہ صریح نص قرآن کے خلاف اور سراسر کفر ہے۔ ''قال اللہ تعالیٰ: انما امرہ اذا اراد شیئاً ان یقول لہ کن فیکون'' کہ اس کے امر کا یہ حال ہے کہ جب بھی کبھی کسی چیز کا ارادہ بصورت کن کرتا ہے وہ چیز فی الفور ہو جاتی ہے۔

یعنی اس کے ارادہ اور چیز کے ہونے میں کوئی وقفہ ہی نہیں ہوتا کہ منسوخ یا کبھی نہ پورا ہونے کا احتمال ہو اور یہ مطلب کہ ارادہ کے ساتھ ہی فی الفور ہو جانا یواقیت والجواہر میں جو ان کے بھی مسلم امام عبدالوہاب شعرانی کی ہے موجود ہے۔ مزید برآں مرزا صاحب کو بھی یہ مسلّم ہے اس آیت کا ترجمہ مندرجہ (جنگ مقدس ص۱۸، خزائن ج۶ ص۱۰۱) ملاحظہ ہو: ''حکم اس کا (یعنی خدا کا) اس سے زیادہ نہیں کہ جب کسی

چیز کے ہونے کا ارادہ کرتا ہے اور کہتا ہے ہو جا پس ساتھ ہی وہ ہو جاتی ہے۔‘‘
مختار مدعا علیہ نے بھی بحث’’انما امرک...... الخ!‘‘ کے تحت میں مانا ہے کہ خدا کے کن وارادہ ہمیشہ متیقن ہوتا ہے۔ پس یہ مانا کہ کبھی اس کا ارادہ پورا نہیں ہوتا کھلا ہوا کفر ہے۔

۲...... دوسرا کفر اس میں یہ ہے کہ:’’کبھی وہ ارادہ جیسا کہ چاہا ہوتا ہے۔‘‘ یہ ماننا کہ کبھی اس کا ارادہ جیسا چاہا ہوتا ہے اور کبھی جیسا چاہا نہیں ہوتا مسلم کفر ہے۔ یہ تو انسان کا حال ہے۔ جیسا چاہا ہو کبھی ہو کبھی نہ ہو خدا تو وہ ہے کہ جب بھی جو چاہے جیسا چاہے فی الفور ویسا ہی ہو یہی معنی ان اللہ علی کل شئ قدیر کے ہیں۔ قدیر کہتے ہی اسے ہیں جو چاہے جیسا چاہے ویسا ہی ہمیشہ ہوا گر ہمیشہ نہ ہو یا ویسا نہ ہو تو قدیر کا لفظ استعمال نہیں ہوسکتا۔ اس لئے یہ صفت مختص باری تعالیٰ ہے۔ ملاحظہ ہو تفسیر بیضاوی تحت آیت:’’ان اللہ علی کل شئ قدیر. والقادروھو الذی ان شاء افعل وان لم یشاء لم یفعل والقدیر الفعال لما یشاء وعلی مایشاء ولذلک فلما یوصف بہ غیر الباری تعالیٰ‘‘ یعنی قدیر جو فعال ہے کہ جو چاہے اور جیسا چاہے کرے اس لئے غیر خدا کی یہ صفت نہیں ہوسکتی۔

۳...... تیسرا کفر...... یہ کہ خدا کا ارادہ منسوخ اور نہ ہونے والا کہا حالانکہ ارادہ منسوخ ہی نہیں ہوسکتا۔ نسخ صرف وقتی احکام کے اپنے وقت پر ختم ہوجانے کو کہتے ہیں۔ جیسے آج کل کی اصطلاح میں ہنگامی آرڈیننس کہا جاتا ہے۔ نسخ صرف احکام میں ہوتا ہے اختیار قدرت، ارادۃ، عقائدوذات، صفات باری تعالیٰ میں ماننا کفر ہے۔ ملاحظہ ہو۔ معنی نسخ وحکم نسخ کے واسطے بیضاوی تحت آیت:’’ماننسخ من آیۃٍ...... الخ!‘‘ اور بیان نسخ شرح عقائد شرح مواقف وشرح مقاصد وغیرہ۔

۴...... چوتھا کفر آیت:’’انما امرک اذاارادہ...... الخ!‘‘ کے مفہوم کی مخالفت اعتقادی۔

۵...... پانچواں کفر صفت قدیر کا انکار۔

## لفظ تردد کی آڑ

اس لفظ اور لفظ خطاء میں بڑا فرق ہے تردد صرف تأمل کا نام ہے اور یہ توہین کے حق میں ایسا صریح نہیں۔ جیسا کہ لفظ خطا کہ ایسی صریح توہین پر دال ہے کہ انسان کے واسطے بھی اگر اس نے ارتکاب خطاء نہیں کیا۔ اس کا استعمال کیا جرم ہے کہ بخلاف کسی معاملہ میں ترددوتأمل۔
باقی اس حدیث کی شرح کا یہ موقع نہیں۔ اس کی شرح کے واسطے اس کے تحت۔ فتح الباری وعمدۃ القاری شرح بخاری علامہ حافظ ابن حجر مکی وعلامہ حافظ بدرالدین عینی یا نووی شرح مسلم ملاحظہ فرمائیں۔ اگر اس میں کوئی لفظ خطاء یا اس کا ہم معنی ہوتا تو زیادہ تفصیل کی جاتی۔

## مرزاصاحب کے بعض الہام بطور شرح

باقی مرزاصاحب کے یہ الہام:’’ان ربی لایضل ولاینسیٰ. لایخفیٰ علی اللہ خافیہ. انہ یعلم السرواخفی...... الخ!‘‘ جو (اربعین نمبر۲ص۳۶، خزائن ج۱۷ص۳۸۴، البشریٰ ج۱ص۳۳، البشریٰ ج۲ص۵۸) سے پیش کئے تو یہ تو قرآن پاک کی آیات ہیں جو بطور الہام مرزاصاحب مکرر نقل کرتے ہیں اس سے ان کے عقیدہ کو کیا تعلق۔

(۱۴)

## الارض والسمآء معک کما ھو معی

خلاصہ جواب مختار مدعا علیہ

۱...... ’’ھو اس تاویل سے واحد ہے کہ اس کا ترجمہ مخلوق ہے۔‘‘ (سراج منیر ص۴۷، خزائن ج۱۲ص۸۳)

۲...... ’’ھو کی خبر واحد بتاویل مافی السمٰوٰت والارض ہے۔‘‘ (براہین حصہ چہارم ص ۴۸۷، خزائن ج ۱ ص ۵۷۹)

’’گواہ مدعیہ نمبر۱ نے اس الہام سے مرزاصاحب پر یہ بہتان باندھا ہے کہ گویا مرزاصاحب نے اس الہام سے اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ کی طرح حاضروناظر جانا ہے۔ حالانکہ نہ تو مرزاصاحب کا عقیدہ ہے کہ آپ اللہ تعالیٰ کو...... الخ!‘‘

۳...... اس الہام کا وہ مطلب ہے جو (براہین حصہ پنجم ص ۶۱، خزائن ج ۲۱ ص ۷۸) پر ہے۔

۴...... اس کا مطلب یہ ہے کہ زمین وآسمان سے آپ کی صداقت کے نشانات ظاہر ہوئے:

آسمان بارد نشان الوقت مے گوید زمین...... الخ!　تونے طاعون کو بھی بھیجا میری نصرت...... الخ!

۵...... ’’اس قسم کی معیت سے شرک مراد لیا حد درجہ کی نادانی ہے۔ کیونکہ اگر اس سے شرک لازم آیا تو جو خدا کی معیت کا مدعی ہو زیادہ مشرک ہونا چاہئے۔‘‘ الخ (آیات)

۶...... ’’مشابہت تامہ مراد نہیں۔ بلکہ یہ ہے کہ صداقت کے نشان ہیں۔‘‘

۷...... ’’اس میں حاضروناظر ہونا مراد لینا بعید از عقل نہیں بلکہ پرلے درجہ کی جہالت کا مظاہرہ کرنا ہے۔‘‘

جواب:

۱...... یہ گواہ نمبر۱ مدعیہ کا ہرگز استدلال نہیں۔ عدالت خود گواہ نمبر۱ مدعیہ کا بیان ملاحظہ فرمائے۔ وہاں اس تقریر کا نام ونشان بھی نہیں۔ اور دراصل جو اس سے استدلال کیاگیا ہے اور بحث میں متعدد مرتبہ تذکرہ آیا وہ یہ ہے کہ خداتعالیٰ جس طرح اپنی ذات میں یکتا ہے۔ ان ہی صفات اور تمام امور میں۔ پس کسی چیز کی خدا سے تشبیہ دینا خواہ وہ کسی قسم کی تشبیہ ہو موہم تنقیص وشرک ہے اور دوسرے مشرکانہ عقائد کی روشنی اور متکلم کے دیگر اقوال کے قرینہ سے یہ بھی ایک مشرکانہ عقیدہ ہو جائے گا۔

اس الہام میں کہ: ’’الارض والسماء معک کماھو معی‘‘ یعنی زمین وآسمان تمہارے (یعنی مرزاصاحب کے) ساتھ ویسے ہی ہیں جیسے کہ وہ میرے ساتھ۔

کسی قسم کی معیت ہو خواہ علمی خواہ کوئی اور، جس طرح خدا کے ساتھ کوئی چیز ہے، اسی طرح کسی اور سے معیت ثابت کرنا خدا کے ساتھ شرک نہیں تو توحید کا کون سا حصہ ہے۔

## مفصل جواب تاویلات

۲...... مختار مدعاعلیہ نے اوّلاً ضمیر ’’ھو‘‘ کی بحث کی کہ مخلوق مراد ہے...... الخ!

جواب: جواب خواہ مخلوق مراد ہو یا ہرایک زمین وآسمان اعتراض تشبیہ کا کہ خدا جیسی معیت کو بدستور باقی اور شرک ثابت کرنے کو کافی ووافی ہے۔

۳...... (براہین حصہ پنجم ص ۶۱، خزائن ج ۲۱ ص ۷۸) پر عدالت خود ملاحظہ فرمالے۔ اس الہام کا کوئی مطلب بیان نہیں کیاگیا۔ اس سے استنباط بھی نہیں ہوسکتا البتہ مختار مدعاعلیہ کی خوش عقیدگی سے یہ مطلب اگر نکلتا ہو تو وہ نہ کسی پر حجت ہے نہ مرزاصاحب کی مراد۔

۴...... یہ کہنا کہ اس سے مراد صداقت کے نشان ہیں اور چند مثالیں دینا محض غلط ہیں۔ یہ تمام صداقت کی مثالیں محض غلط اور جھوٹ اور خداتعالیٰ پر افتراء ہیں۔ مرزاصاحب کی صداقت کا ایک نشان بھی مدۃ العمر صداقت کی کسوٹی پر نہ اترا موضوع بحث نہیں۔ ورنہ مفصل عرض کرتا۔ نیز اس کھلے ہوئے مشرکانہ عقیدہ سے مراد صداقت کا نشان قرار دینا صرف مختار مدعاعلیہ کی ذاتی اور غلط رائی ہے یہ تو ایسا مشرکانہ قول ہے کہ اسلام میں ہم کیا ہمارے باپ دادا نے نہ سنا ہوگا۔

یہ صداقت کی دلیل ضرور ہیں مگر مرزا صاحب کی نہیں بلکہ ہمارے آقا ومولیٰ سید المرسلین ﷺ کی۔ کیونکہ حضور ﷺ نے ایسی باتیں کرنا دجال وکذاب کی نشانی قرار دیا ہے ارشاد ہے کہ: ’’لاتقوم الساعة حتی تبعث دجالون کذابون یأتونکم من الاحادیث مالم تسمعو انتم ولاآباء کم فایاکم وایاهم لایضلونکم ولایفتنونکم (ترمذی شریف، مسلم شریف)‘‘ یعنی قیامت نہیں آسکتی جب تک اس قسم کے دجال وکذاب نہ اٹھیں کہ تمہیں وہ باتیں کہیں جوتم نے اسلام میں سنیں اور نہ تمہارے آباء نے پس ان سے بالکل علیحدہ رہنا۔ دیکھو تمہیں گمراہ نہ کردیں اور فتنہ میں نہ پھنسائیں۔ اس سے مختار مدعا علیہ خود فیصلہ کرے کہ کیا مطلب ہے۔

۵...... مختار مدعا علیہ کا اس میں سخت کلامی کے بعد یہ ارشاد ہے کہ اگر معیت آسمان وزمین سے شرک ہوا تو جس سے خدا کی معیت ہو وہ بھی مشرک ہوگا۔

جواب: یہاں معیت کا اعتراض ہی نہیں بلکہ تشبیہ کا ہے کہ جیسی خدا کی معیت ہے ویسی کسی کی نہیں ہوسکتی اور مرزا صاحب کا الہام ہے کہ زمین وآسمان تیرے ساتھ ہیں جیسے کہ وہ میرے ساتھ ہیں۔ یہ ’’لیس کمثله شئ‘‘ کی ایک تائیدی کڑی ہے اور وہاں تمام قرائن بھی مجتمع ہیں۔ اسے کاٹ کے علیحدہ جواب ہی اس لئے دیا گیا تا کہ خلط ہوسکے اور مغالطہ کا موقع مل جائے۔

۶...... تاویل قول مختار مدعا علیہ ’’مشابہت تامہ مراد نہیں بلکہ صداقت کے نشان مراد ہیں...... الخ!‘‘

جواب: مشابہت تو تسلیم ہی کرلی جو موجب شرک ہے۔ خواہ تامہ ہو یا ناقصہ خدا کے ساتھ مخلوق کسی طور پر مشابہت نہیں رکھتی۔ تامہ کا تو شاید کفار کو بھی خطرہ نہ گزرا ہو۔ ناقصہ کی وجہ سے وہ بھی مشرک ہیں۔ ورنہ کوئی کافر اپنے معبودان باطل کو خدا کے مشابہ تام نہیں مانتا۔

باقی میں بتاچکا کہ یہ صداقت کا نشان یا اس کی طرف اشارہ نہیں بلکہ دجال وکذاب ہونے کی نشانی ہے۔ جواب تو بن نہ سکا مختار مدعا علیہ نے الفاظ ذیل میں اپنا دل ٹھنڈا کرلیا کہ: ’’یہ مطلب مراد لینا حد درجہ کی نادانی پرلے درجہ کی جہالت کا مظاہرہ ہے۔‘‘ جس پر ہم کچھ عرض نہیں کرتے۔ یہ ان کی تیز کلامی ہمارے سر آنکھوں پر۔ (ابوالوفاء)

## (۱۵)

## اصلی واصوم اسهر وانام

(البشریٰ ج۲ ص۷۹)

خلاصہ جواب مختار مدعا علیہ ملاحظہ ہو۔ مختار مدعیہ نے اس الہام پر یہ اعتراض کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف ایسی صفات منسوب کی گئی ہیں جو خدا کی شان کے بالکل مخالف ہیں اور آیت: ’’لاتاخذهٔ سنة ولانوم‘‘ کے مخالف ہیں اور یہ بھی اس کا ایک مغالطہ ہے۔ کیونکہ پہلے حصہ میں مذکورہ امور خدا تعالیٰ کے متعلق نہیں بلکہ ملہم کی شان کا اظہار کررہے ہیں اور دوسرا حصہ خدا تعالیٰ کے متعلق ہے جس کے یہ معنی ہیں کہ اپنی تجلی کے نور سے تجھ میں دکھلاؤں گا اور تجھے وہ نعمت دوں گا جو ہمیشہ رہے گی۔ تحقیق خدا ان لوگوں کے ساتھ ہے جو تقویٰ کرتے ہیں۔ اس دوسرے حصہ میں جن انعامات کا ذکر کیا گیا ہے، اس کی وجہ پہلے حصہ الہام میں ملہم کی حالت ذکر کرکے بیان کی گئی ہے کہ آپ شریعت اسلامیہ کے پابند اور آنحضرت ﷺ کے نقش قدم پر چلنے والے ہیں۔

جواب: جواب البشریٰ کا حوالہ مذکور عدالت کے حضور پیش ہے۔ یہ حوالہ الہامات ۱۹۰۳ء کے ہیڈنگ کے تحت درج ہے اور اس کا نمبر ۲۳۹ ہے۔ اصل عبارت معہ ترجمہ البشریٰ درج ہے اپنا ترجمہ بھی نہیں۔

’’اصلی واصوم اسہر وانام واجعل لک انوارالقدوم واعطیک مایدوم ان اللہ مع الذین اتقوا‘‘ (ترجمہ) میں نماز پڑھوں گا اور روزہ رکھوں گا۔ جاگتا ہوں اور سوتا ہوں اور تیرے لئے اپنے آنے کے نورعطاء کروں گا اور وہ چیز تجھے دوں گا جو تیرے ساتھ ہمیشہ رہے گی۔ خدا ان کے ساتھ ہے جو تقویٰ اختیار کرتے ہیں۔ (البشریٰ ج۲ ص۷۹) ملاحظہ ہو یہ خدا کا الہام ہے۔ مرزا صاحب مخاطب ہیں، خداتعالیٰ متکلم۔ پھر کس قدر دلیری ہے ایسی کھلی ہوئی چیز میں یہ کہنا کہ ایک حصہ سے مرزا صاحب کی حالت مراد ہے اور وہ متکلم ہیں اور ایک سے خدا مراد ہے۔ اصل یہ ہے کہ چونکہ مرزا صاحب خدا کی جسمیت کے قائل ہیں۔ جیسا کہ بحوالہ توضیح مرام گزر چکا کہ: ’’اس وجوداعظم کے بے شمار ہاتھ، بے شمار پیر ہیں۔ عرض طول رکھتا ہے...... الخ!‘‘

جس کا مختار مدعاعلیہ نے یہ تک جواب نہ دیا کہ یہ غلط ہے اس کے بعد غیرمتعلق فقروں کی تاویلیں کیں۔ مگر ان کا کچھ بھی جواب نہ ہوسکا۔ لہٰذا مرزا صاحب چونکہ خدا کے جسم وحدوث کے قائل ہیں۔ اسی تخیل پر خدا ان سے یہ بھی کہتا ہے کہ: ’’میں سوتا ہوں اور جاگتا ہوں۔‘‘
(البشریٰ بحوالہ مذکور بالا)

اور خدا کے واسطے سونا کجا اونگھ بھی ناممکن ہے۔ اس کی توحید کا ایک جزواعظم منصوص مصرح یہ عقیدہ ہے کہ: ’’اللہ لاالہ الاھو الحی القیوم لاتاخذہ سنۃ ولانوم...... الخ! (البقرۃ:۲۵۵)‘‘

اور جس صفت سے خداتعالیٰ اپنی پاکی کا صراحۃً اظہار کرے اور اپنے واسطے تنقیص اور عیب ٹھہرائے اسے حقیقۃً یا مجازاً وتاویلاً کسی طرح اس کی طرف منسوب کرنا اس کی توہین اور شرک اور لاالہ الااللہ کی توحید کے بالکل خلاف ہے۔ خدا کی شایان شان جو چیز نہ ہو، اسے صرف اس کی طرف منسوب کرنا ہی کفر ہے۔ عقیدہ ہو یا نہ ملاحظہ ہو جرح گوعاہ مدعاعلیہ نمبرا۔ مؤرخہ ۲؍مارچ ۱۹۳۳ء بحوالہ (فتاویٰ عالمگیری ج۲ ص۴۰۸) کہ: ’’وہ شخص کافر ہوگا جو خداتعالیٰ کو ایسی چیز سے موصوف کرے جو اس کی شان کے لائق نہیں یا خدا کے نام کے ساتھ ہنسی کرے یا بیٹا بنائے یا بیوی بنائے یا اسے جہل کی طرف نسبت یا عجز کی طرف نسبت کرے اور نقص کی طرف...... الخ!‘‘

اور لاالہ الااللہ کے نوٹس کے ملاحظہ سے معلوم ہوگا کہ مرزا صاحب نے مذکورہ بالا کفریات سے نہ صرف ایک دو بلکہ ان سب کا مع شیٔ زائد ارتکاب فرمایا ہے۔ اس الہام کا یہ مطلب لینا کہ: ’’آپ شریعۃ اسلامیہ کے پابند اور آنحضرت ﷺ کے نقش قدم پر چلنے والے ہیں۔‘‘ کس قدر مضحکہ خیز اور بے ربط تاویل ہے۔ الہام مع انہیں کے ترجمہ کے اوپر درج ہے۔ ملاحظہ فرمالیا جاوے۔ اس کی تائید میں مختار مدعاعلیہ نے مندرجہ ذیل عبارت لکھی ہے کہ: ’’آنحضرت ﷺ کو ان اشخاص کی باتیں پہنچیں جن میں سے ایک نے کہا کہ میں ساری رات خدا کی عبادت ہی کرتا رہوں گا اور سوؤں گا نہیں اور دوسرے نے یہ کہا تھا کہ میں کبھی نکاح نہیں کروں گا اور ایک نے یہ کہا تھا کہ میں ہمیشہ روزہ رکھوں گا تو آپ نے خطبہ پڑھا اور فرمایا کہ دیکھو میں تم سے زیادہ متقی اور خداتعالیٰ سے ڈرنے والا ہوں، میں نے نکاح بھی کیا ہے اور روزے بھی رکھتا ہوں اور افطار بھی کرتا ہوں اور نماز بھی پڑھتا ہوں اور سوتا بھی ہوں۔ پس تمہیں میری سنت پر چلنا چاہئے۔‘‘
(بخاری کتاب النکاح ج۳ ص۳۲)

تو اس بات کا الہام کہ پہلے حصہ میں ملہم کی زبان پر ذکر کیا گیا ہے (ایں راہ کہ تو مے روی بترکستان است) کہ میں نماز بھی پڑھتا ہوں اور روزہ بھی رکھتا ہوں اور جاگتا ہوں اور سوتا بھی ہوں۔ یعنی میں خدائی کا دعویدار نہیں ہوں۔ بلکہ آنحضرت ﷺ کے نقش قدم پر چلنے والا ہوں اور ایک مسلمان بندہ ہوں۔

جواب: میں حیران ہوں اور غالباً عدالت کو بھی تحیّر ہوگا کہ گفتگو تو یہ ہے کہ خداتعالیٰ مرزا صاحب پر ۳؍فروری ۱۹۰۳ء کو یہ الہام فرماتا ہے کہ: ’’میں جاگتا ہوں اور سوتا ہوں‘‘ اور جواب میں مختار مدعاعلیہ یہ حدیث پیش کرتا ہے کہ حضور ﷺ نے صحابہ ؓ کو فرمایا کہ میں روزے

رکھتا ہوں اور افطار بھی کرتا ہوں اور نماز بھی پڑھتا ہوں۔ تمہیں میری سنت پر چلنا چاہئے۔ اصل ضروری عبارت حدیث ملاحظہ ہو: ''تو آپ نے خطبہ پڑھا اور فرمایا کہ دیکھو کہ میں تم سے زیادہ متقی اور خدا تعالیٰ سے ڈرنے والا ہوں، میں نے نکاح بھی کیا ہے اور روزے بھی رکھتا ہوں اور افطار بھی کرتا ہوں اور نماز بھی پڑھتا ہوں اور سوتا بھی ہوں پس تمہیں میری سنت پر چلنا چاہئے۔''

اس میں کس جگہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ کو الہام فرمایا کہ: ''میں سوتا بھی ہوں جاگتا بھی ہوں'' اس میں تو آپ صحابہ کو خطبہ یعنی وعظ فرما رہے ہیں کہ میں یہ افعال کرتا ہوں۔ باوجودیکہ تم سے زائد خدا کا خوف رکھتا ہوں تم میری سنت پر چلو اور رہبانیت اختیار مت کرو۔ اس کا کوئی بھی جواب گو غیر معقول ہی ہو مختار مدعا علیہ کے پاس نہیں ہے۔ ادھر ادھر کی بے ربط باتیں اور کبھی کچھ پیش کرتا ہے جو خود اس کی پراگندگی خاطر اور تحیّر کا نمونہ ہیں۔ مختار مدعا علیہ نے غالباً خود اس جواب کی لغویت کا خیال فرمایا اور ایک اس سے زیادہ بے معنی اپنی طرف سے جواب اور پیش کیا کہ: ''یہاں قل محذوف ہے۔ جیسا کہ قرآن مجید کی متعدد جگہوں میں قل محذوف ہوتا ہے۔ سورۃ فاتحہ بھی انہیں میں سے ہے۔''

جواب: یہ وہی قدیمی عادت ہے جو اعتراض مرزا صاحب پر ہو وہ سرکار دو عالم ﷺ پر اور جو ان کے الہام یا وحی پر ہو قرآن پاک جیسی بے مثل و بے نظیر خدا کی پاک اور آخری اور ہمیشہ رہنے والی کتاب پر کردیا جاتا ہے۔ اللہ انہیں ہدایت اور سمجھ دے تاکہ یہ بلاوجہ مسلمانوں کا دل نہ دکھائیں۔

اچھا جواب یہ ہے کہ ''قل'' کے محذوف ہونے کی کیا دلیل ہے؟ کہیں مرزا صاحب نے فرمایا کہ یہاں ''قل'' محذوف ہے۔ پھر یہ ایک ہی الہام میں نصف حصہ کے واسطے ''قل'' محذوف اور مرزا صاحب کا کلام اور نصف میں ''قل'' نہیں، خدا کا کلام۔ آخر کچھ تو لگتی ہوئی تاویل ہونی چاہئے۔ سورۃ میں دیکھ لو اگر ''قل'' محذوف ہے تو ساتوں آیتوں میں یوں ہی اور جہاں جہاں ہے یہ تو نہیں کہ آدھے ٹکڑے کا قائل اور آدھے کا اور اور پھر کوئی قرینہ نہیں۔ بخلاف اس کے مرزا صاحب کا اصل عقیدہ ہے کہ خدا کے بے شمار ہاتھ پیر ہیں، طول وعرض بھی رکھتا ہے جسے مختار مدعا علیہ بھی لاجواب تسلیم کر چکا ہے اور ایک حرف بھی جواب نہ دیا کھلا ہوا قرینہ ہے کہ وہ ضرور خدا تعالیٰ کو مجسم سمجھتے ہیں اور سونا جاگنا خدا ہی کا مراد ہے۔ البشریٰ سے الہام مذکور مع ترجمہ بغور ملاحظہ فرمایا جائے۔ کوئی بھی تاویل کارگر نہیں اور کھلا ہوا کفر ہے۔

مختار مدعا علیہ جب کہ مختار مدعیہ کے اعتراض سے لاجواب رہا تو اس نے گواہ مدعیہ نمبر الف پر ایک بے معنی اعتراض کردیا تاکہ ان کی شہادت جو نہایت معتبر ومعزز اور جرح سے سالم ہے۔ یوں ہی مخدوش ہو جائے۔ اصل الفاظ ملاحظہ ہوں: ''جیسے مختار مدعیہ نے ملہم کے صریح اقوال کے خلاف الہام کا مطلب لے کر عدالت کو مغالطہ دینے کی کوشش کی ویسے ہی بلکہ اس سے کہیں زیادہ مدعیہ کے چار گواہوں کے علاوہ دو گواہوں میں سے نمبر الف نے عدالت کو مغالطہ دینے کی کوشش کی ہے اور اس الہام کے لئے (البشریٰ ج۲ ص۷۹) کا حوالہ دے کر یہ مطلب لکھوایا ہے اور جس طرح میں قدیم ازلی ہوں۔ اسی طرح میں نے تیرے لئے ازلیت کے انوار کردیئے ہیں اور تو بھی ازلی ہے۔ حالانکہ نہ یہ الہام کا مطلب ہے اور نہ ہی البشریٰ میں یہ ترجمہ لکھا ہے۔ اس میں اس فقرہ کا یہ ترجمہ درج ہے اور تیرے لئے ...... تا ...... اختیار کرتے ہیں۔ کیا ایسے گواہ جو بات کو اپنی طرف سے بنا کر دوسرے کی طرف منسوب کرنے سے نہیں ڈرتے وہ اس قابل ہیں کہ ان کی شہادت قبول کی جائے۔''

اس میں عدالت کو یہ مغالطہ دینا چاہا ہے کہ انہوں نے یہ ترجمہ البشریٰ سے لکھا ہے اور یہ غلط ہے۔ البشریٰ کا ترجمہ اس کے مغائر ہے۔

جواب: اوّلاً یہ ترجمہ نہیں بلکہ اپنا استنباط اور مطلب ہے جو مختار مدعا علیہ کو بھی مسلم ہے۔ ملاحظہ ہو کوٹیشن مذکورہ بالا کا ابتدائی حصہ۔

اور اس الہام کا البشریٰ سے حوالہ دے کر یہ مطلب لکھوایا ہے۔

صرف البشریٰ سے الہام کا حوالہ ہے نہ ترجمہ کا اور مطلب یعنی اپنا استنباط لکھوایا ہے نہ ترجمہ۔ لہٰذا اعتراض ہی لغو ہے۔

نیز البشریٰ کا ترجمہ نہ تو مرزا صاحب کا ہے نہ کسی معتبر عربی دان کا پھر اگر وہ خود صحیح ترجمہ اس عربی کا کر دیں تو کون سی قباحت ہے۔

یہ ترجمہ مؤلف البشریٰ بابو منظور الٰہی کا ہے جس کے متعلق مختار مدعا علیہ نے ۱۸ر دسمبر کی بحث میں ''**اسمع ولدی**'' کے تحت میں یہ لکھا کہ: ''اس کے مؤلف بابو منظور الٰہی ملازم محکمہ تار ریلوے نے دیباچہ میں لکھ دیا ہے کہ وہ کوئی عربی دان نہیں۔''

پس ایک جاہل آدمی کا ترجمہ کس عربی دان عالم پر کیا حجت تھا وہ غلط تھا۔ اپنا صحیح ترجمہ مطلب خیز پیش کر دیا یہ اور گواہ کے علم وفضل ودیانت کی دلیل ہے کہ غلط ترجمہ پر بنیاد نہ رکھی بلکہ صحیح پیش کر دیا۔ اسے مختار مدعا علیہ مغالطہ سمجھ کر گواہ کو نا قابل اعتبار کہے یا مختار مدعیہ اور گواہ مذکور کے واسطے ناشائستہ الفاظ استعمال کرے۔ اس کی خوشی، عدالت کو نہ اس سے مغالطہ ہوسکتا ہے اور نہ بے لوث غیر مجروح شہادت اس طرح مجروح ہوسکتی ہے۔ اس کے بعد مرزا صاحب کا مسلمانوں جیسا عقیدہ براہین وغیرہ سے خدا کے متعلق نقل کیا ہے۔ اس کا اصولی جواب یہ ہے کہ وہ عقیدہ ابتدائی ہے۔ جب دعویٰ نبوت اور یہ تمام کفریات نہ تھے۔ کیونکہ براہین تو بڑی مقدم کتاب ہے جب تک تمام مسلمان اسی کے ساتھ تھے اور بقول مختار مدعا علیہ مرزا صاحب کے دشمن اور مرتد مولوی محمد حسین صاحب بٹالوی بھی مداح ہے اور ان کا ریویو اس پر موجود ہے۔ یہ الہام ۱۹۰۳ء کا ہے۔ اس کے بعد کا کوئی حوالہ اس کے خلاف یا تردید کا نہ پیش کر سکے۔ لہٰذا یہ بھی لاجواب کفر رہا۔

## (۱۶)

## اعطیت صفۃ الاحیاء والافناء من الرب الفعال

(خطبہ الہامیہ ص۲۳، خزائن ج۱۶ ص۵۶،۵۵)

خلاصہ استدلال مختار مدعا علیہ۔

۱...... مرزا صاحب کے مذکورہ بالا الہام سے مختار مدعیہ نے یہ غلط استدلال کیا کہ مرزا صاحب نے اس قول سے اپنے آپ کو خدائے تعالیٰ کی صفت محی وممیت میں شریک مانا ہے۔

۲...... پھر مختار مدعیہ پر حسب عادت بہت ناراضی اور تیز کلامی کا اظہار فرما کے لفظ: ''**اعطیت من الرب الفعال**'' کا اپنی مراد پر قرینہ بتانا چاہا ہے اور یہ بھی فرما رہے ہیں کہ مختار مدعیہ نے مغالطہ کے واسطے لفظ: ''**من الرب الفعال**'' نہیں ذکر کیا۔

جواب: اس جواب میں بھی ہمارے اعتراض کو اپنے الفاظ میں غلط نقل کیا۔ اعتراض یہ ہے کہ کسی کا خدا کے اذن سے بطور معجزہ وکرامت مردہ زندہ کرنا اور چیز ہے اور مارنے جلانے کی صفت اور قدرت حاصل ہو جانا اور چیز ہے یہ تو ہوسکتا ہے اور ہوا ہے کہ انبیاء اولیاء نے باذن الٰہی بعض مرتبہ مردہ زندہ کیا مگر دائمی صفت مارنے، جلانے کی نہ دی گئی تھی کہ جب چاہیں ماریں جب چاہیں جلائیں۔

پیدا کرنا، رزق واولاد دینا، مارنا، جلانا یہ وہ صفات ہیں کہ بہ اتفاق اہل سنت والجماعت غیر اللہ میں بطور صفت کے نہ ذاتی ہوسکتے نہ عطائی۔

باذن اللہ کسی کے ہاتھ پر مردہ زندہ ہو جائے۔ مگر اس صفت کے مالک نہیں کر دیئے جاتے کہ اللہ نے یہ صفت دے دی۔ جب چاہیں اختیار سے کام لیں۔ جیسے کہ صفت بینائی عطاء فرمائی، جب چاہیں اس سے دیکھیں۔ صفت سماعت بخشی، جب چاہیں سنیں۔

صفت ملنا وہی کہلاتا ہے کہ ملنے کے بعد استعمال کا ہر وقت ہر طرح مجاز ہو اور معجزہ میں اختیار کو کوئی دخل نہیں۔ یہاں ''قال اللہ تعالیٰ وماکان لرسول ان یأتی بآیة الا باذن اللہ (الرعد:۳۸)''

پس مرزا صاحب کا یہ فرمانا کہ مجھے اللہ تعالیٰ نے مارنے جلانے احیاء وافناء کی صفت عطا فرمائی ہے۔ سراسر کھلا ہوا مشرک ہے۔ یہ صفت صفات مخصہ باری تعالیٰ سے ہے کسی کو عطاء نہیں ہوسکتی۔ قرآن پاک میں تصریح موجود ہے۔ ''ھوالذی یحیی ویمیت (المؤمن:۶۸) ''صرف اللہ ہی کی شان مارنا، جلانا ہے۔ تمام کتب عقائد اس سے پر ہیں کہ یہ اور اس قسم کے صفات مختص بذات باری تعالیٰ ہیں۔ پس مرزا صاحب اپنے آپ کو اس صفت میں خدا کا شریک مان کر لا الہ الا اللہ پر مؤمن نہ رہے۔

۲...... اور یہ کہنا سراسر افتراء ہے کہ مختار مدعیہ نے لفظ: ''من الرب الفعال'' حذف کر کے پیش کیا ہے۔ کیونکہ اوّلاً تو میرے نوٹوں میں موجود ہے۔ نیز جرح میں کل نوٹ کرایا گیا اور بحث میں اصل کتاب سے اس دعویٰ کے ساتھ پیش ہوا کہ اگر شبہ ہو دیکھ لیں۔ باقی جواب ماسبق سے واضح ہوگیا کہ لفظ: ''اعطیت'' اور ''من الرب الفعال'' کی آڑ شرک سے بچا نہیں سکتی۔ کیونکہ یہ صفت ذاتی تو کسی کو کیا ہوتی۔ عطائی بھی یہ صفت اللہ تعالیٰ نے کسی کو نہیں دی۔

جنہوں نے مردہ زندہ کئے سنگریزوں نے جن کا کلمہ پڑھا استن حنانہ جن کے واسطے سسکیاں بھر کر رویا، انہوں نے بھی نہ فرمایا کہ مجھے اللہ تعالیٰ نے صفت احیاء وامانة وافناء دی ہے اور تمام انبیاء علیہ السلام، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم، ائمہ دین، صوفیائے کرام، ابدال، قطب، غوث، کسی سے ایک نظیر بھی پیش نہ کر سکے نہ پیش کی جاسکتی ہے۔

اللہ کے پاک بندے اس سے مبرّا ومنزّہ ہیں۔ باقی تاویلیں خواہ خطبہ الہامیہ سے ہوں یا کہیں اور سے محض لغو ہیں۔

## (۱۷)

## نئی زندگی نیا خدا

(تریاق القلوب ص س، خزائن ج۱۵ ص۴۹۷)

اس کا کچھ بھی جواب مختار مدعا علیہ پیش نہ کر سکا۔ اصل الفاظ جواب مختار مدعا علیہ یہ ہیں۔ اس عبارت سے مختار مدعیہ نے یہ نتیجہ نکالا ہے کہ مرزا صاحب (نعوذ باللہ) خدا تعالیٰ کو متغیر ومتبدل مانتے ہیں اور یہ بھی مختار مدعیہ کا ایک مغالطہ ہے۔ کیونکہ مرزا صاحب خدا تعالیٰ کو ازلی وابدی غیر متبدل مانتے ہیں اور نیا خدا ہونے سے ہرگز آپ کی یہ مراد نہیں ہے کہ خدا پرانا ہوگیا تھا اور اب نیا ہوگیا۔ بلکہ مراد یہ ہے کہ جب انسان خدا کی طرف جھکتا ہے اور ایک نیا رنگ عبودیت کا اختیار کرتا ہے جس کو نئی زندگی سے تعبیر کیا گیا ہے تو خدا تعالیٰ اس پر نئے رنگ سے تجلی فرماتا ہے اور بندہ سے اس کا معاملہ ایک نیا معاملہ ہوتا ہے...... الخ! مختار مدعا علیہ نے یہ اپنی طرف سے ایک معنی باہر سے ڈالے ہیں جن کا وہاں کہیں پتہ نہیں، نہ کوئی خارجی سیاق وسباق میں نام ونشان ہے۔ نہ مختار مدعا علیہ اس کے جواب میں کوئی دلیل پیش کر سکا نہ پیش کر سکتا تھا۔ مرزا صاحب کی عبارت اس شرکیہ میں بالکل واضح اور غیر مشتبہ ہے۔ نیز دوسرے کفریات سے ملا کر تو عظیم الشان کفر ہو جاتا ہے جس سے مخلوق کے رونگٹے کھڑے ہوتے ہیں۔

اصل عبارت ملاحظہ ہو: ''نئی زندگی ہرگز حاصل نہیں ہوسکتی جب تک کہ ایک نیا یقین پیدا نہ ہو اور کبھی نیا یقین پیدا نہیں ہوسکتا۔ جب تک موسیٰ علیہ السلام اور مسیح علیہ السلام اور ابراہیم علیہ السلام اور یعقوب علیہ السلام اور محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرح نئے معجزات نہ دکھائے جائیں۔ نئی زندگی انہیں کو ملتی ہے جن کا خدا نیا ہو، یقین نیا ہو، نشان نئے ہوں اور دوسرے تمام لوگ قصوں اور کہانیوں کے جال میں گرفتار ہیں۔''

(تریاق القلوب ص س، خزائن ج۱۵ ص۴۹۷)

باقی اللہ کے متعلق مرزا صاحب کو خوش عقیدگی جو کشتی نوح اور اشتہار ملحقہ شہادت القرآن سے پیش کی ہے اور اس سے اس کی شرح چاہی ہے۔ یہ معلوم ہونے کے بعد کہ مرزا صاحب کی عادت ہی کھلے ہوئے متعارضات اور اختلاف بیانی کی ہے۔ محض بے سود ہے۔ جو شخص برابر متعارض کلام بولتا ہو، اس کا ایک کلام دوسرے کی شرح نہیں ہوا کرتا۔ (نمونہ ملاحظہ ہو)

**متعارض اقوال:** ایک قول مسیح موعود و مثیل مسیح کے متعلق:

۱...... ''میرا یہ دعویٰ ہے کہ میں وہ مسیح موعود ہوں، جس کے بارہ میں خدا تعالیٰ کی تمام پاک کتابوں میں پیش گوئیاں ہیں کہ وہ آخری زمانہ میں ظاہر ہوگا۔'' (تحفہ گولڑویہ ص۱۱۸، خزائن ج۱۷ ص۲۹۵)

نبوت مسیح موعود:

۲...... ''وہ ابن مریم آنے والا ہے کوئی نبی نہیں ہوگا۔'' (ازالہ اوہام ص۲۹۲، خزائن ج۳ ص۲۴۹)

مسیح کا امتحان:

۱...... ''یہ ظاہر ہے کہ مسیح ابن مریم اس امت کے شمار میں آ گئے ہیں۔'' (ازالہ اوہام حصہ دوم ص۶۲۳، خزائن ج۳ ص۴۳۶)

مہدی کے متعلق:

الف...... ''اور وہ آخری مہدی جو تنزل اسلام کے وقت اور گمراہی کے پھیلنے کے زمانہ میں براہ راست خدا سے ہدایت پانے والا اور اس آسمانی مائدہ کو نئے سرے سے انسانوں کے آگے پیش کرنے والا، تقدیر الٰہی میں مقرر کیا گیا تھا جس کی بشارت آج سے تیرہ سو برس پہلے رسول کریم ﷺ نے دی تھی، وہ میں ہی ہوں۔'' (تذکرۃ الشہادتین ص۲، خزائن ج۲۰ ص۳،۴)

ب...... ''میں خدا سے وحی پا کر کہتا ہوں کہ میں بنی فارس میں سے ہوں اور بموجب اس حدیث کے جو کنز العمال میں درج ہے۔ بنی فارس بھی بنی اسرائیل اور اہل بیت میں سے ہیں اور حضرت فاطمہ ؓ نے کشفی حالت میں اپنی ران پر میرا سر رکھا اور مجھے دکھایا کہ میں اس میں سے ہوں۔'' (ایک غلطی کا ازالہ ص۵، خزائن ج۱۸ ص۲۱۳ حاشیہ، ضمیمہ حقیقۃ النبوۃ حصہ اوّل ص۲۶۹، انوار العلوم ج۲ ص۵۷۹)

دعویٰ مہدیت ونبوت:

الف...... ''نبوت کا دعویٰ نہیں بلکہ مہدیت کا دعویٰ ہے جو خدائے تعالیٰ کے حکم سے کیا گیا ہے۔'' (حمامۃ البشریٰ ص۷۹، خزائن ج۷ ص۲۹۶)

ب...... ''وما کان لی ان ادعی النّبوۃ واخرج من الاسلام والحق بقوم الکافرین'' اور یہ مجھے کہاں پہنچتا ہے کہ میں نبوت کا دعویٰ کروں اور اسلام سے خارج ہو جاؤں اور قوم کافرین سے جا کر مل جاؤں ...... یہ کیونکر ممکن ہے کہ مسلمان ہو کر نبوت کا ادّعاء کروں۔ (حمامۃ البشریٰ ص۷۹، خزائن ج۷ ص۲۹۷)

ج...... ''اور خدا کی پناہ یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے ہمارے نبی اور سردار دو جہان محمد ﷺ کو خاتم النّبیین بنا دیا، میں نبوت کا مدعی بنا۔'' (حمامۃ البشریٰ ص۸۳، خزائن ج۷ ص۳۰۲)

د...... ''میں نے نبوت کا دعویٰ نہیں کیا اور نہ میں نے انہیں کہا ہے کہ میں نبی ہوں، لیکن ان لوگوں نے جلدی کی اور میرے قول کو سمجھنے میں غلطی کی۔'' (حمامۃ البشریٰ ص۷۹، خزائن ج۷ ص۲۹۶)

و...... ''بعد ختم المرسلین میں کسی دوسرے مدعی رسالت ونبوت کو کاذب وکافر جانتا ہوں ...... وحی رسالت حضرت آدم صفی اللہ سے شروع ہوئی اور حضرت محمد ﷺ پر ختم ہوگئی۔'' (اشتہار ۲؍اکتوبر ۱۸۹۱ء، مجموعہ اشتہارات ج۱ ص۲۳۰)

ہ...... ’’ان پر واضح ہو کہ ہم بھی نبوت کے مدعی پر لعنت بھیجتے ہیں اور کلمہ لاالہ الا اللہ کے قائل ہیں اور آنحضرت ﷺ کی ختم نبوت پر ایمان رکھتے ہیں۔‘‘ (تبلیغ رسالت ج۶ ص۲،۳، مجموعہ اشتہارات ج۲ ص۲۹۷)

تکفیر مسلمین:

۱...... ’’یہ نکتہ بھی یاد رکھنے کے لائق ہے کہ اپنے دعویٰ سے انکار کرنے والے کو کافر کہنا یہ صرف ان نبیوں کی شان ہے، جو خداتعالیٰ کی طرف سے شریعت اور احکام جدیدہ لاتے ہیں۔ لیکن صاحب الشریعۃ کے ماسواء جس قدر ملہم اور محدث ہیں گو وہ کیسے ہی جناب الٰہی میں اعلیٰ شان رکھتے ہوں اور خلعت مکالمہ الٰہیہ سے سرفراز ہوں۔ ان کے انکار سے کوئی کافر نہیں بن جاتا۔‘‘

(تریاق القلوب حاشیہ ص۱۳۰، خزائن ج۱۵ ص۴۳۲)

## پہلے قول کا متعارض

۱...... ’’اس عاجز نے جو مثیل مسیح ہونے کا دعویٰ کیا ہے جس کو کم فہم لوگ مسیح موعود خیال کر بیٹھے ہیں۔‘‘

(ازالہ اوہام ص۱۹۰، خزائن ج۳ ص۱۹۲)

۱...... ’’میں نے صرف مثیل مسیح ہونے کا دعویٰ کیا ہے اور میرا یہ بھی دعویٰ نہیں کہ صرف مثیل ہونا میرے پر ختم ہوگیا۔ بلکہ میرے نزدیک ممکن ہے کہ آئندہ مثیل میرے جیسے اور دس ہزار بھی مثیل مسیح آجائیں۔‘‘ (ازالہ ص۱۹۹، خزائن ج۳ ص۱۹۷)

۲...... ’’جس آنے والے مسیح موعود کا حدیثوں سے پتہ چلتا ہے۔ اس کا حدیثوں سے یہ نشان دیا گیا کہ وہ نبی ہے۔‘‘

(حقیقت الوحی ص۲۹، خزائن ج۲۲ ص۳۱)

۲...... ’’حضرت عیسیٰ کو امتی قرار دینا ایک کفر ہے۔‘‘ (ضمیمہ براہین احمدیہ حصہ۵ ص۱۹۲، خزائن ج۲۱ ص۳۶۴)

الف...... ’’میرا یہ دعویٰ نہیں ہے کہ میں وہ مہدی ہوں جو مصداق من ولد فاطمۃ وعترتی وغیرہ ہے۔‘‘

(ضمیمہ براہین احمدیہ حصہ۵ ص۱۸۵، گواہ نمبر۲ ص۱۳، خزائن ج۲۱ ص۳۵۶)

نوٹ: مرزانے یہ تفنن اس لئے کیا کہ کم فہم لوگ ابتداً مرید ہوجائیں اور ہندوستان کی ذہنیت پیر کے متعلق یہ ہے کہ کم پیر من خس است الخ۔ اعتقاد من بس است پھر جو چاہا سنوایا۔

۱...... ’’ہمارا دعویٰ ہے کہ رسول و نبی ہیں۔‘‘ (اخبار بدر ۵؍مارچ ۱۹۰۸ء، ملفوظات ج۱۰ ص۱۲۷)

۲...... ’’نبی کا نام پانے کے لئے میں ہی مخصوص کیا گیا ہوں۔‘‘ (حقیقت الوحی ص۳۹۱، خزائن ج۲۲ ص۴۰۶)

۳...... ’’سچا خدا وہی ہے جس نے قادیان میں اپنا رسول بھیجا۔‘‘ (دافع البلاء ص۱۱، خزائن ج۱۸ ص۲۳۰)

نوٹ: باقی حوالوں کے لئے شیخ الجامعہ گواہ مدعیہ نمبر الف کا بیان ملاحظہ ہوں۔

۴...... ’’ہمارا مذہب تو یہ ہے کہ جس دین میں نبوت کا سلسلہ نہ ہو وہ مردہ ہے...... ہم پر کئی سال سے وحی نازل ہورہی ہے...... اس لئے ہم نبی ہیں۔‘‘ (بدر ۵؍مارچ ۱۹۰۸ء، حقیقۃ النبوۃ ص۲۷۲، انوار العلوم ج۲ ص۵۸۳، ملفوظات ج۱۰ ص۱۲۸)

مگر باوجود اس شدومد کے خصوصاً ۱۹۰۷ء کے بعد کھلا ہوا دعویٰ نبوت ہے۔

## تکفیر مسلمین

۱...... ’’خدا نے میرے اوپر ایمان لانے کے واسطے تاکید کی، میرا دشمن جہنمی ہے۔‘‘ (انجام آتھم ص۶۲، خزائن ج۱۱ ص۶۲)

۲...... ’’بہرحال خدا نے مجھ پر ظاہر کیا ہے کہ ہر ایک شخص جس کو میری دعوت پہنچی ہے اور اس نے مجھے قبول نہیں کیا وہ مسلمان نہیں ہے۔‘‘ (حقیقت الوحی ص۱۶۳، خزائن ج۲۲ ص۱۶۷)

۳...... ’’خط بنام عبدالحکیم مرتد۔‘‘ (حقیقت الوحی ص۱۶۳، خزائن ج۲۲ ص۱۶۷)

۴...... ’’ہمارا فرض ہے کہ غیر احمدی کو مسلمان نہ سمجھیں۔‘‘ (انوار خلافت ص۹۰، انوار العلوم ج۳ ص۱۴۸)

۵...... ’’سوم یہ کہ کل مسلمان جو حضرت مسیح موعود کی بیعت میں شامل نہ ہوئے۔ خواہ انہوں نے ان کا نام تک نہ سنا ہو وہ کافر دائرہ اسلام سے خارج ہے۔‘‘ (آئینہ صداقت ص۳۵، انوار العلوم ج۶ ص۱۱۰)

لہٰذا یہ بطور کلیہ کے ملاحظہ عدالت کے لئے پیش ہے کہ جس کی عادت اس قسم کی خلاف بیانی کی ہو، اس کی عبارات ایک دوسری کی شرح نہیں ہوسکتیں اور مختار مدعا علیہ نے جو دور از کار بے ربط اور بلاقرینہ کچھ اس قسم کے متعارضات میں تاویلات کر کے تطبیق کی شکل نکالی ہے۔ وہ محض لاحاصل اور بے معنی ہے۔ جیسا کہ اپنی جگہ پر آئے گا اور عدالت خود مسل سے ملاحظہ فرما سکتی ہے۔

## (۱۸)

## متشابہات

قول مختار مدعا علیہ:

ان اعتراضات کا جواب دینے کے بعد جو مختار مدعیہ نے اس امر کے ثبوت میں پیش کئے ہیں کہ مرزا صاحب اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ کے ساتھ شریک مانتے اور خدا تعالیٰ کی طرف ایسی صفات منسوب کرتے ہیں جو ان کے شان کے شایاں نہیں۔ میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ الٰہی کلام ہمیشہ دو قسم کا ہوتا ہے ایک محکم دوسرا متشابہ اور خدا تعالیٰ قرآن مجید میں فرماتا ہے: ’’الذین فی قلوبهم زیغ فیتبعون ماتشابه منه ابتغآء الفتنة (آل عمران:۷)‘‘ جن کے دلوں میں زیغ اور کجروی کا مادہ ہوتا ہے۔ وہ محکمات کو چھوڑ کر متشابہات کے پیچھے پڑتے ہیں اور ان کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ فتنہ برپا ہو اور لوگ حق سے منحرف ہو جائیں۔ چنانچہ قرآن مجید میں بھی دونوں قسم کا کلام پایا جاتا ہے اور بعض کوتہ اندیش متشابہات کو ظاہری مضمون میں لے کر جادہ مستقیم سے منحرف ہوگئے اور خدا تعالیٰ کو بھی ایک مجسم چیز کی طرح سمجھنے اور اس کے لئے ہاتھ آنکھیں وغیرہ ماننے لگے اور یہ سمجھا کہ واقعی عرش پر وہ ایک بادشاہ کی طرح بیٹھا ہوا ہے۔ لیکن سمجھ دار اور عارفان الٰہی نے ایسے کلمات کو محکمات کے تابع کیا اور ان کے ایسے معنی کئے جو محکمات کے مخالف نہ تھے۔‘‘

جواب: عبارت مذکورہ بالا کے خط کشیدہ الفاظ خصوصیت سے قابل ملاحظہ ہیں جس میں اصول ٹھہرایا ہے کہ: ’’کلام الٰہی ہمیشہ دو قسم کا ہوتا ہے، ایک محکم دوسرا متشابہ۔‘‘

مگر واضح رہے کہ یہ اصول مرزا صاحب کے کلام پر اس وقت چسپاں ہوگا کہ ان کے تمام کلام یا الہامات کو الٰہی کلام اور الہام تسلیم کر لیا جائے اور انہیں دعویٰ نبوت میں سچا اور ان کے الہامات وحی الٰہی مان لیں۔ حالانکہ یہ چیز خود مابہ النزاع ہے ہم تو یہ سارے اقوال والہامات یا تو خود ساختہ مانتے ہیں یا وساوس شیطانی۔ وہ ہرگز کلام الٰہی نہیں ہوسکتے۔ تائیدی نمونہ ملاحظہ ہو۔

۱...... ’’یعنی یہ الہام ہوا تھا کہ عورت کی چال ’’ایلی ایلی لما سبقتنی بریت اذا کففت عن بنی اسرائیل‘‘ (مکاشفات ص۵۰، البشریٰ ج۲ ص۱۰۷)

۲...... ’’حیضہ کی آمدن ہونے والی ہے۔‘‘ (البشریٰ ج۲ ص۱۳۲، نقل از بدر ج۶ نمبر۳۱ ص۴)

۳...... ’’غلام احمد کی جے۔‘‘ (البشریٰ ج۲ ص۱۳۲)

۴...... ’’یریدون ان یروا طمثک (یعنی وہ تیرا حیض دیکھنے کا ارادہ کرتے ہیں) اس الہام کی تشریح خود مرزا صاحب کی زبانی اس طرح ہے۔ بابو الٰہی بخش چاہتا ہے کہ تیرا حیض دیکھے یا کسی پلیدی یا ناپاکی پر اطلاع پائے۔ مگر خدا تعالیٰ تجھے اپنے انعامات دکھائے گا جو متواتر ہوں گے اور تجھ میں حیض نہیں بلکہ وہ بچہ ہوگیا ہے۔ جو بمنزلہ اطفال اللہ کے ہے۔‘‘ (تتمہ حقیقت الوحی ص۱۴۳، خزائن ج۲۲ ص۵۸۱)

۵...... ’’هو شعناً نسعاً‘‘ (یہ الہام شاید عبرانی ہے جس کے معنی نہیں کھلے)

(البشریٰ ج۱ ص۴۳، نقل از بدر ج۲ نمبر۱۶، مطبوعہ ۸؍مئی ۱۹۰۳ء از حضرت مسیح موعود)

۶...... ’’پریشن عمر براطوس یا بلاطوس۔‘‘

نوٹ: آخری لفظ بڑا لموس ہے یا بلاموس ہے۔ بباعث سرعت الہام دریافت نہیں ہوا۔ اس جگہ براموس اور پریشن کے معنی دریافت کرنے ہیں کہ کیا ہیں اور کس زبان کے یہ لفظ ہیں۔ (البشریٰ ج۱ ص۵۱، نقل از مکتوب احمدیہ ج۱ ص۶۸)

۷...... ’’غثم غثم غثم له دفع اليه من ماله دفعتة دیا گیا اس کو مال اس کا اچانک۔‘‘

(البشریٰ ج۲ ص۵۰، نقل از الحکم ج۲ نمبر۲۶،۲۷)

۸...... ’’آئی لو یو‘‘ (ترجمہ میں تم سے محبت رکھتا ہوں)

’’میں تم سے محبت رکھتا ہوں‘‘ (A) I love you

’’میں تمہارے ساتھ ہوں۔‘‘ (B) I am with you

’’میں تمہاری مدد کروں گا۔‘‘ (C) I shall help you

’’میں کرسکتا ہوں، جو چاہوں گا۔‘‘ (D) I can what i will do

’’ہم کرسکتے ہیں جو چاہیں گے۔‘‘ (E) We can what we will do

’’یہ میرا دشمن ہے۔‘‘ (F) This is my enemy.

ان الہامات کے نزول کے وقت ایسا لہجہ اور تلفظ معلوم ہوا کہ گویا ایک انگریز ہے جو سر پر کھڑا ہوا بول رہا ہے۔

(البشریٰ ج۱ ص۱۷، نقل از براہین احمدیہ ج۴ ص۴۸۰، خزائن ج۱ ص۵۷۱،۵۷۲)

۹...... ’’خاکسار پیپرمنٹ‘‘ (کشف نمبر۱۵، الحکم ج۱ نمبر۷، البشریٰ ج۲ ص۹۴)

۱۰...... ’’ورڈ اینڈ ٹو گرلس‘‘ (ترجمہ الہامی) ایک کلام اور دو لڑکیاں۔ (البشریٰ ج۲ ص۱۰۶)

۱۱...... ’’کلیسا کی طاقت کا نسخہ‘‘ (البشریٰ ج۲ ص۱۱۴، بدر ج۱۹ ص۲)

۱۲...... ’’اب تک پیچھا نہیں چھوڑتی‘‘ (البشریٰ ج۲ ص۱۱۴، کشف نمبر۲۲۹)

۱۳...... ’’کمترین کا بیڑا غرق ہوگیا‘‘ (البشریٰ ج۲ ص۱۲۱)

۱۴...... ’’امین الملک جے سنگھ بہادر‘‘ (البشریٰ ج۲ ص۱۱۸)

۱۵...... ’’خیر۔‘‘ (کشف نمبر۲۳۹، بدر ج۲ نمبر۳۸ ص۳، البشریٰ ج۲ ص۱۱۹)

۱۶......

آنکہ گوید ابن مریم چوں شدی ہست او غافل ز راز ایزدی

آں خدائے قادر و رب العباد
در براہین نام من مریم نہاد
مدتے بودم برنگ مریمی
دست ناداده نہ پیران زمی
ہمچو بکرے یافتم نشوونما
از رفیق راہ حق نا آشنا
بعد ازاں آن قادر رب المجید
روح عیسیٰ اندراں مریم دمید
پس بہ نقش رنگ دیگر شد عیاں
زاو زاں مریم مسیح ابن زماں
زیں سبب شد ابن مریم نام من
زانکہ مریم بود اول گام من
بعد ازاں از نفخ حق عیسیٰ شدم
شدز جائے مریمی برتر قدم
ایں ہمہ گفت است رب العالمین
گرنمے دانی براہین را ببین

(حقیقت الوحی ص۳۳۹، خزائن ج۲۲ص۳۵۲)

۱۷...... برہمن اوتار سے مقابلہ اچھا نہیں۔ (حقیقت الوحی ص۹۷، خزائن ج۲۲ص۱۰۱)

پس ہر عقل مند یہ سمجھ سکتا ہے کہ یہ بے سروپا کلام ہرگز الہام الٰہی یا کلام ربانی نہیں ہوسکتا۔

دوسرا جواب یہ ہے کہ یہ بھی دعویٰ سرے سے غلط ہے کہ ہر الٰہی کلام دوقسم کا ہوتا ہے۔ محکم ومتشابہ۔ بلکہ یہ صرف قرآن حکیم کی خصوصیت ہے۔ جیسا کہ مختار مدعا علیہ کی پیش کردہ آیت ہی سے واضح ہے جس کے ابتدائی اور آخری حصہ کو صرف اسی مغالطہ دہی کے واسطے کاٹ کر پیش کیا ہے۔ ابتدائی حصہ ملاحظہ ہو: ’’**ھو الذی انزل علیک الکتاب منه آیات محکمات ھن ام الکتاب واخر متشابھات** (آل عمران:۷)‘‘

اسی اللہ نے آپ پر قرآن اتارا جس میں کچھ آیات، محکمات ہیں جو اصل اصول کتاب ہیں اور کچھ متشابہات۔ اس میں تصریح ہے کہ یہ تقسیم صرف قرآنی آیات کی ہے۔ حتیٰ کہ تورات وانجیل کی بھی نہیں۔ یہاں تک مرزاصاحب کے کلام کے واسطے گنجائش نکالی جائے۔

دوسرے اصطلاح قرآنی میں متشابہ وہ ہیں جو اللہ اور اس کے حبیب پاک ﷺ کے درمیان گفتگو کے لئے رموز واشارات ہیں۔ جنہیں کسی اور کے سمجھانے کو نہیں اتارا۔ ان کا حکم یہ بتایا کہ علماء بھی اس میں غور وخوض نہ کریں، بلکہ بلاتأمل اسے خدا کی طرف سے سمجھ کر بلا تاویل کی فکر کے اس پر ایمان لے آئیں۔ جیسے: ’’حٰمٓعٓسٓقٓ (الشوریٰ:۱،۲) کٓھٰیٰعٓصٓ (مریم:۱) استویٰ علی العرش......الخ!‘‘ وغیرہ

حالانکہ مرزاصاحب کا کلام نہ قرآن منزل علی سیدنا محمد ﷺ نہ اس پر بلاتأمل ایمان لانا اور تاویل تک نہ کرنا ضروری ہے۔

خود مختار مدعا علیہ بھی اس میں تاویلات کر کے یہ ثابت کر رہا ہے کہ یہ متشابہات نہیں۔ کیونکہ اسی آیت پیش کردہ کا آخری حصہ جسے اسی مغالطہ کے لئے قطع کر دیا ہے کہ: ’’**وما یعلم تاویله الا اللّٰہ** (آل عمران:۷)‘‘ متشابہات کی تاویل کوئی بھی نہیں جانتا سوائے اللہ کے اور علماء راسخین بھی خدا کی طرف سے مان کر اس پر آمنا کہتے ہیں۔ پس یہ متشابہات نہ ہوئے۔

یہ کہنا بھی سراسر لغو ہے کہ یہ مرزاصاحب کا کلام متشابہات سے ہے اور جن کے دلوں میں زیغ اور کجروی کا مادہ ہوتا ہے وہ فتنہ برپا کرنے کے واسطے اس کے پیچھے پڑتے ہیں......الخ!

کیونکہ اگر اس جیسے کھلے ہوئے کفریات اور لاجواب مشرکانہ خیالات کسی کو کفر سے بچا سکتے ہیں تو مختار مدعا علیہ کے اصول پر فرعون ونمرود، ابولہب بلکہ شیطان لعین کے کلام کو بھی متشابہات میں مان کر عین ایمان کلمات بتانے پڑیں گے۔ فرعون کا **انا ربکم الاعلیٰ**، نمرود کا **انا احي وامیت**، ابولہب کا **تباً لک**، یہود کا **السام علیکم**، شیطان لعین کا **انا خیر منه**......الخ!

کیا یہ اسی اصول کے کلمات نہیں کہ تاویل ہو سکے۔ بلکہ مرزا صاحب کے کلام سے اس میں زیادہ آسانی سے تاویل ہو سکتی ہے۔

اوّل دونوں نمبر: انا ربکم الاعلیٰ، انا احیٖ وامیت کے مقابل مرزا صاحب کا انت اسمی الاعلیٰ اور اعطیت صفۃ الاحیاء والافناء من الرب الفعال کا مقابلہ کر کے تاویلیں دیکھ لی جائیں۔ اگر یہ کہیں کہ مذکورہ بالا اشخاص کا کفر دوسرے ادّلہ سے متفق علیہ ہے تو مرزا صاحب کو دنیا اسلام کا کونسا فرقہ مسلمان مان رہا ہے۔ عرب ہوں یا عجم، ہندوستان ہو یا افغانستان، مصر ہو یا شام، غیر مقلد ہو یا مقلد، حنفی ہو یا شافعی، مالکی ہو یا حنبلی، صوفیہ کا گروہ ہو یا علماء ظواہر کا، دیوبندی ہوں یا بریلوی، اہل سنت والجماعت ہوں یا شیعہ حضرات یا اہل قرآن۔ غرض کوئی ان کا کفر واضح ہونے کے بعد انہیں مسلمان نہیں سمجھتا۔

اور اس قدر آفتاب سے زیادہ روشن وواضح کفریات کے بعد یہ مجمل اور متشابہ کفریات بھی مختار مدعا علیہ کے اسی تراشیدہ اصول کے تحت کفر ہی پر محمول ہوں گے، نہ اسلام پر اور متشابہات کا محکمات پر محمول کرنا متفقہ اصول قرار دیا ہے اور ہم نے بھی اوّلاً بنیادی طور پر محکمات سے کفر ثابت کر کے تائید میں ان گول مول الہامات کو پیش کیا ہے۔ اصل بنیاد کب ہیں، دیکھئے کلمہ لا الہ الا اللہ کی تحت میں سب سے اوّل ’’والوھیتہ تتموج فی بنیادی اصول ہے کہ اس کی الوہیت میرے اندر موجزن ہے۔‘‘ اور جن میں الوہیت ہو وہ الٰہ کہلائے گا اور جس میں ربوبیت ہو وہ رب۔ پھر جب کوئی شخص اپنے کو بھی الٰہ مانے اور منوائے اور لا الہ الا اللہ بھی پڑھے، ایک مرتبہ کیا کروڑ مرتبہ، ہرگز ایمان دار نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ لا الہ الا اللہ میں صرف ایک اللہ الٰہ ہے اور یہاں نہ بھی الٰہ ہے۔ نیز اس کے سارے مریدین جن میں مدعا علیہ عبدالرزاق بھی ہے۔ ان کے اس قول پر کہ الوھیتہ تتموج فی ایمان رکھتے ہیں۔ یعنی لا الہ الا اللہ بظاہر پڑھ کر بظاہر الوہیت کا حصہ صرف خدا تعالیٰ میں مانتے ہیں۔ مگر مرزا صاحب کے اندر بھی الوہیت کے معتقد ہیں۔ پس جب کہ خدا کے سوا کسی ایک میں بھی الوہیتہ مان لی تو کلمہ توحید پر جس کا مطلب صرف ایک خدا ہی کے اندر الوہیت منحصر کرنا تھا ہرگز ہرگز ایمان دار نہ رہے۔ اس سے زائد کیا وضاحت چاہتے ہیں اور اس سے زائد محکم کیا ہوگا کہ اوروں کا الٹا سیدھا ربط بے ربط جواب تو دیا، مگر اس کے جواب کا باوجود سینکڑوں صفحات سیاہ کرنے کے نام تک نہ لیا:

ہوا ہے مدعی کا فیصلہ اچھا میرے حق میں　　　زلیخا نے کیا خود پاک دامن شاہ کنعان کا

قول مختار مدعا علیہ:

’’اور آنحضرت ﷺ کی اتباع میں کاملین امت محمدیہ کو متشابہات ورثہ میں ملے جن پر خشک ملاؤں نے جہالت ونادانی سے اعتراضات کئے اور ان کے موردوں کو کافر ومرتد وواجب القتل ٹھہرایا...... الخ!‘‘

تمام علماء کرام حتیٰ کہ علمائے حرمین شریفین کثر ہم اللہ تعالیٰ سواد ہم اور تمام صوفیاء کرام اور بلا استثناء تمام فرق اسلامیہ نے مرزا صاحب اور ان کے اذناب واتباع ومریدین ومعتقدین کو بلکہ ان کفریات پر مطلع ہونے کے بعد، مرزا صاحب کو مسلمان سمجھنے والوں کو بھی کافر ومرتد قرار دیا ہے۔

اب مختار مدعا علیہ کی خوشی جی چاہے، انہیں خشک ملاّ، جاہل ونادان کہے یا اس سے بڑھ کر کوئی گالی دے۔ جب کہ ان کے مقتداء نے تمام انبیاء کرام حتیٰ کہ سید الرسل فخر کل ﷺ، اہل بیت کرام ؓ وصحابہ ؓ کو سب کچھ ان کہی کہہ ڈالی تو ان سے یہ کوئی غیر متوقع نہیں۔ حضور ﷺ کے بعد مدعیان نبوت اور ان کی امت کا یہ شیوہ ہی ہونا تھا۔ ورنہ ہمارے آقا ومولیٰ ﷺ کا ارشاد یاتونکم من الاحادیث مالم تسمعوا انتم ولا اٰباء کم کیونکر ہوتا اگر یہ نہ کرتے تو حضور ﷺ صادق ومصدوق کی یہ پیش گوئی غلط ہو جاتی اور دین درہم برہم ہو جاتا۔ العیاذ باللہ! صدق اللہ ورسولہ ﷺ۔

قول مختار مدعا علیہ:

''امام ربانی مجدد الف ثانی فرماتے ہیں۔ قرآن مجید میں متشابہات مثل ید التواء...... تا...... صحو (ہوش) میں تھے۔

(مقامات امام ربانی ص ۵۰)

اگر مختار مدعیہ کی طرز استدلال صحیح سمجھی جائے تو امام ربانی کی اس منقولہ حدیث سے خدا کا مجسم ہونا اس سے بہت بڑھ کر ثابت ہوسکتا ہے۔ جیسا کہ مختار مدعیہ نے مرزا صاحب کے متشابہات الہامات سے آپ کے منشاء اور کھلی کھلی تشریحات کے خلاف معنی لے کر ثابت کرنا چاہا ہے۔ کیونکہ اس میں ضحک اللہ کے لفظ ہیں جس کے معنی ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہنسا اور مختار مدعیہ کی طرز استدلال کے لحاظ سے ہنسنے کے لئے ان چیزوں کی جن سے ہنسنے کا فعل منحصر ہے۔ یعنی رخسار اور لب وغیرہ کی ضرورت ہے اور جس میں یہ چیزیں پائی جائیں۔ اس کے مجسم ہونے میں کیا کلام ہوسکتا ہے۔

جواب یہ مختار مدعا علیہ کا اپنا اختراع ہے کہ اس حدیث میں ضحک کے معنی ہنسنے کے ہیں جس کے واسطے لب ودندان منہ درکار ہے۔ یہاں ضحک کے معنی کسی نے ہنسنے کے نہیں کئے کسی حدیث یا تصوف کی کتاب حتیٰ کہ مسلم ومقبول امام عبدالوہاب شعرانی کی کتاب یواقیت کو دیکھتا تو بھی یہ بہتان نہ باندھ سکتا اور اگر کچھ توفیق نہ ہوئی تھی تو کسی ڈکشنری لغت کی کتاب ضحک کے معنی دیکھ لیتا کہ اس کے حقیقی معنی راضی ہونے اور قبول کرنے کے ہیں اور یہی راضی ہونے کے معنی حدیث میں مراد ہیں کہ اللہ راضی وخوش ہوا۔ ملاحظہ ہو: ''منتھی الارب''

''ضحک ضحکاً بالفتح و ضحکاً بالکسر و کسرتین...... راضی شد وقبول کرد''

یوں ہی متعدد محاورات تاج العروس ولسان العرب میں موجود ہیں جو مرزا صاحب کی بھی مسلم لغات ہیں۔ ملاحظہ ہو جرح گواہ مدعا علیہ نمبر۱۔

اس حدیث نبوی جس میں خدا کی طرف نسبت ضحک ہے جس سے مختار مدعا علیہ الزاماً خدا کا مجسم ہونا ثابت کر رہا ہے اور مرزا صاحب کی غیر مسئول لاجواب عبارت کہ: ''اس وجود اعظم کے بے شمار ہاتھ، بے شمار پیر ہیں، طول وعرض رکھتا ہے۔'' دونوں میں زمین وآسمان کا فرق ہے وہاں ضحک ہے جس کے معنی اصل لغت میں راضی وقبول کرنے کے ہیں اور یہاں صراحتہً نہ صرف ہاتھ پاؤں، بلکہ طول وعرض جو بالاتفاق جسم کے لوازم ہیں۔ موجود ہیں جن کی کوئی جھوٹی سچی الٹی سیدھی ربط وبے ربط تاویل مختار مدعا علیہ سے بھی نہ بن پڑی اور اس کا نام تک نہ لیا اور اس سے اگلے فقرات کی شرح شروع کردی۔

یہ چیزیں صرف فریق مدعیہ کے جذبات کو مجروح کرنے کے واسطے معرض بیان بلکہ ریکارڈ مسل پر لائی گئیں کہ جو جو اعتراضات مدعیہ کی طرف سے ہمارے رسول قدنی پر کئے جائیں گے وہ سب ان کے رسول تاجدار مدنی ﷺ پر دہرا کے دل ٹھنڈا کرلیں گے۔

ہم عدالت کو یقین دلاتے ہیں کہ اس قسم کے امور باوجودیکہ ہمارے واسطے انتہائی صبر شکن اور ناقابل برداشت رہے۔ مگر ہم نے خدا جانے کیوں کر برداشت کیا اور سوائے عدالت کی توجہ مبذول کرانے کے کوئی احتجاج روا نہ رکھا:

وائے ناکامی الفت ہائے محرومی عشق　غیر سے کرنی پڑی ہے التجا تیرے لئے

باقی مجدد صاحب کی عبارت کے الفاظ ملاحظہ ہوں۔ بالکل عبارت بے غبار ہے کوئی ان کی تائید نہیں۔ محض اپنی طبیعت سے بہتان باندھا ہے۔ رہی حدیث: ''ان اللہ خلق اٰدم علی صورتہ'' اس کا مفصل جواب اوپر بحوالہ انہیں کے مسلم امام عبدالوہاب شعرانی کی زبانی (الیواقیت والجواہر ج۱ ص۱۱۸) سے گزر چکا ہے اعادہ کی ضرورت نہیں۔

قول مختار مدعا علیہ:

’’یہ سب امور موجب کفر وارتداد ہیں اور حضرت مجدد الف ثانی کی تحریر میں یہ بھی ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہے کہ میں نے اللہ تعالیٰ کو مدینہ کی گلیوں میں ایک بے ریش نوجوان کی شکل میں دیکھا اور اس نے اپنا ہاتھ میرے شانوں پر رکھا اور میں نے اس کی ٹھنڈک محسوس کی اور یہ تمام باتیں بھی مختار مدعیہ کی عجیب وغریب مگر خلاف اہل اسلام طرز استدلال کے رو سے خدا کو مجسم ٹھہراتے ہیں۔ چونکہ بے ریش نوجوان اور اس کا ہاتھ اور اس کی ٹھنڈک وغیرہ امور تجسم کو چاہتے ہیں اور صرف مجدد الف ثانی ہی کو جنہوں نے یہ حدیث نقل کیا ہے۔ نعوذ باللہ! مشرک وکافر مرتد نہیں ٹھہراتے۔ بلکہ نعوذ باللہ! دور دور اور بہت دور تک نوبت پہنچائی ہے۔ دیوبندی مولوی بظاہر تو مجدد الف ثانی کو بڑی شد ومد سے اپنا قبلہ وکعبہ بتلاتے ہیں۔ مگر جب دوسروں کو کافر کہنے کا شوق زور کرتا ہے تو ان پر ہاتھ صاف کر جاتے ہیں۔‘‘

اس میں جس قدر سوقیانہ لہجہ اور تیز کلامی ہے وہ عدالت خود ہی ملاحظہ فرمائے کہ یہ جوابات کس جذبہ عداوت کے تحت میں دیئے گئے ہیں اور ان کی اصولاً کیا حیثیت ہے، میں اصل مدعا یعنی حدیث۔ میں نے مدینہ کی گلیوں میں اللہ تعالیٰ کو ایک بے ریش نوجوان کی صورت میں دیکھا...... الخ! کا جواب پیش کرتا ہوں جس سے مختار مدعا علیہ خدا کا مجسم ہونا نکالنا چاہتا ہے۔

جواب: اوّلاً اس حدیث کو تمام مسلم ائمہ جرح وتعدیل جیسے امام یحییٰ ابن سعید قطان جو جرح وتعدیل کے امام ہیں اور ابن معین وغیرہ اس حدیث کو مختلف طرق سے مجروح بتاتے ہیں۔ بلکہ علامہ ابن جوزی تو اسے موضوع قرار دیتے ہیں۔ ملاحظہ ہوں کتب رجال نیز تذکرۃ الموضوعات۔ ملا علی قاری وغیرہ اور مجروح حدیث تو مختار مدعا علیہ بلکہ مرزا صاحب کے نزدیک بھی نا قابل اعتبار ہے (ملاحظہ ہو جرح گواہ نمبر۱، مؤرخہ ۸؍مارچ ۱۹۳۳ء) حدیث بشرطیکہ جرح سے خالی ہو معتبر ہوگی۔ (ازالہ ص۳۳۱، خزائن ج۳ ص۲۱۶)

نیز عقائد میں اگر مجروح نہ بھی ہو تو بھی قطعیات کا اعتبار ہے اور متواترات کا اعلیٰ درجہ کی صحیح احاد تک معتبر نہیں۔ چہ جائے احاد مجروح۔ (ملاحظہ ہو بیان گواہ مدعا علیہ نمبر۱ ونمبر۲ نیز جرح گواہ نمبر۱، مؤرخہ ۸؍مارچ ۱۹۳۳ء)

صرف جلال الدین سیوطی (جن کو ان کے زمانہ کے علماء اور معلم ائمہ علامہ سبکی وغیرہ حاطب لیل رطب ویابس جمع کرنے والا قرار دیتے ہیں اور محمد طاہر صاحب مجمع البحار تصحیح کرتے ہیں اور یہ دونوں حضرات امام جرح وتعدیل نہیں اور ہر فن میں صرف اسی فن کے اہل اور امام کی رائے معتبر ہوتی ہے جو مرزا صاحب اور گواہ مدعا علیہ کو بھی مسلم ہے۔ (ملاحظہ ہو جرح گواہ نمبر۱، مؤرخہ ۸؍مارچ ۱۹۳۳ء) باقی صاحب تذکرۃ الموضوعات کا ابوزرعہ سے حدیث ابن عباس کی تصحیح نقل کرنا تو اوّل تو وہ اور حدیث ہے۔ دوسری اسی میں یہ بھی اسی جگہ منقول ہے کہ راٰہ بفوادہٖ کہ یہ دل اور قلب کا دیکھنا مراد ہے نہ آنکھوں کا۔ حتیٰ کہ مجسم ہونا لازم ہے۔

اسی تذکرہ میں مطلب حدیث یہ لکھا ہے: ’’حدیث اگر خواب میں دیکھنے پر محمول ہو تو کوئی اشکال ہی نہیں اور اگر بیداری پر محمول کریں تو ہمارے استاد کمال الدین ابن ہمام کا ارشاد ہے کہ یہ خدا کا دیکھنا نہیں بلکہ حجاب صورۃ کا دیکھنا ہے جو باری تعالیٰ کے حجابات سے ہے۔ اصل عبارت: ’’والحدیث ان حمل علی رویتہٖ المنام فلا اشکال وان حمل علی الیقظۃ فاجاب استاذنا کمال الدین ابن ہمام بان ھذا حجاب الصورۃ...... الخ! (تذکرۃ الموضوعات مصری ص۱۲)

اور مختار مدعا علیہ کے یہی مسلم امام ابن عربی، عبدالوہاب شعرانی بھی اسی طرح فرماتے ہیں کہ یہ خدا کی صورت نہیں دیکھی۔ بلکہ اس کے آئینہ جلال میں خود اپنا نقشہ دیکھا۔ جیسے کہ آئینہ میں ہوا کرتا ہے کہ وہ اپنی صورت ہوتی ہے نہ آئینہ۔ ملاحظہ ہو: (یواقیت والجواہر ج۱ ص۱۲۳)

اصل عبارت:’’فان قلت فاذن ماراى العبد الا صورة نفسه فی مراٰة معرفة الحق وما رای الحق حقیقة قلت نعم وھو کذالک فحکمه الانسان الذی رای وجھه فی المراٰة المحسوسة فانه یری صورة نفسه حاجة له عن مشھود جرم المراٰة‘‘

اوّلاً مرزاصاحب کے کلام پر جو ہمارا اعتراض تھا وہ رسول اللہ ﷺ پر اور مجدد صاحب وغیرہ پر دہرایا۔ پھر وہی اعتراض خدائے قدوس اور اس کے پاکیزہ کلام پر چسپاں کرنے کے واسطے مندرجہ ذیل آیات پیش کر کے وہی اعتراض دہرایا ہے۔

آیات: ’’استویٰ علی العرش (الاعراف:۵۴) یحمل عرش ربک فوقه یومئذ ثمانیه (الحاقه:۱۷) یداہ مبسوطتان (المائدۃ:۶۴)‘‘

ان آیات کی تفسیر چونکہ یہاں سے غیر متعلق ہے اور طول طویل ہے جس کی عدالت کی جانب سے اجازت نہیں۔ جنہیں دیکھنا ہو تفسیر بیضاوی، تفسیر کشاف، تفسیر ابن عربی، تفسیر کبیر ملاحظہ فرمائیں۔

باقی مختار مدعا علیہ کا یہ حوالہ بالکل مفید نہیں کیونکہ ہم نے مرزاصاحب کی صریح کلام کو بنیاد قرار دیا ہے۔ (الوہیۃ تتموج نے) اور طول وعرض رکھتا ہے۔ وغیرہ وغیرہ! لہٰذا اس قسم کے متشابہات کی آڑ ہی بے کار ہے۔ اسی پر استنزلہ العرش وغیرہ کو قیاس فرمالیں۔ قول مختار مدعا علیہ: آخر میں اتنا کہہ دینا ضروری ہے کہ مرزاصاحب کے الہامات میں بھی محکم اور متشابہ دونوں قسم کا کلام ہے اور یہ کوئی قابل اعتراض امر نہیں۔ حسب قاعدہ متشابہ کو محکم کے تابع کرنا چاہئے۔ یعنی ملہم کے متشابہ الہام کے معنی...... خود بیان کردیئے ہوں تو کسی دوسرے کو حق نہیں پہنچ سکتا کہ وہ ان مضمون کے خلاف کوئی اور معنی نکالے۔ متشابہ الہام تو الہام ہے کسی مبہم یا ذوالوجوہ عبارت کے معنی بھی منشاء متکلم کے خلاف نہیں نکالے جاسکتے اور یہ وہ اصل ہے جس سے دنیا میں کوئی بھی انکار نہیں کرسکتا۔ حتیٰ کہ دیوبندیوں کے ابن شیر خدا علی المرتضیٰ سابق ناظم دارالعلوم دیوبند مختار مدعیہ نمبر۲ بھی بضرب دہل اس کی تصدیق وتائید کا اعلان فرمارہے ہیں۔ چنانچہ مولوی احمد رضا خان کو مخاطب کر کے لکھتے ہیں کہ:’’اب اپنی طرف سے خلاف منشاء متکلم کلام کے معنی تجویز فرماتے ہیں۔ انا ﷲ وانا الیه راجعون!‘‘

(السحاب المدرار ص۴۳)

’’علاوہ ازیں تصنیف را مصنف نیکو کند بیان جب مصنف خود فرماتے ہیں کہ میرا مطلب یہ ہے تو اب کسی کو چون وچرا کی گنجائش کیا ہے۔‘‘

(السحاب المدرار ص۵۵)

اور مفتی دیوبند مولوی محمد شفیع گواہ مدعیہ نمبر۱ نے بھی ۲۰؍اگست کو جرح کے جواب میں اس اصل کو تسلیم کیا ہے کہ:’’اگر مختلف اقوال مذکور ہوں تو مبہم قول مفصل اقوال کی طرف راجع کیا جائے گا۔‘‘

الجواب: اسی مسلمہ متفقہ اصول پر ہم بھی مرزاصاحب کی کلام کی تاویلات جو مختار مدعا علیہ نے کیں، ناقابل التفات سمجھتے ہیں اور اس کے الہامات کا مطلب والوھیة تتموج فیھا اور طول وعرض رکھتا۔ وغیرہ وغیرہ!

لاجواب اور صریح اقوال کی روشنی میں مراد لے کر کفر کا حکم لگاتے ہیں۔ ورنہ خواہ مخواہ ہمیں کوئی ان سے ذاتی عناد نہیں کہ کافر بنائیں اور عاقبت خراب کریں۔ یہ ضرور ہے کہ کافر کو کافر نہ سمجھنا اور اس کے کفر پر راضی رہ کر دنیا کو مغالطہ میں رکھنا یہ بھی کفر اور رضائے بالکفر ہے۔

نوٹ: آخر میں یہ بھی گزارش کردوں کہ یہ بلاوجہ متشابہات کی بحث صرف اس لئے چھیڑی گئی کہ ہمارے جذبات مجروح ہوں۔ کیونکہ اس سے صاف واضح ہے کہ مرزاصاحب حضور ﷺ کی طرح اور ان کا کلام قرآن پاک کی طرح ہے اور مرزاصاحب کا بھی یہی مذہب:

آنچہ من بشنوم ز وحی خدا بخدا پاک دانمش زخطا
ہمچو قرآن منزہ اش دانم از خطاہا ہمیں است ایمانم
(درثمین فارسی، نزول المسیح ص ۹۹، خزائن ج ۱۸ ص ۴۷۷)

اگر حسن ظن کو مختار مدعا علیہ کی نسبت ہم کام میں لائیں، گو اب اس کا کوئی موقعہ نہیں۔ تو یہ عرض کر دیں کہ مختار مدعا علیہ کو یہ بحث چھیڑنے میں مغالطہ ہوگیا ہے کہ اس نے مرزا صاحب کو حضور کی طرح اور ان کی کلام کو قرآن پاک کی طرح سمجھ لیا ہے۔ ورنہ کبھی وہ حکم جو ’’ھوالذی انزل الیک الکتاب منہ اٰیات محکمات ...... الخ! (آل عمران:۷)‘‘ میں ہے جو صراحۃً صرف کتاب اللہ قرآن حکیم سے مختص ہے۔ مرزا صاحب کی کلام پر چسپاں نہ کرتا۔

اب میں اپنے لاجواب حوالوں کو جو اس ہیڈنگ میں ہیں۔ حسب وعدہ فہرست اپنے جواب کی تائید وتکمیل کے لئے عرض کرتا ہوں کہ باوجود اس طول طویل دور از کار تاویلات کے ہمارا مدعا بدستور ثابت رہا کہ مرزا صاحب اور ان کے متبعین خواہ کتنی ہی مرتبہ لاالٰہ الااللہ نمائشی زبان پر لائیں، مگر ان عقائد کفریہ منافی توحید کے ہوتے ہوئے لاالٰہ الااللہ پر کسی طرح ان کا ایمان ثابت نہیں ہوسکتا۔ لاالٰہ الااللہ کے خلاف بالکل لاجواب حوالے جن کا تذکرہ تک نہ کیا۔ تمہیداً جرح گواہ مدعا علیہ نمبر۱، یکم؍مارچ ۱۹۳۳ء و گواہ نمبر۲، ۲۶؍مارچ ۱۹۳۳ء۔

۱...... ادّعائے الوہیت: والوھیۃ تتموج فی اور اس کی الوہیت مجھ میں موجزن ہے۔

۲...... تمہید عینیت: انت منی وانا منک (دافع البلاء ص۶، خزائن ج۱۸ ص۲۲۷)

۳...... عقیدہ جسمیت: اس وجود اعظم کے بے شمار ہاتھ، بے شمار پیر ہیں، عرض وطول رکھتا ہے۔ (توضیح المرام ص۷۵، خزائن ج۳ ص۹۰)

۴...... تحسین وتاویل عقیدہ تثلیث: ان دونوں محبتوں کے کمال سے...... اس کا نام پاک تثلیث ہے اس لئے یہ کہہ سکتے ہیں کہ وہ ان دونوں کے لئے بطور ابن اللہ کے ہے۔ (توضیح مرام ص۲۲، خزائن ج۳ ص۶۲)

۵...... شرم دامن گیر ہونا: لیکن تعجب کہ کیسے بڑے ادب سے خدا نے مجھ کو پکارا ہے کہ مرزا نہیں کہا بلکہ مرزا صاحب کہا ہے...... اور پھر دوسرا تعجب یہ کہ باوجود اس کے کہ میری طرف سے یہ درخواست تھی کہ الہام میں میرا نام ظاہر کیا جائے۔ مگر پھر بھی خدا کو میرا نام لینے سے شرم دامن گیر ہوگئی اور شرم کے غلبہ نے میرا نام زبان پر لانے سے اس کو روک دیا۔‘‘ (حقیقت الوحی ص۳۵۶، خزائن ج۲۲ ص۳۶۹)

۶...... صیاد کے ساتھ تشبیہ: ’’اب سے پہلے خدا خاموش بیٹھا رہا اور اسی طرح بیٹھا رہا جس طرح صیاد، دجال کے نیچے دانہ ڈال کر بیٹھتا ہے۔‘‘ (تقریر مرزا محمود کادیانی تقدیر الٰہی ص۲۹، انوار العلوم ج۴ ص۴۸۲)

۷...... تنقیص امر باری تعالیٰ: ’’یتم امرک ولا یتم امری‘‘ وہ لاجواب حوالے جن کا جوابی بحث میں تذکرہ ہے۔ مگر اعتراضی پوائنٹ نظر انداز کیا گیا۔

۱...... شرک فی الاسم: ’’اغفروارحم من السماء ربنا عاج‘‘ (براہین احمدیہ ص۵۵۵،۵۵۶، خزائن ج۱ ص۶۶۲)

۲...... ادّعائے یکتائی: ’’انت بمنزلۃ توحیدی وتفریدی‘‘ (اربعین نمبر۳ حاشیہ ص۲۳، خزائن ج۱۷ ص۴۱۰)

۳...... شرک فی الامر: ’’انما امرک اذا اردت شیئاً ان تقول لہ کن فیکون‘‘ (استفتاء ص۸۶، خزائن ج۲۲ ص۷۱۴) وجرح گواہ مدعا علیہ نمبر۱، مؤرخہ ۲؍مارچ ۱۹۳۳ء۔ ’’لیکن اس الہام میں مرزا صاحب کو خطاب ہے۔‘‘

۴…… عقیدہ تثلیث: ’’انا نبشرک بغلام مظهر الحق والعلاء کأن الله نزل من السماء ‘‘ (آئینہ کمالات اسلام ص ۵۷۸، خزائن ج ۵ ص ۵۷۸) منشاء۔ اعتراض کا ٔن کی تثلیث وتشبیہ ہے۔

۵…… عقیدہ جسمیت: ’’روشنائی چھڑکنے والا نشان۔‘‘ (حقیقت الوحی ص ۲۵۵، خزائن ج ۲۲ ص ۲۶۷)

۶…… نسبت ولایت: ’’انت منی بمنزلة ولدی‘‘ (حقیقت الوحی ص ۸۶، خزائن ج ۲۲ ص ۸۹)

۷…… عقیدہ ابوت: ’’ان الله یبشرک بغلام مظهر الحق والعلا کان الله نزل من السمآء‘‘ (آئینہ کمالات اسلام ص ۵۷۸، خزائن ج ۵ ص ۵۷۸)

۸…… خطاء وصواب کی نسبت: ’’انی مع الرسول اجیب اخطی واصیب‘‘ (حقیقت الوحی ص ۱۰۳، خزائن ج ۲۲ ص ۱۰۶)

۹…… خدا کا اسم اعلیٰ ہونا: ’’انت اسمی الاعلیٰ‘‘ (اربعین نمبر ۳ ص ۳۴، خزائن ج ۱۷ ص ۴۲۳)

۱۰…… استعمال لفظ خواب وبیداری: ’’اسهر وانام سوتا بھی ہوں جاگتا بھی۔‘‘ (البشریٰ ج ۲ ص ۷۹)

۱۱…… نیا خدا: بحوالہ (تریاق القلوب ص س، خزائن ج ۱۵ ص ۴۹۷) جو گزر چکا ہے۔

۱۲…… صفتہ الاحیاء والافناء۔ ’’اعطیت صفته الاحیاء والافناء من الرب الفعال‘‘ (خطبہ الہامیہ ص ۲۳، خزائن ج ۱۶ ص ۵۵،۵۶)

مختار مدعا علیہ نے سینکڑوں تائید کے نام پر اور اس کی آڑ لے کر تائیدی حوالے پیش کئے ہیں اور میں صرف ایک حوالہ اس جواب کی تائید میں پیش کرتا ہوں جس سے حضرت باری تعالیٰ جل وعلاء شانہ کی نسبت مرزا صاحب کا نظریہ واضح ہو جائے گا اور تمام ان کے اجمالی الہامات کفریہ کے حل کرنے کو معیار ہوگا۔ نیز اس کے متعلق میرا یہ دعویٰ ہے کہ ایسا کشف اور عظیم الشان کفریہ کسی کے وہم وگمان میں نہ ہوگا۔

## (۱۹)

’’کشف مرزا صاحب: ایک مرتبہ کشف کی حالت آپ پر طاری ہوئی گویا کہ آپ عورت ہیں اور اللہ نے طاقت رجولیت کا اظہار فرمایا۔ سمجھنے والے کے لئے اشارہ کافی ہے۔‘‘ (کشف مرزا صاحب منقول از اسلامی قربانی ص ۱۱، قاضی یار محمد صاحب بی.اے پلیڈر)

قاضی یار محمد صاحب مرزا صاحب کے مرید خاص ہیں اور مرید کی شہادت باقرار مرزا غلام احمد صاحب، پیر کے حق میں سب سے زائد معتبر ہے۔ ملاحظہ ہو۔ (حقیقت الوحی)

آنچہ من بشنوم ز وحی خدا　بخدا پاک دانمش زخطا
ہمچو قرآن منزہ اش دانم　از خطاہا ہمیں است ایمانم
(نزول المسیح ص ۹۹، خزائن ج ۱۸ ص ۴۷۷)

ایسا شخص اگر ایک نہیں ایک کروڑ بلکہ بے شمار مرتبہ لاالـــــہ الااللہ پڑھے۔ ہرگز ہرگز ایمان دار اور کلمہ توحید کا قائل اور اس پر مومن شمار نہیں ہوسکتا۔ ورنہ فیصلہ کرنا ہوگا کہ شیطان لعین بھی عیاذ أباللہ! کلمہ گو مسلمان ہے۔ کیونکہ اس کا صرف ایک کفریہ ہے اور عدالت خود مقابلہ کرے کہ ان کی نسبت کس قدر ہلکا اور کتنی آسانی سے قابل تاویل ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کے متبعین کو ایمان کی توفیق عطاء فرمائے۔

### استدعا

یہ حصہ ثابت ہونے کے بعد کہ مرزا صاحب اور ان کے متبعین جن میں مدعا علیہ بھی منسلک ہے۔ ایمان کے بنیادی اور سب سے زیادہ ضروری جزو کلمہ لاالــہ الااللہ پر ایمان نہیں مقدمہ بحق مدعیہ ڈگری ہونا چاہئے۔ گو کسی اور چیز کا جواب نہ دیا جائے اور نہ کوئی اور کفریہ

عقیدہ ثابت کیا جائے۔ بلکہ لاالہ الااللہ پر ایمان نہ ہونے کی صورت میں گو تمام ایمانیات اس میں مکمل اور متفقہ طور پر موجود ہوں پھر بھی کافر و مرتد ہی رہے گا اور مدعا علیہ کو اپنے مرزائی احمدی ہونے کا اقرار ہی ہے۔ پس مدعا علیہ باقرار خود مرزائی ہے اور مرزائیت سے لاالہ الااللہ پر کسی طرح ایمان نہیں رہ سکتا۔ لہٰذا اس سے نہ صرف ارتداد بلکہ کھلا ہوا متفقہ ارتداد لازم آیا۔

جس سے یقیناً نکاح فسخ ہونا چاہئے، کیونکہ ارتداد فسخ نکاح کا حکم ہونا نہ صرف فقہ حنفی کا مسلم قانون ہے بلکہ محمڈن لاء کا بھی اور گواہان مدعا علیہ کو بھی مسلم ہے۔ ملاحظہ ہو جرح گواہ مدعا علیہ نمبر۱ یکم؍مارچ کے الفاظ اگر مرتد ہو جائے تو عام فتویٰ بھی ہے کہ نکاح فسخ ہو جائے گا۔

اور ملاحظہ ہوں الفاظ گواہ مدعا علیہ نمبر۲ بجواب جرح ۲۱؍مارچ ''مرتد ہونے سے تعامل یہ ہے کہ نکاح فسخ سمجھا جائے گا۔ تعامل سے تمام مسلمانوں کا تعامل مراد ہے۔''

ہوا ہے مدعی کا فیصلہ اچھا میرے حق میں زلیخا نے کیا خود پاک دامن ماہ کنعاں کا

''فالله الحمد حمداً كثيراً وصلى الله علىٰ حبيبهٖ وصحبه وسلم تسليماً كثيراً'' کلمہ توحید کے جزاوّل لاالہ الااللہ کا جواب ختم ہوا۔

## کلمۂ توحید دوسرا حصہ، محمد رسول اللہ ﷺ

قول مختار مدعا علیہ:

''مختار مدعیہ نے کلمہ کے دوسرے جزو یعنی محمد رسول اللہ سے بھی مرزا صاحب کو اسی طرح منکر قرار دینا چاہا ہے اور اس امر میں بھی عدالت کو اسی طرح مغالطہ دینے کی کوشش کی ہے جس طرح کہ پہلے کی تھی اور اس لغو و باطل امر کو ثابت کرنے کے لئے نعوذ باللہ! آپ کلمہ کے جزو دوم کے بھی منکر ہیں جو بحث اس نے عدالت کے سامنے کی ہے۔ وہ اس کی پہلی بحث سے بھی زیادہ مخدوش و لغو ہے۔''

الجواب: پہلے کی بحث کا جواب مفصل عدالت کے سامنے آچکا اور واضح ہو چکا کہ مختار مدعا علیہ نے کس قدر حوالہ لاجواب چھوڑ دیئے اور سوائے ایک حوالے کے کسی میں بھی مختار مدعیہ کے اعتراض کو ہاتھ نہ لگایا اور ادھر ادھر کے مسل کے خلاف غیر متعلق امور سے بحث کے حجم میں زیادتی کی اور وہ ایک حوالہ بھی جس کا بزعم خود جواب دیا ہے وہ جواب اس کے اور مرزا صاحب کے مسلمات کی رو سے بالکل لغو و باطل و مخدوش ہے جو قابل التفات بھی نہیں۔ کیونکہ خود مصنف کی تصریحات اس کے خلاف موجود ہیں۔

قول مختار مدعا علیہ:

''قبل اس کے کہ میں اس کے ایک ایک الہام متعلق علیحدہ علیحدہ کلام کروں، عدالت سے اس طرف توجہ مبذول کرنے کی خصوصیت سے درخواست کرتا ہوں کہ کسی شخص کا عقیدہ اس کے صاف الفاظ سے معلوم کیا جاسکتا ہے نہ کہ اس کے مخالفوں کے ان معانی سے جو انہوں نے اس کی کسی متشابہ یا مجمل و مبہم عبارت سے اس کی منشاء کے خلاف نکالے ہوں۔ خاص کر ایسی حالت میں کہ اس شخص کے کفر و اسلام کا مسئلہ زیر بحث ہو۔''

الجواب: اسی اصول کے تحت میں نے اصل بحث کی بنیاد متکلم کی نہایت واضح اور مصرح قول پر رکھی تھی جو اس کی نیت پر برہان قاطع تھا اور جس کا جوابی بحث میں جواب کجا مختار مدعا علیہ نے نام تک نہ لیا۔ جیسا کہ مفصل اوپر گزر چکا ہے۔ اب دوسرے حصہ میں بھی ان شاءاللہ! وہی ملاحظہ میں آئے گا۔

کفر و اسلام کے نازک مسئلہ کی بنیاد ہم نے تو معتبر مسلم کتب اور مرزا صاحب کے قطعیات پر رکھی تھی۔ بخلاف مختار مدعا علیہ کے کہ

اس نے غیرمسلم خلاف واقع غیر کاتب شدہ زید عمرو بکر کے رسائل وقصہ کہانیوں پر رکھی ہے:

ببیں تفاوت راہ از کجاست تا بکجا

قول مختار مدعاعلیہ:

لیکن مختار مدعیہ نے نہ تو پہلی جزو کے متعلق مرزاصاحب کی کوئی ایسی عبارت پیش کی ہے جس کے صاف الفاظ سے انکار توحید باری تعالیٰ موجود ہو اور نہ دوسری جزو کے متعلق کوئی ایسی صاف عبارت پیش کی ہے جس کے صاف الفاظ سے انکار رسالت نکلتا ہو۔ بلکہ متشابہ الہامات تشریحات ملہم کے خلاف مفہوم لے کر اس سے یہ نتیجہ نکالا ہے کہ نعوذ باللہ! آپ کو کلمہ کی دونوں جزوں سے انکار ہے...... الخ!

الجواب: انکار توحید اور لا الہ الا اللہ کا اس سے صاف کیا ہوگا کہ لا الہ الا اللہ کا مطلب یہ ہے کہ الوہیت صرف اللہ ہی میں ہے نہ کسی اور مخلوق میں اور مرزاصاحب اپنے اندر سرتاپا الوہیت کا صاف اعلان فرمارہے ہیں: ’’والوھیۃ تتموج فیہ ‘‘جس کا مختار مدعاعلیہ کے پاس کچھ بھی جواب نہ تھا اور اس کا نام تک نہ لیا۔ باقی لاجواب حوالہ اوپر گزر چکے ہیں، ملاحظہ ہوں۔

اسی طرح ثانی جزو کے متعلق تھا مگر چونکہ مختار مدعاعلیہ مرزاصاحب کو تقلیداً نبی اور معصوم اور تمام انبیاء سے افضل مان چکا ہے۔ بلکہ اس کا ذریعہ معاش ہی یہ ہے کہ دنیا کو مرزاصاحب کی خانہ ساز نبوت اور یہ تمام کفریات منوائے۔ اسے میری بحث میں صراحت بوجہ تعصب نظر ہی نہیں آسکتی۔ مگر غیر متعصب وغیر جانبدار منصف مزاج کے واسطے آفتاب سے زائد روشن عبارات ہیں۔ جن کی موجودگی میں مرزاصاحب اور مرزائیوں کے کفروارتداد میں شبہ کرنا بھی ایمانی خطرہ سے خالی نہیں ہے۔

اس مذکورہ تقریر کے بعد مختار مدعاعلیہ کا یہ کہنا کہ: ’’مختار مدعیہ کو کوئی صریح حوالہ نہ ملا۔ اس کے خلاف حوالے ہیں بے شمار عبارتیں ہیں۔ عدالت کو مغالطہ دیا گیا ہے۔ یہ متشابہات ہیں۔‘‘ یہ سب اپنے اور اپنے متبعین کو خوش کرنے کو ممکن ہیں کافی ہوں، مگر دلائل وبراہین کے میدان میں یہ خطابت کے الفاظ محض بے سود وبیکار ہیں۔

قول مختار مدعاعلیہ:

’’کیونکہ کفر کا فتویٰ دینے کے لئے ضروری ہے کہ جس پر فتویٰ دیا جائے۔ اس کا قول صراحت کے ساتھ موجب کفر ہو متشابہ، مبہم، ذوالوجوہ عبارت پر کسی طرح کفر کا فتویٰ نہیں دیا جاسکتا۔‘‘

جواب: ہماری جانب سے بحمداللہ! بالکل صاف صاف واضح عبارات پیش کی گئی ہیں جن کے مقابلہ میں ایک ایسے شخص کا جو کسی شخص یا جماعت کا اسی کے جاوبجا پروپیگنڈے کے لئے ملازم؟ اپنے آقا یا جس جماعت کا ملازم ہے۔ اس کی طرف سے تاویلات اور کھلی ہوئی تصریحات کو متشابہ اور مبہم قرار دینا چاہے، تعجب نہیں وہ معذور ومجبور ہے۔ مدعاعلیہ ایک بھی گواہ یا مختار جماعت مرزائیہ کا غیر تنخواہ دار پیش کرتا تو شاید قابل التفات بھی ہوتا۔ ان کی شہادتیں قانوناً جو وقعت رکھتی ہیں وہ عدالت پر پوشیدہ نہیں۔

باقی رہا یہ قول کہ: ’’کفر کا فتویٰ دینے کے لئے یہ ضروری ہے جس پر فتویٰ دیا جائے اس کا قول صراحت کے ساتھ موجب کفر ہو‘‘ کیا مختار مدعاعلیہ یہ بتانے پر قادر ہوسکا کہ اس کے خلیفہ برحق ثانی یعنی جناب مرزامحمود صاحب قادیانی کا یہ فتویٰ ’’سوم یہ کہ کل مسلمان جو حضرت مسیح موعود کی بیعت میں شامل نہیں ہوئے۔ خواہ انہوں نے حضرت مسیح موعود کا نام بھی نہیں سنا، وہ کافر اور دائرہ اسلام سے خارج ہیں۔ میں تسلیم کرتا ہوں کہ میرے یہ عقائد ہیں۔‘‘ (آئینہ صداقت ص۳۵، انوارالعلوم ج۶ ص۱۱۰)

’’جو لوگ مرزاصاحب کو رسول نہیں مانتے خواہ آپ کو راست باز ہی منہ سے کیوں نہ کہتے ہوں، وہ پکے کافر ہیں۔ عدالت خود غور فرمائے کہ یہ فتویٰ کس صریح عبارت پر دیا گیا ہے اور اس کی رو سے چالیس کروڑ مسلمان عرب وعجم، علماء، صوفیاء ومشائخ، سلاطین

ونوابان اسلام جو بھی مرزا کو رسول نہیں مانتا یا بیعت میں شامل نہ ہوا وہ نہ صرف کافر بلکہ پکا کافر ہوا۔‘‘

اور مرزا صاحب نے خود اپنے تمام نہ ماننے والوں کو جہنمی قرار دیا ہے۔

ایسی صورت میں مختار مدعا علیہ کو چاہئے تھا کہ اس قسم کی رکیک تاویلات کی آڑ تلاش نہ کرتا اور اگر ان تاویلات میں ذرہ برابر صداقت کا شائبہ تھا تو اسے اسی اصول کے تحت میں کہ کفر اور المکفر ین ضروری، جیسا کہ گواہان مدعا علیہ کو بلکہ مرزا صاحب کو بھی مسلم بلکہ مسلمہ فریقین ہے۔ مرزا صاحب اور خلیفہ محمود کے کفر وارتداد کا اقرار کر کے ثابت ہو جانا چاہئے تھا۔

ہداہ اللہ الیٰ سبیل الاسلام

مختار مدعا علیہ اس کے بعد کچھ جرح گواہ مدعیہ کے بے ربط حوالہ جن کا جواب اوپر گزر چکا ہے۔ لکھ کے فرماتے ہیں: ’’چونکہ مختار مدعیہ کو یہ اچھی طرح معلوم ہے کہ مرزا صاحب کے متشابہ الہامات اور مجمل عبارات کے جو معنی اس نے خود گھڑے ہیں وہ آپ کی منشاء وتصریحات کے بالکل خلاف ہیں اور صرف خلاف نہیں، بلکہ ان کے خلاف آپ کی بہت سی عبارتیں موجود ہیں۔ اس لئے اس نے مرزا صاحب کی متناقض باتیں ہونے پر بڑا زور دیا ہے اور کہا ہے کہ ہر امر کے متعلق مرزا صاحب کے کلام میں تناقض موجود ہے اور کوئی ایسا قول نہیں جس کے خلاف دوسرا قول موجود نہ ہو۔ لیکن یہ اس کا سراسر مغالطہ ہے اور اس سے اس کا مقصود یہ ہے کہ مرزا صاحب کے متشابہ الہامات ومجمل اقوال کے غلط جو معنی اس نے گھڑے ہیں، وہ صحیح قرار پائیں اور آپ کے جو اقوال اس کے ان گڑھے ہوئے غلط معنی کے خلاف پیش کئے جاویں وہ متناقض ومتعارض تصور ہو کر نظر انداز ہو جائیں۔ حضرت مسیح موعود کے کلام میں درحقیقت کوئی تناقض وتعارض نہیں ہے۔‘‘

جواب: اب مختار مدعا علیہ کو یہ جواب بالکل ہی مفید نہیں ہوسکتا۔ جب کہ بنیاد اعتراض پر ہیڈنگ کے صریح اور غیر مشتبہ الفاظ پر ہے اور میں اوپر مجمل ومتشابہ کے متعلق عنوان متشابہات کے تحت میں اس آڑ کی حقیقت اچھی طرح آشکارا کر چکا ہوں۔ ایسی صریح واضح عبارات کے ہوتے کسی جگہ کی عبارت سے اس کے خلاف مختار مدعا علیہ کا استنباط ناقابل عفو ہے اور پھر یہ اصول قرار دیا ہے کہ چونکہ مرزا صاحب کی عادت ابتداء سے متعارض ومتفاوت اقوال ودعاوی کی ہے اور جیسا موقع دیکھا ویسا ہی کہہ دیا۔ مسلمان، سنی، شیعہ، عیسائیوں کے واسطے مسیح موعود ومہدی مسعود، آریوں، ہندوؤں کے واسطے گوپال سری کرشن مہاراج، آریوں کے بادشاہ، سکھوں کے لئے جے سنگھ بہادر، جو نبی ماننے سے گھبرائیں۔ ان کے واسطے محدث، ومجدد، مبلغ اسلام جیسے لاہوری پارٹی جو غیر تشریعی مانیں۔ جیسے قادیانی پارٹی کے لوگ ان کے واسطے غیر تشریعی اور جو مستقل صاحب کتاب، صاحب شریعت بدین وقبلہ جدیدہ وکلمہ جدیدہ پر تیار ہو جائیں، ان کے واسطے مرزا صاحب کی وحی وکتاب اللہ ناسخ قرآن اور ان کی شریعت حضور ﷺ کی شریعت کو ناسخ بجائے کعبۃ اللہ کے قادیان قبلہ اور اسی طرف منہ کر کے نماز پڑھیں۔ بجائے کلمہ توحید **لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ** کے مرزا صاحب کا جدید کلمہ **لا الہ الا اللہ احمد جری اللہ** موجود۔ جیسا کہ مرزائیوں کے تیسرے فرقہ اروپی کے سلسلہ میں خود بانی فرقہ ظہور الدین اروپی مرزائی کے حوالہ سے اوپر آ چکا ہے۔ ملاحظہ ہو جرح گواہ نمبر۲، ۲۱؍مارچ ۱۹۳۳ء ایسے شخص کی ایک عبارت دوسری عبارت کی شرح نہیں بن سکتی۔ بلکہ اس کا کفر اور کفار کے کفروں سے خطرناک ومخدوش ہوگا۔ اس کی وضاحت معہ لسٹ متعارضات اوپر مستقل گزر چکی۔

قول مختار مدعا علیہ:

’’مرزا صاحب کے کلام میں درحقیقت کوئی تناقض وتعارض نہیں ہے۔ آپ کا ہر قول اپنے محل میں چسپاں اور اپنے مقام پر بالکل درست ہے۔ جیسا کہ اس بحث میں ظاہر ہوگا۔‘‘

جواب: بحث سے تو تعارض نہ اٹھ سکا۔ جیسا کہ جواب الجواب سے واضح ہو چکا اور آگے آئے گا۔ البتہ مختار مدعا علیہ کے اس قول

اوراصول سے گواہان مدعیہ پر جوتعارض کا الزام تھا۔اس کا جواب انہیں الفاظ کو دہرا کر عدالت کے سامنے پیش ہے۔

قول:’’گواہان مدعیہ کے کلام میں درحقیقت کوئی تناقض وتعارض نہیں ہے۔ان کا ہر قول اپنے محل میں چسپاں اوراپنے مقام پر بالکل درست ہے۔جیسا کہ اسی بحث میں ظاہر ہوگا۔‘‘ان شاءاللہ تعالیٰ!

## تفصیل جواب

۱...... آنحضرتﷺ آخری نبی نہیں۔

خلاصہ استدلال مختار مدعا علیہ معہ جواب:

۱...... مختار مدعیہ نے پہلا مغالطہ یہ دیا ہے کہ آخری نبی ہونا آنحضرتﷺ کے خصوصیات میں سے ہے؟

جواب: گویا مختار مدعا علیہ نے تسلیم کرلیا کہ آخری نبی ہونا حضورﷺ کے خصوصیات سے نہیں۔ بلکہ مختار مدعیہ کا مغالطہ ہے۔یہی دراصل خصوصیت آخری نبی ہونے کا انکار ہے جو علاوہ مستقل کفر ہونے کے گواہ نمبر۱، مؤرخہ ۲؍مارچ ۱۹۳۳ء کی جرح کے جواب سے عین ذات نبوت کی انکار کے مرادف ہے۔الفاظ ملاحظہ ہوں:’’خصوصیات نبویہ پر بھی ایمان لانا ضروری ہے۔انکار خصوصیات انکار ذات ہے۔‘‘ جرح ۲ مارچ ۱۹۳۳ء۔

اب ہمارے ذمہ صرف یہ بات رہ جاتی ہے کہ دلائل سے یہ ثابت کردیں کہ آخری نبی کا مفہوم اور لفظ آخرنبی، آخرالانبیاء وغیرہ آپﷺ کے خصوصیات سے ہے۔کسی اور نبی کے واسطے قرآن وحدیث صحابہ کرام وائمہ فقہاء عظام کی عبارت میں یہ استعمال نہیں ہوا۔ بلکہ جب ہی ہوا آپ ہیﷺ کے واسطے ہوا۔یہی معنی کسی سے کسی لفظ یا معنی کے مختص ہونے کے ہیں۔

## تفصیل دلائل

مفہوم آخری نبی کا مختص بذات سرکار دوعالمﷺ ہونا۔

آیات:

۱...... ’’ولکن رسول اللّٰہ وخاتم النّبیین (الاحزاب:۴۰)‘‘

۲...... ’’قل یآیھاالناس انی رسول اللّٰہ الیکم جمیعاً (الاعراف:۱۵۸)‘‘

۳...... ’’والذین یؤمنون بما انزل الیک وما انزل من قبلک (البقرۃ:۴)‘‘

۴...... ’’واذاخذاللّٰہ میثاق النّبیین (آل عمران:۸۱)‘‘

۵...... ’’الیوم اکملت لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی (المائدۃ:۳)‘‘

۶...... ’’فان تنازعتم فی شیٔ فردوہ الی اللّٰہ والرسول (النساء:۵۹)‘‘

۷...... ’’وما ارسلناک الا کآفۃ للناس بشیراونذیرا (سباء:۲۸)‘‘

ان پر تفصیلی تقریر کے واسطے ملاحظہ ہو۔شہادت گواہ مدعیہ نمبرالف ونمبر۳، نمبر۶۔ نیز بحث مختار مدعیہ۔

میں نے صرف سات آیات کے حوالہ پر اکتفاء کی جو مسل پر مفصل موجود ہیں اوران میں ان کا یہی مطلب ثابت کرنے کو نہ صرف صحابہ کرامؓ اورائمہ دین کے اقوال پیش کئے ہیں۔ بلکہ مرزاصاحب کے صحابی خاص محمد علی صاحب ایم.اے احمدی کی بھی یہی تفسیر درج ہے جو غیراحمدی ہونے کے الزام سے بری ہیں۔اگر میں چاہوں تو بحمداللہ! صریح کم ازکم (۱۰۰) آیات پیش کرسکتا ہوں۔تفصیل کے واسطے

ملاحظہ ہو رسالہ ختم نبوت فی القرآن مؤلف مولانا محمد شفیع صاحب اور یہ سو(۱۰۰) بھی نمونہ ہوں گی۔ ورنہ تمام قرآن شریف اسی سے پر ہے۔اس مفہوم پر شہادتوں میں احادیث متواترہ کا دعویٰ غیر مجروح گزر چکا۔معہ دلیل اور گواہ نمبر۳ نے دو سے سے زائد عدد کی تعداد ظاہر کی ہے جس پر بھی کوئی جرح نہیں اور(۷) حدیث اعلیٰ صحیح متصل مرفوع نمونۂ شہادت میں پیش کی جا چکی ہیں جن کی صحت پر کوئی کلام نہ ہوسکا۔ملاحظہ ہو شہادات گواہان مدعیہ اور بالخصوص نمبرالف ونمبر۱و۳و۴۔

## اجماع واقوال صحابہ رضی اللہ عنہم

صدیق اکبر رضی اللہ عنہ واجماع صحابہ مدلل گواہان مدعیہ خصوصاً گواہ نمبر۱،۲،۳ میں گزرا۔تفصیل کے واسطے آیت خاتم النّبیین کے تحت میں ابن جریر ملاحظہ ہو(۶۴) سے زائد آثار صحابہ نقل ہیں۔

## (۲۶)

## آثار سلف صالحین

(ملاحظہ ہو شہادت گواہان مدعیہ)

فیصلہ مفسرین(۱۵) حوالہ شہادت گواہان مدعیہ ملاحظہ ہو۔

### ائمہ لغت

قاموس،مجمع البحار،مفردات امام راغب(جیسی کوئی کتاب قرآنی لغات میں بقول علامہ سیوطی) روئے زمین پر نہیں۔بحرالمحیط، منتہی الارب،منجد کے حوالے گواہان مدعیہ نے شہادتوں میں پیش کئے اور دو(۲) اہم حوالہ لسان العرب اور تاج العروس کے بحوالہ آخری نبی مؤلفہ محمد علی صاحب ایم.اے جومسل پر آچکے ہیں اور یہ وہ دونوں کتابیں ہیں کہ مرزا صاحب کو یہ مسلم ہیں۔ملاحظہ ہو جرح گواہ نمبر۲، مؤرخہ ۲۶؍مارچ ۱۹۳۳ء۔تاج العروس،خاتم النّبیین الخ ای آخرہم یعنی خاتم النّبیین کے معنی آخری نبی ہیں۔

۲...... لسان العرب میں وخاتم النّبیین الی اٰخرھم قال وقد قرأ خاتم یعنی خاتم النّبیین کے معنی آخری نبی ہیں اور خاتم کی جگہ خاتَم بھی پڑھا گیا ہے۔ (آخری نبی: محمد علی ایم.اے ص۳)

### فیصلہ ائمہ مجتہدین

۱...... بحرالرائق۔مسلمہ فریقین۔ملاحظہ ہو جرح گواہ نمبر۱، ۷؍مارچ ۱۹۳۳ء۔

۲...... شرح اشباہ۔

۳...... شرح فقہ اکبر ملا علی قاری۔

۴...... فتاویٰ عالمگیری۔

۵...... فتاویٰ ابن حجر مکی۔

۶...... ردالمختار۔

۷...... اشباہ والنظائر۔

ایک پچھلے حوالہ کی اصل عبارت بطور نمونہ معہ ترجمہ پیش ہے۔

’’اذالم یعرف ان محمداًﷺ آخر الانبیاء فلیس بمسلم لانہ من ضروریات الدین‘‘
یعنی اگر کسی نے رسول اللہﷺ کو آخری نبی نہ مانا تو وہ مسلمان نہیں۔ کیونکہ آپ کا آخر نبی ہونا اوران کا ماننا ضروریات دین سے ہے۔‘‘ تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو شہادت گواہان مدعیہ و بحث مختار مدعیہ اس حوالہ میں آخری نبی ہونا نہ صرف خصوصیات نبویہﷺ سے ہے۔ بلکہ ضروریات دین سے ہے۔ جس کا نہ ماننے والا متفقہ کافر ہے۔

حوالہ جات لفظ آخری نبی یا آخرالانبیاء کی تخصیص کے متعلق احادیث صحیحہ۔

۱...... ’’قال النّبیﷺ انا آخر الانبیاء وانتم آخر الامم‘‘ (صحیح مسلم کتاب الفضائل شہادت گواہ مدعیہ نمبر۴)

۲...... ’’فی حدیث المعراج قال تعالیٰ...... جعلتک اول النّبیین خلقاً وآخرھم بعثاً‘‘ (ابونعیم خصائص کبریٰ ج۲،ص۱۹۶)

۳...... ’’کنت اول النّبیین فی الخلق وآخرھم فی البعث‘‘ (کنزالعمال ج۶ص۱۳)

۴...... ’’کنت اول النّبیین فی الخلق وآخرھم فی البعث‘‘ (کنز)

۵...... ’’انا آخر الانبیاء ومسجدی آخر مساجد الانبیاء‘‘ (کنز)

یہ وہی پانچوں لاجواب حوالے ہیں جو بحث میں اور شہادتوں میں آچکے اور باوجود ان کے اس قدر واضح ہونے کے مختار مدعا علیہ یا اس کے گواہان نہ مجروح کر سکے نہ کچھ جواب دیا۔ اس کے علاوہ ابن ماجہ کا ایک حوالہ آخرالانبیاء کے لفظ کا تھا۔ اس کے بعض راویوں کے متعلق بعض محدثین کے اقوال گو وہ قول فیصل نہ ہوں نہ ہی وہ مسلم ائمہ جرح وتعدیل کے اقوال ہوں قطع برید کر کے پیش کیا جس کے مدمقابل بڑے بڑے ائمہ اور ماہرین فن جرح وتعدیل کی رائے موجود ہے۔ ان راویوں کو معتبر ٹھہرا رہے ہیں اور بقول مرزا صاحب ہر فن میں اس کے ماہر کی شہادت معتبر ہوتی ہے۔ (برکات الدعاء ص۱۲ حاشیہ، خزائن ج۶ ص۱۵)

نیز جرح گواہ مدعا علیہ:

اوّلاً تو یہ حدیث مجروح نہیں روایوں کی توثیق موجود ہے۔ جیسا کہ اپنی جگہ پر آئے گا۔ دوسرے اس مخصوص سند کی حدیث ابن ماجہ کو اگر کوئی مختار مدعا علیہ کی خاطر نظر انداز ہی کر دے۔ پھر بھی مذکورہ بالا چار اعلیٰ درجہ کی صحیح حدیثیں (جس میں مسلم شریف جیسی اعلیٰ پایہ کتاب کی بھی حدیث ہے جو صحیحین میں شمار ہے جس کی احادیث جرح وتعدیل کی محتاج نہیں) موجود ہیں جو نہ اشارۃً وکنایۃً بلکہ صریح واضح الفاظ میں حضورﷺ کی خصوصیت مطلقاً بلا کسی تفصیل وتقید کے آخری نبی یا آخرالانبیاء کے ساتھ کر رہی ہیں اور جمع معرف باللام کی طرف مصاف ہونے سے تقید کا دروازہ ہی بند ہو جاتا ہے۔

یہ کہنا کہ یہ احادیث احاد ہیں بالکل ناواقفی ہے۔ بلکہ یہاں تواتر ثابت ہے۔ گواہان مدعا علیہ اور خود مرزا صاحب کے مسلم رئیس المفسرین حضرت علامہ حافظ ابن جریر طبری کا فیصلہ ملاحظہ ہو کہ: ’’وبذالک وردت الاحادیث المتواترۃ عن رسول اللہﷺ‘‘ (شہادت گواہان مدعیہ) یہی نقل حافظ ابن کثیر سے بھی موجود ہے۔

اب ایک طرف صرف مختار مدعا علیہ کا یہ قول ہے کہ یہ احادیث احاد ہیں۔ باوجودیکہ وہ حافظ حدیث اور امام حدیث بلکہ کسی مسلم درس گاہ کا سند یافتہ بھی نہیں۔

دوسری طرف ایک نہیں دو مسلم ائمہ حدیث وتفسیر بلکہ حافظ حدیث علامہ ابن کثیر وعلامہ ابن جریر طبری کا فیصلہ ہے۔

کہ اس بات میں رسول اللہ ﷺ سے متواتر احادیث جلیل القدر صحابہ سے مروی ہیں۔ عدالت خود ہی توازن فرمالے کہ مختارمدعاعلیہ عدالت کوکس قدر مغالطہ دینا چاہتا ہے یہ کوئی نئے حوالے نہیں تقریباً کل مدعیہ کے شاہدوں نے پیش کیا ہے۔ بحث میں متعدد مرتبہ پیش کیا گیا۔اسے لاجواب کہے کہ جواب بحث میں تذکرہ تک نہ آیا۔(فاللہ الحمد)

## صحابہ کرام کی تصریحات

مفصل اور کثیرالتعداد حوالے گواہان مدعاعلیہ اورمرزا صاحب کے مسلم رئیس المفسرین حافظ ابن جریر(طبری کی تفسیر ج۲۲ص۱۱ میں صرف ایک نمونۃً نقل کرتا ہوں۔

۱...... عن قتادہ ؓ قال ولکن رسول اللہ و خاتم النّبیین ای اٰخرھم یعنی خاتم النّبیین کے معنی تمام نبیوں سے آخری ہیں۔

## ائمہ مفسرین

(۱)مسلمہ فریقین رئیس المفسرین امام ابن جریرطبری ج۲۲تفسیرابن جریر۔(۲)حافظ حدیث امام التفسیر علامہ ابن کثیر ج۸۔ (۳)ابن کثیرج سوم۔(۴)ابن کثیرج چہارم۔(۵)تفسیر کبیرج۲،۶۔(۶)تفسیر بیضاوی۔(۷)تفسیر کشاف۔(۸)تفسیر روح المعانی۔ (۹)تفسیرابی السعود۔(۱۰)تفسیر درمنثور۔

میں نے انہیں حوالوں پر اکتفاء کیا جوشہادت مدعیہ کی طرف سے مسل پر آچکے ہیں۔ورنہ جدید حوالے بے شمار موجود ہیں۔

## ائمہ لغت

اور پر لسان العرب وتاج العروس کے حوالہ سے گزرچکا کہ خاتم النّبیین کے معنی آخری نبی کے ہیں اور بھی سات حوالے وہیں ذکر ہیں تفصیل انکی اپنی جگہ پر آئے گی۔ نیز گواہان مدعیہ کے بیان میں موجود ہے۔

## اجماع امت

’’اجتمعت الامۃ علی حمل ھذا الکلام علی ظاھرہ من دون تاویل وتخصیص ...... الخ!‘‘جس کا مطلب یہ ہے کہ تمام امت کا اس پر اجماع ہے کہ بلا تاویل وتخصیص اس کے ظاہری معنی (یعنی آخری نبی ﷺ) مراد ہیں اور بلا شک واشتباہ اس کا منکر قطعاً وسمعاً کافر ہے۔ یہ مضمون شرح فقہ اکبر ملاعلی قاری وغیرہ میں موجود ہے۔(شفاءعلامہ قاضی عیاض ج۲) ملاحظہ ہو۔

شہادت گواہان مدعیہ:

## فیصلہ ائمہ عقائد

(۱)اوّل الانبیاء اٰدم واٰخرھم محمد ﷺ　　(شرح عقائد ص۹۹)

یعنی پہلا نبی آدم علیہ السلام اور تمام نبیوں کے آخری محمد ﷺ ہیں۔

(۲)مواہب لدنیہ (۳)صبح الاعشی (۴)عقیدہ طحاوی (۵)غنیۃ الطالبین (۶)شرح فقہ اکبر (۷)کتاب الفصل (۸)نسیم الریاض (۹)الصارم المسلول (۱۰)الملل والنحل (۱۱)شفاء قاضی عیاض (۱۲)شرح شفا ملاعلی قاری ج۲،۳،۴۔

تفصیل کے لئے ملاحظہ ہوشہادت گواہان مدعیہ وبحث مختار مدعیہ۔

## فیصلہ ائمہ مجتہدین

اگر کوئی شخص محمد ﷺ کو تمام نبیوں کا آخری نبی نہ سمجھے تو وہ مسلمان نہیں ہے۔ کیونکہ یہ مسئلہ ضروریات دین سے ہے۔ (۱) الاشباہ والنظائر (۲) شرح فقہ اکبر (۳) شرح اشباہ (۴) فتاویٰ ہندیہ (۵) بحرالرائق جو مسلمہ فریقین ہے (۶) درمختار۔

تفصیل کے واسطے ملاحظہ ہو شہادت گواہان مدعیہ و بحث مختار مدعیہ۔

## فیصلہ صوفیائے کرام

۱...... محی الدین ابن عربی سیدالطائفہ۔

۲...... علامہ امام عبدالوہاب شعرانی یواقیت ج ۲ مبحث ۳۵ ص ۱۲۵۔

۳...... سیدالطائفہ غوث اعظم حضرت سید شاہ عبدالقادر جیلانی جو تینوں حضرات کے مسلمۂ فریقین ہیں۔ ملاحظہ ہو جرح گواہ نمبر ا یکم / مارچ ۱۹۳۳ء۔

۴...... انسان کامل یہ بھی مسلمۂ فریقین ہے۔ اس کے علاوہ اور بھی حوالے ہیں۔ تفصیل کے واسطے شہادت گواہان مدعیہ و بحث مختار مدعیہ ملاحظہ ہو۔

## شہادت قطب الوقت حضرت خواجہ غلام فرید صاحب

اس کے آخر میں مسلمہ فریقین شہرہ آفاق صاحب علم وفضل وتقدس بزرگ کی شہادت پیش ہے۔ جو بقول گواہ مدعاعلیہ نمبر ۲ بھی ہزار ہا شہادتوں سے زیادہ باعظمت شہادت ہے۔ کیونکہ یہ اس مردخدا نے ادا کی ہے، جو صلحائے روزگار اور واصلان کردگار میں سے ہے۔ پنجاب کے علاوہ اس کی جلالت شان ہندوستان میں بھی مسلم ہے۔ ریاست بہاولپور کے رعایا اور راعی کے دلوں میں اس کی بزرگی اور تقدس کا اثر کالنقش فی الحجر ہے جو ہز ہائینس نواب صاحب بہادر فرمانروائے بہاولپور اور آنخضور (جج صاحب) کے بھی واجب التعظیم ہیں۔ ان کے اپنے قلم کی لکھی ہوئی متبرک کتاب نسخۂ شریفہ فوائد فریدی ص ۱۲ ملاحظہ ہو۔ ارشاد ہے کہ ”سلسلہ نبوت آدم علیہ السلام سے شروع ہو کر حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ پر ختم ہوگیا۔ سب سے پہلے نبی آدم صفی اللہ اور سب سے آخری محمد رسول اللہ ﷺ ہیں۔“

ممکن ہے کہ مختار مدعاعلیہ کی وہ توجیہ جسے اس نے بحث میں بار بار دہرایا ہے۔ کوئی یہاں منطبق کرے کہ مرزائیوں کے اصول پر ممکن ہے حضور ﷺ پر (عیاذاً باللہ) آخری نبی کی حقیقت موبمو منکشف نہ ہوئی ہو۔ بوجہ کوئی نظیر نہ ہونے کے جیسے کہ دجال وغیرہ کی نیز صحابہ برابر ان کے اصول پر غلطی کرتے ہیں (عیاذاً باللہ) ائمہ دین وصوفیائے کرام کو بقول مرزا صاحب وہ حصہ کثیر وحی الٰہی ومکالمہ ومخاطبہ کا عطا نہیں ہوا تھا جو مرزا صاحب کو عطاء ہوا۔ بس آخری نبی کی حقیقت صرف مرزا صاحب پر منکشف ہوئی کہ یہ حضور ﷺ کی خصوصیت نہیں یا اس میں یہ قید اور یہ تخصیص اور ان معنی کا اضافہ ہونا چاہئے۔ نیز مرزا صاحب کے زمانہ میں اور ان کے بعد جو ان کی بیعت میں شامل نہیں وہ سب کافر اور پکے کافر ہیں اور کافر کی شہادت معتبر نہیں۔ لہٰذا مرزائیوں کے مسلم کسی شخص کی شہادت ہونی چاہئے۔ پس مرزا صاحب کے خاص الخاص مرید بلکہ صحابی کی شہادت پیش کرتے ہیں جسے احمدی ہونے کے ساتھ مرزا صاحب کے صحابی اور ایک بڑے فرقہ کے امیر ہونے کا فخر حاصل ہے۔ میری مراد امیر جماعت احمدیہ محمد علی صاحب ایم.اے ہیں۔ ملاحظہ رسالہ ”آخری نبیؐ“ کے مندرجہ ذیل اقتباسات اور یہ حوالہ بھی نیا نہیں۔ (آخری نبی ص ۱) رسالہ مسل میں درج ہے۔

۱...... اگر آنحضرت ﷺ مطابق تعلیم قرآن وحدیث آخری نبی ہیں تو آپ کے بعد کوئی نبی نہیں ہوسکتا۔ سوائے اس کے کہ بطور مجاز یا

استعارہ کوئی اس لفظ کو استعمال کرے اور اگر کوئی قطعی شہادت نہ ملے کہ آنحضرت ﷺ آخری نبی ہیں اور آپ ﷺ کے بعد باب نبوت مسدود ہے تو بلاشبہ کوئی شخص نبی نہیں ہوسکتا۔ ہمارے سامنے سوال نہایت مختصر ہے جس کو حل کرنا ہے۔ یعنی یہ تو میرا اور میاں صاحب (مرزا محمود) دونوں کا ایمان ہے کہ قرآن کریم میں خاتم النّبیین کا لفظ آنحضرت ﷺ کے متعلق آیا ہے۔ بحث صرف اس قدر ہے کہ ان الفاظ کے معنی کیا ہیں۔ میاں صاحب کے نزدیک خاتم النّبیین کے معنی ہیں وہ شخص جس کے اتباع سے آئندہ نبی بنا کریں گے۔ میرے نزدیک اس کے معنی ہیں آخری نبی۔ میاں صاحب نے دعویٰ سے بیان کیا ہے کہ جو معنی وہ کرتے ہیں، وہ لغت میں لکھے ہوئے ہیں اور جس طرح وہ معنی کرتے ہیں۔ اسی طرح لکھے ہوئے مابہ النزاع خاتم النّبیین کے معنی ہیں۔ یعنی وہ الفاظ کی کوئی تاویل قطعاً نہیں کرتے اور آخری نبی لغت میں معنی نہیں۔ چنانچہ ان کے بیان کے الفاظ ان کے اخبار الفضل میں شائع شدہ بیان کے مطابق یہ ہیں۔ ہمیشہ سے اس کے یہ معنی لئے جاتے ہیں۔ ہم اس کی تعبیر نہیں کرتے۔ بلکہ یہ معنی لغت کے ہیں۔ بعض لوگ خاتم النّبیین کے معنی آخری نبی بھی کرتے ہیں، مگر لغت میں اس کے معنی آخری نبی کے نہیں۔ (الفضل ۲۶،۲۹؍جون ۱۹۳۳ء) اب میں لغت میں سے میاں صاحب کی نئی تفسیر کی رو سے محاورہ عرب ہی مراد لے لیتا ہوں تو یہ تو میاں صاحب نے بھی مان لیا کہ وہ اپنے معنی محاورہ عرب میں بغیر کسی تاویل کے صفائی سے لکھے ہوئے بتادیں گے اور بالمقابل میرا بھی یہ دعویٰ ہے کہ جو معنی میں کرتا ہوں۔ وہ میں محاورہ عرب میں صفائی سے لکھے ہوئے بتادوں گا۔ اوّل میں اپنے حصہ کو لیتا ہوں اور لغت تین طرح پر میں دکھادوں گا کہ محاورۂ عرب کے رو سے خاتم النّبیین کے معنی آخری نبی ہیں۔ یعنی اوّل اس طرح کہ خود ان الفاظ خاتم النّبیین کے معنی لغت یا محاورۂ عرب کی کتابوں میں آخری نبی لکھے ہیں۔ دوسرے اس طرح پر کہ عرب نے خاتم القوم کا محاورۂ عربی کی کتابوں میں آخری نبی لکھے ہیں۔ دوسرے اس طرح پر خاتم القوم کا محاورہ جس کے مطابق خاتم النّبیین ہے۔ صرف ایک ہی یعنی آخرالقوم میں بولا جاتا تھا۔ تیسرے اس طرح پر کہ لفظ خاتم بمعنی آخری، عرب میں استعمال ہوتا تھا۔ میاں صاحب نے اس بات کو بھی تسلیم کیا ہے کہ لغت عرب کا بہت سا علم ہمیں کتب لغت کے ذریعہ سے ہی حاصل ہوتا ہے۔'' (رسالہ آخری نبی ص۲)

پھر کے اس کے بعد (ص۵،۶،۷) پر متعدد عربی، انگریزی ہے۔ مستند لغت کے حوالے نقل کر کے (ص۸) پر ابن حبان کا قول نقل فرماتے ہیں کہ:

۳...... ''من ذهب الى ان النّبوة مكتسبة لاينقطع...... فهو زنديق يجب قتله''

''اور جو شخص یہ اعتقاد رکھتا ہے کہ نبوت اکتسابی ہے جو منقطع نہیں ہوئی ہے تو وہ زندیق ہے جس کا قتل واجب ہے۔ پس خاتم النّبیین کے معنی وہ بھی آخری نبی کرتا ہے نہ کچھ اور یہ میاں صاحب کی خوش فہمی ہے کہ وہ سمجھتے ہیں کہ خاتم کے معنی مہر لے کر کچھ اور معنی خاتم النّبیین کے بن جاتے ہیں۔'' (ص۸)

''اب اس قدر لغت اور تفاسیر کی شہادت خاتم النّبیین کے معنی آخری نبی ہونے پر ہوتے ہوئے۔ کس قدر جرأت ہے کہ ایک شخص یہ کہہ دے کہ لغت میں یہ معنی خاتم النّبیین کے نہیں اور یہ سب لوگ عقیدتاً ایک بات کو ماننے لگے پیچھے معنی بنائے۔'' (ص۹)

پھر بہت سی اسی مضمون پر صحاح کی احادیث پیش کر کے فرماتے ہیں۔ میاں صاحب نے اپنی تائید میں صرف ایک حدیث پیش کی ہے۔ اس کا عنوان یوں قائم کیا ہے: ''اس اجماع کے خلاف رسول کریم کی آواز۔ کیا تعجب نہیں کہ چالیس حدیثوں میں میاں صاحب کے کان کے پردہ پر رسول کریم ﷺ کی کوئی آواز نہ پڑی اور اعلیٰ پایہ کی حدیثوں کی طرف ایک لمحہ کے لئے بھی توجہ نہ کی اور ایک حدیث کی آواز انہوں نے سن لی۔ یہ رسول کریم کی آواز نہیں یہ اپنے نفس کی آواز ہے۔ میاں صاحب ان تنکا دیکھنے والوں میں سے ہیں جن کو شہتیر نظر نہیں آیا کرتا جو ہاتھی کو نگل جاتے اور مکھی پر گھبراتے ہیں۔ بھلا اگر رسول کریم کی آواز کی میاں صاحب کو کوئی پرواتھی تو اس قدر کھلی آوازوں

کی کیا پروا کی، جن میں بار بار یہ کہا گیا ہے کہ آنحضرت ﷺ کے بعد کسی صورت میں نبی نہیں ہونہیں ہوسکتا۔ اس شخص کی مثال ہے جس نے کہا تھا کہ قرآن شریف کے اوامر میں سے مجھے ''کلوا واشربوا'' یاد ہے اور نہیوں میں سے ''لا تقربوا الصلوٰۃ'' اگر چالیس حدیثوں کی کھلی شہادت کو ایک حدیث رد کر سکتی ہے جس پر بلحاظ مضمون اور بلحاظ روایت دونوں طرح جرح ہوئی ہے تو شاید ہمارے میاں صاحب کل کو قرآن شریف کو بھی غیر محفوظ مانیں گے۔'' (آخری نبی ص۱۳،۱۴)

پھر تمام ان دلائل کا مفصل جواب دے کر جو مرزائی پیش کیا کرتے ہیں۔ آخر میں فرماتے ہیں: ''خلاصہ اس بحث کا یہ ہے کہ میاں صاحب نے کہا تھا کہ خاتم النّبیین کے معنی لغت میں آخری نبی نہیں اور جو معنی وہ خود کرتے ہیں...... یعنی ایسا نبی جس کے اتباع سے نبی بنا کریں گے، وہ صراحت سے اور بلا تاویل لغت میں موجود ہیں۔ مگر میں نے لغت کی قریباً سب کتابوں سے احادیث اور اقوال ائمہ سے دکھایا ہے کہ وہ سب کے سب خاتم النّبیین کے معنی آخری نبی کرتے ہیں اور یہی معنی حضرت مسیح موعود بھی کرتے ہیں۔ میاں صاحب نے اپنی معنی پر ایک ٹوٹی ہوئی سند بھی پیش نہیں کی۔ نہ لغت کا محاورہ پیش کیا نہ ہی حضرت مسیح موعود کا قول کہ خاتم النّبیین کے معنی ہیں ایسا نبی جس کے اتباع سے آئندہ نبی بنا کریں گے۔ خاتم کے معنی مہر ہوں یا آخری، خاتم النّبیین کے معنی دونوں صورتوں میں آخری نبی ہیں۔ اب یا تو میاں صاحب اپنے معنی کسی حدیث سے ثابت کریں یا کم از کم ائمہ دین کے اقوال سے ہی دکھادیں کہ لغت عرب میں یہ محاورہ تھا کہ وہ خاتم القوم کے معنی کیا کرتے تھے۔ ایسا شخص جس کے اتباع سے قوم بنے اور ایک قوم کا آخری شخص اس کے معنی نہ کرتے تھے صرف اسی صورت میں وہ اپنے بیان میں سچے ٹھہر سکتے ہیں اور یہ بھی یاد رکھنا چاہئے کہ اسی بحث سے مسئلہ نبوت کا فیصلہ ہوجاتا ہے۔ کیونکہ اگر خاتم النّبیین سے مراد آخری نبی ہے تو پھر حضرت مسیح موعود کی نبوت کا مسئلہ خود بخود طے ہوجاتا ہے۔'' آخری نبی کے بعد کوئی نبی نہیں آسکتا۔'' (آخری نبی ص۴۸)

ہماری عدالت سے استدعا ہے کہ اس سلسلہ میں رسالہ مذکورہ کو ملاحظہ فرما کر لیا جائے۔

ان قطعی اور مسلم دلائل کے بعد مختار مدعا علیہ کا یہ کہنا کہ: ''جاننا چاہئے قرآن مجید واحادیث کی رو سے آنحضر ﷺ کا جن معنوں کی رو سے آخری نبی ہونا ثابت ہے ان معنوں کے لحاظ سے آپ نے کبھی آنحضرت ﷺ کے آخری نبی ہونے سے انکار نہیں کیا...... الخ!'' نہ صرف لغو بلکہ مضحکہ خیز ہے۔ بہرحال یہ تو مان لیا کہ انکار آخری نبی کا ضرور ہے مگر اس معنی سے نہیں جو قرآن وحدیث میں ہیں۔

مگر میں نے مفصل قرآن حدیث ودیگر مستند دلائل قاطعہ سے ثابت کردیا کہ معنی کی کوئی تفصیل نہیں۔ آخری نبی کا انکار مطلقاً کفر ہے۔ مرزا صاحب بھی قبل دعویٰ نبوت فرماتے تھے: ''اور پرانے یا نئے نبی کی تفریق کرنا یہ شرارت ہے۔ نہ حدیث میں نہ قرآن میں یہ تفریق موجود ہے۔'' (ایام الصلح ص۱۴۶، خزائن ج۱۴ص۳۹۳)

پھر مختار مدعا علیہ نے ایک عبارت (کشتی نوح ص۱۳، خزائن ج۱۹ص۱۳،۱۴) کے حوالہ سے ''نوع انسان کے لئے...... تا...... کے لئے زندہ ہے۔'' نقل کی اور خلاف عادت مغالطہ کے لئے صرف حوالہ نقل کیا۔ حالانکہ غیر متعلق طویل عبارتیں نقل کرتا رہا ہے اور اس حوالہ سے اس امر کے ثابت کرنے کا ارادہ کیا ہے کہ مرزا صاحب حضور ﷺ کے آخری نبی ہونے کے قائل ہیں۔

اوّلاً جواب کے لئے اصل عبارت (کشتی نوح ص۱۳، خزائن ج۱۹ص۱۳،۱۴) سے نقل ہے۔ ''نوع انسان کے لئے روئے زمین پر اب کوئی کتاب نہیں۔ مگر قرآن اور تمام آدم زادوں کے لئے اب کوئی رسول اور شفیع نہیں، مگر محمد مصطفیٰ ﷺ سو تم کوشش کرو کہ سچی محبت اس جاہ وجلال کے نبی کے ساتھ رکھو اور اس کے غیر کو اس پر کسی نوع کی بڑائی مت دو تا آسمان پر تم نجات یافتہ لکھے جاؤ اور یاد رکھو کہ نجات وہ چیز نہیں جو مرنے کے بعد ظاہر ہوگی۔ بلکہ حقیقی نجات وہ ہے کہ اسی دنیا میں اپنی روشنی دکھلاتی ہے۔ نجات یافتہ کون ہے؟ وہ جو یقین رکھتا ہے کہ خدا سچ ہے اور محمد ﷺ اس میں اور تمام مخلوق میں درمیانی شفیع ہے اور آسمان کے نیچے نہ اس کے ہم مرتبہ کوئی اور رسول ہے اور نہ قرآن کے

ہم رتبہ کوئی اور کتاب ہے اور کسی کے لئے خدا نے نہ چاہا کہ وہ ہمیشہ زندہ رہے مگر یہ برگزیدہ نبی ہمیشہ کے لئے زندہ ہے اور اس کے ہمیشہ زندہ رہنے کے لئے خدا نے یہ بنیاد ڈالی ہے کہ اس کے افاضہ تشریعی اور روحانی کو قیامت تک جاری رکھا اور آخر کار اس کی روحانی فیض رسانی سے اس مسیح موعود کو دنیا میں بھیجا، جس کا آنا اسلامی عمارت کی تکمیل کے لئے ضروری تھا۔‘‘

اب عدالت خود ہی ملاحظہ فرمائے کہ اس میں بجائے حضور ﷺ کے آخری نبی ماننے کے اس کے خلاف تصریح موجود ہے۔ کیونکہ حضور ﷺ کے بعد اپنے آپ کو مسیح موعود مانتے ہیں جو بقول مرزا صاحب نبی بھی ہوگا، گو غیر تشریعی ہو۔

اور اس نتیجہ کے طور پر ممکن تھا کہ کوئی دوراز کار تاویل کر کے اس کا مطلب یہ بنا تا کہ اس سے مراد بھی ہے کہ حضور ﷺ آخری نبی ہیں۔ مگر مرزا صاحب کے دعویٰ نبوت اور مرتے وقت تک اسی پر قائم رہنے نے تاویل کا دروازہ بند کر دیا۔ ملاحظہ ہو۔

(البدر مؤرخہ ۵؍مارچ ۱۹۰۸ء، ملفوظات ج۱۰ ص۱۲۷)

’’ہم خدا کے حکم کے مطابق نبی ہیں اور رسول‘‘

نیز خط مندرجہ اخبار عام ۲۶؍مئی ۱۹۰۸ء (مجموعہ اشتہارات ج سوم ص۵۹۷) جو ۲۳؍مئی کو اپنی وفات سے تین یوم قبل لکھا ہے۔

’’میں اپنے تئیں نبی کہلاتا ہوں۔‘‘

’’سو میں خدا کے حکم کے موافق نبی ہوں۔‘‘

’’اور جس حالت میں خدا میرا نام نبی رکھتا ہے تو میں کیوں انکار کر سکتا ہوں۔ میں اس پر قائم ہوں۔ اس وقت تک کہ اس دنیا سے گزر جاؤں۔‘‘

اب خواہ وہ کسی معنی سے ہو جب کہ مرزا صاحب خود بھی نبی ہیں تو حضور ﷺ مطلقاً تمام نبیوں میں آخری مبعوث ہونے والے نبی نہ رہے جو بدلائل سابقہ آپ کی خصوصیات اور ضروریات دین میں سے ہے جس کا منکر اجماعاً کافر ہے۔

اور خصوصیت کا انکار بعینہ اس کا انکار ہے۔ ملاحظہ ہو جرح گواہ مدعا علیہ مارچ ۱۹۳۳ء۔

پس بعد انکار خصوصیت محمدیہ جس سے بتسلیم گواہ انکار محمد رسول اللہ ﷺ لازم آتا ہے۔ کلمہ کے جز و اخیر محمد رسول اللہ ﷺ پر ایمان کیوں کر ثابت رہ سکتا ہے۔ پھر یہ ثابت کرنے کے لئے محمد رسول اللہ ﷺ کو مرزا صاحب آخری نبی مانتے ہیں۔ مختار مدعا علیہ نے حسب ذیل اشعار (براہین احمدیہ حصہ اوّل ص۱۲، خزائن ج۱ ص۲۰) سے پیش کئے ہیں۔

اوّل آدم آخر شاں احمد است　اے خنک آنکس کہ بندہ آخرے

دوسرا ارشاد:

احمد آخر زمان کو دین راجائے فخر　آخریں را مقتداء و ملجا و کہف و حصار

(آئینہ کمالات اسلام ص۲۴، خزائن ج۵ ص۲۴)

جواب: یہاں احمد کو آخر زمان بتلایا ہے اور احمد سے خود مرزا صاحب مراد ہیں۔ چنانچہ نہ صرف یہاں بلکہ ’’ومبشرا برسول یأتی من بعد اسمہ احمد‘‘ میں بھی جو خصوصیت محمدیہ ﷺ سے ہے۔ محمد کی طرح احمد بھی ایک نام ہے۔ مرزا صاحب کو حقیقی مصداق بنایا جاتا ہے اور مرزا صاحب کا نام احمد بتلاتے ہیں نہ کہ رسول اللہ ﷺ کا۔ ملاحظہ ہو: ’’پہلا مسئلہ یہ ہے کہ آیا حضرت مسیح موعود کا نام احمد تھا یا آنحضرت ﷺ کا اور کیا سورۂ صف کی آیت جس میں ایک رسول جس کا نام احمد ہوگا بشارت دی گئی ہے۔ آنحضرت ﷺ کے متعلق یا حضرت مسیح موعود کے متعلق۔ اسمہ احمد کی پیش گوئی کے مصداق حضرت مسیح موعود ہیں۔

میرا یہ عقیدہ ہے کہ یہ آیت مسیح موعود کے متعلق ہے اور احمد آپ ہی ہیں۔ لیکن اس کے خلاف کہا جاتا ہے کہ احمد نام رسول کریم ﷺ کا ہے اور آپ کے سواء کسی اور شخص کو احمد کہنا آپ کی ہتک ہے۔ لیکن میں جہاں تک غور کرتا ہوں۔ میرا یقین بڑھتا جاتا ہے اور میں ایمان رکھتا ہوں کہ احمد کا جو لفظ قرآن کریم میں آیا ہے وہ حضرت مسیح موعود کے متعلق ہے۔ میں اس بات کے ثبوت میں اپنے پاس خدا کے فضل سے دلائل رکھتا ہوں اور تمام دنیا کے عالموں اور فاضلوں کے سامنے بیان کرنے کے لئے تیار ہوں۔ حتیٰ کہ میں انعام رکھنے کے لئے بھی تیار ہوں۔ اگر کوئی میرے دلائل کو غلط ثابت کردے۔'' (انوار خلافت ص ۱۸، انوار العلوم ج ۳ ص ۸۳، ۸۴)

اس تصریح کے بعد کسی جواب کی حاجت ہی نہیں۔ کیونکہ احمد آخر زمان سے خود مرزا صاحب مراد ہیں۔ چنانچہ اپنے مرید خاص شاہزادہ عبدالمجید صاحب اپنی شان کا ایک قصیدہ نقل کرتے ہیں جس کے دو شعر یہ ہیں:

طور جلال خدا عرش بریں دلت　　نور جمال خدا صورتت اے رہنما
امت احمد کہ بود بستہ جورو جفا　　احمد آخر زمان کرد زبندش رہا

(ایام الصلح ص ۱۳۲، خزائن ج ۱۴ ص ۳۷۵)

مرزا صاحب کے احمد آخر زمان ہونے کی صاف تصریح ہے اگر کوئی سمجھے کہ پہلے شعر میں:

اوّل آدم آخر شان احمد است

(براہین احمدیہ حصہ اوّل ص ۱۲، خزائن ج ۱ ص ۲۰)

میں آدم علیہ السلام سے احمد تک کا ذکر ہے تو جواب ہے کہ مرزا صاحب آدم بھی ہیں اور احمد بھی۔ نیز دین کی تکمیل بھی اپنے پر مانتے ہیں۔ لہٰذا آخر وہی ہوئے۔ ملاحظہ قول مرزا صاحب:

آدمم نیز احمد مختار　　در برم جامۂ ہمہ ابرار

(نزول المسیح ص ۹۹، خزائن ج ۱۸ ص ۴۷۷)

روضۂ آدم کہ تھا وہ نامکمل اب تلک　　میرے آنے سے ہوا کامل بجملہ برگ و بار

(درثمین ص ۱۴۳، براہین احمدیہ پنجم ص ۱۴۳، خزائن ج ۲۱ ص ۱۴۴)

بلکہ صحیح تو یہ ہے کہ مرزا صاحب اور مرزائیوں کا محمد رسول اللہ کہنا جب کہ مرزا صاحب خود محمد اور رسول بھی ہیں۔ زیادہ قابل اعتبار نہیں۔ ملاحظہ ہو　(درثمین ص ۱۳۱، براہین احمدیہ پنجم ص ۱۰۳، خزائن ج ۲۱ ص ۱۳۳)

میں کبھی آدم کبھی موسیٰ کبھی یعقوب ہوں　　نیز ابراہیم ہوں نسلیں ہیں میری بے شمار

نیز آیت: ''محمد رسول اللہ والذین معه...... الخ!'' کے مصداق بھی مرزا صاحب ہیں۔ جیسا کہ آگے آرہا ہے۔ پس جو خود محمد رسول اللہ بن بیٹھے، اس کا ایمان ''لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ'' پر کیا؟ پھر آئینہ کمالات کا جو حوالہ چالاکی سے مختصر پیش کیا ہے۔ ''مگر وجود ملائک اور ان کے منصبی خدمات کے ماننے کے بعد اس قدر تو ضرور دریافت کرلے گی کہ ان کا کوئی فعل عبث اور بیہودہ طور پر نہیں۔ اس اقرار کے بعد اگرچہ عقل مفصلاً تساقط شہب کی ان اغراض کو دریافت نہ کر سکے جو ملائک کے ارادہ اور ضمیر میں ہیں۔ لیکن اس قدر اجمالی طور پر تو ضرور سمجھ جائے گی کہ بے شک اس فعل کے لئے بھی مثل اور افعال ملائکہ پر وہ اغراض ومقاصد ہیں۔ پس وہ بوجہ اس کے کہ ادراک تفصیلی سے عاجز ہے۔ اس تفصیل کے لئے کسی اور ذریعہ کی محتاج ہوگی جو حدود عقل سے بڑھ کر ہے اور وہ ذریعہ وحی اور الہام ہے جو اسی غرض سے انسان کو دیا گیا ہے تا انسان کو ان معارف اور حقائق تک پہنچادے کہ جن تک مجرد عقل پہنچا نہیں سکتی اور وہ اسرار دقیقہ

اس پر کھولے جو عقل کے ذریعہ سے کھل نہیں سکتے اور وحی سے مراد ہماری وحی قرآن ہے جس نے ہم پر یہ عقیدہ کھولا یا کہ اسقاط شہب سے ملائکہ کی غرض رجم شیاطین ہے۔

ملاحظہ ہو اس میں کہیں آخری نبی کی نبوت کی کوئی بحث ہی نہیں نہ معلوم مختار مدعا علیہ نے یہ حوالہ کس عالم سے نقل کیا ہے۔

پھر یہ بیکار حوالے ذکر کرنے کے بعد ۱۹۰۱ء کے بعد کے ۳ حوالے بزعم خود مختار مدعیہ کی مغالطہ اندازی الم نشرح کرنے واسطے پیش کئے ہیں۔

اور اسی مغالطہ اندازی سے مختصر نقل کئے ہیں تا کہ اصل مدعا کا پتہ نہ چلے۔

۱...... (حقیقت الوحی ص۴۴، خزائن ج۲۲ ص۴۷) اور تمام نبیوں نے جو بنی اسرائیل میں آتے رہے۔ اس پیش گوئی کے یہی معنی سمجھتے تھے کہ وہ آخرالزمان نبی اسرائیل سے پیدا ہوگا...... الخ!

جواب: اس میں تو اپنا عقیدہ مرزا صاحب نے نبی آخرالزمان کے متعلق نقل نہیں کیا۔ بلکہ تمام ان نبیوں کا عقیدہ اور سمجھنا مذکور ہے جو نبی اسرائیل میں آتے رہے۔ مرزا صاحب نے محمد ﷺ کو نبی آخرالزمان کہا ہو۔ اس کا ایک حوالہ کہیں نہیں مل سکتا۔ کیونکہ پھر خود مرزا صاحب کیسے نبی کاذب بن سکیں گے؟

۲...... ’’سو تقویٰ کے دائرہ سے باہر قدم مت رکھو کیا جیسا کہ یہود نے اور ان کے نبیوں نے سمجھا تھا۔ آخری نبی بنی اسرائیل میں سے آئے گا۔‘‘ (حقیقت الوحی ص۴۶، خزائن ج۲۲ ص۴۹)

یہاں بھی اپنی رائے کچھ نہیں بلکہ یہودیوں اور ان کے نبیوں کے الفاظ میں آخری نبی کا لفظ ہے۔ مرزا تو اس کے منکر ہی رہے اور مرتے وقت تک نبی بنے رہے۔

۳...... ’’اور سب کے آخر حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کو پیدا کیا جو خاتم الانبیاء اور خیر الرسل ہے۔‘‘ (حقیقت الوحی ص۱۴۱، خزائن ج۲۲ ص۱۴۵)

اس میں لفظ آخری نبی تو نہیں مگر یہ ہے کہ سب سے آخر محمد ﷺ کو پیدا کیا جو خاتم الانبیاء اور خیر الرسل ہے۔ اس سے استنباط بھی آخری نبی نہیں ہو سکتا جب کہ آپ ﷺ کے بعد مرزا صاحب کرسی نبوت و رسالت پر رونق افروز ہیں اور نہ صرف نبی بلکہ تمام انبیاء سابقین کے ہم پلہ بلکہ بڑھ کر ہیں۔

انبیاء گرچہ بودہ اند بسے　　من بعرفان نہ کمترم زکسے
آنچہ داد است ہر نبی را جام　　داد آں جام رامرا بہ تمام

مختار مدعا علیہ نے اس کے بعد اور سب احادیث مسلم و کنز العمال وغیرہ ترک کر کے ایک مخصوص سند کی ابن ماجہ کی حدیث پر غیر مسلم جرح نقل کی جس کے متعلق میں اوپر کہہ آیا ہوں اور مفصل آگے ختم نبوت کی بحث میں آئے گا۔

مختلف معنی سے جو آخر میں بے سود تاویلیں کی ہیں وہ اوپر کے دلائل سے لغو ثابت ہو چکیں۔ لہٰذا مکرر اس پر کچھ کہنے کی ضرورت نہیں۔

قول مختار مدعا علیہ:

مختار مدعیہ اپنے مسلمہ عالم کا قول پڑھے مولوی خلیل احمد صاحب لکھتے ہیں: ’’اعتقادیات میں قطعیات کا اعتبار ہوتا ہے نہ کہ ظنیات کا...... الخ!‘‘ (براہین قاطعہ ص۸۹)

(نوٹ مسلمہ عالم) ’’کا لفظ خلاف قانون ہے۔ کہیں مسل میں پتہ نہیں۔ اسی اصول پر ہم نے خصوصیت محمد یہ لفظ آخری نبی اور اس کے مفہوم کے ساتھ قرآن پاک، احادیث قطعیہ متواترہ، اقوال صحابہ، ائمہ مفسرین، صوفیاء کرام، حضرت خواجہ غلام فرید صاحب حتیٰ کہ

مرزا صاحب کے صحابی خاص الخاص جناب محمد علی صاحب ایم۔اے امیر جماعت احمدیہ سے پیش کردیا۔ بلکہ شاید مختار مدعا علیہ آپ کو معلوم نہ ہو کہ محمد ﷺ کا نبی آخرالزمان ہونا نہ صرف قرآن پاک بلکہ کتب متقدمہ کا مصرح مسلم مسئلہ ہے۔ ملاحظہ ہو تورات مقدس۔''

''جو شخص آخرالزمان نبی کو نہیں مانے گا، میں اس سے مطالبہ کروں گا۔ (تورات استثناء باب ۱۸) ترجمہ میں شک ہو تو مرزا صاحب کی گواہی پیش ہے۔'' (حقیقت الوحی ص ۱۳۱، خزائن ج ۲۲ ص ۱۳۴) اب تو آخری نبی یا آخرالزمان نبی کی خصوصیت قرآن وحدیث، کتب سابقہ سماویہ سب سے ثابت ہوچکی اور اس سے انکار کے بعد کسی طرح محمد رسول اللہ ﷺ پر ایمان نہیں ہوسکتا۔ اس پر مختار مدعا علیہ کا یہ قول کہ:

''اور مختار مدعیہ کا یہ کہنا کہ گواہان مدعا علیہ نے جرح کے جواب میں آنحضرت ﷺ کی خصوصیات پر ایمان لانا ضروری مانا ہے۔ یہ ایک مغالطہ ہے۔ گواہان مدعا علیہ میں سے کسی نے نہیں کہا کہ جو خصوصیات نہ تو قرآن مجید سے ثابت ہیں اور نہ کسی حدیث متواتر سے بلکہ گواہان نے اپنی طرف سے چند مفروضات گھڑ کر ان کا نام خصوصیات رکھ لیا ہے۔ ان پر بھی ایمان لانا ضروریات دین میں سے شمار کیا جائے۔''

نہ صرف مضحکہ خیز بلکہ محض مغالطہ ہے جو کہ عدالت پر پوشیدہ نہیں۔ کیونکہ یہ خصوصیت اور تمام خصوصیات قرآن پاک، احادیث، اقوال صحابہ وائمہ بلکہ اجماع امت سے ثابت ہیں۔ پس ان کا انکار تو متفقہ کفر ہوگا۔

## (۲)

## خاتم النّبیین کے معنی

قول مختار مدعا علیہ:

''مختار مدعیہ نے مرزا صاحب کے کلمہ کے دوسرے جزو کے انکار کی دوسری وجہ یہ بیان کی ہے کہ مرزا صاحب خاتم النّبیین کے منکر ہیں۔''

جواب: مختار مدعا علیہ نے یہ وجہ محض اپنی طرف سے تراشی ہے۔ خاتم النّبیین کے متعلق اس موقعہ پر کچھ نہیں پیش کیا گیا بلکہ آخری نبی کے لفظ اور اس کے مفہوم کے متعلق تھا جو اوپر کے ہیڈنگ کے تحت مفصل گزر چکا۔ مگر اب ہم اس کی خاطر اس کے متعلق بھی بہت ہی مختصر عرض کرتے ہیں۔

مختار مدعا علیہ نے بیانات کا حوالہ دے کر یہ فرمایا ہے کہ: ''مرزا صاحب اور آپ کی جماعت آنحضرت ﷺ کے خاتم النّبیین ہونے کو بصدق دل یقین کرتے ہیں۔''

جواب: خاتم النّبیین بمعنی آخری نبی میں گفتگو ہے نہ کہ صرف لفظ خاتم النّبیین میں۔ اصل بات یہ ہے کہ ۱۹۰۱ء سے پہلے پہل جب تک کہ مرزا صاحب کی نبوت سے پردہ نہ اٹھا تھا۔ جب بھی مرزا صاحب حضور ﷺ کو خاتم النّبیین فرماتے تھے اور بیعت کے الفاظ میں بھی تھا اور بعد کو بھی آخر تک خاتم النّبیین کا لفظ مغالطہ آمیز فرماتے رہے۔ لیکن معنی بدل ڈالے اور پہلے مطلقاً اہل سنت کی طرح تھا اور اب معنی کفریہ رکھ لئے۔ کیونکہ ۱۹۰۱ء سے پہلے اس کے معنی مسلمانوں کے مطابق یہ کرتے رہے۔ ملاحظہ ہوں اصل الفاظ مرزا صاحب:

۱...... ''اور جیسا کہ اہل سنت والجماعت کا عقیدہ ہے۔ ان سب باتوں کو مانتا ہوں جو قرآن وحدیث کی رو سے مسلم الثبوت ہیں اور سیدنا ومولانا حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ ختم المرسلین کے بعد کسی دوسرے مدعی نبوت اور رسالت کو کاذب اور کافر جانتا ہوں۔ میرا یقین ہے کہ وحی رسالت حضرت آدم صفی اللہ سے شروع ہوئی اور جناب رسول اللہ محمد مصطفیٰ ﷺ پر ختم ہوگئی۔'' (مجموعہ اشتہارات ج۱ ص۲۳۰)

حضرت قبلہ عالم خواجہ غلام فرید صاحب وقدس سرہ کو بھی ۱۹۰۱ء سے پہلے خط لکھا ہے جس میں مصرع ہے کہ:

ہر نبوۃ را بروشد اختتام

(سراج منیر ص ز، خزائن ج ۱۲ ص ۹۵)

۲...... ’’ہمارے نبی ﷺ کا خاتم الانبیاء ہونا بھی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی موت کو ہی چاہتا ہے۔ کیونکہ آپ کے بعد اگر کوئی دوسرا نبی آجائے تو آپ خاتم الانبیاء نہیں ٹھہر سکتے اور نہ سلسلہ وحی نبوت کا منقطع متصور ہوسکتا ہے اور اگر فرض بھی کرلیں کہ حضرت عیسیٰ امتی ہوکر آئیں گے تو شان نبوت تو ان سے منقطع نہیں ہوگی۔ گو امتیوں کی طرح وہ شریعت اسلام کی پابندی بھی کریں۔ مگر یہ تو نہیں کہہ سکتے کہ اس وقت وہ خداتعالیٰ کے علم میں نبی نہیں ہوں گے اور اگر خداتعالیٰ کے علم میں دنیا میں وہ نبی ہوں گے تو وہی اعتراض لازم آیا کہ خاتم الانبیاء ﷺ کے بعد ایک نبی دنیا میں آگیا اور اس میں آنحضرت ﷺ کی شان کا استخفاف اور نص صریح قرآن کی تکذیب لازم آتی ہے۔ قرآن شریف میں مسیح ابن مریم کے دوبارہ آنے کا تو کہیں ذکر نہیں۔ لیکن ختم نبوت کا بکمال تصریح ذکر ہے اور پرانے یا نئے نبی کی تفریق کرنا یہ شرارت ہے۔ نہ حدیث میں نہ قرآن میں یہ تفریق موجود ہے اور حدیث: ’’لانبی بعدی‘‘ میں بھی نفی عام ہے۔ پس یہ کس قدر دلیری اور گستاخی ہے کہ خیالات رکیکہ کی پیروی کرکے نصوص صریحہ قرآن کو عمداً چھوڑ دیا جائے اور خاتم الانبیاء کے بعد ایک نبی کا آنا اور بعد اس کے جو وحی نبوت منقطع ہوچکی تھی۔ پھر سلسلہ وحی نبوت کا جاری کردیا جائے۔ کیونکہ جس میں شان نبوت باقی ہے اس کی وحی بلاشبہ نبوت کی وحی ہوگی۔‘‘ (ایام الصلح ص ۱۴۶، خزائن ج ۱۴ ص ۳۹۲، ۳۹۳)

خصوصیت سے خط کشیدہ الفاظ ملاحظہ ہوں۔

۳...... ’’کیف مالی ان ادعی النبوۃ واخرج من الاسلام والحق بقوم کافرین‘‘ (حمامۃ البشریٰ ص ۷۹، خزائن ج ۷ ص ۲۹۷)

ترجمہ: ’’مجھے یہ کب حق پہنچتا ہے کہ نبوت کا دعویٰ کرکے اسلام سے نکل کر کافروں میں مل جاؤں۔‘‘

۴...... ’’اور آنحضرت ﷺ کے خاتم النّبیین ہونے کا قائل اور یقین کامل سے جانتا ہوں اور اس بات پر محکم ایمان رکھتا ہوں کہ ہمارے نبی کریم ﷺ خاتم الانبیاء ہیں اور آنجناب کے بعد اس امت کے لئے کوئی نبی نہیں آئے گا، نیا ہو یا پرانا۔‘‘

(نشان آسمانی ص ۲۸، خزائن ج ۴ ص ۳۹۰، ۳۰؍جون ۱۸۹۲ء بحوالہ حقیقت النبوت ص ۹۳ حصہ اوّل، انوار العلوم ج ۲ ص ۴۲۵)

اب ۱۹۰۱ء کے بعد کے حوالے ملاحظہ ہوں۔

اب اپنی نبوت سے پردہ اٹھ چکا ہے۔ اب بجائے اس کے کہ:

ہر نبوت را بروشد اختتام اور کسی قسم کا نیا یا پرانا نبی آنا خاتم النّبیین کے منافی ہے۔ اگر اور مگر اور قیودات وتاویلات کا اضافہ ہے۔ گو لفظ تو وہی خوش آئند مغالطہ آمیز خاتم النّبیین ہے۔ حوالہ جات ملاحظہ ہوں: ’’ونؤمن بانہ خاتم الانبیاء لانبی بعدہ الا الذی‘‘

(مواہب الرحمٰن ص ۶۶، ۶۷، ۱۹۰۳ء، خزائن ج ۱۹ ص ۲۸۵)

’’یعنی ہم ایمان لاتے ہیں کہ محمد ﷺ خاتم الانبیاء ہیں آپ کے بعد کوئی نبی نہ ہوگا۔ مگر وہ جو آپ کا فیض یافتہ ہو۔ ملاحظہ ہو کہ یا تو ’’لانبی بعدی‘‘ مطلق تھا۔ کسی قسم کی تخصیص شرارت اور قرآن وحدیث کے خلاف بے دینی تھی۔ جیسا کہ (ایام الصلح ص ۱۴۶، خزائن ج ۱۴ ص ۳۹۳) پر ہے یا اب تخصیص شرارت نہ رہی اور ایک ’’مگر‘‘ لگا کے تخصیص خلاف حدیث وقرآن کردی کہ آپ سے فیض یافتہ امتی نبی آسکتا ہے۔

اس کے نتیجے کا تشریعی نوٹ مرزاصاحب کے خلیفہ ثانی کا جن پر گواہان مدعاعلیہ کا ایمان ہے۔ (حقیقت النبوۃ ص ۹۷، انوار العلوم ج ۲ ص ۴۲۸) سے ملاحظہ ہو۔

۳...... ’’تمام نبوتیں اس پر ختم ہیں مگر ایک قسم کی نبوت ختم نہیں۔ یعنی وہ نبوت جواس کی کامل پیروی سے ملتی ہے اور جو اس کے چراغ میں سے نور لیتی ہے۔‘‘ (چشمہ معرفت ص۳۲۴، خزائن ج۲۳ ص۳۴۰، حقیقت النبوۃ ص۸۵، انوار العلوم ج۲ ص۴۲۱) اس قسم کے صدہا حوالہ موجود ہیں۔ جس کو تفصیل منظور ہو وہ حقیقت النبوت مرزا محمود صاحب کے ہیڈنگ۔ ’’۱۹۰۱ء کے بعد کے حوالہ جات‘‘ کے تحت ص۹۷ سے ص۱۱۸ تک ملاحظہ فرمائیں۔

خلاصہ جواب یہ کہ لفظ خاتم النّبیین کا اقرار تو آخر تک ہے مگر ۱۹۰۱ء سے پہلے حسب قول گواہ مسلمان تھے تو اسلامی معنی بھی ہیں۔ جیسا کہ (ایام الصلح ص۱۴۶، خزائن ج۱۴ ص۳۹۳، نشان آسمانی ص۲۸، خزائن ج۴ ص۳۹۰، دین الحق ص۲۷، ازالہ ص۳۱۰) پر تصریح ہے۔ بعد ۱۹۰۱ء اوّل تو صرف لفظ ہی استعمال میں ہے۔ جیسا کہ فارم بیعت پیش کردہ گواہ مدعا علیہ منسلک مسل سے واضح ہے اور اگر معنی کہیں کچھ کئے تو یا وہ اسی دجل کے ساتھ گول مول اور اگر وضاحت کی کبھی ہمت کی تو وہی کفریہ معنی بیان کئے ہیں۔ جو کھلا ہوا انکار بلکہ موجب مزید توہین ہے۔ ملاحظہ ہو (استفتاء عربی ص۲۳) وسرکار دوعالم، تاجدار مدینہ ﷺ کی تصدیق (یہ مغالطہ دہی ضروری تھا۔ کیونکہ ہمارے آقا ومولیٰ کی پیش گوئی میں تمام اپنے بعد نبوت کا دعویٰ کرنے والوں کو دجال وکذاب بتایا گیا ہے۔ آنحضور ﷺ کے بعد دعویٰ دار نبوت اگر ایسا مغالطہ نہ کرے، تو عیاذاً باﷲ صادق ومصدوق حبیب خدا ﷺ کی صداقت پر حرف آجائے، جو متفقہ فریقین محال وناممکن ہے۔

قول مختار مدعا علیہ:

’’اور اس کے جو معنی قرآن مجید اور آنحضرت ﷺ صحابہ ؓ اور ائمہ اور لغت عرب کی رو سے ثابت ہوتے ہیں۔ ان پر ایمان رکھتے ہیں۔‘‘

جواب: محض غلط اور مغالطہ ہے۔ مرزا صاحب کے قائم کردہ معنی کہ جس کی کامل پیروی واتباع سے نبی بنا کریں جس کی اتباع نبی تراش ہو، نہ کسی ایک آیت میں صراحۃً کجا اشارۃً وکنایۃً نہیں نہ کسی ایک حدیث میں گو ضعیف سے ضعیف سہی، نہ کسی مسلم امام کے معتبر قول میں، نہ کسی لغت کی کتاب یا محاورہ عرب میں پائے جاتے ہیں۔

بخلاف اس کے ہمارے پیش کردہ معنی کہ آپ ﷺ خاتم النّبیین اور آخری نبی تمام نبیوں سے پیچھے آنے والے ہیں۔ آپ کے بعد کوئی بھی کسی قسم کا نبی نہیں بن سکتا نہ آپ کے بعد اب یہ منصب نبوت کسی کو عطاء ہوگا۔ تقریباً یک صد آیات دوسو سے زیادہ احادیث حوالہ گواہ مدعیہ نمبر۳، ۶۴ سے زائد آثار صحابہ، ۱۲۶ اقوال سلف صالحین، دس عظیم الشان مفسرین کے فیصلہ، آٹھ نہایت ہی مستند لغات، تقریباً چھ نہایت ہی معتبر کتب فقہ پر متعدد حوالہ، صوفیائے کرام مرزا صاحب کے بھی فیصلہ ۱۹۰۱ء سے پہلے کے پیش کر کے روز روشن کی طرح واضح کر دیا گیا کہ خاتم النّبیین بمعنی آخری نبی جس کے بعد کسی قسم کا نبی نہ بن سکے اور اسلامی سلطنت ہو تو بفرمان رسول اکرم بتصریح امام محی الدین ابن عربی قابل گردن زدنی ہے جو وہ اس شریعت کے متبع ہو یا مخالف ملاحظہ ہو۔ (یواقیت ج۲، مبحث ۳۵ ص۳۸)

’’سواء وافق شرعنا اوخالف فان کان مکلفا ضربنا عنقه والا صفحنا عنه صفحا‘‘

مفصل بیانات گواہان مدعیہ میں گزر چکا اور آگے اپنی جگہ پر ان شاء اﷲ آئے گا۔

## (۳)

## معراج جسمانی کا انکار

قول مختار مدعا علیہ:

مختار مدعیہ نے مرزا صاحب اور اس کی جماعت کے کلمہ جزو ثانی سے منکر ہونے کی ایک وجہ یہ قرار دی ہے کہ وہ معراج جسمانی کے منکر ہیں اور تمام اہل سنت کا عقیدہ ہے کہ آپ کو عرش تک معراج جسمانی ہوئی تھی جس میں پانچ نمازیں فرض ہوئیں۔ دوسری معراجوں کا یہاں

ذکر نہیں۔ اگر کوئی اپنے یا کسی اور کے لئے معراج مانے تو شرک فی الرسالۃ ہوگا اور مرزا صاحب نے ازالہ اوہام میں لکھا ہے کہ یہ آنحضرت ﷺ کا ایک کشف تھا اور ایسے مکشوف میں خود مؤلف بھی صاحب تجربہ ہے۔ اس قول سے ظاہر ہے کہ حضرت مسیح موعود نے اپنے لئے ایک نہیں بلکہ کئی معراج ثابت کئے ہیں اور آنحضرت ﷺ کی معراج جسمانی کا انکار کیا ہے۔ اس لئے آپ کلمہ کی ثانی جزو کے منکر ہوئے۔ کیونکہ معراج نبوی رسول اللہ ﷺ کے خصوصیات میں سے ہے اور اس انکار کی وجہ سے کافر و مرتد ہوئے۔ لہٰذا مدعیہ کا نکاح فسخ ہونا چاہئے۔

الجواب: حسب عادت یہاں مختار مدعا علیہ نے مسئلہ کو جو خلط ملط کرنے کی سعی کی ہے اور جس تمہید پر یہ اعتراض مبنی تھا۔ اسے دیدہ و دانستہ ماسبق کی طرح نظرانداز کر دیا۔

بیان یہ کیا گیا تھا کہ آقا و مولیٰ سید الاوّلین والآخرین ﷺ باری تعالیٰ کے محبوب اور تمام مخلوق کمالات کے منبع ومخرج بتصریح ''انا قاسم واللہ یعطی'' نیز تمام کمالات میں بےنظیر و بےمثال ہیں۔ قدرت نے ان کمالات کا نہ کوئی پیدا کیا نہ آئندہ کبھی پیدا کرے گا۔ تمام مخلوق جن وانس، اولیاء وابدال، غوث واقطاب اولوالعزم انبیاء کرام بلکہ مقربین کی بےحد و بےشمار تعداد بمصداق ''لا یعلم جنود ربک الا ھو'' سب کے تمام کمالات ایک پلے میں رکھے جائیں اور محبوب خدا ﷺ کی شان محبوبیت نہیں، بلکہ اس کا ایک ذرہ ایک پلہ میں رکھا جائے تو یہی ایک ذرہ شان محبوبیت سے بڑھ کر ہوگا۔ بلکہ یہ تمام مذکورہ بالا اولیاء اور ملائکہ مقربین انبیاء کرام علیہم السلام ان کے مرتبہ عالی کو کیا پہنچتے۔ ان کا وہم وگمان بھی وہاں تک رسائی نہیں کر سکتا۔ بلکہ جہاں تک اس سید کل فخر کل فی الکل ﷺ کے اللہ تعالیٰ نے قدم اور نعلین شریفین پہنچائے ہیں، کسی کا سر بھی نہیں پہنچتا۔ جبرئیل علیہ السلام بھی باوجود انتہائی اور اعلیٰ تقرب کے ہم رکابی میں ایک مخصوص مقام پر پہنچ کر رک جاتے ہیں۔ پھر وہی محبوب خدا ﷺ تنہا اللہ کی رحمت کی معیت میں وہاں تک جاتے ہیں جس کو دنیا والے یوں تعبیر کرتے ہیں کہ:

کس ندانست کہ منزل گہہ دلدار کجا است　　ایں قدر ہست کہ بانگے بز......می آید

مگر دراصل ہمارے لفظوں میں اس کی تعبیر ہی ناممکن ہے۔ ''ثم دنا فتدلی فکان قاب قوسین او ادنی فاوحیٰ الی عبدہ ما اوحی (النجم:۸تا۱۰)''

سچ کہو ان آنکھوں سے کوئی اور بھی دیکھا　　پایا ہے کسی اور نبی نے بھی یہ رتبہ
بتلا تو سر عرش بریں کون ہے پہنچا　　البدر سے زینت تری وہ عرش معلا
جو رہے ترا نقش کف پائے محمد

باری تعالیٰ بھی وحدہ لاشریک لہ اور حبیب رب العالمین ﷺ بھی وحدہ لاشریک لہ فرق یہ ہے کہ باری تعالیٰ اپنی خدائی میں وحدہ لاشریک اور سرکار دوعالم ﷺ محبوب خدا ہونے میں وحدہ لاشریک۔ نہ ان کی خدائی میں کوئی شریک وسہیم، نہ ان کی شان محبوبیت وکمالات میں کوئی شریک، ان کی الوہیت میں شریک ماننا شرک فی الالوہیۃ ہے۔ محبوب خدا ﷺ کی شان وکمال محبوبیت میں کسی کو شریک ماننا شرک فی الرسالۃ ہے۔ شرک فی الالوہیۃ کے بعد جیسا کہ مرزا صاحب نے کہا لا الہ الا اللہ کلمہ کے پہلے جزو پر ایمان ناممکن ہے۔ شرک فی الرسالۃ کے بعد (جسے مرزا صاحب نے نہ چھوڑا) کلمہ کے دوسرے حصہ محمد رسول اللہ ﷺ پر ایمان ہرگز نصیب نہیں ہوسکتا۔

پھر یہ بتلایا تھا کہ چونکہ مسئلہ معراج جسمانی نہایت طویل الذیل ہے۔ اس لئے میں اس وقت اسے نہیں چھیڑتا اور وہ تو سرسید کی بھی سمجھ میں نہ آیا اور کشفی رنگ کا سمجھتے رہے۔ مگر ایسا کشف جو نہ کسی نبی کو ہوا نہ ولی کو نہ کسی کو ہوسکے۔ لیکن مرزا صاحب نے یہ کیا کہ کشف بتا کہ یہ کہہ گئے کہ: ''اس قسم کے کشفوں میں مؤلف خود صاحب تجربہ ہے۔'' یہ عبارت کھلی ہوئی شان رسالت ومحبوبیت کے شرک پر دال ہے اور شرک فی الرسالت کے بعد محمد رسول اللہ ﷺ پر ایمان نہیں رہ سکتا۔ ہر نبی کو کسی نہ کسی رنگ میں معراج ہوئی ہے۔ کسی کو آگ کے بھڑکتے

ہوئے شعلوں میں، کسی کو کوہ طور پر، کسی کشتی میں، کسی کو چاہ کنعان میں اور کسی کو شکم ماہی میں اور وہ سب بیداری اور جسم کی حالت میں تھی۔ مگر ہمارے آقا ومولیٰ ﷺ کو جسم اقدس کے ساتھ عرش اعظم پر ہوئی۔ اس میں آپ کا کوئی بھی شریک وسہیم نہیں اور کشف مان کر بھی اس جیسا کسی کو کشف ناممکن ہے۔

پس اعتراض صرف تشبیہ پر تھا۔ مسئلہ کو طوالت کی وجہ سے نظرانداز کردیا تھا اور بناء اعتراض صرف یہ فقرہ کہ: ''اس قسم کے کشفوں میں مؤلف خود صاحب تجربہ ہے۔'' قرار دیا تھا۔

پھر بھی مختار مدعا علیہ نے باوجود شدید احتجاج غیر متعلق ہونے کے اصرار کو پورا مسئلہ طول وطویل تقریباً پندرہ صفحات پر سپرد قلم کیا ہے جس کی بناء پر ہم بھی مفصل جواب دینے پر مجبور ہوئے۔

قول مختار مدعا علیہ:

''مختار مدعیہ کے اس اعتراض میں تین باتیں قابل غور ہیں۔ (الف) کیا رسول اللہ ﷺ کو معراج جسمانی ہوئی۔ (ب) اور کیا صحابہ اور ائمہ سلف صالحین اور تمام اہل سنت معراج جسمانی کے قائل تھے۔ اس کا مفصل جواب تو آگے آئے گا۔ اجمالاً پہلے حصہ الف کہ کیا رسول اللہ ﷺ کو معراج جسمانی ہوئی تھی۔''

جواب: مختار مدعا علیہ کے مسلم بزرگ امام عبدالوہاب شعرانی اور ابن عربی کے حوالہ سے پیش کرتا ہوں جنہیں مختار مدعا علیہ جواب جرح مارچ ۱۹۳۳ء میں مسلم مان چکا ہے۔

''قال الشیخ وکان ھذا الاسراء بجسمه الشریف ولو کان الاسراء بروحه ﷺ ویکون رؤیا راٰھا کما یری النائم فی نومه وانکرہ من قریش ولا نازعه فیه وانما انکروا علیه کونه اعلمهم ان الاسراء کان بجسمه الشریف فی تلک المواطن التی دخلها کلها (فان قلت) فکم کانت اسرا أنه ﷺ (فالجواب) کما قاله الشیخ فی الباب الرابع عشر وثلثمائة انها کانت اربعة وثلاثین مرة واحدة بجسمه والباقی بروحه رؤیا راٰھا قال ومما یدلک علی ان الاسراء لیلة فرض الصلوٰة کان بالجسم ماورد فی بعض طرق الحدیث انه ﷺ استوحش لما زج به فی النور ولم یر معه احداً اذالارواح لا توصف بالوحشة ولا بالستیحاش قال وکذالک مما یدل علی ان الاسراء کان بجسمه ما وقع له من العطش فا ن الارواح المجردة لاتعطش'' (یواقیت ج۲ ص۳۵)

امام عبدالوہاب شعرانی فرماتے ہیں کہ معراج جس میں نماز پنجگانہ فرض ہوئی۔ حضور ﷺ کو جسم سمیت ہوئی اور اگر صرف روحانی اور ایک کشف یا خواب ہوتا۔ جیسا کہ لوگ نیند میں دیکھتے ہیں تو کوئی بھی قریش میں سے انکار کر کے نہ جھگڑتا۔ بلکہ ان کا انکار صرف اس بناء پر تھا کہ وہ ان تمام مقامات (فرش سے عرش تک) آپ کا رات میں جانا جسمانی یقین کرتے تھے۔

پھر تعداد معراج کا سوال کر کے شیخ محی الدین عربی کا فیصلہ فتوحات کے ص۳۱۴ باب سے یہ نقل کیا ہے کہ حضور ﷺ کو چونتیس (۳۴) معراجیں ہوئی ہیں۔ ایک صرف جسمانی اور باقی روحانی اور کشفی۔ پھر فرمایا کہ وہ معراج کہ جس میں پنجگانہ نماز فرض ہوئی، جسمانی ہے اور منجملہ دیگر دلائل جسمانی کے اس کے جسمانی ہونے پر ایک دلیل ہے کہ حدیث میں استوحش کا لفظ بھی آتا ہے کہ حضور ﷺ کو توحش ہوا۔ حالانکہ ارواح توحش کے ساتھ متصف نہیں کی جاتی۔ یوں ہے ایک اس کے جسمانی ہونے کی دلیل منجملہ اور ادّلہ کے یہ ہے کہ آپ کو پیاس لاحق ہوئی اور صرف روح کو کبھی پیاس نہیں لگ سکتی۔'' معلوم ہوا کہ یقیناً یہ معراج جسمانی تھی۔

ایسے واضح اور کھلے ہوئے مسلمہ بزرگ کی شہادت کے بعد سرسید اور سید سلیمان ندوی ومولوی ثناء اللہ امرتسری کی آڑ نہایت لغو

اور نا قابل التفات ہے۔ خصوصاً جب کہ مسل پر ان کا تذکرہ تک نہیں اور عدالت تو مسل کی پابند ہے۔

دوسرے حصہ کے جواب کہ اور کیا صحابہ اور ائمہ سلف اور تمام علماء اہل سنت معراج جسمانی کے قائل تھے۔

مفصل جواب تو آگے آئے گا۔ صرف دو حوالے نقل کئے جاتے ہیں جس سے واضح ہوگا کہ اس معراج کے جسمانی ہونے پر تمام سلف وخلف کا اتفاق ہے۔

۱...... امام المحدثین حافظ بدرالدین عینی فرماتے ہیں: ''**وجمہور السلف والخلف علیٰ ان الاسراء کان ببدنه وروحه ﷺ**'' کہ تمام اگلے پچھلے سلف وخلف کا اتفاق ہے کہ یہ معراج جسم اور روح دونوں سمیت تھی، نہ صرف روحانی۔

(عمدۃ القاری شرح بخاری شریف باب الاسراء)

۲...... قاضی القضاۃ ابوالفضل عباس ابن عمرو کا فیصلہ: ''**ذهب معظم السلف والمسلمین الی انه اسراء بالجسد وفی الیقظة وهذا هو الحق وهو قول ابن عباس وجابر وانس وحذیفة وعمر وابوهریرة ومالک ابن صعصعة وابی حیة البدری...... الخ!**'' (شفاء شریف قاضی عیاض معہ شرح شفا ملا علی قاری) یعنی جمہور سلف صالحین، یعنی صحابہ وتابعین وجمہور مسلمین کا یہی عقیدہ ہے کہ آنحضرت ﷺ کو بحالت بیداری اسی جسم کے ساتھ معراج ہوئی اور یہی حق ہے اور یہی مذہب حضرت ابن عباس اور جابر اور حذیفہ اور حضرت عمر فاروق اور ابوہریرہؓ اور مالک ابن صعصعہ اور ابوحیہ البدری اور ابن مسعود اور ضحاک وسعید ابن جبیر اور قتادہ اور سعید ابن مسیّب اور ابن شہاب اور ابن زید اور حسن بصری اور ابراہیم اور مسروق اور مجاہد اور عکرمہ اور ابن جریج اور ابن جریر طبری اور امام احمد بن حنبلؒ اور مسلمین کی جماعت عظیمہ کا یہی عقیدہ ہے۔ یوں ہی فقہاء ائمہ مجتہدین ومحدثین ومتکلمین ومفسرین کا مذہب ہے...... الخ!''

اتنا زیادہ واضح فیصلہ اور ان ائمہ اور اکابر کو چھوڑ کر سید سلیمان ندوی ومولوی ثناء اللہ امرتسری وسرسید کی پیروی کرنا جن میں سرے سے بعض معجزات اور کرامات کے قائل نہیں اور بعض تقلید ائمہ سلاسل اولیاء اللہ کے بلکہ نیچری یا وہابی ہیں، کہاں تک زیبا ہے۔ ہمارے مسلم بھی صحابہ وائمہ سلف صالحین ہیں۔ سید سلیمان ندوی ومولوی ثناء اللہ امرتسری، سرسید علی گڑھی ہمارے مسلم بزرگ نہیں۔ نہ مسل پر انکا کوئی تذکرہ آیا نہ مختار مدعیہ نے جرح میں پوچھا: ہاں! ممکن ہے کہ مختار مدعا علیہ کے مسلم ہوں کہ ان کے قول سے سند لاتا ہے۔ تفصیل آگے اپنی جگہ ان شاء اللہ آئے گی۔

قول مختار مدعا علیہ:

۲...... ''کیا پہلے انبیاء میں سے یا اولیاء امت میں سے کسی کو آنحضرت ﷺ کی طرح معراج ہوئی۔''

جواب: اس طرح پر ہرگز نہیں ہوسکتی نہ کسی کو ہوئی آدم علیہ السلام سے عیسیٰ علیہ السلام تک کسی کو ویسی مانیں تو بھی شریک فی الرسالۃ لازم آئے گا۔ جیسا کہ میری تمہیدی تحریر سے واضح ہے۔ مختار مدعا علیہ ہی ایک حوالہ نہ پیش کر سکے اور جو مغالطہ دیا ہے، وہ آگ اپنے مقام پر آئے گا۔

قول مختار مدعا علیہ:

۳...... ''کیا مرزا صاحب نے یہ لکھا ہے کہ مجھے آنحضرت ﷺ کی معراج کی طرح معراج ہوئی۔''

جواب: یقیناً لکھا ہے۔ مختار مدعا علیہ کو ان کے تنخواہ دار ہونے یا ان کے امتی وپیرو ہونے کی وجہ سے نہ نظر آوے۔ اس میں میرا کیا قصور ہے۔ حوالہ مکرر پیش ہے۔

''سیر معراج اس جسم کثیف کے ساتھ نہ تھا بلکہ وہ نہایت اعلیٰ درجہ کا کشف تھا...... میں اس کا نام خواب ہرگز نہیں رکھتا اور نہ کشف کے ادنیٰ درجوں میں سے اس کو سمجھتا ہوں، بلکہ یہ کشف کا بزرگ ترین مقام ہے جو درحقیقت بیداری سے یہ حالت زیادہ اصفی اور اجلی ہوتی

ہے اور اس قسم کے کشفوں میں اپنے آپ کو صاحب تجربہ فرمارہے ہیں۔ (ازالہ ص ۴۸ حاشیہ، خزائن ج ۳ ص ۱۲۶)

ملاحظہ ہو کر معراج جسمانی کو کشف قرار دے کے اسی قسم یعنی معراجی کشفوں میں اپنے آپ کو صاحب تجربہ فرمارہے ہیں۔

قول مختار مدعا علیہ:

’’پہلی بات کے متعلق خود مختار مدعیہ نے سرسید احمد خان صاحب کو مسلمان سمجھتے ہوئے اور ان کے نام کے ساتھ علیہ الرحمۃ کا فقرہ استعمال کرتے ہوئے جو بزرگان دین کے لئے استعمال کیا جاتا ہے، اقرار کیا ہے کہ وہ آنحضرت ﷺ کے معراج جسمانی کے منکر تھے اور اسے رؤیا مانتے تھے۔ جیسا کہ انہوں نے اپنی تفسیر میں صریح طور پر لکھا ہے۔ اگر ہماری یہ رائے صحیح نہ ہو اور ابن عباس نے عین کا لفظ رؤیا کے ساتھ اسی مقصد سے بولا ہے کہ رؤیا سے رؤیت یا تعین فی الیقظۃ مراد ہے تو وہ بھی منجملہ اس گروہ کے ہوں گے جو معراج فی الیقظۃ کے قائل ہوئے ہیں۔ مگر ہم اس گروہ میں نہیں جو واقعہ معراج کو حالت خواب میں تسلیم نہیں کرتے ہیں اور ہمارے نزدیک خواب میں ماننا لازم ہے (تفسیر سرسید ص ۱۰۷) جب مختار مدعیہ کے نزدیک سرسید احمد خان معراج جسمانی کے منکر ہو کر صرف مسلمان نہیں۔ بلکہ ایک بزرگ مسلمان ہیں جو خطاب علیہ الرحمۃ کے مستحق ہیں تو وہ اسی بنا پر کسی اور کو دائرہ اسلام سے خارج اور کلمہ شہادتین کے منکر کس طرح قرار دے سکتا تھا۔ ہمیں تو اس تفریق وتخالف کی اس کے سواء اور کوئی وجہ معلوم نہیں ہوتی کہ مرزاصاحب نے جو مسیح موعود اور مہدی موعود ہونے کا دعویٰ کیا ہے اور قدیم نوشتوں کی بناپر ضروری تھا کہ زمانہ کے مولوی حسد اور تعصب کی وجہ سے انہیں کافر و مرتد کہتے ہیں...... الخ!‘‘

یہ پچھلے لفظ حسب ضابطہ مسل سے کاٹنے کے لائق ہیں۔ میں خصوصیت سے عدالت کی توجہ اس طرف مبذول کراتا ہوں۔

الجواب: جواب میں کوئی اور دلیل جیسے کہ میں نے دلائل قاطعہ پیش کئے ہیں نہ پیش کر سکا۔ صرف سرسید احمد صاحب (اللہ اس پر رحم کرے) ان کی غلط فہمی اور مختار مدعا علیہ کا ان کے لئے علیہ الرحمۃ کے استعمال کرنے کو دلیل سمجھ لیا۔ مگر مختار مدعا علیہ کو واضح ہونا چاہئے کہ یہ دلیل نہ قرآن کی ہے، نہ حدیث کی، نہ اقوال سلف، نہ ائمہ ہدای کی۔

سرسید احمد صاحب ہرگز کوئی مذہبی پیشوا نہیں، بلکہ ایک دنیادار نیچری خیال کے آدمی ہیں جو معراج جسمانی معجزات انبیاء اور کرامات اولیاء اللہ، وجود ملائکہ جن شیاطین، پل صراط کتنے امور ہیں جن میں تاویلات کرتے ہیں اور صحابہ کرام اور عام مسلمین کی طرح قائل نہیں۔ پس سرسید کی تحقیق دینی معاملہ میں اور ان کی تفسیر اللہ کی مراد بیان کرنے میں محض غلط اپنی ذاتی رائے کسی پر حجت نہیں۔ باقی علیہ الرحمۃ کا لفظ مسلم بزرگان دین کے ساتھ مختص نہیں۔ ہر شخص اپنے والد، استاد، اپنے بزرگ زندہ کو صاحب وغیرہ اور مدظلہ دام برکاتہ اور مردہ کو مرحوم اور رحمۃ اللہ، علیہ الرحمۃ کہتا ہے۔ اسی طرح علیہ الرحمۃ اور رحمۃ اللہ بھی عربی زبان میں مرحوم ہی کے معنی میں مستعمل ہوتا ہے۔ ایک ذرہ کا فرق نہیں۔

اوّل تو سرسید احمد نے آخری عمر میں ان تمام خلاف شرع عقائد سے رجوع کر لیا ہے اور ان تاویلات پر ندامت ومعذرت پیش کی ہے جس کے واسطے تصفیۃ العقائد حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی جس میں ان کی خط وکتابت کا اکثر حصہ چھپا ہے اور امیر الروایات امیر شاہ خان صاحب کی ملاحظہ فرمائی جائے اور میں نے اپنے مستند اکابر سے بھی ان کے رجوع کی معتبر روایات سنی ہے۔ لہٰذا مجھے حق ہے کہ انہیں مسلمان سمجھ کر مرحوم اور اس قسم کے لفظ سے یاد کروں۔ مگر مسلمان ہونا اور چیز ہے اور مسلم ہونا اور۔ یوں اگر مرزاصاحب کی ان کفریات سے کوئی توبہ اور اس سے رجوع مختار مدعا علیہ دکھا دیتا تو ہم مرزاصاحب کو بھی مرحوم، علیہ الرحمۃ وغیرہ اسلامی نام والقاب سے یاد کرتے۔

دوسرے یہ کہ سرسید احمد صاحب مرحوم کی سمجھ میں نہ آیا اور اپنی غلط فہمی سے معراج جسمانی کے قائلین سے علیحدہ ہوگئے۔ مگر کسی قسم کی گستاخی یا شرک فی الرسالۃ کا ارتکاب نہ کیا۔ جیسا کہ ان کی دوسری تصانیف تقاریر احمدیہ وغیرہ سے واضح ہے۔

نیز یہ عبارت ضرور ملاحظہ ہو اور خصوصیت سے طرز خطاب میں لحاظ ادب۔

کس قدر تہذیب اور ادب سے لکھ رہے ہیں اور مرزا صاحب کی گستاخی بارگاہ نبوۃ کی ملاحظہ ہو۔

’’ہماری یہ رائے صحیح نہ ہو اور ابن عباس نے عین کا لفظ رؤیا کے ساتھ اسی مقصد سے بولا ہے کہ رؤیا سے رؤیت یا تعین فی الیقظہ مراد ہے تو وہ بھی منجملہ اس گروہ کے ہوں گے جو معراج فی الیقظہ کے قائل ہوئے ہیں۔ مگر ہم اس گروہ میں ہیں جو واقعہ معراج کو حالت خواب میں تسلیم کرتے ہیں اور ہمارے نزدیک خواب میں ماننا لازم ہے۔ (تفسیر سرسید ص۱۰۷) کس قدر تہذیب اور ادب سے لکھ رہے ہیں اور مرزا صاحب کی عبارت ملاحظہ ہو۔

سیر معراج جسم کثیف کے ساتھ نہ تھا تا اس قسم کے کشفوں میں مؤلف خود صاحب تجربہ ہے۔ (ازالہ اوہام ص۴۸، خزائن ج۳ ص۱۲۶)

معراج پاک جیسے کشفوں میں بارہا صاحب تجربہ بنانا کس قدر کھلی ہوئی گستاخی نا قابل عفو جرم ہے۔ پس میں نے عرض کیا کہ مدار اعتراض اس مشارکت پر ہے۔ صرف جسمانی اور روحانی پر نہیں اور سرسید کو یہ نہیں سوجھا بلکہ وہ تو آپ ﷺ کے کمالات کا کوئی ثانی وشریک وسہیم نہیں سمجھتے۔ ان کی دوسری تصانیف ومضامین ملاحظہ ہوں۔

لہٰذا مرزا صاحب اس توہین اور شرکت فی الرسالۃ اور اس کے توبہ نہ کرنے کی وجہ سے **لا الٰہ الا اللہ** کے دوسرے حصہ محمد رسول اللہ پر ایمان دار نہ رہے۔ بخلاف سرسید صاحب کے اتنی کہ اوّلاً کوئی گستاخی نہیں۔ دوسرے آخر میں ان سب سے رجوع کیا ہوا ہے۔

قول مختار مدعا علیہ:

’’دوسری بات کے لئے مناسب سمجھتا ہوں کہ فریق مخالف کے ایک مسلم عالم کی تحقیق بیان کردوں۔ علامہ سید سلیمان ندوی (سیرۃ النبی ج۴ ص۲۹۳) میں بذیل عنوان...... الخ!‘‘

__الجواب:__ مختار مدعا علیہ نے کذب بیانی کی حد کردی۔ سید سلیمان صاحب ندوی فریق مدعا علیہ کے نزدیک مسلم عالم ہونا، ایسا سفید جھوٹ ہے جس کی نظیر تمام عالم میں نہ ملے گی۔ عدالت خود ملاحظہ فرمائے کہ سید صاحب کا تذکرہ تک تمام کارروائی مقدمہ میں مسل پر نہیں، نہ دیوبندی ہیں کہ اس آڑ میں تاویل کر کے کام نکالا جائے۔ بلکہ دیوبندیوں سے ان مسائل میں ان کے اور ان کے استاد شبلی صاحب کے اختلافات مشہور ہیں۔ تفصیل کے لئے القاسم دور جدید اور العرف الشذی علی الترمذی اور تقریرات بخاری حضرت سید انور شاہ صاحب ملاحظہ ہوں۔

پس ان کی آڑ فریق مدعا علیہ پر حجت نہیں۔ مرزائیوں کی مسلم ہوں ہمیں اعتراض نہیں۔ ہم اس کا جواب پیش کرتے ہیں۔ مختار مدعا علیہ نے (سیرت النبی ج۴) کی عبارت (ص۲۹۳ ص۳۰۶) تک تقریباً ۱۴ صفحہ کی نقل کی ہے جس کی غرض محض طول دینا ہے۔ میں ان کے استدلال کا خلاصہ چھوٹے چھوٹے فقروں میں نقل کر کے مختصر جواب اوّلاً پیش کرتا ہوں۔ تفصیلی جواب آگے آئے گا۔ ان شاءاللہ تعالیٰ!

۱...... خلاصہ دلیل ’’وماجعلنا الرؤیا التی اریناک الافتنۃ للناس (بنی اسرائیل:۶۰)‘‘ اور رؤیا عام طور سے خواب کے معنی میں ہوتا ہے...... الخ!

رؤیا کے معنی کی بحث بعد میں آتی ہے۔ یہاں تو بہ تسلیم سید صاحب رؤیا عین میں ہے۔ یعنی خواب نہیں بلکہ مشاہدہ ہے۔ ملاحظہ ہو بخاری شریف باب المعراج۔

’’عن ابن عباس ھی رؤیا عین اریھا رسول اللہ ﷺ لیلۃ اسریٰ‘‘

یعنی حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ رؤیا سے خواب کے معنی مراد نہیں بلکہ رؤیا سے رؤیت عین یعنی مشاہدہ بصری مراد ہے۔

اور ابن عباس علاوہ حبر امت اور صحابی خاص رسول اللہ ﷺ اور اعلم الناس بالتفسیر القرآن ہونے کے مختار مدعاعلیہ کے نبی مرزا صاحب کے داہنے بازو اور مسلم صحابی مولوی محمد احسنؔ[۱] صاحب امروہی کے اصول پر ایسے مسلم ہیں کہ ان کے مقابل کسی مسیح موعود ومہدی مسعود کی بات معتبر نہیں۔ چونکہ یہ بالاتفاق قریش ہیں اور قریش کے متعلق ارشاد ہے۔

اب خلاصہ تفسیر سورۃ قریش کا یہ ہوا کہ قریش بالضرور تمام دینیات میں متبوع اور مقتداء ہیں کہ الفضل للمتقدم اور سائر امت مرحومہ ان کے تابع ہے۔ خواہ امت میں کوئی خلیفہ رسول کا ہو یا امام ہو یا مجدد ہو یا مہدی ہو یا مسیح موعود...... الخ!

(الفرقان مولوی احسن امروہی ص ۸)

اب اس کے بعد مختار مدعاعلیہ کو مرزا صاحب کا بھی ان کے مقابل حوالہ نہ دینا چاہئے۔ چہ جائے کہ سید سلیمان ندوی اور مولوی ثناء اللہ امرتسری وسر سید وغیرہ۔

’’صحیح بخاری، صحیح مسلم، مسند ابن حنبل اور حدیث کی دیگر کتابوں میں جن میں معراج کے مسلسل اور تفصیلی واقعات درج ہیں۔ ان سب کو ایک ساتھ پیش نظر رکھنے سے یہ بات پایۂ ثبوت کو پہنچ جاتی ہے کہ ان روایتوں کے الفاظ یا خواب وبیداری دونوں پہلوؤں میں سے خاموش ہیں۔ یعنی ان میں مطلقاً اس کی کوئی تصریح نہیں ہے کہ یہ خواب تھا یا بیداری اور یا یہ کہ ان میں خواب منام اور رؤیا کی تصریح ہے۔ بخاری ومسلم ومسند احمد بن حنبل میں حضرت ابوبکرؓ کی جو روایت ہے اور حضرت انسؓ کی اسی روایت میں جو شریک کے واسطہ سے یہ تصریح تمام مذکور ہے کہ یہ واقعہ آنکھوں کے خواب اور دل کی بیداری کی حالت میں پیش آیا۔‘‘ (عبارت سیرت النبی)

الجواب: چونکہ سید صاحب نیز شبلی صاحب صرف مؤرخ تھے، محدث نہ تھے۔ اس لئے احادیث اور تطبیق میں سخت غلطیاں کی ہیں۔ خود اسی سیرۃ النبی میں بخاری شریف کی حدیث بدر پر ناواقفی سے بدر صغریٰ کو بدر کبریٰ پر قیاس کر کے تنقید وتبصرہ کر کے انکار کر دیا ہے جس پر محدثین نے گرفت کی ہے اور بھی احادیث کے متعلق غلطیاں کی ہیں جس کے واسطے تقریر بخاری شریف حضرت سید انور شاہ صاحب ملاحظہ ہو۔

(جدید حوالہ)

یہی دیکھ لیا جائے کہ راوی شریک کی روایت کو معیار اور مدار ٹھہرایا ہے۔ حالانکہ اس حدیث کے متعلق حضرت علامہ محمد امام نووی شرح مسلم میں فرماتے ہیں: ’’قد جاء فی روایة شریک فی ہذا الکتاب اوہام انکر علیه العلماء قد بینه مسلم علیٰ ذلک بقوله فقدم وآخر وزاد ونقص منها قوله...... الخ!‘‘ (شرح مسلم نووی ص ۹۱)

یعنی معراج کی روایت جو شریک نے کی ہے۔ اس میں بہت اوہام ہیں جن پر علماء کے سخت اعتراض ہیں۔ امام مسلم نے مسلم شریف میں اس پر تنبیہ کی ہے کہ ان بزرگ نے اسی روایت میں تقدیم وتاخیر اور کمی زیادتی کر ڈالی ہے۔ پھر آگے تفصیل میں یہ تمام امور انہیں غلطیوں میں شمار کئے ہیں جن میں سید صاحب معیار حل احادیث فرمارہے ہیں۔‘‘ اس سے ملاحظہ فرمالیں کہ جس حدیث میں محدثین اوہام بتائیں اسی کو معیار قرار دینے والا حدیث کے متعلق کیا فیصلے دے سکے گا۔

---

[۱] ان کی توثیق مرزا صاحب ان الفاظ میں فرماتے ہیں کہ: ’’مولوی صاحب موصوف اس عاجز سے کمال درجہ کا اخلاص ومحبت اور تعلق روحانی رکھتے ہیں۔ ان کی تالیفات کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ایک اعلیٰ لیاقت کے آدمی اور علوم عربیہ میں فاضل ہیں۔ بالخصوص علم حدیث میں ان کی نظر بہت محیط اور عمیق معلوم ہوتی ہے۔ (ازالہ اوہام ص ۷۸۵، خزائن ج ۳ ص ۵۲۴)

جواب: اب ان متعارض احادیث کی تطبیق مجھ سے سنئے۔ حضور سرکار دو عالم ﷺ کو ۳۴ معراجیں ہوئی ہیں جن میں ایک معراج جسمانی ہے جس میں نماز پنجگانہ فرض ہوئی۔ باقی (۳۳) روحانی ہیں۔ پس جن روایات میں فاستیقظ وغیرہ کے الفاظ ہیں۔ روحانی یا منامی پر دلالت کرنے والے ہیں۔ گو سطح ظاہری ایک جیسی اور روایات میں الفاظ راویوں کے متشابہ اور مختلط ہو گئے ہوں اور جہاں جہاں جسمانی کی تصریح کی ہے وہ سب اسی ایک معراج جسمانی کے متعلق ہے جس پر قریش نے انکار کیا اور ابوجہل تکذیب کر کے ابوجہل اور سیدنا ابوبکر تصدیق کر کے صدیق اکبر بنے۔ یہ اپنی توجیہ نہیں بلکہ مختار مدعا علیہ کے مسلم بزرگ علامہ عبدالوہاب شعرانی اور امام الصوفیہ محی الدین ابن عربی کی ہے۔ (ملاحظہ ہو کتاب یواقیت والجواہر ج۲ ص۳۵، مبحث ۳۴) حوالہ اوپر مفصل نقل ہو چکا۔

تعجب ہے کہ مرزا صاحب کے الہام واقوال کی تطبیق کے واسطے بڑی بڑی نادر الوجود کتب تلاش کی جائیں اور سرکار دو عالم، سید الاوّلین والآخرین، محبوب رب العالمین ﷺ کی عظمت وجلال باقی رکھنے اور ناموس نبوی ﷺ کی حفاظت کے واسطے اپنے مسلم بلکہ مسلمہ فریقین بزرگ کی کتاب تک نظرانداز کر دی جائے۔ ''فیا حسرتاہ'' اس مختصر تقریر سے احادیث حضرت ابوبکرؓ، انس بن مالکؓ، مالک ابن صعصۃ الانصاریؓ وغیرہ کے جس قدر حوالے مسند احمد، بخاری وغیرہ میں آئے تھے سب کا جواب آ گیا۔ تفصیل آگے آئے گی۔ (ان شاء اللہ تعالیٰ)

قول سید سلیمان ندوی بحوالہ مختار مدعا علیہ: ''دلائل بیہقی میں ایک روایت ہے جس میں ابوسعید خدریؓ کے واسطے سے یہ بیان کیا گیا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ میں عشاء کے وقت خانہ کعبہ میں سو رہا تھا۔ ایک آنے والا (جبرئیل) آیا اور اس نے مجھے آ کر اٹھایا اور میں اٹھا اور اس کے بعد واقعہ معراج کی تفصیل ہے۔ لیکن اس کا دوسرا راوی ہی جو تھا دروغ گو اور ناقابل اعتبار ہے اور اس میں جو منکر اور غرائب امور بیان کئے گئے ہیں وہ سر تا پا لغو ہیں۔''

جواب: اس کے راوی کو دروغ گو اور ناقابل اعتبار کہنا ایک شخص کی رائے ہے۔ کسی امام جرح وتعدیل کا فیصلہ نہیں۔ دوسرے محدثین کے نزدیک وہ راوی قابل اعتبار رہے۔ ملاحظہ ہو میزان الاعتدال وغیرہ! جہاں اس راوی کے متعلق تمام اقوال توثیق وتعدیل منقول ہیں۔ پھر دوسرے صحیح صریح احادیث اس کی مؤید ہیں۔ چونکہ اس روایت سے صریح سید صاحب کے مدعا کے خلاف نکلتا تھا کہ: ''جبرئیل نے مجھے آ کر بیدار کیا اور میں اٹھا۔'' اس لئے اسے مجروح قرار دیا اور اس سے زیادہ مناکیر جس روایت شریک راوی میں تھے اسے حل احادیث کا معیار بنا گئے سچ ہے: ''حبک الشیٔ یعمی ویصم'' باقی اس میں معراج کے واقعات کو غرائب امور اور سر تا پا لغو بتانا یہ وہی نیچریت ہے کہ عقل میں نہ آئے تو ان سے انکار کرنے لگے اور ایک اصولی ہمارا اور ان کا یہ بھی اختلاف ہے کہ ان کے نزدیک درایت وعقل، روایت ونقل پر مقدم ہے (جو اصول یورپ کی تاریخ نویسی کا ہے) اور ہمارے نزدیک صحیح نقل سے ثابت ہو جائے خواہ ہماری ناقص عقل میں آئے یا نہ آئے اسے درست مانیں گے۔ کیونکہ روایت نقل صحیح درایت وعقل کی کسوٹی پر مقدم اور افضل ہے۔

قول سید صاحب: ''ابن اسحاق نے سیرۃ میں اور ابن جریر طبری نے تفسیر سورۃ اسراء میں حضرت حسن بصری سے اس قسم کی روایت کی ہے کہ میں سو رہا تھا کہ جبرئیل نے پاؤں ہلا کر مجھے اٹھایا...... الخ! لیکن اس کا سلسلہ حسن بصری سے آگے نہیں بڑھتا۔''

جواب: سید صاحب کو معلوم نہیں کہ جس سے جو سلسلہ آگے نہیں بڑھتا اس کے واسطے حضرت حسن بصری نے قاعدہ باندھا ہے کہ میں جہاں کہیں یہ کہوں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے فرمایا۔ وہاں مراد یہ ہے کہ یہ روایت بواسطہ حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ ہے میں ایسے زمانہ میں ہوں کہ ان کا نام نامی زبان پر نہیں لا سکتا۔ (مراد زمانہ حجاج ظالم ہے جو حضرت علیؓ کے نام لینے پر قتل کرتا تھا) ملاحظہ ہو۔

(خلاصۃ التہذیب ص۷۷، حاشیہ اور اتحاف الفرقۃ بوصل الخرقۃ للسیوطی ص۲)

پس اصل سند یوں رہی کہ مدار سلسلہ صوفیاء کرام حضرت حسن بصری روایت کرتے ہیں کہ حضرت امام الاولیاء مولا علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے اور وہ روایت کرتے ہیں۔فخر دو عالم ﷺ سے اب اس سے صحیح سند اور کیا ہوسکتی ہے۔کوئی علم حدیث سے واقف نہ ہو، اس کا کیا علاج۔

قول سید صاحب بحوالہ مختار مدعا علیہ: ’’بہر حال جیسا کہ پہلے ہم نے لکھا ہے کہ صحیح روایتوں میں یا مطلق خواب وبیداری کی تفصیل نہیں اور یا خواب وبیداری کی درمیانی حالت کی تصریح ہے۔سیرت ابن ہشام اور تفسیر ابن جریری طبری میں محمد بن اسحاق کے واسطہ سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے دو روایتیں ہیں جن میں یہ تصریح ہے کہ یہ بزرگوار معراج کو روحانی اور رؤیا صادقہ کہتے ہیں۔(ص ۲۹۳،۲۹۶) پھر لکھتے ہیں کہ حافظ ابن قیم نے زاد المعاد میں اس حقیقت کو ان الفاظ میں رد کیا ہے......تا...... **الحسن البصری ونحو ذالک ...... الخ!**

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا ومعاویہ رضی اللہ عنہ سے یہ نقل کیا ہے کہ دونوں نے کہا ہے کہ معراج میں آپ کی روح لے جائی گئی اور آپ کا جسم گویا نہیں گیا۔یعنی وہ اسی دنیا پر اپنی جگہ پر موجود تھا اور حسن بصری رضی اللہ عنہ سے بھی اس قسم کی روایت کی ہے۔‘‘

__الجواب:__ چونکہ سید صاحب کی عقل میں معراج کا واقعہ نہیں آتا۔اس لئے جو بھی روایت کے نام سے صحیح غلط ملے۔مگر ان کے مدعا کے لئے ٹھیک ہو وہ ان کے قائم کردہ عقلی معیار پر صحیح ہو جائے گا۔

مذکورہ بالا عبارت میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا قول کہ: ’’**مافقدت جسد رسول اللہ ﷺ لیلة المعراج**‘‘ کہ شب معراج آپ ﷺ کا جسم اطہر میں نے گم نہ کیا۔یعنی بستر پر موجود تھا اور یوں ہی قول حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ اور حسن بصری نقل کرتا ہوں۔مفصل جواب ملاحظہ ہو۔

قول سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا:

مرزا صاحب نے بھی ازالہ اوہام میں معراج جسمانی پر اور تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا اتفاق نقل کیا ہے اور صرف حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو مستثنیٰ کرتے ہیں۔اصل عبارت ملاحظہ ہو کہ: ’’باوجود کہ آنحضرت ﷺ کے رفع جسمی کے بارہ میں کہ وہ جسم سمیت معراج میں آسمان کی طرف اٹھائے گئے تھے۔تقریباً تمام صحابہ کا یہی اعتقاد تھا۔لیکن حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اس بات کو تسلیم نہیں کرتیں۔‘‘

(ازالہ اوہام حصہ اوّل ص ۲۸۹، خزائن ج ۳ ص ۲۴۷،۲۴۸)

دوسرا حوالہ: ’’اور مولوی صاحب کو معلوم ہوگا کہ خلاف اجماع صحابہ حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا جناب رسول اللہ ﷺ کی معراج کے دونوں ٹکڑوں کی نسبت یہ ظاہر کرتی ہیں کہ آنحضرت ﷺ جس کے ساتھ بیت المقدس پر گئے نہ آسمان پر، بلکہ وہ ایک رؤیا صالحہ تھی۔‘‘

(ازالہ اوہام حصہ اوّل ص ۲۹۳،۲۹۴، خزائن ج ۳ ص ۲۵۰)

ان دونوں عبارتوں میں مرزا صاحب معراج جسمانی یعنی جسم سمیت آسمان پر جانے کے متعلق تمام صحابہ کا اعتقاد اور ان کا متفقہ مجمع علیہ مسئلہ ثابت فرمارہے ہیں۔صرف جناب صدیقہ رضی اللہ عنہا کے قول کا سہارا لے رہے ہیں۔پس اگر میں نے عقلی ونقلی درایت وروایت سے ان کا بے بنیاد ہونا ثابت کر دیا تو مرزا صاحب کے اقرار سے بھی اجماع صحابہ ہو جائے گا جس سے ایک مستثنیٰ نہیں اور بالاتفاق اجماع صحابہ قطعی حجۃ اور اس کا منکر بلاشبہ کافر ہے۔ملاحظہ ہو جرح گواہ مدعا علیہ نمبر ۱ یکم مارچ ۱۹۳۳ء

حدیث عائشہ رضی اللہ عنہا:

باعتبار سند اور روایت تنقید کے یہ حدیث بالکل غلط بلکہ موضوع اور گھڑی ہوئی، ناقابل اعتبار ہے۔

’’وحدیثها هذا لیس بالثابت عنها لما فی متنه من العلة القادمة وفی سنده من انقطاع را ومجهول وقال ابن دحیه فی التنویر انه حدیث موضوع علیها وقال فی معراجه الصغر قال امام الشافعیة ابو العباس ابن شریح هذا حدیث لایصح وانما وضع رداً الحدیث الصحیح...... وکان المعراج للجسد الروح جمیعا‘‘
(زرقانی شرح مواہب مقصد۵ ج۶ ص۴)

اس حدیث عائشہؓ کو لکھ کر زرقانی شارح مواہب فرماتے ہیں کہ یہ حدیث حضرت صدیقہؓ سے ہرگز ثابت نہیں۔ اس کا متن بھی سخت معلول ناقابل اعتبار ہے اور سند بھی۔ سند میں ایک راوی کا درمیان سے پتہ نہیں۔ (کہ دیندار تھا یا بے دین) ایک مجہول راوی ہے۔ (نہیں معلوم معتبر ہے یا غیر معتبر) امام ابن دحیہ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث یقیناً موضوع اور گھڑی ہوئی ہے۔ امام شافعیہ امام ابوالعباس ابن شریح فرماتے ہیں کہ یہ حدیث بالکل غلط ہے اور صرف معراج جسمانی کی اعلیٰ صحیح حدیثوں کو رد کرنے کی غرض سے وضع کی گئی ہے۔ بہرحال معراج جسم اور روح دونوں کے ساتھ ہوئی۔ (زرقانی ج۲ ص۴)

اتنے بڑے بڑے مسلم ائمہ حدیث کا یہ فیصلہ ہوا کہ حضرت عائشہ کی حدیث ان سے ثابت ہی نہیں، صرف بے دینوں کی اختراع وایجاد ہے۔

## صحیح حدیث حضرت عائشہؓ اس کے خلاف ہے

’’اخرج الحاکم وصحیح ابن مردویه والبیهقی فی الدلائل عن عائشهؓ قالت لما اسریٰ بالنّبیﷺ الی المسجد الاقصیٰ اصبح یحدث الناس بذالک فارتد ناس فمن کانوا اٰمنوا به وصدقوه وسعوا بذالک الی ابی بکر...... قال نعم انی اصدقه بما هو ابعد من ذالک اصدقه بخبر السماء فی عدده او روحیة فذلک سمی ابوبکر الصدیق‘‘
(درمنثور ابن کثیر ج۲ ص۳۸)

حضرت عائشہؓ سے باسناد صحیح حاکم ابن مردویہ بیہقی نے روایت کیا کہ جب معراج کی صبح آنحضرتﷺ نے یہ واقعہ معراج ذکر فرمایا تو بہت سے لوگ (باور نہ کرتے) مرتد ہوگئے اور حضرت ابوبکرؓ کے پاس دوڑ کر پہنچے کہ تمہارے دوست (یعنی آنحضرتﷺ یہ کہتے ہیں...... (آخر میں ہے کہ) صدیق اکبرؓ نے فرمایا میں اس کی تصدیق کرتا ہوں۔ کیونکہ جب میں اس سے زیادہ مستبعد اور عقل میں نہ آنے والی آسمانی چیزوں کی تصدیق کرتا ہوں تو اس کی تصدیق کیوں نہ کروں اس پر آپ کو صدیق کا لقب بارگاہ نبوت سے عطاء ہوا۔
(ابن کثیر ج۶ ص۳۸)

ملاحظہ ہو کہ اگر خواب ہی تھا اور معراج جسمانی نہ تھی تو بہت سے مسلمانوں نے مستبعد سمجھ کر ارتداد کیوں اختیار کیا اور صدیق اکبرؓ نے تصدیق میں کیا انوکھی بات کی جس پر صدیق کا خطاب ملا۔

حضرت صدیقہ سے بہت سی روایتیں صحیح معراج جسمانی کی ہیں جن کے ذکر میں طوالت ہے۔ میں زرقانی کے فیصلہ پر اکتفاء کرتا ہوں۔ کیونکہ وہ ارباب نقل میں نہایت معتبر امام ہیں۔ ان کی نقل پر کسی کو لب کشائی کا موقع نہیں۔

## امام زرقانی کا فیصلہ

’’بل الذی یدل علیه صحیح قولها انه بجسده الشریف لانکار ها رویة ربه رویتهٔ عین ولو کانت عندها مناما لم تنکره‘‘ یعنی حضرت سیدہ صدیقہؓ کا صحیح قول یہی ہے کہ معراج پاک جسم شریف کے ساتھ ہوئی۔ کیونکہ وہ حضورﷺ

کے رویۃ عینی باری تعالیٰ میں اختلاف رکھتی ہیں۔ اگر ان کے نزدیک معراج روحانی یا خواب تھا تو اختلاف رویۃ کی کوئی بھی وجہ نہ تھی۔

(زرقانی شرح مواہب ج۶ص۴)

## درایۃ حدیث عائشہ پر تنقید

عقل ودرایۃ کے لحاظ سے بھی ان کا یہ ارشاد کہ شب معراج جسم اطہر کو میں نے ٹٹولا تو بستر پر ملا ہرگز قابل قبول نہیں۔ کیونکہ اس معراج کے وقت جنابہ صدیقہؓ کی عمر شریف بقول ملاعلی قاری (۳) ماہ اور بہ تحقیق صحیح ایک سال کے اندر ہی تھی۔ جس وقت نہ تو یہ شعور ممکن ہے نہ حضورﷺ کے یہاں ان کا شب گزارنا کیونکہ چھ (۶) سال کی عمر میں ان کا پیغام دیا گیا اور نکاح ہوا اور مدینہ منورہ جاکر ہجرت کے بعد نو (۹) سال کی عمر میں انہوں نے حضورﷺ کے گھر قدم رنجہ فرمایا۔ لہٰذا یقیناً یہ واقعہ کسی نے اپنے طور پر خلاف واقعہ بنایا ہے۔

## امور تنقیح طلب

۱...... معراج کا سنہ کیا تھا۔

۲...... جنابہ صدیقہؓ کی عمر اس وقت کیا تھی۔

۳...... حضورﷺ کے گھر اوّل اوّل کہاں اور کس سنہ میں تشریف لے گئیں اور محرم راز بنیں۔

## جواب وثبوت

اوّل کا جواب یہ ہے کہ اگرچہ تعین سنہ معراج میں چودہ (۱۴) کے قریب قابل لحاظ اقوال ہیں اور کافی اختلاف۔

تفصیل:

۱...... قبل نبوت (روایۃ شریک)

۲...... نبوت کے ۱۵ ماہ بعد۔

۳...... نبوت کے تین سال بعد، قول ابن اسحاق۔

۴...... نبوت کے پانچ سال بعد، قول امام زہری۔

۵...... مکہ اور قبائل میں اسلام شائع ہوچکا تھا۔ (ابن اسحاق)

۶...... ہجرت سے ۶ ماہ قبل، ۸ ماہ، ۱۱ ماہ، ۱۲ ماہ، ۱۴ ماہ، ۱۵ ماہ، ۱۷ ماہ، ۱۸ ماہ قبل۔ آٹھ اقوال یہ ہیں۔ پس تیرہ (۱۳) تو یہ ہوئے۔ (۱۴) ۳ سال قبل۔

## فیصلہ

باوجود اس اختلاف کے مسئلہ کمزور نہیں ہوسکتا۔ کیونکہ جانچنے کا صحیح معیار موجود ہے۔ یہ غلط ہے کہ اختلاف کسی مسئلہ کو کمزور کرتا ہے۔ بلکہ اکثر پرکھنے اور پڑتال کا موقع نکل آتا ہے اور حق واضح سے واضح تر ہوجاتا ہے۔ ورنہ ناقابل التفات اختلاف تو وجود باری تعالیٰ، نبوت رسالت، جنت دوزخ، قیامت سب ہی میں ہے۔

پہلی روایت شریک بالکل غیر معتبر ہے۔ خصوصاً ان کا یہ فیصلہ کہ معراج پاک آپ کے نبی ہونے سے قبل ہوئی۔

(نووی شرح مسلم ص۹۱)

دوسرا اور تیسرا قول بھی روایۃً ودرایۃً نہیں آگے معلوم ہوگا۔ (نیز ملاحظہ ہو نووی ص ۱۹ چھٹے قول سے چودہویں تک) علاوہ روایۃً کمزور ہوں اس لئے بھی نا قابل قبول ہیں کہ محدثین میں کسی کو بھی اس امر میں اختلاف نہیں کہ ام المؤمنین حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ نے آپ کے ساتھ نماز پنجگانہ فرض ہونے کے بعد پڑھی ہے اور ان کی وفات ہجرت سے تین بلکہ پانچ سال قبل ہوئی ہے۔ ملاحظہ ہو۔ (نوووی ص ۱۹)

پس اب صرف قول سالم رہ جاتے ہیں۔

۱...... نبوت کے پانچ سال بعد قول زہری۔

۲...... اسلام مکہ اور قبائل میں پھیلنے کے بعد اور دونوں کا ماحاصل ایک ہی ہے۔ کیونکہ تین سال تو تبلیغ کا زیادہ موقع ہی نہ تھا۔ آپ معہ اہل وعیال شعب ابی طالب میں محصور تھے اور آپ کا مکمل بائیکاٹ تھا۔ چوتھے سال سے تبلیغ کافی شروع ہوئی اور پانچویں سال اکثر قبائل میں اسلام پہنچ گیا۔

## فیصلہ

امام زہری کے صحیح قول کے موافق معراج نمبر ۵ نبوی یعنی نبوت کے پانچ سال بعد ہوئی۔

## پیدائش حضرت عائشہؓ

ام المؤمنین حضرت صدیقہؓ کی ولادت ۴ نبوی کے بعد یعنی پانچویں سال نبوت کے ہے۔ ملاحظہ ہو (زرقانی بروایۃ طبقات ابن سعد) نیز اس کی تصریح سیرۃ النبی شبلی میں یہی ہے۔ جو خود مختار مدعا علیہ کی پیش کردہ ہے۔

پس سنہ معراج اور ولادت عائشہ صدیقہؓ ایک ہی یعنی پانچواں سال نبوت ۵ نبوی رہا۔ اب عدالت خود ہی غور فرمائے کہ چند ماہ کی بچی جن کا ہنوز کوئی دربار رسالت سے خصوصی تعلق نہیں نہ وہاں شب باشی ہے نہ کچھ سمجھ مگر فرمارہے ہیں کہ معراج کی شب میں نے جسم مبارک کو بستر ہی پر پایا۔ پس یہ قول روایۃ اور درایت کسی طرح بھی درست نہیں۔ لہٰذا فیصلہ یہ رہا کہ تمام صحابہ کا بہ تسلیم مرزا صاحب یہی عقیدہ اور اسی پر اجماع رہا کہ معراج جسمانی یعنی جسم سمیت آسمان پر جانا ہوا۔ اب تو اس کے منکر کا کفر بلاشبہ واختلاف ثابت ہوگیا۔

## ایک اور گزارش

اگر باوجود نا قابل قبول ہونے کے اس قول کو کوئی تسلیم بھی کرلے تو پھر اس معراج جسمانی کے سوا کوئی اور (۳۳) روحانی معراجوں میں ہوگی۔ کیونکہ اس قول وتحقیق کے لائق وہ ہجرت کے بعد ہوئیں۔ اس وقت روحانی معراجیں متعدد ہوئی ہیں۔

## حضرت صدیقہؓ کے مقابل ان کے والد بزرگوار کا صحیح فیصلہ

تعجب ہے کہ مرزائی یا دوسرے منکرین معراج ایک موضوع قول چند ماہ کی بچی کا لے کر آڑ پکڑتے اور اسے حجت بناتے ہیں۔ مگر خاندان قریش کے رکن رکین تمام امت سے افضل، صاحب رسول اللہ ﷺ فی الغار جنابہ صدیقہؓ کے والد بزرگوار حضرت صدیق اکبرؓ کے صاف اور صریح قول کو نظرانداز کردیتے ہیں۔ ملاحظہ ہو درمنثور بحوالہ سابق۔

’’اخرج البزاز وابن ابی حاتم والطبرانی وابن مردویۃ والبیھقی فی الدلائل وصححہ عن شداد ابن اوس قلنا یا رسول اللہ کیف اسری بک...... الیٰ ان قال ابوبکر یا رسول اللہ این کنت لیلۃ قدر التمستک فی

مکانک ...... الخ! ’’یعنی شداد ابن اوس سے باسناد صحیح مروی ہے کہ شب معراج کی صبح تذکرہ میں حضرت ابوبکرؓ نے بارگاہ رسالت میں عرض کی کہ یارسول اللہ میں نے آپ کو رات بہت تلاش کیا، مگر حضور (بستر پر) نہ ملے اس پر فرمایا کہ مجھے رات معراج ہوئی...... الخ!

(درمنثور ابن کثیر ج۶ ص۲۱)

(شفاء قاضی عیاض ص۸۷) پر ہے: ’’عن ابی بکر بروایة شداد بن اوس انه قال للنبی ﷺ لیلة اسری به طلبتک یا رسول اللہ ﷺ البارحة فی مکانک فلم اجدک فاجابه ان جبرئیل حمله الی المسجد الاقصیٰ...... الخ!‘‘

یعنی صدیق اکبرؓ نے عرض کی یارسول اللہ ﷺ میں نے شب گزشتہ حضور کو حضور کی جگہ پر تلاش کیا۔ آپ موجود نہ تھے۔ ارشاد فرمایا کہ مجھے جبرئیل بیت المقدس اور آسمان پر لے گئے تھے...... الخ!‘‘ (شفا شریف ص۸۷)

ملاحظہ فرمائیں اتنی وضاحت ترک کر کے موضوعات کو حجت بنانا بے دینی نہیں تو اور کیا ہے۔ یہ فیصلہ صدیق اکبرؓ۔ مختار مدعا علیہ بلکہ تمام مرزائیوں کو مسلم ہونا چاہئے۔ کیونکہ صدیق اکبرؓ نہ صرف قریشی بلکہ مایہ ناز قریش اور بعد آنحضرت ﷺ سب امت سے افضل ہیں۔

اور قریش کے متعلق ان کے مسلم بزرگ جن کی شان میں مرزا صاحب یوں رطب اللسان ہیں۔ ’’حبی فی اللہ مولوی سید محمد احسن صاحب امروہی مہتمم مصارف ریاست بھوپال۔ مولوی صاحب موصوف اس عاجز سے کمال درجہ کا اخلاص ومحبت اور تعلق روحانی رکھتے ہیں۔ ان کی تالیفات کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ایک اعلیٰ لیاقت کے آدمی اور علوم عربیہ میں فاضل ہیں۔ بالخصوص علم حدیث میں ان کی نظر بہت محیط اور عمیق معلوم ہوتی ہے۔ حال ہی میں انہوں نے ایک رسالہ اعلام الناس اس عاجز کی تائید دعویٰ میں بکمال متانت وخوش اسلوبی لکھا ہے جس کے پڑھنے سے ناظرین سمجھ لیں گے کہ مولوی صاحب موصوف علوم دینیہ میں کس قدر محقق اور وسیع النظر اور مدقق آدمی ہیں۔ انہوں نے نہایت تحقیق اور خوش بیانی سے اپنے رسالہ میں کئی قسم کے معارف بھر دیئے ہیں۔ ناظرین اس کو ضرور دیکھو۔‘‘

(ازالہ اوہام حصہ دوم ص۷۸۵، خزائن ج۳ ص۵۲۴،۵۲۵)

## فیصلہ مولوی احسن امروہی

’’قریش بالضرور تمام دینیات میں متبوع اور مقتداء ہیں کہ الفضل للمتقدم اور سائر امت مرحومہ ان کے تابع ہے۔ خواہ امت میں کوئی خلیفہ رسول کا ہو یا امام ہو یا مجدد ہو یا مہدی ہو یا مسیح موعود ہو۔‘‘

پس اس صدیقی فیصلہ کے مقابل مرزا صاحب کا قول بھی ناقابل التفات ہے۔ گو وہ بزعم خود مہدی ومسیح موعود کیوں نہ ہوں چہ جائے کہ سید سلیمان ندوی ومولوی ثناء اللہ وسرسید وغیرہ۔

## تنقیح نمبر دوم

اوپر کی تحقیق میں بحوالہ طبقات ابن سعد وزرقانی گزر چکا کہ حضرت عائشہؓ کی عمر بوقت معراج چند ماہ کی تھی۔ مزید ثبوت کی ضرورت نہیں۔

## تنقیح نمبر سوم

اوپر ثابت ہو چکا نیز مسلم ہے کہ حضرت صدیقہ کی رخصتی اور حضور ﷺ کے گھر آبادی ہجرت کے پہلے سال ہوئی۔ جب کہ ان کی عمر ۹ سال تھی اور جب ہی وہ آپ کی صحیح معنی میں محرم راز ہوئیں (تفصیل کے واسطے طبقات ابن سعد میں حضرت عائشہ کا تذکرہ ملاحظہ ہو)

## حضرت معاویہؓ کے قول کا جواب

چونکہ مرزاصاحب نے اجماع صحابہ سے صرف حضرت عائشہؓ کو مستثنیٰ کیا تھا اس لئے اس کے جواب میں اتنی تفصیل کی گئی۔ باقی حضرت معاویہؓ کا معراج جسمانی پر عقیدہ ہونا مرزاصاحب کو بھی مسلم ہے۔ کیونکہ وہ جسم سمیت آسمان پر شب معراج جانے کا عقیدہ بلکہ حصر سے یہی عقیدہ سوائے حضرت عائشہؓ کے سب صحابہ کا نقل کرتے ہیں، بلکہ اجماع صحابہ بتایا ہے۔ ملاحظہ ہو۔

(ازالہ اوہام ص۲۸۹، خزائن ج۳ ص۲۴۷،۲۴۸)

پس مرزاصاحب بھی حضرت معاویہؓ کو معراج جسمانی کے معتقدین کی فہرست میں منسلک کرتے ہیں۔ والفضل ماشهدت به الاعداء!

لہٰذا بجائے زیادہ تفصیل کے صرف اجمالاً اس قدر عرض ہے کہ اوّل تو یہ ان کا قول قابل اعتبار سند سے ثابت نہیں بلکہ مجروح اور ناقابل اعتبار ہے۔ دوسرے ۵نبوی تک تو یہ ایمان نہ لائے تھے۔ بلکہ یہ تو ہجرت کے بہت بعد قریب فتح مکہ تقریباً ۱۴،۱۵سال واقعہ معراج کے بعد ایمان لاتے ہیں۔ پھر ان کی اس وقت کے متعلق شہادت کہ آپ کا جسم شب معراج بستر ہی پر تھا یا غلط یا سنی سنائی بات ہوگی۔ پھر صحیح ماننے پر یہ شہادت اسی معراج کے متعلق ہوسکتی ہے جو (۳۳) روحانی ہیں نہ کہ چونتیسویں جسمانی جیسا کہ یواقیت سے گزر چکا ہے۔

## شہادت حضرت ابی سفیانؓ

حضرت امیر معاویہؓ کا غیر ثابت شدہ ضعیف اور کمزور بلکہ موضوع قول تو لیا۔ حالانکہ مرزاصاحب کی تصریح کے بھی خلاف تھا۔ مگر ان کے والد بزرگوار کی نہایت صحیح شہادت جو ہرقل شہنشاہ روم کے دربار میں بادشاہ کے حضوری میں کی تھی۔ نظرانداز کر دیا یہ کہاں کی دیانت ہے۔

ابن کثیر وغیرہ میں صحیح سند سے موجود ہے کہ ابوسفیانؓ ہرقل شاہ روم کے روبرو معراج جسمانی کا تذکرہ اس لئے کیا کہ وہ اسے مستبعد سمجھ کر متنفر ہو جائے گا۔ اس کے سرہانے بیت المقدس کا چابی بردار موجود تھا۔ اس نے کہا کہ میں اس کی تصدیق کرتا ہوں۔ بادشاہ نے وجہ دریافت کی اس نے عرض کی کہ میں حسب دستور جو وقت اور تاریخ یہ بتا رہے ہیں بیت المقدس کو مقفل کرنے لگا تو کواڑ بند نہ ہوئے۔ اعزہ سے مدد لی کامیاب نہ ہوا۔ راجوں کو دکھایا معلوم ہوا کہ اس کا ایک پتھر نیچے سرک آیا ہے بلاتوڑنے دروازہ بند ہی نہیں ہوسکتا۔ اسی طرح کھلا چھوڑ کر چلا گیا۔ صبح آیا تو آدمی کے آنے کے نشان تھے اور جس پتھر سے انبیاء سابقین اپنے جانور باندھا کرتے تھے۔ اس میں ایک مزید حلقہ کا اضافہ اور جانور بندھنے کا نشان تھا اور دروازہ بالکل درست، پتھر اپنی جگہ پر تھا جس سے میں نے یقین کیا کہ ضرور نبی آخرالزمان پیدا ہو چکے...... الخ!

## حسن بصری کے قول کے متعلق

حسن بصری کی طرف بھی انکار معراج جسمانی کی نسبت محض غلط وہ کسی روحانی معراج کا تذکرہ کرتے ہوں گے۔ گو اس قول کی سند بھی ناقابل التفات ہے۔ (شفاء قاضی عیاض ص۸۶) سے حوالہ نقل کر چکا جس میں حضرت حسن بصری کو معراج جسمانی بحالت بیداری میں ماننے والوں سے منسلک کیا ہے۔ نیز ایک حدیث بھی ابن جریرؓ کے واسطے بسند حسن بصری یہاں واضح گزر چکی کہ معراج جسمانی تھا اور اس پر انقطاع کو جو اعتراض تھا، اس کا جواب بھی وہیں دے دیا کہ وہ حسن بصری حضرت علیؓ اور وہ آنحضرتﷺ سے روایت کرتے ہیں۔ کیونکہ جہاں وہ انقطاع کریں۔ وہاں حضرت علیؓ مراد ہوں گے۔ (خلاصۃ التہذیب حاشیہ ص۷۷)

## حضرت حذیفہ ؓ کی طرف غلط نسبت

حضرت حذیفہ ابن یمان ؓ کی طرف بھی انکار معراج جسمانی کی نسبت صحیح نہیں حضرت حذیفہ کی تصریح اجماع صحابہ کے بھی خلاف ہے۔ نیز اس نقل کی سند نا قابل اعتبار ہے۔ کسی معتبر محدث نے تصحیح نہیں کی اور (شفاء قاضی عیاض ص ۸۶) پر تصریح ہے کہ حذیفہ ابن یمان ؓ معراج جسمانی بحالت بیداری کے قائل ہیں۔

## نتیجہ

تقریر بالا سے روز روشن کی طرح واضح ہوگیا کہ جن بزرگوں کی طرف انکار معراج جسمانی کی نسبت کی ہے۔ اوّلاً صحیح نہیں دوسرے روحانی (۳۳) معراجوں کے متعلق ہے جس میں ہماری گفتگو نہیں اس معراج جسمانی کے متعلق جس میں نماز پنجگانہ فرض ہوئی۔ کسی ایک کا بھی سلف صالحین صحابہ وتابعین سے اختلاف ثابت نہیں اور یہ مرزا صاحب کو بھی مسلم ہے۔

## لفظ رؤیا کی بحث

بلاوجہ اس آیت: ''**وما جعلنا الرؤیا التی اریناک الّا فتنة للناس**'' کے تحت ایک حاشیہ کا اضافہ کر کے لفظ رؤیا کی بحث کا اضافہ کرلیا کہ رؤیا کے معنی خواب کے ہیں۔ پھر شہاب تسہیل البیان، مجمع البحار، حریری وغیرہ کے قطع برید کر کے کچھ حوالے نقل کئے ہیں۔

__الجواب:__ ہمیں اس پر زیادہ بحث کی ضرورت نہیں جب کہ مخصوص اس آیت کے متعلق حضرت ابن عباس ؓ کا فیصلہ موجود ہے کہ یہ رؤیا عینی مشاہدہ معراج کا ہے نہ روحانی منامی۔ (بخاری باب الاسراء فتح الباری ج ۷ ص ۱۷)

اور چونکہ ابن عباس علاوہ حبر الامۃ اور قرآن کے متعلق تمام امت سے زائد واقف ہوسکے۔ بوجہ اس کے کہ قریشی ہیں۔ ایسے مسلم ہیں کہ ان کے مقابل دوسرے عالم شہاب حریری وغیرہ کی مہدی مسعود اور مسیح موعود کا فیصلہ بھی قابل اعتبار نہیں۔ ملاحظہ ہو۔

(الفرقان مولوی احسن صاحب امروہی ص ۸)

پھر یہی تبرعاً صرف ایک حوالہ نہایت ہی مستند لغت سے جس میں معہ محاورہ اہل زبان لیا گیا ہے پیش ہے۔

''**قال ابن بری وقد جاء الرؤیا فی الیقظة قال الراعی فکبر للرؤیا دھش فؤادہ وبشر نفساً کان قبل یلومھا...... الخ!**'' (حوالہ لسان العرب ج ۱۹ ص ۹)

امام لغت ابن بری فرماتے ہیں کہ یقیناً رؤیا بیداری کے مشاہدہ پر بھی مستعمل ہے اور عرب کے مشہور مستند شاعر جاہلی راعی کا شعر سند میں پیش کیا ہے...... الخ!

اب یہ نہ صرف مستند ڈکشنری کا حوالہ ہے۔ بلکہ محاورہ عرب اور شعر بھی معتبر شاعر کا پیش ہے جس کو گواہان مدعا علیہ بھی لغت اور معتبر لغت کہتے ہیں۔ ملاحظہ ہو بیان گواہان مدعا علیہ و جرح مارچ ۱۹۳۲ء۔

## ایک عظیم الشان مغالطہ اور اس کا جواب

علماء اسلام میں کم ازکم ایک شخص تو ایسا ہے جو صوفی اور صاحب حال بھی ہے اور محدث متکلم بھی یعنی حضرت شاہ ولی اللہ صاحب دہلوی آپ نے حجۃ اللہ البالغہ میں معراج کی حقیقت ان الفاظ میں لکھی ہے: ''**واسری بہ**'' سے لے کر ''**واللہ اعلم**'' تک۔

ترجمہ: آپ کو معراج میں مسجد اقصیٰ پہنچایا گیا پھر سدرۃ المنتہیٰ اور جہاں خدا نے چاہا اور یہ تمام جسم مبارک کے لئے بے داری کی

حالت میں ہوا۔ لیکن اس مقام میں جو عالم مثال اور عالم ظاہر کے بیچ میں ہے اور جو دونوں عالموں کے احکام کا جامع ہے۔ اس لئے جسم پر روح کے احکام جاری ہوئے اور روح پر معاملات روحانی جسم کی صورت میں نمایاں ہوئے اور ان واقعات میں سے ہر واقعہ کی ایک تعبیر ظاہر ہوئی اور اسی طرح پر واقعات حضرت حزقیل اور موسیٰ علیہ السلام کے لئے ظاہر ہوئے تھے اور اولیاء امت کے سامنے ظاہر ہوتے ہیں۔ خدا کے نزدیک ان کے درجہ کی بلندی مثل اس حالت کے ہوتی ہے جو رؤیا میں ان کو معلوم ہوئی۔'' واللہ اعلم '' کتنا بڑا عظیم الشان مغالطہ اور حضرت شاہ صاحب پر سفید جھوٹ اور بدترین بہتان ہے جو ناواقفی سے نہیں بلکہ دیدہ ودانستہ لگایا گیا ہے۔ اگرچہ ترجمہ میں خیانتیں بھی ہیں مگر میں مختار مدعا علیہ ہی کا پیش کردہ ترجمہ حضرت شاہ صاحب کے دامن قدس کی صفائی کے واسطے پیش کرتا ہوں۔

''آپ کو معراج میں مسجد اقصیٰ پہنچایا گیا۔ پھر سدرۃ المنتہیٰ اور جہاں خدا نے چاہا اور یہ تمام جسم مبارک کے لئے بیداری کی حالت میں ہوا۔''

عدالت ملاحظہ فرمائے کہ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب کتنے واضح الفاظ میں تصریح فرما رہے ہیں کہ یہ تمام (واقعہ) جسم مبارک کے لئے حالت بیداری میں ہوا نہ کہ کشف وخواب میں۔ پس کس قدر جرأت اور دیدہ دلیری ہے کہ ان کی طرف انکار معراج جسمانی کی نسبت کی جائے اور اتنے عظیم الشان مغالطہ کے بعد مختار مدعا علیہ کی حیثیت عدالت پر پوشیدہ نہیں۔

''حضرت شاہ صاحب قدس سرہ العزیز'' لیکن سے واللہ اعلم تک اپنے مذاق متعلق اس معراج جسمانی کا ایک فلسفہ صوفیانہ اصول پر بیان فرما رہے ہیں جس کا خلاصہ یہ ہے کہ یہ واقعہ عالم ظاہر اور عالم مثال کے درمیان کا ہے جو مقام جامع کہلاتا ہے۔ جہاں جسم پر ایسی لطافت طاری ہو جاتی ہے کہ اس پر روح کے احکام یعنی سرعۃ، حرکۃ، رفع الی السماء وغیرہ جاری ہو سکتے ہیں۔ اس مقام میں اس جسم لطیف کی حرکت اور سرعۃ اور رفع الی السماء وغیرہ کوئی مستبعد نہیں جس طرح روح کے متعلق یہ امور مستبعد نہیں۔

پھر ان امور کے جو آپ نے معائنہ فرمائے۔ نتائج فلسفیانہ بیان فرماتے ہیں جن کو مختار مدعا علیہ یا وہ بزرگ جن سے اس نے نقل کیا ہے۔ خوش فہمی سے تعبیر خواب سمجھ رہے ہیں۔ بعینہٖ یہی فلسفہ حافظ ابن قیم نے بھی بیان فرمایا ہے۔

## مولوی ثناء اللہ امرتسری کا حوالہ

مختار مدعا علیہ نے (تفسیر ثنائی ج۵ ص۲۶) سے دو عبارتیں قطع وبرید کر کے نقل کی ہیں جس کے جواب میں اوّلاً یہ گزارش ہے کہ مولوی ثناء اللہ امرتسری مدعیہ یا اس کے فریق یا کسی دیوبندی عالم کے مستند ومسلم نہیں۔ بلکہ سخت اختلاف ہے اور نہ صرف فروعی امور میں بلکہ تقلید جیسے اہم مسئلہ میں یہاں تک اختلاف ہے کہ وہ ائمہ کرام کی تقلید کو شرک قرار دیتے ہیں اور سیدنا امام اعظم امام ابوحنیفہ کی شان گرامی میں زبان درازی کرتے ہیں۔ ہمارے ان کے مناظرہ اختلافات اختلافی رسائل تمام پنجاب وہندوستان میں شائع وذائع ہیں۔ ممکن ہے کہ یہ بزرگ مرزائیوں کے مسلم ہوں۔ کیونکہ مرزا صاحب کا وہ مدمقابل تھے اور مرزا صاحب نے ان کے متعلق آخری فیصلہ میں اعلان کیا تھا کہ میرے اور ثناء اللہ میں یہ فیصلہ ہے کہ جھوٹا سچے کے آگے مر جائے گا۔ بہرحال ہم پر ان کا قول حجت نہیں، ان کی ذاتی رائے ہے۔

نیز اگر غور کیا جائے تو وہ بھی یہی فرماتے ہیں: ''پس ان بزرگوں کے (یعنی شاہ ولی اللہ صاحب) کلام سے جو امر ثابت ہوتا ہے خاکسار اسے مانتا ہے۔'' باقی آگے اس کی تعبیرات کا درست نہ ہونا یہ ان کی غلطی ہے۔ خود ان کی جماعت اہل حدیث نے اس تفسیر پر سخت تنقید وتبصرہ کیا ہے اور اس سے ان کے ایمان میں شبہ کیا ہے۔ اس تنقیدی رسالہ کا نام ''انکار ثناء اللہ بجمیع اجزاء اٰمنت باللہ'' ہے۔ پس جب ان کی جماعت کو وہ تفسیر خود مسلم نہیں تو ہم پر کیا حجت ہوگی۔

نیز مولوی ثناءاللہ صاحب کی اس مسئلہ پر سرخی وہیڈنگ وعنوان ملاحظہ ہو:''اسراء اور معراج دو واقعہ الگ الگ ہیں اور یہ دونوں بے داری میں بجسدہ الشریف ہوئے ہیں۔''

پس جب مصنف کا واضح مذہب اس ہیڈنگ سے معلوم ہوگیا تو عبارتیں قطع وبرید کر کے مدّعا کے خلاف نکالنا صریح بہتان ہے۔

اصل یہ ہے کہ سرسید اور سلیمان ندوی مولوی ثناءاللہ سے اس کا جواب مرزا صاحب کی طرح نہ بن آیا اور مخالفین کے خوف سے تاویلیں کرنے لگے۔ جیسے کہ مرزا صاحب صاف منکر ہوکر توہین پر اتر آئے۔

قول مختار مدعا علیہ:

''بہرحال اس تمام بیان کا خلاصہ یہ ہے کہ سلف صالحین میں سے اکابر صحابہ وائمہ نے معراج کو اس جسم عنصری سے تسلیم نہیں کیا۔

الجواب: یہ محض غلط اور بہتان ہے۔ تفصیلاً جواب عرض کر چکا تمام صحابہ کا اتفاق عمدۃ القاری اور شفاء شریف سے پیش کر چکا۔

چار عادل شاہد اور پیش ہیں۔

۱...... ابن کثیر ج۶ ص۱۴۱۔　　۲...... نووی شرح مسلم ج۱ ص۹۱۔

۳...... ابن جریر ج۱۵ ص۱۳۔　　۴...... زادالمعاد ج۱ ص۲۰۳۔

علامہ عصر حافظ ابن کثیر اور امام نووی محدث اور امام ابن جریر طبری اور حضرت حافظ ابن قیم تصریح فرمارہے ہیں کہ معراج جسم اور روح دونوں سمیت ہوئی اور یہی مذہب تمام سلف صالحین اکابر صحابہ وائمہ متقدمین ومتاخرین کا نقل فرمایا ہے جس کے بعد یہ رکیک تاویلات مختار مدعا علیہ قابل التفات بھی نہیں۔

اور مرزا صاحب بھی سوائے حضرت عائشہ ؓ کے تمام صحابہ کا متفقہ اجماعی عقیدہ یہی نقل کرتے ہیں کہ معراج جسم سمیت ہوئی۔

(ازالہ اوہام حصہ اوّل ص۲۸۹، خزائن ج۳ ص۲۴۷،۲۴۸)

حوالہ معہ اصل عبارت گزر چکا اور حضرت عائشہ ؓ کے قول کی بھی حقیقت واضح ہوچکی۔ پھر مختار مدعا علیہ کا یہ قول مذکورہ بالا محض غلط اور بلا دلیل ہے۔

## انبیاء سابقین

دیگر انبیاء کی معراج روحانی جو (سیرۃ النبی ج۳ ص۲۷۱،۲۷۲) سے نقل کی وہ بالکل غیر متعلق ہے ہم خود علاوہ ایک معراج جسمانی کے اور آنحضرت ﷺ کے واسطے بھی روحانی مانتے ہیں۔

## مرزا صاحب کے دوسرے حوالے

حمامۃ البشریٰ وغیرہ سے جو حوالے مرزا صاحب کے گول مول ذوالوجوہ پیش کئے ہیں وہ بے سود ہیں۔ کیونکہ اس میں تو بعد خاتم النّبیین مدعی نبوت پر لعنت بھیجتے اور دعویٰ نبوت کو کفر اور اپنے کو نبی ماننے والوں کو دجال کہتے ہیں اور پھر یہ سب امور جزو ایمان ہوگئے۔ لہٰذا اس کا کیا اعتبار میں نے تو صریح توہین اور انکار کا حوالہ ازالہ اوہام کا پیش کیا ہے جو مختار مدعا علیہ کو بھی مسلم ہے۔ جب ہی تو وہ یہ بہتان انکار معراج جسمانی بزرگوں پر باندھ رہا ہے۔

## حضرت خواجہ معین الدین چشتی غریب نواز اجمیری

قول مختار مدعا علیہ:''حضرت خواجہ معین الدین چشتی فرماتے ہیں:

گر چو احمد درشب معراج وصل از حرم تاصواب اقصیٰ می روم
از زمین تاسدرہ واز سدرہ بعرش بر براق برق آسا می روم
از فلک بگذشت واز انس وملک از دنٰے سوئے تدلٰے می روم
قاب قوسین است و او ادنیٰ حجاب بے حجب تاحق تعالیٰ می روم

(دیوان خواجہ معین الدین چشتی ص ۴۵)

نور حق ست آن مجسم گشتہ در ذات نبی ہمچو نور ماہ کز خورشید کرد ست اکتساب
نقرہ خنگ چرخ را از مہ کشد زریں لگام درشب اسرا چو آرد پائے ہمت در رکاب
سد ما اوحیٰ نگنجد درضمیر جبرئیل اسرار لدنی کے کند ام الکتاب

(دیوان معین ص ۶، نیز ص ۷ بھی ملاحظہ ہو)

گر عروج جان معین بایدت بر نہ فلک در رکاب خواجہ لولاک می باید شدن

(دیوان معین ص ۵۴)

باوجودیکہ یہ دیوان صرف حضرت خواجہ غریب نواز کی طرف منسوب ہے، ورنہ دراصل یہ ملاّ معین الدین کاشفی مصنف معارج النبّوت کا ہے۔ جیسا کہ المعارف میں سید سلیمان ندوی نے اس پر کافی تنقید کی ہے۔ مگر میں اسے تسلیم کر کے جواب پیش کرتا ہوں۔

الجواب: اس حوالہ کے نقل میں اگر مختار مدعا علیہ خیانت وقطع وبرید نہ کرتا تو ہرگز یہ شبہ بھی پیدا نہیں ہوسکتا تھا۔ بہرحال اس کا پہلا جواب یہ ہے۔

۱...... خواجہ غریب نواز ''ہمہ اوست'' اور وحدۃ الوجود کے صوفی مشرب بزرگ ہیں۔ جس پر اسی دیوان کے مندرجہ ذیل اشعار دلیل ہیں:

کسیکہ عاشق معشوق خویشتن ہمہ اوست حریف خلوت وساقی انجمن ہمہ اوست
اگر بدیدہ تحقیق بنگری دانی کہ ناظر دل و منظور جان و تن ہمہ اوست
اگر توخرقہ ہستی خویش پارہ کنی نظر کنی کہ دریں زیر پیراہن ہمہ اوست
زجام عشق نہ منصور بیخود آمد بس کہ دار نیز ہمی گفت بارسن ہمہ اوست
مگو کہ کثرت اشیاء نقیض وحدت گشت تو درحقیقت اشیاء نظر فگن ہمہ اوست
تعب نیست گر از اعتبار ما ومنست اعتبار گزر کن کہ ماومن ہمہ اوست
من نمی گویم اناالحق یارمی گوید بگو چوں نگویم چوں مرا دلدار می گوید بگو

(دیوان معین ص ۱۳و۲۶)

زیادہ تفصیل کے واسطے دلیل العارفین ملاحظہ ہو۔

پس یہ ہمہ اوست اور وحدۃ الوجود کا رنگ جو منکر وبےخودی کا ہے۔ اس میں جو بھی زبان پر جاری ہو وہ قابل مواخذہ نہیں جیسا کہ اسی میں دعویٰ اناالحق وغیرہ موجود ہے۔

دوسرا جواب یہ ہے کہ مختار مدعا علیہ کے پیش کردہ اشعار دیوان پاک میں ''قطعہ'' کے ہیڈنگ کے تحت میں مندرج ہیں اور دنیا جانتی ہے کہ قطعہ وہ اشعار کہلاتے ہیں جو سب مل کر ایک مضمون بنیں۔ اس میں قطع وبرید نہیں ہوسکتی۔ مگر مختار مدعا علیہ کی خیانت ملاحظہ ہو کہ اس کا صرف آخری شعر باوجود قطعہ ہونے کے حذف کر دیا اور باقی پیش کیا تا کہ مغالطہ دے سکے۔ حالانکہ وہ شعر اصل معاملہ پر نہایت صفائی

سے روشنی ڈال رہا ہے کہ یہ تمام کلمات عالم بے خودی کے ہیں۔ اصل کتاب ملاحظہ عدالت کے لئے پیش ہے تاکہ اصل بے ایمانی کا پتہ چل جائے۔ وہ شعر یہ ہے:

من نے دانم دریں بحر عمیق نشستہ ام استادہ ام یا میروم

کس قدر مدہوشی کی تصریح ہے۔ اس سے واضح ہوگیا کہ یہ عالم بے خودی پر ہے جس پر کوئی گرفت نہیں ہوسکتی اور مرزا صاحب وحدۃ الوجود وغیرہ کے خلاف ہیں۔ جیسا کہ گزر چکا ہے۔ دوسرے شعر میں فرمارہے ہیں جس پر کوئی اعتراض ہی نہیں۔ عالم صحو وہوش میں معراج پاک کے متعلق یہ ارشاد ہے۔

قول مختار مدعا علیہ:

''تیسری بات کہ کیا مرزا صاحب نے آنحضرت ﷺ کی معراج کی طرح کوئی معراجوں کا اپنے لئے دعویٰ کیا ہے۔ سو اس کا جواب یہ ہے کہ آپ نے اپنی کسی کتاب میں یہ دعویٰ نہیں کیا کہ مجھے آنحضرت ﷺ کی طرح معراج ہوئی اور جس عبارت سے غلط استدلال کر کے مختار مدعیہ نے مرزا صاحب پر یہ افتراء کیا ہے۔ سیر معراج اس جسم کثیف (عنصری خاکی۔ شمس)...... تا...... مؤلف خود صاحب تجربہ ہے۔ (ازالہ اوہام حاشیہ ص۴۸، خزائن ج۳ ص۱۲۶) مختار مدعیہ نے اس حوالہ کو ایسے طریق پر پیش کیا ہے جس سے یہ ظاہر ہو کہ مرزا صاحب اپنے کشفوں کے مقابلہ پر معراج کو استخفاف کی نظر سے دیکھتے ہیں اور یہ مختار مدعیہ کا دیدہ ودانستہ عدالت کو مغالطہ دینے کی کوشش کرنا ہے...... الخ!''

<u>الجواب:</u> یقیناً معراج کو ایک کشف بنا کر اسی قسم کے کشفوں میں اپنے کو صاحب تجربہ کہنا مختار مدعا علیہ کے نزدیک توہین نہ ہو۔ مسلمانوں کے نزدیک تو ناقابل برداشت توہین اور شرک فی الرسالت ہے جو صریح محمد رسول اللہ کے اقرار کے منافی ہے۔

مرزائیوں کے نزدیک تو کھلی ہوئی تنقیص وتشبہ بھی توہین نہیں۔ مرزائیوں کے ایک مشہور بزرگ ان کے آرگن رسالہ تشحیذ الاذہان قادیان کے ایڈیٹر قاضی محمد ظہور الدین صاحب اکمل فرماتے ہیں:

محمد پھر اتر آئے ہیں ہم میں اور بڑھ کر پہلے سے ہیں اپنی شان میں
محمد دیکھنے ہوں جس نے اکمل غلام احمد کو دیکھے قادیاں میں

(اخبار البدر قادیان مؤرخہ ۲۵؍اکتوبر ۱۹۰۶ء ص۱۴)

پھر مختار مدعا علیہ نے اس ازالہ اوہام کی بھی متنازعہ عبارت کی تاویل کی ہے اور حاشیہ میں اپنی طرف سے ذاتی وصفاتی کی تقسیم اور ذاتی تشبیہ کی شرط لگا گئے۔ پھر آگے فرماتے ہیں اور مرزا صاحب کے اس قول کہ: ''اس قسم کے کشفوں میں مؤلف خود صاحب تجربہ ہے۔'' (ازالہ اوہام ص۴۸، خزائن ج۳ ص۱۲۶ حاشیہ) یہ مراد نہیں کہ آپ کو ایسے ہی معراج ہوئی جیسے آنحضرت ﷺ کو...... الخ!

مطلب بالکل واضح ہے تاویل محض بے کار ہے۔ عدالت اصل عبارت مکرر ملاحظہ فرمالیں کہ: ''سیر معراج جسم کثیف کے ساتھ نہ تھا، بلکہ ایک اعلیٰ درجہ کا کشف تھا...... اور اس قسم کے کشفوں میں مؤلف خود صاحب تجربہ ہے۔'' اور اس میں صرف کیا تاویل کریں گے مرزا صاحب تو اپنے آپ کو تمام صفات میں ان کا ظل اور بروز بتاتے ہیں اور العود احمد کے اصول پر پہلے سے بڑھ کر۔ جیسا کہ خطبہ الہامیہ وحقیقت النبوت کے حوالے سے آگے اپنے محل پر آئے گا جس میں مدلل اپنے کو آنحضرت ﷺ سے افضل ثابت کیا ہے۔ پھر مختار مدعا علیہ نے کشف وبے داری کی تاویل اور اجلیٰ اور اصفی کی بحث شروع کر دی۔ مگر عالی جاہ! جو بھی سہی جسمانی نہ سہی کشفی اجلیٰ ہو یا اصفیٰ واخفیٰ ہمارا اعتراض تو دراصل ''اس قسم کے کشفوں میں مؤلف خود صاحب تجربہ ہے'' پر ہے جو بدستور شرک فی الرسالۃ کی بیّن دلیل لاجواب موجود ہے جس کے ہوتے ہوئے۔ کلمہ کے دوسرے حصہ محمد رسول اللہ پر ایمان قیامت تک نصیب نہیں ہوسکتا۔

## کیا معراج جسمانی کا منکر کافر ہے

’’واجمعنا ان من انکر المعراج الی بیت المقدس یصیر کافراً ثم ھٰھنا ثلٰثۃ اشیاء الاسراء والمعراج والاعرج فاما الاسرآء من مکۃ الی بیت المقدس فھٰذا مما لاینکرہ المعتزلۃ ومن انکر یصیر کافراً لان ھذا ثبت بالنص ...... الخ!‘‘ (تمہید ابوالشکور ص۱۳)

یعنی ہم تمام اہل سنت کا اجماع ہے کہ جس نے معراج جسمانی کا بیت المقدس تک کا انکار کیا وہ ضرور کافر ہو جائے گا۔ پھر یہاں تین امور ہیں۔ اسراء، معراج، اعرج، اسراء جو مکہ سے بیت المقدس تک ہے۔ اس کا انکار تو معتزلہ بھی نہیں کرتے اور جو انکار کرے گا، کافر ہوگا۔ کیونکہ آیت قرآنی سے نصاً وصراحۃً ثابت ہے۔

۲...... ’’وفی کتاب الخلاصۃ من انکر المعراج ینظر ان انکر المعراج فھو کافر...... الخ!‘‘

(شرح فقہ اکبر ملا علی قاری مطبع احمدی شاہدرہ)

تقریباً مضمون سابق کی طرح منکر معراج جسمانی پر کفر کا فتویٰ خلاصہ سے نقل کر کے اس پر دلائل پیش کئے ہیں۔ پس دو شاہد عادل امام شہادت کے لئے کافی ہیں:

طوفان نوح لانے سے اے چشم فائدہ — دو اشک بھی بہت ہیں جو کچھ فائدہ کریں

گو مسئلہ ایک حد تک اجمالی رنگ میں آچکا۔ مگر مختار مدعا علیہ نے ایک فقرہ اور لگا دیا کہ: ’’اور اگر معراج کے واقعات پر بھی غور کیا جائے۔ تو صاف ظاہر ہوتا ہے کہ یہ عالم اعیان کا واقعہ نہیں ہوسکتا۔‘‘

الجواب: معراج پاک میں حضور ﷺ کا جسم شریف کے ساتھ بیت اللہ شریف سے مسجد اقصیٰ اور وہاں سے آسمانوں پر ہوتے ہوئے سدرۃ المنتہٰی اور پھر عرش اور لامکان تک پہنچنا۔ مختار مدعا علیہ کے نزدیک خلاف واقعہ ہے۔ اس کے نزدیک ہو ہی نہیں سکتا کہ سوائے کشف یا خواب کے عالم اعیان میں جسم کے ساتھ یہ واقعہ ہو۔

مگر مرزا صاحب کا ابن مریم بننے کے واسطے پہلے مریم کے رنگ میں پیدا ہونا پھر حاملہ ہونا پھر دردزہ کی شدت سے نو ماہ بعد تنے کھجور کے نیچے جانا اور پھر اپنے سے خود ہی پیدا ہو جانا اور یوں ان کا مریم اور ابن مریم دونوں بن جانا قرین قیاس اور عقل سلیم کے بالکل مطابق ہے۔ (ملاحظہ ہو حقیقت الوحی نظم ص۳۳۹، خزائن ج۲۲ ص۳۵۲)

آنکہ گوئد ابن مریم چوں شدی — ہست او غافل زرز ایزدی
آں خدائے قادر و رب العباد — در براہین نام من مریم نہاد
مدتے بودم برنگ مریمی — دست ناداہ بہ پیران زمی
ہچو بکرے یافتم نشو و نما — از رفیق راہ حق ناآشنا
بعد ازاں آں قادر و رب مجید — روح عیسیٰ اندران مریم دمید
پس بہ نقش رنگ دیگر شد عیاں — از زان مریم مسیح ایں زمان
زیں سبب شد ابن مریم نام من — زانکہ مریم بود اول گام من
بعد ازاں از نفخ حق عیسیٰ شدم — شد زجائے مریمی برتر قدم

این ہمہ گفت است رب العالمین گر نمیدانی براہین را بہ بین
حکمت حق راز ہا دارد بسے نکتۂ مستور کم فہمد کسے

خیر ہمیں ان کے ذاتی عقائد سے اس وقت سروکار نہیں۔

## معراج کے متعلق عقلی طور پر قابل غور امور

(۱)سرعتہ حرکتہ۔ (۲)ارتفاع جسم خاکی۔ (۳) کرہ نار وزمہریر یا زہریلی ہوا کا حائل ہونا۔ (۴) آسمان میں شگاف وخرق التیام کیونکر ہوسکتا ہے۔ (۵)شق صدر۔ (۶) رؤیت باری۔ (۷) رؤیت انبیاء۔ (۸) رؤیت جنت ودوزخ وغیرہ، تفصیل تو اس موقع پر ناممکن ہے۔ اجمالاً گزارش ہے کہ ان میں سے کوئی بھی امر ایسا نہیں کہ عقل سلیم کو اس کے باور کرنے میں تأمل ہو۔ بلکہ میں تو مذہب اسلام اوران کے تمامی جزئیات کو بتصریح قرآنی فطرۃ اللہ اور عقل کے مطابق سمجھتا ہوں۔ مگر فطری ہونے کے یہ معنی نہیں کہ انہیں صرف عقل سے ثابت کیا جاوے۔ ثابت تو وہ نقل ہی سے ہوں گے۔ البتہ سمجھے عقل سے جائیں گے اور عقل بھی ''سلیم'' کیونکہ ایک تو عقل فطری ہے اور ایک مخصوص ماحول سے متأثر سوسائٹی شرائع اور احکام عقل فطری کے مطابق ہیں نہ سوسائٹی کے جس کا فرق واضح ہے۔ مثال سے واضح ہو۔

ایک بدوی کی عقل یہ ہے کہ: ''**البعرۃ تدل علی البعیر والاثار علی المسیر ...... الخ!**'' کہ ایک مینگنی اونٹ کا اور قدم کے نشان قافلہ کا پتہ دیتے ہیں۔ پس یہ زمین وآسمان وغیرہ ایک علیم وخبیر کا پتہ کیوں نہ دیں گے اور ایک دہری کہتا ہے کہ: ''**ان ھی الا حیاتنا الدنیا نموت ونحییٰ وما یھلکنا الا الدھر**'' کہ خدا کوئی نہیں۔ سب دہر وزمانہ وگردش زمانہ کے کرشمہ ہیں۔

اب گزارش یہ ہے کہ ایک کسی شئے کا امکان یعنی ہوسکتا ہے اور ایک وقوع یعنی درحقیقت ہوئی بھی یا نہ۔ عقلی دلیل تو صرف ہوسکنے پر قائم ہوسکتی ہے۔ باقی یہ امر کہ ہوتے بھی یا نہ صرف روایۃ اور نقل سے مل سکے گی۔

## نمبروار مرتب اجمالی جواب

۱...... ''سرعتہ وحرکتہ'' اس کے امکان میں کہ آن کی آن میں حضور ﷺ کا جسم مبارک فرش خاکی سے عرش تک کیونکر پہنچا۔ نہ فلسفہ قدیم یونان کی بناء پر کوئی اشکال ہے اور نہ جدید سائنس کے اصول پر۔

## فلسفہ قدیم یونانی

کیونکہ فلسفہ قدیم میں یہ امر مسلم ہے کہ جتنی دیر میں آفتاب کی ٹکیہ جرم شمس بتمامہ طلوع ہوتا ہے۔ (جو چند منٹ اور دقیقہ کا وقت ہے) اتنی دیر میں فلک الافلاک فلک اعظم جو اعظم ترین مخلوقات سے ہے۔ پانچ لاکھ پندرہ ہزار چھ سو (۵۱۵۶۰۰) فرسخ مسافت قطع کرتا ہے جس کے (۱۵۵۸۸۰۰) پندرہ لاکھ اٹھاون ہزار آٹھ سو میل ہوئے۔ (روح المعانی ج۴ص۴۷۱) پس اتنے بڑے تمام مخلوق سے وزنی جسم کی اس قدر سرعتہ حرکتہ مستبعد نہ ہو اور سید الاوّلین محبوب رب العالمین ﷺ کے جسم لطیف کو کثیف بنا کر سرعتہ حرکتہ کے استبعاد پر معراج جسمانی کو ناممکن اور کشف کہا جائے: بسوخت عقل زحیرت کہ ایں چہ بوالعجبیت

## فلسفہ جدید اور سائنس

فلاسفہ جدید اور سائنس دانوں میں یہ مسلمہ اصول ہے کہ ایک ساعتہ میں برق بجلی زمین کے گرد پانچ سو (۵۰۰) سو مرتبہ چکر لگا کے اپنی اصلی جگہ پر پہنچ جاتی ہے۔ پھر برق سوار کے متعلق کیا استبعاد ہے۔ مولانا گرامی فرماتے ہیں:

قضا گیرد قدر گیرد ازل گیرد ابد گیرد رکابش راعنا نش راعفانش را رکابش را
سوار برق شد ماہے فلک آمد عناں گیرش رکابش بوسہ پازد ملک بوسہ رکابش را

یہ تو ان کے واسطے دو مثالیں اختصاراً پیش کر دیں جو عقلی دلیل کے دلدادہ ہیں باقی خدا پرستوں اور موحدین کے واسطے قرآن پاک کی صرف ایک آیت کافی ہے۔

**’’قال الذی عنده علم من الکتاب انا اٰتیک به قبل ان یرتد الیک طرفک فلما راٰہ مستقراً عنده قال هذا من فضل ربی لیبلونی اشکر ام اکفر ومن شکر فانما یشکر لنفسه ومن کفر فان ربی غنی کریم** (النمل:۴۰)‘‘

ملکہ بلقیس کے تخت منگانے کی سیدنا سلیمان علیہ السلام نے ضرورت محسوس فرمائی تو ایک جن نے دربار کے برخاست ہونے کا وقت نصف دن مانگا۔ مگر ان کے وزیر آصف ابن برخیا جنہیں خداتعالیٰ کی کتاب کا علم تھا فرمایا کہ میں طرفۃ العین میں لاتا ہوں اور پلک مارتے ہی وہ عظیم الشان تخت اقصاء میں سے ہزارہا میل کی مسافت پر اقصائے شام میں لا پیش کر دیا۔ ’’**فسبحان اللّٰہ ما اعظم شانه ونور برهانه**‘‘ پس ایک خدا کا ادنیٰ بندہ تو صرف اس کا نام لے کر یہ کر سکے اور مستبعد نہ ہو مگر خود قدرت والا خدا کرے تو عقل میں نہ آئے۔ **فوا عجباه!**

## ارتفاع جسم خاکی

قمری حرکتہ کے فلاسفہ قدیم بھی قائل ہیں اور آج بھی مشاہدہ اور سائنس دان بلکہ اب تو کسی ہندوستانی کے واسطے بھی جائے تعجب نہیں۔ ہوائی جہاز خصوصاً وہ آر نمبر ۱۰۱ جو تباہ ہو گیا۔ ستر آدمیوں معہ ان کے ضروریات زمین سے اس قدر بلند صرف آگ پانی یا پٹرول کی اسٹیم سے ایک عاجز انسان لے جا سکے اور جسم خاکی بلکہ اجسام خاکیہ مرتفع کر دکھائے۔ مگر خدائے قادر وتوانا اپنی لازوال اور بے مثال قدرت کے کرشمہ سے اپنے حبیب پاک کے جسم لطیف کو زمین سے بلند نہ کر سکے اور اگر کوئی قائل ہوا تو مدعیان عقل اس پر تمسخر اڑائیں:

بریں عقل ودانش بباید گریست

اور ہم مسلمانوں کے واسطے نہ جدید فلسفہ کی ضرورت، نہ قدیم کی، صرف قرآن پاک کی ایک آیت کافی ہے: ’’**ولسلیمان الریح غدوها شهر ورواحها شهر** (سبا:۱۲)‘‘ کہ حضرت سلیمان کے تابع ہوا کر دی تھی۔ ان کا تخت ہوا پر صبح کے قلیل ترین لحہ میں ایک ماہ کی مسافت اور شام کے ٹائم میں ایک ماہ کی مسافت طے کر لیا کرتے تھے۔

## کرّہ ناریہ یا زمہریریہ یا زہریلی ہوا کا حائل ہونا

۱...... کون عقل مند نہیں جانتا کہ آگ کا جلنا، ٹھنڈک کا ضرر رساں ہونا ایک مخصوص وقت تک جسم کے اس میں رہنے پر منحصر ہے۔ ورنہ تنور میں باورچی روزانہ ہاتھ ڈالتا ہے اور نکالتا ہے مگر جلتا نہیں۔ پس مذکورہ بالا سرعتہ پر ضرر ناممکن ہے۔

۲...... طب قدیم اور جدید میں ایسی دوائیں اور لباس ایجاد ہو چکے ہیں جن پر آگ اور سردی بلکہ بندوق کی گولی تک اثر نہیں کرتی۔ سروے کے ملازم ایک مخصوص لباس پہن کر برف کے پہاڑوں کی پیمائش کو وہاں تک جاتے ہیں جہاں آگ ٹھہر ہی نہیں سکتی۔ پس انسانی دوا اور لباس وایجاد تو ان حضرات کو روک لے مگر وہ جنت کا پانی جو خدا نے شب معراج غسل کو بھیجا اور وہ حلّہ نورانی جو زیب تن فرمانے کو جبرئیل علیہ السلام لائے تھے۔ اگر کرّہ نار اور زہریلی ہواؤں سے بچا لیا گیا تو استعجاب کیا ہے۔

۳...... آگ کا کام جلانا اور ٹھنڈک زمہریر کا دکھ دینا ضرور ہے۔ مگر یہ خاصیت ان کی اپنی خانہ زاد نہیں، بلکہ خداداد ہیں۔ پس جس طرح خزانہ شاہی کا پہریدار، سنتری خزانہ کی طرف رخ کرنے والے کو روکتا ہے اور اصرار پر گولی کا نشانہ ضرور اور ہمیشہ بناتا ہے۔ مگر شاہی فرمان

یا شہنشاہ، وزیر اگر کسی کے ساتھ ہو تو بجائے گولی کے نشانے کے آداب شاہی بجالاتا ہے۔ پس اگر کسی کے پاس فرمان: ''یا نار کونی برداً وسلاماً علی ابراھیم (الانبیاء:۶۹)'' اور کسی کے ہمراہ جبرئیل: ''شدید القویٰ ذومرۃ (النجم:۶۵)'' اور پروانہ راہ داری ہو اور آگ نہ جلائے یا سردی نہ ستائے، بلکہ وہ آرام مہیا کردے۔ اس پر تعجب کیا ہے۔

اور ہم مسلمانوں کے واسطے آدم وحواء کا بنص قرآن اوپر سے اترنا صحف ابراہیم وموسیٰ کا صحیح وسالم کتابی رنگ میں آنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر مائدہ دسترخوان اترنا کافی ہے۔

## آسمان کا بیٹھنا اور جڑنا

قدیم فلاسفہ کے پاس سوائے اٹکل کے ایک بھی دلیل نہیں اور وہ اٹکل بھی ان کے پاس فرض طبع زاد تخیلی آسمان میں تو شاید نافذ ہو۔ اس خدائی آسمان سے بالکل الگ ہے اور سائنس نے تو آسمان کے وجود ہی سے انکار کردیا ہے اور حد نظر کا نام بتاتی ہے۔ ہمارے واسطے یہی کافی ہے۔ لم یفتح لھم الابواب السماء! کہ آسمان کے دروازے ہیں کھلتے اور بند ہوتے رہتے ہیں۔ آسمان بنانے والے کی رائے اور فیصلہ یہ کہ ہم نے دروازے اس میں رکھے نہیں اور عقلاء کی سمجھ میں بھی نہیں آتے اس کا کیا علاج؟

## شق صدر

آج اس پر دلیل کی ضرورت ہی نہیں جب کہ فن جراحی کے محیر العقول کرشمے موجود ہیں، تنگی وقت ہے۔ مثالیں نہیں دیتا اور ہمارے لئے ایک آیت کافی ہے: ''انما امرہ اذا اراد شیئاً ان یقول لہ کن فیکون (یٰسین:۸۲)''

## جنت ودوزخ

دنیا میں اصول مسلم ہے کہ ہر مرکب کے مفردات کا علیحدہ گدام ہوتا ہے اور ایک شخص مرکب یا کسی معجون کو دیکھ کر سمجھ لیتا ہے کہ علیحدہ علیحدہ اس کے اجزاء اپنی اپنی جگہ ضرور موجود ہیں۔ انسان کو اربعہ عناصر سے مرکب پاکر یہ فیصلہ دشوار نہیں کہ کائنات عالم میں کرّہ نار، کرّہ ہوا، کرّہ آب، کرّہ خاک علیحدہ علیحدہ بھی موجود ہیں۔

پس جب کہ دنیا اور اس محسوس عالم اور مخصوص دار میں رنج اور خوشی خار وگل اور سکھ اور دکھ، تندرستی وبیماری ساتھ ساتھ ہیں تو عقلاً کوئی ایسی جگہ ضرور ہونی چاہئے جہاں صرف پھول ہی پھول ہوں۔ خار کا پتہ نہ ہو، صرف تندرستی ہو اور مرض کا وجود نہ ہو۔ صرف خوشی آرام سکھ ہو، رنج تکلیف دکھ کا پتہ نہ ہو۔

اور ایک جگہ اور مکان ایسا ہی ہونا چاہئے، جہاں صرف خار ہوں گل ناپید ہوں۔ صرف غم وتکلیف وبیماری ہو اور خوشی وآرام وتندرستی کا فقدان ہو۔ اوّل کا نام اسلامی اصطلاح میں جنت، دوسرے کا نام دوزخ ہے۔

## ایک سوال اور اس کا جواب

اب کوئی سوال کرے کہ دکھاؤ کہاں ہیں پتہ دو، تو اس سے میں پوچھوں گا کہ یہ ہندوستان کا نقشہ ہے۔ اس میں مکہ، مدینہ، بغداد، کربلائے معلّٰی، لندن، امریکہ، جاپان دکھاؤ۔ اگر یہ جواب ہو کہ وہ اس محدود نقشہ ہندوستان میں کہاں ملیں گے۔ وہ تو تمام دنیا کے نقشہ میں ہیں۔ سارے ربع مسکون کا نقشہ لاؤ دکھادیں گے۔ پس یہی گزارش میری بھی ہے کہ وہ آپ کے دنیوی نقشہ میں نہیں۔ بلکہ خدائی نقشہ میں ہیں۔ ساری خدائی کا نقشہ جبرئیل کی لائبریری سے لاؤ جنت دوزخ ان شاء اللہ انگلی رکھ کر بتادیں گے۔

## ملائک وشیاطین

خدا نے دلائل کا ایک اصول سکھایا ہے کہ:''وفی انفسکم افلا تبصرون '' اپنے ہی نفسوں میں دلائل سوچو ایسے زریں اصول پر گزارش ہے کہ ہمارے اندر شر کی صلاحیت ہے اور خیر کی بھی، بھلائی اور نیکوکاری کی اور برائی اور بدکاری کی بھی۔ پس مذکورہ سابق اصول پر ایک مخلوق بھی ایسی ہونی ضروری ہے۔ جس میں صلاحیت صرف خیر اور بھلائی اور نیکوکاری کی ہو شر اور برائی اور بدکاری ان سے سرزد نہ ہوسکے اور ایک ان کے برعکس مخلوق ہونی، اسی طرح ضروری ہے۔ اوّل کو ملک فرشتہ اور دوسرے کو شیاطین کہتے ہیں۔ باقی ہمارے واسطے قرآنی تصریحات جنت ودوزخ جن وانس ملک وشیاطین کافی ہیں۔ قرآن پاک کا مطالعہ فرمادیں۔''فیه تبیان لکل شئ'' سب کچھ اس میں ہے۔

## ایک اعتراض کا جواب

سوال یہ ہوگا کہ ہمیں دکھاؤ، میں عرض کروں گا کہ پانی اور ہوا کے جراثیم محسوسہ دکھا دو (جواب یہ ملے گا یہ جب تک امریکہ کا بنا ہوا مخصوص پاور کے لینس کا چشمہ استعمال نہ کروگے۔ اسے نہ دیکھ سکوگے) پس گزارش یہ ہے کہ جن، ملک، شیاطین جب تک مخصوص پاور کا بنایا ہوا مدنی چشمہ صحابہ کرامؓ، اہل بیت عظامؓ، ائمہ دین، سید شاہ عبدالقادر جیلانی، خواجہ غریب نواز کے کارخانے سے حاصل کر کے نہ استعمال فرمائیں گے، انہیں مشاہدہ نہیں کر سکتے۔

اور ہمارا ایمان تو مشاہدہ سے زیادہ ان کے خالق اور اس کے حبیب ﷺ کی شہادت پر ہے۔''لو کشف الغناء لما ازددنا یقینا'' مشاہدہ پر کوئی اضافہ نہ ہوگا۔ (رویت باری تعالیٰ)

یہ مسئلہ بہت ہی طویل ہے اور اختصار ناممکن ہے۔ اس لئے صرف کتاب (یواقیت والجواہر ج۱ ص۱۱۹، مبحث۲۲) کا حوالہ کافی سمجھتا ہوں جو گواہ مدعاعلیہ کو بھی مسلم ہے:

کلام سرمدی بے نقل بشنید　خداوند جہاں را بے جہت دید

## رویت انبیاء

اوّلاً تو انبیاء کرام کے جسم محفوظ رہتے ہیں:''قال النبی ﷺ ان ﷲ حرم علی الارض ان تأکل اجساد الانبیاء'' (دارقطنی وغیرہ) کہ اللہ نے زمین پر انبیاء کے اجسام کا کھانا حرام کر دیا ہے۔ پس جسم کو دیکھنا کیا محال۔ نیز آج مسمریزم کی معمولی پریکٹس ہے تو انسان ارواح کو دیکھ لے اور ہم کلام ہوسکے۔ مگر اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات کے مراقبہ کا یہ بھی اثر نہ ہو کہ انبیاء کی رویت وہم کلامی ہوجائے۔ نیز جب کہ وہ ذات گرامی باوجود انتہائی لطافت کے ملائک کو دیکھتے اور فرش خاک سے عرش پاک کا جلوہ دیکھتے ہوں۔ انبیاء کی ملاقات رویۃ میں کیا استبعاد ہے۔

دنیا میں مشاہدہ کہ کسی شہنشاہ کا کوئی معزز مہمان آئے تو اس کی تمام حکومت اور تمام عاملوں، تمام کارخانوں ومحکموں میں یک دم تعطیل کر دی جاتی ہے تاکہ اس کا اکرام سب پر ہویدا ہوجائے۔ کاٹنے والی مشین نہیں کاٹتی۔ چلنے والی نہیں چلتی۔ پیسنے والی نہیں پیستی۔ جو کام پورا اور ادھورا جس جگہ ہو وہیں بند ہوجاتا ہے اور تعطیل ختم ہونے پر وہیں سے یک دم شروع ہوجائے گا۔

باری تعالیٰ جیسا شہنشاہ مطلق اور سید الاوّلین والآخرین خاتم النّبیین جیسا حبیب پاک صاحب لولاک ﷺ معزز مہمان اگر تمام کارخانہ عالم یکدم تعطیل کر کے بند کر دیا جائے۔ نہ آگ جلائے، نہ سردی ستائے، نہ ہوا رکے، نہ آسمان اور زمین یا چاند سورج، دن ورات، ساعات ولمحات زمانہ حرکت کریں تو کیا تعجب نہ تو کوئی وقت لگنا چاہئے، نہ کوئی گزند پہنچے گا۔ امکان ہے نہ کوئی اعتراض، مگر اللہ

بصیرت نہ دے۔اس کا کیا علاج:

تہی دستان قسمت راچہ سود از رہبر کامل — کہ خضر از آب حیوان تشنہ مے آرد سکندر را

## نفس مسئلہ معراج پر ایک کلی عقلی دلیل

انسان کے دو جزو ہیں ایک جسم جس کی ترکیب اجزاء عنصریہ سے ہے اور جس کی بقاء بھی عنصری اشیاء سے متعلق ہے۔ دوسرا جزو روح ہے جس کی حقیقت سمجھنا تو دشوار ہے۔ ’’قل الروح من امر ربی ‘‘وہ مولیٰ کا ایک حکم ہے جس کا ہمیں کما حقہ علم نہیں۔ مگر اتنا مشاہدہ ہے کہ انسانی اعضاء کی شکم مادر میں تکمیل کے بعد ایک برقی طاقت اس کے اندر آ کر اسے متحرک کر دیتی ہے اور وہ زندہ کہلانے لگتا ہے۔ اسی برقی اثر کا نام روح ہے۔ یہ ہے تو انسان زندہ ہے، ورنہ مردہ۔ تمام انسانی افعال کا منبع یہی روح ہے۔ یہ خارج ہو جائے تو انسان بے کار مردہ سپرد زمین کے لائق بن جاتا ہے۔ پس انسان دراصل روح ہے اور جسم اس کا ایک آلہ ہے۔ جیسے حرکت بظاہر تو انجن کرتا ہے، مگر محرک اسٹیم ہے۔ بلا اسٹیم انجن ایک انچ حرکت نہیں کر سکتا اور اسٹیم سے ہی کام کرتا ہے۔ اسی اسٹیم کا پاور جب زیادہ ہو جاتا ہے تو مسلم انجن لکڑی اور دھات کا فی بوجھ اور کتنے انسانوں کو اٹھا کر ہوا پر اڑتا ہوا نظر آتا ہے۔

اسی طرح انسانی روحانیت کا سٹیم جب زیادہ تیز اور طاقت ور ہو جاتا ہے۔ ’’یکاد زیتھا یضیء ولولم تمسسہ نار نور علی نور (النور:۳۵)‘‘ تو انسان کو اٹھا کر آسمان پرلے اڑتا ہے جس چیز کو انسان جیسا عاجز و بے بس اپنی ناقص عقل اور محدود فہم سے ایک محدود حد تک لے جا سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ قادر و توانا اپنی نامحدود قدرت اور لفظ کن کو کام میں لا کر غیر محدود جگہ تک پہنچا سکتا ہے۔

جب انسان مثلاً لوہا لکڑی آدمی دو میل اڑا لے جاتا ہے تو کیا خدا کی قدرت میں دو کروڑ دو سنکھ دوارب اور’’ وماقدروا اللہ حق قدرہ (الزمر:۶۷)‘‘ غیر متناہی مسافت پرلے جا تا نہیں:

اے برتر از خیال و قیاس و گمان وہم — و از ہرچہ گفتہ اندشنیدیم و خواندہ ایم

دفتر تمام گشت و بپایاں رسید عمر — ما ہم چناں در اوّل وصف تو ماندہ ایم

## وقوع پر دلیل شہادت

امکان یعنی ہو سکنا تو بحمد اللہ ثابت ہو گیا۔ صرف یہ باقی رہا کہ ہوا بھی یا نہ۔ اس کے واسطے معتبر و عینی شہادت پیش ہے۔ کیونکہ وقوع پر سوائے شہادت کے کوئی عقلی دلیل ہی ناممکن ہے۔

## خدا کی شہادت اللہ شھید بینی وبینکم

سفر معراج کی تین منزلیں ہیں۔

۱...... بیت اللہ الحرام مکہ سے بیت المقدس شام تک۔

۲...... مسجد اقصیٰ سے سدرۃ المنتہیٰ تک۔

۳...... سدرۃ المنتہیٰ سے لامکان اور تقرب خاص تک۔

## خلاصہ جواب

پس جو شخص اپنے اندر الوہیۃ بتاتا ہو اور خواہ الہ بنے، حالانکہ گواہ مدعا علیہ نمبر۱ جرح ۷؍مارچ میں تسلیم کر چکا ہے کہ خدا کے سوا کسی میں الوہیۃ نہیں پائی جا سکتی اور یہ کہے کہ خدا نے مجھے یہ کہا کہ تو مجھ سے ہے اور میں تجھ سے اور خدائے پاک کے نہ صرف بے شمار ہاتھ و پاؤں

بلکہ کھلے ہوئے مصرح لفظوں میں باری تعالیٰ میں طول وعرض کا قائل ہو اور بڑے فخر و بیاں سے یہ کہے کہ خدا کو میرا نام لینے سے شرم دامن گیر ہوئی اور شرم کے غلبہ نے میرا نام زبان پر لانے سے اس کو روک دیا جس کے خلیفہ یہ اعلان فرمائیں کہ مرزا صاحب کے آنے قبل خدا (عیاذ باللہ) ناکام اسی طرح خاموش بیٹھا رہا۔ جیسا کہ صیاد جال بچھا کر بیٹھا رہتا ہے جو خدا پر یہ بہتان عظیم باندھے کہ اس نے مجھے فرمایا کہ تیرا کام پورا ہوگا اور میرا پورا نہ ہوگا جو خدا کا اپنی طرف سے نیا نام خلاف شرع عاج تجویز کر کے شرک فی الاسلام کا مرتکب ہو۔ اپنے کو خدا کی توحید وتفرید کی طرح اس سے مقرب سمجھتا ہو۔ خدا کے امر کا جو ''انما امرهٔ اذا اراد شیئاً ان یقول له کن فیکون (یٰسین:۸۲)'' میں ہے شریک وسہیم ہو اور اپنے لئے خدا پر یہ بہتان باندھے کہ اس نے مجھے فرمایا کہ: ''انما امرک اذا اردت شیئاً ان تقول له کن فیکون'' کہ اے مرزا صاحب آپ کا امر اس کے سواء نہیں کہ جب کبھی بھی آپ کسی چیز کا ارادہ کریں اور کن کہیں وہ ساتھ ہی فی الفور ہو جائے۔ جو اپنے کو یوں کہے کہ گویا یہ بیٹا کیا خدا ہو بہو آسمان سے اتر آیا۔ جو اپنی پیش گوئیوں پر کشفی حالت میں خدا سے دستخط کرائے اور زائد روشنائی چھڑ کے جو عالم محسوس میں اس کے کرتے اور ٹوپی پر نمودار ہو اور پھر اس سرخ داغوں والے کرتے کو خدا تعالیٰ شانہ کی روشنائی سے آلودہ سمجھ کر تبرک بنا کر رکھیں اور یوں خدا کے مجسم ہونے کے عقیدہ کی تکمیل کر دکھائے۔ جو اپنے آپ کو فخر کے ساتھ اس بیٹے کا باپ سمجھے جو ہو بہو آسمان سے خدا ہو کر آیا ہے جس کے الفاظوں میں خدا کا یہ قول ہو کہ میں خطاء بھی کروں گا اور صواب بھی اور جو اپنے نام (غلام احمد) کو جو مشعر عبودیت بھی ہے۔ خدا کا سب سے بڑا نام قرار دے اور خدا کے ''سبح اسم ربک الاعلیٰ (الاعلیٰ:۱)'' کی طرح ''انت اسمی اعلیٰ'' کا قائل ہو جو خدا کی طرف بیداری وخواب کو منسوب کرے اور جو ایک نئے خدا کا قائل ہو اور اپنے اندر صفت اور قوۃ صلاحیۃ احیاء افناء کی بتائے، زمین وآسمان کی خلق پر اپنے کو قادر پائے اور وہ لفظ ولد جس کی خدا کی طرف نسبت کرنے سے بنص قرآن آسمان ٹکڑے ٹکڑے ہونے کے قریب ہو جائے، زمین شق ہونے لگے، پہاڑ ریزہ ریزہ ہونے لگیں۔

لیکن فخر وبیان سے اپنی نسبت استعمال کرے اور اسی پر اکتفاء نہ ہو۔ بلکہ عیاذاً باللہ خدا جانے کیا ہے۔ کیا دعاوی اور پھر ان وساوس پر یہ ناز ہو کہ یہ سب وحی والہام الٰہی ہیں۔ ''ماینطق عن الهوىٰ ان هو الا وحی یوحیٰ (النجم:۳،۴)'' کے مصداق ہیں، نہ صرف یہی بلکہ قرآن پاک کی طرح بلافرق ایک ذرہ پاک ومنزہ اور قابل ایمان سمجھے۔

چونکہ معراج پاک کو تمام کائنات عالم، انسان جن وملک، زمین وآسمان کے واسطے آیت اور نشان بنایا تھا۔ لہٰذا پہلی منزل وہ رکھی جہاں تک وہاں مخاطب انسانوں کا تگ ودو اور جتنی ان کی دنیا تھی تاکہ اس کو وہ جانچ پڑتال سکیں اور آگے کو اسی پر قیاس کر لیں۔

دوسری منزل جن وملک کی جہاں تک رسائی اور سدرۃ المنتہیٰ ہے۔ قرار دی تاکہ وہ بھی گواہ ہو جائیں۔

تیسری منزل کا کسی کو علم نہ دیا کہ کیا ہوا، کیونکر ہوا، کیسے ہوا اور کیا سنا۔ عقل بھی متحیر و وہم بھی خائب وخاسر بس صرف ''امنا باللہ ورسوله'' ہے۔

## پہلی منزل کے جسمانی ہونے پر قرآنی شہادت

''قال اللہ تعالیٰ سبحان الذی اسریٰ بعبدہ لیلا من المسجد الحرام الی المسجد الاقصا (بنی اسرائیل:۱)''

تشریحی نوٹ: ''سبحان'' کا لفظ اہم اور نادر واقعات پر مستعمل ہوتا ہے، کوئی خواب وکشف ہوتا تو اس کی ضرورت نہ تھی مگر حوالہ ''فالمسیح انما یکون عند الامور العظام فلو کان منا مالم یکن فیه کبیر شئ ولم یکن مستعظما'' (ابن کثیر ج۶ ص۴۱)

''اسریٰ'' اسراء کا لفظ سوائے جسمانی کے کشف یا نوم پر نہیں بولا جاتا ہے۔

حوالہ ''لانه لایقال فی النوم اسریٰ...... الخ!'' (شفا قاضی عیاض ص۵۴)

قرآن میں صرف اسی معنی میں مستعمل ہے۔ ’’فاسر باھلک‘‘ فاسر بعبادی‘‘ مطھرنا بعبدہ ’’عبد صرف روح کو نہیں کہتے۔ بلکہ روح اور جسم کے مجموعہ کو کہتے ہیں اور بلا کسی دلیل شرعی کے مجازاً روح مراد لینا یہاں درست نہیں۔

## ثبوت

’’فان العبد عبارۃ عن مجموع الروح والجسد‘‘　(ابن کثیر ج۶ ص۲۱۶، ابن جریر ج۱۵ ص۱۳)

قرآن میں جب بھی لفظ عبد بولا گیا، اس سے جسد مع الروح مراد لیا گیا۔

’’مثلہ مما نزلنا علیٰ عبدنا (البقرۃ:۲۳)‘‘، ’’واذکر عبدنا ایوب (صٓ:۴۱)‘‘، ’’عبداً شکورا (بنی اسرائیل:۳)‘‘، ’’انزل علی عبدہ الکتاب (الکھف:۱)‘‘، ’’نزل الفرقان علی عبدہ (الفرقان:۱)‘‘، ’’ان عبادی لیس لک علیھم سلطان (الحجر:۴۲)‘‘، ’’کونوا عباداً لی (آل عمران:۷۹)‘‘، ’’الاعبادک منھم المخلصین (صٓ:۸۳)‘‘، ’’وعد الرحمن عبادہ (مریم:۶۱)‘‘، ’’وعبادالرحمن الذین یمشون علی الارض (الفرقان:۶۳)‘‘، ’’فوجدا عبداًمن عبادنا (الکھف:۶۵)‘‘، ’’ارایت الذی ینھیٰ عبداً اذاصلی (العلق:۹،۱۰)‘‘، ’’انہ لما قام عبداللہ (الجن:۱۹)‘‘

اور سینکڑوں مثالیں ہیں۔

## ایک مغالطہ کا جواب

مختار مدعا علیہ نے عبد کے معنی روح کے لینے کے واسطے ’’فادخلی فی عبادی وادخلی جنتی ‘‘پڑھ کر مغالطہ دیا ہے کہ نفس سے کہا جائے گا کہ بندوں کی ارواح سے ملجاؤ...... الخ!

حالانکہ یہ محض مغالطہ ہے۔ یہاں بھی لفظ عبادی جسم مع الروح کے معنی میں مستعمل ہے اور یہ قول اس سے قیامت میں کہا جائے گا۔ جہاں جسم اور روح دونوں موجود ہوں گے۔ زیادہ توفیق نہ تھی۔ جلالین ہی دیکھ لی ہوتی۔ ’’ویقال لھا فی القیامۃ فا دخلی فی جملہ عبادی الصالحین وادخلی جنتی معھم‘‘ کہ یہ قیامت میں کہا جائے گا...... الخ!

چونکہ مختار مدعا علیہ اور خود مرزا صاحب بھی حشر اجساد کے منکر ہیں۔ اس لئے انہیں بھی نظر آیا۔ مگر مسلمانوں کے نزدیک حشر روح مع الجسد ہوگا۔ جیسا کہ آگے اپنے محل پر آئے گا۔ لہٰذا یہاں بھی عبد سے مع الجسد مراد ہوگا۔

ان تشریحی نوٹوں کی بجائے کسی تفصیلی تفسیر کا صرف صحیح ترجمہ پیش ہے۔

’’سبحان الذی اسریٰ بعبدہ لیلاً من المسجد الحرام الی المسجد الاقصا الذی بارکنا حولہ لنریہ من اٰیاتنا انہ ھو السمیع البصیر (بنی اسرائیل:۱)‘‘

تمام اعتراضات مشکوک وشبہات سے وہ ذات الٰہی مبرّا ومنزّہ ہے جس نے اپنے بندہ محمد ﷺ کو مع جسم کے بہت ہی قلیل حصہ میں مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک سیر کرائی تاکہ اسے اپنے عجائبات قدرت دکھائے...... الخ!

## رسول اکرم ﷺ صاحب واقعہ کی شہادت

بخاری ومسلم، ابن کثیر، ابن جریر، درمنثور، روح المعانی میں صحیح مرفوع متصل کافی تعداد میں احادیث اور اکثر صریح جسمانی ہونے کی منقول ہیں۔ چونکہ وہ مفصل اور طویل ہیں۔ لہٰذا حوالہ پر اکتفاء کرتا ہوں اور بعض اوپر بقدر کفایت گزر چکی ہے۔

## صاحب خانہ کی شہادت

’’روی الطبرانی عن ام ھانی قالت بات رسول اللہ ﷺ لیلۃ اسری بہ فی بیتی ففقدتہ من اللیل فامتنع منی النوم مخافۃ ان یکون عرض لہ بعض قریش فقال رسول اللہ ﷺ ان جبرئیل اتانی ...... الی ان قال وانا ارید ان اخرج الی قریش فاخبرھم بما رئیت فاخذت بثوبہ فقلت انی اذکرک اللہ تاتی قوماً یکذبونک وینکرون مقامتک فاخاف ان یسطوبک قالت فضرب ثوبہ من یدی ثم خرج الیھم فاتاھم وھم جلوس‘‘ (ابن کثیر ج۶ ص۳۹)

یعنی حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہا جن کے گھر سے معراج ہوئی۔ فرماتی ہیں کہ شب معراج آنحضرت ﷺ کو میں نے بستر پر نہ دیکھا۔ سخت پریشان ہوئی اور اس ڈر سے میری نیند اڑ گئی کہ مبادا قریش کی کوئی کارستانی ضرر رسانی ہو۔ حتیٰ کہ آپ تشریف لائے اور واقعہ بیان فرمایا اور فرمایا کہ میں یہ سب قریش کو کہنے جارہا ہوں۔ میں نے دوڑ کر دامن پکڑ لیا اور خدا کی قسم دے کر عرض کی کہ ان سے نہ بیان فرمائیں۔ دشمن جھٹلائیں گے اور ناحق حملہ کریں گے۔ مگر حضور ﷺ دامن چھڑا کر باہر تشریف لے گئے اور حاضرین کو سارا واقعہ سنا دیا...... الخ!

اتنی زبردست شہادت کے بعد کہ جن کے گھر میں معراج ہو وہ تو حضور ﷺ کو بستر پر نہ پائیں اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی طرف نسبت کرنا کہ میں نے بستر پر دیکھا جو اس وقت بقول ملّا علی قاری پیدا نہ ہوئی تھیں یا چند ماہ کی تھیں۔ کس قدر ظلم صریح ہے۔ فاعتبروا یااولی الابصار!

## خاندانی شہادت

جب شب معراج بنی عبدالمطلب نے آپ کو بستر مبارک اور دولت کدہ پر نہ پایا تو مختلف جانب تلاش کو نکلے اور آپ کے شفیق چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ تو بے چینی میں وادی ذی طویٰ تک یا محمد یا محمد پکارتے پہنچے۔ آنحضرت ﷺ جب تشریف لائے تو عدم موجودگی کا سبب بیان فرمایا کہ مجھ کو معراج ہوئی اور بیت المقدس وغیرہ گیا تھا۔ (روح المعانی ج۴ ص۴۶۹)

شفاء قاضی عیاض میں (ص۸۷) پر صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا بھی اسی کے قریب قریب واقعہ لکھا ہے۔

## درمیانی سفر کی شہادت

قریش کو آنحضرت ﷺ نے یہ بھی بتلایا تھا کہ تمہارا فلاں قافلہ فلاں مقام پر ملا تھا۔ ان کا اس رنگ کا ایک اونٹ بھاگ گیا تھا۔ اس کو میں نے فلاں جھاڑی کی فلاں طرف باندھ دیا تھا، جب قافلہ آئے دریافت کرنا۔

فلاں منزل پر فلاں ابن فلاں نے ایک کوزہ پانی سرد ہونے کو رکھا تھا، اسے پی کر میں نے الٹ کر رکھ دیا، تصدیق کرنا۔ پھر بیت المقدس وغیرہ کے نشانات بتائے اور قافلہ کی آمد کا وقت سب حرف بحرف صحیح اترا۔ (روح المعانی درمنثور، ابن جریر وغیرہ)

## پہلی منزل کی آخری شہادت

بیت المقدس کے چابی بردار اور ابوسفیان کا واقعہ اوپر نقل کر چکا ہوں جو ہرقل شاہ روم کے دربار میں پیش آیا تھا۔ اعادہ کی ضرورت نہیں۔

## دوسری منزل کا ثبوت

چونکہ اس کا تعلق ملا اعلیٰ سے تھا۔ اس لئے ستارہ کی قسم کھا کر والنجم میں بیان فرمایا: ’’استویٰ وھو بالافق الاعلیٰ یاعند سدرۃ المنتھیٰ عندھا جنۃ الماویٰ. اذ یغشی السدرۃ ما یغشیٰ (النجم:۶تا۱۶)‘‘

ان ضمائر سے آنحضرت ﷺ ہی مراد ہیں نہ کہ جبرئیل علیہ السلام۔ جیسا کہ بعض کا قول ہے۔ صرف ایک حوالہ پیش ہے۔

’’اخرج ابن مردویة عن انس ؓ ان رسول اللہ ﷺ لما انتھیٰ الی سدرة المنتھیٰ رای فراش من ذھب یلوذبھا‘‘ (درمنثور ج۴ ص۱۰۴) اسی طرح ج۱ ص۴۶ پر بہت صریح حوالہ موجود ہے۔

(ترجمہ) پھر آپ مسجد اقصیٰ سے شب معراج اوپر افق اعلیٰ تک پہنچے...... اور پھر سدرۃ المنتہیٰ تک۔

## تیسری منزل

’’ثم دنا فتدلیٰ فکان قاب قوسین او ادنیٰ. فاوحیٰ الیٰ عبده ما اوحیٰ ما کذب الفؤاد ما رای افتمارونه علی ما یریٰ (النجم:۸تا۱۲)‘‘

(ترجمہ) کسی مترجم قرآن سے دیکھ لیا جائے۔

اس امر کے واسطے کہ اس سے مراد جبرئیل نہیں، بلکہ آنحضرت ﷺ مراد ہیں۔ روایات خصوصاً ابن عباس کی (ابن جریر ج۶، شفاء ص۴۸، روح المعانی ج۸ ص۶۵۵) وغیرہ سے ملاحظہ ہوں۔

## خلاصہ

الحمدللہ! دلائل وبراہین کی روشنی میں عقلی ونقلی قطعی دلائل سے واضح ہوگیا کہ آنحضرت ﷺ کو یہ معراج جس میں نماز پنجگانہ فرض ہوئی۔ جسم اطہر کے ساتھ بیداری میں ہوئی ہے۔ یہی مذہب تمام صحابہ ؓ، ائمہ وتابعین اور خلف وسلف صالحین کا ہے جس کے منکر کا ایمان قابل اعتبار نہیں۔ نیز خصائص کبریٰ سیوطی ومواہب وغیرہ سے گزر چکا کہ یہ خصوصیات محمدیہ ﷺ سے ہے۔ اس کو کسی کے واسطے ایسا ماننے والا مشرک فی الرسالۃ ہے اور کسی طرح اس کا ایمان کلمہ کی جزوثانی محمد رسول اللہ پر صحیح معنی میں نہیں ہوسکتا۔ فالحمدللہ اوّلاً واٰخرا وصلی اللہ علی حبیبه دائما متوالیا!

## معجزہ شق القمر

قول مختار مدعاعلیہ:

’’مختار مدعیہ نے مسیح موعود کے کلمہ کے جزوثانی کے قائل نہ ہونے کے ثبوت میں آپ کا مندرجہ ذیل شعر پیش کیا ہے:

لہ خسف القمر وان لی　　غسقا القمران المشرقان اتنکر

(اعجاز احمدی ص۷۱، خزائن ج۱۹ ص۱۸۳)

کہ اس میں مرزا صاحب نے اپنے لئے شق القمر کا معجزہ اقویٰ طور پر ثابت کیا ہے اور آنحضرت ﷺ کے لئے کمزور کر کے دکھایا ہے اور اس لئے آنحضرت ﷺ کی توہین لازم آتی ہے۔ لہٰذا مرزا صاحب کافر ہوئے اور دائرہ اسلام سے خارج ہوئے اور یہاں یہ تاویل نہیں چل سکتی کہ چاند گہن مراد ہے۔ میں دعویٰ سے کہتا ہوں کہ آنحضرت ﷺ کے زمانہ میں کبھی چاند گہن ہوا ہی نہیں۔‘‘

الجواب: مختار مدعاعلیہ اپنی عادت سے مجبور ہے کہ میرے اعتراض اور میری مراد کو اپنے لفظوں میں ڈھال کر کچھ نہ کچھ جواب دے اور یہی ایک قسم کا اقرار لاجوابی ہے۔ ورنہ وہ اس طور پر توڑ موڑ کر میرے مدعا کو ضبط نہ کرتا۔

جس طرح مسئلہ معراج جسمانی کو بلاوجہ طول دینے کے واسطے داخل کیا گیا۔ حالانکہ اعتراض صرف تقابل پر تھا کہ اصل مسئلہ اس وقت زیرنزاع نہیں جو بھی ہو یہاں صرف اس قدر بحث ہے کہ جو چیز سیدالاوّلین والآخرین ﷺ کے واسطے ایک مرتبہ بدقت اقرار ہے۔ وہ

اپنے واسطے کم از کم دو چند اور اس سے زائد زور دار ثابت کرنا مرزا صاحب کی ایک خاص عادت ہے۔
مسئلہ معراج جسمانی میں وہ پوائنٹ بچا کر جسمانی اور روحانی کی بحث چھیڑ دی اور یہاں بھی وہ پوائنٹ لاجواب سمجھ کر بدل دیا۔
اصل اعتراض صرف یہ ہے کہ مرزا صاحب نے حضور ﷺ کے معجزۂ شق القمر کو خسوف قمر بتایا جو اس کی ناقص اور گھٹیا تعبیر ہے اور پھر اسے آپ ﷺ کا نشان ثابت کر کے اپنے واسطے اس جیسے آسمانی دو نشان یعنی خسوف قمر اور کسوف شمس، چاند اور سورج دونوں کا گہن لگنا قرار دیا۔ اس مقابلہ میں سخت ترین توہین حضور سرور دو عالم ﷺ کی اور وہ معجزہ شق القمر جو قرآن اور احادیث متواترہ سے ثابت ہے۔ اس کا استخفاف کیا اور ایسے اہم معجزہ کو نہایت معمولی اور اپنے نشان کو کم کر دکھایا۔
اس کے ثبوت میں مختار مدعیہ نے کوئی بحث ہی نہیں کی۔ بلکہ مرزا صاحب کا اصل شعر مرزا صاحب کے ترجمہ سے پیش کر دیا جس میں کسی تاویل کی گنجائش بھی نہیں۔ مکرر ملاحظہ ہو:

لہ خسف القمر المنیر وان لی　　غسقا القمران المشرقان اتنکر

(اعجاز احمدی ص۷۱، خزائن ج۱۹ ص۱۸۳)

ترجمہ: اس کے لئے (یعنی آنحضرت ﷺ) خسوف کا نشان ظاہر ہوا اور میرے لئے چاند اور سورج دونوں کا اب کیا تو انکار کرے گا۔

ملاحظہ فرمائیں کہ مرزا صاحب آنحضرت ﷺ کے لئے نشان صرف خسوف (یعنی چاند گہن) اور اپنے لئے چاند اور سورج دونوں کے گہن کا نشان قرار دے کر کس طرح ٹھاٹھ سے اس ذات گرامی کا مقابلہ کر رہے ہیں جس کے مقابل باری تعالیٰ نے جن وانس، ملک اور کائنات عالم میں کوئی پیدا نہیں کیا اور قدرت نے نہ صرف زمانہ گزشتہ میں اس کی نظیر پیدا نہ کی بلکہ یہ امر یقین اور عقیدہ کے حد تک ثابت ہو چکا ہے کہ آئندہ تا قیامت اس کی نظیر ناممکن ہے۔ مقابلہ اس سے تو اظہر من الشمس ہے۔ ممکن ہے کہ یہ قائل ہو کہ یہاں خسوف القمر سے شاید کوئی آپ کے زمانہ میں آپ کا نشان چاند گہن ہوا ہو۔ اس کی طرف مرزا صاحب نے اشارہ کیا ہو اور درحقیقت شق القمر کا استخفاف نہ ہو۔
تو اوّلاً یہ گزارش ہے کہ وہ اعتراض تو بحالہ ہے کہ آنحضرت ﷺ کے واسطے جس قسم کے ایک نشان کا قول ہے۔ اپنے واسطے اسی قسم کے دو چند بتائے جا رہے ہیں۔ دوسرے یہ کہ مرزا صاحب نے یہاں خسوف قمر سے معجزہ شق القمر ہی کو مراد لیا ہے اور اسی کو استعارہ کی آڑ لے کر خسوف قمر یعنی چاند گہن سے تعبیر کر رہے ہیں۔ تاکہ اس کی اہمیت لوگوں کی نگاہ میں کم ہو جاوے اور اپنا مقابلہ اچھی طرح ہو سکے۔
اس ثبوت میں بجائے کسی دلیل کے خود مختار مدعا علیہ کے الفاظ اسی بحث سے نقل کرتا ہوں۔
’’پس مرزا صاحب نے بھی خسوف کا لفظ شق القمر کے لئے بطور استعارہ استعمال کیا ہے۔‘‘

مدعی لاکھ پہ بھاری ہے گواہی تیری

مذکورہ بالا تقریر سے اصل مدعا اس طرح واضح ہے کہ کسی اور جواب کی ضرورت نہیں۔ کیونکہ قابل اعتراض دو امر تھے۔
۱...... معجزہ شق القمر اور اس کا معمولی کر دکھانا۔
۲...... آپ کے اس آسمانی نشان جیسے اپنے واسطے دو ثابت کرنا۔
پہلے کا ثبوت اس سے ہے کہ معجزہ شق القمر کو مرزا صاحب نے خسوف قمر یعنی چاند گہن کا نام دے کر کس قدر معمولی کر دکھایا ہے اور ایسا استخفاف کیا ہے۔ جس کی نظیر کفار مکہ میں بھی نہ ملے گی۔ انہوں نے بھی اس کو دیکھ کر خسوف قمر (یعنی چاند گہن) نہ بتایا بلکہ اسے جادو قرار دیا۔ مگر مرزا صاحب نے سرے سے اس کی ماہیت ہی بدل دی اور ایسا معمولی روزمرہ کا خسوف قمر چاند گہن کے لفظ سے تعبیر کیا جس

سے کوئی استعجاب اور اعجاز شان ہی پیدا نہ ہوا اور دونوں کو ایک ہی میں جمع کر دکھایا جو بہ نسبت اس کے نادر الوقوع اور شان اعجاز رکھتا ہے۔ اس سے زائد توہین کیا ہوسکتی ہے۔ دوسرے کے متعلق صرف مرزا صاحب کا اپنا ترجمہ ملاحظہ ہو کہ: ''اس کے لئے (یعنی آنحضرت ﷺ) کے لئے چاند کے خسوف کا نشان ظاہر ہوا اور میرے لئے چاند اور سورج دونوں کا اب کیا تو انکار کرے گا۔''

(قصیدہ اعجازیہ ص ۷۱، خزائن ج ۱۹ ص ۱۸۳)

عدالت خود ملاحظہ فرمالے کہ آنحضرت ﷺ کے واسطے صرف خسوف کا نشان ظاہر ہوا اور اپنے لئے خسوف قمر اور شمس چاند وسورج دونوں کا فرمارہے ہیں۔ یہ کھلی ہوئی توہین سرکار دو عالم، محبوب رب العالمین ﷺ کی ہے اور ایسی کہ جس کی کوئی اور مخالفت نہ کرسکا۔ جادو تو انہوں نے کہہ دیا۔ مگر کسی اور میں اس جیسا جادو ثابت کرے، اس کا استخفاف واستہزاء نہ کرسکے۔

میری مذکورہ بالا تقریر سے عدالت پر واضح ہوگیا ہوگا۔ میرا یہ اعتراض بھی بالکل ہی لاجواب ہے اور مختار مدعا علیہ کا ادھر ادھر کی غیر متعلق باتیں لانا اور اس مخصوص پوائنٹ کو دیدہ ودانستہ ترک کر دینا۔ دوسرے لفظوں میں اپنے عجز اور اس کے لاجواب ہونے کا کھلا ہوا اقرار ہے۔

## مختار مدعا علیہ کی غیر متعلق باتوں کا جواب

''آخری حصہ کا جواب میں تو صرف اس...... آنحضرت ﷺ کے زمانہ میں کبھی چاند گہن ہوا نہیں۔ اس کو سمجھنا عقل مندوں کی قدرت سے باہر ہے۔'' اس میں صرف اپنے غصہ اور ناراضگی کا ثبوت پیش کیا ہے جس کا جواب سوائے دعا کے میری طرف سے کیا ہوسکتا ہے۔ باقی میرا یہ دعویٰ کہ حضور ﷺ کے زمانہ میں کوئی نشان چاند گہن کا ظاہر نہیں ہوا۔ اس میں بھی معمولی تفسیر کر کے مطلب کو بگاڑا ہے۔ اصل الفاظ یہ تھے کہ حضور ﷺ کے زمانہ میں کوئی نشان خسوف قمر (چاند گہن) کا محدثین کے نزدیک ثابت نہیں کہ نہ کسی حدیث کی کتاب میں مذکور ہے۔ بخلاف اس کے سورج گہن کا واقعہ تمام کتب احادیث صحاح ستہ وغیرہ میں مذکور ہے۔ میرا وہ دعویٰ اب بھی بحمد اللہ! بدستور لاجواب ہے، جواب جب ہوتا کہ کسی ایک حدیث یا کسی مسلم محدث کا قول پیش کر دیتے۔ مگر یہ تاقیامت ناممکن ہے۔

کسی ایک محدث نے بھی خسوف قمر کو زمانہ بعثت آنحضرت ﷺ میں ذکر نہیں کیا۔ اگر یہ خسوف قمر آپ کی بعثت کا کوئی نشان ہوتا۔ جیسا کہ مرزا صاحب لکھتے ہیں کہ: ''اس کے لئے چاند کے خسوف کا نشان ظاہر ہوا۔'' تو کسی ضعیف سے ضعیف حدیث یا کسی محدث کے قول میں تو ہوتا۔

مختار مدعا علیہ کی احادیث نبویہ یا سیر اسلامی پر اتنی نظر کب تھی کہ انہیں کوئی ایک حوالہ مل جاتا۔ میں حوالہ پیش کرتا ہوں: ''ولم یذکر احدا من المحدثین خسوف القمر فی عھدہ ...... الخ!''

کسی ایک محدث نے بھی آنحضرت ﷺ کے زمانہ میں چاند گہن کا تذکرہ نہ کیا۔ (العرف الشذی علی الجامع الترمذی ص ۲۵۶)

دعویٰ تو یہ تھا کہ اس کا نشان میں جیسا کہ مرزا صاحب بتارہے ہیں، ثابت نہیں۔ کیونکہ اتنا بڑا نشان ہوا اور محدثین جنہوں نے استنجاء تک کے حالات جمع فرمائے ہیں۔ اس کو نظر انداز فرماجائیں۔ تو بحمد اللہ یہ تو روز روشن کی طرح واضح ہوگیا۔

مزید فائدہ کے طور پر یہ بھی ذکر کر دوں کہ حدیث کی کتابیں تو اس تذکرہ سے خالی ہیں۔ علاوہ بریں کتب سیر میں بھی اس کا تذکرہ عام طور پر نہیں۔ باوجودیکہ وہ احادیث کی طرح قابل استناد نہیں ہوتیں۔ صرف سیرت ابن حبان میں ایک قول اس کا موجود ہے جس کو محدثین نے ناقابل اعتناء قرار دے کر قبول تو کجا تذکرہ تک بھی نہ کیا۔

ماہر فن ریاضی محمود شاہ فرنساوی نے مستقل اس موضوع پر ایک رسالہ لکھا ہے جس میں کسوف شمس کا ایک مرتبہ زمانہ نبوی ﷺ میں ہونا ضرور مذکور ہے مگر خسوف قمر کا اس میں بھی تذکرہ نہیں۔ (العرف الشذی ص ۲۵۲)

بہر حال میرا یہ دعویٰ کہ چاند کے گہن کا نشان ظاہر ہوا بالکل لا جواب رہا۔ کیونکہ اگر نشان ہوتا تو محدثین عظام کیوں ذکر نہ کرتے۔ نشان تو خدا کی طرف سے اظہار ہی کے واسطے ہوتا ہے۔ اس کا پوشیدہ رہنا باری تعالیٰ کے منشاء اور غرض اظہار نشان کے سراسر خلاف ہے۔ لہٰذا نشان ہونا تو کسی طرح ثابت نہ ہوسکا اور نشانوں سے ناواقفی نہ صرف مختار مدعا علیہ کی ثابت ہوئی۔ بلکہ یہ بھی معلوم ہوگیا کہ مرزا صاحب بھی اس سے یکسر ناواقف ہیں۔

## اصول ریاضی کی آڑ اس کا جواب

میرے مطالبہ کے مطابق مختار مدعا علیہ جب کوئی ثبوت نہ لا سکا کسی حدیث کی مستند کتاب کا حوالہ نہ لا سکا تو یہ کہہ کر مسئلہ کو رلانا چاہا کہ علم ہیئت دورہ ارضی کے قانون اور طبیعیات کے خلاف ہے کہ آپ کے زمانہ میں خسوف قمر نہ ہوا اور پھر اس کے ساتھ مختار مدعیہ کے حق میں گوہر افشانی فرمائی ہے۔

میں اس کا جواب اپنے لفظوں میں نہیں۔ بلکہ مرزا صاحب کے لفظوں میں پیش کرکے یہ عرض کروں گا کہ یہ تمام الفاظ مرزا صاحب کے واسطے پھر مکرر پڑھے جائیں۔

## علم ہیئت وریاضی کے اصول کے متعلق مرزا صاحب کا نظریہ

’’اس کے جواب میں یہ کہنا کہ ایسا وقوع میں آنا خلاف علم ہیئت ہے۔ یہ سراسر فضول باتیں ہیں۔‘‘

(ضمیمہ چشمہ معرفت ص ۴۱، خزائن ج ۲۳ ص ۴۱۱)

’’پس یقینی طور پر معلوم ہوتا ہے کہ یہ واقعہ ضرور ظہور میں آیا ہے اور اس کے مقابل پر یہ کہنا کہ یہ قواعد ہیئت کے مطابق نہیں۔ یہ عذارت بالکل فضول ہیں۔‘‘ (ضمیمہ چشمہ معرفت ص ۴۲، خزائن ج ۲۳ ص ۴۱۱)

’’علاوہ اس کے علم ہیئت کی کس نے حد بست کر لی ہے۔ ہمیشہ نئے نئے عجائبات آسمانی ظاہر ہوتے ہیں کہ جن کے بھید کچھ بھی سمجھ نہیں آتے۔‘‘ (ضمیمہ چشمہ معرفت ص ۴۲، خزائن ج ۲۳ ص ۴۱۲)

پھر اس کے بعد دم دار ستارہ کے نشان کا تذکرہ لکھ کر فرماتے ہیں: ’’اب کوئی ہیئت دان بتلا دے کہ یہ کیا ماجرا تھا۔‘‘

(ص ۴۳، خزائن ج ۲۳ ص ۴۱۲)

اب کیا مختار مدعا علیہ یہ جرأت کرے گا کہ مرزا صاحب کو علم ہیئت اور طبیعیات اور دورہ ارضیہ کے قانون سے حد درجہ ناواقف اور غافل وغیرہ القاب دے۔

معلوم ہونا چاہئے کہ قواعد واقعات کے تابع ہوتے ہیں۔ واقعات اور مشاہدات کے بعد قانون رد ہو جایا کرتے ہیں۔ خواہ وہ قواعد طبیعیات کے ہوں یا فلکیات کے، بلکہ فلسفہ الٰہیات کے اکثر قواعد کلیہ جو خلاف شرع ہیں۔ ایک تخمینہ اور اٹکل سے زائد حیثیت نہیں رکھتے۔ اس کے بعد مختار مدعا علیہ نے اپنی قابلیت کے اظہار کرنے اور مختار مدعیہ پر بدزبانی کرتے ہوئے ایک حوالہ روح المعانی کا پیش کیا ہے۔ اس حوالہ میں اسی معجزہ شق القمر اور آیت: ’’اقتربت الساعة وانشق القمر ‘‘ کے نزول کا تذکرہ ہے۔ اس میں یہ نہیں ہے کہ آپ کے زمانہ میں علاوہ اس معجزہ شق القمر کے کوئی اور نشان خسوف قمر چاند گہن کا ظاہر ہوا۔ اسی معجزہ شق القمر کو ایک راوی خسف القمر سے تعبیر کر رہا ہے جس کے متعلق وہ مفسر صاحب روح المعانی خود لکھ رہے ہیں کہ: ’’سیاق الخبر غریب ‘‘ کہ اس حدیث کا سیاق غریب ناقابل قبول ہے۔ یعنی اوّلاً یہ روایت ہی درست نہیں اور اگر کسی حد تک مان لی جائے تو اس میں اس امر کی طرف اشارہ ہوگا کہ معجزہ شق القمر چودھویں شب کا ظہور میں آیا۔ کیونکہ اکثر چاند گہن چودھویں کی شب کو ہوتا رہتا ہے۔

اس میں کسی جگہ بھی مختار مدعا علیہ کا مدعا یا مرزا غلام احمد صاحب کی تائید نہیں۔ محض مغالطہ ہے۔اس سے غرض صرف اس قدر ہے کہ معجزہ شق القمر چودھویں شب کو واقع ہوا اور اس امر کی نہ یہاں کوئی بحث ہے نہ یہ مابہ النزاع ہے۔

## بہتان عظیم

صاحب روح المعانی پرکس قدر عظیم الشان بہتان ہے کہ وہ مرزا صاحب کسی طرح معجزہ شق القمر کو خسوف قمر بتا رہے ہیں۔حالانکہ اس روایت کا سقم ثابت کرنے اور اس کی تاویل حسن پیش کرنے کے واسطے انہوں نے نقل کیا ہے۔ان کا اصل مذہب مختار مدعا علیہ نے دیدہ ودانستہ پیش نہ کیا اور عبارت قطع و برید کر کے پیش کردی اصل عبارت صاحب روح المعانی ملاحظہ ہو۔

ا...... ’’انفصل بعضه عن بعض فصار فرقتين وذلک على عهد رسول اللّٰہ قبل الهجرة بنحو خمس سنين فقد صح من رواية الشيخين وابن جرير عن انس ان اهل مكة سالوه عليه ان يريهم اٰية فاراداهم القمر شقتين حتى رأو حراء بينهما واخبر ابو نعيم من طريق الضحاک عن ابن عباس ان اخبار اليهود وسالوا ايتهٔ فاراداهم الله تعالىٰ القمر قد انشق لا يعول عليه. وفى الصحيحين وغيرهما من حديث ابن مسعود انشق القمر على عهد رسول الله ﷺ فقالت قريش هذا سحر ابن ابى كبشة فقال رجل انتظروا ماياتيكم به السفار فان محمدا لايستطيع ان يسحر الناس كلهم فجاء السفار فاخبروهم بذالک. رواه ابوداؤد والطيالسى وفى رواية البيهقى فسألوا السفار وقد قدموا من كل وجه فقالوا رأيناه فانزل اللّٰہ تعالىٰ اقتربت الساعة وانشق القمر (القمر:۱)‘‘ (روح المعانی ج۹ پ۲۷ص۶۴)

یعنی اس چاند کا بعض حصہ بعض سے بالکل جدا ہوکر دوٹکڑے ہوگیا اور یہ واقعہ (شق القمر) حضرت رسول کریم ﷺ کی ہجرت سے تقریباً پانچ سال قبل کا ہے۔شیخین اور ابن جریر نے حضرت انس ؓ سے بسند صحیح یہ روایت بیان کی ہے کہ اہل مکہ نے آنحضرت ﷺ سے ایک معجزہ دکھانے کا مطالبہ کیا،تو حضرت نے ان کو چاند دوٹکڑے کر کے دکھایا۔ یہاں تک کہ انہوں نے غار حراء کو ان دوٹکڑوں کے درمیان دیکھا اور جو ابی نعیم نے ضحاک کی سند سے حضرت عباس ؓ سے یہ روایت بیان کی ہے کہ علماء یہود نے آنحضرت ﷺ سے معجزہ مانگا یہ یہود کا سوال اور اس پر دکھانا معتبر نہیں اور صحیحین (بخاری ومسلم) وغیرہ میں حضرت ابن مسعود ؓ کی حدیث سے مروی ہے کہ آنحضرت ﷺ کے عہد مبارک میں چاند دوٹکڑے ہوگیا،ایک ٹکڑا پہاڑ پر تھا اور دوسرا اس کے ورے تو آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ اے لوگو تم گواہ رہو اور ان کی حدیث سے یہ روایت بھی ہے کہ آنحضرت ﷺ کے زمانہ میں جب چاند دوٹکڑے ہوا تو قریش نے اس پر یہ کہا کہ یہ تو ابن ابی کبشہ (آنحضرت ﷺ) کا سحر اور جادو ہے۔ان میں سے ایک شخص گویا ہوا کہ ٹھہر جاؤ اور باہر والے قافلوں کا انتظار کرو۔ وہ اس کے متعلق کیا خبر دیتے ہیں۔اس لئے کہ محمد ﷺ تمام دنیا کے لوگوں پر جادو کی استطاعت نہیں رکھتے۔ جب باہر سے قافلے آئے تو انہوں نے اس کے متعلق انہیں خبر دی اور تصدیق کی۔اس حدیث کے راوی ابوداؤد طیالسی ہیں اور بیہقی کی ایک روایت میں آیا ہے کہ قریش نے باہر کے تمام اطراف وجوانب سے آنے والے قافلوں سے اس امر کے متعلق دریافت کیا اور ان تمام نے بھی جواب دیا کہ ہاں! ہم نے ایسا دیکھا ہے تو اس پر یہ آیت شریفہ نازل ہوئی۔’’اقتربت الساعة‘‘

’’والاحاديث الصحيحة فى الانشقاق كثيرة واختلف فى تواتره فقيل هو غير متواتر فى شرح المواقف الشريفى انه متواتر وهوالذى اختاره العلامة السبكى قال فى شرحه لمختصر ابن الحاجب الصحيح عندى ان انشقاق القمر متواتر منصوص عليه فى القرآن روى فى الصحيحين وغيرهما من طرق شتى بحيث

لا یمتری فی تواترہ انتھیٰ باختصار''

''وقد جاء ت احادیثہ فی روایات صحیحۃ عن جماعۃ من الصحابۃ منھم علی ﷛ وانس ﷛ وابن مسعود ﷛ وابن عباس ﷛ وغیرھم'' (روح المعانی ج۹پ۲۷ص۶۴)

یعنی انشقاق قمر کے متعلق بکثرت احادیث صحیحہ موجود ہیں، لیکن ان کے تواتر میں اختلاف ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ وہ احادیث صحیحہ غیرمتواتر ہیں اور شرح مواقف شریفی میں ہے کہ وہ سب متواتر ہیں اور علامہ سبکی نے اس کو پسند کیا ہے اور شرح مختصر ابن حاجب میں کہا ہے کہ میرے نزدیک صحیح اور مختار یہی ہے کہ معجزہ شق القمر متواتر احادیث سے ثابت ہے اور قرآن میں اس کی نص موجود ہے اور صحیحین وغیرہ میں مختلف طرق سے اس کی روایات موجود ہیں اور یہ ایسا مسئلہ ہے کہ اس کے تواتر میں کوئی شک وشبہ کی گنجائش نہیں۔

اور احادیث صحیحہ میں صحابہ کی ایک بڑی جماعت سے روایات صحیحہ موجود ہیں جن میں سے حضرت علی اور انس اور ابن مسعود اور ابن عباس (رضوان اللہ علیہم اجمعین) بھی ہیں۔

پس مذکورہ بالا روایات نے نہ صرف معجزہ شق القمر کی حقیقت واضح کی بلکہ ثابت ہوگیا کہ یہ اسی طرح نص قرآنی اور متواتر احادیث میں بھی موجود ہے جس کے بعد شک کی گنجائش نہیں ورنہ ایمان بھی خطرہ میں ہو جائے گا۔

ایسی عظیم الشان شہادت کو مختار مدعا علیہ نے خیانتہً نقل نہ کیا اور صاحب روح المعانی نے جس قول کو رد کرنے کے لئے نقل کیا تھا۔ اسے ان کا اصلی مذہب بتا کے ان پر بہتان عظیم باندھا اور اس میں ہی کتنے مغالطہ دیئے جس سے اس کی نقل مذاہب کی حقیقت کا پتہ چلتا ہے کہ بلاوجہ بزرگوں کی طرف خلاف واقعہ امور افتراءً منسوب کر دیتا ہے۔ جیسا کہ یہ خیانتیں متعدد مرتبہ عدالت کے روبرو آ چکیں۔

اس سے یہ امر بوضاحت ثابت ہوگیا کہ معجزہ شق القمر کوئی استعارہ یا نظر بندی وکرشمہ نہ تھا۔ بلکہ دراصل یہ ایک عظیم الشان کھلا ہوا معجزہ تھا کہ آپ نے درحقیقت چاند کے دوٹکڑے کر دیئے۔ اس طور پر ممتاز کہ کوہ ''حراء'' بھی اس کے درمیان میں آ گیا۔ البتہ یہ ضرور علماء میں بحث جاری رہی ہے کہ آیا یہ معجزہ صرف آپ کی صداقت کا نشان ہے یا اس چاند کے پھٹنے اور جڑنے میں قرب قیامت کی طرف بھی اشارہ ہے۔ جیسا کہ قرآن پاک کے الفاظ: ''اقتربت الساعۃ وانشق القمر (القمر)'' بتلا رہے ہیں کہ قیامت قریب آ گئی اور چاند دوٹکڑے ہوگیا۔ اس کے فلسفہ اور ہر دو حصہ آیت کریمہ کے ربط پر شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی نے اور امام غزالی نے تقریریں کی ہیں جس سے مختار مدعا علیہ اور بعض دیگر مصنفین اس مغالطہ کی سعی میں ہیں کہ دراصل معجزہ ہوا ہی نہیں۔ صرف نظر بندی تھی یا ان اکابرین کلام سے مناسبت نہیں اور غلط فہمی ہوگئی۔

شاہ ولی اللہ صاحب اور امام غزالی کے کلام کا خلاصہ صرف اس قدر ہے کہ دنیا میں جب کوئی اجلاس قائم کیا جاتا ہے اور اس کے تمام مراحل اختتام پذیر ہو جاتے ہیں جس ذات گرامی کے واسطے وہ محفل منعقد کی جاتی ہے۔ جب تشریف لے آئیں اور خطبہ صدارت بھی ہو جائے تو پھر گیس یا شمع کی لائٹ کم یا شق کر دیتے ہیں تاکہ حاضرین کو اختتام جلسہ کا پتہ چل جائے اور معلوم ہو جائے کہ اب کوئی اور مقصد اور حالت منتظرہ نہیں سوائے اس کے یہ منتشرہ سامان مجتمع کر لیا جائے ورنہ اصل جلسہ ختم ہو چکا۔

باری تعالیٰ نے دنیا کے عظیم الشان اجلاس کو سجایا زمین کا فرش بچھایا، آسمان کا نیلگوں شامیانہ اس پر تانا، اسے مختلف رنگ کے چھوٹے بڑے قمقوں سے آراستہ وپیراستہ کیا۔ اس میں روشنی کے دو ہنڈے چاند وسورج روشن کئے۔ نیز تمام انتظامات کی تکمیل فرمائی۔ آدم علیہ السلام سے عیسیٰ علیہ السلام تک انبیاء کرام علیہم السلام اس کے اعلان کے لئے بھیجے۔ انبیاء علیہم السلام کے ہمراہ دعوتی خطوط آسمانی صحائف کی شکل میں روانہ فرمائے، آخر میں وہ صدر الانبیاء اور بدر المرسلین ﷺ رونق افروز جلسہ ہوئے اور پیغام الٰہی اور خطبہ صدارت توحید ورسالت سب تک

پہنچا دیا اور جلسہ کی غرض وغایت اور تخلیق کائنات کی مصلحت پوری ہوچکی تو صدر کے ہاتھوں چاند کے دوٹکڑے کرادیئے تاکہ دنیا کو معلوم ہوجائے کہ اصل جلسہ ختم ہوچکا۔ اب صرف سامان منتشرہ کے مجتمع کرنے کا وقت ہے۔ اسی سے آنحضرت ﷺ نے اپنی بعثت بھی قیامت کا پیش خیمہ قرار دیا ہے کہ:''انما بعثت انا والساعة کھاتین ''یعنی میں اور قیامت ان دونوں انگلیوں کی طرح ساتھ ساتھ ہیں۔ اس لئے باری تعالیٰ نے انشقاق قمر کے ساتھ اقتربت الساعۃ لگایا کہ قیامت قریب آگئی اور چاند دوٹکڑے ہوگیا۔ اس فلسفہ اور حکمت بیان کرنے سے ان بزرگوں کی غرض معجزہ شق القمر کی اور تائید مزید ہے نہ کہ انکار۔ یہ محض مختار مدعا علیہ کی خوش فہمی ہے۔

## آراھم القمر فرقتین کا غلط مفہوم

اس حدیث کا یہ غلط مفہوم تھا کہ واقع میں دوٹکڑے نہ ہوئے تھے بلکہ انہیں نظر آئے تھے۔ یعنی ایک قسم کی نظر بندی تھی۔ محض بے دینی اور معجزات کے انکار کا راستہ اختیار کرنا ہے۔ اس کے یہ معنی اور مفہوم ہرگز نہیں صاف اور صحیح ترجمہ یہ ہے کہ آپ ﷺ نے اہل مکہ کو چاند دوٹکڑے کر دکھایا۔ یعنی آپ کے اعجاز سے دوٹکڑے ہوگئے اور انہوں نے دوٹکڑے دیکھے۔ یہ ہرگز مراد نہیں کہ چاند سالم رہا اور نظر بندی کے طور پر صرف انہیں دوٹکڑے نظر پڑے۔

کیونکہ انشقاق قمر کا مشاہدہ علاوہ عرب کے اطراف کے دور دراز ملکوں حتیٰ کہ ہندوستان کے ایک بڑے راجہ نے بھی کیا۔ واقعات کتب تواریخ میں موجود ہیں۔

## مرزاصاحب اور معجزہ شق القمر

مرزاصاحب نے اس مسئلہ معجزہ شق القمر میں بھی حسب عادت اقرار وانکار کے دونوں مسلک اختیار کئے ہیں اور دجل کے معنی ہی یہی ہوتے ہیں کہ ذومعنی مشتبہ الفاظ بولے جائیں تاکہ دنیا گمراہ ہو:

خدا بھی خوش رہے اور بت بھی راضی　　کوئی ایسا قرینہ چاہتا ہوں

کہ مصداق ہو مختار مدعا علیہ نے تین حوالے پیش کئے ہیں۔

۱…… سرمہ چشم آریہ۔　۲…… آئینہ کمالات اسلام۔　۳…… چشمہ معرفت۔

مگر غائر نظر سے معلوم ہوگا کہ ۱۹۰۱ء سے قبل جب تک کھلا ہوا، دعویٰ نبوت نہ تھا یا بقول مرزامحمود صاحب نبوت سے پردہ نہیں اٹھایا تھا۔ معجزہ شق القمر کا اقرار واثبات بڑے شدومد سے اسلامی پیرایا میں ہے۔ مگر ۱۹۰۱ء کے بعد وہ بلند آہنگی کچھ پھیکی ہے اور اس میں انکار کی جھلک بھی موجود ہے۔ چنانچہ سرمہ چشم آریہ مرزاصاحب کہ بہت پہلی کتاب ہے جس کا سنہ تالیف ستمبر ۱۸۸۶ء ہے اس وقت تو مرزاصاحب حیاۃ عیسیٰ علیہ السلام کے قائل تھے اور صرف آریہ وغیرہ کے مقابل مناظر اسلام کی حیثیت رکھتے تھے اور آئینہ کمالات اسلام فروری ۱۸۹۳ء کی کتاب ہے۔ اس میں معجزہ شق القمر بلا کسی دسیسہ کاری کے اسلامی رنگ میں بیان کررہے ہیں اور کفر کی بنیادیں جمارہے ہیں۔ مگر بہت ہی پوشیدہ۔ لیکن چشمہ معرفت جو بہت آخری کتاب ۱۹۰۸ء کی ہے۔ اس میں الفاظ تو اقراری بظاہر ہیں۔ لیکن تاویل کر کے اس سے گویا انکار ہی کردیا ہے۔ الفاظ ملاحظہ ہوں:''اس سے ظاہر ہے کہ کوئی امر ضرور ظہور میں آیا تھا جس کا نام شق القمر رکھا گیا۔'' (چشمہ معرفت ص۲۲۳، خزائن ج۲۳ ص۲۳۲)

تمام تقریر کے بعد اس حقیقت پر پردہ ڈال دیا کہ کوئی امر تھا، اس کا نام شق القمر رکھا گیا۔ دراصل چاند دوٹکڑے نہیں ہوا۔

آگے بات صاف کردی ہے کہ:''بعض نے یہ بھی لکھا ہے کہ وہ ایک عجیب قسم کا خسوف (چاند گہن) تھا جس کی قرآن شریف نے پہلے خبر دی تھی۔'' (چشمہ معرفت ص۲۲۳، خزائن ج۲۳ ص۲۳۲)

یہاں ایک قسم کا چاند گہن قرار دیا۔ گو بعض کی آڑ لی۔ پھر تاویل کا راستہ یوں نکالا کہ قرآنی آیات جو اس کے متعلق ہیں۔ ان میں پیش گوئی بتایا تاکہ بزعم خود انہیں استعارہ قرار دے کر تاویل کر سکیں اور دنیا کی آنکھوں میں اس طور پر دھول ڈالی جاسکے۔ چنانچہ اسی کے بعد آخری اپنی رائے کا اظہار ان الفاظ میں کر دیا: ''اور یہ آیتیں بطور پیش گوئیوں کے ہیں۔ اس صورت میں شق کا لفظ محض استعارہ کے رنگ میں ہوگا۔ کیونکہ خسوف قمر وکسوف میں جو حصہ پوشیدہ ہوتا ہے۔ گویا وہ پھٹ کر علیحدہ ہو جاتا ہے ایک استعارہ ہے۔''

(چشمہ معرفت ص۲۲۳، خزائن ج۲۳ ص۲۳۲)

عدالت خود ملاحظہ فرمائے کہ کس قدر صفائی سے معجزہ شق القمر کا آخر میں انکار کر دیا کہ دراصل چاند گہن خسوف تھا اور خسوف میں گویا پوشیدہ حصہ پھٹ جاتا ہے۔ اس لئے استعارہ کے طور پر لفظ شق القمر بول دیا گیا ہے۔ ورنہ دراصل چاند دو ٹکڑے نہیں ہوا تھا۔

بحمداللہ! اس سے مرزاصاحب کا شق القمر کے معجزہ کا انکار صاف ہویدا ہو گیا۔ گو لفظ شق القمر بولتے ہیں۔ اسی معنی میں خسوف کا لفظ استعارۃً اپنے شعر میں آنحضرت ﷺ کے حق میں معجزہ شق القمر کی اصلی کیفیت پر پردہ ڈالنے کے لئے استعمال کیا گیا ہے جس کا اعتراف مختار مدعاعلیہ کو بھی ہے۔ الفاظ ملاحظہ ہوں: ''پس مرزاصاحب نے بھی خسوف کا لفظ شق القمر کے لئے بطور استعارہ استعمال کیا ہے...... الخ!''

اب اس تقریر کے بعد میرا اعتراض بھی بالکل لاجواب رہا۔ کیونکہ مرزاصاحب نے اوّلاً اسلامی معجزہ شق القمر کو استعارہ قرار دے کر ایک قسم کا چاند گہن خسوف قرار دیا۔ پھر اپنے واسطے مدمقابل چاند اور سورج دونوں کا خسوف وکسوف نشان بتایا۔ پس ایک طرف تو معجزہ شق القمر کا استخفاف اور انکار ہے اور دوسری طرف مقابلہ کر کے آنحضرت ﷺ کی توہین ہے اور ایسا استخفاف اور مقابلہ وتوہین کرنے والا کبھی کلمہ کے دوسرے حصہ محمد رسول اللہ ﷺ پر ایمان دار نہیں ہوسکتا۔

## سیاق وسباق کی تاویل

محض مغالطہ کے واسطے دو چار ماسبق اشعار نقل کر دیئے۔ مگر جب عدالت غور کرے گی تو صاف معلوم ہوگا کہ وہ بھی محض ایک تاویل ہے جو ناقابل قبول ہے اور دراصل اس کفریہ مضمون کی تمہید ہے۔ کیونکہ اس میں اپنے آپ کو آنحضرت ﷺ کی برگزیدہ آل قرار دیا ہے جو سراسر اہل بیت رسول اللہ ﷺ کی توہین ہے۔

''اور میں محمد ﷺ کے مال کا وارث بنایا گیا ہوں۔ پس اس کی آپ برگزیدہ ہوں جس کو ورثہ پہنچے گا۔''

(اعجاز احمدی ص۷۰، خزائن ج۱۹ ص۱۸۲)

آخر میں لکھتے ہیں: ''پس وہ روشنی جو اس میں ہے مجھ میں چمک رہی ہے۔'' (اعجاز احمدی ص۷۱، خزائن ج۱۹ ص۱۸۳)

ماشاءاللہ ثم ماشاءاللہ ہرگز اللہ کے محبوب کی روشنی کبھی اس قسم کے شخص میں نہیں چمک سکتی۔ اس متنازعہ شعر کے بعد پھر قرآن پاک کی عظمت وجلال پر ہاتھ ڈالا ہے۔ کیونکہ کسی نبی پر آیا ہوا کلام اعجاز قرار نہیں دیا گیا ہے۔ سوائے اس کلام ربانی کے جو اللہ کے آخری نبی سید المرسلین ﷺ پر اترا۔ مگر مرزاصاحب بڑے فخر سے اسی شعر کے متصل لکھتے ہیں:

وکــــان کـــلام مـــعـــجـــزا ایۃ لـــہ　　　کــذالک لــی قــول عــلــی الــکــل یبھــر

خود ہی ترجمہ کرتے ہیں کہ اس کے معجزات میں سے معجزانہ کلام بھی تھا۔ اسی طرح مجھے وہ کلام دیا گیا ہے جو سب پر غالب ہے۔

(قصیدہ اعجاز احمدیہ ص۷۱، خزائن ج۱۹ ص۱۸۳)

عدالت خود ملاحظہ فرمالے کہ آنحضرت ﷺ کی ہر صفت میں مشارکت اور مقابلہ کا جذبہ مدعی نبوت میں کس قدر موجود ہے اور کوئی بھی صفت نہیں جس میں اپنے آپ کو اللہ کے حبیب پاک ﷺ کا شریک اور سہیم قرار نہ دیں۔

مختار مدعاعلیہ کی سیاق وسباق سے تاویل عذر گناہ بدتر از گناہ سے زائد نہیں۔ بلکہ سیاق وسباق سے اوراس سے بڑھ کر توہین ثابت ہوتی ہے جس کا نمونہ ابھی اوپر عرض کر چکا۔

قول مختار مدعا علیہ:

۱...... اگر روایتوں میں یہ خبر نہ ہوتی کہ چانداورسورج کا گہن مہدی موعود کی صداقت کی دلیل ہوگی تو وہ نشان کیونکر ہوسکتا تھا۔ چنانچہ مرزاصاحب نے اپنی متعدد کتب میں اس پیش گوئی کا ذکر کر کے آنحضرتﷺ کی مدح وثنا کی ہے اور درود بھیجا اور اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا۔ چنانچہ آپ اپنی کتاب نورالحق حصہ دوم میں لکھتے ہیں۔ترجمہ از اشعار عربی۔ تیرے پر جان قربان ہو، اے بہتر مخلوقات ہم نے تیری خبر کا نور اندھیرے میں دیکھا لیا۔ ہم نے سورج اور چاند کو دیکھ لیا۔ جیسا کہ تو نے اشارہ کیا تھا۔“

۲...... ”اور یہ بھی واقع ہے کہ روایت میں مہدی موعود کی صداقت کا ایک نشان ماہ رمضان میں سورج چاند گہن قرار دیا گیا اور وہ گہن تیرہ سو گیارہ میں وقوع پذیر ہوا۔“

مختار مدعا علیہ نے باوجود عدالت کے بار بار روکنے کے مرزاصاحب کی صداقت کا نیا مسئلہ یہاں چسپاں کر دیا۔اس میں قابل غور دو امور ہیں۔

۱...... کیا کسی صحیح حدیث میں مہدی کی یہ شناخت قرار دی گئی ہے۔

۲...... کیا صرف مرزاصاحب کے زمانہ میں یہ ہوا، کہیں اور نہیں ہوا۔

الجواب:

۱...... ان نشان کے ثبوت میں مرزاصاحب اور مرزائی صاحبان حدیث کا نام لے کر یہ ٹکڑا پیش کیا کرتے ہیں کہ حدیث دارقطنی جس کا ذکر کسوف خسوف ماہ رمضان کے بارہ میں آیا ہے۔اس کے الفاظ ہیں:”**ان لمهدينا آيتين لم تكونا منذ خلق السموٰت والارض وينكسف القمر لاول ليلة من رمضان وتنخسف الشمس فى النصف منه**“

(ترجمہ) ہمارے مہدی کے دو نشان ہیں جو ابتدائے پیدائش زمین وآسمان سے آج تک نہیں ہوئے۔یعنی چاند گہن رمضان کی پہلی شب میں ہوگا اور سورج گہن اس کے نصف میں۔

الجواب:

۱...... امام محمد باقر کا قول ہے اور وہ بھی ضعیف کہ اس کے دوراویوں عمر اور جابر جعفی کو اسمائے رجال میں کذاب اور واضع احادیث بیان کیا ہے۔اس کو حدیث قرار دینا درست نہیں۔ ورنہ رسول کریمﷺ پر بہتان ہوگا۔

۲...... الفاظ کے لحاظ سے بھی یہ قول درست نہیں، کیونکہ چاند گرہن پہلی رات کو نہیں ہوتا اور سورج گرہن نصف مہینہ میں۔علاوہ اس کے ماہ رمضان کی ان تاریخوں میں باب اور بہاء اللہ کے زمانہ میں بھی رمضان میں کسوف وخسوف ہوا۔ جو ۱۲۶۷ھ میں دکھایا۔(ملاحظہ ہو کتاب یوز آف دی گلوبس وکتاب کا نادجال مصنفہ مولوی عبدالحکیم ایم. بی منقول از عمدۃ التنقیح حصہ دوم برہان صریح ص۶۲)

پس معلوم ہوا کہ یہ نشان حضورﷺ کی طرف منسوب کرنا آنحضرتﷺ پر بہتان باندھنا ہے اوراس سے مرزاصاحب کی تصدیق کا کاذب ہونا لازم آتا ہے۔

(عنوان نمبر۵)

یہ نمبر(۵)**اثرک اللہ علی کل شئ** اور نمبر(۶) آسمان سے کئی تخت اترے پر تیرا تخت سب سے اوپر بچھایا گیا اور نمبر

(۷)اتانی لم یؤت احدمن العالمین۔

یہ تینوں الہام مختار مدعیہ کے بحث میں ایک ہی عنوان اور ایک ہی ہیڈنگ کے تحت درج ہیں اور دراصل ان پر کوئی مستقل حکم نہیں، بلکہ مرزاصاحب کی تدریجی ترقی دکھانا منظور ہے۔

کہ شروع میں اپنے کو اولیاء اللہ اور صلحائے امت وانبیائے اولعزم پر ترجیح دی اور پھر سید المرسلینﷺ کے ہم پلہ اور ان کے خصوصیات میں شریک وسہیم بن بیٹھے اور تمام ان امتیازی خصوصیات میں اپنے کو شامل کرلیا جن میں نہ آدم کو شرکت کا فخر نصیب ہوا، نہ ابراہیم وموسیٰ وعیسیٰ علیہم السلام کو مختار مدعاعلیہ نے تینوں کو علیحدہ علیحدہ مستقل طور سے پیش کر کے اصل استدلال پوائنٹ سے پہلوتہی کرتے ہوئے اپنے الفاظ میں ایک استدلال قائم کر کے ایک طول لاطائل غیر متعلق جواب دے ڈالا۔

اتنا تو مختار مدعاعلیہ کو بھی تسلیم ہے کہ ان الہامات میں مرزاصاحب اپنے آپ کو امت محمدیہﷺ کے تمام اولیاء اللہ، اقطاب، غوث وابدال پر فضیلت دیتے ہیں اور اپنی کتاب (حقیقت الوحی ص۳۹۱، خزائن ج۲۲ ص۴۰۷) پر مرزاصاحب بھی اس مضمون کو ان الفاظ میں ظاہر فرمارہے ہیں۔ ’’غرض اس حصہ کثیر وحی الٰہی اور امور غیبیہ میں اس امت میں سے میں ہی ایک فرد مخصوص ہوں اور جس قدر مجھ سے پہلے اولیاء اللہ اور ابدال اور اقطاب اس امت میں گزر چکے ہیں، ان کو یہ حصہ کثیر اس نعمت کا نہیں دیا گیا۔‘‘

اولیاء اللہ اور اقطاب وابدال پر فضیلت اس میں مسلم ہے۔ انبیاء ماسبق پر فضیلت کا بار بار اعلان ہے:

انبیاء گرچہ بودہ اند بسے　　من بعرفان نہ کمترم ز کسے
آنچہ داد است ہر نبی را جام　　داد آں جام را مرا بتمام
کم نیم زاں ہمہ بروئے یقین　　ہر کہ گوید دروغ ہست و لعین

(درثمین فارسی، نزول المسیح ص۹۹، خزائن ج۱۸ ص۴۷۷)

پس مذکورہ بالا الہامات ثلاثہ کو میں نے ایک تمہید اور زینہ قرار دیا ہے۔ سید المرسلینﷺ کے صفات مخصوصہ میں شریک وسہیم بننے کا کہ اوّلاً اولیاء اللہ، اقطاب وابدال پر فضیلت دی۔ پھر انبیاء سابقین پر بعدازاں جب مریدین اور کورانہ تقلید کے مقلدین نے اسے تسلیم کرلیا تو سرور عالمﷺ کے فضائل وکمالات تک رسائی کا دعویٰ کرنے لگے۔

(اس تدریجی ترقی کے ثبوت کے واسطے (حقیقت النبوۃ ص۱۴۴،۱۴۵) ملاحظہ ہو)

لہٰذا جہاں تک میرے استدلال اور مدعا کا تعلق تھا وہ مختار مدعاعلیہ کو بھی خواہ دانستہ یا نادانستہ مسلم ہے اور مرزاصاحب کا یہی مسلک اور مذہب ہے۔ لہٰذا اس طولانی بے معنی بحث کے جواب کی بھی ہمیں حاجت نہیں۔ تاہم مختار مدعاعلیہ کے پیش کردہ استدلال کی بناء پر ہم کہنے کو تیار ہیں کہ ان الہامات ثلاثہ میں تمام انبیاء کرام حتیٰ کہ سید المرسلینﷺ کی بھی توہین ہے۔ کیونکہ جب بھی کسی کی فضیلت بیان کی جائے تو وہ فضیلت اس کے ہم جنسوں پر ہوتی ہے۔ مثلاً کوئی آدمی کہے کہ یہ گھوڑا سب سے منتخب ہے تو دنیا یہی سمجھتی ہے کہ گھوڑوں میں سب سے افضل ہے۔ آدمی اور دوسرے جانور اس میں شامل نہیں۔ بنی اسرائیل کو باری تعالیٰ فرمایا کہ: ’’اتاکم مالم یؤت احدا من العالمین یافضلتکم علی العالمین‘‘

چونکہ مخاطب بنی اسرائیل امتی ہیں۔ پس مطلب یہ ہوا کہ تمہارے زمانہ اور تم سے قبل کی امت پر اس قدر انعام نہیں کیا اور تم کو تمہارے زمانہ اور زمانہ گزشتہ کے تمام امتیوں پر فضیلت بخشی۔ البتہ اس میں انبیاء اور وہ امتیں جو ابتک پردہ عدم سے منصۂ شہود پر نہیں آئیں، داخل نہیں۔ اگر کسی نبی کے حق میں یہ کہا جائے تو اس کے زمانہ اور اس سے قبل کے تمام انبیاء مراد ہوں گے۔ غیرانبیاء یا بعد کے انبیاء

بالذات اس میں شامل نہ ہوں گے۔

مرزا صاحب چونکہ بزعم خود نبی ہیں اور نبی کا امتی سے مقابلہ نہیں، بلکہ انبیاء سے ہے۔ چنانچہ انبیا سابقین پر مرزا صاحب برابر اپنے فضائل کی رجز خوانی کیا کرتے ہیں۔ پس مرزا صاحب کے ترجمہ کے مطابق الہام نمبر۵ ''اٰثرک اللّٰہ علٰی کل شئ'' (تذکرہ ص۴۵۴،۵۲۴، طبع چہارم) خدا نے تجھے ہر ایک چیز میں سے چن لیا۔ مرزا صاحب کا ہر چیز پر برگزیدہ ہونا ثابت ہوگیا۔ حالانکہ تمام مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ ہر چیز پر برگزیدہ صرف ذات سرور کائنات ﷺ ہے اور اس چیز میں آپ کا کوئی بھی شریک اور سہیم نہیں۔ جو اپنے کو یا کسی اور کو تمام اشیاء سے برگزیدہ سمجھے، وہ یقیناً سرور عالم ﷺ کا مقابلہ کر کے توہین کرتا ہے اور آنحضرت ﷺ کی برگزیدگی پر دھبہ لگاتا ہے۔ جس کے بعد محمد رسول اللہ ﷺ پر صحیح معنوں میں ایمان صادق نہیں ہوسکتا۔

اس کے ضمن میں بنی اسرائیل کے متعلق آیات کو استدلال میں پیش کرنا مناسب نہیں۔ وہاں تو امم سابقہ پر فضیلت دی جارہی ہے اور ان کا مقابلہ صرف امتیوں سے ہے اور یہاں مرزا صاحب خود نبی بن بیٹھے ہیں اور ہر چیز پر اپنی برگزیدگی کا قصیدہ پڑھ رہے ہیں۔ لہٰذا اس پر قیاس مع الفارق ہے۔

اس الہام کے ماسبق و مابعد کو قرینہ قرار دینا بھی لغو ہے۔ کیونکہ یہ کوئی مسلسل عبارت نہیں کہ سیاق وسباق سے اس کا تعلق ہو۔ بلکہ مختلف الہامات، مختلف اوقات کے اترے ہوئے۔ مختلف ومتضاد معانی رکھنے والے کس میں مرزا صاحب مراد اور کس میں ذات الٰہی۔ چنانچہ مختار مدعا علیہ اخطیٰ واصیب کے تحت میں خود ہی پیش کر چکا ہے کہ اس ایک الہام کے نصف حصہ میں ضمیر متکلم سے مرزا صاحب اور نصف آخر کے ضمیر متکلم سے ذات خداوندی مراد ہے۔ پس جب کہ ایک ہی جملہ کے سیاق وسباق کا ربط نہیں تو مختلف جملوں اور علیحدہ علیحدہ بے ربط فقروں اور عبارتوں کا سیاق وسباق کیا قائم ہوسکے گا۔

عدالت خود تمام الہامات کو ملاحظہ فرما کر میرے اس دعویٰ کی تصدیق کر سکتی ہے کہ وہاں کوئی مسلسل مربوط عبارت نہیں۔ بلکہ بے ربط علیحدہ علیحدہ فقرات مختلف الہامات بنا کے یکجا نقل کئے ہوئے ہیں۔

(عنوان نمبر۶)

''آسمان سے کئی تخت اترے پر تیرا تخت سب سے اوپر بچھایا گیا۔'' (حقیقت الوحی ص۸۹، خزائن ج۲۲ ص۹۲)

ظاہر ہے کہ آسمان سے نبوت کے تخت اترتے ہیں۔ نیز اگر مرزا صاحب مدعی ولایت ہوتے اور اپنے آپ کو صرف ولایت کا تخت نشین شمار کرتے تو ان تختوں سے ضرور ہم بھی ولایت ہی کے تخت مراد لیتے۔ مگر مرزا صاحب تو بزعم خود دعویدار نبوت ہیں اور گھٹیا یا مجازی نہیں۔ بلکہ بقول مرزا محمود صاحب قرآن نے جو معنی نبوت کے قرار دیئے ہیں۔ اس کے رو سے حضرت صاحب ہرگز مجازی نبی نہیں، بلکہ حقیقی اور گھٹیا نہیں بلکہ بڑھیا نبی ہیں۔ پس جب کہ مرزا صاحب تخت نشین نبوت ہیں تو یہ آسمانی تخت نبوت ہی مراد ہوں گے اور مطلب بالکل واضح ہے کہ آسمان سے نبوت کے تخت اترے مگر تیرا (یعنی مرزا صاحب) تخت سب تختوں سے اوپر بچھایا گیا۔ اس میں کسی تخت اور کسی نبی کی تخصیص نہیں اور جیسا کہ آگے معلوم ہوگا کہ مرزا صاحب آنحضرت ﷺ کے فضائل خصوصی تک ہاتھ مارتے ہیں۔ پس بلا شبہ اس مرزا صاحب کے تراشیدہ الہام میں نہ صرف انبیاء سابقین بلکہ سید الاوّلین سرور عالم فخر بنی آدم ﷺ کی بھی توہین ہے جس کے بعد محمد رسول اللہ ﷺ پر ایمان خطرہ میں پڑ جاتا ہے۔

اس کے مقابلہ میں مولوی منظور احمد صاحب سنبھلی کی سیف یمانی یا تقویۃ الایمان وعوارف المعارف سے حضرت سلطان الاولیاء خواجہ نظام الدین یا شیخ الشیوخ حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی کی آڑ لینا بالکل بے سود ہے۔ کیونکہ وہاں مقابلہ خدا کے جلال وجبروت کا ہے

اور ظاہر ہے کہ کوئی بھی مخلوق خدا کے ہم پلہ نہیں۔ بلکہ سب اس کے سامنے سرنگوں ہیں۔ نبی یا ولی۔ ’’لن یستنکف المسیح ان یکون عبداً للّٰہ ولا الملآئکۃ المقربون‘‘ حضرت مسیح علیہ السلام جنہیں ان کی قوم خدا یا خدا کا بیٹا اور ملائکہ جنہیں یہود، اللہ کی بیٹیاں کہتے تھے۔ خدا کی عبودیت سے منہ نہیں موڑتے۔ بلکہ اتنا ہی عجز و نیاز کا اعتراف کر رہے ہیں۔ خود سید الاوّلین والآخرین، امام النّبیین، محبوب رب العالمین ﷺ بار بار ’’انما انا عبدہٗ ورسولہ‘‘ فرماتے رہے اور اس انتہائی عجز وانکساری ونیاز بارگاہ ایزدی میں پیش فرما رہے ہیں جس کی حد نہیں۔ بخلاف مرزاصاحب کے وہ چونکہ نبی ہیں اور بزعم باطل خود تخت نبوت پر متمکن ہیں۔ پس آسمانی تختوں سے تخت نبوت اور مرزاصاحب سے تخت کا سب سے بالا ہونے سے تمام انبیاء ماسبق اور ان کے تختوں کی کھلی ہوئی توہین ہے جس کی کوئی بھی تاویل نہیں ہوسکتی۔

پیران پیر، سید الطائفہ عبدالقادر جیلانی غوث زمان اور قطب وقت ہیں۔ ان کے ارشاد ’’قدمی ھذا علی رقبۃ کل ولی‘‘ میں ولی کی تصریح خود موجود ہے۔ نیز وہ خدانخواستہ دعویدار نبوت نہیں۔ بلکہ اولیاء امت سے ہیں۔ لہٰذا ان پر نہ کوئی اعتراض ہوسکتا ہے، نہ باہر سے کوئی تخصیص کی گئی ہے۔ بخلاف مرزاصاحب کے کہ وہ مدعی نبوت ہیں اور ولی کی کوئی تصریح نہیں۔ بلکہ وہ تمام انبیاء سابقین پر اپنی فضیلت کے مدعی ہیں اور بصراحت فرما چکے ہیں:

انبیاء گرچہ بودہ اند بسے　　من بعرفان نہ کمترم ز کسے
آنچہ داد است ہر نبی را جام　　داد آں جام را مرا بتمام
کم نیم زاں ہمہ بروئے یقین　　ہر کہ گوید دروغ ہست ولعین

(نزول المسیح ص۹۹، خزائن ج۱۸ ص۴۷۷)

(عنوان نمبر۷)

’’اتانی مالم یؤت احد من العالمین‘‘　　(حقیقت الوحی ص۱۰۷، خزائن ج۲۲ ص۱۱۰)

مختار مدعا علیہ نے وہی بنی اسرائیل کے متعلق جو فضیلت کی آیتیں ہیں۔ ان کی آڑ چاہی ہے۔ حالانکہ میں اوپر تفصیل سے عرض کر آیا ہوں کہ ہر ایک کا مقابلہ اس کی ہم جنس وہم مسلک سے ہوگا۔ نبی کا نبی سے، امتی کا امتی سے۔ پس بنی اسرائیل یقیناً اپنے زمانہ اور ماسبق کے امتیوں پر افضل ہیں۔ ہاں! جو امتیں اب تک معرض وجود میں نہیں آئیں۔ وہ اس سے مراد نہیں۔ اسی طرح مرزاصاحب چونکہ بزعم خود مدعی نبوت ہیں اور فرما رہے ہیں کہ مجھے اللہ نے وہ دیا جو کسی کو عالمین سے نہ دیا۔ مقابل پر انبیاء ہی مراد ہوں گے۔ ان کے زمانہ کے ہوں۔ (جیسا کہ آج کل تقریباً اٹھارہ مدعیان نبوت پنجاب میں موجود ہیں دو چار سے میں خود مل چکا ہوں۔ اکثر سے خط وکتابت ہے۔ خود قادیان میں نور احمد کابلی مدعی نبوت موجود ہے) یا زمانہ سابقہ کے غرض یہ کہ انبیاء کرام پر فضیلت کا دعویٰ ہے اور اس سے مختار مدعا علیہ نہ معلوم کیوں بچنا چاہتا ہے۔ جب کہ مرزاصاحب خود بھی کھلے الفاظ میں فرما چکے ہیں:

انبیاء گرچہ بودہ اند بسے　　من بعرفان نہ کمترم ز کسے
آنچہ داد است ہر نبی را جام　　داد آں جام را مرا بتمام
کم نیم زاں ہمہ بروئے یقین　　ہر کہ گوید دروغ ہست ولعین

(نزول المسیح ص۹۹،۱۰۰، خزائن ج۱۸ ص۴۷۷)

باقی رہا اگر یہ شبہ ہو کہ حضور ﷺ شاید اس سے مستثنیٰ ہوں تو اس کا ازالہ آگے کی تقریر سے ہوجائے گا کہ یہ تمام کفر وشرک کی عمارت آہستہ آہستہ قائم کی گئی ہے تاکہ لوگ بدک نہ جائیں۔ جیسا کہ مرزامحمود صاحب نے (حقیقت النبوۃ ص۱۴۴و۱۴۵، انوارالعلوم) پر اس امر

کا صاف لفظوں میں اقرار کرلیا ہے۔

’’اسی سنت قدیمہ کے ماتحت اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود سے سلوک کیا اور آپ کی جماعت کو بہت سے ابتلاؤں سے بچالیا۔ اگر آپ کو یک لخت مسیح کی وفات اور اپنی نبوت کے اعلان کرنے کا حکم ہوتا تو آپ کی جماعت کے لئے سخت مشکلات کا سامنا ہوتا...... دس سال بعد وفات مسیح کے مسئلہ پر سے پردہ اٹھایا لیکن مسئلہ نبوت پر ایک پردہ پڑا رہا، تاکہ جماعت اپنے اندر ایک مضبوطی پیدا کرے۔‘‘

’’مرزاصاحب کا ترجمہ‘‘ اس میں بھی وہی عادت ہے۔ کبھی کچھ کبھی کچھ، کہیں مطلب کفریہ بیان کردیا۔ کہیں مجبور ہوکر اسلامی طرز کا اظہار کردیا اور یہ تو لازماً ہونا تھا۔ کیونکہ بتصریح ارشاد نبوی آنحضرت ﷺ کے بعد ہر مدعی نبوت دجال وکذاب ہوگا اور خود مرزاصاحب ہی دجل کا یہ معنی بتاتے ہیں کہ اس حدیث کے مفہوم کی تائید مندرجہ ذیل حوالہ سے ہوتی ہے۔

۱...... ’’دجال کے لئے ضروری ہے کہ کسی نبی برحق کا تابع ہوکر، پھر مسیح کے ساتھ باطل ملادے۔‘‘

۲...... ’’اگر حق محض پر زیادت کی جائے تو اس کا نام عربی زبان میں دجل ہے اور اس کے مرتکب کا نام دجال ہے اور چونکہ آئندہ کوئی نیا نبی نہیں آسکتا۔ اس لئے پہلے نبی کے تابع جب دجل کا کام کریں گے، تو وہی دجال کہلائیں گے۔‘‘

(تبلیغ رسالت ص۲۰۰، ج سوم، مجموعہ اشتہارات ج۲ ص۱۳۱)

(عنوان نمبر۸)

## علم نبوی میں مقابلہ

خلاصہ عبارت مرزاصاحب: ’’ابن مریم اور دجال اور یاجوج وماجوج کی حقیقت آنحضرت ﷺ پر منکشف نہ ہوئی۔ چونکہ سامنے کوئی نمونہ نہ تھا اور اب مرزاصاحب پر وہ ہو بہو منکشف ہوگئی۔‘‘ (ازالہ کلاں ص۶۹۱، خزائن ج۳ ص۴۷۳)

یہ عبارت جس غرض سے پیش کی گئی ہے۔ اس سے مختار مدعا علیہ کو بھی انکار نہیں۔ اسے یہ بھی مسلم ہے کہ رسول اللہ ﷺ پر ابن مریم، دجال، یاجوج وماجوج کی حقیقت ہو بہو منکشف نہ ہوئی اور کماحقہٗ اسے نہ سمجھے۔ بلکہ ان کی حقیقت سمجھنے میں اجتہادی غلطی رہی اور مرزاصاحب نے کماحقہ سمجھ لیا اور ان پر امور مذکورہ کی حقیقت منکشف ہوگئی۔

اب نزاع صرف مندرجہ ذیل امور میں ہے۔

۱...... کیا یہ اجتہادی امور ہیں۔

۲...... انبیاء سے اجتہادی امور میں غلطی ہوسکتی ہے۔

۳...... ان امور میں اگر مرزاصاحب کا علم باوجود امتی ہونے کے رسول اللہ ﷺ پر بڑھ جائے تو آنحضرت ﷺ کی کوئی تنقیص وتوہین نہیں۔

الجواب:

۱...... ابن مریم اور دجال ویاجوج وماجوج کا علم امور اعتقادیہ میں سے ہے نہ کہ اجتہادیہ میں سے۔ ہر مسلمان اس سے واقف ہے۔ علامات قیامت امور دینیہ ایمانیہ میں سے ہیں۔ تمام کتب عقائد میں امور اعتقاد، دینیہ ایمانیہ کے تحت مذکور ہیں۔ خود آنحضرت ﷺ نے ان کا تذکرہ کرنے کے بعد آپ نے یہ تمام امور دین قرار دیئے ہیں کہ: ’’**ہٰذا جبرئیل اتاکم یعلمکم دینکم...... الخ!**‘‘ اوکما قال ﷺ کہ یہ جبرئیل علیہ السلام تھے، تمہیں دین سکھانے آئے تھے۔

اور تمام دنیا حتیٰ کہ مرزاصاحب کا بھی اتفاق ہے کہ امور دینیہ ایمانیہ میں انبیاء غلطی سے پاک ہوتے ہیں اور خطا کی گنجائش نہیں ہوتی۔ ملاحظہ ہو عبارت مرزاصاحب: ’’لیکن امور دینیہ میں اس خطاء کی گنجائش نہیں ہوتی۔ کیونکہ ان کی تبلیغ میں منجانب اللہ بڑا اہتمام

ہوتا ہے......الخ!‘‘ (ازالہ ص۶۹۰، خزائن ج۳ ص۴۷۲)

ابن مریم کے نزول وغیرہ میں مرزا صاحب اور مرزائیوں نے بہت کچھ لکھا ہے۔ تعجب ہے کہ پھر اسے امور ایمانیہ میں قرار نہیں دیتے۔ میں اس کے واسطے گواہان اور مختار مدعا علیہ کے مسلم بزرگ علامہ عبدالوہاب شعرانی کا فیصلہ پیش کرتا ہوں کہ: ’’فقد ثبت نزولہ (الیٰ) والحق انہ رفع بجسدہ الی السماء والایمان بذالک واجب‘‘ (یواقیت ج۲ ص۱۳۶)

یعنی عیسیٰ علیہ السلام کا نزول آسمان سے کتاب اور سنت سے ثابت ہے۔ پھر فرماتے ہیں کہ حق یہی ہے کہ عیسیٰ ابن مریم اسی جسد عنصری کے ساتھ زندہ آسمان پر اٹھائے گئے اور اس پر ایمان لانا واجب ہے۔

لہٰذا یہ تمام مذکورہ امور دینیہ ایمانیہ ہیں جن میں نبی سے کسی قسم کی اجتہادی غلطی ناممکن ہے اور ان امور میں کسی امتی کا علم نبی سے زائد ماننا کھلا ہوا کفر ہے۔ کیونکہ یہ امور غیبیہ سوائے وحی ربانی کے عقل سے معلوم ہی نہیں ہوسکتے اور نبی بلکہ سیدالانبیاء اگر ان امور غیبیہ اور اس وحی کے سمجھنے میں غلطی کریں تو اصلاح پھر کون کرے گا؟ لہٰذا ان امور میں مرزا صاحب کا علم رسول اللہ ﷺ سے زیادہ ماننے کے بعد کسی طرح محمد رسول اللہ کلمہ کے دوسرے حصہ پر ایمان قائم نہیں رہ سکتا۔

۲...... ’’انبیاء سے اجتہادی امور میں غلطی ہوسکتی ہے۔‘‘

اس سلسلہ میں بلا وجہ مختار مدعا علیہ نے نبراس، فتوح الغیب، ہدیۃ الشیعہ، اشاعۃ السنۃ وغیرہ کے متعدد جدید اور قانوناً غیر مسلم حوالے پیش کئے۔

الجواب: پہلا جواب تو وہی ہے کہ جن امور میں یہاں گفتگو ہے۔ وہ امور دینیہ ایمانیہ ہیں جن میں خود مرزا صاحب کے نزدیک بھی غلطی ممکن نہیں ہے۔ دوسرے یہ فریقین کو مسلم ہے کہ انبیاء سے اگر خدانخواستہ اجتہادی لغزش ہو، تو وہ اس پر قائم نہیں رہتے، حفاظت الٰہی ان کو کسی غلطی پر باقی نہیں چھوڑتی۔ بلکہ منجانب اللہ انہیں اس پر متنبہ کر دیا جاتا ہے۔ لہٰذا اس کو خدانخواستہ یہ اجتہادی امور بھی ہوتے ہیں تو بھی وحی الٰہی اس میں متنبہ کر کے آنحضرت ﷺ پر جس علم کو منکشف کرسکتی ہے۔ کسی امتی کو اتنا علم ہونا ناممکن ہے۔ بہرحال امور دینیہ ایمانیہ میں کسی طرح نبی کے علم پر کسی امتی کے علم کو فضیلت نہیں ہوسکتی۔

## ایک مغالطہ کا جواب

یہ بھی مرزائیوں کا محض مغالطہ ہے کہ ابن مریم اور دجال یا جوج و ماجوج کی حقیقت آنحضرت ﷺ پر منکشف نہ ہوئی تھی اور مرزا صاحب پر منکشف ہوگئی۔ میں مرزا صاحب اور آنحضرت ﷺ کی تحقیقات کو سامنے رکھ کر عدالت سے درخواست کروں گا کہ وہ خود توازن کرلے کہ مرزا صاحب یا مرزائیوں کے ادّعائے باطل میں ذرہ برابر صدق کا شائبہ نہیں۔

## ابن مریم کے متعلق مرزا صاحب کی رائے

کہ خود مرزا صاحب اوّلاً مریم کے رنگ میں پیدا ہوئے۔ پھر ان میں عیسیٰ علیہ السلام کا حمل قرار پایا ہے۔ پھر تقریباً ۹ ماہ بعد دردزہ اٹھا اور تنہ کھجور کے نیچے لے گیا۔ پھر اپنے آپ سے خود ہی پیدا ہوگئے۔ لہٰذا وہ مریم بھی ہوئے اور ابن مریم بھی:

آنکہ گوید ابن مریم چوں شدی　　ہست او غافل ز راز ایزدی
آں خدائے قادر ورب العباد　　در براہین نام من مریم نہاد
مدتے بودم برنگ مریمی　　دست نادادہ بہ پیران زمی

ہمچو بکرے یافتم نشوونما | از رفیق راہ حق نا آشنا
بعد ازاں آن قادر رب المجید | روح عیسیٰ اندران مریم دمید
پس بہ نفخش رنگ دیگر شد عیاں | زاد زاں مریم مسیح ایں زماں
زیں سبب شد ابن مریم نام من | زانکہ مریم بود اول گام من
بعد ازاں از نفخ حق عیسیٰ شدم | شد ز جائے مریمی برتر قدم
ایں ہمہ گفت است رب العالمین | گرنمیدانی براہین را ببین
حکمت حق راز ہا دارد بسے | نکتۂ مستور کم فہمد کسے

(حقیقت الوحی ص۳۳۹، خزائن ج۲۲ص۳۵۲)

مختار مدعا علیہ باوجود غیر متعلق ہونے کے اس بحث میں متعدد جگہ ابن مریم دجال یاجوج وماجوج وغیرہ کی پیش گوئی کے مرزا صاحب کے زمانہ میں وقوع اور ہوچکنے کی تصریح کی جس کی بناء پر ہم بھی مجبور تھے کہ ان ہرسہ امور کے متعلق اوران کے وقوع پر ایک مفصل بحث کریں اورعدالت کے سامنے ایک مکمل مرزا صاحب کے خیالات اور نبی کریم ﷺ کے ارشادات گرامی کا نقشہ پیش کردیں تاکہ عدالت خود توازن فرمالے۔ مگر چونکہ عدالت عالیہ کی رائے گرامی میں وقوع وغیرہ کی بحث غیرضروری اورموضوع مقدمہ سے بالکل علیحدہ ہے۔ اس لئے میں عدالت کے حکم کی پابندی اوراحترام کو مدنظر رکھتے ہوئے جس قدر حصہ وقوع سے تعلق رکھتا تھا، حذف کررہا ہوں۔

اب صرف اس حصہ کو لیتا ہوں جو مرزا صاحب کی پیش کردہ اصل عبارت میں مصرح اور مابہ النزاع ہے۔

عالی جاہ! ہمارے آقا ومولیٰ، اعلم الاوّلین والآخرین پر مرزا صاحب کا یہ محض بہتان اوراتہام صریح ہے کہ ابن مریم، دجال یاجوج وماجوج کی موبمو حقیقت منکشف نہ ہوئی اورنہ وحی الٰہی نے اس کی عمیق تہ کا پتہ دیا۔ بلکہ امثلہ قریبہ اورمتشاکل ومتشابہ چیزوں سے تفہم کی گئی۔ تفصیل کا موقع نہیں میرا دعویٰ ہے کہ کسی چیز کی وضاحت اورانکشاف تام کی جس قدر بھی صورتیں ممکن ہیں وہ صاف صاف واضح اور صریح الفاظ میں بیان فرمادیں۔

عیسیٰ ابن مریم کے نزول کی تصریح فرمائی، ان کا حلیہ شریف درمیانہ قد، رنگ سفید سرخی مائل، بال دونوں شانوں تک بہت سیاہ اور چمکدار جیسے نہانے کے بعد ہوتے ہیں، گھونگرالے، عروہ بن مسعود ؓ صحابی سے ملتی جلتی شکل، ان کی خوراک کی تصریح کہ لوبیا یا جو چیزیں آگ پر نہ لگیں وہ تناول فرمائیں گے۔ وقت نزول دو کپڑے زرد رنگ کے پہنے ہوئے سر پہ ایک طویل ٹوپی، جسم مبارک پر زرہ، دونوں ہاتھ فرشتوں کے کندھوں پر رکھے ہوئے، ہاتھ میں ایک چھوٹا نیزہ حربہ جس سے دجال کو قتل کریں گے جس کافر کو آپ کی سانس پہنچے گی وہ فوراً مرجائے گا۔ شہر دمشق کی جامع مسجد کے شرقی منارہ وگوشہ پر ان مسلمانوں کی جماعت میں اتریں گے، جو مسلمان مع مہدی علیہ الرضوان دجال سے لڑنے کو مجتمع ہوں گے جن کی تعداد آٹھ سو مرد اور چار سو مستورات کی ہوگی۔ وہ لوگ نماز کے واسطے صفیں درست کررہے ہوں۔ امام مہدی ان کے امام ہوں گے۔ حضرت مہدی علیہ الرضوان عیسیٰ علیہ السلام کو امامت کے لئے بلائیں گے اور وہ انکار کریں گے۔ جب امام مہدی پیچھے ہٹنے لگیں گے تو حضرت عیسیٰ ان کی پشت پر ہاتھ رکھ کر انہیں کو امام بنائیں گے اور وہی نماز پڑھائیں گے۔ وہ نماز صبح کا وقت ہوگا۔ بعد نزول صرف چالیس سال دنیا میں رہیں گے۔ ان کا نکاح حضرت شعیب کی قوم کے قبیلہ میں ہوگا جس سے اولاد بھی ہوگی۔ کسر صلیب وقتل خنزیر فرمائیں گے۔ نماز سے فارغ ہوکر دروازہ مسجد کھلوائیں گے جس کے پیچھے دجال ہوگا اوراس کے اعوان یہودیوں کے ساتھ جہاد کریں گے اوراسے باب لد پر قتل فرماکے اس کا خون اپنے نیزہ پر لوگوں کو دکھلائیں گے۔ کوئی شئے اسے پناہ نہ دے گی۔ درخت

وپتھر پکار کے کہے گا کہ ہمارے پیچھے یہودی چھپا ہے۔ اس وقت اسلام کے سوا تمام مذاہب مٹ جائیں گے۔ مال وزر لوگوں میں اتنا عام کردیں گے کہ کوئی قبول کرنے والا نہ رہے گا۔ مقام فج الروحاء میں جائیں گے۔ حج یا عمرہ یا دونوں کریں گے۔ نبی کریم ﷺ کے مزار پاک پر جائیں گے اور سلام کریں گے اور آپ جواب سلام مرحمت فرمائیں گے۔ ہر قسم کی دینی ودنیاوی برکات نازل ہوں گی، سب کے دلوں سے بغض حسد وکینہ نکل جائے گا، ایک انار اتنا بڑا ہوگا کہ ایک جماعت کے لئے کافی ہوگا اور ایک بکری ایک قبیلہ کو۔ پھر نیش والے زہریلے جانوروں کا نیش نکال دیا جاوے گا۔ حتیٰ کہ سانپ کے منہ میں بھی ہاتھ ڈالنا ضرررساں نہ ہوگا۔ شیر وانس، بھیڑ بکریاں مجتمع ہوجائیں گے۔ ساری زمین مسلمانوں سے یوں پر ہوگی جیسے پانی سے برتن، یہ برکات سال سال تک رہیں گے۔ قرب وفات لوگوں کو وصیت فرمائیں گے کہ میرے بعد مقصد نامی شخص کو خلیفہ بنائیں، اس کے بعد آپ وفات فرمائیں گے اور روضہ اقدس نبی کریم ﷺ میں مدفون ہوں گے، آپ کی چوتھی قبر ہوگی۔

پھر مقصد خلیفہ ہوگا جس کے تین سال بعد قرآن سینوں سے اٹھالیا جائے گا اور قیامت نمودار ہوگی...... الخ!

اس کے واسطے ملاحظہ ہو رسالہ ’’التصریح بما تواتر فی نزول المسیح‘‘ جس میں یہ تمام احادیث ۶۴ کے قریب مصرح موجود ہیں۔ میں نے نہایت اختصار سے اقتباس کیا۔ تعجب ہے کہ اس قدر انکشاف تام کو یہ کہنا کہ موبمو منکشف نہ ہوا اور امثلہ قریبہ وتشابہات کے رنگ میں سمجھایا گیا اور مرزاصاحب خود ہی اپنے آپ کو مریم اور ابن مریم فرماتے ہیں:

ببیں تفاوت رہ از کجا است تا بکجا

## دجال

آنحضرت ﷺ نے دجال کے متعلق تو یہاں تک فرمادیا کہ ہر نبی نے اس سے ڈرایا، مگر میں سب سے زیادہ وضاحت سے کہتا ہوں۔ اگر میں ہوا تو خود تمہاری طرف سے مقابل ہوں گا۔ ورنہ ہر شخص خود سمجھ لے اور اﷲ میری طرف سے معین ومددگار رہوگا۔ وہ ایک موعود شخص ہوگا (نہ کہ جماعت) شام وعراق کے درمیان ظاہر ہوگا۔ اس کی پیشانی پر ’’کافر‘‘ بصورت ’’ک، ف، ر‘‘ لکھا ہوگا۔ وہ بائیں آنکھ سے کانا ہوگا۔ اس کی آنکھ میں سخت ناخنہ ہوگا۔ تمام دنیا میں پھر جائے گا۔ کوئی جگہ باقی نہ رہے گی جسے وہ فتح نہ کرے۔ البتہ حرمین مکہ ومدینہ اس کے شر سے محفوظ رہیں گے۔ حرمین کے ہر راستہ پر فرشتوں کا پہرہ ہوگا کہ دجال کو روکیں وہ حرمین کے باہر ظریف احمر میں (سنجہ) شورزمین کے ختم پر جاکر ٹھہرے گا۔ اس وقت مدینہ میں تین زلزلے آئیں گے جس سے منافق مرد وعورت مدینہ سے نکل کر دجال کے ہمراہ ہوں گے۔ اس کے ساتھ ظاہری طور پر جنت ودوزخ ہوگی۔ مگر درحقیقت اس کی جنت دوزخ اور دوزخ جنت ہوگی۔ اس کے زمانہ میں ایک دن سال بھر کے برابر، دوسرا ایک ماہ اور تیسرا ایک ہفتہ کے برابر ہوگا۔ باقی ایام حسب دستور ہوں گے۔ وہ ایک گدھے پر سوار ہوگا جس کے دونوں ہاتھوں کا درمیانی فاصلہ چالیس ہاتھ ہوگا۔ اس کے ساتھ شیاطین ہوں گے جو لوگوں سے کلام کریں گے۔ جب وہ بادل کو کہے گا وہ پانی برسائے گا جب منع کردے گا، قحط ہوجائے گا۔ مادرزاد اندھے اور ابرص کو درست کردے گا۔ زمین کے پوشیدہ خزانے اس کے حکم سے باہر آکر اس کے پیچھے ہوجائیں گے۔

ایک نوجوان آدمی کو بلاکر تلوار سے دوٹکڑے کردے گا تو پھر اسے بلائے گا تو وہ صحیح سالم ہنستا ہوا سامنے آجائے گا۔ اس کے ساتھ ستر ۷۰ ہزار یہودی ہوں گے جن کے ساتھ جڑاؤ تلواریں ہوں گی۔ لوگوں کے تین فرقہ ہوجائیں گے۔ ایک دجال کا اتباع کرے گا۔ دوسرا اپنا کا کاشتکاری میں لگا رہے گا اور تیسرا دریائے فرات کے کنارہ پر اس کے ساتھ ساتھ جہاد کرے گا۔

مسلمان شام کی بستیوں میں جمع ہوکر ایک ابتدائی لشکر دجال کے پاس پہنچیں گے۔ اس لشکر میں ایک شخص ایک سرخ یا سیاہ یا سفید

گھوڑے پرسوار ہوگا اور یہ سارا لشکر شہید ہو جائے گا۔ان میں سے ایک بھی واپس نہ آئے گا۔
دجال جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو دیکھے گا تو اس طرح پگھلنے لگے گا۔ جیسے نمک پانی میں اس وقت تمام یہودیوں کی شکست ہوگی۔ پھر عیسیٰ علیہ السلام اسے باب لد پر قتل کر کے اپنے نیزہ پر اس کا خون دکھائیں گے۔وغیرہ وغیرہ!
عدالت ملاحظہ فرمائے اس انکشاف تام کو بخلاف مرزاصاحب کے کہ وہ فرماتے ہیں کہ:''مسیح دجال جس کے آنے کی انتظار تھی یہی پادریوں کا گروہ ہے جو ٹڈیوں کی طرح تمام دنیا میں پھیل گیا ہے۔'' (ازالہ اوہام ص۴۹۲، خزائن ج۳ ص۳۶۶)
''نصاریٰ کے علماء ہی بیشک دجال معہود ہیں۔'' (حاشیہ حمامۃ البشریٰ ص۴۰، خزائن ج۷ ص۲۲۹)

## یاجوج وماجوج

قرآن پاک میں ہی کافی ذکر ہے۔''ان یأجوج ومأجوج مفسدون ''آنحضرت ﷺ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ یاجوج وماجوج کو نکالے گا جن کا سیلاب تمام عالم کو گھیر لے گا۔اس وقت حضرت عیسیٰ علیہ السلام تمام مسلمانوں کو کوہ طور پر جمع فرمائیں گے۔ یاجوج کا ابتدائی حصہ جب دریائے طبریہ پر گزرے گا تو دریا کے سب پانی کو پی کر صاف کر دے گا۔اس وقت بوجہ قحط وغیرہ ایک راس بیل لوگوں کے لئے سو دینار سے بہتر ہوگا۔ پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام یاجوج کے واسطے بددعا فرمائیں گے۔اللہ تعالیٰ ان کے گلے میں ایک گلٹی نکال دے گا جس سے سب کے سب دفعۃً مر جائیں گے۔ پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام مسلمانوں کو لے کر کوہ طور سے زمین پر اتریں گے۔مگر تمام زمین یاجوج وماجوج کے مردوں سے بدبودار ہوگی۔ پھر بدبو کے دور ہونے کی خدا سے دعا فرمائیں گے۔اللہ تعالیٰ بارش برسائے گا جس سے تمام زمین دھل جائے گی۔ پھر زمین اصلی رنگ پر پھولوں اور پھلوں سے بھر جائے گی۔ وغیرہ وغیرہ! یہ سب مسلم شریف، مسند احمد، ابوداؤد، دارقطنی وغیر میں موجود ہے۔
اس قدر کشف تام آنحضرت ﷺ کے ارشادو معلومات میں ہے۔مگر مرزاصاحب کو نظر نہیں آتا اور خود آنحضرت ﷺ پر اپنی اس تحقیقات کو ترجیح دے رہے ہیں کہ:''یاجوج وماجوج سے مراد وہ نصاریٰ ہیں جو روس وبرطانیہ کی قوموں سے ہیں۔''
اب عدالت خود ملاحظہ فرمائے کہ مرزاصاحب کا کس قدر صریح بہتان ہمارے آقا ومولیٰ ﷺ پر تھا اور اس مقابلہ میں کس قدر صریح توہین تھی۔ جو کلمہ شریف پر ایمان کے سراسر منافی ہے۔
''فبین ما ہو کذالک اذا اوحی اللہ الیٰ عیسی انی قد اخرجت عباداً لی لا یدان لاحد بقتالھم فحرز عبادی الی الطور وبعث اللہ یاجوج وماجوج وھم من کل حدب ینسلون فیمر اوائلھم علی بحیرۃ طبریۃ فیشربون ما فیھا و یمر اٰخرھم فیقول لقد کان بھٰذہ مرۃ ماء ثم یسیرون حتی ینتھوا الی جبل الخمر وھو جبل بیت المقدس فیقولون لقد قتلنا من فی الارض ھلم فلنقتل من فی السماء فیرمون بنشابھم الی السماء فیرد اللہ علیھم نشابھم مخضوبۃ دما ویحصر نبی اللہ واصحابہ حتی یکون راس الثور لاحدھم خیرا من مائۃ دینار لاحد کم الیوم فیرغب نبی اللہ عیسی واصحابہ فیرسل اللہ علیھم النغف فی رقابھم فیصبحون فرسی کموت نفس واحدۃ ثم یھبط نبی اللہ عیسیٰ واصحابہ الی الارض فلا یجدون فی الارض موضع شبر الاملأہ زھمھم ونتنھم فیرغب نبی اللہ عیسیٰ واصحابہ الی اللہ فیرسل اللہ طیرا کاعناق البخت فتحملھم فتطرحھم حیث شاء اللہ وفی روایۃ تطرحھم بالنھبل ویستوقد المسلمون من قسیھم ونشابھم وجعا بھم سبع سنین ثم یرسل اللہ مطرا لا یکن منہ بیت مدر ولا وبر فیغسل الارض حتی یترکھا کا الزلفۃ...... الخ!'' (رواہ مسلم، مشکوٰۃ ص۴۷۳،۴۷۴)

(ترجمہ) نواس بن سمعان نے ایک لمبی حدیث میں فرمایا ہے کہ ذکر فرمایا رسول اللہ ﷺ نے ...... پس اسی اثناء میں کہ اللہ تعالیٰ عیسیٰ علیہ السلام کو مطلع فرمائیں گے کہ میں ایک ایسی مخلوق کو نکالوں گا جن کے ساتھ کوئی مقابلہ نہیں کرسکتا۔ لہٰذا میرے ان بندوں کو تم طور کی طرف لے جاؤ اور یاجوج وماجوج کو نکالیں گے جو نہایت عجلت کے ساتھ ساری دنیا میں پھیل جائیں گے۔ اوّل حصہ ان کا جب بحیرہ طبریہ پر جو کئی میل کا لمبا دریا ہے گزرے گا تو اس کا پانی پی لے گا۔ پھر پی لیں گے جو اس میں ہوگا اور اخیر ان کا جب وہاں سے گزرے گا تو کہے گا کہ کبھی یہاں پانی تھا۔ پھر چلے جائیں گے۔ یہاں تک کہ جبل الخمر تک پہنچیں گے۔ وہ بیت المقدس کا پہاڑ ہے۔ پھر کہیں گے ہم نے تمام زمین والوں کو قتل کردیا آؤ آسمان والوں کو قتل کریں۔ پھر اپنے تیروں کو آسمان کی طرف ماریں گے۔ اللہ تعالیٰ ان کے تیرخون آلودہ کر کے واپس لوٹائیں گے اور اللہ کا نبی اور اس کے اصحاب محصور کئے جائیں گے۔ حتیٰ کہ راس الثوران کے نزدیک سو دینار سے زیادہ قیمتی ہوگا۔ پس اللہ کا نبی عیسیٰ علیہ السلام اور اس کے اصحاب اللہ تعالیٰ کے جناب میں دعا کریں گے۔ پھر اللہ تعالیٰ ان یاجوج وماجوج پر بخت کے جانور بھیج دیں گے۔ پس وہ (یاجوج) زمین پر مر کر گر پڑیں گے۔ جیسے ایک نفس کے موت۔

عدالت خود ہی ملاحظہ فرمائے کہ ابن مریم، دجال، یاجوج وماجوج کی حقیقت کما حقہ کس قدر انکشاف تام سے ہوئی ہے۔ مرزا صاحب کجا، انبیاء اوالعزم نے بھی یوں بیان نہیں کی نہ اس قدر تفصیل کسی آسمانی کتاب میں پائی جاتی ہے۔ پھر بھی مرزا صاحب کا یہ بہتان کہ حضور ﷺ پر ابن مریم اور دجال ویاجوج وماجوج کی حقیقت موبمومنکشف نہ ہوئی۔ جیسی کہ مجھ (مرزا) پر ہوئی۔ اس قدر توہین عظیم ہے کہ جس کے بعد کسی طرح ایمان قائم نہیں رہ سکتا۔

قول مختار مدعا علیہ:

’’ان امور میں اگر مرزا صاحب کا علم باوجود امتی ہونے کے نبی کریم ﷺ پر بڑھ جائے تو آنحضرت ﷺ کی کوئی تنقیص وتوہین نہیں۔‘‘

الجواب: جب یہ ثابت ہو چکا کہ یہ علم علوم کمالیہ اور امور دینیہ ایمانیہ سے ہیں اور مرزا صاحب کے امتی تمام مسلمانوں کو انہیں امور سے اختلاف کی بناء پر کافر کہتے ہیں۔ پس ان اہم میں کسی شخص کو علمی فضیلت دینا اور اس کو علم پاک حضور ﷺ سے زیادہ قرار دینا عدالت خود ہی دونوں تحقیقوں میں توازن کر کے رائے قائم کرسکتی ہے کہ مرزا صاحب کے خیالات محض مجنونانہ ہیں۔ ورنہ حضور ﷺ کے علم پر اپنے علم کو ترجیح نہ دیتے۔

## یاجوج ماجوج، مرزا صاحب

’’یاجوج وماجوج سے مراد وہ نصاریٰ ہیں جو روس اور برطانیہ کی قوموں سے ہیں۔‘‘

(حاشیہ حمامۃ البشریٰ ص ۲۸، خزائن ج ۷ ص ۲۰۹، ۲۱۰)

## آنحضرت ﷺ کی تحقیقات

یہ مسئلہ ایک حد تک قرآن پاک کی وحی الٰہی نے صاف کردیا ہے: ’’کما قال اللہ تعالیٰ ان یأجوج ومأجوج مفسدون فی الارض فھل نجعل لک خرجاً علی ان تجعل بیننا وبینھم سداً. قال مامکنی فیہ ربی خیر فاعینونی بقوۃ واجعل بینکم وبینھم ردماًاٰتونی زبر الحدید حتی اذا ساویٰ بین الصدفین قال انفخوا حتی اذا جعلہ ناراً قال اٰتونی افرغ علیہ قطرا فما اسطاعوا ان یظھروہ وما استطاعوا لہ نقباً. قال ھٰذا رحمۃ من ربی فاذا جآء وعد ربی جعلہ دکا وکان وعد ربی حقا (الکھف: ۹۴ تا ۹۸)‘‘

ان آیات میں کس تفصیل سے یاجوج وماجوج کا تذکرہ ہے اور لوگوں کی درخواست پر ذی القرنین کا سد سکندری قائم کرنے

اوراس کے توڑنے یا سوراخ کرنے پرتا قرب قیامت قادر نہ ہونے اور پھر قرب قیامت اس سد سکندری و دیوار کے بحکم خداوندی ٹوٹنے وغیرہ کا۔اس سے عدالت اندازہ کرسکتی ہے کہ روس و برطانیہ اور نصاریٰ کا وجود بھی نہ تھا جب سے یہ قومیں موجود ہیں اور یاجوج و ماجوج کے نام سے موسوم ہیں اور قیامت کے قریب نکلیں گے۔

## ارشادنبوی ﷺ

۱...... ’’عن حذیفة بن اسید الغفاری قال اطلع النبی ﷺ علینا ونحن نتذاکر فقال ما تذکرون قال نذکر الساعة قال انها لن تقوم حتی تروا قبلها عشر آیات فذکر الدخان والدجال والدابة وطلوع الشمس من مغربها ونزول عیسیٰ بن مریم ویاجوج وماجوج...... الخ هما قبیلتان من ولد یافث من نوح علیہ السلام‘‘

(مشکوۃ ص۴۷۲، باب العلامات بین یدی الساعة)

(ترجمہ) حذیفہ بن اسید غفاری سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ ہم پر ظاہر ہوئے اور ہم ذکر کررہے تھے تو فرمایا کہ کیا ذکر کر رہے ہو،عرض کیا کہ قیامت کا ذکر کررہے ہیں۔فرمایا کہ وہ ہرگز نہ قائم ہوگی یہاں تک کہ تم اس سے قبل دس نشان دیکھو گے۔پس ذکر فرمایا دھواں اور دجال اور دابۃ الارض اور مغرب سے سورج کا نکلنا اور عیسیٰ علیہ السلام بن مریم کا آسمان سے نازل ہونا اور یاجوج اور ماجوج کا آنا......الخ!

بین السطور حاشیہ میں ان یاجوج وماجوج کا یافث ابن نوح کی اولاد سے ہونے کی تصریح ہے۔

۲...... عن النواس بن سمعان (قال فی حدیث طویل) ذکر رسول اللہ ﷺ......کھلا ہوا کفر ہے جس کی دنیا میں نظیر نہیں مل سکتی۔

ہمارا تو ایمان ہے کہ حضور ﷺ تمام علوم اوّلین وآخرین کے جامع ہیں۔جیسا کہ فرماتے ہیں کہ:’’اعطیت علم الاوّلین والاخرین‘‘تمام وہ علوم جن کا تعلق کمالات سے تھا جن کی شان محبوبیت کے لئے ضرورت تھی’’بتمامها وبکمالها‘‘اللہ کے محبوب ﷺ میں مجتمع ہیں۔تمام دنیا کے اولیاء،انبیاء وملائکہ اور دیگر کائنات عالم کا علم ایک پلّہ میں رکھ دیا جائے اور سیدالانبیاء کا علم نہیں بلکہ ایک ذرہ علم محمد ﷺ سے ایک پلّہ میں رکھا جاوے تو پھر بھی آنحضرت ﷺ کے علم کا پلّہ بھاری ہوگا۔تمام انبیاء واولیاء وملائکہ مقربین اس کا اندازہ کیا کرسکیں۔کسی کا وہم وگمان بھی وہاں تک رسائی نہیں کرسکتا۔حضرت امام بوصیری فرماتے ہیں۔

ومن جودک الدنیا وضرتها ومن علومک علم اللوح والقلم

لوح قلم کا علم ایک جھلک ہے۔علم محبوب رب العالمین ﷺ کی پس کوئی مسلمان تو اس توہین کو پسند بلکہ برداشت نہیں کرسکتا۔ ہاں! مرزاصاحب کے متبعین کے نزدیک مرزاصاحب کی حضور اکرم ﷺ پر علمی فوقیت میں کوئی توہین نہ ہو تو نہ سہی خطبہ الہامیہ ملاحظہ فرمائیں۔وہ تو نبی کریم ﷺ اوران کے دور کو ہلال اور اپنے بروزی رنگ کو بدر کامل قرار دیتے ہیں۔جیسا کہ آگے بسلسلہ توہین ان شاءاللہ! آئے گا۔

## حضرت مولانا تھانوی اور مولانا سہانپوری پر اتہام

مرزاصاحب کی جماعت جب کہ نبی کریم ﷺ پر بہتان باندھنے میں تأمل نہیں کرتی تو بزرگان دین اور علماء ربانیین اس کی دست درازی سے کب بچ سکتے ہیں۔

چونکہ حفظ الایمان اور براہین قاطعہ کی مفصل بحث آگے جہاں پر حسام الحرمین اور بریلوی اور دیوبندیوں کا ذکر آئے گا آرہی

ہے۔اس لئے تفصیلاً تو عرض نہیں کرتا،صرف مختار مدعا علیہ کا قول نقل کر کے اجمالی جواب کی طرف اشارہ کر کے بہتان عظیم عدالت پہ واضح کرتا ہوں۔

قول مختار مدعا علیہ:

’’تعجب کی بات ہے کہ یہ اعتراض ان اشخاص نے کیا ہے جن کے مقتداء اور پیشواء آنحضرتﷺ کے متعلق یہ لکھ چکے ہیں پھر یہ کہ آپ کی ذات مقدسہ پر علم غیب کا حکم کیا جانا اگر بقول زید صحیح ہو تو دریافت طلب امر یہ ہے کہ اس غیب سے مراد بعض غیب ہے یا کل غیب اگر بعض علوم غیبیہ مراد ہیں تو اس میں حضور کی کیا تخصیص ہے ایسا علم غیب تو زید وعمرو وبکر بلکہ ہر صبی اور مجنون بلکہ جمیع حیوانات وبہائم کے لئے بھی حاصل ہے۔کیونکہ ہر شخص کو کسی نہ کسی ایسی بات کا علم ہوتا ہے جو دوسرے پر مخفی ہے۔‘‘

(حفظ الایمان مصنفہ مولوی اشرف علی صاحب تھانوی ص ۷)

مختار مدعا علیہ نے تمام مبتداء وخبر استفتا سوال وجواب حذف کر کے درمیان سے ایک عبارت کاٹ کر جو وہ دوسرے کی حکایۃً نقل فرماتے ہیں کہ اگر بقول زید صحیح ہے۔اپنی رائے اور عقیدہ نہیں،قطع وبرید کر کے پیش کیا اور اس سے اس ناجائز مغالطہ کی سعی کی کہ خدانخواستہ حضرت مولانا تھانوی کا مذہب ہے۔حالانکہ یہ ایک افتراء کا جواب ہے جس میں زید کا ایک عقیدہ نقل کیا گیا ہے۔وہ جواب میں فرماتے ہیں کہ اگر یہ قول زید صحیح ہو تو اس میں رسول اللہﷺ کی توہین لازم آئے گی۔کیونکہ زید کے اس قول سے لازم آئے گا کہ یہ لفظ عالم الغیب معاذ اللہ! جانوروں اور باولوں تک بولا جاسکے۔حالانکہ یہ سراسر ناجائز وباطل ہے۔وہ تو زید کے قول پر حکم لگا رہے ہیں اور اس باطل عقیدہ کو روک رہے ہیں اور مختار مدعا علیہ عدالت کو یہ مغالطہ دے رہا ہے کہ انہوں نے حضورﷺ کا علم جانوروں جیسا بتایا۔اتنا سفید جھوٹ شاید ہی کوئی بول سکتا ہو۔مولوی احمد رضا خان صاحب بریلوی کو بھی ایسا مغالطہ ہوا جس پر خود مولانا تھانوی سے اس عبارت کے متعلق ایک سوال کیا گیا اور انہوں نے جواب مرحمت فرمایا۔

ہر دو سوال وجواب بجنسہ درج ذیل ہیں۔

بخدمت اقدس حضرت مولانا المولوی الحافظ الحاج الشاہ اشرف علی صاحب مدت فیوضکم العالیہ!

بعد سلام مسنون عرض ہے کہ مولوی احمد رضا خان بریلوی یہ بیان کرتے ہیں اور حسام الحرمین میں آپ کی نسبت لکھتے ہیں کہ آپ نے حفظ ایمان میں اس کی تصریح کی کہ غیب کی باتوں کا علم جیسے کہ جناب رسول اللہﷺ کو ہے۔ایسا ہر بچے اور ہر پاگل بلکہ ہر جانور اور ہر چارپائے کو حاصل ہے۔اس لئے امور ذیل دریافت طلب ہیں۔

۱...... آیا آپ نے حفظ الایمان یا کسی کتاب میں ایسی تصریح کی ہے؟

۲...... اگر تصریح نہیں تو بطریق لزوم بھی یہ مضمون آپ کی کسی عبارت سے نکل سکتا ہے؟

۳...... آیا ایسا مضمون آپ کی مراد ہے؟

۴...... اگر آپ نے نہ ایسے مضمون کی تصریح فرمائی،نہ اشارہ مفاد عبارت ہے،نہ آپ کا مراد تو ایسے شخص کو جو یہ اعتقاد رکھے یا صراحۃً یا اشارۃً کہے اسے آپ مسلمان سمجھتے ہیں یا کافر...... بینوا وتوجروا!　　بندہ محمد مرتضیٰ حسن عفا عنہ

الجواب: مشفق مکرم سلمہ اللہ تعالیٰ۔السلام علیکم! آپ کے خط کے جواب میں عرض کرتا ہوں کہ:

۱...... میں نے یہ خبیث مضمون کسی کتاب میں نہیں لکھا اور لکھنا تو درکنار میرے قلب میں بھی اس مضمون کا کبھی خطرہ نہیں گزرا۔

۲...... میری کسی عبارت سے یہ مضمون لازم بھی نہیں آتا۔چنانچہ اخیر میں عرض کروں گا۔

۳...... جب میں اس مضمون کو خبیث سمجھتا ہوں اور میرے دل میں بھی کبھی اس کا خطرہ نہیں گزرا۔ جیسا کہ اوپر معروض ہوا تو میری مراد کیسے ہوسکتا ہے۔

۴...... جو شخص ایسا اعتقاد رکھے یا بلا اعتقاد صراحۃً یا اشارۃً یہ بات کہے۔ میں اس شخص کو خارج از اسلام سمجھتا ہوں کہ وہ تکذیب کرتا ہے۔ نصوص قطعیہ کی اور تنقیص کرتا ہے۔ حضور سرور عالم فخر بنی آدم ﷺ کی۔ یہ تو جواب ہوا آپ کے سوالات کا۔ اب آخر میں اس جواب کی تتمیم کے لئے مناسب سمجھتا ہوں کہ حفظ الایمان کی اس عبارت کی مزید توضیح کروں جس کی بنا پر مجھے تہمت لگائی گئی ہے۔ گو کہ وہ خود بھی بالکل واضح ہے۔

اوّل میں نے دعویٰ کیا ہے کہ علم غیب جو بلا واسطہ ہو وہ تو خاص ہے حق تعالیٰ کے ساتھ اور جو بواسطہ ہو وہ مخلوق کے لئے ہوسکتا ہے۔ مگر اس سے مخلوق کو عالم الغیب کہنا جائز نہیں اور اس دعویٰ پر دو دلیلیں قائم کی ہیں...... الخ!'' (اس کے آگے بڑی وضاحت اور صفائی سے بیان فرمایا ہے) (بسط البنان ص۹،۱۰)

آخر کتاب میں فرماتے ہیں کہ: ''بفضلہٖ تعالیٰ میرا اور میرے سب بزرگوں کا عقیدہ ہمیشہ سے آپ ﷺ کے افضل المخلوقات فی جمیع الکمالات العلمیہ والعملیہ کے باب میں یہ ہے کہ: بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر۔ (ملاحظہ ہو حفظ الایمان وبسط البنان ص۱۵)

اس دیدہ ودانستہ بہتان کا جواب سوائے اس کے اور کچھ نہیں ہوسکتا کہ: ''افوض امری الی اللہ ان اللہ بصیر بالعباد (المؤمن:۴۴)''

قول مختار مدعا علیہ:

''اور لکھتے ہیں کہ شیطان اور ملک الموت کو یہ وسعت نص سے ثابت ہوئی۔ فخر عالم ﷺ کی وسعت علم کی کونسی نص قطعی ہے (براہین قاطعہ مؤلفہ مولوی خلیل احمد انبیٹھوی، مصدقہ مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی ص۵۱) اس میں ابلیس لعین کا مقابلہ آنحضرت ﷺ سے کر کے شیطان ملعون کا علم آنحضرت ﷺ کے علم سے زیادہ بتلایا ہے۔ کیا اس میں آنحضرت ﷺ کی توہین نہیں ہے اور یہ عبارت سوء ادبی کی مشعر نہیں۔''

''یہاں اصل عبارت قطع وبرید کر کے حسب منشاء ایک کفریہ مضمون بنالیا ہے۔ اگر کل عبارت نقل کر دیتے تو یہ وہم وگمان بھی نہ ہوتا تفصیل تو آگے آئے گی۔ صرف اجمالاً گزارش ہے کہ یہ عبارت جہاں سے شروع ہے وہیں سے پیش کردوں۔ ایک سطر اوپر سے اگر یہ عبارت لی جائے تو معلوم ہو جائے کہ کس علم میں گفتگو ہے اور یہ اپنا عقیدہ ہے یا کسی اور کا۔''

''الحاصل غور کرنا چاہئے کہ شیطان وملک الموت کا حال دیکھ کر علم محیط زمین کا فخر عالم کو خلاف نصوص قطعیہ کے بلا دلیل محض قیاس فاسدہ سے ثابت کرنا شرک نہیں تو کون سا ایمان کا حصہ ہے۔ شیطان وملک الموت کو یہ وسعت نص سے ثابت ہوئی، فخر عالم کی وسعت علم کی کونسی نص قطعی ہے کہ جس سے تمام نصوص کو رد کر کے ایک شرک ثابت کرتا ہے۔'' (براہین قاطعہ ص۵۱)

اصل یہ ہے کہ یہ کتاب براہین قاطعہ ایک اور کتاب انوار ساطعہ مؤلفہ مولوی عبدالسمیع صاحب رامپوری کی شرح ہے اور وہ علم رسول اللہ ﷺ کو محیط زمین اور گمراہی وغیرہ کا جو شیطانی علم سے متعلق ہے۔ یوں ثابت کرتے ہیں کہ جب یہ علم شیطان کو حاصل ہے جو کمترین خلائق ہے تو سرور عالم ﷺ جو افضل الخلائق ہیں انہیں کیوں نہ ہونا چاہئے۔ حضرت مولانا خلیل احمد صاحب اس کفر وشرک سے انہیں منع فرمارہے ہیں کہ کونسی حماقت وجہالت ہے کہ اللہ کے محبوب ﷺ کا علم شیطان لعین جیسے دشمن خدا پر قیاس کیا جائے۔ پھر شیطان کو علم وجہ ارض کا شیطانی علم ہے جو نصوص سے ثابت ہے یہ شیطانی علم، حضور ﷺ کے واسطے صرف قیاس فاسد سے بلا کسی نص سے ثابت کرنا عظیم الشان کفر وشرک اور توہین نبوی ہے اور ظاہر ہے کہ شیطانی علوم سے ذات گرامی سید المرسلین ﷺ پاک وصاف تھی۔ البتہ رحمانی علوم کے ذرہ

ذرہ کا علم اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب ﷺ کو عطاء کیا ہے۔ بخلاف مرزا صاحب کے کہ وہ علوم دینیہ ایمانیہ میں اپنے کو حضور ﷺ سے افضل اور اعلیٰ جانتے ہیں۔ حالانکہ مرزا صاحب کجا کوئی بھی اوالعزم نبی مقرب فرشتہ ان علوم میں آپ سرور کائنات سے افضل کیا مساوی بھی نہیں ہوسکتا اور یہی عقیدہ ہے۔ مولانا خلیل احمد صاحب کا اسی (براہین قاطعہ ص۳) پر تحریر فرماتے ہیں۔ پس کوئی ادنیٰ مسلم بھی فخر دو عالم ﷺ کے تقرب وشرف وکمالات میں کسی کو مماثل آپ کا نہیں جانتا۔

اس مخصوص عبارت کے اور اس بہتان عظیم کے متعلق حضرت مولانا سے خود دریافت فرمایا گیا ہے۔ سوال اور جو جواب مرحمت فرمایا بجنسہ درج ذیل ہے: ’’بخدمت شریف مخدوم مکرم جناب مولانا مولوی خلیل احمد صاحب مدرس اوّل مدرسہ مظاہر العلوم سہارنپور ساکن انبیٹھ دامت برکاتہم بعد عرض تحیۃ ماثورہ عرض ہے کہ مولوی احمد رضا خان بریلوی حسام الحرمین میں آپ کی نسبت تحریر فرماتے ہیں کہ آپ نے کتاب براہین قاطعہ میں تصریح کی کہ ابلیس کا علم نبی ﷺ سے زیادہ ہے۔ امور ذیل دریافت طلب ہیں۔‘‘

۱...... کیا اس مضمون کی آپ نے براہین قاطعہ یا کسی دوسری کتاب میں تصریح فرمائی ہے۔

۲...... اگر تصریح نہیں تو بطریق لزوم کے اشارۃً وکنایۃً بھی یہ مضمون آپ کی عبارت سے مفہوم ہوتا ہے یا نہیں۔

۳...... اگر یہ مضمون صراحۃً مفہوم نہیں ہوتا اور نہ لزوماً مفہوم ہوتا ہے تو یہ معنی آپ نے مراد لئے ہیں یا نہیں۔

۴...... اگر یہ مضمون آپ نے نہ صراحۃً بیان فرمایا نہ کنایۃً اشارۃً آپ کے کلام کو لازم نہ آپ کی مراد تو جو شخص ایسا اعتقاد رکھے یا کہے کہ سرور عالم ﷺ کے علم سے ابلیس کا علم زیادہ ہے۔ اس کو آپ مسلمان جانتے ہیں یا کافر۔

۵...... جس عبارت کو خان صاحب براہین سے نقل کرتے ہیں اور اس مضمون مذکور کو اس کا مفاد صریحی بیان کرتے ہیں۔ اس عبارت کا صحیح مطلب کیا ہے...... بینوا وتوجروا۔ (بندہ محمد مرتضیٰ حسن عفی عنہ)

ملخص عبارات جواب حضرت مولانا خلیل احمد صاحب مدفیوضہم!

الجواب ومنہ الوصول الی الصواب۔ مولوی احمد رضا خان صاحب بریلوی نے جو بندہ پر یہ الزام لگایا ہے بالکل بے اصل اور لغو ہے اور میرے اساتذہ ایسے شخص کو کافر ومرتد وملعون جانتے ہیں جو شیطان علیہ اللعن کیا کسی مخلوق کو بھی جناب سرور عالم ﷺ سے علم میں زیادہ کہے۔ چنانچہ (براہین قاطعہ ص۴) میں یہ عبارت موجود ہے۔ ’’پس کوئی ادنیٰ مسلم بھی فخر عالم ﷺ کے تقرب وشرف کمالات میں کسی کو مماثل آپ کا نہیں جانتا۔ انتہیٰ!‘‘ خان صاحب بریلوی نے مجھ پر یہ محض اتہام لگایا ہے۔ اس کا حساب روز جزا ہوگا۔ یہ کفریہ مضمون کہ شیطان علیہ اللعن کا علم نبی ﷺ سے زیادہ ہے۔ براہین کی کسی عبارت میں نہ صراحۃً ہے نہ کنایۃً۔

غرض خان صاحب بریلوی نے یہ محض اتہام اور کذب خالص بندہ کی طرف منسوب کیا ہے۔ مجھ کو تو مدت العمر کبھی وسوسہ بھی اس کا نہیں ہوا کہ شیطان کیا کوئی ولی، فرشتہ آپ ﷺ کے علوم کی برابری کر سکے۔ چہ جائیکہ علم میں زیادہ ہو۔ یہ عقیدہ جو خان صاحب نے بندہ کی طرف منسوب کیا ہے کفر خالص ہے اس کا مطالبہ خان صاحب سے روز جزا ہوگا۔ میں اس سے بالکل بری ہوں اور پاک۔ ’’وکفیٰ باللہ شہیدا‘‘ اہل اسلام عبارات براہین کو بغور ملاحظہ فرمائیں۔ مطلب صاف اور واضح ہے۔‘‘ حررہ خلیل احمد وفقہ اللہ للتنزودلغد‘‘ (قطع الوتین ص۹،۱۰)

عدالت ملاحظہ فرمائے کہ یہ کیسا جھوٹ اور اتہام ہے۔ ہم اس کے متعلق کیا لکھیں۔ عدالت خود ہی ملاحظہ فرمائے کہ یہ کس قدر اتہام ہے۔ جو شخص جس عقیدہ کو کفر کہے، اس کو اس کے ذمہ مڑھ دیا جائے کس قدر ظلم صریح اور تکفیر کا شوق ہے۔ جرح مدعا علیہ گواہ نمبر۲، مؤرخہ ۲۹؍مارچ ۱۹۳۳ء

اب یہ مسئلہ واضح ہوگیا اور ثابت ہوگیا کہ یہ بہتان صرف اپنا عیب چھپانے کے لئے تھا اور یہ بھی معلوم ہوگیا کہ ہمارے اعتراض کا جواب کوئی بھی نہیں دے سکتا۔ مرزاصاحب نے ان امور دینیہ میں ابن مریم اور دجال ویاجوج ماجوج کے متعلق حضورﷺ کا علم اپنے علم سے کم اور اپنا رتبہ افضل بتا کر وہ عظیم الشان زہرہ گداز توہین کی ہے۔ جسے کوئی مسلمان بھی برداشت نہیں کرسکتا اور پھر اس کے بعد مدۃ العمر لاالہ الااللہ محمدرسول اللہ پڑھتے رہیں۔ جب تک صاف لفظوں میں توبہ نہ کریں ایمان دار نہیں ہوسکتے۔

’’انا فتحنا لک فتحاً مبینا (الفتح:۱)‘‘

قول مختار مدعاعلیہ:

مختار مدعیہ نے (خطبہ الہامیہ ص۱۹۳) کی عبارت مندرجہ ذیل پیش کی ہے اور ظاہر ہے کہ فتح مبین کے وقت سے لے کر…… تا…… سبحان الذی الایۃ اور اس نے اس سے یہ نتیجہ نکالا ہے کہ نعوذ باللہ! مرزاصاحب نے آنحضرت کے فتح مبین کو نظر استخفاف سے دیکھا ہے اور اپنی فتح کو بڑا بتایا ہے۔ حالانکہ یہ نتیجہ نکالنا سراسر باطل اور خلاف منشاء متکلم ہے۔ جس فتح مبین کی طرف آپ نے مذکورہ بالا عبارت میں اشارہ کیا ہے، اس کے متعلق آنحضرتﷺ نے خبر دی تھی اور بزرگان امت محمدیہ بھی یہی مانتے چلے آئے ہیں اور خود مختار مدعیہ اور گواہان مدعیہ بھی یہی اعتقاد رکھتے ہیں کہ مسیح موعود اور مہدی کے زمانہ میں اسلام کو دوسرے مذاہب پر ایسی فتح اور غلبہ حاصل ہوگا جو پہلے کسی زمانہ میں نہیں ہوا۔ بلکہ ان کا تو یہ بھی عقیدہ ہے کہ مسیح اور مہدی دیگر مذاہب والوں سے سوائے اسلام کے اور کچھ قبول نہ کریں گے اور جو مسلمان نہیں ہوگا اسے تلوار کے گھاٹ اتاریں گے اور دنیا میں سوائے مذہب اسلام کے اور کوئی مذہب نہ ہوگا۔ اگرچہ ہمارے نزدیک دین کے مقابلہ میں جبر کرنا مذہب اسلام کی رو سے جائز نہیں ہے۔ لیکن اتنا ہم بھی تسلیم کرتے ہیں کہ مسیح موعود کے زمانہ میں اسلام دلائل قاہرہ اور حجج باہرہ کی رو سے تمام ادیان پر غالب آئے گا اور جن ممالک میں اسلام کی تبلیغ واشاعت نہ ہوئی تھی، وہاں بھی شمس اسلامی طلوع کرے گا اور ظلمات میں زندگی بسر کرنے والوں کو بھی اپنی شعاعوں سے نورانی بنائے گا۔ حتیٰ کہ آہستہ آہستہ کرۂ معمور کے لوگ اسلام کو اختیار کرلیں گے اور دنیا میں دیگر مذاہب کے پیرو اتنی قلیل تعداد میں رہ جائیں گے کہ وہ معدوم کے حکم میں ہوگا۔‘‘

حسب عادۃ مختار مدعاعلیہ نے غیرمتعلق اور لایعنی تاویلات سے طول دے کر وقت گزاری کی ہے اور اصل مسئلہ کو لاکر مطلب کو خبط کرنا چاہا ہے۔ اس مسئلہ پر ہیڈنگ یہ تھا کہ: ’’اپنی فتح کو رسول اللہﷺ کی فتح پر ترجیح دینا۔‘‘ عدالت خود غور فرمائے کہ بلاکسی تاویل کے یہ مضمون مرزاصاحب کی عبارت اور ان کے ترجمہ سے واضح ہے اور جس کتاب کا حوالہ ہے یعنی خطبہ الہامیہ اس کا موضوع یہی ہے کہ اپنی فضیلت رسول اللہﷺ اور ان کے زمانہ پر ثابت کی جائے۔ اصل عبارت اوّلاً معہ مرزاصاحب کے ترجمہ کے ملاحظہ ہو۔

’’وقد مضی وقت فتح مبین فی زمن نبینا المصطفیٰ وبقی فتح آخر وھو اعظم واکبر واظھر من غلبۃ اولیٰ وقدران وقتہ وقت المسیح الموعود من اللہ الرؤف الودود وارحم الراحمین والیہ اشار فی قولہ تعالیٰ سبحان الذی اسریٰ بعبدہ لیلا من المسجد الحرام الی المسجد الاقصا الذی بارکنا حولہ ففکر فی ھٰذہ الایۃ ولا غر کالغافلین‘‘

ترجمہ حسب ذیل ہے: ’’اور ظاہر ہے کہ فتح مبین کا وقت ہمارے نبی کریم کے زمانہ میں گزر گیا اور دوسری فتح باقی رہی اور وہ پہلے غلبہ سے بہت بڑی اور زیادہ ظاہر ہے اور مقدر کہ اس کا وقت مسیح الموعود کا وقت ہو اور اسی طرف خدائے تعالیٰ کے اس قول میں اشارہ ہے کہ ’’سبحان الذی اسریٰ بعبدہ‘‘ اس آیت میں فکر کر اور غافلوں کی طرح مت گزر۔‘‘ (خطبہ الہامیہ ص۱۹۳،۱۹۴، خزائن ج۱۶ ص۲۸۸،۲۸۹)

اب عدالت خود ہی ملاحظہ فرماوے کہ مرزا صاحب کس فخر سے اپنے زمانہ کی فتح کو بزعم خود حضور کی اس فتح مبین پر ترجیح دے رہے ہیں جس کی شہادۃ باری تعالیٰ نے ''**انا فتحنا لک فتحامبینا** (الفتح:۱)'' دی اور ''**الیوم اکملت لکم دینکم واتممت علیکم**...... **الخ!** (المائدۃ:۳)'' سے اس کی رجسٹری کردی اس فتح مبین کی عظیم الشان بشارت آدم علیہ السلام سے لے کر عیسیٰ علیہ السلام تک کسی نبی کو میسر نہ ہوئی۔ حتیٰ کہ خود حضرت محمد ﷺ نے اس فتح کے وقت اعلان فرمایا کہ آج شیطان اس بات سے مایوس ہوگیا کہ اللہ کے گھر میں اس کی پرستش کی جاوے۔ تعجب ہے کہ چودھویں صدی کے مدعی نبوت اور مکفر امت جس نے چالیس کروڑ پرستاران توحید اور غلامان سرور دو عالم فخر بنی آدم ﷺ کو یک لخت صرف اپنے نہ ماننے کی وجہ سے کافر دائرہ اسلام سے خارج کردیا۔ اپنے نہ ماننے والوں کو سور حرامی ولد الزنا بنایا۔ ان کی عفت مآب مستورات کو کتیاں بنایا، اسلامی توحید دنیا سے نابود کرنے اور شان رسالت محمدیہ ﷺ کے مٹانے میں کوئی دقیقہ اٹھا نہ رکھا۔ علماء اسلام جو اس کی اس اسلام دشمنی کا پردہ بے نقاب کرتے ہیں، انہیں بدذات فرقہ مولویاں اور گندے گندے خطابات عطاء کئے۔ غرض بجائے اسلام کی ترقی کے معدودے چند اپنے ہم نوا کفر نواز مسلمان باقی رکھ۔ باقی سب کو کافر اور بزعم خود دائرہ اسلام سے خارج کردیا۔ اپنے زعم باطل میں اسلام اور خدا کے مشن کو شکست دی جو تیرہ سو سال میں کوئی بھی نہ دے سکا۔ اس پر ''ستم ظریفی کہ سرور دو عالم فخر بنی آدم ﷺ کی فتح مبین پر میری فتح بہت زائد راجح اور غالب وظاہر ہے۔ پھر مبین تک قناعت نہ کی بلکہ اللہ پر بھی افتراء اور بہتان باندھ کر کفر کی تکمیل کردی کہ میری اس فتح پر خدا نے ''**سبحان الذی اسریٰ بعبدہ لیلا من المسجد الحرام**...... **الخ!**'' کی آیت میں اشارہ فرمایا ہے۔ جو شخص مسلمان کے گھر پیدا ہوا وہ جانتا ہے کہ یہ آیت کریمہ حضور اکرم ﷺ کے معراج جسمانی کا بیان ہے۔ چونکہ خود مرزا صاحب اس کے منکر ہیں۔ اس لئے اس آیت میں وہی توہین سرور دو عالم ﷺ کا اشارہ بتارہے ہیں کہ میری فتح حضور اکرم ﷺ کی فتح پر بہت زیادہ غالب وراجح ہے۔ اتنی واضح عبارت کے ہوتے ہوئے۔ مختار مدعاعلیہ کی طول لاطائل تاویلات قابل التفات ہی نہیں۔ علاوہ اس کے اس کا تو اقرار ہی ہے کہ مرزا صاحب کی فتح مبین حضور فخر دو عالم ﷺ کی فتح پر غالب وراجح ہی ہے۔ ہاں! یہ تاویل کررہا ہے کہ مسیح کے زمانہ کا غلبہ سب کے نزدیک اس سے بڑھ کر ہوگا۔ وغیرہ وغیرہ! حالانکہ یہ صریح مغالطہ ہے۔ آنحضرت ﷺ کی فتح مبین اور آپ کے بابرکت زمانے سے بڑھ کر کوئی بابرکت اور فتح وعزت کا زمانہ ہو ہی نہیں سکتا۔ جیسا کہ آنحضرت ﷺ خود ہی فرمارہے ہیں: ''**خیر القرون قرنی ثم الذین یلونھم ثم الذین یلونھم** (بخاری شریف)'' میرا زمانہ تمام قرنوں سے بہتر ہے۔ پھر وہ جو اس کے قریب آئے۔ پھر وہ جو اس کے بعد آئے بس۔

حضور ﷺ وخلفاء راشدین کا زمانہ وہ تھا کہ ربع مسکون کے مراکز پر پرچم اسلام لہراتا تھا اور علاوہ دینی ترقیوں کے صاحب تخت وتاج تھے اور آج مسلمانوں اور اسلام پر جو مصائب وآلام ٹوٹ رہے ہیں۔ اس سے کوئی باخبر انسان ناواقف نہیں۔ جہاں سے کبھی اللہ اکبر کی صدائیں آتی تھیں، وہاں آج گرجا کے ناقوس کی آوازیں آرہی ہیں۔ مسجد ابا صوفیہ اور اسپین کے صرف حالات پڑھنے اور تو اور خود بزعم خود مسیح موعود نصاریٰ کے مٹانے اور پرچم اسلام لہرانے اور اسلام ہی دنیا میں پھیلانے آئے تھے۔ تمام پرستاران توحید کو اسلام سے بزعم خود خارج کر کے خود اور ان کے امتی نصاریٰ کے غلام بنے ہیں اور اس پر اس قدر نازاں ہیں کہ نصاریٰ کی تائید میں ستر الماریاں تصنیف کر کے بھردی ہیں۔ جب بغداد شریف مسلمانوں سے نکل کر نصاریٰ کے قبضہ میں گیا تو اس پر چراغاں کیا اور مبارک باد، خوشیاں منائیں۔ ملکہ معظّمہ کو عیسائی سطوت پر مبارک باد کا عریضہ لکھا کہ: ''یہ عریضہ مبارک بادی اس شخص کی طرف سے ہے کہ جو یسوع مسیح کے نام پر ہر طرح کی بدعتوں سے دنیا کو چھوڑانے آیا ہے۔'' (تحفہ قیصریہ ص۱، خزائن ج۱۲ ص۲۵۳)

’’جہاد جیسے پاکیزہ مسئلہ کو محض خوشنودی نصاریٰ اور گورنمنٹ برطانیہ کے واسطے خراب بتا کر ممنوع قرار دیا اور رسائل اس کے خلاف عربی وفارسی لکھ کر ممالک اسلامیہ میں صرف خوشنودی نصاریٰ کے لئے شائع کئے۔‘‘ ملاحظہ ہو(کتاب البریہ ص۷،خزائن ج۱۳ص۷،۸) نصاریٰ کی حکومت کو اللہ کی رحمت اور اس زمانہ کو مذہبی لحاظ سے رسول اللہ ﷺ کے بابرکت زمانہ سے بڑھ کر بتایا جس کی تفصیل آگے اپنی جگہ آئے گی۔ غرض یہ کہ تمام مسلمانوں کا متفقہ عقیدہ ہے کہ حضور ﷺ کا زمانہ اور پھر خلفاء راشدین کا زمانہ ہر لحاظ سے بالاتر ظاہری وباطنی فتوحات سے پر ہے۔ اس سے بڑھ کر ناممکن ہے ہاں حدیث میں ہے کہ خیرالقرون کے بعد ایک زمانہ آنے والا ہے کہ جس میں جھوٹ فریب شائع ہوجائے گا اور امانت کی جگہ خیانت رائج ہوگی۔’’**ثم یاتی من بعدھم قوم یخونون ولا یوقنون** (بخاری شریف)‘‘

پھر یہ درمیانی فتنے حضرت امام مہدی اور سیدنا عیسیٰ ابن مریم کے ہاتھوں پر اختتام پذیر ہوں گے۔ یہ آج تک کوئی بھی نہ سمجھا کہ ان کا زمانہ آنحضرت ﷺ کے زمانہ اور ان کی فتوحات سرور عالم ﷺ کے فتوحات پر راجح ہوں گے یہ محض افتراء اور کذب خالص ہے۔

حضرت مولانا اسماعیل شہید کی (منصب امامت ص۵۶) سے ٹکڑا کاٹ کر پیش کیا۔ علاوہ اس کے قطع برید میں بہت کچھ اصل مطلب سے فوت ہوگیا۔ پھر بھی اس میں کہیں اس منحوس مضمون کا پتہ نہیں کہ امام مہدی کا زمانہ یا ان کی فتح آنحضرت ﷺ کے زمانہ کی فتح مبین پر راجح وغالب ہوگی۔ وہاں تو صرف یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے’’**ھو الذی ارسل رسولہٗ بالھدی و دین الحق...... الخ!** (الفتح:۲۸)‘‘ میں غلبہ دین واسلام کا وعدہ فرمایا تھا وہ آپ کے زمانہ میں وقوع پذیر ہوا۔ مگر یہ غلبہ ختم نہیں ہوا، بلکہ جاری رہا اور جاری رہے گا۔ جب تک دنیا ختم نہ ہو اور جب آخر زمانہ میں دنیا کے ختم ہونے پر امام مہدی ظہور فرماویں گے تو چونکہ دنیا تمام ہوچکی ہے۔ ان کے ہاتھوں یہ غلبہ بھی انجام کو پہنچ جائے گا۔

یہ مختار مدعا علیہ کا اپنا اختراع ہے کہ ان پر اختتام ہوگا۔ لہٰذا وہ پڑھ گئے۔ اسی طرح قرآن مجید میں ہے:’’**یاایھا الناس انی رسول اللہ الیکم جمیعاً** (الاعراف:۱۵۸)‘‘ حضرت مولانا شہید فرماتے ہیں کہ حضرت کی رسالت قیامت تک کے لوگوں کے لئے عام ہے۔ حضرت نے اپنے زمانے میں خود بلاواسطہ تبلیغ کی۔ پھر اس تبلیغ رسالت کا سلسلہ یوماً فیوماً بڑھتا ہوا چلا گیا۔ گو بواسطہ خلفاء راشدین وائمہ مہدیین وعلماء ربانیین واولیاء امت جاری رہا۔ یہاں تک کہ زمانے کے ختم ہونے پر امام مہدی آخر مبلغ اسلام پر سلسلہ تبلیغ ختم ہوگا۔ اس میں نہ معلوم کس طرح مختار مدعا علیہ کو یہ نظر آیا کہ حضرت مولانا شہید امام مہدی کے زمانہ یا ان کی تبلیغ یا فتح کو رسول اللہ ﷺ کی فتح مبین سے بڑھ کر غالب اور راجح بتا رہے ہیں۔ محض اس مغالطہ کے لئے یہ عبارتیں نقل کردیں تاکہ اس مغالطہ سے لوگ سمجھ لیں کہ اور بزرگوں نے بھی ایسا ہی کیا ہے۔ حالانکہ بزرگ اس بدیہی بات کے خلاف کوئی منصف مزاج کا فر اور دشمن بھی لب کشائی نہ کرسکے۔

قول مختار مدعا علیہ:

اگر مختار مدعا علیہ یہ سمجھ لیتا کہ نبی کے اتباع کے ذریعہ جو فتوحات اور دین کی ترقیاں حاصل ہوتی ہیں وہ دراصل اس نبی کی طرف منسوب ہوتی ہیں اور اس میں اس نبی کی توہین نہیں۔ بلکہ تکریم واعزاز ہوتا ہے، تو یہ اعتراض نہ کرتا۔

الجواب: اعتراض صرف فتوحات پر نہیں۔ گو فتوحات کیا ہوئیں، مرزاصاحب کے زمانہ میں اسلام اور مسلمانوں کی جو تذلیل ہوئی۔ تاریخ عالم میں اس کی نظیر نہیں۔ سوائے چند اپنے مریدین کے سب مسلمان کافر اور ولدالزنا، دائرہ اسلام سے خارج اور سور بنادیئے گئے۔ بے گناہ بیگمات کتیاں قرار دی گئیں۔ کوئی خدا ورسول کی توہین نہیں جو ان دوست نما دشمنوں کے ہاتھوں عمل میں نہ آئی ہو۔ عیسائیوں کو گندی گالیاں دے کر مجبور کیا کہ باقی اسلام اور ازواج مطہرات پر وہ ناپاک حملے کریں۔ وغیرہ وغیرہ!

اعتراض تو صرف یہ ہے کہ کبھی کسی امتی کی فتح اس کے نبی سرور دو عالم ﷺ کے اس فتح مبین سے بڑھ سکتی ہے۔ جیسے باری تعالیٰ نے ’’انّا فتحالک فتحا مبینا (الفتح:۱)‘‘ کے شان دار الفاظ میں ذکر فرمایا۔

مسلمانوں کا عقیدہ یہ ہے کہ دنیا بھر کے فتوحات ایک پلّہ میں رکھے جائیں اور یہ ’’انّا فتحنالک …… الخ!‘‘ کی فتح مبین جس میں اللہ کا گھر ہمیشہ کے لئے بتوں اور شیطانی تسلط سے پاک کیا گیا۔ ایک پلّہ میں رکھا جائے تو وہی راجح اور غالب رہے گا۔ بلکہ آنحضرت ﷺ کے فتوحات میں سے ادنیٰ درجہ کی فتح بھی تمام عالم کے فتوحات پر راجح اور غالب ہے۔ مگر جن کے قلب سے باری تعالیٰ سرور دو عالم کی عظمت سلب کر کے اس عظمت عظمیٰ ونعمت علیاء سے محروم کر دے وہ اس حقیقت کو کیا سمجھ سکتے ہیں۔ آخر ابوجہل وابولہب پر شان محبوبیت کو پوشیدہ ہے۔ خدا کا فیصلہ ہے کہ قیامت تک وارثان محمدی اور پیروان بولہبی کی جنگ جاری رہے گی۔

باقی (خطبہ الہامیہ ص۲۰۰، خزائن ج۱۶ ص۲۹۷) سے جو ایک ٹکڑا کاٹ کر پیش کیا ہے۔ میں عدالت کی توجہ اس طرف منعطف کرانا چاہتا ہوں کہ وہ خود پورا صفحہ بلکہ ماقبل اور مابعد کو ملا کر ملاحظہ فرمائے کہ اس میں تعریف کجا اور توہین نکلے گی۔ پیش کردہ عبارت سے پہلے (ص۲۰۰) پر بھی یہی موجود ہے۔ ’’اس لئے خدا کے نزدیک اس کا (یعنی مرزاغلام احمد صاحب کا) ظہور نبی مصطفیٰ کا ظہور مانا گیا ہے اور اس کا زمانہ رسول کریم کے زمانے معراج کا منتہا اور خیر الوریٰ کی روحانی تجلّی کا آخری سرا شمار کیا گیا ہے۔‘‘ عدالت خود ملاحظہ فرمائے کہ مرزا صاحب نے اپنا ظہور بعینہٖ حضور ﷺ کا ظہور اور اپنا زمانہ خود حضور ﷺ کے زمانہ کا منتہا اور تجلیات کا آخری سرا قرار دیا ہے۔ کیا اس سے اور بھی بڑھ کر کوئی فضیلت موجب توہین ہوگی۔ کہاں آنحضرت ﷺ کا ظہور، کہاں مرزاغلام احمد صاحب اور کہاں ان کا زمانۂ معراج زمانی اور کہاں یہ چودھویں صدی، سوائے کفر وشرک کے اور کیا ہے؟ غرض یہ کہ عنوان بھی درحقیقت لاجواب ہے۔ گو غیر متعلق اس قدر باتیں مختار مدعاعلیہ نے پیش کر دیں۔ مگر جب تک مرزاصاحب کا رجوع صاف لفظوں میں اس کفریہ عقیدہ سے پیش نہ کیا جاوے کسی تاویل سے مرزا صاحب کا ایمان محمد رسول اللہ پر ثابت نہیں ہوسکتا۔

## آنحضرت ﷺ کی خصوصیات

قول مختار مدعاعلیہ:

مختار مدعیہ نے مرزاصاحب کے مندرجہ ذیل دس الہامات کا ذکر کیا ہے۔

۱…… ’’ھو الذی ارسل رسولہٗ بالھدیٰ ودین الحق لیظھرہ علی الدین کلہ‘‘

۲…… ’’انا اعطیناک الکوثر‘‘

۳…… ’’عسیٰ ان یبعثک ربک مقاما محمودا‘‘

۴…… ’’وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین‘‘

۵…… ’’قل ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی یحببکم اللہ‘‘

۶…… ’’وما ینطق عن الھویٰ ان ھو الا وحی یوحیٰ‘‘

۷…… ’’وما رمیت اذ رمیت ولکن اللہ رمیٰ‘‘

۸…… ’’ماکان اللہ لیعذبھم وانت فیھم‘‘

۹…… ’’لولاک لما خلقت الافلاک (الحدیث)‘‘

۱۰…… ’’سبحان الذی اسریٰ بعبدہ‘‘

ان الہامات کے متعلق مختار مدعیہ نے یہ اعتراض کیا کہ ان میں جن مقامات اور مراتب کا ذکر ہے وہ آنحضرتﷺ کی خصوصیات ہیں اور جو ان خصوصیات کا انکار کرے۔ اس کا آنحضرتﷺ پر ایمان کیسا۔ وہ اگر ہزار مرتبہ بھی **لاالٰہ الااللہ محمد رسول اللہ** کہے تو قابل قبول نہیں۔

سو ان تمام امور کا جواب گواہ مدعا علیہ نمبر۱ کے بیان میں مفصل مذکور ہے اور اس میں ائمہ اور اکابر اولیاء امت محمدیہ کے اقوال سے ثابت کیا گیا کہ اگر کسی پر ان آیات کا القاء ہو جن میں سے خاص آنحضرتﷺ کو خطاب ہو تو بطریق اعتبار یہ مطلب نکالا جائے گا کہ وہ مرتبہ بطریق وراثت جس لائق کہ ملہم ہے۔ علی حسب المنزلتہ اس کو نصیب ہوگا اور اس امر و نہی میں وہ آنحضرتﷺ کے حال میں شریک سمجھا جائے گا۔ اس لئے ملاحظہ ہو (بیان مطبوعہ گواہ نمبر ا مدعا علیہ)

اوّلاً بیان مطبوعہ کوٹ نہیں جس کا حوالہ ہے۔ اکثر جگہ کاٹا گیا ہے اور اس بحث میں اکثر حوالے اسی سے ہیں جو اصل ریکارڈ مسل میں نہیں۔ جیسا کہ آخر میں آئے گا۔

دوسرے مختار مدعا علیہ نے حسب عادت مغالطہ کے لئے ان خصوصیات کے دلانے کی انتہائی کوشش کی ہے اور بلاوجہ قبل از وقت اس جگہ اس بحث کو اٹھا دیا ہے کہ کسی کو قرآنی آیات الہام ہو سکتے ہیں یا نہ حالانکہ قرآنی آیات کا الہام ہونا اور امر ہے جس کی مفصل بحث اپنی جگہ پر آئے گی اور خصوصیات محمدیہﷺ میں کسی غیر کو شریک مان کر نہ صرف خصوصیات محمدیہﷺ بلکہ ان کے واسطے سے اصل ذات وشان محمدیہ اور ان کی رسالت کا انکار اور امر ہے۔ صرف مدعا یہ ہے کہ ان آیات مثلاً: ’’**انا اعطیناک الکوثر** (الکوثر:۱) **عسیٰ ان یبعثک ربک مقاما محمودا** (اسراء:۷۹) **وما ارسلناک الا رحمة للعالمین** (الانبیاء:۱۰۷) **لولاک لما خلقت الافلاک**‘‘ وغیرہ! کے مصداق صرف سید الانبیاء محبوب رب العالمینﷺ ہیں اور یہ خصوصیات ہیں جن میں آپ کا شریک کائنات عالم میں کوئی نہیں نہ جبرئیل ومیکائیل اور نہ ملائکہ مقربین، نہ اولیاء اولوالعزم اور نہ انبیاء علیہم السلام۔ کسی کو شریک ماننا صرف شرک فی الرسالت نہیں بلکہ سرے سے آپ کی خصوصیات کا انکار کر کے آپ کی رسالت ہی کا انکار کرنا ہے جس کے بعد کوئی کتنی ہی مرتبہ **لاالٰہ الااللہ محمد رسول اللہ** زبان پر لائے۔ کلمہ پر ایمان دار نہیں ہوسکتا۔

یہاں مندرجہ بالا امور تنقیح قابل بحث ہیں۔

۱...... کیا کسی شخص کی خصوصیات کا انکار مستلزم اس کے انکار کو ہے۔

۲...... کیا مندرجہ بالا دس (۱۰) القابات وخطابات خصوصیات محمدیہﷺ سے ہیں۔

۳...... کیا مرزا صاحب کے علاوہ کسی نبی و ولی فرشتہ نے اپنے کو ان آیات کا مخاطب اور ان القابات خصوصی میں کسی طور پر اپنے کو یا کسی کو شریک وسہیم مانا ہے۔

<u>الجواب:</u>

۱...... کیا کسی شخص کے خصوصیات کا انکار مستلزم اس کے انکار کو ہے۔ اس کے ثبوت میں میں نے تمہیدی طور پر گواہ مدعا علیہ نمبر۱، مؤرخہ ۲؍مارچ ۱۹۳۳ء کا حوالہ پیش کیا تھا کہ خصوصیات نبویہ پر ایمان لانا ضروری ہے اور انکار خصوصیات انکار ذات ہے۔ اصل الفاظ ملاحظہ ہو۔ ل’’خصوصیات نبویہ پر بھی ایمان لانا ضروری ہے، انکار خصوصیات انکار ذات ہے۔‘‘ (جرح گواہ نمبر۱، مؤرخہ ۲؍مارچ ۱۹۳۳ء)

بحمد اللہ! یہ تنقیح ثابت اور مسلم ہے لہٰذا اس پر کسی دلیل کی حاجت نہیں۔

۲...... کیا مندرجہ بالا دس القابات وخطابات خصوصیات محمدیہ سے ہیں۔‘‘ اصل بحث مخصوص لا نا القابات اور انہیں خصوصی خطابات میں ہے نہ کہ ان کا وہ مفہوم جو اپنے الفاظ میں توڑ موڑ کر ڈالا ہے اور مخصوص ان امتیازی خصوصیات والقابات وخطابات کا مخاطب ومصداق صرف سید المرسلین ﷺ کا ہونا، ایسا بدیہی امر ہے کہ کسی مسلمان کے روبرو اس پر کسی دلیل کے قائم کرنے کی حاجت ہی نہیں۔ کون نہیں جانتا: ’’لولاک لما خلقت الافلاک. وما ارسلناک الا رحمة للعالمین (الانبیاء:۱۰۷) انا اعطیناک الکوثر (الکوثر:۱) عسیٰ ان یبعثک ربک مقاما محمودا (اسراء:۷۹)‘‘ وغیرہ! صرف حضور ﷺ کو خطاب ہے اور حضور کے سواء اس خصوصی انداز میں کسی نبی یا ولی کو خطابات نہیں کئے گئے۔ مگر اس چودھویں صدی کے مدعیان نبوۃ کے دور کی ایک یہ بھی بوالعجبی ہے کہ ان بدیہات پر بھی دلائل پیش کرنے پڑتے ہیں۔

مختار مدعا علیہ نے ادھر ادھر کی غیر متعلق باتیں لاکر معاملہ کو رولانے کی ناجائز سعی انتہا کو پہنچا دی۔ مگر بحمد اللہ ایک حوالہ ضعیف سے ضعیف بھی ایسا پیش نہ کر سکا جس میں مخصوص ان القابات وخطابات سے کسی اور نبی یا ولی کو خواہ بذریعہ الہام خاص ہی سے نوازا گیا ہے۔ کسی بزرگ کا اس مقام سے فیض حاصل کرنا اس سے اپنے قلب کو منور کرنا اور چیز ہے، مگر ان خطابات والقابات مخصوصہ کا مصداق ومخاطب ہونا اور بات ہے۔ اولیاء اللہ اور صوفیائے کرام بعض خدا کی صفت وقدرت سے فیض پاتے ہیں۔ بعض صفۃ خلق سے بعض صفۃ ترزیق سے، مگر وہ مصداق قدیر اور خالق اور رازق تو نہیں ہو جاتے۔ بعض باری تعالیٰ کے مقام جلال سے وابستہ ہوتے ہیں۔ بعض صفۃ جمال سے مگر اللہ کے جلال وجمال کے مصداق یا اس کے شریک وسہیم نہیں کہلاتے نہ ان خدائی القابات کے مستحق ہوتے ہیں۔ اس سلسلہ میں مفصل بحث تو لقب کے تحت میں علیحدہ علیحدہ آئے گی۔ اس جگہ عموماً بحث میں مختار مدعا علیہ نے غیر متعلق حوالوں سے مغالطہ دینا چاہا ہے اوّلاً اسے بے نقاب کرتا ہوں۔ مختار مدعا علیہ نے نتیجہ کے طور پر اپنے مطبوعہ بیان کے حوالے دے کر لکھا ہے کہ ان صفحات میں اس امر کی تائید میں کہ مقام محمود وغیرہ مراتب میں اولیاء اللہ کو حصہ ہے اور اولیاء امت بھی بطریق وراثت اس میں آپ کے شریک ہو سکتے ہیں۔

<u>الجواب:</u> ان کے پیش کردہ حوالہ جات کی حقیقت تو آگے معلوم ہو جائے گی۔

اوّلاً صرف یہ گزارش ہے کہ ان مقامات سے اولیاء اللہ کو حصہ ملنا اور ان کا اس سے وابستہ ہو کر فیض حاصل کرنا اور چیز ہے اور ان القابات وخطابات کا مصداق ومخاطب ہونا اور امر ہے۔ جیسا کہ اوپر عرض کر چکا ہوں۔ ان مقامات سے فیض حاصل کرنا ایسا ہی ہے، جیسے ذات محمدیہ ﷺ سے فیض کا حصہ لینا ہے۔ مگر ذات محمدیہ سے فیض اور حصہ لینے والا عین محمد ﷺ تو نہیں ہوتا۔ اس طرح ان مقامات سے حصہ لینے والا ان خطابات کا مستحق نہیں ہوسکتا۔

غالباً مختار مدعا علیہ صوفیائے کرام کے مشاغل اور ذکر اور اشغال سے نابلد ہے۔ صوفیائے کرام کے بیان مختلف استعاروں کے لحاظ سے مختلف مراقبات سے تعلیم ہوتے ہیں، کوئی مقام فناء کا مراتب ہے، کوئی مقام جہاد کا، کوئی مقام ابراہیمی کا، کوئی موسوی کا، کوئی عیسوی کا، کوئی مقام محمود کا، کوئی مقام دنا فتدلیٰ کا اور ان سے حصہ ملنے کا یہ مطلب ہے کہ یہ مقامات سالک پر منکشف ہو جائیں اور ان کے خصوصی فیض سے اس کا قلب منور ہو جائے کہ ان خصوصی قرآنی امتیازی خطابات والقابات کے مستحق یا شریک وسہیم ہوں گے۔ اس سلسلہ میں مندرجہ ذیل پانچ حوالہ مختار مدعا علیہ نے پیش کئے ہیں۔ (۱) شرح مثنوی بحر العلوم، (۲) ہدیہ مجددیہ، (۳) فتوح الغیب، (۴) دیوان معین، (۵) شرح فصوص الحکم۔ اس میں حوالہ نمبر۲ وہ ہے کہ جرح میں ہر دو گواہ نہ وہ کتاب پیش کر سکے، نہ اس کے مصنف کا نام، مذہب بتا سکے، نہ وہ کوئی مسلم قابل اعتماد کتاب ہے۔ اس کے مصنف ایک معمولی شخص وکیل احمد سکندر پوری ہیں۔

یونہی ہے حوالہ ۳ بھی فصوص الحکم ایک غیر متعارف شرح کا حوالہ ہے صوفیائے کرام کے نزدیک دوسرے شروح کی طرح مسلم ومعتبر نہیں اور نہایت قطع و برید سے پیش کیا ہے۔ باوجود اس کے کسی ایک حوالہ میں یہ نہیں کہ ان مخصوص مذکورہ بالا القابات وخطابات سے اسی انداز پر کسی نبی یا ولی کو نوازا گیا ہو۔ لہٰذا میرے یہ تمام اعتراضات بالکل بدستور لاجواب ہیں۔

تفصیلی جواب:　　حوالہ نمبر۱ شرح مثنوی مولانا روم

پس در آورد کارگہ یعنی عدم تا بہ بنی صنع وصانع را بہم

کی شرح میں مولانا عبدالعلی صاحب بحرالعلوم نے تحریر فرمایا ہے کہ ایک مقام فناء صفات کا ہے جو حدیث قرب النوافل میں بیان ہوا ہے کہ خدا بندے کا کان آنکھ ہو جاتا ہے اور دوسرا مقام فنائے ذات ہے اور تیسرا مقام جمع الجمع وقاب قوسین اور مقام کمال ہے جیسا کہ آیت: ’’ان الذین یبایعونک انما یبایعون اللہ (الفتح:۱۰)‘‘ سے ظاہر ہے کہ جو لوگ تجھ سے بیعت کرتے ہیں۔ وہ خدا سے بیعت کرتے ہیں اور چوتھا مقام مقام احدیت جمع اور اس کو مقام اد نیٰ کہتے ہیں (یعنی خدا سے بہت ہی قریب) جو کہ آیت: ’’وما رمیت اذ رمیت ولکن اللہ رمیٰ (الانفال:۱۷)‘‘ میں بیان کیا گیا ہے یہ لکھ کر فرماتے ہیں: ’’وایں مقام باصالت خاص بخاتم النّبیین است بوراثت وکمال متابعت واکمل اولیاء را ازین حظے است (مثنوی دفتر دوم حاشیہ ص۷۷) کہ اگر یہ مقام اصل میں تو خاتم النّبیین ﷺ کے ساتھ خاص ہے۔ مگر بطور وراثت اور کمال پیروی آنحضرت ﷺ کے اولیاء کو ان مقامات سے حصہ ملتا ہے۔‘‘　　(منقول در بیان گواہ مدعا علیہ نمبر۱)

عدالت خود ہی ملاحظہ فرمائے کہ اس میں مذکورہ بالا دس القابات وخطابات محمدیہ مثلاً: ’’لولاک لما خلقت الافلاک. انا اعطیناک الکوثر. وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین. عسیٰ ان یبعثک ربک مقاما محمودا‘‘ وغیرہ سے کسی ایک خطاب یا لقب کا مخاطب علاوہ ذات محمدیہ ﷺ کسی کو نہیں بتایا گیا نہ کسی کو ان امتیازی خصوصیات مذکورہ میں شریک وسہیم مانا ہے۔ یہاں تو صوفیائے کرام کے مشاغل ومراقبات قرب خداوندی کے مدارج ومقامات مثلاً فنافی الذات، وفنافی الصفات اور مقام جمع الجمع جس کا دوسرا نام مقام کمال اور مقام احدیت جس کا دوسرا نام مقام اد نیٰ ہے۔ چار مقامات کا ذکر ہے۔

کون نہیں جانتا کہ سالک مقام ذات میں عین ذات باری اور مقام صفات میں عین صفت خداوندی، یوں ہی مقام احدیت میں اللہ واحد نہیں ہو جاتا ہے۔ بلکہ مطلب یہ ہے کہ ان میں فنا ہو کر ان کی تہ اور حقیقت تک بقدر طاقت بشریہ رسائی کر لیتا ہے۔ یا وحدۃ الوجود اور ہمہ اوست کے رنگ میں رنگ جاتا ہے۔ پھر فرماتے ہیں کہ یہ انتہائی تقرب کے مقام تک حقیقی اور اصلی رسائی تو محبوب دوعالم ﷺ کے سوا کسی کو میسر نہیں ہو سکتی۔ البتہ آپ کے خدام اور کامل اولیاء اللہ کو آپ کے صدقہ میں کچھ حصہ بقدر مراتب ان مقامات فنا در فناء سے ضرور مل جاتا ہے۔ ورنہ اصل تقرب خداوندی تو صرف محبوب خدا ہی کو حاصل ہے۔ اب اس بحث کو اصل مدعا یعنی خصوصی القابات میں مشارکت سے کس قدر ربط وتعلق ہے، اسے میں عدالت کے امتیاز خصوصی پر چھوڑتا ہوں۔

حوالہ نمبر۲ ہدیہ مجددیہ:

’’وهو المقام المحمود الذی لایشارکه فیه له من الانبیاء والرسل والاولیآء امته‘‘ (ہدیہ مجددیہ ص۷) میں اوّلاً عرض کر چکا ہوں کہ ہدیہ مجددیہ ہماری غیر مسلم کتاب ہے اور اس خوف سے باوجود پیہم مطالبہ کے نہ کتاب پیش کر سکے اور نہ اس کے مصنف کا نام بتا سکے۔ پس ہم اگرچہ اس کے جواب کے مکلّف نہیں۔ مگر صرف اس لئے کہ شاید شائع ہوئے پر بندگان خدا کو اس سے مغالطہ ہو۔ جواب بھی عرض ہے۔

۱...... ''مقام محمود''یعنی مرتبہ ستائش میں گفتگو نہیں، بلکہ گفتگو صرف اس میں ہے۔آیت کریمہ:''عسیٰ ان یبعثک ربک مقاماً محمودا (اسراء:۷۹)''کا مصداق اور مخاطب کون ہے۔مگر ہدیہ مجددیہ کی عبارت میں کوئی بتا نہیں سکتا کہ آیت مذکورہ کا مخاطب آنحضرت ﷺ کے سواء کوئی نبی و ولی ہوسکتا ہے۔بخلاف اس کے قرآن پاک واحادیث نبویہ میں اس کی تصریح موجود ہے کہ اس آیۃ کریمہ کا خطاب صرف نبی کریم ﷺ کو ہے اور یہ آپ کے ایسے خصوصیات میں سے ہے جس میں اوّلین وآخرین میں سے کوئی نبی یا ولی شریک نہیں ہوسکتا۔قرآن حکیم:''ومن اللیل فتھجد بہ نافلۃ لک عسیٰ ان یبعثک ربک مقاماً محموداً (بنی اسرائیل:۷۹)''یہ آیت اپنے سیاق وسباق کے روسے آنحضرت ﷺ کے ساتھ مختص ہے اور اس کا خطاب ہی صرف آپ ہی کو ہے۔تمام قرآن پاک اور احادیث، آثار صحابہ، اقوال ائمہ اور بزرگان دین کے ارشادات میں کہیں اس خصوصی لقب اور آیت کا استعمال کسی اور نبی، ولی، فرشتہ کے واسطے نہیں کیا گیا۔

ہاں! مقام محمود کا مراقبہ صوفیا نے مانا ضرور ہے۔مگر وہ ایسا ہی ہے۔جیسا کہ مقام فنا اور مقام دنیٰ وغیرہ جس کا مدعا صرف اس قدر ہے کہ سالک پر اس کی حقیقت منکشف ہوجاتی ہے اور اس کے فیوض وبرکات کا اس کے آئینہ قلب پر انعکاس اور پرتو پڑتا ہے اور یہی مطلب اولیاء اللہ کو مقام محمود سے حصہ ملنے کا ہے۔ورنہ بتصریح قرآن حکیم یہ خطاب اور اس آیت کے مصداق نبی رحمت رسول اللہ ﷺ ہیں۔کوئی بھی اس کا شریک وسہیم نہیں، بلکہ اس میں کسی کو شریک وسہیم ماننا شرک فی الرسالۃ ہے جس کے بعد کلمہ شریف کے جزو ثانی پر ایمان ناممکن ہے اور ہدیہ مجددیہ میں باوجود غیرمسلم ہونے کے اس آیت کا خطاب اور اس کا مصداق نبی کریم ﷺ کے سوا کسی اور کو قرار نہیں دیا۔جیسا کہ اوپر عرض کر چکا ہوں۔صرف مختار مدعا علیہ نے مغالطہ دیا ہے۔اگر اس آیت کے خطاب اور اس کے مصداق میں کسی کو شریک مان لیا جاوے تو ان احادیث نبویہ کے خلاف ہوگا جو صحت وتسلیم میں اعلیٰ پایہ کی نہیں۔ملاحظہ کے واسطے نمونۃً اس کے متعلق مختصر فیصلہ دربار رسالت ﷺ پیش ہے۔

## مقام محمود کے متعلق سیدالانبیاء ﷺ کا فیصلہ

۱...... ''عن ابی ھریرۃ عن النبی ﷺ فاکسی حلۃ من حلل الجنۃ ثم اقوم عن یمین العرش لیس احد من الخلاق یقوم لک مقام المحمود غیری''(ترمذی شریف ومشکوٰۃ شریف باب فضل النبی ﷺ ص۵۱۵)اس حدیث کے تحت میں لمعات میں شیخ نے تصریح فرمائی ہے کہ یہ مقام محمود ہے۔پس صاف لفظوں میں واضح ہوگیا ہے کہ اس موعود مقام محمود میں کوئی بھی مخلوق میں ایسا نہیں جو اس پر فائز ہوسکے۔سوائے ایک ذات گرامی آنحضرت ﷺ کے جو خاتم النّبیین ہیں۔

۲...... بخاری شریف میں ایک باب پہلے باب:''قولہ عسیٰ ان یبعثک ربک مقاماً محموداً''یعنی صرف اس آیت کا خطاب اور اس کا مصداق قائم اور مخصوص کرنے کے واسطے مستقل باب باندھا۔پھر ایک طویل مفصل حدیث نقل فرمائی ہے جس کے آخری الفاظ یہ ہیں۔''یوم یبعثہ اللہ المقام المحمود''یعنی وہ دن ہوگا کہ جس دن اللہ صرف اپنے حبیب کو مقام محمود پر فائز فرمادے گا۔

(بخاری شریف ج۲ص۶۸۶)

۳...... بخاری ومسلم میں متفقہ احادیث موجود ہے جس میں مفصل شفاعت نبویہ کے ذکر کے بعد یہی آیت:''عسیٰ ان یبعثک ربک مقاماً محموداً (بنی اسرائیل:۷۹)''تلاوت فرما کر ارشاد ہے:''وھذا المقام الذی وعدہ ربکم''

۴...... دارمی شریف میں اس مقام محمود کی تعریف میں یہ لفظ موجود ہیں۔(باب الشفاعۃ مشکوٰۃ ص۴۰۰)''ثم اقوم عن یمین اللہ مقاما لیغبطن الاوّلون والآخرون''(مشکوٰۃ ص۴۹۳)یعنی مقام محمود خدا کے داہنے طرف ہے جو صرف مجھے ملے گا اور اس پر تمام اوّلین وآخرین، اگلے پچھلے بلا استثناء غبطہ اور رشک کریں گے۔

۵...... اور اذان اور اس کی دعاء کی حدیث میں بھی مقام محمود کی تشریح اور صرف آنحضرتﷺ کے ساتھ تخصیص کی تصریح کی ہے۔

## مرزا محمود صاحب خلیفہ قادیان کا فیصلہ

مختار مدعاعلیہ اور اس کے گواہوں کے نزدیک کتاب اللہ اور کتاب الرسول سب مرزا صاحب کے اور ان کے خلفاء کے تابع ہے اور ان کے مقابل دراصل کسی آئینہ یا حدیث کو نہیں مان سکتے۔ ملاحظہ جرح گواہ ۲؍مارچ ۱۹۳۳ء۔ لیکن مرزا محمود صاحب کی تمام تصانیف پر میرا ایمان ہے اور وہ سب کی سب بلا استثناء مسلم ہیں۔ ملاحظہ ہو جرح گواہ ۲؍مارچ ۱۹۳۳ء۔ لہٰذا میں ان کے خلیفہ ثانی کا فیصلہ پیش کرتا ہوں۔ اگر اس آیت کریمہ کا خطاب اور اس کا وعدہ صرف آنحضرتﷺ کو ہے اور یہ حضور کو انعامات الٰہیہ میں سے ایک انعام عظیم ہے۔

''کیونکہ یہ تو رسول اللہﷺ کا وہ مقام ہے جس کی نسبت خدائے تعالیٰ نے فرمایا ہے: ''عسیٰ ان یبعثک ربک مقاما محموداً'' اگر ہمارا رسول کریم سے اس عظیم الشان درجہ کے ذریعہ سے تعلق قائم ہو، جسے اللہ تعالیٰ نے مقام عظیم کے طور پر آپ کے لئے وعدہ فرمایا ہے۔'' (انوار خلافت ص۱۶، انوار العلوم ج۳ ص۸۱)

ہوا ہے مدعی کا فیصلہ اچھا میرے حق میں　زلیخا نے کیا خود پاک دامن ماہ کنعاں کا

(اس سے مندرجہ ذیل امور ثابت ہوئے)

۱...... آیت: ''عسیٰ ان یبعثک ربک...... الخ!'' میں وعدہ الٰہی صرف آنحضرت کے واسطے ہے۔
۲...... یہ مقام محمود رسول کریمﷺ کا بڑا مقام ہے۔
۳...... یہ مقام محمود اللہ تعالیٰ نے آپﷺ کے لئے بطور انعام عطاء فرمایا۔

## نتیجہ

پس مختار مدعاعلیہ کے نزدیک قرآن وحدیث قابل اسناد ہوں یا نہ ہوں۔ ان کے خلیفہ دوم صاحب یعنی مرزا محمود صاحب کا فیصلہ بہرحال ناطق ہوگا۔ اس کے بالمقابل ہدیہ مجددیہ کجا کسی نبی یا ولی کا فیصلہ قابل التفات نہیں۔

لہٰذا ثابت ہوگیا کہ مقام محمود جس کا وعدہ ''عسیٰ ان یبعثک ربک مقاماً محموداً'' میں ہے۔ خصوصیات محمدیہ اور القاب مصطفیٰ سے ایک ایسا امتیازی طغریٰ ہے جس میں کسی کی بھی شرکت نہیں ہوسکتی اور کسی کو اس کا مخاطب سمجھنا۔ جیسا کہ مرزا صاحب نے اس آیت کو چسپاں کیا ہے کہ خدا نے مجھے فرمایا کہ اے مرزا صاحب ''عسیٰ ان یبعثک ربک مقاماً محموداً'' یہ ایسا کھلا ہوا شرک فی الرسالۃ وصریح توہین ہے جس کے بعد کلمہ شریف پر ایمان ممکن ہی نہیں۔

مختار مدعاعلیہ نے مغالطوں کی بہت سعی کی، مگر کسی ایک نبی وولی کجا، کسی عالم، صوفی کے قول سے بھی یہ پیش نہ کرسکا کہ اس نے اپنے یا کسی کے واسطے ''عسیٰ ان یبعثک ربک مقاماً محموداً'' کا استعمال حقیقی یا مجازی، اصلی یا ظلی اور بروزی کی طرح بھی جائز رکھا اور گفتگو صرف لغوی معنی کے لحاظ سے مقام محمود، یعنی قابل ستائش مرتبہ نہیں بلکہ مخصوص اس آیت: ''عسیٰ ان یبعثک...... الخ!'' میں ہے یا اس کے معنی ''اراد اللہ ان یبعثک ربک مقاماً محموداً'' میں۔ پس باوجود اس طویل تقریر کے مرزا صاحب کا کفر وارتداد دور نہ ہوسکا نہ ان کی بے ربط باتوں سے میری بحث کا کوئی بھی جواب ہوسکتا ہے۔

۱...... حوالہ شرح فصوص الحکم شیخ عبدالرزاق قاشانی کا ہے۔ فلہ المقام المحمود! (شرح فصوص الحکم مطبوعہ مصر ص۵۳)

الجواب:

۱...... اوّلاً یہ شرح کوئی معتبر شروح سے نہیں اور نہ ہی ہماری مسلم ہے۔

۲…… خود مختار مدعا علیہ کے مسلم بزرگ علامہ امام عبدالوہاب شعرانی جن سے زائد شیخ اکبر کا کلام کوئی سمجھ نہیں سکتا۔ نیز مرزا محمود صاحب خلیفہ قادیان مقام محمود آنحضرت ﷺ کے خصوصیات سے بتارہے ہیں۔ ملاحظہ ہو (یواقیت وانوار خلافت)

۳…… مختار مدعا علیہ اور گواہان مدعا علیہ نے **فله المقام المحمود** کا ٹکڑا دیدہ ودانستہ کاٹا ہے تاکہ بے ربط ہوکر مغالطہ کے لائق ہوسکے۔ ورنہ آیت: ''**عسیٰ ان یبعثک ربک…… الخ!**'' کا یہاں کوئی ذکر ہی نہیں، بلکہ صرف یہ مطلب ہے کہ امام مہدی کا ایک بڑا مرتبہ قابل تعریف ستائش ہے۔ اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ آیت مذکورہ کا موعودہ مقام ان کو دیا جاسکتا ہے۔ یا وہ بھی اس کے مخاطب ومصداق ہوسکتے ہیں۔ لہٰذا یہ حوالہ یہاں بالکل بے ربط ہے۔ اس میں مابہ النزاع کے متعلق اشارہ تک نہیں۔

۴…… حوالہ فتوح الغیب کا ہے۔ سید عبدالقادر جیلانی فرماتے ہیں کہ انسان ترقی کرتے کرتے اس مقام پر ہوجاتا ہے کہ وہ ہر رسول ونبی وصدیق کا وارث ہوجاتا ہے۔ (فتوح الغیب مقالہ۴۴، ص۲۳)

الجواب: گو یہ ترجمہ نہیں بلکہ حاصل مطلب اور یہ بھی ماقبل ومابعد سے بے ربط قطع وبرید اور خیانت سے پر ہے۔ تاہم مختار مدعا علیہ کو ذرہ برابر مفید نہیں، بلکہ سمجھ میں نہیں آتا کہ مختار مدعا علیہ نے یہ غیر متعلق حوالہ کیوں پیش کیا۔ یہاں نہ تو مقام محمود یا خصوصیات عشرہ کا ذکر ہے۔ نہ کسی خصوصیات سے کسی نبی یا ولی کی شرکت کا تذکرہ یہاں تو صرف اس قدر ہے کہ انسان تمام تعلقات غیراللہ چھوڑ کر جب اللہ اور اس کے رسول ﷺ کا ہوجاتا ہے تو انبیاء وصدیقین کا وارث ہوتا ہے۔

اور ظاہر ہے کہ نبی کی وراثت نہ تو دینار ودراہم میں ہے نہ کسی مقام کی مشارکت میں بلکہ وراثت انبیاء کا مطلب صرف اس قدر ہے کہ نبیوں کے علوم سے فیضیاب ہو۔ اس پر سرکار مدینہ ﷺ کی خود شہادت پیش کرتا ہوں۔ ''**ان العلماء ورثة الانبیاء وان الانبیاء ولم یورّثوا دیناراً ولا درهما وانما ورّثوا العلم فمن اخذه اخذ بحظ وافر**''

(مسند احمد، ترمذی شریف، ابوداؤد شریف، ابن ماجہ، دارمی، مشکوٰۃ کتاب العلم)

یعنی علماء انبیاء کے وارث ہیں اور انبیاء کی وراثت دینا ودرہم وغیرہ میں نہیں ہے ان کی وراثت صرف ایک علم میں ہے اور کسی شئے میں نہیں۔ بس جس نے ان کا علم حاصل کیا اس نے ان کی وراثت کا بڑا حصہ حاصل کرلیا۔ یوں ہی بخاری شریف میں باغ فدک کے سلسلہ میں ہے کہ ہم انبیاء کے گروہ کی وراثت کسی دینار ودرہم میں نہیں جاری ہوتی، بلکہ صرف علمی وراثت ہے۔ علم کے سواء اور کسی شئے میں وراثت انبیاء ورسل جاری ہی نہیں ہوسکتی۔

پس حضرت شیخ الطائفہ سید عبدالقادر جیلانی کے ارشاد کہ ہر نبی ورسول کا وارث ہوجاتا ہے۔ صرف اس قدر ہے کہ انبیاء ورسل کے علم سے بقدر مراتب حصہ پاتا ہے اور ان کے فیوض وبرکات سے مستفیض ہوتا ہے۔

یہ کفریہ مطلب ہرگز نہیں جو مختار مدعا علیہ لے کر عدالت کو مغالطہ دینا چاہتا ہے کہ ان کے خصوصی مراتب میں شریک وسہیم ہوجاتا ہے۔ ورنہ پھر ہر ولی کو سید الرسل، فخر بنی آدم، شفیع المذنبین، رحمۃ للعالمین، محبوب رب العالمین ماننا پڑے گا اور اسے مرزا صاحب کے مریدین تو تسلیم کریں گے۔ مگر کوئی مسلمان جس کے دل میں ذرہ برابر ایمان ہو کسی مقرب سے مقرب کو اللہ تعالیٰ کے آخری نبی، محبوب خاص، سردار دوعالم ﷺ کا شریک وسہیم تسلیم نہیں کرسکتا۔ بلکہ اسے سخت ترین توہین بارگاہ رسالت کی خیال کرے گا۔

پانچواں حوالہ: (دیوان معین ص۴۷)

ازیں حضیض دناءت چو بگذری شاید　　کہ تا دنیٰ فتدلیٰ صعود خود بینی

الجواب: اس میں کہیں کوئی بھی اشارہ مابہ النزاع امور کی جانب نہیں اور یہ شعر محض صوفیاء کرام کی اصطلاح سے ناواقفی کی بناء پر یہاں مختار مدعاعلیہ نے نقل کردیا۔ ورنہ صوفیاء کرام کی اصطلاح میں مقام فناء اور بقاء کا آخری مقام دنا فتدلیٰ ہے اوراس پر صعود سے مراد دنیوی تعلقات کا انقطاع اور رب العزۃ سے تعلق کا انتہائی استوار ہونا ہے۔ اس سے یہ ہرگز مطلب نہیں کہ وہ رسول اللہ ﷺ کے عیاذاً باللہ! شریک وسہیم ہوجاتے ہیں۔ اس کی مزید تشریح کے لئے ردیف الباء کی پہلی غزل ملاحظہ ہو۔

نیز حضرت خواجہ صاحب فرقہ وجودیہ ہمہ اوست سے تعلق رکھنے والے ہیں جس پر ان کے مندرجہ ذیل اشعار درج ہیں:

کسیکہ عاشق ومعشوق خویشتن ہمہ اوست    حریف خلوت ساقی انجمن ہمہ اوست
اگر بدیدہ تحقیق بنگری دانی    کہ ناظر دل و منظور جان و تن ہمہ اوست
زجام عشق نہ منصور بیخود آمد و بس    کہ دار نیز ہے گفت کہ بار سن ہمہ اوست
ز اعتبار گزرکن کہ ماومن ہمہ اوست

(دیوان معین ص۱۳)

من نمیگویم انا الحق یار میگوید بگو    چوں نگویم چون مرا دلدار میگوید بگو

خواہ اس پیش کردہ شعر کی غزل کا مطلع ملاحظہ ہو۔

اگر بچشم حقیقت وجود خود بنی    قیام جملہ اشیاء بود خود بنی

پیش کردہ شعر کے بعد تیسرا شعر ہے کہ:

بہ بند دیدہ زاعیان کہ تاز عین عیان    وجود دوست چوجان وجود خود بنی

اورمرزاصاحب صوفیاء کرام کے وحدۃ الوجود سے بالکل دوراور علیحدہ ہیں۔ بلکہ اسے اچھا ہی خیال نہیں کرتے اوراپنے خدائی دعویٰ کی بنیاد بھی اس پر رکھنا پسند نہیں کرتے۔ ملاحظہ ہو آئینہ کمالات اسلام۔ پس مرزاصاحب کے کلام کی تائید حضرت خواجہ غریب نواز کے کلام سے کرنا صرف خواجہ صاحب کے مشرب سے ناواقفی بلکہ خودمرزاصاحب کے مذہب سے بھی ناواقفی کا ثبوت ہے۔ خلاصہ یہ کہ یہ شعر بھی مختار مدعاعلیہ کے لئے مفید نہیں بلکہ مسئلہ متنازعہ سے بالکل بے ربط ہے۔

چھٹا حوالہ (کتاب الاثبات الالہام والبیعۃ ص۱۴۲،۱۴۳، مؤلفہ مولوی عبدالجبار غزنوی)''اگر الہام تاشریک سمجھا جائے گا۔''

الجواب:

۱...... مدعیہ اوراس کا گروہ مقلد حنفی ہے اورمولوی عبدالجبار غزنوی غیرمقلد وہابی بلکہ تقلید شخصی کے شرک سمجھنے والوں کے سرگردہ ہیں۔ لہٰذا ان کا کوئی حوالہ جب کہ ان سے اصولی اختلاف ہے ہم پر حجت نہیں جس طرح اسلامی قربانی یا اروپی تصانیف باوجود احمدی مصنف ہونے کے مختار مدعاعلیہ نے تسلیم نہ کیا۔

۲...... مولوی عبدالجبار غزنوی کوئی بڑے عالم بھی نہیں۔ بلکہ اپنے زمانہ کے عالموں میں متوسط درجہ میں شمار ہیں۔

۳...... قرآن پاک واحادیث واقوال بزرگان سے خصوصیت ثابت ہونے کے بعد مولوی عبدالجبار کا انکار محض لغو ہے۔

۴...... مولوی عبدالجبار نے اس سلسلہ میں جو آیات نقل کی ہیں وہ خصوصی القاب کی حد کی نہیں۔ گو ضمیر خطاب مخصوص ہو۔ بخلاف ہماری پیش کردہ آیات:''وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین (الانبیاء:۱۰۷) عسیٰ ان یبعثک ربک مقاما محموداً (بنی اسرائیل:۷۹)''وغیرہ!

یہ آیات اوراس طرح خصوصی ’’لولاک لما خلقت الافلاک‘‘ وغیرہ خصوصی القاب ہیں۔ جب کہ دنیوی خطابات والقابات کسی دوسرے کے واسطے بتاویل استعمال کرنا بھی قانوناً جرم ہے تو خداوندتعالیٰ نے جو خطابات اپنے مخصوص حبیب، سیدالانبیاء، فخر بنی آدم کو عطاء فرمائے ہیں، وہ کیونکر دوسرے کے لئے استعمال ہوسکیں گے۔

ساتواں حوالہ (فتوح الغیب مقالہ ۲۸) ’’ثم ترفع الی الملک الاکبر فتخاطب بانک الیوم لدینا مکین امین‘‘ یعنی جب تو مرتبہ فناء میں کمال کو پہنچ جائے گا تو تیرا خدا کی طرف رفع کیا جائے گا اور خداتعالیٰ تجھے مخاطب کرے گا کہ: ’’انک الیوم لدینا مکین امین‘‘

الجواب: ’’انک الیوم لدینا مکین امین‘‘ کسی نبی کا خصوصی لقب خدا کا دیا ہوا نہیں بلکہ یہ وہ فقرہ ہے کہ عزیز مصر نے سیدنا یوسف علیہ السلام کو جیل سے بلا کر فرمایا تھا کہ: ’’انک الیوم لدینا مکین امین (یوسف:۵۴)‘‘ آج سے آپ میرے نزدیک باعزت اور امانت دار ہیں۔

پس نہ تو یہ باری تعالیٰ کا عطاء کیا ہوا خطاب ہے، نہ کوئی لقب نہ نبی کریم ﷺ کی خصوصیات سے اس کا کوئی تعلق ہے۔ لہٰذا یہ حوالہ اس جگہ بالکل بے ربط ہے۔

آٹھواں حوالہ: (مقامات امام ربانی مطبوعہ دہلی ص۱۳۶)

’’مجدد الف ثانی کے سب سے چھوٹے فرزند حضرت شاہ محمد یحییٰ کے تولد سے پہلے حضرت مجدد صاحب کو الہام ہوا تھا۔‘‘ انا نبشرک بغلامٍ اسمہ یحییٰ‘‘ اسی رعایت سے ان کا نام محمد یحییٰ ہوا۔

الجواب:

۱...... مقامات امام ربانی غیرمسلم کتاب ہے جو نہ حضرت مجدد صاحب کی تالیف ہے نہ ان کے کسی مستند خلیفہ کی بلکہ ان کے سلسلہ کے ایک مرید کی کتاب ہے جس میں ان کے کچھ حالات قلم بند ہیں اور اہل سلسلہ کے نزدیک اس میں رطب ویابس امور بھی ہیں۔

۲...... اس میں کوئی خصوصی لقب یا خطاب کسی دوسرے کے واسطے استعمال نہیں ہوا۔ بلکہ جس طرح حضرت زکریا علیہ السلام کو ایک بیٹے کی بشارت دی گئی تھی۔ اس طرح حضرت مجدد صاحب کو بھی ایک بیٹے کی بشارت دی گئی اور بشارت کی مشارکت کا کوئی اعتراض نہیں۔ بلکہ خصوصی لقب اور خطاب کی شرکت کا سوال ہے۔ وہ اور انبیاء کے ساتھ نہیں بلکہ سیدالانبیاء ﷺ کے ساتھ۔ کیونکہ اور انبیاء کے ساتھ تو علماء امت محمدیہ کو بھی ایک قسم کا ارتباط حاصل ہے۔ جب کہ خود آنحضرت ﷺ فرماتے ہیں: ’’علماء امتی کانبیاء بنی اسرائیل‘‘ میری امت کے علماء بنی اسرائیل کے انبیاء کی طرح ہیں۔ پس یہ حوالہ بھی امر متنازع ہے، غیرمتعلق ہے۔

نواں حوالہ: (علم الکتاب خواجہ میردرد ص۶۱)

’’الحمدﷲ الذی جعلنی حاکماً فی المؤمنین ببرکۃ المحمدیۃ الخالصۃ وقوۃ لنسبۃ التقریب مع اللہ ورسولہ علیہ الصلوٰۃ والسلام وامرنی فی قلبی بالھام الخاص ان احکم بینھم من احکام اللہ تعالیٰ وادعھم الی الطریقۃ المحمدیۃ بما انزل اللہ فی کتابہ من ا لآیات التی ھی الشاھدات البینات علی حقیقتک ولا تتبع اھواء ھم واستقم کما امرت فان تولوا عن طریقتک الحق فقل حسبی اللہ۔ انما یرید اللہ ان یصیبھم بما وعدہ للفاسقین وان کثیرامن الناس لفاسقون۔ اوحکم الجاھلیۃ یبغون فی زمان یحکم اللہ بایاتہ ما یشاء حسب رضاء فی رسولہ محمد علیہ الصلوٰۃ والسلام علیٰ لسان المحمدیین الخالصین ومن احسن من اللہ حکما لقوم

یوقنون واذا قیل لھم تعالوا الی ما انزل اللہ فی القرآن واسمعوا کیف اقتبس بالایات وابلغکم دعوتہ الحقۃ ما دعاکم احد الی الان علیٰ ھٰذا النھج المرضی وتعالوا الی رسولہ واختاروا المحمدیۃ الخالصۃ التی ھی الطریقۃ الحقہ قالوا حسبنا ما وجدنا علیہ اٰباء نا من الطرق الاخر. اولو کان اباء ھم لا یعلمون شیئا ولا یھتدون ھٰذا ما امرنی اللہ ببیانہ وحکمنی ان احکم بہ بینکم فحکمت بحکمۃ بینکم بالقسط ان اللہ یحب المقسطین. وارانی ربی آیتہ الکبری واعطانی کلماتہ العلیا واتانی ھٰذا الکتاب ونادانی بالخطاب حیث قال لی یا خلیفۃ اللہ ویا آیاۃ اللہ انی شھدت بعبودتک فاشھد انت بالوھیتی وانک عبدی ومقبولی ومقبول رسولی، قلت یا رب اشھد ان لا الہ الا انت واشھد انک علی کل شئ شھید. انت الٰھی ومعبودی ولیس سواک مقصودی، اناعترۃ حبیبک وبضعۃ عند لیس بک وقال یا عبداللہ ویا عارف باللہ انی جعلتک مظھراً جامعاً لکل ظھوری الیٰ. فاذھب بایاتی الیٰ کل مخلوقاتی ودعوتک من الجمع الالٰھی و الجمع المحمدی فمن اطاعک فقد اطاع اللہ والرسول قلت یا رب قبلت جمیع احکامک ودعوت الخلق الی دینک واسلامک فاھدھم الی والی ابی لاھدیھم الیک والی رسولک وانت تھدی من تشاء وقال یامورد الواردات ویا مصدر الآیات انا جعلناک ایۃ للناس لعلھم یرشدون ولکن اکثر الناس لا یعلمون قلت یا رب تعلم ما فی نفسی ولا اعلم ما فی نفسک ان تعذبھم فانھم عبادک وان تغفرلھم فانک انت العزیز الحکیم وقال قل لوکانت الحقیقۃ زائدۃ مماکشفت علیّ لاظھرھااللہ علیّ لانہ تعالیٰ اکمل لی الدین واتم علی نعمتہ ورضی لی الاسلام دینا ولو کشف الغطاء ما ازددت یقینا ان ربی لذو فضل عظیم'' (بحوالہ جرح ۱۱؍مارچ ۱۹۳۳ء)

اسی جرح میں گواہ مدعا علیہ نمبر۱ کے الفاظ ذیل بھی ملاحظہ ہوں۔اس عبارت میں یہ فقرہ ہے:''واسمعو نمبرا کیف اقتبس بالایات۔(ترجمہ) سنو میں کس طرح آیات سے اقتباس کرتا ہوں۔''

الجواب: اس کے خط کشیدہ الفاظ ملاحظ ہوں۔اس میں کہیں یہ نہیں کہ آیات ان پر نازل ہوئیں بلکہ یہ تصریح موجود ہے کہ:''واسموا کیف اقتبس بالایات''سنو میں کیسے (بے تکلف) آیات قرآنیہ کا اقتباس کرتا ہوں اور اسی (علم الکتاب ص۳) پر خود ہی اقتباس کی یہ تعریف فرماتے ہیں کہ:''باید دانست کہ آیات قرآنیہ واحادیث نبویہ را مندرج درعبارت آوردن والفاظ ومعانی آنہا را بدیگر حروف مطالب ربط وادن ویا بعض کلمات ازاں نگاشتن وآنرا علامات واشارت برتمامش داشتن صنعت اقتباس است۔''والاقتباس ھو ان یتضمن الکلام نظماً او نثراً شیئاً من القرآن اوالحدیث ودرکلام محقیقن وفصحا''می آید کسی کہ واقف علم فصاحت وبلاغت است می داند وازانجا کہ بنیاد معارف ومطالب محمدیان خالص برکلام اللہ واحادیث است ونور معرفت کہ ایشان مقتبس ازمشکوٰۃ نبوۃ بہدایت ہادی علیم ورسول کریم اکثر جا ہا عبارت این متن وشرح ہمیں قسم است کہ اظہار مطالب بکلام اللہ واحادیث رسول او بارتباط تمام بآن مقام کردہ شدہ ھذا من فضل ربی علی ماقتبس من کلامہ بلا تکلف وھو ھدانی الیٰ ھٰذا السبیل وذلک من آیاتہ الباھرۃ وتائیداتہ الظاھرۃ وان فی ذالک لایات لاولی النھٰی والسلام علی من اتبع الھدیٰ وچہ جائے اقتباس ازکلام اقوال کہ اوسبحانہ سادات محمد یہ را در تمام احوال شرف اقتباس واتباع وادہ است وہمان ذات پاک''لولاک لما خلقت الافلاک'' کہ عموماً باعث ایجاد ہمہ موجودات امت خصوصاً نیز علت ہستی ووجود ایشان ظاہراً وباطناً افتادہ است وتصریح این معنی برائے آن کردہ شدہ تا کدام جاہل ناواقف ازحقیقت تصرف درآیت وحدیث نہ فہمد۔(جرح ۱۱؍مارچ ۱۹۳۳ء) اس میں صاف تصریح ہے کہ کلام اللہ کے فقرہ اور

آیات بطور اقتباس کے اپنے کلام میں لائے ہیں۔ نیز (ص۶۴) پر واکتب الایات فی کتابک والقه الی الناس ثم تول منهم بالتجاهل العارف فانظر نا ما ذا یرجعون ’’یعنی اور آیات کو اپنی کتاب میں لکھ اور اسے لوگوں کو پہنچا۔‘‘

پس یہ آیات ان پر مکرر نہیں اتریں بلکہ اللہ نے الہاماً یہ حکم فرمایا کہ قرآن کی آیات کا اقتباس کر کے اپنی کتاب میں لکھ کر لوگوں کو تبلیغ کرو۔

الجواب: اس سے مختار مدعا علیہ یہ ثابت کرنا چاہتا ہے کہ آیات قرآنیہ مکرر الہاماً بزرگان دین پر نازل ہیں اور اس میں وہ ہی مخاطب ہوا کرتے ہیں۔ وغیرہ وغیرہ!

یہ بحث مفصل ان شاء اللہ تعالیٰ! وحی کے سلسلہ میں آئے گی۔ یہاں صرف اس قدر گزارش ہے کہ مختار مدعا علیہ کا یہ دعویٰ کہ آیات مندرجہ علم الکتاب الہاماً مکرر ان پر نازل ہوئیں۔ محض حضرت خواجہ میر درد پر افتراء ہے اور بہتان ہے۔ جرح میں اس کے متعلق کافی مواد ہے جو اپنی جگہ پر آئے گا اور بہت کچھ بحث ابتدائی میں پیش ہو چکا۔ یہاں انہیں دونوں پیش کردہ کوٹیشنوں سے یہ ثابت ہے کہ یہ آیات قرآن کی اتری ہوئی ہیں۔ قرآن ہی سے لے کر اقتباس کے طور پر یہاں مستعمل ہوئی ہیں، مکرر الہاماً نازل نہیں ہوئیں۔

پہلے کوٹیشن کے ابتدائی الفاظ: ’’ان احکم بینهم من احکام اللّٰہ تعالیٰ وادعهم الی الطریقة المحمدیة بما انزل اللّٰہ فی کتابه من الآیات …… الخ!‘‘

’’یعنی اللہ تعالیٰ نے الہام فرمایا کہ ان مسلمانوں میں اللہ کے احکام سے فیصلہ کیجئے اور طریقہ محمدیہ ﷺ کی جانب انہیں ان آیات سے دعوت دیجئے جو اللہ نے اپنی کتاب (قرآن پاک) میں نازل فرمائی ہیں۔‘‘ ملاحظہ فرمائیں کس قدر صاف وصحیح عبارت ہے کہ جو قرآن پاک میں اتری ہیں ان کے ذریعہ سے دعوت طریقہ محمدیہ کی مسلمانوں کو دیجئے۔ یہ کہیں نہیں کہ الہاماً مکرر آپ پر آیات مندرجہ ذیل اترتی ہیں۔ بلکہ تصریح ہے کہ اپنے وعظ ودعوت میں وہ آیات استعمال کیجئے جو اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب قرآن میں اتاری ہیں۔ کس قدر عظیم الشان افتراء وبہتان ہے کہ مختار مدعا علیہ کے پیش کردہ حوالہ میں یہ ابتدائی تمہید اور اس قدر واضح فیصلہ ہو اور پھر وہ اس عدالت کو مغالطہ دہی کی ناجائز سعی کرے۔ عدالت کے روبرو اس عظیم الشان کذب بیانی کے بعد اس کی گواہی یقیناً ساقط الاعتبار ہونی چاہئے۔

اور مرزا صاحب بھی فرماتے ہیں: ’’جس کی ایک بات غلط ثابت ہو جائے۔ اس کی دوسری باتوں کا بھی اعتبار نہیں۔‘‘ ملاحظہ ہو: (چشمہ معرفت ص۲۲۲، خزائن ج۲۳ ص۲۳۱)

دوسرے حوالہ کے ابتداء میں ہے: ’’واکتب الآیات فی کتابک ‘‘ قرآن کی آیتیں اپنی کتاب میں لکھو، پھر خدا کے ارشاد کا حوالہ دے کر فرماتے ہیں: ’’قال اللّٰہ تبارک وتعالیٰ (اکذبتم بأیاتی …… الخ!) ‘‘ یہ سب امور تصریح ہیں اس امر کی کہ وہی قرآنی آیات ہیں جنہیں بطور اقتباس کے موقع ومحل پر خدا تعالیٰ کے حکم سے اپنے مضمون میں چسپاں کیا ہے اور خدا تعالیٰ کے حکم سے انہوں نے یہ خدمت رشد وہدایت اختیار کی ہے نہ اپنی رائے سے۔

قول مختار مدعا علیہ:

’’جن آیات قرآنیہ کے متعلق خواجہ نے امرنی فی قلبی بالہام الخاص کہا ہے تو اس سے مراد یہی ہے کہ خدا تعالیٰ نے ان آیات کو آپ کے دل میں الہام کیا ہے۔ الخ!‘‘ کس قدر سفید جھوٹ ہے۔ امرنی فی قلبی بالہام الخاص کے آگے وہ الہام خاص بھی مذکور ہے۔ مختار مدعا علیہ کے قیاس آرائی کی حاجت نہیں۔ ملاحظہ ہو: ’’امرنی فی قلبی بالهام الخاص ان احکم بینهم من احکام اللّٰہ تعالیٰ وادعهم الی الطریقة المحمدیة بما انزل اللّٰہ فی کتابه من الایات …… الخ! ‘‘یعنی میرے قلب میں خاص طور پر اللہ تعالیٰ

نے یہ الہام فرمایا کہ ان لوگوں میں اللہ کے احکام سے فیصلہ کیجئے اور طریقہ محمدیہ کی طرف ان آیات کے ذریعہ سے دعوت دیجئے جو اللہ نے اپنی کتاب (قرآن پاک) میں نازل فرمائی ہیں۔

وہ تو وضاحت فرمارہے ہیں کہ اللہ نے مجھے صرف یہ حکم الہام خاص سے فرمایا کہ قرآن میں جو میں نے آیتیں نازل کی ہیں۔ ان کی بندگان خدا میں دعوت وتبلیغ کیجئے اور مختار مدعا علیہ یہ اٹکل مار رہا ہے کہ: ''اس سے مراد یہی ہے کہ خدا نے ان آیات کو آپ کے دل میں الہام کیا ہے۔''

اب یا تو دانستہ مغالطہ دیا یا سہو ہوگیا یا مختار مدعا علیہ کو اس عبارت کا ترجمہ معلوم نہ تھا۔ غرض حضرت خواجہ میر درد کا دامن تقدس اس افتراء سے پاک ہے۔

مختار مدعا علیہ نے ایک فقرہ اور مغالطہ کے لئے نقل کیا ہے: ''**ولقد القی اللہ علی قلبی من آیات بینات مع انی لست بحافظ القرآن...... الخ!**''

الجواب: یہ بھی مغالطہ ہے وہ محض یہ فرماتے ہیں کہ میرے دل میں اللہ نے قرآن کی آیتیں یاد کرادیں۔ حالانکہ میں حافظ قرآن نہیں۔ پس میں ان کی دعوت وتبلیغ میں مصروف ہوگیا۔ اس کے حکم کے مطابق مصروف ہوگیا اور اب بلا تأمل آیات قرآنیہ اپنے مضمون میں استعمال کرتا ہوں۔ زیادہ توضیح کے لئے (علم الکتاب ص۶۰،۶۳،۶۴،۶۵،۱۱) جرح گواہ نمبر ا مدعا علیہ ۱۱؍مارچ ۱۹۳۳ء پر ملاحظہ ہو۔ غرض یہ کہ یہ حوالہ بھی محض بے سود اور کھلا ہوا مغالطہ ہے۔ مفصل بحث وحی والہام کے سلسلہ میں آئے گی۔ ان شاءاللہ تعالیٰ!

۱...... ''**ھو الذی ارسل رسولہ بالھدیٰ ودین الحق لیظھرہ علی الدین کلہ**'' (حقیقت الوحی ص۷۱، خزائن ج۲۲ ص۷۴)

مختار مدعا علیہ نے حسب عادت اپنے الفاظ میں میرا مدعا نقل کر کے مطلب خبط کرنے کی ناجائز سعی کی ہے۔ میں نے صرف یہ عرض کیا تھا کہ یہ مذکورہ بالا آیہ صرف آنحضرت ﷺ کے واسطے ہے نہ کسی اور نبی اور ولی کے نہ کسی کے واسطے اس کا ہونا ممکن ہے۔

میں نے اپنے دعویٰ کے دو حصے قرار دیئے تھے۔

الف...... اس کا مصداق صرف آنحضرت ﷺ ہیں نہ کوئی اور نبی وولی۔

ب...... اس کا مفہوم یہ بتاتا ہے کہ اس کا مصداق اور کوئی کسی طرح نہیں ہوسکتا۔

## دلیل

الف...... بحث میں مفصل قرآن واحادیث واقوال بزرگان سے یہ تمام چیزیں مدلل کی گئی تھیں۔ چونکہ مجھے ان کا اعادہ منظور نہیں۔ لہٰذا صرف ایک آیت کے نقل پر اکتفاء کرتا ہوں۔ قرآن پاک میں جہاں یہ آیت مذکورہ ہے اسی جگہ تصریح موجود ہے کہ اس کا مصداق صرف ذات گرامی سید المرسلین ﷺ ہیں۔ کیونکہ ''**ھو الذی ارسل رسولہ بالھدیٰ ودین الحق لیظھرہ علی الدین کلہ وکفیٰ باللہ شھیدا** (الفتح:۲۸)'' میں ایک رسول کو بھیجنے اور اس کے دین کا تمام ادیان سابقہ پر فوقیت اور سب کا ناسخ ہونے کا ذکر فرمایا۔ ممکن تھا کوئی ناواقف اس سے کوئی اور نبی ورسول یا ولی مراد لے لیتا۔ لہٰذا باری تعالیٰ نے اس کے متصل ہی اس کا مصداق نامزد فرمادیا کہ: ''**محمد رسول اللہ...... الخ!** (الفتح:۲۹)'' یعنی وہ رسول جن کی اور جن کے دین پاک کی اوپر مدح کی گئی ہے وہ محمد (ﷺ) اللہ کے رسول ہیں۔ پس اس آیت کا مصداق کسی طور پر کسی تاویل سے کسی اور کو قرار دینا علاوہ اس کے کہ آنحضرت ﷺ کی خصوصیات میں شرکت اور حضور ﷺ کی سخت توہین ہے۔ اس نص قرآنی کا ہی انکار ہے جس میں نام پاک لے کر اس مصداق کی تعیین ہے۔ لہٰذا اس میں نہ صرف ایک بلکہ مستقل دو کفر ہیں۔

ب...... اس امر کا کہ اس کا مصداق کوئی اور ہونا ناممکن ہے۔ یہ ثبوت پیش کیا ہے کہ اس آیت کا خلاصہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنا رسول ہدایت یعنی شریعت اور مستقل دین کے ساتھ بھیجا جو تمام دینیوں کا نسخ کرنے والا ہے اور ظاہر ہے کہ مسلمانوں اور مرزاصاحب کے امتیوں کا یہ متفقہ مسئلہ ہے کہ حضورﷺ کے بعد کوئی شریعت اور دین جو ماسبق کا ناسخ ہو، نہیں آسکتا۔ پس اگر اس کا مصداق کوئی حضورﷺ کے بعد کا کسی طور پر لیا جائے تو لازم آئے گا کہ وہ صاحب شریعت ہو جائے اور اس کا دین ادیان سابقہ کا جس میں اسلام بھی شامل ہے، ناسخ قرار دیا جائے جو بالاتفاق کفر ہے۔ بہرحال اس آیت کا مصداق کسی اور کو ماننا نہ صرف ایک کفر بلکہ متعدد کفروں کو مستلزم ہے۔ مختار مدعا علیہ کے ابتدائی الفاظ یہ ہیں: ''یہ قرآن مجید کی آیت ہے جس میں دین اسلام کے دیگر ادیان پر غلبہ کی طرف اشارہ پایا جاتا ہے اور یہی آیت مرزاصاحب پر بذریعہ الہام نازل ہوئی...... الخ!''

گویا مختار مدعا علیہ نے میرے مدعا کے اصول کو تسلیم کر لیا کہ اس آیت میں دین اسلام کے تمام ادیان پر غلبہ کی طرف اشارہ ہے اور ظاہر ہے کہ یہ دین لے کر سوائے نبی آخرالزمان، سیدالانس والجانﷺ کے کوئی اور نہیں بھیجا گیا، نہ کسی نبی کو یہ فخر حاصل ہے، نہ کسی ولی وفرشتہ کو۔ نیز اس کے مصداق کو قرآن پاک نے محمد رسول اللہ کہہ کے متعین فرمادیا۔

پر مختار مدعا علیہ کا یہ کہنا کہ: ''اور یہی آیت مرزاصاحب پر بذریعہ الہام نازل ہوئی...... الخ!'' کھلا ہوا کفر کا اقرار ہے جو کسی تاویل سے ٹل نہیں سکتا۔ کیونکہ یہ وہ آیت ہے کہ مرزاصاحب کجا کسی اور اولوالعزم نبی پر بھی نازل نہ ہوئی، بلکہ کسی اور نبی میں بھی اس کا نزول ماننا کفر ہے۔

(مختار مدعا علیہ کی تاویلات رکیکہ)

ہدیٰ اور دین حق کی مختار مدعا علیہ نے کچھ خود تاویلیں تصنیف کیں اور کچھ مرزاصاحب سے نقل کیں۔ مگر ایسی آیت جس کا مصداق قرآن پاک نے خود متعین فرمادیا ہے کسی اور کو قرار دینا خواہ کسی تاویل سے ہو، نص قطعی کا کھلا ہوا انکار اور قرآن پاک کلام الٰہی کے ساتھ ٹھٹھا کرنا ہے، نہ صرف کفر بلکہ کفر علیٰ کفر ہے اور اگر اس قسم کی تاویلات سے انسان خلاصی حاصل کر سکتا ہے تو پھر عیاذاً باللہ! کوئی قرآن پاک کی تمام آیات متعلقہ توحید وصفات باری تعالیٰ ومتعلقہ رسالت وخصوصیات محمدﷺ اپنے اوپر اسی تاویل سے چسپاں کر سکتا ہے اور کسی قسم کا کفر نہ ہونا چاہئے۔ یوں توحید اور رسالت کا مسئلہ ہی دنیا سے ناپید ہو جائے گا۔ ہر شخص اپنے لئے خدائی صفات اور محمدیﷺ القاب استعمال کرتا رہے گا۔ حالانکہ کوئی بھی مسلمان اس کے کفر وبغاوت ہونے میں متردد نہیں ہوسکتا۔

مختار مدعا علیہ نے (اربعین نمبر۳ ص۳۶، خزائن ج۱۷ ص۴۲۷) اور (سراج منیر ص۳۶، خزائن ج۱۲ ص۴۲) سے مرزاصاحب کی کچھ تاویلات نقل کی ہیں کہ: ''خدا وہ ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور دین حق کے ساتھ بھیجا تاکہ اس دین کو تمام دینوں پر غالب کرے۔''

میں عرض کر چکا ہوں کہ قران نے اس آیت کا مصداق محمد رسول اللہ کو قرار دیا ہے جو نص قطعی سے ثابت ہے۔ مگر مرزاصاحب کہتے کہ: ''آیت قرآنی الہامی پیرایہ میں اس عاجز کے حق میں ہے۔'' بحوالہ سابق اب تو کسی جواب کی حاجت ہی نہیں، کیونکہ مرزاصاحب نے اسی قرآنی آیت کو اپنے حق میں مان لیا اور اپنے آپ کو اس کا مصداق ٹھہرایا۔ گویا الہامی پیرایہ میں سہی اور قرآن پاک کی نص قطعی ہے کہ یہ آیت ہر طرح سے صرف محمد رسول اللہﷺ کے حق میں ہے۔ لہٰذا یہ اعتراض بالکل لاجواب رہا اور الہامی پیرایہ کی آڑ ہرگز سودمند نہیں ہوسکتی۔

رسول کی تاویل مامور فرستادہ مبعوث سے کرنا اور دین سے اس کا غلبہ دلائل سے مراد لینا کہ تمام ملتیں دلائل بیّنہ کے ساتھ ہلاک ہوجائیں گی۔ وغیرہ وغیرہ! یہ سب عذر گناہ بدتر از گناہ سے زائد وقعت نہیں رکھتا۔

نیز اصل اعتراض تو صرف اس قدر ہے کہ یہ آیت صرف آنحضرتﷺ کے حق میں ہے جو نص قرآنی سے ثابت ہے اور مرزاصاحب اپنے حق میں یہی آیت قرآنی فرمارہے ہیں۔

پس کوئی بھی تاویل کی جائے۔ جب تک اس آیت کی خصوصیت آنحضرت ﷺ سے باقی ہے کسی اور کو مصداق ماننا ایسا اٹل کفر ہے جو زائل نہیں ہوسکتا اور خصوصیت کا انکار بالخصوص اس آیت کی خصوصیت مستقل ایک کفر ہے۔ کیونکہ یہاں خصوصیت نامزد کر کے نص قطعی سے ثابت ہے۔ کسی حدیث یا کسی بزرگ کے قول سے نہیں جس کے انکار کی گنجائش ہو۔

## مرزا اور مختار مدعا علیہ کے دو عظیم الشان بہتان

۱...... مرزا صاحب فرماتے ہیں کہ: ’’(اس آیت میں) وہی پیش گوئی ہے جو ابتدا سے اکثر علماء کرتے آئے ہیں کہ یہ مسیح موعود کے حق میں ہے...... الخ!‘‘

محض افتراء اور جھوٹا بہتان ہے۔ کسی عالم ربانی نے یہ آیت یا اس کی پیش گوئی علاوہ رسول اللہ ﷺ کے مسیح موعود کے حق میں نہیں بتائی۔

۲...... مختار مدعا علیہ کہتا ہے کہ: ’’اس آیت کے متعلق تفسیروں میں بھی مذکور ہے کہ اس آیت کے حقیقی مصداق اور اظہار دین علی المخالفین مسیح موعود اور مہدی مسعود کے وقت میں ہوگا۔

یہ بھی محض جھوٹ اور افتراء ہے۔ کسی ایک اسلامی تفسیر میں یہ نہیں کہ اس آیت کا حقیقی مصداق مسیح موعود یا مہدی ہوں گے، بلکہ صرف آنحضرت ﷺ حقیقی مصداق بنص قرآن ہیں۔ اس کے ساتھ ہی عدالت مرزا صاحب کا یہ فیصلہ ملاحظہ فرمائے کہ: ’’ظاہر ہے کہ جب ایک بات میں کوئی جھوٹا ثابت ہو جائے تو پھر دوسری باتوں میں بھی اس پر اعتبار نہیں رہتا۔‘‘ ایک حوالہ (منصب امامت ص۵۶) نقل کیا ہے کہ: ’’قال اللہ تعالیٰ ہو الذی ارسل رسولہ بالہدیٰ ودین الحق لیظہرہ علی الدین کلہ (الصف:۹)‘‘ ظاہر است کہ ابتدائے ظہور دین درزمان پیغمبر ﷺ بوقوع آمدہ واتمام آں از دست حضرت مہدی خواہد گردید۔‘‘

اس میں کہیں اشارہ تک نہیں کہ اس آیت کے حقیقی مصداق مہدی ہوں گے، بلکہ صرف یہ مطلب ہے کہ غلبہ دین آنحضرت ﷺ کے زمانہ میں ہو چکا اور یہ ختم نہیں ہوا بلکہ مذہب اسلام برابر ترقی کرتا رہے گا اور چاردانگ عالم میں اس کی اشاعت ہوتی رہے گی۔ حتیٰ کہ جب تک دنیا ختم ہوگی اور اس امت کے آخری مبلغ امام مہدی ظاہر ہوں گے تو چونکہ دنیا ختم ہے۔ دین بھی ختم ہوگا اور جیسا کہ حدیث میں ہے جب تک روئے زمین پر کوئی ایک متنفس بھی اللہ کہنے والا ہے قیامت نہ آئے گی، جب تمام اہل خیر و اہل اسلام ختم ہو جائیں گے اور دنیا میں صرف اشرار ناس باقی رہ جائیں گے۔ ان پر قیامت قائم ہوگی۔ ملاحظہ ہو (مشکوٰۃ کتاب الفتن واشراط الساعۃ)

## خلاصہ جواب

اس آیت کے حقیقی مصداق صرف محمد رسول اللہ ﷺ بنص قرآنی ہیں۔ کسی نے بھی کسی اور کو اس آیت کا مصداق قرار نہیں دیا، بلکہ کسی غیر کو اس کا مصداق بتانا کفر اور نص قطعی کا انکار اور نبی کریم ﷺ کے خصوصی مدارج میں شرک اور آنحضرت ﷺ کی سخت ترین توہین ہے۔ مرزا صاحب صرف اپنے حق میں اس آیت قرآنی کو قرار دیتے ہیں ملاحظہ ہو: ’’اور مجھے بتلایا گیا ہے کہ تیری خبر قرآن وحدیث میں موجود ہے اور تو ہی اس آیت کا مصداق ہے۔ ہو الذی ارسل رسولہ بالہدیٰ ودین الحق لیظہرہ علی الدین کلہ‘‘ (اعجاز احمدی ص۷، خزائن ج۱۹ ص۱۱۲) ماشاء اللہ! خدا تو صرف محمد رسول اللہ کو مصداق بنائے اور مرزا صرف تنہاء آپ کو۔ مختار مدعا علیہ و دیگر اس کے ہم مذہب مرزا صاحب کو اس کا حقیقی مصداق بتاتے ہیں۔ لہٰذا مرزا صاحب اور ان کی امت کے کفر میں کسی شک کی ذرہ بھر گنجائش نہیں۔ عدالت خود ملاحظہ فرمائے کہ میرے اصلی پوائنٹ کو نظر انداز کر کے مختار مدعا علیہ نے اس کے جواب میں صرف غیر متعلق امور پر اکتفاء کیا۔ پس میرا یہ اعتراض بالکل لاجواب رہا جو مرزا صاحب کے کفر کے واسطے کافی ووافی ہے۔

(۲)

’’انا اعطیناک الکوثر‘‘ (اعجاز احمدی ص۷، خزائن ج۱۹ ص۱۱۳)

اس آیت کریمہ اوران الفاظ کا مصداق جو بھی لیا جائے۔ بلا اختلاف اس کے مخاطب صرف آنحضرتﷺ ہیں۔ کسی اور کو اس لقب سے نوازنا نبی کریمﷺ کی سخت ترین توہین ہے۔

## آنحضرتﷺ کی تفسیر

۱…… ’’عن انس ؓ انہﷺ قال اتدرون ما الکوثر قلنا اللہ ورسولہ اعلم قال فانہ نہر وعدنی ربی ہو حوض ترد علیہ امتی یوم القیامۃ (مسلم)‘‘

(ترجمہ) حضرت انس ؓ سے مروی ہے کہ حضورﷺ نے فرمایا کہ کیا تمہیں کوثر کا پتہ ہے کہ کیا چیز ہے ہم نے عرض کی خدا اور اس کا رسول بہتر جانتا ہے فرمایا وہ ایک نہر ہے جس کا میرے رب نے مجھ سے وعدہ فرمایا ہے وہ ایک حوض ہے جس پر قیامت کے دن میری امت وارد ہوگی۔

۲…… ’’بسم اللہ الرحمن الرحیم انا اعطیناک الکوثر. فی الاحادیث الصحاح ہو نہر فی الجنۃ علیہ خیر کثیر ترد علیہ امتی یوم القیامۃانیۃ عدد الکواکب…… الخ!‘‘

(ترجمہ) تحقیق دیا ہم نے تجھ کو کوثر۔ احادیث صحیحہ میں ہے کہ وہ ایک نہر جنت میں ہے جس میں خیر کثیر ہے جس پر میری امت قیامت کے دن آئے گی جس کے برتن ستاروں کے شمار میں ہیں۔

اس سے ثابت ہوا کہ حوض، نہر، خیر کثیر سب کا حاصل ایک ہی ہے۔ کیونکہ اس حوض ونہر پر خیر کثیر فرماتے ہیں۔

## ائمہ مفسرین کا فیصلہ

۱…… تمام مفسرین نے کوثر کا مصداق وہی حوض کوثر اور نہر کو قرار دیا ہے اور جنہوں نے کوثر سے خیر کثیر مراد لیا ہے وہ یا تو وہی خیر کثیر مراد لیتے ہیں جو حوض کوثر ہے یا دیگر خصوصیات نبویہ کو بھی شامل کرتے ہیں۔ جیسے کہ کمالین میں خیر کثیر کی تفسیر کی ہے کہ:’’من النبوۃ والقرآن والشفاعۃ ونحوھما مما اعطیہ النبیﷺ من الفضائل الدنیویۃ والاخرویۃ‘‘ کہ خیر کثیر سے حضورﷺ کی نبوت قرآن شفاعۃ وغیرہ وہ فضائل دنیویہ اور اخرویہ مراد ہیں جو صرف آنحضرتﷺ کو دیئے گئے ہیں۔ بہرحال اس آیت:’’انا اعطیناک الکوثر‘‘ سے خطاب صرف آنحضرتﷺ کو ہے اور بس۔ خواہ بمعنی حوض کوثر ہو جیسا کہ متبادر اور احادیث اور تفسیر سے ثابت ہے یا خیر کثیر کے معنی میں ہو۔ کیونکہ امام المفسرین حضرت ابن عباس ؓ خیر کثیر کی تفسیر میں یہی خصوصیات نبویہ میں قرار دیتے ہیں:’’عن سعد بن جبیر عن ابن عباس قال الکوثر خیر الذی اعطاہ اللہ‘‘ کہ کوثر سے وہی خیر کثیر مراد ہے جو صرف آنحضرتﷺ کو (بلا شرکت غیرے) عطاء فرمائی گئی تھی۔

پس جب کہ مرزاصاحب اسی آیت:’’انا اعطیناک الکوثر‘‘ سے اپنے آپ کو مخاطب اور مصداق مان لیا خواہ وہ پھر از تاویل ہو، خصوصیت محمدیہ اور آپﷺ کے خطاب امتیازی اور لقب خصوصی میں شرکت یقیناً ثابت ہوگئی جو کھلا ہوا شرک فی الرسالۃ ہے اور جس کے بعد کسی طرح ایمان کلمہ کے جزو اخیر محمد رسول اللہ پر نہیں ہوسکتا۔ اب مختار مدعا علیہ کی یہ تاویلات کہ مرزاصاحب نے کسی جگہ یہ دعویٰ نہیں کیا کہ مجھے حوض کوثر دیا گیا۔ بلکہ کثرت یا خیر کثیر مراد لی ہے…… الخ! بے سود اور لغو ہیں۔ اعتراض کسی معنی خاص پر نہیں بلکہ صرف یہ ہے

کہ یہ خصوصی خطاب محمدی ﷺ ہے۔ اس میں کسی اور کی شرکت ایمانی کلمہ کے منافی ہے جس کا مختار مدعا علیہ نے کچھ بھی جواب نہ دیا۔ پس یہ دوسرا نمبر بھی لاجواب رہا۔

قول مختار مدعا علیہ:

''یہ الہام براہین احمدیہ میں بھی موجود ہے۔ جب کہ آپ کو یہ مولوی مسلمان سمجھتے تھے...... الخ!''

وہاں صرف آیات نقل کی ہیں کہ یہ اسلام کی حقانیت کے دلائل ہیں نہ اس وقت دعویٰ نبوت ورسالت تھا نہ اس کا مصداق اپنے کو قرار دیا تھا۔ مسلمان اس مغالطہ میں تھے کہ ان کے مصداق آنحضرت ﷺ ہیں اور یہ رسالت محمدیہ کے دلائل ہیں۔ مگر جب نبوت سے مرزا صاحب نے پردہ اٹھایا اور اپنے کو محمد، احمد، رسول ونبی بنا کے ان کا مصداق قرار دیا تو نہ صرف علماء بلکہ تمام مسلمان وفرق اسلامیہ، عرب وعجم کے ان کی تکفیر کرنے لگے اور خود مولوی محمد حسین بٹالوی جنہیں مختار مدعا علیہ نے یہاں تائیداً پیش کیا ہے، تکفیر میں پیش پیش ہوئے اور بھی وجوہات موجب تکفیر قرار دیں۔ ملاحظہ ہو (اشاعۃ السنۃ ج۷،ص۸) ''مرزا غلام احمد صاحب کا دیانی زمانہ تالیف براہین احمدیہ کے پہلے آپ کی سوانح عمری کا میں تفصیلی علم نہیں رکھتا، مگر زمانہ تصنیف براہین سے جو جھوٹ بولنا، دھوکا دینا، آپ نے اختیار کیا ہے۔ خصوصاً ۱۸۸۶ء سے جب سے آپ نے الہامی بیٹا تولد ہونے کی پیش گوئی کی اور اس قسم کی اور پیش گوئیاں مشتہر کی ہیں علی الخصوص ۱۸۹۰ء سے جب سے آپ نے مسیح موعود ہونے کا دعویٰ مشتہر کیا ہے۔ اس سے آپ کی کوئی تحریر، کوئی تقریر، کوئی خط، کوئی تصنیف خالی نہیں ہے۔ اس پر قیاس ہوسکتا ہے کہ پہلے زمانہ میں خصوصاً امتحان مختاری میں فیل ہونے اور پھر عدالت میں سالہا سال اپنے مقدمات کرنے کے وقت آپ کا یہی حال رہا ہوگا۔'' (اشاعۃ السنۃ ج۱۵ص۷،۸)

## خلاصہ

اعتراض صرف ''انا اعطیناک الکوثر'' کے خطاب میں شرکت پر ہے۔ جب تک مرزا صاحب اس خطاب میں آپ کو شریک مانتے ہیں خواہ کوئی بھی معنی لیں شرک بالرسالۃ رہیں گے اور کلمۂ توحید پر ایمان نصیب نہیں ہوسکے گا۔

کیونکہ اوپر دلائل سے ثابت ہو چکا ہے کہ اس کا خطاب اور مصداق ہر معنی سے صرف آنحضرت ﷺ ہیں نہ کوئی اور۔ مگر مرزا صاحب اس کا مصداق صرف تنہاء اپنے آپ کو بتاتے ہیں۔ ملاحظہ ہو (اعجاز احمدی ص۷، خزائن ج۱۹ص۱۱۳) کہ ''تو ہی اس آیت کا مصداق ہے۔'' پس علاوہ شرک کے آنحضرت ﷺ کے مصداق ہونے سے انکار ہے جو خلاف نص قرآن اور صریح کفر ہے۔

## (۳)

''عسیٰ ان یبعثک ربک مقاماً محموداً''

قول مختار مدعا علیہ:

''مختار مدعیہ نے اس الہام سے بھی عدالت کو یہ مغالطہ دینا چاہا ہے کہ گویا مسیح موعود نے اس آیت قرآنی کا اپنے آپ کو مصداق ٹھہرایا ہے۔ حالانکہ یہ قطعاً غلط ہے۔ مختار مدعیہ نے (دافع البلاء ص۷، خزائن ج۱۸ص۲۲۷) کا حوالہ دیا ہے اور (ص۸، خزائن ج۱۸ص۲۲۸) پر جو اس کا ترجمہ درج ہے: ''وہ دانستہ نظر انداز کیا ہے جس پر درحقیقت کوئی اعتراض وارد نہیں ہوسکتا اور وہ یہ ہے وہ وقت قریب ہے کہ میں ایسے مقام پر تجھے کھڑا کروں گا کہ دنیا تیری حمد وثنا کرے گی۔'' مرزا صاحب نے یہ معنی کئے ہیں۔

اس میں بھی حسب عادۃ پہلو بدل کر جواب دینا چاہا ہے۔ یہاں بھی معنی اور مطالب میں بحث واختلاف نہیں بلکہ بحث صرف اس

قدر ہے کہ یہ خطاب ’’عسیٰ ان یبعثک ربک مقاماً محموداً (بنی اسرائیل:۷۹)‘‘ صرف آنحضرت ﷺ کو ہے اور اوپر عمومی بحث میں ہیڈنگ ’’آنحضرت ﷺ کی خصوصیات‘‘ کے تحت میں مفصل گزر چکا کہ یہ خصوصی خطاب آیت مذکورہ صرف آنحضرت ﷺ کے واسطے ہے۔ اس میں کوئی نبی وولی شریک نہیں، قرآن پاک کا سیاق وسباق بھی اس تخصیص کو ثابت کرتا ہے۔ احادیث بخاری ومسلم ودیگر صحاح اس کی شہادت میں پیش کر چکا ہوں کہ اس آیت کے مخاطب آنحضرت ﷺ ہی ہیں اور یہ مقام موعود صرف ایک ہی شخص کو ملے گا، کوئی دوسرا حقدار وشریک وسہیم نہیں اور وہ صرف ذات گرامی سید الانبیاء ﷺ ہے۔ احادیث نیز تفاسیر میں اس کی وجہ تسمیہ بھی مذکور ہے کہ جب آپ باری تعالیٰ کی دائیں جانب کھڑے ہوکر شفاعت کبریٰ فرمائیں گے جس سے تمام انبیاء سابقین انکار اور نفسی نفسی کہہ چکے ہوں گے۔ اس وقت آپ اس مقام شفاعت پر کھڑے ہوں گے۔ جسے مقام محمود کہتے ہیں اور تمام اوّلین وآخرین آپ کی حمد کریں گے اور یہی مراد وعدہ ’’عسیٰ ان یبعثک ربک مقاما محموداً‘‘ سے ہے۔ مرزاصاحب نے اس خصوصی مقام محمود اور اس آیت کے خطاب میں اپنے آپ کو بھی شامل کیا ہے جو کھلا ہوا شرک فی الرسالۃ اور توہین سرکار ﷺ اور منافی کلمہ توحید خصوصاً اس جزو ثانی محمد رسول اللہ کے ہے۔

مرزاصاحب نے بعینہٖ یہ آیت: ’’عسیٰ ان یبعثک ربک مقاما محموداً‘‘ اپنے اوپر چسپاں کی ہے جو ان کے شرک فی الرسالۃ ہونے کو کافی ہے۔ مختار مدعاعلیہ اس کا ترجمہ خود مرزاصاحب کا اسی (اعجاز احمدی ص۸، خزائن ج۱۸ ص۲۲۸) سے یہ نقل کر رہا ہے کہ: ’’میں ایسے مقام پر تجھے کھڑا کروں گا کہ دنیا تیری ثنا کرے گی۔‘‘ یہ بعینہٖ ترجمہ اسی آیت کا ہے خواہ مقام محمود کا لفظ نقل کیجئے یا کہیے کہ ایسے مقام پر کھڑا کروں گا کہ دنیا تیری حمد وثنا کرے گی۔‘‘ ایک ہی بات ہے۔ بہرحال اس ترجمہ کو آیت کافی نہیں۔ مرزاصاحب کی دنیا میں سوائے ان کے متعلق تمام دنیا نے تعریف نہ کی یوں ہی تو دنیا میں کسی نبی حتیٰ کہ سید الانبیاء ﷺ کی تمام دنیا نے حمد وثنا نہ کی بہرحال آخرۃ ہی کی حمد وثنا مراد ہے اور وہی شفاعت کبریٰ کے وقت ہے۔ جب کہ آپ اس مقام شفاعۃ پر فائز ہوں گے اور تمام دنیا اوّلین اور آخرین ہر دروازہ سے مایوس ہوکر اس دروازہ پر آئیں گے اور آنحضرت ﷺ بجائے نفسی نفسی کے انا لہا انا لہا کہ ہاں! میں اس کے واسطے ہوں اور یہی موعود مقام محمود ہے کہ: ’’عسیٰ ان یبعثک ربک مقاما محموداً‘‘ جس میں کوئی بڑا سے بڑا نبی، ولی، مقرب فرشتہ شریک نہیں ہوئے۔ مرزاصاحب کے سواء کسی نے یہ آیت کسی طرح اپنے یا کسی اور پر چسپاں کی ہو یا اسے چسپاں کرنا جائز رکھا ہو۔ بس یہ اعتراض بھی بالکل لاجواب رہا اور جو کچھ بھی مختار مدعاعلیہ نے اس کے تحت لکھا یا کہا سب پہلو سے غیر متعلق۔

## دو غیر متعلق وغیر مسلم حوالے اور ان کی حقیقت

اس سلسلہ میں مختار مدعاعلیہ نے دو غیر مسلم حوالے نقل کئے ہیں۔ پہلا حوالہ شرح فصوص الحکم کا ہے۔

مختار مدعاعلیہ وگواہان مدعیہ کے مسلم پیشوا شیخ عبدالرزاق قاشانی نے مہدی موعود کے لئے بھی مقام محمود تجویز کیا ہے۔ چنانچہ شرح فصوص الحکم میں تحریر فرماتے ہیں کہ: ’’فلہ المقام المحمود‘‘ کہ مہدی کے لئے مقام محمود ہے۔ (شرح فصوص الحکم مطبوعہ ص۵۳)

پہلا جھوٹ مختار مدعاعلیہ کا یہ ملاحظہ فرمائیں کہ عبدالرزاق قاشانی کو مختار وگواہان مدعیہ کا مسلم پیشواء بتایا ہے۔ حالانکہ عدالت میں ریکارڈ موجود ہے کہ کسی ایک گواہ سے ان کے مسلم یا غیر مسلم ہونے کا سوال نہیں ہوا۔ محض سفید جھوٹ عدالت کو مغالطہ دینے کے واسطے تصنیف کیا گیا۔ مختار مدعاعلیہ مسلم بتانا جوڈیشل اصول پر محض لغو ہے اور مختار مدعاعلیہ برابر اسے غیر مسلم بتاتا رہا، یہ بھی بہتان عظیم ہے۔

علاوہ غیر مسلم اور اس شرح کے غیر معتبر ہونے کے یہ حوالہ غیر متعلق ہے کیونکہ صرف لفظ مقام محمود بمعنی قابل ستائش مرتبہ مابہ النزاع نہیں، بلکہ آیت کریمہ: ’’عسیٰ ان یبعثک ربک مقاما محموداً (بنی اسرائیل:۷۹)‘‘ کے خطاب اور اس کے اپنے یا کسی اور پر چسپاں کرنے میں گفتگو ہے۔ یہاں اس کا تذکرہ تک نہیں۔ یہاں صرف اس قدر ہے کہ مہدی قابل تعریف خدمت انجام دیں

گے۔ پس ان کے لئے قابل تعریف مرتبہ ہوگا یا اور جزو ہے اور آنحضرت ﷺ کا خصوصی خطاب ’’عسیٰ ان یبعثک ربک مقاماً محموداً‘‘ میں اپنے آپ کو شریک کرنا اور اپنے اوپر سے اسے چسپاں کرنا دوسری چیز ہے اور مرزاصاحب اس پچھلے جرم کے مرتکب ہیں اور رسول پاک ﷺ کی پوری ہتک ہے۔

دوسرا حوالہ (ہدیہ مجددیہ ص۷۰ ۵) کا ہے کہ: ’’وھو المقام المحمود الذی لایشارکہ فیہ من الانبیاء والرسل الا اولیاء امتہ ‘‘اور مقام محمود میں آنحضرت ﷺ کا انبیاء اور رسولوں سے کوئی شریک نہیں اور وارث نہیں مگر وہ اولیاء جو آپ کی امت سے ہوں……الخ!‘‘

الجواب:

۱…… اوّلاً یہ کتاب غیر مسلم ہے ناقابل اعتبار ہے۔

۲…… جرح کے وقت باوجود بار بار سوال کے نہ کتاب پیش کر سکے نہ مصنف کا نام ومسلک۔

۳…… اس میں یہ بتایا کہ کوئی نبی اور رسول مقام محمود میں شریک نہیں سوائے ولی کے اور مرزاصاحب مدعی نبوت ورسالت ہیں۔ پس یا وہ نبی ورسول نہیں۔ یہ دعویٰ محض جھوٹ وافتراء ہے یا مقام محمود میں شریک نہیں۔ اس شرکت کا ادّعا بہتان عظیم ہے جس سے بڑھ کر بنص قرآن دنیا میں کوئی کفر نہیں ہوسکتا۔ ’’ومن اظلم ممن افتری علی اللہ کذبا (الانعام:۲۱)‘‘ مفتری علی اللہ سے بڑھ کر کوئی ظالم وکافر نہیں ہوسکتا۔

۴…… اس ہدیہ مجددیہ کی عبارت میں جو اولیاء امت کو مقام محمود میں وارث بتایا ہے اس کا یہ مطلب نہیں کہ وہ اولیاء اس مقام پر فائز یا اس میں داخل ہو جاتے ہیں، بلکہ وہ بطور سیران پر منکشف ہوتے ہیں۔ جیسے شاہی دربار کی کسی کو سیر کرائی جائے اور بتایا جائے کہ یہ شہنشاہ معظم کا مقام ہے۔ یہ وزیراعظم کا یہ وائسرائے کا یہ خواص ومقربین شاہی کا، اس کا مطلب ہرگز یہ نہیں کہ یہ دیکھنے اور سیر کرنے والا اس مقام پر فائز ہوگیا۔ بلکہ صرف اس کا مشاہدہ کیا۔

## ایک اصولی ضابطہ

یہ امر قابل لحاظ ہے کہ اولیاء اللہ، انبیاء کرام کے وارث ہوتے ہیں۔ مگر نبوۃ اور ہر دو شئے جو مقامات نبوۃ سے متعلق ہو اس کی وراثت صرف ان کا عکسی مشاہدہ ہے نہ ان میں دخول اور اس پر فائز ہونا بلکہ مقامات نبوت کو وہ ایسے دیکھتے ہیں جیسے کوئی سمندر کے پانی میں ستاروں کا نظارہ کرے۔ بلاواسطہ اصلی نظارہ بھی محال ہے۔ بایزید بسطامی فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ سوئی کے سرے کے برابر مقام نبوۃ کو دیکھا تھا کہ جلنے کے قریب ہوگئے۔

اس ضابطہ کا حوالہ فریقین کے مسلم بزرگ شیخ عبدالوہاب شعرانی ومحی الدین ابن عربی کی کتاب سے پیش کرتا ہوں۔ ملاحظہ ہو جرح گواہ مدعا علیہ نمبر۱، مارچ ۱۹۳۳ء۔

۱…… ’’لا ذوق لنا فی مقام الانبیاء حتی نتکلم علیہ وانما نراہ کما تریٰ النجوم فی الماء کما سیاتی بسطہ فی مبحث الولایۃ‘‘ (یواقیت ص۱۹۷)

یعنی ہمیں نبیوں کے مقامات سے کوئی ذوق نہیں کہ ان پر بحث بھی کر سکیں۔ ہم تو انہیں صرف اسطور پر دیکھ سکتے ہیں جس طرح تم لوگ پانی میں ستاروں کا نظارہ کرتے ہو۔

۲…… ’’وقال فی شرحہ لترجمان الاشراق اعلم ان مقام النّبی ممنوع لنا دخولہ وغایۃ معرفتنا بہ من طریق

الارث النظر الیہ کما ینظر من ھو فی اسفل الجنۃ الیٰ من ھو فی اعلیٰ علیین او کما ینظر اھل الارض الی الکواکب السمآء وقد بلغنا عن الشیخ ابی یزید انہ فتح لہ من مقام النّبوۃ قدر جزء ابرۃ تجلیا لادخولا تکاد ان یحرق‘‘ (یواقیت مبحث۳۲ ص۲۲۱)

حضرت شیخ محی الدین ابن عربی سید الصوفیاء اپنی شرح ترجمان الاشراق میں ارقام فرماتے ہیں کہ جان لو کہ مقامات انبیاء میں ہمارا داخلہ بند ہے۔ ہماری انتہائی پرواز ومعرفت وراثت کے طور پر صرف اس قدر ہے کہ انہیں اسطور پر دیکھ سکیں۔ جیسے کہ سب سے نیچے درجہ کا جنتی اعلیٰ علیین کو یا باشندگان زمین آسمانی ستاروں کو دیکھتے ہیں۔ ہمیں خبر ملی کہ بایزید بسطامی پر تجلی کے طور پر سوئی کے سرے کے برابر نبوۃ کے مقامات سے انکشاف ہوا تھا۔ باوجودیکہ دخول نہ تھا۔ پھر بھی جلنے کے قریب ہوگئے تھے۔

اس سے مندرجہ ذیل امور مسلمہ ثابت ہوئے۔

۱...... کوئی ولی باوجود رفعت شان کے مقامات انبیاء تک نہیں پہنچ سکتا۔

۲...... وراثۃً صرف یہ ممکن ہے کہ اتنے فاصلہ سے نظارہ کرے، جیسے نیچے کا جنتی اعلیٰ علیین کا یا زمین کا باشندہ آسمانی ستاروں کا۔

۳...... دخول تو درکنار یہ نظارہ بھی انتہائی پرواز ہے۔ جس کی تاب بایزید بسطامی بھی باوجود اس جلالت شان کے نہ لا سکے، حالانکہ نظارہ صرف سوئی کے سرے کے برابر تھا۔

## نتیجہ

مقام محمود بھی مقامات انبیاء بلکہ فخر الانبیاء سید المرسلین ﷺ کے خصوصی مقامات سے ہے۔ پس اگر کوئی ولی اس سے وراثۃً حصہ پاسکتا ہے تو صرف اس قدر کہ اس کی انتہائی پرواز یہ ہوگی کہ اس کا یوں نظارہ کرے جس طرح زمین والے آسمانی ستاروں کو دیکھتے ہیں۔ اس میں دخول اور اس پر فائز ہونا محال قطعی ہے اور مرزاصاحب نے اپنے پر آیت: ’’عسیٰ ان یبعثک ربک مقاما محمودا‘‘ چسپاں کر کے صریح کفر اور شرک فی الرسالۃ کیا ہے جس کے بعد کلمہ توحید پر ایمان نصیب ہی نہیں ہوسکتا۔

بہرحال یہ حوالہ باوجود غیر مسلم ہونے کے صرف اصطلاح صوفیاء سے ناواقفی پر مبنی تھا اور یہ اعتراض بھی سابقہ اعتراضات کی طرح بالکل لاجواب ہے۔

(۴)

## وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین

مختار مدعا علیہ نے یہاں بھی دانستہ اعتراضی پہلو سے گریز کر کے غیر متعلق جواب دیا اور اپنے اس طرز سے اس کے لاجواب ہونے کو بھی تسلیم کرلیا۔

بحث نہ لفظ رحمۃ للعالمین میں ہے نہ رحمۃ اللہ، رحمۃ عالم میں بلکہ اس آیت کریمہ: ’’وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین‘‘ کے خطاب اور مصداق میں ہے کہ یہ بعینہٖ آیت کسی اور پر چسپاں ہوسکتی ہے یا نہیں۔ ہم نے اصل بحث میں قرآن پاک کے سیاق وسباق نیز دیگر عقلی ونقلی دلائل سے یہ امر اچھی طرح سے واضح کردیا ہے کہ: ’’وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین‘‘ آنحضرت ﷺ کے خصوصی خطاب اور اخص ترین مقام میں اس میں کوئی نبی وولی ورسول وقطب آپ کا شریک وسہیم نہیں۔ نہ آج تک تیرہ سو سال میں کسی نے اس آیت کریمہ کو سوائے آنحضرت ﷺ کے کسی نبی یا ولی یا اپنے اوپر چسپاں کیا جو بھی اس خصوصی خطاب میں اپنے آپ کو یا کسی کو شریک ماننے یا

اس پر اس آیت کو چسپاں کرے وہ شرک فی الرسالۃ ہے اور آنحضرت ﷺ کی ہتک کرنے والا اوران کے ناموس پاک پر حملہ کرنے والا ہے کہ ایمان کسی طرح محمد رسول اللہ ﷺ پر نہیں ہوسکتا اور مرزا صاحب نے (حقیقت الوحی ص۸۲، خزائن ج۲۲ص۸۵) وغیرہ پر ''وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین'' کا خطاب اپنے کو بتا کے یہ آیت کریمہ اپنے اوپر چسپاں کی ہے۔ لہٰذا ان کا ایمان کبھی کلمہ توحید کے دوسرے حصہ پر نہیں ہوسکتا۔ جیسا کہ دلائل سے ثابت ہوچکا کہ پہلے حصہ پر بھی ان کا ایمان نہیں۔ آنحضرت ﷺ کے ساتھ اس کی تخصیص مرزا صاحب کو بھی مسلم ہے۔ لکھتے ہیں کہ: ''پھر دوسری جگہ کہا: ''وما ارسلنا الا رحمۃ للعالمین'' یعنی ہم نے کسی خاص قوم پر تجھے رحمت کرنے کے لئے تمہیں نہیں بھیجا۔ بلکہ اس لئے بھیجا ہے کہ تمام جہان پر رحمۃ کی جائے۔ پس جیسا کہ خدا تمام جہان کا خدا ہے۔ ایسا ہی آنحضرت ﷺ تمام جہاں کے لئے رسول ہیں اور تمام دنیاء کے لئے رحمت ہیں اور آپ کی ہمدردی تمام دنیا کے ساتھ ہے نہ کسی خاص قوم سے۔'' (مضمون ملحقہ چشمہ معرفت ص۱۶، خزائن ج۲۳ص۳۸۸) مختار مدعا علیہ نے بھی اسے اوّلاً نقل کیا ہے اور گویا تخصیص مان لی ہے۔ مگر تاویل یہ کرتا ہے کہ: ''مرزا صاحب کا دعویٰ مسیح موعود اور مہدی مسعود ہونے کا ہے اور پہلے علماء اس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ مہدی بھی رسول کریم ﷺ کی طرح رحمۃ للعالمین ہوگا۔''

اس کے ثبوت میں بجائے کسی مسلم حوالے کے دو جدید غیر مسلم حوالے پیش کئے ہیں۔ پہلا حوالہ اشاعۃ الاشراط الساعۃ کا ''**فالمھدی رحمۃ اللہ کما کان رسول اللہ ﷺ قال اللہ تعالیٰ وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین والمھدی یقضوا ثرہ ولا یخطی فلا بد ان یکون رحمۃ** '' یعنی مہدی خدا تعالیٰ کی رحمۃ ہے۔ جیسا کہ رسول کریم ﷺ خدا کی رحمت تھے اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ ہم نے تجھے تمام جہانوں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا ہے اور مہدی آنحضرت ﷺ نقش قدم پر چلے گا۔''

الجواب:

۱...... اوّلاً یہ سید محمد شریف کوئی مسلم عالم نہیں نہ ان کی کتاب مسلمات فریقین سے ہے۔

۲...... یہ ان کی ذاتی رائے ہے جس کے ثبوت میں نہ کوئی آیت قرآنی ہے نہ حدیث نہ کسی امام کا قول نہ کسی بزرگ کا ارشاد نہ کسی فقیہ یا متکلم ومحدث ومفسر کا ارشاد اور ان کی رائے ہم پر یا کسی مسلمان پر حجۃ نہیں۔

۳...... یہ مابہ النزاع سے غیر متعلق ہے۔ مہدی کا اللہ کی رحمۃ ہونے کا اس میں ذکر ہے۔ اللہ کی رحمۃ ہونا اور شئے ہے اور ''وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین'' کا مخاطب ہونا اور اس آیت کو چسپاں کرنا اور چیز ہے۔ اللہ کے تمام نیک بندے انبیاء، اولیاء سب دنیا پر اللہ کی رحمۃ ہیں۔ جیسے جھوٹے مدعیان نبوت اور بدکاروں اور دشمنان خدا دنیا کے لئے اللہ کی لعنت اور عذاب ہیں۔

مگر ''وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین'' کے یہ معنی ہیں کہ ہم نے آپ کو رسول بنا کر نہیں بھیجا مگر تمام عالموں کی رحمۃ کے لئے یعنی آپ صرف رحمۃ ہی ہیں اور سرتاپا رحمۃ ہیں۔ بخلاف انبیاء ورسل سابقین کے کہ وہ متبعین اور احباب کے لئے رحمۃ تھے نہ مخالفین واعداء کے واسطے۔ کیونکہ ان کا تختہ الٹا جاتا تھا، زمین میں دھنسائے جاتے تھے، صورتیں مسخ کر کے خنزیر بندر بنائے جاتے تھے، پتھر برسائے جاتے تھے، انہیں صفحہ ہستی سے نیست ونابود کیا جاتا تھا۔ مگر ہمارے آقا ﷺ کا یہ طغرائے امتیاز ہے کہ دنیا میں قدم رکھا اور یہ تمام عذاب اور عالم گیر عقوبتیں آپ کی رحمۃ کے کرشمہ میں بند کردی گئیں۔ دنیوی عذاب سے آپ کے اصحاب بھی مامون رہے اور اعداء ابوجہل وابولہب وغیرہ بھی اور نبیوں میں رحمۃ کی بھی شان تھی اور عقوبت وعذاب کی بھی۔ مگر یہاں دنیوی لحاظ سے صرف رحمۃ ہی رحمۃ ہے اس لئے اور کسی نبی کو یہ خطاب عطاء نہ ہوا۔ بلکہ صرف مدنی تاجدار، سیدالابرار ﷺ کو خطاب ہوا کہ: ''وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین'' پس یہ وہ مخصوص لقب ہے جس کی تخصیص کسی دلیل کی محتاج نہیں۔ مسلمان کا بچہ بچہ واقف ہے کہ: ''وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین''

صرف آنحضرت ﷺ کا بلاشرکت غیر کے امتیازی لقب ہے جس لقب کو نہ آدم علیہ السلام حاصل کر سکے نہ نوح وابراہیم وموسیٰ وعیسیٰ علیہم السلام نہ اولیاء اللہ بطور وراثت پاسکیں۔ اسے مرزاغلام احمد اپنے لئے استعمال کررہے ہیں:

زور ہی کیا تھا جفائے باغباں دیکھا کئے آشیاں لٹتا رہا ہم بے زباں دیکھا کئے

’’یا لیتنی مت قبل ھٰذا و کنت نسیامنسیا (مریم:۲۳)‘‘

## دوسرا حوالہ

’’لفظ رحمۃ للعالمین صفۃ خاصہ رسول اللہ ﷺ کی نہیں بلکہ دیگر انبیاء واولیاء ودیگر علماء ربانیین بھی موجب رحمت عالم کہتے ہیں۔ اگرچہ جناب رسول اللہ ﷺ سب میں اعلیٰ ہیں۔ لہٰذا ایک دوسرے کے لئے اس لفظ کو بتاویل بولا جائے تو جائز ہے۔‘‘

(فتاویٰ رشیدیہ ج۲ ص۱۳)

الجواب:

۱...... مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی کا بعض گواہوں کے سلسلہ اکابر میں ہونا اور بات ہے اور ان کی طرف منسوب شدہ ہر کتاب کے ہر جزو کا مسلم ہونا اور بات۔

۲...... فتاویٰ رشیدیہ نہ حضرت مولانا گنگوہی کی تصنیف ہے نہ ان کے زمانہ میں جمع کی گئی نہ انہوں نے نظرثانی کی۔

۳...... فتاویٰ رشیدیہ میں کچھ فتاویٰ ہیں جن میں اکثر مولانا کے ہیں اور بہت سے دوسروں کے بھی۔ چنانچہ مولوی احمد رضا خان صاحب بریلوی کے بھی ان میں فتاویٰ ہیں اور مولوی لطف اللہ صاحب کے بھی۔

۴...... ان کو جمع کر کے اوّلاً ایک غیر مقلد عزیز الدین مرادآبادی نے شائع کرایا ہے اور غیر مقلدین کو حضرت سے خصوصی عناد تھا۔

۵...... اس پر کسی معتبر عالم نے نظرثانی بھی نہیں کی نہ کوئی تصدیق وتوثیق۔

۶...... ان میں اکثر فتاویٰ کے متعلق اکابر علماء دیوبند برابر فرماتے رہے ہیں کہ مولانا کے نہیں، بلکہ غلط ان کی طرف منسوب ہیں۔

۷...... القاسم الرشید وغیرہ میں اس کے کل فتاویٰ نہ معتبر ہونے کا نوٹ بھی مل سکتا ہے۔

۸...... مولانا تصانیف کثیرہ کے مصنف ہیں۔ نیز ان کی احادیث کی تقاریر بھی چھپ چکی ہیں۔ ان کی کسی تحریر، تصنیف یا تلامذہ واصحاب کے نقل میں یہ مسئلہ موجود نہیں بلکہ اس کے خلاف نقلیں موجود ہیں۔

۹...... مختار مدعا علیہ نے اس عبارت کے نقل کرنے میں دیدہ ودانستہ خیانت کی اور اس کے اوپر لفظ الجواب تھا حذف کر دیا۔ تاکہ اس کا قبل سے رابطہ نہ معلوم ہو سکے۔

۱۰...... یہ دراصل ایک مستفتی کے استفتاء کا جواب ہے جسے خیانۃً مختار مدعا علیہ نے نقل کیا۔ حالانکہ تمام فتاویٰ مستفتی کے سوال کے استفتاء کے تابع اور اسی روشنی میں لکھے اور دیکھے جاتے ہیں۔

۱۱...... میں اوپر عرض کر آیا ہوں کہ یہاں گفتگو رحمۃ للعالمین لفظ رحمۃ عالم وغیرہا میں نہیں بلکہ مسلم ہے کہ تمام انبیاء، اولیاء، بلکہ صلحاء امت موجب رحمت عالم ہیں۔ بلکہ بحث یہ ہے کہ یہ مخصوص خطاب اور یہ خاص آیت نمبر۱:’’ وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین‘‘ کس اور پر چسپاں ہو سکتی ہے یا نہیں۔ اس کا یہاں کوئی تذکرہ نہیں۔ لہٰذا یہ اس جگہ سے غیر متعلق ہے۔

۱۲...... یہ فتویٰ بھی نظر غائر سے دیکھا جائے تو ہمارے دعویٰ کی تائید ہے۔ کیونکہ رسول کریم ﷺ رحمۃ عالم ہونے میں سب سے اعلیٰ اور تمام انبیاء واولیاء کو آپ سے ادنیٰ فرمارہے اور ظاہر ہے کہ اعلیٰ کا خطاب اور خصوصی لقب ادنیٰ کو نہیں دیا جاسکتا:’’ وما ارسلناک الا

رحمۃ للعالمین‘‘ کا خطاب سوائے آنحضرت ﷺ اور کسی کو نہیں ہوسکتا۔

۱۳...... آیت میں تو خطاب خاص ہے ہی لفظ ’’رحمۃ للعالمین‘‘ بھی دراصل کسی کے لئے تجویز نہیں فرماتے ہیں بلکہ یوں فرمارہے ہیں: ’’کہ اگر دوسرے کے لئے بتاویل بولا جائے تو جائز ہے۔‘‘ بلاتاویل اصلی استعمال اس کا بھی جائز نہیں۔ تاویل کا لفظ بتارہا ہے کہ اس لفظ کا استعمال بھی رسول کریم ﷺ کے علاوہ کسی کے واسطے احتیاط کے سخت خلاف ہے۔

۱۴...... اس میں تصریح لفظ رحمۃ للعالمین ’’دوسرے کے لئے اس لفظ‘‘ بار بار اس مصنف کے لفظ کو دہرانا بھی بتارہا ہے کہ اس کے اصلی معنی یا آیت کریمہ: ’’وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین‘‘ کو حضرت مولانا بھی مخصوص خطاب تسلیم فرمارہے ہیں۔ ورنہ بار بار لفظ کا اعادہ نہ فرماتے اور ہماری گفتگو صرف آیت: ’’وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین‘‘ کے خطاب اور اس کے کسی پر بلفظہ چسپاں کرنے میں ہے جس کی آدم علیہ السلام سے آج تک سوائے مرزاصاحب کے کسی مسلمان کے کلام میں ایک نظیر نہیں۔ گویا اس پر ایک قسم کا اجماع منعقد ہوچکا ہے کہ یہ مخصوص خطاب ’’وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین‘‘ صرف آنحضرت ﷺ کو ہے اور یہ آیت کسی پر چسپاں کرنا شرک فی الرسالۃ، منافی کلمہ توحید، موجب تنقیص شان محمد ﷺ ہے جس کے بعد مرزاصاحب کے کفر میں ذرہ برابر شبہ نہیں ہوسکتا۔ مذکورہ بالا تقریر سے اچھی طرح واضح ہوگیا کہ ہمارا یہ اعتراض بھی بالکل لاجواب ہے اور یہ دونوں حوالے علاوہ اس قدر شبہات اور قطعی نہ ہونے کے بالکل غیر متعلق ہیں اور مختار مدعاعلیہ نے دانستہ اعتراضی پہلو بچا کر جواب دیا ہے جس میں دراصل اس کے لاجوابی کا بزبان حال اقرار ہے۔ فاللہ الحمد!

نوٹ: یہ بھی واضح ہوچکا کہ کوئی بھی ترجمہ اور تاویل ہو اس آیت کا کسی غیر پر چسپاں کرنا ہی شرک فی الرسالۃ اور موجب تنقیص شان سید المرسلین ﷺ ہے۔ کیونکہ خصوصی القاب وخطابات کسی غیر کے واسطے بلفظہ استعمال کرنا گو کسی معنی میں ہوں جرم قرار دیا جاتا ہے اور کسی طرح بھی جائز نہیں ہوسکتا۔

## (۵)

’’قل ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی یحببکم اللہ‘‘ جو کام مشرکین مکہ اور کسی بدترین یہودی اور آریہ نے نہیں کیا۔ اس پر چودھویں صدی کے مدعی نبوت نے کمر باندھ رکھی ہے اور خدا جانے ہمارے آقاء ومولیٰ سید المرسلین ﷺ سے مرزاصاحب کو دیرینہ عداوت ہے آپ کا کوئی بھی خصوصی کمال نہیں چھوڑتے جس پر بے باکی سے حملہ نہ کریں۔ کون دنیا میں وہ مسلمان ہے جو اس سے واقف نہیں کہ محبوبیت خداوندی حاصل ہونا آنحضرت ﷺ کی بعثت کے بعد سے صرف آنحضرت ﷺ کی غلامی میں ہے اور اسلام کا بچہ بچہ واقف ہے کہ: ’’قل ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی یحببکم اللہ‘‘ آنحضرت ﷺ کو خصوصی خطاب ہے اس سے بھی اور کسی کو نہیں نوازا گیا۔ اس کو اپنے یا کسی اور پر چسپاں کرنا آنحضرت ﷺ کی ہمسری کرنا اور موجب تنقیص وشرک فی الرسالۃ منافی کلمہ توحید ہے جس کے بعد ’’لاالٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ‘‘ پر ایمان ناممکن ہے۔

قرآن پاک کی یہ آیت اور یہ خطاب ماقبل ومابعد سے تلاوت فرمائیں۔ نص قطعی سے اس خطاب کی تخصیص سرکار دوعالم ﷺ کے لئے ثابت ہے۔ مختار مدعاعلیہ کا یہ کہنا کہ: ’’مختار مدعیہ کے اس الہام پر اعتراض کا بھی یہی جواب ہے کہ قرآن مجید میں اس آیت میں آنحضرت ﷺ ہی مراد ہیں۔ لیکن اس الہام میں موجودہ زمانہ کے لوگوں کو خطاب ہے کہ وہ آپ کی پیروی کریں...... الخ!‘‘ محض لغو اور لچر عذر بلکہ عذر گناہ بدتر از گناہ ہے۔ اس کا مطلب تو یہ ہوا کہ نزول قرآن کے زمانہ میں تو یہ آنحضرت ﷺ کے لئے مخصوص تھا۔ مگر مرزا کے الہامی زمانہ میں مخصوص نہ رہا۔ لاحول ولا قوۃ الا باللہ! آنحضرت ﷺ کی اتباع کا موجب محبوبیت الٰہی ہونا، ہمیشہ ہمیشہ کے

لئے قیامت تک ہے۔

یہ آیت کریمہ قرآن مجید میں ہو یا الہام میں، کسی اور پر چسپاں ہو ہی نہیں سکتی اور کیا کوئی الہام قرآن کے خلاف ہوسکتا ہے۔ مختار مدعاعلیہ کا یہ کہنا کہ قرآن میں یہ آنحضرت ﷺ کے لئے مخصوص ہے۔ مگر یہ ہی بعینہٖ الہام میں اس کے خلاف مرزاصاحب کے لئے ہے۔ دراصل اس کا اقرار ہے کہ مرزاصاحب کے الہام، الٰہی الہام ہیں۔ کیونکہ فریقین کے مسلمہ بزرگ سیدالطائفہ شیخ اکبراور علامہ عبدالوہاب شعرانی (کبریت احمر فی علوم الشیخ الاکبر ص۱۱۹) پر اسے تفصیل سے بیان کیا ہے، بلکہ الہام وکشف شریعۃ ظاہرہ یا نص کے مقابل کفراور تلبیس شیطانی فرمایا ہے اور ایسے شخص کو اخسرین اعمالاً میں شمار کیا ہے۔

بہرحال یہ مخصوص خطاب اور یہ آیت کسی پر کسی طرح چسپاں ہونا جائز نہیں، نہ حضرت آدم علیہ السلام سے آج تک کسی آسمانی کتاب، کسی نبی کے قول، کسی صحابی، ولی، امام، بزرگ، عالم ربانی کے اشارات میں اس کا استعمال پایا جاتا ہے۔ نہ مختار مدعاعلیہ کوئی ایک حوالہ اس آیت کے چسپاں کرنے کا کہیں سے پیش کرسکا۔ مختار مدعاعلیہ کا یہ قول کہ: ’’مرزاصاحب آنحضرت ﷺ کی پیروی کر کے محبوبیت کے درجہ تک پہنچے ہیں۔ اس لئے آپ کی پیروی...... الخ!‘‘

بالکل بدیہی البطلان ہے کیا سیدنا ابوبکرؓ جنہیں افضل امتی من امتی ابوبکرؓ اور ’’لو کنت متخذا خلیلا غیر ربی لاخذت ابابکر خلیلا‘‘ کے گرانقدر اور بے مثل لقب سے نوازا گیا۔ آنحضرت ﷺ کے پیرو اور محبوب تھے۔ سیدنا اسامہؓ کا تو لقب ہی حب النبی ﷺ یعنی آنحضرت ﷺ کا محبوب تھا۔ مگر کسی کو اس آیت کے خطاب میں کسی مسلمان نے شامل نہ کیا نہ یہ آیت کریمہ اس پر چسپاں کی۔ میر درد کا یہ حوالہ کہ ’’فمن اطاعک فقد اطاع اللہ ورسولہ ...... الخ!‘‘ (علم الکتاب ص۶۱) محض غیر متعلق یہاں نقل کردیا یہ کوئی قرآن کی آیت نہیں نہ اس میں کہیں نبی کریم ﷺ کے خطاب کی شرکت ہے۔ نہ آیت: ’’قل ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی یحببکم اللہ‘‘ کا تذکرہ ہے۔ نہیں معلوم مختار مدعاعلیہ نے کیوں یہ حوالہ یہاں نقل کردیا۔ کیونکہ بحث آیت: ’’قل ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی یحببکم اللہ‘‘ میں تھی۔ اس کی نظر میں یا یہی آیت کسی دوسرے پر چسپاں ہوتی یا اس جیسی دوسری یا محض آیت ہی ہوتی نہ اس جیسی۔

یہاں تو صرف یہ ہے کہ تم صرف قرآن وحدیث کی لوگوں میں تبلیغ کرو اور اللہ اور اس کے رسول کا حکم لوگوں تک پہنچاؤ، جو تمہارا کہنا مانے گا وہ اللہ اور رسول کا پیرو ہو جائے گا۔ یہ حوالہ محض بے ربط اور غیر متعلق ہے۔

گفتگو تو یہ ہے کہ یہ آیت یا اس کا مفہوم کہ آنحضرت ﷺ کی اتباع محبوبیت خداوندی کا موجب ہے کسی پر چسپاں نہیں ہوسکتی، اس کے خلاف تمام دنیا میں ایک نظیر نہیں، نہ مختار مدعاعلیہ اس قدر جدوجہد کی ایک نظیر پیش کرسکے۔

دوسرا حوالہ اشاعۃ السنۃ مولوی محمد حسین بٹالوی غیر مقلد کا ہے کہ: ’’اس آیت کے معنی وہ (مؤلف براہین) یہی سمجھتے ہیں کہ یہ آیت آنحضرت ﷺ کے خطاب میں ہے اور اس میں آنحضرت کا اتباع امت پر لازم کیا گیا ہے اور جب انہی الفاظ میں (نہ قرآن میں) وہ اپنے آپ کو مخاطب سمجھتے ہیں اور اپنے اتباع سے اتباع آنحضرت قرار دیتے ہیں۔ چنانچہ (ص۵۰۴) کتاب، ان الفاظ کا ترجمہ ان الفاظ سے کرتے ہیں کہ اگر تم خدا سے محبت رکھتے ہو تو میری پیروی کرو یعنی اتباع رسول مقبول کرو...... تا...... خدا تم سے محبت کرے۔

(اشاعۃ السنۃ ج۷ ص۲۱۹)

<u>الجواب:</u>

۱...... مولوی محمد حسین غیر مقلد ہیں اور مدعیہ نیز اس کا گروہ مقلد وحنفی لہٰذا مخالف کی رائے حجت نہیں، بلکہ یہ تو فریقین کو غیر مسلم ہیں۔

۲...... مولوی صاحب موصوف شروع میں مغالطہ میں تھے بعد کو متنبہ ہوئے اور انہیں وجوہات سے مرزا صاحب کو کافر و مرتد قرار دیا۔ کیونکہ براہین کے وقت مرزا صاحب کا کفر مستور تھا بعد میں ہویدا ہوگیا۔ (ملاحظہ ہو اشاعۃ السنۃ ج۷ ص۲۱۹)

۳...... اس جواب کا ماحصل بھی وہی ہے جو مختار مدعا علیہ کا جس کا مفصل جواب عرض کر چکا ہوں۔ پھر جب کہ اس آیت کو آنحضرتﷺ کے خطاب میں مان لیا تو تخصیص تو ثابت ہو ہی گئی۔ اس کے بعد کسی طرح کسی پر چسپاں کرنا اس تخصیص کو باطل اور شرک فی الرسالۃ کرنا ہے بلکہ شان محبوبیت ﷺ کو گھٹانا ہے جو سوائے مرزا صاحب اور مرزائیوں کے کسی کا شیوہ اور محبوب مشغلہ نہیں۔

۴...... اس حوالہ میں بھی کسی آیت یا حدیث و تفسیر و فقہ کسی صحابہ امام بزرگ عالم کے قول سے اس کا ثبوت نہیں کہ یہ آیت کسی اور پر چسپاں ہوسکتی ہے یا کی گئی ہے۔ بلکہ جب تک وہ مرزا کے معتقد مرزائی تھے، مرزائیوں کی طرح تاویلیں کرتے تھے۔ جب اللہ نے توبہ ورجوع کی توفیق دی تو جس قدر تردید و تکفیر کی ہے وہ دنیا پر واضح ہے۔ مولوی صاحب موصوف کے اسی رسالہ اشاعۃ السنۃ کے اگلے فائل ملاحظہ فرمائیں۔ مرزائیت کی جڑیں ہلا دیں ہیں اور مرزا صاحب اور ان کے متبعین کے دجل و فریب آشکارا کرنے میں کوئی دقیقہ نہیں چھوڑا۔ نمونہ ملاحظہ ہو ص۸ عقائد باطلہ مخالف دین اسلام و ادیان سابقہ کے علاوہ جھوٹ بولنا اور دھوکا دینا آپ کا ایسا وصف لازم بن گیا ہے کہ گویا وہ آپ کی سرشت کا ایک جزو ہے۔ زمانہ تالیف براہین احمدیہ کے پہلے آپ کی سوانح عمری کا میں تفصیلی علم نہیں رکھتا۔ مگر زمانہ تصنیف براہین سے جو جھوٹ بولنا دھوکا دینا آپ نے اختیار کیا ہے۔ خصوصاً ۱۸۸۶ء سے جب سے آپ نے الہامی بیٹا تولد ہونے کی پیش گوئی کی اور اس قسم کی اور پیش گوئیاں مشتہر کی ہیں۔ علی الخصوص ۱۸۹۰ء سے جب آپ نے مسیح موعود ہونے کا دعویٰ مشتہر کیا ہے۔ اس سے آپ کی کوئی تحریر کوئی تقریر کوئی خط کوئی تصنیف خالی نہیں۔ اس پر قیاس ہوسکتا ہے کہ پہلے زمانہ میں خصوصاً امتحان مختاری میں فیل ہونے اور پھر عدالت میں سالہا سال اپنے مقدمات کرنے کے وقت آپ کا یہی حال رہا ہوگا۔ (اشاعۃ السنۃ)

قول مختار مدعا علیہ:

''اور اس الہام میں مولویوں کی تکفیر کا رد بھی ہے۔ چنانچہ مرزا صاحب (نشان آسمانی ص۳۵، خزائن ج۴ ص۳۹۸) میں اس الہام کو ذکر کر کے کہتے ہیں کہ منکر کافر ہوجاتا ہے اور ایک طرف مولوی لوگ فتویٰ لکھ رہے ہیں کہ اس شخص کی ہم عقیدگی اور پیروی سے انسان کافر ہوجاتا ہے اور ایک طرف خداتعالیٰ اپنے اس الہام پر متواتر زور دے رہا ہے۔ یعنی مخالفین کو اس الہام میں جواب دیا گیا ہے کہ یہ آنحضرتﷺ کا عاشق و صادق ہے اور اس کا شیدائی ہے۔ اس لئے اس کی پیروی اور اس کی تقلید انسان کو خدا کا محبوب بنادیتی ہے۔''

الجواب: مولویوں کا رد نہیں بلکہ ان کی تائید ہے۔ کیونکہ مرزا صاحب کے ذخیرہ کفریات میں اس سے ایک عدد کا اضافہ ہوگیا اور ثابت ہوگیا کہ کبھی کبھی آنحضرتﷺ کی شان میں اچھے الفاظ استعمال کرنا محض مرزا صاحب کا دجل اور فریب ہے۔ ورنہ وہ اپنے لقب کو آنحضرتﷺ کا ہر خصوصیت میں ہمسر اور شریک و سہیم سمجھتے ہیں اور برابر ہتک و توہین میں سرگرم رہتے ہیں۔ ان کے نمائشی ایمان و اسلام کا کوئی اعتبار نہیں۔ دراصل جیسا کہ دلائل سے ثابت ہوچکا، مرزا صاحب اور مرزائیوں کا ایمان نہ ''لا الہ الا اللہ'' پر ہے، نہ محمد رسول اللہ پر، نہ ایمان مجمل پر نہ مفصل پر۔ مرزا صاحب کی تقلید انسان کو خدا اور رسول کا دشمن اور شیطان لعین کا دوست بناتی ہے۔ جیسا کہ مفصل گزرا اور آگے آرہا ہے۔

## خلاصہ

مخصوص اعتراضی پہلو کہ یہ آیت کسی پر چسپاں نہیں ہوسکتی اور اس خطاب میں مشارکت شرک فی الرسالۃ ہے۔ مختار مدعا علیہ بالکل دانستہ نظر انداز کر گیا اور اس کی ایک نظیر مسلم و غیر مسلم نہ لاسکا۔ لہٰذا یہ اعتراض بھی بالکل لاجواب رہا۔

(۶)

## وما رمیت اذ رمیت ولکن اللہ رمیٰ

یہاں بھی مختار مدعا علیہ یہ کہہ کر اس کا بھی وہی جواب ہے جو ماسبق کا اعتراضی پہلو سے گریز کیا بحث صرف اس قدر ہے کہ یہ خصوصی خطاب آنحضرتﷺ کا امتیازی طغرائے افتخار ہے۔ اس کا کسی اور پر چسپاں کرنا، موجب ہتک وتنقیص شان گرامی سید المرسلینﷺ ہے اور شرک فی الرسالۃ کی یہ بھی ایک قسم ہے جس کے بعد کلمہ توحید پر ایمان باقی نہیں رہ سکتا۔

اس خطاب کو آدم سے آج تک نبی، صحابی، ولی، امام، بزرگ نے اپنے یا کسی کے لئے استعمال کرنا یا اسے چسپاں کر کے جائز نہ سمجھا۔ مختار مدعا علیہ اس کی ایک نظیر بھی کسی غیر مسلم کتاب کی بھی نہ پیش کر سکا، بلکہ اس کی خصوصیت کا اعتراف مرزا صاحب کے الفاظ میں کر گیا کہ: ’’ہمارے سید ومولا سید الرسل حضرت خاتم الانبیاءﷺ نے جنگ بدر میں ایک سنگریزوں کی مٹھی کفار پر چلائی اور وہ مٹھی کسی دعاء کے ذریعہ سے نہیں بلکہ خود اپنی روحانی طاقت سے چلائی۔ مگر اس مٹھی نے خدائی طاقت دکھلائی اور مخالف کی فوج پر ایسا خارق عادت اس کا اثر پڑا کہ کوئی ان میں سے ایسا نہ رہا کہ جس کی آنکھ پر اس کا اثر نہ پہنچا ہو اور وہ سب اندھوں کی طرح ہوگئے اور ایسی سراسیمگی اور پریشانی ان میں پیدا ہوگئی کہ مدہوشوں کی طرح بھاگنا شروع کیا۔ اس معجزہ کی طرف اللہ جل شانہ اس آیت میں ارشاد فرماتا ہے: ’’وما رمیت اذ رمیت…… الخ!‘‘ یعنی جب تو نے اس مٹھی کو پھینکا وہ تو نے نہیں پھینکا، بلکہ خداتعالیٰ نے پھینکا۔ یعنی درپردہ طاقت الٰہی کام کرگئی۔ انسانی طاقت کا یہ کام نہ تھا۔‘‘

لہٰذا یہ اعتراض بھی بالکل بے لوث جواب ہے۔ کیونکہ ہمارا اعتراض جیسا کہ ابھی ذکر کیا، صرف خطاب میں مشارکت اور اس آیت کے علاوہ آنحضرتﷺ کے کسی پر چسپاں کرنے کا تھا، جس کا جواب بن پڑا اور مختار مدعا علیہ نے پہلو بچا کر استدلال ہی خبط کر دیا کہ: ’’یہ اعتراض کہ آنحضرتﷺ کے معجزے کو اپنی طرف منسوب کر لیا، بالکل غلط اور محض بہتان ہے۔‘‘ یقیناً بہتان ہے۔ کیونکہ میں نے یہ اعتراض ہی نہیں کیا۔ ہمارا دعویٰ تو یہ ہے کہ یہ آیت خصوصیات نبویہ سے ہے۔ جیسا کہ اصل بحث میں دلائل بیّنہ سے واضح کر آیا ہوں اس کا آنحضرتﷺ کے علاوہ کسی پر چسپاں کرنا کسی معنی سے درست نہیں، بلکہ توہین نبوی ہے اور کسی مسلمان نے کسی تاویل سے حقیقتاً یا مجازاً اس کو کسی پر چسپاں کرنا روا نہیں سمجھا۔ مسلمانوں کے اعتراضات کے بعد مرزا صاحب کی یہ تشریح کہ: ’’اس سے اشارہ ان اشارات کی طرف معلوم ہوتا ہے جو حال میں شامل ہو رہے ہیں۔‘‘ (البشریٰ ج۲ ص۹۷)

علاوہ مضحکہ انگیز ہونے کے اصل اعتراض یعنی آیت قرآنی کو جو خصوصیات محمدیہ سے تھی۔ مرزا صاحب نے اپنے اوپر چسپاں کیا اس کا جواب نہیں بن سکتا۔ جب تک کوئی نظیر اس کی عالم اسلامی سے پیش نہ کریں یا کوئی آیت، حدیث، کسی صحابی، امام، بزرگ، عالم کا قول اس تاویل سے جواز استعمال کا پیش کریں۔

مزید برآں جس البشریٰ سے اسے نقل کیا ہے اس میں بھی نقل کی خیانت موجود ہے۔ کیونکہ وہاں آیت کا وہی ترجمہ موجود ہے جو قرآنی آیت کا اسے درمیان سے دیدہ ودانستہ نظرانداز کر دیا۔ اصل یوں ہے کہ: ’’۴۳،۳؍مئی ۱۹۰۵ء‘‘ وما رمیت اذ رمیت ولکن اللہ رمیٰ (ترجمہ) تو نے مٹھی خاک نہیں پھینکی تھی، مگر اللہ نے پھینکی تھی (تشریح) حضرت مسیح موعود نے فرمایا کہ اس سے اشارہ اشتہارات…… الخ!‘‘ اب اس آیت کے اس ترجمہ کے بعد پھر کسی توجیہہ سے کسی پر چسپاں کرنا قباحت اور کفر کو دوبالا کر دے گا۔ اس لئے مختار مدعا علیہ نے (البشریٰ ج۲ ص۹۷) درمیان سے قطع وبرید کی خیانت کا ارتکاب کیا۔ بہرحال یہ اعتراض بھی ماسبق اعتراضات کی طرح بالکل لاجواب ہے۔ جواب کی طرف اشارہ تک نہیں، بلکہ جو تاویل کی اس سے اصل اعتراض اور مضبوط ہوگیا۔

(۷)

## وما ینطق عن الھویٰ ان ھو الا وحی یوحیٰ

تمام مسلمان امم سابقہ کے مقابل نبی کریم ﷺ کے اس خصوصی امتیاز کو نہایت فخر ومباہات کے ساتھ پیش کرتے چلے آئے ہیں کہ یہ فخر کسی ولی اور متبع کو کجا اولوالعزم انبیاء کرام صفی اللہ اور خلیل اللہ، کلیم اللہ وروح اللہ علیہم الصلوٰۃ والسلام کو بھی میسر نہ ہوا کہ ان کی تمام گفتگو اللہ کی وحی ہو۔ حضرت مولانا رومی فرماتے ہیں:

گفتۂ او گفتۂ اللہ بود　گرچہ از خلقوم عبداللہ بود

مرزاصاحب کو صبر نہ آیا اور اس عزت پر بھی حملہ کر ہی دیا اور اس میں بھی آنحضرت ﷺ کا ہمسر بن بیٹھا اور کلمہ شریف پر ایمان سے ہاتھ دھویا۔

مختار مدعاعلیہ سے ان کفریات کا جواب بن نہیں آتا، ادھر ادھر کی لایعنی غیر متعلق تاویلات سے وقت پورا کرنے کی سعی کرتا ہے اعتراض تو یہ ہے یہ آیت اخص ترین خصوصیات محمدیہ میں سے ہے۔ اس کا استعمال اور اس کو کسی پر چسپاں کرنا سخت ترین توہین اور شرک فی الرسالۃ ہے جس کے بعد کلمہ شریف کی جزو ثانی پر ایمان قائم نہیں رہ سکتا۔ سیدنا آدم سے آج تک کسی نے اسے اپنے یا کسی نبی ولی پر چسپاں نہیں کیا۔ اگر کیا ہو تو ایک مثال غیر مسلم کتاب ہی سے دکھادیں۔ مثال تو نہ ملی نہ جواب بن پڑا۔ یہ تاویل کرکے جان بچائی کہ: ''مختار مدعیہ کا اس الہام پر وہی اعتراض ہے جو پہلے الہاموں پر کیا ہے۔ اس لئے ہماری طرف سے بھی یہی جواب ہے کہ قرآن مجید کی آیت کے مصداق تو آنحضرت ﷺ ہی ہیں اور مرزاصاحب کے اس الہام سے یہ مراد ہے کہ آپ کے الہامات خداتعالیٰ کی طرف سے ہیں...... الخ!''

<u>الجواب:</u>

۱...... یہ کہنا کہ یہ وہی اعتراض ہے اور وہی ہمارا جواب ہے کس قدر لغو ہے۔ اصل اعتراض سے جواب نہ بنا، یوں ٹال دیا۔ ہم بھی اعتراض کرتے ہیں کہ جس طرح پہلے اعتراضات لاجواب ہیں۔ اسی طرح یہ بھی لاجواب ہے اور ان شاءاللہ العزیز! قیامت تک جواب ناممکن ہے۔

۲...... یہ عجیب مضحکہ خیز جواب ہے کہ ''مَا یَنْطِقُ عَنِ الْھَوٰی اِنْ ھُوَ اِلَّا وَحْیٌ یُّوْحٰی'' قرآن پاک میں جب مذکور ہو تو آنحضرت ﷺ ہی مراد ہوں اور خصوصیات محمدیہ ﷺ سے قرار پائے۔ مگر مرزاصاحب کی (اربعین نمبر۳ ص۳۷، خزائن ج۱۷ ص۴۲۷) پر بعینہٖ یہ آیت مرزاصاحب کی خصوصیت بن جائے۔

۳...... جواب تو جب ہوسکتا ہے کہ کسی آیت یا حدیث یا صحابی ولی غوث کے کلام سے اس کی تخصیص باطل کردیں یا کسی اور کے واسطے جواز استعمال کی نظیر پیش کریں اور یہ ان شاءاللہ! تاقیامت ناممکن ہے ان بے سود تاویلات سے کفر نہیں ٹل سکتا نہ آنحضرت ﷺ کی توہین کا اس سے ازالہ ہوسکتا ہے۔

قول مختار مدعاعلیہ:

''چنانچہ آپ اس الہام کا ترجمہ پہلے ان دو الہاموں کے ساتھ یہ کرتے ہیں۔ پس تم قرآن کریم کو چھوڑ کر کس حدیث پر چلوگے۔ ہم نے اس بندہ پر رحمۃ نازل کی ہے اور یہ اپنی طرف سے نہیں بولتا، بلکہ جو کچھ تم سنتے ہو یہ خدا کی وحی ہے۔''

(اربعین نمبر۳ ص۳۷، خزائن ج۱۷ ص۴۲۷)

صرف اس ترجمہ کو رلانے کے واسطے اس کے ساتھ دو الہام جو اس سے کچھ ربط نہ رکھتے تھے، ساتھ ترجمہ میں نقل کر دیئے اور اس کے متصل بعد کا الہام جو مستقل ایک کفر تھا چھوڑ دیا۔’’’دنا فتدلیٰ فکان قاب قوسین او ادنیٰ ‘‘باوجود اس تمام فریب کے آیت:’’ما ینطق عن الھویٰ ان ھو الا وحی یوحیٰ ‘‘کا وہی ترجمہ مرزا صاحب نے بھی کیا جو مسلمان کرتے ہیں کہ:’’یہ اپنی طرف سے نہیں بولتا بلکہ جو کچھ تم کہتے ہو خدا کی وحی ہے۔‘‘اس ترجمہ سے بجائے کسی کے جواب کے اعتراض اور مضبوط ہو گیا۔ کیونکہ یہ خصوصی امتیاز اور یہ آیت کریمہ اسی ترجمہ کے ساتھ جو خصوصیات محمدیہ سے ہے۔ بلا کسی تاویل کے مرزا صاحب نے اپنے اوپر چسپاں کی اور اپنے کو سید المرسلین ﷺ کا ہمسر اور آپ کے کمالات وفضائل جو خصوصیات محمدیہ سے ہے بلا کسی تاویل کے مرزا صاحب نے اپنے اوپر چسپاں کی اور خصوصیت شریک وسہیم ٹھہرا دیا جس سے بڑھ کر کیا توہین ہوگی اور اس عظیم الشان شرک فی الرسالۃ کے بعد کلمہ شریف پر ایمان کیونکر میسر ہوسکتا ہے۔

قول مختار مدعا علیہ:

’’اور اس سے آنحضرت ﷺ کی کوئی توہین لازم نہیں آتی، بلکہ آپ کی فضیلت ظاہر ہوتی ہے...... الخ!‘‘ یہ محض غلط ہے اتنی بڑی توہین کو فضیلت سمجھنا صرف مختار مدعا علیہ کی رائے ہے۔ ورنہ جس کے دل میں ایک ذرہ برابر بھی ایمان کا شائبہ ہے، وہ بلا تاویل اسے توہین ہی خیال کرتا ہے۔

پھر ایک غیر متعلق حوالہ (علم الکتاب ص۸۲) سے نقل کیا ہے:’’الہام خاص آن ست کہ اوسجانہ بندگان خاص درحالت قرب مع اللہ برقلوب ایشان بے دخل فکرواندیشہ وبے متوسط حواس دیگر بالقاء رحمانی مے انداز دودرناء نفوس ایشان کلمات بے صدائے خود میسر آید ولیکن اولیاء راایں حالت دائم مے شود وہیچ گاہ خود درمیان نمے باشند وآئینہ وار مرتبہ’’ما ینطق عن الھویٰ‘‘ مے گروند وہمہ کلمات چنیں اے خاص الہامات الٰہی است وفاش از مشاہدہ وگاہ یا بعض اوقات بوساطت ملائکہ باواز وصوت ہم پیغام خود حق سجانہ باولیاء خویش مے رساند دریں آواز سروش مے خواندواحساس ایں صدائے سروش گاہ بگوش ظاہری ہم کردہ مے شودواکثر ہمہ گوش باطن مے شود۔‘‘

اس میں کہیں بھی اس آیت کریمہ کا خطاب وتعلق کسی اور سے نہیں بتلایا نہ اس آیت کریمہ کو اپنے یا کسی اور پر اس مذکورہ ترجمہ سے چسپاں کیا ہے۔ اس میں تو صرف یہ الفاظ ہیں کہ:’’وہیچ گاہ خود درمیان نمے باشند وآئینہ وار مرتبہ ما ینطق عن الھویٰ می گردند‘‘یعنی جب کہ درمیان سے خودی اٹھ جاتی ہے تو آئینہ کی طرح مرتبہ (مقام) ماینطق عن الھویٰ کا مشاہدہ کرتے ہیں۔

اس کی تحقیق اوپر شیخ عربی کے الفاظ میں پیش کر چکا ہوں کہ کوئی ولی مقامات نبوۃ سے کسی مقام پر فائز اور داخل نہیں ہوسکتا۔ اس میں دخول کی ہمیشہ کے لئے ممانعت ہے۔ وراثت کسی مرتبہ کے مشاہدہ کی انتہاء یہ ہے کہ جیسے زمین پر سے آسمان کے ستاروں کو دیکھیں اور میر درد کے لفظ’’خود درمیان نمے باشد‘‘اور لفظ’’آئینہ دار‘‘ میں اسی کی طرف اشارہ ہے۔ بہرحال اس مرتبہ کا آئینہ دار مشاہدہ اور چیز ہے اور آیت:’’ماینطق عن الھویٰ ‘‘کا مصداق ہونا اور بات ہے اور بحث صرف آیت کے کسی پر چسپاں ہونے میں بھی جس کی ایک نظیر بھی کسی غیر مسلم کتاب سے بھی نہ پیش کر سکے۔ لہٰذا یہ اعتراض بھی بدستور سابق لا جواب ہی رہا۔ اعتراضی پہلو کا تذکرہ تک نظر انداز کر دیا جواب کیا دے سکتے ہیں۔

## (۸)

## وما کان اللہ لیعذبھم وانت فیھم

یہاں بھی مختار مدعا علیہ نے وہی اصل اعتراض سے پہلوتہی کی روش اختیار کی ہے اور ہمارا اعتراض بدستور لاجواب ہے۔ اعتراض تو صرف یہ ہے کہ مخصوص اور خصوصی لقب صرف نبی کریم ﷺ کو حاصل ہے کہ آپ کی ذات نہ صرف دوستوں، بلکہ دشمنوں کے واسطے بھی

رحمۃ ہے اور آپ رحمۃ للعالمین کے ہوتے ہوئے باری تعالیٰ دشمنان نبوی وکفار مکہ پر بھی عذاب نہیں بھیجتا اور جب تک آپ ان میں رہیں عذاب سے مامون ومحفوظ رہیں گے۔

اس آیت کریمہ کا مصداق بنص قرآن اور سیاق وسباق نیز احادیث صحیحہ بلکہ اجماع امت کے صرف نبی کریم ﷺ ہیں۔ کسی آسمانی صحیفہ، حدیث، تفسیر، تاریک، صحابی، ولی، عالم کے اقوال واشارات میں اسے کسی اور پر چسپاں نہیں کیا گیا نہ مختار مدعا علیہ باوجود انتہاء جدوجہد کے ایک غیر مسلم ضعیف سے ضعیف نقل پیش کرسکا۔ پس مرزاصاحب کا شرک فی الرسالۃ اور نبی کریم ﷺ کی ہمسری اور تنقیص وتوہین پورے طور پر واضح ہوگیا جس کے بعد کلمہ شریف پر ایمان محال قطعی ہے۔ پس اس میں قادیان کا اضافہ یا یہ تاویل کہ قرآن میں آیت سے اہل مکہ اور اس الہام میں قادیان کے باشندے مراد ہیں۔ محض بے سود اور اصل اعتراض سے غیر متعلق ہے۔ کیونکہ اعتراض کسی ترجمہ یا تاویل پر نہیں، بلکہ اس آیت کے کسی پر سوائے آنحضرت ﷺ کے چسپاں کرنے پر تھا جو بدستور سابق بالکل لاجواب ہے بلکہ جواب کا اشارہ تک نہیں۔

## (۹)

## سبحان الذی اسریٰ بعبدہ...... الخ!

’’اور پاک ذات وہی خدا ہے جس نے ایک رات میں تجھے سیر کرایا۔‘‘　　(حقیقت الوحی ص ۷۸، خزائن ج ۲۲ ص ۸۱)

یہاں بھی وہی مغالطہ ہے ہر مسلمان واقف ہے کہ: ’’**سبحان الذی اسریٰ بعبدہ**‘‘ کی خلعت فاخرہ صرف محبوب رب العالمین ﷺ کے خصوصیات سے ہے۔ آدم علیہ السلام سے آج تک کسی نبی، ولی کو اس سے نوازا نہ گیا۔

اس آیت کو کسی طرح اپنے یا کسی پر چسپاں کرنا بارگاہ رسالت کی سخت ترین توہین اور شرک فی الرسالۃ ہے جس کے بعد کلمہ شریف پر ایمان نہیں رہ سکتا۔ مگر مختار مدعا علیہ اس سے پہلو بچا کر بجائے اس کے کہ اس کے چسپاں اور استعمال کرنے یا عدم تخصیص کا کوئی ضعیف سے ضعیف حوالہ پیش کرتے یہ بے سود تاویل پیش کی کہ: ’’اس اعتراض کا بھی وہی جواب ہے کہ قرآن مجید میں جس اسریٰ کا ذکر ہے وہ آنحضرت ﷺ کے ساتھ مختص ہے اور اس الہام میں جس اسریٰ کا ذکر ہے وہ اور ہے۔‘‘

خواہ جواب ہو یا نہ متعلق ہو یا غیر متعلق یہی الفاظ جواب کے واسطے پیش ہیں۔

عدالت خود توجہ فرمائے کہ جب یہ آیت: ’’**سبحان الذی اسریٰ بعبدہ...... الخ!**‘‘ باقرار مختار مدعا علیہ آنحضرت ﷺ کے ساتھ مختص ہے تو یہ تفصیل کہ قرآن میں مختص ہے اور حقیقت یا الہام میں نہیں محض لغو ہے۔ یہ خصوصی القاب دنیا جہان میں جہاں کہیں بھی جس رنگ میں ہوں آنحضرت ﷺ سے مخصوص ہیں۔ ان کا کسی پر کسی طرح چسپاں کرنا درست نہیں، نہ ابتدائے آفرینش عالم سے آج تک الہاماً یا اختراعاً سوائے مرزاصاحب کے کسی نے چسپاں کئے ہیں۔ تمام مذہبی لٹریچر میں ایک نظیر موجود نہیں۔ اس کی تشریح (البشریٰ ج ۱ ص ۲۸) سے یہ پیش کرنا کہ:

۵۳...... ’’**سبحان الذی اسریٰ بعبدہ لیلاً**‘‘ (پاک ہے وہ ذات جس نے اپنے بندے کو رات کے وقت میں سیر کرایا یعنی ضلالت وگمراہی کے زمانہ میں جو رات سے مشابہ ہے معرفت اور یقین تک لدنی طور پر پہنچایا محض بے سود اور لغو ہے۔

۱...... اوّلاً اس لئے کہ یہ مرزاصاحب کی تشریح نہیں بلکہ بابو منظور الٰہی کلرک محکمہ تار کی تشریح اور ترجمہ جو مرزاصاحب کے ترجمہ حقیقت الوحی سے کچھ مغائر بھی ہے اور بابو منظور الٰہی اور ان کے ترجمہ کتاب کے غیر مسلم ہونے کو مختار مدعا علیہ اور گواہان مدعا علیہ **اسمع ولدی** کے تحت میں شدومد سے کہہ آئے ہیں۔

۲...... جہاں مرزا صاحب کی تشریح ہوتی ہے۔ وہاں مؤلف لفظ تشریح یا مرزا صاحب کا اسم گرامی اضافہ کرتا ہے۔ جیسا کہ اس کے مطالعہ سے واضح ہے۔

۳...... یہ الہام (حقیقت الوحی ص۷۸، خزائن ج۲۲ ص۸۱) سے منقول ہے، وہاں یہ ترجمہ بھی نہیں نہ اس تشریح کا پتہ ہے۔

۴...... کوئی بھی تاویل ہو اعتراض بدستور لاجواب ہے۔ کیونکہ اعتراض اس آیت کے چسپاں کرنے پر تھا۔ اس کا کچھ بھی جواب نہ ہوسکا۔

دوسرا حوالہ (براہین حصہ پنجم ص۸۵، خزائن ج۲۱ ص۱۱۲) کا پیش کیا ہے۔ ’’ایک ہی رات سے سیر کرانے سے مقصد یہ ہے کہ اس کی تمام تکمیل ایک ہی رات میں کردی اور صرف چار پہر میں اس کے سلوک کو کمال تک پہنچایا۔‘‘

اس تاویل سے بھی اعتراض آیت کریمہ کے چسپاں کرنے اور اپنے لقب کو اس خطاب میں شریک وسہیم کرنے کا بدستور باقی رہا۔ بلکہ نظر غائر سے دیکھا جائے تو مضبوط ہی ہوگیا۔ یہ راتوں رات انتہائی مدارج تک پرواز کرنا بھی آنحضرت ﷺ کی شان ہے۔

۳...... تیسرا ایک جدید بالکل غیر مسلم حوالہ (سوانح عمری امام ربانی مطبوعہ لاہور ص۱۱) کا پیش کیا۔ ’’جو کمالات اوروں کو سالہا سال سے پیش کرتے ہیں حضرت کو آناً فاناً بسیر محبوبی ومرادی حاصل ہوئے۔‘‘

الجواب:

۱...... اوّلاً یہ کتاب غیر مسلم سوانح غیر معروف شخص محمد حسین ابن حکیم قادر بخش صاحب کی تالیف ہے۔ باب عقائد میں اس کا تذکرہ بھی بیکار ہے۔

۲...... یہ ایک خوش عقیدہ مرید کا اپنے پیر کے حق میں حسن ظن ہے۔ کسی پر کیا حجت۔

۳...... حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی کے معتبر سوانح حیات یا ان کی تالیفات میں اس کا پتہ تک نہیں۔

۴...... اس غیر مسلم جدید حوالے سے بھی جواب نہیں ہوسکتا، کیونکہ جس آیت کی بحث ہے، یعنی ’’سبحان الذی اسریٰ بعبده لیلا...... الخ!‘‘ اس کا یہاں تذکرہ اشارۃً وکنایۃً بھی نہیں محض غیر متعلق چیز ہے۔

یہاں تو صرف اس قدر ہے کہ جو اوروں نے برسوں کی کوشش سے حاصل کئے وہ اللہ نے آپ پر تھوڑے وقت پر منکشف کر دیئے۔ یہاں آیت کریمہ یا اس کے کسی شخص پر چسپاں کرنے کا تذکرہ تک نہیں اتنی غیر متعلق باتوں کے باوجود اصلی اعتراض کو ہاتھ تک نہ لگایا اور وہ بدستور لاجواب رہا۔

## (۱۰)

## لولاک لما خلقت الافلاک

(ترجمہ مرزا) اگر میں تجھے (یعنی مرزا صاحب) پیدا نہ کرتا تو آسمان کو پیدا نہ کرتا۔ (حقیقت الوحی ص۹۹، خزائن ج۲۲ ص۱۰۲)

اگرچہ باعتبار سند اس کے حدیث ہونے میں محدثین کو تأمل ہے۔ مگر اس پر تمام محدثین متکلمین مفسرین اور ائمہ وبزرگان دین سلف وخلف کا اتفاق ہے کہ سبب ایجاد عالم اور باعث تخلیق افلاک بلکہ تمام زمین وزمان، انس وجان، عرش وکرسی، لوح وقلم وتمام کائنات عالم صرف ذات گرامی سید المرسلین ﷺ ہے نہ کوئی اور مخلوق، ساری مخلوق تمام کائنات آپ کے صدقہ وطفیل پردہ عدم سے منصۂ شہود پر جلوہ گر ہوئی۔ یہ فقرہ ’’لولاک لما خلقت الافلاک‘‘ سنداً جو بھی ہو یہاں اس کی سند زیر بحث نہیں صرف یہ گفتگو ہے کہ یہ خصوصی لقب آنحضرت ﷺ کا ہے اور یہ اس تخصیص میں اس قدر مشہور ہے کہ صاحب لولاک سید لولاک بمنزلہ آپ کے اسم گرامی کے مستعمل ہے۔

مولانا گرامی فرماتے ہیں:

بگیرم دامن آن سید لولاک در محشر　　کہ محشر بر نہ تابد تاب حسن بے حجابش را
گرامی در قیامت آں نگاہ مغفرت خواہد　　کہ در آغوش گیرد جرمہائے بے حسابش را

خواہ سند کے لحاظ سے اسے حدیث نہ کہیں یا صحاح میں اس کا تذکرہ نہ ہو مگر یہ لقب کسی اور پر چسپاں کرنا جب کہ یہ باتفاق مسلمین خصوصیات نبویہ سے ہے اور سیر کی کتب میں مذکور ہے۔ یقیناً شرک فی الرسالۃ اور تنقیص بارگاہ رسالت ﷺ ہے جس کے بعد کلمہ توحید پر ایمان باقی نہیں رہ سکتا۔ اس فقرہ **لولاک لما خلقت الافلاک** کی تخصیص اور آنحضرت ﷺ ہی کے اصلی مصداق ہونے کا اعتراف مختار مدعا علیہ کو بھی ہے کیونکہ وہ لکھتا ہے: ’’اصل مصداق **لولاک لما خلقت الافلاک** کا تو آنحضرت ﷺ کا وجود باجود ہی ہے، کیونکہ آپ نوع انسانی کے جو کہ اشرف انواع مخلوقات ہے، اکمل واعلیٰ فرد ہیں جس پر کمال انسانی کا خاتمہ ہے۔‘‘ مگر پھر بھی مرزاصاحب کی ہمسری ومشارکت کے واسطے تین مندرجہ ذیل تاویلیں کی ہیں۔

۱...... اس میں نئے آسمان وزمین جو نئے مصلح کے وقت پیدا ہوتے ہیں، مراد ہیں۔ جیسے (حقیقت الوحی ص۹۹، خزائن ج۲۲ ص۱۰۲ حاشیہ) سے ثابت ہے یعنی مرزاصاحب روحانی آسمان سے علت غائی ہیں۔ (ملخصاً)

۲...... **اصلی مصداق لولاک لما خلقت الافلاک** آنحضرت ﷺ ہی ہیں، مگر ظلی طور پر مرزاصاحب بھی مصداق **لولاک لما خلقت الافلاک** ہیں۔

۳...... حدیث نسائی ’’**قتل المؤمن اعظم عنداللہ من زوال الدنیا** اور ابن ماجہ **لزوال الدنیا اھون عنداللہ من قتل مومن بغیر حق**‘‘ کے حاشیہ سندھی میں یہ درج ہے کہ: ’’**المراد بالمومن الکامل الذی یکون عارفاً باللہ تعالیٰ وصفاتہ فانہ المقصود من خلق العالم لکونہ مظھر الایات اللہ واسرارہ ما سواہ فی ھذاالعالم الحسی من السمٰوٰت والارض مقصود لاجلہ ومخلوق لیکون مسکنالہ ومحلا لتکفرہ مضار زوالہ اعظم من زوال التابع**‘‘ (ابن ماجہ ج۲ ص۷۰ حاشیہ مصری) کہ حدیث میں مؤمن سے کامل مؤمن مراد ہے جو اللہ تعالیٰ اور اس کے صفات کا عارف ہو۔ کیونکہ پیدائش عالم سے وہ ہی مقصود ہے۔ اس وجہ سے کہ اللہ تعالیٰ کے آیات اور اسرار کا مظہر ہے اور اس کے علاوہ جو عالم محسوسات میں زمین وآسمان ہیں۔ اس کی خاطر ان کے بنانے کا مقصد کیا گیا اور اس لئے وہ پیدا کئے گئے تاکہ وہ کامل مؤمن کہا جائے، سکونت اور محل تفکر ہوں۔ لہٰذا کامل مؤمن کا زوال اعظم ہے تابع کے زوال سے۔‘‘

<u>الجواب:</u>

۱...... پہلا دوسرا نمبر آپس میں متعارض ہیں۔ کیونکہ پہلے میں روحانی آسمان مراد ہے اور دوسرے میں یہی محسوس آسمان صرف ظلی وبروزی کا فرق ہے۔

۲...... نیز پرانے آسمان مراد ہوں یا نئے خدا کے پیدا کئے ہوں یا بقول مرزاصاحب اپنے کشفی بنائے ہوئے تمام کائنات عالم کے علۃ غائی آنحضرت ﷺ اور ان کا وجود باجود ہی ہے۔ نئے پرانے جسمانی روحانی کی تفصیل نہیں۔ یقیناً آنحضرت ﷺ ہر لحاظ سے مصداق ’’**لولاک لما خلقت الافلاک**‘‘ ہیں۔ کسی تاویل سے یہ لقب سیدنا آدم علیہ السلام سے آج تک کسی نبی، ولی، قطب، غوث نے اپنے یا کسی دوسرے کے واسطے نہ جائز رکھا نہ استعمال کیا۔ اس کو کسی پر کسی طرح خواہ ظلی وبروزی طور پر کیوں نہ ہو۔ چسپاں کرنا شرک فی الرسالۃ موجب تنقیص سید المرسلین ﷺ اور منافی ایمان کلمہ توحید ہے۔

اعتراض صرف استعمال اور چسپاں کرنے پر ہے کسی مخصوص لحاظ، مخصوص معنی اور مخصوص تاویل پر نہیں، مختار مدعا علیہ اعتراضی پہلو یہاں بھی نظر انداز کر گیا اور اس اعتراض کو بھی لاجواب چھوڑا۔

## تیسری تاویل کا جواب

۱...... یہ حدیث بیان سے بالکل غیر متعلق ہے۔ کیونکہ اس میں تو صرف اس قدر ہے کہ کسی مؤمن کو ناحق قتل کرنا اللہ کے نزدیک دنیا زائل ہونے سے زیادہ بڑھ کر ہے۔

اور ظاہر ہے کہ تمام دنیا انسان اور انسان کامل مؤمن کی خادم اور وہ مخدوم ہے اور مخدوم کے مقابلے میں خادم کی حیثیت ہی کیا۔ ’’لولاک لما خلقت الافلاک‘‘ سے دور کا بھی تعلق نہیں۔

۲...... حاشیہ سندی غیر مسلم جدید حوالہ ہے نہ وہ حاشیہ کسی مسلم محدث کا ہے کہ کسی پر حجۃ ہو۔

۳...... اس میں کہیں بھی ’’لولاک لما خلقت الافلاک‘‘ کا خطاب مؤمن کامل یا کسی کے واسطے نہیں بتایا ہے۔ اس میں تو صرف مندرجہ ذیل امور مختار مدعا علیہ کے اپنے من مانے ترجمہ سے نکلتے ہیں۔

۱...... مؤمن کامل عارف باللہ تمام مخلوق میں مخلوق بالذات ہے۔

۲...... عالم محسوسات زمین وآسمان اس لئے پیدا کئے گئے تاکہ وہ کامل مؤمن کی جائے سکونت اور محل تفکر ہوں۔

مؤمن کامل کی نفع رسانی اور محل سکونت اور جائے تفکر ہونا اور بات ہے اور کسی کا علت غائی مصداق ’’لولاک لما خلقت الافلاک‘‘ ہونا کہ اگر اسے پیدا نہ کرتا تو آسمان پیدا نہ کرتا یہ اور چیز ہے۔ نفع اور سکونت میں انسان کے ساتھ حیوانات بھی شریک ہیں۔ ہاں! انسانی نفع مقصود بالذات ہے اور حیوانی مقصود بالطبع۔ یہ بات نہیں کہ اگر مومن کامل کو پیدا نہ کرتا تو افلاک ودنیا پیدا نہ کرتا، سب اسی کے صدقہ میں موجود ہوا۔

بلکہ یہ شان صرف سید بنی آدم، باعث ایجاد عالمﷺ ہی کی ہے جن کو باری عزاسمہ نے فرمایا: ’’لولاک لما خلقت الافلاک‘‘ اور مختار مدعا علیہ کو بھی آنحضرتﷺ ہی کو اصل مصداق ماننا پڑا۔ بہرحال ما بہ النزاع سے اسے کوئی تعلق نہیں۔ نہ یہاں ’’لولاک لما خلقت الافلاک‘‘ کسی پر چسپاں ہے، نہ کسی کو علت غائی وجود افلاک قرار دیا ہے۔ صرف یہ ہے کہ زمین انسان کامل کے رہنے اور آسمان اس کے تفکر میں بھی مستعمل ہے۔ باقی پیدا وہ بھی صدقہ میں سید المرسلینﷺ کے ہے بلکہ مؤمن کامل اور خود ایمان کا وجود بھی آنحضرتﷺ ہی کا صدقہ ہے۔ آنحضرتﷺ کو پیدا نہ کیا جاتا تو نہ صرف زمین وآسمان، بلکہ مؤمن اور ایمان، جنت ودوزخ، عرش وکرسی اور کائنات عالم کا ایک ذرہ بھی پیدا نہ ہوتا۔ مرزا صاحب کے متبعین مرزا صاحب کو باعث ایجاد عالم یا ایجاد افلاک مانتے ہیں، مسلمان تو صرف اللہ کے محبوب اوّلین، خلق سید الاوّلین والآخرین کو مصداق ’’لولاک لما خلقت الافلاک‘‘ اور ’’لولاک لما خلقت الدنیا‘‘ مانتے ہیں اور کسی اور پر اسے چسپاں کرنا آنحضرتﷺ کی سخت ترین توہین اور شرک فی الرسالۃ اور منافی کلمۂ توحید بتاتے ہیں۔ جیسا کہ اصل بحث میں مدلل پیش کر چکا ہوں۔

## حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی پر بہتان

مختار مدعا علیہ نے (فتاویٰ رشیدیہ ج۴ ص۱۴۰) سے ایک فتویٰ پیش کیا ہے جس میں اوّل ما خلق اللہ نوری وغیرہ بعض احادیث کی صحت کے متعلق سوال کیا گیا تھا۔ مولانا جواب دیتے ہیں کہ: ’’یہ حدیثیں کتب صحاح میں موجود نہیں۔ مگر شیخ عبدالحق نے اوّل ما خلق

اللہ نوری کو نقل کیا ہے کہ اس کی کچھ اصل ہے۔''

اس سے یہ نتیجہ نکالنا کہ حضرت مولانا اس کے منکر ہیں اور مؤمن نہیں محض بہتان ہے۔ یقیناً یہ حدیث صحاح ستہ میں نہیں۔ گو دوسری احادیث کی کتب میں ہے مگر سند کے لحاظ سے محدثین کو اس کے حدیث ہونے میں تأمل ہے۔ مگر مضمون پر سب متفق ہیں کہ افلاک اور تمام عالم صرف آنحضرت ﷺ کے وجود باجود کا صدقہ ہے اور حدیث: ''لولاک لما خلقت الدنیا'' جو اس مضمون کی مؤید ہے سنداً بھی درست ہے جس کی تصحیح علامہ ابن حجر مکی نے اپنے فتاویٰ میں کی ہے۔ بہرحال سند کی تو یہاں بحث ہی نہیں۔ حضرت مولانا گنگوہی یا کسی اور عالم نے مصداق ''لولاک لما خلقت الافلاک'' اور باعث ایجاد عالم وتخلیق سماوات کسی اور کو بتایا ہو تو پیش کریں، مگر ہرگز نہیں کر سکتے۔ ''ولو کان بعضھم لبعض ظھیرا'' بہرحال یہ اعتراض بھی بوجہ اس کے کہ اعتراضی پہلو نظرانداز کر دیا جائے۔ بالکل لاجواب ہے۔ مفصل اصل بحث سے ملاحظہ فرمایا جاوے۔ اعادہ بخوف تطویل نہیں کرتا۔

## عینیت کا دعویٰ

''محمد رسول اللہ والذین معہ اشدآء علی الکفار''

شرک دو قسم کا ہوتا ہے۔ شرک فی الذات اور شرک فی الصفات۔ مرزاصاحب اپنے آپ کو آنحضرت ﷺ کے ایک ایک خصوصی صفات میں شرکت کا دعویٰ کرتے کرتے عین محمد ﷺ بن گئے۔ چنانچہ بحث میں اس کے واسطے مندرجہ ذیل حوالہ پیش کئے ہیں۔

۱......

منم مسیح زمان ومنم کلیم خدا　　منم محمد و احمد کہ مجتبیٰ باشد

(تریاق القلوب ص۳، خزائن ج۱۵ ص۱۳۴)

۲...... ''اور خدا نے آج سے بیس برس پہلے براہین احمدیہ میں میرا نام محمد واحمد رکھا ہے اور مجھے آنحضرت کا وجود قرار دیا ہے۔''

(ایک غلطی کا ازالہ ص۵، خزائن ج۱۸ ص۲۱۲)

۳...... ''پھر اسی کتاب میں اس مکالمہ کے قریب ہی یہ وحی الٰہی ہے کہ: ''محمد رسول اللہ والذین معہ اشدآء علی الکفار'' اس وحی الٰہی میں میرا نام محمد رکھا گیا ہے اور رسول بھی۔'' (ضمیمہ حقیقت النبوۃ ص۲۶۲، ایک غلطی کا ازالہ ص۱، خزائن ج۱۸ ص۲۰۷)

۴...... حقیقت الوحی میں جہاں اپنے لئے سب نبیوں کے نام گنائے ہیں۔ وہاں محمد واحمد ہوں بھی موجود ہے اور ان کے مریدین نے انہیں عین محمد تسلیم بھی کر لیا، بلکہ ان سے بڑھ کر جیسا کہ قاضی ظہورالدین اکمل ایڈیٹر تشحیذ الاذہان لکھتے ہیں:

محمد پھر اتر آئے ہیں ہم میں　　اور بڑھ کر پہلے سے ہیں عزوشان میں
محمد دیکھنے ہوں جس کو اکمل　　غلام احمد کو دیکھے قادیان میں

(اخبار البدر ۲۵؍اکتوبر ۱۹۰۶ء)

یہ جو کہیں کہیں ظل وبروز کے الفاظ اور حیلہ معلوم ہوتا ہے۔ اسے خلیفہ محمود صاحب محض بے معنی صرف انکساری پر محمول کرتے ہیں ورنہ دراصل اس کی کچھ حقیقت نہیں۔ ملاحظہ ہو۔

۱...... کتاب ہینڈبل بحوالہ الفضل ۲۶؍نومبر ۱۹۱۳ء کہ: ''ہم جیسے خدا کی دوسری وحیوں میں حضرت اسماعیل علیہ السلام، حضرت عیسیٰ علیہ السلام، حضرت ادریس علیہ السلام کو نبی پڑھتے ہیں۔ ایسی ہی خدا کی آخری وحی میں مسیح کو بھی یا نبی اللہ کے خطاب سے مخاطب دیکھتے ہیں اور اس نبی کے ساتھ کوئی لغوی یا ظلی یا بروزی یا جزوی کا لفظ نہیں پڑھتے کہ اپنے آپ کو ایک مجرم فرض کر کے اپنی بریئت کرنے لگیں بلکہ جیسے اور نبیوں کی

نبوت کا ثبوت دیتے ہیں۔ اس سے بڑھ کر مسیح موعود کی نبوت کا ثبوت دے دیتے ہیں۔'' اس سے یہ امر ثابت ہوا کہ مرزامحمود کے نزدیک ظلی بروزی فرق وحی الٰہی نے نہیں کیا بلکہ خود مرزاصاحب کا تصنیف کردہ ہے اور اس کی بناء کوئی حقیقۃ واقعیہ نہیں ہے بلکہ محض انکساری وفروتنی ہے۔ جیسا کہ (ہینڈبل ص۳ سطر۸) پر ہے: ''خدا نے صاف صاف لفظوں میں آپ کا نام نبی رکھا اور کہیں بروزی اور ظلی نہ کہا۔ پس ہم خدا کے حکم کو مقدم کریں گے اور آپ کی تحریریں جن میں انکساری وفروتنی کا غلبہ ہے جو نبیوں کی شان ہے۔ اس کو ان الہامات کے ماتحت کریں گے۔ اس سے واضح ہوگیا کہ ظلی وبروزی خدا کے کلام میں نہیں بلکہ خلاف واقع بھی ہے۔ صرف انکساری کے طور پر مرزاصاحب نے یہ کہہ دیا ہے۔

اب اس قسم کی واضح عینیت اور دعویٰ محمد رسول اللہ ہونے کے بعد کیونکر ایمان قائم رہ سکتا ہے جو شخص اپنے آپ کو عین محمد رسول اللہ کہتا ہو اور آیت کریمہ: ''محمد رسول اللّٰہ والذین معہ اشدآء علی الکفار '' اپنے اوپر بعینہٖ چسپاں کرتا ہو اور خود کو محمد رسول اللہ ﷺ سمجھتا ہو۔

وہ کروڑ مرتبہ لاالٰہ الا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ پڑھے محمد رسول اللہ پر اس کا ایمان محال ہے۔ ہاں! اپنے اوپر ایمان دار ہو تو ہو یا ان دونوں محمدوں پر یکدم تو شرک فی الرسالۃ بلکہ شرک فی الذات رہا جو شرک فی الصفات سے بدرجہا بڑھ کر ہے اور سخت ترین ہے جو کسی دشمن خدا اور رسول نے نہیں کی اور اس کے بعد کلمہ پر ایمان بالکل نامسموع ہے۔

نیز جب کہ مرزاصاحب اور تمام ان کے متبعین صاحبان مرزاغلام احمد صاحب کو بھی محمد رسول اللہ سمجھتے ہیں اور ان کے خیال میں خدا نے یہ نام اس آیت: ''محمد رسول اللّٰہ والذین معہ ...... الخ!'' میں مرزاصاحب کو دیا ہے تو جب وہ کلمہ لا الٰہ الا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ پڑھتے ہیں تو قابل سوال یہ امر ہے کہ اس محمد رسول اللہ سے مراد ان کے محمد رسول اللہ ہیں یا ہمارے آقا؟ اور ظاہر ہے کہ مرزاصاحب کا امتی، محمد رسول اللہ سے مرزاصاحب ہی کو مراد لے گا۔ لہٰذا کسی کا ایمان اس کلمہ پر نہیں ہوسکتا۔ جب تک مرزاصاحب محمد رسول اللہ ہونے سے انکار نہ کریں اور ان کے متبعین اس کے ماننے سے رجوع نہ کریں۔

۲...... یہ بھی قباحت بحث میں پیش کر چکا ہوں کہ آیت: ''محمد رسول اللّٰہ والذین معہ ...... الخ!'' بنص قطعی بلکہ بہ شہادت خداوندی و کفیٰ باللّٰہ شہیدا صرف آنحضرت ﷺ کے واسطے بلاشرکت غیرے ہے، اسے مرزاصاحب کا اپنے اوپر چسپاں کرنا علاوہ دعویٰ عینیت نص قطعی کا انکار وشہادت خداوندی کی تکذیب ہے، جو نہ صرف ایک دو بلکہ بے شمار کفروں پر مشتمل ہے۔

۳...... عین محمد اور انہی کا وجود ہونے میں مندرجہ ذیل کفریات ہیں:

۱...... سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا اور دیگر ازواج مطہرات کی ہتک کہ جب عین محمد ﷺ ہیں تو ان سے کیا رشتہ رہا۔ (العیاذ باللہ)

۲...... سیدہ فاطمہ زہراء سیدنا ابراہیم ودیگر اولاد کی ہتک جب عین محمد ہیں تو ان کے والد (عیاذاً باللہ) ٹھہریں گے۔

۳...... سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ وامام حسین رضی اللہ عنہ کی توہین کہ ان کے نانا جان ہوئے۔ وغیرہ وغیرہ!

۴...... تمام صحابہ رضی اللہ عنہم، اہل بیت رضی اللہ عنہم، اولیاء، اقطاب وابدال بلکہ تمام امۃ کی توہین، توہین انبیاء کے تحت میں یہ مفصل آئے گا۔ تفصیل کے واسطے ملاحظہ ہو۔ بیان گواہ مدعیہ نمبر۴ سلسلہ توہین انبیاء وتوہین نبی کریم ﷺ۔

## مختار مدعا علیہ کی تاویلات رکیکہ کا جواب

اوّلاً یہ کہ کوئی بھی تاویل کریں اعتراض ہی لاجواب ہے۔ کیونکہ بنیاد یہاں بھی آیت کریمہ: ''محمد رسول اللّٰہ والذین معہ ...... الخ!'' کے اپنے اوپر چسپاں کرنے پر ہے جس کی جرأت کسی نبی، صحابی، ولی، قطب نے نہ کی، نہ کسی آسمانی صحیفہ احادیث تفسیر کلام

فقہ یا کسی غیر مستند کتاب ہی میں اس کی کوئی نظیر ہے نہ مختار مدعا علیہ اس کی ایک نظیر پیش کر سکا۔ لہٰذا اصل اعتراض تو لاجواب ہی رہا اور بحمداللہ! اس ہیڈنگ میں ہر اعتراضی پہلو بچا یا اور تمام اعتراض لاجواب اور اقراری کفر رہے۔

۲…… مرزاصاحب کا دعویٰ عین محمد ہونے کا مختار مدعا علیہ اور اس کے گواہوں کو مسلم ہے۔ نیز ''**محمد رسول اللہ والذین معه…… الخ!**'' کا مصداق بھی مرزاصاحب کو مانتے ہیں اور جواب میں صرف رکیک تاویلیں پیش کرتے ہیں۔

۱…… آپ نے کسی کتاب میں نہیں لکھا کہ میں جسمانی لحاظ سے وہی محمد ہوں جو آج سے ساڑھے تیرہ سو برس پہلے آئے تھے۔

۲…… آپ فرماتے ہیں کہ میں ظلی اور بروزی طور پر وہی محمد ہوں۔

۳…… خدا کی طرف سے اطلاع دیا گیا ہوں کہ میرا تمام فیوض بلا واسطہ میرے پر نہیں بلکہ آسمان پر ایک پاک وجود ہے جس کا روحانی افادہ میرے شامل حال ہے۔ یعنی محمد ﷺ کو ملحوظ رکھ کر۔

۴…… مشابہت کی وجہ سے محمد کہا گیا۔

<u>الجواب:</u>

۱…… اوّل جسمانی وروحانی کسی طرح عین محمد بننا توہین نبوی ﷺ ہے، مگر مختار مدعا علیہ کی خاطر مرزاصاحب نے یہ بھی تصریح فرمادی ہے کہ: ''اور خدا نے آج سے بیس برس پہلے براہین احمدیہ میں میرا نام محمد واحمد رکھا اور مجھے آنحضرت ﷺ کا وجود ہی قرار دیا۔'' (ایک غلطی کا ازالہ ص۵، خزائن ج۱۸ ص۲۱۲) فرمائیں عین محمد ہونے کے ساتھ اپنے کو آنحضرت ﷺ کا وجود ہی قرار دے رہے ہیں۔ اس سے زائد کیا تصریح ہوگی۔

اب یہ مختار مدعا علیہ کی رائے ہے کہ جن محمد ﷺ کی عینیت کا دعویٰ ہے وہ وہی ہیں جو آج سے ساڑھے تیرہ سو سال پہلے دنیا میں ان ظاہری آنکھوں کے سامنے جلوہ افروز تھے یا کوئی اور؟

۲…… ظلی وبروزی کی تاویل کا پہلا جواب یہ ہے کہ اللہ کے محبوب ﷺ کی ذات گرامی اس قدر اعلیٰ وارفع ہے کہ ظلی وبروزی طور پر بھی اس بے مثیل ہستی کا کوئی مثیل اور ظل وبروز نہیں ہوسکتا نہ کسی طرح اس کا عین بن سکتا ہے۔ اسی طرح کہ اس کا وجود عین وجود محمد ﷺ ہوجائے۔ جیسا کہ مرزاصاحب ہیں آپ کی شان محبوبیت کی یکتائی کا تقاضا ہے کہ کوئی ان کا شبیہ اور سہیم وشریک بھی نہ ہو۔ شیطان لعین ہر ایک کی شکل بن کر آسکتا ہے، مگر اللہ کے محبوب کی شکل خواب میں بھی نہیں بن سکتا۔ خود ارشاد فرماتے ہیں: ''**من رانی فی المنام فقد رانی فان الشیطان لا یترا بی ولا یتمثل بی او کما قال** ﷺ (بخاری شریف) ''جس نے مجھے خواب میں دیکھا اس نے واقعی مجھی کو دیکھا۔ کیونکہ شیطان میرا نقشہ نہیں پاسکتا، نہ میری شکل بن سکتا ہے۔

بہر حال کسی تاویل سے عینیت محمد یہ ہو اور اپنا وجود آنحضرت ﷺ کا وجود قرار دیا جائے درست نہیں۔ دوسرا جواب یہ ہے کہ بروز سے ہی کوئی مغائرت پیدا نہ ہوئی۔ جیسا کہ مرزاصاحب خود کہتے ہیں: ''اور مجھے آنحضرت ﷺ کا وجود ہی قرار دیا گیا بروز میں دوئی نہیں ہوتی۔'' (اشتہار ایک غلطی کا ازالہ ص۵، خزائن ج۱۸ ص۲۱۴)

۳…… جواب یہ ہے کہ مرزامحمود صاحب جن پر گواہوں نے اپنا ایمان بتایا ہے اور جس کی تصانیف ان پر حجت ہیں، ظلی وبروزی کی تفصیل خدا کی وحی میں نہیں بتاتے بلکہ محض مرزاصاحب کی انکساری وفروتنی پر محمول کرتے ہیں۔ گویا اصل یہ واقعہ نہیں، بلکہ یہ آڑ ظلی وبروزی کی ہے۔ ورنہ دراصل وہ انکساری کے طور پر ہے۔ (ملاحظہ ہو حوالہ ہینڈبل سابقہ)

۴...... یہ کہنا کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ آنحضرت ﷺ تمام فیوض کا واسطہ ہیں۔ اس لئے عینیت محمدی کا دعویٰ ہے، محض لغو ہے۔ کیونکہ دنیا جانتی ہے کہ واسطہ اور ذی واسطہ غیر غیر ہوتے ہیں اور آج تک کسی عقلمند نے واسطہ اور ذی واسطہ کی عینیت کا قول نہیں کیا۔

۵...... مشابہت تامہ کی وجہ سے عین محمد کہا گیا ہو۔ اوّلاً یہ تاویل لغو ہے۔ کیونکہ خود مرزا صاحب تصریح فرمارہے ہیں کہ خدا نے مجھے آنحضرت ﷺ کا وجود ہی قرار دیا ہے اور ظہور الدین اکمل تو عین محمد اور پہلے سے بڑھ کر مانتے ہیں:

محمد پھر اتر آئے ہیں ہم میں　　اور بڑھ کر پہلے سے ہیں عز وشان میں
محمد دیکھنے ہوں جس کو اکمل　　غلام احمد کو دیکھے قادیان میں

(اخبار البدر ۲۵؍اکتوبر ۱۹۰۶ء ص۱۴)

قاضی صاحب کا یہ عقیدہ مرزا صاحب کے کلام کی روشنی میں ہے۔ جیسا کہ اوّل بحث میں بحوالہ (خطبہ الہامیہ ص۱۷۱، خزائن ج۱۶ ص۲۵۸،۲۵۹) گزر چکا کہ صرف عین محمد بلکہ پہلے سے کامل ہیں۔ عیاذاً باللہ! دوسرے اللہ کے محبوب آنحضرت ﷺ سے کسی کی مشابہت تامہ ماننا بھی کفر ہے۔ انتہائی پرواز مقربان بارگاہ الٰہی کی یہ ہے کہ ان کے مقامات وکمالات کا یوں نظارہ کریں۔ جیسے زمین والا آسمان کے ستارے کو دیکھتا ہے۔ جیسے کہ فریقین کی مسلم کتاب الیواقیت والجواہر کے حوالہ سے پیش کر چکا ہوں۔

## بزرگان دین پر مختار مدعا علیہ کا صریح بہتان

مختار مدعا علیہ نے اس سلسلے میں تین حوالہ پیش کئے ہیں اور تینوں غیر مسلم پیش کئے ہیں:

۱...... مقامات امام ربانی۔　　۲...... شرح فصوص الحکم قاشانی۔　　۳...... حاشیہ مثنوی بحر العلوم۔

**الجواب:**

۱...... مقامات امام ربانی سلسلہ مجددیہ کے ایک غیر معروف اور غیر مسلم شخص کی مرتب کردہ سوانح ہے جو حجۃ نہیں ہوسکتی۔ اس کا مؤلف نہ مفسر ہے نہ محدث نہ کوئی عالم نہ مسلم بزرگ نہ کتاب کی توثیق کسی بزرگ نے کی۔

عقائد اور ایسے نازک مرحلہ کفر واسلام میں ان تصانیف کا ذکر ہی فضول ہے۔ خود گواہان مدعا علیہ اپنے بیانوں اور جرح میں تسلیم کر چکے ہیں کہ عقائد میں قطعیات کا اعتبار ہے، نہ کہ ظنیات کا۔ احادیث صحیحہ جو احاد کے درجہ میں ہوں، ان کا بھی اعتبار نہیں۔ علاوہ بریں گفتگو تو یہ ہے کہ عین محمد کا دعویٰ صحیح ہے یا نہ اور ''**محمد رسول اللہ والذین معہ...... الخ!**''

علاوہ سرکار دوعالم ﷺ کسی اور پر چسپاں ہوسکتا ہے یا کوئی اور اس کا مصداق کسی طرح ہوسکتا ہے۔ اس کا اس حوالہ میں کہیں پتہ نہیں۔ اصل حوالہ ملاحظہ ہو: ''حقیقت محمدی یا مقام محمدی محبت ومحبوبیت ممتزجہ ذاتیہ حضرت رسول اکرم ﷺ کا ہے۔ اس مقام میں تابع کو اپنے سے ایسی مشابہت ومناسبت پیدا ہوجاتی ہے کہ گویا تبعیت درمیان سے اٹھ گئی اور امتیاز تابع ومتبوع زائل ہوجاتا ہے اور ایسا توہم ہوتا ہے کہ گویا تابع ومتبوع ہر دو ایک ہی چشمہ سے پانی پیتے ہیں۔ ہم آغوش ایک کنارا اور ایک بستر ہیں۔ مگر تابع اپنے تئیں طفیلی اپنے متبوع کا جانتا ہے۔ اس میں مندرجہ ذیل فقرات قابل لحاظ ہیں۔

۱...... ''حقیقت محمدی یا مقام محبت ومحبوبیت ممتزجہ آنحضرت ﷺ''

۲...... ''اس مقام میں تابع کو اپنے متبوع سے ایسی مشابہت ومناسبت پیدا ہوجاتی ہے کہ گویا تبعیت درمیان سے اٹھ گئی۔'' ''امتیاز تابع اور متبوع زائل ہوجاتا ہے۔''

۳...... ''ایسا متوہم ہوتا ہے کہ گویا تابع ومتبوع ہر دو ایک ہی چشمہ سے پانی پیتے ہیں'' مگر تابع اپنے تئیں طفیلی اپنے متبوع کا جانتا ہے۔''

## تفصیلی جواب

اوّلاً یہاں گفتگو حقیقت محمدیہ اور مقام محبت میں اس تعلق پر ہے جو آنحضرت ﷺ کا خدا کے ساتھ ہے جس کا ثبوت پہلا فقرہ ''حقیقت محمدی یا مقام محبت ومحبوبیت ممتزجہ آنحضرت ﷺ'' ہے اور وہ بھی وحدۃ الوجود کے طرز پر جس سے مرزاصاحب برأت ظاہر کر چکے ہیں۔ (ملاحظہ ہو آئینہ کمالات اسلام بہ حوالہ سابق)

یہاں کسی کا ذات محمدی یا وجود پاک محمد ﷺ میں شرکت کا تذکرہ تک نہیں جس کا مرزاصاحب کو دعویٰ ہے کہ: ''خدا نے آج سے بیس برس پہلے براہین احمدیہ میں میرا نام محمد واحمد رکھا اور مجھے آنحضرت ﷺ کا وجود ہی قرار دیا۔'' (ایک غلطی کا ازالہ ص۵، خزائن ج۱۸ ص۲۱۲)

۲…… یہاں عینیت کا ذکر تک ہی نہیں بلکہ یہ ہے کہ ایک ایسی مناسبت ہو جاتی ہے کہ گویا تبعیت درمیان میں اٹھ گئی۔ ملاحظہ ہو فقرہ نمبر۲ نہ یہ کہ تابع ومتبوع عین ہوں گے اور دعویٰ عینیت درست ہوگیا۔

۳…… عینیت کی صاف تردید ہے، صرف اس قدر ہے کہ دونوں ہمکنار متوہم ہوتے ہیں۔ ملاحظہ ہو فقرہ نمبر۳ ''ایسا متوہم ہوتا ہے کہ گویا تابع ومتبوع ہر دو ایک ہی چشمہ سے پانی پی رہے ہیں۔ ہم آغوش محمل ایک کنارا اور ایک بستر ہیں۔ یہ اور شئے ہے اور عینیت اور شئے۔''

۴…… اس کی صاف تصریح ہے کہ باوجود ہم کناری اور ہم بستری کے اور کمال اتصال معیت کے دعویٰ عینیت نہیں کر سکتا، بلکہ اپنے آپ کو اپنے متبوع کا طفیلی بنائے گا۔ ملاحظہ ہو فقرہ نمبر۴ مگر تابع اپنے تئیں طفیلی اپنے متبوع کا جانتا ہے۔ اس سے واضح ہوگیا کہ مختار مدعاعلیہ نے اس حوالہ سے محض فریب دیا تھا اور دراصل یہ حوالہ ہمارا مؤید اور ان کی تمام تاویلات کا خاتمہ کرنے والا ہے کہ انتہائے محبت واتصال میں بھی دعویٰ عینیت نہیں بلکہ متبوع طفیلی اپنے تابع کا رہے گا۔ ﷲ الحمد!

ہوا ہے کہ مدعی کا فیصلہ اچھا میرے حق میں　　زلیخا نے کیا خود پاک دامن ماہ کنعاں کا

دوسرا حوالہ شرح فصوص قاشانی کا ہے کہ: ''مہدی کا باطن محمد ﷺ کا باطن ہوگا۔'' (شرح فصوص مصری ص۵۴،۵۳)

اوّلاً یہ شارح مسلم ہیں نہ یہ شرح نہ کسی اہل طریقت نے اسے مسلم شروح سے شمار کیا نہ یہ ہم پر یا کسی پر حجۃ ہوسکتی ہے۔

۲…… یہ حوالہ قطع وبرید کر کے پیش کیا گیا ہے اور صرف ایک فقرہ ورنہ کوئی مغالطہ نہ ہوتا۔ عدالت سیاق وسباق ملاحظہ فرمالے۔

۳…… اس عینیت کے دعویٰ یا ''محمد رسول اللہ والذین معہ…… الخ!'' کے علاوہ محمد ﷺ کسی اور پر چسپاں ہونے کا ذکر تک نہیں۔ یہاں تو صرف یہ ہے، مہدی اخلاق محمدی سے آراستہ ہوں گے باطن کا لفظ عام طور پر اخلاق وسیرت پر بولا جاتا ہے اور یہ فقرہ دراصل شرح ہے۔ اس حدیث کی جو ابوداؤد میں حضرت علیؓ سے ہے کہ مہدی نبی کریم ﷺ کی سیرت اور اخلاق میں مشابہ ہوں گے نہ صورت میں ''یشبہ فی الخلق لا یشبہ فی الخلق (ابوداؤد، مشکوٰۃ کتاب اشراط الساعۃ)''

پس اس میں عینیت کا دعویٰ کجا عینیت کی زبردست تردید ہے اور اگر ان جزوی مشابہتوں سے دعویٰ عینیت کا جواز ہوتا تو تیرہ سو سال میں کوئی تو کرتا۔ حالانکہ ایک نظیر موجود نہیں کہ کسی نے عین محمد ﷺ ہونے کا دعویٰ کیا ہو۔ ہاں! خدائی کے جھوٹے دعوے دار اور وحدۃ الوجود کے رنگ میں سکر کی حالت میں انا الحق کہنے والے بزرگ بھی بہت ملیں گے، مگر عین محمد ہونے والے دستیاب نہیں ہوتے۔ یہ مرزاصاحب کا اختراع ہے۔

تیسرا حوالہ حاشیہ مثنوی بحر العلوم حاشیہ نمبر۱۵ دفتر چہارم بر شعر:

گفت زیں سو بوئے یارے میرسد　　کاندریں رہ شہر یارے میرسد

الجواب: مولانا عبدالعلی فرنگی محلی لکھنوی نہ امام ہیں نہ محدث نہ متکلم نہ مفسر نہ فقیہ ایک منطقی اور فلسفی مشہور ہیں۔ کسی نے ان کا صوفیہ میں بھی

شمار نہیں کیا۔ ان کی رائے کسی پر کیا حجۃ ہوسکتی ہے۔ خصوصاً عقائد میں۔

۱...... نہ مثنوی شریف میں کہیں عین محمد کا دعویٰ یا اس کا دور کا اشارہ ہے نہ کسی شرح میں نہ کسی قطب نے کبھی عین محمد ہونے کا دعویٰ کیا ہے نہ خود بایزید بسطانی نے یہ کلمہ زبان سے نکالا، نہ کبھی کسی نے یہ ہوش میں کہا، نہ سکر میں۔

حاشیہ نمبر ۱۵ پر مولانا عبدالعلی بحرالعلوم صاحب لکھنوی لکھتے ہیں کہ چونکہ قطب کا قلب (یعنی باطن وسیرۃ) محمد ﷺ کے قلب (یعنی سیرۃ) پر ہوا کرتا ہے اور جو کسی کے قلب (سیرۃ باطن) پر ہووہ گویا وہی شخص ہو جاتا ہے۔ پس بایزید بسطامی چونکہ قطب وقت ہیں (گویا) عین رسول اللہ ﷺ ہوئے۔

یہ مولانا عبدالعلی کی اپنی منطق ہے جس کا کوئی حوالہ کسی بزرگ کے کلام سے نہیں۔ لہٰذا قابل التفات بھی نہیں اور اصل مدعا ثابت نہیں کہ کسی نے عین محمد ﷺ ہونے کا دعویٰ کیا ہو یا ''**محمد رسول اللہ والذین معه ...... الخ!**'' اپنے یا کسی پر چسپاں کیا ہو یا کسی کو اس کا مصداق ٹھہرایا ہو۔ بہرحال باوجود غیر مسلم ہونے کے یہ حوالے غیر متعلق بھی ہیں۔

۲...... مختار مدعا علیہ کی پیش کردہ عبارت اس ترتیب سے وہاں نہیں بلکہ یہ خیانۃً تقدیم وتاخیر اور قطع وبرید سے پیش کی گئی ہے۔ آخر میں مختار مدعا علیہ نے یہ کہا کہ: ''تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو بیان گواہ نمبرا۔ وہاں بھی یہی بعینہٖ تاویلات اور بھی حوالے ہیں۔ صرف مکتوبات کے دو اور حوالہ ہیں جس میں آنحضرت ﷺ کا تعلق اور خصوصی اتصال محبت کا ذکر ہے۔ اس دعویٰ عینیت یا مصداق آیت: ''**محمد رسول اللہ والذین معه ...... الخ!**'' کا تذکرہ تک نہیں اور ایسی کھلی ہوئی خیانت اور قطع وبرید اس کے نقل میں کی ہے کہ اس پر انسانیت شرماتی ہے۔ چونکہ وہاں دو حوالہ توہین انبیاء کے سلسلہ میں درج ہیں۔ لہٰذا اسی ہیڈنگ کے تحت ان کا مفصل تذکرہ اور خیانت بتائی جائے گی۔ ان شاء اللہ! غالباً اسی کمزوری کا خیال کر کے مقامات امام ربانی اور شرح فصوص اور حاشیہ مثنوی کے حوالہ کو یہاں مختار مدعا علیہ نے ذکر کر دیا اور ان دونوں حوالوں کا نام تک نہ لیا اور محض مغالطہ دینے کے واسطے چند صفحات کا حوالہ دے دیا تاکہ لوگ مغالطہ میں رہیں۔ کچھ اور قوی مفصل دلائل ہوں گے۔ حالانکہ ان مذکورہ بالا تاویلات رکیکہ کے سواء وہاں کچھ بھی نہیں۔ الفاظ تک تقریباً وہی مکرر نقل کئے ہیں۔

بہرحال عین محمد ہونے کا دعویٰ اور آیت: ''**محمد رسول اللہ والذین معه ...... الخ!**'' اپنے پر چسپاں کرنے کا کفر بدستور سابق لاجواب رہا۔ ایک ضابطہ کا بھی جواب نہ ہوسکا۔

**(۱۲)**

منم مسیح زمان ومنم کلیم خدا　منم محمد واحمد کہ مجتبیٰ باشد

اس کا مفصل جواب الجواب عینیت کے ہیڈنگ کے تحت پیش کر چکا ہوں۔ دعویٰ عینیت کی مذکورہ بالا تصریحات کے بعد تریاق القلوب کے دوسرے مجمل گول مول مغالطہ آمیز اشعار اور (براہین احمدیہ حصہ پنجم ص۸۹، خزائن ج۲۱ ص۱۱۶) کی مغالطہ آمیزہ عبارت نہ اس کا جواب بن سکتی ہے، نہ اس کی تشریح، نہ اس کا اصل اعتراضی پہلو اور پیش کردہ پوائنٹ سے کسی قسم کا تعلق ہے۔ نیز اس شعر پر علیحدہ ''(۱۲) ڈالنا بھی اس لئے ہے۔ ورنہ عینیت کے دعویٰ کے تحت یہ مذکور ہے اور اسی نمبر کا حوالہ ہے۔

## مرزاصاحب کا جواب

مختار مدعا علیہ نے اس ہیڈنگ کے ماتحت ایک عمومی جواب کا رنگ دے کر پھر مکرر بحث کا اعادہ چاہا ہے تاکہ اپنے مغالطہ کی تکمیل کرسکے۔ اس سلسلہ میں تین جواب نقل کئے ہیں۔

پہلے جواب میں (براہین احمدیہ ج۳،۴) اور (ازالہ اوہام) کے چند وہ حوالہ پیش کئے ہیں جس میں وہی ظلی و بروزی واسطہ وذی واسطہ تابع ومتبوع کی تاویلیں ہیں جن کا مفصل جواب گزر چکا جن کا خود مختار مدعا علیہ اس کا نتیجہ یہ نکالتا ہے۔''آپ پر ان انعامات کا نزول بابرکت متابعت مصطفیٰ ﷺ آپ کے مخدوم اور متبوع کے ہے اور آپ ان کے خادم اور تابع ہیں۔''

مگر کبھی خادم عین مخدوم، تابع عین متبوع ورعایا، عین سلطان یا اس کے خصوصی امتیازی القاب میں شریک وسہیم نہیں ہوسکتا، نہ اس کے القابات اپنے اوپر اس لحاظ سے چسپاں کرسکتا ہے۔

دوسرا جواب: مرزاصاحب نے اپنی کتاب (اربعین نمبر۲) اور انجام آتھم میں تحریر کرکے مخالفین کو مباہلہ اور بالمقابل دعاء کرنے کے لئے دعوت دی ہے۔ چنانچہ الہام:

''الارض والسماء معک کماھو معی'' (اربعین نمبر۲ ص۹، خزائن ج۱۷ ص۳۵۳، انجام آتھم ص۵۲، خزائن ج۱۱ ص۵۲)

''انت منی بمنزلة توحیدی وتفریدی'' (اربعین نمبر۲ ص۹، خزائن ج۱۷ ص۳۵۳، انجام آتھم ص۵۱، خزائن ج۱۱ ص۵۱)

''انت اسم الاعلیٰ'' (اربعین نمبر۲ ص۳۴، خزائن ج۱۷ ص۳۸۲)

''انت منی ...... تا الخلق'' (اربعین نمبر۲ ص۳۲، خزائن ج۱۷ ص۳۸۰، انجام آتھم ص۵۱، خزائن ج۱۱ ص۵۱)

''کان اللہ نزل من السماء'' (انجام آتھم ص۶۲، خزائن ج۱۱ ص۶۲)

''انا فتحنالک فتحاً مبینا'' (اربعین نمبر۲ ص۶، خزائن ج۱۷ ص۳۵۲، انجام آتھم ص۵۸، خزائن ج۱۱ ص۵۸)

''ھو الذی ارسل رسوله بالھدیٰ ودین الحق لیظھرہ علی الدین کله''

(اربعین نمبر۲ ص۵، خزائن ج۱۷ ص۳۵۲، انجام آتھم ص۵۱، خزائن ج۱۱ ص۵۱)

''وما ارسلناک الا رحمة للعالمین'' (اربعین نمبر۳ ص۲۳، خزائن ج۱۷ ص۴۱۰)

''قل ان کنتم تحبون اللہ'' (اربعین نمبر۲ ص۳۳، خزائن ج۱۷ ص۳۸۱، انجام آتھم ص۵۲، خزائن ج۱۱ ص۵۲)

''سبحان الذی اسریٰ بعبدہ'' (انجام آتھم ص۵۳، خزائن ج۱۱ ص۵۳)

''ماینطق عن الھویٰ'' (اربعین نمبر۲ ص۳۶، خزائن ج۱۷ ص۴۲۶)

''انا اعطیناک الکوثر'' (اربعین نمبر۲ ص۳۵، خزائن ج۱۷ ص۳۸۴، انجام آتھم ص۵۸، خزائن ج۱۱ ص۵۸)

میں مندرج ہیں اور ان تمام الہامات پر مختار مدعیہ نے اعتراض کیا ہے۔''انجام آتھم میں مرزاصاحب نے یہ الہامات معہ دیگر الہامات لکھ کر...... الخ!''

یہ عجیب جواب رہا کہ مرزاصاحب نے یہ کفریات لکھ کر مخالفین کو مباہلہ اور بالمقابل بددعا کی دعوت دی ہے۔ لہٰذا یہ سب سچے مسلمان ہیں۔

اگرچہ مقابلہ ومباہلہ کی دعا وصداقت وغیرہ مقدمہ متنازعہ سے غیر متعلق ہے اور برابر عدالت کی طرف سے ممنوع قرار دیئے گئے ہیں۔ مگر چونکہ جوابی بے ضابطہ بحث میں ریکارڈ پر یہ آ گیا ہے۔ اس لئے نہایت مختصر جواب عرض ہے جن مخالفین کو دعوت مباہلہ ہے۔ اس میں مولوی ثناء اللہ امرتسری بھی ہیں جنہوں نے بطور فرض کہا: جو جھوٹا ہو اس کا انجام بد اس کے سامنے ہے۔

خود مرزاصاحب نے بھی اپنے تمام مخالفوں سے فرمایا تھا اور مولوی ثناء اللہ صاحب کے بارے میں لکھا:''یا اللہ! میں تیرے ہی تقدس کا دامن پکڑ کر تیری جناب میں ملتجی ہوں کہ مجھ میں اور ثناء اللہ میں سچا فیصلہ فرما اور جو تیری نگاہ میں حقیقت میں مفسد اور کذاب ہے۔

اس کو صادق کی زندگی میں ہی دنیا سے اٹھالے۔’’ربنا افتح بیننا وبین قومنا …… الخ!‘‘(بدر۲۵؍اپریل۱۹۰۷ء،مجموعہ اشتہارات ج۳ ص۵۷۹) پھر کیا ہوا یہ کہ:

لکھا تھا کاذب مرے گا پیشتر    کذب میں پکا تھا پہلے مرگیا

(ازمباہلہ مرزا،۱۱؍ستمبر۱۹۲۱ء)

مفصل بحث مولوی ثناء اللہ صاحب کے رسالہ فیصلہ مرزا میں موجود ہے۔

بہرحال مباہلہ اور بالمقابل دعاسے بھی بجائے ان کفریات کی تائید کے ان کی تردید اور مرزاصاحب کا مفتری علی اللہ اور کافر ومرتد ہونا ہی ثابت ہوا۔

ہوا ہے مدعی کا فیصلہ اچھا میرے حق میں    زلیخا نے کیا خود پاک دامن ماہ کنعان کا

## محمد رسول اللہ ہیڈنگ کے لاجواب نمبر

۱…… خصوصیات نبویہ پر بھی ایمان لانا ضروری ہے جرح گواہ نمبر۱ یکم؍مارچ ۱۹۳۳ء انکار خصوصیات انکار ذات ہے……الخ!
(وہ نمبر جس میں مخصوص اعتراض پہلے نظرانداز کردیا)

۲…… اسلامی عقیدہ آخری نبی سے انکار حوالہ کی چنداں حاجت نہیں۔

۳…… معراج جسمانی کا انکار اور اپنے لئے اس جیسے متعدد ثابت کرنا سیر معراج جسم کثیف کے ساتھ نہ تھا، بلکہ اعلیٰ درجہ……تا……اس قسم کے کشفوں میں مؤلف خود صاحب تجربہ ہے۔ (ازالہ اوہام ص۹۹،خزائن ج۳ ص۱۵۴)

۴…… شق القمر کو خسوف قمر کہہ کے اس سے دوبالا اپنے لئے بتایا:

لہ خسف القمر المنیر وان لی    غسا القمران المنیران اتنکر

(ترجمہ مرزا) اس کے یعنی آنحضرت ﷺ کے لئے چاند کے خسوف کا نشان ظاہر ہوا اور میرے لئے چاند اور سورج دونوں کا اب تو کیا انکار کرے گا۔ (قصیدہ اعجازیہ ص۷۱،خزائن ج۱۹ ص۱۸۳)

۵…… اپنی فتح کو آنحضرت ﷺ کی فتح پر ترجیح۔

’’اور ظاہر ہے کہ فتح مبین کا وقت ہمارے نبی کریم ﷺ کے زمانہ میں گزر گیا اور دوسری فتح باقی رہی کہ پہلے غلبہ سے بہت بڑی اور زیادہ ظاہر ہے اور مقدر تھا کہ اس کا وقت مسیح موعود کا وقت ہو اور اسی کی طرف خدا تعالیٰ کے اس قول میں اشارہ ہے۔سبحان الذی اسریٰ بعبدہ لیلاً من المسجد الحرام الی المسجد الاقصیٰ الذی بارکنا حولہ‘‘

(خطبہ الہامیہ ص۱۹۴،خزائن ج۱۶ ص۲۸۸،۲۸۹)

تیسرا جواب: ’’براہین احمدیہ جب شائع ہوئی تو اس پر مولوی محمد حسین بٹالوی نے ریویو لکھا اور خلاصہ مطالب کتاب جس میں ایک عنوان مؤلف الہامات بھی ہے لکھ کر ان الفاظ میں اس کتاب براہین کی تعریف کی اور یہ عبارت صرف اس امر کے اثبات کے لئے پیش کرتا ہوں کہ جو الہامات براہین احمدیہ میں درج ہیں، قابل اعتراض نہیں۔کتاب کی توثیق مقصود نہیں۔یہ اس کتاب کا خلاصہ مطالب ہے۔اب ہم اس پر اپنی رائے……تا……مزا بھی چکھا دیا ہو۔‘‘(اشاعۃ السنۃ ج۷ نمبر۶ ص۱۶۹) مؤلف براہین احمدیہ کے الہامات پر ایک دومولویوں نے اعترض کئے تھے جن کا مولوی محمد حسین بٹالوی نے مفصل اور مدلل جواب دیا اور کہا کہ ایسے الہامات کا ہونا جائز ہے اور اسی کتاب میں یہ الہامات بھی مندرج ہیں جن پر مختار مدعیہ نے اعتراض کئے ہیں۔چنانچہ البشریٰ میں بحوالہ براہین احمدیہ الہامات درج ہیں۔

۱...... ’’الارض والسماء کماھو معی‘‘ (البشریٰ ج۱ص۱۸، براہین احمدیہ حصہ چہارم ص۴۸۷ حاشیہ درحاشیہ، خزائن ج۱ص۵۷۹)

۲...... ’’قرآن خدا کی کتاب اور میرے منہ کی باتیں ہیں۔‘‘ (براہین احمدیہ حصہ چہارم ص۵۲۲، خزائن ج۱ص۶۲۳)

۳...... ’’ربنا عاج‘‘ (البشریٰ ج۱ص۴۳، براہین احمدیہ حصہ چہارم ص۵۵۴ حاشیہ، خزائن ج۱ص۶۶۲)

۴...... ’’انت منی بمنزلۃ لایعلمہا الخلق‘‘ (البشریٰ ج۱ص۴۶، براہین احمدیہ حصہ چہارم ص۵۶۱، خزائن ج۱ص۶۶۸ حاشیہ درحاشیہ)

۵...... ’’کان اللہ نزل من السماء‘‘ یہ الہام ۱۸۸۶ء کا ہے۔ (البشریٰ ج۲ص۶، دافع البلاء ص۶، خزائن ج۱۸ص۲۲۶)

۶...... ’’انا فتحنالک فتحامبینا‘‘ (البشریٰ ج۱ص۳۷، براہین احمدیہ حصہ سوم ص۲۴۲، خزائن ج۱ص۲۶۷)

۷...... ’’ھوالذی ارسل رسولہ بالھدیٰ‘‘ (البشریٰ ج۱ص۱۲، براہین احمدیہ حصہ سوم ص۲۳۹، خزائن ج۱ص۲۶۵)

۸...... ’’انا اعطیناک الکوثر‘‘ (البشریٰ ج۱ص۳۸، براہین احمدیہ حصہ چہارم ص۵۱۷، خزائن ج۱ص۶۱۷)

۹...... ’’عسیٰ ان یبعثک ربک مقاما محمودا‘‘

(تاریخ نزول الہام ۱۸۸۸ء، البشریٰ ج۲ص۱۰، دافع البلاء ص۷، خزائن ج۱۸ص۲۲۷)

۱۰...... ’’وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین‘‘ (البشریٰ ج۱ص۳۰، براہین احمدیہ حصہ چہارم ص۵۰۶، خزائن ج۱ص۶۰۳)

۱۱...... ’’قل ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی یحببکم اللہ‘‘ (البشریٰ ج۱ص۱۲، براہین احمدیہ حصہ چہارم ص۵۰۵، خزائن ج۱ص۶۰۰)

۱۲...... ’’وما رمیت اذ رمیت ولکن اللہ رمیٰ‘‘ (البشریٰ ج۱ص۱۲، براہین احمدیہ حصہ سوم ص۲۳۹، خزائن ج۱ص۲۶۵)

۱۳...... ’’وماکان اللہ لیعذبھم وانت فیھم‘‘ (البشریٰ ج۱ص۳۶، براہین احمدیہ حصہ سوم ص۲۴۱، خزائن ج۱ص۲۶۷)

۱۴...... ’’سبحان الذی اسریٰ بعبدہ‘‘ (البشریٰ ج۱ص۲۸، براہین احمدیہ حصہ چہارم ص۵۰۵، خزائن ج۱ص۶۰۰)

۱۵...... ’’محمدرسول اللہ والذین معہ اشدآء علی الکفار‘‘

(البشریٰ ج۱ص۳۷، براہین احمدیہ حصہ چہارم ص۵۱۶، خزائن ج۱ص۶۱۶)

بلکہ ان کے علاوہ براہین میں اور بھی الہامات اس قبیل سے ہیں، جیسے ’’انک علی صراط مستقیم، فاصدع بما تومر‘‘ (البشریٰ ج۱ص۲۷، براہین احمدیہ حصہ چہارم ص۵۰۴، خزائن ج۱ص۵۹۹) ’’وانذر عشیرتک الاقربین‘‘ (تذکرہ ص۲۴۴، ۳۷۱، طبع چہارم) وغیرہ وغیرہ۔ لیکن اس وقت ان الہامات کا نزول ہوسکتا ہے اور ایسا ہونا قابل اعتراض نہیں۔

یہ جواب اگر نقل کرتے تو پھر کیا تھا۔ اس نے تو اور کفریات کی ایک مکمل لسٹ پیش کردی اور براہین احمدیہ وغیرہ کی تاویلات بیکار کردیں۔ کیونکہ یہی مولوی محمد حسین بٹالوی جنہوں نے تعریف کی ہے اور براہین کی گول مول تاویلات سے مغالطہ کھایا ہے۔ جب انہیں دیگر کتب مرزاصاحب اور ان کے دعاوی سے حقیقت حال کا انکشاف ہوگیا تو سب سے پہلے مرزاصاحب کی انہیں کفریات کی بناء پر زبردست تکفیر کی ہے اور مرزاصاحب کے اتباع سے تائب ہوکر ان کا کفر وارتداد آخروقت تک چاردانگ عالم میں شائع کرتے رہے ہیں۔

(اشاعۃ السنۃ ج۱۵ص وج بحوالہ سابق وایک تادس)

۶...... دجال وابن مریم کے متعلق اپنا علم آنحضرت ﷺ کے علم سے زیادہ بتانا اور آنحضرت ﷺ کے علم پاک کی تنقیص وتوہین۔

(بحوالہ ازالہ اوہام ص۶۹۰، ۶۹۳، خزائن ج۳ص۴۷۲، ۴۷۳)

۷...... آنحضرت ﷺ پر اپنی فضیلت کی تمہید اشرک اللہ علی کل شئی۔

۸...... خدا نے تجھے ہر چیز میں سے چن لیا۔

۹...... آسمان سے کئی تخت اترے پس تیرا تخت سب سے اوپر بچھایا گیا۔ (حقیقت الوحی ص۸۹، خزائن ج۲۲ص۹۲)

۱۰...... دنیا میں کئی تخت اترے پر تیرا تخت سب سے اوپر بچھایا گیا۔

۱۱...... ’’وآتانی لم یوت احداً من العالمین‘‘ تمام عالموں میں جو کمالات کسی کو نہ دیئے گئے وہ اللہ نے مجھے دیئے۔
(الخاتمہ استفتاء ص۸۷، خزائن ج۲۲ص۷۱۵)

مندرجہ ذیل خطابات خصوصی والقابات کو اپنے اوپر چسپاں کرنا اور آنحضرتﷺ کا شریک وسہیم ہونا۔ حالانکہ اوّلین وآخرین میں کسی نے اپنے یا کسی پر انہیں چسپاں نہیں کیا۔

۱۲...... ’’وما رمیت اذ رمیت ولکن اللہ رمیٰ‘‘ (حقیقت الوحی ص۷۰، خزائن ج۲۲ص۷۳)

۱۳...... ’’قل ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی یحببکم اللہ‘‘ (حقیقت الوحی ص۷۹، خزائن ج۲۲ص۸۲)

۱۴...... ’’سبحان الذی اسریٰ بعبدہ لیلاً‘‘ (حقیقت الوحی ص۷۸، خزائن ج۲۲ص۸۱)

۱۵...... ’’اور مجھے بتلایا گیا تھا کہ تیری خبر قرآن وحدیث میں موجود ہے اور تو بھی اس آیت کا مصداق ہے کہ ھو الذی ارسل رسولہ بالھدیٰ ودین الحق لیظھرہ علی الدین کلہ‘‘ (اعجاز احمدی ص۷، خزائن ج۲۲ص۱۱۳)

۱۶...... ’’عسیٰ ان یبعثک ربک مقاما محمودا‘‘ (دافع البلاء ص۷، اربعین نمبر۳ص۴۱، خزائن ج۱۸ص۲۲۷)

۱۷...... ’’انا اعطیناک الکوثر‘‘ (ضمیمہ حقیقت الوحی ص۸۶، خزائن ج۲۲ص۷۱۳)

۱۸...... ’’لولاک لما خلقت الافلاک‘‘ (ضمیمہ حقیقت الوحی ص۸۵، خزائن ج۲۲ص۷۱۲،۷۱۳)

۱۹...... ’’وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین‘‘ (حقیقت الوحی ص۸۲، خزائن ج۲۲ص۸۵، اربعین نمبر۳ص۲۳، خزائن ج۱۷ص۴۱۰)

۲۰...... ’’ومااینطق عن الھویٰ ان ھو الا وحی یوحیٰ‘‘ (اربعین نمبر۳ص۳۶، خزائن ج۱۷ص۴۲۶)

۲۱...... ’’ماکان اللہ لیعذبھم وانت فیھم‘‘ (دافع البلاء ص۶، خزائن ج۱۸ص۲۲۶)

۲۲......

منم مسیح زمان و منم کلیم خدا　　منم محمد و احمد کہ مجتبیٰ باشد
(تریاق القلوب ص۳، خزائن ج۱۵ص۱۳۴)

۲۳...... ’’پھر اس کتاب میں اسی مکالمہ کے قریب ہی یہ وحی اللہ ہے کہ:’’محمد رسول اللہ والذین معہ اشدآء علی الکفار‘‘ اس وحی الٰہی میں میرا نام محمد رکھا گیا اور رسول بھی۔‘‘ (ایک غلطی کا ازالہ ص۱، خزائن ج۱۸ص۲۰۷)

۲۴...... ’’میں آدم ہوں، میں شیث ہوں، میں نوح ہوں، میں محمد واحمد ہوں۔‘‘ (حقیقت الوحی ص۷۳ حاشیہ، خزائن ج۲۲ص۷۶)

۲۵...... ’’اور خدا نے آج سے بیس برس پہلے براہین احمدیہ میں میرا نام محمد واحمد رکھا اور مجھے آنحضرتﷺ کا وجود ہی قرار دیا ہے۔‘‘
(ایک غلطی کا ازالہ ص۵، خزائن ج۱۸ص۲۱۲)

واضح رہے کہ یہ مرزا صاحب کی عادت اتفاقیہ نہیں بلکہ طریقہ مستمرہ ہے تلاش کرکے آنحضرتﷺ کی خصوصیات میں مداخلت اور آنحضرتﷺ کی توہین ان کا محبوب ترین مشغلہ ہے۔ اس کی تائید میں صرف حقیقت الوحی سے بحوالہ سابق اتنے الہامات اور تائیدی طور پر نمونۃً پیش کرتا ہوں۔

۲۶...... ’’قل انی امرت وانا اول المؤمنین‘‘

۲۷...... ’’قل جآء الحق وزهق الباطل ان الباطل کان زهوقا‘‘

۲۸...... ’’الرحمن علم القرآن‘‘

۲۹...... ’’انا فتحنالک فتحا مبینا‘‘

۳۰...... ’’یا شمس یا قمر انت منی وانا منک‘‘

۳۱...... ’’داعیا الی اللّٰہ وسراجا منیرا‘‘

۳۲...... ’’انک باعیننا‘‘ (خاص الخاص خصوصیت)

۳۳...... ’’دنا فتدلیٰ فکان قاب قوسین او ادنیٰ‘‘

۳۴...... ’’ان الذین یبایعونک انما یبایعون اللّٰہ. یداللّٰہ فوق ایدیهم‘‘

۳۵...... ’’قل انما انا بشرمثلکم یوحیٰ الیٰ انما الٰهکم الٰه واحد‘‘

۳۶...... ’’لیغفر لک اللّٰہ ما تقدم من ذنبک وما تاخر‘‘ (خاص الخاص)

۳۷...... ’’وعلمک مالم تکن تعلم‘‘

۳۸...... ’’انا ارسلنا الیکم رسولا شاهدا علیکم کما ارسلنا الیٰ فرعون رسولا‘‘

۳۹...... ’’یٰسٓ. انک لمن المرسلین علی صراط مستقیم. تنزیل العزیز الرحیم‘‘

۴۰...... ’’الم نشرح لک صدرک‘‘

## نتیجہ

پس جو شخص باوجود اقرار ’’لا الہ الا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ‘‘ خود محمد رسول اللّٰہ بنے اور عین محمد کہے اور کہلائے آنحضرت ﷺ کو آخری نبی نہ مانے آپ کے معراج جسمانی کا انکار کر کے اپنے واسطے بارہا ثابت کرے۔ معجزہ شق القمر کو معمولی دکھا کے اس سے بڑھ کر اپنے لئے بتائے، اپنی فتح کو آنحضرت ﷺ کی فتح مبین پر ترجیح دے، اپنا علم دینی امور میں آنحضرت ﷺ پر زائد بتائے اور ’’لولاک لما خلقت الافلاک‘‘ خود بنے ’’وما ارسلناک الا رحمة للعالمین‘‘ اپنے کو سمجھے ’’ماینطق عن الهویٰ. عسیٰ ان یبعثک ربک مقاما محمودا‘‘ اپنی شان میں ٹھہرائے۔ ’’سبحان الذی اسریٰ. دنا فتدلیٰ فکان قاب قوسین اوادنیٰ‘‘ مشارکت روا رکھے۔ ’’ان الذین یبایعونک انما یبایعون اللّٰہ‘‘ بھی اپنے اوپر چسپاں کرے۔ ’’انا فتحنالک فتحامبینا لیغفرلک اللّٰہ ما تقدم من ذنبک وما تاخر. وانک باعیننا. داعیا الی اللّٰہ وسراجا منیرا. یٰسٓ انک لمن المرسلین‘‘ جیسی ایک دو دفعہ نہیں تقریباً چالیس (۴۰) خصوصیات میں شریک وسہیم بن بیٹھے اور پھر بھی ان کا ایمان کلمہ پر قائم رہے، کیونکر باور ہوسکتا ہے۔ ہر مسلمان سمجھ سکتا ہے کہ ایسا شخص کروڑ ہا مرتبہ ’’لاالہ الا اللّٰہ محمدرسول اللّٰہ‘‘ کا اقرار کرے۔ جب تک ان کفریات سے رجوع نہ کرے۔ ’’لاالہ الا اللّٰہ محمدرسول اللّٰہ‘‘ پر ایمان ناممکن ہے۔

بحمداللّٰہ! مرزا صاحب اوران کے متبعین کا کلمۂ توحید ’’لا الہ الا اللّٰہ محمدرسول اللّٰہ‘‘ پر ایمان نہ ہونا ۶۳ مرزا صاحب کے لاجواب دلائل وحوالوں سے ثابت ہوگیا جس کے فیصلہ کے لئے کسی اور دلیل کی ضرورت ہی نہیں۔ یقیناً مرزائیت اختیار کرنا کفر اور کھلا ہوا ارتداد ہے جس کے بعد نکاح یقیناً منسوخ ہو جائے گا۔ جیسا کہ ابتدائی بحث میں تنقیحات کی روشنی میں مفصل پیش کر چکا ہوں۔ کلمہ توحید پر ایمان ہونے کا مسئلہ ختم ہوگیا۔

## مرزا صاحب اور ان کے متبعین کا ایمان ایمان مجمل پر بھی نہیں

**اٰمنت باللہ کما ھو باسمآئہ وصفاتہ وقبلت جمیع احکامہٖ**

اس سلسلہ میں مفصل تقریباً ۱۲ دلائل پیش کر کے ابتدائی بحث میں ثابت کیا گیا کہ ایمان مجمل کے کسی حصہ پر مرزا صاحب اور ان کے مریدین کا ایمان نہیں ہے نہ جب تک اسے ترک نہ کریں ہو سکتا ہے۔ مختار مدعا علیہ نے اس کے جواب کا اشارۃً وکنایۃً نام تک بھی نہ لیا۔ گویا تسلیم کر لیا کہ ایمان مجمل کے کسی حصہ پر مرزا صاحب کا ایمان نہیں۔ (ایمان مفصل پر مرزا صاحب اور ان کے امتیوں کا ایمان نہیں)

(ایمان مفصل منقول از ازالہ اوہام ٹائٹل، خزائن ج۳ ص۱۰۲)

**(۱) اٰمنت باللہ (۲) وملئکتہ (۳) وکتبہ (۴) ورسلہ (۵) والبعث بعدالموت۔**

۱…… **اٰمنت باللہ۔** مختار مدعا علیہ نے یہاں اس سلسلہ میں کوئی جواب نہیں دیا، پہلے لا الہ الا اللہ کے سلسلہ کے جوابات میں اکتفاء کیا۔ پس ہم بھی عدالت کی ان متروک لاجواب سوالوں کی طرف توجہ دلاتے ہیں جن کا جواب میں نام تک نہ آیا اور ان کے ہوتے ہوئے اٰمنت باللہ پر کسی طرح ایمان نہیں ہو سکتا۔

۲…… **وملٰئکۃ۔** ملائکہ پر ایمان کا یہ مطلب نہیں کہ زبان سے ملائکہ کہے ورنہ یہود بھی تو ملائکہ پر ایمان رکھتے تھے۔ مگر انہیں ان کی حقیقت کے خلاف بنات اللہ خدا کی بیٹیاں اور فلاسفہ بھی زبانی اقرار کر رکھے تھے۔ مگر کواکب اور سیارات کو ملائکہ قرار دیتے تھے۔ بلکہ ملائکہ کی اس حقیقت اور صفت پر ایمان لانا ضروری ہے جو قرآن پاک اور احادیث واصطلاح شرع میں موجود ہے۔

۳…… قرآن پاک میں ملائکہ کے متعلق اس قدر آیات ہیں کہ ان کی حقیقت اور تصور شرعی بالکل ہویدا ہو جاتی ہے۔ اصل بحث میں کسی قدر تفصیل عرض کر چکا ہوں۔ یہاں نمونۃً چند آیات پیش ہیں۔

۱…… ’’**تتنزّل علیھم الملٰئکۃ ان لّاتخافوا** (حٰمٓ السجدۃ:۳۰)‘‘

۲…… ’’**تتنزّل الملٰئکۃ والروح فیھا باذن ربھم** (القدر:۴)‘‘

۳…… ’’**علیھا ملئکۃ غلاظ شداد لایعصون اللہ ماامرھم ویفعلون مایؤمرون** (التحریم:۶)‘‘

۴…… ’’**ومن عندہ لایستکبرون عن عبادتہ ولا یستحسرون** (الانبیاء:۱۹)‘‘

۵…… ’’**بل عباد مّکرمون** (الانبیاء:۲۶)‘‘

۶…… ’’**واذ قلنا للملٰئکۃ السجدو ا لاٰدم** (البقرۃ:۳۴)‘‘

۷…… ’’**واذ قال ربک للملٰئکۃ انی جاعل فی الارض خلیفۃ** (البقرۃ:۳۰)‘‘

۸…… ’’**جاعل الملٰئکۃ رسلاً اولی اجنحۃ مثنیٰ وثلث وربا ع** (فاطر:۱)‘‘

۹…… ’’**وتری الملٰئکۃ حآفین من حول العرش یسبحون بحمد ربہ** (الزمر:۷۵)‘‘

۱۰…… ’’**فالمدبرات امراً** (النزعات:۵) **تلک عشرۃ کاملۃ** (البقرۃ:۱۹۶)‘‘

یہ صرف نمونہ ہے ورنہ بہت سی آیات مفصل موجود ہیں۔

## شرعاً ملائکہ کی حقیقت

چونکہ ملائکہ کے وجود کی نسبت فلسفیانہ تاویلات اور حکیمانہ توجیہات بیان کی گئی ہیں اور تعلیم اسلام پر دساتیر و وید کی تعلیم کو ترجیح دی گئی ہے۔ ملائک کے فی الخارج وجود کا انکار کیا ہے اور وید اور دساتیر کے مذہب کے موافق ان کو ارواح کواکب بتلایا ہے ان کا چلنا، پھرنا،

زمین پر آنا محال کہا ہے۔اس لئے چند آیات واحادیث سے اس عقیدہ کی تکذیب وتردید کی جاتی ہے۔

۱…… ’’ولمّا جآءت رسلنا لوطا سیٓ بھم وضاق بھم ذرعا وقال ھذا یوم عصیب…… تا…… وامطرنا علیھا حجارۃ من سجیل منضود (ھود:۷۷تا۸۲)‘‘

(ترجمہ) ’’جب ہمارے بھیجے ہوئے لوط علیہ السلام کے پاس آئے وہ ان کے آنے سے خفاء ہوا اور اپنے جی میں رک گیا اور بولا آج کا دن بڑا سخت ہے اور اس کے پاس اس کی قوم بے اختیار دوڑتی آئی یہ پہلے سے برے کام کرتے تھے۔(حضرت لوط نے کہا) لوگو! یہ میری بیٹیاں ہیں جو تم کو ان سے پاک تر ہیں۔تم اللہ سے ڈرو اور مجھ کو میرے مہمانوں میں رسوا نہ کرو۔کیا تم میں کوئی بھی نیک راہ نہیں ہے (لوگوں نے کہا) تو جان چکا ہے کہ ہم کو تیری بیٹیوں سے کچھ دعویٰ نہیں اور تجھ کو تو معلوم ہے جو کچھ ہم چاہتے ہیں (لوط نے کہا) اگر مجھ کو تمہارے سامنے زور ہوتا یا میں مضبوط جگہ میں ہوتا (تو تم ایسا نہ کر سکتے) مہمان بولے: اے لوط! ہم تیرے رب کے فرستادہ ہیں یہ لوگ تجھ تک ہرگز نہ پہنچ سکیں گے۔تم کچھ حصہ رات سے اپنے گھر والوں کو (اپنی عورت کے سوا) لے کر نکلو اور تم میں سے کوئی شخص پیچھے نہ دیکھے تیری عورت پر تو وہی کچھ آئے گا جو ان پر آئے گا۔ہاں! ان کے وعدہ کا وقت صبح ہے۔کیا صبح نزدیک نہیں؟ پس جب ہمارا حکم پہنچا ہم نے وہ بستی زیروزبر کردی اور اس پر تہ بتہ پتھریاں برسائیں۔‘‘

قوم لوط جیسے فسّاق فجّار کا ملائکہ کو جو متمثل بہ بشر تھے دیکھنا حضرت لوط علیہ السلام کا گھر گھیر لینا حضرت کی پریشانی فرشتوں کا حضرت کو اطمینان دلانا، اگلی صبح تمام بستی کو خراب وتباہ کر دینا۔کیا یہ سب کچھ ارواح کواکب کا بیان ہے، روح تو حیوانات کو بھی نظر نہیں آتی، ان غیرمادی اجرام کی روح نے تمثل کیونکر حاصل کر لیا اور اگر فرشتے ایک ذرہ برابر بھی آگے پیچھے نہیں ہوتے۔(توضیح المرام ص۳۴، خزائن ج۳ ص۶۸) تو یہ کون تھے جو یہ سب کرشمے لوط اور قوم لوط کو دکھلا گئے۔

۲…… ’’ھل اتٰک حدیث ضیف ابراھیم المکرمین (والذاریات:۲۴)‘‘

(ترجمہ) کیا تجھ کو ابراہیم کے عزت والے مہمانوں کی خبر پہنچی۔

حضرت ابراہیم کے گھر فرشتوں کا مہمان بن کر آنا خلیل الرحمٰن کا ان کے لئے کھانا تیار کرنا، فرشتوں کا نہ کھانا، بیٹے کی ولادت کا وعدہ اور بشارت خدا کی طرف سے دینا کیا یہ ارواح کواکب کا نام اور کام ہے۔

’’اذ تقول للمؤمنین الن یکفیکم…… مسوّمین (آل عمران:۱۲۴،۱۲۵)‘‘ ’’جب تو مومنوں کو کہنے لگا تم کو کفایت نہیں کہ تمہارا رب تم کو مدد بھیجے تین ہزار فرشتوں سے جو اتارے گئے ہوں۔البتہ تم ٹھہر رہو اور پرہیزگاری کرو اور وہ اسی دم تم پر آویں تو مدد بھیجے تمہارا رب پانچ ہزار فرشتوں سے جو پلے ہوئے گھوڑوں پر ہوں۔

پہلے تین ہزار فرشتوں کی تعداد کا بتانا اور منزلین ان کی صفت لانا پھر پانچ ہزار فرشتوں کے ساتھ امداد کا کیا جانا اور مسوّمین ان کی صفت بتلانا۔کیا یہ سب ارواح کواکب میں کیا یہی وہ ارواح ہیں جن کو ذرہ بھر بھی جنبش نہیں۔

’’فارسلنا الیھا روحنا فتمثل لھا بشراً سویا (مریم:۱۷)‘‘ ترجمہ پھر ہم نے اس کے پاس اپنا فرشتہ بھیجا اور وہ اس کے سامنے بھرپور مرد بن کر کھڑا ہوا۔

غور کیجئے یہاں بھی کواکب ہی بھیجے گئے یا روح القدس پھر بھرپور مرد بن کر کون کھڑا ہوا تھا اور یہ جواب بھی کس نے دیا: ’’قال انما انا رسول ربک لاھب لک غلاماً زکیا (مریم:۱۹)‘‘ ترجمہ اس نے کہا کہ میں تو تیرے خدا کا فرشتہ ہوں۔اس لئے آیا ہوں کہ تجھے ایک ستھرا لڑکا دے جاؤں۔

کیا یہ سب روح کواکب کے ہی کرشمے ہیں جس کو ذرہ بھر جنبش نہیں۔

اب احادیث کی طرف رجوع کیجئے اوّل اس حدیث کو لیجئے کہ ایک سائل آیا اس کی صورت وضع لباس صحابہ کو حیرت میں ڈال دینے والے تھے۔ اس نے اسلام اور ایمان کے متعلق سوال کئے اور چلا گیا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''**فانہ جبریل اتاکم یعلمکم دینکم**'' (ترجمہ) یہ حضرت جبرئیل تھے اس لئے آئے تھے کہ تم کو تمہارا دین سکھائیں۔ (رواہ بخاری، مسلم، ترمذی، ابی داؤد، ابن ماجہ) یاد رہے کہ اس کے راوی حضرت عمر فاروق ؓ ہیں۔

۲...... دوسری حدیث: ''**عن ابن عباس ؓ قال قال رسول اللہ ﷺ یوم بدر هذا جبرئیل اخذ براس فراسه علیه ادات الحوب** (رواہ البخاری)''

(ترجمہ) بدر کے دن فرمایا یہ جبرئیل ہے جو سلاح جنگ پہنے گھوڑا پکڑے کھڑا ہے۔

مسلح ہوکر گھوڑے پر سوار ہوکر آنا روح کواکب کا کام ہے یا خداوند کے فرشتے کا۔ جبرئیل علیہ السلام کا گھوڑے پر چڑھ کر آنا جنود فرعون کا ان کو دیکھنا، سامری کا خاک نعل اسپ اٹھالینا، بائبل اور قرآن مجید میں بھی ہے۔ انکار کرنا آسان نہیں۔ احادیث صحیحہ اور بھی اس امر میں بے شمار مل سکتی ہیں۔ مثلاً دو روز تک جبرئیل علیہ السلام کا رسول اللہ ﷺ کو نماز پڑھوانا، رمضان میں رسول کریم کے ساتھ قرآن مجید کا دور کرنا، دحیہ صحابی کی شکل پر آنا، رسول کریم کا ام المؤمنین عائشہ ؓ یا صدیق اکبر ؓ سے فرمانا کہ یہ جبرئیل ہے اور تم کو سلام پہنچاتا ہے۔ وغیرہ وغیرہ!

سچے مسلمانوں کو لازم ہے کہ بمقابلہ ارشادات نبوی کے معتقدات مجوس کو صحیح خیال نہ کر بیٹھیں اور ادیان مختلفہ کی کتابیں ان دیکھ کر گمراہ نہ ہوجائیں۔ میں صرف اسی عام جواب پر اکتفاء کرتا ہوں جس میں تقریباً ان تمام تاویلات رکیکہ کا قرآنی الفاظ میں جواب ہے جو مختار مدعاعلیہ نے کی نہیں۔ فرشتوں کی ایک دو تعداد بھی نہیں، بلکہ بے شمار ہے۔ جیسا کہ حدیث مسلم میں ہے کہ بیت المعمور میں ہر روز ستر ہزار فرشتے داخل ہوتے ہیں جن کی بوجہ کثرت دوبارہ باری نہیں آتی۔

''**قال النبی ﷺ فی صفت بیت المعمور فاذاهو یدخله کل یوم سبعون ملکا لا یعودون الیه**''

## تفاسیر وکتب عقائد

تفاسیر اور کتب عقائد کے بعض حوالہ بحث کے وقت ذکر ہوچکے اعادہ کی ضرورت نہیں۔ مختار مدعاعلیہ نے ان کے جواب کا تذکرہ تک نہ کیا۔ عقائد وتفسیر کی کتابوں میں ملائکہ کی شرعی مکمل صفت موجود ہے۔ میں اس وقت صرف ایک گواہ مدعاعلیہ اور مختار مدعاعلیہ کے مسلم بزرگ امام عبدالوہاب شعرانی کی سب سے مستند کتاب الیواقیت والجواہر کے حوالہ پر اکتفاء کرتا ہوں۔ ملاحظہ ہو

(یواقیت والجواہر ج۲ ص۴۴، مبحث ۳۹)

وہ سارا مبحث ہی ان کی شرعی مذکورہ بالا حقیقت اور ارواح کواکب کی تردید میں ہے۔

## مرزاصاحب کا فرشتوں کے متعلق عقیدہ

۱...... فرشتے نفوس فلکیہ اور ارواح کواکب کا نام ہے۔ (ملخص توضیح المرام ص۳۳، خزائن ج۳ ص۶۷)

۲...... جو کچھ ہوتا ہے وہ سیارات سے ہوتا ہے اور کچھ نہیں۔ (توضیح المرام ص۳۳،۳۴، خزائن ج۳ ص۶۸)

۳...... جبرئیل نہ زمین پر آئے، نہ آتے ہیں۔ (توضیح المرام ص۶۸ تا ۷۱، خزائن ج۳ ص۸۶ تا ۸۸ ملخص)

## اصل اعتراض

اوّلاً ملائکہ کو نفوس فلکیہ اور ارواح کواکب ماننا بالکل شریعت کے خلاف ہے۔ البتہ یونانیوں اور وید پرستوں کا ضرور یہ عقیدہ ہے۔ دوسرے کواکب وسیارات سے تمام انتظامات منسلک کرنا۔ جیسا کہ مرزا صاحب فرماتے ہیں: ''اور آج تک کسی نے اس امر میں اختلاف نہیں کیا کہ جس قدر آسمان میں سیارات اور کواکب پائے جاتے ہیں، وہ کائنات الارض کی تکمیل وتربیت کے لئے ہمیشہ کام میں مشغول ہیں۔'' (مشکوٰۃ باب المطر)

اور احادیث میں بخاری ومسلم کی حدیث: ''مطرنا بنوء کذا...... الخ!'' موجود ہے جس میں ان لوگوں کو باری تعالیٰ کی زبان پر کافرین باللہ قرار دیا گیا ہے جو بارش ہونے کی نسبت ستارہ یا پچھتر کی طرف کرتے ہیں۔ نیز اس حدیث میں یہ بھی تصریح موجود ہے کہ جس نے ستاروں میں علاوہ تین امور کے کوئی اور تأثیر اور کام مانا اس نے اللہ پر زبردست افتراء کیا۔ (۱) زینت سماء دنیا (۲) رجوم شیاطین (۳) ہدایت راہ۔ پس ملائکہ کی یہ حقیقت شرعی کے سراسر خلاف ہے۔ لہٰذا ان عقائد کے ساتھ ایمان بالملائکہ نہیں ہوسکتا۔

## مختار مدعا علیہ کی تاویلات عقلیہ

### خلاصہ تاویلات ایمان بالملائکہ

۱...... مرزا صاحب کے سراج منیر، براہین احمدیہ، ایام الصلح، آئینہ کمالات، چشمہ معرفت کے چھ حوالے حمامۃ البشریٰ کے۔
۲...... توضیح مرام سے چند گول مول حوالے تاویل کے لئے نقل کئے۔
۳...... تفسیر عزیزی، یواقیت، تفسیر سرسید۔

<u>جواب نمبر۱:</u>

۱...... یہ تقریباً کتب اس زمانہ کی ہیں۔ جب کہ مرزا صاحب کا کفر بہت کچھ مشہور تھا اور وہ بھی متضاد باتیں کر کے دنیا کو دھوکے میں رکھنے کی سعی کرتے تھے۔

۲...... میں اصل بحث اور اس جواب الجواب میں مرزا صاحب کے متعارضات کی ایک لسٹ پیش کر چکا ہوں اور ان کی یہ عادت ہی ہے۔ مطلقاً مدعی نبوۃ کو کافر بھی کہتے ہیں اور دعویٰ نبوۃ بھی کرتے ہیں۔ اپنے کو نبی کہنے والوں کو دجال بھی کہتے ہیں اور مسلمان بھی، مدعی نبوت پر لعنت بھی بھیجتے ہیں اور رحمت بھی۔ وغیرہ وغیرہ!

۳...... میں نے صریح عبارت پیش کی ہے۔ اس کے جواب میں گول مول مجمل عبارات جواب اور تاویل کے واسطے کافی نہیں۔

۴...... جس کو متناقض اور متعارض باتوں کی عادت ہو، اس کی ایک عبارت دوسری عبارت کی شرح نہیں بن سکتی۔

۵...... کسی کا کفر وارتداد قطعی دلائل اور صریح حوالہ جات سے واضح ہونے کے بعد اس قسم کی تاویلات قابل التفات بھی نہیں۔ زیادہ تفصیل کا وقت نہیں۔ اصل بحث کے حوالہ پر چھوڑتا ہوں۔

<u>جواب نمبر۲:</u> توضیح مرام سے میں نے جو حوالہ پیش کیا ہے وہ نہایت صریح ہے اور مختار مدعا علیہ نے جو حوالے پیش کئے ہیں۔ ان سے صرف اشارۃً یہ تاویل نکالنی چاہتا ہے کہ تعلق ملائکہ کا ارواح سے اس قسم کا ہے۔ یا دراصل ملائکہ ارواح کواکب کا نام نہیں بلکہ روح یا جان کا لفظ صرف ان کے شدید تعلق کی وجہ سے استعمال کیا ہے۔ وغیرہ وغیرہ!

مگر اہل بصیرت پر پوشیدہ نہیں کہ ملائکہ بھی امور غیبیہ میں سے ہیں۔ ان کی حقیقت ہم خود اپنی عقل سے نہیں قائم کر سکتے بلکہ شریعت غرّا کی تعلیم کردہ حقیقت پر اکتفاء کرنا ہوگا اور بلاشبہ اب کوئی بھی تاویل کی جائے۔ مرزاصاحب نے وہ حقیقت شرعی بدل ڈالی۔ لہٰذا ان کا ایمان ملائکہ پر ہو نہیں سکتا۔ جب تک اس سے صاف الفاظ میں اوّلاً رجوع کر کے اس شریعت کی پیش کردہ تعریف پر قناعت نہ کریں۔ تفصیل بخوف تطویل نہیں کرتا عدالت ملاحظہ فرمائے۔

جواب نمبر۳:

۱...... تفسیر عزیزی کا حوالہ۔ اس میں کہیں ارواح کواکب کو ملائکہ قرار نہیں دیا۔ مطلب بالکل واضح ہے۔ عدالت خود اصل کتاب سے ملاحظہ فرماسکتی ہے۔ نیز ملائکہ کی تفسیر بالکل شریعت کے مطابق ایک دو نہیں متعدد جگہ اسی تفسیر میں موجود ہے اور فلاسفہ وغیرہ کا رد ہے۔ بخوف تطویل عبارات نقل نہیں کرتا۔

۲...... یواقیت کا حوالہ ج۲، ص۵۵، ایڈیشن نمبر۲ ص۴۴، بحث ۳۹۔

”ان جمیع النجوم الی فقد استحق العزل“

اس میں مختار مدعاعلیہ کے مفید مطلب کوئی بات نہیں۔ کیونکہ ملائکہ کا کواکب ونجوم وغیرہ پر مسلط ہونا اور بات ہے اور ارواح کواکب ہونا اور چیز ہے مرزاصاحب تو نفوس فلکیہ اور ارواح کواکب کا نام ملائکہ بتاتے ہیں جس کی نفی صاف الفاظ میں اسی صفحہ کے اگلے صفحہ پر موجود ہے۔ ان آسمانی فرشتوں کی حقیقت وصفات شرعیہ بیان کر کے لکھتے ہیں کہ: ”قال الشیخ وھٰذا بخلاف ارواح الکواکب السماویہ فانما تنزل بالاسماء والبخورات واشباہ ذالک“ (یواقیت ج۲ ص۴۵، بحث ۳۹) شیخ اکبر محی الدین ابن عربی مسلم گواہ مدعاعلیہ فرماتے ہیں کہ یہ ملائکہ ارواح کواکب سے بالکل خلاف ومتضاد حقیقت ہیں۔ کیونکہ ارواح کواکب اسماء وبخورات قابو آسکتی ہیں اور فرشتے کسی عمل سے قابو نہیں آسکتے...... الخ! لہٰذا حضرت شیخ کا دامن قدس مرزاصاحب کی تائید سے پاک ہے یہ صرف مختار مدعاعلیہ کا مغالطہ ہے۔

جواب نمبر۴: سرسید کی تفسیر مسلمانوں پر حجت نہیں اور اس قسم کے نیچری اور دہری عقائد کی بناء پر لوگ ان کے اسلام میں شبہ کرتے ہیں۔ مگر چونکہ ہمیں اپنے اکابر سے موثق طور پر معلوم ہوا ہے کہ وہ آخر عمر میں ان تمام بدعقیدگیوں سے تائب ہوئے تھے۔ اس لئے ہم انہیں اسلامی زمرہ میں شامل کرتے ہیں اور اسلامی القابات سے یاد کرتے ہیں۔ جیسا کہ اوپر عرض کر چکا ہوں۔ مرزاصاحب کی اگر تمام کفریات اور دعویٰ نبوت سے توبہ ثابت ہو جائے تو انہیں بھی ہم رحمۃ اللہ علیہ کہیں گے۔ کوئی ذاتی نزاع تو ہے نہیں۔

پس نتیجہ یہ نکلا کہ مرزاصاحب کا ایمان اسلامی ملائکہ پر نہیں اور ان کا عقیدہ کفریہ کی ایک بھی نظیر اسلامی لٹریچر میں نہیں ملتی محض مختار مدعاعلیہ کا مغالطہ ہے۔

## نزول ملائکہ

مختار مدعاعلیہ نے بلاوجہ اس بحث کو طول دیا۔ اختلاف اس قدر ہے کہ مرزاصاحب نزول جبرئیل اور ملائکہ کے سرے سے منکر ہیں اور صرف اثراندازی بتاتے ہیں۔

”نزول کی اصل حقیقت جو صرف اثراندازی کے طور پر ہے نہ واقعی طور پر یاد رکھنی چاہئے۔ توضیح مرام سیارات کے نفوس نورانیہ کی تاثیرات کا نام نزول ملائکہ ہے۔“ (توضیح مرام ص۳۹،۴۰، خزائن ج۳ ص۷۱ ملخصاً)

’’نفوس فلکیہ، ارواح کواکب ملائکہ ایک ہی ہیں۔‘‘ (ملخصاً توضیح مرام ص۳۳، خزائن ج۳ ص۶۷)

عبارات بالا سے واضح ہے کہ ملائکہ کے حقیقی طور پر نزول کے مرزا صاحب صاف منکر ہیں اور انہیں سیارات یا نفوس فلکیہ اور ان کی اثر اندازی کا نام نزول بتاتے ہیں۔ قرآن واحادیث سے ملائکہ کا نزول حقیقی پایا جاتا ہے، نہ صرف اثر اندازی۔

۱…… ’’فتمثّل لھا بشرا سویا (مریم:۱۷)‘‘ انسان ہوکر ان کے سامنے آئے۔

۲…… غار حرا میں وحی لے کر اترنا۔ (بخاری)

۳…… جبرئیل علیہ السلام کا کسی انسانی شکل اور دحیہ کلبی صحابی کی صورت میں حقیقت، نہ اثر اندازی کے طور پر اترنا اور صحابہ کا دیکھنا۔ (بخاری شریف)

۴…… جبرئیل علیہ السلام کو اصلی صورت پر آنحضرت ﷺ نے دو مرتبہ دیکھا۔ (مسلم)

۵…… آنحضرت ﷺ نے جبرئیل علیہ السلام کو دیکھا ان کے چھ سو بازو تھے۔ (بخاری ذکر الملائکہ)

۶…… نزول کے متعلق، تفصیل اور اس کے اقسام کے واسطے مسلم فریقین کے بزرگ علامہ شیخ عبدالوہاب شعرانی کی کتاب الیواقیت والجواہر مبحث (۳۹) ملاحظہ ہو۔

بہرحال خواہ انسانی شکل میں آئیں یا کسی اور اصلی ہو یا مثالی، یہاں صرف بحث اس قدر ہے کہ نزول حقیقی ہے۔ صرف اثر اندازی ارواح کواکب یا نفوس فلکیہ کا نام نہیں۔

مرزا صاحب کے اس ادّعاء پر باطل پر کہ نزول کی اصلی کیفیت صرف اثر اندازی کے طور ہے نہ واقعی طور پر۔

مختار مدعا علیہ ایک حوالہ بھی اسلامی لٹریچر سے نہ پیش کر سکا، مثالی اور غیر مثالی شکل پر بحث کرتا رہا جو موضوع سے بالکل غیر متعلق ہے۔ تمام اہل اسلام نزول ملائکہ خواہ مثالی شکل ہو یا حقیقی واقعی طور پر مانتے ہیں اور یہی قرآن اور احادیث وکتب عقائد سے ثابت ہے۔

اور مرزا صاحب صرف اثر اندازی مانتے ہیں نہ واقعی نزول، پس نزول ملائکہ کا واقعی طور پر انکار کر کے یعنی مرزا نے اپنی کفریات میں ایک اور کفر کا اضافہ کیا۔

## وکتبہ

نبی کریم ﷺ یا انبیاء سابقین پر وحی یا کتب منجانب اللہ نازل ہوئیں، وہ قطعی اور یقینی ہیں اور آنحضرت ﷺ کے بعد چونکہ وحی نبوۃ کا بالاتفاق دروازہ بند ہے۔ لہٰذا یہ صورت وحی اگر کسی کو کچھ منکشف ہو وہ الہام ہی ہے اور وحی نبوۃ کی طرح قطعی نہیں۔ ملاحظہ ہو (الیواقیت والجواہر بیان وحی الہام) آگے وحی کے سلسلہ میں اس کی تفصیل آئے گی۔ ان شاء اللہ تعالیٰ! پس اگر آنحضرت ﷺ کے بعد کوئی اپنی وحی والہام پر جس طرح ایمان رکھتا ہے ویسا ہی ایمان اللہ کی منزلہ کتابوں پر بتائے یا ان میں سے کسی ایک کی بھی توہین کرے یا موہم تنقیص فقرات استعمال کرے۔ اس کا ایمان کسی طرح کتب الٰہیہ پر قابل اعتناء نہیں ہوسکتا۔ گو زبان سے کتنا ہی کہتا رہے۔

مرزا صاحب نے مذکورہ بالا امور کا ارتکاب کیا۔

ملاحظہ ہوں حوالہ جات ذیل۔

۱…… ’’جب کہ مجھے اپنی وحی پر ایسا ہی ایمان ہے۔ جیسا کہ تورات اور انجیل اور قرآن کریم پر۔‘‘

(اربعین نمبر۴ ص۱۹، خزائن ج۱۷ ص۴۵۴)

۲...... ’’قرآن خدا کی کتاب اور میرے منہ کی باتیں ہیں۔‘‘ (حقیقت الوحی ص۸۴، خزائن ج۲۲ص ۸۷)

۳......

آنچہ من بشنوم ز وحی خدا بخدا پاک دانمش ز خطاء
ہمچو قرآن منزہ اش دانم از خطاہا ہمیں است ایمانم

(درثمین ص۷۷، نزول المسیح ص ۹۹، خزائن ج۱۸ص ۴۷۷)

۴...... مرزاصاحب کی عادت بدزبانی اور سخت کلامی کی تھی۔ چنانچہ جب مرزاصاحب سے لوگوں نے اس کی گرفت کی تو جواب یہ ارشاد فرمایا ہے کہ اوّلاً یہاں واقعہ کچھ اس طرز کا ہوا۔ گالی نہیں۔ دوسرے اور اگر ہر ایک سخت اور آزاردہ وہ تقریر کو محض بوجہ اس کی مرارت اور تلخی اور ایذاءرسانی کے دشنام کے مفہوم میں داخل کر سکتے ہیں تو پھر اقرار کرنا پڑے گا کہ سارا قرآن گالیوں سے پر ہے۔‘‘ (ازالہ بار پنجم ص۱۴، خزائن ج۳ص ۱۰۹) یہ وہی مرزاصاحب کی قدیمی عادت ہے کہ اپنی تمام غلطیاں قرآن پاک اور نبی کریم ﷺ کے ذمہ لگاتے ہیں۔ (العیاذ باللہ)

۵...... قرآن پاک کے سواء کسی آسمانی وغیر آسمانی، الہامی یا غیر الہامی کتاب کے الفاظ تحدی کے واسطے پیش نہیں کئے گئے، یہ صرف قرآن پاک کی اخص الخاص امتیازی شان ہے کہ: ’’ان کنتم فی ریب مما نزلنا علیٰ عبدنا فأتوا بسورۃ من مثلہ (البقرۃ:۲۳) قل لئن اجتمعت الانس والجن علی ان یأتوا بمثل ھٰذا لقرآن لا یاتون بمثلہ ولو کان بعضھم لبعض ظھیرا (بنی اسرائیل:۸۸)‘‘

مگر مرزاصاحب نے اپنا قصیدہ اعجازیہ بطور تحدی اور مقابلہ کے قرآن کی طرح اعجاز قرار دے کر پیش کیا۔ مذکورہ بالا وجوہات کی بناء پر مرزاصاحب اور ان کے مریدین کا ایمان وکتبہ پر نہیں ہوسکتا۔ مفصل ابتدائی بحث میں ملاحظہ ہو۔

## مختار مدعا علیہ کی تاویلات

خلاصہ تاویلات:

’’قرآن شریف خدا کی کتاب اور میرے منہ کی باتیں ہیں۔‘‘

۱...... (تاویلات) چونکہ مجموعہ الہامات میں درج ہیں، لہٰذا میرے منہ سے خدا کا منہ مراد ہوگا۔

۲...... اخبار البدر ۱۱؍جولائی ۱۸۹۵ء سے ایک تاویل۔

الجواب: مجموعہ الہامات میں درج ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ تمام متکلم ضمیریں خدا ہی کی طرف ہوں۔ اسی مجموعہ الہامات سے نمونہ ملاحظہ ہو۔

۱...... نحمدک ہم تیری تعریف کرتے ہیں۔ (حقیقت الوحی ص۹۴، خزائن ج۲۲ص ۹۷)

اس ضمیر سے خدا مراد نہیں۔

۲...... ’’یا نبی اللہ کنت لا اعرفک‘‘ (حقیقت الوحی ص۱۰۰، خزائن ج۲۲ص ۱۰۴)

یہاں بھی ضمیر متکلم سے خدا مراد نہیں، مرزاصاحب خود یہ ترجمہ کرتے ہیں کہ اے خدا کے نبی میں تجھے شناخت نہیں کرتا تھا۔

۳...... ’’رب علمنی ماھو خیر عندک‘‘ (حقیقت الوحی ص۱۰۳، خزائن ج۲۲ص ۱۰۶)

۴...... ’’ان ربی قوی قدیر‘‘ (حقیقت الوحی ص۱۰۴، خزائن ج۲۲ص ۱۰۷)

۵...... ’’انی صادق انی صادق وشھد اللہ لی‘‘ (حقیقت الوحی ص۱۰۴، خزائن ج۲۲ص ۱۰۷)

(ترجمہ مرزا صاحب) میں صادق ہوں میں صادق ہوں اور خدا میری گواہی دے گا۔

۶...... ''ان امرت من الرحمن فاتونی''(ترجمہ) میں خدا کی طرف سے خلیفہ کیا گیا ہوں، پس تم میری طرف آ جاؤ۔

(حقیقت الوحی ص۱۰۵، خزائن ج۲۲ص۱۰۸)

۷...... ''انی لاجد ریح یوسف...... الخ!''(ایضاً) اور مجھے گم گشتہ یوسف کی خوشبو آ رہی ہے۔ اگر تم یہ نہ کہو کہ یہ شخص بہک رہا ہے (حقیقت الوحی ص۱۰۵، خزائن ج۲۲ص۱۰۸) کیا مختار مدعا علیہ ان متکلم کے ضمائر سے بھی خدا مراد لے گا۔ اس لئے کہ یہ مجموعہ الہامات میں درج ہے۔

## مختار مدعا علیہ کا اقرار

مختار مدعا علیہ اپنی بحث لا الہ کے ہیڈنگ کے تحت الہام نمبر۱۶ میں: ''اصلی واصوم واسہر وانام واجعل لک انوار القدوم واعطیک یا یدوم...... الخ!''(حقیقت الوحی ص۱۰۳،۱۰۴، خزائن ج۲۲ص۱۰۷) میں یہ تاویل کہ یہ مجموعہ الہام میں سے ہے۔ سب ضمیریں خدا کی طرف ہونا فراموش کر کے تسلیم کر لیا کہ پہلے حصہ میں متکلم ضمیریں ملہم کی طرف اس کی شان کے اظہار کے واسطے ہیں اور دوسرے میں خدا کی طرف۔ لہٰذا اسی کے اقرار سے یہ تاویل غلط ہوگئی اور ہر معمولی اردوداں بھی اس کا مطلب سمجھ سکتا ہے۔ ''قرآن شریف خدا کی کتاب اور میرے منہ کی باتیں ہیں'' منہ سے مرزا صاحب کا منہ مراد ہے، نہ خدا تعالیٰ کا۔ ورنہ اردو عبارت بالکل مختل ہو جائے گی۔ بہرحال یہ تاویل محض لغو اور بے سود بلکہ عجز کا اقرار ہے تاویل نمبر۲۔

الجواب: ہمارا اعتراض حقیقت الوحی کے الہام پر ہے جو ۱۵؍مئی ۱۹۰۷ء کی ہے اور جواب البدر ۱۱؍جولائی ۱۹۰۵ء سے عنایت ہو رہا ہے۔ سبحان اللہ!

## (۲۱)

## فبأی حدیث بعدہ یؤمنون

مختار مدعا علیہ نے اس پر طول طویل تقریر کی، مگر اصل مدعی واعتراض کو ذکر تک نہ کیا۔ اعتراض صرف آیت سے نہ تھا، بلکہ اس کی تفسیر جامع البیان ومدارک سے نقل کی تھی کہ: ''مع انہ لاحدیث یساویہ او یدانیہ فلا حدیث احسن بالایمان منہ جامع البیان معہ انہ معجزۃ باھرۃ من بین کتب سماویہ فبای کتاب بعدہ یومنون'' (مدارک)

یعنی کوئی کتاب کوئی بات قرآن پاک کے مساوی اور ہم پلہ نہیں۔ نہ کوئی آسمانی کتاب اس جیسی معجزہ ہے۔ بس کسی کتاب پر اس جیسا اس کے بعد ایمان نہیں ہوسکتا۔

اور مرزا صاحب فرماتے ہیں: ''مجھے میری وحی پر ایسا ہی ایمان ہے جیسا کہ توریت اور انجیل اور قرآن پر۔''

(اربعین نمبر۴ص۱۹، خزائن ج۱۷ص۴۵۴)

آنچہ من بشنوم ز وحی خدا بخدا پاک دانمش ز خطاء
ہمچو قرآن منزہ اش دانم از خطاہا ہمیں است ایمانم

(درثمین ص۷۷، نزول المسیح ص۹۹، خزائن ج۱۸ص۴۷۷)

اس کے بعد جواب میں مختار مدعا علیہ کا یہ کہنا کہ مختار مدعیہ نے آیت تو پیش کر دی۔ اس کا مطلب نہ سمجھ سکا۔ حالانکہ میں نے اپنا مطلب نہیں بلکہ ائمہ مفسرین کا نقل کیا ہے۔ پھر خود تراشیدہ اپنی تفسیر اور لاطائل تاویلات کرنا کہ تشبیہ سے یہ مراد ہے منہ سے یہ مطلب ہے وہ

نہیں، محض بے سود اور نا قابل التفات ہیں۔ کیونکہ جب اصل پوائنٹ ہی چھوڑ دیا تو غیر متعلق امور کا جواب ہم سے متعلق نہیں۔ ہم نے تبرعاً جواب دیا ہے ورنہ ہماری طرف سے غیر متعلق کہنا کافی تھا۔

جواب تو یہ ہوتا ہے کہ مرزا صاحب جیسی توہین آمیز عبارت کسی مسلمان کے کلام سے پیش کرتے صرف اپنی طرف سے اس واضح عبارت میں تاویلات پیش کرنا محض بے سود ہے۔ جیسا کہ اوپر عرض کر چکا ہوں۔ مختار مدعا علیہ کا یہ کہنا کہ مرزا صاحب کی وحی قرآن کے بالکل موافق ہے۔ اس کا کوئی کلمہ بھی قرآنی تعلیم کے معارض نہیں۔ محض غلط بلکہ بالکل قرآن کے خلاف تحدی ہے۔ جب کہ اوپر نمونہ گزر چکا ہے۔

جیسا کہ مختار مدعا علیہ کو یہ مسلم ہے کہ:

۱...... مرزا صاحب نے قصیدہ اعجازیہ کو بطور تحدی پیش کیا۔

۲...... اور خطبہ الہامیہ کے ٹائٹل پر لفظ آیت لکھا اور یہ بھی کہ اس کے مثل کوئی نہیں لا سکتا۔

۳...... خطبہ الہامیہ پر ہے: ’’وما کان لبشر ان ینطق بمثلی...... الخ!‘‘ میری طرح کوئی بشر نہیں کہ یوں قلم برداشتہ عبارت لکھ سکے۔ پھر قرآن کے مقابلہ میں کونسی کسر اٹھا رکھی۔ کوئی آسمانی کتاب یوں مقابلہ کے چیلنج سے پیش نہ کی گئی۔ خواہ آنحضرت ﷺ باوجودیکہ افصح العرب تھے اور خود فرماتے ہیں: ’’انا افصح العرب والعجم ولا فخر‘‘ کبھی اپنا کلام یوں مقابلہ کے واسطے پیش نہ کیا یہ صرف حضرت آدم علیہ السلام سے قیامت تک قرآن ہی کی خصوصیت تھی، مگر مرزا صاحب نے اسے خاک میں ملا دیا۔ مسلمان تو اسے توہین ہی سمجھتے ہیں۔ ہاں! مختار مدعا علیہ کو توہین سمجھ میں نہیں آسکتی وہ معذور ہیں۔

## مختار مدعا علیہ کی تاویلات رکیکہ

مسئلہ واضح ہے جواب کی حاجت ہی نہ تھی مگر تبرعاً تاویلات کا خلاصہ پیش کرتا ہوں تاکہ ان کی حقیقت معلوم ہو جائے۔

۱...... اور جب آپ کا یہ دعویٰ ہے کہ آپ کو عربی انشاء پردازی کا معجزہ جس میں آپ تمام دنیا کے آدمیوں پر غالب رہے اور عرب وعجم میں کوئی آپ کا مقابلہ نہ کر سکا اس لئے عطاء ہوا تھا...... الخ!

الجواب: یہ بات کہ ان کو عربی انشاء پردازی کا معجزہ عطاء ہوا تھا اور عرب وعجم میں کوئی آپ کا مقابلہ نہ کر سکا، نہایت مضحکہ خیز ہے۔ قصیدہ اعجازیہ کی صرفی نحوی معانی کی غلطیاں علماء نے شائع کر دی ہیں جس کو مبتدی طالب علم بھی نہیں کر سکتا۔ قصیدہ اعجازیہ کا صرف ایک شعر بحوالہ سابق ملاحظہ عدالت کے واسطے پیش ہے۔

واما حسین فاذکروا دشت کربلا　　الیٰ ھذا الایام تبکون فانظروا

(اعجاز احمدی ص۶۹، خزائن ج۱۹ ص۱۸۱)

باقی یہ تاویل کہ قرآن کے حقائق ظاہر کرنے کو یہ معجزہ ملا تھا، محض لغو ہے۔ قرآن پاک کی ہمسری کسی لحاظ سے ہو توہین کلام الٰہی ہے اور قرآن کے حقائق وغیرہ کا حیلہ محض مغالطہ ہے۔

تاویل نمبر۲: اس سے اب تک لازم آنا بالکل باطل قطعاً نا قابل التفات ہے...... الخ!

الجواب: جب کوئی مدلل جواب سے عاجز آجاتا ہے تو یہی کہا کرتا ہے کہ بالکل باطل قطعاً نا قابل التفات ہے۔ اس کا ہمیں کوئی شکوہ نہیں۔

تاویل نمبر۳: اگر اس سے قرآن کی توہین ہے تو قرآن کو بھی توہین کا مرتکب ماننا پڑے گا...... الخ!

الجواب:

۱...... یہ وہی بات ہے کہ مرزا صاحب نے کلام کا اعتراض قرآن پاک پر دہرایا۔

۲...... اعتراض صرف لفظ آیت پر نہیں، بلکہ اس پر ہے کہ کوئی اس جیسا لا نہیں سکتا۔

تاویل نمبر۴: ''الھدی ولجنہ النور'' وغیرہ سے تاویلات۔

الجواب: اپنی بلاغت قرآن کے بعد یا قبل جو کچھ انہیں تحدی اور مقابلہ میں اپنا کلام قرآن کی طرح پیش کر کے قرآن پاک کی خصوصیت پر جو جوزد ہے اس کا جواب نہیں ہوسکتا۔

(۴)

## قرآن گالیوں سے پر ہے

مختار مدعاعلیہ اپنی عادت کے مطابق اعتراض اور استدلال کا خلاصہ قطع وبرید کر کے نقل کرتا ہے اور مختار مدعیہ کے ذمہ لگاتا ہے۔

یہاں اس فقرہ مذکورہ بالا پر اعتراض نہیں بلکہ اعتراض یہ ہے کہ مرزا صاحب کی سخت کلامی جس کا نمونہ اوپر پیش کر چکا ہوں اور آگے آئے گا۔ جب اعتراض کیا گیا تو فوراً اسے بیان واقعہ کہہ کے قرآن پاک کے ذمہ لگا دیا کہ اگر یہ گالیاں جو بیان واقعہ ہیں گالیاں ٹھہریں تو قرآن پاک کو گالیوں سے پر ماننا پڑے گا۔

بس اعتراض صرف اس قدر ہے کہ مرزا صاحب کی فحش کلامی اور بدزبانی، حیا سوز کلمات کو اگر سب وشتم کو گالی کہا جائے تو بقول مرزا صاحب قرآن پاک کو گالیوں سے پر ماننا پڑے گا۔ یہ مقابلہ قرآن سے اپنی سخت کلامی کا ان دلائل اور دیگر حوالہ جات سے جو اوپر پیش ہو چکے ہیں۔ مرزا صاحب کے ایمان بالقرآن کو خطرہ میں ڈالتے ہیں اور ان امور کے بعد ایمان بکتبہ کا دعویٰ محض زبانی اور غلط ہے۔ عبارت کاٹ کے نہیں پیش کی کہ تاویل کافی ہوجائے نہ اتنے فقرہ پر صرف اعتراض ہے کہ قرآن گالیوں سے پر ہے۔ یہ تو مختار مدعاعلیہ کی تصنیف ہے۔ ہمارا اعتراض تو پورے مضمون اور اپنی سخت کلامی کا قرآن پاک کے پاکیزہ طرز خطاب پر قیاس کرنے کا ہے جس کے جواب کی طرف مختار مدعاعلیہ نے اشارہ تک نہ کیا۔ غیر متعلق باتیں اور تیز کلامی کر کے صفحہ سیاہ کر ڈالا اور یہ اعتراضی پوائنٹ لاجواب کا لاجواب ہی رہا۔

باقی مرزا صاحب کا کشتی نوح اور مواہب الرحمٰن وغیرہ میں قرآن کے محامد بیان کرنا جواب کے لئے کافی نہیں۔ جب کہ صریح توہین لاجواب اوپر پیش ہوچکی اور مرزا صاحب کی چونکہ عادت ہی متعارض بولنے کی تھی۔ اس لئے ان کا ایک کلام دوسرے کی شرح کیا بن سکے گا۔ جیسا کہ اوپر مفصل عرض کر چکا ہوں۔ بہرحال مرزا صاحب کا ایمان بکتبہ اسلامی اصول پر ثابت نہ ہوسکا۔

نوٹ: مختار مدعاعلیہ نے مضمون خبط کر کے اور مغالطہ کے واسطے توہین کے دو نمبر (۵) بشارۃ اسم احمد اور (۶) حدیث کی توہین بے ربط توہین کے سلسلہ سے لے کر یہاں ایمان مفصل کے سلسلہ میں چھوڑ دیا ہے اور پھر اس کے بعد ورسلہ شروع کیا۔ میں یہ نمبر (۵) و (۶) اسی توہین کے سلسلہ میں ذکر کروں گا تاکہ یہ مضمون بے ربط نہ ہوجائے اور ایمان مفصل کے وکتبہ کے جواب کا ختم کر کے ورسلہ شروع کرتا ہوں۔

ورسلہ

مختار مدعاعلیہ نے ہماری پیش کردہ ایک دلیل کا بھی جواب نہ دیا بلکہ ذکر تک نہ کیا اور صرف اس کہنے پر اکتفاء کیا کہ مرزا صاحب اور آپ کے تمام پیرو۔ اللہ تعالیٰ کے تمام بھیجے ہوئے رسولوں پر ایمان لاتے ہیں اور اس زبانی اقرار کی تائید حقیقت الوحی، ازالہ اوہام، چشمہ معرفت سے پیش کی کہ وہاں رسول بھیجنے یا ان پر ایمان لانے یا دیگر ایمانیات کا ذکر ہے۔ حالانکہ اعتراض یہ تھا کہ جو شخص انبیاء کرام

اوراللہ تعالیٰ کےرسولوں کےمتعلق یہ عقیدہ رکھتا ہے کہ:

انبیاء گرچہ بودہ اند بے من بعرفان نہ کمترم ز کسے
آنچہ داد ست ہر نبی راجام داد آن جام را مرا بتمام
زندہ باشد ہر نبی بآمدنم ہر رسولے نہاں بہ پیرانم

(نزول المسیح ص۹۹،۱۰۰،خزائن ج۱۸ص۴۷۷،۴۷۸)

روضہ آدم کہ تھا نا مکمل اب تک میرے آنے سے ہوا کامل بجملہ برگ وبار

(براہین احمدیہ حصہ پنجم ص۱۴،خزائن ج۲۱ص۱۴۴)

آدم نیز احمد مختار در برم جامۂ ہمہ ابرار

(نزول المسیح ص۹۹،خزائن ج۱۸ص۴۷۷)

منم مسیح زمان ومنم کلیم خدا منم محمد و احمد کہ مجتبیٰ باشد

(تریاق القلوب ص۳،خزائن ج۱۵ص۱۳۴)

میں کبھی آدم کبھی موسیٰ کبھی یعقوب ہوں نیز ابراہیم ہوں نسلیں ہیں میری بے شمار

(براہین احمدیہ حصہ پنجم ص۱۰۳،خزائن ج۲۱ص۱۳۳)

اینک منم کہ حسب بشارات آمدم عیسیٰ کجا است تا بنہد پا بہ منبرم

(ازالہ اوہام ص۱۵۸،خزائن ج۳ص۱۸۰)

ابن مریم کے ذکر کو چھوڑو اس سے بہتر غلام احمد ہے

(دافع البلاء ص۲۰،خزائن ج۱۸ص۲۴۰)

ساتھ ہی یہ بھی کہے کہ یہ باتیں شاعرانہ نہیں بلکہ واقعی ہیں۔

تو وہ گو زبان سے ایمان بالرسل کا قائل ہو۔مگر اس کا ایمان اللہ کے رسولوں پر نہیں ہوسکتا۔مختار مدعا علیہ نے بھی اسے لاجواب سمجھ کر یہاں نظرانداز کردیا۔کیونکہ مرزاصاحب کے ان کفریات اوردعاوی کے بعد ان کا ایمان بالرسل ثابت کرنا واقعی محال ہے۔ورنہ کچھ اشارہ کنایہ حوالہ تو ہوتا۔ فالله الحمد!

## (والیوم الآخر والقدر خیرہ وشرہ من اللہ تعالیٰ)

مرزاصاحب نے بھی ازالہ اوہام میں یہ دونوں فقرے اپنے ایمانیات کی فہرست سے خارج کردیئے۔بس ان کے کسی امتی سے ان کے متعلق لب کشائی کی کیا توقع تھی۔بہرحال اس سلسلہ کے تمام حوالے اعتراضات بھی لاجواب رہے۔

## (والبعث بعد الموت)

اس سلسلہ میں جو پیش کیا تھا اس کا جواب کیا بن پڑتا اس کا نام تک نہ لیا گویا بحث میں اس کا ذکر بھی نہ تھا اور دراصل مرزاصاحب کے متبعین اس عقیدہ کے اثبات میں سخت عاجز ہیں۔کیونکہ ایک طرف مرزاصاحب لکھتے ہیں کہ مرنے والا فوراً جنت یا دوزخ میں پہنچ جاتا ہے اب اگر قیامت میں نفخ صور کی طلبی پر قبر سے اٹھیں تو جنت اور دوزخ کے بعد دخول خروج ماننا پڑے گا جو جائز نہیں۔لہٰذا قبر سے مردے نہ اٹھیں گے بلکہ ترقی مدارج ہوگی۔ (ملخص ازالہ اوہام ص۳۴۴تا۳۴۸،خزائن ج۳ص۲۷۵تا۲۷۸)

دوسری طرف نص قطعی قرآن حکیم میں موجود ہے کہ مردے قبروں سے قیامت میں اٹھیں گے۔

۱...... ’’ونفخ فی الصور فاذاھم من الاجداث الی ربھم ینسلون (یٰس:۵۱)‘‘

۲...... ’’وان اللہ یبعث من فی القبور (حج:۷)‘‘

۳...... ’’اذاالقبور بعثرت (الانفطار:۴)‘‘

۴...... ’’الا یظن اولئک انھم مبعوثون لیوم عظیم یوم یقوم الناس لرب العالمین (المطففین:۴تا۶)‘‘

۵...... ’’منھا خلقناکم وفیھا نعیدکم ومنھا نخرجکم تارۃ اخریٰ (طٰہٰ:۵۵)‘‘

مسلمانوں کا عقیدہ کہ قیامت کے دن مردے قبروں سے نکل کر حساب کتاب کے لئے میدان محشر میں جمع ہوں گے۔

’’ونفخ فی الصور فاذاھم ...... ینسلون (یٰس:۵۱) قال من یحی العظام ......تا......خلق علیم (یٰس:۷۸،۷۹) کما بدأنا اول...... کنا فاعلین (الانبیاء:۱۰۴) کذلک یحی اللہ الموتیٰ (البقرۃ:۷۳) ان اللہ یبعث من فی القبور (الحج:۷) منھا خلقناکم وفیھا نعیدکم ومنھا نخرجکم تارۃ اخریٰ (طٰہٰ:۵۵) افلا یعلم اذا بعثر مافی القبور (العٰدیات:۹) اذ القبور بعثرت. علمت نفس ماقدمت واخرت (الانفطار:۴،۵) یقولون ء انا لمردودون فی الحافرۃ. ء اذا کناعظاما نخرہ (النٰزعات:۱۰،۱۱) یوم ینفخ فی الصور فتاتون افواجا (النبا:۱۸) ونفخ فی الصور...... لرب العالمین (الزمر:۶۸تا۷۵)‘‘ سے صاف ثابت ہے کسی تاویل کی حاجت نہیں۔ نیز ’’یٰآیتھا النفس المطمئنۃ...... وادخلی فی جنتی (الفجر:۲۷تا۳۰) ونفخ فی الصور فصعق من فی السمٰوٰت والارض...... فادخلوھا خالدین (الزمر:۶۸تا۷۳) ونفخ فی الصور ذلک یوم الوعید...... ذالک یوم الخلود (ق:۲۰تا۳۴)‘‘

نوٹ: (مشکوٰۃ شریف ص۴۸۲،۴۸۳،۴۸۷) پر مصرح احادیث صحیحہ لوگوں کے قبروں سے نکل کر محشر میں جمع ہونے وغیرہ کی مفصل موجود ہیں۔ بخوف طوالت ترک کی جاتی ہیں۔

ان آیات واحادیث سے معلوم ہوا کہ قیامت کے دن حساب کتاب کے بعد جنت میں داخل ہوں گے اور ہمیشہ رہیں گے۔ ’’ماھم بخارجین‘‘ اس موقع پر ہے ورنہ حضرت آدم وحوا جنت سے کیسے نکالے گئے۔ ہاں! قیامت سے پہلے دخول روحی تھا۔ اب جسمی ہوگا۔

لہٰذا مرزا صاحب کا ایمان کسی تاویل سے بعث بعد الموت پر نہیں ہوسکتا اور مختار مدعاعلیہ کے سکوت نے اسے اور بھی مضبوط کردیا۔ پس ’’اٰمنت باللہ وملٰئکتہ وکتبہ‘‘ کے جواب نہ بن سکنے اور رسلہ کے جواب ناکافی اور والیوم الآخر والقدر خیرہ وشرہ من اللہ والبعث بعدا لموت کے تذکرہ تک نہ کرنے سے اچھی طرح واضح ہوگیا کہ جس طرح مرزا صاحب کا ایمان کلمۂ توحید اور ایمان مجمل پر نہیں، اس طرح مرزا صاحب اور ان کے ماننے والوں کا ایمان مفصل اور اس کے کسی جز پر نہیں اور جب تک ہمارے پیش کردہ عقائد سے صاف لفظوں میں رجوع نہ کریں، قیامت تک ایمانیات کے کسی شعبہ کسی جزء پر ایمان نہیں ہوسکتا۔

## استدعا

یہ وہ حوالہ جات تھے جو جرح میں گواہان مدعاعلیہ کو بھی مسلم ہیں۔ بس میں عدالت عالیہ کی توجہ اس بات کی طرف منعطف کرانا چاہتا ہوں کہ علمی مباحث تو آگے آئیں گے۔ فیصلہ کے واسطے یہی حصہ کافی ووافی ہے۔

کیونکہ مدعاعلیہ کو اپنے احمدی ہونے کا اقرار ہے گواہ نمبرا نے یکم/مارچ ۱۹۳۳ء کی جرح میں احمدی اور قادیانی اور مرزائی ایک ہی تسلیم کیا ہے۔

لہٰذا تنقیح نمبر۱ کے پہلا حصہ کو ’’کیا مدعا علیہ نے مذہب قادیانی یا مرزائی اختیار کیا ہے۔‘‘ بلاشبہ ثابت ہوگیا۔

تنقیح نمبر۱ کے دوسرے حصہ کہ کیا اس سے ارتداد لازم آتا ہے۔

اس کے اثبات کے واسطے یہ کافی سے زائد ہے کہ مرزائیت اختیار کرنے سے نہ لاالہ الااللہ پر ایمان قائم رہے، نہ محمد رسول پر، نہ ایمان مجمل اٰمنت باللہ کما ھو باسمآئہ وصفاتہ وقبلت جمیع احکامہ پر، نہ ایمان مفصل اٰمنت باللہ وملئکتہ وکتبہ ورسلہ والیوم الاخر والقدر خیرہ وشرہ من اللہ تعالیٰ والبعث بعد الموت پر۔

یہ ایمان کی بنیادیں اور اصول تھے۔ اس کے بعد ایمان کیا چیز ہے۔ پس مرزا صاحب کی اتباع اور کفر وارتداد لازم وملزوم ہیں۔ پس تنقیح نمبر کا دوسرا حصہ بھی ثابت ہوگیا۔

باقی ارتداد سے فسخ نکاح ہونا جو دوسری تنقیح ہے وہ ہر دو گواہوں کو مسلم ہے کہ عام حکم اور تعامل فسخ نکاح کا ہے، جیسا کہ گزر چکا۔

پس اس صورت میں ڈگری بحق مدعیہ ہونی چاہئے۔’’لاالہ الااللہ محمد رسول اللہ‘‘ (ایمان مجمل ومفصل کی بحث ختم ہوگئی)

## وجوہات تکفیر وترتیب شہادت

## (۱)

## دعویٰ وحی نبوت ...... بحث متعلقہ وحی

مختار مدعا علیہ کی تمہیدی تقریر:

’’اس موضوع پر بحث کرنے کی ضرورت اس لئے پیش آئی کہ گواہان مدعیہ نے مطلق ادّعائے وحی کو کفر قرار دیا ہے۔ چنانچہ گواہ نمبر۳ نے اپنے بیان میں لکھوایا ہے کہ ادّعاء وحی کفر ہے۔ اگر چہ مدعی نبوت نہ ہو اور اگر کوئی شخص مطلق وحی کا دعویٰ کرے خواہ نبوت کا مدعی نہ بھی ہو، تب بھی کافر ہے اور بنی آدم میں وحی پیغمبروں کے ساتھ مخصوص ہے اور غیروں کے لئے کشف، الہام یا وحی لغوی ہوسکتی ہے اور وحی کی یہ تعریف کی ہے۔ فرشتہ بھیجا جائے، فلاں سے جا کر یہ کہہ دو اور اپنی تائید میں شرح شفاء کا حوالہ بھی پیش کیا ہے۔ لیکن باوجود اس کے مختار مدعیہ نے صرف وحی رسالت کو بند قرار دیا ہے۔ گو گواہ نمبر۳ کا بیان مختار مدعیہ کے اس دعویٰ کو باطل ثابت کرتا ہے۔

نیز گواہ نمبر۱ نے ۲۱؍اگست کو بجواب جرح تسلیم کیا ہے کہ آیت:’’ماکان لبشر‘‘ میں جو طرق وحی بیان کئے گئے ہیں وہ امت محمدیہ پر بند ہیں اور گواہ نمبر الف وب نے مطلق وحی کے بقاء سے یہ کہہ کر انکار کیا ہے کہ وحی نہیں ہوسکتی۔ کیونکہ نبوت اور وحی لازمی ہے۔ اگر دوسری وحی آسکتی ہے تو ممکن ہو جائے گا کہ قرآن شریف کا کون سا حکم منسوخ ہو جائے۔‘‘

الجواب: مختار مدعا علیہ کا یہ محض مغالطہ وفریب ہے۔ اس نے اپنی شہادت میں لکھوایا تھا کہ:’’فریق دوم نے لکھوایا کہ ادّعاء وحی کفر ہے۔ آخری بحث میں میں نے اس کی یہ کذب بیانی بے نقاب کی اور گواہ نمبر۲ کی اصلی عبارت نقل کردی کہ وہ لکھوار ہے ہیں کہ:’’ایسے ہی ادّعاء نبوت اور ادّعاء وحی نبوت بھی کفر ہے۔‘‘ کتنی واضح عبارت میں وحی نبوت کی تصریح فرمارہے ہیں، مگر مختار مدعا علیہ کو مطلق وحی نظر آتی ہے، اس کا کوئی علاج نہیں۔

اب جوابی بحث کے اس ابتدائی مذکورہ بالا حصہ میں مندرجہ ذیل الہامات پیش کئے ہیں اور اپنی مغالطہ دہی کا پورا پورا ثبوت بہم پہنچایا ہے۔ میں عدالت کی سہولت کے لئے ایک کالم میں اس کا بہتان اور دوسرے میں اصل حقیقت پیش کرتا ہوں۔

## بہتان

۱...... چنانچہ گواہ نمبر۳ نے اپنے بیان میں لکھوایا ہے کہ ادّعاء وحی کفر ہے اگرچہ مدعی نبوت نہ ہو۔

۲...... اگر کوئی شخص مطلق وحی کا دعوی کرے خواہ نبوۃ کا مدعی نہ بھی ہو تب بھی کفر ہے۔

۳...... گواہ نمبر۱ نے ۲۱؍اگست کو بجواب جرح تسلیم کیا ہے آیت ما کان لبشر میں جو طرق وحی بیان کئے ہیں وہ امۃ محمدیہ پر بند ہیں۔

۴...... گواہ نمبر الف ونمبر ب نے مطلق وحی کے بقاء سے یہ کہہ کر انکار کیا کہ وحی نہیں ہوسکتی، کیونکہ نبوۃ ووحی لازمی چیز ہے......الخ!

## اصل حقیقت

۱...... محض بہتان ہے اصل عبارت یوں ہے:''ادّعاء وحی کفر ہے۔یعنی اگر کوئی شخص کہے کہ نبوۃ آنحضرتﷺ کے بجائے مجھ پر وحی ہوتی ہے اور وہ قرآن کی طرح ہے تو وہ کافر ہے۔'' ملاحظہ فرمائیں کہ گواہ نمبر۳ نے کس صفائی سے خود ہی معنی کر کے تفسیر کردی کہ ادّعاء اس کا کفر ہے جو قرآن کی طرح (یعنی وحی نبوت) ہو۔اس نے کہیں مطلق وحی نہیں کیا، نہ مطلق وحی کا لفظ ہے۔ بلکہ قرآن پاک جو مسلمہ فریقین وحی نبوت ہے۔اس کی طرح جو اپنی وحی کا دعویٰ کرے وہ کافر۔

۲...... پس گواہ نمبر۳ پر یہ بہتان ہے کہ اس نے مطلق وحی کے دعویٰ کو کفر بتایا، بلکہ وحی نبوت اور رسالت کو کفر بتایا ہے جو قرآن کی طرح ہو۔لہٰذا مختار مدعا علیہ کے دعویٰ سے سرمو خلاف نہیں محض افتراء ہے۔ یہ عبارت بھی پہلی عبارت سے متصل ہے اور مطلق کا لفظ ہرگز وہاں مذکور نہیں۔مختار مدعا علیہ کی تصنیف اور اس کا مغالطہ ہے۔اس وحی نبوت کو جو قرآن کی طرح سمجھی جائے۔گواہ نمبر۳ بیان کررہے ہیں، نہ وہاں لفظ مطلق وحی ہے نہ خواہ نبوت کا دعویٰ نہ ہو۔اصل عبارت یہ ہے: اگر کوئی شخص کہے کہ نبوت آنحضرتﷺ کے بعد مجھ پر وحی ہوتی ہے اور وہ وحی قرآن کی طرح (یعنی وحی نبوت ورسالت ہے) تو وہ کافر ہے۔اس کے کفر کے اثبات کے لئے تمام مذکورہ عبارات کافی ہیں۔ کیونکہ وحی (یعنی مذکورہ بالا) لازم نبوت ہے۔ جو شخص اس (وحی نبوت مذکورہ) کا مدعی ہو، اگرچہ بظاہر نبوۃ کا مدعی نہیں، مگر فی الحقیقت مدعی نبوت ہے۔(کیونکہ وحی نبوت کا دعویٰ درپردہ نبوت کا دعویٰ ہے)

پس ثابت ہوگیا کہ مختار مدعا علیہ نے گواہ نمبر۳ کا بیان اپنے لفظوں میں نقل کر کے اس پر افتراء کیا۔ ورنہ وہ دراصل دعویٰ وحی نبوۃ کی تکفیر کو کہہ رہے ہیں نہ مجازی ولغوی۔ کیونکہ اس وحی نبوت کو پیغمبروں کے ساتھ مخصوص کر کے لکھتے ہیں کہ:''غیروں کے لئے کشف والہام یا وحی لغوی ہوسکتی ہے۔'' جب وحی لغوی کی غیروں کے واسطے صراحت فرماتے ہیں تو مطلق وحی کا دعویٰ کفر کیونکر لکھ سکتے ہیں۔

۳...... بالکل صحیح ہے یہاں یہ آیت انبیاء علیہم السلام کے متعلق ہے اور اس آیت میں جو طرق مذکور ہیں، وہ اس کے شان نزول کے لحاظ سے وحی نبوت اور رسالت کے ہیں اور وحی نبوۃ کا تیرہ سو سال سے بند ہونا اور اس پر مہر لگ جانا تو مرزا صاحب کو بھی مسلم ہے۔ان اقسام کی تخصیص بالانبیاء اور وحی رسالۃ ونبوۃ مراد ہونے کی دلیل درکار ہو تو بخاری شریف کی پہلی حدیث معہ شرح حافظ بدرالدین عینی ملاحظہ فرمائیں:''وفی الاصطلاح الشرع ھو کلام اللّٰہ الی قولہ کما اوحیٰ ربک الی النحل (النحل:۶۸)''

۴...... محض دروغ بے فروغ ہے۔اس کا ردشہادت مسل پر موجود ہے۔عدالت خود ملاحظہ فرمائے۔کہیں''مطلق وحی'' کا لفظ نہیں، بلکہ وحی نبوۃ کے متعلق حکم دے رہے ہیں۔لازم نبوت وحی نبوت ہوتی ہے نہ مطلق وحی۔ورنہ'واوحیٰ ربک الیٰ النحل ''شہد کی مکھی کو بھی وحی ہوئی ہے وہ نبی نہیں ہوگی نہ وہ وحی نبوت ہے۔گواہ نمبر الف نے تو اپنے بیان میں مرزا صاحب کے مدعی نبوت ہونے پر بہت سے دلائل وقرائن نقل کئے ہیں۔علیٰ ہذا! گواہ نمبر ب نے گواہ نمبر۲ کے یہ الفاظ ہیں:''ایسے ہی ادّعاء نبوت اور ادّعاء وحی نبوت بھی کفر ہے۔'' بہرحال

بوضاحت ثابت ہوگیا کہ یہ محض مختار مدعا علیہ کا مغالطہ تھا۔ ورنہ گواہان مدعیہ نے بھی وہی بیان دیا ہے جو مختار مدعا علیہ نے بحث میں کہا کہ دعویٰ وحی نبوت ورسالت کفر ہے۔ مرزاصاحب اوران کے متبعین اگر مغالطہ نہ دیں اصل بات یہ ہے کہ میری تمہید جو میں نے اس ہیڈنگ کے تحت مسئلہ کو تنقیح کرنے کے لئے پیش کی تھی وہ چونکہ لاجواب تھی۔ اس لئے اس اضطرابی اور بہتان طرازی کا ثبوت دیا گیا۔ ملاحظہ عدالت کے واسطے بلفظہ پیش کرتا ہوں۔

## تنقیح مبحث

کشف والہام، وحی تین علیحدہ علیحدہ امور ہیں جن کی تفصیل گواہان مدعیہ خصوصاً گواہ نمبرسوم حضرت سیدمحمدانورشاہ صاحب میں مفصل درج ہے۔ پھر ہرایک کے لغوی واصطلاحی حقیقی ومجازی معنی میں شہد کی مکھی کو بھی لغوی ومجازی وحی کی گئی ہے۔ ''قال اللہ تعالیٰ و اوحیٰ ربک الی النحل...... الخ! (النحل:۶۸)'' کہ تیرے رب نے شہد کی مکھی کو وحی بھیجی۔ مگر حضوروالا واقف ہیں کہ اس بحث میں شہد کی مکھی والی وحی یا اس قسم کے دیگر لغوی ومجازی اقسام وحی اور مجازی محاورات زیر بحث نہیں۔ بلکہ گفتگو صرف اس میں ہے کہ وحی نبوۃ بعد آنحضرت ﷺ مسدود ہے اوراس کا مدعی کافر ہے۔ ملاحظہ ہو بیان گواہان مدعیہ خصوصاً بیان گواہ نمبر۲۔ یہاں اس کا یہ دعویٰ کہ ایسے ہی ادّعاءنبوت اورادّعاءوحی نبوت بھی کفر ہے۔ بڑی تفصیل سے مدلل کیا گیا ہے۔

پس تنقیح نمبرایک یہ ہوئی کہ مطلق وحی کی بحث نہیں بلکہ دعویٰ وحی نبوت کفر ہے۔

تنقیح دوم جووحی انبیاءکرام پر جس خصوصی پیرایہ میں اترتی ہے وہ وحی نبوۃ کہلاتی ہے۔ وہ کسی اور پر نہیں اتر سکتی۔

بجائے اس کے کہ اس تنقیح کے اقسام بیان کر کے اسے طول دوں یہ زیادہ مسلم ہے کہ مرزاصاحب کی عبارت وحی نبوت کی مراد اوراس کی تنقیح میں پیش کروں تاکہ ان حضرات پر بھی حجت ہوسکے۔ جن پر سوائے مرزاصاحب اوران کے دونوں خلفاء کے مطلق نہ قرآن حجت ہے، نہ حدیث، نہ فقہ، نہ کلام، نہ تفسیر، نہ اللہ کا کلام اورنہ رسول اللہ ﷺ کا فرمان، نہ صحابہ کے فیصلے، نہ بزرگان دین کے اقوال نہ ائمہ دین کے استنباط بلکہ مرزاصاحب کی بات بنانے کے لئے سب کی تاویل کر لیتے ہیں اورسب پر اتہام لگانے میں تأمل نہیں کرتے۔

## مرزاغلام احمد کے نزدیک وحی نبوۃ کے معنی

۱...... ''کیونکہ جس میں شان نبوت پاتے ہیں اس کی وحی بلاشبہ وحی نبوت ہے۔'' (ایام الصلح ص۱۴۶، خزائن ج۱۴ص۳۹۳) مسلم گواہ نمبر۱ونمبر۲ جرح مارچ ۱۹۳۳ء۔

''نبی کی وحی وحی نبوت کہلائے گی۔'' (سراج منیر ص۴، خزائن ج۱۲ص۶)

۲...... رسول کو علم دین بتوسط جبرئیل ملتا ہے؟ (ازالہ اوہام ص۷۶۱، خزائن ج۳ص۵۱۱) بیان گواہ مدعیہ نمبر۲۔

۳...... ''ایک فقرہ بھی جبرئیل لائیں وہ بھی وحی نبوت ورسالت ہے جو بند ہے۔'' (ازالہ اوہام ص۵۷۷، خزائن ج۳ص۴۱۱) گواہ مدعیہ نمبر۲۔

تنقیح سوم جووحی بندوں پر حجت ہواوراس کی اتباع لازم ہو وہ تشریعی کہلاتی ہے یا جس میں نیا حکم ہو ملاحظہ ہو۔ جرح گواہ نمبر۱، مؤرخہ ۷؍مارچ ۱۹۳۳ء۔

جس میں نئے احکام ہوں وہ تشریعی ہے۔

ہر نبی تشریعی ہوتا ہے اوراس کی وحی خواہ پرانی وحی کیوں نہ ہو تشریعی اور لوگوں پر حجت ہوتی ہے۔ نیز کوئی نہ کوئی نیا حکم اس میں مستقلہ ضرور ہوتا ہے خواہ صرف اپنی نبوت کے اعلان ہی کا۔ ملاحظہ ہو جرح گواہ نمبر۱، مؤرخہ ۷؍مارچ ۱۹۳۳ء۔

نیز ملاحظہ ہو: (ازالہ اوہام ص۵۷۷، خزائن ج۳ ص۴۱۱) تھوڑا بہت نازل ہونا برابر ہے۔ تفصیل کے لئے بیان گواہ مدعیہ نمبر۲ ملاحظہ ہو۔

مرزا صاحب کی عبارت اور تنقیح نمبر سوم کی رو سے وحی نبوت کی تعریف مندرجہ ذیل ہے۔

۶-الف جس میں شان نبوت ہو یا نبی ہو اس کی وحی وحی نبوت ہے۔

ب...... بتوسط جبرئیل ہو خواہ ایک ہی فقرہ وحی نبوت ہے۔

ج...... جو بندوں پر حجت ہو۔ ایضاً

د...... جس کی اتباع لازم ہو۔ 〃

ہ...... جس میں نیا حکم ہو۔ 〃

و...... صرف اپنی نبوت کے اعلان ہی کا حکم ہو وہ بھی وحی نبوت بلکہ تشریعی ہے۔

یہ(۶) چھ صورتیں وحی نبوت ورسالت کی ہوئیں۔

## اقراری ڈگری

ہمارے مدّعا کا جہاں تک تعلق ہے وہ نہ صرف مرزا صاحب کی امت کو بلکہ ان کے خود ساختہ صاحب نبی کو بھی مسلم ہے۔ کیونکہ ہمارا دعویٰ انسداد وحی نبوت ورسالت ہے اور وحی نبوت ورسالہ کا انسداد مرزا صاحب کو بھی مسلم ہے۔ ملاحظہ ہوں حوالہ جات مندرجہ ذیل۔

۱...... ’’لیکن وحی نبوت پر تو تیرہ سو برس سے مہر لگ گئی۔‘‘ (ازالہ اوہام ص۵۳۴، خزائن ج۳ ص۳۸۷)

۲...... ’’حالانکہ وحی نبوت آنحضرت ﷺ کے بعد منقطع ہو چکی ہے۔‘‘ (حمامۃ البشریٰ ص۳۴، خزائن ج۷ ص۲۱۹)

اب اس تسلیم کے بعد کسی جدید استدلال اور بحث کی ضرورت ہی نہ تھی مگر پھر بھی عوام کو مغالطہ سے بچانے کے واسطے اصل بحث میں میں نے تمام پیش کردہ آیات واحادیث واقوال کا مدلل جواب دیتے ہوئے ان کی خیانت اور قطع وبرید بے نقاب کردی تھی۔ اب جواب بحث میں بجائے ان کا کوئی معقول جواب دینے کے انہیں فرسودہ دلائل کا مکرر اعادہ کیا گیا ہے اور کہیں کہیں شرمناک خیانتیں اور تحریف ہے۔ اس لئے پھر مفصل جواب کی طرف رجوع کرتا ہوں ورنہ ضرورت ہی نہ تھی۔ یہاں تک میرے دعویٰ کا تعلق ہے۔ مدعا علیہ اور اس کے نبی اور گواہوں کو مسلم ہے۔

مختار مدعا علیہ نے مندرجہ ذیل ہیڈنگ قائم کئے ہیں۔

۱...... کیا وحی انبیاء علیہم السلام کے ساتھ مخصوص ہے؟

۲...... کیا آنحضرت کے بعد باب وحی غیر تشریعی مسدود ہے؟

۳...... کیا قرآن مجید سے بقاء وحی پر کوئی دلیل نہیں؟

۴...... کیا احادیث سے بقاء وحی غیر تشریعی پر کوئی دلیل نہیں؟

۵...... کیا بقاء وحی غیر تشریعی عقیدہ سلف صالح کے خلاف ہے؟

۶...... کیا مسیح موعود کے نزدیک ہر قسم کی وحی بند ہے؟

۷...... کیا مسیح موعود اپنی وحی کو قرآنی وحی کے برابر قرار دیتے ہیں؟

(۱)

وحی انبیاء کے ساتھ مخصوص نہیں۔

اس سلسلہ میں بظاہر سات بے ربط وغیر متعلق آیات معانی اور مطالب بگاڑ کر تحریف معنوی کے ساتھ پیش کی گئی ہیں۔مگر دراصل پانچ جن کا اجمالی جواب تو یہ ہے کہ یہ تمام آیات وحی لغوی یا الہام کے متعلق ہیں اور ہماری گفتگو وحی نبوت ووحی رسالت میں ہے۔اس کی تخصیص کا دعویٰ ہے جو مرزا صاحب کو بھی مسلم ہے۔مطلق وحی کی تخصیص کا نہ ہمارا دعویٰ ہے نہ ہم اس کے جواب کے مکلّف ہیں۔

## تبرعاً تفصیلی جواب بھی پیش کرتا ہوں

آیت اوّل:''**ما کان لبشر ان یکلمه الله الا وحیا...... الخ!** (الشوریٰ:۵۱)'' خلاصہ استدلال مدعا علیہ۔بشر نبی اور غیر نبی کو عام ہے۔لہٰذا وحی انبیاء سے مخصوص نہیں۔

یہ بعینہٖ شہادت والا استدلال مکرر دہرایا ہے جس کا جواب مکمل اور مدلل ومفصل ابتدائی بحث میں دے چکا ہوں جس کا خلاصہ یہ ہے کہ اس آیت میں خدا کے انسان سے ہم کلام ہونے کے اقسام بیان کئے گئے ہیں۔وحی نبوت کا انبیاء سے مخصوص ہونے کا ذکر تک نہیں اور اگر اس سے خارجی دلائل اور شان نزول کی روشنی میں وحی نبوت مراد ہو تو بشر سے نبی مراد ہوگا۔جیسا کہ اس کے شان نزول سے ظاہر ہے اور نبی بھی بشر ہوتا ہے۔صرف وحی الٰہی نبی کا عام بشر کے افراد سے ممتاز کرتی ہے۔

''**قال الله تعالیٰ قل انما انا بشر مثلکم یوحیٰ الیّ...... الخ!** (الکہف:۱۱۰)''

مختار مدعا علیہ کا جواب یہ کہ لیکن مختار مدعیہ نے اس آیت میں بشر سے نبی مراد لیا ہے۔حالانکہ اس آیت میں کوئی ایسا لفظ نہیں جو بشر کو انبیاء کے ساتھ مخصوص کرے۔

بالکل قابل التفات نہیں کیونکہ جواب کی شق اوّل تو بہرحال مسلم رہی اور اس آیت کا غیر متعلق ہونا ثابت ہوگیا۔بشر کی تخصیص نبی کے ساتھ شق ثانی پر ہے جب کہ وحی سے مراد وحی نبوت ہو۔پس جس طرح وحی نبوت کی تخصیص بلحاظ شان نزول ہوگی۔یوں ہی بشر سے نبی کی تعیین شان نزول سے ہے نہ کہ ظاہری الفاظ سے۔ہاں! جب کہ مختار مدعا علیہ وحی عام مراد لیتا ہے نہ کہ وحی نبوت اور بحث وحی نبوت میں تھی نہ کہ الہام اور وحی مجازی ولغوی میں۔پس اس آیت کا غیر متعلق وبے ربط ہونا، گویا اسے بھی مسلم ہے اور محض بحث کو طول دینے کے واسطے اسے پیش کیا ہے۔ورنہ اس کا شافی اور اٹل جواب ابتدائی بحث میں گزر چکا ہے۔عدالت خود ملاحظہ فرمائے۔

(فتوحات مکیہ ج۲ ص۴۱۶، ۴۱۷) سے مختار مدعا علیہ کا یہ نقل کرنا کہ:''ان تمام طرق سے اولیاء امت کو بھی وحی ہوتی ہے اور نبی وولی کی وحی میں فرق ہے۔'' ہماری تائید کرتا ہے نہ کہ ہمارے خلاف کیونکہ جب یہ وحی اولیاء امت کو وحی کو بھی شامل ہے جو بالاتفاق بمعنی الہام ہے تو لامحالہ اس آیت میں لغوی وحی مراد ہوگی، نہ حقیقی اصطلاحی، نہ وحی نبوت۔لہٰذا پھر غیر متعلق اور بے ربط رہی۔مختار مدعا علیہ نے چونکہ باقرار خود فتوحات کا کل مطالعہ نہیں کیا ہے۔ورنہ ایسی فاش غلطی نہ کرتا۔کیونکہ حضرت شیخ نے تصریح فرمائی ہے کہ آنحضرت ﷺ کے بعد صرف الہام باقی ہے اور وحی بالکل مسدود وبند ہے۔

''**اعلم انا لنا من الله الالهام لا الوحی فان سبیل الوحی قد انقطع بموت رسول الله ﷺ**''

(فتوحات مکیہ ج۳ ص۳۰۳ و۳۱۶)

یعنی جان لو کہ ہم کو اللہ کی جانب سے الہام ہوسکتا ہے نہ کہ وحی، کیونکہ وحی کا سلسلہ آنحضرت ﷺ کی موت کے بعد یقیناً بلاشبہ منقطع ہوچکا ہے۔

(ج۲، باب۳۷۵ص۳۱) پر تصریح فرمادی کہ آثار نبوت سے صرف مبشرات یعنی رؤیاء صالحہ باقی ہیں اور سب مسدود وختم ہوچکے ہیں۔ ان تصریحات کے ہوتے ہوئے تو حضرت شیخ کی عبارت قطع وبرید کر کے بگاڑنا صرف مختار مدعا علیہ کا شیوہ ہے جن کا مقصد مغالطہ کے سوا کچھ نہیں۔

دوسری آیت: ''**واوحینا الیٰ ام موسیٰ ان ارضعیه...... الخ!** (القصص:۷)''

خلاصہ استدلال، ام موسیٰ نبی نہ تھیں پھر بھی ایسی شاندار ان پر وحی ہوئی۔

الجواب: یہاں وحی شاندار اور غیر شاندار کا ذکر تک نہیں بلکہ وحی نبوت کے متعلق بحث ہے اور وحی نبوت اس میں مراد نہیں۔ جیسا کہ مختار مدعا علیہ کو بھی مسلم ہے کہ: ''گواہ مدعا علیہ کا مقصود اس آیت سے غیر انبیاء پر وحی کا نزول ثابت کرنا ہے۔ نہ وحی نبوت ملخصاً۔''

نیز اس آیت میں وحی بمعنی الہام ہے۔ جیسا کہ (جامع البیان علی ہامش جلالین ص۲۴۶) پر ہے۔ ''**واوحینا الهمنا الیٰ ام موسیٰ**'' یعنی ''**اوحینا الهمنا**'' کے معنی میں ہے کہ ہم نے موسیٰ کی ماں کی طرف الہام کیا یوں ہی (جلالین ص۲۴۵) پر تصریح ہے کہ وحی بمعنی الہام ہے۔ پس جب یہاں الہام مراد ہے تو غیر متعلق ہونا اظہر من الشمس ہوگیا۔

تیسری آیت: ''**اذکر فی الکتاب مریم...... الخ!** (مریم:۱۶)''

چوتھی آیت: ''**واذ قالت الملئکة یامریم ان الله یبشرک...... الخ!** (آل عمران:۴۵)''

پانچویں آیت: ''**واذ قالت الملئکة یا مریم ان الله اصطفاک** (آل عمران:۴۲)''

خلاصہ استدلال۔ مریم نبی نہیں، پھر جبرئیل علیہ السلام پیغام لائے اور ان پر وحی ہوئی۔

الجواب: یہ بعینہ وہی استدلال ہے جو شہادت میں آچکا اور ابتدائے بحث میں اس کا غیر متعلق وبے ربط ہونا پیش کرچکا جس کے لاجوابی کا مختار مدعا علیہ کو بھی اعتراف ہے۔ کیونکہ اس جواب کا ذکر تک نہیں کیا۔ میں مکرر اعادہ کر کے طول دینا نہیں چاہتا۔ عدالت خود ابتدائے بحث سے ملاحظہ فرمالے۔ یہاں صرف اس قدر کافی ہے کہ غیر انبیاء پر ہمیشہ وحی بمعنی الہام ہوتی ہے اور نزول جبرئیل نبی کریم ﷺ کے قبل غیر انبیاء پر بھی ہوا ہے گو بصورت الہام ہے۔ لہٰذا یہ آیت وحی نبوت کی تخصیص پر دلالت نہیں کرتی اور وحی بمعنی مجازی الہام وغیرہ کی تخصیص بلا نبی کے ہم ہی مدعی نہیں۔ لہٰذا یہ حوالہ محض بیکار ہے۔

چھٹی آیت: ''**وامرأته قائمة فضحکت فبشرنا ها باسحق...... الخ!** (ہود:۷۱)''

الجواب: یہاں بھی وحی نبوت مراد نہیں بلکہ الہام ہے۔ جیسا کہ تفاسیر میں مصرح ہے اور مفصل جواب ابتدائی بحث میں دے چکا ہوں جس کا جواب الجواب کیا ہوسکتا، نام تک نہیں لیا گیا اور اس کی لاجوابی کا زبان حال سے اعتراف ہی کرنا پڑا۔

ساتویں آیت: ''**قلنا یا ذالقرنین اما ان تعذب** (الکہف:۸۶)''

یہاں بھی شہادت کا مکرر استدلال دہرایا ہے۔ میں بھی ابتدائی بحث کے مدلل جواب کی طرف عدالت کی توجہ مبذول کراتا ہوں جو حضرت ذوالقرنین کو نبی کہتے ہیں۔ ان کے نزدیک تو یہ آیت انبیاء سے مخصوص ہے اور جو انہیں نبی نہیں کہتے ان کے نزدیک یہ الہام ہے۔ جیسا کہ علامہ سیوطی نے کہا ہے: ''**لم یکن نبیاً**'' پس انہوں نے یہ تفسیر کی ہے: ''**قلنا یا ذالقرنین بالهام**'' ہم نے ذوالقرنین سے بذریعہ الہام گفتگو کی (جلالین پ۱۶ص۱۹۰، نظامی دہلی) لہٰذا یہ الہام ہوا اور گفتگو وحی بلکہ وحی نبوت میں ہے اور یہاں وحی نبوت کجا مطلق وحی کا

بھی لفظ نہیں۔لہٰذا بالکل غیر متعلق ہے۔

مختار مدعا علیہ کا یہ کہنا کہ سکندر کے متعلق نبی وغیر نبی کا اختلاف مختار مدعیہ نے ابن جریر کی طرف منسوب کیا۔محض افتراء اور بہتان ہے۔ میں نے صرف تفاسیر کا ذکر کیا ہے اور مختار مدعا علیہ کے سوال پر تفسیر کبیر کا حوالہ بتایا تھا۔تفسیر کبیر کا اسے بھی مسلم ہے۔ جلالین کا حوالہ پیش کر دیا گیا۔

تفسیر ابن جریر کا حوالہ بتایا ہی نہیں گیا۔ جواب بن نہیں پڑتا۔ اس قسم کے لایعنی اور شرمناک بہتان وافتراء سے عہدہ برآ ری چاہتا ہے۔

## نتائج مختار مدعا علیہ کا جواب

قول مختار مدعا علیہ:

ان مذکورہ بالا آیات سے مندرجہ ذیل امور ثابت ہوئے۔

۱...... وحی انبیاء علیہم السلام سے مختص نہیں۔

۲...... جن طریقوں سے اللہ تعالیٰ انبیاء علیہم السلام سے کلام کرتا ہے۔ انہیں طریقوں سے غیر انبیاؤں اور اولیاؤں وغیرہ کے ساتھ ہم کلام ہوتا ہے۔ جیسا کہ آیت نمبر ایک سے ظاہر ہے۔

۳...... فرشتوں کا نزول بھی غیر انبیاؤں پر ہوتا ہے اور خدا تعالیٰ اپنی بات فرشتوں کے ذریعہ پہنچاتا ہے جیسا کہ آیت ۴،۵،۶ سے ظاہر ہے۔

## جوابات مرتبہ

۱...... بحث وحی نبوت میں ہے اس کا غیر انبیاء پر ہونا ثابت نہ ہوسکا۔

۲...... اس آیت میں جب وحی نبوت مراد ہے تو انبیاء سے مخصوص ہے اور اولیاء کو وحی بمعنی الہام ہوتی ہے۔ یہ اس آیت کے تحت میں اگر داخل مانی جائے تو یہ ہم کلامی بمعنی وحی عام یعنی لغوی ہوگی جس کی یہاں بحث نہیں۔ یہاں صرف وحی نبوت کی تخصیص کا تذکرہ ہے۔ ورنہ شہد کی مکھی کو بھی وحی ہوتی ہے۔''واوحیٰ ربک الی النحل (النحل:۶۸)''پس اس معنی میں انبیاء کے ساتھ کون عقل مند تخصیص کرسکتا ہے۔

۳...... یہ پیغام بھی گو بواسطہ ملائکہ ہو۔ مگر الہام ہے۔ جیسا کہ فتوحات میں مصرح ہے کہ الہام بواسطہ ملک بھی ہوتا ہے۔ تفصیل کے واسطے فتوحات سے باب الہام کا بیان ملاحظہ ہو نیز اصل ابتدائی بحث میں۔

۴...... یہ وحی نہیں بلکہ الہام ہے۔ چنانچہ آیت نمبر۴،۷ میں وحی کا لفظ بھی نہیں۔

۵...... یہاں بھی الہام مراد ہے نہ وحی جیسا کہ مفصل اوپر عرض کر چکا ہوں۔

(۲)

آنحضرت ﷺ کے بعد باب وحی غیر تشریعی مسدود نہیں ہے۔

اس سلسلہ میں مختار مدعا علیہ نے دلائل انسداد وحی ثبوت کے جواب دینے کی لاحاصل سعی کی ہے جس کی حقیقت ابھی ان شاءاللہ آشکار ہوجائے گی۔

قول مختار مدعا علیہ:

’’گواہان ومختاران مدعیہ نے ایک آیت یا حدیث بھی ایسی پیش نہیں کی کہ آنحضرتﷺ کے بعد وحی الٰہی بند ہونا ثابت ہوتا ہو……الخ!‘‘

معلوم ہوتا ہے کہ مختار مدعاعلیہ کے یہ مخصوص الفاظ ہیں جنہیں لامحالہ دہرانا ضروری ہے، خواہ موقعہ ہو یا نہ ہو۔ یہی الفاظ تقریباً شہادت میں تھے جن کا مکمل جواب۔

## دلائل انسداد وحی نبوت بعد خاتم النبیﷺ

کا ہیڈنگ قائم کر کے دے چکا ہوں۔ تفصیلی اعادہ کی ضرورت نہیں۔

پھر بھی مختار مدعاعلیہ کی طرف سے ثبوت کا مطالبہ ہے کہ ثابت ہو۔ جواباً گزارش ہے کہ جب یہ ثابت ہو چکا کہ جس میں شان نبوت باقی ہے۔ اس کی وحی بلاشبہ نبوت ہے۔ (ایام الصلح ص۱۴۶، خزائن ج۱۴ ص۳۹۳) نیز نبی کی وحی، وحی نبوت کہلائے گی۔ (سراج منیر ص۴، خزائن ج۱۲ ص۶) نیز وحی نبوت لوازم نبوت سے ہے۔ (گواہ نمبر۳ ص۵۳)

پس تمام وہ ادلہ جو انقطاع نبوت بعد نبیناﷺ یا ختم نبوت پر پیش کئے گئے وہ سب اس مسئلہ پر واضح دلیل ہیں۔ اسی لئے صرف ایک آیت کے اعادہ پر اکتفاء کی گئی جس پر مرزا صاحب کے متبعین نے یہ مغالطہ دیا کہ کوئی بھی آیت سوائے ایک آیت کے نہیں نہ کوئی حدیث۔ بس سنئے کہ علاوہ آیات کے خاتم النّبیین کے تحت مندرج ہیں۔

۱…… ’’الذین یؤمنون بما انزل الیک وما انزل من قبلک (البقرۃ:۴)‘‘

۲…… ’’اوحی الی ھٰذا القرآن لانذرکم بہ ومن بلغ (الانعام:۱۹)‘‘

۳…… ’’تبارک الذی نزل الفرقان علیٰ عبدہ لیکون للعالمین نذیراً (الفرقان:۱)‘‘

نوٹ: (۱) قرآن میں بعد کے تصریح کی ساتھ وحی مطلق کا بھی کہیں ذکر نہیں۔ (جرح گواہ۲ ص۳۴)

۴…… ’’ولقد اوحی الیک والی الذین من قبلک (الزمر:۶۵)‘‘

۵…… ’’کذلک یوحی الیک والی الذین من قبلک (الشوریٰ:۳)‘‘

۶…… ’’قولوا اٰمنا باللہ وما انزل الینا…… تا…… مسلمون (البقرۃ:۱۳۶)‘‘

۷…… ’’الم تر الی الذین یزعمون…… الی بہ (النساء:۶۰)‘‘

۸…… ’’وما ارسلنا قبلک من المرسلین (الفرقان:۲۰)‘‘

اس کا ترجمہ ومطلب واستدلال وغیرہ بیانات گواہان مدعیہ اور بحث مختار مدعیہ سے ملاحظہ ہو۔ پھر مختار مدعاعلیہ کا یہ کہنا کہ کوئی بھی آیت سوائے ایک آیت کے پیش نہ کی، محض مغالطہ ہے اس قدر آیات بینات شاہد ہیں۔ البتہ ہر ہیڈنگ کے نیچے مفصل مکرر نقل نہیں کی گئی، اکثر جگہ حوالوں پر اکتفاء کیا گیا ہے۔

نمونہ ملاحظہ ہو۔ (احادیث مفصل (۲۵) بلکہ دعویٰ امور حوالہ ۲۰۰ سے زائد کا)

۱…… ’’عن عائشۃؓ عن النبیﷺ قال لایبقی بعدہٗ من النبوت شیٌٔ الا المبشرات۔ قالوا یا رسول اللہ مالمبشرات قال الرؤیا الصالحۃ یراھا المسلم اوتری لہ‘‘ (کنزالعمال گواہ نمبر۳ ص۴۰)

۲…… ’’عن عمران اناساً کانوا یواخذون بالوحی فی عہد رسول اللہﷺ وان الوحی قد انقطع‘‘ (بخاری ج۱ ص۲۶۰)

۳...... ’’عن عمر لما قبض رسول اللہ ﷺ وارتدت العرب وقالو لا نؤدی زکوٰۃ وقال ابوبکر لو منعونی عقالاً لجاھدتھم علیہ وقلت یا خلیفۃ المسلمین...... وقال اجبار فی الجاھلیۃ وخوار فی الاسلام انہ انقطع الوحی وتم الدین اینقص وانا حی‘‘ (مشکوٰۃ مناقب ابی بکرؓ ص۵۴۸ جرح گواہ نمبر۱ص۴۶، نمبر۴ص۵۱)

۴...... ’’عن انس بن مالک قال ﷺ ان الرسالۃ والنبوۃ قد انقطعت ولا رسول بعدی ولا نبی. قال شق ذالک علی الناس وقال ولکن المبشرات قالوا یا رسول اللہ وما المبشرات قال رؤیا الرجل المسلم وھو جزء من اجزاء النبوۃ...... الخ!‘‘ (جرح گواہ نمبر۱ص۵، ابن کثیر ج۸ص۸۹،۹۰)

مفصل ترجمہ ومطلب بیانات اور بحث ابتداء میں ملاحظہ ہو۔ مختصر یہ کہ اس میں مندرجہ ذیل امور مصرح موجود ہیں۔

۱...... نبوت کے لوازم وآثار واجزاء سے سوائے رویاء صالحہ کچھ بھی بعد نبی کریم ﷺ باقی نہیں۔

۲...... ’’ان الوحی قد انقطع‘‘ وحی نبوت یقیناً منقطع ہوچکی۔

۳...... ’’انہ انقطع الوحی‘‘ یقیناً معاملہ یہ ہے کہ وحی منقطع ہوچکی۔

۴...... کوئی بھی نبوت ورسالت کا جزو سوائے مبشرات رویاء صالحہ باقی نہیں (نہ وحی نہ کچھ اور)۔

## اقوال سلف صالحین ومسلم بزرگان دین

گواہ مدعا علیہ نمبر۱ ومختار مدعا علیہ کے مسلم بزرگ شیخ ابن عربی کی تصریح ’’واعلم ان لنا من اللہ تعالیٰ الالھام لاالوحی فان سبیل الوحی قد انقطع بموت رسول اللہ ﷺ۔ (فتوحات ج۳ص۳۱۶باب۳۵۳)

(ترجمہ) جان لو ہمارے واسطے اللہ کی جانب سے صرف الہام ہوسکتا ہے، وحی ہرگز نہیں ہوسکتی۔ کیونکہ وحی کا سلسلہ نبی کریم ﷺ کی وفات سے بالکل منقطع ومسدود ہوچکا۔

نیز مسلمہ گواہان مدعا علیہ ومختار مدعا علیہ

۲...... (علم الکتاب ص۱۱، حضرت خواجہ میردرد) اقسام وحی کہ آں نیز مثل الہام دو قسم است۔ یکے وحی عام کہ اصلاً ہیچ تخصیص ندارد و یکے وحی خاص کہ مخصوص بانبیاء است وبیان اقسام نہج اصول آں ومنقطع شدن کارخانہ وحی بعد خاتم الانبیاء ومن بعد عدم جواز اطلاق لفظ وحی بمعنی عامش نیز۔ (جرح گواہ نمبر۱، مؤرخہ ۱۱؍مارچ ۱۹۳۳ء)

۳...... ’’من اعتقد وحیا بعد محمد ﷺ فقد کفر باجماع المسلمین‘‘ (فتاویٰ حدیثیہ علامہ ابن حجر مکی گواہ نمبر۱ص۲۰)

۴...... ’’وکذالک من ادعیٰ لھم انہ یوحیٰ الیہ وان لم یدعی النبوۃ فھؤلآء کلھم کفار یکذبون النبی ﷺ‘‘ (شفاء ج۲ص۲۷۰،۲۷۱، گواہ نمبر۲ص۶۹)

۵...... وبحوالہ مذکورہ (نسیم الریاض ج۲ص۵۰۲)

۶...... شرح شفاء ص۵۱۹،۵۲۰، گواہ نمبر۳ص۴۶

غرض یہ کہ صرف دعویٰ وحی نبوت ہی چونکہ مستلزم نبوت ہے اس لئے اسے بھی کفر اور تکذیب نبی کریم ﷺ قرار دیا گیا۔ گو دعویٰ نبوت نہ ہو، جیسا کہ اوپر بحوالہ شفاء وشرح شفاء ملا علی قاری ونسیم الریاض وغیرہا سے عبارات نقل کی گئی ہیں۔

زیادہ تفصیل بیانات گواہان مدعیہ نمبر الف ونمبر۲ ونمبر۳ ملاحظہ ہو۔

اتنے مفصل دلائل کے بعد یہ کہنا کہ کوئی آیت اور حدیث پیش نہ کی گئی، محض بددیانتی ہے۔

مختارمدعاعلیہ نے بحث کی پیش کردہ آیات کا کوئی مکمل جواب ہی نہ دیا صرف یہ کہہ کرٹالنا چاہا ہے کہ وحی کا ذکر نہ ہونا اور بات ہے اور مسدود ہونا اور۔ حالانکہ میں نے مفصل عرض کیا تھا کہ یہاں صرف عدم ذکر نہیں، بلکہ باوجود اقتضاء مقام کے اس کا ترک ہے جو صراحتاً انسداد وحی پر بھی دال ہے۔ ورنہ ذکر قصداً ترک نہ کیا جاتا۔

صرف ایک آیت کا بے ربط جواب دیا ہے۔ گویا بحث کی پیش کردہ کل آیات سوائے ایک کے بالکل لاجواب ہیں اور احادیث واقوال سلف کل لاجواب ہیں۔

البتہ تین آیات گواہ نمبرب کے بیان سے لے کر کچھ غیرمتعلق جواب کی لاحاصل سعی کی ہے۔ ان آیات کا جواب گونا قابل التفات ہے۔ تاہم ہماری جانب سے مختارمدعاعلیہ کا مغالطہ آشکار کرنے کے واسطے مفصل چاروں آیتوں کا جواب الجواب پیش ہے۔

۱...... پہلی آیت: ’’والذین یؤمنون بما انزل الیک وما انزل من قبلک (البقرۃ:۴)‘‘

خلاصہ تاویلات مختارمدعاعلیہ

جواب کیا ہوسکتا تھا جواب کا نام رکھ کرتاویلیں کی ہیں۔

۱...... عدم ذکر عدم شئ کو مستلزم نہیں، پس یہ لازم نہ آیا کہ آپ ﷺ کے بعد وحی نازل ہونے والی نہیں۔

۲...... اس آیت میں وحی تشریعی کا ذکر ہے اور وحی تشریعی تو نہیں آسکتی۔ لیکن غیرتشریعی آسکتی ہے۔ جیسا کہ (یواقیت ج۲ص۹۴) پر ہے: ’’انه لم یجیٔ لنا خبر الٰهی ان بعد رسول اللہ ﷺ وحی تشریعی ابدا انما لنا وحی الهام قال اللہ تعالیٰ ولقد اوحی الیک‘‘

۳...... مسیح موعود پر وحی ہوگی لہٰذا اس آیت سے وحی بند کیوں کر ہوسکتی ہے۔

۴...... اگر مطلق وحی مراد ہو تو بالآخرۃ سے آنحضرت ﷺ کے بعد آنے والی وحی جو آپ کے بعد آنے والی نبوت یا رسالت کو مستلزم ہے مراد ہوگی۔ اس سے اسلوب بدل کر بالآخرۃ فرمایا...... الخ!

الجواب:

۱...... یہاں عدم ذکر نہیں بلکہ فہرست ایمانیات سے بالقصد خارج کرنا ہے جو صریح دلیل ہے کہ آپ کے بعد کوئی وحی نبوت نہیں ہوسکتی جس پر ایمان لانا ضروری ہو۔ ورنہ اسے فہرست ایمانی کا سلسلہ میں ترک نہ کیا جاتا۔ مقام ذکر میں بالقصد ترک اور عدم ذکر میں فرق ہے ترک میں نفی صراحتاً ہے اور عدم ذکر میں حکم مسکوت عنہ رہتا ہے۔

۲...... اس آیت میں صرف وحی نبوت کا ذکر ہے۔ کیونکہ ’’من قبلک‘‘ سے انبیاء مراد ہیں اور انبیاء پر وحی بتصریح مرزاصاحب وحی نبوت ہوتی ہے۔ اگر وحی تشریعی مراد لی جائے تو ’’ما انزل من قبلک‘‘ کا عموم باطل ہوجائے گا۔ نیز جو انبیاء ماسبق صاحب شریعت نہ تھے۔ ان کی وحی خارج ہوجائے گی۔ حالانکہ یہ غلط ہے۔ پس وحی نبوت خواہ تشریعی ہو یا غیرتشریعی آنحضرت ﷺ کے بعد بند ہے۔ جو کچھ باقی ہے، وہ صرف الہام یا وحی مجازی۔ یہی تصریح یواقیت کے حوالہ میں پائی جاتی ہے۔ کیونکہ وہ فرماتے ہیں کہ اصطلاح شرع کی وحی تو رسول اللہ ﷺ کے بعد بالکل بند ہے۔ صرف ہمارے لئے الہام ہے اور پھر اس کو ایک قرآنی آیت سے ثابت کیا ہے۔ یہ حوالہ تو ہماری تائید ہے نہ مختارمدعاعلیہ کی۔ اس میں لفظ تشریعی سے مغالطہ دیا گیا ہے۔ حالانکہ اس کے مقابل باقی رہنے والی چیز صرف الہام ہے، جو مجازاً وحی کہلا سکتی ہے اور شیخ کی یہ مقررشدہ مشہور اصطلاح ہے کہ وہ الہام کے مقابل وحی تشریعی سے وحی نبوت مراد لیتے ہیں کہ وحی نبوت مسدود ہے۔ صرف الہام باقی ہے اور یہی ہمارا مدعا ہے۔ فتوحات ہی میں اس کی تصریح فرمادی ہے کہ:

’’اعلم ان لنا من اللّٰه الهام لا الوحی فان سبیل الوحی قد انقطع بموت رسول اللّٰہ ﷺ‘‘

(فتوحات ج۳ باب ۳۵۳ ص ۳۱۶)

کہ اچھی طرح سمجھ لو کہ ہم لوگوں کے واسطے صرف ایک الہام باقی ہے نہ کہ وحی۔ کیونکہ وحی کا سلسلہ آنحضرت ﷺ کے پردہ فرمانے سے بالکل یقیناً منقطع ومسدود ہوچکا۔

۳…… مسیح موعود پر بھی الہام ہوگا نہ کہ وحی اور جہاں کہیں وحی کا لفظ آیا ہے وہاں الہام ہی مراد ہے۔ جیسا کہ شروح مسلم میں مصرح موجود ہے اور مختار مدعاعلیہ کے مسلّم بزرگ علامہ عبدالوہاب شعرانی اور امام محی الدین ابن عربی یواقیت وفتوحات میں نزول کے بیان میں تصریح فرمارہے ہیں۔

۴…… ’’وبالآخرۃ هم یوقنون‘‘ سے آخری وحی مراد لینا محض جہالت کا ثبوت دینا ہے۔ تیرہ سو سال میں آج تک کسی کا وہم گمان بھی نہ گیا کہ اس سے مرزاصاحب کی وحی آخری مراد ہے۔ خود نبی کریم ﷺ صحابہ کرامؓ، تابعین عظام، تمام مفسرین صالحین آخرۃ سے قیامت کا دن مراد لے رہے ہیں۔ مگر مرزاصاحب کی امت اس سے مرزاصاحب کی وحی مراد لیتی ہے:

بسوخت عقل زحیرت کہ ایں چہ بوالعجبیت

یہ کھلی ہوئی تحریف قرآن پاک ہے باقی تفصیل اصل ابتدائی بحث میں پیش کرچکا ہوں، عدالت خود ملاحظہ فرمائے۔

دوسری آیت: ’’قولوا اٰمنا باللّٰه وما انزل الینا وما انزل الی ابراهیم واسماعیل واسحاق ویعقوب والاسباط وما اوتی موسیٰ وعیسیٰ وما اوتی النّبیون من ربهم لا نفرق بین احد منهم ونحن له مسلمون (البقرۃ:۱۳۶)‘‘

خلاصہ استدلال گواہ مدعیہ۔ مفصل تمام انبیاء سابقین کی وحی پر ایمان لانے کا ذکر فرمایا اور بعد آنحضرت ﷺ کی وحی کو باوجود مقام ذکر ہونے کے ترک کردیا، جو تصریح اس امر کی ہے کہ آپ کے بعد کوئی وحی نبوت نہیں ہوسکتی جس پر ایمان لانا ضروری ہو۔ ورنہ فہرست ایمانیات سے وہ خارج نہ کی جاتی۔ بلکہ وحی نبوت کا سلسلہ ہی بند ہے۔

اس کا مختار مدعاعلیہ سے کچھ جواب نہ ہوسکا۔ صرف یہ کہہ دیا کہ جو پہلا جواب ہے وہی اس کا جواب ہے۔ لہٰذا میں بھی یہی گزارش کرتا ہوں کہ پہلی آیت کے سلسلہ میں جو تاویلات رکیکہ کا جواب الجواب پیش ہوچکا، وہی یہاں بھی کافی ہے۔

تیسری آیت: ’’الم تر الی الذین یزعمون انهم اٰمنوا بما انزل الیک وما انزل من قبلک (النساء:۶۰)‘‘

خلاصہ جواب: پہلا ہی جواب دہرا کے یہ کہہ دیا کہ مسیح موعود کی وحی چونکہ قرآن اور حدیث کے موافق ہے۔ لہٰذا ’’ما انزل من قبلک…… الخ!‘‘ میں شمار ہوگی۔

الجواب: یہ جواب قابل غور ہے تو ’’ما انزل الیک وما انزل من قبلک‘‘ فرمایا کہ جو آپ پر اور آپ کے پہلے نازل ہوچکا ہے اور مختار مدعاعلیہ بعد کا نازل شدہ بھی اس میں شامل کررہا ہے۔ گویا ان کے نزدیک خدا نے ’’ما انزل الیک وما انزل من قبلک‘‘ کا لفظ محض عبث اور بیکار ومہمل (عیاذاً باللہ) استعمال کیا۔ مرزاصاحب کے متبعین مرزاصاحب کی تائید میں قرآن پاک اور سرکار دوعالم ﷺ پر بے باکی سے حملہ کرنے میں تأمل نہیں کرتے۔ یہ جواب تو اس قدر مہمل ہے کہ قابل التفات ہی نہیں۔ مفصل جواب آیت نمبر۱ کے جواب الجواب اور اصل بحث سے ملاحظہ ہو۔

## حضرت مولانا گنگوہی پر بہتان

’’یہ بات بڑی دلچسپی سے دیکھے جانے کے قابل ہے کہ مختاران مدعیہ مرزاصاحب کی وحی کو بھی منزل من اللہ ماننے کو تیار نہیں اور

ان کے خاتم المحدثین مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی مجتہدین کے اجتہادات کو بھی منزل من اللہ تعالیٰ قرار دیتے ہیں۔''

میں عدالت کی توجہ مختار مدعاعلیہ کے اس صریح بہتان کی طرف دلاتا ہوں اور بجائے کسی جواب کے مختار مدعاعلیہ کی پیش کردہ عبارت نقل کئے دیتا ہوں۔

استنباط مجتہدین بھی منزل من اللہ تعالیٰ ہیں۔ کیونکہ جو کچھ اشارات ودلالات نصوص سے مستخرج ہیں وہ عین حکم نص کا ہوتا ہے۔ (سبیل الرشاد ص۳۶) ملاحظہ فرمائیں، کتنی صاحب تصریح ہے کہ چونکہ مجتہد نے اسی آیت سے جو منزل من اللہ ہے یہ حکم اشارۃً یا دلالۃً نکالا ہے۔ لہٰذا یہ حکم بھی اسی آیت کا ہے، نہ اس کا تراشیدہ اور طبع زاد اور کہاں یہ پاکیزہ حکم کہاں مرزاصاحب کی وحی نبوت اور اس کا جواب اور منزل من اللہ ہونا جس کا دروازہ بنص قطعی بند ہوچکا۔ جو دعویٰ کرے کافر ہوجائے۔ استنباطات واجتہادات مجتہدین بتصریح قرآن اور حدیث باقی ہیں۔ پس یہ مختار مدعاعلیہ کا افتراء اور محض مغالطہ ہے۔

چوتھی آیت: ''وما ارسلنا قبلک من المرسلین (الفرقان:۲۰)''

اس آیت کا جواب تو کچھ بن نہ آیا۔ عموم ترک کر کے شان نزول سے فائدہ اٹھانا چاہا۔ حالانکہ یہی جواب ''ما کان لبشر ان یکلمہ اللہ'' کا جب ہماری طرف سے دیا گیا تھا تو اس پر اعتراض تھا کہ اس کا عموم باطل ہورہا ہے۔ یہی جواب ہم بھی پیش کرتے ہیں۔ اعتبار عموم الفاظ کا ہے نہ خصوصی مورد کا۔ بس یہ جواب بھی غیر متعلق ہے اور ہمارے استدلال کو مجروح نہیں کرتا۔ اصل استدلال شہادت گواہ نمبر ب میں ملاحظہ ہو۔

پس یہ تمام آیات یقیناً قطعی طور پر اس امر پر دلالت کرتی ہیں کہ آنحضرت ﷺ کے بعد کوئی بھی وحی تشریعی نہیں آئی ہے بلکہ کارخانہ وحی بعد آنحضرت ﷺ منقطع ومسدود ہے۔ جیسا کہ انہیں اور ان جیسی آیات سے بھی مطلب بزرگان دین نے استنباط کیا ہے، میں تائید میں صرف دو حوالہ گواہ اور مختار مدعاعلیہ کے مسلم پیش کرتا ہوں۔

۱...... (علم الکتب میر درد دہلوی ص۱۱)

''اقسام وحی کہ آن نیز مثل الہام دو قسم است یکے وحی عام کہ ہیچ اصلاً تخصیص ندارد و یکے وحی خاص کہ مخصوص بانبیاء است وبیان اقسام نہج اصول آں و منقطع شدن کارخانہ وحی بعد خاتم الانبیاء ومن بعد عدم جواز اطلاق لفظ وحی بمعنی عامش نیز۔'' (مسلم گواہ نمبر۱ونمبر۲)

پس بصراحت انقطاع وحی نبوت ثابت ہوگیا بلکہ یہ بھی کہ باوجود کہ وحی یعنی الہام ہوسکتی ہے۔ مگر پھر بھی آنحضرت ﷺ کے بعد لفظ وحی کا استعمال بھی کسی کے واسطے جائز نہیں۔

یہ وجہ تکفیر ایسے دلائل قطعیہ سے ثابت ہے جس کا جواب تاقیامت ناممکن ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ!

## دلائل بقاء وحی غیرتشریع از روئے قرآن شریف

مختار مدعاعلیہ نے اس سلسلہ میں مکرر وہی آیات مع اسی طرز استدلال کے نقل کردی ہیں جو اس نے شہادت میں پیش کی تھیں۔ صرف ترتیب کو بدلا ہے۔ حالانکہ ان کا نہایت مکمل اور مفصل جواب ابتدائی بحث میں دیا جاچکا ہے جس کی طرف ناتمام سا اشارہ کہیں کہیں خود کرتا ہے۔ میں صرف اشارہ کے طور پر اس کی پیش کردہ آیات پر معمولی سا تبصرہ کر کے تفصیل ابتدائی بحث کے حوالہ پر چھوڑتا ہوں۔

آیت اوّل: ''رفیع الدرجات ذوالعرش یلقی الروح من امرہ علی من یشآء من عبادہ لینذر یوم التلاق (المؤمن:۱۵)''

خلاصہ استدلال: اللہ تعالیٰ کا رفیع الدرجات ذوالعرش ہونا اور اس کے مبذول کا پایا جانا۔ نیز ضرورت انداز نزول وحی کی علت ہیں۔ پس

جب کہ یہ تینوں باتیں بعد نبی کریم ﷺ بھی موجود ہیں تو نزول وحی کے مسدود ہونے کے کیا معنی۔

روح سے صحیح یہ ہے کہ وحی مراد ہوگی، جیسا کہ جلالین اور تفسیر کبیر میں ہے۔

الجواب:

۱...... یہ آیت بالکل اس مسئلہ سے غیر متعلق ہے کہ وحی غیر تشریعی باقی ہے۔ کیونکہ یہ آیت تو آنحضرت ﷺ کے متعلق اتری ہے اور آپ پر وحی تشریعی ہوتی تھی۔ پس اس لئے وحی غیر تشریعی مراد لینا محض لغو ہے۔

۲...... بیان نزول وحی کی علت نہیں بیان کی جاتی ہے، بلکہ ''علیٰ من یشآء من عبادہ '' کی علت پیش کی گئی ہے۔ کیونکہ کفار مکہ کے ذہن میں نبوت کا معیار کثرت مال اور دنیوی جاہ وجلال تھا اور کہا کرتے تھے کہ:''اانزل علیہ الذکر من بیننا'' (کیا ہم سب میں سے اس پر وحی اور کتاب اتاری گئی) یعنی یہ شخص کیوں مستحق وحی ونبوت ہوگیا۔ ہم سب باوجود وجاہت وعزت ظاہری ومال ومنال کے کیوں محروم رہے۔ خدا نے جواب دیا کہ یہ چیزیں صرف ہماری نظر انتخاب پر ہیں، جسے چاہیں نوازدیں۔ تمہارے خودساختہ معیار نا قابل التفات ہیں، کیونکہ یہ چیز کسبی نہیں بلکہ وہبی ہے۔ جابجا قرآن پاک میں اس کی تصریح موجود ہے۔''واللہ یختص برحمتہ من یشآء ''اللہ جسے چاہتا ہے اپنی رحمت سے مختص کرتا ہے۔''اللہ یعلم حیث یجعل رسالتہ'' خدا جانتا ہے کہ کسے رسول بنانا چاہئے کوئی اس کا معیار نصاب نہیں یہ صرف وہبی شئے ہے:

ایں سعادت بزور بازو نیست گر نہ بخشد خدائے بخشندہ

وہبی ہونا گواہان مدعاعلیہ اور خود مرزاصاحب کو بھی مسلم ہے۔

غرض یہ کہ یہاں صرف یلقی الروح۔ نزول کا مطلقاً ذکر نہیں، بلکہ اس کے ساتھ لفظ ''علیٰ من یشآء من عبادہ '' کا بھی ہے کہ نزول وحی کے واسطے اپنے جس بندہ کو چاہتا ہے، منتخب کرتا ہے۔ نبی بنانا اور مہبط وحی ٹھہرانا، اس کی نظر انتخاب پر موقوف ہے نہ کسی کسب پر۔ مختار مدعاعلیہ نے امور ثلاثہ صرف نزول وحی کی علت قرار دے کر عدالت کو مغالطہ دیا ہے۔ مگر دراصل یہ علت نظر انتخاب کی ہے نہ نزول وحی کی۔ جب کہ خود اس آیت اور دوسری آیات نیز تفاسیر میں مصرح موجود ہے۔ مفصل جواب کے لئے اصل بحث ملاحظہ ہو۔ اس کا جواب مختار مدعاعلیہ سے کچھ نہ بن سکا۔ صرف یہ کہہ کر ٹال دیا کہ اللہ تعالیٰ کی یہ صفت انتخاب جس طرح پہلے موجود ہے، اب بھی موجود ہے۔ جیسا کہ یلقی الروح کے مضارع سے معلوم ہوتا ہے جو استمرار تجددی پر دلالت کرتا ہے۔

الجواب: یہ محض مغالطہ ہے ورنہ یہی دلیل کوئی آدمی نزول قرآن وشریعت کے متعلق قائم کرے گا۔ یہ صفت قرآن اور شریعت یا مستقل نبی بھیجنے کی جس طرح اللہ میں پہلے موجود تھی، اب بھی موجود ہے اور جابجا ان سے اسم فاعل یا مضارع سے تعبیر کیا ہے، جو استمرار تجددی پر دلالت کرتا ہے۔ لہٰذا وحی تشریعی قرآن تشریعی نبی برابر قیامت تک آتے رہیں گے۔ حالانکہ یہ مختار مدعاعلیہ اور خود مرزا کو بھی مسلم نہیں اور یہی کہتے ہیں کہ شریعت کامل ہوچکی۔ قرآن کامل کتاب ہے۔ لہٰذا کسی شریعت اور کتاب کی ضرورت نہیں۔ ہمارا بھی یہی جواب ہے کہ وحی بھی کامل ہو چکی۔ اب کسی وحی کی ضرورت نہیں۔ قرآن اللہ کی آخری وحی ہے۔ اس کے بعد کوئی بھی وحی نہیں، بلکہ جو ہوگا الہام ہوگا۔ خواہ لفظ وحی استعمال ہو جس کے ثبوت میں، میں اس سے پہلے ہیڈنگ میں متعدد آیات اور صریح احادیث نیز مرزاصاحب کی تصریحات پیش کر آیا ہوں۔

نیز مختار مدعاعلیہ اور گواہ مدعاعلیہ کے بھی دو مسلم پیشواء حضرت میر درد دہلوی اور شیخ ابن عربی کی تصریح پیش کر دی ہے۔ ثانی الذکر امام کی تصریح مکرر پیش کرتا ہوں کہ:''اعلم ان لنا من اللہ الھام دون الوحی ان سبیل الوحی قد انقطع بموت رسول اللہ ﷺ'' (فتوحات ج۳، باب۳۵۳ص۳۱۶)

کہ خوب سمجھ لو ہمارے لئے خدا کی جانب سے صرف الہام ہے وحی نہیں ہوسکتی۔ کیونکہ وحی کا راستہ یقیناً بعد وصال آنحضرت ﷺ بالکل بند ہوچکا۔

اور میر درد کارخانہ وحی بند فرماتے ہیں۔ اس تصریح کے بعد مختار مدعا علیہ کا (فتوحات ج۲ ص۴۱۷) سے اس آیت کے متعلق ایک حوالہ نقل کرنا محض مغالطہ ہے۔ وہاں تو حضرت شیخ رحمۃ اللہ تعالیٰ وحی کی ایک غرض بشیر ونذیر ہونا بیان فرماتے ہیں اور مبشرات کا سلسلہ آثار نبوت سے باقی ہے، جو بصورت الہام یا رؤیاء صالحہ کے ہوتا رہتا ہے۔ وحی اور نبوت مطلقاً مسدود ہے۔ چنانچہ اسی (فتوحات ج۲ ص۳۱) پر تصریح موجود ہے: ''فان المبشرات ھی التی ابقی اللہ لنا من آثار النبوت التی سد بابھا وانقطع اسبابھا'' یعنی اللہ نے صرف مبشرات (رؤیاء صالحہ یا الہام) آثار نبوت سے ہمارے واسطے باقی رکھا ہے۔ باقی نبوت کا دروازہ اور اس کے تمام اسباب مسدود ومنقطع ہوچکے ہیں۔ یہی تصریح (ج۲ ص۶۹، ۱۰۵، ۲۴، ۳۰۹، ۳۵۹، ۳۳۳، ۴۹۴، ۷۸۶، باب ۷۳، ۴۶، ۸۸) وغیرہ میں کافی سے زائد موجود ہے یہ صرف مختار مدعا علیہ کی قطع وبرید ہے۔ اس میں لفظ تشریع اور شرع وغیرہ سے مغالطہ دینا چاہا ہے۔ حالانکہ اصل بحث میں، میں اس اصطلاح کے متعلق اسی فتوحات سے پیش کرچکا ہوں کہ جو نبی ورسول ہوتا ہے وہ مشرع اور صاحب شریعت ضرور ہوتا ہے اور وحی انبیاء کے ساتھ مختص ہے جس کا انسداد ہوچکا۔ اولیاء کے واسطے صرف الہام ہے نہ وحی۔ یہ حوالہ گواہ نمبر۱، مؤرخہ ۸؍مارچ گواہ نمبر۲، مؤرخہ ۲۹؍مارچ ۱۹۳۳ء میں بجواب جرح تسلیم کرچکا ہے۔

نیز شیخ کی آخری تصنیف فصوص الحکم سے ۲۷؍مارچ ۱۹۳۳ء کی جرح میں گواہ نمبر۲ تسلیم کرچکا ہے کہ آنحضرت ﷺ کے بعد کوئی نبی مشرع یا مشرع لہ یعنی صاحب شریعت یا تابع شریعت متقدم نہیں بنایا جاسکتا۔ عیسیٰ علیہ السلام نئے نبی نہ بنائے جائیں گے، بلکہ ان کا دعویٰ آپ ﷺ سے پہلے ہوچکا ہے۔ اس امت میں بحیثیت امتی اور مجدد نزول فرمائیں گے۔ جیسا کہ آگے آئے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ!

دوسری آیت: ''ینزل الملئکۃ بالروح علیٰ من یشآء من عبادہ (النحل:۲)''

اس کا وہی استدلال اور وہی جواب ہے اس کے ترجمہ میں بھیجتا ہے اور بھیجا کرے گا۔ مختار مدعا علیہ کی تحریف ہے، مضارع دراصل حالاً استقبال کے لئے آتا ہے۔ استمرار تجددی کبھی مجازی طور پر قرینہ صارفہ کی موجودگی میں لئے جاتے ہیں اور یہاں کوئی بھی قرینہ حقیقی معنی سے روکنے والا نہیں، بلکہ اس مجازی معنی کے روکنے کے لئے وہ تمام آیات واحادیث موجود ہیں جو میں پہلے سلسلہ ختم نبوت ووحی نبوت میں پیش کرچکا۔

بہرحال ان دنوں آیات سے آنحضرت ﷺ کے بعد وحی غیر تشریعی کا سلسلہ ثابت نہیں ہوسکتا جو بصراحت قرآن وحدیث بند ہوچکا۔ جو کچھ باقی ہے وہ صرف الہام یا وحی لغوی ومجازی ہے اور یہ آیتیں چونکہ آنحضرت ﷺ پر نازل ہوئیں اور نبوت وحی تشریعی سے متعلق ہیں۔ پس اگر اس سے نزول وحی کا استمرار بقول مختار مدعا علیہ لیا جائے تو وحی تشریعی بھی بند نہ ہوسکے گی۔ حالانکہ اس کا وہ بھی قائل نہیں۔

تیسری آیت: ''اذا سئلک عبادی عنی فانی قریب اجیب دعوۃ الداع اذا دعان (البقرۃ:۱۸۶)''

وہی شہادت والا استدلال مکرر دہرایا ہے۔

__الجواب:__ اس بناء پر تو خدا کی ہم کلامی ہر کافر سے بھی ثابت ہوجائے گی۔ یہاں تو صحابہ کرام کے اس سوال کا جواب ہے کہ خدا قریب ہے، جسے ہم چپکے سے پکارا کریں یا بعید ہے کہ بلند آواز سے پکارنے کی حاجت ہے۔ جواب یہ مرحمت ہوتا ہے کہ میں قریب ہوں دعاء کرنے والے کی دعاء قبول کرتا ہوں یا پکارنے والے کی پکار کا جواب دیتا ہوں، جب جو پکارتا یا دعا کرتا ہے۔

اور پکارنے والی کی پکار کے جواب کا مطلب بھی قبولیت ہی ہے۔ جیسا کہ تمام تفاسیر میں مصرح ہے۔ یہاں وحی غیر تشریعی کے

بقاء کا تذکرہ بھی نہیں اور اگر مختار مدعاعلیہ کے مسلک پر لیا جائے تو بھی مدعا ثابت نہیں ہوسکتا۔ کیونکہ خدا کا بندے کی پکار کا جواب دینا بصورت الہام بھی ہوتا ہے اور بصورت وحی بھی۔ جب کہ اوپر دلائل قاطعہ سے ثابت ہو چکا ہے کہ وحی بعد آنحضرت ﷺ منقطع ہو چکی، صرف الہام باقی ہے۔ تو اب جواب بھی بصورت الہام نہ وحی۔ لہٰذا اصل مدعا اس سے بھی ثابت نہ ہوسکا۔ مفصل ابتدائی بحث میں ملاحظہ ہو۔ اس ہمارے جواب کے لئے مختار مدعاعلیہ نے لا حاصل اور ناقابل التفات سعی کی ہے اور باوجودیکہ مطلب بگاڑ کر نقل کیا ہے۔ پھر بھی جواب نہ ہوسکا۔ عدالت خود مقابلہ کر لے۔

خواہ دعا قبول کرنے کے معنی ہوں، جیسا کہ عام مفسرین کا خیال ہے یا جواب دینے کے۔ جیسا کہ بعض کا بقاء، وحی غیر تشریعی کا ثبوت نہیں نکلتا۔ جب کہ اس کا بھی انسداد دلائل قطعیہ سے ثابت ہو چکا اور جواب کے لئے الہام کافی ہے، وحی کی ضرورت نہیں۔ جیسا کہ مختار مدعاعلیہ کے مسلم بزرگ شیخ محی الدین ابن عربی کی تصریحات پیش کر چکا ہوں۔ مختار مدعاعلیہ کا صرف ایک شق یعنی اجیب کے معنی دعا قبول کرنے کے لئے ہیں۔ لیکن اس پر عقل اٹکل سے بلا کسی سند کے احتمال قائم کرنا میرے مدلل بحث کے جواب کے لئے محض ناکافی اور ناقابل التفات ہے۔

نیز میں نے یہ بھی پیش کیا تھا کہ آج تک تیرہ سو سال میں کسی نے اس سے بقاء وحی کا استدلال کیا ہے؟ تو پیش کرے جس کے پیش کرنے سے عاجز رہا اور استدلال گویا لا جواب تسلیم کر لیا۔

چوتھی آیت: ’’ان الذین قالوا ربنا اللہ ثم استقاموا (حمٓ السجدۃ: ۳۰)‘‘

یہاں بھی جواب کی دو شقیں تھیں، ایک یہ کہ اس سے مراد نزول ملائکہ عندالموت ہے۔ جیسا کہ بعض مفسرین کی رائے ہے یا نزول ملائکہ مطلقاً ہے۔ جیسا بعض فرماتے ہیں: دونوں صورتوں میں بقاء وحی پر اس سے استدلال صحیح نہیں ہوسکتا۔ کیونکہ بحث تو وحی نبوت کے بقاء کے متعلق ہے۔ وحی مجازی یا وحی الہام کے بقاء کے تو ہم بھی منکر نہیں اور وحی نبوت کا انسداد خود مرزا صاحب کو بھی مسلم ہے۔ جیسا کہ گزر چکا۔

باقی یہ امر کہ الہام یا وحی مجازی وغیرہ میں نزول ملک بھی ہوتا ہے۔ اس کا جواب اصل بحث میں مختار مدعاعلیہ اور گواہ مدعاعلیہ کے مسلم بزرگ کے الفاظ میں دے چکا ہوں کہ کبھی الہام ملک الہام کے ذریعہ سے ہوتا ہے، کیونکہ تمام کارخانہ کائنات ملائکہ کے نظام سے وابستہ ہے۔ البتہ نزول وحی نبوت یا فرشتہ وحی کسی ایک دلیل سے بھی ثابت نہیں۔ مختار مدعاعلیہ نے بجائے کسی جواب کے عاجز آ کر صرف یہ کہہ دیا کہ مختار مدعاعلیہ کا یہ کہنا کہ مختار مدعیہ کا یہ قول کہ ایسا موت کے وقت ہوتا ہے، ناقابل التفات ہے۔ حالانکہ نہ صرف اس آیت بلکہ متعدد آیات میں موت کے وقت نزول ملائکہ کا تذکرہ موجود ہے اور ہم کلامی بھی۔ ’’الم تکن ارض اللہ واسعۃ‘‘ اور اس آیت کے متعلق مفسرین نے یہ تصریح بھی فرمادی ہے۔ بہرحال اصل بحث کا جواب کجا اس شق کا بھی یہی جواب دیا کہ ناقابل التفات ہے اور دلیل کچھ نہ پیش کر سکے جس سے عدالت استدلال کی کمزوری خیال فرماسکتی ہے۔

پانچویں آیت: ’’قل ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی (آل عمران: ۳۱)‘‘

خلاصہ استدلال: اصل غرض تخلیق محبت الٰہی ہے اور بندہ اور خالق میں محبت وتعشق کا رشتہ ہونا چاہئے۔ وہ یا گفتار سے ہوگا یا دیدار سے۔ دیدار سے اس عالم میں ناممکن ہے۔ کیونکہ اس کی ذات وراء الوراء ہے۔ پس اگر وحی کا سلسلہ آنحضرت ﷺ کے بعد مانا جائے تو گفتار بھی نہ رہی۔ پس محبت کیوں کر ہوسکتی ہے۔

الجواب:

۱...... یہ بقاء وحی کا ایسا اچھوتا اور عجیب وغریب استدلال ہے جو ساڑھے تیرہ سو سال میں آنحضرت ﷺ سے لے کر سوائے مرزا

صاحب کسی پر منکشف نہ ہوا۔
۲...... اور زیادہ تعجب اس پر ہے کہ اپنی حالت پر خدا کو قیاس کیا گیا ہے۔ کیونکہ مخلوق کی محبت کا اظہار گفتگو اور دیدار کی شکل میں ہوتا ہے۔اسی پر قیاس کر کے خدا کی محبت کو بھی گفتار و دیدار کا پابند ٹھہرایا۔ حالانکہ تمام اسلاف ومفسرین خدائے تعالیٰ کی محبت کا یہ مطلب لیتے آئے ہیں کہ ایصال خیر اور فیوض برکات سے مالا مال کرنا بیضاوی شریف اور کشاف میں ضابطہ مقرر کیا ہے کہ محبت وغضب وغیرہ جو نفسانیات سے تعلق رکھتے ہیں۔ جب کبھی بھی خدا کی نسبت استعمال ہوں گے،اس سے اس کے نفسانی مبادی مراد نہ ہوں گے۔ بلکہ اس کے نتائج انعام اور انتقام وغیرہ مراد لئے جائیں گے۔
۳...... یہاں صرف مدعیان محبت الٰہی کے لئے یہ اعلان کیا گیا ہے کہ وہ اگر دراصل محبت رکھتے ہیں تو اتباع نبوی اختیار کریں۔ خدا اس سے محبت کرے گا اور گناہ بخش دے گا۔ یہاں ابقاء وحی کا ذکر تک نہیں، بلکہ’’**یغفر لکم ذنوبکم...... الخ!**‘‘خود اس کی شرح کر رہا ہے اور ہم کلامی کا ترجمہ یا تفسیر کسی ایک بزرگ عالم مفسر نے نہ کیا۔
نیز اس میں تو اتباع نبوی مدار محبت قرار دیا گیا ہے۔ پس جتنے بھی متبع نبی کریم ﷺ ہیں خصوصاً گواہان مدعا علیہ کے نزدیک مرزا محمود صاحب ان سب پر نزول وحی اور خدا سے ہم کلامی پر فخر ماننا ہوگا۔ حالانکہ مختار مدعا علیہ اور اس کے فریق کو یہ مسلم نہیں۔
اگرچہ اس سے ہم کلامی مراد لینا قرآن پاک کی تحریف اور تفسیر بالرائے ہے مگر اگر بفرض محال کوئی تسلیم بھی کر لے تو بھی ابقاء وحی ثابت نہیں ہوسکتا۔ کیونکہ خدا کی ہم کلامی بصورت وحی اور بصورت الہام دونوں طرح ہوتی ہے اور اوپر دلائل سے واضح ہو چکا کہ بعد آنحضرت ﷺ وحی کا دروازہ بند ہے۔ صرف الہام یا وحی مجازی ولغوی ہے۔ لہٰذا ہم کلامی بھی بصورت الہام یا وحی مجازی ہوگی۔ لہٰذا ابقاء وحی نبوت کا ثبوت نہ ہوسکا۔ مفصل جواب بحث میں دے چکا ہوں جس کا مختار مدعیہ سے کچھ بھی جواب نہ بن آیا اور صرف یہ کہہ کر ٹال دیا کہ مختار مدعا علیہ نے اس پر یہ جرح کی ہے کہ پھر وحی نبوت صحابہ پر بھی ہونی چاہئے۔ حالانکہ بحث اس موقعہ پر یہ ہے کہ آنحضرت ﷺ کے بعد وحی غیر تشریعی ہونی چاہئے۔
گزارش یہ ہے کہ اگر مختار مدعا علیہ کی مراد وحی غیر تشریعی سے مجازی وحی بمعنی الہام اور اس وحی کے مراد ہے جو شہد کی مکھی کو بھی ہوسکتی ہے تو اس سے کسی کا انکار نہیں، نہ اس میں بحث ہے، جو قیامت تک جاری رہے گی اور وحی نبوت کا انسداد براہین قاطعہ اور دلائل واضحہ سے ثابت کر چکا۔ اس کا جواب کجا یہاں بھی مختار مدعا علیہ نے تسلیم ہی کر لیا۔ لہٰذا یہ تمام دلائل غیر متعلق اور بے ربط ہیں اور ان میں وحی کا لفظ تک نہیں نہ کوئی اشارہ اور تاویلاً اگر کوئی دور دراز کا اشارہ ہے تو وہ الہام اور وحی مجازی کا ہوگا جو ہمیں مضر نہیں۔
چھٹی آیت:’’**ومن اضل ممن یدعوا من دون اللہ من لا یستجیب لہ الیٰ یوم القیامۃ...... الخ! (الاحقاف:۵)**‘‘
<u>خلاصہ استدلال:</u> سچے خدا کی یہی نشانی قرار دی ہے کہ وہ پکار کا جواب دیتا ہے۔ اس کا مدلل جواب ۱۱؍اکتوبر کی بحث میں دیا جاچکا اور تیسری آیت کے تحت میں جواب الجواب کے سلسلہ میں بھی گزر چکا ہے۔ خواہ اس کے معنی قبولیت دعا کے لئے جائیں یا پکار جواب کے، بہر صورت مطلب ایک ہی ہے، یہ معنی نہیں کہ جس طرح انسان ایک دوسرے کی پکار کا جواب دیتا ہے خدا بھی ویسا ہی جواب دے گا اور اگر کسی کو ویسا جواب نہ دے تو سچا خدا نہ رہے۔ انبیاء کرام کو خدا کا جواب بصورت وحی نبوت، اولیاء اللہ کو بصورت الہام، عام مومنین کو بصورت اجابت دعا وقبول رحمت وغیرہ ہوتا ہے۔ چونکہ دلائل قطعیہ بلکہ مسلم فریقین سے بعد آنحضرت ﷺ انسداد وحی ثابت ہو چکا۔ اب جواب کے یہ معنی لے کر یہی الہام مراد ہوسکتا ہے نہ وحی۔ دوسرے یہاں یہ تو نہیں کہ ہر شخص کو ہر پکارنے والے کو بروقت جواب بصورت کلام

دیتا رہتا ہے۔ ورنہ ہم اور آپ بلکہ کفار تک برابر ہر روز خدا کو کسی نہ کسی رنگ میں ضرور پکارتے ہیں۔ حالانکہ ہم کلامی کا شرف میسر نہیں آتا۔ کیا مرزا صاحب کی جماعت خدا کو نہیں پکارتی۔ پھر کیا خدا ان سب سے ہم کلام ہوتا رہتا ہے۔ یہاں تو صرف ان غیرذی روح بتوں اور خدائے تعالیٰ کی امتیازی شان بتانا منظور ہے کہ خدائے تعالیٰ کی شان سمیع، بصیر و مجیب الدعوات ہے یہ شان بتوں کی نہیں۔ یہ مطلب ہرگز نہیں کہ خدا کو پکار و دیکھو! ابھی جواب دے گا۔ ورنہ وہ سچا خدا نہیں۔ **نعوذ باللہ من ذلک!** پھر تفاسیر میں ہر دو معنی مصرح موجود ہیں۔

اس پر مختار مدعا علیہ کا یہ فقرہ کہ مختار مدعیہ کے اس قسم کے اعتراضات سے علم قرآن سے اس کی محرومی ظاہر ہوتی ہے۔ عدالت کے امتیاز خصوصی کے حوالہ کرتا ہوں۔ قاعدہ یہ ہے کہ جو شخص دلائل کے جواب سے عاجز ہو جائے، اس قسم کی باتیں شروع کر دیتا ہے۔ دلائل کا جواب دلائل سے ہوسکتا ہے نہ تیز کلامی سے۔

ساتویں آیت: ’’**الم یروا انہ لایکلمہم** (الاعراف:۱۴۸)‘‘

نیز اس کی تائیدی آیات۔

خلاصہ استدلال: بطلان الوہیت معبودان باطلہ پر عدم تکلم کو دلیل ٹھہرایا ہے...... الخ!

الجواب: ہم بھی تو یہ کہتے ہیں کہ خدائے تعالیٰ کی صفت متکلم ہونا ہے، مگر اس کی یہ صفت ازلی و ابدی ہے۔ جب کوئی مخاطب نہ تھا جب بھی وہ متکلم تھا، اب بھی ہے، جب کوئی نہ ہوگا تو بھی رہے گا۔ اس کے تکلم کو اپنے اوپر قیاس کرنا ہی جہالت ہے اور متکلم بلا اصوات ولسان وتلفظ ہے اور اگر صرف معبود حق و باطل کی شناخت متکلم ہونا ہے تو جو لوگ عیسیٰ و عزیر علیہما السلام کو خدا اور معبود سمجھتے تھے وہ مختار مدعا علیہ کے نزدیک حق بجانب ہوں گے۔ کیونکہ وہ تو متکلم تھے۔ یہ محض تفسیر بالرائے کا نتیجہ ہے۔

یہاں کفار کی مزید حماقت کا ذکر ہے کہ علاوہ اور وجوہ کے دیکھو یہ ایسے کی پرستش کر رہے ہیں جس سے خود افضل ہیں۔ وہ بات بھی نہیں کر سکتے نہ وہ انہیں راستہ بتا سکتے ہیں اور یہ خود بات کرنے اور راستہ بتانے پر قادر ہیں۔ پس یہ لوگ کس قدر احمق اور ظالم ہیں۔ یہاں کہیں ابقاء وحی کا اشارہ تک نہیں۔ مگر مختار مدعا علیہ اسے قطعی دلیل قرار دے رہا ہے کہ خدا کی صفت متکلم ہر زمانہ میں جلوہ گر رہتی ہے۔ نہیں معلوم ان دنوں ان کے نزدیک کس سے ہم کلام ہے۔ عیاذاً باللہ! خدا کی حقیقی ہم کلامی بصورت وحی نبوت تھی جس کا سلسلہ خدائے تعالیٰ نے خاتم النّبیین ﷺ کے بعد بند فرما دیا۔ جیسا کہ نصوص بیّنہ اور مسلم فریقین بزرگوں کی تصریحات سے پیش کر چکا۔ اب صرف الہام اور وحی مجازی باقی ہے۔ اس میں بحث نہیں۔ لہٰذا یہ آیت بھی بالکل غیر متعلق ہے اور دراصل اس کے ثبوت میں مختار مدعا علیہ کے پاس ایک ضعیف سے ضعیف بھی دلیل نہیں۔ اس لئے غیر متعلق اور بے ربط دلائل پیش کر رہا ہے۔

آٹھویں آیت: ’’**اھدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیہم** (الفاتحہ:۵،۶)‘‘

اس کا استدلال عدالت خود اصل بحث سے ملاحظہ فرمالے۔ اگر یہی دلائل ابقاء وحی کے ہیں تو پھر انسداد وحی نبوت پر ’’الٓمٓ‘‘ سے ’’والناس‘‘ تک ایک ایک فقرہ اور ایک ایک لفظ بصراحت دلالت کرتا ہے۔ یہاں انبیاء اور صدیقین اور صلحاء کا سیدھا راستہ طلب کیا جارہا ہے کہ صراط مستقیم پر رہیں اور گمراہ نہ ہوں۔ مگر مختار مدعا علیہ اس سے مرتبہ نبوت مراد لے رہا ہے اور اس سے ابقاء وحی ثابت کر رہا ہے۔ پس کیا قرآن میں جہاں اللہ کا راستہ طلب کیا گیا ہے، وہاں خدا تعالیٰ کا دعویٰ اور شان الوہیت بھی آجائے گی۔ غالباً مرزا صاحب کا دعویٰ خدائی اور اپنے اندر الوہیت کی موجیں اس کے تحت ہوں گی۔ ’’**لاحول ولا قوۃ الا باللہ. نعوذ باللہ من شرور انفسنا ومن سیئات اعمالنا**‘‘

نویں آیت: ’’**کنتم خیر امۃ اخرجت للناس** (آل عمران:۱۱۰)‘‘

عدالت عالیہ یہ استدلال بھی اصل بحث مدعا علیہ سے ملاحظہ فرمالے۔

خیرامۃ ہونے کی علت ظاہر ہے کہ خیر الرسل کے امتی ہیں۔ یہاں بھی علت کی تصریح ہے کہ:’’اخرجت للناس تأمرون بالمعروف وتنهون عن المنكر وتؤمنون بالله (ایضاً)‘‘ کہ لوگوں کے واسطے شاہد بننا، امر بالمعروف، نہی عن المنکر کرنا اور اللہ پر ایمان لانا نیز اور بہت سی قرآن واحادیث میں خصوصیات مذکور ہیں۔ امم سابقہ پر ان کا گواہ ہونا’’لتكونوا شهدآء على الناس (البقرۃ:۱۴۳)‘‘ سے ظاہر ہوتا ہے۔ جنت میں بھی ان کا اوّل داخل ہونا، وغیرہ وغیرہ! احادیث سے ثابت ہے۔ یہ بات کہ ان پر وحی نبوت ہوتی رہے یا انبیاء بنتے رہیں، جبھی تو خیرامۃ ہوں گے۔ محض مختار مدعاعلیہ کی تصنیف کردہ طبع زاد ہے۔ تیرہ سو سال میں ایک سطر نہ پیش کر سکتے ہیں۔ ان شاءاللہ! باقی مریم اور ام موسیٰ علیہ السلام کے واقعہ سے تائید اس میں اسلاف کے نقول پیش کر چکا ہوں کہ وہ الہام تھا۔ الہام کے بقاء کا کوئی منکر نہیں۔ گفتگو بقاء وحی نبوت میں ہے۔ اس کی ایک ضعیف سے ضعیف دلیل بھی مختار مدعاعلیہ یا اس کا کوئی گواہ پیش نہ کر سکا۔ فللّٰه الحمد!

مختار مدعاعلیہ نے اپنی تائید میں مولوی محمد حسین صاحب بٹالوی سے یہ نقل کیا کہ چنانچہ مولوی محمد حسین صاحب بٹالوی نے یہی ثابت کرنے کے لئے کہ امت محمدیہ کے کاملین کو بذریعہ الہام غیب پر مطلع کیا جاتا ہے۔ اس آیت سے دلیل پکڑی ہے۔ چنانچہ وہ لکھتے ہیں کہ بعد تسلیم اس امر کے تا پیش کرنے کے (اشاعۃ السنۃ نمبر۷ ج۷ ص۲۰۵،۲۰۶) اس سے تو مختار مدعاعلیہ کا خانہ ساز استدلال ختم ہو گیا۔ کیونکہ خود کہہ رہا ہے کہ بذریعہ الہام غیب پر مطلع کیا جاتا ہے اور بحث الہام میں نہیں وحی میں ہے۔ دونوں میں فرق کے واسطے بیان گواہ مدعیہ نمبر۳ ملاحظہ فرمائیں۔

## مختار مدعاعلیہ کا مغالطہ اور ان کا جواب

میرے اس امر کے جواب میں کہ اس آیت سے تیرہ سو سال میں کسی نے بقاء وحی نہ سمجھا خود نبی کریم ﷺ صحابہ کرام، سلف صالحین بلکہ قرآنی تصریحات اس کے خلاف ہیں۔ مندرجہ ذیل تاویلات مختار مدعاعلیہ نے پیش کی ہیں۔

۱…… تفاسیر کے بعض حوالے میں نے پیش کئے ہیں یہ محض جھوٹ ہے۔ اس کی تائید میں ایک حوالہ بھی نہیں کہ اس سے کسی بقاء وحی پر استدلال کیا ہے۔

۲…… قرآن کریم عربی زبان میں ہے اور اس کے مطابق اس کی تفسیر کی جاتی ہے اور جو تفسیر میں نے کی ہیں وہ قرآن، حدیث اور عربیت سے بالکل صحیح ہیں۔

الجواب: محض جھوٹ ہے۔ قرآن واحادیث اور اقوال صحابہ میں مصرح انقطاع وحی کی تصریح موجود ہے۔ جیسا کہ اوپر حوالہ نقل کر چکا اور اصل بحث میں آیات اور احادیث نیز اقوال صحابہ و بزرگان بلکہ ان کے بھی مسلم بزرگ علامہ محی الدین ابن عربی کے ایک دو نہیں متعدد حوالے صاف صاف غیر مشتبہ پیش کر چکا۔ پس یہ تفسیر علاوہ غیر منقول ہونے کے قرآن پاک، احادیث، اقوال صحابہ کرام کے بالکل خلاف اور متضاد ہے۔ ایسی تفسیر قطعاً تفسیر بالرائے اور حرام وناجائز بلکہ بتصریح حدیث حد کفر تک پہنچ جاتی ہے۔

۳…… جو تفسیر قواعد عربیہ کے مطابق ہے گو کسی اور نے تفسیر نہ کی ہو تفسیر بالرائے نہ ہوگی۔

الجواب: مگر شرط یہ ہے کہ قرآن وحدیث واقوال صحابہ کے خلاف نہ ہو۔ جیسا کہ مرزاصاحب بھی برکات الدعاء میں تسلیم کر چکے ہیں اور یہ تفسیر قرآن وحدیث واقوال صحابہ کرام کے مخالف ہے۔ جیسا کہ اوپر ثابت ہو چکا۔

۴…… (تحذیر الناس ص۴۰) کا حوالہ جس سے یہ ثابت کرنا چاہا ہے کہ جو بھی قواعد عربیہ کے مطابق ہو، گو کوئی اسے نقل نہ کرے تفسیر بالرائے نہ ہوگی۔

الجواب: یہ محض مغالطہ ہے۔ اس سے بالکل متصل یہ فقرات ہیں۔ (ہاں! اگر انصاف ہو تو اس حدیث کے معنی میں عرض کرتا ہوں) ہاں! نئے معنی نہیں قائم کئے، بلکہ عقلی ونقلی ہو یا کوئی قرینہ عقلی ونقلی ہو اور پھر بقدر قوت دلیل وقرینہ کوئی شخص کسی احتمال کو راجح کہے ہرگز کفر نہیں۔ پس

مولانا نے اس تفسیر کو تفسیر بالرائے نہیں کیا ہے جس کی تائید حدیث یا عقلی اور نقلی قرائن سے کی ہے اور اس میں بھی نئے معنی نہیں قائم کئے بلکہ عقلی اور نقلی دلائل سے مختلف معنی سے ایک معنی کو ترجیح دے دی ہے۔

اور مختار مدعا علیہ نے بلا دلیل وقرینہ جوطبع زاد تفسیر کی اور پھر خلاف تصریحات وآیات واحادیث واقوال صحابہ وسلف صالحین کی ہے۔اس کے متعلق اس سے متصل (تحذیر الناس ص۴۱) پر یہ الفاظ ہیں کہ:''ہاں! جب نہ کوئی دلیل ہے نہ کوئی قرینہ تو پھر ترجیح احدالاحتمالات محض اپنی عقل نارسا کا ڈھکوسلا ہے۔اس کو تفسیر بالرائے اعنی تفسیر بالھویٰ اور تفسیر عند نفسہ کہہ سکتے ہیں۔'' آگے چل کے نتیجہ کے طور پر ارشاد فرماتے ہیں: (تحذیر الناس ص۴۲) ''بالجملہ تفسیر بالرائے وہ ہے جو امر مجمل اور مفصل میں اصلاً نہ ہو، بلکہ اس امر میں کلام مجمل ساکت ہو اور مرتبہ تفسیر وتفصیل میں وہ امر داخل کیا جائے اور ظاہر ہے کہ ایسے امور کا داخل کرنا تصرفات خیالی ہیں جو ہمارے عقول ناقصہ کا کام ہوتا ہے۔''

مختار مدعا علیہ نے اسی اصول پر تفسیر کی ہے جو حضرت مولانا کی تصریح کے مطابق بھی تفسیر بالرائے اور ناجائز وحرام ہے۔ باقی خود جو تفسیر فرمائی ہے، اس کے متعلق اس سے متصل ارشاد ہے کہ:''باقی جو باتیں بوسیلہ کسی دلیل عقلی یا نقلی کے شامل کی جائیں اس کو اہل ظاہر گو تفسیر کہیں۔ پس حقیقت میں تفسیر نہیں ہوتیں، بلکہ دو کلاموں کے مضمونوں کو اکٹھا کر دیا کرتے ہیں۔ ملاحظہ فرمائیں وہ کوئی نئی تفسیر نہیں کررہے بلکہ قرآن واحادیث کے مختلف دوجگہ کے مضمونوں کو یکجاء کر دیا ہے۔ اس میں اپنے عقل ورائے کو دخل نہیں، بلکہ عقلی ونقلی دلیل کی روشنی میں ہے اور مختار مدعا علیہ نے تو قرآن وحدیث واقوال صحابہ وسلف صالحین بلکہ اپنے مسلم بزرگوں کی تصریح کے خلاف محض اپنی رائے سے تفسیر کی جو قطعاً حرام ہے۔ میں عدالت سے درخواست کروں گا کہ وہ (تحذیر الناس ص۴۰،۴۱،۴۲) ملاحظہ فرمالے تا کہ مختار مدعا علیہ کا مغالطہ اور افتراء اچھی طرح آشکار ہو جائے۔

مختار مدعا علیہ نے میرے اس اعتراض کا کہ اس سے پھر وحی نبوت تشریعیہ کا بقاء بھی لازم آئے گا۔ یہ جواب دیا ہے کہ دوسری آیات مثلاً خاتم النّبیین۔ اکملت لکم دینکم (المائدۃ:۳) ومن یطع اللّٰہ (النساء:۶۹)'' وغیرہ سے وحی شریعت جدیدہ کا انسداد ثابت ہوتا ہے۔

پس ہمارا بھی یہی جواب ہے کہ مذکورہ بالا آیات نیز انسداد وحی نبوت پر جس قدر آیات واحادیث صحیحہ واقوال بزرگان وسلف صالحین اوپر پیش کر چکا ہوں، ان سے صراحتاً وحی نبوت کا انسداد ثابت ہوتا ہے۔ خواہ تشریعی ہو یا غیرتشریعی۔ لہٰذا مکالمہ الٰہیہ صرف صورت الہام یا وحی مجازی ہوسکتا ہے۔ اس میں ہمیں بھی خلاف نہیں۔ بہرحال کسی ایک آیت سے وحی نبوت کا بقاء نہ ثابت ہوسکا۔ زائد سے زائد الہام کا بقاء ثابت ہوا وہ مدعا سے غیر متعلق ہے۔

## دلائل بقاء وحی از احادیث

میں نے ابتدائی بحث میں ۲۵ سے زائد احادیث کا اس سلسلہ میں حوالہ دیا تھا کہ اس سے وحی نبوت کا انقطاع ثابت ہے۔ کیونکہ جس قدر احادیث انقطاع نبوت پر دلالت کرتی ہیں، وہ سب انقطاع وحی نبوت پر بلا اختلاف دلالت کریں گی۔ کیونکہ یہ تو مرزاصاحب کو بھی مسلم ہے کہ جس میں شان نبوت باقی اس کی وحی بلاشبہ وحی نبوت ہے۔ (ایام الصلح ص۱۴۶، خزائن ج۱۴ص۳۹۳) نبی کی وحی، وحی نبوت کہلائے گی۔ (سراج منیر ص۴، خزائن ج۱۲ص۶) اور لطف تو یہ ہے کہ جب تک مرزاصاحب نے نبوت کا صریح دعویٰ نہ کیا تھا۔ خود بھی اس مسئلہ میں ہمارے ہم نوا تھے۔ فرماتے ہیں کہ لیکن وحی نبوت پر تو تیرہ سو برس سے مہر لگ گئی۔ (ازالہ اوہام حصہ دوم ص۵۳۴، خزائن ج۳ص۳۸۷) یہاں کوئی تفصیل تشریعی اور غیرتشریعی کی نہیں۔ حتیٰ کہ مختار مدعا علیہ کی تاویلات قابل التفات ہوں۔

پھر میں نے صراحتاً انقطاع وحی نبوت کے سلسلہ میں (۴) صحیح احادیث کنز العمال، بخاری شریف، مشکوٰۃ شریف اور ابن جریر

سے پیش کیں، جو مسل سے پیش کی گئی تھیں۔ پہلی میں تصریح ہے کہ شعبہ ہائے نبوت سے صرف مبشرات باقی ہیں۔ دوسری میں ’’ان الوحی قد انقطع‘‘ کے الفاظ ہیں کہ وحی بعد آنحضرت ﷺ یقیناً منقطع ہوچکی۔ تیسری میں ’’انہ انقطع الوحی‘‘ کا لفظ ہے کہ واقعہ یہ ہے کہ وحی بعد زمانہ آنحضرت ﷺ منقطع ہوچکی تھی۔ میں نے بھی تمام اجزاء نبوت سے صرف مبشرات کو باقی مانا ہے۔

پس ان صریح احادیث کے مقابل مختار مدعا علیہ کا دو غیر متعلق حدیثیں ایک محدث والی اور ایک عیسیٰ علیہ السلام پر وحی اترنے کی پیش کرنا، یہاں تک قابل قبول ہے۔ بہرحال میں باوجود کہ دونوں کا مدلل جواب اصل بحث میں پیش کر چکا ہوں۔ مگر اب جوابی بحث کی روشنی میں پیش کرتا ہوں۔

حدیث اوّل: ’’واوحی اللہ الی عیسیٰ علیہ السلام (مشکوٰۃ ومسلم)‘‘ اس حدیث کی تحریف کے لئے جو مرزاصاحب کی تاویلات نقل کی ہیں اس سے ہمیں سروکار نہیں۔ استدلال صرف یہ کیا گیا ہے کہ مسیح موعود کو وحی ہوگی اور روح المعانی و حجج الکرامہ سے یہ پیش کیا ہے کہ یہ وحی بواسطہ جبرئیل ہوگی۔

الجواب: حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر وحی جو نازل ہوگی اس میں لفظ وحی ضرور ہے مگر بمعنی الہام نہ کہ وحی نبوت۔ چنانچہ مسلم کے شراح نے خود اس کی تشریح کردی ہے مگر وہ وحی بطور الہام کے ہوگی۔ خواہ وہ دل میں ڈالی جائے یا بواسطہ فرشتۂ الہام ہو، جسے ملک الہام کہتے ہیں۔

میں اس جگہ صرف وہ حوالہ پیش کرتا ہوں جو مسلمہ فریقین ہے اور اس بزرگ سے جنہیں گواہ نمبر ا مدعا علیہ بھی تسلیم کر چکا ہے۔ یعنی امام عبدالوہاب شعرانی اور امام محی الدین ابن عربی وہ تصریح فرمارہے ہیں کہ عیسیٰ علیہ السلام امت محمدیہ کے آخری اور خاتم الولایۃ ہیں اور اگرچہ وہ اولوالعزم اور خواص رسل سے ہیں۔ مگر بوجہ خصوصیت زمانہ کے وہ سرکار دوعالم ﷺ کا زمانہ ہے۔ ان کی نبوت ورسالت کا حکم زائل ہوجائے گا اور وہ اس منصب پر نہ ہوں گے۔ بلکہ ایک ولی ہوکر تشریف لائیں گے جن کی نبوت بلاحکم کے مطلق ہوگی اور ان پر شرع محمدیہ ﷺ کا الہام اس طرح ہوگا۔ جیسا کہ اولیاء امت کو ہوتا ہے۔ ملاحظہ ہو (الیواقیت والجواہر ج۲ ص۷۹، مبحث ۴۷) ’’ناقلا عن الفتوحات فاما خاتم الولایۃ علی الاطلاق فھو عیسیٰ علیہ السلام فھو الولی الی قولہ ویلھم بشرع محمد ﷺ ویفھمہ علی وجھہ کا الاولیاء المحدثین فختمت النبوۃ بمحمد والولایۃ بعیسیٰ‘‘

ملاحظہ فرمائیں کس قدر تصریح ہے کہ ان پر امت محمدیہ کے اولیاء کی طرح الہام ہوگا اور وہ خاتم الاولیاء ہوں گے۔ جیسے نبوت آنحضرت ﷺ پر ختم ہوگئی۔ کوئی آپ ﷺ کے بعد نبی نہیں۔ یوں ہی اس امت کے آخری ولی حضرت عیسیٰ ہوں گے۔ میرے خیال میں اس تصریح کے بعد مختار مدعا علیہ کو بھی لب کشائی کا موقعہ نہیں۔ کیونکہ الہام یا وحی مجازی کو ہم بھی بند نہیں بتاتے نہ لفظ وحی پر بحث ہے وہ تو شہد کی مکھی کے واسطے بھی مستعمل ہے۔ ’’واوحیٰ ربک الی النحل‘‘ بحث وحی نبوت میں ہے۔ وہ عیسیٰ علیہ السلام پر نہ ہوگی۔ بلکہ وحی بمعنی الہام ہوگی۔ جیسے کہ اولیاء امت کو الہام ہوا کرتا ہے۔ اس سے صریح عبارت ملاحظہ ہو۔ ’’انہ عیسیٰ لا یومنا الّا منّا ای بسنتنا فلہ الکشف اذا نزل والالھام کما لھٰذہ الامۃ‘‘ یعنی ان کے نزول کے بعد انہیں اس امت کی طرح کشف والہام ہوگا۔ (فتوحات ج۳ باب ۳۵۳ ص ۲۳۸) (۳) نزول الہام بلا جبرئیل کے ہوں گے۔

الجواب: جبرئیل نہ آئیں گے۔ ملاحظہ ہو (یواقیت مبحث ۳۵ ص ۸۸، ۸۹)

مختار مدعا علیہ کا یہ کہنا کہ عیسیٰ علیہ السلام پر جبرئیل وحی لائیں گے، محض غلط اور تحقیق کے خلاف ہے۔ اسے شاید اپنے گھر کا حال نہیں معلوم۔ ورنہ ایسا کبھی نہیں کہتا۔ مرزاصاحب کی تو یہاں تک تصریح ہے۔ وحی کجا ایک فقرہ کہ پہلی شریعت پر عمل کرو یہ بھی جبرئیل نہیں لاسکتے۔ یہ بھی بند ہے۔ ملاحظہ ہو: ’’وحی رسالت وہی ہے جو بتوسط جبرئیل ہو۔‘‘ (ازالہ اوہام ص ۷۶۱، خزائن ج۳ ص ۵۱۱)

’’ایک فقرہ بھی جبرائیل لائیں وہ بھی وحی نبوت ورسالت ہے جو بند ہے۔‘‘ (ازالہ اوہام ص۵۷۷، خزائن ج۳ ص۴۱۲)

اب گو ہمیں ضرورت نہ تھی کہ حجج الکرامۃ یا روح المعانی کے متعلق کچھ عرض کریں، لیکن اتمام حجت کے واسطے گزارش ہے کہ:

حجج الکرامہ اوّلاً نہ ہماری مسلم کتاب ہے نہ اس کے مصنف۔ ہم مقلدین سے ہیں بلکہ ہمارا اوران کا اصولی اختلاف ہے۔ ہم تقلید شخصی کو واجب کہتے ہیں وہ شرک تک بتاتے ہیں۔ حالانکہ ایک حنفی پر کسی اہل حدیث یا غیرمقلد کی ذاتی رائے، خصوصاً جب کہ وہ بزرگان سلف شیخ محی الدین ابن عربی وغیرہ کے بھی خلاف ہو حجت نہیں ہوسکتی۔ دوسرے یہ ان کی ذاتی رائے ہے۔ ان کے پاس اس کے ثبوت میں کوئی آیت یا حدیث یا قول صحابی نہیں۔ پس اس کی کوئی بھی وقعت نہیں ہوسکتی۔ ہمارے گواہوں نے نواب صدیق حسن خان مؤلف حجج الکرامہ کو مسلمان مانا ہے۔ مسلمان ہونا اور چیز ہے اور مسلم ہونا اور بات ہے۔ بہت سے مسلمان ہیں بلکہ عالم بھی، مگر وہ مسلم ومستند نہیں۔

مولانا گنگوہی نے انہیں مسلم کہیں نہیں لکھا۔ بلکہ انہیں رئیس عاملین بالحدیث لکھا ہے۔ یعنی غیرمقلدین کے سرگروہ کیونکہ غیرمقلدین کو وہابی، اہل حدیث مدعیان عمل بالحدیث عامل حدیث وغیرہ کے لفظ سے یاد کیا کرتے ہیں۔ جیسے مرزائیوں کو قادیانی اور احمدی کہتے ہیں۔ مطلب سب کا ایک ہی ہے۔ حضرت مولانا گنگوہی نے ان کے حوالے غیرمقلدین پر حجت قائم کرنے کے واسطے الزاماً دیئے ہیں۔ جیسے کہ ہم نے مرزاصاحب اوران کے خلفاء کے کتنے حوالہ دیئے ہیں تو کیا کوئی عقلمند اس سے سمجھ سکتا ہے کہ مرزاصاحب اوران کے خلفاء ہمیں مسلم ہیں۔ نیز مولانا گنگوہی کا مسلم ہونا بھی جوڈیشنل اصول سے مسل پر موجود نہیں۔ بہرحال نواب صدیق حسن خان صاحب اور وہ بھی اپنی ذاتی ہم بزرگوں کی تصریحات کے خلاف حجت نہیں، نہ مختار مدعاعلیہ کو اسے نقل کرنا چاہئے تھا۔ کیونکہ یہ تو ان کے نبی کی تصریح کے بھی خلاف ہے۔ باقی رہا حوالہ روح المعانی وہاں بھی ایک شخص ابن حجر ہیثمی کی ذاتی رائے ہے نہ وہ ہمارے مسلم ہیں نہ امام۔ وہ ہم پر حجت نہیں۔ روح المعانی کے فیصلہ کا مسلم ہونا اور چیز ہے اور اس میں کسی شخص کی ذاتی رائے نقل کی جائے اور وہ بھی ضعیف احادیث وائمہ کے خلاف اس کا حجت ہونا اور بات ہے۔ بہرحال اتنی آیات اور صحیح احادیث اور فیصلہ اسلاف بلکہ مرزاصاحب کی تائید کے باوجود نواب صدیق حسن خان صاحب بھوپالی اور ابن حجر ہیثمی جیسے غیرمسلّم اصحاب کی رائے کوئی بھی وقعت نہیں رکھتی نہ ہم پر حجت ہوسکتی ہے۔

باقی ہمارے نزدیک حدیث یقیناً صحیح ہے۔ ہم تو مختار مدعاعلیہ پر بطور الزام حجت قائم کرتے ہیں کہ مرزاصاحب نے اس حدیث کو صحیح نہیں مانا۔ ہم نے تو حدیث مان کر جواب دیا ہے کہ یہ وحی الہام ہے نہ وحی نبوت۔ جیسا کہ تمام شراح اور خصوصیات سے مختار مدعاعلیہ اور گواہان مدعاعلیہ کے مسلم بزرگ امام ابن عربی نے تصریح فرمادی ہے۔

باقی اس جواب الجواب کی روشنی میں جو تاویلات رکیکہ اور جرح دوحوالوں کی قطع وبرید اور لایعنی طوالت دی گئی وہ ناقابل التفات ہے۔ عدالت خود مقابلہ فرمائے۔

دوسری حدیث: ’’ابی ابن کعب‘‘ (روح المعانی ج۷ ص۶۴)

یعنی اس نے پیچھے سے ایک بلند آواز سنی ’’اللھم لک الحمد ...... الخ!‘‘ پھر ابی بن کعب رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے اور یہ واقعہ بیان کیا تو آپ نے فرمایا کہ وہ جبرائیل علیہ السلام تھے۔

الجواب: اس سے یہاں کوئی علاقہ نہیں نہ یہاں جبرائیل کسی صحابی پر وحی لے کر اترے نہ اس زمانہ میں نزول جبرائیل مسدود تھا۔ بلکہ صرف اس قدر ہے کہ ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے اپنے پیچھے سے اللہ کی حمد کرتے ہوئے کسی کی آواز سنی اور آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ وہ جبرائیل کی سنی تھی۔ اس کے بعد نبی کریم ﷺ بقاء وحی نبوت یا نزول جبرائیل کیونکر ثابت ہوا؟ ہاں! جبرائیل کی آواز سننا ثابت ہوا۔ اس میں کیا استعجاب ہے صحابہ نے تو دحیہ کلبی کی شکل پر بار بار انہیں دربار رسالت میں حاضر باتیں کرتے دیکھا ہے۔ ہاں! مرزاصاحب کے یہ خلاف ضرور ہے جو

فرماتے ہیں کہ جبرئیل کبھی زمین پر نازل نہیں ہوئے۔

تیسری حدیث: ’’محدث ہونے کی مشکوٰۃ و بخاری سے۔‘‘

الجواب: اس سے بھی وحی نبوت کا بقاء بعد آنحضرت ﷺ ثابت نہ ہوسکا۔ کیونکہ محدث کی شرح خود گواہ مدعا علیہ اور مختار مدعا علیہ نے حدیث سے نقل کردی ہے کہ فرشتے اس کی زبان پر کلام کرتے ہیں۔ اس میں خدا کے ہم کلام ہونے کا ذکر نہیں ہے، نہ فرشتہ کے اتر کر وحی کرنے کا۔

مختار مدعا علیہ نے اس کلام اور محدث کی تائید میں جو ملّا علی قاری کا قول نقل کیا، اس سے اپنا تمام کارخانہ استدلال ختم کردیا کہ:

’’هو الملهم المبالغ فيه الذى انتهىٰ اى درجة الانبياء فى الهام‘‘

یعنی محدث سے مراد ہے جس پر الہام کیا جائے اور بہت مبالغہ سے جو الہام میں انبیاء کے درجہ کے قریب ہوجائے، اس میں تصریح ہے کہ اس پر الہام ہوگا نہ وحی اور گفتگو بقاء وحی میں ہے نہ الہام میں۔ شاید مختار مدعا علیہ طول کی وجہ سے موضوع بحث فراموش کرگیا۔ ورنہ الہام کو وحی کے سلسلہ میں نقل نہ کرتا۔

ان دونوں بلکہ تینوں حدیثوں کا غیر متعلق ہونا ایسا اظہر من الشّمس ہے کہ کسی شبہ کی بھی گنجائش نہیں۔ عدالت خود ملاحظہ فرمالے اور اصل بحث میں جو مدلل تقریر کی گئی تھی، اس کے جواب کی طرف اشارہ تک نہ کیا گیا۔ گویا مختار مدعا علیہ نے اس کی لاجوابی اور اپنا عجز تسلیم کر لیا۔ ہماری پیش کردہ ۲۵؍احادیث کے حوالہ کو مغالطہ اور غلط بتانا مختار مدعا علیہ کی ناواقفی کا بیّن ثبوت ہے۔ میں ابتداء میں عرض کر چکا کہ جس قدر احادیث ختم نبوت کے باب میں ہیں، ۲۵ کیا بلکہ اس سے بھی زائد وہ سب نبوت کے انسداد کی دلیل قطعی ہیں۔ کیونکہ نبی کو وحی بقول مرزا صاحب بہرحال وحی نبوت ہوتی ہے۔ اسی واسطے گواہوں نے مکرر باب وحی میں بالتفصیل نقل کی ضرورت نہ سمجھی۔ باقی بالتفصیل میں نے جو چار حدیثیں پیش کی تھیں جس میں صراحتاً وحی نبوت کے انسداد کی تصریح تھی، اس میں حدیث نمبر (۱) و (۴) کو مختار مدعا علیہ نے بالکل لاجواب سمجھ کر نام تک نہ لیا اور نمبر (۲) و (۳) کا طبع زاد یہ جواب دے کر ٹال دیا کہ اس میں ’’ان الوحى قد انقطع‘‘ اور ’’انه انقطع الوحى‘‘ سے وحی تشریعی مراد ہے۔ حالانکہ یہ تاویل محض بدیہی البطلان ہے اور صریح غیر مشتبہ الفاظ کو بلادلیل موڑنا ہے۔ الف ولام جنسی ہے جس سے جنس وحی اور اس کی حقیقت کا نہایت زوردار الفاظ میں انقطاع بتایا جارہا ہے۔ مجازی وحی والہام کا البتہ تذکرہ نہیں۔ پس مختار مدعا علیہ کی یہ رکیکہ تاویل بالکل لغو اور الفاظ حدیث کی تحریف معنوی کے برابر ہے جو کسی طرح قابل التفات نہیں۔ ورنہ اگر تاویلات کا دروازہ اس قدر وسیع کھول دیا جائے تو دین سے امان اٹھ جائے گا اور صریح سے صریح چیز میں ملحدین کی طرح تاویل کر کے اس کی حقیقت بدل کر اسلام کا کفر اور کفر کا اسلام بن جائے گا۔ عیاذاً باللہ!

خلاصہ: اس بحث سے یہ تو وضاحت سے ثابت ہوگیا کہ مختار مدعا علیہ یا گواہان مدعا علیہ کے پاس قرآن وحدیث کی ایک دلیل بھی بقاء وحی نبوت پر نہیں، بلکہ محض تاویلات رکیکہ ہیں یا الہام اور وحی مجازی ولغوی کو ناواقفی سے وحی نبوت سمجھ لیا ہے۔ بخلاف گواہان مدعیہ کے کہ صریح آیات واحادیث انقطاع وحی پر پیش کی ہیں جن کا جواب باوجود انتہائی مغالطہ دہی کے ضابطہ کا بھی نہ ہوسکا۔ فالله الحمد!

عدالت خود دلائل کو سامنے رکھ کر موازنہ فرمائے کہ دلائل اور حقانیت کدھر ہے اور محض تاویلات اور مغالطہ سے کون کام لے رہا ہے۔

## عقیدہ سلف صالحین بقاء وحی غیر تشریعی کے خلاف نہیں

اس جوابی سلسلہ میں اصل جواب سے عاجز آکر مختار مدعا علیہ نے صرف مغالطہ سے کام لیا۔ میں نے صوفیاء کرام کی عبارات کے مطالب ان کی اپنی اصطلاح کی رو سے پیش کئے تھے اور وہ بھی مسل سے کوئی نیا حوالہ نہ تھا۔ مگر اس نے گواہوں کا تحت اللفظ ترجمہ لے کر بحث سے ٹکرانا چاہا۔ اسے معلوم ہونا چاہئے کہ ترجمہ اور شئے ہے اور مطلب اور۔ ترجمہ سے بظاہر اکثر مراد متکلم مستور اور مجمل رہتی ہے۔

جب ہی تو تفسیر اور مطلب بیان کرنے کی ضرورت پڑتی ہے۔ ترجمہ کے ظاہری الفاظ اور اصطلاحی مراد وتفسیر میں تعارض سمجھنا خام خیال ہے۔ چونکہ میری بیان کردہ اصطلاحات صوفیاء اور خود اصطلاحات شیخ اکبر مختار مدعاعلیہ نے اوّلاً تو نظرانداز کیا اور بعض کو اصل عبارت اور مطلب کے خلاف ہوا کہ قطع وبرید کرکے اصل پوائنٹ عدالت کے سامنے مشتبہ کرنے کی سعی کی ہے۔ اس لئے اوّلاً میں اس کے پیش کردہ حوالہ جات جن کا وہ حوالہ بیان گواہ نمبرا مدعیہ سے دے رہا ہے، نقل کرکے ان کا اصل جواب مکرر نقل کرتا ہوں تاکہ وہ خیانت اور مغالطہ عدالت کے نوٹس میں لایا جاسکے جو اس نے جواب بحث میں مختار مدعاعلیہ کے مطالب کے نقل میں روا رکھا ہے اور پھر جوابی بحث کی تاویلات رکیکہ کو بے نقاب کرکے عدالت میں پیش کرتا ہے۔

گواہان مدعاعلیہ نے اس سلسلہ میں متعلق وغیرمتعلق کل (۸) حوالہ پیش کئے ہیں۔

(۱) فتوحات مکیہ (۲) مکتوب امام ربانی (۳) مثنوی عارف رومی (۴) منصب امامت مولانا شہید (۵) یواقیت کا حوالہ برائے شرح الہام ووحی (۶) روح المعانی (۷) حجج الکرامۃ (۸) یواقیت۔

پہلا حوالہ (فتوحات مکیہ ج۲ ص۴۱۶،۴۱۷) ’’**قال الشیخ اکبر بعد ذکر الایۃ ماکان لبشر ان یکلمہ اللہ …… الخ! ہذا کلام موجود فی رجال اللہ من الاولیاء والذی اختص بہ النبیﷺ من ہذا دون الولی الوحی بالتشریعی**‘‘

الجواب: اس حوالہ کے نقل کرنے میں گواہ مدعاعلیہ نے ایک زبردست شرمناک مغالطہ دیا اور حضرت شیخ کے لفظ تشریع کو ان کی اصطلاح کے خلاف محمول کرلیا۔ اسی لئے انہوں نے وصیت فرمائی ہے کہ تم پر میری کتب کا مطالعہ حرام ہے، جب تک میرے محرم راز نہ ہو۔ اس کی وجہ صرف گواہ کی حضرت شیخ کی کتب واصطلاحات سے ناواقفی ہے۔ جیسا کہ گواہ خود اقرار کرچکا ہے کہ میں نے فتوحات کل نہیں دیکھی۔ مارچ ۱۹۳۳ء اور اصطلاحات تصوف میں کسی کتاب کا مطالعہ نہیں کیا۔

اصل اصطلاح یہ ہے کہ اولیاء اللہ کو جو نبوت بمعنی لغوی بصورت ولایت ہوتی ہے اور جو وحی بمعنی عام مجازی ہوتی ہے جس کا حقیقی نام الہام ہے۔ اس کے مدمقابل اصطلاح شرع میں جو نبوت حقیقی ہے، اسے حضرت شیخ نبوت تشریع (یعنی شرعی نبوت) اور اس کی وحی نبوت ورسالت کو وحی تشریع کہتے ہیں۔ یہ مراد نہیں کہ جو شریعت جدیدہ لائے وہ نبی تشریعی ورنہ غیرتشریعی۔ صرف اپنی اور حضرت شیخ کی اصطلاح کو مخلط کرکے یہ مغالطہ دیا ہے۔ ثبوت کے واسطے اپنی (فتوحات ج۳) کے حوالہ ذیل میں ملاحظہ ہوں۔ جنہیں صرف مغالطہ دینے کے واسطے چھپایا گیا۔

نبوت تشریع یا نبوت شرائع سے مراد وہ حقیقی نبوت ہے جو اولیاء کو نہیں ہوسکتی۔　(فتوحات مکیہ ج۲ باب ۱۵۹ ص۲۵۸)

یعنی ہماری یہ خاص اصطلاح ہے کہ ہم نبوت شرائع یا تشریع بول کر وہ حقیقی اصطلاحی نبوت مراد لیتے ہیں جو اولیاء کو نہیں ہوسکتی۔ ولایت کے مدمقابل جو نبوت ہے۔ وہی نبوت حقیقہ اور نبوت تشریعہ اور نبوت شرائع وغیرہ سے نامزد کی جاتی ہے۔ تشریع کے معنی شریعت جدیدہ وغیرہ یہ مرزاصاحب اور ان کے متبعین کی طبع زاد اصطلاح ہے۔ حضرت شیخ کا دامن اقدس اس سے پاک ہے۔

## وحی نبوت ورسالت مطلقاً منقطع ہے؟

اسی پیش کردہ (فتوحات ج۲ باب ۵۵، ص۲۵۳) پر تصریح موجود ہے کہ: ’’**وانما انقطع الوحی الخاص بالرسل والتی من نزول الملک علی اذنہ وقلبہ وتحجیر اسم النبی والرسل …… الخ!**‘‘

یعنی وہ وحی نبوت ورسالت جو نبی ورسول کے ساتھ مختص ہے کہ فرشتہ اس کے گوش وقلب پر اترتا ہے، منقطع ہوچکی اور نبی ورسول کا لفظی خطاب بھی روک دیا گیا۔ اب کسی کو نہیں دیا جاسکتا۔ کس قدر وضاحت سے انقطاع وحی نبوت ورسالت کی تصریح فرمارہے ہیں۔

## فرشتہ وحی آنحضرت ﷺ کے بعد کسی کے قلب پر وحی لے کر نہیں اتر سکتا

''لان الملک لا ینزل بوحی علی قلب غیر نبی اصلاً'' کیونکہ فرشتہ وحی، وحی لے کر غیر نبی کے قلب پر ہرگز نہیں اترتا۔اسی عبارت کے تتمہ پر نہ صرف نبوت بلکہ ادّعاء نبوت کا بھی انقطاع فرما رہے ہیں:''وادّعاء نبوت قد انقطعت'' ہر قسم کی نبوت کا دعویٰ منقطع ہو چکا۔(فتوحات ج۳ باب۱۰ اس ۲۳ص ۳۸) یہاں لفظ نبوت کیونکر رکھا۔الف لام بھی داخل نہ کیا کہ تاویلات کا موقع ہو کہ کوئی خاص قسم کی نبوت مستقلہ وغیر مراد ہے۔ بلکہ نکرہ رکھا جو ہر قسم کی ظلی و بروزی نبوت کا خاتمہ کر رہی ہے۔

## مبشرات یعنی الہام اور رویاء صالحہ کے سوا کوئی بھی قسم وحی کی باقی نہیں

''الا تنظر الی مبادی الوحی الالٰہی النبوی انما ھی المبشرات وھی التی بقیت فی الامة بعد انقطاع النبوة'' (فتوحات ج۳ ب۱۰ اس ۲۱ص ۳۹)

کیا تو نہیں دیکھتا، مبادی وحی الٰہی نبوی کو جو مبشرات (یعنی اچھی خوابیں یا الہام ہیں) وہی صرف امت میں نبوت کے انقطاع کے بعد باقی ہیں اور بس۔

## مبشرات والا شخص نبی ہرگز نہیں ہوسکتا

حضرت شیخ اسی (فتوحات ج۳ سوال ۱۷ص ۴۳۵) پر مبشرات کا ذکر کر کے فرماتے ہیں کہ:''وھی جزء من اجزاء النبوة وان لم یکن صاحب المبشرة نبیاً فتظن لعموم رحمة اللہ فما تطلق النبوة الا من انتصب بالمجموع'' یعنی مبشرات اجزاء نبوت کا ایک جزو ہیں۔ اگرچہ صاحب مبشرات نبی نہیں ہوتا۔ کیونکہ لفظ نبوت سوائے اس شخص کے جو مجموعہ اجزاء سے متصف ہے، کسی پر بولا ہی نہیں جاسکتا۔

اسی (ج۳) میں تصریح موجود ہے کہ وحی مطلقاً مسدود ہے، صرف الہام باقی ہے۔

واعلم ان لنا من اللہ الالھام لا الوحی فان سبیل الوحی قد انقطع بموت رسول اللہ ﷺ وقد کان الوحی قبلہ ولم یجی خبر الٰھی بعدہ ﷺ وحیا لما قال اللہ تعالیٰ ولقد اوحی الیک والی الذین من قبلک ولم یذکروا وحیا بعدہ وان لم یلزم ھذا وقد فی الخبر النبی الصادق فی عیسیٰ علیہ السلام وقد کان ممن اوحیٰ الیہ قبل رسول اللہ ﷺ لا یعمل الا لسنتنا فلہ الکشف اذا نزل والھام کما لھٰذہ الامة ولا تخیل فی ھذا الھام انہ لیس بخبر الٰھی ماھو الامر کذالک بل ھو خبر الٰھی واخبار من اللہ للعبد علی ید ملک بقیت عن ھذہ الملھم وقد یلھم من وجہ الخاص بالرسول والنبی ویشھد الملک او یراہ رویة بصر عن مایوحیٰ الیہ وغیر الرسول یحس باثرہ ولا یراہ رویة بصرہ فیلھمہ اللہ ما شاء ان یلھمہ او یوتیہ من وجہ الخاص'' (فتوحات ج۳ س۳۰ص ۲۳۸)

حضرت شیخ نے اس عبارت جزیلہ میں تمام تاویلات وشبہات کا خاتمہ کر دیا اور غیر مشتبہ الفاظ میں مدعیہ کی تائید فرمادی اور اتفاق سے یہ بزرگ گواہ مدعا علیہ کو بھی مسلم ہیں۔

(ترجمہ) خوب سمجھ لو ہمیں خدا کی طرف سے صرف الہام ہوسکتا ہے نہ کہ وحی۔ کیونکہ وحی کا سلسلہ رسول اللہ ﷺ کی وفات سے یقیناً بلاشبہ منقطع ہو چکا۔ ہاں! آنحضرت ﷺ سے قبل وحی آیا کرتی تھی اور کوئی ایک بھی خدا کی جانب سے اطلاع نہیں کہ آنحضرت ﷺ کے بعد بھی وحی ہوسکتی ہے یا وحی ہے۔ جیسا کہ خود اللہ تعالیٰ نے فرمادیا کہ:''ولقد اوحی الیک والی الذین من قبلک'' اور آپ کے

بعد کسی قسم کی وحی کا ذکر نہ فرمایا اور نہایت صحیح خبر نبوی صادق میں عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق ہے (جو ان لوگوں میں ہیں جن پر رسول اللہ ﷺ سے قبل وحی ہوچکی ہے) کہ وہ عیسیٰ علیہ السلام صرف ہماری سنت پر عمل کریں گے۔ پس ان کے نزول کے بعد صرف ان پر کشف والہام ہوگا۔ جیسا کہ اس امت پر ہوتا ہے۔ اس الہام میں یہ شبہ نہ ہے کہ یہ خدا کی خبر ہی نہیں۔ یہ بات ہرگز نہیں بلکہ وہ خدا ہی کی خبر ہے۔ مگر فرشتہ الہام کی معرفت جو ملہم سے پوشیدہ ایک الہام کرتا ہے اور کبھی مخصوص طور سے الہام ہوتا ہے۔ پس رسول و نبی فرشتہ کو آنکھوں سے دیکھتے ہیں اور غیر رسول اس کے اثر کو محسوس کرتا ہے، اسے دیکھتا نہیں۔ پس اللہ تعالیٰ عیسیٰ علیہ السلام پر جو چاہے گا، الہام کرے گا...... الخ!

اس سے مندرجہ ذیل امور بوضاحت ثابت ہوگئے۔

۱...... آنحضرت ﷺ کے بعد وحی کے تمام سلسلے یک دم مسدود ہیں۔

۲...... آپ ﷺ کے بعد صرف کشف والہام باقی ہے اور بس۔

۳...... کسی آسمانی خبر آیت میں آپ ﷺ کے بعد کسی قسم کی وحی کا ذکر تک نہیں۔

۴...... عیسیٰ علیہ السلام پر نزول کشف اور الہام ہوگا۔

۵...... کبھی الہام بھی بواسطہ فرشتہ الہام ہوتا ہے۔

۶...... الہام میں غیر رسول فرشتہ کو دیکھتا نہیں، نہ اس پر نزول حقیقی ہوتا ہے، بلکہ اس کا اثر محسوس کرتا ہے۔

۷...... نبی رویت بصری سے فرشتہ وحی کو دیکھتا ہے۔

اس سے بوضاحت ثابت ہوگیا کہ حضرت شیخ نے فتوحات ہی میں ان تمام اصطلاحات کی تصریح اور وضاحت فرمادی ہے۔

نیز اس امر کو بوضاحت فرمادیا ہے کہ وحی کا سلسلہ ہر طور سے منقطع ہوچکا ہے، صرف الہام اور کشف باقی ہے۔ اس کے بعد کوئی شخص حضرت شیخ کے دامن قدس پر بہتان لگائے کہ وہ بعد آنحضرت ﷺ بقاء وحی کے قائل ہیں، تو صحیح نہ ہوگا۔

مختار مدعا علیہ نے غضب تو یہ کیا کہ فتوحات کی یہ پیش کردہ عبارت بھی قطع و برید کر کے پیش کی اور اسی سے متصل اگلا فقرہ ''ولا یشرع الا نبی ولا یشرع الا رسول'' کاٹ دیا جس میں اس کے مغالطہ کی حقیقت کھول دی ہے کہ تشریع کے وہ معنی نہیں جو وہ تصنیف کرتے ہیں بلکہ جو بھی نبی و رسول ہے وہ مشرع کہلاتا ہے۔ گویا نبی و رسول کی وحی کی وحی با تشریع کہلاتی ہے۔ یعنی وحی نبوت و رسالت منقطع ہے۔ اگر کچھ باقی ہے تو الہام و کشف واچھی خوابیں جیسا کہ ذکر ہوچکا ہے۔ اس زبردست خیانت کے بعد عدالت خود فیصلہ فرماسکتی ہے کہ گواہان مدعا علیہ کی شہادت کی جوڈیشل حیثیت سے کیا وقعت ہے۔

نوٹ: میں نے ان حوالوں کے نقل کرنے میں بہت ہی اختصار سے کام لیا۔ ورنہ (ج۲و۳) میں ایسے صریح صریح حوالے سو سے زائد موجود ہیں۔ نیز اس اصطلاح کی شرح اور توضیح مطلب اور تصریح مراد کے واسطے بالقصد میں نے حضرت شیخ کی دیگر تصانیف اور اصطلاحات صوفیہ کے حوالوں سے کام نہیں لیا۔ بلکہ اسی پیش کردہ فتوحات بلکہ زیادہ تر اسی جلد کے آگے اور پیچھے سے پیش کیا تاکہ کسی تاویل اور عذر کا موقع نہ ہو اور عدالت پر ان کی خیانت اور مغالطہ اچھی طرح آشکارا ہوجائے۔ فالله الحمد!

## اس کے جواب کے متعلق مدعا علیہ کی تاویلات

۱...... کبھی تو کہہ دیا کہ گواہ مدعیہ نمبر ۱ نے اس عبارت کا بھی ترجمہ یہ کیا ہے...... الخ!

۲...... کبھی کہا کہ لفظ تشریع کی تشریح کے ساتھ فیحل ویحرم ویبیح وغیرہ الخ بھی ہے اور یہ مخصوص وحی ہوگی۔

۳...... کبھی گواہ نمبر ۳ کی جرح میں قطع و برید کر کے عیسیٰ علیہ السلام پر وحی نبوت ثابت کرنا چاہی۔

مگر میں نے جس قدر واضح عبارات پیش کر دی ہیں، ان سے اس عبارت کی شرح اور شیخ کا مقصد اس قدر واضح ہوگیا ہے کہ مختار مدعا علیہ کی ان تاویلات رکیکہ کی طرف کسی التفات ہی کی حاجت نہیں۔ ترجمہ عبارت کا وہی صحیح مگر مطلب تو وہی ہوگا جو حضرت شیخ نے اپنی زبان فیض ترجمان سے کیا۔ ہمارے شاہدوں نے شہادت میں شیخ کی مراد بالکل واضح کر دی ہے۔ لہٰذا ترجمہ کو اس سے مراد کوئی تعارض نہیں۔

نمبر۲ میں مختار مدعا علیہ نے حضرت شیخ کی عبارت میں قطع وبرید تو تسلیم کر لی۔ مگر آگے فیحل سے جو تصریح کی ہے، اس کی آڑ لے کر اپنے کفریات ثابت کرنا چاہتا ہے۔ میں عدالت عالیہ پر واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ: ’’الوحی بالتشریع‘‘ کی شرح کا جہاں تک تعلق ہے وہ ’’ولا یشرع الا نبی ولا یشرع الا رسول خاصۃ‘‘ پر ختم ہو چکی۔ آگے ’’فیحل ویحرم ویبیح‘‘ سے اس پر ایک قسم منجملہ اقسام وحی نبوت کے ہے۔ میں اوپر حوالے پیش کر چکا کہ وہ وحی کے تمام اقسام سوائے کشف اور الہام اور اچھی خوابوں کے سب بند ہیں اور تشریع کی اصطلاح خود شیخ کی زبان فیض ترجمان سے پیش کر چکا کہ اس سے مراد وحی نبوت ہے۔ خواہ جدیدہ احکام ہوں یا نہ۔ صرف اولیاء کے واسطے کشف والہام رؤیاء صالحہ باقی رہ گئے ہیں اور تمام اجزاء نبوت منقطع ہو چکے ہیں۔ پس مختار مدعا علیہ کا یہ عذر صحیح نہیں۔

نمبر۳ میں نزول کے متعلق جو گواہ نمبر۳ کا ناتمام فقرہ اس کی مراد کے خلاف نقل کیا ہے وہ بھی ایک مغالطہ ہے۔ کیونکہ عیسیٰ چونکہ پہلے نبی ہو چکے ہیں ان پر وحی نبوت آ چکی ہے۔ اب وہ اس امت میں بحیثیت ولی ہوں گے۔ ان پر وحی نہ ہوگی۔ گو لفظ وحی مجازاً بوجہ اس کے کہ وہ پہلے نبی تھے اور ان پر وحی نبوت آتی تھی بولا جائے۔ مگر دراصل وہ الہام وکشف ہوگا۔ اس کی کافی توضیح حضرت شیخ کی عبارت سے پیش کر چکا ہوں۔ بظاہر نبوت وحی ہونا اور چیز ہے اور درحقیقت وحی نبوت ہونا اور۔ بہرحال یہ تاویل بھی محض بے کار اور صرف لاجوابی کی پریشانی میں لکھی گئی ہے۔ ورنہ شاید کوئی عقل مند آدمی میرے مدلل اور واضح بیان پر یہ نہ کہتا۔ میں پھر مکرر عدالت کی توجہ اس امر کی طرف مبذول کراتا ہوں کہ وہ میرا جواب ان تاویلات کو سامنے رکھ کر ملاحظہ فرمالے تاکہ حقیقت واضح ہو جائے کہ مختار مدعا علیہ نے اس موقع پر کس قدر مغالطہ سے کام لیا ہے اور اس کی خیانت کس قدر واضح اور ناقابل معذرت ہے۔

دوسرا حوالہ مکتوبات (مکتوب نمبر۵۱ ج۲ ص۹۹) اس کا میں نے جو مفصل اور مکمل جواب دیا تھا۔ اس کی لاجوابی کا اندازہ عدالت اس سے لگا سکتی ہے کہ جواب میں بجائے کسی معقول بات کے مختار مدعا علیہ تیز کلامی اور مخول پر اتر آیا۔ اصل الفاظ مختار مدعا علیہ ملاحظہ ہوں۔

کیونکہ مختار مدعیہ نے تو اس حوالہ کو اپنے مدعا کا مثبت قرار دیا ہے۔ حالانکہ گواہ مدعیہ نمبر۳، مؤرخہ ۲۹؍اگست کو بجواب جرح کہہ چکا ہے کہ (مکتوبات امام ربانی ج۲ ص۹۹ مکتوب۵۱) میں جو لکھا گیا ہے وہ کشفی یا الہامی ہے جو حجت نہیں اور یہ ایسی صورت پیدا ہوگئی ہے کہ مختار مدعیہ اور گواہ مدعیہ دونوں کے لئے یہ کہنے کا موقع ہے:

زخمی کرے مجھ کو میری آہ دل افسوس　　میرا ہی تیر میرے کلیجہ کے پار ہو

گواہ مدعیہ نے تو مکتوبات کے مذکورہ بالا حوالہ کو یہ کہہ کر کشفی یا الہامی ہے جو حجت قطعی نہیں اور مختار مدعیہ نے یہ کہنے کے بعد بھی کہ یہ ہمارے لئے مثبت مدعا ہے، غلط توجیہ کر کے ٹال دینا چاہا ہے۔

اس طرز کلام کو عدالت ملاحظہ فرمائے۔ میں تو اصل مدعا اور مختار مدعا علیہ کے مغالطہ پر صرف روشنی ڈالنا چاہتا ہوں۔ مختار مدعا علیہ سمجھ بیٹھا ہے کہ گواہ مدعیہ اور مختار مدعیہ کے جواب میں تعارض ہے۔ حالانکہ یہ دونوں علیحدہ علیحدہ دو جواب ہیں۔ گواہ مدعیہ نمبر۳ نے تو یہ جواب دے دیا کہ کسی بزرگ کی ذاتی تحقیقات یا اس کا کشف والہام کوئی حجت شرعی نہیں۔ پس جب کہ مسئلہ قرآن وحدیث اور دیگر حجج شریعہ سے واضح ہو چکا تو یہ حوالہ ہمارے مدعا کو خراب نہیں کر سکتا۔

## اس میں دو امر قابل تحقیق ہیں

۱...... یہ کہ یہ مجدد صاحب کی ذاتی تحقیق ہے۔

۲...... کسی کا قول وکشف والہام حجت نہیں۔

اوّل کا ثبوت اس مکتوب کے آخر میں موجود ہے کہ: ’’فافھم فان ھٰذا معرفۃ شریفۃ فلما تتکلم بھا احدا ‘‘ سے سمجھ لو کیونکہ یہ عجیب نکتہ ومعرفتہ ہے۔ کوئی بھی اسے نہ کہے گا۔ اس سے معلوم ہوگیا کہ یہ ان کی ذات اور کشفی یا الہامی یا علم لدنی کی تحقیق ہے۔ دوسرے کا ثبوت مکتوبات ہی سے پیش کرتا ہوں کسی بڑے سے بڑے بزرگ کی تحقیقات ذاتی شرع میں حجت نہیں۔

## مجدد الف ثانی کا فیصلہ اقوال بزرگان دین کے متعلق

’’ کلام محمد عربی علیہ السلام درکار است نہ کلامے محی الدین ابن عربی وصدر الدین مولوی وعبدالرزاق حماشی ما را بنص کار است نہ بنص فتوحات مدینہ از فتوحات مکیہ مستغنی ساختہ است (مکتوبات امام ربانی مجدد الف ثانی حصہ دوم دفتر اوّل ص۱۰۰) یعنی حجت شریعہ کے لئے کلام محمد عربی ﷺ درکار ہے نہ محی الدین ابن عربی وصدر الدین مولوی وعبدالرزاق کا شانی ہمارا کام نص (شرعی) سے نہ فص (فصوص الحکم) سے فتوحات مدینہ (یعنی تعلیمات آقائے مدینہ ﷺ) نے فتوحات مکیہ (یعنی تصنیف ابن عربی) سے بے نیاز کر دیا ہے۔

حضرت مولانا فرماتے ہیں:

نیست حجت ہیچ قول وفعل پیر ... قول حق او فعل احمد رابہ گیر

مکتوبات میں جا بجا ملے گا کہ اس شریعت کے مردمیدان ابوحنیفہ اور ابویوسف ہیں نہ شبلی وجنید۔ غرض یہ کہ پہلا جواب گواہ مدعیہ نے یہ دے دیا کہ یہ کوئی حجت شرعی نہیں۔ ان کی ذاتی کشفی تحقیقات ہے جو ظنی ہے اور عقائد میں قطعیات حجت ہوتے ہیں۔ مختار مدعا علیہ کو شاید یاد نہیں رہا، وہ بحیثیت گواہ مارچ ۱۹۳۳ء کہہ چکا ہے کہ باب عقائد میں ظنیت حتیٰ کہ احادیث احاد کا بھی اعتبار نہیں۔

دوسرا جواب میں نے پیش کیا ہے کہ اگر اسے ہم ایک قسم کی حجت ہی فرض کر لیں تو بھی ہمارے مدعا کے خلاف نہیں بلکہ مؤید ہے۔ کیونکہ حضرت مجدد صاحب نے بلاواسطہ کلام الٰہی کی دو قسمیں کی ہیں۔ ایک انبیاء سے مختص ہے جسے وحی نبوت کہا جاتا ہے اور وحی نبوت کی وہ ایک قسم ہے۔ دوسرا وہ جو اولیاء امت کو تبعیت ووراثت سے ہوتا ہے جس کا انتہائی کمال یہ ہے کہ وہ محدث ہو جائے اور اوپر مختار مدعا علیہ کے پیش کردہ حوالہ سے پیش کر چکا ہوں کہ محدث پر وحی نہیں ہوتی، بلکہ کثرت سے خصوصی الہام ہوتا ہے۔

میں مختار مدعا علیہ کا پیش کردہ حوالہ معہ اسی کے ترجمہ کے پیش کرتا ہوں۔ ’’الملھم المبالغ فیہ الذی انتھی ای درجۃ الانبیاء فی الھام ‘‘یعنی محدث سے ایسا ملہم مراد ہے جو الہام میں انبیاء کے درجہ کو پہنچا ہوا ہو۔ پھر حضرت عمرؓ کو ان کا کامل فرد بتایا ہے۔ (مرقات ج۵ ص۵۳۱)

اب عدالت خود ہی ملاحظہ فرمائے کہ اس سے صرف اس کلام الٰہی کا بعد آنحضرت ﷺ ہونا ثابت ہوا جو محدث پر ہوتا ہے جو الہام کا ایک اعلیٰ درجہ ہے۔ اس سے صرف الہام کا بقاء بعد آنحضرت ﷺ ثابت ہوا۔ (خواہ نام الہام سے بڑھ کر ہو اور جداگانہ نام اصطلاحی کوئی کیوں نہ رکھے) اس سے بقاء وحی نبوت ثابت نہیں۔ پس یہ حوالہ صراحۃً ہمارے موافق اور مدعا علیہ اور اس کے گواہان ومختار کے سراسر خلاف ہے۔ اس سے یہ بھی اچھی طرح واضح ہوگیا کہ گواہ مدعیہ اور مختار مدعیہ کے جواب میں کوئی بھی تعارض نہیں، بلکہ ایک جواب تقدیر عدم تسلیم اور ایک بر تقدیر تسلیم ہے۔ اسے تعارض سوائے مختار مدعا علیہ کے کوئی عقل مند نہیں سمجھتا۔ اس کا خلاصہ تو صرف یہ ہے کہ اوّل تو یہ حوالہ

حجت ہی نہیں اوران کی خاطر اگر حجت مان ہی لیں تو یہی ہمارے موافق اوران کے سراسر خلاف ہے۔

تیسرا حوالہ: مثنوی عارف رومی کا ہے:

خلق نفس از وسوسہ خالی شود مہمان وحی احد لی شود

نے نجوم است نہ رسل است نہ خواب وحی حق واللہ اعلم بالصواب

از پے روپوش عام درمیان وحی دل گویند آنرا صوفیان

(مثنوی شریف دفتر چہارم ص۱۵۱) مختار مدعا علیہ نے صرف اس کے چوتھے مصرع سے مغالطہ دینا چاہا تھا کہ وحی باقی ہے۔ مگر اللہ بے شمار رحمتیں نازل فرمائے عارف رومی قدس سرہ العزیز پر کہ اگلے شعر اور چھٹے مصرعہ میں اصل حقیقت اور اپنی نیز صوفیاء کرام کی اصطلاح بتادی کہ: ''وحی دل گویند آنرا صوفیاں'' کہ اس کا نام اصطلاح تصوف میں وحی دل ہے اور بھی گزر چکا ہے کہ وحی دل اور الہام ایک ہی شئے ہے۔ کیونکہ الہام کے معنی دردل افگندن کے ہیں۔ مفصل اصل بحث سے ملاحظہ ہو۔ پس اس سے بقاء الہام بعد آنحضرتﷺ ثابت ہوا نہ بقاء وحی نبوت۔ پس یہ حوالہ بھی ہمارا مؤید ہوا اور مختار مدعا علیہ کے سراسر خلاف ہے۔ اس کے جواب کے لئے لب کشائی تک کی ہمت نہ ہوئی۔ **فللّٰہ الحمد!**

چوتھا حوالہ (منصب امامت ص۳۱،۳۲) اس حوالہ کو بھی ماقبل ومابعد اور درمیان سے قطع وبرید کر کے شرمناک خیانت سے پیش کیا ہے۔ میں اس سے اوّل وآخر ملا کر یوں نقل کرتا ہوں جس سے ایک طرف تو اصل عبارت کا مطلب اور مختار مدعا علیہ اور اس کے گواہوں کی خیانت آشکار ہوگی۔ دوسری طرف درمیان سے جو عبارت اڑادی ہے، وہ تمام ہی آیات ہیں جو مختار مدعا علیہ نے بقاء وحی کے سلسلہ میں پیش کی ہیں۔ مگر حضرت مولانا شہید نے سب کو الہام قرار دیا ہے جس سے تمام استدلال مختار مدعا علیہ کا خورد برد ہو جاتا ہے اور یہ وہی حضرت مولانا شہید ہیں جن کو گواہان مدعا علیہ نے بھی مجدد تیرہویں صدی تسلیم کیا ہے اور اپنی تائید میں (حج الکرامہ ص۱۳۹) کا حوالہ بھی پیش کیا ہے۔ اصل عبارت منصب امامت ملاحظہ ہو۔

''تنبیہ ثالث درمیان حقیقت بعثت باید دانست کہ انبیاء علیہم السلام ماموری شوند بہ تبلیغ احکام بسوئی خواص وعوام ظاہرش ہمیں است کہ از جانب حق جل وعلا بطریق وحی یا الہام امر تبلیغ احکام بایشاں پرسد'' پھر اس کی تفصیلات پانچویں تنبیہ پر ختم فرمائیں۔ دوسری قسم کی پہلی تنبیہ کا عنوان قائم کر کے فرماتے ہیں: ''تنبیہ اوّل درمیان آنکہ بعضے از بندگان مقبولین ہر چند منصب نبوت نمی دارند اما از کمالات مذکورہ نصیب فراخور استعداد خود میدارند۔'' اس کے بعد ذکر محبوبیت برب العالمین وذکر عزت در ملائکہ وذکر ولایت وغیرہا کا ذکر کر کے لکھتے ہیں کہ: ''**اما ذکر ولایت اجمالاً من لدنا علماً** '' تک تقریباً دو صفحہ از (منصب امامت ص۳۰،۳۱،۳۲) عبارت مذکورہ سے مندرجہ ذیل نتائج ثابت ہوئے۔

۱...... انبیاء کرام کو بھی وحی ہوتی ہے اور الہام بھی۔

۲...... چونکہ انبیاء کا الہام بھی قطعی ہوتا ہے، لہٰذا وحی کہلاتی ہے۔ اس کا حکم بھی وحی ہوتا ہے۔

۳...... جو الہام غیر انبیا کو ہو وہ وحی نہیں ہوتا بلکہ تحدیث کہلاتا ہے۔

۴...... قرآن میں اس عام الہام کو بھی مجازاً وحی کہا گیا ہے۔

۵...... مطلق الہام کی چند صورتیں:

۱...... بصورت کلام از پردہ غیب جیسے: ''**واذا اوحیت الی الحوارین . واوحینا الیٰ ام موسیٰ قلنا یاذالقرنین** '' یہ سب الہام وتحدیث ہے نہ کہ وحی نبوت۔

۲...... یہی الہام بواسطہ ملک الہام ہوتا ہے۔ جیسے تمام وہ آیات جو اس سلسلہ میں مختار مدعا علیہ نے پیش کی ہیں۔
۳...... کبھی اس الہام کا یہ طریقہ ہوتا ہے کہ خودبخود صاحب الہام کے دل سے جوش مارتا ہے۔
۴...... اس میں سے جو قسم الہام کی انبیاء کرام کو ہوتی ہے، اسے نقش فی الروح کہتے ہیں اور جو اولیاء اللہ کو ہوتی ہے اسے نطق سکینہ کہتے ہیں۔

عدالت خود ملاحظہ فرمائے کہ کس قدر وضاحت کے ساتھ وحی والہام کی تقسیم فرمائی ہے اور وحی مطلقاً بمعنی وحی نبوت اور الہام کی وہ قسم جو وحی کہلاسکتی ہے۔ انبیاء کے ساتھ مختص کردی ہے۔ بعد کے واسطے کوئی سلسلہ وحی نہ چھوڑا۔ صرف الہام کے وہ اقسام جو اولیاء اللہ میں پائے جاتے ہیں اور تحدیث یا نطق سکینہ یا الہام وکشف سے نامزد کئے جاتے ہیں۔ جیسا کہ فتوحات سے مفصل پیش کر چکا باقی بتایا ہے۔ پس اس سے بھی ہماری ہی تائید ہوئی، الہام باقی ہے نہ وحی، نہ الہام بمعنی وحی۔ لہٰذا بقاء وحی غیر تشریعی کی دلیل کا اس میں اشارہ تک نہیں۔ بلکہ اس کے خلاف تصریح ہے یہ صرف مختار مدعا علیہ کا مغالطہ تھا۔ عدالت خود اصل عبارت بلکہ اصل کتاب ملاحظہ فرمائے۔

## مختار مدعا علیہ کی تاویلات رکیکہ

’’واما ذکر ولایت اجمالاً فقد قال اللہ تعالیٰ الا ان اولیآء اللہ لا خوف علیھم ولا ھم یحزنون الذین اٰمنوا وکانوا یتقون لھم البشریٰ فی الحیوٰۃ الدنیا وفی الاخرۃ. وقال اللہ تعالیٰ ان اولیآء الا المتقون‘‘

واما ذکر شعیب آن تفصیلاً پس باید دانست کہ ازان جملہ الہام است ہمیں الہام کہ بانبیاء اللہ ثابت است آن را وحی میگونید۔ واگر بغیر ایشان ثابت میشود او را تحدیث میگونید وگاہے۔ در کتاب اللہ مطلق الہام را خواہ بانبیاء اللہ ثابت است خواہ باولیاء اللہ وحی نامند وایں مطلق الہام گاہے درصورت کلام پردہ غیب ممکن لاریب نازل میگردد۔ ’’کما قال اللہ تعالیٰ اذ اوحیت الی الحوارین ان اٰمنوا بی وبرسولی وقال اللہ تعالیٰ واحینا الیٰ ام موسیٰ ا ن ارضعیہ واذا خفت علیہ فالقیہ فی الیم ولا تخافی ولا تحزنی انا رآدوہ الیک وجاعلوہ من المرسلین. وقال اللہ تعالیٰ قلنا یا ذالقرنین اما ان تعذب واما تتخذ فیھم حسناً وقال النبی ﷺ قد کان فیمن قبلکم من الامم محدثون فان یک فی امتی احد انہ عمر‘‘

وگاہی ہمیں الہام بواسطۂ ملک میشود’’کما قال اللہ تعالیٰ واذکر فی الکتاب مریم اذانتبذت من اھلھا مکاناً شرقیاً فاتخذت من دونھم حجابا فارسلنا الیھا روحنا فتمثل لھا بشراً سویا قالت انی اعوذبالرحمن منک ان کنت تقیاً قال انما ان رسول ربک لاھب لک غلام زکیاً قالت انیٰ یکون لی غلام ولم یمسسنی بشر ولم اک بغیا قال کذالک قال ربک ھو علیّ ھیّن ولنجعلہ آیت للناس ورحمۃ منا وکان امرا مقضیاً وقال اللہ تعالیٰ واذ قالت الملآئکۃ یامریم ان اللہ اصطفاک وطھرک واصطفاک علی نسآء العالمین یا مریم اقنتی لربک واسجدی وارکعی مع الراکعین وقال اللہ تعالیٰ اذ قالت الملآئکۃ یامریم ان اللہ یبشرک بکلمۃ منہ اسمہ المسیح عیسیٰ بن مریم وجیھاً فی الدنیا والآخرۃ ومن المقربین‘‘

وگاہے ہمیں الہام بہ ہمیں طریق واقع می شود کہ خودبخود از دل صاحب الہام کلامی جوش می زند وآں را برزبان می آرند وفی الحقیقۃ آن کلام رحمانی است بہ زبان او جاری گشتہ نہ کلام نفسانی این قسم الہام کہ بہ انبیاء اللہ می شود او را نفث فی الروع گونید’’کما قال النبی ﷺ الا ان روح القدس نفث فی روعی‘‘ اگر بہ نسبت اولیاء اللہ می شود او را نطق سکینہ میگونید چنانچہ صحابہ ذکر فرمودہ اند’’ما کنا نعد ان السکینۃ تنطق علی لسان عمر وقلبہ‘‘ وبسیار قصص از مثال ایں از جناب فاروق اعظم مروی است واز جملہ اقسام الہام خوب است کہ کسی را از مقبولین عالی مقام درحالت منام برامرے از امور غیبیہ مطلع می فرمانید۔’’قال النبی ﷺ لم یبق من النبوۃ الا

المبشرات قالوا وما المبشرات قال الرؤیا الصالحۃ یریھا المؤمن او تری لہ ’’(واز عمدہ کمالات ولایت تعلیم غیبی است)‘‘ قال اللّٰہ تعالیٰ وقال لھم نبیھم ان اللّٰہ قد بعث لکم طالوت ملکا قالوا انی یکون له الملک علینا ونحن احق بالملک منه ولم یوت سعة من المال قال ان اللّٰہ اصطفیٰ علیکم وزادہ بسطة فی العلم والجسم‘‘ وظاہر است کہ طالوت نبی نہ بود‘‘ وقال اللّٰہ تعالیٰ فوجدا عبدا من عبادنا اٰتیناہ رحمة من عندنا وعلمناہ من لدنا علما‘‘ (منصب امامت ص۳۰ تا۳۲) عبارت مذکورہ سے مندرجہ ذیل امور ثابت ہوئے۔

۱...... انبیاء کرام کو بھی وحی ہوتی اور الہام بھی۔

۲...... چونکہ انبیاء کا الہام بھی قطعی ہوتا ہے لہٰذا وحی کہلاتی ہے۔اس کا حکم بھی وحی کا ہوتا ہے۔

۳...... جو الہام غیر انبیاء کو ہو وہ وحی نہیں ہوتا۔ بلکہ تحدیث کہلاتا ہے۔

۴...... قرآن میں اس عام الہام کو بھی مجازاً وحی کہا گیا ہے۔

## مطلق الہام کی چند صورتیں

۱...... بصورت کلام از پردہ غیب۔ جیسے’’واوحینا الی الحوارین. واوحینا الی ام موسیٰ. وقلنا یا ذا القرنین‘‘ یہ سب الہام وتحدیث ہے نہ کہ وحی نبوت۔

۲...... یہی الہام بواسطہ ملک الہام ہوتا ہے۔ جیسے’’فارسلنا الیھا روحنا. اذ قالت الملآئکة یا مریم‘‘ وغیرہ! تمام وہ آیات جو مختار مدعا علیہ نے پیش کی ہیں۔

۳...... کبھی اس الہام کا یہ طریقہ ہوتا ہے کہ خود بخود صاحب الہام کے دل سے جوش مارتا ہے۔

۴...... اس میں سے جو قسم الہام کی انبیاء کرام علیہم السلام کو ہوتی ہے. اسے نفث فی الروع کہتے ہیں اور جو اولیاء اللّٰہ کو ہوتی ہے, اسے نطق سکینہ کہتے ہیں۔

عدالت خود ملاحظہ فرمائے کہ کس قدر وضاحت کے ساتھ وحی الہام کی تقسیم فرمائی ہے اور وحی مطلقا بمعنی وحی نبوت اور الہام کی وہ قسم جو وحی کہلا سکتی ہے۔ انبیاء کے ساتھ مخصوص کر دی ہے. بعد کے واسطے کوئی سلسلہ وحی نہ چھوڑا۔ صرف الہام کے وہ اقسام جو اولیاء اللّٰہ میں پائے جاتے ہیں اور تحدیث یا نطق سکینہ یا الہام وکشف سے نامزد کئے جاتے ہیں۔ جیسا کہ فتوحات سے مفصل پیش کر چکا باقی جو بتایا ہے۔ پس اس سے بھی ہماری تائید ہوئی الہام باقی ہے نہ وحی، نہ الہام بمعنی وحی۔ لہٰذا ابقاء وحی غیر تشریعی کی دلیل کی اس میں اشارہ تک نہیں۔ بلکہ اس کے خلاف تصریح ہے۔ یہ صرف مختار مدعا علیہ کا مغالطہ تھا۔ عدالت خود اصل عبارت بلکہ اصل کتاب ملاحظہ فرمائے۔

اس قدر واضح اور صریح عبارت کے متعلق مختار مدعا علیہ کی مندرجہ ذیل تاویل کسی قدر بہتان وافتراء پر جرأت وجسارت ہے کہ: ’’مگر دونوں کے مسلم ومقتداء پیشواء جناب مولوی اسماعیل صاحب کا جو حوالہ گواہان مدعا علیہ نے پیش کیا ہے، وہ ان دونوں کے خلاف اور احمدیوں کی تائید ہے۔‘‘

الجواب:

۱...... مولانا شہید کا علم وفضل روشن ہے مگر مختار مدعا علیہ انہیں مدعیہ یا گواہ مدعیہ یا مختار مدعیہ کا مسلم مقتداء وپیشواء جو لکھ رہا ہے یہ جوڈیشنل اصول پر درست نہیں۔ کوئی ایک سوال جرح میں ان کے متعلق نہیں آیا۔ اس پر عدالتی یہ نوٹ موجود ہے کہ فریق اوّل کو ان الفاظ پر یہ اعتراض ہے کہ یہ الفاظ انہوں نے تسلیم کئے۔ مختار مدعا علیہ اس کا حوالہ مسل سے پیش کرے مگر وہ نہ پیش کر سکا۔

۲...... اس کو احمدیوں کی تائید سمجھنا شاید بناء غلط فہمی ہو۔ ورنہ اس میں کہیں تائید کا اشارہ کنایہ تک نہیں۔ کیونکہ مرزاصاحب کے آیتوں کا دعویٰ بقاء وحی غیر تشریعی ہے اور یہاں وحی مطلقاً بلکہ وہ الہام بھی جو بمعنی وحی انبیاء کرام کو ہوتا ہے بند ہے۔ صرف الہام اور تحدیث ونطق سکینہ یا رؤیاء صالحہ باقی ہیں اور باقی تمام سلسلہ وحی منقطع ومسدود۔ پس اس سے اپنی تائید نکالنا مختار مدعاعلیہ کی خوش فہمی ہے۔ ورنہ مطلب واضح ہے۔

۵...... پانچواں حوالہ تفسیر (روح المعانی ج۷ ص۶۵) اس میں ابن حجر ہیثمی کا قول نقل کیا ہے کہ عیسیٰ پر وحی وقت نزول بواسطہ جبرئیل ہوگی۔

الجواب: اس کا مکمل جواب اوپر گزر چکا مختار مدعاعلیہ حسب عادت ایک ایک چیز کو متعدد مرتبہ لاکر طول دیتا ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ ابن حجر ہیثمی کی ذاتی رائے ہے جو قرآن وحدیث اور علماء سلف کے سراسر خلاف ہے جو کسی پر حجت نہیں۔ مسلمہ فریقین کے بزرگ امام محی الدین ابن عربی فرماتے ہیں کہ: ''**فله الكشف اذ نزل والالهام**'' کہ نزول کے بعد اس پر کشف والہام ہوگا نہ وحی۔ گو لفظ وحی کا مجازاً بمعنی الہام اس پر بولا جائے۔ پورا حوالہ اس سے قبل (فتوحات ج۳ ب۳۵۳ س۳ ص۲۳۸) سے نقل کر چکا ہوں۔

گواہ مدعاعلیہ کے مسلم بزرگ امام شعرانی (یواقیت مبحث ۳۵ ص۱۸۸،۱۸۹) پر فتوحات سے نقل کرتے ہیں کہ: ''**وهذا باب الخلق بعد موته محمد ﷺ فلا يفتح لاحد الى يوم القيامة ولكن بقى للاوّلياء وحى الالهام الى قوله قال ولو ان الوحى على لسان جبرئيل علیہ السلام كان باقياً محمد ﷺ لكان عيسىٰ علیہ السلام اذا نزل لا يحكم بشريعة محمد ﷺ وانما يحكم بشريعة ان يوحى اليه جبرئيل الى قوله اعلم ان الوحى لا ينزل به الملك على غير قلب النبى اصلاً**''

وحی کا بیان کر کے فرمایا کہ یہ دروازہ وحی نبوت بعد وفات محمد ﷺ بند ہو چکا۔ اب یہ قیامت تک کسی کے واسطے نہیں کھل سکتا۔ اولیاء کے واسطے صرف وحی الہام ہے نہ کوئی وحی۔ آگے تصریح فرمائی کہ اگر بواسطہ جبرئیل سلسلہ وحی بعد آنحضرت ﷺ باقی ہوتا تو عیسیٰ علیہ السلام بعد نزول شریعت محمد یہ کے کیوں پیرو ہوتے وہ اسی وحی کی اتباع کرتے جو جبرئیل لاتے۔ کتنی وضاحت سے امام شعرانی اور امام ابن عربی جو گواہ مدعاعلیہ کے بھی مسلم بزرگ ہیں۔ تصریح فرمارہے ہیں کہ عیسیٰ علیہ السلام پر بعد نزول صرف کشف والہام بلاواسطہ جبرئیل ہوگا۔ وحی بواسطہ جبرئیل ہرگز نہ ہوگی۔

اس کے مقابل پر ابن حجر ہیثمی جیسے غیر مسلم شخص کی شخصی رائے پیش کرنا صرف مختار مدعاعلیہ کی رائے ہے اور تعجب تو اس پر ہے کہ اپنے نبی کے خلاف اس نے ابن حجر ہیثمی کو کیوں مان لیا۔ حالانکہ مرزاصاحب کے خلاف احادیث نبویہ بھی عیاذاً باللہ ردی کی طرح پھینک دیتے ہیں اور خود مرزاصاحب (ازالہ اوہام ص۴۱۱، خزائن ج۳ ص۵۷۷) پر فرماتے ہیں کہ: ''ایک فقرہ بھی جبرئیل لائیں وہ بھی وحی نبوت ورسالت ہے جو بند ہے۔'' ملاحظہ فرمائیں وحی تو بڑی چیز ہے۔ ایک فقرہ لانے کو بھی ممانعت فرمارہے ہیں۔ اس سے علاوہ ہمارے جواب کی تکمیل کے مختار مدعاعلیہ کو خود مرزاصاحب کی کتب سے ناواقفی اچھی طرح واضح ہوگئی۔ بہرحال یہ حوالہ بھی مدعاعلیہ کے لئے مفید اور ہم پر حجت نہ ہوسکا۔

## ساتواں حوالہ حجج الکرامۃ

کہ: ''آرندہ وحی بسوی او جبرئیل باشد بلکہ ہمیں یقین دارم''

الجواب: یہی ماسبق جواب بعینہٖ کافی ہے۔ تفصیل اوپر گزر چکی۔ نواب صدیق حسن خاص غیر مقلد کی ذاتی اور شخصی رائے کتاب اللہ اور کتاب الرسول اور مسلم بزرگان دین واسلام کے خلاف ہرگز حجۃ نہیں ہوسکتی، نہ وہ امام ہیں، نہ مسلم عالم، نہ ہمارے فرقہ کے، نہ مرزاصاحب کے۔ ان کا حوالہ بالکل غیر متعلق ہے۔ باقی گواہوں کا انہیں مسلمان کہنا یہ اور چیز ہے اور مسلم ہونا اور بات۔ دنیا میں ہزاروں مسلمان فاش غلطیاں کرنے والے فاسق وفاجر بھی ملیں گے اور جو مسلمان بھی ہیں۔ پھر انہیں مسلم کون مانتا ہے۔

فتاویٰ رشیدیہ میں انہیں رئیس عالمین بالحدیث یعنی غیر مقلد بتا کے ان کے حوالے غیر مقلدین پر اتمام حجت کے لئے نقل کئے ہیں۔ اس سے ان کا مسلم ہونا ثابت نہیں ہوسکتا۔ تمام مسلمان مرزاصاحب اوران کے خلفاء کے حوالے الزاماً نقل کرتے ہیں۔ کیا خلفاء یا مرزاصاحب کو تسلیم کرلیا۔ مفصل جواب اوپر دومرتبہ عرض کر چکا ہوں۔

آٹھواں حوالہ بھی پہلے حوالہ کا تتمہ وہی تشریع اور غیر تشریع کے متعلق یواقیت کا ہے جس کا جواب مکمل پہلے نمبر میں آچکا ہے اور اصل بحث میں جو جواب دیا تھا، مختار مدعاعلیہ نے اسے لاجواب سمجھ کر نام تک نہ لیا۔ لہٰذا اسی کا حوالہ دے کر عدالت کی توجہ گرامی اصل بحث کی طرف مبذول کراتا ہوں۔ اگر طوالت کا خوف نہ ہوتا تو میں بھی مختار مدعاعلیہ کی طرح بار بار وہی عبارت دہراتا رہتا۔ ملاعلی قاری نے صرف اس حدیث کی باعتبار سند کے تردید کی ہے جس کے الفاظ یہ ہیں: ''ان جبرئیل لا ینزل ...... الخ!'' اس سے اس کا نواب صاحب کا مؤید ہونا نہیں پایا جاتا۔ نیز کسی کا قول نقل کرنا اور چیز ہے اور تائید کرنا اور بات ہے۔ یہی مضمون کتاب الاشاعت کا ہے۔ غرض ایک ہی چیز ہے، مکرر نقل سے مکرر دلیل نہیں بن سکتا۔

## خلاصہ بحث

مختار مدعاعلیہ اوراس کے گواہ ایک آیت یا ایک حدیث یا ایک کسی مسلم بزرگ کا قول نہ پیش کر سکے جس سے بقاء وحی غیر تشریعی آنحضرت ﷺ سے ثابت ہوسکتا۔ ہاں! الہام کے بقاء کے متعلق حوالے نقل کئے، وہ ہمارے مؤید ہیں اوران کے مخالف ہیں۔ ہم تو یہی کہتے ہیں کہ وحی نبوت مطلقاً بند ہے۔ الہام، کشف، وحی مجازی، لغوی باقی ہے۔

بخلاف اس کے انسداد وحی نبوت پر ہم نے سات آیات خاتم النّبیین کی تفسیر سے اور آیات مفصل کل (۱۵) آیات اور (۲۵) مفصل اور چار صریح حدیثیں اسی سلسلہ کی نیز مسلم بزرگان دین کے فتوحات، یواقیت، علم الکتاب، فتاویٰ ابن حجر مکی، شفاء شریف، شرح شفاء ملا علی قاری، نسیم الریاض علامہ خفاجی وغیرہ سے متعدد صریح صریح لاجواب حوالے پیش کئے جس میں اکثر تو ایسے لاجواب ہیں، جن کا بحث میں مختار مدعاعلیہ نے نام تک نہ لیا اور بعضوں میں مغالطہ دینے کی ناکام کوشش کی جس کی حقیقت جواب الجواب میں آشکار ہوگئی۔ بہرحال ہم نے یہ مسئلہ بحمداللہ ۴۵، ۵۰ دلیلوں سے روز روشن کی طرح واضح کردیا کہ آنحضرت ﷺ کے بعد وحی نبوت کا سلسلہ منقطع ومسدود ہے۔ مرزاصاحب کے مریدین کے واسطے مرزاصاحب کی بھی سند پیش کردی کہ جب تک دعویٰ نبوت صاف نہ تھا فرماتے ہیں کہ: ''لیکن وحی نبوت پر تو تیرہ سو برس سے مہر لگ گئی۔'' (ازالہ اوہام ص۵۳۴، خزائن ج۳ ص۳۸۷)

''آپ کی وفات کے بعد وحی نبوت منقطع ہوگئی ہے اور آپ کے ساتھ نبوت کو ختم کردیا ہے۔''

(حمامۃ البشریٰ ص۴۹، خزائن ج۷ ص۲۴۳)

(۶)

## مرزاصاحب کے نزدیک صرف تشریعی وحی بند ہے

اس سلسلہ میں بلاوجہ (توضیح مرام، ازالہ اوہام، کشتی نوح، استفتاء پرانی تحریریں، براہین احمدیہ، حقیقت الوحی، مواہب الرحمٰن، آئینہ کمالات اسلام، ضمیمہ براہین ج۵، ایک غلطی کا ازالہ، چشمہ معرفت، سرمہ چشم آریہ، تتمہ حقیقت الوحی، الوصیۃ، تجلیات الٰہیہ) کے متعدد جدید حوالہ دے کر لاحاصل طول دیا اور یہ ثابت کرنا چاہا ہے کہ جس وحی کو مرزاصاحب بند فرماتے ہیں۔ وہ وحی تشریعی ہے ورنہ مطلق وحی کا دعویٰ اور یہ کہ آپ کو وحی ہوتی ہے۔ مرزاصاحب نے اپنی کل کتب میں تقریباً لکھا ہے۔

الجواب:

۱...... اس سے ہمارا نقصان کیا گویا یہ تو اقراری کفر ہے۔

۲...... مرزا صاحب کی عادۃ ہی متعارض اقوال کی ہے اور بھی کافی دلیل اس امر کی ہے کہ ان کے کشوف اور الہامات رحمانی نہیں۔ جیسا کہ شیخ نے فتوحات میں جابجا لکھا ہے اور تائید امیں ’’ولو کان من عند غیر اللہ لو جدوا فیہ اختلافاً کثیراً‘‘ پیش فرمایا ہے۔

۳...... ان عبارات میں یا وحی تشریعی اور غیر تشریعی کا ذکر ہے یا مطلق وحی کا۔ مگر میں نے وحی نبوت ورسالت کا انقطاع وانسداد مرزا صاحب کی عبارت سے پیش کیا ہے جو میرا دعویٰ تھا اور صریح عبارت پیش کی ہے۔

پھر ملاحظہ فرمائیں کہ:

۱...... ’’کیونکہ جس میں شان نبوت باقی ہے۔ اس کی وحی بلاشبہ وحی نبوت ہے۔‘‘ (ایام الصلح ص۱۴۶، خزائن ج۱۴ ص۳۹۳)

۲...... ’’نبی کی وحی، وحی نبوت کہلائے گی۔‘‘ (سراج منیر ص۴، خزائن ج۱۲ ص۶)

۳...... ’’ایک فقرہ ہی جبرئیل علیہ السلام لائیں وہ بمعنی وحی نبوت ورسالت ہے جو بند ہے۔‘‘ (ازالہ اوہام ص۵۷۷، خزائن ج۳ ص۴۱۱)

۴...... ’’لیکن وحی نبوت پر تو تیرہ سو برس سے مہر لگ گئی۔ کیا یہ مہر روشن وقت ٹوٹ جائے گی۔‘‘ (ازالہ اوہام ص۵۳۴، خزائن ج۳ ص۳۸۷)

ان واضح عبارات کی شرح ان گول مول عبارات سے ناممکن ہے۔

## (۷)

## کیا مسیح موعود کے نزدیک آپ کی وحی قرآنی وحی کے برابر ہے

مذکورہ بالا حوالہ جات جو عنوان نمبر۲ میں درج کئے گئے وہ تو جب کے ہیں کہ اس وقت تک دعویٰ نبوت نہ تھا اور ختم نبوت کے مسئلہ میں مسلمانوں کے ہمنواء تھے۔ اس کے بعد دعویٰ نبوت بلکہ نبوت مستقلہ اور وحی وغیرہ کا کیا اور وحی بھی کوئی گھٹیا نہیں۔ بلکہ قرآن کے ہم پلّہ۔ اس کی طرح منزہ قابل ایمان لانے کے ملاحظہ ہو۔

۱...... ’’جب کہ مجھے اپنی وحی پر ایسا ایمان ہے۔ جیسا کہ توریت اور انجیل اور قرآن کریم پر۔‘‘ (اربعین نمبر۴ ص۱۹، خزائن ج۱۷ ص۴۵۴)

آنچہ　من　بشنوم　زوحی　خدا　بخدا　پاک　دانمش　زخطا

ہمچو　قرآن　منزہ　اش　دانم　از　خطاہا　ہمیں　است　ایمانم

(درثمین فارسی ص۷۷، نزول المسیح ص۹۹، خزائن ج۱۸ ص۴۷۷)

اس کی تاویلات رکیکہ جو مختار مدعا علیہ نے پیش کی ہیں یا مرزا صاحب کی دوسری مجمل عبارات الہدیٰ، نزول المسیح وغیرہا سے پیش کی ہیں۔ ان کے متعلق یہی گزارش ہے کہ وہ جواب نہیں ہوسکتیں۔ چونکہ مفصل بحث اوپر سلسلہ ایمانیات میں گزر چکی ہے۔ اس کا اعادہ نہیں کرتا۔ صرف حوالہ پر اکتفاء کرتا ہوں اور عدالت کی توجہ اس امر کی طرف مبذول کراتا ہوں کہ واضح عبارت کا حل مجمل اور محتمل المعنی عبارت سے نہیں ہوا کرتا۔ نیز جس شخص کی عادت متعارضات اور اختلاف گوئی کی ہو۔ اس کی ایک عبارت دوسری کی شرح نہیں بن سکتی۔

پہلی وجہ تکفیر یعنی دعویٰ وحی نبوت ختم ہوا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# ختم نبوت

دوسری وجہ تکفیر ختم نبوت کا انکار اور خاتم النّبیین کے بعد نبوت کا دعویٰ کرنا اور اپنے آپ کو تشریعی نبوت کا مدعی سمجھنا اور احکام شرعیہ میں تغیرّ وتبدّل کرنا۔

## دوسری وجہ تکفیر کا رد

## جماعت احمدیہ حضورﷺ کو خاتم النّبیین یقین کرتی ہے

قول مختار مدعا علیہ:

دوسری وجہ تکفیر فریق مخالف نے یہ بیان کی ہے کہ: ’’مرزاصاحب اور آپ کے معتقدین آنحضرتﷺ کے خاتم النّبیین کے منکر ہیں اور آنحضرتﷺ کو خاتم النّبیین یقین کرنا ضروریات دین سے ہے اور ضروریات دینی سے کسی کا انکار کرے وہ کافر ہے۔لہٰذا مرزا صاحب اور ان کے متبعین کافر ہوئے۔‘‘

اس مدعا کے نقل میں اسی مدعا ومغالطہ سے کام لیا ہے۔صرف خاتم النّبیین کا انکار نہیں۔ بلکہ خاتم النّبیین کا اسلامی معنی کے رو سے انکار ہے۔جیسا کہ میں اصل بحث میں بوضاحت پیش کر چکا ہوں جس کا جواب تو کجا ذکر تک بھی نہیں کیا گیا اور یہی خاتم النّبیین بمعنی تمام نبیوں کے آخری نبی جس کے بعد کوئی نبی نہ بنایا جائے۔ضروریات دین سے ہیں جس کے واسطے شہادت اور بحث میں حوالہ مندرجہ ذیل تفصیل سے پیش ہو چکے۔

۱…… ’’اوّل الانبیاء آدم وآخرھم محمدﷺ‘‘ (شرح عقائد ص۹۹)

۲…… ’’اذ لم یعرف ان محمداًﷺ آخر الانبیاء فلیس بمسلم لانہ من ضروریات الدین‘‘ (اشباہ والنظائر ص۲۹۶)

یہی تصریحات تقریباً ۱۵ کتب سے جن میں (بحرالرائق ج۵ ص۱۳۰) بھی ہے جسے گواہ نمبر۱ نے بجواب جرح ۷؍مارچ ۱۹۳۳ء مسلم مانا ہے۔

پس خلاصہ یہ ہوا کہ آنحضرتﷺ کا خاتم النّبیین بمعنی تمام نبیوں کا آخری ہونا ضروریات دین سے ہے اور اس کا منکر کافر ہے اور ظاہر ہے کہ مرزاصاحب آخروقت تک اسی کفر پر قائم رہے اور ان کے امتی اس وقت تک اس کفر پر مصر ہیں۔لہٰذا ان کے کفر میں شک وشبہ کی گنجائش نہیں۔

مختار مدعا علیہ نے اصل اعتراض کو نظر انداز کر کے لفظ خاتم النّبیین کا اقرار مرزاصاحب کی کتب ذیل سے پیش کیا ہے۔

(۱)انجام آتھم۔ (۲)الحکم ۱۷؍مارچ ۱۹۰۵ء۔ (۳)ازالہ اوہام۔ (۴) آئینہ کمالات۔ (۵)ایام الصلح۔ (۶) کرامات الصادقین۔(۷)ایک غلطی کا ازالہ۔(۸)مواہب الرحمٰن۔(۹)حقیقت الوحی۔(۱۰)استفتاء۔نیز بیان گواہ نمبر۱۔

### اصل معاملہ

بات یہ ہے کہ مرزاصاحب جب تک خود کھل کے نبی نہ بنے تھے اور وہ نبوت پر پردے ڈال رکھے تھے۔اس وقت تک تو خاتم النّبیین کے لفظ کا بھی اقرار ہے اور اسلامی معنی کا بھی ملاحظہ ہو۔

۱...... (ایام الصلح ص ۷۴، خزائن ج ۱۴ ص ۳۰۸) ’’اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ’’ولکن رسول اللہ وخاتم النّبیین ‘‘اورحدیث میں ہے: ’’لانبی بعدی ‘‘......تا اور اگر کوئی نبی نیا یا پرانا آوے تو ہمارے نبی ﷺ کیونکر خاتم الانبیاء رہیں۔ ہاں! وحی ولایت ومکالمات الٰہیہ کا دروازہ بند نہیں۔‘‘

۲...... (ایام الصلح اردو ص ۱۴۶، خزائن ج ۱۴ ص ۳۹۲)

۳...... ’’مسیح کیونکر آسکتا تھا، وہ رسول تھا اور خاتم النّبیین کی دیوار اس کو آنے سے روکتی ہے۔ سو اس کے ہمرنگ آیا وہ رسول نہیں، مگر رسولوں کے مشابہ ہے۔‘‘ (ازالہ اوہام ص ۵۲۲، خزائن ج ۳ ص ۳۸۰)

۴...... ’’اکیسویں آیت: ’’ماکان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول اللہ وخاتم النّبیین ‘‘یعنی محمد ﷺ تم میں سے کسی مرد کا باپ نہیں۔ مگر وہ رسول اللہ ہے اور ختم کرنے والا نبیوں کا۔ یہ آیت بھی صاف دلالت کر رہی ہے کہ بعد ہمارے نبی ﷺ کے کوئی رسول دنیا میں نہیں آئے گا۔‘‘ (ازالہ اوہام ص ۶۱۴، خزائن ج ۳ ص ۴۳۱)

۵...... ’’قرآن کریم بعد خاتم النّبیین کے کسی رسول کا آنا جائز نہیں رکھتا۔ خواہ وہ نیا رسول ہو یا پرانا ہو۔ کیونکہ رسول کو علم دین بتوسط جبرئیل علیہ السلام ملتا ہے اور باب نزول جبرئیل بہ پیرایہ وحی رسالت مسدود ہے اور یہ بات خود ممتنع ہے کہ دنیا میں رسول تو آوے، مگر سلسلہ وحی رسالت نہ ہو۔‘‘ (ازالہ اوہام ص ۷۶۱، خزائن ج ۳ ص ۵۱۱)

۶...... (حمامۃ البشریٰ ص ۲۰، خزائن ج ۷ ص ۲۰۰) ’’الا تعلم ان الرب الرحیم الیٰ قولہ وختم اللہ بہ النّبییون ‘‘

۷...... ’’اور سیدنا ومولانا حضرت محمد مصطفی ﷺ ختم المرسلین کے بعد کسی دوسرے مدعی نبوت ورسالت کو کافر اور کاذب جانتا ہوں۔ میرا یقین ہے کہ وحی رسالت حضرت آدم صفی اللہ سے شروع ہوئی اور جناب رسول اللہ ﷺ پر ختم ہوگئی۔‘‘

(اشتہار ۲؍اکتوبر ۱۸۹۱ء، مجموعہ اشتہارات ج ۱ ص ۲۳۰، ۲۳۱، حقیقت النبوۃ ص ۸۹، انوار العلوم ج ۲ ص ۴۲۳، ۴۲۴)

۸...... (آسمانی فیصلہ ص ۳، خزائن ج ۴ ص ۳۱۲) وغیرہا وغیرہا۔

مگر یہ عقیدہ مسلمانوں کے مطابق ۱۹۰۱ء سے قبل تھا۔ اس کے بعد نبوت سے پردہ اٹھا اور خود نبی ورسول بلکہ تمام رسولوں سے اعلیٰ جس سے تمام رسول زندہ ہوگئے تو صرف لفظ خاتم النّبیین فرماتے رہے اور معنی بدل ڈالے۔ چنانچہ پیش کردہ حوالوں سے جو ۱۹۰۱ء کے بعد کے ہیں۔ صرف لفظ خاتم النّبیین ضرور ہے مگر اسلامی معنی جو ضروریات دینی سے ہے کہ ایسے آخری نبی جس کے بعد کسی قسم کا کوئی بھی نبی نہ بن سکے۔ ہرگز نہیں ہے۔

لہٰذا بلحاظ اسلامی معنی مرزاصاحب کا خاتم النّبیین سے منکر ہونا بدستور رہا۔ اس مغالطہ سے اس کا جواب نہ بن سکا۔ باقی تفصیل ان شاء اللہ تعالیٰ! آگے اپنی جگہ پر آئے گی۔

## جمیع مسلمان بعد حضرت ﷺ ایک نبی کا آنا مانتے ہیں

اس ہیڈنگ میں بھی لفظوں کے ہیرپھیر کا ایک مغالطہ ہے جو آگے معلوم ہوگا۔ یہاں صرف یہ گزارش ہے کہ جمیع مسلمان حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے منتظر ضرور ہیں۔ مگر ایک مسلمان بھی آنحضرت ﷺ کے بعد کسی کا نبی بنایا جانا یا کسی کو آپ کے بعد منصب نبوت عطاء ہونا جائز نہیں سمجھتا۔ بلکہ آپ کے بعد دعویٰ نبوت کو کفر سمجھنا اجماعی عقیدہ ہے۔ جیسا کہ اپنی جگہ پر آئے گا۔ پس کسی گزشتہ نبی کا بحیثیت امتی یا مجدد آنا اور چیز ہے اور کسی کا منصب نبوت پر فائز ہونا اور۔ آنحضرت ﷺ کے بعد دعویدار نبوت ہوکر نبی بننا اور معاملہ ہے ہر عقلمند دونوں کے فرق کو سمجھتا ہے۔ مختار مدعا علیہ بلاوجہ مغالطہ دینا چاہتا ہے۔ فاعتبروا یا اولی الابصار!

## خلاصہ استدلال مختار مدعا علیہ

اس ہیڈنگ کے تحت مختار مدعا علیہ نے جو پیش کیا ہے۔ اس کا خلاصہ صرف اس قدر ہے کہ اگر خاتم النّبیین کے معنی یہ ہوں کہ آپ کے بعد کوئی نبی نہیں آ سکتا تو یہ معنی تمام مسلمانوں کے عقیدے کے خلاف ہیں۔ کیونکہ وہ آنحضرت ﷺ کے بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا آنا بحیثیت نبی کے مانتے ہیں اور گواہ مدعیہ نمبر۴ کی جرح سے تائید کی کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام جب نازل ہوں گے تو نبی ہوں گے۔ یوں ہی ملّا علی قاری سے کہ جس نے یہ کہا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام مسلوب النبوۃ ہوکر آئیں گے وہ کافر ہوگیا۔ کیونکہ نبی سے اس کی موت کے بعد بھی وصف نبوت زائل نہیں ہوتا۔ پس اگر خاتم النّبیین سے مراد ہر قسم کے نبی ہیں تو عیسیٰ علیہ السلام بھی دوبارہ نہیں آ سکتے۔

اگر کہو نئے کا آنا منع ہے، پرانے کا نہیں تو ہم بڑے ادب سے کہیں گے کہ اگر پرانے نبیوں کا استثناء ہوسکتا ہے تو نئے امتی غیر تشریعی کا بھی استثناء ہوسکتا ہے۔ (ملخصاً بلفظہ)

## خلاصہ

اس میں لفظی متعدد مغالطہ ہیں۔ وضاحت کے واسطے حسب ذیل عنوانات قائم کرتا ہوں۔

۱...... خاتم النّبیین کے معنی مسلمان کیا کرتے ہیں۔

۲...... کیا مسلمان حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا آنا بحیثیت نبی کے مانتے ہیں۔

۳...... کیا حضرت عیسیٰ علیہ السلام مسلوب النّبوۃ ہوں گے۔

۴...... کیا ان پر وحی بواسطہ جبرئیل ہوگی۔

**الجواب:**

۱...... خاتم النّبیین کے معنی مسلمان کیا کرتے ہیں۔

مختار مدعا علیہ نے خاتم النّبیین کے جو یہ معنی مسلمانوں کی طرف منسوب کئے ہیں کہ آپ کے بعد کوئی نبی نہیں آ سکتا۔ یہ محض مغالطہ ہے۔ بلکہ مسلمان یہ معنی کرتے ہیں اور ان کا عقیدہ ہے کہ: ’’حضور سرور کائنات ﷺ تمام انبیاء ورسل اور نبوت ورسالت کے ختم کرنے والے اور آخرالانبیاء ہیں۔ آنحضرت ﷺ کے بعد خدائے تعالیٰ کسی کو نبی نہیں بنائے گا نہ کسی کو آپ کے بعد منصب نبوت ورسالت عطاء کیا جاسکتا ہے۔ باب نبوت ورسالت آئندہ مطلقاً مسدود ہے۔

## اس کا ثبوت ملاحظہ ہو

۱...... مرزا صاحب کے مسلم رئیس المفسرین فرماتے ہیں: ’’ولکن رسول اللّٰہ وخاتم النّبیین الذی ختم النبوۃ فطبع علیہا فلا تفتح بعدہ الی یوم القیامۃ‘‘ یعنی آنحضرت ﷺ اللہ کے رسول اور خاتم النّبیین ہیں۔ جنہوں نے نبوت کو ختم کردیا اور اس پر مہر اختتام لگ گئی۔ اب بات نبوت قیامت تک کسی کے واسطے نہ کھلے گا۔‘‘

۲...... علامہ حافظ ابن کثیر لکھتے ہیں: ’’وقد اخبر اللّٰہ تعالیٰ فی کتابہ ورسولہ ﷺ فی السنۃ المتواتر لانبی بعدی لیعلموا ان کل من ادعیٰ ہٰذا لمقام کذاب دجال مضل وضال...... الخ!‘‘ (ابن کثیر ج۸ ص۹۱)

(ترجمہ) یعنی خدا نے اپنی کتاب اور نبی کریم ﷺ نے سنت متواترہ میں خبر دے دی کہ ’’لانبی بعدی‘‘ تاکہ معلوم ہوجاوے کہ جو بھی آپ کے بعد اس منصب کو پانے کا دعویٰ کرے۔ وہ کذاب، دجال، گمراہ کنندہ اور خود گمراہ ہے۔

۳...... ’’ومعنی کونه آخر الانبیاء وانه لا نبی بعدی احد بعده. وعیسیٰ نبی قبله فحین ینزل ینزل عاملا علی شریعته محمدﷺ مصلیا الی قبلته کانه بعض امته‘‘ (تفسیر کشاف ج۲ ص۲۳۳، گواہ مدعیہ نمبر۱)

یعنی آنحضرتﷺ کے خاتم النّبیین وآخرالانبیاء کے یہ معنی ہیں کہ آپ کے بعد کوئی نیا نبی نہیں بنایا جائے گا اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام پہلے نبی بن چکے ہیں اور دعوائے قبل ہو چکا ہے۔ پس وقت نزول شریعت محمدیہ پر عامل اور محمدی قبلہ کی سمت پر نماز ادا کریں گے۔ گویا آپ کی امت کے ایک فرد ہوں گے۔

۴...... ’’ولا یقدح فیه نزول عیسیٰ بعده فانه اذا نزل کان علی دینه مع ان لمراد منه انه اخر ‘‘یعنی خاتم النّبیین اور آخرالانبیاء کے معنی پر آپ کے بعد نزول عیسیٰ کی زد نہیں پڑسکتی۔ کیونکہ وہ بعد نزول آپ کے ہی دین پر ہوں گے اور خاتم النّبیین کی یہ مراد ہے کہ آپ نبی بننے والوں اور منصب نبوت پانے والوں کے آخری نبی یعنی آپ کے بعد کسی کو منصب نبوت عطاء نہیں ہوگا۔

(تفسیر بیضاوی ص۲۴، گواہ مدعیہ نمبر۱)

۵...... ابی السعود میں اسی قسم کی تفصیل کے بعد ہے:’’فان معنی قوله خاتم النّبیین لانه لا نبیاً احد بعده وعیسیٰ نبی قبله ‘‘یعنی خاتم النّبیین کے یہ معنی ہیں کہ آپ کے بعد کوئی شخص خلعت نبوت سے نوازا نہ جائے گا اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام ان انبیاء سے ہیں کہ آپ کے قبل یہ خلعت عطاء کیا جاچکا ہے۔

۶...... ’’المراد بکونه خاتم النّبیین انقطاع حدوث وصف النبوة فی احد من الثقلین بعد تحلیله بها‘‘ پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کا ذکر کر کے کہتے ہیں:’’کان نبیا قبل تحلی نبینا ﷺ بالنبوة‘‘ (روح المعانی ج۹ ص۳۲، گواہ مدعیہ)

یعنی خاتم النّبیین سے مراد ثقلین جنس وانس میں حدوث وایجاد وصف نبوت کا انقطاع ہے۔ بعد اس کے کہ اس عالم میں آنحضرتﷺ خلعت نبوت سے سرفراز ہو چکے اور عیسیٰ علیہ السلام کو تو یہ خلعت اس عالم میں ہمارے نبی کریمﷺ سے قبل عطاء کی گئی۔

۷...... اس سلسلہ میں گواہ مدعا علیہ کے مسلم بزرگ شیخ محمد محی الدین ابن عربی یہ فرماتے ہیں:’’وادّعاء النبوة قد انقطعت‘‘

(فتوحات ج۳ ب۳۱۰ س۲۳ ص۳۸)

یعنی آنحضرتﷺ کے بعد ہر قسم کا دعویٰ نبوت یقیناً منقطع ہو چکا۔

۸...... خود مدعا علیہ اور اس کے گواہان ومختار ان کے نبی قبل دعویٰ نبوت مسلمانوں کے ہم نوا ہی تھے۔

’’ماکان الله ان یرسل نبیا بعد نبینا خاتم النّبیین وماکان یحدث سلسلة النبوت بعد انقطاعها‘‘

(آئینہ کمالات اسلام ص۳۷۷، خزائن ج۵ ص۳۷۷)

یعنی ہمارے نبی کریم خاتم النّبیین علیہ السلام کے بعد اللہ تعالیٰ کسی نبی کو بنا کر نہیں بھیجے گا اور نہ سلسلہ نبوت بند و منقطع ہونے کے بعد دوبارہ از سرنو ایجاد کرے گا۔

پس ثابت ہوگیا کہ مسلمان یہ نہیں کہتے کہ خاتم النّبیین کے یہ معنی ہیں کہ کوئی نبی نہیں آئے گا بلکہ یہ معنی ہیں کہ آپ کے بعد کوئی نیا نبی بنایا نہیں جائے گا اور نہ سلسلہ نبوت بند ہونے کے بعد از سرنو جاری ہوگا اور نہ کوئی آپ کے بعد دعویٰ نبوت کرے گا۔ بلکہ ہر مدعی نبوت بعد آنحضرت کے حسب ارشاد گرامی دجال وکذاب ہوگا۔

یہ محض مختار مدعا علیہ کا کھلا ہوا مغالطہ اور افتراء وبہتان تھا۔

دوسری تنقیح کا جواب کہ کیا مسلمان حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا آنا بحیثیت نبی مانتے ہیں۔

یہ بھی ایک مغالطہ ہے اور سفید جھوٹ وافترا ہے۔ ان میں صفت نبوت ہونا اور چیز ہے۔ جیسا کہ گواہ نمبر۴ مدعیہ نے کہا کہ جب نازل ہوں گے، نبی ہوں گے۔ یعنی متصف بہ صفت نبوت اور منصب نبوت پر ہونا اور بحیثیت نبی کے ہونا اور چیز ہے۔

مسلمانوں کا عقیدہ یہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نبی ہیں۔ آپ کو آنحضرت ﷺ سے قبل اس عالم میں خلعت نبوت سے نوازا گیا۔ یہ صفت آپ کی بحال، مگر اس امت میں زمانہ نبوت آنحضرت ﷺ کی عالمگیری کی وجہ بحیثیت نبی نہیں آئیں گے۔ بلکہ بحیثیت مجدد وخلیفہ رسول اللہ ﷺ اور امتی کے ہوں گے، منصب نبوت پر نہ ہوں گے۔

اور مرزا صاحب یا کسی اور امتی کو آپ کے بعد نبی ماننے سے بعد خاتم النّبیین کے نبی کا بننا اور ازسرنو سلسلہ نبوت بند ومنقطع ہونے کے بعد کھلنا پایا جاتا ہے۔ یہ بالاتفاق کفر ہے۔ ثبوت ملاحظہ ہو۔

## احادیث

۱…… ’’قال النّبی ﷺ کانت بنوا اسرائیل تسوسهم الانبیاء کلما هلک نبی خلفه نبی و انه لا نبی بعدی وسیکون خلفاء فیکثرون۔‘‘ (بخاری شریف ج۱ ص۴۹۱، مسلم شریف ج۲ ص۲۶)

حضور ﷺ نے فرمایا کہ بنی اسرائیل کی سیاست انبیاء کرتے تھے جب بھی ایک نبی مرتا تھا تو دوسرا نبی اس کا خلیفہ ہوتا تھا اور میرے بعد یقیناً کوئی کسی قسم کا نبی نہیں بن سکتا۔ ہاں! خلفاء ہوں گے اور بکثرت ہوں گے۔

کس صفائی سے سلسلہ نبوت کو ہمیشہ کے لئے ہر طرح کے لئے ختم کر کے سلسلہ خلافت کو جاری فرمایا ہے۔

۲…… ’’ابن عساکر قال النّبی ﷺ الا ان ابن مریم لیس بینی وبینه نبی ولارسول الا انه خلیفتی فی امتی من بعدی‘‘

حضور ﷺ فرماتے ہیں کہ خبردار اور واقف ہو جاؤ کہ ابن مریم اور میرے درمیان نہ کوئی نبی غیر مستقل وغیر تشریعی ہے، نہ رسول مستقل صاحب شریعت ہے۔ یقیناً ابن مریم میری امت میں میرے بعد صرف خلیفہ ہوں گے۔ یعنی بحیثیت نبی نہ ہوں گے بلکہ بحیثیت امتی وخلیفہ ہوں گے۔ (فتاویٰ ابن حجر مکی)

۳…… عیسیٰ نبی اللہ کے بعد بحیثیت امتی آنے کا فیصلہ گواہ مدعاعلیہ کے مسلم بزرگ امام شعرانی وامام ابن عربی کی زبان فیض ترجمان سے ’’عن الشیخ الاکبر قال فاما خاتم الولایة علی الاطلاق فهو عیسیٰ علیہ السلام فهو الولی بالنبوة المطلقة فی زمان هذه الامة وقد حیل بینه وبین التشریع والرسالة فینزل آخر الزمان وارثا وخاتم لا ولی بعده نبوة مطلقة کما ان محمداً ﷺ خاتم النبوة لانبوة تشریع بعده فیعلم ان عیسیٰ ولو کان بعده ومن اولی العزم وخواص الرسل وقد زال حکم من هذا المقام بحکم الزمان علیه الذی هو بغیره فیرسل ولیا ذالنبوة مطلقة ویلهم بشرع محمد ﷺ ویفهم لا علی وجهه کا لا ولیاء والمحدثین فهو منا فهو سیدنا فکان آخر الانبیاء کما کان آدم اوّل من نبیافختمت النبوة بمحمد والولایة بعیسیٰ‘‘ (یواقیت ج۲ بحث۴۷ ص۷۹،۸۰)

یعنی بہرحال مطلقاً ہر قسم کی ولایت کا اختتام کرنے والے صرف حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہیں۔ پس وہ دل ہیں اس صفت نبوت کے ساتھ جس کی ڈیوٹی اور منصب اس امت کے زمانہ میں ختم ہوگا۔ پس وہ آخر زمانہ میں وارث نبی اور خاتم ولایت ہوکر اتریں گے جن کے بعد کوئی کسی قسم کا ولی نہ ہو سکے گا اور اس صفت نبوت پر ہوں گے جس کا حکم ونفاذ ومذہب ختم ہو چکا ہوگا۔ پس معلوم ہوا کہ عیسیٰ علیہ السلام اگرچہ آپ کے بعد نبی ہوں گے اور اولوالعزم وخواص رسل سے ہیں۔ مگر ان کی نبوت کا حکم اور منصب زائل ہو چکا ہے بوجہ زمانہ نبوۃ غیر۔ یعنی آنحضرت ﷺ لہٰذا وہ متصف بصفت نبوت مطلقہ جس کا زمانہ وحکم ختم ہو چکا ہوگا اور اولیاء امت محمدیہ کی طرح ان پر شرع محمدی کا الہام ہوگا

اور اس امت کے اولیاء میں امتی ہوں گے اور ہم سب کے سردار ہوں گے۔ پس نبوت آنحضرت ﷺ پر ختم ہوچکی اور ولایت حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر ختم ہوگئی۔ مفصل حوالہ سلسلہ وحی والہام جس میں یہ مضمون بھی واضح کیا گیا ہے۔ (فتوحات ج۳ ب۳۵۴ س۳ ص۲۳۸) سے اوپر پیش کر چکا ہوں۔ ان حوالہ جات میں نہایت صفائی سے تصریح موجود ہے کہ عیسیٰ بحیثیت نبی نہ اتریں گے بلکہ بحیثیت ولی وامتی مجدد ہوں گے۔ ان پر شریعت محمدیہ کے متعلق الہام ہوگا۔ نیز یہ بھی وضاحت موجود ہے کہ ان میں پہلے کی عطاء شدہ نبوت ہی ہوگی۔ مسلوب النّبوۃ نہ ہوں گے۔ البتہ چونکہ زمانہ نبوت نبی آخرالزمان کا ہے۔ اس لئے اس نبوت کا حکم زائل شدہ ہوگا اور وہ منصب نبوت پر نہ ہوگا۔ کیونکہ حکم اور حکومت نبوت نبی آخرالزمان ہوگی۔ کوئی بھی نبی نیا نہیں بن سکتا، پرانا باوجود صفت نبوت کے منصب نبوت پر نہیں رہ سکتا۔

اس سے گواہ نمبر۳ کے فقرہ جرح حضرت عیسیٰ علیہ السلام نازل ہوں گے تو نبی ہوں گے، کی بھی شرح ہوگئی۔ نبی تو ہوں گے، صفت نبوت ان سے سلب نہ ہوگی، مگر خصوصیت زمانہ نبوی کی وجہ سے اس کا حکم زائل ہوگا۔ وہ منصب اور ڈیوٹی نبوت پر نہ ہوں گے۔ بلکہ امتی ہوں گے اور خلیفہ ومجدد۔ نیز ملا علی قاری کے ارشاد کی بھی شرح ہوگئی کہ جو صفت نبوت سے انہیں مسلوب مانتا ہے وہ کافر ہے۔ کیونکہ مسلمان تو انہیں متصف بصفت نبوت مانتے ہیں۔ ہاں! منصب نبوت پر بوجہ خصوصیت زمانہ نہیں مانتے اور خاتم النّبیین کے معنی اس پیش کردہ عبارت کے آخر میں تو خود مسلمانوں کے موافق کر رہے ہیں کہ: ’’**ومعناہ عند العلماء انہ لا یحدث بعدہ نبی** ‘‘ کہ علماء کے نزدیک ’’**لا نبی بعدی** ‘‘ کے معنی یہ ہیں کہ آنحضرت ﷺ کے بعد کوئی نیا نبی بنایا نہ جائے گا یا نہ بنے گا۔ ’’**لا یحدث** ‘‘ کا لفظ ہے جس کے معنی نیا بنانا یا نیا ایجاد کرنا ہوتا ہے، اس کی نفی فرمارہے ہیں۔ اسی کے (ص۴۲۶) پر ہے: ’’**فھو علیہ السلام ان کان خلیفۃ فی الامۃ محمدیہ فھو رسول ونبی علی حالہ** ‘‘ یعنی اس امت میں صرف خلیفہ ہوں گے، ورنہ پہلی صفت نبوت بحال ہے۔

چونکہ اس سلب نبوت کے مسئلہ کو درمیان میں متعدد جگہ چھیڑا ہے۔ لہٰذا اس کو میں ایک محسوس مثال سے واضح کرتا ہوں تاکہ نبی ہونے اور منصب نبوت کے حکم پر نہ ہونے کا فرق اچھی طرح واضح ہو جائے۔ ہر شخص واقف ہے کہ اگر کسی خصوصی کام یا اعانت کے واسطے سرکار نظام فرمانروائے دکن خلداللہ ملکہ ہمارے سرکار فرمانروائے ریاست بہاولپور حفظہ اللہ ملکہ کے حدود مملکت میں تشریف لائیں تو ظاہر ہے کہ کوئی معاملہ پڑنے پر وہ یہیں کے قوانین کے پابند ہوں اور یہاں جو کام یا سرکاری اعانت فرمائیں گے تو یہیں کے قانون کے ماتحت ہوگی۔ باوجودیکہ وہ بدستور والی ریاست دکن ہیں اور صفت سلطانیہ ان سے مسلوب نہیں ہوئی۔ مگر منصب سلطنت اور اس کی ڈیوٹی وحکمرانی بوجہ حدود سلطنت غیر بمعنی ہمارے سرکار عالی جاہ جاری نہ ہوسکے گا۔ کیونکہ ملک اور یہاں کا زمانہ سلطنت دوسرے کا ہے۔ یوں ہی حضرت عیسیٰ نبی ہیں۔ ان کی صفت نبوت سلب نہیں کی گئی۔ مگر ملک اور زمانہ سید المرسلین آقائے دوعالم نبی آخرالزمان کا ہے۔ پس ان کا مذہب نبوت نہ ہوگا۔ بلکہ تابع اور امتی اور مجدد اور معین شریعت وقوانین محمد ﷺ ہوں گے نہ سلب نبوت کا اعتراض ہوسکتا ہے اور نہ آپ کے بعد نبی ہونے کا، نہ نیا نبی بنے گا نہ کوئی اور اس سے۔‘‘

۳…… ’’تیسری تنقیح بھی کہ کیا حضرت عیسیٰ علیہ السلام مسلوب النبوت ہوکر آئیں گے۔‘‘

بالکل صاف ہوگیا اور مدلل بلکہ مسلم حوالوں سے اس کا قطعی جواب ہوگیا۔

۴…… چوتھی تنقیح کہ: ’’کیا انہیں وحی بواسطہ جبرئیل ہوگی۔‘‘

اس پر سلسلہ انسداد وحی نبوت بہت کچھ بحث ہوچکی ہے اور مسلم فریقین حوالے پیش کئے جاچکے ہیں۔ صرف مسلمہ فریقین بزرگ امام شعرانی وامام ابن عربی کے دو مختصر فقرہ اس میں سے مکرر نقل کرتا ہوں: ’’**فلہ الکشف اذا انزل والھام کما لھذا الامۃ** ‘‘ (فتوحات ج۳ ص۲۳۸)

یعنی گو مجازاً لفظ وحی بولا جائے۔ مگر اس پر صرف کشف والہام نزول کے بعد ہوگا۔ جیسا کہ اولیاء امت محمدیہ پر ہوتا ہے۔’’ولو ان الوحی علی لسان جبرئیل کان باقیاً بعد محمد ﷺ لکان عیسیٰ اذا نزل لا یحکم بشریعۃ محمد ﷺ وانما یحکم بشرع الذی یوحی بہ الیہ جبرئیل‘‘ (یواقیت مبحث ۳۵ ص ۱۸۸، ۱۸۹، منقول از فتوحات باب ۲۴)

اوپر سے یہ لکھ رہے ہیں کہ وحی نبوت کلیۃً گو بند ہوچکی۔ صرف الہام باقی ہے اور عیسیٰ علیہ السلام پر بھی الہام ہی ہوگا اور اگر وحی بواسطہ جبرئیل بعد محمد ﷺ بالفرض باقی ہوتی تو عیسیٰ علیہ السلام بعد نزول شریعت محمدیہ پر عمل نہ کرتے۔ بلکہ جبرئیل علیہ السلام کی لائی ہوئی وحی پر عمل پیرا ہوتے۔ پھر نہایت مفصل مدلل الہام عیسیٰ علیہ السلام پر اور آنحضرت ﷺ کے بعد انقطاع نزول وحی وجبرئیل پر بحث کی ہے۔

بحمد اللہ! چاروں تنقیحیں مدلل ثابت ہوگئیں اور مختار مدعا علیہ کا مسلمانوں پر بہتان اور مغالطہ آشکارا ہوگیا۔

غالباً اسے اپنے ہاں کا پتہ نہیں کہ ۱۹۰۱ء سے پہلے مرزاصاحب بھی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق جو نبی اللہ کا لفظ آیا ہے۔ اس کے متعلق مسلمانوں کی طرح عقیدہ رکھتے ہیں کہ مجازاً ہی حقیقی نہیں ملاحظہ ہو:’’ایسے ہی وہ نبی کر کے پکارنا جو حدیثوں میں مسیح موعود کے لئے آیا ہے وہ بھی اپنے حقیقی معنوں پر اطلاق نہیں پاتا۔ وہ علم ہے جو خدا نے مجھے دیا ہے جس نے سمجھا ہو سمجھ لے۔‘‘ (سراج منیر ص ۴، خزائن ج ۱۲ ص ۶)

ملاحظہ فرمائیں وہ بھی نزول کے وقت انہیں مجازی نبی باعتبار ماکان مانتے ہیں۔

## خاتم النّبیین سے کیا مراد ہے؟

## آنحضرت ﷺ لفظ خاتم النّبیین کے معنی کیا سمجھے؟

اس سلسلہ میں ان کے پاس ایک حوالہ بھی نہیں کہ آنحضرت ﷺ نے لفظ خاتم النّبیین کی تفسیر کسی ایسے مشتبہ لفظ میں کی ہو، جہاں مغالطہ کی گنجائش ہو۔ الگ سے ایک غیر متعلق بار بط حدیث جو خاتم النّبیین کی تفسیر کے سلسلہ میں آپ نے نہیں فرمایا اور نہ وہاں لفظ خاتم النّبیین ہے اور حدیث بھی سنداً متناً معناً قابل استناد نہیں، پیش کی ہے کہ گواہان مدعا علیہ نے اپنے بیانوں میں حدیث لوعاش ابراہیم لکان صدیقاً نبیاً کی بناء پر یہ ثابت کیا ہے کہ آنحضرت ﷺ بھی خاتم النّبیین سے ہر قسم کی نبوت کا خاتمہ نہ سمجھے۔

الجواب: اس کی صحت وسقم ومطلب کی بحث آگے آرہی ہے۔ میں عدالت کی توجہ اس امر کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ کس قدر مغالطہ اور حق پوشی ہے کہ جہاں حضرت ﷺ نے دراصل لفظ خاتم النّبیین کی تفسیر کی ہے اور اس کی مراد بتائی ہے۔ اسے پوشیدہ رکھ کر جہاں اس کی تفسیر سے دور کا تعلق بھی نہیں اسے پیش کیا جاتا ہے۔

آنحضرت ﷺ لفظ خاتم النّبیین سے کیا سمجھے اور مخصوص اسی لفظ کی کیا تفسیر فرمائی۔ یہ گواہان مدعا علیہ کے بیان میں مفصل ہے۔ خلاصہ یہ ہے۔ آنحضرت ﷺ کی تفسیر لفظ خاتم النّبیین۔

۱…… ’’ابی ہریرۃ ؓ قال النبی ﷺ انا خاتم النّبیین لا نبی بعدی‘‘ یعنی میں خاتم النّبیین ہوں میرے بعد کوئی بھی کسی قسم کا نبی نہیں ہوسکتا۔ (بخاری ومسلم)

۲…… ’’لا تقوم الساعۃ حتی تبعث دجالون کذابون کلھم انہ نبی وانا خاتم النّبیین لا نبی بعدی‘‘ (ابوداؤد وترمذی گواہ مدعیہ نمبر ۲)

یعنی قیامت نہ آئے گی جب تک بہت سے دجال وکذاب نہ آئیں جن سب کا یہ دعویٰ وزعم ہوگا کہ وہ نبی ہیں۔ حالانکہ میں خاتم النّبیین ہوں۔’’لا نبی بعدی‘‘ میرے بعد کسی قسم کا کوئی بھی نبی نہیں ہوسکتا۔

۳...... (بخاری ج اوّل ص۵۰۱ اور مسلم ج۲ ص۲۴۸) پر ایک محل کی محسوس مثال سے اس کی حقیقت کو سمجھایا اور اپنے آپ کو خاتم النّبیین بمعنی اس نامکمل محل کی آخری اینٹ قرار دیا کہ:''فانا اللبنۃ وانا خاتم النّبیین''

ملاحظہ فرمائیں کہ خاتم النّبیین کے لفظ سے آنحضرتﷺ ''لا نبی بعدی'' بلا کسی قسم کی تخصیص کے سمجھ رہے ہیں کہ میرے بعد کوئی کسی قسم کا نبی نہ ہوگا۔ اب اگر کوئی تخصیص کرے تو یقیناً وہ بقول مرزا صاحب بے دین وشریر ہوگا۔ ملاحظہ ہو

(ایام الصلح ص۱۴۶، خزائن ج۱۴ ص۳۹۳)

## مرزا صاحب کی اس پر مہر تصدیق

مرزا صاحب بھی ۱۹۰۱ء سے قبل جب کہ دعویٰ نبوت نہ تھا۔ یہی ''لا نبی بعدی'' آنحضرتﷺ کی تفسیر اور اسی عمومی نفی کے معنی میں قرار دیتے تھے اور کسی قسم کی تخصیص کرنا شرارت بتاتے تھے۔ ملاحظہ ہو:''لیکن ختم نبوت کا بکمال تصریح ذکر ہے اور پرانے یا نئے نبی کی تفریق کرنا شرارت ہے نہ حدیث میں نہ قرآن میں یہ تفریق موجود ہے اور حدیث ''لا نبی بعدی'' میں بھی نفی عام ہے۔ پس یہ کس قدر جرأت ہے اور دلیری اور گستاخی ہے کہ خیالات رکیکہ کی پیروی کر کے نصوص صریحہ وقرآن کو عمداً چھوڑ دیا جاوے اور خاتم النّبیین کے بعد ایک نبی کا آنا مان لیا جاوے اور بعد اس کے جو وحی نبوت منقطع ہو چکی تھی۔ پھر سلسلہ وحی نبوت کا جاری کر دیا جاوے۔''

(ایام الصلح ص۱۴۶، خزائن ج۱۴ ص۳۹۳)

اب کسی امتی کو حق نہیں کہ:''لا نبی بعدی'' میں اس کے نبی تو نفی عام کہتے ہیں اور وہ کسی قسم کی تخصیص کرے۔''یا لا فتیٰ الّا علی لا سیف الا ذوالفقار یا اذا ھلک کسری فلاکسری بعدہ'' وغیرہ! کی آڑ لے۔ ورنہ اپنے نبی کے فتویٰ کی رو سے شریر گستاخ خیالات رکیکہ کی پیروی کرنے والا عمداً نصوص صریحہ قرآنیہ کو چھوڑنے والا ٹھہرے گا۔

۲...... اب آنحضرتﷺ کے اس واضح فیصلہ اور کھلی ہوئی خاتم النّبیین کی تفسیر کے بعد اس سے روگردانی کرنا کسی مؤمن مسلمان کا کام نہیں بلکہ کافر اور گمراہ ہوگا جو اس فیصلہ سے روگردانی کرے۔

''قال اللہ تعالیٰ ما کان لمؤمن ولا مؤمنۃ اذا قضی اللہ ورسولہ امرا ن یکون لھم الخیرۃ من امرھم ومن یعص اللہ ورسولہ فقد ضل ضلالاً مبیناً (الاحزاب:۳۶)''

حدیث:''لو عاش ابراھیم لکا ن صدیقاً نبیاً''

اگرچہ اس حدیث کا تفسیر لفظ خاتم النّبیین سے کوئی دور کا تعلق بھی نہیں۔ جیسے کہ اوپر عرض کر چکا۔ مگر مختار مدعا علیہ کے پاس صرف یہی ایک مجروح اور ضعیف حدیث کے نام پر ہے جس کی وجہ سے نہ صرف صحیح بلکہ اصح الصحاح بخاری ومسلم نیز دیگر صحاح ستہ وغیرہ کی کثیر التعداد صحیح اور واضح احادیث رد کی جاتی ہیں اور مرزا صاحب کی بے جا حمایت میں آنحضرتﷺ کے ارشادات صحیحہ واضحہ کی توہین اور غلط تاویلات کر کے تحریف کی جاتی ہے۔ لہٰذا اس کے متعلق کچھ تفصیل سے گزارش کرتا ہوں اور ان کے استدلال اور اپنے جواب کا خلاصہ عدالت کے اوّلاً ذہن نشین کراتا ہوں تاکہ جوابی بحث کی تاویلات رکیکہ سمجھنے میں سہولت ہو اور واضح ہو جائے کہ جواب تو بن نہ آیا پہلو بچا کر مغالطہ دینے کی ناکام ولاحاصل سعی کی جو مدعی علم کی شایان شان نہ تھی۔

## مختار مدعا علیہ کے استدلال کا خلاصہ

''لو عاش ابراھیم لکا صدیقا نبیا'' (ابن ماجہ گواہ مدعا علیہ نمبر۱و۲)

۱...... اگر نبوت ختم ہوچکی تھی تو اس میں فضیلت ہی کیا تھی، بلکہ لغو تھا۔ پھر بی.اے، ایف.اے، ایم.اے کی مثالیں دیں۔ ملاحظہ ہو گواہ نمبر۱،۲ مدعا علیہ۔

۲...... نبی کی اولاد کا نبی ہونا ضروری نہیں، لہٰذا اسے نبوت کا اجراء بتاتا تھا۔

۳...... خدا کو ایسا ڈر تھا تو پیدا ہی نہ کرتا۔

## حدیث کی تصحیح

۱...... شہاب علی البیضاوی نے صحیح کہا۔

۲...... ملاّ علی قاری نے موضوعات میں کہا۔

الجواب: ہمارے مفصل جواب کا خلاصہ یہ ہے۔ یہ حدیث باعتبار سند اور اصول حدیث کے ضعیف غیر قابل احتجاج، باعتبار متن اور الفاظ کے امکان کے واسطے نص قطعی نہیں، باعتبار صحیح معنی کے مرزا صاحب کے مریدین کے خلاف اور مسلمانوں کے موافق ہے۔

۱...... سند حدیث: یہ حدیث دو طرح نقل کی جاتی ہے۔ ’’لو عاش ابراھم لکان صدیقاً نبیا‘‘ یہ تو بالکل حدیث ہی نہیں۔ علامہ شوکانی نے (فوائد مجموعہ فی بیان احادیث الموضوعہ ص۱۴۴) پر لکھا ہے کہ: ’’قال النووی ما روی عن بعض المتقدمین لو عاش ابراھیم فباطل وجسارة علی الغیب وقال ابن عبدالبر لا ادری ما ھذا ولد نوح غیر نبی‘‘

نووی فرماتے ہیں کہ بعض متقدمین سے جو لو عاش ابراہیم مروی ہے۔ یہ باطل ہے اور غیب پر جسارت ہے۔ ابن عبدالبر فرماتے ہیں: میں نہیں سمجھتا یہ کیا ہے، کیونکہ نوح علیہ السلام کا بیٹا نبی نہیں تھا۔ بہرحال ان الفاظ میں حدیث ہی نہیں۔ باقی روایت ابن ماجہ ’’لو عاش ابراھیم لکان صدیقاً نبیاً‘‘

اس میں ایک راوی ابراہیم ابن عثمان ہے جس کے متعلق ائمہ جرح وتعدیل کا فیصلہ فن جرح وتعدیل کی مسلم کتاب میں حسب ذیل ہے۔

۱...... میزان الاعتدال علامہ حافظ شمس الدین ذہبی یہ جرح کی کتاب ہے جسے ۸؍مارچ ۱۹۳۳ء کی جرح میں گواہ نمبر۱ تسلیم کر چکا ہے کہ یہ فن جرح کی کتاب ہے۔ یہ راوی ثقہ (یعنی قابل اعتبار) نہیں۔ امام احمد بن حنبل نے فرمایا ضعیف ہے۔ امام بخاری نے اس سے سکوت اختیار کیا۔ امام مسلم فرماتے ہیں متروک الحدیث ہے جس کی حدیثیں ترک کردی گئیں۔ (تقریب التہذیب ص۱۴) میں بھی یحییٰ ابن معین فرماتے ہیں۔ متروک الحدیث۔ (۲) (مدارج النبوۃ ج۲ ص۲۶۷) اس کے متعلق سخت جرح منقول ہے۔

۳...... تہذیب التہذیب میں ہے۔ امام ترمذی فرماتے ہیں کہ یہ راوی منکر حدیث ہے (جس کی بات ثقہ کے مقابل بالکل غیر معتبر ہے) امام نسائی فرماتے ہیں متروک الحدیث۔ امام ابوحاتم فرماتے ہیں کہ ضعیف الحدیث۔ ائمہ حدیث نے اس سے اعراض کیا ہے اور اس کی حدیثیں ترک کردی ہیں۔

۴...... وہیں ابن ماجہ کے بین السطور میں لکھا ہے کہ: ’’یہ راوی ناقابل اعتبار ہے۔‘‘

اب امام بخاری، امام مسلم، امام جرح وتعدیل یحییٰ ابن معین، امام احمد ابن حنبل۔ امام بخاری امیر المومنین فی الحدیث فرماتے ہیں: امام ترمذی، امام ابوحاتم جیسے جلیل القدر ائمہ کے قطعی فیصلہ کے بعد ماوشما اور شہاب علی البیضاوی۔ جیسے لاکھ بلکہ کروڑ آدمی اس حدیث کو صحیح ثابت کرنا چاہیں، صحیح نہیں ہوسکتی۔ کیونکہ مرزا صاحب کی (برکات الدعا حاشیہ ص۱۲، خزائن ج۶ ص۱۵) سے پیش کر چکا ہوں کہ: ’’ہر ایک فن میں اس کے ماہر کی شہادت معتبر ہوتی ہے۔‘‘ ملاحظہ ہو جرح ۸؍مارچ ۱۹۳۳ء

اور امام یحییٰ ابن معین کا امام فن جرح وتعدیل اور بڑا محدث ہونا، میزان الاعتدال کا فن جرح وتعدیل کی کتاب ہونا گواہ نمبرا کو مسلم ہے۔ ملاحظہ ہو جرح ۸؍مارچ ۱۹۳۳ء اور شہاب کے متعلق جب گواہ سے ۸؍مارچ ۱۹۳۳ء کو پوچھا گیا کہ وہ امام جرح وتعدیل یا محدث ہیں تو جواب دیا کہ مفسر ہیں، امام حدیث نہیں۔ لہٰذا ان کی رائے تفسیر میں قابل لحاظ ہو تو ہو، حدیث کے متعلق محض بیکار قابل رد ہے۔ خصوصاً ائمہ حدیث اور امام جرح وتعدیل کے فیصلہ کے مقابل۔ لہٰذا یہ حدیث نہ صرف مجروح بلکہ شدید ترین جروح سے پر ہے اور مجروح حدیث عقائد میں کجا، اعمال میں بھی حجت نہیں بلکہ غیر معتبر ہوتی ہے۔ مختار مدعا علیہ کے اطمینان خاطر کے واسطے ان کے نبی کا فیصلہ پیش ہے کہ: ''حدیث بشرطیکہ جرح سے خالی ہو معتبر ہوگی۔'' (ازالہ اوہام ص ۵۵۷، خزائن ج ۳ ص ۴۰۰)

اور یہ حدیث جرح سے خالی نہیں۔ لہٰذا بالاتفاق غیر معتبر ہوگی۔

## اس کے متعلق مختار مدعا علیہ کی تاویلات رکیکہ

مختار مدعا علیہ سے اس علمی بحث کا جواب ناممکن تھا۔ نہایت اضطراب کا اس کی تاویلات میں ثبوت دیا ہے۔

## خلاصہ تاویلات

۱...... میزان میں لکھا ہے کہ وہ قاضی تھے اور منصف قاضی بھی ہوں گے اور ایسا شخص قاضی کیسے ہوسکتا ہے۔

۲...... شعبہ نے ایک مخصوص روایت کی وجہ سے انہیں جھوٹا قرار دیا۔

۴...... شعبہ کی تکذیب کا مصنف میزان الاعتدال نے خود رد کیا ہے۔

۵...... ابن معین نے اس کا عادل ہونا یزید بن ہارون سے نقل کیا ہے۔

۶...... وہ قاضی تھے اور فیصلہ کرتے وقت کسی کی رعایت نہ کرتے ہوں گے اس لئے مخالفوں نے انہیں بدنام کیا۔

۷...... اس حدیث کی تصحیح بڑے بڑے علماء نے کی ہے۔ جیسے شہاب علی البیضاوی۔

۸...... مختار مدعیہ اصل میں شہاب سے ناواقف ہے۔ ان کا یہ نام ہے یہ تصانیف ہیں۔

۹...... ملا علی قاری نے (موضوعات کبیر ص ۵۹) پر لکھا ہے یہ حدیث موضوع نہیں، بلکہ صحیح ہے۔

۱۰...... مرقات میں ملا علی قاری نے اس پر بحث کی ہے اور ابن حجر کا قول نووی کی تردید میں نقل کیا ہے۔

۱۱...... ابن ابی اوفی کا قول اس کی صحت کی دلیل ہے۔

۱۲...... ان ائمہ کو یقین نہیں جب ہی تو مختلف الفاظ کہے۔

الجواب: اجمالی جواب: عدالت خود مختار مدعا علیہ کی تاویلات رکیکہ ملاحظہ فرمالے۔ کیا ان ائمہ محدثین اور امام جرح وتعدیل کے واضح فیصلوں کے بعد یہ تاویلات اور اٹکلیں جو مختار مدعا علیہ نے پیش کی ہیں وہ ذرہ برابر بھی قابل التفات ہیں جن میں ایک ثبوت بھی اس کے معتبر ہونے کا کسی مسلم امام جرح وتعدیل سے نہ پیش کرسکا۔ گو لہجہ حسب عادت بہت ہی سخت اور درشت کیا۔

## مفصل ومرتب جواب

۱...... قاضی ہے اور عادل ہوں گے اور ایسا شخص کیسے عادل ہوسکتا ہے۔

یہ عجیب وغریب مضحکہ خیز جواب ہے۔ قاضی ہونے سے توثیق کیا ہوگی۔ وہی علامہ ذہبی جنہوں نے قاضی ہونا لکھا ہے (اور عادل ہونا بھی مختار مدعا علیہ کی طبع زاد تصنیف ہے) انہیں علامہ نے خود اور تمام بڑے بڑے اکابر ائمہ حدیث وجرح وتعدیل سے غیر ثقہ، متروک

الحدیث، ضعیف اور منکر الحدیث وغیرہ نقل کیا ہے اور یہی قطعی فیصلہ قرار دیا ہے۔ کیا انہیں قاضی ہونا معلوم نہ تھا۔ پھر قاضی کیا قاضی بنانے والے حاکم اور سلطان تک غیر ثقہ ہوتے ہیں۔ کوئی ان میں سے کسی امام سے توثیق نقل کرتے تو تھا بھی یہ تو اور اپنے عجز اور پریشانی واضطراب کی دلیل ہے۔

۲...... شعبہ نے ایک مخصوص روایت کی وجہ سے انہیں جھوٹا قرار دیا۔

الجواب: شعبہ سے ہم نے نقل نہیں کیا، نہ جھوٹا ہونا یہ ائمہ حدیث نقل کرتے ہیں۔ یہاں تک کہا جاسکے کہ یہ شعبہ کی تقلید میں کہتے ہیں نہ شعبہ کے مقلد و پیرو ہیں۔ یہ ائمہ مستقل اپنی تحقیقات سے اسے ضعیف، منکر الحدیث، متروک وغیرہ لکھ رہے ہیں، نہ کسی مخصوص روایت کی وجہ سے بلکہ مطلقاً اور نقل کرنے والے امام یحییٰ ابن معین، امام احمد ابن حنبل، امیر المومنین فی الحدیث امام بخاری، امام مسلم، امام ترمذی، امام نسائی۔ وغیرہ! جیسے تعجب ہے کہ مختار مدعا علیہ ان ائمہ کی تحقیق کی اصلاح کر رہا ہے۔

اور شاید انہیں بھی علم حدیث سے ناواقف بے بہرہ خیال کر رہا ہے۔ معلوم ہونا چاہئے کہ یہ علم حدیث کی وہ مایہ ناز ہستیاں ہیں کہ جن کے متفقہ فیصلہ کے بعد تمام دنیا کے علماء مل کر اسے صحیح قابل اسناد ثابت نہ کرسکیں گے۔

۴...... ابن معین نے اس کا عادل ہونا یزید بن ہارون سے نقل کیا ہے۔

الجواب: مگر نقل کر کے اسی کی تردید میں ان ائمہ اور اعیان علم حدیث کے فیصلے پیش کئے ہیں۔

مختار مدعا علیہ کسی ناواقف کو مغالطہ دیتا تو تھا بھی اور کسی اجنبی نادر کتاب کا ہوتا تو شاید کامیاب ہو جاتا۔

اللہ اللہ یزید بن ہارون کا مقابلہ یحییٰ ابن معین، امام بخاری، امام مسلم اور امام احمد بن حنبل، امیر المومنین فی الحدیث وغیرہ سے بسوخت عقل زحیرت کہ ایں چہ بوالعجی ست۔

۵...... وہ قاضی ہیں اور فیصلہ کرتے وقت کسی کی رعایت نہ کرتے ہوں گے۔ اس لئے مخالفوں نے انہیں بدنام کیا۔

الجواب: اس قدر برا احتمال اور لغو تاویل ہے جس کی کوئی حد نہیں۔ اوّل تو یہ مختار مدعا علیہ کو خود ساختہ اٹکل ہے جو قابل اعتبار نہیں۔ دوسرے اس کے معنی نعوذ باللہ! یہ ہوئے کہ امام بخاری اور امام مسلم اور امام یحییٰ بن معین، امام احمد بن حنبل امیر المومنین فی الحدیث، امام ترمذی، امام نسائی جیسے بزرگ بھی قابل اعتبار نہیں کہ انہوں نے محض ذاتی کاوش کی وجہ سے کہ وہ قاضی صاحب حق فیصلہ کرتے تھے۔ دشمنی سے انہیں بدنام کیا۔ اس میں صراحۃً ان کی دیانت اور امانت پر جو حملہ ہے وہ عدالت پر پوشیدہ نہیں۔ انہیں پتہ نہیں کہ وہ قاضی عادل ہی نہ تھے۔ اس وجہ سے محدثین نے انہیں غیر ثقہ کہا۔ غیر ثقہ کبھی عادل ہو ہی نہیں سکتا۔ نہ حق بجانب فیصلہ کرسکتا ہے۔ یہ نمبر۵ جواب ایسا اچھوتا ہے کہ تیرہ سو سال بھی کسی مصنف مؤرخ کو تو کیا چکڑالویوں کو نہ سوجھا۔

۶...... ابن عدی انہیں معتبر کہتے ہیں۔ (قابل مراجعت میزان الاعتدال ج۱ ص۳۰)

اسی جگہ میزان الاعتدال میں اس کی تردید میں تمام مسلم ائمہ حدیث اور ائمہ جرح وتعدیل امیر المومنین فی الحدیث جیسوں کا فیصلہ موجود ہے۔ اس قسم کے مغالطے یہاں کارآمد نہیں ہوسکتے۔ کہاں ابن عدی اور کہاں امام یحییٰ بن معین، امام بخاری، امام مسلم، امام ترمذی، امام نسائی امیر المومنین فی الحدیث امام احمد بن حنبل کے متعلق محدثین فرماتے ہیں کہ جیسے وہ کہہ دیں کہ یہ حدیث نہیں، وہ حدیث ہو ہی نہیں سکتی۔ ہم نے تو متفقہ فیصلہ پیش کیا ہے صرف کسی شخص کا قول نہیں۔

۷...... اس حدیث کی تصحیح بڑے بڑے علماء نے کی ہے جیسے شہاب علی البیضاوی۔

الجواب: ماشاءاللہ شہاب علی البیھاوی بڑے محدث ہیں جن کے متعلق جب گواہ مدعا علیہ سے ۸؍مارچ ۱۹۳۳ء کی جرح میں پوچھا گیا کہ شہاب کوئی امام جرح وتعدیل یا کوئی بڑے محدث ہیں تو جواب دیا کہ: ''مفسر ہیں، امام نہیں۔''

نہیں معلوم وہی گواہ نمبرا مختار ہونے کی حیثیت میں اپنا وہ اقرار کیوں بھول گیا۔ جب وہ مفسر ہیں، امام حدیث نہیں تو ان کا فیصلہ ائمہ حدیث اور ائمہ جرح وتعدیل امام یحییٰ بن معین، امام بخاری، امام مسلم، امام ترمذی، امام نسائی، امام احمد بن حنبل جیسے بزرگوں کے مقابلہ میں کیا وقعت رکھتا ہے۔ ایک شہاب کیا کروڑوں شہاب اور تمام مفسرین مل کر حدیث کے متعلق ایک فیصلہ دیں اور یہ ائمہ حدیث جو اس فن کے مسلم امام ہیں۔ اس کے خلاف کریں تو انہی کا فیصلہ ناطق ہوگا۔ غالباً مختار مدعا علیہ یہ بھی بھول گیا ہے کہ خود ان کے نبی کا یہ فیصلہ ہے کہ ہر ایک فن میں اس شخص کی شہادت معتبر سمجھی جاتی ہے جو اس فن کا ماہر ہو۔ (برکات الدعا حاشیہ ص۱۲، خزائن ج۶ ص۱۵)

۸...... اور غالباً مختار مدعا علیہ اپنا بیان بھی فراموش کر چکا ہے جس میں مفسرین کے متعلق ایک مستقل ہیڈنگ ہے کہ جس کے چند فقرات درج ذیل ہیں: ''یہ بہت بڑی غلطی ہے کہ مفسرین کے اقوال کو بلا سوچے سمجھے من وعن تسلیم کر لیا جائے اور جو کچھ وہ اپنے خیال وعقیدہ کے ماتحت لکھ گئے ہیں، اسے حرف بحرف مان لیا جائے۔''

''متقدمین کی تفسیریں عمدہ اور ردی دونوں باتوں سے پر ہیں۔''

''پس مفسرین کے اقوال پر عقائد کی بنیاد رکھنا کیونکر صحیح ہوسکتا ہے۔ وغیرہ وغیرہ!''

مگر چونکہ تنخواہ دار مرزا صاحب کے ملازم ہیں جب کہ ان کی طرف داری مفسرین کے غیر معتبر بنانے میں ہوئی۔ غیر معتبر کہہ دیا، معتبر کہتے طرف داری نکلتی تھی۔ اب یہ کہنے لگے نہ یہ صحیح نہ وہ۔

تعجب ہے کہ وہ مفسر ہیں۔ ان کا مفسر ہونا مختار مدعا علیہ اور گواہ کو بھی مسلم مگر تفسیر میں وہ ناقابل اعتبار اور باوجودیکہ امام حدیث نہیں۔ پھر بھی حدیث کے متعلق ان کی رائے تمام چوٹی کے ائمہ حدیث کے فیصلہ کے خلاف معتبر۔

۸...... مختار مدعیہ اصل میں شہاب سے ناواقف ہے، اس کا یہ نام ہے یہ تصنیفیں ہیں۔

الجواب: مختار مدعا علیہ نے واقفیت کا کیا ثبوت دیا۔ ۸؍مارچ ۱۹۳۳ء کی جرح میں انہیں صرف مفسر مانا ہے۔ امام حدیث نہ ہونے کی تصریح کردی ہے۔ اس کے بعد نام وپتہ سے کیا کام چلتا ہے۔ جب کہ اسے بحیثیت گواہ اس فن میں ماہر ہونا مسلم ہے۔ پس ان کی رائے اس فن میں کیونکر معتبر ہوگی۔ خصوصاً ائمہ دین کے خلاف۔

۹...... ملا علی قاری نے (موضوعات کبیر ص۵۹) پر لکھا کہ: ''یہ حدیث موضوع نہیں بلکہ صحیح ہے۔''

الجواب:

۱...... مختار مدعا علیہ نے اپنی جرح اور شہادت کو بالکل فراموش کر دیا ہے اور آج اس کے خلاف بحث کر رہا ہے۔ انہیں ملا علی کی نسبت ۸؍مارچ ۱۹۳۳ء کو جرح میں اس سوال کے جواب میں کہ کیا ملا علی قاری حافظ حدیث یا امام جرح وتعدیل ہیں۔ یہ تسلیم کر چکا ہے کہ: ''ملا علی قاری حافظ حدیث اصطلاحاً نہیں اور اصطلاحاً امام جرح وتعدیل کے بھی نہیں۔''

پس حافظ حدیث اور ائمہ جرح وتعدیل کے مقابلے میں ان کی رائے کوئی بھی وقعت نہیں رکھتی۔

۲...... ملا علی قاری نے کہیں بھی موضوعات میں یہ نہیں کہا کہ یہ حدیث صحیح ہے۔ یہ محض مختار مدعا علیہ کا ان پر افتراء اور بہتان ہے۔ ان کی اصلی عبارت اس حدیث کے متعلق اسی صفحہ سے بعینہٖ وہی نقل کرتا ہوں: ''وقد اخرج ابن ماجه وغيره من حديث ابن عباس قال لما مات ابراهيم ابن النبی ﷺ قال انه له مرضعاً فی الجنة ولو عاش ابراهيم لكان صديقاً نبياً ولو عاش لا عتقت

اخواله من القبط وما استرق قبطی الا ان فی سنده ابا شیبه ابرهیم بن عثمان الواسطی وهو ضعیف ولکن له طرق ثلاثة یقوی بعضها ببعض'' (ابن ماجہ)

یعنی ابن ماجہ اوراس کے علاوہ دوسروں نے ابن عباسؓ سے یہ حدیث نقل کی ہے۔لیکن اس کی سند میں ابوشیبہ ابراہیم بن عثمان واسطاہے جوضعیف ہے۔ہاں!اس کے تین طریقے ہیں جوبعض بعض سے مل کرفی الجملہ قوی ہوجائیں گے۔

ملاحظہ فرمائیں کہ نہ صرف ابن ماجہ بلکہ اس کے سوائے دوسری سندیں بحالہ ہیں اوراس لئے اخرج ابن ماجہ کے ساتھ وغیرہ کا لفظ اضافہ کیا کہ ابن ماجہ اوراس کے سوائے دوسروں نے جوحدیث نقل کی ہے۔سب کی سند میں ابوشیبہ ابرہیم راوی ہے جوضعیف ہے۔صحیح یا اس کے ہم معنی کوئی لفظ نہیں۔آخر میں یہ فرمادیا کہ اس کے صرف تین طریقے ہیں جوسب مل کر فی الجملہ کچھ ہوں گے۔یعنی یہ کہہ سکتے ہیں کہ محض باطل اورموضوع خودساختہ نہیں،باقی صحیح ہونا تو نہ نکلا۔جب کہ ہر سند میں وہ ضعیف راوی موجود ہے اوراس کے ضعف کا ملاّ علی قاری نے کوئی بھی جواب نہیں دیا اورنہ ہی اسے دفع کیا۔۸/مارچ ۱۹۳۳ء کو گواہ نمبرا نے بجواب جرح تسلیم کرلیا ہے کہ اس کتاب میں راوی کے ضعف دفع کرنے کے متعلق کوئی بحث نہیں کی ہے۔پھر وہ تینوں اخرج ابن ماجہ وغیرہ اورسب میں وہ ضعیف راوی موجود ہے۔اس راوی کے علاوہ کوئی بھی اس کا طریقہ نہ موضوعات کبیر میں ہے نہ کہیں اور پتہ ہے۔جیسا کہ گواہ نمبرا نے ۸/مارچ ۱۹۳۳ء میں بجواب جرح خود تسلیم کیا ہے۔

پس یہ مختار مدعاعلیہ کا اپنی شہادت اور جرح کے خلاف ملاّ علی قاری پر صریح بہتان اور افتراء ہے اورکہیں بھی انہوں نے غیرضعیف یا صحیح نہیں فرمایا۔

۱۰...... مرقاۃ میں ملاّ علی قاری نے اس پر بحث کی ہے اورابن حجر کا قول نووی کی تردید میں نقل کیا ہے۔

وہاں مرقاۃ میں جس حدیث کی بحث ہے اور جسے امام نووی باطل قراردے رہے ہیں۔وہ یہ حدیث نہیں:''ولو عاش ابراهیم لکان صدیقاً نبیاً'' بلکہ وہ ان الفاظ کی حدیث ہے کہ:''لو کان ابراهیم حیا لکان نبیاً'' صرف ان الفاظ کی حدیث پر بحث ہے۔ مکرر مرقاۃ کا مطالعہ فرمائیں۔نیز انہیں الفاظ:''لو عاش ابراهیم لکان نبیاً'' کے متعلق امام نووی سے (مرقاۃ موضوعات کبیرص۵۸، فوائدمجموعہ ص۱۴۴) پرہی منقول ہے کہ حدیث:''لوعاش ابراهیم لکان نبیاً قال النووی فی تهذیبه هذا حدیث باطل وجسارت علی الکلام بالمغیبات مجاذفة وهجوم علی عظیم وقال ابن عبدالبر لا ادری ما هٰذا'' اس کے بعد ہے۔قال ابن حجرابن حجر مکی اس حدیث کے متعلق نووی کا جواب دینا چاہتے ہیں۔مگر ملاّ علی قاری ابن حجر مکی کی تردیداورنووی کی تائید کررہے ہیں۔ملاحظہ ہو۔

مختار مدعاعلیہ اوراس کے گواہوں کی مسلم کتاب (موضوعات کبیرمجتبائی ص۵۸)

''واما قول ابن حجر المکی فیعید جدا ان لایفهم الا مامان الجلیلان مثل هذه المقدمة...... الخ!'' کہ ابن حجر کی یہ تردید بہت ہی بعیدازعقل ہے کہ اتنے بڑے بڑے امام،امام نووی اورامام ابن عبدالبر جیسے محدثین یہ معاملہ نہ سمجھیں۔بہرحال ابن حجر کے قول کوموضوعات میں ردکیا ہے۔نیز ثابت ماننے کے بعدہی اس حدیث کے متعلق نہیں بلکہ وہ حدیث ہے کہ جس کو میں نے شروع بحث میں لکھا ہے۔اس متنازعہ فیہ حدیث کے وہی تین طرق سب نے حتیٰ کہ ابن حجر نے نقل کئے ہیں اورسب میں وہی ضعیف راوی ہے اور حدیث کی تصحیح کسی امام نے نہیں کی۔بہرحال یہ مغالطہ بھی بےسودرہا۔

۱۱...... ابن ابی اوفی کا قول اس کی صحت کی دلیل ہے۔

الجواب: اسی جواب بحث میں اسی شبہ کے بعد تیسرے شبہ کا بیان ایک ہیڈنگ قائم کر کے خود مختار مدعا علیہ نے لکھا ہے کہ یہ فہم صحابی ہے اور علم حدیث سے واقف شخص پر مخفی نہیں کہ فہم صحابی حجت نہیں ہے اور نہ ہی اس کا قول حجت ہو سکتا ہے جب کہ اس کے مخالف صحابی کا قول موجود ہے۔ کیونکہ صحابی فہم قرآن اور حدیث میں غلطی کر سکتا ہے۔

پس اس کے بعد مختار مدعا علیہ کو ابن ابی اوفی کے قول کو صحت حدیث کی تائید بتانے کا کون سا حق رہتا ہے۔ یہ محض بے سود ہے۔

دوسرے وہاں اس حدیث یا اس کے الفاظ تک کا پتہ نہیں۔ وہاں تو وہ ایک اپنی رائے اور اپنا فیصلہ فرما رہے ہیں۔ ملاحظہ ہو (بخاری شریف ج۲ص۹۱۴ ہاشمی)

''حدثنا اسماعیل قال قلت لابن ابی اوفی ارئیت ابراھیم ابن النبیﷺ قال مات صغیراً ولو قضی ان یکون بعد محمدﷺ نبی عاش ابنہ ولکن لا نبی بعدہ ''یعنی اسماعیل تابعی فرماتے ہیں کہ میں نے ابن ابی اوفی صحابی سے پوچھا کہ آپ نے ابراہیم صاحبزادہ نبی کریمﷺ کو دیکھا۔ فرمایا: ہاں! صغرسنی میں وہ فوت ہو گئے تھے اور اگر اللہ تعالیٰ کے فیصلہ میں بعد محمدﷺ کسی بھی نبی کا ہو سکنا ہوتا تو آپ کے صاحبزادے زندہ رہتے، مگر فیصلہ یہ ہے کہ ''لا نبی بعدی'' آپ کے بعد کوئی بھی کسی قسم نبی نہیں ہو سکتا۔

عدالت خود ہی ملاحظہ فرمائے کہ یہاں اس حدیث: ''لو عاش ابراھیم لکان صدیقاً نبیاً'' کا نام و نشان تک بھی نہیں۔ بلکہ تمام اس حدیث میں آنحضرتﷺ کو کچھ بھی فرمان منقول نہیں۔ یہ بھی مختار مدعا علیہ کا مغالطہ اور صریح بہتان ہے۔

۱۲...... ان ائمہ کو بھی یقین نہیں جب ہی تو مختلف الفاظ لکھے۔

الجواب: مختار مدعا علیہ جو چاہے دیدہ و دانستہ الزام لگائے۔ یہ تاویل ہی مضحکہ خیز ہے ایک امام سے بھی متضاد امور منقول نہیں، نہ آپس میں کوئی تعارض ہے۔ مختلف عیوب ہیں۔ مختلف ائمہ نقل کرتے ہیں۔ جیسے کسی کے متعلق ایک کہے کہ جھوٹا ہے۔ دوسرا کہے دغا باز ہے۔ تیسرا کہے سود خور ہے۔ چوتھا کہے بے نمازی ہے۔ ان میں کوئی تعارض نہیں بلکہ وہ شخص اور بھی بے اعتبار ہو جائے گا۔

یوں ہی اس راوی کے متعلق ایک امام کی رائے ہے کہ وہ ثقہ نہیں۔ امام احمد فرماتے ہیں: ضعیف ہے۔ امام مسلم متروک الحدیث، امام ترمذی منکر الحدیث کہتے ہیں۔ وغیرہ وغیرہ!

پس اتنے محقق عیوب اور ضعف کے بعد وہ معتبر کیونکر ہو سکتا ہے۔

بحمد اللہ! ان تمام تاویلات رکیکہ کا جواب ہو گیا اور روز روشن کی طرح واضح ہو گیا کہ حدیث نہایت مجروح ہے جو کسی طرح معتبر اور قابل استناد اور حجت نہیں۔ چہ جائے کہ صحیح احادیث کا مقابلہ اس سے کیا جاوے۔

یہ مختار مدعا علیہ کے دوسرے شبہ کا جواب ہے جو سند کے متعلق تھا۔

حدیث مذکورہ بالا باعتبار متن اور الفاظ حدیث کے بھی اپنے مدعا کے اثبات میں نص قطعی نہیں۔ پس ایسی دور از کار تاویلات رکیکہ سے ایک محتمل وہ بھی غیر معقول اور خلاف منقول معنی لے کر قطعیات کے ذخیرہ اور نصوص کو کس طرح رد کیا جا سکتا ہے اور صریح قطعی آیات و احادیث صحیحہ واضحہ اور اجماع خلف و سلف کے خلاف ایک جدید کفر کی اس ضعیف آڑ سے بنیاد ڈالنا کہاں کی دیانت ہے۔ اس حدیث سے مختار مدعا علیہ نے آنحضرتﷺ کے بعد قطعی طور پر امکان نبوت ثابت کرنا ہے۔ مگر اس کے متن میں لفظ (لو) موجود ہے اور اس کے قرآن پاک سے متعدد حوالہ پیش کر کے گواہ نمبر۱ سے ۸؍مارچ ۱۹۳۳ء میں سوال کیا گیا ہے۔ وہ جواب دیتا ہے کہ لو جس جگہ داخل ہوتا ہے۔ اکثر وقوع نہیں ہوتا۔

اس طرح دوسرا گواہ بھی اس کے فرضی طور پر استعمال کو مؤید ہے۔ لہٰذا بیان ایک فرضی صورت ہے جس سے امکان یا وقوع مقصود نہیں۔ قرآن پاک اور احادیث میں اس کی مثالیں بکثرت ملیں گی اور اگر یہاں ’’**لو عاش ابراھیم**...... **الخ!**‘‘ سے امکان نبوت کے بعد آنحضرت ﷺ مختار مدعا علیہ کے طرز پر لیا جاوے تو یہ آیت: ’’**لو کان فیھما اٰلھۃ الا اللہ لفسدتا**‘‘ میں خدا کے سواء اور دوسرے معبودان کا بھی امکان نکل آئے گا۔ اگر یہ عذر کیا جاوے کہ دوسرے دلائل توحید واضح اور قطعی موجود ہے تو ادھر بھی گزارش ہے کہ ختم نبوت کے دلائل قاطعہ اور براہین ساطعہ اس قدر موجود ہیں کہ ان کے ہوتے ہوئے۔ ایک لمحہ کے واسطے کوئی مسلمان بعد آنحضرت ﷺ امکان نبوت کا قائل نہیں ہوسکتا اور ایسے لفظ سے جو عموماً اور اکثر فرضی طور پر استعمال ہوتا ہے۔ امکان کے معنی تمام قرآن وحدیث واجماع کے خلاف لینا درست نہ ہوگا۔

خلاصہ یہ ہے کہ یہ محض فرضی ہے۔ امکان میں نص نہیں۔ بخلاف ’’**لا نبی بعدی**‘‘ وغیرہ کے جو امتناع کے واسطے نص قطعی ہیں اور مرزا صاحب کو بھی قبل دعویٰ مسلم ہیں۔ پس یہ امکان نبوت بعد آنحضرت ﷺ کے کسی طرح دلیل نہیں ہوسکتی۔ مفصل اصل بحث ملاحظہ ہو۔

## تاویلات مختار مدعا علیہ

خلاصہ تاویلات جن کو پہلے شبہ کا جواب کا عنوان دے کر جوابی بحث میں لکھا ہے۔ مندرجہ ذیل ہیں:

۱...... یہ قاعدہ کلیہ نہیں۔ بلکہ جیسے ’’**لو انھم صبرو الآیۃ لو عاش لاعتقت**...... **الخ!**‘‘ میں ہے۔

۲...... مقام مدح میں محال اور ناممکن الوقوع شئے سے فضیلت کا اظہار عبث نہیں۔ جیسے ایک ایف.اے پاس شدہ کی وفات پر کہا جائے کہ اگر یہ زندہ رہتا تو ضرور بی.اے پاس کر لیتا۔ اس سے ہر عاقل وفرزانہ یہ سمجھے گا کہ بی.اے کوئی درجہ ہے۔ جیسے وفات شدہ طالب علم بوجہ موت حاصل نہ کرسکا۔ نہ یہ کہ بی.اے کوئی درجہ نہیں، اس کا حصول ناممکن ہے۔

۳...... یہ کیا ضرورت ہے کہ نبی کی اولاد بھی ضرور نبی ہو کہ ان کی وفات کی علت نبی نہ ہوسکنا قرار دیا جاوے۔

۴...... اگر یہی وجہ وفات کی تھی تو ان کو پہلے سے پیدا کرنے کی کیا ضرورت تھی۔ جب کہ انہیں اس ڈر سے مارنا پڑا کہ کہیں نبی ہو جاوے۔

__الجواب:__ اوّلاً ہم اس حدیث کو صحیح تسلیم ہی نہیں کرتے۔ یہ جواب تو آپ کے اصول پر صحیح تسلیم کر کے پیش کیا گیا ہے تاکہ مغالطہ نہ ہو۔ دوسرے مفصل ومرتب جواب یہ ہے کہ تاویل نمبرا یہ قاعدہ کلیہ نہیں...... الخ!

__الجواب:__ کلیہ نہ سہی اکثر یہ تو مختار مدعا علیہ کو بھی بحیثیت گواہ مدعا علیہ مسلم ہے۔ لہٰذا جب کہ عدم امکان احتمال اکثر یہ پیدا ہوگیا تو یہ مدعا کے واسطے ناطق اور نص صریح نہ ہوا۔ کیونکہ یہاں تو احتمال اکثر ہی موجود ہے۔ ادنیٰ احتمال بھی استدلال کو باطل کر دیتا ہے کہ: ’’**اذا جاء الاحتمال بطل الاستدلال**‘‘ احتمال پیدا ہونے سے استدلال باطل ہو جاتا ہے۔ پھر یہ احتمال نہ اکثر یہ احتمال ہے، بلکہ قرآن پاک، احادیث صحیحہ، اقوال سلف وخلف، بلکہ اجماع امت کی اس کے ساتھ تائید موجود ہے۔ پس ایک آدھی مثال میں وقوع بھی مان لیں تو بھی استدلال اور اثبات مدعی میں نص نہیں ہوسکتا۔ یہی ہمارا مدعا تھا جواب بن نہ آیا۔ مغالطہ دہی کی ناکام سعی شروع کر دی۔

۲...... مقام مدح میں محال اور ناممکن الحصول شئے سے فضیلت کا اظہار عبث ہے...... الخ!

سبحان اللہ! غالباً علم معانی وبلاغت کے خلاف دانستہ یہ بات مختار مدعا علیہ نے کہہ دی ہے۔ اس میں نہ تو صرف مدح بلکہ کمال مدح ہے کہ ممدوح کے اندر وہ کمالات ودیعتہ تھے کہ اگر وہ زندہ رہتے تو سب کچھ انسانی فضائل حتیٰ کہ ناممکن حصول فضیلت بھی حاصل کر لیتے جس کا اب حاصل کرنا ناممکن ہے۔ مثال کے لئے اسی متنبّی کا قول پیش ہے جس سے مختار مدعا علیہ نے بحیثیت گواہ استناد کیا ہے اور دلیل میں لایا ہے:

**ولو طائر ذوحا فر قبلھا … لطارت ولکنھا لم یطیر**

کہ اگر ٹاپوں والا جانور اڑ سکتا تو یہ بھی گھوڑا اڑتا۔ مگر ٹاپوں والا اڑا نہیں کرتا۔ دیکھئے مقام مدح میں مبالغہ فی المدح کے واسطے ناممکن الحصول فضیلت پیش کی ہے۔

معانی کے کتب کا مطالعہ فرمایا جائے۔ بے شمار امثلہ اس قسم کے موجود ہیں۔ بخوف طوالت ذکر نہیں کرتا۔ اسی قبیل سے آنحضرت ﷺ کا فاروق اعظمؓ کی فضیلت میں ''لو کان بعدی نبی لکان عمر بن الخطاب'' ہے کہ اگر میرے بعد کوئی نبی ہوسکتا تو عمر بن الخطاب ہوتے۔ حالانکہ ''لا نبی بعدی'' سے ہر قسم کی نبوت ملنے کا دروازہ بند ہو چکا تھا۔ اس کے علاوہ قرآن وحدیث میں متعدد مثالیں موجود ہیں جنہیں بخوف طوالت ذکر نہیں کرتا اور نہ یہ جواب میری بحث کے مطالعہ کے بعد قابل التفات ہی رہتا ہے۔

میں نے بعینہ اس جیسی ایک مثال شعر سے اور ایک مسلم فریقین صحیح حدیث پیش کر دی ہے۔ باقی یہ کہنا کہ ایف.اے پاس شدہ کی موت پر یہ کہا جائے کہ اگر وہ زندہ ہوتا تو ضرور بی.اے پاس کرتا۔ اس لئے اس درجہ کے حصول کا امکان پایا جاتا ہے۔

اوّلاً تو سابق جواب اس کے واسطے کافی ہے۔ مزید وضاحت کے واسطے مختصراً گزارش ہے کہ اس تعبیر میں اس کی استعداد بی.اے پاس کر سکنے کا اعتراف ہے کہ اگر زندہ رہتا تو اس کی استعداد بی.اے پاس کرنے کی تھی۔ ہاں! اگر کلاس ہی توڑ دی گئی اس میں اس کے کسب واستعداد کو کوئی دخل نہیں نہ اس کی فضیلت میں کوئی فرق آتا ہے۔ جیسے کہ حضرت فاروق اعظمؓ میں کمالات نبوت بدرجہ اتم موجود تھے۔ اگر آنحضرت ﷺ کے بعد کوئی نبی ہوسکتا تو فاروق اعظمؓ نبی ہوتے۔ ''لو کان بعدی نبی لکان عمر بن الخطاب'' مگر یہ کلاس ہی توڑ دی گئی۔ یہ دروازہ ہی ''خاتم النّبیین لا نبی بعدی'' اور ''لا نبوۃ بعدی انقطعت النّبوۃ والرسالۃ'' سے ہمیشہ کے لئے بند ہو چکا۔ پس ''لو عاش ابراهیم...... الخ!'' اگر بالفرض صحیح تسلیم کر لیا جائے تو یہ مطلب ہوگا کہ کمالات نبوۃ ان میں موجود تھے۔ اگر وہ زندہ رہتے تو نبوت کے حق دار رہتے۔ یعنی اپنی استعداد کی وجہ سے۔ ہاں! انسداد باب نبوت اس کو ضرور مانع ہے۔ اس میں ان کے کمالات کی کوئی تنقیص نہیں۔ میرے خیال میں یہ جواب بہت کافی ہے اور دراصل میں نے اسے اصل بحث میں واضح کر دیا تھا، مگر مختار مدعا علیہ نے بلفظہ باوجود جواب ہو جانے کے شہادت سے پھر نقل کر دیا۔ یہی قصہ تقریباً اور تمام مباحث میں کیا گیا ہے۔

۳...... نبی کی اولاد کا نبی ہونا کب ضروری ہے...... الخ!

الجواب: یوں ہی مسلمان بھی کہتے ہیں کہ نبی کی امت سے نبی ہونا کب ضروری ہے، مگر مرزا صاحب کے مرید یہ جواب دیتے ہیں کہ پہلی امتوں میں نبی ہوئے ہیں۔ لہٰذا گو ضروری نہ ہوا۔ مگر ایک فضیلت ضرور ہے جس کا نہ ہونا ایک قسم کی تنقیص ہے۔ یہی جواب اس کا خیال فرمالیں کہ نبی کا بیٹا نبی ہونا ضروری نہیں۔ مگر فضیلت ضرور ہے اور اسے مقام فضیلت میں خود آنحضرت ﷺ نے بیان فرمایا ہے: ''الکریم ابن الکریم ابن الکریم یوسف ابن یعقوب ابن اسحاق ابن ابراهیم'' مقام مدح میں نبی کا بیٹا ہونا مذکور ہے۔ (بخاری شریف)

پس گو نبی کے بیٹے کا نبی ہونا ضروری نہ سہی مگر اس میں فضیلت ضرور ہے کہ دیگر انبیاء کو یا ان کی اولاد کو یہ شرف ملے اور آنحضرت ﷺ کو نہ مل سکے۔ مگر چونکہ آنحضرت ﷺ خاتم النّبیین تھے اور باب نبوت آپ پر مسدود ہو چکا تھا۔ پس اس کی تلافی باری تعالیٰ نے یوں فرمائی کہ انہیں قبل سن نبوت وفات دے دی اور اپنے نبی پاک ﷺ کی زبانی ان کے کمالات نبوت سے متصف ہونے کا اعلان کرا دیا کہ: ''لو عاش ابراهیم لکان صدیقاً نبیا'' جس کی شرح مختار مدعا علیہ کی پیش کردہ موضوعات کبیر میں اسی جگہ اسی صفحہ پر یوں موجود ہے جسے مختار مدعا علیہ نیز گواہان مدعا علیہ نے قطع وبرید کر کے مغالطہ دیا ہے۔

''قوله تعالیٰ ماکان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول اللّٰہ وخاتم النّبیین فانه یوحی الیه بانه لم

یعش لہ ولد ولا یصل الی مبلغ الرجال فان ولدہ من صلبہ یقتضی ان یکون لہ قلب کما یقال الولد منزلا بعد ولو عاش وبلغ اربعین وصار نبیاً لزم ان لایکون نبیاً خاتم النّبیین'' (موضوعات کبیر مجتبائی ص۵۸)

(ترجمہ) ''ولکن رسول اللہ وخاتم النّبیین'' کیونکہ یہ اس بات کی طرف مشیر ہے کہ آنحضرتﷺ کا کوئی بھی لڑکا زندہ نہ رہا کہ مرد بالغ کی حیثیت تک پہنچتا۔ کیونکہ آپ کا صلبی بیٹا آپ کے قلب کا جو ہونا تھا۔ جیسا کہ الولد سرلابیہ کہتے ہیں اور اگر وہ زندہ رہتے اور چالیس سال تک پہنچتے اور نبی ہوتے تو لازم آتا کہ ہمارے نبیﷺ خاتم النّبیین نہ رہیں...... الخ!

پس اس عبارت سے جواب بالکل مکمل اور واضح ہوگیا خود مختار مدعاعلیہ اور اس کے گواہوں کی یہ مسلم اور پیش کردہ چیز ہے۔ فللہ الحمد!

۴...... اگر یہی وجہ تھی تو پیدا کرنے کی کیا ضرورت تھی جب کہ انہیں اس ڈر سے مارنا پڑا کہ نبی نہ ہوجائیں۔

الجواب:

۱...... یہ خدا تعالیٰ سے پوچھیں کہ انہیں کیا ڈر تھا اور کیوں پیدا کر کے اس وجہ سے مار ڈالا۔

۲...... قرآن پاک میں حضرت موسیٰ علیہ السلام اور خضر کے واقعہ میں ہے کہ ایک جگہ حضرت خضرؑ نے ایک نوجوان بچہ کو قتل کر ڈالا اور پھر بعد کو اس کا جواب یہ فرمایا کہ: ''واما الغلام فکان ابواہ مؤمنین فخشینا ان یرھقھما طغیانا وکفراً (کھف:۸۰)'' ملاحظہ فرمائیں کہ اس بچہ کو صرف اس وجہ سے قتل کیا کہ وہ بڑا ہوکر اپنے ماں باپ کو گمراہ اور کفر میں ملوث نہ کردے۔

یہی اعتراض اہل باطل شیطان اور دجال وغیرہ کی پیدائش پر کرتے ہیں:

چو بشنوی سخن اہل دل بگو کہ خطا است سخن شناس نہ دلبر این جا است

مختار مدعاعلیہ کو چاہئے کہ اس کا فائدہ آنحضرتﷺ کے کسی غلام سے پوچھ لے۔

اصل یہ ہے کہ آپ کے اولاد ذکور کے نہ ہونے پر کفار کا ایک طعنہ تھا کہ اولاد نرینہ جو ایک دنیوی بڑی برکت ہے۔ اس سے مدعی محبوبیت کیوں محروم ہے۔ اللہ نے اولاد نرینہ عطاء فرمائی۔ پھر ان کی وفات پر بھی طعنہ زن تھے کہ محبوب خدا کو یہ صدمہ کیونکر ہوا۔ پس اس کا جواب بارگاہ رسالت سے یہ دلوایا کہ: ''لو عاش ابرھیم لکان صدیقا نبیا''

اور یہ بھی ایک نکتہ ہے اللہ کے راز ونیاز اور اسرار اللہ کے سواء مخلوق کی قدرت نہیں کہ سمجھ سکے اور نہ ہم ان علل ونکات وحکم کے مکلّف ہیں۔ بحمداللہ! مکمل اس کا جواب ہوگیا اور اچھی طرح وضاحت ہوگئی۔ اس حدیث سے امکان نبوت یا خاتم النّبیین کے معنی مختار مدعاعلیہ کے استدلال کے مطابق سے لینا نہ صرف غلطی بلکہ آنحضرتﷺ پر افتراء ہے۔ (معناً بھی یہ حدیث مثبت مدعا نہیں)

اس سلسلہ میں مفصل دلائل ابتدائی بحث میں پیش کر چکا ہوں جن کا اعادہ نہیں کرتا۔

مختصر یہ ہے کہ اس حدیث کا مطلب جو مختار مدعاعلیہ پیش کرتا ہے وہ محض غلط ہے۔ کیونکہ وہ صحابہ کرام جو وقت وفات صاحبزادہ ابراہیم وہاں موجود تھے وہ بھی یہ مضمون نہ سمجھے۔ حالانکہ بالاتفاق صحابہ اذکیاء امت سے ہیں۔ بلکہ وہ بالکل اس مضمون کے خلاف اظہار فرمارہے ہیں۔ ملاحظہ ہو (بخاری ج۲ ص۹۱۴) ''حدثنا اسماعیل...... الخ!'' وابن ماجہ یعنی اسماعیل تابعی فرماتے ہیں کہ میں نے ابن ابی اوفی صحابی سے پوچھا کہ کیا آپ نے آنحضرتﷺ کے صاحبزادے ابراہیم کو دیکھا تھا۔ فرمایا: ہاں! صغرسنی میں وہ فوت ہوگئے تھے اور اگر اللہ کے فیصلہ میں کسی کا نبی ہوسکنا بعد آنحضرتﷺ ہوتا تو آپ کے صاحبزادے زندہ رہتے۔ مگر فیصلہ ''لانبی بعدی'' ہے کہ آپ کے بعد کوئی بھی کسی قسم کا نبی نہیں ہوسکتا۔ (بخاری شریف)

پس تمام صحابہ کے خلاف اس حدیث کا یہ غلط مطلب لینا کیونکر درست ہوگا۔

## مختار مدعا علیہ کی رکیک تاویل اور صحابہ کرام ؓ کی شان میں گستاخی

(خلاصہ تاویلات)

۱...... مخفی نہیں ہے کہ فہم صحابی حجت نہیں۔

۲...... ابن ابی اوفی کا قول حجت نہیں، کیونکہ اس کے خلاف صحابی کا قول موجود ہے۔

۳...... صحابی فہم القرآن اور حدیث میں غلطی کیا کرتے تھے (بعض امثلہ بزعم خود اس کے متعلق

۴...... قول عائشہ ؓ اس مفہوم کے خلاف موجود ہے۔

الجواب: اجمالاً۔ اوّلاً یہ گزارش ہے کہ اس کے یہ کہہ دینے سے کہ صحابہ فہم قرآن اور حدیث میں غلطی کرتے ہیں۔ اصل مدعا ثابت نہیں ہوسکتا، کیونکہ کوئی شخص اسے تسلیم بھی کرے تو اس سے کیا یہ ثابت ہوگیا کہ مختار مدعا علیہ جو مطلب خود ساختہ امکان نبوت پیش کرتا ہے جس کا مؤید تیرہ سو سال میں ایک متنفس بھی نہیں، وہ درست ہوجائے گا اور عیاذ اً باﷲ! صحابہ تو مطلب بزعم خود مختار مدعا علیہ قرآن وحدیث کو صحیح نہ سمجھتے ہیں۔ مختار مدعا علیہ کو کیا حق حاصل ہے کہ کہے کہ میں صحیح سمجھتا ہوں۔ نیز مختار مدعا علیہ تو بزعم اپنے نبی کے خود بھی صحابی ہے۔ کیونکہ وہ فرما گئے ہیں: ’’فمن دخل فی جماعتی دخل فی صحابة سید المرسلین‘‘ (خطبہ الہامیہ ص۱۷۱، خزائن ج۱۶ ص۲۵۸)
کہ جو میری جماعت میں شامل ہوا وہ سید المرسلین ﷺ کے صحابہ کرام ؓ میں داخل ہوگیا۔ پس یہ بھی تو اسی غلطی کرنے والی جماعت میں شامل ہوگئے۔

۱...... مخفی نہیں کہ فہم صحابی حجت نہیں۔

الجواب: یہاں اس بحث میں میں اس وقت نہیں الجھتا کہ فہم صحابی کہاں حجت ہے کہاں نہیں اور اس کے کیا معنی ہیں۔ میں تو یہ صرف گزارش کرتا ہوں کہ قرآن پاک کی قطعی آیات احادیث مرفوعہ صحیحہ قطعیہ متواتر اجماع صحابہ بلکہ اجماع امت کے موافق یہ فہم ابن ابی اوفی صحابی ہے اور انہوں نے تائید میں اسی مسلم فریقین حدیث: ’’لانبی بعدی‘‘ یا بعدہ کو پیش کیا ہے۔ پس اس کے رد کے معنی نہ صرف ان کی تحقیق بلکہ آنحضرت ﷺ اور تمام صحابہ امت اور قرآن پاک کے رد کرنے کے ہیں۔

اور مختار مدعا علیہ کا صرف یہ کہہ دینا کہ مخفی نہیں، کوئی دلیل تو نہیں۔ جب تک کوئی اپنا مؤید حوالہ قواعد اصول حدیث سے نہ پیش کریں اور وہ یہ نہ کرسکا۔

۲...... نیز یہ مضمون کہ صاحبزادہ کی وفات بوجہ انسداد باب نبوت ہے۔ صرف انہیں سے منقول ہے۔ اس کے خلاف کوئی ایک صحابی کی آواز نہیں۔ پس ایسا غیر مختلف فیہ مضمون کیونکر حجت نہ ہوگا۔

مزید براں مختار مدعا علیہ کا اپنا مطلب تو اپنی اثبات مدعا میں صریح اور حجت نہ رہا۔ لہٰذا یہ حدیث ان کے واسطے تمام صحیح احادیث کے خلاف اپنے معنی میں صریح اور حجت نہ بن سکی۔

۲...... ابن ابی اوفی کا قول حجت نہیں ہے کیونکہ اس کے خلاف صحابی کا قول موجود ہے۔

الجواب: یہ مغالطہ دینے کے واسطے ہے۔ ورنہ کسی ایک صحابی سے اس بارہ میں اس مضمون کے خلاف ضعیف سے ضعیف اور موضوع تک روایت نہیں، نہ مختار مدعا علیہ نے شہادت سے بحث تک پیش کی۔

۳...... صحابی فہم قرآن وحدیث میں غلطی کرتے ہیں۔

الجواب: یہ محض غلط ہے۔ صحابہ اذکیاء امت سے ہیں اور احادیث ونزول قرآن کے عینی شاہد اور مختار مدعاعلیہ جس مثال سے مغالطہ دینا چاہتا ہے وہ محض ناواقفی پر ہی ہے۔ نہ اس کا وہ مطلب ہے جو سمجھ رہا ہے۔ اس سے کسی نے قول صحابی کا حجت نہ ہونا نہ نکالا اور اگران کا قول حجت نہ رہے تو سارا دین ہاتھ سے جاتا ہے۔ کیونکہ تمام دین کے اوّلین مشاہد صرف صحابہ کرامؓ ہیں اور اصول ہے کہ جس بات کو غیر معتبر ثابت کرنا ہو تو اس کے گواہوں کو مجروح کر کے غیر معتبر ہونا ثابت ہوسکتا ہے۔

۴...... قول عائشہؓ اس مضمون کے خلاف موجود ہے۔

الجواب: محض جھوٹ اور افتراء اور بہتان ہے۔ کہیں ذخیرہ حدیث میں حضرت صدیقہؓ کا ایک قول بھی اس مضمون مخصوص کے متعلق منقول ہی نہیں۔ چہ جائے کہ مخالف وموافق اگر مختار مدعاعلیہ اس سے ''وقولوا خاتم النّبیین ولا تقولوا لا نبی بعدی'' سمجھ رہا ہے تو یہ غلط ہے۔ وہاں تو اس مضمون کا پتہ ہی نہیں کہ اﷲتعالیٰ کے علم میں آنحضرتﷺ کے بعد نبی ہونا فیصل شدہ ہے نہ اس لئے صاحبزادہ ابراہیم کا انتقال ہوگیا ہے۔ بلکہ اس قول میں اس مضمون کا کوئی اشارہ بھی نہیں۔ نیز ان کا یہ قول صحیح سند سے ثابت بھی نہیں نہ کسی حدیث کی معتبر کتاب میں یا صحاح ستہ وغیرہ میں اس کا وجود ہے نہ اس کے سوائے اس کے کوئی اور مطلب ہے کہ آپ کا لقب خاتم النّبیین خدا کا دیا ہوا ہے، وہی زبان سے کہو اور مقام مدح میں لا نبی کا لقب استعمال نہ کرو۔ کیونکہ خدائی الفاظ مخلوق کی تعبیر سے زیادہ جامع ہیں۔ اگر ''لا نبی بعدی'' میں صرف خاتمیت زمانی ہے تو خاتم النّبیین میں ذاتی اور زمانی دونوں موجود ہیں۔ مفصل بحث اپنی جگہ پر ان شاءاﷲ آئے گی۔

غرض یہ قول بالکل بے ربط اور غیر متعلق ہے۔ پھر یہ کہنا کہ اگر یہ غلط ہوتا تو صحیح بخاری جیسی مستند ومعتبر کتاب میں ابن ابی اوفیؓ کا یہ فیصلہ نقل نہ کیا جاتا۔

الجواب: پس اس سے ثابت ہوگیا کہ اس اثر ابن ابی اوفی کا بھی جواب مختار مدعاعلیہ کے پاس نہیں ہے۔

اس کی تائید کے واسطے شہاب اور ملّا علی قاری گو وہ مدعاعلیہ کے نزدیک بھی امام حدیث یا جرح وتعدیل یا کم ازکم حافظ حدیث بھی نہیں۔ نیز قطع وبرید کر کے یہ مطلب ملّا علی قاری کی طرف منسوب کیا ہے۔ ورنہ ان کا بھی صاف فیصلہ بالکل وہی ہے جو ابن ابی اوفی صحابی کا ہے۔

اصل عبارت ملاحظہ ہو: ''ولو عاش وبلغ اربعین وصار نبیاً لزم ان لایکون نبیاً خاتم النّبیین''

(موضوعات کبیر مجتبائی ص۵۸)

اگر صاحبزادہ ابراہیم زندہ رہتے اور چالیس سال کو پہنچتے اور نبی ہوتے تو لازم آتا کہ ہمارے نبی کریمﷺ خاتم النّبیین نہیں۔ بالکل وہی مضمون ہے۔ جو صحابی نے نقل کیا۔ یہ حوالہ گزر چکا ہے۔

پس یہاں قطع وبرید کر کے صرف مختار مدعاعلیہ مغالطہ دے کر ایسے بزرگ پر بہتان باندھنا چاہتا ہے کہ ورنہ نہ صرف اسی ایک رسالہ میں یہ ہے جس کا موضوع بحث بیان عقائد نہیں بلکہ شرح فقہ اکبر ملّا علی قاری جو عقائد میں ہے، نیز مرقات جو شرح حدیث ہے اس میں صاف تصریح ہے کہ ''خاتم النّبیین'' اور ''لا نبی بعدی'' کے معنی آخری نبی کے ہیں۔ آنحضرتﷺ کے بعد ہر قسم کا مدعی نبوت کافر ہے۔ ملاحظہ ہو حوالہ شرح فقہ اکبر پیش کردہ گواہ مدعیہ نمبر۱،۲،۵۔

نیز مرقات تحت شرح لا نبی بعدی۔ مفصل حوالہ جات اپنے اپنے محل پر آئیں گے۔ ان شاءاﷲتعالیٰ!

## جو میں نے پیش کیا ہے دراصل یہی حق ہے

ممکن ہے کہ یہ خیال کیا جائے کہ مرزا صاحب کی عداوت کی وجہ سے از راہ تعصب مسلمان یہ مطلب لیتے ہیں۔ اس لئے میں نہایت ہی معتبر ومستند احمدی کا حوالہ پیش کرتا ہوں جس سے مختار مدعا علیہ ہرگز انکار نہیں کرسکتا۔ کیونکہ مرزا صاحب نے ان کی بے حد تعریف کی ہے اور کوئی معمولی وغیر مسلم نہیں نہ صرف احمدی بلکہ امیر جماعت احمدیہ جناب محمد علی صاحب ایم.اے۔

اپنی کتاب (آخری نبی ص۱۴ تا ص۱۸) پر اسی حدیث کے متعلق باوجود مرزا صاحب پر ایمان لانے کے مندرجہ ذیل تحقیقات پیش فرماتے ہیں۔

## عبارت رسالہ آخری نبی

’’اب میں میاں صاحب کی اس شہادت کو لیتا ہوں۔ یہ ابن ماجہ کی حدیث ہے:’’**لو عاش ابراهيم لكان صديقاً نبياً**‘‘ پہلا سوال یہ ہے کہ کیا اس سے میاں صاحب کے خاتم النّبیین کے معنی حل ہوگئے۔ کیا اس حدیث نے بتادیا کہ خاتم النّبیین سے مراد یہ ہے کہ آنحضرتﷺ کے اتباع سے لوگ نبی بنا کریں گے۔ اگر نہیں اور یقیناً نہیں تو اس کے پیش کرنے سے کیا حاصل؟ انہیں تو اجماع کے خلاف رسول کریمﷺ کی وہ آواز پیش کرنی چاہئے جو ان کے معنی کو صحیح ثابت کرے۔ دوسری بات قابل غور یہ ہے کہ یہ روایت کوئی ایسی اعلیٰ پایہ کی نہیں۔ اوّل تو صرف ابن ماجہ کی روایت ہے اور کسی کتاب میں نہیں۔ دوسرے اس کے راویوں میں ابوشیبہ ابراہیم ہے جسے متروک الحدیث قرار دیا گیا ہے۔ ایسی کمزور حدیث کو اس قدر اعلیٰ پایہ کی احادیث کی تردید میں پیش کرنا سخت جرأت ہے۔ تیسری بات قابل غور یہ ہے کہ اس حدیث سے مراد کیا ہے۔ اتنا تو میاں صاحب کو مسلم ہے کہ یہ فرض کے طور پر ہے۔ مگر میاں صاحب ایک قانون اپنے دماغ سے بنا کر سب سے پہلے اسے منوانا چاہتے ہیں۔’’جو بات اپنی ذات میں ناممکن ہو اس کو شرطیہ طور پر بھی نہیں کہہ سکتے۔‘‘ سب سے مشکل میاں صاحب کی تحریر کے جواب میں یہی ہوتی ہے کہ وہ بغیر کسی بات کے پروا کرنے کے قانون بناتے چلے جاتے ہیں۔ مریدوں کی کیا جرأت کہ دریافت کریں کہ یہ قانون کہاں لکھا ہوا ہے۔ بفرض محال یا بالفرض بیسیوں دفعہ میاں صاحب اور ان کے مریدوں نے استعمال کیا ہوگا۔ مگر جب میاں صاحب نے کہہ دیا۔ جو بات نہ ہوتی ہو وہ شرطیہ طور پر بھی نہیں کہہ سکتے تو مریدین بھی دم بخود ہیں۔ مرید کی کیا مجال کہ سوال کرے۔’’**قل انی اخاف ان عصيت ربی عذاب يوم عظيم** (الزمر:۱۳)‘‘ تو کیا قرآن شریف میں رسول اللہﷺ کے متعلق ہے۔ کہہ دے اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں تو ایک بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں تو کیا میاں صاحب کے نزدیک رسول کریمﷺ کا اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرنا ہی ممکن نہ تھا۔’’**لئن اشركت ليحبطن عملك** (الزمر:۶۵)‘‘ اگر تو شرک کرے تو تیرا عمل حبط ہوجائے تو کیا آنحضرتﷺ کا شرک کرنا بھی ممکن تھا۔ ان کا’’**ن للرحمن ولد فانا اول العابدين** (الزخرف:۸۱)‘‘ اگر رحمٰن کا بیٹا ہوتا تو خدا کا بیٹا ہونا بھی ممکن ہے اور سب سے بڑھ کر’’**لو كان فيهما الهة الا الله لفسدتا**‘‘ اگر (زمین وآسمان) دونوں میں سوائے خدا کے معبود ہوتے تو ان کا نظام بگڑ جاتا۔ تو کیا اور خدا ہونے بھی ممکن ہے۔ اس حدیث کے الفاظ بالکل اس آیت کے مطابق ہیں تو جیسے آیت میں یہ بتایا کہ جس طرح فساد کا ہونا ناممکن ہے۔ اسی طرح دو خدا ہونا بھی ناممکن ہے۔ اس طرح حدیث میں بتایا کہ جس طرح آنحضرتﷺ کے بعد نبی کا ہونا ناممکن ہے۔ اسی طرح خود ابراہیم کا زندہ رہنا ناممکن تھا۔ میاں اتنا ہی غور کر لیتے کہ یہ آنحضرتﷺ نے اس وقت فرمایا جب کہ حضرت ابراہیم فوت ہوچکے تھے۔ اگر حضرت ابراہیم کی زندگی میں ایسے لفظ فرماتے تو کہا جاسکتا تھا کہ:’’لو‘‘ بمعنی ان ومحض شرطیہ ہے۔ لیکن جب حدیث صاف بتاتی ہے کہ ابراہیم کی وفات کے بعد آپ نے فرمایا تو اس سے خود ظاہر ہے

کہ اس وقت فرمایا جب یہ ثابت ہو چکا کہ ابراہیم کا زندہ رہنا ناممکن تھا۔ پس جب وہی ناممکن ہے تو ’’لو کان نبیاً‘‘ خود ناممکن ہوا اور میاں صاحب نے محض اس حدیث سے اپنا مطلب نکالنے کے لئے لو شرط کے لئے قرار دیا ہے۔ حالانکہ ’’لو‘‘ امتناع کے لئے بھی آتا ہے تو کیا معنی وہ لیں گے جس سے یہ حدیث بھی دوسری حدیثوں کے مطابق ہو جائے یا وہ جس سے اعلیٰ پایہ کی حدیثیں ردی کی ٹوکری میں پھینکنی پڑیں۔ چہارم ابن ماجہ نے اس روایت سے پیشتر عبداللہ بن ابی اوفی کا اثر بیان کیا ہے۔

’’**قال مات هو صغيره لو قضى ان يكون بعد محمد ﷺ نبى لعاش ابنه ولكن لا نبى بعده**‘‘ یعنی (ابرہیم نے) وفات پائی اور وہ چھوٹا تھا اور اگر یہ مقدر ہوتا کہ محمد ﷺ کے بعد نبی ہو تو آپ کا بیٹا زندہ رہتا۔ لیکن آپ کے بعد کوئی نبی نہیں جس سے معلوم ہوا کہ ابوشیبہ والی روایت میں الفاظ ٹھیک محفوظ نہیں رہے۔ اس دوسری روایت کو بخاری نے بھی لیا ہے جس سے معلوم ہوا کہ صحیح یہی ہے۔ میاں صاحب خوب جانتے ہیں کہ احادیث قصص ایسی محفوظ نہیں۔ جیسی وہ احادیث جن کا تعلق عقائد واعمال سے ہے تو ایک متروک روای کی حدیث کو لے کر اس پر اس قدر زور دینا اور پھر کے معنی بھی بجائے دوسری احادیث کے مطابق کرنے کے ان کے خلاف نکالنا اجتہاد نہیں کہلا سکتا یہ غرض پرستی ہے۔ غلطی تو بلا شبہ ہر شخص کو لگ سکتی ہے اور اسی کا استدلال بھی غلط ہو سکتا ہے۔ مگر یہاں عمداً چالیس احادیث کی شہادت کو چھپا کر سب اعلیٰ پایہ کی حدیث کو ایک متروک الحدیث راوی کی حدیث سے رد کرنے کی کوشش کی گئی ہے جو اجتہادی دیانت داری کے خلاف ہے۔ نووی جیسے امام نے اس حدیث کو جسارت کہا ہے اور ابن عبداللہ نے اس کا انکار کیا ہے اور اس کا راوی متروک الحدیث ہے تو اوّل حدیث ایسی مجروح اور پھر اس کے معنی صاف کرنے کے لئے دوسری روایات موجود، جن میں صاف لفظ ہیں کہ اگر یہ مقدر ہوتا کہ آنحضرت ﷺ کے بعد نبی ہے تو آپ کا بیٹا زندہ رہتا جس سے صاف معلوم ہوا کہ آپ کے بعد نبی نہیں ہو سکتا۔ بایں صرف ان کے خلاف بلکہ دوسری حدیث صحیحہ کے خلاف جو تواتر کی حد تک پہنچ گئی ہیں۔ میاں صاحب نے اس کے معنی کر کے اپنی مطلب برآری کے لئے اخفاء حق سے کام لیا ہے۔ میں نے کہا ہے کہ حدیث مجروح ہے۔ اگر اسے صحیح بھی تسلیم کر لیا جائے تو معنی صاف ہیں۔ یعنی نہ آنحضرت ﷺ کے بعد نبی ہونا مقدر تھا نہ ابراہیم کا زندہ رہنا۔ اس معنی کی تائید میں بخاری اور خود ابن ماجہ کا اثر پیش کیا ہے۔ اس کے صحیح ہونے پر قرآن شریف کی آیت: ’’**لو كان فيهما اٰلهة الا الله لفسدتا**‘‘ پیش کی ہے اور بتایا ہے کہ لو امتناعی ہے۔ پھر اس ایک اکیلی حدیث کے معنی چالیس حدیثوں کے خلاف نہیں کئے جا سکتے۔ بلکہ اس معنی کے جو میاں صاحب کرتے ہیں بالکل خلاف دوسری حدیث پڑی ہوئی ہے۔ ’’**لو كان بعدى نبى لكان عمر**‘‘ اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو عمرؓ ہوتا تو یہ کیونکر صحیح ہو سکتا ہے کہ ایک طرف تو آنحضرت ﷺ فرماتے ہیں کہ اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو عمر ہوتا اور دوسری طرف یہ فرمائیں کہ اگر ابراہیم زندہ رہتا تو نبی ہوتا اگر ابراہیم زندہ رہ کر نبی ہو سکتا تھا تو حضرت عمرؓ باوجود زندہ رہنے کے نبی کیوں نہ ہوتے اور اگر یہ کہا جائے کہ نبوت بھی گدی کی طرح خاندانی ورثہ ہوتی ہے تو پھر آنحضرت ﷺ نے حضرت عمرؓ کے متعلق یہ الفاظ کیوں استعمال فرمائے۔ پس ابراہیم کا زندہ رہنا اور نبی ہونا ممکن تھا تو حضرت عمرؓ جو زندہ رہے تو ضرور تھا کہ نبی ہوتے اور اس حدیث: ’’**لو كان بعدى نبى لكان عمر**‘‘ کو میاں صاحب نے صحیح تسلیم کر کے حسب ذیل جواب کبھی دیا تھا۔ جواب شاید یاد نہ ہو۔ اگر رسول کریم ﷺ کے بعد فوراً ہی آپ کی جماعت کو سنبھالنے کے لئے کسی نبی کی ضرورت ہوتی جس طرح حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بعد تھی تو حضرت عمرؓ ہی آپ کے بعد نبوت کے مقام پر ترقی پاتے، لیکن چونکہ آپ ایک ایسی جماعت کو تیار کر کے رخصت ہونے والے تھے جو اپنی نیکی اور تقویٰ میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کی جماعت سے کئی درجہ زیادہ تھی اور مکمل تھی۔ اس لئے آپ کے بعد فوراً کسی نبی کی بعثت کی ضرورت نہ تھی۔

تو اب سوال یہ ہے کہ اگر ابراہیم زندہ رہتے تو وہ فوراً بعد نبی ہوتے جس کی بقول میاں صاحب ضرورت نہ تھی یا مسیح موعود کے بعد نبی بنتے۔ کیونکہ تیرہ سو سال تک کسی نبی کی ضرورت پیش نہ آئی تھی اس کا جواب غالباً یہ ہی دیا جائے گا کہ چونکہ آنحضرتﷺ کے فوراً بعد نبی کی ضرورت نہ تھی۔ اس لئے ابراہیم فوت ہوگئے تو پھر یہ ماننے میں کیا مصیبت پیش آتی ہے کہ چونکہ آنحضرتﷺ کے بعد مطلق نبی کی ضرورت نہ تھی۔ اس لئے فوت ہوگئے اور اگر اس حدیث سے امکان نبوت ہی نکلتا ہے تو وہ فوراً بعد ہونے کا امکان ہے۔ مگر فوراً بعد کوئی نبی نہ ہوا۔ اب فیصلہ میاں صاحب خود کریں گے کہ جب کہ آنحضرتﷺ کے بعد نبی کی ضرورت ہی نہ تھی تو آنحضرتﷺ نے یہ کیوں فرمایا۔ یہ تو حدیث کی شہادت ہے۔ میاں صاحب صرف ایک مجروح حدیث سے آنحضرتﷺ کے اپنے سارے اقوال کو جن کی صحت سے وہ بھی انکار نہیں کر سکے رد کرنا چاہتے ہیں۔ غرض آنحضرتﷺ کے آخری نبی ہونے یا خاتم النّبیین کے معنی آخری نبی ہونے کے خلاف میاں صاحب کے ہاتھ ایک تنکے کے وزن کے برابر بھی شہادت نہیں۔ مگر اس تنکے سے وہ اس پہاڑ کو اڑانا چاہتے ہیں جس پر اجماع امت کی بنیاد ہے اور سب سے عجیب بات یہ ہے کہ اس حدیث میں بھی وہ معنی خاتم النّبیین کے نہیں کئے گئے جو میاں صاحب کرتے ہیں تو اگر ایک مجروح حدیث میاں صاحب نے بہت سی صحیح احادیث کے خلاف پیش بھی کر دی تو کیا اس سے یہ معلوم ہوگیا کہ میاں صاحب حق بجانب ہیں۔ وہ تو اس وقت حق بجانب ہوں گے۔ جب چالیس نہ سہی، چار نہ سہی، ایک ہی حدیث اور حدیث نہ سہی، ایک ہی قول کسی صحابی کا پیش کر دیں کہ خاتم النّبیین کے معنی ہیں وہ شخص جس کے اتباع سے آئندہ لوگ نبی بن جایا کریں گے۔ مگر وہ یاد رکھیں کہ وہ قیامت تک بھی کتابوں کی ورق گردانی کریں تو بھی ایک کمزور سے کمزور بلکہ موضوع حدیث تک بھی اپنے معنی کی تائید میں پیش نہیں کر سکتے اور جب تک وہ پہلے ایسی حدیث پیش نہیں کرتے۔ اس وقت تک ان کا اعلیٰ پایہ کی ایک دوسرے کی مؤید حدیثوں کو بعید از قیاس تاویلیں کرنا یا ان کی طرف توجہ تک نہ کرنا دین میں رخنہ اندازی ہے۔ پہلے آپ نے ساری نظارتوں کو اس قدر تلاش میں لگائیں کہ ایک حدیث کہیں سے خاتم النّبیین کے ان معنوں کو بیان کرنے والی نکال لاؤ جو انہوں نے ایجاد کئے ہیں اور پھر رسول اللہﷺ کی صحیح احادیث کے مقابلے میں آئیں۔ ورنہ اپنے ایمان کی فکر کریں کہ اپنی رائے کے اتباع میں وہ رسول خدا کے الفاظ کو کس طرح عمداً پیٹھ کے پیچھے پھینک رہے ہیں۔''

(محمد علی لاہوری کا اقتباس ختم ہوا)

## خاتم النّبیین کے صحیح معنی

اس ہیڈنگ کے تحت مختار مدعا علیہ نے اس مستند و معتبر و مسلم علم لغات کے حوالہ مغالطہ دے کر بیکار ثابت کرنے کی لاحاصل سعی کی ہے جو اس امر میں نص قطعی تھی کہ اصل و حقیقی معنی خاتم کے خواہ بفتح التاء پڑھا جائے یا بالکسر آخر کے آتے ہیں اور خصوصیت سے اس لفظ خاتم النّبیین میں تمام ماہرین فن لغت کا فیصلہ قطعی ہے کہ اس کے معنی یہاں زینت یا مہر کے نہیں، بلکہ آخر الانبیاء کے ہیں اور ماہرین فن لغت کا فیصلہ معتبر ہوسکتا ہے۔ نہ مختار مدعا علیہ کی رائے خود مرزا صاحب تصریح فرماتے ہیں کہ: ''ہر ایک فن میں اس کے ماہر کی شہادت معتبر ہوتی ہے۔'' (حاشیہ برکات الدعا ص۱۲، خزائن ج۶ ص۱۵)

ائمہ لغت کے فیصلہ کے سلسلہ میں مندرجہ ذیل آٹھ (۸) لغت کے حوالہ پیش کئے گئے ہیں۔

(۱) قاموس۔ (۲) منتہی الارب۔ (۳) مجمع البحار۔ (۴) منجد۔ (۵) مفردات۔ (۶) محیط القطر اور یہ کتب مذکورہ گواہ نمبر۱ کے سامنے ۸؍مارچ ۱۹۳۳ء اور گواہ نمبر۲ کے سامنے ۲۷؍مارچ ۱۹۳۳ء میں پیش ہوچکی ہیں۔

البتہ مفردات امام راغب اصفہانی حرف گواہ نمبر۲ کے سامنے ۲۷؍مارچ ۱۹۳۳ء کو پیش کی گئی اور اس کا یہ بھی اقرار موجود ہے کہ یہ صرف معانی قرآن کی لغت ہے۔

یہ وہی کتاب ہے جس کے متعلق علامہ جلال الدین سیوطی اتقان میں فرماتے ہیں کہ اس جیسی کتاب مفردات قرآن اور اس کے لغات میں روئے زمین پر نہیں لکھی گئی۔

ان تمام کتب میں یہ نہیں کہ صرف خاتم یا خاتم کے معنی بتادیئے ہوں۔ بلکہ ترجمہ کے ساتھ عرب کا محاورہ بھی پیش کررہا ہے جس شرط کے لحاظ سے تمام کتب لغت معتبر ہیں۔ ملاحظہ ہو جرح گواہ نمبر۲ مدعا علیہ ۲۶؍مارچ ۱۹۳۳ء۔

''بشرطیکہ وہ کسی لفظ کا ترجمہ کرتے وقت کسی عرب کے کلام یا محاورہ سے استشہاد پیش کریں اور بطور سند پیش کریں۔''

اصل عبارت قاموس وغیرہ ملاحظہ ہوں۔ سب میں خاتم القوم، خاتم القوم وغیرہ کے محاورہ پیش کر کے آخر کے معنی بتائے ہیں۔

ان کے ساتھ دو ایسے حوالہ بھی پیش ہیں جن کا مسلم ہونا مرزاصاحب اور گواہ مدعا علیہ کو بھی مسلم ہے۔ یعنی لسان العرب وتاج العروس ملاحظہ ہو جرح گواہ نمبر۲ مدعا علیہ ۲۶؍مارچ ۱۹۳۳ء۔

''بڑی بڑی ڈکشنریاں لسان العرب وتاج العروس ہیں۔''

دوسرے سوال کے جواب میں کہا کہ: ''یہ کتابیں جس طرح مشہور زیادہ ہیں۔ اسی طرح معتبر بھی ہیں۔ کیونکہ یہ صحیح اور بڑی ہیں۔'' گواہ مدعا علیہ ۱۶؍مارچ ۱۹۳۳ء۔

مرزاصاحب (منن الرحمٰن ص۷ حاشیہ ص۱۸، خزائن ج۹ ص۱۵۲) پر نہ صرف ان دونوں کتابوں کو معتبر بلکہ نہایت معتبر بتاتے ہیں۔

''لسان العرب اور تاج العروس جو فقہ کہ نہایت معتبر کتابیں ہیں۔''

پس ایسی مسلم ومعتبر کتب کے حوالہ کے بعد بھی گنجائش نہیں کہ اس میں تأمل کیا جائے۔

۱...... لسان العرب میں خاتم کے معنی آخر کے لئے ہیں اور اس کے واسطے محاورہ عربی بھی پیش کیا ہے۔ ملاحظہ ہو''ختام القوم وخاتَمهم وخاتِمهم آخرهم وخاتم النّبيين اى آخرهم قال وقد قرأخاتم ''(لسان العرب) یعنی''خاتم القوم وخاتَمهم وخاتِمهم '' کا محاورہ پیش کر کے یہ بتایا کہ خاتم بالکسر یا بالفتح جب بھی قوم یا جماعت کی طرف منسوب ہوگا تو اس محاورہ کی رو سے اس کے معنی آخر کے ہوں گے۔ اسی محاورہ کی رو سے خاتم النّبیین کے معنی بھی آخری نبی کے بتائے۔ کیونکہ یہاں بھی خواہ خاتم بالفتح ہو یا بالکسر جماعت کی جانب مضاف ہے۔

۲...... تاج العروس''الخاتم آخر القوم، الخاتم وخاتم وخاتم النّبيين اى آخرهم''

اس کے بعد گواہ مدعا علیہ یا اس کے مختار کا یہ کہنا کہ خاتم بفتح التاء کے اصل معنی عربی زبان میں مہر ہے یا انگوٹھی کے ہیں۔ محض ادّعاء باطل ہے۔ کیونکہ خاتم کے اصل معنی آخر کے بھی ہیں۔ جیسا کہ لسان العرب اور تاج العروس کے حوالوں سے بھی ظاہر ہے۔

## خلاصہ تاویلات مختار مدعا علیہ

۱...... خاتم کے معنی میں مضاف ومفرد کا فرق ناقابل التفات ہے۔

۲...... مضاف کے معنی کے واسطے بھی مفرد کے معنی دیکھے جائیں گے۔

۳...... گواہ مدعیہ نمبر۳ نے ۲۹؍اگست بہ جواب جرح کہا کہ لغت والوں نے تصریح کی ہے کہ خاتم بفتح التاء مہر کے معنی میں بھی ہے۔

۴...... آپ ﷺ مہر یا انگوٹھی نہیں بلکہ زینت واحاطہ وغیرہ وجہ شبہ ہے۔

۵...... اور کمال کے اظہار کے لئے لغت عرب اور دوسری زبانوں میں خاتم وخاتم کا لفظ بکثرت مستعمل ہے اور پھر بک تختم الولایۃ اور: ''فجع القريض بخاتم الشعراء ''وفیات الاعیان سے پیش کیا ہے۔

۶...... وجہ شبہ مہر بمعنی تصدیق ہو۔
۷...... خاتم کے معنی علامہ کے بھی ہیں۔حوالہ مجمع البحار وغیرہ۔
اگرچہ اوپر کی تحقیقات کے بعد ان تاویلات کی طرف توجہ بیکار ہے۔پھر بھی مختصر جواب ترتیب وار درج ہیں۔

جواب:

۱...... مضاف ومفرد کا فرق اس لئے ضروری ہے تاکہ ایک مفرد کے متعدد حقیقی ومجازی معنی میں سے ایک کی تعین ہوجائے۔اسی تعین کے واسطے لسان العرب وغیرہ میں محاورہ پیش کیا ہے اور تمام محاورات کے مطالعہ سے یہ امر واضح ہے کہ لفظ خاتم کے مفرد یا کسی دھات یا شخص کی طرف منسوب ہوکر انگوٹھی کے معنی دیتا ہے۔مگر قوم وجماعت کی طرف منسوب ہوکر حقیقتاً آخر کے معنی میں ہوتا ہے۔مجازاً خاتم المحدثین وخاتم المفسرین وغیرہ! دوسرے معنی میں بھی مستعمل ہے۔
اور یہ بات کسی حوالہ کی محتاج نہیں کہ مجازی معنی وہاں معتبر ہوتے ہیں جہاں حقیقی معنی متعذر ہوں۔مگر ظاہر ہے کہ حقیقی معنی متعذر نہیں، بلکہ ماہرین لغت کا فیصلہ موجود ہے کہ یہی آخر کے معنی یہاں مراد ہیں۔جیسا کہ اوپر گزرا۔اس کے مقابل مختار مدعاعلیہ کی تاویلات قابل التفات نہیں۔کیونکہ اس کا شمار ماہرین لغت میں نہیں اور بقول مرزاصاحب ہر فن میں اس کے ماہر کی رائے معتبر سمجھی جاتی ہے۔پس ائمہ لغت کے فیصلوں کے مقابل یہ تاویلات ہرگز قابل وقعت نہیں۔
۲...... مضاف کے معنی کے واسطے بھی مفرد کے معنی دیکھے جائیں گے۔یہ درست ہے مگر متعدد معانی سے ایک کی تعین اضافت وغیرہ کے قرینہ سے ہوگی۔جیسا کہ اوپر عرض کر چکا۔
۳...... مختار مدعیہ نمبر۳ نے یہ نہیں کہا کہ صرف مہر کے معنی ہیں۔بلکہ یہ کہا ہے کہ مہر کے بھی معنی ہیں اور جب متعدد معانی ہوں تو محاورات وقرائن سے تعین مراد کریں گے اور لسان العرب وتاج العروس وغیرہ میں محاورات وقرائن سے معانی کی تعین کی گئی ہے کہ جب قوم یا جماعت کی طرف منسوب ہو تو حقیقی طور پر معنی آخری کے ہوتے ہیں۔
۴...... نبی کریم ﷺ کو مہر وانگوٹھی کے معنی میں حقیقتاً مختار مدعاعلیہ بھی نہیں مانتا بلکہ زینت واحاطہ وغیرہ کے معنی میں مجازاً لیتا ہے اور جب تک حقیقی معنی درست ہوسکتے ہوں، مجازی معنی کسی کے کلام میں نہیں لئے جاسکتے۔چہ جائے کہ باری تعالیٰ کے کلام میں۔یہاں مہر وانگوٹھی وتصدیق وزینت وغیرہ کے مجازی معنی جو مختار مدعاعلیہ لے رہا ہے کہ حدیث یا قول صحابہ میں نہیں بلکہ محض مفسرین کی ذاتی رائے ہے۔جیسا کہ گواہ مدعاعلیہ نمبر۱ نے ۸؍مارچ ۱۹۳۳ء کی جرح میں تسلیم کیا ہے کہ خاتم النّبیین کے معنی جو زینت کے کئے ہیں۔اس کے متعلق کسی صحابی کا قول میری نظر سے نہیں گزرا۔البتہ مفسرین کا قول میری نظر سے گزرا ہے۔خاتم کے معنی خاتم النّبیین میں مہر کے لینا صحابہ کی تفسیر سے مجھ تک نہیں پہنچے۔بلکہ مفسرین کے اقوال ہیں۔بخلاف آخرالنّبیین کے معنی خود سیدالانبیاء ﷺ نے لیا ہے۔
’’انا آخر الانبیاء وانتم آخر الامم وانا آخر الانبیاء ومسجدی آخر المساجد الانبیاء وانا آخر النّبیین فی البعث وآخرھم فی الخلق‘‘ وغیرہ وغیرہ! جیسا کہ اوپر مفصل گزر چکے۔
بہرحال حقیقی معنی اور وہ معنی جو تمام ائمہ لغت نے لئے اور خود آنحضرت ﷺ نے وہی معنی لئے، مختار مدعاعلیہ کی تاویلات رکیکہ کو باطل کرنے کے لئے کافی ہیں۔
۵...... اظہار کمال کے واسطے خاتم کا لفظ یقیناً مجازاً مستعمل ہوا ہے۔غیر زبانوں میں یہاں استدلال فضول ہے۔عربی کے بک تختم

الولایة میں تو خاتم کا لفظ نہیں بلکہ تختم ہے اور شعر میں ضرور خاتم ہے۔ مگر مجازی معنی میں مستعمل ہے اور ہماری گفتگو اصلی اور حقیقی معنی میں ہے۔ لہٰذا اوّلاً تو یہ غیر متعلق ہے۔ دوسرے شاہد کے طور پر وہ محاورہ پیش کیا جاسکتا ہے جو مسلم اہل زبان کا ہو۔ یہ شعر شعراء جاہلی یا اسلامی جن کا کلام بطور سند کے پیش ہوسکتا ہے، ان میں سے کسی کا نہیں بلکہ ایک متأخر شاعر کا ہے۔ جو مؤلدین محدثین میں سے ہے اور اس کا قول حجت نہیں ہوسکتا۔

اس کا ثبوت کہ یہ شاعر مولدین محدثین میں سے ہے یہ کافی ہے کہ یہ شاعر جس بزرگ کا مرثیہ پڑھ رہا ہے۔ یعنی ابی تمام حبیب بن اوس طائی وہ خود مولدین محدثین میں سے ہے۔ ان کا کلام ہی حجت وقابل استدلال نہیں۔ چہ جائے کہ جوان کے بعد ہو۔

۱...... ملاحظہ ہو حاشیہ بیضاوی شہاب خفاجی جن کا معتبر ہونا گواہ ومختار مدعا علیہ کو بھی مسلم ہے۔ (ملاحظہ ہو بحث لو عاش ابراھیم) علامہ خفاجی شعراء کے طبقات جاہلی، مخضرمی، اسلامی مفصل لکھ کر فرماتے ہیں کہ: ’’المحدثون وھم من بعدھم کا بی تمام والبحتری ومتاخرون لمن حدث بعدھم من شعراء الحجاز والعراق لا یستدل بشعر ھولاء بالاتفاق‘‘ (بیضاوی مجتبائی ص۱۸۴)

یعنی محدثون اور وہ وہی شعراء ہیں جو طبقات مذکورہ کے بعد ہوئے۔ جیسے ابی تمام حبیب بن اوس طائی اور بحتری اور متأخرون جو ان کے بعد ہوئے۔ شعراء حجاز وعراق سے ان کے اشعار بالاتفاق استدلال وسند میں پیش نہیں ہوسکتے۔

۲...... سید احمد ہاشمی نے تاریخ لغت پر ایک شہرۂ آفاق تصنیف لکھی ہے جس کا نام جواہر الادب ہے۔ ادبیات وانشاء العرب کی ہے جس میں جلد ثانی کے شروح میں سند اور زبان کے محاورے معتبر اور غیر معتبر وغیرہ نقل کئے ہیں۔ ملاحظہ ہو (ص۲۵۵ پھر ص۳۷۳ طبقات الشعراء) کا مستقل ہیڈنگ قائم کیا ہے جس میں جاہلی، اسلامی، مخضرمی طبقات نقل کر کے چوتھے نمبر پر محدثین مولدین کا ان الفاظ میں ذکر کرتے ہیں: ’’وھم الذین نشاء وزمن فساد العربیہ وامتزاج العرب بالعجم ‘‘یعنی محدثین اور مولدین وہ ہیں کہ جنہوں نے زبان کے خراب اور عربی وعجمی زبان کے اختلاط کے زمانہ میں پرورش پائی ہے۔ پس وہ زمانہ جس میں زبان اور محاورات میں فساد ہوچلا ہو۔ اس کے محاورات یا اس طبقہ کے کلام کا کیا اعتبار، نہ بطور شاہد کے پیش ہوسکتا ہے نہ سند بن سکتا ہے۔

۳...... علامہ حسن چلپی (حاشیہ مطول ص۴۴۳ نمبر۷) پر شعراء کے طبقات مفصل نقل کر کے محدثین ومتأخرین کے متعلق فیصلہ فرماتے ہیں کہ: ’’ولا استشھاد بکلامھم‘‘ کہ ان کے کلام سے کسی محاوہ کا استشہاد نہیں ہوسکتا۔

پس مختار مدعا علیہ کی تمام طول وطویل تاویلات وبحث کا صرف ایک یہ جواب ہے کہ نہ یہ شعر معتبر ہے نہ اس شاعر کے کلام سے استشہاد واستدلال کیا جاسکتا ہے اور مختار مدعا علیہ وگواہان مدعا علیہ اس غیر مستند وغیر معتبر نا قابل استناد استشہاد شعر کے علاوہ کوئی بھی کسی معتبر ومستند جاہلی، مخضرمی، اسلامی شاعر کا حوالہ یا کوئی محاورہ عرب اپنی تائید میں نہیں لاسکے۔ بخلاف اس کے گواہان مختار مدعا علیہ نے لغت کی مستند کتابوں اور مرزا صاحب کی مسلم ومعتبر لغت لسان العرب وتاج العروس سے محاورہ عرب پیش کیا ہے جس کا کوئی بھی جواب مختار مدعا علیہ کے پاس نہیں۔ ادھر ادھر کی بے ربط چیزوں سے وقت گزاری کی ہے جس کے جواب کے ہم مکلّف نہیں۔

جب کہ یہ ثابت ہوچکا کہ یہ شعر اس لائق ہی نہیں کہ اس سے کلام عرب پر کوئی سند یا دلیل لائی جاسکے تو اس کے متعلق تمام بحث بیکار ولاطائل ہے اور اگر یہ لائق استشہاد بفرض محال ہوتا تو بھی یہ بجائے گواہان مدعا علیہ یا مختار مدعا علیہ کے مدعیہ اور اس کے گواہان ومختار کو مفید ہوتا۔ کیونکہ شاعر نے اس شعر میں خاتم الشعراء بمعنی آخر الشعراء مراد لیا ہے۔ گو ادّعاء ہی سہی جو ہمارا دعویٰ ہے۔ مہر یا کمال یا زینت

وغیرہ کے معنی ہرگز مراد نہیں لئے۔ اس قرینہ اور شاہد اس کا اگلا شعر ہے جو باوجودیکہ اس سے متصل اور معنوی تعلق رکھتا ہے۔ مختار مدعاعلیہ نے ذکر نہ کیا تاکہ شاعر کی مراد واضح نہ ہو جائے۔ اگلا شعر ملاحظہ ہو:

**ماتا معا فتجاورا فی حفرۃ وکذالک کانا قبل فی الاحیاء**

ملاحظہ فرمائیں کہ کس قدر وضاحت سے شاعر کہہ رہا ہے کہ شعر اور حبیب شاعر دونوں ساتھ ہی ساتھ ہوکر ساتھ ہی ساتھ قبر میں سو رہے ہیں۔ یوں ہی ان کی موت سے پہلے دونوں زندوں میں تھے۔ گویا وہ شاعرادائی طور سے حبیب ابن اوس طائی کو آخری شاعر تسلیم کررہا ہے کہ اس کی موت کے ساتھ شعر بھی مرکر اس کے ساتھ مدفون ہوگیا نہ شعر رہا نہ کوئی شاعر بننے کا امکان۔ لہٰذا حبیب سب شعراء کے آخری شاعر رہے۔

اب یہ امر کہ شعر اس کے ساتھ مرا اور قبر میں دفن ہوا اور وہ آخری شاعر فی الواقع ہوا یا نہ، اس کے متعلق گزارش ہے کہ شاعرانہ ادّعاء ہے اور اس کے متعدد نظائر فارسی، اردو شاعری میں بھی موجود ہیں۔ نظامی فرماتے ہیں:

زسم ستو راں دراں پہن دشت زمیں شش شد وآسمان گشت ہشت

(وسیم فرماتے ہیں)

تربت استاد پہ کندہ ہو یہ مصرع وسیم خانہ دیں بے نبی ملک معانی بے امیر

اس وجہ سے حضرت گنجوی فرماتے ہیں کہ:

در شعر مپیچ کہ در فن او چو اکذب اوست احسن او

بہرحال شاعر نے خاتم الشعراء بھی بمعنی آخری شعراء اس جگہ پر استعمال کیا ہے۔ لہٰذا یہ بھی اگر مسلم ہوتا تو ہماری تائید تھا نہ کہ مختار مدعاعلیہ کی۔

آخر میں ہم اس سارے قصہ کو ختم کرنے کے واسطے مرزا صاحب کے متبعین اور مختار مدعاعلیہ کے مسلم اعجازی کلام کا محاورہ پیش کرتے ہیں اور محاورہ بھی تمام شرائط کا جامع کہ لفظ خاتم علاوہ لفظ ''نبیین'' کے جو مابہ النزاع ہے ایک اور لفظ کی طرف مضاف ہے اور یہ وہ لفظ بھی جمع مذکر سالم ہے۔ مگر معنی آخری کے ہیں۔ یعنی خطبہ الہامیہ جس کے متعلق مرزا صاحب فرماتے ہیں کہ کسی بشر کو اس جیسے کلام کی طاقت نہیں اور یہ مجھے الہاماً سکھایا گیا ہے اور یہ میرا معجزہ ہے۔ ملاحظہ ہو حاشیہ متعلق (خطبہ الہامیہ ص ب، خزائن ج۱۶ ص۳۰۹)

''**کان عیسیٰ خاتم الخلفاء بلسلسۃ الکلیمیہ بھا کآخر اللبنۃ وخاتم المرسلین** ''(ایضاً) یعنی جیسے کہ عیسیٰ علیہ السلام خاتم سلسلہ کلیمیہ کے تھے اور اس کے لئے مثل آخری زینت اور خاتم المرسلین یعنی آخری رسول تھے۔ ملاحظہ ہو کہ یہاں خاتم المرسلین بالکل خاتم النّبیین کی طرح ہے اور آخرالنّبیین کے معنی میں مستعمل ہے اور اس عربی اعجازی کلامی میں جو مدعاعلیہ اور اس کے فریق کو بلا اختلاف مسلم ہے۔ اس کے بعد کسی اور محاورہ کو پیش کرنے کی ضرورت نہیں۔ اب جیسا کہ تمام مسلم لغات اور محاورات عرب سے خاتم بفتح التاء کے معنی اصلی ولغوی وحقیقی آخر کے پیش کر چکا اور مرزا صاحب کے اعجازی کلام سے اس کی تائید پیش کر دی تو اس کے مجازی استعمال اور اس کے لئے چار وجہ شبہ جو پیش کی گئی ہیں ان کے جواب کی ضرورت نہیں۔ نیز تقریر بالا سے یہ بھی واضح ہوگیا کہ ان دلائل وبراہین قاطعہ اور مسلم ومعتبر حوالوں کے بعد مختار مدعاعلیہ کا یہ کہنا کہ زبان عربی میں خاتم بفتح التاء کا لفظ آخر کے معنی میں مستعمل نہیں ہوا......الخ! محض ادّعاء باطل اور دعویٰ بلادلیل ناقابل التفات ہے۔

# خاتم کے معنی آخر کے

قول مختار مدعا علیہ:

مختار مدعا علیہ نے صرف ایک حوالہ لسان العرب اور منتہی الارب سے پیش کیا ہے جس میں لکھا ہے کہ خاتم القوم آخرہم لیکن جیسا کہ ہم نے محاورات اقوالات واستعمالات پیش کئے ہیں ایسے نہیں ہیں۔ کیونکہ مصنف نے اسے کسی ادیب کی طرف منسوب نہیں کیا۔

الجواب: عدالت خود ہی ملاحظہ فرمائے آٹھ حوالے پیش کئے ہیں جن میں دو لسان العرب اور تاج العروس کے وہ تھے جنہیں مرزاصاحب مسلم اور نہایت معتبر مان رہے ہیں۔ جیسا کہ جرح سے حوالہ گزر چکا ہے۔ مگر مختار مدعا علیہ کو وہ صرف ایک حوالہ معلوم ہوتا ہے۔ باوجودیکہ لسان العرب اور منتہی الارب دو کتابوں کے نام خود ہی لے رہا ہے۔ پھر یہ کہنا کہ جیسا کہ ہم نے محاورہ پیش کیا ہے۔ ویسا نہیں یہ لغو ہے۔ کیونکہ وہ تو محاورہ قابل استناد اور حجت ہی نہیں ہوسکتا۔ جیسا کہ مفصل گزر چکا یہ کہنا کہ یہ محاورہ تو ہے۔ مگر کسی ادیب کی طرف منسوب نہیں کیا گیا، محض لغو ہے۔ ڈکشنریوں اور لغت کی مستند کتابوں میں جو بھی محاورات نقل کئے ہیں وہ سب معتبر و مسلم اہل زبان کے ہوتے ہیں۔

ہر محاورہ کے واسطے ادیب کا نام پیش نہیں کیا جاتا۔ لسان العرب اور قاموس اور تاج العروس میں صرف محاورات ہی محاورات مندرج ہیں اور یہ التزام ہے کہ یہ تمام مسلم اہل زبان کے ہیں۔ آج تک کسی نے ایک محاورہ پر کلام نہیں کیا۔ ان کا صرف محاورہ نقل کرنا یا ’’یقال وقولھم‘‘ وغیرہ کہہ دینا اس کے مسلم اہل زبان کے محاورہ ہونے کا کفیل ہے۔ نام بنام محاورہ کے ساتھ ادباء و اہل زبان کے نام کی ضرورت نہیں۔ نیز لغت کی ان مذکورہ کتب میں مولدین ومحدثین کے کلام کے محاورہ کو نہیں لیا گیا۔ یہاں تک اس پر کلام ہوسکے۔

ہاں! جہاں کہیں غریب اور وحشی الفاظ کی بحث آتی ہے۔ وہاں بوقت ضرورت شعروں کے ساتھ شعراء کے نام بھی پیش کئے جاتے ہیں۔

بہرحال ہم نے محاورات عرب پیش کر دیئے جن کا مختار مدعا علیہ کے پاس کوئی جواب نہیں اور ایک دو نہیں بلکہ متعدد اور مختار مدعا علیہ ایک ہی معتبر محاورہ اپنے معانی کی تائید میں نہ لاسکا اور جب آخر کے معنی ثابت ہی ہوگئے تو لفظ آخر میں مندرجہ ذیل تاویلات کیں کہ: ’’لیکن برتقدیر صحت میں کہتا ہوں کہ یہ حوالہ بھی فریق مخالف کو مفید نہیں ہے۔ کیونکہ محاورات عرب میں ایسے مقام پر آخر کے معنی آخری فرد کے نہیں ہوتے بلکہ اشرف اور افضل ہیں۔‘‘

الجواب: پہلے تو یہ مطالبہ تھا کہ خاتم کے آخر معنی بتاؤ اور محاورہ پیش کرو اور جب متعدد حوالے پیش کر دیئے تو اب یہ کہا جاتا ہے کہ آخر کے معنی افضل کے ہیں۔ حالانکہ لغت میں تصریح ہے کہ: ’’ومن کل شئ عاقبتہ و آخرتہ‘‘ ہر چیز کے انجام اور آخر کا یہ نام ہے کہ عدالت خود محاورات اصل کتب لغت سے ملاحظہ فرمائے۔ وہاں کوئی بھی تاویل نہیں ہوسکتی اور حقیقی طور پر خاتم آخر کے معنی میں مستعمل ہے۔ عدالت خود ملاحظہ فرمائے کہ یہ ایک عجیب مضحکہ خیز تسلسل ہے۔ پہلے تو خاتم کے معنی آخر دکھانے پر زور تھا کہ کہیں لغت عرب میں آخر کے معنی میں نہیں آیا اور جب نہایت معتبر کتب لغت سے جنہیں مرزاصاحب بھی نہایت معتبر فرمارہے ہیں محاورات پیش کر دیئے اور آخر کے معنی ثابت ہوچکے تو اب لفظ آخر کی بحث شروع کر دی کہ اس کے معنی افضل کے ہیں۔ معلوم ہوا کہ تحقیق منظور نہیں بلکہ صرف طوالت مقصود ہے۔ پھر آخر کے معنی کی تحقیق کے لئے ایک حماسہ کا شعر پڑھ دیا:

شری ودی وشکری من بعید لآخر غالب ابداً ربیع

پھر مولوی ذوالفقار علی صاحب دیوبندی سے اس کا ترجمہ نقل کیا کہ: ’’ربیع ابن زیاد نے میری دوستی اور شکر اور بیٹھے ایسے شخص کے لئے جو بنی غالب میں آخری یعنی ہمیشہ کے لئے عدیم المثال ہے خرید لیا۔‘‘ اور نتیجہ یہ نکالا کہ محاورات عرب میں ’’خاتم القوم آخرھم‘‘

کے معنی بھی اشرف اور افضل کے ہوں گے۔

الجواب: عدالت عالیہ خود ہی ملاحظہ فرمالے کہ یہ جواب کس قدر بے معنی ولغو ہے۔ اس اعتبار سے دنیا میں کسی لفظ کے کوئی بھی حقیقی معنی ثابت نہیں ہوسکتے۔ کیونکہ وہ لفظ کہیں نہ کہیں مجازی طور پر دوسرے مجازی معنی میں ضرور مستعمل ہوگا۔ پس اسی کو اس شرح بتا کے انہیں معنی پر ڈھال لیا جائے گا۔ دوسرے یہ کہ یہاں آخر اپنے حقیقی معنی میں گو اڈّعاء سہی مستعمل ہے۔ محض مختار مدعا علیہ کا ایک مغالطہ ہے۔ چنانچہ اس کے پیش کردہ ترجمہ مولوی ذوالفقار علی صاحب کے آخری فقرہ ملاحظہ ہو کہ: ''جو بنی غالب میں آخری معنی ہمیشہ کے لئے عدیم المثال ہے۔''

پس جب کہ آخر بمعنی ہمیشہ کے لئے عدیم المثال ہوا اور کبھی اس کے بعد اس کی مثل نہ ہوسکا تو وہ آخری ہوا اور حقیقی آخری نہ کہ افضل واشرف کے معنی میں۔ البتہ شاعرانہ مبالغہ ضرور ہے اور یہ شعر میں ہوا کرتا ہے۔ جیسا کہ گزر چکا ہے۔

بہرحال لفظ خاتم محاورہ عرب میں حقیقی طور پر آخر کے معنی میں مستعمل ہونا بوضاحت ثابت ہو چکا اور تاویلات رکیکہ محض لغو اور بے سود رہیں۔ ایک بھی محاورہ ہمارے خلاف پیش نہ کر سکے۔ ہاں! اپنے طور پر جو چاہا معنی چسپاں کئے جو کوئی حجت نہیں۔

## خصوصی استدعا

عالی جاہ! حضور والا نے غور فرمایا ہوگا کہ گفتگو اس امر میں ہے کہ نبی کریم ﷺ تمام نبیوں کے آخر ہیں۔ آپ کے بعد کوئی بھی کسی قسم کا نبی نہیں بن سکتا۔ اس کے واسطے دنیا کی جس قدر تعبیرات ہوسکتی تھیں شریعت نے استعمال فرمائیں۔ ''خاتم النّبیین'' فرمایا۔ ''لانبی بعدی'' فرمایا۔ محل کے ساتھ تشبیہ دے کر اپنے کو اس کی آخری اینٹ قرار دیا۔ یہ بھی واضح فرمایا کہ میرے بعد نبی نہیں بلکہ خلفاء ہوں گے۔ ''وسیکون خلفاء''، ''انا آخر الانبیاء''، ''آخرهم فی البعث''، ''آخر ولدک من الانبیاء'' کہ آدم کی اولاد میں آخری نبی، ''انا آخر الانبیا ومسجدی آخر مساجد الانبیاء'' میں آخری نبی اور میری مسجد نبیوں کی مسجدوں میں آخری مسجد۔ لفظ آخر بھی معہ مکمل تشریح کے فرمادیا۔

آخر اس کے سوا اس مضمون کو ادا کرنے کے واسطے دنیا کی وہ کون سی تعبیر ہوسکتی ہے اور کس طرح آپ کا سب نبیوں سے آخری نبی ہونے کا مفہوم ادا کیا جاسکتا ہے۔ اتنا واضح اور روشن مسئلہ اس میں بھی اس قدر تاویلات رکیکہ کی ہیں۔ میں تو سمجھتا ہوں کہ اتنی وضاحت کے بعد اگر کسی ایک تاویل کا بھی جواب نہ دیا جائے تو بھی بحمد اللہ! مسئلہ کا جہاں تک تعلق ہے بالکل واضح ہے کہ آنحضرت ﷺ کے بعد کوئی بھی کسی طرح کا نبی نہیں ہوسکتا ہے اور بیانات گواہان مدعیہ میں اس قدر حوالہ جات موجود ہیں کہ ان کے بعد کسی قسم کی تاویل قابل التفات نہیں ہوسکتی۔ کوئی بھی عرب کا محاورہ مذکورہ بالا مضمون کے ادا کرنے کا ایسا نہیں مل سکتا جو آنحضرت ﷺ نے اس کے متعلق نہ فرمایا ہو۔ مگر کوئی انکار ہی کرتا جائے تو اس کا کوئی علاج نہیں۔

## خاتم النّبیین کے معنی کا ضروریات دین سے ہونا

خلاصہ قول مختار مدعا علیہ:

گواہان مدعیہ کی طرح مختار مدعیہ نے بھی خاتم النّبیین کے معنی آخری نبی کے جس کے بعد اور کوئی کسی قسم کا نبی نہیں بن سکتا۔ مجمع علیہ اور ضروریات دین سے بتایا ہے۔ حالانکہ کسی کے کہنے سے ضروریات دین سے نہیں بن سکتا بلکہ کسی چیز کے ضروریات دین ہونے کے واسطے ضروری ہے کہ وہ امر قرآن مجید اور احادیث متواترہ سے بدرجہ غایت صحت کے ثابت ہوا اور اجماع صحابہ سے بھی ثابت ہو۔ شاہ عبدالعزیز صاحب فرماتے ہیں: ضروریات دین وہ امور ہیں جو قرآن مجید اور حدیث مشہور اور اجماع متواتر سے ثابت ہوں۔ (شفاء العلیل)

الجواب: اس سلسلہ میں میرے ایک حوالہ پر تبصرہ کر کے اسے غلط ثابت نہ کر سکے میں نے خود اسے ضروریات دین سے نہیں کہا اور نہ یہ دعویٰ شہادت یا بحث میں بلا دلیل چھوڑا ہے بلکہ بحمداللہ! وہاں کافی دلائل پیش کئے ہیں اور اعیان نقل کی شہادتیں منقول ہیں۔ بحمداللہ! بالکل لاجواب رہی ہیں۔ اعادہ کی ضرورت نہیں بلکہ ایک ان میں سے بطور نمونہ کے پیش ہے۔ ’’اذا لم یعرف ان محمد ﷺ آخر الانبیا فلیس بمسلم لانه من ضروریات الدین‘‘ (اشباہ والنظائر ص۲۹۶، گواہ مدعیہ نمبر۱،۲،۳،۵)

یعنی آنحضرت ﷺ کو خاتم النّبیین، آخرالانبیاء نہ ماننے والا مسلمان ہی نہیں کیونکہ یہ ضروریات دین میں سے ہے۔

پس میں نے ضروریات دین میں سے ہونے کی تصریح پیش کی ہے۔ اس کے مقابل نہ مختار مدعاعلیہ نے اس کی کوئی باسند حوالہ سے تردید پیش کی نہ اپنی تائید میں کہ یہ معنی ضروریات دین سے نہیں کوئی حوالہ پیش کیا، نہ اس پر کوئی حوالہ دے سکے کہ ان کے تصنیف کردہ معنی ضروریات دین سے ہیں۔ اب ایک معنی ضروریات دین کے واسطے قائم کئے ہیں اور شفاء العلیل کا حوالہ دیا ہے جس کا خلاصہ تین امور ہیں۔ جہاں وہ مجتمع ہوں وہ ضروریات دین سے ہے۔

۱…… قرآن مجید سے ثابت ہو۔

۲…… احادیث متواترہ یا مشہورہ سے۔

۳…… اجماع صحابہ سے۔

جواباً گزارش ہے کہ جب میں مستند علماء اور ارباب نقول سے ضروریات دین ہونے کی تصریح پیش کر دی تو ہمیں ضرورت نہ تھی کہ ہر جزو کا ثبوت پیش کریں۔ مگر محض اتمام حجت کے واسطے گزارش ہے کہ مختار مدعاعلیہ کے پیش کردہ ہر سہ امور کے معیار پر بھی بحمداللہ! ہمارے پیش کردہ معنی خاتم النّبیین ضروریات دین میں سے ہیں۔ تفصیلاً اصل بحث میں بیانات گواہان مدعیہ کے حوالہ سے یہ اپنے پیش کردہ معنی اوّلاً قرآن مجید سے پھر احادیث متواترہ مشہورہ سے پھر اجماع صحابہ وامت محمدیہ سے پیش کر چکا ہوں جن کو بخوف طوالت مکرر نقل نہیں کرتا۔ صرف حوالے اس امر کے پیش کرتا ہوں کہ ہماری طرف سے پیش کردہ معنی خاتم النّبیین مختار مدعاعلیہ کے ہر سہ معیار کے مطابق بھی ضروریات دین میں سے ہیں۔ حوالہ ملاحظہ ہو ایک جامع حوالہ۔

۱…… ’’کونه ﷺ خاتم النّبیین مما نطقت به الکتاب وثبت به السنة واجتمعت علیه الامة فیکفر مدعی خلافه ویقتل ان اصر‘‘ (روح المعانی ج۸ ص۳۹، گواہ مدعیہ نمبر۲،۳،۴)

یعنی آنحضرت ﷺ کا خاتم النّبیین اور آخری نبی ہونا قرآن مجید، احادیث رسول مقبول ﷺ اور اجماع امت سے ثابت ہے، اس کے خلاف دعویٰ کرنے والا کافر اور اگر مصر ہو تو اسلامی سلطنت میں قتل کیا جائے گا۔

عدالت خود ہی ملاحظہ فرمالے کہ ہر سہ اصول قائم ہوں وہ مختار مدعاعلیہ موجود ہیں۔

۱…… قرآن مجید بحث میں متعدد آیات مدلل ومفصل آچکیں نیز حوالہ ماسبق کافی ہے۔

۲…… احادیث متواترہ مشہورہ ’’وبذالک ورد احادیث المتواترہ عن رسول اللہ ﷺ‘‘

۳…… اجماع صحابہ سے ’’من حدیث جماعة من الصحابة‘‘ (ابن کثیر ج۸ ص۸۹ گواہ مدعیہ نمبر۱،۲،۳،۴،۵)

یعنی اس پر کہ معنی خاتم النّبیین یہ ہیں کہ جس کے بعد کوئی بھی کسی قسم کا نبی نہ بن سکے۔ احادیث متواترہ رسول اللہ ﷺ صحابہ کرامؓ کی جماعت سے آئی ہیں۔

نیز گواہ نمبر۱ کے بیان میں صدیق اکبرؓ کے زمانہ میں اس پر اجماع ہونا بیان میں گزر چکا ہے۔ پس بحمد اللہ! ہر پہلو سے اس مسئلہ کا ضروریات دین سے ہونا اور اس کے منکر کا کافر ہونا ثابت ہوگیا۔ اس کے بعد مختار مدعا علیہ کا یہ کہنا کہ یہ معنی قرآن مجید واحادیث متواترہ واجماع صحابہ سے ثابت نہیں محض لغو ہے۔ اس کے بعد یہ کہنا کہ بعض فرقہ اہل حدیث وغیرہ اس اجماع کو اجماع ہی نہیں کہتے ...... الخ! محض بیکار ولغو ہے۔ بعض اہل حدیث نہ سمجھیں تمام مقلدین وائمہ دین تو سمجھتے ہیں اور امام مالک وغیرہ کے قول کے متعلق بحث میں مفصل گزر چکا آئندہ بھی ان شاءاللہ! بحث اجماع کے تحت میں آئے گا۔

پھر مولوی محمد حسین بٹالوی کا اجماع کے خلاف ایک حوالہ دیا ہے کہ ایک جماعت کا اتفاق ہے اجماع نہیں کہلاتا۔

اوّلاً مولوی محمد حسین بٹالوی غیر مقلد مسلم ہی نہیں نہ ائمہ کے مقابل ان کی ذاتی رائے قابل التفات ہے۔ دوسرے اس مسئلہ متنازعہ اور معنی خاتم النّبیین کے معاملے میں ایک جماعت کا اتفاق نہیں، بلکہ تمام صحابہ اور تمام امت کا اجماع ہے۔ جیسا کہ مختصراً ابھی عرض کر چکا اور مفصلاً بحث میں گزر چکا جس کا کوئی بھی جواب نہ ہوسکا۔

اس مسئلہ میں مولوی محمد حسین صاحب بٹالوی بھی اختلاف نہیں رکھتے۔ مرزا صاحب کی تردید کے سلسلہ میں (اشاعۃ السنۃ کے بھی پیش کردہ ۸،۹،۱۰ نمبر) ملاحظہ ہوں اور جن بزرگوں پر اس کی مخالفت کا الزام لگایا گیا تھا۔ اس کا محض مغالطہ اور بہتان صریح ہونا۔ بحث میں مدلل آچکا اور اپنی جگہ پر جواب الجواب میں بھی ان شاءاللہ تعالیٰ! مختصراً آئے گا۔

اس کے بعد مختار مدعا علیہ کا یہ کہنا کہ: ''یہ معنی قطعاً ضروریات دینی سے نہیں ہوسکتے۔'' محض دعویٰ بلا دلیل اور ناقابل التفات ہے اور بحمد اللہ! ان معنی کا ضروریات دینی سے ہونا نہ صرف میرے پیش کردہ دلائل بلکہ ائمہ دین کی تصریحات سے مصرح ثابت ہے جس کی کوئی بھی تاویل نہیں ہوسکتی۔ نہ مختار مدعا علیہ سے کوئی تاویل بن سکی۔

## کیا تاویل کی وجہ سے کوئی کافر ہوسکتا ہے

یہ وہی شہادت والا عنوان ہے جس کے ایک ایک حرف کا مدلل جواب بحث میں پیش کر چکا اور عدالت کی یادداشت میں بھی موجود ہے۔ پھر بھی اسے انہیں الفاظ میں دلائل سے مکرر دہرایا گیا۔

مجھے مکرر جواب کی حاجت نہیں صرف یہ گزارش کردوں کہ یہ امر زیر نزاع بھی نہیں کہ: ''کیا تاویل سے کوئی کافر ہوسکتا ہے یا نہ۔'' صرف تاویل پر بحث نہیں جس پر بلاوجہ طوالت دی۔ بلکہ بحث یہ ہے کہ ضروریات میں تاویل کرنے والا کیا کافر ہے؟ میں اس کے متعلق کہ ضروریات دینی میں تاویل سے کافر ہوجاتا ہے۔ متعدد حوالہ بحث میں شفاء شریف، ردالمختار، سائرہ وغیرہ بیانات کے حوالہ سے پیش کر چکا۔ جن کا اعادہ نہیں کرتا۔ مفصل یہ بحث دیکھنا ہو تو کتاب ''اکفار الملحدین فی ضروریات الدین'' ملاحظہ فرمائیں جس کا موضوع ہی یہ ہے کہ ضروریات دینی میں تاویل ناجائز وکفر ہے۔

بہرحال یہ مسئلہ عمومی رنگ میں یہاں متعلق نہیں۔ بیان سے صرف اس قدر تعلق ہے کہ خاتم النّبیین کے یہ معنی کہ آپ ﷺ کے بعد کوئی بھی کسی قسم کا نبی نہیں بن سکتا۔ اس میں تاویل جائز ہے یا نہ، اس پر مختار مدعا علیہ نے ایک بھی حوالہ پیش نہ کیا۔ باوجودیکہ میں نے متعدد مصرح حوالہ بحث میں بیانات گواہان مدعیہ سے پیش کئے تھے۔ ایک نمونۃً پیش ہے کہ: ''لانہ ﷺ انہ خاتم النّبیین لا نبی بعدہ واخبر عن اللہ تعالیٰ انہ خاتم النّبیین وانہ ارسل کافۃ للناس واجتمعت الامۃ علی حمل ھذا الکلام علی ظاھرہ وان مفھومہ ھو المراد بہ دون تاویل وتخصیص فلا شک فی کفرہ ھؤلاء الطوائف کلھا قطعاً واجماعاً وسمعاً'' (شفاء شریف، قاضی عیاض ج۲ ص۱۷۱)

یعنی نبی کریم ﷺ نے خبردی کہ میں ایسا خاتم النّبیین ہوں کہ میرے بعد کوئی بھی کسی قسم کا نبی نہیں ہوسکتا اور باری تعالیٰ نے اپنا خاتم النّبیین اور تمام لوگوں کی طرف رسول بن کر بھیجے جانے کی خبر دی اور تمام امت نے بلا استثناء اجماع کر لیا کہ یہ کلام اپنے ظاہر پر محمول ہے اور اس کا یہی ظاہری مفہوم (کہ آنحضرت ﷺ کے بعد کوئی بھی کسی قسم کا نبی نہیں ہوسکتا) بلاکسی تاویل وتخصیص کے مراد ہے۔ پس (اس کے مخالف) ان تمام فرقوں کے کفر میں قطعاً اجماعاً وسمعاً ذرہ برابر شک نہیں۔ اس سے ثابت ہوگیا کہ خاتم النّبیین کے وہ معنی جو مدعیہ کی طرف سے پیش کئے گئے۔ ان میں کسی طرح کی بھی تاویل جائز نہیں۔ لہٰذا اب تاویل کی عمومی بحث کے لایعنی سلسلہ میں جانے کی ضرورت نہیں۔ مدّعا بالکل واضح ہے اور مفصل جواب ابتدائی بحث میں موجود ہے۔ عدالت وہیں سے ملاحظہ فرمائے۔

## مرزاصاحب کے نزدیک خاتم النّبیین کے معنی

اس سلسلہ میں مختار مدعاعلیہ نے تقریباً ۵صفحہ لکھے ہیں اور (الوصیت، حقیقت النبوۃ، الحکم، چشمہ معرفت، لیکچر سیالکوٹ، ایک غلطی کا ازالہ، اخبار عالم، چشمہ مسیحی، مواہب الرحمٰن، خطبہ الہامیہ، کشتی نوح، اربعین، تحفہ گولڑویہ، حقیقت الوحی، استفتاء وغیرہ وغیرہ) اکثر جدید حوالے پیش کر کے یہ ثابت کرنا چاہا ہے کہ جہاں کہیں مرزاصاحب نے آنحضرت ﷺ کے خاتم النّبیین ہونے سے یہ مراد لی ہے کہ آپ کے بعد کوئی بھی نبی نہیں آسکتا۔ وہاں وہ نبی مراد ہیں جو مستقل صاحب شریعت ہو...... الخ!

یہ محض مغالطہ دیا ہے۔ ۱۹۰۱ء سے پہلے تک مرزاصاحب کو اپنی نبوت کا پتہ ہی نہ تھا، نبوت پر پردہ ہی پڑا تھا۔ ملاحظہ ہو:

(حقیقت النبوۃ ص۱۴۴،۱۴۵)

’’اور یہ اللہ تعالیٰ کی عظیم الشان حکمتوں میں سے ہے کہ وہ اپنے بندوں پر رحم فرما کے اور ان کے ایمانوں کو آہستہ آہستہ مضبوط کرنے کے لئے بعض باتوں کو رفتہ رفتہ ظاہر کرتا ہے...... اگر آپ کو یک لخت مسیح کی وفات اور اپنی نبوت کے اعلان کرنے کا حکم ہوتا تو آپ کی جماعت کے لئے سخت مشکلات کا سامنا ہوتا...... اسی طرح آپ کو براہین کے زمانہ ہی میں نبی قرار دیا لیکن اس پر بھی ایک پردہ خفا ڈالے رکھا...... اور پوشیدہ اس لئے رکھا تا متلاشیان صداقت پر حد سے زیادہ نہ بوجھ پڑ جائے۔ پھر دس سال بعد وفات مسیح کے مسئلہ پر سے پردہ اٹھا دیا۔ لیکن مسئلہ نبوت پر ایک پردہ پڑا رہا تا کہ جماعت اپنے اندر ایک مضبوطی پیدا کرلے۔ حتیٰ کہ ۱۹۰۱ء میں اس پردہ کو بھی اٹھا دیا اور حقیقت کھل گئی...... الخ!　　(حقیقت النبوۃ ص۱۴۴،۱۴۵، انوارالعلوم ج۲ ص۴۶۵،۴۶۶)

پس ۱۹۰۱ء سے قبل تمام مسلمانوں کی طرح موافق قرآن وحدیث مرزاصاحب کا یہی عقیدہ تھا کہ آنحضرت ﷺ خاتم النّبیین ہیں کہ آپ کے بعد کوئی بھی کسی قسم کا نبی نہیں بن سکتا۔ نہ اس میں کوئی تخصیص واستثناء ہوسکتا ہے، نہ امکان تخصیص ہے۔ بلکہ خود مرزاصاحب نے تصریح فرمادی ہے کہ اس میں کسی قسم کی تخصیص واستثناء نہیں۔ ملاحظہ ہوں حوالہ جات مندرجہ ذیل ہیں:

۱...... ’’ماکان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول اللّٰہ وخاتم النّبیین الا تعلم ان الرب الرحیم المتفضل سمی نبینا ﷺ خاتم الانبیاء بغیر استثناء وفسرہ نبینا فی قولہ لا نبی بعدی ببیانٍ واضحٍ للطالبین ولو جوزنا ظہور نبی بعد نبینا ﷺ لجوزنا انفتاح باب النبوت بعد تغلیقہا وھٰذا خلف کما لایخفی علی المسلمین وکیف یجیٔ نبی بعد رسولنا ﷺ وقد انقطع الوحی بعد وفاتہ وختم اللّٰہ بہ النّبیین‘‘　　(حمامۃ البشریٰ ص۲۰، خزائن ج۷ ص۲۰۰)

(ترجمہ) ہم نے محمد ﷺ کو کسی مرد کا باپ نہیں بنایا۔ ہاں! وہ اللہ کا رسول اور نبیوں کا خاتم ہے۔ کیا تو نہیں جانتا کہ اس محسن رب نے ہمارے نبی کا نام خاتم الانبیاء کہا ہے اور کسی کو مستثنیٰ نہیں کیا اور آنحضرت ﷺ نے طالب علموں کے لئے بیان واضح سے اس کی تفسیر یہ کی ہے کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے اور اگر ہم آنحضرت ﷺ کے بعد کسی نبی کا ظہور جائز رکھیں تو لازم آتا ہے کہ وحی نبوت کے دروازہ کا

انفتاح بھی بند ہونے کے بعد جائز خیال کریں اور یہ باطل ہے۔ جیسا کہ مسلمانوں پر پوشیدہ نہیں اور آنحضرتﷺ کے بعد کوئی نبی کیونکر آئے۔ حالانکہ آپ کی وفات کے بعد وحی نبوت منقطع ہوگئی ہے اور آپ کے ساتھ نبوت کو ختم کر دیا ہے۔

۲...... حضرت خواجہ غلام فرید صاحب کو جو خط لکھا ہے اس میں یہ بھی ہے، ہر نبوت را بروشد اختتام۔

۳...... ’’آپ کے بعد اگر کوئی دوسرا نبی آجائے تو آپ خاتم الانبیاء نہیں ٹھہر سکتے...... لیکن ختم نبوت کا بہ کمال تصریح ذکر ہے اور پرانے یا نئے نبی کی تفریق کرنا یہ شرارت ہے...... اور حدیث: ’’لا نبی بعدی‘‘ میں بھی نفی عام...... الخ!‘‘ (ایام الصلح ص۱۴۶، خزائن ج۱۴ ص۳۹۳)

۴...... ’’قرآن کریم بعد خاتم النّبیین کے کسی رسول کا آنا جائز نہیں رکھتا خواہ وہ نیا رسول ہو یا پرانا۔‘‘

(ازالہ اوہام ص۷۶۱، خزائن ج۳ ص۵۱۱)

۵...... ’’اور یقین کامل سے جانتا ہوں اور اس بات پر محکم ایمان رکھتا ہوں کہ ہمارے نبیﷺ خاتم الانبیاء ہیں اور آنجناب کے بعد اس امت کے لئے کوئی نبی نہیں آئے گا۔ نیا ہو یا پرانا۔‘‘ (نشان آسمانی ص۲۸، خزائن ج۴ ص۳۹۰)

’’ماکان اللّٰہ ان یرسل نبیاً...... الخ!‘‘ خدا کوئی بھی نبی بعد ہمارے نبی خاتم النّبیین کے نہیں بھیجے گا۔

(آئینہ کمالات ص۳۷۷، خزائن ج۵ ص۳۷۷)

عبارات مذکورہ بالا میں فقرات مندرجہ ذیل خصوصیت سے قابل لحاظ ہیں۔

۱...... ہمارے نبی کا نام خاتم الانبیاء رکھا اور کسی کو مستثنیٰ نہیں کیا۔

۲...... آنحضرتﷺ نے تفسیر یہ کی ہے کہ: ’’میرے بعد کوئی بھی نبی نہیں۔‘‘

۳...... آنحضرت کے بعد کسی نبی کا ظہور جائز رکھیں...... الخ!

۴...... آنحضرتﷺ کے بعد کوئی نبی کیونکر آئے...... الخ!

۵...... ہر نبوت را بروشد اختتام۔

۶...... آپ کے بعد کوئی دوسرا نبی آجائے تو آپ خاتم الانبیاء نہیں ٹھہر سکتے۔

۷...... پرانے یا نئے نبی کی تفریق شرارت اور لا نبی بعدی میں نفی عام ہے۔

۸...... قرآن کریم بعد خاتم الانبیاء کے کسی رسول کا آنا جائز نہیں رکھتا۔

۹...... خاتم الانبیاء کے بعد اس امت کے لئے کوئی نبی نہیں آئے گا، نیا ہو یا پرانا۔

۱۰...... خدا کوئی بھی نبی بعد ہمارے خاتم النّبیین کے نہیں بھیجے گا۔

اب عدالت خود ہی ملاحظہ فرمائے کہ بلا استثنا عموم اور لفظ کسی اور نبی اور ہر نبوۃ غرض جس قدر بھی عموم کے لفظ ہوسکتے ہیں، سب ہی موجود ہیں۔ اس پر بھی مختار مدعا علیہ کا یہ کہنا کہ اس سے مراد صرف مستقل صاحب شریعت نبی نہیں، محض غلط اور بے معنی ہے۔ پھر جس پر گواہان مدعا علیہ کا ایمان تھا کہ خلیفہ دوم صاحب وہ بھی ۱۹۰۱ء سے قبل تک وہی مانتے ہیں جو میں نے عرض کیا۔ لہٰذا مختار مدعا علیہ کی یہ رکیک تاویل بالکل خلاف واقع اور نا قابل التفات ہے۔

## انقطاع نبوت پر دوسری پیش کردہ آیات کا صحیح مطلب

دوسری آیت: ’’الیوم اکملت لکم دینکم (المائدۃ:۳)‘‘

خلاصہ جواب:

۱...... اس آیت میں انقطاع نبوت کا ذکر نہیں، بلکہ اکمل دین واتمام نعمت کا ہے۔

۲...... اکمال دین وانقطاع نبوت لازم وملزوم نہیں، پہلے دین کی اشاعت کے لئے بھی نبی آتا ہے۔

۳...... اس سے صرف اتنا نکلتا ہے کہ صاحب شریعت جدیدہ نہیں آئے گا۔

۴...... گواہان اور مختار مدعیہ خود حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نبی ہونے کی حیثیت میں نزول کے قائل ہیں۔

۵...... اگر دین کا مکمل ہونا کسی نبی کے آنے کو مانع ہے تو اسرائیلی نبی دین کی ترویج کے لئے کیوں آئے گا۔

## الجواب علی ترتیب السوال

۱...... اکمال دین اور اتمام نعمت سے مراد انقطاع نبوت ہی ہے۔ کیونکہ یہاں نعمت سے نعمت نبوت ہی مراد ہے۔ اس کی تائید میں قرآن وحدیث ودیگر اسلاف واخلاف کے اقوال سے بیان گواہ مدعیہ نمبر الف و۲،۳ میں مصرح موجود ہے جس پر ایک بھی اعتراض نہیں پڑتا۔ عدالت مسل سے ملاحظہ فرمائے۔

۲...... اکمال دین واتمام نعمت وانقطاع نبوت یقیناً لازم وملزوم ہیں۔ جب ہی تو جس پر یہ آیت اتاری اسی کو خاتم النّبیین قرار دیا۔ خود مختار مدعاعلیہ کو اس کا اسی تحت میں اعتراف ہے۔ لیکن آیت صرف محمد رسول اللہ ﷺ پر نازل ہوئی ہے تو آپ خاتم النّبیین ہوئے۔ کیونکہ آپ نے کوئی حکمت اور کوئی ہدایت اور کوئی علم اور کوئی سرّ ایسا نہیں چھوڑا جس کی ضرورت ہو اور آپ نے نہ بتایا ہو۔

پہلا کوئی بھی دین کامل ومکمل نہ تھا، کسی میں افراط، کسی میں تفریط تھی۔ بہرحال ناقص تھے۔ اس لئے نبی آکر وحی الٰہی کی روشنی میں تبلیغ کرتا تھا اور یہ دین کامل ومکمل ہے جس کے بعد بقول صدیق اکبرؓ وحی منقطع ہے۔ ''انہ تم الدین وانقطع الوحی'' (بحوالہ سابق) پس کوئی بھی نبی نہیں آسکتا نہ ضرورت ہے۔ اشاعت وتبلیغ پہلے انبیاء کا کام تھا اور اب ہر عالم مسلمان 'بلغوا عنی ولو آیۃ ولو حدیثا ...... الخ! اسی لئے اس امت کے علماء بنی اسرائیل کے انبیاء کی طرح قرار دیئے گئے کہ جو کام بنی اسرائیل میں ترویج وتبلیغ دین انبیاء کرتے تھے وہ اس امت میں بوجہ ختم ہو جانے سلسلہ بعثت نبوت کے علماء ربانیین کریں گے۔ جیسا کہ آج تیرہ سو سال تک تعامل رہا۔

۳...... اس سے ہرگز صاحب شریعت جدیدہ کا نہ آنا نہیں نکلتا۔ خیر یہ تو مان لیا کہ انقطاع نبوت نکلتا ہے۔ گو صاحب شریعت جدیدہ سہی۔ اب گزارش ہے کہ اصل بحث اور بیان گواہان مدعیہ میں عموم پر قرآن وحدیث واقوال سلف سے حوالہ گزر چکے۔ اس کے مقابل مختار مدعاعلیہ کی بلاکسی قرینہ وثبوت کے محض ذاتی رائے کہ صاحب شریعت جدیدہ کا اسی سے انقطاع نکلتا ہے۔ محض لغو ونا قابل التفات ہے۔

۴...... عیسیٰ علیہ السلام کا منصب نبوت پر نازل ہونا کوئی بھی نہیں مانتا۔ ہاں! صفت نبوت ان سے مسلوب نہ ہوگی۔ مگر منصب نبوت اور اس کی ڈیوٹی نہ ہوگی۔ بلکہ امتی اور مجدد کی حیثیت میں ہوں گے جس کے مفصل حوالے فتاویٰ ابن حجر اور فتوحات مکیہ جو وغیرہ سے گزر چکے اور احادیث کے سلسلہ میں بعض پر آئیں گے۔ گواہ مدعیہ نمبر۲،۳ نے جرح میں بھی اسے صاف کر دیا ہے۔

۵...... یہ کہنا کہ اگر دین کا مکمل ہونا کسی نبی کے آنے کو مانع ہے تو اس سے اسرائیلی نبی ترویج دین کے لئے کیوں آئے گا، محض مغالطہ ہے۔ کیونکہ اگر حضرت عیسیٰ علیہ السلام بحیثیت نبی آئے تو یہ اعتراض تھا۔ وہ تو امتی اور مجدد ہونے کی شان سے آئیں گے۔ پس جیسے مجددین سے خاتم النّبیین پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔ یوں ہی ان کے آنے سے بھی کوئی خرابی نہ ہوگی۔ بلکہ اس میں اور شان نبوت محمدیہ کا اظہار ہے کہ آپ کی نبوت ایسی تام ہے کہ بنی اسرائیل کا جلیل القدر نبی بھی اس امت کے شمار میں آکر ایک امتی کی طرح تبلیغ دینی وترویج سنت نبویہ ﷺ کرتا ہے۔ باقی مفصل جواب کچھ اوپر بھی آچکا ہے۔ باقی سلسلہ احادیث میں آئے گا۔ عدالت پر یہ امر بھی واضح کر دینا ضروری ہے کہ

گواہان مدعیہ اور مختار مدعیہ نے اس آیت کا خاتم النّبیین کی تفسیر اور انقطاع نبوت پر دال ہونا، قرآن وحدیث اقوال سلف ائمہ ومفسرین سے مدلل ثابت کیا ہے۔ بخلاف مختار مدعا علیہ کے کہ اس کا جواب محض احتمالات عقلیہ اور اپنے ذاتی خیالات اور تاویلات سے دینا چاہا ہے جو قابل التفات ہی نہیں۔ کیونکہ تفسیر بالرائے تو مرزا صاحب بھی جائز نہیں بتاتے۔ ملاحظہ ہو (برکات الدعا مرزا صاحب) آخیر میں مختار مدعا علیہ نے ایک چھٹا نمبر ڈال کر اصل بات کا عنوان دے کر یہ کہا ہے کہ اکمال دین واتمام نعمت ہی چاہتا ہے کہ آپ کی پیروی سے نبی بنیں اور اس پر بیان گواہ مدعا علیہ نمبر۱ کا حوالہ دیا ہے۔

جواباً گزارش ہے کہ ان تخیّلات اور بلادلیل تاویلات سے اعتقادیات کا ثبوت اور تفسیر کلام الٰہی تو ہو نہیں سکتی۔ اکمال دین یا اتمام نعمت کے معنی کسی نے آج تک نبی کریم ﷺ، صحابہ کرام، علماء سلف وخلف نے یہ نہ سمجھا۔ کتاب کی اتباع سے نبی بنتے رہیں گے۔ یہ محض دعویٰ بلادلیل ہے اور تمام آیات ختم نبوت واحادیث صحیحہ واجماع امت واجماع صحابہ کے خلاف ہے۔ لہٰذا قابل التفات نہیں۔ تفصیل کے واسطے ملاحظہ ہو بیان گواہ مدعیہ نمبر۱،۲،۳،۴ وبحث مختار مدعیہ۔ اس کے بعد کتاب (انسان کامل سید عبدالکریم جیلی کی ایک عبارت ص۷۶) سے نقل کر کے مغالطہ دینا چاہا ہے اور جس قدر امور اس سے بطور نتیجہ اخذ کئے ہیں۔ وہ سب محض مغالطہ ہیں بلکہ وہ تو یہاں بکمال تصریح ختم نبوت کو بیان فرمارہے ہیں اور آپ کے بعد وہ نبوت کا جواز ہی نہیں مانتے اور کوئی حکمت ہدایت اور علم باقی نہیں مانتے جس کے واسطے کوئی نبی آئے اور لفظ تشریع سے معنی غلط خلاف اصطلاح مصنف لے کر مغالطہ کی سعی کی ہے۔ تفصیل کے واسطے (انسان کامل ص۶۸) ملاحظہ ہو جو گواہ مدعا علیہ نمبر۲، ۲۸؍مارچ ۱۹۳۳ء جرح میں پیش ہو چکا ہے۔ نیز یہ عبارت من جملہ دلائل ختم نبوت گواہ مدعیہ نمبر۲،۳ نے اپنے اصل بیان میں مفصل لیا ہے۔ وہیں سے ملاحظہ ہو جس کے بعد یہ مغالطہ بالکل صاف ہو جاتا ہے۔

اس کے بعد مختار مدعا علیہ نے آیت (۲)''وما ارسلناک الا کآفۃ للناس (سبا:۲۸)''(۳)''قل یآیھا الناس انی رسول اللہ الیکم جمیعاً (الاعراف:۱۵۸) ولکل قوم ھاد (الرعد:۷)''نقل کی ہیں اور اپنے لفظوں میں ایک مطلب گواہان مختار مدعیہ کی طرف منسوب کر کے مندرجہ ذیل تاویلیں کی ہیں۔

۱...... ان آیات میں آئندہ نبی آنے نہ آنے کا کوئی ذکر نہیں۔

۲...... بتصریح حدیث اس میں عموم دعوت کا ذکر ہے۔

۳...... جیسے حضرت موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل کے لئے نبی تھے۔ پھر بھی دوسرے نبی ان کے ماتحت آئے۔ یوں ہی آپ کی امت میں نبی کا آنا عمومیت دعوت کے منافی نہیں۔

۴...... ''انا ارسلنا الیکم رسولا شاھدا علیکم کما ارسلنا الیٰ فرعون رسولا (المزمل:۱۵)'' کی رو سے آنحضرت ﷺ جب مثیل موسیٰ ہوئے تو اس کی تکمیل کے لئے، جیسے ان کے بعد نبی آئے یہاں بھی آنا چاہئے اور چونکہ خاتم النّبیین بھی آپ کی صفت ہے۔ لہٰذا مستقل نہ ہوگا بلکہ آپ کے تابع ہوگا۔

الجواب: اجمالاً یہ گزارش ہے کہ عدالت ان آیات کا مدلل گواہ مدعیہ نمبر الف،۲،۳،۴ کو سامنے رکھ کر ان جوابات اور محض اٹکل کی تاویلات رکیکہ کا مقابلہ فرمائے کہ یہ تاویلات کس قدر بے ربط اور لاجوابی کا ثبوت ہیں۔

## مرتب تفصیل جواب

۱...... مدلل بیانات میں پیش ہو چکا کہ قیامت تک عمومیت دعوت وعموم رسالت مستلزم انقطاع نبوت کو ہے اور اس سے زائد تصریح نہیں ہو سکتی کہ آپ کے بعد کوئی بھی نبی نہیں آسکتا۔ تفصیل کے واسطے بیان گواہ مدعیہ نمبر الف اور ان آیات کی تفسیر میں تفسیر ابن کثیر وابن جریر

ملاحظہ ہو۔ اکثر حوالے بیانات گواہان مدعیہ میں موجود ہیں۔

۲...... جب کہ اس میں عموم دعوت تسلیم کرلیا تو انقطاع نبوت جو اس کا لازم ہے وہ بھی لازماً تسلیم کرنا ہوگا۔ کیونکہ قیامت تک تمام بنی نوع کے واسطے عموم دعوت اتمام نعمت کے بعد کوئی دوسرا نبی بن ہی نہیں سکتا۔

۳...... حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بعد دوسرے نبی آنے پر نبی کریم خاتم النّبیین ﷺ کو قیاس نہیں کیا جاسکتا۔ کیونکہ حضرت موسیٰ تمام بنی نوع کے لئے نہ تھے۔ نیز ان کی دعوت کا عموم نہیں تھا۔ ان پر تکمیل دین واتمام نعمت ہی یوں نہ ہوا۔ انہیں خاتم النّبیین بھی نہیں ٹھہرایا گیا، بخلاف سید المرسلین وخاتم النّبیین ﷺ کے۔ پس یہ قیاس مع الفارق محض لغو ہے۔ صرف عموم دعوت بنی اسرائیل کو نہ دیکھا جائے۔ بلکہ اس کے ساتھ دوسرے امور مذکورہ بھی قابل لحاظ ہیں۔ جب ہی تو یہ آیات تائیداً پیش کی گئی ہیں، نہ مستقلاً۔

۴...... خاتم النّبیین نے خود ہی مستقل کی تخصیص کردی۔ حالانکہ خاتم النّبیین کے معنی آخری نبی جسے کے بعد کوئی بھی کسی طرح کا نبی ظلی وبروزی نہ اس کے مدلل ثابت ہو چکا۔ پس مثیل ہونا صرف اس امر میں ہے کہ جیسے وہ نبی تشریعی تھے۔ ایسے ہی آنحضرت ﷺ بھی نبی تشریعی ہیں۔ چنانچہ اس آیت: ''انا ارسلنا الیکم'' میں تمام ائمہ ومفسرین بلکہ گواہ ومختار مدعا علیہ کے مسلم بزرگ شیخ عبدالوہاب وامام محی الدین ابن عربی نے بھی تصریح فرمائی ہے۔ تفصیل کے واسطے ملاحظہ ہو شہادت گواہ مدعیہ نمبر۱،۲،۳۔

## مختار مدعا علیہ کی چند آیات کے متعلق عاجزی

اس کے بعد مختار مدعا علیہ نے گواہ مدعیہ نمبر۱ کے بیان سے (۱) **سراجاً منیراً** (الاحزاب:۴۶) (۲) **قل لئن اجتمعت الانس** (بنی اسرائیل:۸۸) (۳) **بالحق انزلناہ** (بنی اسرائیل:۱۰۵) (۴) **اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول** (النساء:۵۹) (۵) **میثاق النّبیین** (آل عمران:۸۱) (۶) **انا نحن نزلنا الذکر** (الحجر:۹) یہ چھ آیات نقل کی ہیں مگر جواب کیا ہوسکتا تھا۔ اس کے بعد یہ فرماتے ہیں کسی آیت سے ایسی نبوت کا جس کے ہم قائل ہیں، انقطاع ثابت نہیں ہوا۔ وغیرہ وغیرہ!

محض تاویلات رکیکہ بلا کسی دلیل کے پیش کی ہیں جن کے دیکھنے سے ہر شخص اندازہ کرسکتا ہے کہ مختار مدعا علیہ کے پاس کچھ بھی ضابطہ کا بھی ان کے متعلق جواب نہیں۔ میں بجائے کسی تفصیلی کے جواب کے عدالت عالیہ کی توجہ اس طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ ان تاویلات کو بیان گواہ نمبر الف سے ملا کر ملاحظہ فرمالیں۔ وہاں کوئی مطلب اپنی عقل ورائے سے نہیں بیان کیا گیا، بلکہ مدلل نقل پیش کی گئی ہیں اوران تمام تاویلات کا سد باب کردیا ہے۔

پھر آخر میں مختار مدعا علیہ کا یہ کہنا کہ: ''آنحضرت ﷺ کی اولاد روحانی میں سے ایک فرد کو حضور کی پیروی کی برکت سے اگر مقام نبوت حاصل ہوجائے تو اس میں کون سا گناہ لازم آتا ہے۔'' محض لغو اور بیکار ہے گناہ کیا ساری دین کی عمارت ہی مسمار ہوجائے گی۔ اس میں قرآن پاک، احادیث نبویہ، تمام صحابہ کرام ائمہ دین کی مخالفت کے علاوہ نبی کریم ﷺ کی سخت توہین اور کفر عظیم ہے۔ تفصیل کے واسطے ملاحظہ ہو بیان گواہ مدعیہ نمبر۲،۳ و بحث مختار مدعیہ۔

بحمداللہ! گواہ مدعیہ کی پیش کردہ تمام آیات بالکل لاجواب ہیں اور اپنے الفاظ میں اس کا مطلب ڈھال کر بھی مختار مدعا علیہ جواب نہ دے سکا۔ عدالت جب بیانات کا مقابلہ وملاحظہ فرمائیں گے تو اصل حقیقت اچھی طرح واضح ہوجائے گی۔ ان شاءاللہ تعالیٰ!

(آیات کا جواب الجواب ختم ہوا)

## پیش کردہ احادیث کا صحیح مطلب

خلاصہ قول مختار مدعا علیہ:

۱...... گواہان مدعا علیہ نے ان کے جوابات دیئے تھے مگر مختاران مدعیہ نے اس سے سکوت کر کے صحیح تسلیم کر لیا اور کوئی جواب نہ دیا۔

۲...... مختار مدعیہ کا دوسو یا سترہ کہنا مغالطہ ہے، صرف تیرہ احادیث پیش کی ہیں۔

۳...... ان تیرہ میں بھی بعض ضعیف ہیں۔

**الجواب:**

۱...... جو قابل اعتناء جواب تھا، اس کا ایسا فیصلہ کن جواب الجواب دیا گیا تھا کہ اس کے بعد امید تھی کہ مختار مدعا علیہ اس کا نام بھی یہ نہ لیتا۔ مگر تعجب ہے کہ وہ کہہ رہے ہیں کہ سکوت اختیار کیا اور صحیح تسلیم کر لیا۔ یہ ضرور ہے کہ تمام اعتراضات کا صرف ایک جامع جواب دیا تھا کہ ان تمام جوابات گواہان مدعا علیہ کا خلاصہ صرف اس قدر ہے کہ: ''لا نبی بعدی'' یا ''لا نبوت بعدی'' وغیرہ میں نبوت تشریعی و مستقل وغیرہ کی تاویل ''لا فتی الا علی فلا کسریٰ بعدہ لا صلوٰۃ الا بفاتحۃ الکتاب'' وغیرہ سے کرتے ہیں۔ مگر غالباً انہوں نے مرزا صاحب کی تصانیف کا پورا مطالعہ نہیں کیا۔ وہ تو اس تخصیص کو شرارت اور گستاخی بتاتے ہیں اور ''لا نبی بعدی'' میں نفی عموم کے معنی میں لیتے ہیں اور اس کے واسطے (ایام الصلح ص۱۴۶، خزائن ج۱۴ ص۳۹۳) سے تقریباً سترہ (۱۷) سطریں پیش کی تھیں۔ اس کے بعد یہ گزارش کی تھی کہ اس حوالہ کے بعد غالباً مختار مدعا علیہ ان جوابات کا مکرر نام بھی نہ لیں۔ کیونکہ ایک اجمالی جواب کافی ہے اور اگر پھر بھی وہ تاویلات رکیکہ دہرائیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ! ان کی تشفی کے لائق مفصل ہر ایک کا جواب علیحدہ علیحدہ ہی پیش کر دیا جائے گا۔ یہ حوالہ اسی سلسلہ میں بحث ابتدائی میں پیش کر چکا ہوں۔ لہٰذا یہ کہنا کہ سکوت اختیار کر کے صحیح تسلیم کر لیا محض جھوٹ اور افتراء خالص ہے۔ یہ دوسری بات ہے کہ وہ اسے جواب نہ خیال کریں۔ حالانکہ یہ جواب مرزا صاحب کے الفاظ میں ہے۔ یہ تو زیادہ قابل لحاظ ہونا چاہئے تھا۔

۲،۳...... دوسو (۲۰۰) احادیث اس سلسلہ میں ہونے کا قول کثرت احادیث ہونے کے سلسلہ میں بحوالہ گواہ مدعیہ نمبر۳ پیش کیا گیا تھا، نہ یہ کہ دوسو (۲۰۰) احادیث پیش کی گئیں۔ عدالت ملاحظہ فرمالے اصل بحث کے وقت گواہ نمبر۳ کے اصل الفاظ پیش کئے تھے۔ سترہ (۱۷) کو مغالطہ اور صرف تیرہ (۱۳) پیش کردہ بتانا بالکل صحیح نہیں۔ ہاں! شاید اس سے مغالطہ لگ گیا ہو کہ احادیث پیش شدہ کو میں نے مطلق حکم نبوت بعد آنحضرت ﷺ علیحدہ اور تفسیر خاتم النّبیین کی علیحدہ اور جن میں آخر الانبیاء یا آخر النّبیین کی تصریح ہے۔ وہ علیحدہ ہیڈنگ کے تحت جمع کی تھیں اور کل اس سلسلہ کی بیانات گواہان مدعیہ اور جرح سے (۲۶) نقل کی تھیں میں صرف ان کا حوالہ بلا نقل دیتا ہوں۔

احادیث (۳) بروایت ابی ہریرہؓ (بخاری ومسلم وابوداؤد وترمذی) از بیان گواہ مدعیہ نمبر الف، ۱،۲،۳،۴۔

حدیث (۱) بروایت ابی حازمؓ (بخاری ومسلم) بحوالہ گواہ مدعیہ نمبر الف، ۲،۳،۴۔

حدیث (۱) بروایت سعد ابن وقاصؓ (بخاری، مسلم مشکوٰۃ، مرقات) بحوالہ گواہ نمبر۳،۴، الف۔

حدیث (۲) بروایت انس ابن مالکؓ (بخاری ومسلم وابن کثیر) بحوالہ نمبر الف،۴۔

حدیث (۱) بروایت جبیر ابن مطعمؓ (مسلم شریف ج۲) بحوالہ گواہ مدعیہ نمبر الف۔

حدیث (۱) بروایت عبداللہ ابن مسعودؓ (طبرانی شریف) بحوالہ گواہ مدعیہ نمبر۳۔

حدیث (۲) بروایت عائشہ صدیقہؓ (کنز العمال) بحوالہ گواہ مدعیہ نمبر الف وجرح گ مدعیہ نمبر۱،۲۔

حدیث (۱) بروایت ابی امامۃؓ (ابن ماجہ) بحوالہ گواہ الف وجرح گواہان مدعا علیہ۔

احادیث (۱۴) بروایت مختلف صحابہؓ (بخاری ومسلم وابوداؤد وترمذی ونسائی وکنز) بحوالہ گواہ مدعیہ نمبر الف، ۱،۲،۳،۴ وجرح گواہان مدعا علیہ۔

یہ کل (۲۶) ہیں جو مفصل پیش کر چکا۔ مگر مختار مدعا علیہ کو چونکہ (۱۳) کا جواب کچھ نہ کچھ دینا ہے۔ اس لئے اس نے تیرہ بتائیں اور بعض ضعیف بھی کہا۔ حالانکہ ضعف ثابت نہ کر سکا۔ اس کے علاوہ بھی بیانات گواہان مدعیہ میں احادیث ہیں جن میں بعض کا مضمون مکرر تھا۔ گو احادیث جدا جدا ہیں۔ اس لئے بخوف طوالت بحث میں نہ دہرایا گیا تھا۔

## پہلی حدیث کا جواب

**''قال لعلی انت منی منزلة الی قولہ لا نبی بعدی''**

خلاصہ جواب:

۱…… بعد کے معنی غیر حاضری کے ہیں، یعنی متصل غزوہ تبوک میں جانے کے بعد زمانہ میں کوئی نبی نہیں یا تو نبی نہیں۔

۲…… اگر بعدی کے معنی میری موت کے بعد کے لئے جائیں تو دونوں جملوں میں کوئی متعلق نہیں رہے گا۔ نہ تشبیہ درست ہوگی۔ کیونکہ ہارون حضرت موسیٰ علیہ السلام سے پہلے وفات پا گئے تھے۔

جواب الجواب:

۱…… اس میں شبہ نہیں کہ کبھی بعد کے معنی بعدیہ متصلہ کے بھی آئے ہیں اور آیات پیش کردہ میں وہی سہی، مگر اس حدیث: ''**لا نبی بعدی**'' میں وہ معنی مراد نہیں۔ کیونکہ یہاں اس تخصیص کا کوئی قرینہ نہیں اور حضرت علیؓ کا گو جزئیہ منقل ہے۔ مگر یہ قول: ''**لا نبی بعدی**'' بمنزلہ ضابطہ کلیہ کے ہے اور اس کا ثبوت یہ ہے کہ یہ ضابطہ کلیہ نہ صرف اس جگہ بلکہ آنحضرت ﷺ نے متعدد جگہ استعمال فرمایا ہے۔ مثلاً: ''**انا خاتم النّبیین لا نبی بعدی وسیکون خلفاء**'' وغیرہ جہاں کسی قسم کی بعدیت متصلہ کے ساتھ تخصیص ناممکن ہے۔ نیز بعض روایات میں ''**لا نبی بعدی**'' کے ساتھ وسیکون خلفاء بھی موجود ہے جو قطعی دلیل ہے کہ بعدی کے معنی بعدیت متصلہ کے نہیں، بلکہ مرنے کے بعد کے ہیں اور بعدیت متصلہ سے مقید کرنے میں عموم نفی سے جاتا رہتا ہے۔ حالانکہ (ایام الصلح ص۱۴۶) پر مرزاصاحب بھی فرماتے ہیں کہ: ''**لا نبی بعدی**'' میں نفی عام ہے۔ عدالت خود اس حدیث کو بیانات سے لے کر اس تاویل سے مقابلہ فرمائے۔

۲…… ''**لا نبی بعدی**'' کے معنی بعد فوت کے لینے ہی متعین ہیں جس پر دوسری روایت میں وسیکون خلفاء کا قرینہ واضحہ موجود ہے اور ظاہر ہے کہ بنی اسرائیل کی طرح خلافت بعد آنحضرت ﷺ کی موت ہی کے ہوگی۔ اب یہ امر کہ دونوں جملوں کا تعلق وتشبیہ درست نہ ہوگی، یہ بھی صحیح نہیں۔ کیونکہ مشبہ ومشبہ بہ میں بین مشارکت تامہ تمام اجزاء میں نہیں ہوا کرتی۔ بلکہ صرف وجہ شبہ میں ہوتی ہے۔ وہ موجود ہے کہ جیسے کوہ طور پر موسیٰ علیہ السلام نے جاتے وقت ہارون علیہ السلام کو خلیفہ چھوڑا تھا، میں تمہیں چھوڑتا ہوں۔ تشبیہ صرف مطلب خلافت میں ہے۔ پس ہر دو جملوں کا تعلق اور تشبیہ بدستور قائم ہے۔ البتہ اس تشبیہ سے اس شبہ کا احتمال تھا کہ کوئی تشبیہ تام سمجھ کر حضرت علیؓ کو نبی نہ سمجھنے لگے یا وہ خود نبی نہ سمجھیں۔ ''**قال الہ لست نبیاً**'' نبی یا قاعدہ کلیہ ''**لا نبی بعدی**'' سے اسے دفع فرمادیا کہ چونکہ میرے بعد کوئی نبی ہونا وبننا نہیں۔ اس لئے صرف خلیفہ تو ہوا نبی ہونا ممکن نہیں۔ عدالت اصل بیان سے ملاحظہ فرمائے اس شبہ کا شائبہ تک نہیں۔ اگرچہ اس کے اخیر میں مدعا علیہ نے اپنے بیان کا حوالہ دیا ہے۔ مگر وہاں اس سے زائد کوئی بات نہیں۔ سوائے توضیح امثلہ یا تطویل عبارت کے (علماء نے ''**لا نبی بعدی**'' کے کیا معنی کئے ہیں)

## ۱۲۔ مختصر حوالہ جات مختار مدعا علیہ

۱…… اقتراب الساعۃ نواب صدیق حسن خان صاحب بھوپالی۔

۲...... قول ملّا علی قاری بحوالہ اشاعت لاشراط الساعۃ للسید شریف بزرنجی۔

۳...... دوسرے حوالوں کے واسطے بیان کا حوالہ دیا گیا ہے۔

الجواب:

۱...... اقتراب الساعۃ اور اس کے مصنف نواب صدیق حسن خان صاحب ہمارے مسلم نہیں۔ جیسا کہ مفصل اوپر گزر چکا ہے نیز گواہان مدعیہ نے جرح میں صاف کر دیا ہے۔

نیز یہ ان کی ذاتی رائے ہے جس پر کوئی سند نہیں بلکہ صریح احادیث کے خلاف ہے اور غیر مسلم ہے۔ پس ہم ان دونوں کے جواب کے مکلّف نہ تھے۔ مگر عدالت غور فرمائے تو ان دونوں کا جواب ہماری طرف سے پیش ہو چکا۔ اسی طرح صاحب تکملہ مجمع البحار کہ ''لا نبی ینسخ شرعہ'' بھی بعینہٖ یہی مطلب اور یہی واقعہ اور تقریباً انہیں الفاظ میں ادا فرما رہے ہیں اور اس کا جواب بعینہٖ اس کا جواب ہے۔ تکملہ کی ماقبل عبارت کا نئے سرے سے یہ شبہ پیدا ہو گیا، ورنہ ہرگز نہ ہوتا۔ یوں ہی اقتراب الساعۃ اور اشاعۃ کی عبارت اوپر سے ملاحظہ فرمائیں۔ مطلب بالکل واضح ہے۔ یہاں صرف نزول عیسیٰ علیہ السلام کی بحث ہے جس پر مختلف اعتراضات وارد ہوتے ہیں جنہیں رفع کیا ہے اور حدیث:''لا وحی بعدی'' کو سنداً مجروح قرار دیا اور صاحب تکملہ نے مغیث سے ایک اور حدیث نقل کی جس کے الفاظ یہ تھے ''مغیث فی حدیث عیسیٰ انہ یقتل الخنزیر ویکسر الصلیب ویزید فی الحلال'' یعنی عیسیٰ نازل ہو کر قتل خنزیر اور کسر صلیب فرمائیں گے اور حلال میں زیادتی فرمائیں گے۔ اب خیال تھا کہ حلال میں زیادتی تو جدید شریعت ہوگی۔ اس کا جواب دیا کہ مطلب یہ ہے کہ:''ای یزید فی حلال نفسہ بان یتزوج ویولدلہ وکان لم یتزوج قبل رفع الی السمآء فزاد بعد الھبوط فی الحلال فحینئذ یؤمن کل احد من اھل الکتاب للتیقن بانہ بشر'' یعنی حال میں زیادتی سے کوئی نئی حلت کا ایجاد نہیں، بلکہ اپنے اعمال میں حلال یعنی نکاح کا اضافہ فرمائیں گے۔ اس طور پر شادی کریں گے اور اولاد ہوگی۔ کیونکہ قبل ''رفع الی السماء'' شادی نہ کی تھی۔ اب زمین پر اترنے کے بعد شادی فرماویں گے جس سے اہل کتاب ان کی بشریت کا یقین کر کے ان پر ایمان لائیں گے۔ (جو پہلے خدا سمجھتے یا مخالف تھے)

پھر اسی نزول عیسیٰ علیہ السلام پر قول حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا محمول فرمایا ہے۔ اس کے بعد یہ لفظ ہے کہ ''وھٰذا لا ینافی حدیث لا نبی بعدی'' کہ یہ حدیث ''لا نبی بعدی'' کے منافی نہ ہوا۔ کیونکہ اس زیادتی حلال سے تو شادی کرنا مراد ہے اور ''لا نبی بعدی'' کا مراد کسی نبی کا نہ آنا ہے جو شریعت محمدی کے لئے یہاں تو اسی کے مطابق عمل کیا۔ پس وہ نبی نہ بنے بلکہ عامل باشرع المحمدی رہے۔ عدالت خود اس خیانت کو ملاحظہ فرمائے کہ وہاں ''لانہ'' ارادہ ہے اور گواہ مدعاعلیہ نے لانہ کا لفظ کاٹ کر کے صرف ارادہ الخ سے عبارت لی۔ تاکہ ماقبل سے ربط نہ معلوم ہو سکے۔ پس اس قسم کے قطع وبرید کے حوالہ جات قابل التفات ہی نہیں۔ لہٰذا دراصل وہ عبارت اسلامی عقیدہ کے منافی نہیں۔ نیز وہ تو صرف نزول عیسیٰ علیہ السلام من السما کے متعلق ہے اور جو اس کا قائل نہیں۔ ان سے کہنا ہی اس کا فضول ہے۔ اسی جگہ نبی تشریعی کی ''اذا ھلک کسریٰ فلا کسریٰ بعدہ...... الخ!'' اور ''لافتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار'' وغیرہ سے بھی ہرگز درست نہیں ہو سکتی۔ کیونکہ مرزاصاحب کی تحقیق سے بھی منافی ہے۔ جیسا کہ اصل بحث میں عرض کر چکا ہوں کہ ان کے نزدیک بھی ''لا نبی بعدی'' میں نفی عموم کی ہے اور تخصیص کرنا شرارت ہے۔ (ایام الصلح ص۱۴۶، خزائن ج۱۴ ص۳۹۳)

پھر یہ بھی ملاحظہ ہو کہ امثلہ مذکورہ یا ان جیسی اور چند مثالوں میں نفی کمال بھی تسلیم کر لیا جائے تو اس سے یہ کیونکر لازم آتا ہے کہ ''لا نبی بعدی'' میں نفی کمال ہی مراد ہے۔ کیا کسی ایک حدیث یا قول یا محاورہ میں نفی کمال مراد ہو جانا اس امر کو مستلزم ہے کہ سب جگہ یہی معنی

چلائے جائیں اور اگر یہ عام ضابطہ کلیہ بن گیا تو کوئی وجہ نہیں کہ:’’**لا الٰہ الا اللّٰہ**‘‘یا’’**لا الٰہ الا ھو**‘‘یا’’**لاریب فیہ**‘‘ہرنفی کمال نہ لی جائے۔ کیونکہ جب یہی اجتہاد اور یہی قیاس ہو تو ایک بت پرست ہندو کہہ سکتا ہے کہ:’’**لاالٰہ الا اللّٰہ**‘‘میں بھی نفی کمال ہے۔ یعنی کامل معبود سوائے اللہ کے کوئی نہیں۔ اگرچہ غیر مستقل اور غیر شارح معبود ہوسکتے ہیں اور یہی تمام بت پرستوں کا عقیدہ ہے۔ یوں ہی کوئی قرآن کا منکر کہہ سکتا ہے کہ:’’**لاریب فیہ**‘‘میں یہی نفی کمال ہے۔ یعنی کامل ریب وشک قرآن میں نہیں۔ اگرچہ بعض اقسام ریب اور شک کے موجود ہے۔ اگر کسی دلیل سے اس مخالف بت پرست کو نفی کمال مراد لینے سے روکا جاسکتا ہے تو وہی دلیل ہماری جانب سے بھی۔’’**لانبی بعدی**‘‘ میں نفی کامل مراد ہونے پر تصور فرمالیں۔ پس جب کہ تمام قرآن وحدیث واقوال سلف حتیٰ کہ مرزاصاحب کے (ایام الصلح ص۱۴۶، خزائن ج۱۴ ص۳۹۳) کی تصریح سے ثابت ہوگیا کہ’’**لا نبی بعدی**‘‘میں نفی عموم کی ہے اور تخصیص شرارت اور گستاخی ہے۔ پس یہ تاویلات یقیناً بلکہ مسلم طور سے ناقابل التفات ہیں۔

## ایک مغالطہ کا جواب

’’**اذا ھلک کسریٰ فلا کسریٰ بعدہ واذا ھلک قیصر فلا قیصر بعدہ**‘‘تخصیص کے لئے عجیب وغریب تقریر تصنیف کی ہے اور اس کا مدار اس پر ہے کہ کسریٰ اور قیصر خاص دوشخصوں کے نام نہیں۔ بلکہ ہر بادشاہ فارس کو کسریٰ اور شاہ روم کو قیصر کا لقب دیا جاتا ہے۔

اور چونکہ ان دونوں ملکوں میں آنحضرت ﷺ کے زمانہ سے اب تک کوئی نہ کوئی بادشاہ ہی ہوتے رہے ہیں۔ پس معنی یہ ہیں، اگرچہ باقی ہوں گے، مگر اسلام کے زیر نگیں۔ یوں ہی یہاں نبی تو آئیں گے مگر آنحضرت ﷺ کے تابع۔

مگر یہ بناء فاسد علی الفاسد ہے۔ خود ایک مطلب تصنیف کیا اور اس پر بنیاد رکھ دی۔ یہ محض غلط ہے کہ کسریٰ وقیصر اب تک موجود ہیں۔ امام نووی شرح مسلم میں حضرت امام شافعی اور تمام علماء سے نقل فرماتے ہیں:’’**فلا کسری بالعراق ولا قیصر بالشام**‘‘یعنی ان دونوں اقلیموں میں ان کی سلطنت نہ رہے گی۔ چنانچہ بلاشک اس طرح ہوا کہ کسریٰ اور کسرویت کا تو بالکل خاتمہ ہوگیا اور قیصر نے ملک شام سے بھاگ کر کسی اور جگہ پناہ لی۔ غرض ان دونوں اقلیموں میں کسریٰ وقیصر نہ رہے۔ اس لئے سوال اس پر ہے خود یہ کہنا ہی غلط ہے کہ یہ حدیث اپنے ظاہری معنی میں مستعمل نہیں۔ حتیٰ کہ اس پر’’**لا نبی بعدی**‘‘کو قیاس فاسد کر کے تحریف کریں اور اگر تھوڑی دیر کے واسطے بفرض محال اس حدیث فلا کسریٰ میں کسی خارجی وجہ سے کوئی تخصیص مرزاصاحب کے متبعین کی طرح فرض کرلے تو اس سے یہ کب لازم آیا کہ’’**لانبی بعدی**‘‘میں بھی تخصیص کردی جائے۔ کیا کسی ایک حدیث کا کسی وجہ سے مؤل ہوجانا۔ اس کو مستلزم ہے کہ تمام احادیث صریح کو بگاڑ کر اس کے مطابق بنایا جائے۔

اور (ایام الصلح ص۱۴۶، خزائن ج۱۴ ص۳۹۳) کی تصریح کے بعد مرزاصاحب کے مسلک پر بھی اس حدیث:’’**لا نبی بعدی**‘‘میں تخصیص شرارت اور گستاخی ہے۔

یہ محض غلط ہے کہ ان احادیث کے جواب کا جواب ابتدائی بحث میں نہ آیا۔ کیونکہ ابتدائی بحث میں التزام تھا کہ جو چیز ایک مرتبہ جس سلسلہ میں گزر گئی۔ اعادہ کسی رنگ میں نہ کیا گیا۔

صوفیائے کرام کے حوالوں کی تشریح کے تحت اصل بیانات اور بحث میں شیخ محی الدین ابن عربی کے قول:’’**انما ارتفعت نبوۃ التشریع فھذا معنی لانبی بعدی**‘‘اور’’**بل اذا کان یکون تحت حکم شرعی**‘‘کا مکمل جواب اور لفظ تشریع کی شرح وغیرہ ربط وتفصیل سے گزر چکی۔ اب یہ کہنا کہ اس کا جواب نہ ہوا صحیح نہیں اور چونکہ جواب الجواب میں بجائے کسی جواب کے کچھ کمی زیادتی اور

جوابی رنگ کے مکرر پیش کیا ہے۔ لہٰذا مختصر جواب بھی عرض کرتا ہوں۔ اگرچہ اس اصول تحقیق کے بعد ضرورت نہ تھی۔

## اصولی تمہید

۱...... عقائد میں قطعیات کتاب ''اللہ والرسول'' یا بقول گواہ نمبر۲ مدعا علیہ وحی مرزا صاحب ہی معتبر ہے اور کچھ معتبر نہیں ملاحظہ ہو جرح گواہ نمبر۲، ۲۸/ مارچ ۱۹۳۳ء۔ لہٰذا نہ باب عقائد میں ان اقوال کے لانے کی ضرورت اور نہ جواب کی حاجت۔

۲...... شریعت کے خلاف جو شیخ کی عبارت نظر آتی ہے، وہ ان کی نہیں بلکہ مدسوس اور خارج سے ملائی گئی ہے۔ ملاحظہ ہو (یواقیت ص۷) ''وجمیع ماعارض من کلامه ظاهر هو الشریعة وعلیه الجمهور فهو مدسوس علیه ...... الخ!'' حضرت شیخ کا وہ قول جو ظاہر الشریعت اور جمہور کے مسلک کے خلاف ہے وہ ان کا نہیں بلکہ مدسوس اور خارج سے اضافہ ہے۔ یوں ہی دوسرے مسلم بزرگوار (مجدد الف ثانی) (مکتوبات ج۳ دفتر اوّل ص۱۱۲) میں تصریح فرماتے ہیں۔ بوجہ خوف طوالت صرف حوالہ پر اکتفاء کرتا ہوں۔ ملاحظہ ہو۔

از عجائب کار باراست شیخ محی الدین ابن عربی...... تابمنہ اکرمہ۔ اس سے ناواقف کو مغالطہ سے بچانے کے لئے (شامی ج ص۲۹۴) سے پیش کیا گیا تھا کہ شیخ محی الدین ابن عربی نے خود وصیت فرمائی ہے کہ: ''نحن قوم یحرم النظر فی کتبنا'' کہ ہماری کتب ہر شخص کو دیکھنا ٹھیک نہیں جس کا غلط مطلب کے لئے مختار مدعا علیہ نے جو کچھ کہنا تھا کہا۔

اصل جواب الجواب: ہر شخص اور ہر فن کی ایک اصطلاح خاص ہوتی ہے۔ ''لکل ان یصطلح'' بھی مسلم ہے اور کسی کے اصطلاح کے خلاف مطلب لینا ہرگز درست نہیں۔ ملاحظہ ہو (جرح گواہ مدعا علیہ نمبر۲، مؤرخہ ۲۶/ مارچ ۱۹۳۳ء) نیز (یواقیت مسلمہ فریقین ص۱۱) ملاحظہ ہو۔ ''ولا یجوز الانکار علی القدم معرفته مصطلهم فی الفاظ هم اذا رأینا بعد ذالک فی کلامهم مخالفاً للشریعة''

یعنی صوفیاء کرام پر اعتراض جب تک ان کے خصوصی الفاظ کی اصطلاح سے واقف نہ ہو جائیں جائز نہیں۔ البتہ واقفیت اصطلاح کے بعد بھی اگر ظاہر شریعت کے خلاف ہے تو اسے پھینک دیں گے اور قبول نہ کریں گے اور گواہان مدعا علیہ کا خود اقرار ہے کہ فصوص الحکم وفتوحات بالاستیعاب مطالعہ نہیں کیا اور اصطلاح صوفیہ میں کوئی بھی کتاب نہیں پڑھی۔ ملاحظہ (جرح گواہ مدعا علیہ نمبر۲، مؤرخہ ۲۸/ مارچ ۱۹۳۳ء نمبر۱) پس انہیں عبارات میں مغالطہ لگنا کوئی تعجب کی بات نہیں صرف شیخ محی الدین ابن عربی کی اصطلاحات پر مستقل تصانیف میں من جملہ ان کے کبریت احمر فی علوم الشیخ الاکبر بھی ہے جس میں ان کی اصطلاحات نبوت ورسالت کے متعلق یہ ہے کہ: ''اعلم ان النبوة هی الاخبار عن شئ ساریة فی کل موجود عن اهل الکشف والوجود لکذا لا یطلق علی احد منهم اسم نبی ولا رسول الا علیٰ الملئکة الذین هم الرسل فقط ...... ماصح'' یعنی شیخ کی اصطلاحات میں لفظ نبوت کے معنی کسی چیز کی خبر دینا اور یہ نبوت تمام موجودات میں صوفیاء کرام کے نزدیک موجود وساری ہیں۔ مگر اسم نبی رسول اللہ سواء اس کے کسی پر نہ بولا جائے گا جس کو اصطلاح شرح میں نبی ورسول کہتے ہیں۔ ہاں! ملائکہ بھی ''بوجه رساله فیما بینه تعالیٰ وبین الانبیاء رسول'' کہلاتے ہیں۔ ملاحظہ فرمائیں۔ نبوت کے معنی مطلق خبر دینے کے کس قدر عام حیوانات کے اندر بھی مانتے ہیں۔ نیز اس کے مقابل تشریع بھی شریعت کی اصطلاح مراد لیتے ہیں۔ حضرت شیخ کے نزدیک رسالت بمعنی تبلیغ مستعمل ہے۔ ملاحظہ (فتوحات ج۲، باب ۲۸) اور ولایت نبوت کے مقابل برابر فتوحات، فصوص الحکم میں مستعمل ہے۔ البتہ لفظ رسول ونبی صرف اصطلاح شریعت کے نبی کو کہتے ہیں۔ یہی معنی تشریع کے ہیں کہ شرعی اصطلاح کا نبی ورسول نہ یہ کہ صاحب شریعت جدیدہ۔ ملاحظہ ہو (فتوحات مکیہ بحوالہ بیانات) ''وهذا کله موجود فی رجال اللہ من الاولیاء والذی اختص به النّبی دون الولی والوحی التشریع ولا یشرع الا النّبی ولا یشرع الاالرسول'' کہ یہ کل مردان خدا اولیاء اللہ میں موجود ہیں اور وہ وحی جو سوا ولی کے نبی کے ساتھ مختص ہے۔ وحی الشرعی یعنی اصطلاحی وحی نبوت ہے اور جو نبی

ورسول ہے وہی مشرع ہے۔ ملاحظہ فرمائیں کہ تشریع یا شرع وہی اصطلاحی نبی رسول کو قرار دیا ہے جو اولیاء اللہ کے مقابل ہے نہ بمعنی صاحب شریعت جدیدہ۔ پس جہاں کہیں لفظ تشریع یا مشرع یا اس کے ہم معنی حضرت شیخ کی اصطلاح میں مستعمل ہے۔ اس سے اصطلاح شرع کا نبی مراد ہے نہ لغوی نبوت جو حیوانات تک میں مانتے ہیں۔

اب اس اصطلاح کے معلوم ہو جانے کے بعد پیش کردہ عبارات کا مطلب بالکل واضح ہے۔ کوئی اس کے حل کرنے میں دشواری نہیں۔

مزید برآں مختار مدعاعلیہ و گواہان مدعاعلیہ اگر حضرت شیخ کی عبارت قطع برید کر کے نہ پیش کرتے تو اس قدر مغالطہ کبھی نہ لگتا۔ صرف اس خیانت نقل سے یہ مغالطہ پیدا ہوا اور اس واسطے اس پیش کردہ فقرہ: ''انما ارتفعت نبوۃ التشریع'' کا ابتدائی لفظ: ''ولھٰذا قلنا'' کو کاٹ کر پیش کیا گیا تا کہ کوئی اس کا ماقبل سے ربط نہ سمجھ لے جس سے حضرت شیخ کا صحیح مسلک اس معاملہ میں معلوم اور واضح ہو جائے۔ اصل کل عبارت ملاحظہ ہو۔ ''اوّل ما بدی بہ رسول اللہ ﷺ من الوحی الرویا فکان لا یری رؤیا الا اخرجت مثل فلق الصبح وھی التی ابقی اللہ علی المسلمین وھی من اجزاء النّبوۃ فما ارتفعت النّبوۃ بالکلیہ ولھذا قلنا انما ارتفعت النبوۃ التشریعی فھٰذا معنی لا نبی بعدہ ''یعنی وحی جو سب سے پہلے رسول اللہ ﷺ پر آئی تو وہ رؤیا تھی۔ پس آپ کوئی رؤیا (خواب) نہ دیکھتے مگر وہ صبح کی روشنی کی طرح سچا ہوتا تھا اور یہ ہی صرف سچے خواب ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کے لئے باقی رکھا ہے اور یہ اجزاء نبوت سے ہیں۔ اس لئے نبوت بکلی نہیں اٹھائی گئی اور اس لئے ہم نے کہا ہے کہ نبوت تشریعی (یعنی علاوہ خواب شریعت کی اصطلاح والی) اٹھائی گئی اور یہ ہی معنی ''لا نبی بعدی'' کے ہیں۔

ملاحظہ فرمائیں کہ کس صفائی سے یہاں شیخ اکبر نے اجماعی مذہب کو اپنا مذہب قرار دیا ہے کہ جو چیز باقی رہ گئی ہے، وہ رؤیا ہے اور اجزاء نبوت میں سے ایک جزو ہے اور پھر آگے لکھا ہے: ''اسم النّبی زال بعد رسول اللہ ''یعنی آنحضرت ﷺ کے بعد کے نبی کا نام زائل ہو گیا۔ یعنی اور کوئی شخص نبی بن کر نہیں کہلا سکتا۔ اسی سلسلہ میں دوسرے مقام پر لکھا ہے: ''مع ھٰذا الا یطلق اسم النّبوۃ ولا نبی الاعلیٰ المشرع خاصۃ''یعنی نبوت اور نبی کے نام کا اطلاق سوائے مشرع یعنی سواء شرعی نبی کے اور کسی پر نہیں ہوتا۔

پس اصطلاح شریعت میں وہ ایسے لوگوں کو اولیاء اللہ ہی کہتے ہیں اور نبی کا نام ان پر جائز نہیں سمجھتے اور پھر شیخ اکبر اس سے بھی زیادہ صفائی سے لکھتے ہیں: ''وھٰذا کلّہ ''یعنی یہ سب کچھ (وحی کا آنا) اللہ کے ان بندوں میں پایا جاتا ہے جو اولیاء اللہ میں سے ہیں اور وہ چیز جس سے نبی کو خاص کیا جاتا ہے اور ولی سے ممتاز کیا جاتا ہے، وہ شرعی اصطلاح کی وحی ہے۔ پس سواء نبی کے کوئی شارع نہیں ہو سکتا اور سواء رسول کے کوئی شارع نہیں ہو سکتا۔

پس ملاحظہ فرمائیں کس صفائی سے شیخ اکبر شارع اور نبی کو ایک قرار دیتے ہیں اور تشریع سخت کے مقابل پر ولایت کا ذکر کر کے تصریح فرما رہے ہیں کہ ولایت کے علاوہ ہر قسم کی نبوت نبوت تشریعی ہی ہے۔ مختار مدعاعلیہ نے محض مطلب برآری کے لئے ان کے اقوال میں سے ایک ٹکڑا نقل کر دیا اور جن اقوال میں سے وہ قول ان کا صاف ہوتا تھا اور ان کے اصل مذہب پر روشنی پڑتی تھی اسے کاٹ دیا۔ حضرت شیخ اکبر کے اس قسم کے بہت سے اقوال موجود ہیں جو جرح میں آچکے ہیں۔ اس وقت طوالت کی وجہ سے نقل نہیں کرتا، وہیں سے مفصل ملاحظہ فرمائے جائیں جو مخصوص اس عبارت سے متعلق ہیں۔ ان کا صرف اوّل و آخر پتہ کے لئے بطور حوالہ کے درج کرتا ہوں۔

۱…… ''فھم ورثۃ الانبیاء…… تا…… لایکون مشرعاً'' (بحوالہ فتوحات)

۲…… ''من حفظ القرآن فقد ادرجت النّبوۃ'' (بحوالہ فتوحات)

۳…… ''وھذہ نبوۃ ساریۃ فی الحیوان…… الخ!'' (بحوالہ فتوحات)

۴...... ’’وکذلک تنقطع فی الاخرۃ بعد دخول الجنۃ والنار نبوۃ التشریع لا نبوۃ العامۃ‘‘

۵...... ’’ولذا کان یؤل بہ...... تابین جنۃ‘‘ (یواقیت)

۶...... ’’وادّعاء نبوۃ قد انقطعت...... الخ!‘‘

کے ہرقسم کی (ظلی وبروزی مستقل وغیر مستقل) کا دعویٰ منقطع ہوچکا۔

## اس مسئلہ کے متعلق شیخ اکبر کا آخری مصرح اور قطعی فیصلہ

حضرت شیخ اکبر محی الدین ابن عربی اپنی سب سے آخری تصنیف فصوص الحکم میں تصریح فرماتے ہیں کہ:’’اعلم ان الولایۃ ...... تاو السنتہ‘‘ (فصوص الحکم مع تاویل الحکم ص۴۲۷، ۴۲۸ وجرح گواہ مدعاعلیہ نمبر۲، مؤرخہ ۲۷؍مارچ ۱۹۳۳ء)

اس حوالہ میں مشرع اور مشرع لہ دونوں قسموں کے نبی کی تصریحاً نبی موجود ہے۔ یعنی نہ امتی نبی بن سکتا ہے، نہ غیر، نہ صاحب شریعت، نہ غیر صاحب شریعت بلکہ یہاں تک شیخ کے کلام میں تصریح موجود ہے کہ صرف اوامر ونواہی کا دعویٰ بھی بعد نبی کریم ﷺ گویا اصطلاح شرع کی نبوت کا دعویٰ ہے۔’’سواء وافق شرعنا او خالف‘‘ خواہ ہماری شریعت کے موافق ہو یا مخالف اور مستقل ہو یا غیر مستقل’’فان کان مکلفا ضربنا عنقہ والا ضربنا عنہ صحفاً‘‘ کہ اگر وہ مجنون نہیں تو اس کی گردن ماردی جائے گی۔ ورنہ اس سے اعراض کیا جائے گا۔ یہ حوالہ بیانات اور جرح میں (یواقیت ج۲ مبحث ۳۵ ص۴۸) پر موجود ہے۔ مفصل حوالہ جات ۲۹؍مارچ کی جرح گواہ مدعاعلیہ نمبر۲ سے ملاحظہ فرمالی جائے۔ اس کے بعد حضرت شیخ کی عبارت کو قطع وبرید کر کے ان کی طرف کسی عبارت کو منسوب کر کے یہ مطلب لینا کہ ان کے نزدیک امتی نبی آسکتا ہے اور صرف مستقل صاحب شریعت نبی کا آنا بند ہے جو ناسخ شریعت محمدیہ ہو۔ صریح ظلم اور بہتان عظیم ہے۔

## دوسری حدیث

’’کانت بنو اسرائیل تسوسھم الانبیاء...... الخ!‘‘

خلاصہ تاویلات مختار مدعاعلیہ:

۱...... بنی اسرائیل میں سیاسی وغیرسیاسی نبی ہوتے تھے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جس سیاست کو شروع کیا اسے ناقص چھوڑ کر وفات پاگئے۔ آپ نے فرمایا کہ میری وفات کے بعد سیاست کے لئے نبی کی ضرورت نہیں بلکہ خلفاء ہرکام انجام دیں گے۔ اس میں یہ نہیں کہ امتی نبی نہ آئے گا۔

۲...... بحوالہ بیان تاویل بعدیت متصلہ۔

الجواب:

۱...... اس پہلے جواب کا مدار صرف یہ ہے کہ اس میں یہ نہیں کہ امتی نبی نہ آئے گا۔ حالانکہ اس میں’’وانہ لا نبی بعدی‘‘ موجود ہے جس میں باتفاق علماء ہرقسم امتی وغیرامتی، ظلی وبروزی نبی بننے کی نفی ہے اور لانفی جنس نفی عموم ہی کے لئے حقیقتاً استعمال ہوتا ہے۔ مرزا صاحب نے بھی’’لا نبی بعدی‘‘ میں نفی عام مانا ہے۔ (ایام الصلح ص۱۴۶، خزائن ج۱۴ ص۳۹۳) پس یہ تاویل محض بےسود ہے اور نہ صرف علماء وائمہ واسلاف بلکہ مرزاصاحب کی تصریح کے بھی خلاف ہے۔

۲...... اس بیان کا بلاوجہ حوالہ دیا۔ اس میں بعدیت متصلہ بلاکسی قرینہ کے مراد لیا ہے۔ اس کا جواب اوپر گزر چکا ہے کہ یہاں ہرگز

بعدیت متصلہ نہیں، ورنہ ضابطہ کلیہ نہ رہے گا اور عموم نفی باطل ہو جائے گی۔ نیز ''وسیکون خلفاء'' خود بتارہا ہے کہ یہ متصلہ نہیں تمام زمانہ بعد مراد ہے۔ تفصیل کے واسطے اصل حدیث معہ تشریح (بیان گواہ مدعیہ نمبر الف ۲،۴) ملاحظہ فرمائی جائے۔

## تیسری حدیث ختم بی النّبوت کا جواب

خلاصہ تاویلات مختار مدعا علیہ:

۱…… اگر ختم کے معنی بھی لئے جائیں تو الف ولام تخصیص یا عہد کے لئے ہوگا۔ یعنی جو بالاستقلال نبی تھے، آپ کے فیض سے نبی بننے کی نفی نہیں۔

۲…… حضرت شاہ ولی اللہ صاحب نے تفہیمات الٰہیہ میں یہ معنی کئے ہیں کہ آنحضرت ﷺ کے بعد ایسا کوئی نبی نہ ہوگا۔ جس کو اللہ تعالیٰ لوگوں کے واسطے شارع بنائے۔

**الجواب:**

۱…… اصل الف ولام تخصیص عہد کے واسطے نہیں بلکہ حقیقتاً جنس کے واسطے آتا ہے۔ خصوصاً جب کہ مصادر پر داخل ہو۔ لہٰذا یہاں کسی طرح تخصیص جائز نہیں۔ نہ کسی شارح حدیث نے اس کی تخصیص کی۔ یہ محض مختار مدعا علیہ کی ذاتی رائے ہے۔ تمام شراح حدیث نے تصریح فرمائی ہے کہ آنحضرت ﷺ بلا تخصیص ہر قسم کی نبوت کو ختم کرنے والے ہیں۔ اکثر حوالے بیانات میں بسلسلہ ختم نبوت گزر چکے ہیں۔ اس کے خلاف معنی قرآن پاک اور صریح وصحیح احادیث کے بالکل معارض ہوں گے۔ لہٰذا وہ کسی طرح قبول نہیں ہو سکتے۔

۲…… شاہ ولی اللہ صاحب نے ہرگز یہ مراد نہیں لیا۔ مختار مدعا علیہ نے اپنی مرضی کا ترجمہ کر دیا۔ وہاں لفظ یہ ہیں کہ: ''ای لا یوجد من یامرہ الا سبحانہ بالتشریع علی الناس'' جس کا ترجمہ یہ ہوگا کہ ایسا کوئی نہ ہوگا جس کو اللہ تعالیٰ امر فرمائے۔ لوگوں پر شریعت بیان فرمانے کا تشریع کے معنی لغت عرب میں صرف شریعت بیان ہی کرنے کے ہیں، نہ شارع بنانے کے ملاحظہ ہو۔　　(منتہی الارب)

پس حضرت شاہ ولی اللہ صاحب کا مطلب بالکل واضح ہے۔ اس کا تو احتمال ہی نہ تھا کہ کوئی صاحب شریعت نبی آئے، غیر صاحب شریعت جس کا کام صرف شریعت بیان کرنا ہو وہ بھی نبی نہیں آسکتا۔ یہ حوالہ تو صریح ہمارے موافق مؤید ہے۔ صرف مختار مدعا علیہ نے مرزا صاحب کی یا اپنی اصطلاح میں غلط ترجمہ کر کے مطلب مختل کر دیا تھا ورنہ مطلب بالکل واضح ہے۔

اور اگر بالفرض یہ بھی تسلیم کر لیا جائے کہ اس کے معنی شارع بنانے کے ہیں بھی، ایک مغالطہ یہ رہ جاتا ہے کہ من کا لفظ عام تھا۔ اس کے معنی یوں کرنا کہ ایسا کوئی نبی نہ ہوگا۔ محض اپنی ایجاد ہے۔ ترجمہ صرف یہ ہوسکتا ہے کہ نہ پایا جائے گا وہ شخص جس کو خدا شارع بننے کا حکم کرے یا شارع یعنی نبی بنائے اور یہی ہم کہتے ہیں۔ باقی شارع نبی کا مرادف ہونا، علاوہ بدیہی ہونے کے فتوحات مکیہ سے بحث وحی میں پیش کر چکا ہوں کہ: ''لا یشرع الا النبی ولا یشرع الا الرسول خاصۃ'' (فتوحات مکیہ بحوالہ سابق) یعنی شارع نبی غیر مستقل اور شارع رسول یعنی نبی مستقل ہوتا ہے۔ پس شارع بمعنی نبی ہوا۔ مستقل صاحب شریعت ہو یا غیر مستقل۔

کیونکہ نبی کو بھی شارع بتایا اور رسول کو بھی اور فتوحات میں تصریح ہے کہ نبی بلا شریعت جدیدہ والے کو اور رسول صاحب شریعت جدیدہ کو کہتے ہیں۔　　(فتوحات بحوالہ گزشتہ)

لہٰذا حضرت شاہ ولی اللہ صاحب کی عبارت بالکل مسلمانوں کے مطابق ہے۔ کہیں مختار مدعا علیہ کی تائید کا شبہ تک نہیں۔ اپنی طرف سے اس نے لفظ نبی اضافہ کر کے شبہ میں ڈالا تھا۔

## چوتھی حدیث ان العاقب ...... الخ!

اس کے جواب میں صرف ’’لا نبی بعدی ‘‘ کو مدرج اور راوی کا اضافہ بتایا ہے اور میں نے جو ترمذی سے پیش کیا تھا، اسے بحوالہ حاشیہ فتح الباری فظاہر الا دراج سے رد کرنا چاہا ہے۔ حالانکہ یہ صرف مغالطہ ہے۔ ’’لا نبی بعدہ ‘‘ضرور راوی کا ہے اور (مسلم ج۲ ص۲۶۱) یا ترمذی کی ایک روایت میں ہے اور (ترمذی ج۲ ص۱۰۷) پر جو لفظ میں نے پیش کیا ہے کہ: ’’قال انا العاقب والعاقب الذی لیس بعدی نبی ‘‘ کہ میں عاقب ہوں اور خود ہی نبی کریم ﷺ عاقب کی تفسیر فرماتے ہیں کہ عاقب کے یہ معنی ہیں کہ میرے بعد کوئی بھی کسی قسم کا نبی نہیں۔ لہٰذا میں عاقب بمعنی بالکل پچھلا نبی ہوں۔ اس کو کسی نے مدرج نہ بتایا بلکہ خود امام ترمذی اس حدیث کو نقل کر کے فرماتے ہیں کہ: ’’ہٰذا حدیث حسن صحیح‘‘ کہ یہ حدیث حسن اور صحیح ہے۔

پس نبی کریم ﷺ کی تفسیر کے بعد بخاری کے حاشیہ سے نقل کر کے اور تفسیر بنانا متکلم کی تصریح کے خلاف ہے۔ دوسرے وہاں (بخاری ج۲ ص۴۲۷) کے (حاشیہ نمبر۷) قسطلانی نے لغوی معنی اس کے نقل کئے ہیں۔ اسے تفسیر اور مراد متکلم قرار نہیں دیا۔ حتیٰ کہ اس تفسیر سے متعارض ہے اور آج تک کوئی بھی ترجمہ اور تفسیر میں تعارض نہ سمجھا گو الفاظ میں فرق ہو۔

## پانچویں حدیث لم یبق من النبوّۃ الا المبشرات

اس کا جواب دیا کہ بہرحال نبوت کا ایک جزو مبشرات تو باقی ہے۔ پس نبوت باقی رہی اور اس کی تائید میں مولانا محمد حسن کی کتاب (کواکب دریہ ص۱۴۷،۱۴۸) سے پیش کی ہے۔

اس کے جواب ہی کی چنداں ضرورت نہیں۔ کیونکہ اگر بقائے نبوت سے صرف اچھی خوابیں دیکھنا مراد لیتے ہیں تو اس میں کسے اختلاف ہے۔ مگر میں اوپر بحوالہ فتوحات و یواقیت پیش کر چکا ہوں۔ اس میں لفظ نبی اور رسول کا اطلاق یا دعویٰ نبوت کسی قسم کا جائز نہیں۔

کواکب دریہ باوجود غیر مسلم ہونے کے ہمارے خلاف نہیں۔ اس پیش کردہ عبارت کا آخری حصہ ملاحظہ فرمائیں۔ ’’وہ دو قسم کی ہے۔ ایک نبوت تشریعی جو ختم ہوگئی دوسری نبوت بمعنی خبر دادن ہے، اس کو مبشر کہتے ہیں۔ اپنے اقسام کے ساتھ جس میں رؤیا ہے باقی ہے۔‘‘

(کواکب دری ص۱۴۸)

نبوت تشریعی کو بند اور نبوت لغوی بمعنی خبر دادن جس میں مبشرات ہیں۔ باقی بتاتے ہیں، اس میں کسے خلاف ہے۔ نبوت حقیقی تو باقی نہیں۔

## چھٹی حدیث

’’انا آخر الانبیاء وانتم آخر الامم ومسجدی آخر المساجد‘‘

ایسی روایت سے ابن ماجہ اس کے دو راویوں کو تقریباً ایک صفحہ میں مجروح کرنے کی سعی کی ہے۔ حالانکہ کسی ایک دو کے کلام کرنے سے راوی مجروح نہیں ہوسکتا۔ ائمہ جرح وتعدیل کا آخری فیصلہ اس کی صحت کا ہے اور جو روایات ابن ماجہ کی مجروح ہیں۔ اس میں اسے شمار نہیں کرتے۔ مزید برآں روایت ابن ماجہ کے علاوہ آخر انبیاء یا آخرہم کی اور حدیثیں بھی ہیں۔ مثلاً:

۱...... ’’انا آخر الانبیاء وانتم آخر الامم‘‘ (مسلم شریف بحوالہ گواہ مدعیہ نمبر۱)

۲...... ’’جعلتک آخر النّبیین‘‘ (کنز العمال گ مدعیہ نمبر۱)

۳...... ’’آخرھم فی البعث‘‘ (کنز العمال گ مدعیہ نمبر۱، الف)

ان میں پہلی تو حدیث صحیح مسلم کی ہے جو بخاری کے ہم پلہ صحیحہ میں شمار ہے۔ دوسری دونوں کنزالعمال کی سند صحیح ہیں۔ پھر ہم نے آخرالمساجد کی شرح اسی کنزالعمال کی دوسری روایت ’’انا آخر الانبیاء ومسجدی آخر مساجد الانبیاء ‘‘ سے پیش کردیا تھا کہ پہلی روایت میں راوی نے اختصار سے کام لیا۔ ورنہ صحیح روایت یہ ہے کہ میں آخری نبی ہوں اور میری مسجد نبیوں کی تیار کردہ مساجد سے آخری ہے نہ کوئی نبی آسکتا نہ کوئی نبی کی مسجد بنے گی۔

یہ تمام احادیث لاجواب ہیں۔ صرف مخصوص ابی امامہ کی حدیث ابن ماجہ کو لے کر جرح نقل کی۔ اس سے کچھ لینا صحاح احادیث پر اثر نہیں پڑسکتا۔

## ساتویں حدیث

’’مثلی ومثل الانبیاء من قبلی…… الخ!‘‘

اس کا کچھ بھی جواب نہ بن آیا اور یہ کہہ کر ٹال دیا کہ اس سے اگر کچھ ثابت ہوتا ہے تو دو امر۔

۱…… جیسے پہلے نبی آئے تھے ایسے نہ آئیں گے۔

۲…… یہ کہ پہلے نبیوں سے اب کوئی باقی نہیں۔

حالانکہ یہ تخصیص محض تاویل نا قابل قبول ہے۔ کیونکہ اس میں کوئی قرینہ تخصیص نہیں۔ آنحضرتﷺ تمام قصرنبوت کی اپنے آپ کو آخری اینٹ اور خاتم النّبیین قرار دیتے ہیں۔ وہ نبوت جس میں صاحب شریعت وغیرہ صاحب شریعت تشریعی وغیرتشریعی دونوں شامل ہیں، اس کی آخری اینٹ کے بعد کوئی بھی گنجائش نہیں۔ اصل استدلال ’’انا تلک اللبنۃ‘‘ آپﷺ کی آخری اینٹ قصرنبوت کی ہونے سے جو بحالہ باقی ہے۔ (فتح الباری ج۶ ص۴۰۷) پر بھی اس کی تائید ہے کہ آپ نے انبیاء ونبوت اور ان کے بعد وارشاد کو اس قول سے تشبیہ دی۔ وہاں کہیں بھی مستقل وغیر مستقل کی تفصیل نہیں اور محض ایک ٹکڑا نقل کر کے مغالطہ کی سعی کی گئی ہے اور اصل یہ ہے کہ یہ حدیث اس قدر قطعی اور صریح ہے کہ کوئی بھی تاویل ناممکن ہے۔ اصل حدیث معہ توضیح وتشریح (بیان گواہ مدعیہ نمبر الف،۱،۲،۳) سے ملاحظہ فرمالی جائے۔

## آٹھویں حدیث

’’لو کان بعدی نبی لکان عمر‘‘

کیونکہ اس سے انسداد نبوت پر خود مرزاصاحب نے استدلال کیا تھا اور وہی پیش کیا گیا تھا۔ جوابی بحث میں کچھ جواب نہ ہوسکا اور یہ کہہ کر ٹالا۔ اس سے مرزاصاحب کی مراد وہی نبوت ہے جو مستقل طور پر براہ راست ہے اور تفصیل کے لئے بیان کا حوالہ دیا۔ حالانکہ نہ بیان کوئی جواب ہوسکا ہے اور نہ وہاں اصل حدیث معہ تشریح وتوضیح۔ (بیان گواہ مدعیہ ص۲، الف) سے ملاحظہ ہو۔

## نویں حدیث

’’سیکون فی امتی‘‘

اس کے جواب کے لئے بیان کا حوالہ دیا۔ مگر اس کا جواب الجواب مطلق بلاتفصیل محدود دجالوں اور قریباً من ثلاثین کے الفاظ سے دیا جاچکا ہے کہ تعداد نہیں بلکہ تقریباً اور اندازاً باشوکت مدعیان کاذب کا ذکر ہے۔ اب اس جوابی بحث میں اس میں…… لے کر بات اور قابل غور ہے سے یہ نیا اضافہ کیا کہ تیس کا عدد معین فرمانا، اس بات کی دلیل ہے کہ کوئی سچا ضرور ہوگیا۔ یہ تاویل محض نا قابل قبول ہے۔ جب کہ اس تعداد سے زائد اور قریباً من ثلاثین وغیرہ کے الفاظ موجود ہیں کہ اسی تعداد میں محدود نہیں۔ یہ صرف اندازہ یا باشوکت مدعیان

کاذب کے لئے ہے۔ جیسا کہ اصل شہادتوں میں حوالوں سے گزر چکا اور گواہان مدعیہ نے جرح میں اس پر کافی روشنی ڈال دی ہے۔

اس کی تائید میں اکمال الاکمال سے ایک نہایت ضعیف حدیث بھی بحوالہ طبری نقل کی ہے جو محدثین کے نزدیک حدیث ہی نہیں اور ہم اسے اگر صحیح بھی مان لیں اور جرح وتعدیل میں نہ الجھیں تو بھی معنی کے لحاظ سے مدعاعلیہ کے مفید مدعا نہیں ہے۔ کیونکہ الاّ من شاء اللہ سے صرف نزول عیسیٰ بن مریم علیٰ نبینا علیہما السلام مستثنیٰ کیا جائے۔ وہ بحیثیت ایک مجدد امتی ہوں گے، بحیثیت نبی نہ ہوں گے۔ گو ان میں صفت نبوت ورسالت سابقہ باقی ہو۔ مفصل اوپر گزر چکا اعادہ کی ضرورت نہیں۔

پھر مرزاصاحب کی (براہین حصہ پنجم ص۱۴۴،۱۴۶، خزائن ج۲۱ ص۳۱۱،۳۱۴) سے اس حدیث کے متعلق نقل کرنا محض بے سود ہے۔ وہ کیا حجت ہے جب کہ دعویٰ نبوت بلکہ اس سے پردہ اٹھنے کے بعد کی ہے۔ کیونکہ اس کا سن تالیف اپریل ۱۹۰۵ء ہے جب کہ تمام قرآن واحادیث کے معنی بدل کر تحریف کر چکے تھے۔

اپنے دعویٰ کے مطابق تیرہ احادیث پیش کی ہیں جن میں کل نو احادیث کی تاویل پیش کی جس کی حقیقت اوپر پیش کر چکا ہوں۔ چار ان میں سے بھی لاجواب رہیں اور چونکہ پیش کردہ احادیث کل چھبیس ہیں، لہٰذا بقیہ تیرہ بھی لاجواب ہیں۔ پس سترہ احادیث تو ایسی لاجواب ہیں کہ جن کے جواب کا تذکرہ تک بھی نہیں کیا۔ فاللہ الحمد!

(۱۳)

## اجماع کی بحث

مختار مدعاعلیہ کی جوابی تقریر کا خلاصہ:

۱...... ان معنی پر نہ صحابہ کا اجماع ہوا نہ ان کے بعد ثابت ہے۔

۲...... ہم نے علماء کے اقوال سے اس کے خلاف ثابت کیا۔

۳...... ایسے مسائل جو فہم واجتہاد سے تعلق رکھتے ہوں۔ اس کے متعلق تمام امت کے اجماع کا دعویٰ بلادلیل ہے۔

۴...... سوائے اجماع صحابہ کے باقی کا انکار کفر نہیں۔

۵...... لایختلف فیہ الاثنان سے اجماع ثابت نہیں ہوتا۔

۶...... (گواہ مدعیہ نمبر۳) نے ۲۸؍اگست کو اصول حنفیہ اجماع صحابہ کے منکر کو کافر اور مابعد کے منکر کو فاسق ومبتدع بتایا ہے۔

۷...... کتاب الابانۃ میں ''اجتمعت الامۃ علی ان اللہ عزوجل رفع عیسیٰ الی السماء'' ہی پر امام مالک نے ان کی وفات کی تصریح فرمائی ہے۔ (اور گواہ مدعیہ نمبر۳) مؤرخہ ۲۹؍اگست کی جرح میں اس کے خلاف کوئی قول نہ پیش کر سکا۔ اسی طرح اور بھی اکابر نے عیسیٰ علیہ السلام کی وفات کو تسلیم کیا ہے۔

۸...... امام رازی کے قول کا جواب فواتح الرحموت سے دیا گیا۔ حالانکہ اسی پیش کردہ کتاب کے حاشیہ میں رازی کے قول کی تائید موجود ہے۔

۹...... مرزاصاحب نے (شہادت القرآن) میں تواتر معنوی کا ذکر نہیں کیا۔

الجواب:

۱...... محض غلط ہے میں صحابہ اور تمام امت کا اجماع پیش کر چکا۔ ملاحظہ ہو بحث مختار مدعیہ ہیڈنگ ''اجماع امت جہاں (شفاء قاضی عیاض ج۲ ص۲۷۱،۲۶۴،۳۶۴، بحوالہ گواہ نمبر۳) ''لانہ اخبرنا اجماعاً سمعاً'' نیز حوالہ (روح المعانی ج۸ ص۳۹) ''مما نطقت بہ

الکتاب…… الخ!‘‘وغیرہ وغیرہ!

۲…… ہرگز کسی ایک عالم کے قول سے اس کے خلاف ثابت نہ کرسکے۔ ہاں! قطع و برید اور اوّل وآخر ودرمیان میں عبارتیں تراش کر کے غلط ترجمہ کر کے خلاف تصریح اور مراد متکلم کچھ حوالے پیش کئے تھے جن کا مدلل جواب اور خیانتوں پر تنبیہ پیش ہوچکی۔ اعادہ کی ضرورت نہیں۔

۳…… یہ مسئلہ فہم واجتہاد سے تعلق نہیں رکھتا بلکہ عقائد اور ضروریات دین سے ہے۔ اس معنی کے انکار واقرار پر کفر واسلام کا دارومدار ہے۔ جیسا کہ اشباہ وغیرہ کے حوالہ گواہان مدعیہ کے بیان میں اپنی جگہ پر گزر چکے اعادہ کی ضرورت نہیں۔

۴…… یہ بھی غلط ہے بلکہ اس کے سواء بھی اگر کسی منصوص شئے پر اجماع ہوتو وہ بھی قطعی ہوتا ہے جس کے منکر کا وہی حکم ہے۔ یہ بھی بحوالہ (نورالانوار ص۲۲۱)’’**حکمه فی الاصل…… الخ!**‘‘ و(ص۲۲۰)’’**کونه من الصحابه او العترت لا یشرط…… الخ!**‘‘ اصل بحث میں بسلسلہ اجماع گزر چکا کسی اعادہ کی ضرورت نہیں۔

۵…… ’’**لا یختلف فیه اثنان**‘‘ باوجودیکہ اجماع کے الفاظ میں سے علماء کو مسلم ہے کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ کوئی بھی اس میں اختلاف نہیں رکھتا۔ لیکن ہم نے تو اسے مدار نہیں ٹھہرایا۔ بلکہ تصریح ’’**اجتمعت الامة**‘‘ کی کہ تمام امت صحابہ سے آج تک اجماع ہے۔ بحوالہ (شفاء وروح المعانی وابن کثیر) وغیرہ نقل کیا۔ اس لفظ ’’**ویختلف فیه اثنان**‘‘ میں تأمل ہوتو اسے ترک کردیا جائے۔ صریح لفظ ’’**وعلیه الاجماع**‘‘ و’’**اجتمعت الامة**‘‘ میں تو کسی قسم کی تاویل ہی ناممکن ہے اور نقل بھی ائمہ دین کی ہے۔

۶…… گواہ مدعیہ نمبر۳ نے جن بعد والے اجماع کے منکر کو فاسق ومبتدع بتایا ہے، وہی اجماع ہے جو غیر منصوص شئے پر ہو۔ نیز اس مسئلہ متنازعہ میں تو صحابہ کرامؓ اور تمام ائمہ وامت کا اجماع ہے۔ لہٰذا یہ بحث ہی فضول ہے۔

۷…… کتاب الابانۃ سے حوالہ کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے زندہ آسمان پر اٹھانے کے متعلق تمام امت (صحابہ وائمہ مسلمین) کا اجماع ہے۔ اس کی تردید میں جو امام مالک کا قول نقل کیا وہ محض غلط ہے۔ امام مالک ہرگز وفات کے قائل نہیں۔ اسی جگہ اکمال میں ابن رشد سے منقول ہے یعنی ’’**بموته خروجه من عالم الارض الی عالم السماء**‘‘ (اکمال ص۲۶۵) یعنی اس لفظ سے مراد یہ ہے کہ وہ عالم ارض سے عالم سماء کی طرف منتقل ہوگئے۔ وفات ہرگز مراد نہیں۔ یہ کہنا کہ گواہ نمبر۳ مدعیہ جرح میں اس کے خلاف نہ پیش کرسکا، محض افتراء ہے۔ اسی وقت حضرت شاہ صاحب نے وہی اکمال لے کر اور ایک ورق الٹ کر (ص۲۶۶،۲۶۸) سے تصریح امام مالک حیات عیسیٰ اور ان کے نزول کی پیش فرمادی تھی اور اسی عتبیہ کے حوالے سے اوّل وآخر ملاحظہ ہو۔ ’’**وفی العتبیة قال مالک بینا الناس تالاهل الارض**‘‘ (ص۲۶۶) وایضاً ’’**وقد تقدم تافاذا عیسیٰ قد نزل**‘‘ (ص۲۶۸)

عدالت خود جرح سے ملاحظہ فرمائے تاکہ غلط بیانی معلوم ہوجائے۔ یہ کہنا کہ اس طرح اور بھی اکابر نے وفات مسیح تسلیم کیا ہے۔ محض غلط ہے۔ کسی ایک نے بھی تسلیم نہیں کیا۔ صرف قطع وبرید والہام ہے۔ موضوع بحث نہیں۔ ورنہ تمام حوالہ جات موجود ہیں۔ (ملاحظہ ہو تلخیص الجیر ص۳۱۹، فتح البیان ج۲ ص۳۴۴، بحرالمحیط ج۲ ص۴۷۳، نہرالمادج ۲ ص۴۷۳، جیز ص۵۴)

اور مختار مدعا علیہ اور گواہان مدعیہ کے مسلم بزرگ امام شعرانی کی (یواقیت ج۱ ص۱۳۰) جس میں مفصل تمام صحابہ وائمہ مسلمین سے تصریح ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام زندہ آسمان پر اٹھائے گئے اور کوئی ایک مسلمان بھی خلاف نہیں۔

۸…… امام رازی کا قول جہاں مسلم الثبوت میں نقل ہے۔ وہیں علامہ بحرالعلوم نے اس کی تردید نقل فرمادی ہے کہ وہ صحیح نہیں بلکہ غلط نسبت ہے۔ اس پر مختار مدعا علیہ کا یہ کہنا کہ اس کے حاشیہ میں تائید قول امام رازی موجود ہے، محض غلط اور ناقابل التفات ہے۔ مطالبہ کیا، پیش نہ

کرسکے، مطبع دریافت کیا، بتانہ سکے صرف یہ کہتے رہے کہ جو کتاب مختار مدعیہ نے پیش کی تھی اسی کے حاشیہ میں ہے۔ حالانکہ بار بار کہا گیا کہ وہ معریٰ تھی۔ اس پر کوئی حاشیہ نہ تھا۔ مگر پھر بھی یہی کہتے رہے اور حوالہ نہ پیش کیا۔ معلوم ہوا کہ یہ یونہی فرضی اور غیر معتبر بات ہے۔

۹...... یہ کہنا کہ مرزا صاحب نے شہادت القرآن میں تواتر معنوی ذکر نہیں کیا یہ بھی غلط ہے۔ عدالت خود ملاحظہ فرمائے۔ خصوصاً فقرات ذیل: ''تو اور بھی اس تواتر کی قوت اور طاقت ثابت ہوتی ہے۔''

''اس سے بڑھ کر کوئی جہالت نہیں ہوگی کہ اس کے تواتر سے انکار کیا جائے۔'' (شہادت القرآن ص۲، خزائن ج۶ ص۲۹۸)

''ان کی قطعیت اور تواتر کی نسبت کلام کرنا تو درحقیقت نبوت اور دیوانگی کا ایک شعبہ ہے۔'' (شہادت القرآن ص۵، خزائن ج۶ ص۳۰۱) اور یہ ایک حدیث نزول عیسیٰ علیہ السلام کے تواتر معنوی کے متعلق ہے۔ عدالت خود ملاحظہ فرمائے۔

## (۱۴)

## (مسیلمہ کذاب وغیرہ کے قتال کی وجہ)

## (۱۵)

## (اسلامی بادشاہوں کے فیصلے)

## (۱۶)

## (مسیلمہ کذاب نے کس قسم کی نبوت کا دعویٰ کیا)

اس کا کوئی بھی جواب سوائے حوالہ شہادت گواہ مدعا علیہ نمبر۱ کے نہ پیش کرسکا۔ ہم بھی اس کے متعلق گواہان مدعیہ اور بحث مختار مدعیہ کے حوالہ پر اکتفاء کرتے ہیں تاکہ طوالت اور تکرار نہ ہو۔ نیز ملاحظہ ہو جرح (گواہان مدعیہ، خصوصاً گواہ نمبر۳، گواہ مدعیہ نمبر۳) کی جرح سے ایک فقرہ نقل کیا کہ اس نے احکام میں تغیر وتبدل کیا تھا۔ حالانکہ وہ تغیر اس قسم کا ہے۔ جیسا کہ مرزا صاحب نے کیا یہ بھی وہی تصریح ہے۔ اصل کل جواب ملاحظہ فرمالیا جائے تاکہ مطلب واضح ہو جائے کہ وہ مستقل نبوت کا دعویدار نہیں تھا بلکہ اتباع میں اور اذان میں ''اشہد ان محمداً رسول اللہ'' ہی کہلواتا تھا۔ نیز ملاحظہ ہو۔ (جرح گواہ مدعا علیہ نمبر۱، مؤرخہ ۹؍مارچ ۱۹۳۳ء نمبر۲، مؤرخہ ۲۸؍مارچ ۱۹۳۳ء)

## (۱۷)

## (علماء نے کس قسم کی نبوت کو بند سمجھا ہے)

خلاصہ تاویلات۔

۱...... مفسرین کے اقوال نقل کئے ہیں جو حجت نہیں، مفسرین تو کجا رہے، صحابہ رضی اللہ عنہم کا فہم بھی حجت نہیں۔ ان سے بھی غلطیاں ہوتی رہی ہیں۔

۲...... پھر تقلید کے خلاف کچھ حوالے عقد الجید سے نقل کئے ہیں۔

۳...... آخر میں یہ کہ اگر مفسرین کے اقوال کا نمونہ دیکھنا ہو تو ملاحظہ ہو۔ (بیان گواہ مدعا علیہ نمبر۱)

<u>الجواب:</u> اصل جواب اور بحث سے گریز کر کے غیر متعلق باتیں اٹھا دیں۔ میں بوجہ خوف طوالت کے مفصل جواب اس وقت پیش کرنا نہیں چاہتا۔ اجمالاً مرتب جواب نہایت ہی اختصار سے عرض ہے۔

۱...... میں نے صرف مفسرین ہی کے اقوال نقل نہیں کئے۔ بلکہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور ائمہ دین متکلمین اور فقہاء کے مفصل اقوال وتحقیقات

درج کی ہیں، جن کا کوئی بھی جواب نہیں دیا۔اصل میری بحث اور بیانات گواہان مدعیہ سے عدالت خود ملاحظہ فرمالے۔ نیز اکثر مفسرین کے وہ حوالے نقل کئے ہیں کہ جن کی صحت میں کسی کو بھی کلام نہیں۔ خصوصاً ابن جریر طبری جنہیں مرزاصاحب نے بھی رئیس المفسرین مانا ہے اور ابن کثیر جن کے حوالے مرزاصاحب نے بھی بڑے وثوق سے دیئے ہیں۔ ملاحظہ ہو۔(آئینہ کمالات اسلام ص۱۶۸، خزائن ج۵ ص۱۶۸) اور (جرح گواہ مدعاعلیہ نمبر۲، مؤرخہ ۲۸؍مارچ ۱۹۳۳ء) جس کا مفصل حوالہ ابتدائی بحث میں دے چکا ہوں۔ مرزاصاحب خود اس تاویل کے خلاف تصریح فرمارہے ہیں۔

۲…… ایسے بڑے بڑے علماء اور ارباب بصیرت توفی کے معنی آسمان پر اٹھانا بیان کر رہے ہیں تو پھر کسی کی کیا حقیقت وسرمایہ ہے کہ اس تفسیر کو توڑ سکے۔ (اربعین نمبر۳ ص۸ ملخصاً، خزائن ج۱۷ ص۳۹۴)

جو ان تفاسیر کو نہ مانے وہ درحقیقت اس بات کا قائل ہے کہ گویا ائمہ مفسرین نے نادانی سے ایسی تفسیر کی نعوذ باللہ منہ۔

(اربعین نمبر۳ ص۳ ملخصاً، خزائن ج۱۷ ص۳۸۸)

باقی یہ کہنا کہ صحابہؓ سے غلطیاں ہوتی رہی ہیں۔ یہ اگرچہ پچھلے مباحث اور بیانات میں صاف ظاہر ہوچکا ہے۔ زیادہ ضرورت نہیں۔ پھر بھی برتقدیر تسلیم گزارش ہے کہ دینی امور خصوصاً ایمانیات وعقائد میں کسی ایک شخص نے بھی صحابہ کرامؓ کو غلطی پر نہ کہا۔ بلکہ آنحضرتﷺ نے ان کا اختلاف بھی اختلاف صحابتی رحمة سے رحمت فرمایا اور ہر صحابی کے ہدایت پر ہونے کی تصریح اصحابی کالنجوم بایھم اقتدیتم اھتدیتم کلھم علی ھدی سے فرمادی۔ پس اس مسئلہ نبوت وختم نبوت میں ان کی تحقیقات کے متعلق خصوصاً جب کہ وہ بالکل قرآن پاک واحادیث صحیحہ صریح کے موافق ہے۔ نیز سب کا اجماع بھی ہے۔ ایک شخص کی رائے بھی نہیں۔ کسی قسم کا شک وشبہ نہیں ہوسکتا۔ مسئلہ تقلید کورانہ کا سوال یہاں بے محل ہے۔ نہ مسئلہ تقلید زیرنزاع ہے۔ ورنہ اصل حوالہ جات پیش کردہ کی تشریح ودیگر حوالہ جات پیش کرتا۔ یہاں تو اس قدر گزارش ہے کہ وہ تقلید بلادلیل قرآن واحادیث واجماع کے صریح خلاف کے متعلق ہے، جو جاہلانہ تقلید ہے جس کی مذمت علماء نے کی ہے اور یہاں تقلید محمود کا ذکر ہے جو ان مسائل کے متعلق ہے جو قرآن پاک واحادیث وائمہ ہدیٰ واجماع صحابہ ومسلمین کے سرمو خلاف نہیں۔ اس لئے نمبر۲ کا بھی جواب ہوگیا۔

## مختار مدعاعلیہ کی صریح غلط بیانی

اگر مفسرین کے اقوال کا نمونہ دیکھنا منظور ہو تو ملاحظہ ہو (بیان گواہ مدعاعلیہ نمبر۱) جو بیان عدالت میں داخل ہوا ہے۔ اس میں اقوال کا نمونہ داخل نہیں۔ سب کاٹ دیا گیا ہے۔ پھر بھی گواہ مدعاعلیہ نے یہاں غلط بیانی کی اور مغالطہ کے طور پر بیان کا حوالہ دے دیا۔ یوں ہی متعدد جگہ غیرداخل شدہ بحث کا حوالہ دیا ہے جو ریکارڈ مسل پر نہیں۔ گو مطبوعہ کاپی بھی ہے۔

## پہلا حوالہ

(ابن کثیر ج۸ ص۹۱،۹۲) اس کا کچھ بھی جواب نہ ہوسکا۔ ایک تاویل کر کے صرف یہ کہہ دیا کہ اس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ حافظ ابن کثیر کے نزدیک ایسے انبیاء کی آمد ممتنع ہے جو مسیلمہ واسود عنسی کی طرح ہوں جو جھوٹے یا فاسق یا فاجر وغیرہ ہوں اور پھر مرزاصاحب کی صداقت پر بحث شروع کی۔

جس پر یہ عدالتی نوٹ موجود ہے کہ: ’’مگر اس حوالہ سے یہ نتیجہ اخذ نہیں ہوتا جو مختار بیان کرتا ہے۔ مرزاصاحب کی صداقت کا سوال چونکہ مقدمہ زیربحث میں نہیں لایا گیا۔ اس لئے یہ حوالہ خارج از بحث کیا جاتا ہے۔‘‘

بس ہمیں بھی اس پر کسی بحث کی ضرورت نہیں۔ عدالت خود اس ابن کثیر کے حوالہ کو بیان (گواہ مدعیہ نمبر۱،۲،۳،ص۴) پر ملاحظہ فرمالے۔کوئی بھی اس میں تاویل کی گنجائش نہیں اور ضمناً کسی ایک مثال کے دینے سے وہ مسئلہ اسی میں منحصر نہیں ہوجاتا۔

اس سلسلہ میں مرزاصاحب کی صداقت کے متعلق (اشاعۃ السنۃ ج۷ص۹) سے براہین کا ریویو نقل کیا ہے۔اس کے جواب کے واسطے بھی اشاعۃ السنۃ سے میرا پیش کردہ مولوی محمد حسین صاحب کا خط مرزاصاحب کے نام ملاحظہ فرمالیا جائے۔

## دوسرا حوالہ

(روح المعانی ج۷ص۶۵)''وکونہ ﷺ خاتم النّبیین''

خلاصہ تاویل:

۱...... ضمیر کا مرجع یا خاتم النّبیین ہے یا آنحضرت ﷺ۔ پس اس کے معنی یہ ہوں گے جو ایسی نبوت کا دعویٰ کرے جس کی وجہ سے وہ کہے کہ میں آنحضرت ﷺ کو خاتم النّبیین نہیں مانتا یا آنحضرت ﷺ کے خلاف دعویٰ نبوت کرے وہ کافر ہوگا۔

الجواب: عدالت خود اس حوالہ کو (گواہ مدعیہ نمبر الف،۱،۲،۳) کے بیان سے ملاحظہ فرمالے۔اوّلاً خاتم النّبیین کے معنی بیان فرماتے ہیں کہ ہر قسم کے نبیوں کے آخری نبی بعد اس کے اس معنی سے خاتم النّبیین ہونا کتاب اللہ وسنت رسول اللہ ﷺ کی تصریحات اور اجماع امت کے موافق بن کر حکم لگایا ہے کہ اس کے خلاف دعویٰ کرنے والا کافر ہوگا اور اگر اصرار کرے تو قتل کیا جائے گا۔مرجع ضمیر خاتم النّبیین بمعنی مذکور ہے۔نہ صرف لفظ خاتم النّبیین یا آنحضرت ﷺ اور ہر قسم کے دعویٰ نبوت سے انکار خاتم النّبیین کے منافی ہے۔کسی قسم کی تخصیص نہیں۔جیسا کہ اوپر گزر چکا۔

## تیسرا حوالہ

(شرح شفاء ملّا علی قاری ج۲ص۵۱۸،۵۱۹) خلاصہ تاویلات مختار مدعا علیہ۔

۱...... اس میں مسیلمہ، اسود عنسی اور قبائل یہود کی مثالیں ہیں۔پس مستقل اور حقیقی نبوت ناسخ شریعت کے دعویٰ کا کفر ہونا مراد ہوگا۔

۲...... اخیر عبارت میں کھولا ہے کہ اگر اس سے حقیقی مرادلیں۔ورنہ مجازی نبوت کفر کا موجب نہیں ہوتی۔

۳...... مرزاصاحب مجازی کے مدعی ہیں۔جیسا کہ (ضمیمہ حقیقت الوحی ص۶۵، خزائن ج۲۲ص۶۸۹) اور (انجام آتھم ص۲۷،۲۸، خزائن ج۱۱ ص۲۷،۲۸) اور (سراج منیر ص۲،۳، خزائن ج۱۲ص۵) میں نیز بیان گواہ مدعا علیہ نمبر۱۔

الجواب:

۱...... یہ تخصیص تاویل محض بے محل ہے۔عدالت خود اس حوالہ کو بیان (گواہ مدعیہ نمبر۲،۳) سے ملاحظہ فرمالے کسی قسم کی تخصیص کا احتمال ہی نہیں۔وہاں تو حکم مطلق دعوے دار نبوت کے واسطے ہے، خواہ صاحب شریعت ہو یا نہ۔کسی ایک مثال سے وہ قاعدہ کلیہ اسی جزئی میں منحصر نہیں ہوجاتا۔

۲...... ہم بھی کہتے ہیں کہ مجازی نبوت بھی مبشرات وغیرہ جس میں کوئی کسی قسم کا دعویٰ نبوت نہیں ہوتا۔جیسا کہ حدیث میں ہے کہ:''من حفظ القرآن فقد ادرج النبوۃ بین جنبہ ''جس نے حفظ قرآن کیا اس نے نبوت اپنے سینے میں بھرلی یا لغوی معنی نبوت کے بمعنی خبر دادن جسے شیخ اکبر نے حیوانات میں بھی مانا ہے کہ وہی ساریۃ فی الحیوانات اسے کوئی بھی کفر نہیں کہتا۔

۳...... باقی مرزاصاحب کی مختلف عبارات کوئی ۱۸۹۸ء کی کسی اور سن کی جو مختلف پیش کرکے یہ چاہا ہے کہ وہ مجازی نبوت کے مدعی نہیں۔

حالانکہ ان کے حقیقی ادّعاء نبوت پر (گواہ مدعیہ نمبر الف) نے بہت سے حوالہ اور (گواہ مدعیہ نمبر۲) نے مختلف واضح تصریحات پیش کردی ہیں۔ان متعارض عبارات اور اختلاف کا فیصلہ ہم مرزا صاحب کے خلیفہ دوم جناب مرزا محمود صاحب پہ رکھتے ہیں جن پر گواہان مدعا علیہ کا ایمان ہے۔

## فیصلہ مرزا محمود صاحب

''پس شریعت اسلام نبی کے جو معنی کرتی ہے اس کے معنی سے حضرت صاحب ہرگز مجازی نبی نہیں ہیں، بلکہ حقیقی نبی ہیں۔''

(حقیقت النّبوت ص۱۷۴، انوار العلوم ج۲ص۴۹۳) نیز ملاحظہ ہو کتاب مذکور (۶۱،۶۴،۱۸۸،۲۴۷) ملاحظہ فرمائیں۔کس صفائی سے وہ مجازی کی نفی اور حقیقی کی تصریح فرمارہے ہیں۔البتہ محمد علی صاحب ایم۔اے اس کے خلاف ہیں جو انہیں مسلم نہیں اور اسی وجہ سے ان کے ساتھ اصولی اختلاف بتاتے ہیں۔خلاصہ یہ کہ مختار مدعا علیہ نے صرف تین حوالوں (۱)ابن کثیر (۲)روح المعانی (۳)شرح شفاء میں کچھ تاویل کی جس کا حال اوپر معلوم ہو چکا۔باقی اس سلسلہ میں مندرجہ ذیل حوالے بالکل لاجواب رہے،تذکرہ تک نہ کیا۔

(۱)ابن جریر طبری (۲)ابن اثیر (۳)ابن کثیر (۴)تفسیر کبیر ج۶ (۵)بیضاوی شریف (۶)ابی السعود (۷)شفاء قاضی عیاض ج۲ص۱۷۱ (۸)شرح فقہ اکبر (۹)شرح عقائد (۱۰)مواہب لدنیہ (۱۱)صبح الاعشیٰ (۱۲)عقیدہ طحاوی (۱۳)غنیۃ الطالبین (۱۴)تاریخ الخلفاء (۱۵)کتاب الفصل (۱۶)نسیم الریاض (۱۷)الصارم المسلول (۱۸)ملل والنحل (۱۹)یواقیت مبحث ۳۵ (۲۰)انسان کامل ج۱ ص۷۹ (۲۱)اشباہ والنظائر (۲۲)شرح حموی لاشباہ (۲۳)عالمگیری (۲۴)بحرالرائق (۲۵)ردالمختار۔ملاحظہ ہوں بیانات گواہان مدعیہ۔

یہ پچیس حوالے لاجواب ہیں جن میں ابن جریر مسلمہ فریقین رئیس المفسرین اور یواقیت و بحرالرائق مسلمہ فریقین کتاب ہے۔نیز غنیۃ الطالبین بھی مسلم بزرگ کی ہے۔

نوٹ: حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی کی تحذیر الناس کا حوالہ کئی مرتبہ بحث میں مختلف رنگ میں دے کر کہیں تطویل اور کہیں اختصار سے لایا گیا ہے۔مفصل جواب تو حسام الحرمین اور دیوبندیوں و بریلویوں کی بحث کے سلسلہ میں آئے گا۔یہاں مختصراً یہ گزارش کردوں کہ یہ مولانا پر محض افتراء ہے۔مختلف مقامات سے غیر مرتب فقرہ کاٹ کر یہ کفریہ بنایا گیا ہے، ورنہ ختم نبوت زمانی کی کہ آنحضرت ﷺ کے بعد کوئی بھی کسی قسم کا نبی ہو،اس حوالے کے آگے پیچھے موجود ہے۔بعض فقرات ملاحظہ ہوں۔

اسی پیش کردہ (ص۳) کی عبارت بنائے خاتمیت ...... تا ...... ہوجاتی۔

سو اگر اطلاق ...... تا ...... جیسا کہ اس کا منکر کافر ہے، ایسا ہی اس کا منکر کافر ہوگا۔(ص۱۰) اور خاتمیت زمانی بھی ہاتھ سے نہیں جاتی۔جرح گواہان مدعیہ میں اس کی تصریح موجود ہے۔

مصنف نے خود اپنی شرح اس کتاب کی کی ہے۔لکھتے ہیں:''اپنا دین وایمان ہے بعد رسول اللہ ﷺ کسی اور نبی ہونے کا احتمال نہیں جو اس میں تأمل کرے اسے کافر سمجھتا ہوں۔'' (مناظرہ عجیبہ ص۱۰۳، گلزار ابراہیم مرادآباد)

(گواہ مدعا علیہ نے ۸؍مارچ ۱۹۳۳ء) کی جرح میں تسلیم کیا ہے کہ مخالف کے قول سے اگر صحیح ہو تائید ہوسکتی ہے اور پھر یہ مندرجہ ذیل تائید بھی جرح میں کوٹ کردی گئی ہے۔

تائید از محمد علی صاحب ایم۔اے (جرح گواہ مدعا علیہ ۸؍مارچ)

چھٹی شہادت مولوی محمد قاسم نانوتوی کی ہے ...... تا ...... نہ مانتے تھے۔ (آخری نبی ص۲۶،۲۷)

نتیجہ یہ نکالا ہے کہ:''ایسے شخص کے متعلق یہ کہنا کہ وہ آنحضرت ﷺ کے آخری نبی ہونے کا قائل نہیں پرلے درجہ کی حق پوشی ہے ...... تا ...... یہ نتیجہ اخذ نہیں کیا جاسکتا کہ وہ آنحضرت ﷺ کو آخری نبی نہ مانتے تھے (ص۲۷) ملاحظہ ہو (جرح گواہ مدعا علیہ نمبر۱،

مؤرخہ ۸؍مارچ ۱۹۳۳ء) اور تعجب یہ ہے کہ یہ رسالہ کل ۴۲ صفحات کا ہے اور اس پر اعتراض وہ شخص قطع وبرید کر کے پیش کررہا ہے جس نے کل تحذیر الناس نہیں پڑھی بلکہ اکثر حصہ پڑھا ہے۔ ملاحظہ ہو۔ (جرح گواہ مدعا علیہ نمبر۱، مؤرخہ ۸؍مارچ ۱۹۳۳ء) اب نتیجہ عدالت خود اخذ فرمالے مفصل ابتدائی بحث میں پیش کرچکا۔

## (۱۸)

### (علماء کے نزدیک رسول ونبی کی تعریف)

اس سلسلہ میں علماء کے پیش کردہ معانی میں مغالطہ دینے کی سعی کی ہے اور کچھ قطع برید بھی یہاں کوئی خاص ایسی چیز نہیں پیش کی جو لائق جواب ہو۔ شرح فقہ اکبر وغیرہ سے یہ تعریف بیانات گواہ مدعیہ میں مفصل موجود ہے جس کے بعد کوئی بھی تاویل کی گنجائش نہیں رہتی۔ بخوف طوالت مکرر حوالہ کی بھی ضرورت نہیں سمجھتا۔

## (۱۹)

### (ظل وبروزی)

اس سلسلہ میں صرف گواہ مدعا علیہ کے بیان کا حوالہ دیا ہے۔ میں بھی گواہ (مدعیہ نمبر۲،۳) کے حوالہ پر قناعت کرتا ہوں جہاں پوری مکمل بحث ہے، جس میں کوئی بھی تاویل نہیں ہوسکی۔ نہ اس پر کسی اضافہ کی ضرورت ہے۔

پھر حضرت خواجہ غلام فرید صاحب قدس سرہ العزیز (اشارات فریدی حصہ دوم کے حوالہ ص۱۱۰ تا ۱۱۲) نقل کئے ہیں۔ مگر یہ بروز بمعنی خبر دینا جس کے مرزاصاحب قائل ہیں۔ عدالت خود بیانات گواہان مدعیہ مرزاصاحب کی عبارت سے اس کا مقابلہ فرمالے۔ بلکہ وہ رنگ ہمہ اوست ووحدت الوجود میں ہے جس کے مرزاصاحب قائل نہیں۔ نیز ظل اللہ وغیرہ جواب جرح گواہان مدعیہ میں موجود ہے۔

## (۲۰)

### (کیا مرزاصاحب تناسخ کے بھی قائل تھے)

یہ بحث میں نہ آیا تھا اور عدالت نے اسے خارج بھی کرادیا تھا۔ لہٰذا اس پر کچھ کہنے کی ضرورت نہیں۔

## (۲۱)

### (کیا مرزاصاحب نے صاحب شریعت ہونے کا دعویٰ کیا)

اوّلاً تقریباً (۱۴) مختلف حوالوں سے اس کے خلاف مرزاصاحب کا مسلک ثابت کرنے کی سعی کی ہے۔ مگر کسی تصریح کے بعد مبہم عبارت اس پر پردہ نہیں ڈال سکتی۔ نیز چونکہ مرزاصاحب کی عادت ہی متعارض اقوال کی ہے۔ لہٰذا حسب ضابطہ سابق ایک دوسرے کی شرح نہیں ہوسکتے۔ اس مسئلہ کی زیادہ وضاحت بیان (گواہ مدعیہ نمبر۲) و(بحث مختار مدعا علیہ نمبر۲) یعنی مولانا سید محمد مرتضیٰ صاحب سے ملاحظہ فرمالیا جاوے کہ یہ دعویٰ اس قدر مصرح ہے کسی بھی تاویل کی گنجائش نہیں۔ چوتھے حوالہ کے جواب میں (منصب امامت ص۶۳،۶۴) پیش کیا ہے اور حضرت مولانا شہید کو تیرہویں صدی کا مجدد (بحوالہ حجج الکرامۃ ص۱۴۷) بتایا۔ لیکن وہاں امام وقت کی اطاعت کا بیان ہے نہ کسی دعوے دار نبوت کے تعلیم کے مدار نجات ہونے کا یہ اس سے بالکل ہی تعلق نہیں رکھتا۔ عدالت یہ عبارت اصل بیان (گواہ مدعیہ نمبر۶) سے مقابلہ فرمالے۔ دونوں میں کوئی اختلاف نہیں۔

آٹھویں حوالہ کے سلسلہ میں فتاویٰ رشیدیہ و فتح المبین سے بعض اسلامی فرقوں کے اشخاص کے پیچھے نماز ناجائز یا مکروہ ہونے کا فتویٰ کا ذکر کیا ہے۔

جواب یہ ہے کہ طغری کے معنی کوئی نیا حکم نکالنا نہیں بلکہ قرآن و حدیث و فقہ کی تصریحات نقل کر کے حکم ثابت کرنا ہے۔ بخلاف مرزاصاحب کے کہ انہوں نے قرآن و حدیث کے اور ائمہ دین کی تصریح کے خلاف ایک نیا حکم جو صرف انہیں کو بتایا گیا اور حلت وحرمت سے متعلق ہے۔ فرمارہے ہیں یہ اضافہ شریعت محمدیہ پر ہے۔ اس کی عبارت ملاحظہ ہو: ’’پس یاد رکھو کہ جیسا کہ خدا نے مجھے اطلاع دی ہے تم پر حرام ہے اور قطعی حرام ہے کہ کسی مکفر و مکذب یا مردود کے پیچھے نماز پڑھو۔‘‘ (اربعین نمبر۳ ص۲۸ حاشیہ، خزائن ج۱۷ ص۴۱۷)

بیان (گواہ مدعیہ نمبر۱، ۲، ۳) ملاحظہ فرمائیں۔ شریعت کا کوئی سابقہ ثابت شدہ فتویٰ نہیں دے رہے ہیں۔ بلکہ مستقل خدا سے نماز حرام ہونے کے حکم کی اطلاع کا اعلان فرمارہے ہیں۔ یہ حرمت کا حکم براہ راست خدا سے جدید حکم نہیں تو اور کیا ہے۔ اس کے ساتھ یہ بھی ملا لیا جاوے کہ مرزاصاحب کا مندرجہ ذیل قول کہاں تک درست ہے۔ ’’ہم نہ شریعت میں کچھ بڑھاتے ہیں اور نہ کچھ کم کرتے ہیں۔ ایک ذرہ کی کمی بیشی نہیں کرتے۔‘‘ (نورالحق حصہ اوّل ص۵، خزائن ج۸ ص۷)

اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ یہ عبارت خلاف حقیقت واقع ہے۔

## (مسئلہ جہاد)

خلاصہ تاویلات:

۱…… یہ حکم ان کا خود نہیں بلکہ آنحضرت ﷺ کا ہے جو مسیح موعود کے حکم میں فرمایا کہ جب وہ آئے گا تو دینی جنگ کا خاتمہ کر دے گا۔

۲…… کچھ مسلمانوں کے عقیدہ پر اعتراض کیا ہے۔

۳…… چونکہ اس زمانہ میں موجبات جہاد نہ ہوں گے۔ اس لئے قطعاً جہاد کو حرام قرار دیا۔ (اعجاز احمدی) کا حوالہ مولوی محمد حسین بٹالوی کی تردید پر محمول کرلیا۔ (حقیقت المہدی، تحفہ گولڑویہ) کو وقت گزرنے پر محمول کیا۔

۴…… ہم نہیں کہتے کہ حکم جہاد بالسیف قرآن میں نہیں یا تھا اور اب منسوخ ہوگیا۔

۵…… جہاد سیفی کی حقیقت اور وقت وجوب قرآن وحدیث سے بتایا ہے۔

## (مرتب تفصیلی جواب)

۱…… آنحضرت ﷺ کا ہرگز یہ حکم نہیں کہ مسیح موعود آتے ہی دینی جنگوں کا خاتمہ کر دے گا۔ بلکہ جہاد بالسیف اور قتال کو قیامت تک باقی رکھا ہے اور آخر مقاتل جہاد بالسیف کرنے والا مسیح موعود کو قرار دیا ہے جو دجال سے قتال بالسیف کریں گے۔ وہ احادیث جن میں قیامت تک جہاد کے باقی رہنے کا حکم ہے۔

۱…… ’’الجهاد ماضٍ الى يوم القيامة‘‘ جہاد قیامت تک باقی رہے گا۔

۲…… ’’من يبرح هذا الدين قائماً يقاتل عليه عصابة من المسلمين حتى تقوم الساعة‘‘ (مسلم مشکوٰۃ شریف ص۳۶۴) ہمیشہ یہ دین قائم رہے گا اور ایک مسلمانوں کی جماعت اس دین کے لئے (قتال) یعنی جہاد بالسیف کرتی رہے گی۔ یہاں تک کہ قیامت قائم ہو جائے۔

ملاحظہ فرمائیں لفظ قتال کی تصریح ہر جہاد کا یہی لفظ نہیں کہ جہاد بالنفس وغیرہ کی تاویل کارگر ہو۔

## وہ حوالہ جس میں مسیح علیہ السلام کے قتال کرنے کی تصریح ہے

۱…… ’’لاتزال طائفة من امتی یقاتلون علی الحق ظاھرین علی نادرھم حتی یقاتل اٰخرھم المسیح الدجال ‘‘ (ابوداؤد، مشکوٰۃ ص۲۶۵) ایک گروہ میری امت کا ہمیشہ دینی لڑائیاں کرتا اور حق پر قائم رہے گا اور تمام مخالفین پر غالب رہے گا۔ یہاں تک کہ آخری شخص یعنی مسیح موعود دجال سے (قتال) دینی لڑائی کرے گا۔

۲…… ’’عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ …… فیقاتل الناس علی الاسلام تا فیصلی علیه المسلمین‘‘ (ابوداؤد)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میرے اور عیسیٰ علیہ السلام کے درمیان کوئی نبی نہیں اور وہ تم میں اتریں گے۔ جب ان کو دیکھو تو پہچان لو قد ان کا درمیانہ ہوگا۔ رنگ سرخ سفید اور لباس زردی مائل۔ گویا ان کے سر سے باوجود تر نہ کرنے کے پانی ٹپکتا ہوگا۔ وہ اسلام کے لئے لوگوں کے لئے لڑیں گے۔ کسر صلیب اور قتل خنزیر کریں گے اور جزیہ نہ قبول کریں گے۔ ان کے زمانہ میں خدا تمام مذاہب کو محو کردے گا۔ وہ دجال کو ہلاک کریں گے…… الخ! خصوصیت سے ’’فیقاتل الناس علی الاسلام‘‘ کہ لوگوں سے دینی لڑائی کریں گے۔ قابل غور ہے اور مختار مدعا علیہ کی کذب بیانی کی صاف تردید ہے کہ: ’’حدیثوں میں ہے کہ مسیح موعود دینی لڑائیوں کا خاتمہ کریں گے۔‘‘

البتہ جب دنیا میں صرف اسلام رہ جائے گا، کوئی اور ملت نہ ہوگی تو ضرور جہاد نہ ہوگا۔ کیونکہ وہ لوگ موجود نہیں جن پر جہاد کیا جاسکے۔ ایک روایت بھی ایسی نہیں کہ مسیح آتے ہی دینی جنگوں کا خاتمہ کردیں گے۔

۲…… مسلمانوں کے عقیدہ پر جو اعتراض کیا ہے۔ چونکہ اس کا ثبوت احادیث سے ہو چکا۔ اب جواب ترکی بترکی نہیں دیتا۔ عدالت خود ان کی سخت کلامی پر غور فرمائے۔

۳…… موجبات جہاد کفار اور امام کا ہونا نیز قدرت ہے۔ کفار تو موجود ہی نہیں۔ امام ہونے کے مرزاصاحب خود ہی مدعی ہیں۔ باقی رہی قدرت وہ کبھی ہوتی ہے اور کبھی نہیں ہوتی۔ نہ ہونے کے حکم پر عمل نہ ہوسکنا اور چیز ہے۔ مگر نہ ہونے پر حکم ہمیشہ کے لئے بند کردیا اور کہنا کہ: ’’اب سے تلوار کے جہاد کا خاتمہ ہے۔‘‘ (گورنمنٹ انگریزی اور جہاد ص۱۴، خزائن ج۱۷ ص۱۵) پھر مسیح موعود کے وقت قطعاً جہاد کا حکم موقوف کردیا گیا۔ (اربعین نمبر۴ ص۱۵ حاشیہ، خزائن ج۱۷ ص۴۴۳) دین میں کھلا ہوا ایک نیا حکم خلاف شرع متزاد کرتا ہے جو بالاتفاق کفر ہے۔ پھر (نمبر۴،۵،۶) میں یہ کہنا کہ مولوی محمد حسین کی تردید کے لئے یا وقت گزرنے پر محمول ہے۔

اور ہم نہیں کہتے کہ حکم جہاد بالسیف قرآن میں نہیں یا تھا اور اب منسوخ ہوگیا۔ مرزاصاحب کی مندرجہ ذیل تصریحات کے بعد بالکل ناقابل التفات ہے۔

۱…… ’’بل صارت ھذہ الامر کشریعته نسخت تااقیم مقام ھذا اتمام الحجة بالدلائل واضحه…… الخ!‘‘ یعنی جہاد بالسیف کا حکم شریعت منسوخہ اور طریقہ متبدلہ کی طرح ہوگیا۔ اب جنگ ومحاربہ کی حاجت نہیں۔ اس کے قائم مقام دلائل واضح اور دعاوی کا براہین صحیحہ سے ثابت کرنا قرار دیا گیا۔‘‘ (حقیقت المہدی ص۲۵، خزائن ج۱۴ ص۴۶۱)

ملاحظہ فرمائیں کہ کس وضاحت سے حکم جہاد سیفی ہمیشہ کے لئے منسوخ کر کے دلائل کو ان کے قائم مقام کر رہے ہیں اور لطف یہ کہ لفظ بھی ’’نسخت‘‘ منسوخ ہونے کا استعمال فرمایا ہے۔ اس سے تو صراحۃً مدعی صاحب شریعت جدیدہ ناسخ شریعت محمدیہ ہوگئے۔

۲…… ’’دیکھو میں ایک حکم لے کر آپ لوگوں کے پاس آیا ہوں وہ یہ ہے کہ اب سے تلوار کے جہاد کا خاتمہ ہے…… الخ!‘‘ (گورنمنٹ انگریزی اور جہاد ص۱۵، خزائن ج۱۷ ص۱۵) نئے حکم لانے کی کیسی صاف تصریح ہے۔ یہ نہیں کہ شریعت میں کوئی حکم ہے جسے سناتا ہوں۔

۳...... ’’مسیح موعود کے وقت قطعاً جہاد کا حکم موقوف کر دیا گیا۔‘‘ (اربعین نمبر۴ ص۱۵ حاشیہ، خزائن ج۱۷ ص۴۴۳) مختار مدعا علیہ تو اس کی علت نبی کریم ﷺ کی پیش گوئی وغیرہ بتاتا ہے۔ مگر خود مرزا صاحب اس کی غرض صرف اعانت گورنمنٹ برطانیہ اور ان کی خوشنودی قرار دیتے ہیں۔

## ملاحظہ ہوں حوالہ جات ذیل

۱...... ’’یہ بات تو بہت اچھی ہے کہ گورنمنٹ برطانیہ کی مدد کی جائے اور جہاد کے خراب مسئلہ کے خیال کو دلوں سے ہٹایا جائے۔‘‘

(اعجاز احمدی ص۳۴، خزائن ج۱۹ ص۱۴۴)

۲...... ’’جو کچھ میں نے سرکار انگریزی کی امداد اور حفظ امن اور جہادی خیالات کے روکنے کے لئے برابر سترہ سال تک...... تا اگر میں نے یہ اشاعت گورنمنٹ انگریزی کی سچی خیرخواہی سے نہیں کی تو مجھے ایسی کتابیں عرب اور بلاد شام اور روم وغیرہ بلاد اسلامیہ میں شائع کرنے سے کس انعام کی توقع تھی۔‘‘ (کتاب البریہ ص۷، خزائن ج۱۳ ص۷)

ملاحظہ ہو جہادی خیالات روکنے کی اشاعت اور خصوصاً ممالک اسلام میں اس کی غرض مرزا صاحب صرف گورنمنٹ انگریزی کی سچی خیرخواہی قرار دے رہے ہیں۔ مختار مدعا علیہ جو چاہے تاویل کرے۔ مرزا صاحب نے تمام تاویلات کا دروازہ بند کر دیا ہے۔ عدالت خود ہی ملاحظہ فرمالے۔ بخوف طوالت اسے طول نہیں دیتا۔

۷...... <u>جہاد کی تین قسمیں:</u> جہاد اکبر، جہاد کبیر، جہاد اصغر کرنا اور پھر حدیث: ’’**الکلمة حق عند سلطان جائر الجهاد الاکبر**‘‘ مشکوٰۃ کے حوالے سے پڑھنا جو کہ ان الفاظ میں ثابت ہی نہیں اور ایک ضعیف حدیث (روح المعانی ج۱ ص۱۹۰) سے لانا اور پھر ’’**رجعنا من جهاد الاصغر الی جهاد الاکبر**‘‘ والی حدیث بلاکسی حوالے کے لے آنا۔ حالانکہ حدیث سے معمولی سا تعلق رکھنے والا بھی جانتا ہے کہ یہ حدیث موضوع ہے اور اس کا موضوع ہونا تقریباً شہرت کی حد کو پہنچ چکا ہے۔

پھر کسی شخص کے واسطے بعض حالات مخصوصہ میں جب کہ اس کے واسطے جہاد فرض عین نہ تھا بلکہ کفایہ تھا۔ اس پر فرض عین یعنی خدمت والدین کو ترجیح دینے سے غلط تقسیم جو مختار مدعا علیہ نے قائم کر کے جس کو آنحضرت ﷺ اسلام کی چوٹی قرار دیں۔ ’’**وذروة سنامه الجهاد**‘‘ (مسلم) کم درجہ بتایا ہے اور ایک مکی آیت سے جو حکم جہاد بالسیف سے پہلے نازل ہوئی اور آیت سیف نے ان سب کا حکم ختم کر کے جو نیا حکم قیامت تک کے واسطے قائم کیا ہے اسے چھپانے کی سعی کرنا اسلام کے اصول پر ایک ایسا زبردست حملہ ہے جس کی تلافی ناممکن ہے۔ احادیث صحاح کا اس کے متعلق ایک بڑا ذخیرہ موجود ہے۔ ملاحظہ ہو مشکوٰۃ شریف (کتاب الجہاد) اور قرآن پاک اور احادیث صحیحہ میں اس جہاد بالسیف سے بڑھ کر کوئی بھی عبادت و ریاضت ایسی کیا اس کے قریب ہی قرار نہ دی گئی اور ایمان کا مدار ہی اسے قرار دیا گیا۔ آنحضرت ﷺ فرماتے ہیں مجھے تمنا ہے کہ اللہ کے راستہ میں دینی لڑائی کرتا ہوا قتل کیا جاؤں۔ پھر زندہ ہوں، پھر قتل کیا جاؤں، پھر زندہ کیا جاؤں...... الخ! (بخاری ومسلم)

نیز فرمایا کہ: ’’**الجنة تحت خلال السیوف**‘‘ جنت تلواروں کے سایہ کے نیچے ہے۔ یہ حدیث حضرت ابی موسیٰ اشعری نے جب بیان فرمائی کہ جنت تلواروں کے سایہ کے نیچے ہے۔ فوراً ایک معمولی ہیئت کا آدمی اٹھا اور پوچھا کہ: ’’**انت سمعته من رسول الله ﷺ**‘‘ تم نے یہ حدیث حضور ﷺ سے سنی ہے۔ انہوں نے کہا: ہاں! یہ سنتے ہی تلوار اٹھائی اور میان کو توڑ کر لوگوں کو آخری سلام کیا اور اسی راہ سے جہاد کر کے جنت جا پہنچا۔ (مسلم شریف) میں احادیث کے طویل ذخیرہ کو چھوڑ کر قرآن پاک کی روشنی میں جو مختار مدعا علیہ کے نزدیک احادیث صحیحہ متواترہ پر بھی راجح ہے، اس مسئلہ کو واضح کرتا ہوں۔

## قرآن پاک اور جہاد بالسیف

جہاد فی سبیل اللہ بہت سی زبانیں تو اس کے ذکر ہی سے گنگ ہیں۔شیاطین الانس کا خوف ان کے رگ وپے میں اس درجہ اثر کئے ہوئے کہ وہاں اللہ کے خوف کے لئے جگہ نہیں۔’’یخشون الناس کخشیة اللّٰہ او اشد خشیة (النساء:۷۷)‘‘اور جنہیں ابھی بولنے کی طاقت حاصل ہے وہ اسے جہاد بالنفس پر محمول کرتے ہیں اور’’ورجعنا من جھاد الاصغر الی جھاد الاکبر‘‘ کی غلط اور موضوع حدیث سے ان کا نفس خادع تمسک واعتصام کرتا ہے۔گویا ابلیس نے ان علماء سوء کو اپنے اعمال شیطانی کے لئے ایک آلہ بنالیا ہے اور جس طرح چاہتا ہے،ان سے کام لیتا ہے۔لیکن قرآن حکیم نے صاف صاف اعلان کردیا کہ:’’ان اللّٰہ یحب الذین یقاتلون فی سبیلہ صفاً کانھم بنیان مرصوص (صف:۴)‘‘

بے شک خدا ان لوگوں کو محبوب رکھتا جو اس کی راہ میں صف باندھ کر لڑتے ہیں گویا وہ ایک دیوار ہیں جس میں سیسہ پلایا گیا ہے۔ تاریخ اسلام میں سب سے پہلے جن لوگوں سے تمام تعلقات وروابط منقطع کئے گئے وہ تین جلیل القدر صحابہ تھے جو کاہلی کی بناء پر جنگ تبوک میں شامل نہ ہوئے۔

’’وعلی الثلثة الذین خلّفوا حتی اذاضاقت علیھم الارض بما رحبت وضاقت علیھم انفسھم وظنوا ان لاملجاء من اللّٰہ الا الیه ثم تاب علیھم لیتوبوا ان اللّٰہ ھوا التواب الرحیم (التوبة:۱۱۸)‘‘اور ان تین پر بھی جو بانتظار امر خداوندی ملتوی رکھے گئے تھے۔یہاں تک جب زمین باوجود فراخی ان پر تنگی کرنے لگی اور وہ اپنی جان سے بھی تنگ آ گئے اور سمجھ گئے کہ خدا کی گرفت سے اس کے سواء اور کہیں پناہ نہیں۔پھر خدا نے ان کی توبہ قبول کر لی تاکہ وہ آئندہ کے لئے توبہ کئے رہیں۔بے شک اللہ بڑا ہی توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔

جو لوگ جہاد میں شریک نہ ہوں،ان کی نسبت فرمایا کہ نہ صرف یہی مصیبتوں اور تکلیفوں کا نشانہ بنیں گے بلکہ ان کی وجہ تمام قوم مبتلائے آلام ہوگی۔

’’واتقوا فتنة لاتصیبن الذین ظلموا منکم خآصة واعلموا ان اللّٰہ شدید العقاب (الانفال:۲۵)‘‘اور اس بلاء سے ڈرتے رہو جو خاص کر انہیں لوگوں پہ نازل نہیں ہوگی جنہوں نے تم میں سے سرتابی کی ہے۔بلکہ سب اس کی زد میں آجاؤ گے اور جانتے رہو کہ اللہ کی مار بہت بری ہے۔

جس طرح ہر شخص اپنی انفرادی زندگی کے بقاء وقیام کے لئے ہر قسم کی جدوجہد کرتا ہے،ٹھیک اسی طرح قرآن حکیم نے تمام مسلمانوں پر حیات اجتماعی کے قائم ودائم رکھنے کے لئے جہاد کو الزم اللوازم قرار دیا۔

’’واعدوالھم ما استطعتم من قوة ومن رباط الخیل ترھبون به عدواللّٰہ وعدوکم (الانفال:۶۰)‘‘اور سپاہیانہ قوت اور گھوڑوں کے باندھے رکھنے سے جہاں تک تم سے ہوسکے،کافروں کے لئے سازوسامان مہیا کئے رہو کہ ایسا کر لینے سے اللہ کے دشمنوں پر اور اپنے دشمنوں پر اپنی دھاک بٹھائے رکھو گے۔

پھر نبوت کے اعمال مہمہ میں سب سے اشرف واعلیٰ مقام اسے نوازش کیا گیا۔

’’یآیھاالنّبی حرض المؤمنین علی القتال (الانفال:۶۵)‘‘اے نبی مسلمانوں کو جنگ وقتال کے لئے ابھارو۔

عالم الغیب والسرائر کو اس امر کی اطلاع تھی کہ آخری زمانہ میں مسلمانوں کی تمام تر زندگی بطالت وبدعملی اور جبن ونامرادی کی تصویر ہوگی۔جہاد فی سبیل اللہ سے بچنے کے لئے طرح طرح کے حیلے تراش کر نفس خادع کے فریب میں مبتلا ہوجائیں گے اور قتال فی سبیل الحق

والحریۃ ترک کردیں گے۔ اس لئے سورۃ توبہ میں ان کے ایک ایک عذر لنگ کو بیان کیا۔ ہر ایک کی حقیقت آشکارا کردی اور بتایا کہ تمہیں کسی طرح بھی اس فرض اہم واقدم سے نجات نہیں مل سکتی۔ یہ فوجی خدمت ہر مسلم مرد وعورت، امیر وغریب، بادشاہ وفقیر، آقاء وغلام پر لازمی ہے اور اس سے کسی کو حق استثناء حاصل نہیں۔ ہم اس وقت صرف اشارات پر اکتفاء کرتے ہیں۔ تفصیل کا مقام دوسرا ہے۔

الف...... مخالفین ومعاندین اسلام نے اپنی مجتمع قوت سے اسلامی حکومت کو تاخت وتاراج کرنا شروع کردیا ہے۔ مسلمانوں کے تمام بلاد وامصار تباہ وبرباد ہورہے ہیں۔ اندیشہ ہے کہ حمیّت مذہبی کی وجہ سے مسلمان مقابلہ کے لئے نہ اٹھ کھڑے ہوں۔ دشمنان دین فوراً اپنے مواعید کاذبہ کا اعلان کردیتے ہیں کہ فرزندان اسلام کے تمام حقوق کی حفظ ونگہداشت کی جائے گی۔ ان کے مقدس مقامات کا احترام کیا جائے گا اور ان کے مذہبی وسیاسی معاملات میں کسی قسم کی مداخلت روا نہ رکھی جائے گی۔ اس قسم کی دل فریب باتیں سن کر اکثر حیلہ جو طبیعتیں پکار اٹھتی ہیں کہ ایسے لوگوں سے جنگ کرنا حددرجہ کی سفاہت وبداخلاقی ہے۔ یہ تو پیکر فرشتگی وملوکیت ہیں۔ قرآن کہتا ہے کہ ان پر اعتماد کرنا جہل ونادانی ہے۔ وہ اپنے وعدے پورا نہ کریں گے۔

’’ماکان للمشرکین ان یعمروا مسٰجداللّٰہ شٰھدین علیٰ انفسھم بالکفر (التوبۃ:۱۷)‘‘ مشرکوں کو کوئی حق نہیں کہ اللہ کی مسجدیں آباد رکھیں اور اپنے اوپر کفر کی گواہی بھی دیتے جائیں۔

ب...... مسلمان اپنے گھروں میں نیک کام کرتے ہیں۔ علماء کرام قرآن وحدیث کے درس میں مصروف ہیں۔ گروہ صوفیہ خانقاہوں میں اللہ اللہ کے نعرے لگاتا ہے کہ تزکیہ نفس حاصل ہو۔ ہزاروں لاکھوں انسان ہیں جو ان سے اپنی تشنگی کو دور کرتے اور سیراب ہوکر گھروں کو لوٹتے ہیں۔ یہ لوگ ان اعمال صالحہ کو پیش کر کے اپنے آپ کو قتال فی سبیل اللہ سے مستثنیٰ کرنے کی کوشش کرتے ہیں لیکن لسان الٰہی انہیں ظالم قرار دیتی ہے۔

’’اجعلتم سقایۃ الحآج وعمارۃ المسجد الحرام کمن اٰمن باللّٰہ والیوم الاخر وجاھد فی سبیل اللّٰہ لایستوٗن عنداللّٰہ واللّٰہ لایھدی القوم الظالمین (توبۃ:۱۹)‘‘ کیا تم نے حاجیوں کو پانی پلانے اور خانہ کعبہ کے آباد رکھنے کو اس شخص کی خدمتوں جیسا سمجھ لیا ہے جو اللہ اور روز آخرت پر ایمان لاتا اور اللہ کے راستہ میں جہاد کرتا ہے۔ اللہ کے نزدیک تو یہ برابر نہیں اور اللہ ظالم لوگوں کو راہ راست نہیں دکھاتا۔

حضرت عبداللہ بن مبارک نے اپنے سال کو چار حصوں میں تقسیم کر رکھا تھا۔ تین ماہ تجارت کرتے تھے، تین ماہ درس حدیث میں مصروف رہتے، تین مہینوں میں حج کرتے اور باقی ایام جہاد فی سبیل اللہ میں صرف کرتے۔ انہوں نے حضرت فضیل بن عیاض کو خط بھیجا جو اس وقت بیت اللہ میں معتکف تھے اور حضرت عبداللہ مصروف جہاد۔ اس خط کا ایک شعر ملاحظہ ہو۔

یاعابد الحرمین لو ابصرتنا لعلمت انک بالعباد تلعب

فضیل رو پڑے اور کہا ابوعبدالرحمٰن سچ کہتا ہے۔

ج...... دنیاوی ضرورتیں ماں باپ کی محبت، رشتہ داروں کی خبرگیری، مساکین وغرباء کی اعانت اور زمین وجائیداد کی حفاظت ان میں سے ایک چیز بھی جنگ سے مستثنیٰ نہیں کرسکتی۔

’’قل ان کان اٰبآؤکم وابنآؤکم واخوانکم وازواجکم وعشیرتکم واموال ن اقترفتموھا وتجارۃ تخشون کسادھا ومسٰکن ترضونھا احب الیکم من اللّٰہ ورسولہ وجھاد فی سبیلہ فتربصوا حتیٰ یأتی اللّٰہ بامرہٖ واللّٰہ لا یھدی القوم الفٰسقین (التوبۃ:۲۴)‘‘

کہہ دو اگر تمہارے باپ، بیٹے، بھائی، بیویاں، کنبہ دار مال جو تم نے کمائے ہیں، سوداگری جس کے منداپڑ جانے کا تم کو اندیشہ اور مکانات جن کو تمہارا جی چاہتا ہے، اللہ اس کے رسول اور اللہ کی راہ میں جہاد کرنے سے تم کو زیادہ عزیز ہوں تو صبر کرو۔ یہاں تک کہ جو کچھ خدا کو کرنا ہے وہ تمہارے سامنے لا موجود کرے اور اللہ ان لوگوں کو ہدایت نہیں دیا کرتا جو سرتابی کریں۔

د...... قلت تعداد، فقدان اسباب اور ضعف ظاہری کی بناء پر جہاد کو ترک نہیں کیا جاسکتا۔

''لقد نصرکم اللہ فی مواطن کثیرۃ ویوم حنین اذ اعجبتکم کثرتکم فلن تغن عنکم شیئاً وضاقت علیکم الارض بمارحبت ثم ولیتم مدبرین (التوبۃ:۲۵) ''اللہ بہت سے موقع پر تمہاری مدد کر چکا اور حنین کے دن جب کہ تمہاری کثرت نے تم کو مغرور کر دیا تھا تو وہ تمہارے کچھ کام بھی نہ آئی اور زمین باوجود وسعت کے لگی تم پر تنگی کرنے پھر تم پیٹھ پھیر کر بھاگ نکلے۔

ہ...... تاجرانہ تعلقات اور ملازمت کے روابط کی بناء پر کسی قوم سے جنگ کو ملتوی نہیں کیا جاسکتا اور یہ خیال نہ ہو کہ اس سے علیحدگی اختیار کرنے پر آمدنی کے تمام ذرائع مسدود ہو جائیں گے۔

''یٰآیہا الذین آمنو انما المشرکون نجس فلا یقربوا المسجد الحرام بعد عامھم ھذا (التوبۃ:۲۸)'' مسلمانو! مشرک تو گندے ہیں تو اس برس کے بعد حرمت والی مسجد کے پاس بھی نہ پھٹکنے پائیں اور اگر ان کے ساتھ لین دین بند ہو جانے سے تم کو مفلسی کا اندیشہ ہو تو خدا چاہے گا تو تم کو اپنے فضل سے غنی کر دے گا۔

پس ان تمام آیات نے واضح کر دیا کہ جب تک آنکھوں میں بصارت ہے، کان سن سکتے ہیں، ناک سونگھ سکتی ہے، زبان میں قوت گویائی، ہاتھوں میں پکڑنے کی طاقت اور پاؤں میں چلنے کی قابلیت ہے، ہر ایک مسلمان کا فرض ہے کہ وہ جہاد کی تیاری کرے۔ تمام محبتوں اور چاہتوں پر اس کی شیفتگی ووارفتگی غالب رہے۔ اسی کا سودا سر میں ہو اور اسی کی زنجیر پاؤں میں ہو کہ یہی احب الاعمال الی اللہ ہے۔ یہی سنام الاسلام ہے۔ یہی عصارہ ایمان اور مغز عبادت ہے۔

''وجاھدوا فی اللہ حق جھادہ ھو اجتباکم وماجعل علیکم فی الدین من حرج ملۃ ابیکم ابراھیم ھو سماکم المسلمین من قبل وفی ھٰذا لیکون الرسول شھیداً علیکم وتکونوا شھدآء علی الناس فاقیموا الصلوٰۃ واٰتوا الزکوۃ واعتصموا باللہ ھو مولکم فنعم المولیٰ ونعم النصیر (الحج:۷۸)'' اور اللہ کی راہ میں جہاد کرو جو حق جہاد کرنے کا ہے۔ اس نے تم کو تمام انبیاء کی قوموں سے برگزیدگی اور امتیاز کے لئے چن لیا۔ پھر جو دین تم کو دیا گیا ہے وہ ایک ایسی شریعت فطری ہے جس میں تمہارے لئے کوئی رکاوٹ بھی نہیں۔ ملت تمہارے وارث اعلیٰ خلیل اللہ کی ہے اور اس نے تمہارا نام مسلمان رکھا ہے۔ گزشتہ زمانوں میں بھی اور اس میں بھی تاکہ رسول تمہارے لئے اور تم تمام عالم کی ہدایت اور نجات کے لئے شاہد ہو۔ پس اللہ تعالیٰ کے رشتہ کو مضبوط پکڑو جان و مال دونوں کو اس کی عبادت میں لٹا دو۔ وہی تمہارا آقاء اور مالک ہے اور پھر جس کا خدا مالک ہو، اس کا کیا اچھا مالک ہے اور کیا قوی مددگار۔

احادیث نے اس کی اہمیت کو اور زیادہ کھول کر بیان کیا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''والذی نفس محمد بیدہ لوددت ان اقتل فی سبیل اللہ ثم احییٰ ثم اقتل ثم احییٰ ثم اقتل ثم احییٰ ثم اقتل '' خدا کی قسم میں چاہتا ہوں کہ اللہ کی راہ میں شہید ہو کر دوبارہ زندہ ہو جاؤں۔ پھر شہادت کا درجہ حاصل کر کے زندہ کیا جاؤں۔ پھر شہید ہو کر زندہ ہوں پھر قتل کیا جاؤں۔

دوسری حدیث میں ہے: ''رباط یوم فی سبیل اللہ خیر من الدنیا ومافیھا'' ایک دن اللہ کے راستہ میں چوکیداری

کرنی بہتر ہے۔ دنیا اور اس کی تمام چیزوں سے جس شخص نے جہاد کا ایک لحہ کے لئے بھی ارادہ نہ کیا ہو اور اسی حالت میں مرگیا ہو، اس کی نسبت فرمایا کہ وہ منافق کی موت مرا ہے۔

''ومن مات ولم یغزوا ولم یحدث به نفسه مات علی شبعة من نفاق '' جو شخص مرگیا نہ تو اس نے اپنی زندگی میں کبھی جہاد کیا اور نہ اس کے کرنے کا ارادہ ہی دل میں پیدا ہوا وہ نفاق کی موت مرا۔

ایک موقعہ پر یوں ارشاد ہوا: ''ان ابواب الجنة تحت ظلال السیوف '' جنت کے دروازے تلواروں کے سایہ کے نیچے ہیں۔ پھر اس کی کوئی بھی حد قائم نہ فرمائی۔

''وقاتلوهم حتیٰ لاتکون فتنة ویکون الدین کله لله (الانفال:۳۹) '' ان سے برابر مذہبی جنگ جاری رکھو جب تک فتنوں کا استیصال اور تمام دین اللہ کے واسطے نہ ہو جائے۔ ''الجهاد ماض الیٰ یوم القیامة '' قیامت تک جہاد باقی رہنے والی چیز ہے اور آخری مذہبی لڑائی مسیح موعود کے ہاتھوں ہوگی۔ شرائط کے کسی وقت فقدان کی وجہ سے بالفعل اس پر عمل نہ ہونا اور چیز ہے، مگر جہاد کے (عیاذاً باللہ) بقول مرزا صاحب خراب مسئلہ کو گورنمنٹ برطانیہ کی مدد کے واسطے قربان کرنا اور صرف سچی خیرخواہی گورنمنٹ کے واسطے اعلان کرنا کہ میں ایک حکم خدا سے لے کر آیا ہوں اور یہ کہ اب سے دینی لڑائیوں کا خاتمہ ہے۔ باری تعالیٰ سے کھلی ہوئی بغاوت کا اعلان ہے جسے اللہ اور اس کا رسول ﷺ ہمیشہ قیامت تک باقی رکھیں۔ اس کا خاتمہ کرنے والا کون ہوسکتا ہے کہ کہے اب یہ حکم جہاد شریعت منسوخ ہوگیا۔ قرآن پاک کی قطعی آیات اور سرکار دوعالم ﷺ کی احادیث اب چودھویں صدی کے ایک شخص کے حکم سے منسوخ قرار پائیں۔ اس سے زائد کوئی کفر یہ ناممکن ہے۔ کسی عذر سے کسی حکم پر کسی زمانہ میں عمل نہ ہوسکنا اور امر ہے اور اس سے انکار کر کے اسے ختم یا منسوخ کر دینا اور چیز ہے۔ عمل نہ کرنا کفر نہیں مگر بدلنا انکار و منسوخ کرنا صریح کفر ہے جس کے بعد ایمان ممکن ہی نہیں۔

## جہاد بالسیف کب واجب ہوتا ہے

اس سلسلہ میں مکی زندگی اور مکی منسوخ آیات اور بعض صحابہ کے اقوال سے جو اس کی خانہ جنگی سے متعلق تھے۔ غلط نتائج اخذ کئے ہیں اور جہاد کو صرف دفاعی قرار دیا ہے۔ حالانکہ جہاد کی دونوں قسمیں قرآن پاک واحادیث میں مصرح موجود ہیں۔ مدافعانہ بھی اور جارحانہ بھی ایک قسم کو مستقلاً حذف کر دینا بھی دین میں کمی کرنا ہے۔ تفصیل کا موقع نہیں کہ تمام شرائط اور ان کی نوعیت پر روشنی ڈالی جائے۔ یہ نکتہ قابل غور ہے کہ جب شرائط نہ ہوں تو بالفعل ضروری نہیں، مگر اس کی ہمیشہ کے لئے منسوخی و خاتمہ کا اعلان کیونکر درست ہوسکتا ہے؟ کیا کسی شخص پر یا جماعت پر بوجہ عدم استطاعت حج فرض نہ ہونے سے تمام دنیا کے واسطے مسئلہ حج کے خاتمہ کا اعلان وحکم کیا جاسکتا ہے؟ پھر اگر ہندوستان میں مجبوری تھی تو اس مسئلہ جہاد کے خاتمہ کا اعلان بلاد عرب وشام اسلامی ممالک میں انہیں جہاد سے روکنے کے واسطے رسائل کثیرہ کی اشاعت کی کیا غرض تھی؟ مختار مدعا علیہ کوئی بھی تاویل کریں مرزا صاحب (کتاب البریہ ص۷، خزائن ج۱۳ ص۷) پر صاف اعلان فرمارہے ہیں کہ کوئی بھی غرض ممالک اسلامیہ میں اس کے روکنے اور خاتمہ کے اعلان کے سوائے خوشنودی و سچی خیرخواہی گورنمنٹ برطانیہ کی ہرگز نہ تھی۔ (ملخصاً)

## بزرگان دین پر بہتان عظیم

پھر حضرت مولانا محمد اسماعیل شہید اور ان کے پیر حضرت سید احمد بریلوی پر یہ بہتان باندھا ہے کہ ان کا مذہب بھی مرزا صاحب کی طرح تھا۔ ماشاء اللہ ان کا رسالہ جہادیہ وحیات طیبہ ملاحظہ ہو۔

اور سوانح احمدیہ سے ان کا ایک خطبہ بلکہ ایک دو فقرات نقل کئے ہیں۔ عدالت خود اسے ملاحظہ فرمائے۔ نقل عبارت میں طول ہوگا کہ کیسا کھلا ہوا بہتان عظیم ہے۔ اس میں تو سراسر اس کے خلاف ہے۔ وہ جب سکھوں سے جہاد کرنے کے واسطے نکلے تو اعلان فرمادیا کہ کسی اسلامی بادشاہ یا موجودہ سلطنت سے ہمارا نزاع نہیں۔ صرف سکھوں سے اس وقت جہاد کرنا ہے۔

اس میں جب کہ وہ خود جہاد بالسیف میں مصروف ہیں تو جہاد کے مسئلہ کو خراب اور اس کے ہمیشہ کے لئے خاتمہ اور منسوخی کا کیونکر اعلان فرماسکتے ہیں۔ جیسا کہ مرزاصاحب نے کیا۔ البتہ ایک وقت میں تمام دنیا سے جہاد نہ کیا۔ اس سلسلہ میں بلاوجہ گورنمنٹ برطانیہ کے محامد اور ان کا سایہ رحمٰن ہونا بھی زیر بحث لایا گیا ہے اور باوجودیکہ بحث کے وقت احتجاج کے ساتھ میں نے یہ بھی عرض کیا تھا کہ میں ایک لسٹ اس کے مظالم اور مداخلت فی الدین کرنے کی دوں گا کہ سرکار دوعالم ﷺ کے مذہب پاک پر کیسے اور اس قدر عظیم الشان حملے کئے ہیں۔ مگر چونکہ عدالت کی اجازت اس قسم کے غیرمتعلق امور کے تذکرہ کی نہیں۔ اس لئے احترام عدالت کے لحاظ سے ترک کرتا ہوں۔

بہرحال اس مسئلہ جہاد کے خاتمہ کرنے میں مرزاصاحب نے خود دین میں کمی زیادتی کی۔ اس کا جواب تاقیامت ناممکن ہے۔ عدالت خود ہمارے پیش کردہ حوالہ جات (گورنمنٹ انگریزی اور جہاد ص۵، خزائن ج۱۷ ص۱۵) میں سے ملاحظہ فرمائے۔

## تیسری وجہ تکفیر (دعویٰ نبوت)

اس سلسلہ میں مدعیہ کی جانب سے کوئی بھی ثبوت اس ہیڈنگ کے تحت پیش نہیں کرنا ہے۔ کیونکہ بوضاحت بسلسلہ ختم نبوت قرآن پاک، احادیث نبویہ صحیحہ، اقوال صحابہ، قرآنیہ سلف صالحین سے کثیرالتعداد حوالے اور تقریباً (۵۰) سے زائد بالکل لاجواب جن کے جواب میں تذکرہ تک نہ آیا گزر چکے جن کا اعادہ نہیں کرتا اور ان سے صراحۃً ثابت ہوگیا کہ کسی قسم کا ظلی، بروزی نبوت کا دعویٰ بعد خاتم النّبیین اور آخرالانبیاء باجماع امت کفر اور قطعی کفر ہے۔

مختار مدعاعلیہ نے اس سلسلہ میں وہی شہادت کی پیش کردہ آیات اسی طرز استدلال سے اور وہی کچھ معتبر اور غیرمعتبر احادیث الفاظ ومعنی میں تحریف وتاویل کر کے دہرادیں جن کا غیرمتعلق اور سرے سے بے ربط اور موضوع سے دور اشارۃً وکنایۃً بھی مثبت مدعا نہ ہونا اصل بحث میں ثابت کر چکا ہوں۔ اب گو کچھ زائد کہنے کی ضرورت نہیں۔ تاہم اس کی جوابی بحث کی روشنی میں نہایت اختصار سے گزارش کرتا ہوں۔

## قرآن مجید سے امکان نبوت پر دلائل

بحوالہ بیان (گواہ مدعاعلیہ نمبر۱) (۱)''یٰبنی آدم ...... الخ! (الاعراف:۳۱)'' (۲)''اللہ یصطفی ...... الخ! (الحج:۷۵)'' (۳)''اذکروا نعمۃ اللہ ...... الخ! (الاحزاب:۹)'' (۴)''ظھر الفساد ...... الخ! (الروم:۴۱)'' (۵)''صراط الذین انعمت علیھم'' بحوالہ (گواہ مدعاعلیہ نمبر۲) (۶)''واذ ابتلیٰ ابراھیم (البقرۃ:۱۲۴)'' (۷) آیت میثاق (۸)''ومن یطع اللہ والرسول (النساء:۶۹)'' (۹)''ماکان اللہ لیذر (آل عمران:۱۷۹)'' (۱۰)''کلا ھدینا (الانعام:۸۴)'' (۱۱) آیت استخلاف (۱۲)''وسیق الذین کفروا الیٰ جھنم زمراً (الزمر:۷۱)''

ان سب کا مدلل جواب اصل بحث میں پیش کر چکا ہوں اور عدالت نے اس پر نوٹ بھی قائم فرمائے تھے۔ ان میں سے صرف چند آیات نمبر(۱)، (۲)، (۵)، (۶)، (۸)، (۱۱) کا جواب بحث میں تذکرہ کیا اور پوری چھ یعنی نصف درجن کے جواب کا ذکر تک نہ کیا اور ان کا جواب صحیح تسلیم کر لیا۔ لہٰذا اب اس سلسلہ میں صرف چھ آیات ان کے پاس ہیں جن کے جواب کو جوابی بحث میں لانے اور میرے

جواب میں مغالطہ کی سعی کی ہے جس کی حقیقت پر مرتب و مفصل مگر نہایت ہی اختصار سے روشنی ڈالتا ہے۔

## مختار مدعا علیہ کی تاویلات کا خلاصہ

۱...... اس آیت میں خطاب حضرت آدم علیہ السلام کے وقت کے بنی آدم کو ہونا جن کے واسطے مختار مدعیہ نے ابن جریر کی روایت پیش کی ہے۔سیاق وسباق کے خلاف ہے۔

۲...... سیاق وسباق سے وہی ثابت ہوتا ہے جو گواہان مدعیہ نے کیا ہے۔

۳...... اس سے پہلے آیت:''یٰبنی آدم خذوزینتکم (الاعراف:۳۱)'' ہے جس کا شان نزول کفار مکہ ہیں۔

۴...... اور بعد کی بھی آیات ہمارے معنوں کو مؤید ہیں۔''قال ادخلوا فی...... الخ! (الاعراف:۳۸)''

۵...... یہ کہنا غلط ہے کہ گواہان مدعا علیہ نے اس پر کوئی حوالہ نہیں دیا بلکہ حوالہ اتقان کا موجود ہے۔

۶...... روایت ابن جریر میں آدم اور ذریت آدم دونوں کا ذکر ہے اور آیت میں صرف بنی آدم کا۔

۷...... قرآن میں حکایت عن الماضی کا اشارہ تک نہیں۔

۸...... عبدالرحمٰن بن زیاد اور بیاج ضعیف ہیں جو روایت ابن جریر میں ہیں۔

۹...... اقوال تابعین ومفسرین حجت نہیں۔حوالہ اتقان،ابن خلدون۔

۱۰...... مرزاصاحب نے ابن جریر کو رئیس المفسرین کیوں کہا۔

۱۱...... ''یا بنی آدم یا ایھا الناس'' کے فرق کا جواب۔

۱۲...... ہدیۃ الشیعہ۔

۱۳...... نسخ احکام میں ہوتا ہے نہ اخبار میں۔

۱۴...... امّا کی بحث۔

الجواب:

۱...... ہرگز سیاق وسباق اس کے خلاف نہیں۔میں نے اوّلاً اس کے عموم خطاب کو سیاق وسباق اور اسلوب قرآن سے اصل بحث میں ثابت کیا ہے اور قرآن پاک سے ثابت کیا ہے کہ ہر جگہ یا بنی آدم سے اولاد آدم مراد ہوتی ہے۔جیسا کہ اصل الفاظ کا مدعا ہے اور جب بھی کہیں تخصیص پیدا ہوتی ہے،وہ مجازاً خارجی قرائن یا شان نزول وغیرہ کے لحاظ سے۔ورنہ اصل الفاظ کی وضع ہی عموم کے واسطے ہے۔ملاحظہ ہو بحث مختار مدعیہ۔

۲...... یہ دعویٰ بھی غلط ہے کہ جیسا کہ ماقبل سے مستفاد ہوتا ہے اور آگے آرہا ہے۔

۳...... اس پہلی آیت میں''یٰبنی آدم خذوا زینتکم...... الخ! (الاعراف:۳۱)''میں خطاب عام اولاد کو ہے اور تخصیص خارج سے شان نزول کی مدد سے جو پیش کی ہے وہ اصل عموم الفاظ کو باطل نہیں کرتی۔کیونکہ اعتبار عموم لفظ کا ہوتا ہے نہ خصوصی مورد کا۔تعجب ہے کہ دوسرا شان نزول پیش کرے تو اسی ضابطہ سے مختار مدعا علیہ اسے مسترد کر دیتا ہے اور اپنے لئے اسی سے دلیل لاتا ہے۔مفصل ابتدائی بحث میں پیش کر چکا ہوں۔پس معلوم ہوا کہ اس آیت میں''یا بنی آدم...... الخ!''سے عام اولاد آدم بلاتخصیص امت محمدیہ یا زمانہ محمدیہ کے لوگوں کے مراد ہیں۔البتہ حکم اس قسم کا ہے کہ ختم نہیں ہوا۔اب تک اس امت میں موجود ہے۔پس یہ ماسبق کی آیت خلاف ہمارے مدعا کے نہ ہوئی بلکہ اسی کو مؤید رہی۔

۴...... مابعد ایک آیت بھی مختار مدعاعلیہ کے معنی کی مؤید نہیں بلکہ تائید کا اشارہ تک نہیں۔ دراصل مختار مدعیہ کے پیش کردہ معنی سے زیادہ مناسبت رکھتی ہے۔ کیونکہ پیش کردہ آیت میں ازل کا ذکر تھا اور اس میں ابد وآخرۃ یا قیامت ووقت دخول جنت کا، وہ حکایت حال ماضیہ تھی، یہ حکایت حال۔ آیت دوسرے سیاق وسباق کی فکر مختار مدعاعلیہ کو فضول ہے۔ جب کہ وہ خود اقراری ہے کہ: ''اور حضرت آدم کا واقعہ ضمنی طور پر درمیان میں آیا ہے۔''

معلوم ہوا کہ اس میں ضمناً جملے معترضہ بھی ہیں جن کا ماقبل ومابعد سیاق وسباق سے حل کرنا اسی کے قول کے مطابق نہیں ہوسکتا۔ ورنہ میں نے تو اس کا حل مختصر یہاں اور مفصل اصل بحث میں پیش کردیا ہے۔ نیز گواہان مدعیہ نے بجواب جرح بھی اسے ایک حد تک صاف کردیا ہے۔

۵...... یقیناً یہ کہنا صحیح ہے کہ مختار مدعاعلیہ نے اس پر کوئی بھی دلیل پیش نہیں کی اور ہمارے اس قول کو کوئی بھی غلط ثابت نہیں کرسکتا۔ مختار مدعاعلیہ کی یہ غلط بیانی ہے کہ اس نے آیت متنازعہ کے متعلق اتقان کا حوالہ پیش کیا۔ بلکہ ماقبل کی آیت: ''خذوا زینتکم'' کے متعلق اتقان کا حوالہ پیش کیا تھا اور اسی پچھلی آیت کے تحت سے ایک ضابطہ عام نقل کیا تھا۔ مگر اس کا غیر متعلق ہونا اچھی طرح ابتدائی بحث میں واضح کرچکا ہوں اور واقعہ صرف اس قدر ہے کہ ایک عام قاعدہ کی اتقان میں ایک مثال دی ہے۔ یہ ہرگز نہیں کہ اس آیت متنازعہ میں یا جہاں بھی یہ لفظ آئے یہی مطلب ہوتا ہے۔ ملاحظہ ہو۔ (اتقان ص۱۹۴)

۶...... جس طرح روایت ابن جریر میں حضرت آدم اور اس کی ذریت دونوں کا ذکر ہے۔ یوں ہی آیت میں اولاد آدم معہ آدم کے مراد ہیں اور ایسا قرآن پاک میں جابجا ہے۔ ''اعملوا ال داؤد شکرا ...... الخ! (السباء:۱۳) ادخلوا اٰل فرعون اشد العذاب ...... الخ! (غافر:۴۶)'' یہاں آل داؤد میں داؤد اور آل فرعون میں فرعون بھی بالاتفاق شامل ہے۔ اسی طرح اس متنازعہ آیت میں بھی بنی آدم کے ساتھ آدم علیہ السلام بھی شامل ہیں اور یہ خاص اس کلام بلاغت نظام کا اسلوب ادا ہے جسے (کشاف وبیضاوی اور اعجاز القرآن) میں مفصل بیان کیا ہے۔ یہاں موقع تفصیل کا نہیں کہ عرض کیا جائے۔

۷...... قرآن میں حکایت حال ماضی کا اشارہ کیا تصریح موجود ہے۔ کیونکہ یہ آیت گویا قدرے تفصیل ہے: ''فاما یاتینکم منی ھدیً فمن تبع ھدای فلاخوف علیھم ولاھم یحزنون (البقرۃ:۳۸)'' کی اور یہ بہرحال سلسلہ ہدایت واتیان رسل شروع ہونے سے پہلے کی ہونا چاہئے۔ ورنہ رسول آچکنے کے بعد اس کا کہنا ہی محض عبث وفضول ہوگا۔

جسے ذرہ سی بھی قرآن دانی سے مناسبت ہے۔ وہ بخوبی سمجھ سکتا ہے کہ سلسلہ ارسال رسل وانزال کتب سے قبل کی یہ باری تعالیٰ کی اولاد آدم کو وصیت ہے۔ اس سے انہیں آدم علیہ السلام کے قصہ اور ان کے جنت سے خروج کے متصل بیان کیا تاکہ معلوم ہو کہ یہ بھی اسی ازل کا واقعہ ہے اور یہ کل بطور حکایت حال ماضیہ بیان ہوا ہے اور ایسی مثالیں حکایت حالی ماضیہ کی قرآن پاک میں متعدد موجود ہیں۔

۸...... مختار مدعیہ کی پیش کردہ روایت ابن جریر کے دونوں راوی عبدالرحمٰن ابن زیاد اور حیاج ہرگز ضعیف نہیں، نہ ان کے ضعف کا فیصلہ ہے۔ صرف ایک قول ان کے متعلق بلاسبب وعلت بیان کئے ضرور منقول ہے۔ مگر اس قسم کی جرح اصولاً ناقابل اعتبار ہے۔ ملاحظہ ہو (الرفع والتکمیل فی الجرح والتعدیل ص۷) ''القول الاول انہ یقبل التعدیل من غیر ذکر سببہ ...... واما الجرح فانہ لایقبل الا مفسراً بیّناً بسبب الجراح ...... الخ!'' یعنی پہلا قول یہ ہے کہ کسی کی تعدیل وتوثیق تو بلااظہار سبب ہوسکتی ہے۔ مگر کسی پر جرح قبول نہیں ہوسکتی۔ جب تک اس کا سبب واضح طور پر بیان نہ کیا جائے۔

ابن صلاح نے اپنے مقدمہ میں اسی قول کو ائمہ اور حفاظ ونا قدین وماہرین حدیث بخاری ومسلم وغیرہ کا مذہب قرار دیا ہے اور حافظ زین الدین عراقی نے اسی قول کو صحیح اور مشہور فرمایا ہے۔ ملاحظہ ہو: ’’وقد اکتفیٰ ابن الصلاح فی مقدمته علی القول الاول من هذه الا قوال وقال ذکر الخطیب الحافظ انه مذهب الائمه من حفاظ الحدیث ونقاده مثل البخاری ومسلم‘‘، ’’وقال الزین العراقی فی الشرح الالفیة فی القول الاول انه صحیح المشهور‘‘ (کتاب مذکور ص۷)

پس اس قسم کی جرح مبہم ہرگز ہمارے راویوں کی بتصریح ماہرین فن جرح مجروح نہیں کرسکتی۔ مزید برآں اسی میزان الاعتدال میں دونوں راویوں کی کافی توثیق موجود ہے جسے مختار مدعا علیہ نے ظاہر نہ کیا ملاحظہ ہو۔ حافظ شمس الدین ذہبی اس عبدالرحمٰن ابن زیاد کو قاضی افریقہ اور عبد صالح فرماتے ہیں۔ امام بخاری اسے قوی فرماتے ہیں۔ ابوداؤد امام احمد بن صالح سے نقل کرتے ہیں کہ اس کی حدیث حجت ہے۔ یہی ابن قطان جن سے مختار مدعا علیہ نے یہ غیر ثابت شدہ قول کے ان کے متعلق نقل کیا۔ صحیح ان سے وہ ہے جو امام بخاری کے استاد وامام اسحاق ابن راہویہ نقل فرماتے ہیں کہ میں نے یحییٰ ابن سعید قطان سے سنا کہ عبدالرحمٰن ابن زیاد ثقہ (معتبر) ہے اور ضعیف ہیں۔ ’’وقال اسحاق ابن راهویه سمعت یحییٰ بن سعید بقول عبدالرحمن ابن زیاد ثقه‘‘ (میزان الاعتدال طبع ہند ج۲ ص۹۴)

باقی رہا ہیاج ابن بسطام خراسانی یہ تابعی ہیں۔ حضرت انسؓ کو دیکھنے کی بھی روایت کی ہے۔ امام ابوحاتم فرماتے ہیں کہ: ’’ان کی احادیث لکھنے کے لائق ہیں۔‘‘ سعید بن بنا فرماتے ہیں میں نے ہیاج سے زائد کوئی فصیح نہیں دیکھا اور بغداد انہوں نے درس حدیث دیا جس میں ایک لاکھ آدمی مجتمع ہوگئے اور احادیث ان کی لکھیں۔ مالک ابن سلیمان فرماتے ہیں کہ ہیاج ابن بسطام اعلم الناس بہت ہی بڑا عالم بہت بڑا بردبار، بڑا فقیہ، بڑا شجاع، بڑا سخی ورحیم تھا۔ (ملاحظہ ہو میزان الاعتدال طبع اہندی ج۲ ص۵۵۵)

اس سے زیادہ اور توثیق اور کیا چاہئے۔ یحییٰ ابن سعید اللہ اس کے معاملہ میں متردد ہیں۔ ایک مرتبہ اسے ضعیف کہہ گئے اور ایک مرتبہ ’’لیس بشئ‘‘ کہہ دیا۔ یعنی ’’قال مرة لیس بشئ‘‘ جس کو مختار مدعا علیہ نے غلطی سے مرۃ کو مرّہ کوئی نام سمجھ کر ترجمہ کردیا کہ مرّہ نے کہا ہے کہ وہ کچھ چیز نہیں۔ حالانکہ مرّۃ کسی کا نام نہیں۔ وہاں مرۃ کا لفظ ہے۔ ترجمہ یہ ہے کہ یحییٰ نے کبھی یہ کہا کہ ’’لیس بشئ‘‘ غرض ان کے تردد سے راوی میں ضعف پیدا نہیں جب کہ ایسی تقویت وتوثیق موجود ہے۔ (ملاحظہ ص۵۵۵) لہٰذا ابن جریر کی سند بالکل صحیح بے اعتبار ہے۔ نیز جس تابعی سے یہ روایت ہے۔ یعنی ابی یسار سلمی وہ بالاتفاق ثقہ نہایت معتبر ہے۔ جیسا کہ کتب رجال میں موجود ہے۔

۹...... اب تابعین کے متعلق کسی بحث کی ضرورت نہیں۔ جب کہ وہ تابعی جس سے ہم نے نقل کیا ہے۔ ابی یسار سلمی معتبر ہے۔ صرف یہ گزارش کردوں کہ مختار مدعا علیہ نے (فتح البیان ص۷) جو شعبہ کا حوالہ نقل کیا ہے وہ محض غلط ہے۔ وہاں کوئی موجود نہیں۔ نہ اس کے آگے پیچھے ہے۔ بلکہ تابعین کی ان کے طبقات کے لحاظ سے توثیق موجود ہے۔

تفسیروں کے متعلق جو اتقان کا حوالہ نقل کیا ہے۔ اس میں شرمناک خیانت ہے۔ حوالہ کے قبل لفظ قال کو حذف کردیا اور آخر سے وفیہ نظر کو حذف کردیا۔ یہ دوسرے کا قول نقل کر کے تردید فرمارہے ہیں۔

اور سوائے بعض مخصوص تفاسیر کے مستند معتبر خصوصاً یہ ابن جریر وغیرہا کی اسی اتقان میں شدومد کے سات توثیق ہے اور خصوصیت سے اس ابن جریر کو نہایت ہی معتبر فرمارہے ہیں اور ائمہ دین سے نقول پیش کی ہیں۔ ملاحظہ ہو (اتقان طبقات المفسرین ج۲ ص۱۸۹) باقی رہا حوالہ ابن خلدون اس میں بھی خیانت ہے جو اصل بحث میں پیش کرچکا ہوں۔ بیان میں اس کے الفاظ یہ دیئے ہیں: ’’تفاسیر المتقدمین مملوة بالغث والسمین‘‘ یہ الفاظ ہردو بیانوں حتیٰ کہ مطبوعہ کاپی میں قول ابن خلدون کر کے موجود ہیں۔ حالانکہ متعدد ایڈیشن بحث میں پیش کر کے دکھا چکا ہوں کہ یہ کہیں نہیں۔

ہاں! یہ ضرور ہے کہ:''لا ان کتبھم و اقوالھم تشتمل ''اس کے متعلق گزارش ہے کہ ابن خلدون مفسر اور مذہبی امام نہیں بلکہ مؤرخ ہیں ملاحظہ ہو۔(جرح گواہ مدعاعلیہ مؤرخہ ۷/مارچ) اور یہ ہے مسلم کہ ہرفن میں اسی کے ماہر کی رائے معتبر ہوتی ہے۔جیسے کہ گزر چکا ہے۔ پھر مفسرین نے رطب دیا بس اقوال تردید کے واسطے نقل کئے ہیں تاکہ لوگ گمراہ نہ ہوں۔ ان کی تائید نہیں کرتے اور اس سے اس کتاب کا پوزیشن خراب ومخدوش نہیں ہوتا۔ ملاحظہ ہو(جرح گواہ مدعاعلیہ نمبر۱،مؤرخہ ۷/مارچ ۱۹۹۳ء) اس کی ایک مثال ابتدائی بحث میں (تفسیر خازن ج۳ص۲۲۵) تحت آیت:''لقد ھمت ...... الخ! (یوسف:۲۴)'' سے پیش کی ہے۔علاوہ اس کے ابن خلدون کی یہ رائے صرف قصص وحکایت میں ہے۔ احکام واعمال وعقائد خود اس سے مستثنیٰ کرتے ہیں۔ ملاحظہ ہو(مقدمہ ابن خلدون ص۳۸۳) یعنی پیش کردہ حوالے کا آخری حصہ جسے گواہان مدعاعلیہ نے دانستہ نقل نہ کیا۔

۱۰...... مرزاصاحب نے ابن جریر کو رئیس المفسرین کسی تقلید میں نہیں کہا بلکہ خود اپنی تحقیق ہے اور حوالہ (فتح البیان ج۱ص۱۰) کا حوالہ مغالطہ ہے، وہاں رئیس المفسرین کا...... لفظ نہیں۔ ہاں! بڑے بڑے ائمہ سے اس کی توثیق منقول ہیں۔قال النووی''اجمعت الامۃ لم یصنف مثل تفسیر الطبری ''امام نووی فرماتے ہیں امت کا اجماع ہے کہ تفسیر ابن جریر کے مثال کوئی بھی تفسیر تصنیف نہ ہوئی۔ ابی حامد اسفرائنی فرماتے ہیں کہ اگر کوئی ملک چین تک صرف تفسیر ابن جریر کے حصول کے واسطے سفر کرے تو کم ہے۔ (فتح البیان ج۱ص۱۰)

پس اس سے تو ہماری تائید ہوئی۔ کیونکہ ہمارا حوالہ اسی مسلم ومعتبر کتاب کا ہے جس کو امت نے معتبر وقابل مانا ہے اور جس کے متعلق مرزاصاحب بھی رئیس المفسرین لکھتے ہیں اور اس کے قول سے دلیل لاتے ہیں۔ باقی یہ کہنا کہ پہلے قرآن سے مرزاصاحب نے حل کرکے تائید پیش کی ہے۔ہم نے بھی پہلے الفاظ قرآنی اور سیاق وسباق سے پیش کرکے یہ نقلی تائید پیش کی ہے۔لہٰذا یہ بالاتفاق قبول ہونی چاہئے۔

۱۱...... ''یا بنی آدم ''سے اصل یہی ہے کہ عام اولاد آدم بلاتخصیص امت محمدیہ اور''یآیھا الذین اٰمنوا''سے صرف مومنین امت اور''یآیھا الذین کفروا'' سے کفار مکہ اور خطاب میں''یآیھا الناس ''آتا ہے، اسے اصل بحث میں قرآنی امثلہ سے واضح کرچکا ہوں۔عدالت خود مقابلہ فرمائے کہ اس کا کوئی بھی جواب نہ ہوگا۔صرف الفاظ بدلائے ہیں۔

۱۲...... ہدیۃ الشیعہ کا حوالہ جوڈیشل اصول پر غیر مسلم اور جدید ہے۔ نیز وہاں اس آیت کا اس تخصیص میں انحصار کا کوئی بھی ذکر نہیں، عدالت خود اصل حوالہ ملاحظہ فرمائے۔

۱۳...... بیان نسخ اخبار کا کوئی معاملہ نہیں نسخ کی بحث ہے جسے بلاوجہ یہاں چھیڑا جاوے۔ یہاں تو صرف اس قدر ہے کہ اولاد آدم سے خدا نے رسول بھیجنے کا روزازل سے وعدہ فرمایا تھا۔رسول بھیج کر وہ وعدہ پورا فرمادیا۔اگر رسول نہ بھیجتا تو خلاف وعدہ خلافی ہوتا۔

اس میں یہ وعدہ ہی نہ تھا کہ قیامت تک آتے رہیں گے۔ یہاں تک خاتم النّبیین کو ناسخ بنانا پڑے۔ وہ وعدہ علیحدہ پورا ہوگیا اور یہ حکم علیحدہ ختم نبوت اور انسداد سلسلہ نبوت باب نبوت علیحدہ رہا۔نسخ سے کوئی علاقہ ہی نہیں۔ اگر وہاں استمرار کا تذکرہ ہوتا تو ضرور یہ نسخ کہلاتا۔

۱۴...... لفظ امّا کی بحث بلاوجہ چھیڑی۔ یہ صرف اس لئے ہے کہ امّا جب کسی مضارع پر داخل ہوتا ہے تو اس سے صرف استقبال مراد ہوتا ہے۔استمرار کے واسطے نہیں ہوسکتا۔لہٰذا اس آیت سے صرف بنی آدم سے ازل میں رسول آئندہ بھیجنے کا وعدہ نکلا۔ ہمیشہ قیامت تک بھیجتے رہنے کا ثابت نہ ہوا۔اس کا کوئی جواب نہ دیا۔دوسری غیر متعلق لفظی بحث چھیڑدی۔

بحمداللہ! ثابت ہوچکا کہ اس آیت کے متعلق جو تاویلات مختار مدعاعلیہ نے میری بحث پر کی ہیں، ان میں کوئی قوت نہ تھی اور اصل بحث کے اعتراضات استدلال پر لاجواب ہی رہے۔

نوٹ: یہ بھی واضح رہے کہ میں نے اپنے دعویٰ پر (روح المعانی ج۳ ص۹۹) کا حوالہ پیش کیا ہے کہ اس جگہ بنی آدم سے تمام انسان مراد ہیں۔ امت محمدیہ کی تخصیص نہیں اور یہ لاجواب رہا۔

دوسری آیت: ’’انی جاعلک للناس اماما (البقرۃ:۱۲۴)‘‘

اس سے استدلال ہی بے ربط تھا جسے آج تک کوئی بھی سلف وخلف نہ سمجھا۔ یہ کسی جواب ہی کے قابل نہ تھا اور جو کچھ کہ اصل بحث میں اس پر کر چکا ہوں وہ کافی سے زائد ہے۔ اب مختصراً دو چار لفظ جواب الجواب کے سلسلہ میں عرض کرتا ہوں۔

## خلاصہ تاویل مختار مدعا علیہ

۱...... اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم کی نسل میں نبی بنانے کا وعدہ کیا ہے۔ یہ وعدہ اس وقت تک پورا ہوتا رہے گا جب تک ظالم نہ ہوں۔ پس یا سب کو ظالم مانو یا نبوت کا امکان۔

۲...... مختار مدعیہ کا یہ کہنا کہ ذریت کا لفظ عربی زبان نہیں صرف جسمانی نسل پر بولا جاتا ہے غلط ہے۔ لغت عرب کا حوالہ چھوڑ کر (ہدیۃ الشیعہ ص۳۰۴) دیکھو۔

۳...... مرزاصاحب بلاریب ابراہیمی نسل سے ہیں۔ (استفتاء ص۷۷، خزائن ج۲۲ ص۷۰۳)

جواب الجواب: جواب ہو نہ سکا۔ ٹالنا چاہا ہے۔

۱...... ابراہیمی نسل سے وعدہ بصیغہ اسم فاعل کے تھا جو استقبال کے معنی میں ہے وہ پورا ہوا۔ اس میں کہیں استمرار کا پتہ نہیں کہ ہمیشہ پورا ہوتا رہے گا۔ جب تک وہ ظالم نہ ہو جائیں۔ یہ استمرار کے معنی صرف مختار مدعا علیہ کے طبع زاد ہیں جس پر کوئی ایک حوالہ نہیں اور استقبال کے معنی آج تک سلف وخلف لیتے چلے آئے ہیں۔ اب نہ آل ابراہیم کو کوئی ظالم ماننا پڑتا ہے نہ اجراء نبوت بعد نبینا ﷺ کا کفریہ عقیدہ لازم آتا ہے اور اگر مختار مدعا علیہ کے طرز پر استمرار ہو تو ساڑھے تیرہ سو سال تک آل ابرہیم کو عیاذاً باللہ! ظالم ماننا پڑے گا جس میں تمام فتن رونما ہوئے۔ مگر نبی نہ بنائے گئے۔ حالانکہ ابراہیمی نسل میں اب تک کسی قدر صحابہ ؓ، ائمہ قطب، ابدال، غوث، صلحائے امت گزرے۔ یہ محض لغو تاویل ہے۔ اسلاف نے اس کے خلاف تصریحیں کی ہیں۔ غرض استمراری معنی محض تفسیر بالرائے ہے جو حرام قطعی ہے۔

۲...... یقیناً ذریت کا لفظ عربی زبان میں صرف جسمانی ذریت پر بولا جاتا ہے اور انسان کی نسل وفرزندان پر اطلاق پاتا ہے۔ لغت کی معتبر کتب اس تصریح سے پر ہیں۔ قرآن واحادیث ومحاورات عرب میں سینکڑوں حوالے موجود ہیں۔ مختار مدعا علیہ باوجود اس قدر اس معاملہ میں تعلّی کے عربی لٹریچر سے ایک بھی مسلم وغیر مسلم حوالہ نہ پیش کر سکا اور اپنے عجز کا ان الفاظ میں اعتراف کیا کہ: ’’یہاں پر لغت عرب کے حوالے چھوڑتا ہوں۔ بانی مدرسہ دیوبند کی ہدیۃ الشیعہ پیش کرتا ہوں۔‘‘

واضح رہے کہ ہدیۃ الشیعہ اردو کی کتاب ہے۔ اردو محاورات میں مجازاً ذریت نہ معلوم کس قدر معنوں پر آتا ہے۔ عربی لغت میں عربی کا ایک بھی محاورہ نہ مل سکا اور میرا دعویٰ بحمد اللہ! لاجواب رہا۔ مفصل اصل بحث سے ملاحظہ ہو۔

۳...... مرزاصاحب کا بنی فارس یا اولاد فاطمہ ؓ سے ہونا کوئی علم الانساب کے اصول پر نہیں بلکہ ان کا کشفی والہامی ہے جو کسی پر حجت نہیں۔ ہاں! ان کے نسب نامہ میں ہے کہ وہ مغل ہیں۔ مگر مرزاصاحب اس کی تردید فرماتے ہیں کہ اللہ نے میرے پر وحی بھیجی کہ میرے آباء اقوام ترکیہ میں سے نہیں۔ (استفتاء ص۷۷، خزائن ج۲۲ ص۷۰۳)

پس اب نسب نامہ کی تحقیق کی ضرورت ہی نہیں، جب کہ اب تک مغل فارس یا بنی فاطمہ ؓ ہونا ہی طے نہ ہوا، اور سب کا سب خلاف نسب نامہ مشہور کشفی رہا اور اصل نسب نامہ کو مرزاصاحب کے الہام اور وحی الٰہی نے بزعم ان کے غلط ثابت کر دیا۔

انساب کی کتاب سے مرزا صاحب کا قابل اعتماد ابراہیمی نسل ہونا ثابت نہیں۔ باقی اصل میں اس کی ہمیں ضرورت ہی نہیں۔ جب کہ نہ اس آیت کا یہ مطلب ہے نہ کسی نبی کے آنے کا امکان ہے۔ قطعی دلائل سے ثابت ہو چکا۔ بہر حال عدالت خود ملاحظہ فرمائے کہ ہماری بحث کا کوئی بھی جواب نہ ہوا۔

## خلاصہ تاویلات

تیسری آیت: ''اللہ یصطفی...... الخ! (الحج:۷۵)''

۱...... یصطفی میں حال اور استقبال دونوں مراد لینے پر جو مختار مدعیہ نے اعتراض کیا ہے، اس کے لئے (منجد اور جرح گواہ مدعیہ نمبر۱) کا حوالہ پیش ہے۔

۲...... مشترک کے دونوں معنی یکدم لے سکتے ہیں۔ جیسا کہ رأیت عینہ میں لیتے ہیں۔

۳...... چونکہ اس آیت میں یہ صیغہ خدا کے واسطے مستعمل ہے۔ لہٰذا استمرار ہی کے معنی موزوں ہوں گے۔

الجواب:

۱...... میرا اعتراض دونوں حال و استقبال کے معنی یکدم حقیقتاً مراد لینے پر تھا اور بتایا تھا کہ اسے اصطلاح میں عموم مشترک کہتے ہیں اور یہ نا جائز ہے۔ اس کے واسطے لا عموم لہ ای المشترک کہ عموم مشترک نہیں ہوسکتا۔ (نور الانوار ص۸۴، جرح گواہ مدعا علیہ نمبر۱، مؤرخہ ۱۱ر مارچ ۱۹۳۳ء) سے پیش کیا تھا جو بالکل لا جواب رہا۔

البتہ (منجد اور گواہ مدعیہ نمبر۱) کی جرح سے پیش کیا کہ مضارع وہ فعل ہے کہ حال و استقبال دونوں پر دلالت کرے۔ مگر میرا اعتراض مضارع کے اس معنی یا دلالت پر نہیں، بلکہ حقیقتاً ایک ہی استعمال میں بطور عدم مشترک مراد ہونے پر ہے اور وہ بحمد اللہ! لا جواب ہے۔ اس کا کوئی جواب نہیں۔ مفصل اصل بحث میں ملاحظہ فرمائیں۔

۲...... رأیت عینہ، اپنی طرف سے مثال گھڑ کر میرا پیش کردہ حوالہ (نور الانوار ص۸۴) عموم مشترک کا نہیں توڑ سکتے۔ بہر حال ایک ہی معنی مراد لئے جاسکتے ہیں۔ جیسا کہ بحث میں بیان کر چکا۔

۳...... مضارع میں استمراری معنی حقیقی نہیں بلکہ مجازی ہیں اور یہاں کوئی قرینہ صارفہ مجبور نہیں کرتا کہ خواہ مخواہ کفریہ مضمون بنانے کے واسطے حقیقی معنی کو چھوڑ کر مجازی لئے جائیں۔ بلکہ اس کے نہ مراد ہونے پر قرائن ہیں، جو بحث میں پیش کر چکا اور خدا کی طرف نسبت ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ استمرار مراد ہو۔ بلکہ حال یا استقبال ہی مراد ہوتا ہے۔ تمام قرآن پاک میں سینکڑوں مثالیں موجود ہیں اور مختار مدعا علیہ کے ادّعاء کی ایک بھی نہیں مل سکتی۔ میں نے (خازن ج۵ ص۲۳) سے اس کا شان نزول پیش کر کے عرض کیا تھا کہ یہاں اجراء نبوت وغیرہ کا کوئی بھی تذکرہ نہیں۔ صرف اہل مکہ کے اس اعتراض کا جواب دینا ہے کہ اللہ نے بشر جو ہم جیسا تھا رسول کیسے بنالیا۔ جواب مرحمت فرمایا گیا کہ: ''اللہ یصطفی من الملائکۃ...... الخ! (ایضاً)'' کہ یہ کسبی نہیں کہ کوئی معیار ہو بلکہ اللہ کے نظر وانتخاب پر موقوف ہے جسے چاہے برگزیدہ کرے۔ وہ ملائکہ کو بھی رسالت کے واسطے چنتا ہے اور لوگوں سے بھی۔ چنانچہ چنا اور پھر جب چاہا یہ سلسلہ خاتم النّبیین سے بند فرمادیا کوئی محل اعتراض نہیں۔ اس کا کوئی بھی جواب نہ ہوسکا اور اصل اعتراض لا جواب رہی رہا۔

چوتھی آیت: ''اھدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیھم (الفاتحہ:۵،۶)''

اس کے جواب میں مختار مدعا علیہ سے کچھ بھی نہ ہوسکا اور محض یہ تاویل کی کہ۔

۱...... (ایام الصلح) سے جو اسی آیت کے جواب میں تائید پیش کی گئی وہ گواہان مدعا علیہ کے معنی کے متضاد نہیں۔ کیونکہ اس میں اور نبوت کا انکار ہے اور گواہان مدعا علیہ اور قسم کی ثابت کرتے ہیں۔
۲...... (کشتی نوح) میں (ایام الصلح) کے خلاف مضمون ہے۔
۳...... جو ترجمہ آیت پیش کیا ہے اس دعا کے مفہوم سے مطابق ہے جو اس آیت میں ہے۔

الجواب:

۱...... (ایام الصلح) میں مطلقاً انکار ہے اور یہ کتاب اس زمانہ کی ہے، جب کہ دعویٰ نبوت کا وہم وگمان بھی مرزاصاحب کو نہ تھا، بلکہ نبوت پر پردہ پڑا تھا۔ کیونکہ اس کا سن تالیف یکم؍جنوری ۱۸۹۹ء ہے۔ عدالت خود (ایام الصلح) کی عبارت سے میرے جواب کا مقابلہ فرمالے۔ تفصیل اصل بحث میں ہے۔
۲...... (کشتی نوح) ۵؍اکتوبر ۱۹۰۲ء کی دعویٰ نبوت اور نبوت سے پردہ اٹھنے کے بعد کی ہے۔ لہٰذا اس سے اس کا تعلق نہیں۔ اس وقت تو تمام آیات واحادیث میں تحریفات کر چکے تھے۔
۳...... آیت: ’’اھدنا الصراط المستقیم (الفاتحہ:۵)‘‘ کا یہ ترجمہ کہ: ’’ہمیں ان لوگوں سے بنا جن پر تیرا انعام ہوا۔‘‘ محض تحریف اور غلط ہے اور یہ کہنا کہ بلا اس معنی کے یہ دعا نہ ہوگی، یہ بھی غلط ہے۔ دعا ماننے پر بھی صحیح معنی یہ ہوں گے۔ ’’ہمیں ان لوگوں کے راستہ پر چلا جن پر تیرا انعام ہوا۔‘‘ اس سے یہ بھی معلوم ہوگیا کہ مختار مدعا علیہ یا اس کے گواہان اپنی مطلب برآری کے واسطے کس قدر غلط تاویلات اور ترجمہ میں تحریف کر لیتے ہیں اور اپنے زعم کے مطابق اپنے کو نبی بنانے کی روزانہ دعا کرتے ہیں اور سکھاتے ہیں۔
باقی جو اصل جوابات اس آیت کے بحث میں دیئے تھے ان کا نام تک نہ لیا اور وہ لاجواب ہی رہے۔

## خلاصہ تاویل

پانچویں آیت: ’’ومن یطع اللہ والرسول ...... الخ! (النساء:۶۹)‘‘

۱...... مختار مدعا علیہ نے معیّت سے نبی ہونا مراد لینے پر بخاری سے قول نبی کریم ﷺ وقت وصال مع الذین انعم علیھم اور حدیث التاجر الصدوق یحشر مع الانبیاء پیش کی اور اگر غور سے دیکھی جائیں تو ہمارے موافق ہیں۔
۲...... اس آیت سے یہ مراد کہ نبیوں کے ساتھ ہوں گے نبی نہ ہوں گے...... الخ! کوئی عقل مند انسان ماننے کے لئے تیار نہیں۔
۳...... ’’توفنا مع الابرار (آل عمران:۱۹۳)‘‘ اور ’’فاکتبنا مع الشاھدین (آل عمران:۵۳)‘‘ وغیرہ میں مع بمعنی من ہے کہ ہمیں ان کے زمرے سے کردے۔
۴...... خدا کی معیّت کی آیاتوں کو اس پر قیاس کرنا درست نہیں۔

الجواب:

۱...... اس استعمال سے صرف میں نے یہ بتایا ہے کہ اگر نبی بننا مراد ہوتا تو اسے بطور تحصیل حاصل استعمال نہ فرماتے، نیز اسی اصول پر ہر تاجر صدوق نبی بن جاتا یا بن سکتا۔ حالانکہ یہ مراد نہیں۔ تفصیل اصل بحث سے ملاحظہ ہو۔ اس سے لاجواب ہوکر ادھر ادھر رلانا شروع کر دیا۔
۲...... یہ کہنا کہ اس آیت سے یہ مراد لینا کہ نبیوں کے ساتھ ہوں گے، نبی نہ ہوں گے...... الخ! کوئی عقل مند انسان ماننے کے لئے تیار نہیں۔ اس کا جواب عدالت کے امتیاز خصوصی پر چھوڑتا ہوں اور صرف یہ گزارش کرتا ہوں کہ آج تک نبی کریم ﷺ، صحابہ کرامؓ، ائمہ وبزرگان دین، سلف وخلف تو یہی معنی کرتے چلے آئے۔ اب مختار مدعا علیہ انہیں جو چاہے کہے اور جو چاہے سمجھے، میں نے تو اس کا شان

نزول اور صحابہ سے روایت مرزا صاحب کے رئیس المفسرین (ابن جریر ج۲۲ ص۱۲ و ج۱ ص۵۹) سے پیش کردی تھی جسے لاجواب سمجھ کر جواب میں ذکر تک نہ کیا۔ اصل بحث ملاحظہ ہو خود نبی کریم ﷺ نے بھی یہی مراد سمجھا۔ (بخاری ج۲ ص۶۶۰) اصل بحث ملاحظہ ہو، ان درجوں کا وجود دوسری آیت سے پیش کیا تھا۔ اس کا بھی کچھ جواب نہ دیا۔ بہرحال یہ بھی لاجواب رہا۔

۳...... ان امثلہ میں مع بمعنی مجازاً مراد ہونے سے یہ کب لازم آیا کہ ہر جگہ یہی مراد ہو۔ چنانچہ جن لوگوں نے ان امثلہ میں یہ معنی لئے ہیں وہ بھی آیات متنازعہ سے یہ مراد نہیں لیتے۔

۴...... خدا کی معیّت پر قیاس نہیں کرتا، بلکہ ان امثلہ سے اگر مع کے واسطے یہ قاعدہ کلیہ بنالیا جائے۔ جیسا کہ گواہان مدعا علیہ نے بنالیا ہے تو ان کے زعم باطل پر ہر انسان کا خدا بننا یا خدا بننے کی دعا کرنا لازم آئے گا۔ جواب نہ ہوسکا مغالطہ کی سعی کی۔ باقی اصل جو جواب تھا، اس کا ذکر تک نہ کیا۔ اس آیت میں مع سے معیت بمعنی رفاقت مراد ہے اور اس کا ثبوت اسی آیت کا آخری حصہ مصرح موجود ہے کہ ’’وحسن اولٓئک رفیقا (النساء:۶۹)‘‘ یہ انبیاء وصدیقین وصلحاء اچھے رفیق ہیں۔ اس سے بنص قرآن اس استدلال کا خاتمہ ہوجاتا ہے۔ اس کا جوابی بحث میں اشارہ تک نہیں۔ عدالت خود اصل بحث سے ملاحظہ فرمائے۔ معلوم ہوا کہ یہ جواب بالکل لاجواب ہے کوئی تاویل بھی ممکن نہیں۔

## چھٹی آیت استخلاف

خلاصہ تاویلات:

۱...... اس سلسلہ میں جو بحث مختار مدعیہ نے کی ہے وہ قابل التفات ہے۔

۲...... گواہ مدعا علیہ نے خلافت روحانی اور جسمانی دونوں پر چسپاں کی ہے بخلاف مختار مدعا علیہ کے۔

۳...... صرف صحابہ میں منحصر کرنا عموم الفاظ قرآنی کو باطل کرتا ہے اور چند امثلہ۔

۴...... جسمانی بادشاہت تو غیر مؤمنین اور غیر صلحاء کو بھی مل جاتی ہے۔

۵...... تفسیر کبیر کے دو حوالے۔

الجواب: دراصل اس بحث کا کچھ بھی جواب نہیں۔ عدالت اصل بحث کو اس سے مقابلہ فرمائے۔

۱...... الحمدللہ! کہ جواب کے قابل التفات نہ ہونے کو تو مختار مدعا علیہ نے اعتراف کرلیا۔

۲...... یہ غلط ہے کہ مختار مدعا علیہ نے بھی خلافت سے روحانی اور جسمانی کے دونوں مراد لی ہیں۔ البتہ روحانی سے نبی ہونا نہیں بلکہ وارث علوم نبویہ ہونا مراد لیا ہے۔ جیسا کہ بیٹا باپ کا خلیفہ یا مرید پیر کا ہوتا ہے۔ نیز سلطنت ظاہری ولیمکننهم فی الارض سے مراد لیا ہے اور اس پر صریح صریح قرآنی آیات پیش کی ہیں جن کا کوئی بھی جواب نہ ہوسکا۔ اصل بحث سے ملاحظہ ہو۔

۳...... صرف صحابہ میں منحصر کرنا بھی عموم الفاظ کو باطل نہیں کرے گا۔ کیونکہ یہاں عموم نہیں، بلکہ منکم سے خود ہی تخصیص فرمادی ہے اور تمام امت، ائمہ سلف وخلف آج تک اسے صحابہ کرام کے فضائل وخصوصیات سے شمار کرتی رہی ہے۔

۴...... صرف جسمانی بادشاہت نہیں بلکہ روحانی اور وراثت علمی بھی ہمراہ ہے اب کوئی اعتراض نہ رہا۔

۵...... تفسیر کبیر کے دونوں حوالے یہاں سے غیر متعلق ہیں اور یہاں انہیں لگانے سے تفسیر بالآیات جو میں نے پیش کی ہے، بالکل باطل ہوجائے گی۔ نیز امام رازی نے بھی اس آیت کو اسی معنی اور صحابہ کرام پر محمول کیا ہے۔ نیز کسی مطلب کے صریح آیات اور احادیث سے متعین ہونے کے بعد اس کے مخالف کسی کا قول معتبر نہ ہونا مسلمہ فریقین متفقہ مسئلہ ہے۔ پس یہ قطعاً پیش ہی نہیں ہوسکے۔ بہرحال اس کے

قابل التفات ہونے کا اعتراف ہے اور تاویل جوکی ہے۔ وہ ظاہر ہے جو کچھ بھی ہے عدالت خود ہی اصل بحث سامنے رکھ کر ملاحظہ فرمائے۔ باقی آیات کا جواب لاجواب رہا۔

## احادیث سے امکان نبوت کا ثبوت

میں نے اس کا تفصیلاً ایک ایک حدیث کا علیحدہ علیحدہ جواب دیا تھا اور حدیث نواس بن سمعان جس میں نبی اللہ کا لفظ ہے، اس کی تضعیف (ازالہ اوہام ص۵۷۲، خزائن ج۳ ص۴۰۹) سے اور نبی اللہ سے مجازاً نبی ہونا (سراج منیر ص۳، خزائن ج۱۲ ص۵) سے پیش کیا تھا۔ جس سے اجراء نبوت کوئی لازم نہیں آتا۔ اب یہ کہنا کہ مرزاصاحب کا یہ منشاء نہیں بلکہ وہ ہے۔ عدالت خود اصل سے ملاحظہ فرمالے مطلب واضح ہے۔

حدیث محدث والی میں بخاری شریف کے اندر تصریح ہے ''من غیر ان یکونوا انبیاء ...... الخ!'' کہ محدث نبی نہ ہوں گے۔ لہٰذا اس سے بھی اجراء نبوت نہ ثابت ہوا۔ ''ابوبکر خیر الناس بعدی الا ان یکون نبی'' (کنزالعمال) اوّلاً تو کنزالعمال میں ''لا ان یکون نبیا'' بھی ہے کہ ابوبکر نبی نہ ہوں گے۔ باوجود افضل الناس ہونے کے یہ صحیح ہے اور ایسے بکثرت محاورات ملیں گے۔

مرزامظہر جان جاناں کی مدح میں کہا گیا ہے کوئی آج اس کے برابر نہیں۔

وہ سب کچھ ہے۔ الا پیغمبر نہیں۔ باقی کے واسطے بیان گواہ مدعاعلیہ کا حوالہ دیا ہے۔ میں بھی اپنی اصل بحث کے حوالہ پر اکتفاء کرتا ہوں۔ بحمداللہ! ایک دلیل سے بھی اجراء نبوت ثابت نہ ہوسکا۔ فاللہ الحمد!

ختم نبوت ودعویٰ نبوت کا مسئلہ ختم ہوا۔

## تیسری وجہ تکفیر کا اثبات وجواب الجواب

## انکار حشر اجساد ونفخ صور

گواہان مدعیہ نے بیان کیا تھا کہ مرزاصاحب حشر اجساد اور نفخ صور کے منکر ہیں۔ حالانکہ بیسیوں آیات اور احادیث کثیرہ سے یہ بات قطعاً ثابت اور امت کا مسلم عقیدہ ہے جس کا جواب مدعاعلیہ نے یہ دیا ہے کہ مرزاصاحب ہرگز ان امور کے منکر نہیں اور مختلف حوالہ جات ان امور کے متعلق پیش کئے ہیں کہ مرزاصاحب ان امور کو پیش کرتے اور مانتے ہیں۔

مختار مدعاعلیہ اور (گواہ نمبر۱) مدعاعلیہ کے بیان وبحث سے یہ بات تو ثابت ہوگئی کہ فی الواقع حشر اجساد اور نفخ صور کا انکار کرنے والا قرآن واسلام کا مکذب اور مخالف اور کافر ہے۔ لیکن وہ اس بات کو تسلیم نہیں کرتا کہ مرزاصاحب ان امور کے منکر ہیں۔ بلکہ وہ مرزاصاحب کو ان امور کا معتقد اور مقر جانتا ہے۔ لہٰذا اس وجہ کی بناء پر کافر ومرتد نہیں ہیں۔

مختار مدعیہ کی طرف سے اس کا جواب الجواب یہ ہے کہ گو مرزاصاحب نے بعض مقامات میں ان امور کا اقرار کیا ہے۔ لیکن وہ اقرار محض لفظی اور اجمالی ہے اور جہاں انکار ہے، وہ نہایت بسط اور تفصیل سے بیان کیا گیا ہے جس کے بعد اقرار کی حیثیت محض لفظی رہ جاتی ہے نہ حقیقی۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ منافقین کے حق میں فرماتے ہیں: ''اذا جآءک المنافقون قالوا نشهد انک لرسول الله والله یعلم انک لرسوله والله یشهد ان المنافقین لکاذبون اتخذوا ایمانهم جنة فصدوا عن سبیل الله انهم سآء ما کانوا یعملون (المنافقون:۱،۲)'' نیز اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ: ''ومن الناس من یقول اٰمنا بالله وبالیوم الآخر وماهم بمؤمنین یخٰدعون الله والذین اٰمنوا وما یخدعون الا انفسهم وما یشعرون فی قلوبهم مرض (البقرة:۸تا۱۰)''

ماحصل ان آیات مبارکہ کا یہ ہے کہ کسی شخص کا اقرار جب کہ اس کی حالت قطعی طور پر یا اس کا قول یقیناً انکار پر دلالت کرتا ہو۔ کوئی وقعت نہیں رکھتا۔ بس مرزاصاحب نے جب کہ وہ باتیں نہایت بسط اور تفصیل سے لکھ دیں جن سے لازمی اور ضروری طور پر حشر اجساد کا انکار یعنی قبروں سے مردوں کا میدان محشر میں جانا غلط ثابت ہوتا ہے تو اب ان کے اقرار اسی قسم کے ہوں گے۔ جیسے کہ منافقین کے ادّعاء اسلام ورسالت وایمان ہیں جو محض بے سود ہونے کی وجہ سے کالعدم قرار دیئے گئے ہیں۔ چنانچہ قرآن کریم کی محوّلہ بالا آیات اور ان کی مثل اور آیات سے ظاہر ہے۔

## تفصیل وتوضیح

تفصیل اس اجمال کی یہ ہے کہ مرزاصاحب نے یہ اعتقاد پیدا اوایجاد کیا ہے کہ انسان مرنے کے بعد فی الفور جنت یا جہنم میں پہنچ جاتا ہے۔ خواہ وہ اپنے سارے وجود اور تمام قویٰ کے ساتھ داخل جنت وجہنم ہو۔ (جیسے اعلیٰ درجہ کے لوگ صدیق، شہید، انبیاء جو سارے وجود اور قویٰ کے ساتھ داخل جنت ہو جاتے ہیں اور ان کے مقابل بڑے بڑے کافر جہنم میں سارے وجود اور قویٰ سے داخل جہنم ہو جاتے ہیں) یا محض اس کے لئے جنت ودوزخ کی طرف سے کھڑکی کھول دی جائے۔ جیسا عامہ مؤمنین کے لئے جنت کی طرف کھڑکی کھولی جاتی ہے یا ان کے مقابل عامہ کفار کے لئے دوزخ کی جانب سے۔ جیسا کہ مرزاصاحب کی کتاب (ازالہ اوہام ص۳۶۰،۳۶۱، خزائن ج۳ ص۲۸۴،۲۸۵) کی اس عبارت سے ظاہر ہے جس کو گواہ نمبرا نے اپنے بیان میں پیش کیا تھا۔

نیز مرزاصاحب کی کتاب (حمامۃ البشریٰ ص۵۵، خزائن ج۷ ص۲۵۳) میں ہے: ’’**وقد علمت آنفاً ان اهل الجنة والسعير يدخلون مقاميهما بعدموتهم من غير مكث ولا ينظرون القيامة وقال رسول الله ﷺ من مات فقد قامت قيامته**‘‘ یعنی تجھے ابھی معلوم ہو چکا ہے کہ اہل جنت ودوزخ اپنے مرنے کے بعد بلاتاً خیر اپنی اپنی جگہ میں داخل ہو جاتے ہیں اور وہ قیامت کو دیکھیں گے بھی نہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے جو مر گیا اس کی قیامت ہوگئی۔ (۲) جو لوگ سارے وجود اور تمام قوتوں کے ساتھ جنت یا جہنم میں سردست نہیں جاتے وہ بھی یوم الحشر اور یوم الحساب سے پہلے پہلے ترقی کرتے کرتے ادنیٰ درجہ سے اعلیٰ درجہ میں آجاتے ہیں اور صدیقوں اور شہیدوں کی طرح سارے وجود اور تمام قویٰ کے ساتھ بہشت میں ہی داخل ہو جاتے ہیں۔ ملاحظہ ہو (گواہ نمبرا محوّلہ عبارت ازالہ اوہام ص۳۶۱، خزائن ج۳ ص۲۸۵) عبارت۔ ’’ہاں! جب اس درجہ سے ترقی کرتا ہے تو ادنی سے اعلیٰ میں آجاتا ہے۔ اس ترقی کی ایک یہ بھی صورت ہے تا آخر یہاں تک نوبت پہنچتی ہے کہ شہیدوں اور صدیقوں کی طرح سارے وجود اور تمام قویٰ کے ساتھ وہ بہشت میں بھی داخل ہو جاتا ہے۔ (ازالہ اوہام ص۳۶۰،۳۶۱، خزائن ج۳ ص۲۸۵) اور (ص۳۶۴، خزائن ج۳ ص۲۸۷) میں ہے: ’’اب ہماری اس تقریر سے بخوبی ثابت ہوگیا کہ بہشت میں داخل ہونے کے ایسے زبردست اسباب موجود ہیں کہ تقریباً تمام مؤمنین یوم الحساب سے پہلے اس میں پورے طور پر داخل ہو جائیں گے اور یوم الحساب ان کو بہشت سے خارج نہیں کرے گا۔‘‘

(۳۶۱و۳۶۲، خزائن ج۳ ص۲۸۵) میں اس بات کی تشریح وتوضیح کی گئی ہے جو ایک ذرہ بھی ایمان وعمل والے انسان کو یوم الحساب سے پہلے صدیقوں اور شہیدوں کی طرح سارے وجود اور قویٰ کے ساتھ بہشت میں داخل کر دیتے ہیں۔ اس کتاب (ازالہ اوہام) میں تو ادنیٰ مؤمنوں کے لئے بتدریج یوم الحساب سے پہلے داخل بہشت ہونا مانا گیا ہے۔ لیکن (حمامۃ البشریٰ ص۵۵، خزائن ج۷ ص۲۵۳) کی محولہ بالا عبارت میں بلاتاً خیر اہل جنت اور اہل دوزخ کا اپنے مقام پر پہنچ جانا تسلیم کیا ہے جو بظاہر تدریج کے مخالف ہے۔ لیکن ہماری اس سے کوئی غرض وابستہ نہیں۔ مرزاصاحب نے یہ بھی بیان نہیں کیا کہ اہل دوزخ کی ادنیٰ درجہ سے اعلیٰ کی طرف ترقی کیونکر ہوتی ہے۔ لیکن یہ معمولی بات ہے جس طرح ادنیٰ مؤمن کی ترقی کے اسباب ہوتے ہیں۔ اسی طرح کافر کی ترقی الیٰ اقصیٰ مراتب جہنم کے اسباب بھی ہو سکتے ہیں۔

بہرحال مرزاصاحب نے یہ تسلیم کرلیا ہے کہ کوئی بہشتی اور کوئی دوزخی بہشت یا دوزخ سے نکالا نہیں جاتا۔ خواہ کسی درجہ میں ہو۔ ہاں! ادنیٰ درجہ سے اعلیٰ درجہ کی طرف ترقی کر جاتا ہے۔ ملاحظہ ہو (ازالہ اوہام ص۳۶۰، خزائن ج۳ ص۲۸۴،۲۸۵) ''اب حاصل کلام یہ ہے (سے) تو ادنیٰ درجہ سے اعلیٰ درجہ میں آجاتا ہے۔ (تک)'' اب جب کہ تمام لوگ یوم الحساب سے پہلے اپنے سارے وجود اور تمامی قویٰ کے ساتھ یا جنت میں ہوں گے یا جہنم میں اور بموجب عقیدہ مرزاصاحب کوئی آدمی بہشت اور دوزخ سے نکالا نہیں جاسکتا تو اس سے لازمی اور ضروری طور پر یہ ثابت ہوگیا کہ حشر اجساد باطل ہے۔ یعنی مردے قبروں سے اٹھ کر میدان حساب میں جسمانی طور پر نہ جائیں گے۔ چنانچہ مرزاصاحب نے صاف تصریح کردی ہے کہ میدان حساب میں روحانی طور پر لوگ جائیں گے۔ ملاحظہ ہو (ازالہ اوہام ص۳۶۵، خزائن ج۳ ص۲۸۷) بسلسلہ عبارت محولہ (گواہ نمبر۱ مدعاعلیہ) کھڑکی کی مثال سے سمجھ لینا چاہئے۔ (سے) اسی طرح روحانی طور پر بہشتی میدان حساب میں بھی ہوں گے اور بہشت میں بھی ہوں گے۔

مرزاصاحب نے اسی پر اکتفاء نہیں کیا کہ حشر روحانی کی تصریح کی ہو، بلکہ اس سے بڑھ کر قیامت کے دن حضور رب العالمین میں جسمانی طور پر حاضر ہونے کو یا بالفاظ دیگر حشر جسمانی کو یہودیانہ خیال قرار دیا اور تمام امت کو یہودی سرشت قرار دیا جو آج تک حشر جسمانی کی معتقد چلی آتی ہے۔ چنانچہ (ازالہ اوہام ص۳۵۰،۳۵۱، خزائن ج۳ ص۲۷۹) ملاحظہ ہو اور قیامت کے دن بحضور رب العالمین ان کا حاضر ہونا، ان کو بہشت سے نہیں نکالتا۔ (سے) گویا جہنمی لوگوں کو نئے سرے سے جہنم میں داخل کرے گی۔

مرزاصاحب نے اس مقام پر تصریح کردی ہے کہ یوم الحساب میں بھی جنتی جنت میں ہی ہوں گے اور دوزخی دوزخ میں۔ صرف بہشتیوں پر رحم الٰہی کی تجلی ہوگی اور دوزخیوں پر قہر الٰہی کی تجلی ہوگی اور اس طرح پر جنت والوں کو جنت سے نئے رنگ میں دکھلایا جائے گا اور دوزخیوں کو دوزخ نئی شکل میں اور یوم الحساب کے بعد جنت ودوزخ میں داخل ہونے کی یہی حقیقت ہے۔ اسی (حمامۃ البشریٰ ص۵۴، خزائن ج۷ ص۲۵۱) میں ہے:''فیمثل اللہ الجنۃ فی اعین اھلھا بصورۃ ماراء تھا اعینھم قط کما وعد فی کتاب للمسلمین فیکون لھم ذالک الیوم یوم المسرۃ العظمیٰ والسعادۃ الکبریٰ فیدخلونھا فرحین اٰمنین''

''وکذالک تمثل جھنم فی اعین اھلھا فی صورۃ یفجعھم رؤیتھا''

یہاں سے مرزاصاحب کا یہ اعتقاد ثابت ہوا کہ یوم الحساب کے بعد جنت اور دوزخ میں داخل ہونا صرف تمثلی اور محض دکھلاوا ہے اور تحصیل حاصل۔ جیسا سینما کا کھیل۔ مرزاصاحب کے اس عقیدہ سے اسلام کے اس مسلمہ عقیدہ کا انکار لازم آتا ہے جو نصوص قطعیہ سے ثابت ہے کہ بعض مؤمن اپنے فسق وفجور کی وجہ سے جہنم میں جائیں گے جو اپنے اعمال کی سزا بھگت کر یا شفاعت سید المرسلین ﷺ ودیگر انبیاء علیہم السلام یا شفاعت صالحین سے یا محض رحم رب العالمین سے دوزخ سے نجات پاکر داخل جنت ہوں گے۔ کیونکہ بموجب عقیدہ فاسدہ مرزاصاحب دوزخ سے کوئی خارج نہیں ہوسکتا۔

نیز اصحاب اعراف کا بھی انکار ہوگیا جو نصوص قطعیہ قرآن کریم اور احادیث سے ثابت ہے۔ یہ بات بھی مخفی نہ رہے کہ مرزاصاحب نے یہ عقیدہ محض کسی غلط فہمی سے ایجاد نہیں کیا اور نہ وہ اس کے ملحدانہ نتائج سے بے خبر تھے۔ وہ خوب جانتے تھے کہ اس سے اسلامی عقائد میں سخت انقلاب پیدا ہوگا اور معتقدات اسلامیہ زیروزبر ہو جائیں گے۔ لیکن چونکہ ان کی ایک خاص غرض اس عقیدہ سے وابستہ تھی اس کے لئے انہوں نے نصوص قرآن واحادیث کی کچھ پروانہ کی اور یہ عقیدہ تراش لیا کہ جنتی لوگ مرنے کے بعد اور جہنمی فوراً جنت اور جہنم میں چلے جاتے ہیں اور پھر وہ کبھی اس سے نکل نہیں سکتے اور اس پر بعض آیات اور احادیث کی غلط تاویل کر کے استشہاد واستدلال کیا اور یہ

ظاہر کیا ہے کہ گویا وہ اسلام اور مسلمانوں پر قرآن کی باہمی مخالف آیتوں میں تطبیق اور توفیق دے کر تعارض کو دور کر کے احسان کر رہے ہیں۔ گواہ مختار مدعا علیہ نے بھی اپنے جدید امام کی تقلید کرتے ہوئے اس کفریہ عقیدہ کا ہمیں احسان جتلایا ہے۔

مختار مدعا علیہ اپنے جواب بحث میں کہتا ہے کہ (مرزا صاحب نے) جو آیات اور احادیث ان مسائل کے متعلق پائی جاتی ہیں۔ ملحدین کے اعتراض کو ملحوظ رکھ کر ان میں تطبیق فرمائی ہے تو یہ تقریر جواز الہ اوہام میں بیان ہوئی ہے تو وہ ان مختلف حدیثوں اور آیات کی تطبیق میں ہے۔ پھر مختار مدعا علیہ نے چند آیات اور احادیث ذکر کر کے کہا ہے کہ: ''پس اگر کوئی شخص مرنے کے بعد جنت اور دوزخ میں داخل نہیں ہوتا تو مختار مدعیہ ان آیات اور اپنے عقیدہ میں کہ مردے قبروں سے اٹھیں گے، تطبیق کر کے دکھائیں۔''

مختار مدعا علیہ کی پیش کردہ آیات واحادیث جن کی باہمی تطبیق کے لئے اس نے تحدی اور چیلنج کیا ہے یہ ہیں۔

۱...... ''اغرقوا فادخلوا ناراً (نوح:۲۵)'' کہ نوح کے مخالف غرق کئے گئے پھر انہیں آگ میں داخل کر دیا۔

۲...... ''النار یعرضون علیها غدوا وعشیا (المؤمن:۴۶)'' کہ فرعون صبح وشام آگ پر پیش کئے جاتے ہیں اور جس دن قیامت قائم ہوگی اس دن ہم حکم کریں گے کہ فرعون کو اشد العذاب میں ڈالو۔

۳...... ''یاایتها النفس المطمئنه ارجعی (الفجر:۲۷،۲۸)'' اس آیت کا ماحصل یہ ہے کہ جو نفس خدا کی طرف تسلی پا گیا ہوا سے دیگر بندگان الٰہی کے ساتھ جنت میں داخل ہونے کا حکم دیا جاتا ہے اور اس طرح ایک مؤمن کو بلاتوقف بہشت میں جگہ ملتی ہے۔

۴...... چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ: ''قیل ادخل الجنة قال یالیت قومی یعلمون (یٰسں:۲۶)'' اسے کہا گیا کہ تو جنت میں داخل ہو جا۔

۵...... آنحضرت ﷺ نے جہنم کو دیکھا تو اس میں اکثر عورتیں تھیں تو جنت کو دیکھا اور اس میں اکثر ضعیف تھے۔

۶...... شہداء کے متعلق قرآن میں وارد ہے کہ ان کو مردے مت کہو: ''بل احیآء عند ربهم یرزقون (آل عمران:۱۶۹)'' بلکہ وہ اپنے رب کے پاس زندہ ہیں رزق کھاتے ہیں۔ پھر (کتاب الفصل ج۴ ص۱۳۴) کے حوالہ سے لکھا ہے کہ ابن حزم کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے نص کے طور پر بیان کیا ہے کہ شہداء کے ارواح جنت میں ہیں اور اسی طرح انبیاء کے ارواح بھی بلاشک جنت میں ہیں۔ یہ تھیں وہ مشکلات جن کی بناء پر مرزا صاحب نے سینکڑوں آیات اور احادیث سے ثابت شدہ عقائد حشر اجساد یعنی مردوں کا قبروں سے اٹھنا اور یوم الحساب کے احوال واہوال اور واقعات بعث حشر، وزن اعمال وغیرہ کا انکار کر دیا اور مختار مدعا علیہ کہتا ہے کہ ان آیات واحادیث کے درمیان اور اپنے عقیدہ قبروں سے مردوں کے اٹھنے کے درمیان تطبیق کر کے دکھاؤ۔ گویا مختار صاحب کے نزدیک ان میں تطبیق محال ہے۔ اس لئے انہوں نے مردوں کے قبروں سے اٹھنے کا انکار کر دیا ہے جس کا دوسرا نام حشر اجساد ہے۔ ''یا بعث من فی القبور'' مختار مدعا علیہ نے اپنی مجبوری ظاہر کر دی جس نے ان کو حشر اجساد کا منکر بنایا ہے اور اضطراری طور پر وہ بات انہوں نے مان لی جو ہم منوانا چاہتے تھے اور وہ بڑے اصرار سے انکار کر رہے تھے۔ مرزا اپنی کتابوں میں اور مختار مدعا علیہ نے جواب اور بحث میں آیات واحادیث مذکورہ کی دستاویز سے یہ ثابت کرنا چاہا ہے کہ جو انسان مرتا ہے وہ فی الفور جنت یا جہنم میں چلا جاتا ہے اور مختار مدعا علیہ نے ان آیات اور عقیدہ حشر اجساد یعنی مردوں کا قبروں سے اٹھانے کے درمیان تطبیق کا مطالبہ کیا جو ہم بفضلہ وتوفیقہ تعالیٰ پورا کرتے ہیں۔

حقیقت یہ ہے کہ ان آیات واحادیث بلکہ کسی آیت وحدیث سے یہ ثابت نہیں ہوسکتا کہ ہر انسان مرنے کے بعد فی الفور جنت یا جہنم میں چلا جاتا ہے۔ بلکہ دخول جنت یا جہنم، بعث حشر، وزن اعمال، حساب کتاب کے بعد ہوگا۔ البتہ دار دنیا اور یوم البعث کے درمیان

فی زمانہ میں جس کا نام برزخ ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:’’من ورآء هم برزخ الیٰ یوم یبعثون (المؤمنون:۱۰۰)‘‘ حسب مراتب ثواب یا عذاب ہوتا ہے۔ قرآن سے بھی یہ بات ثابت ہوتی ہے اور احادیث میں اس کی بہت تصریح اور تفصیل آتی ہے۔ نیک انسان جنت کی خوش ہوا، روح وریحان وغیرہ سے متمتع ہوتا ہے اور جنت کی طرف سے اس کے لئے کھڑکی کھول دی جاتی ہے۔ بدانسان دوزخ وغیرہ کی تکلیف پاتا ہے اور دوزخ کی طرف سے اس کے لئے کھڑکی کھول دی جاتی ہے۔ ماسواء اس کے احادیث میں بہت تفصیل ہے۔ شہداء کے لئے زیادہ خصوصیت سے مذکور ہوا کہ ان کی ارواح جنت میں جاکر متمتع ہوتی ہیں۔ سیدالمرسلین ﷺ کو تو اس دار دنیا میں ہوتے ہوئے بھی سیر جنت سے مانع نہ تھا، بلکہ واقع میں جیسا کہ احادیث میں مصرح ہے۔ لیکن ان امور میں کس طرح قیاس وگمان کو دخل نہیں جو نصوص سے ثابت ہو، اس کا ماننا ضروری ہے۔ یہ بھی آیا ہے:’’القبر روضة من ریاض الجنة او حفرة من حفر النیران‘‘ لیکن یہ باغ اور آگ کا گڑھا محض برزخی اور عارضی ہے جو یوم البعث والحشر پر ختم ہو جائے گا نہ وہ جنت جو یوم الحساب کے بعد عطاء ہوگا جس سے کوئی نکالا نہ جائے گا جس کا نام دارالسلام بھی ہے۔ جس میں ادنیٰ آدمی کو زمین وآسمان کی وسعت کے مطابق حصہ دیا جائے گا جس کے بعد اندوہ ورنج کا نام نہ رہے گا۔ علی قلب بشر جس کی نسبت حدیث قدسی میں ہے:’’اعددت لعبادی الصالحین مالاعین رأت ولا اذن سمعت ولا خطر علی قلب بشر‘‘ جس میں سے اہل کبائر مؤمن نکالے جائیں گے اور کفار لا یقضیٰ علیهم فیموتوا ولا یخفف عنهم من عذابها کے ماتحت وہیں رہیں گے۔ (والتفصیل کثیرۃ فی القرآن والاحادیث)

اس تمہید کے بعد گزارش ہے کہ مختار مدعاعلیہ نے آیت نمبرا پیش کی ہے:’’نوح علیہ السلام کے مخالف غرق کئے گئے اور انہیں آگ میں داخل کر دیا۔‘‘ اس میں کوئی لفظ ایسا نہیں ہے جو اسلامی عقیدہ’’بعث من فی القبور‘‘ اور حشر اجساد کے مخالف ہو۔ بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ اس نے نار سے جہنم سمجھ لیا ہے اور عام کو بلاوجہ خاص قرار دے کر اپنا دلی شوق پورا کر لیا ہے اور خواہ مخواہ قرآن کریم میں تعارض پیدا کرنے کی کوشش کی ہے۔ مگر یہ سعی بالکل بے سود ہے۔ کیونکہ نارا کا لفظ نار آخرت اور جہنم کے لئے مخصوص نہیں بلکہ دنیا اور نار برزخ سب کو شامل ہے۔ پھر کیا ضرورت ہے کہ اس سے نار آخرت اور جہنم مراد لے کہ حشر اجساد کے قطعی اور محکم عقیدہ سے اس کو ٹکرایا جائے۔ کیوں نہ اس سے مراد نار برزخ اور عذاب قبر لیا جائے اور اگر بالفرض نار آخرت اور جہنم بھی مراد لیا جائے تو بھی توجیہ بخوبی ہو سکتی ہے اور حشر اجساد سے قطعاً کوئی زحمت نہیں ہوتی۔ کیونکہ امور مستقبلہ کو جن کا وقوع قطعی اور یقینی ہو، عموماً قرآن کریم بصیغہ ماضی بیان کرتا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ قرآن کریم کے اس قسم کے محاروں سے کسی کو ان کا انکار نہیں ہوگا اور نہ ہی مختار مدعاعلیہ ان کا انکار کر سکتے ہیں۔ تاہم مزید تسلی واطمینان کے لئے کچھ مثالیں پیش کرتا ہوں۔’’فوقاهم اللّٰه شر ذالک الیوم ولقاهم نضرة وسرورا وجزاهم بما صبروا جنة وحریرا (الدهر:۱۱،۱۲)‘‘

اس جگہ تین صیغہ ماضی کے ہیں جن میں اللہ تعالیٰ نے امور مستقبلہ کو جو یوم الآخرۃ میں پیش کرنے والے ہیں یقینی اور قطعی الوقوع ہونے کی وجہ سے بصیغہ ماضی ذکر فرمایا ہے۔ اسی طرح ان سے اگلی آیات ہیں:’’وحلّوا اساور من فضة وسقاهم ربهم شرابا طهورا‘‘ میں صیغہ ماضی استعمال ہوا ہے۔ ان آیات میں اللہ تعالیٰ نے ان ابرار اور نیکوں کی جزاء کا بیان کیا ہے جو دنیا میں نیک کام ایفاء نذر اور مساکین کو طعام دینا وغیرہ اعمال صالحہ کرتے ہیں اور قیامت کے خوفناک دن سے ڈرتے ہیں۔ صرف مردوں کا ذکر نہیں بلکہ جو عہد نبوی میں تھے یا بعد میں ہوئے اور ہوں گے، ان سب کے ثواب کو جو آئندہ ان کو ملنے والا ہے، بصیغہ ماضی بیان کیا گیا ہے۔ تفسیر بیضاوی میں’’فادخلوا نارا‘‘ کے ماتحت لکھا ہے:’’المراد عذاب القبر‘‘ یعنی اس ادخال نار سے مراد عذاب قبر ہے۔ یعنی برزخی نار مراد

ہے۔ پھر دوسرا احتمال ذکر کر کے اس کی بھی توجیہ کر دی ہے۔ ’’او عذاب الاخرة والتعقیب لعدم الاعتداد بما بین الاغراق والادخال اولاده المسبب کالمتعقب لسبب وان تراخی عنه لفقد شرط الوجود مانع لغیرٍ‘‘ یا عذاب آخرت مراد ہے۔ اسی صورت میں تعقیب یعنی اغراق کے پیچھے ادخال نار کا ذکر اس وجہ سے ہے کہ درمیانی زمانہ برزخی کو نظر انداز کیا گیا ہے۔ اس لئے کہ سبب موجود ہونے کے بعد وجود سبب گو وہ کسی شرط کے نہ موجود ہونے یا کسی مانع کی وجہ سے پیچھے آئے بمنزلہ متعقب ہی کے ہے۔ کمالین حاشیہ جلالین میں ہے: ’’المراد بادخالهم النار ادخالهم فیها فی البرزخ قال الضحاک یغرقون فیها من جانب ویحرقون فیها من جانب وقال مقاتل فادخلوا ناراً فی الله اخرة والتعقیب علی ذالک لعدم الاعتداد وبما بین الاغراق والادخال کانه نومة‘‘ یعنی ان کو آگ میں داخل کرنے سے برزخ کی آگ میں داخل کرنا مراد (جیسا کہ) ضحاک نے کہا ہے کہ وہ ایک طرف غرق کئے جاتے تھے، دوسری طرف جلائے جاتے تھے۔ مقاتل نے کہا ہے کہ نار آخرت مراد ہے۔ اس صورت میں تعقب اغراق اور ادخال نار کے درمیانی زمانہ کے اعتبار نہ کرنے سے اور نظر انداز کر دینے کی وجہ سے ہے۔ گویا وہ ایک نیند ہے۔ میں کہتا ہوں کہ صاحب کمالین کا یہ قول کہ گویا وہ ایک نیند ہے بالکل صحیح ہے۔ کیونکہ قرآن شریف سے ثابت ہے کہ قبروں سے نکلنے کے بعد لوگ یہی کہیں گے۔ ’’یاویلنا من بعثنا من مرقدنا (یٰس)‘‘ اے افسوس ہماری خواب گاہوں سے ہمیں کس نے جگا دیا۔ پھر خود ہی کہیں یا انہیں کہا جائے۔ ’’هٰذا ما وعد الرحمن وصدق المرسلون‘‘

مذکورہ بالا بیان سے ظاہر ہے کہ نار سے مراد نار برزخ ہے اور اس میں کوئی اشکال نہیں اور نہ کوئی ایسا لفظ ہے جس سے ہم نار جہنم مراد لینے پر مجبور ہو جائیں اور اگر نار آخرت اور عذاب جہنم بھی مراد لیا جائے تو بھی بلاتکلف توجیہ ہو سکتی ہے۔ جیسا کہ مفسرین کے حوالہ سے ہم نے بیان کیا ہے اور امور مستقبلہ میں ماضی کا استعمال کلام اللہ میں بکثرت ہے۔ لہٰذا عقیدہ اہل اسلام ’’بعث من فی القبور‘‘ یا حشر اجساد سے اس کا کوئی تعارض وتزاحم نہیں ہے اور مرزا صاحب کا اس تعارض وتزاحم کا بہانہ سے کفریہ عقیدہ کا تراشنا الحاد اور ہوس خام ہے۔

## دوسرا اشکال اور اس کا حل

آیت جس کو مختار مدعا علیہ نے اسلام کے قطعی عقیدہ کے متعارض سمجھ کر اس کی تطبیق کا مطالبہ کیا ہے، وہ ہے جو عذاب فرعون اور فرعونیوں کے متعلق سورۂ مؤمن میں ہے: ’’النار یعرضون علیها غدوا وعشیا ویوم تقوم الساعة ادخلوا اٰل فرعون اشد العذاب (المؤمن:۴۶)‘‘

اس کے ماقبل ہے: ’’فوقاه الله سیئات مامکروه وحاق باٰل فرعون سوٓء العذاب النار یعرضون...... الخ!‘‘ یعنی مؤمن آل فرعون کو تو اللہ تعالیٰ نے ان کے برے منصوبوں سے بچالیا اور آل فرعون پر برا عذاب نازل ہوا (غرق کئے گئے پھر) صبح اگلے پہر اور پچھلے پہر آگ پر پیش کئے جاتے ہیں اور جس دن قیامت قائم ہوگی۔ (تو کہا جائے گا) کہ آل فرعون کو سخت عذاب (یعنی جہنم) میں داخل کر دو۔

علماء نے اس آیت سے عذاب قبر ثابت کیا ہے جو بالکل ظاہر ہے۔ کیونکہ یہاں کے مختلف وقتوں میں مختلف قسم کے عذابوں کا ذکر ہے ایک غرق ہونے کے بعد قیامت تک اگلے پچھلے پہر آگ پر پیش ہونے کا جو نسبتاً اخف العذاب ہے۔ دوسرا قیامت کے بعد اشد العذاب میں داخل ہونے کا جس سے مراد دخول جہنم ہے۔

اگلے پچھلے پہر آگ پر پیش ہونا عذاب قبر ہے جو قیامت سے پہلے ہے۔ اس کی نسبت بخاری، مسلم، ترمذی میں بھی حدیثیں موجود ہیں جو آل فرعون کے علاوہ اس کی عمومیت پر دلالت کرتی ہیں۔ چنانچہ مشکوٰۃ شریف باب اثبات عذاب القبر میں بخاری مسلم کی متفق علیہ

حدیث عبداللہ بن عمرؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو کوئی مرتا ہے تو اگلے پچھلے پہر ٹھکانا اس کو دکھایا جاتا ہے۔ اگر جنتی ہے تو جنت سے اور اگر دوزخی ہو تو دوزخ سے اور اسے کہا جاتا ہے کہ یہ تیرا ٹھکانہ ہے۔ یہاں تک کہ تجھ کو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اٹھائے۔

مشکوٰۃ کے اسی باب کی دوسری فصل میں ترمذی کی ایک حدیث ابوہریرہؓ سے مروی ہے جس کا حاصل مطلب یہ ہے کہ دو فرشتے منکر ونکیر نامی قبر میں سوال کرتے ہیں۔ اس کے بعد صحیح جواب دینے والے مؤمن کی قبر فراخ کر دی جاتی۔ اس میں روشنی کی جاتی ہے اور اسے کہا جاتا کہ تو شادی شدہ کی طرح راحت سے سو جا۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ (قیامت کے دن) اس کو اٹھائے اور اس کے برخلاف کافر کو عذاب ہوتا ہے۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اس کو قیامت کے دن اٹھا کھڑے کرے۔

یہ حدیثیں اور آیت محولہ بالا اتفاق عذاب کی مثبت ہیں۔ ان سے یہ بھی ثابت ہوا عذاب قبر کے بعد یوم البعث ہوگا جس کی تفصیل اور آیات واحادیث میں آئی ہے۔ سورۂ یاسین:۵۱ میں ہے: ''ونفخ فی الصور فاذاھم من الاجداث الیٰ ربھم ینسلون'' یعنی قرنا پھونکا جائے گا تو مردے قبروں سے اپنے رب کی طرف چل پڑیں گے۔ سورۂ قمر:۷ میں ''یخرجون من الاجداث کانھم جراد منتشر'' قبروں سے اس طرح نکلیں گے۔ گویا وہ پراگندہ ٹڈی دل ہیں۔ اس مضمون کی بہت آیتیں قرآن کریم میں ہیں جن کا ماحصل یہی ہے کہ نفخ صور کے بعد مردے قبروں سے نکل کر میدان عدالت رب العالمین میں حاضر ہوں گے اور محولہ بالا آیات اور حدیثوں سے یہ بات قطعاً ثابت ہوگئی کہ عذاب قبر یا برزخی عذاب جو اشد العذاب آخرت کے مقابلہ بالکل خفیف ہے اور اسی طرح ثواب ختم ہوکر یوم البعث ہوگا اور مردے قبروں سے نکل کر حاضر عدالت رب العالمین ہوں گے۔

الغرض یہ آیت سربسر ہمارے مذہب کی مثبت ہے اور مرزا صاحب کے عقیدہ کفریہ اور انکار حشر اجساد کی بیخ کنی کر رہی ہے۔ مرزا صاحب کا تو یہ مذہب تھا کہ ہر انسان مرنے کے بعد فوراً جنت یا جہنم میں چلا جاتا ہے۔ پھر اس سے نکل نہیں سکتا۔ بڑے سرکش کا فراپنے سارے وجود اور تمام قویٰ کے ساتھ داخل جہنم ہو جاتے ہیں۔ لیکن اس آیت نے ثابت کر دیا کہ سب سے بڑا کافر فرعون اور فرعونی بھی قیامت کے دن داخل جہنم اور اشد العذاب ہوں گے۔ برزخ میں صرف اگلے پچھلے پہر آگ پر پیش ہوتے ہیں۔ یعنی عذاب القبر میں مبتلا ہیں اور جب احادیث محولہ بالا اور دیگر آیات جن کو کا ذکر محض نمونہ ومثال کے طور کیا گیا۔ اس آیت سے ملا کر یکجائی نظر سے دیکھا جائے تو بشرطیکہ انسان بالکل انصاف وایمان سے خالی نہ ہو۔ قطعاً ویقیناً سمجھ لے گا کہ عذاب قبر وبرزخ کے بعد حشر اجساد وبالکل حق اور عین الحق ہے اور مرزا کا مذہب قطعاً باطل ہے۔

باوجود ایسی کھلی صاف اور واضح نص کے مختار مدعا علیہ کا اس کو اپنے موافق اور ہمارے مخالف سمجھ کر تطبیق کے لئے تحدّی کرنا سخت حیرت انگیز ہے۔ لیکن ہم ان کو ایک طرح سے معذور سمجھتے ہیں۔ کیونکہ ان کا کام محض یہ ہے کہ جو کچھ مرزا صاحب کہہ گئے ہیں، وہی کہے چلے جائیں۔ خواہ وہ بداہۃً باطل ہو اور علمی خودداری اس کے کہنے سے صراحۃً روکتی ہو۔

## (۳)

''یٰایتھا النفس المطمئنہ ارجعی الی ربک راضیۃ مرضیۃ فادخلی فی عبادی وادخلی جنتی'' (الفجر:۲۷تا۳۰)

اس آیت میں حشر اجساد اور ''بعث من فی القبور'' کے خلاف اور متعارض کوئی لفظ نہیں ہے۔ مختار مدعا علیہ کو مرزا صاحب کی تقلید کی وجہ سے وہم ہوتا ہے کہ ہر نفس مطمئنہ کو مرنے کے وقت یہ حکم دیا جاتا ہے کہ فوراً بلا توقف جنت میں داخل ہو جا اور جنت سے نکلنا محال۔ لہٰذا حشر وبعث اجساد محال۔ لیکن اوّل تو اس آیت سے یہ ثابت نہیں ہوسکتا کہ یہ حکم دخول جنت بوقت موت دیا جاتا ہے۔ بلکہ سیاق

آیت سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ قیامت کو ہوگا اور اگر اس کو بھی بالفرض مان لیا جائے کہ یہ حکم بوقت موت ہی ہے تو یہ کیونکر ثابت ہوا کہ اس سے مراد وہی جنت ہے جس میں دخول بعد الحساب ہوگا اور جس سے نکلنا محال ہے۔ ممکن کہ اس سے بحکم حدیث مصطفویہ ﷺ: ''القبر روضة من ریاض الجنة'' روضہ یعنی جنت قبر ہی مراد ہے۔ اس صورت میں بھی یہ آیت حشر وبعث اجساد کے مخالف نہیں ہوسکتی۔ کیونکہ اس جنت سے ضرور ضرور قیامت کے دن نکلنا پڑے گا اور اگر بالکل ہی ارخاء عنان کر کے یہ بھی تسلیم کرلیا جائے کہ وہی جنت مراد ہے جس سے کوئی نہ نکلے گا جس میں دخول کے بعد بعث وحشر اجساد ناممکن ہے۔ جب تک یہ ثابت نہ کیا جائے کہ فی الفور بلاتراضی ومہلت داخل ہونے کا حکم ہے۔ تب تک اسلامی قطعی عقیدہ بعث وحشر اجساد سے یہ آیت متارض نہیں ہوسکتی اور آیت میں ایسا کوئی لفظ نہیں ہے جو اس امر کو قطعاً ثابت کرے۔ لہٰذا اسی صورت میں بھی ممکن ہے کہ یہ محض اذن اور بشارت دخول جنت ہے اور جنت میں داخل ہونے کا تحقق اور وقوع اپنے وقت اور شرائط حشر وبعث وحساب کے بعد ہوگا۔

غرض اتنے احتمالات کے ہوتے ہوئے اسی آیت کو عقیدہ بعث وحشر کے خلاف پیش کرنا جس کو نصوص محکمہ قرآن وحدیث قطعاً ویقیناً ثابت کرتی ہیں۔ نفس امارہ کی پیروی ہے۔ ہم یہ ثابت کرتے ہیں کہ حکم دخول جنت قیامت کو ہوگا۔ اس سے پہلے قیامت ہی کا ذکر ہے: ''کلّا اذا دکت الارض دکا دکا وجآء ربک والملک صفا صفا وجیٓ ء یومئذٍ بجهنم یومئذٍ یتذکر الانسان وانی له الذکری یقول یالیتنی قدمت لحیاتی (الفجر: ۲۱ تا ۲۴)'' یہ سب قیامت کا ذکر ہے۔ اس کے بعد عذاب قبر کا ذکران الفاظ میں فرمایا: ''فیومئذٍ لایعذب عذابه احد ولایوثق وثاقه احد (الفجر: ۲۵، ۲۶)'' اس دن یعنی قیامت کے دن میں عذاب کافر کے بعد اسی سلسلہ میں حسب اسلوب اللہ تعالیٰ جو مؤمن اور کافر کا بالمقابل ذکر کرتا ہے۔ قرآن حکیم نے نفس مطمئنہ کا ذکر فرمایا اور اس کو دخول جنت اور عباداللہ الصالحین کی شمولیت کا حکم دیا گیا۔ پس یہ بھی قیامت کے دن سے ہی متعلق ہے۔ اب معاملہ بالکل صاف ہے اور کسی صورت میں بھی ہمارے مخالف اور متعارض نہیں۔

## چوتھی آیت

مختار مدعاعلیہ نے چوتھی آیت یہ پیش کی ہے اور کہا ہے اور ''اسی طرح ایک مؤمن کو بلاتوقف بہشت میں جگہ ملتی ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ''قیل ادخل الجنة قال یالیت قومی یعلمون (یٰس: ۲۶)'' اسے کہا گیا کہ تو جنت میں داخل ہوجا۔'' اس کا جواب بھی وہی ہے جو اس سے پہلے ''فادخلی فی عبادی وادخلی جنتی (الفجر: ۲۹، ۳۰)'' میں مذکور ہوا۔ علاوہ براں جس شخص کو اس آیت میں ذکر ہے۔ اگر وہ شہید ہے تو شہداء بالخصوص ماذون دخول جنت ہوتے ہیں۔ پس امر دخول جنت بشارت واکرام اور اذن کے لئے ہے۔ نیز ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں کہ امور مابعد الموت میں قیاس وگمان سے کوئی بات ثابت نہیں کی جاسکتی جس قدر نص سے ثابت اتنا مسلم لیکن زیادتی ناقابل تسلیم ہے۔ پس اس سے یہ خیال کر لینا کہ ہر شخص بلاتوقف جنت میں چلا جاتا ہے، قطعاً ناروا ہے۔

نیز شہداء کا داخل جنت ہونا یوم الحساب کے بعد داخل ہونے کی طرح نہیں ہوسکتا۔ البتہ ان کو جنت میں سیر وتمتع کا اذن حاصل ہے اور یوم الحساب کے بعد وراثت اور سکونت ہوگی۔ ''تلک الجنة التی اورثتموها بما کنتم تعملون'' اور (حج) میں ہے: ''والذین هاجروا فی سبیل اللّٰه ثم قتلوا اوماتوا لیرزقنهم اللّٰه رزقاً حسناً وان اللّٰه هو خیر الرازقین لیدخلنهم مدخلایرضونه وان اللّٰه لعلیم حلیم'' اس آیت سے صاف طور پر ثابت ہوتا ہے۔ مہاجرین شہید شدہ لوگوں کو یا جو اپنی موت سے بغیر قتل کے مر چکے ہیں۔ ان کو اللہ تعالیٰ ان کے پسندیدہ مقام یعنی جنت میں زمانہ مستقبل میں فرمائے گا نہ کہ ان کو داخل کردیا ہے۔ ماضی کا صیغہ نہیں ہے بلکہ قطعاً صیغہ استقبال ہے۔ شہداء اور انبیاء سب کے سب میدان حساب میں بعث وحشر کے بعد حاضر ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ''نفخ فی الصور

فصعق من فی السمٰوٰت ومن فی الارض الّا من شاء اللہ ثم نفخ فیه اخری فاذاھم قیام ینظرون واشرقت الارض بنور ربھا ووضع الکتاب وجآئ بالنّبیین والشھدآء وقضی بینھم بالحق (زمر:۶۸،۶۹)‘‘ ماحصل یہ ہے کہ نفخہ ثانیہ کے بعد انبیاء اور شہداء بھی قضاء رب العالمین کے لئے پیش کئے جائیں گے۔ پھر فیصلہ الٰہی کے بعد دوزخی دوزخ کی طرف اور جنتی جنت کی طرف چلائے جائیں گے۔ جیسا کہ ان سے بعد کی آیات میں مذکور ہے۔ غرض بعث وحشر ایک ایسی ضروری اور لابدی چیز ہے جس سے کوئی مستثنیٰ نہیں ہوگا۔ معلوم نہیں کہ ایسی صاف اور قطعی چیز کے انکار کے لئے کیوں حیلے حوالے کئے جاتے ہیں۔ قرآن کریم نے جس صفائی اور تفصیل سے اس مسئلہ کو بیان کی اس میں کسی شک وتاویل کی گنجائش نہیں۔ اس ضمن میں نمبر۶ کا جواب بھی ہوگیا جو مختار مدعا علیہ نے شہداء کے متعلق بیان کیا ہے۔ غرض یہ امور بھی کسی طرح اسلامی مسلم عقیدہ کے مزاحم اور متارض نہیں ہوسکتے۔

یہ جواب جو مذکور ہوا، اس صورت میں ہے کہ اس شخص کو شہید مانا جائے۔ لیکن قرآن کریم سے اس کا کوئی ثبوت نہیں ہوتا۔ قرآن کریم سے تو ثابت ہوتا ہے کہ بحالت حیات ہی اس کو دخول جنت کا حکم دے دیا گیا تھا۔

چنانچہ ارشاد ہوتا ہے: ’’انی اٰمنت بربکم فاسمعون قیل ادخل الجنة‘‘ یعنی اس شخص نے اپنی قوم کو وعظ ونصیحت کی رسولوں کا اتباع کرو اور شرک سے بیزاری کا اظہار کیا اور یہ کہا کہ میں اپنے رب پر ایمان لاتا ہوں تو اس سے کہا گیا۔ جنت میں داخل ہوجا، یہاں سے تو اس شخص کا زندہ ہونا معلوم ہوتا ہے اور بحالت زندگی ہی اس کو بشارت اور اکرام کے طور پر کہا گیا اور دخول جنت کا حکم سنادیا گیا۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ اسی وقت زندہ جنت میں چلا جا۔ بلکہ یہ مطلب ہوگا کہ اپنے وقت پر جنت میں چلے جانا۔ تیرے جنتی ہونے کا فیصلہ ہوچکا ہے۔

اسی طرح سورہ مرسلات:۲۹ میں مکذبین کو حکم دیا گیا۔ ’’انطلقوا الی ما کنتم به تکذبون‘‘ یعنی جس عذاب کو تم جھٹلاتے تھے، اس کی طرف چلو۔ حالانکہ مکذبین کے ساتھ فوت شدہ کی کوئی قید نہیں، بلکہ ’’الم نخلقکم من مآء مھین‘‘ کے خطاب سے جو ماقبل میں ہے ان کا زندہ ہونا مفہوم ہوتا ہے۔

الغرض اللہ تعالیٰ امور مستقبلہ کو جن کا وقوع اس کے علم میں قطعی ہوتا ہے۔ وقوع شدہ کی طرح بیان فرمادیتا ہے اور ان کا حکم فی الحال دے دیتا ہے۔ اگرچہ ان کا وقوع مابعد میں اپنے وقت معین پر ہونے والا ہو۔

نمبر۵ کا جواب:

۱...... اسی طرح سید المرسلین ﷺ بھی اپنے اس علم قطعی کی بناء پر جو ان کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطاء کیا گیا، امور مستقبلہ ان کو بصورت وقوع دکھائے گئے۔ ان مستقبلات کو ایسے الفاظ میں بیان فرمادیتے تھے جو وقوع پر دلالت کرتے ہیں اور ان سے بظاہر یہ معلوم ہوا ہے کہ یہ باتیں گویا واقع ہوچکی ہیں۔ لیکن دراصل ایسا سمجھنے والا صریح غلطی کرتا ہے۔ جیسا کہ مرزاصاحب اور مختار مدعا علیہ نے کی ہے۔ مختار مذکور کہتے ہیں کہ: ’’آنحضرت ﷺ نے جہنم کو دیکھا تو اس میں اکثر عورتیں تھیں اور جنت کو دیکھا تو اس میں اکثر ضعیف تھے۔‘‘ اس سے اس نے یہ سمجھ لیا کہ مرنے والے فوراً جنت اور جہنم میں پہنچ گئے۔ اب حشر وبعث کیونکر ممکن ہے۔ لیکن مرنے والے تو درکنار آنحضرت ﷺ نے تو زندوں کو بھی جنت میں دیکھا ہے۔ حالانکہ وہ اس دنیا میں موجود تھے۔ ملاحظہ ہو (مشکوٰۃ ص۵۶۲، باب مناقب عثمانؓ) آنحضرت ﷺ نے جبل ثبیر سے فرمایا اے ثبیر! ٹھہر جا۔ کیونکہ تجھ پر ایک نبی، ایک صدیق اور دو شہید ہیں۔ یعنی حضرات عمرؓ وعثمانؓ ان کو شہید فرمایا۔ حالانکہ وہ برسوں زندہ رہ کر شہید ہوئے۔

۲…… (مشکوٰۃ ص۵۶۶) ’’ابوبکرؓ فی الجنة وعمرؓ فی الجنة وعثمان ؓ فی الجنة وعلی ؓ فی الجنة وطلحه ؓ فی الجنة والزبیر ؓ فی الجنةو عبدالرحمن بن عوف ؓ فی الجنة و سعدبن ابی وقاص ؓ فی الجنة وسعید بن زیدؓ فی الجنة وابوعبیده بن الجراح ؓ فی الجنة‘‘ یعنی آنحضرتﷺ نے ان دس بزرگوں کی نسبت فرمایا کہ وہ جنت میں ہیں۔ یہ نہیں فرمایا کہ جنت میں جائیں گے۔ بلکہ جملہ اسمیہ کے ساتھ ذکر فرمایا جو استمرار اور ثبوت پر دلالت کرتا ہے۔

۳…… (مشکوٰۃ ص۵۶۶) طلحہ بن عبیداللہؓ کی نسبت فرمایا جس نے زمین پر شہید کو چلتا پھرتا دیکھنا ہو وہ طلحہ بن عبیداللہ کو دیکھ لے۔

۴…… (مشکوٰۃ ص۵۶۶) حضرت علیؓ روایت کرتے ہیں کہ میرے کانوں نے آنحضرتﷺ کے منہ مبارک سے سنا کہ آپ فرماتے تھے، طلحہ اور زبیر جنت میں دونوں پڑوسی ہیں۔ اس میں کوئی صیغہ استقبال کا نہیں، بلکہ امر مستقبل کو بصورت وقوع بیان فرمایا۔

۵…… (مشکوٰۃ ص۱۱۶) آنحضرتﷺ نے بلالؓ کو فرمایا میں نے جنت میں اپنے آگے تمہاری جوتیوں کی آواز سنی۔

۶…… (مشکوٰۃ ص۵۷۴) جابرؓ روایت کرتے ہیں کہ مجھ کو جنت دکھایا گیا تو ابوطلحہؓ کی عورت کو دیکھا اور اپنے آگے آہٹ سنی تو ناگاہ بلالؓ موجود تھا۔

ان احادیث سے جو بطور نمونہ بیان کی گئی ہیں۔ ثابت ہوگیا کہ آنحضرتﷺ نے ان لوگوں کا جنت میں ہونا بیان کیا جو ہنوز زندہ تھے۔ نیز ان لوگوں کو جو زندہ تھے جنت میں ان کی آہٹ سنی ان کو دیکھا۔

اس سے مختار مدعاعلیہ کے اس استدلال کا جواب ہوگیا جو اس نے آنحضرتﷺ کے جنت ونار کو دیکھنے اور اس کہنے سے کہ: ’’دوزخ میں اکثر عورتیں تھیں اور جنت میں اکثر ضعیف لوگ تھے۔‘‘ سے کیا تھا کہ انسان مرکر فی الفور جنت یا جہنم میں چلا جاتا ہے اور اس حدیث کو اسلامی عقیدہ بعث وحشر اجساد کے متعارض سمجھ کر ہم سے تطبیق کا متحدیانہ مطالبہ کیا تھا۔ مختار مدعاعلیہ نے مرزاصاحب کی طرف سے اس عقیدہ کے اختیار کرنے کا یہ عذر بیان کیا تھا کہ انہوں نے قرآن کریم اور احادیث میں ان مسائل کے متعلق جو تعارض پایا جاتا تھا اور ملحدین اس پر معترض ہوتے تھے۔ اس تعارض کو دور کرنے کے لئے یہ وجہ تطبیق پیدا کی ہے۔ گویا یہ ایک خالص اسلامی خدمت ہے اور اسلام اور مسلمانوں پر بہت بھاری احسان ہے۔ لیکن یہ بات سراسر غلط ہے اور اصل بات یہ ہے کہ مرزاصاحب نے اس مسئلہ میں جو الحاد کا دروازہ کھولا ہے وہ محض خودغرضی اور نفس امارہ کی پیروی کے لئے کھولا ہے۔ ورنہ نہ کوئی ملحدین کا اعتراض نہ تعارض۔ جیسا کہ ہمارے بیان سے ثابت ہوچکا ہے۔

اصل بات یہ ہے کہ مرزاصاحب نے جب مورد وحی الٰہی اور مامور من اللہ ہونے کے مختلف دعاوی کئے تو اس وقت من جملہ ان دعاوی کے یہ دعویٰ بھی تھا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ کو مسیح بن مریم بنادیا ہے۔ چنانچہ آپ کا الہام ہے کہ: ’’انا جعلناک المسیح ابن مریم‘‘ لیکن ساتھ ہی یہ بھی تصریح کردی ہے کہ میں بوجہ مشابہت روحانی کے مسیح ابن مریم ہوں اور مسیح علی نبینا علیہ السلام دوبارہ اس دنیا میں تشریف لائیں گے۔ جیسا کہ (براہین احمدیہ ص۴۹۸، خزائن ج۱ ص۵۹۳، براہین احمدیہ ص۵۰۵، خزائن ج۱ ص۶۰۱، براہین احمدیہ ص۳۶۱ حاشیہ، خزائن ج۱ ص۴۳۱) پر اس بات کا صاف اقرار ہے۔ مرزاصاحب بارہ سال تک اس عقیدہ پر رہے اور خداتعالیٰ نے آپ کو اس عقیدہ سے نہ روکا اور نہ اس غلطی پر متنبہ کیا۔ بارہ سال گزرنے پر بقول مرزاصاحب اللہ تعالیٰ نے آپ کو الہام کیا کہ مسیح ابن مریم رسول اللہ فوت ہوچکا ہے اور اس کے رنگ میں ہوکر وعدہ کے مطابق تو آیا ہے: ’’وکان امر الله مفعولا‘‘ یہ اردو عربی کا مجموعہ الہام (ازالہ اوہام ص۵۶۱، ۵۶۲، خزائن ج۳ ص۴۰۲) میں ہے۔

اب مرزا صاحب نے وفات مسیح علیہ السلام کے دلائل دھڑا دھڑ قرآن سے پیش کرنے شروع کر دیئے اور جب بزعم خود وفات مسیح علیہ السلام ثابت کر چکے تو ایک شبہ دل میں گزرا کہ اگر کسی نے یہ کہہ دیا کہ مسیح علیہ السلام فوت شدہ ہی مان لئے جائیں تو ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو عزیر علیہ السلام کی طرح زندہ کر کے دوبارہ دنیا میں بھیج دے۔ اس ناکہ بندی کے لئے مرزا صاحب نے یہ عقیدہ اختراع کیا کہ انسان مرکر فی الفور جنت یا جہنم میں چلا جاتا ہے اور وہاں سے نکلنا محال ہے۔ لہٰذا حضرت عیسیٰ علیہ السلام دوبارہ نہیں آسکتے۔ یہ ہے علت غائی اس عقیدہ کے اختراع کی نہ ملحدین کا جواب اور تطبیق۔ جیسا کہ مختار مدعا علیہ نے بیان کیا اور غلط بیانی اور دھوکا دہی کا ارتکاب کیا اور آیت کریمہ: ’’ویحبون ان یحمدوا بمالم یفعلوا‘‘ کا اپنے آپ کو مصداق بنایا۔

مرزا صاحب کے اس اختراعی اور ملحدانہ عقیدہ کی علت غائی جو ہم نے بیان کی ہے۔ اسی مضمون کے سباق میں موجود ہے جس کا مختار مدعا علیہ نے بیان و بحث میں حوالہ دیا ہے۔ مرزا صاحب (ازالہ اوہام ص۳۴۸،۳۴۹، خزائن ج۳ ص۲۷۸) پر لکھتے ہیں: ’’اب ظاہر ہے کہ جب مسیح فوت ہو چکا تو اب وہ موت کے بعد آ نہیں سکتا۔‘‘ پھر اسی (ص۳۴۹، خزائن ج۳ ص۲۷۸) پر لکھتے ہیں: ’’ماسوا اس کے مسیح ابن مریم جس کی روح اٹھائی گئی بر طبق آیہ کریمہ: ’’یآیتھا النفس المطمئنہ ارجعی الی ربک راضیۃ مرضیۃ فادخلی فی عبادی وادخلی جنتی‘‘ جنت میں داخل ہو چکے۔ اب کیونکر وہ اس غم کدہ میں آجائیں۔‘‘ پھر (ازالہ اوہام ص۳۵۱،۳۵۲، خزائن ج۳ ص۲۸۰) پر لکھتے ہیں: ’’سوال مسیح کے دوبارہ آنے کے ابطال میں جو یہ دلیل پیش کی گئی ہے کہ مسیح کا فوت ہونا ثابت ہے اور ہر ایک مؤمن راست باز مرنے کے بعد بہشت میں داخل ہو جاتا ہے اور ہر ایک جو بہشت میں داخل ہو جاتا ہے۔ وہ بر طبق آیت: ’’وماھم منھا بمخرجین‘‘ ہمیشہ رہنے کا بہشت میں حق رکھتا ہے۔ یہ دلیل صحیح نہیں ہے۔‘‘

ان حوالہ جات سے یہ بات اظہر من الشمس ہوگئی کہ اس خبیث عقیدہ کے ایجاد کی علت غائی خود غرضی اور اپنے غلط دعویٰ مسیحیت کی حفاظت اور بزعم خود حضرت مسیح علیٰ نبینا علیہ السلام کی دوبارہ آمد کا ابطال ہے نہ ملحدین کے اعتراضات کا جواب اور رفع تعارض آیات واحادیث اب ایک بات قابل غور باقی ہے کہ ممکن ہے یہ عقیدہ مرزا صاحب نے غلطی سے اختیار کیا ہو جس سے بعث وحشر ونشر، میزان حساب وغیرہ اور ان کی ان تفاصیل کا جن سے کتاب اللہ اور کتب احادیث رسول اللہ ﷺ مملو ومشحون ہیں اور جن پر مستقل ابواب محدثین نے قائم کر کے ہر ایک باب میں بہت بڑا ذخیرہ احادیث کا رسول اللہ ﷺ سے روایت کیا ہے اور اہل اسلام کا سلف سے خلف تک مسلسل عقیدہ چلا آتا ہے، انکار لازم آتا ہے اور مرزا صاحب کو اس لزوم اور خرابی کا علم نہ ہو اور اس فساد عظیم کی طرف توجہ منعطف نہ ہوئی ہو اور یہ کفر عمداً نہ کیا گیا ہو۔ ایسی حالت میں معذور قرار دے کر ان کی تضلیل وتکفیر سے اعراض کیا جائے تو بہتر ہو تو اس کا جواب یہ ہے کہ مرزا صاحب نے یہ سب کچھ سمجھ کر جان بوجھ کر عمداً محض خود غرضی سے کیا ہے اور نہ اس قسم کا اختراع جس سے معتقدات اسلامیہ قطعیہ پر انقلاب عظیم اور انکار لازم آتا ہو قابل عفو واغماض ہو سکتا ہے۔ خصوصاً جس حالت میں مرزا صاحب ہیں کہ باوجود متنبہ ہونے کے اسی عقید پر اصرار کرتے ہیں اور اس کو طرح طرح کے مغالطوں سے ثابت کرنے کی سعی کرتے ہیں اور اپنے انتہائی استکبار سے سینکڑوں آیات واحادیث سے جو امور قطعاً ویقیناً ثابت ہیں، ان سب کو ٹھکراتے ہیں۔ مرزا صاحب کو اپنے اختراعی عقیدہ کی سب خرابیاں معلوم ہیں۔ لیکن وہ خود غرضی اور اتباع ہوا اور تکبر کی وجہ سے معتقدات اسلامیہ کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ ﷺ کی ذرہ بھر پروا نہیں کرتے اور اپنی ہٹ اور انکار پر بدستور قائم رہتے ہیں۔ بلکہ اس ملحدانہ عقیدہ کے اثبات میں اپنے جدوجہد وسعی کا کوئی دقیقہ باقی نہیں رکھتے۔ چنانچہ مرزا صاحب (ازالہ اوہام بضمن ص۳۵۱،۳۵۲، خزائن ج۳ ص۲۸۰) پر ایک سوال لکھتے ہیں: ’’سوال مسیح کے دوبارہ آنے کے ابطال میں جو یہ دلیل پیش کی گئی ہے مسیح کا

فوت ہونا ثابت ہے اور ہر ایک مؤمن راست باز مرنے کے بعد بہشت میں داخل ہو جاتا ہے اور ہر ایک جو بہشت میں داخل ہو جاتا ہے وہ برطبق آیت:''وماھم منھا بمخرجین'' ہمیشہ رہنے کا بہشت میں حق رکھتا ہے۔ یہ دلیل صحیح نہیں ہے۔ کیونکہ اگر یہ صحیح ہے تو اس سے لازم آتا ہے کہ وہ قصہ صحیح نہ ہو جو عزیر نبی کی نسبت قرآن میں بیان کیا گیا ہے کہ وہ سو برس تک مرا رہا اور پھر خدا تعالیٰ نے اس کو زندہ کیا وجہ یہ برطبق قاعدہ مفروضہ بالا زندہ ہونے سے یہ ماننا پڑتا ہے کہ وہ بہشت سے خارج کیا گیا۔ ایسا ہی اس آیت کو ظاہر پر حمل کرنے سے مردوں کا قبروں سے جی اٹھنا اور میدان حساب میں رب العالمین کے حضور میں آنا، یہ سب باتیں اس آیت کے ایسے معنی کرنے سے کہ راست باز انسان مرنے کے بعد بہشت میں بلاتوقف داخل ہو جاتا ہے اور پھر اس میں سے کبھی نہیں نکلتا، باطل ہو جاتے ہیں اور مسلّمات عقیدہ اسلام میں ایک سخت انقلاب پیدا ہو جاتا ہے۔''

اس سوال سے ظاہر ہے کہ مرزا صاحب کو اپنے عقیدہ مخترعہ کے تمام مفاسد معلوم تھے کہ اس سے مسلمات عقیدہ اسلام میں ایک سخت انقلاب پیدا ہو جاتا ہے جس کی تفصیل کسی قدر بیان ہوئی کہ سینکڑوں آیات واحادیث کا انکار کرنا پڑتا ہے۔ لیکن مرزا صاحب اپنے عقیدہ سے تائب نہیں ہوتے، رجوع نہیں کرتے اور اپنی حقیر غرض کی خاطر نہایت بے پروائی سے معتقدات اور مسلّمات اسلام کو ٹھکراتے ہوئے بزبان حال یہ شعر پڑھ دیتے ہیں:

ہم تو مانیں گے وہی جس میں ہو مطلب کا نشان باقی سب لغو ہے اور فضول حدیث اور قرآن

(العیاذ باللہ)

اس سوال کے جواب میں مرزا صاحب نے اسی ملحدانہ عقیدہ پر اصرار کیا اور انہیں آیات اور احادیث کو پیش کیا جو مختار مدعا علیہ نمبرا نے اپنے بیان اور بحث میں پیش کی ہیں جن کا جواب بقدر ضرورت ہم دے چکے ہیں اور مرزا صاحب اور مختار صاحب کے مغالطوں اور استدلال کی کیفیت واضح ہو چکی ہے۔ بہرحال مرزا صاحب نے اپنا وہی عقیدہ قائم رکھا اور تحریف معنوی قرآن شریف میں کر کے بزعم خود اس کو ثابت کیا اور نصوص محکمہ قطعیہ قرآن وحدیث کی تحریف کر کے بہت بڑے الحاد کا دروازہ کھول دیا۔ اس پر یہ ستم ظریفی دیکھئے کہ یہ بھی کہے جاتے ہیں کہ ہم سب کچھ مانتے ہیں۔ حشر اجساد مانتے ہیں۔ یوم الحساب مانتے ہیں، یہ مانتے ہیں، وہ مانتے ہیں۔''صدق اللہ تعالیٰ ومن الناس من یقول اٰمنا باللہ وبالیوم الاخر وماھم بمؤمنین یخدٰعون اللہ والذین اٰمنوا (البقرۃ:۸،۹)''اسی طرح مرزا صاحب سب کچھ مانتے ہیں اور درحقیقت کچھ بھی نہیں مانتے۔ لفظ مسلم لیکن معنی ومفہوم کا انکار جب کسی چیز کے لوازم کا انکار صاف صاف ہو تو ملزوم کا انکار خود بخود ہو جائے گا۔ بھلا جب حشر اجساد ہوگا تو اس کی کیا صورت ہوسکتی ہے۔ اس کے لوازم کیا ہیں؟ کیا اس کے سواء کوئی صورت متصور ہوسکتی ہے کہ انسان جہاں ہوں جس حالت میں ہوں، درندہ کھا گیا ہو، جل کر راکھ ہو گیا ہو، دریا میں ڈوب مرا ہو، اس کے ذرات ہوا میں ہوں، مٹی کی قبر میں ہوں، چونے کی قبر میں ہوں:''کما بدأنا اوّل خلق نعیدہ (الانبیاء:۱۰۴)''کے ارشاد خداوندی کے ماتحت نفخہ ثانیہ کے وقت کھڑے ہو جائیں گے۔ جیسا کہ ارشاد حق سبحانہٗ ہے:''ثم نفخ فیہ اخریٰ فاذاھم قیام ینظرون (زمر:۶۸)''پھر جراد منتشر کی طرح پکارنے والے کی آواز پر محشر کی طرف روانہ ہوں۔ جیسا کہ ارشاد ہے:''یخرجون من الاجداث کانھم جراد منتشر مھطعین الی الداع یقول الکافرون ھذا یوم عسر (قمر:۸،۷) واشرقت الارض بنورربھا ووضع الکتاب وجیٓ ء بالنّبیین والشھدآء وقضی بینھم بالحق وھم لا یظلمون، ووفیت کل نفس ماوھو اعلم بما یفعلون، وسیق الذین کفروا الیٰ جھنم زمرا (زمر : ۶۹تا ۷۱) ونفخ فی الصور فاذاھم من الاجداث الی

ربھم ینسلون (یٰس: ۵۱) وعرضوا علیٰ ربک صفا لقد جئتمونا کما خلقناکم اوّل مرة بل زعمتم ان لن نجعل لکم موعداً ووضع الکتاب فتری المجرمین مشفقین مما فیه ویقولون یٰویلتنا ما لھٰذا الکتاب لایغادر صغیرة ولا کبیرة الا احصاھا ووجدوا ماعملوا حاضراً ولا یظلم ربک احداً (کھف:۴۸،۴۹)''

سینکڑوں آیات قرآن مجید کا مقتضیٰ بغیر ان کے کیونکر پورا ہوسکتا ہے کہ انسان اپنے اپنے مقام قبروں سے نکل کر میدان حساب میں رب العالمین کے حضور میں پیش ہوں لیکن مرزاصاحب کسی کو دوزخ اور بہشت سے نکلنے نہیں دیتے، بلکہ ان تمام واقعات یوم الحساب کو یہ کہہ کر ختم کردیتے ہیں کہ جنتیوں پر جنت میں ہی رحم کی تجلی اور دوزخیوں پر دوزخ میں قہری تجلی ہوکر قصہ ختم ہوجائے گا۔ عرش رب العالمین کا آنا ''وجآء ربک والملک صفاً صفاً وعرضوا علی ربک صفا'' بلا ترجمان حساب ہونا وغیرہ مسلّمات عقیدہ اسلام یہ سب یہودیت۔ الغرض مرزاصاحب تمام لوازم بعث وحشر ونشر وغیرہ واقعات مسلمہ قطعیہ کے منکر اور اپنے ملحدانہ عقیدہ پر جس سے قرآن کریم کے اکثر حصہ اور بے شمار احادیث صحیحہ مسلمہ آنحضرتﷺ کا انکار لازم آتا ہے۔ قطعاً اسلام سے خارج ہیں اور تاویلات رکیکہ باطلہ جو سراسر تحریف ہیں، ان کو اس کفر سے پناہ نہیں دی سکتیں اور اس میں کچھ شک نہیں کہ مرزاصاحب عملی طور پر صاف صاف انکار کرتے ہیں۔

## نفخ صور

مرزاصاحب کی کتابوں کے حوالہ سے ثابت کیا گیا تھا کہ وہ نفخ صور کے منکر ہیں اور قرآن میں جو نفخ صور کا ذکر ہے۔ اس سے مسیح موعود مراد لیتے ہیں۔ مختار مدعاعلیہ نے جواب میں کہا ہے کہ مرزاصاحب نے نفخ صور کا انکار نہیں کیا بلکہ (بمعنی متعارف اہل اسلام) وہ نفخ صور کے قائل ہیں اور اس پر دو حوالے شہادت القرآن سے پیش کئے۔ ایک (ص۲۵، خزائن ج۶ ص۳۲۰) سے جس میں مرزاصاحب نے سورۂ زمر کی آیت: ''ونفخ فی الصور فصعق من فی السمٰوٰت ومن فی الارض الا ماشآء اللہ'' (قرآن میں من شاء اللہ ماشاء اللہ نہیں) ''ثم نفخ فیه اخریٰ فاذاھم قیام ینظرون'' کے ماتحت نفخ صور کی دو قسمیں، نفخ اضلال ونفخ ہدایت قرار دی ہیں۔ اس جگہ مرزاصاحب نے دو باتیں لکھی ہیں۔ ایک یہ آیتیں ذوی الوجوہ ہیں۔ دوسرے یہ کہ مسیح موعود کو کلام الٰہی میں نفخ صور کے استعارہ میں بیان کیا گیا ہے۔ مختار مدعاعلیہ کی یہ غرض ہے کہ مرزاصاحب نے جن آیتوں کو ذوی الوجوہ قرار دے کر دونوں عالم سے متعلق کیا ہے تو اس میں نفخ صور بمعنی متعارف کا جس سے قیامت واقع ہوگی۔ اقرار ہوگیا تو گویا نفخ صور سے ایک ہی کلام میں بیک وقت دو معنی مراد ہوئے۔ حقیقی نفخ صور اور مجازی نفخ صور یعنی مسیح موعود، لیکن یہ بات عربیت کے رو سے ممنوع ہے کہ ایک کلام کے بیک وقت حقیقی اور مجازی معنی معاً مراد لئے جائیں۔ نیز مرزاصاحب کا ذوی الوجوہ کہنا بھی ذوی الوجوہ ہے۔ اسی کتاب شہادت القرآن کے (ص۱۶) حاشیہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اغلباً مرزاصاحب کی یہ غرض ہے کہ ان آیتوں کا ایک حصہ تو اس عالم سے متعلق ہے جس میں نفخ صور کا ذکر ہے اور اس سے مراد مسیح موعود ہے اور اس بات کی اس سے بھی تائید ہوتی ہے کہ مرزاصاحب نے اسی جگہ کہا ہے مسیح موعود کو کلام الٰہی میں نفخ صور کے استعارہ میں بیان کیا گیا ہے۔ یہاں علی العموم کلام الٰہی میں نفخ صور کو مسیح موعود کے لئے استعارہ قرار دیا گیا ہے۔ یہ نہیں کہا کہ فلاں آیت میں استعارہ اور فلاں میں حقیقی معنی نفخ صور مزید برآں یہ کہ نفخ صور کی صرف دو قسمیں اسی مقام پر بیان کی ہیں۔

۱...... نفخ اضلال۔　　۲...... اور نفخ ہدایت۔

صور متعارف اسلامی کا نام تک نہیں لیا۔ اگر مرزاصاحب اس کے قائل ہوتے تو لازم تھا کہ جب انہوں نے نفخ صور سے مراد نفخ اضلال اور نفخ ہدایت کی تفصیل کی تھی جو اس عالم سے متعلق ہے تو نفخ صور جو اس عالم سے متعلق تھا۔ اس کا بھی بیان کردیتے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان آیتوں کے ذوی الوجوہ ہونے کے یہ معنی ہیں کہ ان کا بعض حصہ نفخ صور وغیرہ کا تو اس عالم سے تعلق رکھتا ہے اور بعض دوسرا

آخرت سے۔ کیونکہ وہ کسی طور پر اس عالم پر منطبق نہیں ہوسکتا۔ وہ حصہ یہ ہے: ’’وضع الکتاب وجیٓ ء بالنّبیین والشھدآء وقضی بینھم بالحق ووفیت کل نفس ماکسبت وھم لا یظلمون وسیق الذین کفروا الیٰ جھنم (زمر)‘‘ چنانچہ یہی بات مرزاصاحب نے (شہادت القرآن حاشیہ ص۱۶، خزائن ج۶ ص۳۱۱) میں آیت: ’’ونفخ فی الصور فجمعنا ھم جمعاً وعرضنا جھنم یومئذ للکافرین عرضاn الذین کانت اعینم فی غطآء عن ذکری وکانوا لایستطیعون سمعاً‘‘ کے متعلق لکھی ہے۔ ’’ان آیات میں کسی کم تجربہ آدمی کو یہ شبہ نہ گزرا...... بلکہ قیامت کو ہوگا۔‘‘

دوسرا حوالہ مرزاصاحب کو نفخ صور کا قائل ثابت کرنے کے لئے (شہادت القرآن ص۶۴، خزائن ج۶ ص۳۶۱) سے پیش کیا گیا ہے اور وہ یہ ہے: ’’کیونکہ نفخ صور جسمانی احیاء اور اماتت تک محدود نہیں ہے۔ بلکہ روحانی احیاء اور اماتت بھی نفخ صور کے ذریعہ سے ہی ہوتا ہے۔‘‘ مختارمدعاعلیہ نے اس سے یہ سمجھا ہے کہ مرزاصاحب نے جسمانی احیاء واماتت کو نفخ صور کے ذریعہ سے چونکہ مان لیا ہے۔ لہٰذا نفخ صور بمعنی متعارف اسلام کا اقرار ہوگیا۔ لیکن اس میں بھی اس امر کی کوئی تصریح نہیں کی گئی کہ احیاء اور اماتت اخروی بھی نفخ صور سے ہوگی۔ احیاء واماتت جسمانی تو دنیا میں بھی ہورہا ہے اور ہوتا رہے گا۔ بحث تو آخری احیاء اماتت میں ہے جس کی کوئی تصریح مرزاصاحب سے نہیں منقول ہوئی۔ برخلاف اس کے انکار منصوص ہے۔ اسی ص پر چند سطر اس سے پہلے لکھتے ہیں: ’’نفخ صور سے مراد قیامت نہیں ہے۔‘‘ اور عبارت محولہ مختارمدعاعلیہ سے اگلی سطر میں لکھتے ہیں: ’’اور جیسا قرآن میں نفخ سے کسی مجدد کا بھیجنا مراد ہے۔‘‘ اس طرح (ص۲۵، خزائن ج۶ ص۳۲۰) میں ہے: ’’بارھویں علامت مسیح موعود کا پیدا ہونا جس کو کلام الٰہی میں نفخ صور کے استعارہ میں بیان کی گیا ہے۔‘‘ ان حوالوں سے صاف ثابت ہوتا ہے کہ مرزاصاحب نفخ صور سے جو قرآن میں آیا ہے۔ مسیح موعود یا مجدد ہی مراد لیتے ہیں۔ لیکن نفخ صور کے معنی متعارف کی کسی جگہ تصریح نہیں کرتے۔

مختارمدعاعلیہ نے تسلیم کیا ہے کہ: ’’ونفخ فی الصور فجمعناھم جمعاً‘‘ میں مرزاصاحب نے مسیح موعود مراد لیا ہے اور تسلیم کرلیا ہے کہ بلحاظ سباق وسیاق یہ قیامت کا واقعہ نہیں ہے۔ لیکن ہم نے مذکورہ بالا حوالوں سے دکھا دیا ہے کہ مرزاصاحب علی العموم نفخ صور سے جو قرآن میں آیا ہے۔ مسیح موعود بتاتے ہیں: اس آیت میں تو وہ بھی مان گئے کہ قیامت کا نفخ صور مراد نہیں۔ وجہ یہ بیان کی کہ سباق وسیاق قیامت مراد لینے سے مانع ہے۔ مگر یہ سراسر غلط ہے، بلکہ سیاق آیت نفخ صور اخروی کو متعین کررہا ہے۔ ملاحظہ ہو: ث’’ونفخ فی الصور فجمعناھم جمعاً وعرضنا جھنم یومئذٍ للکافرین عرضان الذین کانت اعینھم فی غطآء عن ذکری وکانوا لا یستطیعون سمعاً‘‘ یعنی صور پھونکا جائے گا اور ہم لوگوں کو اکٹھا کریں گے اور اس دن (یعنی قرنا پھونک کر اکٹھا کرنے کے دن) جہنم کو کافروں کے سامنے کریں گے...... الخ! پس یہ نص قطعی ہے کہ اس جگہ نفخ صور سے مراد قیامت کا آنا ہے، نہ مسیح موعود وغیرہ۔

## توہین انبیاء

آنچہ　داداست　ہر　نبی　راجام　داد　آں　جام　را　مرا بتمام

(نزول المسیح ص۹۹، خزائن ج۱۸ ص۴۷۷)

مرزاصاحب کی تعلّی اتنی بڑھی ہوئی ہے کہ ان کی نظر میں ہر انسان دنیا کا ان کو اپنے سے نیچے نظر آتا ہے۔ تفاخر ذاتی کے کلمات ان سے ایسے سرزد ہوتے ہیں کہ انبیاء اولی العزم پر اپنے آپ کو برتر قرار دیتے ہیں۔ شوخی اور گستاخی اس قدر ہے کہ انبیاء کی توہین کو مستلزم ہے۔ یہ اشعار جو مختارمدعیہ کی طرف سے بیانوں اور بحث میں پیش کئے گئے۔ اگر ان کو تاویل تخصیص سے الگ کر کے خالی الذہن ہوکر یکجائی نظر سے دیکھا جائے تو ایک منصف انسان یہ سمجھنے پر مجبور ہوجاتا ہے کہ مرزاصاحب انبیاء علیہم السلام سے اپنے آپ کو برتر ثابت کررہے ہیں اور

دوسرے انبیاء کی توہین اور استخفاف ہو رہا ہے۔ مختار مدعیہ نے مرزاصاحب کے اس شعر کا یہ مطلب بیان کیا تھا کہ مرزاصاحب ہر ایک نبی کے جام کے حصول کے مدعی ہیں جس میں آنحضرت ﷺ بھی شامل ہیں تو گویا مرزاصاحب تمام کمالات انبیاء علیہم السلام کے جامع ہوئے۔ اس سے تمام انبیاء پر فضیلت ثابت ہوئی۔

مختار مدعاعلیہ کہتا ہے کہ اس کا مطلب صرف اس قدر ہے کہ جس طرح اللہ تعالیٰ نے ہر ایک نبی کو اپنی معرفت کا جام پلایا بطفیل آنحضرت ﷺ مجھے بھی پلایا۔ اس میں نہ افضیلت کا ادّعاء ہے نہ دوسرے انبیاء کی توہین واستخفاف۔ اگر ان کو ادّعاء افضیلت ہوتا تو یہ کیوں کہتے کہ:

انبیاء گرچہ بودہ اند بسے　　من بعرفان نہ کمترم زکسے

(نزول المسیح ص۹۹، خزائن ج۱۸ ص۴۷۷)

یعنی میں عرفان میں کسی نبی سے کم نہیں، بلکہ یوں کہتے ہیں میں ان سے بہت بڑھا ہوا ہوں۔ نیز یہ بھی نہ کہتے کہ:

وارث مصطفیٰ شدم بیقین　　شدہ رنگین برنگ یا حسین

(نزول المسیح ص۹۹، خزائن ج۱۸ ص۴۷۷)

اور اسی نظم میں یہ کیوں فرماتے:

لیک آئینہ ام ز رب غنی　　از پئے صورت مہ مدنی

(نزول المسیح ص۱۰۰، خزائن ج۱۸ ص۴۷۸)

شعر کا مطلب شعر کے الفاظ کے عموم کو ملحوظ رکھ کر دیکھنا چاہئے۔ دوسرے شعر جو مختار مدعاعلیہ نے بیان کئے ہیں۔ وہ شعر کی شرح نہیں ہیں اور نہ کسی کو تخصیص کا کوئی حق حاصل ہے۔ لہٰذا اگر ان کو اس کی شرح بھی قرار دیا جائے تو چنداں فائدہ نہیں اصل شعر کا مفہوم کیا ہے۔

اس شعر میں الفاظ۔ آنچہ۔ ہر نبی اور جام۔ تمام قابل غور ہیں۔ یہ سب الفاظ عموم اور استغراق پر دلالت کرتے ہیں۔ جام سے کیا مراد ہے۔ ظاہر ہے کہ اس سے مراد انعامات حق سبحانہ ہیں۔ آنچہ کا لفظ عام ہے اور ہر نبی تمام انبیاء کو شامل تو معنی یہ ہوئے کہ اللہ تعالیٰ نے جو انعام کسی نبی کو بخشا وہ سب مجھ کو بھی بخشے، آدم علیہ السلام کو عرفان ونبوت کا انعام دیا، نوح علیہ السلام کو جو کچھ بخشا وہ بھی مجھے بخشا، ابراہیم کو مزید برآں خلت کا انعام بخشا وہ بھی مجھے دیا گیا۔ موسیٰ علیہ السلام پر نبوت تشریعی کا اور کلیم اللہ ہونے کا انعام ملا تو وہ مجھے ملا۔ علیٰ ہذا القیاس! تمام انبیاء علیہم السلام حتیٰ کہ سید الانبیاء ﷺ کو نبوت تشریعی ابدی ناسخ جمیع شرائع سابقہ اور ختم نبوت کا انعام بخشا گیا وہ بھی سب مجھ کو دیا گیا۔ ان کمالات اور انعامات کے ماسواء۔ مرزاصاحب کو کچھ ذاتی کمالات اور انعامات بھی عطاء کئے گئے جو سید الانبیاء ﷺ کو میسر نہ ہوئے اور نہ سہی تو یہی انعام دیکھ لو جو مختار مدعاعلیہ نے (چشمہ معرفت ص۸۲،۸۳، خزائن ج۲۳ ص۹۰،۹۱) سے نقل کیا ہے کہ آنحضرت ﷺ کو تکمیل اشاعت کے سامان نہ دیئے گئے اور مرزاصاحب کو وہ بھی حاصل ہوگئے تو مرزاصاحب چونکہ بقول خود جامع جمیع کمالات انبیاء معہ اپنے کمالات خاصہ کے ہیں۔ لہٰذا وہ بحکم قاعدہ الکل اعظم الجزء سے افضل برتر واعلیٰ ہوئے۔ یہی معنی ہیں مرزاصاحب کے اس شعر کے:

زندہ شد ہر نبی بہ آمدنم　　ہر رسولے نہاں بہ پیراہنم

(نزول المسیح ص۱۰۰، خزائن ج۱۸ ص۴۷۸)

ہر رسول کا لفظ تمام رسولوں کو شامل ہے۔ سید الانبیاء ﷺ بھی اس میں داخل ہیں۔ مرزاصاحب کا پیراہن اتنا وسیع ہے کہ تمام رسول اس کے اندر سما جاتے ہیں اور وہ سب کو محیط ہے۔ ظاہر ہے کہ محیط محاط سے بڑا ہوتا ہے اور یہی معنی ہیں۔ مرزاصاحب کے اس الہام

کے کہ آسمان سے بہت سے تخت اترے پر تیرا تخت سب سے اونچا بچھایا گیا جس کی مختار مدعا علیہ یہ تاویل کرتے ہیں۔ یہ یہاں اولیاء امت کے تخت مراد ہیں لیکن مختار مدعا علیہ نے مرزاصاحب کی اس تاویل سے سخت توہین کی ہے کیونکہ اس نے مرزاصاحب کو مقام نبوت سے گرادیا اور مقام ولایت میں ان کے لئے تخت بچھایا۔ اگر وہ نبی ہیں تو ان کا تخت مقام نبوت میں ہوگا اور سب سے اونچا اور اگر وہ نبی نہیں ہیں۔ دعویٰ نبوت باطل اور افتراء ہے تو مقام ولایت میں بھی جگہ نہیں مل سکتی۔ پھر مقام دجالین میں وہ تخت بچھایا جائے گا اور سب سے اونچا۔

مختار مدعا علیہ کے پیش کردہ اشعار میں تمام انبیاء کے ساتھ ہمسری کا دعویٰ ہے اور:

لیک آئینہ ام ز رب غنی　از پئے صورت مہ مدنی

(نزول المسیح ص۱۰۰، خزائن ج۱۸ ص۴۷۸)

میں آنحضرت ﷺ سے برابری کا ادّعاء اس کی تفصیل آئندہ آئے گی۔ ان شاءاللہ تعالیٰ!

آدم نیز احمد مختار　دربرم جامہ ہمہ ابرار

(نزول المسیح ص۹۹، خزائن ج۱۸، ص۴۷۸)

اس شعر میں انبیاء کا اوّل وآخر بیان کر کے تمام انبیاء کے صفات وکمالات کا مجموعہ ہونے کا نعرہ لگایا گیا ہے۔ جامہ ہمہ ابرار سے ظاہر کے کپڑے تو مراد نہیں ہوسکتے۔ صفات وکمالات ہی مراد ہوں گے۔ گویا مرزاصاحب تمام انبیاء کے کمالات کو بغل میں دبائے پھرتے ہیں۔ اسی طرح جس طرح سوحسین رضی اللہ عنہ گریبان میں:

کربلا ہست سیر ہر آنم　صد حسین است در گریبانم

الغرض یہ شعر بھی تقریباً انہیں اشعار سابقہ کی طرح ہے اور اس پر وہی کلام ہے جو ان پر تھا۔

زندہ شد ہر نبی بہ آمد نم　ہر رسولے نہاں بہ پیراہنم

(نزول المسیح ص۱۰۰، خزائن ج۱۸ ص۴۷۸)

کے جواب کی نسبت مختار مدعا علیہ نے بیان میں گواہ نمبر۱ کا حوالہ دیا ہے۔ خلاصہ جواب جو بیان میں ہے یہ ہے کہ مرزاصاحب کے آنے سے ہر نبی اس وجہ سے زندہ ہوگیا کہ اس الحاد اور دہریت کے زمانہ میں اکثر لوگوں نے انبیاء کی نبوتوں کا انکار کر دیا تھا اور انبیاء کو مکار فریبی اور دعویٰ میں جھوٹا جانتے تھے اور جو لوگ انبیاء کی وحی اور نبوت کے قائل تھے۔ ان سے استہزاء اور ہنسی کرتے تھے۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود کے ذریعہ پھر وحی کا ثبوت دیا اور بتادیا کہ جس طرح میں اس بندہ سے مکالمہ کرتا ہوں اور یہ اپنے دعوی میں سچا ہے۔ اسی طرح پہلے انبیاء بھی صادق تھے۔ پس مرزاصاحب کا سچا ہونا گویا ان تمام انبیاء کا صادق ہونا ہے۔ گواہ نے کہا ہے کہ اس شعر میں مرزاصاحب نے اس لطیف مضمون کو ادا کیا۔

لیکن اب دیکھنا یہ ہے کہ حسب زعم مختار مدعا علیہ مرزاصاحب کا یہ لطیف مضمون واقعہ کے مطابق ہے یا مخالف وبرعکس۔ کیا مرزاصاحب کی نبوت کے دلائل ونشانات ایسے ہیں جن سے نبوت کا وقار جو کھویا جاچکا تھا از سرنو قائم ہو جائے۔ کیا منکرین نبوت انبیاء اور مستہزئین مرزاصاحب کے معجزات کو دیکھ کر مرعوب ہوگئے؟ کیا دہریت الحاد اور لامذہبی دنیا میں سے اٹھ گئی ہے؟ کیا مرزاصاحب کی نبوت کی روشنی نے منکرین کی آنکھوں کو خیرہ کر دیا ہے؟ اگر جواب نفی میں ہے اور یقیناً نفی میں ہے اور معاملہ بالکل برعکس ہے اور تمام مفاسد مذکورہ آگے بہت بڑھ گئے ہیں۔ الحاد دہریت اور لامذہبی کی وباء عام پھیل گئی جو یورپ سے بڑھ کر ہندوستان میں مذہب پر حملہ آور ہورہی

ہے۔اسی طرح دیگر ممالک میں دن بدن لامذہبی کا مرض پھیل رہا ہے۔روس نے قانونی طور پر مذہب کو ملک بدر کردیا ہے۔لامذہبیت اور بہیمیت ملکی قانون ہوگیا ہے تو ان واقعات کی موجودگی میں یہ کتنی فضول اور بیہودہ لاف زنی ہے کہ مرزاصاحب کے آنے سے تمام انبیا کی صداقت کے دلائل پیدا ہوگئے بلکہ حق یہ ہے کہ مرزاصاحب کے دعویٰ نبوت سے کئی ایسے دلوں سے بھی احترام نبوت اٹھ گیا ہے جو نبوت کو ایک جلیل القدر منصب خداوندی جانتے تھے اور اکثر غیر مسلم بھی ایسے تھے جن کے دل پر اسلام کا اور نبوت آنحضرت کا رعب تقدس اور وقار تھا۔لیکن مرزاصاحب نے آکر وہ سب دور کردیا مرزاصاحب نے اعجاز معجزات کے بلند بانگ دعاوی کئے۔ ہندوؤں،عیسائیوں کو اور مسلمانوں کو مخاطب کرکے بڑی تحدی سے پیش گوئیاں کیں۔کیونکہ لے دے کر یہی آپ کے پاس سرمایہ اعجاز تھا۔لیکن وہ جھوٹی نکلیں تو مرزا صاحب لایعنی تاویلوں اور عذرات لنگ سے ان کی مرمت کرنی چاہی،لیکن ہندو مسلمان عیسائی سب نے مرزاصاحب کو ان معجزات میں جھوٹا جانا۔ یہاں تک کہ مرزاصاحب کی بدولت آریوں اور عیسائیوں نے اسلام کا مضحکہ اڑایا۔مسٹر عبداللہ آتھم کی پیش گوئی اس کی زندہ مثال ہے۔محمدی بیگم کی پیش گوئی مرزاصاحب کے معجزات کی ایک جیتی جاگتی تصویر ہے۔ڈاکٹر عبدالحکیم خان کا اور مرزاصاحب کا الہام جنگ اور مرزاصاحب کی ہلاکت کی نبوت کی عظمت کو قائم کرنے والا ہے۔اگر مرزاصاحب نبی تسلیم کر لئے جائیں،نہیں ہرگز نہیں۔پس اگر مرزاصاحب ہی انبیاء کے محیی اور ممیت ہیں تو پھر موت ہی متیقن ہے۔نہ حیات اس صورت میں مرزاصاحب کے لیے یہ کہنا ہی موزوں ہوگا۔مردہ شد ہر نبی بآمدنم!(العیاذ باللہ)

یہ تاویل اور مضمون لطیف سراسر باطل ہے اور اصل بات وہی ہے جو اوپر بیان کر چکے کہ مرزاصاحب نے اس شعر اور اس کے ہم مثل اور اشعار میں انبیاء سے افضل اور برتر ہونے کا دعویٰ اور انبیاء کی تحقیر اور توہین کی ہے۔

روضہ آدم کہ تھا وہ نامکمل اب تلک　　میرے آنے سے ہوا کامل بجملہ برگ وبار

(براہین احمدیہ حصہ پنجم ص۱۱۳،خزائن ج۲۱ص۱۴۴)

مختار مدعا علیہ نے اس شعر کا یہ مطلب بیان کیا کہ مرزاصاحب کی مراد اس سے صرف یہ ہے کہ وہ شخص جس کا آخری زمانہ میں آنا مقدر تھا اور جس کی آمد پر تکمیل اشاعت اسلام موقوف تھی،وہ میں ہوں اور میرے آنے سے وہ بات پوری ہوگئی۔یہ بھی کہا ہے کہ روضہ آدم سے مراد نسل انسانی ہے اور مرزاصاحب اور آپ کی جماعت کے ذریعہ سے دنیا کی تمام قومیں دین اسلام کو قبول کرلیں گی۔اس شعر کا یہ مطلب جو بیان کیا گیا ہے،شعر کے الفاظ سے تو سمجھا نہیں جاتا۔کیونکہ نہ اس میں اسلام کا نام نہ اشاعت وتکمیل کا ذکر۔روضہ آدم سے نسل انسانی مراد ہے جس کو مختار مدعا علیہ نے تسلیم کیا۔افراد انسانی اس باغ کے درخت مرزاصاحب بھی اس باغ کے درخت اور زید،عمر،بکر، مسلم،غیر مسلم،سعید،شقی بھی مرزاصاحب کی طرح اس باغ کے درخت جو اپنے اپنے وقت پر اس باغ میں پیدا ہورہے ہیں۔مرزاصاحب کے وقت بھی،پہلے بھی اور بعد بھی۔

پہلے مصرعہ کے معنی تو صاف ہیں ہر ایک فرد انسانی نسل انسانی کے باغ میں اضافہ کرکے تکمیل کررہا ہے۔لیکن دوسرے مصرعہ کا مطلب صاف نہیں جس کا مفہوم یہ ہے کہ مرزاصاحب کے آنے سے وہ باغ بجملہ برگ وبار مکمل ہوگیا۔کیا اب کوئی انسان پیدا نہ ہوگا اور نسل انسانی منقطع ہوگئی اور آپ آخری انسان ہیں۔ یہ بات تو بداہۃً باطل ہے۔لہٰذا اس کی تخصیص ضروری ٹھہری تاکہ مطلب شعر کا بن سکے۔اس سے یہ تو معلوم ہوگیا کہ مرزاصاحب باغ انسانی کی خاص قسم کے مکمل اور آخری درخت ہیں جو اشرف اور اعلیٰ قسم ہے اور چونکہ مرزاصاحب مدعی نبوت ہیں۔لہٰذا وہ قسم بھی معین ہوگئی۔اب اس شعر کے وہ معنی ہوئے جو صحیح حدیث میں قصر نبوت کی مثال میں

آنحضرت ﷺ نے بیان فرمایا ہے کہ میں قصر نبوت کی آخری اینٹ ہوں۔ ’’ختمت بی البنیان وختم بی النبیون‘‘ میرے ساتھ عمارت ختم ہوگئی اور نبی میرے ساتھ ختم ہوگئے۔ لیکن مرزاصاحب کے نزدیک یہ حدیث غلط۔ کیونکہ مرزاصاحب کے ادّعاء کے مطابق باغ نبوت کے آخری درخت اور مکمل مرزاصاحب ہیں نہ آنحضرت ﷺ۔ یہ بھی ظاہر ہے کہ افضلیت اس آخریت کے لوازم میں سے ہے جو آخر ہوگا وہ افضل بھی ضرور ہوگا۔ اس طرح پر مرزاصاحب بزعم خود افضل النّبیین اور خاتم النّبیین بنے۔ (العیاذ باللہ)

منم مسیح زمان ومنم کلیم خدا　منم محمد واحمد کہ مجتبیٰ باشد

(تریاق القلوب ص۳، خزائن ج۱۵ ص۱۳۴)

مدعاعلیہ کے مختار صاحب کہتے ہیں کہ اس میں مرزاصاحب نے اپنا مقام بیان کیا ہے کہ میں بروزی طور مسیح، موسیٰ اور محمد واحمد ہوں، کسی نبی کی توہین نہیں ہے۔ اس کا جواب ان شاء اللہ آئندہ آئے گا۔ آدم نیز احمد مختار الخ کا جواب بھی اوپر ہوچکا ہے۔ نیز میں کبھی آدم کبھی موسیٰ الخ کا جواب بھی ضمناً آ گیا۔

## ادّعاء عینیت

مختار مدعاعلیہ نے کہا ہے کہ گواہان مدعیہ نے مرزاصاحب پر یہ الزام لگایا تھا کہ مرزاصاحب نے عین محمد ہونے کا دعویٰ کر کے آنحضرت ﷺ کی توہین کی ہے اور گواہان مدعاعلیہ نے جواب دیا تھا کہ مرزاصاحب نے جسمانی طور سے محمد ہونے کا دعویٰ نہیں کیا۔ بلکہ بلحاظ روحانیت کے مرزاصاحب کا وجود آنحضرت ﷺ کے وجود سے علیحدہ نہیں ہے۔ جیسا کہ عبارت ایک (ایک غلطی کا ازالہ) سے ظاہر ہے۔

پھر کہا ہے کہ مختار مدعیہ کو وہ اعتراض جو اس نے اتحاد کی بناء پر کیا ہے (کہ اگر ایک روح تھی تو تناسخ لازم آیا، ورنہ نہیں تو مرزاصاحب کی روح اگر نبی تھی تو ختم نبوت ٹوٹ گئی۔ اگر آنحضرت ﷺ کی روح نبی تھی مرزاصاحب کی نبوت ثابت نہ ہوئی) ہمارے جواب پر وارد نہیں ہوسکتا۔ اس لئے میں گواہان مدعاعلیہ کے جواب کی طرف اشارہ کر دینے پر اکتفاء کرتا ہوں۔

اتحاد روحانیت کے دعویٰ پر جو اعتراض مختار مدعیہ کی طرف سے کیا گیا ہے وہ اٹل ہے اور لاجواب۔ گواہان مدعاعلیہ کا بیان اس کا جواب نہیں ہوسکتا اور نہ ہی جواب البحث میں کوئی جواب مختار مدعاعلیہ نے دیا ہے۔ بلکہ بیان کا حوالہ دے کر پہلوتہی کی ہے۔

مختار مدعاعلیہ نے کہا ہے کہ مرزاصاحب نے (۱) عین محمد کے الفاظ اپنے لئے نہیں فرمائے۔ (۲) صرف یہ کہا ہے کہ مجھے بروزی طور پر محمد اور احمد کا نام دیا گیا۔ میرے اور آنحضرت ﷺ کے درمیان استاد وشاگرد کی نسبت ہے اور ظل اور اصل کی۔

پھر (تحفہ گولڑویہ ص۱۰۱، خزائن ج۱۷ ص۲۶۳) کی عبارت کا حوالہ دیا ہے جو گواہ مدعاعلیہ نمبر۱ کے بیان مطبوعہ میں بھی ہے۔

’’آنحضرت ﷺ کی روحانیت نے ایک ایسے شخص کو اپنے لئے منتخب کیا جو خلق اور ہمت اور ہمدردی خلائق میں اس کے مشابہ تھا اور مجازی طور پر اپنا نام اور احمد اس کو عطاء کیا تاکہ یہ سمجھا جائے کہ گویا اس کا ظہور بعینہٖ آنحضرت ﷺ کا ظہور تھا۔‘‘

اس کے بعد کہا ہے (جواب البحث میں) پس حضرت مسیح موعود نے حقیقی طور پر محمد ﷺ ہونے کا جو آج سے چودہ سو برس قبل تشریف لائے تھے ہرگز دعویٰ نہیں کیا۔

اس پر وہی اعترض وارد ہوتا ہے کہ اگر مرزاصاحب وہ حقیقی محمد نہیں جو آج سے بقول مختار مدعاعلیہ چودہ سو برس قبل تشریف لائے تھے اور وہ محض بروزی اور نام نہاد محمد واحمد تھے جو جس غرض کے لئے یہ ہیراپھیر اور دعاوی بے دلیل کئے تھے وہ باطل ہوگئے۔ کیونکہ مرزاصاحب کا الگ وجود ہوا اور ختم نبوت ٹوٹ گئی۔ کیونکہ یہ مہر توٹوٹنے سے اسی صورت میں محفوظ رہ سکتی ہے کہ کوئی غیر نبی نہ ہو اور محمد کی نبوت محمد کے پاس ہی رہے ﷺ اور یہ اسی صورت میں ممکن اور متصور ہے کہ مرزاصاحب اور آنحضرت ﷺ میں عینیت اور اتحاد ہو اور دوئی کا شائبہ

نہ رہ جائے تو بہرحال یا مہر ٹوٹ جائے گی یا عینیت محض ہوگی یا مرزا صاحب نبی نہ ہوں گے اور یہ تینوں باتیں ناممکن اور مختار مدعا علیہ کے نزدیک محال ہیں۔ دو تو اس کے مذہب کے نزدیک محال، تیسری عینیت کا اس کو انکار۔

لیکن اب ہم یہ ظاہر کرتے ہیں کہ مختار مدعا علیہ نے مرزا صاحب کے مذہب کو بیان کرنے میں دیانت کو ملحوظ نہیں رکھا معلوم ہوتا ہے کہ مرزا صاحب کے ادّعاء عینیت سے جو توہین وکفر اور استحالہ لازم ہوتا ہے۔ اس کے خطرات کو وہ برداشت نہیں کرسکتا اور ان کے جواب سے سبکدوش ہونا درحقیقت ناممکن ہے اور بغیر اثبات عینیت دونوں چیزیں، یعنی مرزا صاحب کی نبوت اور حفاظت مہر نبوت ممکن نہیں۔ اسی لئے مرزا صاحب نے اثبات عینیت کے لئے (جو درحقیقت بداہت عقلی اور شرعی سے باطل ہے) بڑے بڑے فضول ادّعاء کئے ہیں اور کفر پر کفر کا ارتکاب کرتے چلے گئے ہیں جن کو مختار مدعا علیہ نے بھی انکار کر کے ملیامیٹ کر دیا ہے۔

## مرزا صاحب کی تصریحات عینیت

۱...... کیونکہ میں بارہا بتلا چکا ہوں کہ میں بموجب آیت: ''واخرین منهم لما یلحقوا بهم '' بروزی طور پر وہی نبی خاتم الانبیاء ہوں (تا) مجھے آنحضرت ﷺ کا ہی وجود قرار دیا ہے۔ (ایک غلطی کا ازالہ ص۵، خزائن ج۱۸ ص۲۱۲)

۲...... ''اور چونکہ میں ظلی طور پر محمد...... ہوں کیونکہ (۳) محمد ﷺ کی نبوت محمد تک ہی محدود رہی۔ یعنی محمد ﷺ ہی نبی رہا نہ اور کوئی۔ یعنی جب کہ میں بروزی طور پر آنحضرت ﷺ ہوں اور بروزی رنگ میں تمام کمالات نبوت میرے آئینہ ظلیّت میں منعکس ہیں تو پھر کون سا الگ انسان ہوا جس نے نبوت کا دعویٰ کیا۔'' (بحوالہ صدر)

۳...... ''لیکن آنحضرت ﷺ کا صرف یہ مقصود تھا کہ وہ فرزندوں کی طرح اس کے نام کا وارث، اس کے خلق کا وارث، اس کے علم کا وارث، اس کی روحانیت کا وارث اور ہر ایک پہلو سے اپنے اندر اس کی تصویر دکھلائے گا۔'' (بحوالہ صدر)

۴...... ''کیونکہ بروزی تصویر پوری نہیں ہوسکتی۔ جب تک یہ تصویر ہر ایک پہلو سے اپنی اصل کے کمال اپنے اندر نہ رکھتی ہو۔ پس چونکہ نبوت بھی نبی میں ایک کمال ہے۔ اس لئے ضروری ہے کہ تصویر بروزی میں وہ کمال بھی نمودار ہو۔'' (بحوالہ صدر)

۵...... ''تمام نبی اس بات کو مانتے چلے آئے ہیں کہ وجود بروزی اپنی اصل کی پوری تصویر ہوتی ہے۔ یہاں تک کہ نام بھی ایک ہو جاتا ہے۔ پس اس صورت میں ظاہر ہے کہ جس طرح بروزی طور پر محمد اور احمد نام رکھے جانے سے، دو محمد اور دو احمد نہیں ہوگئے۔ اسی طرح بروزی طور نبی یا رسول کہنے سے یہ لازم نہیں آتا کہ خاتم النّبیین کی مہر ٹوٹ گئی۔ کیونکہ وجود بروزی کوئی الگ وجود نہیں۔ اس طرح پر تو محمد کے نام کی نبوت محمد ﷺ تک ہی محدود رہی۔ تمام انبیاء علیہم السلام کا اس پر اتفاق ہے کہ بروز میں دوئی نہیں ہوتی۔'' (بحوالہ صدر)

۶...... ''غرض خاتم النّبیین کا لفظ ایک الٰہی مہر ہے جو آنحضرت ﷺ کی نبوت پر لگ گئی ہے۔ اب ممکن نہیں کہ کبھی یہ مہر ٹوٹ جائے۔ ہاں! یہ ممکن ہے کہ آنحضرت ﷺ نہ ایک دفعہ بلکہ ہزار دفعہ بروزی رنگ میں آجائیں اور بروزی رنگ میں اور کمالات کے ساتھ اپنی نبوت کا بھی اظہار کریں۔'' (ایک غلطی کا ازالہ ص۶، خزائن ج۱۸ ص۲۱۴)

۷...... ''اب نبوت پر قیامت تک مہر لگ گئی ہے اور بجز بروزی وجود کے جو خود آنحضرت ﷺ کا وجود ہے...... اور چونکہ وہ بروز محمدی جو قدیم سے موعود تھا، وہ میں ہوں...... ایک بروزی محمدی جمیع کمالات محمدیہ کے ساتھ آخری زمانہ کے لئے مقدر تھا، سو وہ ظاہر ہوگیا۔'' (بحوالہ صدر)

۸...... مورد بروز حکم نفی وجود کا رکھتا ہے۔

۹...... ’’اب اس تمام تحریر سے مطلب یہ ہے کہ جاہل مخالف میری نسبت الزام لگاتے ہیں۔ یہ شخص نبی یا رسول ہونے کا دعویٰ کرتا ہے۔ مجھے ایسا کوئی دعویٰ نہیں۔ میں اس طور سے جو وہ خیال کرتے ہیں۔ نہ نبی ہوں نہ رسول۔ ہاں! میں اس طور سے نبی اور رسول ہوں جس طور سے ابھی میں نے بیان کیا ہے۔ پس جو شخص میرے پر شرارت سے یہ الزام لگاتا ہے جو دعویٰ نبوت اور رسالت کا کرتے ہیں۔ وہ جھوٹا اور ناپاک خیال ہے۔ مجھے بروزی صورت نے نبی اور رسول بنایا ہے اور اسی بناء پر خدا نے بار بار میرا نام نبی اللہ اور رسول اللہ رکھا۔ مگر بروزی صورت میں میرا نفس درمیان نہیں۔ بلکہ محمد مصطفیٰ ﷺ ہے۔ اسی لحاظ سے میرا نام محمد اور احمد ہوا۔ پس نبوت اور رسالت کسی دوسرے کے پاس نہیں گئی۔ محمد کی چیز محمد کے پاس رہی۔ (علیہ الصلوٰۃ والسلام)‘‘ (بحوالہ صدر)

یہ اقتباسات بالا صرف ایک غلطی کے ازالہ کے ہیں۔ اب دو ایک اقتباس خطبہ الہامیہ کے ملاحظہ ہوں۔

۱...... ’’وانزل علی فیض ھذا الرسول فاتمہ واکملہ وجذب الی لطفہ وجودہ حتی صار وجودی وجودہ...... ومن فرق بینی وبین المصطفیٰ فما عرفنی وما رایٰ‘‘ یعنی اللہ تعالیٰ نے اس رسول کریم کا فیض مجھ پر نازل فرمایا۔ پس اس کو پورا پورا اور کامل بنایا اور میری طرف اس نبی کریم کے لطف اور وجود کو یہاں تک کھینچا کہ میرا وجود اس کا وجود ہوگیا۔ پس جو میری جماعت میں داخل ہوتا ہے وہ سیدی خیر المرسلین کے صحابہ میں داخل ہوگیا۔ پس جو شخص مجھ میں اور مصطفیٰ میں تفریق کرتا ہے۔ اس نے مجھ کو نہیں دیکھا ہے اور نہیں پہچانا ہے۔ (سطر اخیر سوا لفظ پس کے مرزاصاحب کا اپنا ترجمہ ہے۔ مرزاصاحب نے پس کی جگہ اور لکھا ہے۔ لہٰذا وہی سمجھا جائے) (خطبہ الہامیہ ص۱۷۱، خزائن ج۱۶ ص۲۵۸،۲۵۹)

اقتباسات مذکورہ بالا سے واضح ہے کہ مرزاصاحب اپنے وجود کو محمد مصطفیٰ ﷺ کا وجود قرار دیتے ہیں۔ غلام احمد جو مورد بروز ہے وہ حکم نفی میں اور معدوم ہے۔ ’’میرا نفس درمیان نہیں، بلکہ محمد مصطفیٰ ﷺ ہے۔‘‘ غلام احمد بحیثیت غلام احمد نہ رسول ہے نہ نبی لیکن غلام احمد چونکہ محمد مصطفیٰ، خاتم الانبیا اور جامع جمیع کمالات محمد یہ معہ نام اور روحانیت اور منصب نبوت کے ہے۔ اس حیثیت سے وہ نبی اللہ اور رسول اللہ ہے۔ لہٰذا محمد کی نبوت محمد کے پاس ہی رہی نہ کسی اور کے پاس۔ اگر محمد قدنی محمد مدنی نہ ہوتا کوئی اور الگ انسان ہوتا تو مہر خاتم النّبیین کی ٹوٹ جاتی جس کا ٹوٹنا ناممکن ہے۔ ملاحظہ ہو (اقتباس نمبر۶) لیکن یہاں تو یہ معاملہ ہے کہ آنحضرت ﷺ نے خود آکر اپنی نبوت اور جملہ کمالات کا اظہار کیا ہے۔ لہٰذا مہر خاتم النّبیین بھی محفوظ رہی اور محمد قدنی نبی بھی ہوگئے۔ کیونکہ وہ محمد مدنی ہی ہیں نہ کوئی اور الگ انسان۔ **نعوذ باللہ من ذالک سبحانہ ھذا بھتان عظیم!**

میں نے کسی قدر ترجمانی مرزاصاحب کے خیال کی کردی۔ اگر بوجہ عدم گنجائش وقت پوری نہیں کرسکا۔ لیکن اس سے ظاہر ہوگیا کہ مختار مدعاعلیہ نے کس قدر اخفاء سے کام لیا اور یہ کہہ دیا کہ مرزاصاحب نے تصریح کردی ہے کہ مجھے بروزی طور پر محمد واحمد کا نام دیا گیا ہے اور مرزاصاحب کی اور آنحضرت ﷺ کی نسبت استادی وشاگردی کی ہے۔ لیکن اقتباسات بالا سے ظاہر ہوگیا کہ یہ سراسر خیانت اور کتمان واقعہ ہے۔

مرزاصاحب کی سیرت وسوانح عمری دنیا کے سامنے ہے۔ آپ کے افعال معاملات معتقدات معجزات آپ کی کتابوں سے عیاں آنجناب نے کنجروں کا مال لے کر کھایا اور اس کو حلال بتایا ملاحظہ ہو۔ (آئینہ کمالات اسلام ص۶۰۰،۶۰۱، خزائن ج۵ ص۶۰۰،۶۰۱)

ان جملہ امور کے باوجود آپ محمد مصطفیٰ ہیں اور آپ کے خلق روحانیت تام اور تمام کمالات کے جامع۔ ’’فالی اللہ المشتکی اگر کوئی سیاہ فام بدصورت کریہہ المنظر حبشی یہ کہے کہ میں حسن یوسفی رکھتا ہوں اور میں اور یوسف علیہ السلام حسن میں برابر ہیں تو تب بھی اتنی توہین

بلحاظ حسن یوسف علیہ السلام کی نہیں ہوسکتی۔ جتنی اس حسن مجسم ﷺ کی قادیان سے کی گئی ہے۔ خیر اب ہم صبر کرتے ہوئے یہ شعر پڑھ کر گزارش کرتے ہیں کہ ہر ایک مسلمان کو یہ معاملہ بغور دیکھنا چاہئے۔

وما انتفاع اخی الدینا بناظرہ　　اذا ستوت عندہ الانوار والظلم

یعنی کسی انسان کو نور اور اندھیرے جب یکساں نظر آئیں تو اس کو آنکھ سے کیا فائدہ۔

یہاں تک تو مرزاصاحب کی آنحضرت ﷺ سے ہمسری اور عینیت کی بحث تھی۔ ابھی مرزاصاحب کے ارتقاء کی دو منزلیں باقی ہیں جو اس مضمون ''سیدالانبیاء اور مرزاصاحب'' کے متعلق ہیں۔ لیکن قبل اس کے کہ میں ان کو ذکر میں لاؤں۔ ایک ضروری نتیجہ ان اقتباسات کا بیان کرتا ہوں جس کو اس مقدمہ سے بنیادی تعلق ہے۔ یعنی مسئلہ ختم نبوت اور آیت خاتم النّبیین کی تفسیر مرزاصاحب نے ان اقتباسات میں جو ''ایک غلطی کے ازالہ'' سے پیش کئے ہیں۔ متعدد جگہ یہ تسلیم کیا ہے کہ محمد ﷺ کی نبوت محمد ﷺ کے پاس ہی رہی، کوئی الگ انسان دعویٰ نبوت کرے تو مہر ٹوٹ جاتی۔ (ایک غلطی کا ازالہ ص۶، خزائن ج۱۸ ص۲۱۴) اقتباس نمبر۶ میں زیادہ واضح ہے کہ آنحضرت ﷺ کی نبوت پر خاتم النّبیین کی مہر لگ چکی ہے۔ اس کا ٹوٹنا ناممکن ہے۔ نہ ٹوٹنے کی صرف یہ صورت ہے کہ خود آنحضرت ﷺ بروزی طور پر تشریف لاکر اپنی نبوت کا اظہار کریں۔ ان اقتباسات کے ماسوا اس اشتہار ''ایک غلطی کا ازالہ'' میں اور بھی کئی جگہ یہ مضمون ہے کہ خاتم النّبیین کی مہر ٹوٹنی محال ہے۔ جس سے واضح اور صریح طور یہ ثابت ہوگیا کہ لفظ خاتم النّبیین کے معنی مرزاصاحب کے نزدیک یہی ہیں کہ آنحضرت ﷺ کے بعد کوئی نبی نہیں آسکتا۔ اس سے ختم نبوت اور اجراء نبوت کی بحث کا تو فیصلہ ہوگیا۔ **فاللہ الحمد!**

باقی رہی یہ بات کہ اگر آنحضرت ﷺ بروزی طور پر خود تشریف لاکر اپنی نبوت کا اظہار فرماویں۔ جیسا کہ بزعم مرزاصاحب قادیان میں تشریف لاکر آپ نے اپنی نبوت کا اظہار فرمایا ہے تو مہر نہیں ٹوٹتی۔ یہ ایک الگ بحث ہے جس کے مرزاصاحب مدعی ہیں اور ہمیں اس کا اسی طرح انکار ہے۔ جیسا کہ مسئلہ تثلیث نصاریٰ اور تناسخ ہنود کا یہ مسئلہ عقلاً وشرعاً باطل ہے اور تثلیث کے گورکھ دھندے سے کسی طرح کم نہیں۔ ہماری طرف سے اس کا یہی جواب ہے۔ ''**ماتعبدون من دونہ الا اسماءً سمیتموھآ انتم وابآؤکم مآ انزل اللہ بھا من سلطٰن ان الحکم الا للہ امر الا تعبدون الا ایاہ ذالک الدین القیم ولکن اکثر الناس لا یعلمون** (یوسف:۴۰)''

جائے عبرت ہے کہ ایک وہ وقت تھا کہ مرزاصاحب کہتے تھے کہ آنحضرت کا بلحاظ فطرت۔ جیسا کہ ارفع مقام ہے۔ ایسا ہی خارجی طور پر بھی ارفع واعلیٰ مرتبہ وحی اور اعلیٰ وارفع مقام محبت کا آپ کو عطاء ہوا۔ یہ وہ مقام ہے کہ میں اور مسیح دونوں اس مقام تک نہیں پہنچ سکتے۔ اس کا نام مقام جمع اور مقام وحدت تامہ ہے۔　(ملاحظہ ہو توضیح المرام ص۲۷،۲۳، خزائن ج۳ ص۹۸،۸۸، ایڈیشن دوم)

تیسرا درجہ محبت کا وہ ہے (الی) وحدت تامہ ہے۔ لیکن اب آپ محمد مصطفیٰ اور جامع جمیع کمالات محمدیہ مع نبوت ہونے کا دعویٰ کررہے ہیں۔ لیکن ابھی بس نہیں ہے۔ آنحضرت ﷺ کی روحانیت سے اپنی روحانیت کو اکمل اور برتر ثابت کررہے ہیں۔ (العیاذ باللہ)

تفصیل اس کی یہ ہے کہ مرزاصاحب کا دعویٰ بروزی طور پر وہی خاتم الانبیاء اور محمد مصطفیٰ ہونے کا تو اوپر مذکور ہوچکا ہے۔ خطبہ الہامیہ میں فرماتے ہیں کہ: ''آنحضرت ﷺ دو دفعہ مبعوث ہوئے ہیں۔ ایک دفعہ الف خامس یعنی پانچویں ہزار میں۔ دوسری دفعہ الف سادس کے اخیر میں۔ یعنی چھٹے ہزار مسیح موعود یعنی مرزاصاحب کے وجود میں۔ لیکن پانچویں ہزار میں آپ کی روحانیت کامل نہ تھی۔ بلکہ کمالات کی سیڑھیوں پر پہلا قدم تھا۔ پھر جب آپ چھٹے ہزار میں مسیح موعود بن کر آئے تو آپ کی روحانی قوتیں کمال کو پہنچ گئیں۔ جیسے چودھویں رات کا چاند ہوتا ہے۔''　(خطبہ الہامیہ ص۱۷۷، خزائن ج۱۶ ص۲۶۶)

’’فکذٰلک طلعت روحانیة نبینا ﷺ فی الالف الخامس باجمال صفاتها وماکان ذالک الزمان منتهی ترقیاتها بل کانت قدما اولیٰ المعارج کمالاتها ثم کملت وتجلت تلک الروحانیة فی آخر الالف السادس اعنی فی هذالحین‘‘(ص۱۸۰)’’واعلم ان نبینا ﷺ کما بعث فی الالف الخامس کذالک بعث فی آخر الالف السادس باتخاذه بروز المسیح الموعود وذالک ثابت بنص القرآن فلا سبیل الی الحجود ‘‘(ص۱۸۱،خزائن ج۱۶ ص۲۷۱)’’ومن انکر من ان ابعث النبی ﷺ یتعلق بالالف السادس کتحلفه بالالف الخامس فقد انکر الحق ونص القرآن وصار من الظالمین بل الحق ان روحانیته کان فی آخر الالف السادس اعنی فی هذه الایام اشد واقویٰ واکمل من تلک الاعوام بل کالبدر التام‘‘

مرزاصاحب کے (خطبہ الہامیہ) کی یہ عبارتیں بالکل واضح اور صاف ہیں کہ آنخضرت ﷺ کی روحانی قوتیں جب آپ پانچویں ہزار میں مکہ کے اندر مبعوث ہوئے۔ اجمالی اور ابتدائی تھیں، کامل نہ تھیں۔ بلکہ وہ کمالات کی سیڑھیوں پر پہلا قدم تھا۔ گویا اس وقت آپ کی روحانیت ہلال یعنی پہلی رات کے چاند کی مانند تھی۔ لیکن جب آنخضرت ﷺ چھٹے ہزار کے اخیر میں مسیح موعود یعنی مرزاصاحب کے وجود میں قادیان کے اندر مبعوث ہوئے تو آپ کی روحانیت نہایت زبردست، بہت قوی اور اعلیٰ درجہ کے کمال پر پہنچ گئی۔ جیسے چودھویں رات کا چاند ہوتا ہے جو اس کا انکار کرے وہ نص قرآن کا منکر ہے جس کا خلاصہ اور ماحصل یہ ہے کہ محمد مکی مدنی ﷺ میں اور بزعم مرزاصاحب محمد قادیانی میں جس کو اہل دنیا مرزاغلام احمد قادیانی کہتے ہیں۔ ہلال اور بدر کی نسبت ہے۔ آنخضرت ﷺ ہلال ہیں اور مرزاغلام احمد بدر یعنی چودھویں رات کا چاند۔ تعالی اللّٰہ عن ذلک علوا کبیرا!

اس مضمون کو مرزاصاحب کے ایک مشہور حواری نے جس کا نام قاضی اکمل ہے۔ اپنی ایک رباعی میں اس طرح پر نظم کردیا ہے:

محمد پھر اتر آئے ہیں ہم میں　　اور آگے سے ہیں بڑھ کر اپنی شان میں
محمد دیکھنے ہوں جس نے اکمل　　غلام احمد کو دیکھے قادیان میں

(البدر مورخہ ۲۵؍اکتوبر ۱۹۰۶ء ص۱۴)

## مرزاصاحب کا آنخضرت ﷺ اور قرآن پر ناپاک حملہ

یہاں تک تو مرزاصاحب کی ان شوخیوں کا ذکر تھا جو مرزاصاحب نے آنخضرت ﷺ کے ساتھ ہمسری اور عینیت پھر بعدازاں اپنی برتری اور افضلیت کے دعویٰ کر کے کی تھیں اور سیدالمرسلین ﷺ کی ذات گرامی کی نسبت یہ گستاخی کی تھی کہ معاذاللہ آپ کی روحانیت کامل نہ تھی اور آیۃ کریمہ:’’وانک لعلیٰ خلق عظیم (القلم:۴)‘‘اور اسی قسم کی دوسری آیات قرآنیہ کی تکذیب کی تھی۔ لیکن بحکم آیۃ کریمہ:’’ثم کان عاقبة الذین اسآء واالسوآی ان کذبوا باٰیات اللّٰہ (الروم:۱۰)‘‘(یعنی پھر ان لوگوں کا انجام جنہوں نے (ایسی برائیاں کی تھیں یہ ہوا کہ انہوں نے آیات الٰہیہ کی تکذیب کی) ان گستاخیوں اور شوخیوں نے مرزاصاحب کو تکذیب آنخضرت ﷺ اور قرآن تک پہنچا دیا جس کی تفصیل یہ ہے کہ مرزاصاحب اس بات کو تسلیم کرتے ہیں بلکہ اصول موضوعہ میں سے مانتے ہیں کہ اکمل اور اصفی وحی پانے والوں پر جب خدا (حاشیہ:۱) کا کلام فصیح ولذیذ نازل ہوتا ہے تو اس کے ساتھ ایک نور ہوتا ہے جو بتلاتا ہے کہ یہ یقینی امر ہے۔ ظنی نہیں ہے اور ایک ربانی چمک اس کے اندر ہوتی ہے اور کدورتوں سے پاک ہوتا ہے۔

(حقیقت الوحی باب سوم ص۱۵،خزائن ج۲۲ ص۱۷، حاشیہ:۱، وحی الٰہی کی شناخت)

من جملہ ان علامات کے یہ بھی ہے (الی) کدورتوں سے پاک ہوتا ہے۔

اس سے زیادہ صاف اس مسئلہ کو جو وحی الٰہی کا بنیادی اصول اور امتیازی نشان ومعیار ہے، کیا بیان کیا جائے۔

۲...... مرزاصاحب نے اپنی کتاب (نزول المسیح) میں بکرات بیان کیا ہے۔ (نزول المسیح ص۸۶، خزائن ج۱۸ص۴۶۴) پر لکھتے ہیں: ''کیونکہ خدا کا کلام جس قوت اور برکت اور روشنی اور تاثیر اور لذت اور خدائی طاقت اور چمکتے ہوئے چہرہ کے ساتھ دل پر نازل ہوتا ہے۔ خود یقین دلا دیتا ہے کہ میں خدا کی طرف سے ہوں...... الی...... اس لئے ممکن ہی نہیں ہوتا کہ ایسی وحی کے مورد کے دل میں شبہ پیدا ہو سکے۔ بلکہ وہ شبہ کو کفر سمجھتا ہے اور اگر اس کو کوئی اور معجزہ نہ دیا جائے تو وہ اس وحی کو جو ان صفات پر مشتمل ہو بجائے خود معجزہ قرار دیتا ہے۔''

۳...... خاص اپنی وحی کی شان میں مرزاصاحب تحریر فرماتے ہیں۔ ملاحظہ ہو (نزول المسیح ص۸۸، خزائن ج۱۸ص۴۶۶) ''اس سے زیادہ کوئی بدذاتی نہیں ہوگی کہ میں یہ کہوں کہ وہ خدا کا کلام نہیں، میں اسی طرح اس کو خدا کا کلام جانتا ہوں جس طرح میں یقین رکھتا ہوں کہ زبان سے بولتا ہوں اور کانوں سے سنتا ہوں۔''

۴...... (ص۸۹، خزائن ج۱۸ص۴۶۷) پر فرماتے ہیں ''مگر ابھی ہم لکھ چکے ہیں کہ جس دل پر درحقیقت آفتاب وحی الٰہی تجلی فرماتا ہے۔ اس کے ساتھ ظن اور شک کی تاریکی ہرگز نہیں رہتی۔ کیا خالص نور کے ساتھ ظلمت رہ سکتی ہے۔''

۵...... (ص۱۱۴،۱۱۵، خزائن ج۱۸ص۴۹۲،۴۹۳) پر فرماتے ہیں: ''اگر لوگ پوچھا کرتے ہیں کہ پھر رحمانی الہام کی نشانی کیا ہے۔ اس کا جواب یہی ہے کہ اس کی کئی نشانیاں ہیں (۱) اوّل یہ کہ الٰہی طاقت اور برکت اس کے ساتھ ایسی ہوتی ہے کہ اگرچہ اس کے ساتھ دلائل ظاہر نہ ہوں، بڑے زور اور جوش سے بتلاتی ہے کہ میں خدا کی طرف سے ہوں اور ملہم کے دل کو ایسا اپنا مسخر بنالیتی ہے کہ اگر اس کو آگ میں کھڑا کر دیا جائے یا ایک بجلی اس پر پڑنے لگے وہ کبھی نہیں کہہ سکتا کہ یہ الہام شیطانی ہے یا حدیث النفس ہے یا شکی ہے یا ظنی ہے، بلکہ ہر دم اس کی روح بولتی ہے کہ یہ یقینی ہے اور خدا کا کلام ہے۔''

یہ تو ہیں وحی الٰہی اور مورد وحی الٰہی کی شناخت کا طریقہ اور اس کی علامتیں کہ وہ مورد وحی کے نزدیک بوجہ اس نور اور قوت اور جوش اور الٰہی برکت اور روشنی اور تاثیر اور لذت اور خدائی قوت وغیرہ موت کے جو خدا کے کلام اور وحی کے ساتھ اترتے ہیں۔ اس کا کلام خدا اور وحی الٰہی ہونا ایسا بدیہی ہوتا ہے۔ جیسا ہمارے نزدیک یہ بات بدیہی ہے کہ ہم کانوں سے سنتے، آنکھ سے دیکھتے اور زبان سے بولتے ہیں۔ صاحب وحی کے نزدیک اس میں شک کرنا کفر ہے۔ اس کی روح ہر دم بولتی ہے۔ یہ خدا کا کلام یقینی بغیر کسی شک وشبہ کے ہے۔ اگر اس کو آگ میں کھڑا کیا جائے یا اس پر بجلی بھی گرنے لگے تو بھی وہ اس کو ظنی یا شکی حدیث النفس یا الہام شیطانی نہیں کہہ سکتا۔

اگرچہ الہام شیطانی اور حدیث النفس کی شناخت کا طریقہ اس مذکورہ بالا کلام مرزاصاحب سے خودبخود سمجھا جاتا ہے کہ یہاں یہ علامات موجود نہ ہوں اور ملہم اور مورد وحی کو شبہ یا شک یا تردد اس کلام کی نسبت پیدا ہوگیا ہو تو وہ وحی شیطانی ہوگی۔ لیکن اس استنباط کی بجائے مرزاصاحب کی تصریح ان کی عبارت میں پیش کردینا زیادہ موزوں ہے۔

(شیطانی الہام) اسی آخری حوالہ منقولہ کے (نزول المسیح ص۱۱۴، خزائن ج۱۸ص۴۹۲) کے اوپر متصل لکھتے ہیں: ''اس جگہ یہ نکتہ خوب توجہ سے یاد رکھنے کے لائق ہے کہ جو الہامات ایسے کمزور اور ضعیف الاثر ہوں جو ملہم پر مشتبہ رہتے ہیں کہ خدا کی طرف سے ہیں یا شیطان کی طرف سے وہ درحقیقت شیطان کی طرف سے ہی ہوتے ہیں اور گمراہ ہے وہ شخص جو ان پر بھروسا کرتا ہے اور بدبخت ہے وہ شخص جو اس خطرناک ابتلاء میں ماخوذ ہے۔ کیونکہ شیطان اس سے بازی کرتا ہے اور چاہتا ہے کہ اس کو ہلاک کرے۔''

۲...... پھر (نزول المسیح ص۸۶، خزائن ج۱۸ ص۴۶۴) تحریر فرماتے ہیں: ’’اگر ایک کلام انسان سے یعنی ایک آواز اس کے دل پر پہنچے اور اس کی زبان پر جاری ہو اور اس کو شبہ باقی رہ جائے کہ شاید یہ شیطانی آواز ہے یا حدیث النفس ہے تو در حقیقت وہ شیطانی آواز ہوگی یا حدیث النفس ہوگی۔ کیونکہ (الی) بجائے خود ایک معجزہ قرار دیتا ہے۔‘‘

مرزاصاحب ان منقولہ بالا عبارتوں میں الہام شیطانی اور وحی الٰہی میں جو امتیاز قائم کیا ہے وہ کسی تشریح کا محتاج نہیں۔ بالکل صاف اور واضح ہے لیکن باوجود ان اصول موضوعہ اور مسلمہ کے مرزاصاحب نے آنحضرت ﷺ سیدالمرسلین کی شان عالی میں جو گستاخی کی ہے۔ اس کو بحالت مجبوری بادل ناخواستہ سو مرتبہ العیاذ باللہ! کہتے ہوئے پیش کرتا ہوں۔ نقل کفر کفر نباشد! چنانچہ مرزاصاحب (تتمہ حقیقت الوحی ص۱۴۰، خزائن ج۲۲ ص۵۷۸) پر لکھتے ہیں: ’’آنحضرت ﷺ کو دیکھا کہ جب آپ فرشتہ جبرئیل ظاہر ہوا تو آپ نے فی الفور یقین نہ کیا بلکہ حضرت خدیجہ کے پاس ڈرتے ڈرتے آئے اور فرمایا کہ: ’’خشیت علی نفسی‘‘ یعنی مجھے اپنے نفس کی نسبت اندیشہ بڑا اندیشہ ہوا ہے کہ کوئی شیطانی مکر نہ ہو۔‘‘

جس واقعہ کی طرف مرزاصاحب نے اشارہ کیا ہے، اس میں یہ بھی مذکور ہے کہ اس میں سورۂ اقراء کی یہ پانچ آیتیں نازل ہوئیں۔ ’’اقرأ باسم ربک الذی خلق خلق الانسان من علق اقرأ وربک الاکرم الذی علم بالقلم علم الانسان مالم یعلم‘‘ یہ سب سے پہلا حصہ قرآن ہے جو نازل ہوا۔ (علی الصحیح) اب مرزاصاحب کی اس تحریر کے رو سے سیدالمرسلین ﷺ کو اور قرآن کریم کی ان پہلی پانچ آیتوں کو مرزاصاحب کے مسلمہ مذکورہ بالا معیار کے ساتھ اگر دیکھا جائے تو نتیجہ صاف ہے اور ناگفتہ بہ مرزاصاحب نے معاذ اللہ! آنحضرت ﷺ کو مورد الہام شیطانی اور قرآن کریم کو الہام شیطان قرار دیا۔ اس کے بعد تمام قرآن کریم کا یہی حکم ہوگا اور یہ بالکل ظاہر ہے کہ جب صاحب قرآن ہی معاذ اللہ! مورد وحی شیطانی ٹھہرا تو قرآن کی نہ صرف یہ پانچ پہلی آیتیں بلکہ کل کا کل الہام شیطانی ہے۔ اب ایک اور بات قابل غور ہے۔ وہ یہ ہے کہ جب مرزاصاحب نے نہایت صفائی اور پوری تفصیل کے ساتھ وحی الٰہی اور شیطانی وحی میں مابہ الامتیاز بیان کر دیئے تھے تو آنحضرت ﷺ کی نسبت کیوں ایسی عبارت تحریر کی جس کا صاف اور کھلا کھلا نتیجہ یہ ہے کہ معاذ اللہ! جس سے آنحضرت ﷺ اور قرآن کریم کی قطعی طور پر تکذیب ہوتی ہے۔ شاید واقعات کی مجبوری ہو تو اس کا جواب یہی ہے جس کی طرف ہم اس مضمون کے ابتداء میں اشارہ کر آئے ہیں کہ مرزاصاحب کی ان شوخیوں اور گستاخیوں نے مرزاصاحب کو کھینچ کر اس مقام پر لاکھڑا کیا، جس کا ذکر اجمالاً و مثالاً اوپر گزر چکا ہے۔ ورنہ اس واقعہ میں جو ’’خشیت علیٰ نفسی‘‘ سے مرزاصاحب نے بیان کیا، ہرگز شک یا شیطانی مکر کا کوئی لفظ نہیں ہے۔ مرزا نے محض تکلف اور تحریف اور افتراء سے یہ معنی کئے اور بحکم آیۂ کریمہ: ’’قل من کان فی الضلالۃ فلیمدد لہ الرحمن مدا (مریم:۷۵)‘‘ و بحکم ’’نولہ ماتولیٰ ونصلہ جہنم (النساء:۱۱۵) ثم کان عاقبۃ الذین اساء وا السوء ان کذبوا بآیات اللہ (الروم:۱۰)‘‘ ارتکاب کفر عظیم کی سزا پائی۔

آنحضرت ﷺ نے جو خشیت علی نفسی یعنی مجھے اپنی جان کا اندیشہ ہے فرمایا وہ دو سبب سے تھا، ایک تو دفعۃً اور اچانک جبرئیل کا بڑی رعب دار صورت میں آکر آنحضرت ﷺ کو تین دفعہ انتہائی مشقت کی حد تک بھینچنا اور دبانا جس سے آپ کو جسمانی طاقت پہنچی، یہاں تک کہ بوجہ جاڑا لگنے کے گھر جاکر فرمایا۔ زملونی زملونی دوسرے عظیم الشان بار نبوت کی وجہ سے دل میں فکر پیدا ہوا کہ واللہ اعلم قوم کی طرف سے کیا کیا سلوک پیش آئیں گے۔ ایک طرف بشری ضعف جبلت اور کمزوریوں کا احساس غرض، ان مجموعہ امور سے اگر ’’خشیت علیٰ نفسی‘‘ فرمادیا تو یہ کوئی نئی بات نہ تھی۔ آخر حضرت موسیٰ علیہ السلام بھی تو عین رب العالمین کے حضور اچانک عصاء کو سانپ کی صورت میں دیکھ کر بھاگ نکلے تھے جس پر اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اے موسیٰ لوٹ آ اور نہ ڈر تو امن والوں سے ہے۔ ’’فلما راٰھا جآن ولیٰ مدبرا

ولم یعقب یاموسیٰ اقبل ولا تخف انک من الآمنین (القصص: ۳۱) ’’پھر موسیٰ علیہ السلام نے دوسرا خطرہ پیش کیا۔‘‘ رب انی قتلت منہم نفسا فاخاف ان یقتلون (القصص: ۳۳) ’’اے پروردگار میں نے ان کا ایک آدمی (غلطی سے) مار دیا تھا۔ مجھے اندیشہ ہے کہ مجھے کہیں قتل نہ کر دیں اور میرا بھائی ہارون مجھ سے زیادہ صاف زبان ہے اس کو میرا مددگار رسول بنا دے مجھ کو اندیشہ ہے کہ وہ میری تکذیب کریں گے تو اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی تسلی فرمائی۔ جیسا کہ آگے اسی مقام پر مذکور ہے۔ الغرض ابتداءً اندیشہ انبیاء علیہم السلام کو بتقضائے بشریت زیادہ ہوا کرتا ہے۔ موسیٰ علیہ السلام کے قصہ مذکورہ میں اس امر کی کافی توضیح ہے۔ آنحضرت ﷺ نے بھی انہی اسباب کی بناء پر اندیشہ کا اظہار فرمایا نہ یہ کہ معاذ اللہ آپ نے جبرئیل کو شیطان اور آیات قرآن کو شیطانی الہام اور مکر خیال کیا ہو۔ اگر آنحضرت ﷺ کو ہی نعمت یقین وایمان حاصل نہ تھی تو بھلا اور کس کو ہوگی۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ’’امن الرسول بما انزل الیہ من ربہ والمؤمنون (البقرۃ: ۲۸۵) ‘‘یعنی رسول ہر اس کلام پر ایمان لایا جو اس پر اس کے رب کی طرف سے اتاری گئی اور مؤمن بھی۔ لیکن مرزاصاحب کے نزدیک تو رسول کریم کو یقین یعنی ایمان حاصل نہ ہوا تو بھلا مؤمنوں کو کیونکر ہوگا۔‘‘ نعوذ باللہ من الحور بعد الکور ’’مرزاصاحب نے بڑا ظلم کیا کہ محض افتراء اور بہتان سے آنحضرت ﷺ پر ناپاک حملہ کیا اور قرآن کی تکذیب اور اسلام کی بیخ کنی کا سامان اپنی کتابوں میں جمع کر دیا اور محض جھوٹ اور افتراء پردازی کے طور پر یہ طوفان اٹھایا۔ ورنہ جیسا کہ اوپر ذکر ہو چکا ہے، حدیث میں اس کا ذکر نہیں اور اگر بالفرض کوئی ایسی روایت موجود بھی ہوتی جس کا صاف یہ مفہوم ہوتا تو ہو نصوص قطعیہ کے سامنے بالکل واجب الرد یا قابل تاویل ہوتی تو تاویل کی جاتی۔ خصوصاً جب کہ وہ اپنے الہام کے مخالف حدیثوں کو بھی ردی میں پھینک دیتے ہیں تو آنحضرت ﷺ اور قرآن کریم کے ابطال پر جو حدیث دلالت کرتی ہو۔ اس کو بطریق اولیٰ باطل اور غلط سمجھ کر رد کر دینا چاہئے تھا۔ لیکن یہاں تو معاملہ ہی برعکس ہے کوئی حدیث بھی نہیں ہے اور محض افتراء پردازی اور بہتان طرازی سے قرآن اور نبوت نبی کریم کے ابطال کی سعی کر کے اپنے کفر اور دشمن اسلام ہونے کی تصدیق کر رہے ہیں۔ مرزاصاحب اپنے الہاموں کی نسبت لکھتے ہیں کہ: ’’اس سے زیادہ کوئی بدذاتی نہیں ہوگی کہ میں یہ کہوں کہ وہ خدا کا کلام نہیں۔‘‘ اپنی مزعومہ الہاموں پر یہ وثوق اور ان کو کلام خدا نہ کہنا بہت بڑی بدذاتی ہے تو رسول کریم ﷺ کی نسبت یہ کہنا کہ ان کو جبرئیل اور کلام الٰہی کی نسبت یقین نہ تھا اور شیطانی مکر کا اندیشہ ہو گیا تھا۔ کتنی بڑی بھاری بدذاتی ہوگی۔

الغرض مرزاصاحب نے اپنی تحریروں کے روسے اسلام کی بیخ کنی کا پورا مواد بہم پہنچا دیا ہے۔ دشمنان اسلام اگر ان دستاویزوں کی بناء پر اسلام پر حملہ آور ہوں تو کتنی بڑی بھاری مصیبت کا سامنا ہو، بجز اس کے کیا جواب ہوسکتا ہے کہ مرزاصاحب کی تحریر غلط ہے، کفر ہے، افتراء اور بہتان ہے اور درحقیقت ہے بھی سراسر بہتان کفر اور قرآن اور بانیٔ اسلام ﷺ کی شان مقدس پر ناپاک اور خطرناک حملہ۔ اعاذنا اللہ عن امثال ذالک!

## حقیقی خاتم

مختار مدعاعلیہ نے کہا ہے مختار مدعیہ نے (خطبہ الہامیہ ص ب، خزائن ج۱۶ ص ۳۰۹) کے حوالہ سے ایک یہ اعتراض کیا ہے کہ مرزا صاحب نے اپنے متعلق کہا ہے کہ میں حقیقی خاتم اور رسول مقبول ﷺ کو بھی قرآن مجید میں خاتم النّبیین کہا گیا ہے۔ حقیقت کے مقابلہ میں مجاز ہوتا ہے تو گویا آنحضرت ﷺ مجازی خاتم النّبیین ٹھہرے اور یہ صریح کفر والحاد ہے۔

اس کے جواب میں مختار مدعاعلیہ نے کہا ہے کہ یہ الزام محض افتراء اور بہتان ہے۔ کیونکہ مرزاصاحب نے کہیں اپنے آپ کو حقیقی خاتم النّبیین نہیں کہا اور نہ آنحضرت ﷺ کو مجازی خاتم النّبیین کہا ہے۔

۱...... اس انکار کے بعد خود مانتا ہے کہ جو ختمیت مرزا صاحب کو حاصل ہے، وہ بلحاظ وراثت کے ہے۔

(خطبہ الہامیہ ص ب، خزائن ج۱۶ ص۳۱۰)

۲...... مرزا صاحب کی بعثت بروزی طور پر آنحضرت ﷺ کی بعثت ہے۔ (ایضاً)

۳...... مرزا صاحب کو جو ختمیت حاصل ہے وہ ختمیت ولایت ہے نہ ختمیت نبوت۔

۴...... مرزا صاحب کو آنحضرت ﷺ کے اتباع سے حاصل ہے۔ (تتمہ حقیقت الوحی ص۶۴، خزائن ج۲۲ ص۵۰۳)

خیر ختمیت وراثت سے حاصل ہو، اتباع سے ہو، بروز سے، دیکھنا یہ ہے کہ وہ ختمیت نبوت ہے یا ولایت اور حقیقی ہے یا مجازی۔ اگر ثابت ہو جائے کہ وہ ختمیت نبوت کے ہے اور حقیقی ہے تو مختار مدعیہ کا الزام صحیح ہوگا۔ افتراء اور بہتان نہ ہوگا اور مرزا صاحب کا دعویٰ حقیقی خاتم النّبیین کرنا ثابت ہو جائے گا۔ اس صورت میں مرزا صاحب کا کفر والحاد مختار مدعا علیہ کو ماننا پڑے گا۔ کیونکہ اس نے محض انکار کیا ہے۔ یہ نہیں کہا کہ یہ کفر نہیں جس سے معلوم ہوگیا کہ وہ بھی اس کو کفر اور الحاد جانتا ہے۔

اس میں شک نہیں کہ مرزا صاحب اپنے آپ کو خاتم الاولیاء اور خاتم الخلفاء بھی کہتے ہیں۔ لیکن یہ خاتم الانبیاء ہونے کے منافی نہیں ہے۔ کیونکہ مرزا صاحب نے حضرت عیسیٰ علی نبینا علیہ السلام کو بھی تو خاتم الخلفاء سلسلہ بنی اسرائیل کہا ہے۔ لیکن وہ اس سلسلہ کے خاتم الانبیاء بھی ہیں۔ مرزا صاحب نے خود ان کو انبیاء بنی اسرائیل کا خاتم کہا ہے۔ غرض اس جگہ خلافت اور نبوت میں تضاد نہیں ہے۔ بلکہ تقریباً مترادف ہیں۔ آخر مرزا صاحب کا دعویٰ بھی تو نبوت کا ہے اور خلیفہ ہونے کا یہی۔ پس خاتم الاولیاء یا خاتم الخلفاء کہنے سے خاتم الانبیاء ہونے کی نفی نہیں ہو جاتی۔

اس میں تو کچھ شک نہیں کہ مرزا صاحب نے اپنے کو خاتم الانبیاء کہا ہے خواہ بروزی طور پر ہو۔ ملاحظہ (ایک غلطی کا ازالہ ص۵، خزائن ج۱۸ ص۲۱۲) ''کیونکہ میں بارہا بتلا چکا ہوں کہ میں بموجب آیت: ''**وآخرین منهم لما یلحقوا بهم**'' میں بروزی طور پر وہی نبی خاتم الانبیاء ہوں۔''

اب رہی یہ بات کہ ختمیت حقیقیہ کا بھی دعویٰ کیا ہے یا نہیں؟ تو اب ہم اسی عبارت کو دیکھتے ہیں جس عبارت کو مختار مدعا علیہ اور مختار مدعیہ نے پیش کیا ہے۔ مختار مدعا علیہ کی محولہ عبارت بھی صحیح ہے: ''**وقد ختمت النبوة علیٰ نبینا** ﷺ'' (خطبہ الہامیہ ص ب، خزائن ج۱۶ ص۳۱۰) لیکن مدعیہ کے مختار کو کچھ مضر نہیں۔ اس نے کب اس کا انکار کیا ہے۔ کیونکہ اس میں حقیقت کی تصریح نہیں۔ مختار مدعیہ کی پیش کردہ عبارت میں جو مرزا صاحب کے متعلق ہے اور اس سطر کے ایک سطر چھوڑ کر بعد ہے۔ ختمیت حقیقیہ کا لفظ موجود ہے: ''**فان الختمیة الحقیقیة کانت مقدرةً فی الالف السادس الذی هو یوم سادس من ایام الرحمن لیشابه ابا البشر من کان هو خاتم نوع الانسان**'' (ضمیمہ خطبہ الہامیہ ص ب، خزائن ج۱۶ ص۳۱۰) یعنی پس ختمیت حقیقیہ چھٹے ہزار میں (یعنی عہد مرزا صاحب) کے لئے مقدر تھی جو ایام رحمٰن کا چھٹا دن ہے تاکہ ابوالبشر (آدم علیہ السلام) کے ساتھ وہ شخص جو نوع انسان کا خاتم ہے، (یعنی مرزا صاحب) مشابہ ہو جائے۔

پس اب معاملہ بالکل صاف ہے۔ مرزا صاحب نے آنحضرت ﷺ کے لئے ختم نبوت کا اقرار کیا۔ لیکن اس کے ساتھ حقیقت کی صفت بیان نہیں کی۔ اپنے آپ کو خاتم الانبیاء کہتے ہیں اور بالمقابل اپنی ختمیت کو ختمیت حقیقت کے ساتھ موصوف کیا اور یہی مختار مدعیہ کا دعویٰ تھا کہ حقیقی کے بالمقابل چونکہ مجازی ہوتی ہے۔ اس لئے آنحضرت ﷺ کی ختم نبوت مجازی ہوئی اور یہ کفر والحاد ہے۔

''مختار مدعا علیہ نے ایک یہ عذر بھی بیان کیا ہے کہ نیز آپ نے اپنی بعثت کو بروزی طور پر آنحضرت ﷺ کی بعثت قرار دیا ہے۔''

یہ درست ہے کہ مرزاصاحب نے اپنی بعثت کو آنحضرت ﷺ کی بعثت قرار دیا ہے اور اپنے وجود کو آنحضرت ﷺ کا وجود قرار دیا ہے اور تمام کمالات محمدیہ معہ نبوت اور ختم نبوت کے حصول کا اپنے لئے دعویٰ کیا ہے۔ باوجودیکہ یہ تمام دعاوی باطل اور سراسر کفر ہیں۔ لیکن تاہم مرزاصاحب کے خیال کی بناء پر اس کو مسلم رکھتے ہوئے اگر مرزاصاحب اپنے لئے مقابلۃً کوئی زائد فضیلت بھی ثابت کریں تو فاضل اور مفضول کے مفہوم اضافی کو ملحوظ رکھتے ہوئے فاضل کی افضلیت مفضول کی طرف نہیں لوٹے گی۔ کیونکہ اس صورت میں فاضلیت اور مفضولیت کا مفہوم ہی باطل ہو جاتا ہے۔ جس طرح مرزاصاحب نے (تریاق القلوب ص۱۵۵، خزائن ج۱۵ ص۴۷۷) میں لکھا ہے کہ: ’’حضرت ابراہیم نے اڑہائی ہزار برس کے بعد عبداللہ پسر عبدالمطلب کے گھر جنم لیا۔‘‘ (آئینہ کمالات ص۳۴۳، خزائن ج۵، ص۳۴۳) میں آنحضرت ﷺ کو مسیح علیہ السلام کا ظہور قرار دیا ہے تو کیا آنحضرت ﷺ کے کمالات خاصہ سیدالمرسلین، خاتم النّبیین وغیرہ حضرت ابراہیم اور حضرت مسیح علیہ السلام کے کمالات کہلائیں گے اور رسول اللہ ﷺ ان سے افضل نہ ہوں گے۔ اگر آپ افضل ہیں تو بعینہٖ اس طرح مرزاصاحب نے بھی اپنی فضیلت آنحضرت ﷺ پر ثابت کی ہے جو محال اور سراسر محال ہے۔ پس اس صورت میں آنحضرت ﷺ کو صرف خاتم النّبیین ماننا اور اپنے آپ کو ختمیت حقیقیہ کا مصداق قرار دینا یا بالفاظ حقیقی خاتم النّبیین بالمقابل ٹھہرانا صاف توہین اور کفر ہے۔

## سیدالمرسلین ﷺ اور تمام انبیاء کی عملاً توہین

مرزاصاحب کی ان شوخیوں اور گستاخیوں نے جن کا ذکر کسی قدر اوپر گزر چکا ہے۔ دشمنان اسلام کو اس قدر دلیر کر دیا ہے کہ جب وہ مرزاصاحب کے معتقدات دعاوی مرزاصاحب کے اخلاقی نمونہ اور معجزات کو ان کی کتابوں میں اور ان کے مشن کی تحریروں کو پڑھتے ہیں اور ان کو سراسر حیلہ بازی، چالاکی دروغ گوئی مکاری معاملات اور اخلاق کی کجروی کا واقعات کی روشنی میں قطعی ثبوت ملتا ہے اور ساتھ ہی مرزاصاحب کے ان دعاوی کو دیکھتے ہیں کہ آپ تمام انبیاء کے بروز اور ان کی صفات کاملہ کے مظہر اور جامع ہیں۔ تمام نبوتوں کی مرمت اور شکست وریخت کرنے آئے ہیں۔ آپ محمدی آئینہ ہیں اور بروز محمد اور مظہر روحانیت محمد ہیں۔ بلکہ وہ روحانیت جو اصلی محمد ﷺ کے زمانہ میں ہلال کی طرح بالکل کمزور اور ادنیٰ حالت میں تھی۔ اس بروز یعنی مرزاصاحب کی ذات میں بدر بن کر پوری آب وتاب سے جلوہ گر اور تاباں ہوئی ہے اور مرزاصاحب کے اس شعر کو پڑھتے ہیں۔

زندہ شد ہر نبی بآمدنم ہر رسولے نہاں بہ پیرہنم

(نزول المسیح ص۱۰۰، خزائن ج۱۸ ص۴۷۸)

تو وہ اسلامی تصنیفات مصنفات تاریخ وسیرت کو چھوڑ چھوڑ کر مرزاصاحب کے احوال مقالات مصنفات اور مشن کی تحریروں کو اسلام قرار دے کر اسلام پر حملہ آور ہوتے ہیں اور آنحضرت ﷺ کی تعلیم سیرت مقدسہ معجزات اور خلق عظیم کو اور آپ کی نبوت اور جملہ انبیاء کی شان اور نبوت کو مرزاصاحب کی شان اور نبوت پر قیاس کر کے اسی حقارت کی نظر سے دیکھتے ہیں جس سے مرزاصاحب کی نبوت کو انہوں نے بالکل قریب سے دیکھا ہے۔ اگرچہ بعض دشمن اسلام پہلے بھی محض تعصب کی وجہ سے اسلام پر معترض ہوتے رہے۔ ان کو جواب دندان شکن آسانی دیئے جاتے۔ مگر اب اسلام کے دشمنوں کو مرزاصاحب اور ان کے مشن کی تحریری اور عملی حالات سے بہت بڑی طاقت اور دلیری ہوگئی ہے۔ بتلایئے اگر نبوت انبیاء سابقین خصوصاً سیدالمرسلین ﷺ کی نبوت اور معجزات آنحضرت ﷺ اور ان کے اخلاق قدسیہ اور سوانح زندگی کا معیار مرزاصاحب کی سوانح حیات اور معجزات کو قرار دیا جائے تو دشمنان اسلام کو مسلمان منہ دکھانے کے قابل ہو سکتے ہیں۔ مثلاً اگر کوئی دشمن یہ اعتراض کرے کہ مرزاصاحب نے جو تمام الانبیاء کے بروز ہیں اور ان کے زندہ کرنے والے۔ کنجروں کا مال بھی لے کر کھایا ہے اور آئینہ کمالات کے اخیر میں اس قسم کے مالوں کو حلال اور جائز ثابت کرنے کے لئے شریعت اسلامی میں ایک نئے حکم کا اضافہ فرمایا ہے کہ نافرمان

آدمی کا مال وجان اس کے ملک سے نکل کر مالک حقیقی کے قبضہ میں آجاتا ہے اور مالک حقیقی کو اختیار ہے کہ اس کو ویسے ہی ہلاک کردے یا کسی رسول کے واسطہ سے یہ تجلی قہری نازل فرمائے۔ اصل عبارت آئینہ کمالات کی ملاحظہ ہو۔ ''اصل حقیقت یہ ہے کہ تمام حقوق پر خداتعالیٰ کا حق غالب ہے اور ہرایک جسم روح اور مال اسی کی ملک ہے۔ پھر جب انسان نافرمان ہوجاتا ہے تو اس کی ملک اصل مالک کی طرف عود کرتی ہے۔ پھر اس مالک کو اختیار ہوتا ہے کہ چاہے تو بلاتوسط رسل نافرمانوں کے مالوں کو تلف کرے اور ان کی جانوں کو معرض عدم میں پہنچادے یا کسی رسول کے واسطے سے یہ تجلی قہری فرمائے بات ایک ہی ہے۔'' (آئینہ کمالات اسلام ص۶۰۱، خزائن ج۵ ص۶۰۱)

اب اگر دشمن اسلام یہ اعتراض کرے کہ قرآن کا تو یہ حکم ہے: ''یٰاایہا الرسل کلوا من الطیبات واعملوا صالحا (المؤمنون:۵۱)'' یعنی اے رسولو! پاکیزہ مال کھاؤ اور نیک کام کرو تو معلوم ہوا کہ چونکہ مرزاصاحب نے جو تمام انبیاء کا بروز ہیں اور ان کی شان تقدس کو زندہ کرنے والے کنجروں کی اجرت زنا وغیرہ کی کمائی کھائی ہے۔ لہٰذا وہ بھی پاکیزہ اور حلال طیب ہے اور تمام رسول اس قسم کی پاکیزہ چیزیں کھایا کرتے تھے۔ نیز یہ معلوم بھی ہوگیا کہ زنا بھی حلال ہے۔ (معاذ اللہ)

نیز یہ معلوم ہوگیا کہ مرزاصاحب کی شریعت میں ہندوستان کے اندر تمام ان مسلمانوں کا جو مرزاصاحب کو نہیں مانتے اور ایسا ہی دیگر نافرمان اقوام ہندوؤں عیسائیوں سکھوں وغیرہ کا قتل کردینا اور ان کے مالوں کو لوٹ لینا سب جائز ہے۔ جیسا کہ محولہ بالا مرزائی قانون کا صاف منشاء اور مفہوم ہے اور خدانخواستہ مرزائیوں کو اگر قدرت حاصل ہوجائے تو اسی دستاویز سے اس حکم پر وہ عامل ہوں گے۔

مرزاصاحب کے شریعت کے یہ جدید احکام ہیں۔ اسلام کو ان سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ لیکن جب مرزاصاحب کو تمام انبیاء کا بروز اور بروزی محمد اور خاتم الانبیاء مان لیا جائے تو کسی کے سامنے آنکھ بھی نہیں اٹھا سکتے۔

مرزاصاحب کے تشریعی نبی ہونے کا یہ بیّن ثبوت ہے اور یہ دعویٰ سراسر غلط ہے جو زبانی وہ کرتے ہیں کہ ہم شریعت جدیدہ کے مدعی نہیں بلکہ ایسے مدعی کو کافر سمجھتے ہیں تو اب وہ خود اپنے اقرار سے بھی کافر ہوگئے۔

حوالہ مذکورہ بالا (آئینہ کمالات اسلام ص۶۰۱، خزائن ج۵ ص۶۰۱) کی ضروری تشریح بھی لازم ہے۔ کیونکہ اس کے بغیر ہمارا ذکر کردہ مدعا واضح نہیں ہوسکتا۔ کیونکہ کنجروں ونجروں کو تو اس عبارت محولہ میں کوئی نام نہیں ہے۔ لہٰذا اس کا شان نزول بیان کرنا ضروری ہے۔

مرزاصاحب کی عبارت محولہ بالا مولانا ابوسعید محمد حسین صاحب بٹالوی کے جواب میں ہے جس کو مرزاصاحب ''قولہ'' اور ''اقول'' کے عنوان قائم کر کے بیان کر رہے ہیں۔ ''قولہ'' سے مولانا محمد حسین صاحب مرحوم کا اور ''اقول'' سے مرزاصاحب کا قول مراد ہے۔ مولانا ابوسعید محمد حسین صاحب مرحوم نے اپنے رسالہ (اشاعۃ السنۃ ج۱۵ نمبر۱) میں مرزاصاحب کی محمدی بیگم کے نکاح کی پیش گوئی کے متعلق پچاس سوالات جرح کئے ہیں جو دوسرے نمبر میں جاکر ختم ہوئے ہیں۔ ان میں چند سوالوں کے جواب مرزاصاحب نے دیئے ہیں۔

عبارت محولہ بالا مولانا موصوف کے آٹھویں سوال جرح کا جواب یہ جو (اشاعۃ السنۃ نمبر۱ ج۱۵ ص۴۶) پر بدیں عبارت ہے۔

(سوال ہشتم) ''ایسا شخص اگر اکثر جھوٹ بھی بولتا ہو۔ لوگوں کے مال ناجائز ذریعہ سے مارتا ہو۔ ناجائز مال اجرت زنا وغیرہ کام میں لاتا ہو، ظلم، ایذارسانی، بے رحمی، بدخلقی، بدگوئی پر مصر ہو تو پھر بھی وہ اگر اس کی کوئی پیش گوئی سچی نکل آوے اس سچی پیش گوئی میں ملہم ولی محدث ومجدد اور خدا کا مخاطب ہوسکتا ہے۔''

اس کی مزید توضیح سوال (نمبر۴۴ میں ص۴۷) پر مولانا موصوف مرزاصاحب سے سوال کرتے ہیں: ''سوال چہل وچہارم میاں الہ دیا ساکن انبالہ سے آپ نے اپنے ملازم فتح خان کی معرفت دوسو روپیہ یا کم وبیش منگوایا (۲) اور وہ کیا روپیہ تھا (۳) اور آیا وہ کس کام میں آپ نے صرف کیا؟''

یہ الہ دیا کنجر تھا جس نے توبہ کی تھی۔ اس کا پہلا مال جو حرام کمائی اجرت زنا وغیرہ سے تھا مرزاصاحب نے منگوایا اور استعمال فرمایا۔ ان سوالات سے پہلے (نمبر۱۲ج۱۴) میں مولانا موصوف میر ناصر نواب صاحب خسر مرزاصاحب کی ’’مثنوی درحالات مکاری اہل زمانہ‘‘ مندرجہ نمبر مذکور کے حاشیہ پر کرچکے ہیں جس میں انہوں نے جعلی پیروں خصوصاً مرزاصاحب کے حالات کا کسی قدر نقشہ کھینچا ہے۔

چنانچہ میر ناصر صاحب لکھتے ہیں۔

بدمعاش اب نیک از حد بن گئے بو مسیلم آج احمد بن گئے
عیسیٰ دوراں بنے دجال ہیں ہر طرف مارے انہوں نے جال ہیں

اسی مثنوی میں کچھ اوپر یہ شعر ہیں۔

قرض سے ایک دفعہ ہو جائے نجات گو ملے صدقہ کہ مل جائے زکوٰۃ
ہو یتیموں ہی کا یا رانڈوں کا ہو رنڈیوں کا مال ہو یا بھانڈوں کا ہو

اس دوسرے مصرعہ کی تشریح مولانا موصوف نے حاشیہ پر یہ کی ہے۔’’جیسا کہ الہ دیا نامی تائب مرحوم کا روپیہ جو اسی قسم سے تھا کادیانی نے منگایا۔‘‘

غرض سوال ہشتم کا منشاء یہ ہے کہ مرزاصاحب نے الہ دیا کنجر انبالوی سے جس نے توبہ کی تھی، اجرت زنا کی کمائی کا سابقہ روپیہ اپنے ملازم فتح خان کی معرفت منگوایا اور استعمال فرمایا۔

مرزاصاحب نے اسی سوال ہشتم قولہ کے عنوان سے نقل کر کے اقول کہہ کر اس کا جواب دیا ہے اور اس کو عبارت محولہ بالا سے جائز ثابت کر کے نئی شریعت تعمیر کی ہے۔

مرزاصاحب نے اس سوال کو نقل کرنے میں عجب چالاکی کی ہے۔ تین چار سطر کی عبارت میں سے اوّل وآخر کو نقل کر کے بیچ میں سے چھوڑ گئے ہیں تاکہ مرزاصاحب کی کتاب پڑھنے والے کو یہ پتہ نہ لگ سکے کہ مرزاصاحب پر اجرت زنا کا حرام مال کھانے کا الزام لگایا گیا ہے اور جب تک کسی کو اشاعۃ السنۃ کے اصل حوالے معلوم نہ ہوں۔ مرزاصاحب کا یہ فعل شنیع مخفی رہے۔ لیکن دراصل یہ بڑی خیانت اور پرلے درجہ کی بزدلی ہے۔

خیر اب تو سوال بھی واضح ہوگیا اور جواب بھی واضح۔ مرزاصاحب نے اس خبیث اور حرام مال اجرت زنا کھانے سے انکار نہیں کیا اور نہ کر سکتے تھے۔ ہاں! یہ کر دیا اور ثابت کیا کہ یہ حلال ہے، طیب ہے لیکن رسولوں کو۔ پس اگر فی الواقعہ مرزاصاحب رسول مان لئے جائیں اور آنجناب کی رسالت ہی تمام رسولوں کے لئے میزان قرار دی جائے تو نبوت اور رسالت ایک نہایت ہی ذلیل چیز ہوگی جس کو کوئی شریف انسان پسند نہیں کر سکتا۔

پس درحقیقت مرزاصاحب نے اپنی عملی اور اخلاقی اور اعتقادی حالت سے نبوت اور انبیاء کی سخت توہین کی ہے اور اس لحاظ سے بھی مرزاصاحب خارج از اسلام اور کافر ہیں۔

اس قسم کے کئی واقعات ہیں۔ لیکن بطور مشت نمونہ ازخروارے اسی پر اکتفاء کرتے ہیں۔

مختار مدعا علیہ نے ۹؍اکتوبر کی بحث میں کہا تھا کہ جب مرزاصاحب حضرت عیسیٰ کے نزول کو اسلام کی بربادی اور آنحضرتﷺ کی توہین خیال کرتے ہیں جو مرزاصاحب سے ان کے زعم کے مطابق گھٹیا نبی ہیں تو جوان سے بڑھیا نبی ہیں۔ یعنی مرزاصاحب ان کی نبوت سے بطریق اولیٰ بہت زیادہ توہین آنحضرتﷺ کی اور بربادی اسلام متصور ہے۔

مختارمدعاعلیہ کہتا ہے کہ یہ مغالطہ ہے فرق یہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے آنے سے یا نبوت مستقلہ بعد آنحضرت ﷺ ماننی پڑے گی جو ممتنع ہے یا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا امتی ہونا اور یہ بھی محال ہے۔ کیونکہ امتی کا مفہوم یہ ہے کہ جو بغیر اتباع آنحضرت ﷺ محض ناقص اور گمراہ اور بے دین ہو اور قرآن اور آنحضرت ﷺ کی پیروی سے اس کو ایمان اور کمال نصیب ہو۔

مختارمدعاعلیہ کا اور مرزاصاحب کا یہ استدلال اور فرق بالکل غلط ہے اور امتی کی یہ تعریف خودغرضی سے گھڑی گئی ہے جس کا کوئی ثبوت نہیں نہ قرآن سے نہ حدیث میں اور نہ علماء اسلام میں بلکہ سراسر قرآن کریم اور تصریحات اکابر کے خلاف ہے۔

۱...... مختاران مدعاعلیہ کے مسلم امام عبدالوہاب شعرانی (یواقیت والجواہر مبحث ۳۲) میں شیخ اکبر محیی الدین ابن عربی کا قول فتوحات مکیہ کے باب عاشر سے حدیث:''انا سید ولد آدم ولا فخر '' کے متعلق نقل کرتے ہیں کہ آدم علیہ السلام سے لے کر آخرالرسل عیسیٰ علیہ السلام تک تمام انبیاء سید ولد آدم ﷺ کے نائب ہیں۔ پھر اس پر یہ شہادت پیش کی ہے کہ جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام زمین پر نزول فرمائیں گے تو آنحضرت ﷺ کی شریعت پر عامل ہوں گے جس سے صاف ثابت ہے کہ تمام انبیاء خصوصاً حضرت عیسیٰ علیہ السلام آنحضرت ﷺ کے نائب اور امتی ہیں۔ اس میں کوئی امتناع کسی قسم کا نہیں ہے۔

۲...... صحیح حدیث میں آیا ہے کہ:''لو کان موسیٰ حیاً لما وسعہ الا اتباعی ''اس سے ثابت ہوتا ہے کہ ایک اولی العزم نبی بھی آنحضرت ﷺ کا امتی اور متبع ہوسکتا ہے۔ لہٰذا امتی کا جو مفہوم بیان کیا گیا ہے قطعاً باطل ہے۔

۳...... یہی امام عبدالوہاب شعرانی (یواقیت والجواہر ج۲ ص۶۳) پر شیخ اکبر قدس اللہ سرہ کا قول فتوحات کے باب الثالث والتسعین سے نقل فرماتے ہیں:''اعلم انہ لیس فی امۃ محمد ﷺ من ھو افضل من ابی بکر رضی اللہ عنہ غیر عیسیٰ علیہ السلام وذالک انہ اذا نزل بین یدی الساعۃ لایحکم الابشرع محمد ﷺ فیکون لہ یوم القیامۃ حشر ان حشر فی زمرۃ الرسل بلواء الرسالۃ وحشر فی زمرۃ الاولیاء بلواء الولایۃ ''یعنی اس امت میں عیسیٰ علیہ السلام کے سواء کوئی شخص حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے افضل نہیں ہے۔ کیونکہ عیسیٰ علیہ السلام جب قیامت سے پہلے نازل ہوں گے تو شرع محمد ﷺ کے سواء کسی چیز پر عمل نہ کریں گے۔ پس قیامت کو ان کے دوحشر ہوں گے۔ ایک لواء رسالت کے ساتھ رسولوں کے زمرہ میں اور دوسرا حشر لواء ولایت کے ساتھ زمرہ اولیاء میں۔

ہمارا مقصود اس سے واضح ہے حاجت تشریح نہیں۔ شیخ اکبر قدس اللہ سرہ کے اور کئی حوالے ہیں لیکن یہی کافی ہیں۔

۴...... اب مرزاصاحب کی سنئے! (حقیقت الوحی ص۱۳۰، خزائن ج۲۲ ص۱۳۳) پر آیت:''واذ اخذاللہ میثاق النّبیین لما اٰتیتکم من کتاب '' کے تحت لکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے تمام رسولوں سے یہ عہد لیا تھا کہ جب آخری زمانہ میں میرا رسول آئے گا تو اس پر ایمان لانا اور اس کی مدد کرنا اس پر سب نے اقرار کیا (ملخصاً) اس سے ثابت ہوا کہ تمام رسول آنحضرت ﷺ کی نبوت پر ایمان لاچکے ہیں۔ لہٰذا وہ امتی ہیں۔

۵...... مرزاصاحب (حمامۃ البشریٰ ص۷۸، خزائن ج۷ ص۲۹۵) پر لکھتے ہیں:''وما اختلف اثنان من علماء ھذہ الامۃ فی ان الفضائل الضلیۃ التی توجد فی ھذہ الامۃ قد تفوق بعض الفضائل التی توجد فی الانبیآء بالاصالۃ ولذلک قیل ان الانبیاء السابقین کانوا ینظرون الی ھذہ الامۃ بعین الغبطۃ وتمنی اکثرھم ان یکونوا منھم فلولم یکن فی ھذہ الامۃ شیٔ من الفضائل التی لم توجد فی الانبیآء بنی اسرائیل فلم سألوا ربھم ان یجعلھم من ھذ الامۃ'' یعنی بالاتفاق علماء امت کی رو سے ہے کہ اس امت میں بعض ظلی فضائل ایسے جو انبیاء بنی اسرائیل کے فضائل پر فوقیت رکھتے ہیں۔ اسی لئے کہا گیا ہے کہ پہلے انبیاء اس امت کو غبطہ کی نظر سے دیکھتے تھے اور اکثر انبیاء نے یہ تمنا ظاہر کی ہے کہ کاش وہ اس امت سے

ہوتے۔ پس اگر اس امت میں کچھ ایسے فضائل نہ ہوتے جو انبیاء بنی اسرائیل میں موجود نہ تھے تو انہوں نے اپنے پروردگار سے کیوں یہ سوال کیا کہ ان کو اس امت میں سے کر دے۔

یہ عبارت واضح ہے اگر امتی کا یہ مفہوم ہوتا کہ وہ بغیر اتباع قرآن و آنحضرت ﷺ کے گمراہ اور بے دین اور ناقص محض ہو تو انبیاء بنی اسرائیل سابقین نے باوجود نبوت اور رسالت کیا اپنے آپ کو گمراہ اور بے دین اور ناقص ثابت کرنے کے لئے یہ دعا کی تھی؟

اور حسب اقرار وتسلیم مرزاصاحب انبیاء علیہم السلام نے جب کہ اپنے پروردگار سے یہ دعا کی ہے کہ ان کو آنحضرت ﷺ کی اس عالم ظاہر میں امت بنا دے۔ نیز تاکہ وہ میثاق انبیاء اور نصرت کا عہد اس دنیا میں ظاہر ہو تو یہ کیونکر ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ عام انبیاء کی دعا کو مسترد فرمادے۔ لہٰذا اس مستجیب الدعوات نے اپنی حکمت کے ماتحت اس کی یہ صورت اختیار فرمائی کہ ان سب کی طرف سے ایک ایسے نبی کو نمائندہ قرار دے کر عیاناً وشہوداً امتی اور مؤمن اور ناصر آنحضرت ﷺ قرار دیا جس کے ساتھ آنحضرت ﷺ کو کوئی قسم کے مزید اختصاص تھے۔ جیسا کہ خود آنحضرت ﷺ نے فرمایا: ’’وانی اولی الناس بعیسی ابن مریم لم یکن بینی وبینہ نبی وانہ نازل‘‘ یعنی میں سب سے قریب تر لوگوں سے ہوں۔ عیسیٰ بن مریم کے ساتھ (الحدیث) حدیث کی تشریح معہ اثبات اختصاص۔

(آئینہ کمالات اسلام ص۳۵، خزائن ج۵ ص۳۵)

ماسواء اس کے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو آنحضرت ﷺ کے ساتھ حسب تصریح مرزاصاحب بیٹا ہونے کی نسبت بھی ہے۔ جیسا کہ مرزاصاحب نے (سرمہ چشم آریہ ص۲۴۲، خزائن ج۲ ص۲۹۲) کے حاشیہ پر لکھا ہے: ’’سو حضرت مسیح نے ان نبیوں کو جو شریعت موسوی کی حمایت کے لئے ان سے پہلے آئے۔ تمثیلی طور پر قرب کے درجہ میں بطور نوکروں کے بیان کیا ہے اور اپنے لئے قرب کے دوم درجہ کا اشارہ کر کے بیٹے کے لفظ سے اپنے اس مقام قرب کو ظاہر فرمایا ہے اور پھر تیسرا درجہ قرب کا جو مظہر اتم الوہیت ہے وہ شخص قرار دیا ہے جو بیٹے کے مارے جانے کے بعد آئے گا جو باغ کا مالک اور نوکروں کا آقا اور اس بیٹے کا باپ مجازی ہے۔ پھر اس حاشیہ کے حاشیہ (ص۲۴۲، خزائن ج۲ ص۲۹۲) میں لکھتے ہیں: ’’بعض آثار میں آیا ہے کہ حضرت مریم صدیقہ والدہ حضرت مسیح علیہ السلام عالم آخرت میں زوجہ مطہرہ آنحضرت ﷺ کی ہوگی۔ یہ قول غالباً اسی مناسبت بیٹے اور باپ سے پیدا ہوا ہے کہ جب عالم تمثیل میں حضرت مسیح علیہ السلام آنحضرت ﷺ کے بطور بیٹے کے ٹھہرے تو ان کی والدہ بطور زوجہ کے ہوئی۔ منہ‘‘

اس عبارت سے معلوم ہو گیا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا امتی ہونا تو درکنار آنحضرت ﷺ کا حسب تصریح مجازی بیٹا ہونا بھی ثابت ہے۔ لہٰذا امتی کا وہ مفہوم جو مختار مدعا علیہ نے بیان کیا ہے قطعاً باطل ہے۔

۶...... اب قرآن شریف ملاحظہ ہو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ’’ولقد وصلنا لھم القول لعلھم یتذکرون الذین آتیناھم الکتاب من قبلہ ھم بہ یؤمنون واذا یتلی علیھم قالوا اٰمنا بہ انہ الحق من ربنا انا کنا من قبلہ مسلمین اولٰئک یؤتون اجرھم مرتین بما صبروا (القصص: ۵۱ تا ۵۴)‘‘ یعنی ہم نے پے در پے ان کے لئے اپنے کلام کو اتارا تاکہ وہ نصیحت پکڑیں جن لوگوں کو ان سے پہلے ہم نے کتاب دی، وہ اس پر ایمان لاتے ہیں اور جب ان پر ہماری آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو کہتے ہیں یہ ہمارے رب کی طرف سے حق ہے۔ ہم اس سے پہلے فرمانبردار تھے۔ ان لوگوں کو ان کے صبر کی وجہ سے دہرا اجر دیا جائے گا۔ الخ!

اب بتلائیے وہ مؤمنین اہل کتاب جو قرآن کریم پر آنحضرت ﷺ پر ایمان لائے اور امتی بنے۔ کیا وہ اس سے پہلے گمراہ بے دین اور ناقص تھے یا وہ مسلمین مؤمنین تھے اور امتی بن کے دہرے اجر کے مستحق بنے۔

۷...... احادیث صحیح میں آیا جن کے حوالہ کی بھی ضرورت نہیں۔ کیونکہ ہر صاحب علم جانتا ہے کہ تین شخصوں کو دہرا اجر ملے گا۔

۱...... وہ شخص جس نے کسی اپنی لونڈی کی تربیت کی اور عمدہ ادب سکھایا، پھر اس کو آزاد کر کے نکاح کر لیا۔

۲...... وہ مؤمن اہل کتاب جو اپنی کتاب پر ایمان لایا (بعدہ) آنحضرت ﷺ پر ایمان لایا۔

۳...... وہ غلام جس نے اللہ تعالیٰ کی عبادت کی اور اپنے مالک کی خیرخواہی کی۔

دلائل وشواہد مذکورہ بالا سے ثابت ہوگیا کہ امتی کا وہ مفہوم جو مختار مدعا علیہ اور مرزاصاحب نے بیان کیا ہے غلط اور باطل اور اتباع ہوائے اور خودغرضی پر مبنی ہے۔ لہٰذا وجہ فرق جو مابین مرزاصاحب اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام دربارہ توہین وہتک آنحضرت ﷺ بیان کی گئی تھی، باطل ہوگئی اور مختار مدعیہ کا الزام توہین آنحضرت ﷺ جو مرزاصاحب کا مسلمہ کفر تھا قائم اور بدستور رہا۔

قول مختار مدعا علیہ:

رہی یہ بات کہ مرزاصاحب نے عقیدہ حیات مسیح کو شرک عظیم قرار دیا ہے یہ ''تسمیة الشئ بما یؤول الیه'' کی قسم سے ہے جس طرح انگور کو شراب سے تعبیر کیا گیا ہے اور چونکہ لاکھوں مسلمان اس عقیدہ کی وجہ سے عیسائی ہوگئے تھے۔ اس لئے مرزاصاحب نے اس عقیدہ کو شرک عظیم قرار دیا ہے۔ یہ قول مختار مدعیہ کے اعتراض کو رفع نہیں کر سکتا۔ کیونکہ انگور کو شراب کہنا مجاز ہے جس کا قرینہ موجود ہے۔ کیونکہ عصر یعنی نچوڑنا انگور کی صفت ہے نہ شراب کی برخلاف مرزاصاحب کے اس قول کے کہ وہاں کوئی قرینہ معنی مجازی کا موجود نہیں۔ بلکہ شرک کو عظیم کہہ کر حقیقت کو اور محکم کیا گیا ہے۔ اسی طرح مرزاصاحب نے اپنی تحریروں میں اس کو مخلوق پرستی کا ستون کہہ کر ارادہ مجاز کے خلاف گویا ایک زبردست دلیل قائم کر دی ہے۔

(الاستفتاء ص۴۷، خزائن ج۲۲ ص۶۷۰) پر کہتے ہیں: ''والله لن یجتمع حیات هذا الدین وحیات ابن مریم'' یعنی قسم ہے اللہ تعالیٰ کی دین اسلام کی زندگی اور ابن مریم کی زندگی ہرگز جمع نہ ہوں گی۔ دیکھئے کس تاکید شدید اور قسم کے ساتھ حیات مسیح علیہ السلام کو دین اسلام کی موت قرار دیا گیا ہے۔

اور (ضمیمہ براہین احمدیہ حصہ پنجم ص۲۳۰، خزائن ج۲۱ ص۴۵۶) پر لکھتے ہیں کہ: ''افسوس کہ اسلام بت پرستی سے بہت دور تھا، لیکن آخر کار اسلام میں بت پرستی کے رنگ میں یہ عقیدہ پیدا ہوگیا۔''

غرض مرزاصاحب نے مندرجہ ذیل الفاظ سے عقیدہ حیات مسیح علیہ السلام کو ذکر کیا ہے۔ شرک عظیم جو نیکیوں کو کھا جاتا ہے۔ مخلوق پرستی کا ستون، اسلام کی نقیض یا اسلام کی موت، بت پرستی وغیرہ اب ظاہر ہے کہ یہاں ''تسمیة الشئ بمایؤول الیه'' کی تاویل کارگر نہیں ہو سکتی۔

باقی رہا مختار مدعا علیہ کا حضرت گنگوہی قدس اللہ سرہ کے فتویٰ اور حدیث مسلم سے استشہاد اور ان پر قیاس بالکل غلط اور قیاس مع الفارق ہے۔ کیونکہ حضرت گنگوہی قدس اللہ سرہ نے زنار ڈالنے اور بت کو سجدہ کرنے والے کو مشرک کہا ہے اور ریاکاری اللہ کے سواء کسی اور کے نام پر قسم کھانے والے کو فاسق اور گنہگار کہا ہے۔ گو ان افعال کو بھی شرک کہا گیا ہے۔ لیکن قابل تاویل اور شرک دون شرک کی قسم سے، لیکن مرزاصاحب نے شرک عظیم مخلوق پرستی بت پرستی نقیض اسلام کے اوصاف سے عقیدہ حیات مسیح کو متصف قرار دیا ہے۔ لہٰذا اس کا مرتکب بقول مرزاصاحب وحسب فتویٰ گنگوہی قدس اللہ سرہ مشرک بت پرست ہوگا نہ قسم ادنی شرک کا مرتکب اور فاسق وگنہگار۔

اسی طرح حدیث مسلم ''بین الرجل وبین الشرک والکفر ترک الصلوٰة'' میں ترک صلوٰۃ کو شرک اور کفر نہیں کہا گیا بلکہ درمیانی حد کہا گیا ہے۔ پس یہاں تو منجرالی الشرک کی تاویل کی بھی حاجت نہ رہی۔ اس تاویل کی تب ضرورت ہوتی جب ترک صلوٰۃ کو شرک کہا جاتا۔

مختار مدعا علیہ کا یہ قول کہ لاکھوں مسلمان اس عقیدہ حیات مسیح علیہ السلام کی وجہ سے عیسائی ہوگئے تھے۔ اس بناء پر مرزاصاحب نے

اس کو شرک قرار دیا، بالکل غلط اور خلاف واقعہ ہے۔ کیا ان لاکھوں عیسائی ہونے والوں نے اپنے ارتداد کی یہ وجہ بیان کی ہے؟ ہرگز نہیں۔ یہ لوگ جو عیسائی ہوئے ہیں، بعض تو اصول مقدسہ اسلام سے ناواقفیت کی وجہ سے اور اکثر اور اغلب خواہشات اور حظوظ نفسانیہ کے استیفاء اور جیفۃ الدنیا کی خاطر عیسائی ہوئے ہیں، بلکہ پہلی قسم کے تو بالکل اقل قلیل اور الشاذ النادر کالمعدوم کے حکم میں ہیں۔

اسی عقیدہ حیات مسیح علیہ السلام کے اسلام میں موجود ہوتے ہوئے، لاکھوں عیسائی اسلام میں داخل ہوئے اور ہوتے رہتے ہیں اور کئی بدنصیب اسلام کو ترک کر کے مرتد ہو جاتے ہیں۔ اسی طرح کئی آدمی مرزائیت کو ترک کر کے عیسائی ہو گئے۔ خصوصاً جب کہ آتھم کی نسبت مرزاصاحب کی پیش گوئی غلط نکلی۔ جیسا کہ مرزاصاحب نے بھی دبی زبان میں اسے انوار الاسلام میں تسلیم کر لیا ہے۔ کیا ان کے عیسائی ہونے کا باعث حیات مسیح علیہ السلام کا عقیدہ تھا؟

پس عقیدہ مذکورہ کو شرک عظیم قرار دینے کی جو وجہ گھڑی گئی ہے محض بہانہ غلط اور خلاف واقعہ ہے۔ مرزاصاحب نے اس عقیدہ کو بت پرستی اور شرک عظیم قرار دے کر تمام امت کی عامۃً وخاصۃً توہین کی ہے نہ علماء اس توہین کی زد سے بچ سکتے ہیں، نہ اولیاء، نہ مجددین، نہ محدثین، نہ تابعین، نہ صحابہ رضی اللہ عنہم اور نہ ذات گرامی سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم۔ مرزاصاحب نے نہ صرف توہین کی ہے۔ بلکہ سب کو مشرک قرار دے کر ایسے کفر کا ارتکاب کیا ہے جس کو اگر بغائر نظر دیکھا جائے تو رونگٹے بدن پر کھڑے ہو جاتے ہیں۔

اس وقت حیات مسیح علیہ السلام کے دلائل وغیرہ سے بحث نہیں ہے۔ لیکن جہاں تک مسئلہ مذکورہ کا تعلق ہے۔ یہ ثابت کرنا ہمارے ذمہ لازم ہو گیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ رضی اللہ عنہم اور تمام امت کا مذہب یہی تھا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام زندہ ہیں اور قیامت کے قریب دنیا میں آکر دجال کو قتل کریں گے۔

مرزاصاحب کا بھی بزعم خود ملہم ہونے کے بعد اور اللہ تعالیٰ سے قرآن شریف کے صحیح معنی پڑھ لینے کے باوجود بارہ سال کے لمبے عرصہ تک یہی عقیدہ تھا۔ اس عرصہ میں آپ نے اپنی اس کتاب میں جو بامر الٰہی آپ نے تصنیف فرمائی تھی، قرآن شریف اور اپنے الہام سے اس مسئلہ کو ثابت کیا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام دوبارہ اس دنیا میں تشریف لائیں گے اور اپنی نسبت یہ دعویٰ کیا کہ میں مسیح کی پہلی زندگی کا نمونہ ہوں اور حضرت مسیح علیہ السلام پیش گوئی متذکرہ بالا کا ظاہری اور جسمانی طور پر مصداق ہے اور یہ عاجز روحانی اور معقولی طور پر اس کا محل اور مورد ہے۔ ملاحظہ ہو (حاشیہ براہین احمدیہ ص ۴۹۸، ۴۹۹، خزائن ج ۱ ص ۵۹۳) تحت الہام وآیت: ’’ہو الذی ارسل رسولہ بالہدیٰ ودین الحق لیظہرہ علی الدین کلہ‘‘ (الیٰ) اور یہ عاجز روحانی اور معقولی طور پر اس کا محل اور مورد ہے۔ ملاحظہ ہو حاشیہ براہین احمدیہ ص ۵۰۵، خزائن ج ۱ ص ۶۰۱) تحت آیت: ’’والہام عسیٰ ربکم ان یرحمکم وان عدتم عدنا وجعلنا جہنم للکافرین حصیرا‘‘ (الیٰ) یعنی رفق اور احسان سے اتمام حجت کر رہا ہے۔

مرزاصاحب کو یہ مسلم ہے بلکہ ان کی تصریح ہے کہ میں بارہ سال تک بعد الہام اسی عقیدہ پر تھا۔ چنانچہ اپنی کتاب (اعجاز احمدی ص ۷، خزائن ج ۱۹ ص ۱۱۳) پر لکھتے ہیں: ’’پھر میں تقریباً بارہ برس تک جو ایک زمانہ دراز ہے، بالکل اس سے بے خبر اور غافل رہا کہ خدا نے مجھے بڑی شدومد سے براہین میں مسیح موعود قرار دیا ہے اور حضرت عیسیٰ کی آمد ثانی کے رسمی عقیدہ پر جما رہا۔ جب بارہ برس گزر گئے، تب وہ وقت آگیا کہ میرے پر اصل حقیقت کھول دی جائے۔ تب تواتر سے اس بارہ میں الہامات شروع ہوئے کہ تو ہی مسیح موعود ہے۔ پس جب اس بارہ میں انتہاء تک خدا کی وحی پہنچی اور مجھے حکم ہوا: ’’فاصدع بما تؤمر‘‘ یعنی جو تجھے حکم ہوتا ہے وہ کھول کر لوگوں کو سنا دے اور بہت سے نشان مجھے دیئے گئے اور میرے دل میں روز روشن کی طرح یقین بٹھا دیا گیا۔ تب میں نے لوگوں کو یہ پیغام پہنچا دیا۔‘‘

مختار مدعا علیہ نے اسی مضمون کو اپنے جواب بحث میں باختصار بیان کیا ہے اور آخر میں کہا ہے کہ مرزاصاحب کے اس رسمی عقیدہ

کے بعد جس پر وہ تھے۔ جب خدا تعالیٰ نے ان پر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا فوت ہونا ظاہر کر دیا تو آپ نے لوگوں میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی وفات کا اعلان کر دیا اور قرآن وحدیث سے ان کی وفات کے مسئلہ کو الم نشرح کر دیا۔ مختار مدعا علیہ کا اور مرزا صاحب کا یہ بیان کہ مرزا صاحب مسلمانوں کے رسمی عقیدہ پر تھے۔ سرتاپا غلط ہے، مرزا صاحب محض رسمی اور تقلیدی عقیدہ پر نہ تھے، بلکہ مرزا صاحب نے قرآن اور اپنے الہام کی روشنی میں اس عقیدہ کو اختیار کر رکھا تھا۔ جیسا کہ براہین احمدیہ کے منقولہ بالا حوالوں (ص۴۹۸،۴۹۹، خزائن ج۱ص۵۹۳) اور (ص۵۰۵، خزائن ج۱ص۶۰۱) سے ظاہر اور عیاں ہے۔

یہ بھی طرفہ تماشا ہے کہ بارہ برس تک تو قرآن وحدیث سے حیات عیسیٰ علیہ السلام کو ثابت کرتے رہے اور معنی قرآن بھی اس وقت اللہ تعالیٰ کے پڑھائے ہوئے صحیح صحیح تھے۔ اللہ تعالیٰ نے بھی قرآن کریم کی تیس آیتوں میں سے کسی آیت کے معنی میں یہ نہ فرمایا کہ اس آیت سے وفات مسیح علیہ السلام ثابت ہے اور نہ مرزا صاحب کو براہین احمدیہ میں حیات مسیح علیہ السلام کے اقرار کے بعد متنبہ کیا کہ یہ غلط ہے اور حق وفات مسیح کا عقیدہ ہے۔ جب بارہ برس گزر گئے تو خدا تعالیٰ نے پے درپے متواتر الہام اس مضمون کے شروع کر دیئے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام فوت ہوگئے ہیں۔ مرزا صاحب بھی پہلی بار تو ان الہاموں سے بہت گھبرا گئے ہوں گے۔ کیونکہ پہلا عقیدہ حیات مسیح علیہ السلام کا بھی مرزا صاحب کے ابتدائی الہام: ''الرحمن علم القرآن. لتنذر قوما ما انذر آباوهم ولتستبين سبيل المجرمين ''(براہین احمدیہ حصہ سوم ص۲۳۹ حاشیہ درحاشیہ، خزائن ج۱ص۲۶۵) کی بناء پر اللہ میاں کا تعلیم کردہ تھا۔ کیونکہ اس الہام کا ترجمہ براہین احمدیہ (حوالہ ایضاً) میں یہی مندرج ہے اور یہ ہوسکتا ہے کہ رحمٰن نے تمہیں قرآن مجید کے صحیح معنی پڑھا دیئے ہیں...... الخ! اور حیات مسیح کا عقیدہ قرآن اور الہام سے ہی ثابت کیا گیا تھا۔ اس لئے معاذ اللہ! اللہ تعالیٰ کی اس تناقض بیانی سے تردد کا ہونا اور گھبراہٹ لازمی تھی۔ ایسی صورت میں ایک دو یا پانچ سات بار کے الہام سے مرزا صاحب کو وفات مسیح علیہ السلام کا یقین کیونکر آسکتا تھا۔ لہٰذا اللہ تعالیٰ کو یہ تدارک کرنا پڑا کہ مرزا صاحب کو متواتر پے درپے بکثرت الہام کئے جو ایک بڑے مینہ سے مشابہ تھے اور وحی الٰہی اپنی روشن انتہاء تک پہنچ گئی اور ماسواء اس کے اور بہت سے نشان دیئے گے اور یقین کو مرزا صاحب کے دل میں روز کی طرح بٹھا دیا گیا تو مرزا صاحب بھی کسی قدر مطمئن ہوگئے۔

کثرت الہامات کا ذکر جو وفات مسیح علیہ السلام کے بارہ میں مرزا صاحب کو ہوئے۔ عبارت محولہ اعجاز احمدی کے علاوہ (حمامۃ البشریٰ ص۱۳، خزائن ج۷ص۱۹۱) پر بدیں الفاظ مرزا صاحب نے کیا ہے: ''واللہ ما قلت قولا فی وفات المسیح وعدم نزوله وقيامي مقامه الا بعد الهام المتواتر المتتابع النازل كالوبل وبعد مكاشفات صريحة بيّنة منيرة كفلق الصبح ''یعنی قسم ہے اللہ کی کہ میں نے مسیح کی وفات اور دوبارہ نہ آنے اور میرے اس کا قائم مقام ہونے کا عقیدہ اختیار نہیں کیا۔ مگر ایسے الہاموں کے بعد جو متواتر پے درپے اور ایک بڑی بارش کی طرح مجھ پر اترنے والے تھے اور ایسے مکاشفات کے بعد جو صریح اور بالکل صاف اور صبح صادق کی طرح روشن تھے۔

اسی طرح حقیقت الوحی وغیرہ کتابوں میں بھی حوالے ہیں، لیکن یہ دو حوالے ہی کافی ہیں۔

حوالہ جات مذکورہ سے یہ بھی ثابت ہوگیا کہ وفات مسیح علیہ السلام کا عقیدہ مرزا صاحب کو الہامات نے تعلیم کیا ہے نہ قرآن کریم اور احادیث نبویہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والتحیۃ نے۔ مرزا صاحب اور ان کی جماعت اور مختار مدعا علیہ کا یہ دعویٰ کہ مرزا صاحب نے اس کو قرآن وحدیث سے الم نشرح کر دیا، صاف جھوٹ اور قرآن کریم اور حدیث پر سراسر بہتان ہے۔ اگر یہ مسئلہ قرآن کریم اور احادیث سے الم نشرح ہوتا تو اور امت کو جانے دو، مرزا صاحب کیوں قرآن کریم اور احادیث اور اپنے الہامات سے حیات مسیح علیہ السلام کو ثابت کرتے اور بارہ سال کے عرصہ دراز تک اس پر قائم رہتے۔ قرآن کریم اور الہامات کا ذکر اور ان سے حیات مسیح علیہ السلام کا اثبات تو بحوالہ (براہین احمدیہ

ص ۴۹۸، ۴۹۹، خزائن ج۳ ص ۵۹۳، براہین احمدیہ ص ۵۰۵، خزائن ج۱ ص ۶۰۱) اوپر گزر چکا ہے۔ احادیث سے اثبات کا ذکر جو مرزا صاحب نے کیا ان شاءاللہ تعالیٰ آئندہ آئے گا۔ (بحوالہ ازالہ اوہام وتوضیح المرام وشہادت القرآن)

اس کے بعد جب مرزا صاحب کے خیالات نے پلٹا کھایا اور وفات مسیح علیہ السلام کا عقیدہ کسی ملہم کے الہام نے آپ کو تعلیم کیا تو اس وقت مرزا صاحب نے قرآن کریم کو اپنے خیالات کے سانچے میں ڈھالنا شروع کردیا اور بحکم: ’’یحرفون الکلم عن مواضعہ‘‘ قرآن کریم کی تیس آیتوں سے وفات مسیح علیہ السلام کے ثبوت کا دعویٰ کردیا۔ پس ایک حق پرست ایمان دار کے لئے تو مرزا صاحب کی یہ کارروائی سراسر باطل ہے اور اس امر کا بین ثبوت کہ مرزا صاحب قرآن کریم اور احادیث نبویہ کو محض آلہ کار برآری سمجھ کر استعمال کرتے ہیں۔ جوں جوں مرزا صاحب کے خیالات پلٹتے جاتے ہیں۔ ان کے ساتھ ساتھ ہی قرآن اور حدیث کے معنی بھی پلٹے جاتے ہیں اور مختار مدعا علیہ اس کو قرآن اور حدیث سے الم نشرح کرنا سمجھتا ہے جو ایک مضحکہ خیز خیال اور سراسر غلطی ہے اور مرزا صاحب کے قرآن پر ایمان نہ ہونے کا ایک بیّن ثبوت۔

یہاں تک تو مرزا صاحب کے رسمی عقیدہ نہ ہونے کا ذکر تھا۔ اب یہ ثابت کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ سے لے کر آج تک تمام امت حیات مسیح علیہ السلام کی معتقد چلی آتی ہے اور وہ بفتویٰ مرزا صاحب سب کے سب مشرک ٹھہرے۔ معاذ اللہ! میں اس وقت اسلامی کتب تفاسیر احادیث وغیرہ سے حوالے پیش کرنا اور دلائل عقیدہ حیات بیان کرنا نہیں چاہتا۔ بلکہ صرف مرزا صاحب کی کتابوں سے ثابت کروں گا کہ آنحضرت ﷺ اور مسلمان اسی عقیدہ کے معتقد تھے۔

۱...... مرزا صاحب اپنی کتاب توضیح المرام کے آغاز (ص۱، خزائن ج۳ ص۵۱) پر لکھتے ہیں جس کے ٹائٹل پر الہامی الہامی لکھا ہوا ہے۔ مسلمانوں اور عیسائیوں کا کسی قدر اختلاف کے ساتھ یہ خیال ہے کہ: ’’حضرت مسیح بن مریم اسی عنصری وجود سے آسمان کی طرف اٹھائے گئے ہیں اور پھر وہ کسی زمانہ میں آسمان سے اتریں گے۔‘‘ میں اس خیال کا غلط ہونا اپنے اسی رسالہ میں لکھ چکا ہوں اور نیز یہ بھی بیان کرچکا ہوں کہ اس نزول سے مراد درحقیقت مسیح بن مریم کا نزول نہیں بلکہ استعارہ کے طور پر ایک مثیل مسیح کے آنے کی خبر دی ہے جس کا مصداق حسب اعلام والہام الٰہی بھی عاجز ہے۔‘‘

۲...... اور اس کتاب کے (توضیح المرام ص۳، خزائن ج۳ ص۵۱) پر لکھتے ہیں: ’’اب پہلے ہم صفائی بیان کے لئے یہ لکھنا چاہتے ہیں۔ بائبل اور ہماری احادیث اور اخبار کی کتابوں کے رو سے جن نبیوں کا اسی وجود عنصری کے ساتھ آسمان پر جانا تصور کیا گیا ہے وہ دو نبی ہیں۔ ایک یوحنا جس کا نام ایلیا اور ادریس بھی ہے۔ دوسرے مسیح ابن مریم جن کو عیسیٰ اور یسوع بھی کہتے ہیں ان دونوں نبیوں کی نسبت عہد قدیم اور جدید کے بعض صحیفے بیان کررہے ہیں کہ وہ دونوں آسمان کی طرف اٹھائے گئے اور پھر کسی زمانہ میں زمین پر اتریں گے اور تم ان کو آسمان سے آتے دیکھو گے۔ انہیں کتابوں سے کسی قدر ملتے جلتے الفاظ احادیث نبویہ میں بھی پائے جاتے ہیں۔‘‘

۳...... افسوس کہ اس صحیح اور واقعی امر کے سمجھنے میں غلط فہمی کر کے کوتہ اندیش لوگوں نے کس قدر بڑی غلطی کھائی جس کی وجہ سے وہ حدیثوں کو سخت نفرت کی نگاہ سے دیکھ رہے ہیں۔ اگرچہ یہ تو سچ ہے کہ حدیثوں کا وہ حصہ جو تعامل قولی وفعلی کے سلسلہ سے باہر ہے اور قرآن سے تصدیق یافتہ نہیں، یقین کامل کے مرتبہ پر مسلم نہیں ہوسکتا۔ لیکن وہ دوسرا حصہ جو تعامل کے سلسلہ میں آگیا اور کروڑہا مخلوقات ابتداء سے اس پر اپنے عملی طریق سے قائم اور محافظ چلی آئی ہے۔ اس کو ظنی اور شکی کیونکر کہا جائے۔ ایک دنیا کا مسلسل تعامل جو بیٹوں سے باپوں تک اور باپوں سے دادوں تک اور دادوں سے پردادوں تک بدیہی طور پر مشہور ہوگیا اور اپنے اصل مبداء تک اس کے آثار اور انوار نظر آگئے۔ اس میں تو ایک ذرہ شک کی گنجائش نہیں رہ سکتی اور بغیر اس کے انسان کو کچھ بن نہیں پڑتا کہ ایسے مسلسل عمل درآمد کو اوّل درجہ کے یقینیات میں سے یقین

کرے۔ پھر جب کہ ائمہ حدیث نے اس سلسلہ تعامل کے ساتھ ایک اور سلسلہ قائم کیا اور امور تعاملی کا اسناد راست گو اور متدین راویوں کے ذریعہ آنحضرت ﷺ تک پہنچا دیا تو پھر بھی ان پر جرح کرنا درحقیقت ان لوگوں کا کام ہے جن کو بصیرت ایمانی اور عقل انسانی کا کچھ بھی حصہ نہیں ملا۔ اب اس تمہید کے بعد یہ بھی واضح ہو کہ مسیح موعود کے بارے میں جو احادیث میں پیش گوئی ہے۔ وہ ایسی نہیں کہ جس کو صرف ائمہ حدیث نے چند روایتوں کی بناء پر لکھا ہو۔ بس بلکہ یہ ثابت ہو گیا ہے۔ یہ پیش گوئی عقیدہ کے طور پر ابتداء سے مسلمانوں کے رگ و ریشہ میں داخل چلی آتی ہے۔ گویا جس قدر اس وقت روئے زمین پر مسلمان تھے۔ اسی قدر پیش گوئی کی صحت پر شہادتیں موجود تھیں۔ کیونکہ عقیدہ کے طور پر وہ اس کو ابتداء سے یاد کرتے چلے آتے تھے اور ائمہ حدیث امام بخاری وغیرہ نے اس پیش گوئی کی نسبت اگر کوئی امرا پنی کوشش سے نکالا ہے تو صرف یہی کہ جب اس کو کروڑ ہا مسلمانوں میں مشہور اور زبان زد پایا تو اپنے قاعدہ کے موافق مسلمانوں کے اس قولی تعامل کے لئے روایتی سند کو تلاش کر کے پیدا کیا اور روایت صحیح مرفوعہ متصلہ سے جن کا ایک ذخیرہ ان کی کتابوں میں پایا جاتا ہے اسناد کو دکھایا۔

علاوہ اس کے کوئی وجہ معلوم نہیں ہوتی کہ اگر نعوذ باللہ! یہ افتراء ہے تو اس افتراء کی مسلمانوں کو کیا ضرورت تھی اور کیوں انہوں نے اس پر اتفاق کر لیا اور کس مجبوری نے ان کو اس پر آمادہ کیا تھا۔'' (شہادت القرآن ص۸،۹، خزائن ج۶ ص۳۰۴،۳۰۵)

ان حوالہ جات سے مفصلہ ذیل امور ثابت ہوئے۔

۱...... مسلمانوں کا عقیدہ حیات عیسیٰ علیہ السلام اور بعینہ ان کے نزول کا ہے نہ کسی مثیل مسیح کا جس کو اب مرزائی اصطلاح میں مسیح موعود سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

۲...... یہ عقیدہ آنحضرت کے اقوال مقدسہ یعنی احادیث نبویہ سے پیدا ہوا ہے۔

۳...... یہ عقیدہ ابتداء سے مسلمانوں کے رگ و ریشہ میں داخل چلا آیا ہے اور تعامل اعتقادی کے طور پر سلسلہ بہ سلسلہ اپنے اصل مبدء تک اس کے آثار و انوار نظر آرہے ہیں۔

۴...... جو امور سلسلہ اسناد کے ساتھ سلسلہ تعامل اعتقادی یا عملی سے ثابت ہو جائیں وہ اوّل درجہ کے یقینیات ہوتے ہیں۔ ان پر جرح کرنا درحقیقت ان لوگوں کا کام ہے جن کو بصیرت ایمانی اور عقل انسانی سے کچھ بھی حصہ نہیں ملا۔

۵...... مرزا صاحب اس عقیدہ کو اب الہام اور اعلام الٰہی سے غلط جانتے تھے۔

۶...... پہلے مرزا صاحب بھی اس کو احادیث کی بناء پر صحیح مانتے تھے اور اسی عقیدہ کے معتقد تھے۔

نتیجہ نمبر۶ اگرچہ حوالہ جات سابقہ سے ثابت ہو رہا ہے۔ لیکن مزید توضیح کے لئے ایک حوالہ (ازالہ اوہام ص۱۹۸، خزائن ج۳ ص۱۹۶) سے نقل کیا جاتا ہے مرزا صاحب لکھتے ہیں: ''یہ عقیدہ جو براہین احمدیہ میں درج ہے صرف اس سرسری پیروی کی وجہ سے ہے جو ملہم کو قبل از انکشاف اصل حقیقت اپنے نبی کے آثار مرویہ کے لحاظ سے لازم ہے۔''

اس عبارت سے صاف ثابت ہو گیا کہ مرزا صاحب کا عقیدہ حیات مسیح رسمی نہ تھا بلکہ احادیث نبویہ کی پیروی کا نتیجہ تھا اور پہلے ہم ثابت کر آئے ہیں کہ براہین میں اسی عقیدہ کو مرزا صاحب نے اپنے الہام اور قرآن سے ثابت کیا ہے۔ پس مرزا صاحب کا یہ عقیدہ قرآن وحدیث اور اپنے الہام کی بناء پر تھا۔

اس حوالہ سے یہ بھی ثابت ہوا کہ بقول مرزا غلام احمد صاحب اس کی اصل حقیقت کا انکشاف صرف مرزا صاحب پر ہوا ہے اور وہ بھی ان دعویٰ الہام کے بارہ برس بعد۔ لہٰذا ثابت ہوا کہ آنحضرت ﷺ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور تمام امت کا اعتقاد بزعم مرزا صاحب اصل حقیقت کے خلاف تھا۔ یعنی حیات مسیح علیہ السلام کا اور انہیں کے بعینہ نازل ہونے کا نہ کسی مثیل کا اور اسی بناء پر مرزا صاحب نے اسی کتاب (ازالہ اوہام

ص۶۹۱، خزائن ج۳ص۴۷۳) پرلکھ دیا کہ اگر آنحضرتﷺ پرابن مریم وغیرہ وغیرہ کی اصل حقیقت نہ کھلی ہوتو کوئی تعجب کی بات نہیں۔(معنیً)

اس طرح مرزاصاحب نزول مسیح کی اصل حقیقت مرزاصاحب پر منکشف ہونے اور ان سے پہلے آنحضرتﷺ اور تمام امت پر مخفی رہنے کا فلسفہ بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:''اللہ تعالیٰ جس چیز کو چاہے ظاہر کرے اور مخفی کرے، اس کے ہر ایک فعل میں مصلحتیں حکمتیں اور امتحان ہوتے ہیں۔ لیکن اکثر آدمی اس بات کو جانتے نہیں۔ وہ شریعت کے ظاہر اور چھلکے کو تو جانتے ہیں اور اس کے مغز سے غافل ہیں اور جب ان پر سر حقیقت ظاہر کیا جاتا ہے تو ان کی آنکھیں اس کو حقارت سے دیکھتی ہیں اور بدگمانی کر کے کافر ہوتے ہیں۔''

اور کہتے ہیں:''ساری امت کسی طرح خطاء اور غلطی پر متفق اور ہم خیال ہوگئی اور ہم کیونکر یہ سمجھ لیں کہ وہ سب غلطی پر تھے اور تم حق پر ہو۔ ان پر افسوس ہو یہ کیوں اس بات کو نہیں جانتے مانتے کہ اللہ تعالیٰ اپنی بات پر غالب ہے، جب وہ کسی بات کو چھپانے کا ارادہ کرے تو سمجھنے والے اس کو سمجھ نہیں سکتے۔ اس کے سنن کو قرآن میں پڑھ کر غافل رہتے ہیں۔''

''کیا وہ اس بات کو نہیں جانتے کہ اللہ تعالیٰ اپنے مقربین انبیاء سے بعض باتوں کو پوشیدہ رکھتا ہے اور وہ اس اخفاء کی وجہ سے امتحان کیے جاتے ہیں اور کسی امت کا حق نہیں ہے کہ اپنے فہم میں انبیاء پر بڑھ جائے...... تم خدا کے امتحان سے کیوں نہیں ڈرتے، کہیں نزول مسیح کی پیش گوئی تمہارے لئے فتنہ ہی نہ ہو۔'' یہ ترجمہ ہے مرزاصاحب کی عبارت مندرجہ (آئینہ کمالات اسلام ص۴۵۴، ۴۵۵، خزائن ج۵ص۴۵۴، ۴۵۵)

''یخفی مایشاء ویبدی وفی کل فعلہ مصالح وحکم وابتلات (الی) ولعل بنأ نزول المسیح یکون فتنۃ لکم''

عبارت محوّلہ میں مرزاصاحب نے یہ ظاہر کیا ہے کہ نزول مسیح علیہ السلام کا مسئلہ مسلمانوں کے لئے ایک فتنہ تھا جس کو اللہ تعالیٰ نے مخفی رکھا اور ساری امت اس کی اصل حقیقت کے سمجھنے میں غلطی پر تھی اور جب اللہ تعالیٰ مقربین انبیاء پر بھی بعض باتوں کی حقیقت کو مخفی رکھتا تو امت اپنے فہم اور سمجھ میں نبی سے کیونکر بڑھ سکتی ہے۔

پھر اسی کتاب آئینہ کمالات اسلام کے (ص۵۵۲، ۵۵۳، خزائن ج۵ص ایضاً) پر لکھتے ہیں:''فتضرعت فی حضرۃ اللّٰہ تعالیٰ وطرحت بین یدیہ متمنیاً لکشف سرا نزول و کشف حقیقۃ الدجال (الی) فاخبرنی ربی ان النزول روحانی لا جسمانی ''یعنی میں نے خدا کے حضور میں تضرع کیا اور نزول مسیح کا سر اور حقیقت دجال کے انکشاف کی آرزو میں خدا کے سامنے میں نے اپنے آپ کو گرا دیا تا کہ مجھے علم الیقین اور عین الیقین حاصل ہو تو اللہ تعالیٰ کی عنایت میری تعلیم اور تفہیم کی طرف متوجہ ہوئی اور اس نے مجھے اپنی طرف سے الہام کیا اور تعلیم کیا کہ نزول مسیح کا اصل مفہوم صحیح ہے۔ لیکن مسلمانوں نے اس کی حقیقت کو نہیں سمجھا۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اس کو مخفی رکھنے کا ارادہ کیا ہوا تھا۔ پس اللہ تعالیٰ کی تقدیر اور مکر اور ابتلاء ان کے افہام پر غالب آ گیا اور اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کے منہ کو حقیقت روحانی کی طرف سے پھیر کر جسمانی خیال (یعنی نزول جسمانی) کی طرف متوجہ کر دیا اور اسی پر قناعت کئے رہے اور یہ خبر ان کے پاس لکھی ہوئی اور قرناً بعد قرنٍ اسی طرح چھپی ہوئی چلی آئی، جس طرح دانہ بالی میں چھپا ہوا ہوتا ہے۔ یہاں تک کہ ہمارا یہ زمانہ آ گیا اور اسلام کمزور ہوگیا۔ گناہ بڑھ گئے، عیسائی غالب ہوگئے اور انہوں نے ان عشاق پر جو حرمین کے شکار کی مانند تھے، حملہ کر دیا اور ہم پر وہ مصیبتیں آئیں جن کا شمار نہیں ہوسکتا اور زمین ہم پر تنگ ہوگئی اور ناصرین کو دیکھتے دیکھتے ہماری آنکھیں سوج گئیں تو (اب) اللہ تعالیٰ نے صداقت کی صبح کے ظاہر کرنے کا ارادہ کیا...... اور مجھے یہ خبر دی کہ نزول روحانی ہے، جسمانی نہیں۔''

خلاصہ کلام بالا یہ ہے کہ حقیقت نزول مسیح علیہ السلام کا اظہار اللہ تعالیٰ نے صرف مرزاصاحب پر کیا اور وہ بھی بڑے تضرع وزاری اور استکشاف حقیقت کی آرزو میں مرزاصاحب کے اپنے آپ کو حضور خداوندی میں ڈال دینے کے بعد اور اس سے پہلے قرون اسلام میں یہ خبر ایسی مخفی تھی جس طرح ایک دانہ بالی میں چھپا ہوتا ہے اور یہ سب کچھ اس لئے ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے اس حقیقت کو مخفی رکھنے کا ارادہ کر لیا ہوا تھا

اور اللہ تعالیٰ نے اپنے مکر اور ابتلاء اور تقدیر کے ماتحت مسلمانوں کے منہ حقیقت روحانی نزول جسمانی کی طرف پھیر دیئے اور ان کو شرک اور جھوٹ کی اندھیری رات میں رکھا۔ جب مرزاصاحب کا زمانہ آیا تو صداقت کی صبح نمودار کردی۔ خیر یہ بات تو الگ رہی کہ اللہ تعالیٰ کو اپنے حبیب ﷺ اور اس کی امت کو اس تکلیف سے (معاذ اللہ) گمراہ اور مشرک بنانے میں بقول مرزاصاحب کیا لطف تھا؟ لیکن یہ بات نہایت صفائی سے مرزاصاحب نے اس جگہ واضح کردی کہ آنحضرت ﷺ وصحابہ کرام ؓ، تابعین، تبع تابعین، علماء، اولیاء، محدثین، مفسرین، مجددین، عوام وخواص امت سب مشرک بت پرست اور مخلوق پرست تھے اور مرزاصاحب بھی باون سال کی عمر تک یعنی دعویٰ الہام کے بارہ برس تک مشرک تھے۔ مرزاصاحب کا یہ کفر بڑا عظیم الشان اور انتہائی درجہ کی توہین ہے۔

باقی رہا مختار مدعاعلیہ کا یہ قول کہ مرزاصاحب نے پہلے لوگوں کو قابل معافی قرار دیا ہے، یہ محض ابلہ فریبی اور طفل تسلی ہے۔ شرک اور بت پرستی قابل معافی نہیں۔ ’’ان اللہ لا یغفر ان یشرک بہ ویغفر مادون ذلک لمن یشاء‘‘ اور فرمایا: ’’ومن یشرک باللہ فکانما خر من السماء فتخطفہ الطیر او تھوی بہ الریح فی مکان سحیق (الحج)‘‘ اور شرک سے مراد منجرالی الشرک لینے کا جواب اوپر آچکا ہے۔

## توہین مسیح علیہ السلام

### پیش گوئیاں

قول مختار مدعاعلیہ:

اس جگہ مرزاصاحب کو ان لوگوں کا جواب منظور ہے جو انبیاء میں اجتہادی غلطی کو نہیں مانتے اور عیسائیوں کی تردید بھی ہے۔ مرزاصاحب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نبوت کو ثابت کر رہے ہیں نہ کہ باطل ملخصاً۔

الجواب: مرزاصاحب نے ازالہ اوہام اور اعجاز احمدی میں جن کے حوالہ جات مذکور ہوچکے ہیں۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیش گوئیوں کو صاف صاف طور پر جھوٹی کہا ہے اور انتہائی تحقیر اور استخفاف سے ان کو بطور طعن بیان کیا ہے اور اگرچہ اجتہادی غلطی کے الفاظ بھی کہتے جاتے ہیں۔ لیکن ساتھ ہی ان کی تکذیب بھی اس زور وشور سے اور صفائی سے کرتے ہیں جو ان کو اجتہادی غلطی کی حدود میں رہنے نہیں دیتی۔ حضرت مسیح علیہ السلام کی نبوت کا اقرار بھی کرتے ہیں۔ لیکن ضعیف اور کمزور پیرایہ میں اور ابطال نبوت کے دلائل بڑے زبردست اسلوب اور پرشوکت الفاظ میں بیان کرتے ہیں جس سے ثابت ہوتا ہے کہ اجتہادی غلطی کا بہانہ اور اقرار نبوت استہزاء اور تمسخر ہے۔ ملاحظہ ہو (ازالہ اوہام ص۵تا۸، خزائن ج۳ ص۱۰۵، ۱۰۶) ’’اے نفسانی مولویو اور خشک زاہدو! تم پر افسوس (الی) لغزشیں پیش آگئیں۔‘‘

ظاہر ہے کہ اس عبارت میں علماء اسلام اور صوفیہ کرام مرزاصاحب کے مخاطب ہیں نہ عیسائی۔ بقول مرزاصاحب علماء اسلام نے مطالبہ کیا کہ اگر تم مسیح ہو تو معجزات مسیحی دکھاؤ جس کے جواب میں مرزاصاحب لکھتے ہیں کہ احیاء جسمانی کچھ چیز نہیں۔ احیاء روحانی کے لئے یہ عاجز آیا اور اس کا ظہور ہوگا۔

۲...... دوسرا جواب یہ دیتے ہیں کہ: ’’ماسواء اس کے اگر مسیح کے اصل کاموں کو ان حواشی سے الگ کر کے دیکھا جائے تو محض افتراء کے طور پر یا غلط فہمی کی وجہ سے گھڑے گئے ہیں تو کوئی اعجوبہ نظر نہیں آتا۔ بلکہ مسیح کے معجزات اور پیش گوئیوں پر جس قدر اعتراض اور شکوک پیدا ہوتے ہیں۔ میں نہیں سمجھ سکتا کہ کسی اور نبی کے خوارق یا پیش خبریوں میں کبھی ایسے شبہات پیدا ہوئے ہوں۔ کیا تالاب کا قصہ مسیحی معجزات کی رونق کو دور نہیں کرتا اور پیش گوئیوں کا حال اس سے زیادہ ابتر ہے۔ کیا یہ بھی کچھ پیش گوئیاں ہیں کہ زلزلے آئیں گے مری پڑے گی،

لڑائیاں ہوں گی، قحط پڑیں گے اور اس سے زیادہ تر قابل افسوس یہ امر ہے کہ جس قدر حضرت مسیح کی پیش گوئیاں غلط نکلیں اس قدر صحیح نہیں نکل سکیں۔ انہوں نے یہودا اسکر یوطی کو بہشت کے بارہ تختوں میں سے ایک تخت دیا تھا جس سے وہ آخر محروم رہ گیا اور پطرس کو نہ صرف تخت بلکہ آسمان کی کنجیاں بھی دے دی تھیں اور بہشت کے دروازے کسی پر بند ہونے یا کھلنے اسی کے اختیار میں رکھے تھے۔ مگر پطرس جس آخری کلمہ کے ساتھ مسیح سے الوداع ہوا وہ یہ تھا کہ اس نے مسیح کے روبرو مسیح پر لعنت بھیج کر اور قسم کھا کر کہ میں اس شخص کو نہیں جانتا۔ ایسا اور بھی بہت سی پیش گوئیاں ہیں جو صحیح نہیں نکلیں۔'' (ازالہ اوہام ص ۶،۷، خزائن ج ۳ ص ۱۰۵،۱۰۶)

عبارت مسطور بالا سے دو باتیں صاف ثابت ہیں۔

۱...... اوّل یہ کہ مرزا صاحب کے نزدیک یہ مطاعن عیسویہ جو اوپر بیان ہوئے، ثابت اور امور واقعیہ ہیں اور مرزا صاحب کا یہ عندیہ اور اعتقاد ہے کہ حضرت عیسیٰ کی پیش گوئیاں نہایت حقیر اور نکمی تھیں اور ان کے معجزات سے بھی زیادہ ابتر تھیں۔ مع ہذا وہ اکثر جھوٹ ثابت ہوئیں۔

۲...... مرزا صاحب کی غرض ان مطاعن مذکورہ کے ذکر سے ان مسلمانوں کو جواب دینا ہے۔ بقول مرزا صاحب جو مرزا صاحب سے مسیح علیہ السلام کی طرح معجزہ نمائی کا مطالبہ کرتے تھے۔ عیسائیوں کو الزام دینا۔

پیش گوئیوں کی مزید کیفیت (اعجاز احمدی ص ۵، خزائن ج ۱۹ ص ۱۱۱) پر اپنی پیش گوئیوں کی نسبت بیان کرتے ہیں۔ ''ایک پیش گوئی بھی جھوٹی نہیں نکلی بلکہ تمام پیش گوئیاں صفائی سے پوری ہوگئیں ...... یہ تو میری پیش گوئیوں کی واقعی حقیقت ہے مگر جو اس یہودی فاضل نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیش گوئیوں پر اعتراض کئے ہیں، وہ نہایت سخت اعتراض ہیں۔ بلکہ وہ ایسے سخت ہیں کہ ان کا تو ہمیں بھی جواب نہیں آتا اور اگر مولوی ثناء اللہ یا مولوی محمد حسین یا کوئی پادری صاحبوں میں سے ان اعتراضات کا جواب دے سکتے تو ہم ایک سو روپے نقد بطور انعام اس کے حوالہ کریں گے۔ خدا کہلا کر پیش گوئیوں کا یہ حال اس سے تو ہمیں بھی تعجب ہے۔ ایسی پیش گوئیوں پر تو نسخ بھی جاری نہیں ہوسکتا۔ تا یہ خیال کیا جائے کہ وہ منسوخ ہوگئی۔''

(اعجاز احمدی ص ۱۳، خزائن ج ۱۹ ص ۱۲۰) ''اور یہود تو حضرت عیسیٰ کے معاملہ اور ان کی پیش گوئیوں کے بارے میں ایسے قوی اعتراض رکھتے ہیں کہ ہم بھی ان کا جواب دینے میں حیران ہیں۔ بغیر اس کے کہ یہ کہہ دیں کہ ضرور عیسیٰ نبی ہے۔ کیونکہ قرآن نے اس کو نبی قرار دیا ہے اور کوئی دلیل ان کی نبوت پر قائم نہیں ہوسکتی بلکہ ابطال نبوت پر کئی دلائل قائم ہیں۔ یہ احسان قرآن کا ان پر ہے کہ ان کو بھی نبیوں کے دفتر میں لکھ دیا۔''

اور (اعجاز احمدی ص ۱۳،۱۴، خزائن ج ۱۹ ص ۱۲۱) پر لکھتے ہیں: ''غرض قرآن شریف نے حضرت مسیح کو سچا قرار دیا ہے لیکن افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ان کی پیش گوئیوں پر یہود کے سخت اعتراض ہیں جو ہم کسی طرح ان کو دفع نہیں کر سکتے۔ صرف قرآن کے سہارے سے ہم نے مان لیا ہے اور سچے دل سے قبول کیا ہے اور بجز اس کے ان کی نبوت پر ہمارے پاس کوئی دلیل نہیں، عیسائی تو ان کی خدائی کو روتے ہیں۔ مگر یہاں نبوت بھی ان کی ثابت نہیں ہوسکتی۔ ہائے کس کے آگے یہ ماتم لے جائیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تین پیش گوئیاں صاف طور پر جھوٹی نکلیں اور آج کوئی زمین پر ہے جو اس عقدہ کو حل کر سکے۔''

ان حوالہ جات سے مفصلہ ذیل باتیں ثابت ہوئیں۔

۱...... مرزا صاحب کی تمام پیش گوئیاں نہایت صفائی سے پوری ہوگئیں، ایک بھی جھوٹی نہیں ہوئی۔

۲...... حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیش گوئیوں پر یہودی فاضل کے واقعی ایسے سخت اعتراض ہیں جن کا جواب نہ مرزا صاحب دے سکتے ہیں، نہ کوئی اور علماء اسلام میں سے نہ کوئی عیسائی۔

۳...... مرزا صاحب ان اٹل اور لاجواب اعتراض کا جواب دینے والے کو سو روپیہ انعام دیں گے۔ ساتھ ہی اس کے یہ امر بھی ملحوظ رہے کہ اپنی پیش گوئیاں کی نسبت آپ نے تحدی کی ہے۔ اگر مولوی ثناء اللہ صاحب میری پیش گوئیوں کو جھوٹا ثابت کرے تو خدا کی قسم ہر پیش گوئی پر سو روپیہ انعام دوں گا۔ ملاحظہ ہو (اعجاز احمدی ص۱۱، خزائن ج۱۹ ص۱۱۷،۱۱۸)'' اور مولوی ثناء اللہ نے موضع مد میں بحث کے وقت یہ بھی کہا تھا (الی) ثبوت ہمارے ذمہ ہوگا۔''

۴...... حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نبوت پر کوئی دلیل نہیں۔

۵...... حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ابطال نبوت پر کئی دلیلیں موجود ہیں۔

۶...... ہم ان کو نبی صرف اس وجہ سے مانتے ہیں کہ قرآن نے نبیوں کے دفتر میں ان کا نام لکھ دیا ہے۔

۷...... ان مقامات محولہ بالا میں بھی مسلمان مخاطب ہیں۔ اگر کسی جگہ عیسائی کا ذکر ہے تو تبعاً ہے اور محض ضمنی طور پر۔

عبارت (اعجاز احمدی ص۵، خزائن ج۱۹ ص۱۱۱) پر جو مرزا صاحب نے اس فاضل یہودی کے اعتراض کو لاجواب قرار دیا ہے۔ یہ وہی اعتراضات ہیں جن کو (اعجاز احمدی ص۴، خزائن ج۱۹ ص۱۱۰) پر مرزا صاحب نے ذکر کیا ہے۔ یعنی تخت داؤد بہشت کے تختوں یہودا اسکریوطی اور پطرس وغیرہ کی پیش گوئیاں جس کا مختار مدعا علیہ نے جواب الجث میں حوالہ دیا اور (اعجاز احمدی ص۱۳، خزائن ج۱۹ ص۱۲۰) پر انہیں اعتراضات یہود کے بعد لکھا ہے کہ حضرت عیسیٰ کی نبوت کے ابطال پر کئی دلائل قائم ہیں۔ اسی طرح (اعجاز احمدی ص۱۳،۱۴، خزائن ج۱۹ ص۱۲۱) پر انہی اعتراضات کی بناء پر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیش گوئیوں پر ماتم کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ روئے زمین پر کوئی شخص اس عقدہ کو حل نہیں کرسکتا۔

اس بیان سے یہ امر بخوبی ثابت ہو رہا ہے کہ مرزا صاحب کے عندیہ اور عقیدہ میں فاضل یہودی کی بیان کردہ پیش گوئیاں درحقیقت حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اسی صورت میں قطعاً اور یقیناً کی تھیں اور صاف اور صریح طور پر جھوٹی نکلیں اور ان کا جواب محال اور ناممکن ہے۔

ازالہ اوہام کی عبارت سے بھی جس کا حوالہ اوپر گزر چکا ہے۔ یہ بات صاف ہوگئی تھی کہ مرزا صاحب کا یہ عندیہ اور عقیدہ ہے اور انہی حالات کی بناء پر مرزا صاحب نے کہا تھا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نبوت کے ابطال پر کئی دلیلیں موجود ہیں اور نبوت کی کوئی دلیل ثابت نہیں ہوسکتی۔ کیونکہ مرزا صاحب نے اصولاً اس بات کو مانا ہے کہ ممکن نہیں کہ نبیوں کی پیش گوئیاں باطل ہو جائیں۔ جیسا کہ مختار مدعا علیہ نے بحوالہ (کشتی نوح ص۵، خزائن ج۱۹ ص۵) کہا تھا۔ لہٰذا ان حالات کی موجودگی میں اجتہادی غلطی کی کوئی گنجائش باقی نہیں رہتی۔ کیونکہ حسب تصریح مرزا صاحب جب کہ خود مرزا صاحب اور دیگر انبیاء علیہم السلام حتیٰ کہ سید المرسلین ﷺ تک جب کہ اجتہادی غلطی کر سکتے ہیں تو حضرت مسیح علیہ السلام کی اجتہادی غلطی پر مرزا صاحب نے اس قدر طعن وتشنیع کیوں کہ اور فاضل یہودی یا شریر یہودی کی ہمنوائی اختیار کر کے اس کو لاجواب اور لاینحل عقدہ اور دلائل ابطال نبوت عیسیٰ علیہ السلام کیوں قرار دیا۔ حالانکہ کسی اور نبی کی اجتہادی غلطی پر اس قدر سنگین الزام نہیں لگائے۔ بلکہ اس کو انبیاء کے حق میں جائز اور ایک معمولی امر قرار دیا گیا ہے۔

پس اسی اصول سے اس شریر یا فاضل یہودی کو جواب دیا جاسکتا ہے کہ اوّل تو اسلام اور قرآن کے رو سے تم محرفین اور کذابین کے حوالوں اور کتابوں کا کوئی اعتبار ہی نہیں۔ مرزا صاحب مختار مدعا علیہ کی محولہ عبارت (اعجاز احمدی ص۲۵، خزائن ج۱۹ ص۱۳۴) میں خود لکھتے ہیں: ''جو بات دشمن کے منہ سے نکلے وہ قابل اعتبار نہیں۔''

دوم یہ کہ اگر کوئی بات اس قسم کی بفرض محال والتسلیم ہوگی تو ایسی پیش گوئی ہوگی جو محتمل الوجوہ اور قابل تاویل ہوگی یا بدرجہ غایت غلطی اجتہادی لیکن مرزا صاحب کے حوالہ جات سابقہ سے معلوم ہوتا ہے کہ ان باتوں میں سے کوئی بات بھی عیسوی پیش گوئیوں میں موجود نہیں، نہ اجتہادی غلطی کی گنجائش نہ تاویل کی صورت اور نہ واقعات بیان کردہ یہود میں کذب اور جھوٹ کا شائبہ مرزا صاحب ان واقعات کو سچ اور

صحیح جان کر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیش گوئیوں کو ایسا صاف اور صریح اور قطعی طور پر جھوٹا سمجھتے ہیں کہ ان کی توجیہہ نہ مرزاصاحب سے ہوسکتی ہے، نہ روئے زمین پر کسی اور شخص سے اور مرزاصاحب کے عقیدہ میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نبوت کے ابطال پر کئی اڈلہ قطعیہ موجود ہیں اور اثبات نبوت کی کوئی دلیل نہیں ہے۔ لہٰذا مرزاصاحب کا بعض مواضع پر نہایت کمزور اسلوب اور دھیمی آواز میں اجتہادی غلطی کہنا محض ابلہ فریبی اور تمسخر اور استہزاء ہے۔ چنانچہ وہ عبارتیں جو مختار مدعا علیہ نے (اعجاز احمدی ص۲۵،۲۶، خزائن ج۱۹ ص۱۳۵) سے نقل کی ہیں۔ نیز (اعجاز احمدی ص۲۴، خزائن ج۱۹ ص۱۳۳) کے پڑھنے سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ مرزاصاحب اجتہادی غلطی کا عذر بھی کرتے جاتے ہیں کہ اس سے نبوت میں خلل نہیں آتا اور ساتھ ساتھ طنز اور نبوت پر جرح وقدح بھی کرتے جاتے ہیں اور حوالہ جات سابقہ میں تو ابطال نبوت عیسیٰ علیہ السلام کا پورا سامان اکھٹا کر دیا ہے۔

قول مختار مدعا علیہ کہ مرزاصاحب کا قرآن کریم کے سہارے پر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نبوت کو تسلیم کرنا، ان کی توہین اور ہتک نہیں ہے۔ اس کو توہین سمجھنا مختار مدعیہ کا انوکھی طرز کا استدلال ہے، وغیرہ کا جواب یہ ہے کہ مختار مدعیہ کا یہ منشاء نہ ہے نہ ہوسکتا ہے۔ کیونکہ تمام انبیاء سابقین کی نبوت پر ایمان لانے کا قرآن مجید نے ہی ہم کو حکم دیا ہے اور صرف اتنی بات کسی نبی کی توہین کا موجب نہیں ہوسکتی۔

ہاں! البتہ جس مخصوص انداز سے مرزاصاحب نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نبوت کو قرآن سے مانا ہے وہ نہ صرف ان کی توہین کا موجب ہے بلکہ قرآن کریم پر بھی ایک کھلا کھلا طعن ہے جس سے ایک مخالف اسلام اور قرآن نہایت آسانی سے حملہ آور ہوسکتا ہے۔

تفصیل اس کی یہ ہے کہ (اعجاز احمدی ص۱۳،۱۴، خزائن ج۱۹ ص۱۲۰،۱۲۱) دو جگہ پر جہاں مرزاصاحب نے اس مضمون کو بیان کیا ہے۔ وہ عبارتیں ہم نے اوپر نقل کر دی ہیں۔ ان کو بغور پڑھنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نبوت کی نسبت مرزاصاحب نے وہاں دو متضاد باتیں جمع کر دی ہیں۔

۱...... ابطال نبوت مسیح کے دلائل کا اقرار۔

۲...... قرآن مجید کا نبیوں کے دفتر میں ان کا نام لکھ دینا۔

اس صورت میں مرزاصاحب کو جو مشکل درپیش ہے۔ اس کا اندازہ کچھ مشکل نہیں ہے۔ قرآن کریم کا صاف انکار بھی مشکل جس نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نام نبیوں کے دفتر میں لکھ دیا۔ ادھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نبوت کے باطل ہونے پر دلائل لاجواب بھی موجود۔ بحکم قہر درویش بجان درویش چارو ناچار نبوت عیسوی کا اقرار کر دیا۔ لیکن نبوت کو باطل کرنے والے دلائل کا ذکر واقرار بھی بالمقابل ساتھ ہی ساتھ کر رہے ہیں۔ بہرحال اس حالت کذائی میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی توہین، بلکہ انکار نبوت مصرح ہے اور اقرار ''اتخذوا ایمانهم جنة'' کا مصداق۔

اب یہاں پر ایک سوال پیدا ہوتا ہے کہ جب بقول مرزاصاحب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نبوت کے ابطال وبطلان پر ایک نہ دو، کئی دلیلیں موجود ہیں تو اس حقیقت نفس الامری کے برخلاف قرآن کریم نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نام نبیوں کے دفتر میں کیوں لکھ دیا۔ اس سے تو قرآن مجید کی جرح وتعدیل کا کوئی اعتبار نہ رہا اور امان اٹھ گئی۔ قرآن مجید تو آئینہ حقائق تھا لیکن یہاں سے تو یہ معلوم ہوا کہ وہ ان لوگوں کو جن کی نبوت کے ابطال اور بطلان پر کئی ایک دلائل فی الواقعہ موجود ہیں۔ ان کو بھی ایک اولی العزم نبی اور برگزیدہ رسول صاحب کتاب قرار دیتا ہے۔ اندریں صورت اس کی کسی بات کا بھی اعتبار نہ رہا اور نہ وہ کتاب اللہ تسلیم کیا جاسکتا ہے۔ ''معاذ اللہ سبحانہ وتعالیٰ عما یصفون''

غالباً اسی خیال سے مرزاصاحب نے (اعجاز احمدی ص۱۳،۱۴، خزائن ج۱۹ ص۱۲۰) پر اظہار افسوس کیا ہے اور لکھا ہے: ''غرض قرآن شریف نے حضرت مسیح کو سچا قرار دیا ہے لیکن افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ان کی پیش گوئیوں پر یہود کے سخت اعتراض ہیں۔ کسی طرح ہم ان کو

دفع نہیں کر سکتے۔ صرف قرآن کے سہارے سے ہم نے مان لیا ہے اور سچے دل سے قبول کر لیا ہے اور بجز اس کے ان کی نبوت پر ہمارے پاس کوئی دلیل نہیں۔ عیسائی تو ان کی نبوت کو روتے ہیں۔ مگر یہاں نبوت بھی ثابت نہیں ہو سکتی۔ ہائے کس کے آگے یہ ماتم لے جائیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تین پیش گوئیاں صاف طور پر جھوٹی نکلیں اور آج کون زمین پر ہے جو اس عقدہ کو حل کر سکے۔'' اور (اعجاز احمدی ص۱۳، خزائن ج۱۹ص۱۲۰) ''اور یہود تو حضرت عیسیٰ کے معاملہ میں اور ان کی پیش گوئیوں کے بارے میں ایسے قوی اعتراض رکھتے ہیں کہ ہم بھی ان کا جواب دینے میں حیران ہیں۔ بغیر اس کے یہ کہہ دیں ضرور عیسیٰ علیہ السلام نبی ہے۔ کیونکہ قرآن نے اس کو نبی قرار دیا ہے اور کوئی دلیل ان کی نبوت پر قائم نہیں ہو سکتی۔ بلکہ ابطال نبوت پر کئی دلائل قائم ہیں اور یہ احسان قرآن کا ان پر ہے کہ ان کو بھی نبیوں کے دفتر میں لکھ دیا۔''

اور اوپر ثابت کیا جا چکا ہے کہ جو یہود کے اعتراض ہیں۔ وہی مرزاصاحب کے اعتراض ہیں اور مرزاصاحب کا عندیہ اور عقیدہ اس امر میں ان کے موافق ومطابق ہے اور اسی خیال سے مرزاصاحب نبوت عیسویہ کے بطلان پر ادلّہ موجود ہونے کے باوجود قرآن مجید کے ان کی نبوت منوانے پر افسوس کر رہے ہیں۔ پس ہمارا پیش کردہ سوال مذکورہ بالا مرزاصاحب کے خیال پر وہ عقدہ ہے جس کی نسبت بقول مرزاصاحب یہ کہنا صحیح ہے کہ آج کون زمین پر ہے جو اس عقدہ کو حل کر سکے اور غالباً مرزاصاحب کے کلام میں اسی عقدہ کی طرف اشارہ لفظ حصور وقصہ عطر وغیرہ ہے۔ مختار مدعیہ نے دافع البلاء کی عبارت کی بناء پر جو اعتراض مرزاصاحب پر قائم کیا تھا کہ انہوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی توہین کی ہے۔

۱...... اس کے جواب میں مختار مدعا علیہ نے بہت کچھ طویل تحریر لکھی ہے جس کا ماحصل یہ ہے کہ مرزاصاحب نے جو کچھ کہا ہے وہ عیسائیوں کے مسلمات کی بناء پر کہا ہے، نہ یہ کہ وہ ان کا اپنا عقیدہ تھا۔ یعنی کسی فاحشہ عورت کی ناپاک کمائی کے عطر کو مسیح علیہ السلام کا استعمال کرنا یا اپنے ہاتھوں اور سر کے بالوں سے اس کے بدن کو چھونا یا کسی بے تعلق جوان عورت کا مسیح کی خدمت کرنا، یہ باتیں یہودیوں اور عیسائیوں کے مسلمات سے ہیں، نہ کہ مرزاصاحب کا یہ عندیہ اور عقیدہ ہے اور یہ عیسائیوں کو الزام دینے کی خاطر سے بیان ہوئی ہیں۔ جیسا کہ لفظ ''نہیں سنا گیا'' اور ''بعد میں بنایا گیا'' سے مفہوم ہوتا ہے۔

۲...... مختار مدعا علیہ کہتے ہیں اسلامی تعلیم میں ان باتوں کا نشان نہیں پایا جاتا۔

۳...... مسلمان بھی اس الزام میں ملحوظ ہیں جو بغیر اکل وشرب ان کو زندہ مانتے ہیں اور بقول مرزاصاحب ان کے مخالف خدا کے مخالف نام کے مسلمان ہیں۔

لیکن ظاہر ہے کہ وہ الزام جو مختار مدعیہ نے قائم کیا (کہ مرزاصاحب کا ان قصوں کو اور شراب پینے کو اس امر کا باعث قرار دینا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ کا قرآن میں حصور نام نہ رکھا اور حضرت یحییٰ کا نام حصور رکھا ثابت کرتا ہے کہ مرزاصاحب اور خدا کے نزدیک درحقیقت حضرت عیسیٰ علیہ السلام میں یہ عیب موجود تھے) ان جوابوں سے رفع نہیں ہو سکتا۔ ملاحظہ ہو (بحث مختار مدعیہ وبیان گواہان مدعیہ نمبر۲،۳)

مختار مدعا علیہ نے حضرت مسیح کی شراب نوشی کا جو جواب دیا ہے کہ ان کی شریعت میں حلال تھی وہ بھی سست ہو گیا اور ثابت ہو گیا کہ درحقیقت ان کی شان کی نسبت یہ عیب اور قدح کی چیز تھی جو حصور کی صفت کے منافی تھی۔

مختار مدعا علیہ نے مرزاصاحب کو بری ثابت کرنے کے لئے جو یہ کہا تھا کہ یہ واقعات اور قصے محض یہودیوں اور عیسائیوں کے نزدیک مسلم ہیں نہ مرزاصاحب کے نزدیک اور اسلامی تعلیم میں ان کا کوئی نشان نہیں۔ اس کی نسبت جواباً گزارش ہے کہ بے شک اسلامی تعلیم میں عصمت انبیاء کا عقیدہ مسلّمہ ہے اور ایسے فواحشات سراسر منافی عصمت۔ لہٰذا یہ بالکل صحیح ہے کہ اسلامی تعلیم میں ان کا کوئی نشان نہیں۔ یہ کہنا کہ مرزاصاحب کا یہ عندیہ اور عقیدہ نہیں ہے۔ سراسر غلط اور جھوٹ ہے۔ جیسا کہ مختار مدعیہ کی بحث اور گواہان مدعیہ کے بیانات

سے ثابت ہے اور دافع البلاء کی عبارت میں جو تکلف اور غلط تاویل مختار مدعا علیہ نے کی ہے وہ کسی طرح صحیح نہیں اور نہ جواب مختار مدعیہ۔

اس کے ماسواء مختار مدعا علیہ نے جو حوالہ (تریاق القلوب ص۱۴۲،۱۴۳، خزائن ج۱۵ ص۴۵۳ حاشیہ در حاشیہ) سے اپنے جوابات کی تائید وتقویت کے لئے پیش کیا ہے۔ اس سے بھی یہ ثابت ہوتا ہے کہ یہ عیوب وفواحش درحقیقت مسیح علیہ السلام میں موجود تھے اور مرزاصاحب کا یہی عقیدہ ہے اور مختار مدعا علیہ کا یہ قول غلط اور جھوٹ ہے کہ مرزاصاحب کا یہ عقیدہ نہیں۔ محض عیسائی اور یہودیوں کے مسلمات ہیں بلکہ اس میں تو مرزاصاحب نے اور غضب ڈھایا ہے اور ثابت کیا ہے کہ یہ فواحش وعیوب مسیح علیہ السلام میں خداتعالیٰ کی تعلیم اور حکم سے تھے۔ ملاحظہ ہو حوالہ مذکورہ کی عبارت محولہ مختار مدعا علیہ ''ہر ایک رسول یا نبی یا محدث یا مامور من اللہ جو دنیا میں آتا ہے (الیٰ آخرہ) اور اسی بناء پر حضرت مسیح کو اللہ تعالیٰ نے ایک ایسا طریق تعلیم عطاء کیا تھا...... الخ!

اس حوالہ میں مرزاصاحب نے صرف حضرت مسیح علیہ السلام کے لئے بلکہ ہر ایک نبی اور رسول اور مامور من اللہ کے لئے اصولی طور پر یہ سنت قرار دی ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو ایسے فواحش اور فسق وفجور کے ارتکاب کی تعلیم دیتا ہے، جس سے شریر آدمی ان پر الزام لگا سکیں۔ **معاذ اللہ سبحانہ وتعالیٰ عما یصفون!**

مرزاصاحب کا یہ فلسفہ اسلامی فلسفہ اور قرآن کریم کی صاف تکذیب ہے اللہ تعالیٰ تو فرماتا ہے: ''**قل ان اللہ لا یامر بالفحشآء اتقولون علی اللہ مالا تعلمون**'' نیز فرماتا ہے کہ: ''**وینھیٰ عن الفحشآء والمنکر** نیز فرماتا ہے کہ: ''**قل انما حرم ربی الفواحش ماظھر منھا ومابطن**'' یعنی کہہ دو اللہ بے حیائیوں کا حکم نہیں کرتا۔ کیا تم اللہ پر ان باتوں کا افتراء کرتے ہو جو تم جانتے ہی نہیں۔ یہی باقی آیات کا مفہوم ہے۔ لیکن مرزاصاحب نے ان آیات قرآنیہ کے صریح خلاف اللہ تعالیٰ کو صریح فواحش کی تعلیم دینے والا قرار دیا اور اس کو عادت اللہ قرار دیا اور وہ ان لوگوں کے حق میں جن کو تمام دنیا کے لئے عملی نمونہ قرار دیا جاتا ہے اور پھر یہ بات بھی سمجھ سے باہر ہے کہ جب بقول مرزاصاحب ایسے فواحش کا ارتکاب انبیاء سے سرزد ہو تو ان پر الزام لگانے والے شریر اور خبیث کیونکر ہوئے۔ لیکن اس معمہ کو بھی ان شاء اللہ ہم حل کر دیں گے۔

اب ہم اپنے بیان مذکورہ بالا کی مزید توضیح اور توثیق اور مرزاصاحب کے اس عقیدۂ کفریہ کو الم نشرح کرنے کے لئے اسی کتاب تریاق القلوب کا حوالہ پیش کرتے ہیں جس کو مرزاصاحب نے زیادہ توضیح اور بسط سے بیان کیا اور اس کی امثلہ پیش کی ہیں اور اس فعل شنیع کا فلسفہ اور حکمت بیان کی ہے ملاحظہ ہو۔

مرزاصاحب کا (حاشیہ تریاق القلوب جو ص۱۲۳ سے شروع ہو کر ص۱۲۷، خزائن ج۱۵ ص۴۲۰،۴۲۴) تک پانچ صفحوں پر لکھا گیا ہے۔ اس حاشیہ میں مرزاصاحب نے چند باتیں لکھیں ہیں جن کا ماحصل یہ ہے۔

۱...... ''عظیم الشان انبیاء اور صدیقین سے ایسے کاموں کا سرزد ہونا جو اخلاقی حالتوں اور معاشرتی طریق میں قابل ملامت ہوں اور ان امور کا خضر کی طرح خدا کے علم اور حکم سے ہونا۔''

۲...... ''وہ امور اس قسم کے بھی ہوتے ہیں، جن کو مال حرام کھانا، خون ناحق کرنا، جھوٹ بولنا، عہد شکنی، زناکاری کے مال حرام کو استعمال کرنا۔ نامحرم حسین اور جوان عورت سے اپنے اعضاء کو ملانا وغیرہ سے موسوم کیا جاتا ہے اور یہ باتیں اللہ تعالیٰ کے حکم اور اجازت سے ہوتی ہیں جس طرح۔''

۳...... ''عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے آخری باتوں کا اذن دیا۔''

۴...... ''اس قسم کی چند اور مثالیں۔''

۱...... حضرت موسیٰ علیہ السلام اور بنی اسرائیل کے قبضہ میں بے گناہ لوگوں کے مال اللہ تعالیٰ نے دیئے جو نہایت قابل شرم دروغ گوئی سے حاصل کئے گئے تھے اور عہد شکنی سے ہضم کئے گئے۔

۲...... آنحضرت ﷺ پر عیسائیوں کے الزامات۔

۳...... حضرات شیخین رضی اللہ عنہم پر روافض کے الزامات دربارہ عفت و دیانت وامانت وغصب ونفاق۔

۴...... اللہ تعالیٰ ایسا اس لئے کرتا ہے تاکہ اپنے خاص مقبولوں اور محبوبوں کو بدبخت شتاب کاروں سے مخفی رکھے اور تاکہ وہ خبیث طبع انسانوں کا خبث ظاہر کرے اور شریروں کا امتحان ہو۔ ان تمام باتوں کا جواب یہ ہے کہ مرزاصاحب نے سراسر مغالطہ اور دھوکا دہی سے کام لیا ہے اور اللہ تعالیٰ کی طرف ان امور کے حکم اور اذن کی نسبت کرنا افتراء ہے اور تعلیم اسلامی اور قرآن بلکہ جملہ ادیان کے خلاف۔ رہا خضر کا واقعہ تو اس کا تعلق تکوین سے ہے نہ تشریع اور شرائع سے اس پر انبیاء شرائع کے اعمال کو قیاس کرنا سراسر مغالطہ ہے یا ناواقفی اور جہالت۔ انہوں نے تو حضرت موسیٰ علیہ السلام سے پہلے ہی کہہ دیا تھا انک لن تستطیع معی صبر أیعنی میں اور کام پر ہوں تو اور کام پر یعنی تو بوجہ مامور بالشریعت ہونے کے میرے ساتھ نہیں رہ سکتا۔

آنحضرت ﷺ حضرت موسیٰ علیہ السلام حضرات شیخین (صدیق اکبر رضی اللہ عنہ اور فاروق اعظم رضی اللہ عنہ) کی مقدس ہستیوں میں ایسے افعال کا تسلیم کرنا، مرزاصاحب کی بڑی بے باکی اور جرأت ہے۔ علماء اسلام اور اہل سنت والجماعت کی طرف سے متعصب اور ضدی مخالفین کو اس کے جوابات کماحقہ دیئے جاچکے ہیں۔ لیکن مرزاصاحب نے تو اس جگہ عیسائیوں اور روافض کی فتح کا اقرار کر کے ہتھیار ڈال دیئے اور یہ کہہ کر دامن چھڑا لیا کہ ایسے افعال شنیعہ کا انبیاء اور اولیاء سے سرزد ہونا بحکم الٰہی ہوا ہی کرتا ہے۔ گویا اعتراضات مسلم اور جواب وہ جس کو کوئی معقول انسان کچھ وقعت نہ دے سکتا ہو۔ کیونکہ وہ قرآن کریم اور اسلام بلکہ تمام ادیان وشرائع سماویہ کو درہم برہم کرنے والا اور ان کا مخالف اور مکذب ہے۔

بہرحال مرزاصاحب نے مسیح علیہ السلام کے قصہ کو تسلیم کر لیا کہ وہ اللہ تعالیٰ کے اذن سے فاحشہ عورتوں کی حرام کمائی کے عطر وغیرہ کو استعمال فرماتے تھے اور جوان حسین نامحرم عورتوں کے اعضاء سے اپنے اعضاء ملایا کرتے تھے۔

بیان مذکورہ بالا سے ثابت ہوگیا کہ مرزاصاحب نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو بھی دروغ گوئی عہد شکنی اور حرام خوری کا مرتکب قرار دیا ہے۔ کیونکہ ان واقعات کو تسلیم کر لیا ہے اور ان کے نتائج مذکوہ بالا کو خود بیان کیا ہے اور جو جواب ہے وہ سراسر نامعقول اور بمنزلہ صفر کے ہے۔ لہٰذا مرزاصاحب توہین عیسیٰ علیہ السلام، توہین موسیٰ علیہ السلام کے بالخصوص اور آنحضرت ﷺ حضرات شیخین (ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور عمر فاروق رضی اللہ عنہ) اور تمام انبیاء اور اولیاء کی توہین کے بالعموم مرتکب ہوئے اور وہ اصول وضع کئے جس سے قرآن کریم اور اسلام کی تکذیب اور تخریب اور تمام ادیان حقہ کا فضول اور لغو ہونا ثابت ہوتا ہے۔ لہٰذا اس عظیم الشان کفر کا اندازہ قیاس سے باہر ہے جو کئی کفروں پر مشتمل ہے اور جس سے تعطل شرائع اور الحاد کے تمام دروازے کھل گئے۔

اب ہم حسب وعدہ یہ بیان کرنا چاہتے ہیں کہ آخر مرزاصاحب کو اس عقیدہ ناشدنی اور کفر کی ضرورت پیش آئی جس کو انہوں نے اس صورت میں پیش کیا جس سے تمام کارخانہ شریعت ہی درہم برہم ہو جاتا ہے۔ کیونکہ اگر ایسے فواحش اور کبائر کا ارتکاب انبیاء سے ظہور پذیر ہونا سنت اللہ میں داخل مانا جائے تو امتوں کا کیا حال۔

گر ہمیں مکتب است وہمیں ملا　کار طفلاں تمام خواہد شد

تو جواب اس کا یہ ہے کہ مرزا صاحب نے یہ سب کچھ خود غرضی سے کیا اور کہا ہے۔ ورنہ درحقیقت انبیاء ایسے فواحش سے مبرّ اء اور معصوم ہیں۔ مرزا صاحب کی خودغرضی کی تفصیل یہ ہے کہ مرزا صاحب سے باوجود ادّعاء مسیحیت، مہدیت، صدیقیت، نبوت وغیرہ مقامات عالیہ کے جن سے بڑھ کر کوئی بلندی متصور نہیں۔ چونکہ ایسے امور قطعاً سرزد ہوئے۔ اس لئے مرزا صاحب سے یہ تو نہ ہوسکا کہ وہ ان سے اپنا بری ہونا ثابت کرتے۔ ہاں! یہ اصول وضع کیا کہ تمام انبیا سے ایسے امور کا باذن الٰہی سرزد ہونا سنت اللہ میں داخل ہے۔ ایسے امور بہت سے ہیں جنہوں نے مرزا صاحب کو اس اصول کو اس اصول کی وضع پر مضطر اور مجبور کر دیا۔ لیکن نمونۃً ومثالاً ہم صرف دو موٹی باتوں کا ذکر کرتے ہیں۔

۱...... اوّل یہ کہ مرزا صاحب نے انبالہ کے ایک شخص سے زنا وغیرہ کی حرام کمائی کا روپیہ منگوا کر استعمال کیا جس کا ثبوت (اشاعۃ السنۃ ج۱۵ نمبر۱،۲) سے اور اس کے جواب سے جو مرزا صاحب نے اپنی کتاب (آئینہ کمالات اسلام ص۶۰۰،۶۰۱، خزائن ج۵ ص ایضاً) میں دیا ہے۔ مفصل اوپر گزر چکا ہے۔ مرزا صاحب نے اس روپیہ کے کھانے سے انکار نہیں کیا۔ بلکہ ایک نیا قانون وضع کر کے اپنے تشریعی نبی ہونے کے دعویٰ کا عملی ثبوت پیش کیا ہے جس کا خلاصہ یہ ہے نافرمان آدمی کا جان ومال خواہ وہ حربی نہ ہو، رسولوں کے لئے مباح ہے۔ اس خطرناک اور مخالف اسلام قانون کی تفصیل بھی کس قدر اوپر گزر چکی ہے۔

۲...... دوسرے یہ کہ مرزا صاحب نے برخلاف واقعہ بیان کیا تھا کہ براہین احمدیہ تین سو جزء یعنی (۴۸۰۰) چار ہزار آٹھ سو صفحہ تک میں نے تالیف کر لی ہے اور تین سو مضبوط عقلی دلائل سے قرآن کریم اور آنحضرت ﷺ کی نبوت کی حقیقت ثابت کی گئی ہے اور یہ کتاب مشتمل ہے۔ ایک مقدمہ اور ایک اشتہار اور چار فصل اور ایک خاتمہ پر، لیکن مرزا صاحب کا یہ بیان محض جھوٹ تھا جس سے مسلمانوں کو فریب دے کر روپیہ جمع کرنا منظور تھا اور کتاب صرف تین سو جزء کے بجائے پینتیس (۳۵) یا سینتیس (۳۷) جزو معہ اشتہار وغیرہ تھی جس میں تین فصل اور خاتمہ بھی ندارد ہے اور بجائے تین سو اڈلہ حقیت کے تمہیدات اور الہامات اور پہلی دلیل پر ہی کتاب ختم ہوگئی ہے۔

مختار مدعا علیہ نے مولانا رحمت اللہ صاحب کی کتاب ازالہ اوہام کے حوالہ سے لکھا ہے کہ انہوں نے بھی کسی پادری کے جواب میں اسی قسم کی عبارت لکھی ہے۔ جیسی دافع البلاء کی ہے۔ کسی پادری نے اپنے رسالہ میں اس آیت سے تمسک کر کے حضرت یحییٰ کی فضیلت ثابت کی تھی اور آنحضرت ﷺ پر طعن کیا تھا اور مولانا رحمت اللہ صاحب نے اس کو عیسائیوں کے ان مسلمات کی بناء پر وہ طعن انہیں پر لوٹا دیا۔ پس اسی طرح مرزا صاحب نے کیا۔ ورنہ نہ مولانا رحمت اللہ صاحب ان مسیحی قصوں کی صداقت کے معتقد، نہ مرزا صاحب۔

جواباً گزارش ہے کہ مختار مدعا علیہ کی یہ مماثلت اور عذر سراسر غلط اور خلاف واقعہ ہے۔ مولانا رحمت اللہ صاحب نے جو کچھ فرمایا وہ الزاماً فرمایا۔ جیسا کہ ان کی عبارت محوّلہ سے ظاہر نہ قرآن مجید سے تمسک اور استشہاد کر کے اور نہ وہ ان ناپاک قصوں کے معتقد۔ جیسا کہ مختار مدعا علیہ کا اقرار ہے۔ نیز وہ عیسائی کا طعن کرنے کے بعد بتقاضائے غیرت اور ضرورت فرما رہے ہیں اور یہاں مرزا صاحب کے اندر یہ تینوں باتیں مفقود ہیں۔ لہٰذا یہ قیاس مختار مدعا علیہ کا سراسر غلط ہے۔

مختار مدعا علیہ نے بہت سی عبارتیں مرزا صاحب کو بری ثابت کرنے کے لئے ان کی کتابوں سے نقل کر کے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ:

۱...... مرزا صاحب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو نبی مانتے ہیں۔

۲...... مرزا صاحب نے ان کی کوئی توہین کی نہیں۔

۳...... ان کے حق میں جو طعن مرزا صاحب نے کئے ہیں وہ الزامی ہیں نہ ان کا اپنا عقیدہ۔

۴...... مرزاصاحب نے کسی فرضی یسوع کو گالیاں دی ہیں اور ضرورتاً مناظرین ایسا کیا کرتے ہیں اور قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے بھی یہ طریق بعض جگہ پر اختیار فرمایا ہے۔ پہلی تین باتوں کا جواب تو اس کا جواب الجواب بحث مختار مدعیہ اور گواہان مدعیہ خصوصاً گواہ نمبر۲،۳ کے بیانات میں کافی ہو چکا ہے۔ اسی طرح نمبر۴ کا جواب بھی بحوالہ صدر آچکا ہے۔ لیکن اس کی مزید توضیح کے لئے گزارش ہے کہ مرزا صاحب نے اگرچہ کئی مواضع میں یہ عذر بیان کیا ہے۔ لیکن ان کے طرز عمل سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ محض مسلمانوں کو دھوکا دے کر خاموش کرنے کا سامان ہے۔ ورنہ جو بدزبانی اور طعن وتشنیع (ضمیمہ انجام آتھم حاشیہ ص۴تا۹، خزائن ج۱۱ ص۲۸۸) تیسوع کے نام سے کی گئی اور جن واقعات کو اسباب اور دلائل بدزبانی قرار دیا گیا ہے۔ اکثر وہی واقعات دوسری جگہ پر مسیح اور عیسیٰ وغیرہ ناموں کی طرف منسوب کئے ہیں مثلاً پیش گوئیاں (ضمیمہ انجام آتھم حاشیہ ص۴، خزائن ج۱۱ ص۲۸۸) میں بنام یسوع جو پیش گوئیاں ہیں جن کی تذلیل اور توہین کر کے ان کو نادان اسرائیلی شریر اور مکار وغیرہ سے یاد کیا ہے وہی بعینہٖ (ازالہ اوہام ص۶،۷، خزائن ج۳ ص۱۰۶) میں مسیح کے نام بیان ہوئی ہیں اور ان کو ابتر قرار دیا ہے اور غلط کہا ہے۔ بلکہ ازالہ میں اور زیادہ ہیں اور اعجاز احمدی میں بھی ان زائد کا ذکر ہے۔ جیسا کہ اوپر جواب البحث میں مفصل مذکور ہو چکا ہے وہاں فرضی یسوع کا کوئی ذکر نہیں بلکہ مسیح یا عیسیٰ علیہ السلام کا ذکر ہے۔

معجزات کا ذکر جو یسوع کے نام سے (ضمیمہ انجام آتھم حاشیہ ص۶،۷، خزائن ج۱۱ ص۲۹۱) پر ہے کہ حق یہ ہے کہ آپ سے کوئی معجزہ نہیں ہوا۔ تالاب کی مٹی کا معجزہ تھا نہ یسوع کا۔ یسوع کے ہاتھ میں سوا مکر وفریب کچھ نہ تھا۔ یہی مضمون انکار مسیح کے نام سے (ازالہ اوہام ص۶،۷، خزائن ج۳ ص۱۰۶) میں موجود ہے۔ نیز (حاشیہ ص۳۲۱، خزائن ج۳ ص۲۶۳) میں اس کراماتی تالاب کا ذکر موجود اور اسی (ازالہ اوہام حاشیہ ص۲۹۵ تا ۳۲۲، خزائن ج۳ ص۲۵۱ تا ۲۶۳) اٹھائیس صفحہ پر معجزات مسیحی کو عمل الترب مسمریزم لہو ولعب مکر وشعبدہ بازی قرار دیا گیا جس کا عشر عشیر بھی ضمیمہ انجام آتھم میں بنام یسوع نہیں ہوا۔

کنجریوں سے میلان صحبت حرام کمائی کا عطر جو (حاشیہ ضمیمہ ص۷، خزائن ج۱۱ ص۲۹۱) بیان ہوا۔ اس سے کہیں زیادہ صاف دافع البلاء کے آخری (ص۲۲، خزائن ج۱۸ ص۲۴۲) اور (آئینہ کمالات اسلام ص۶۰۰، خزائن ج۵ ص۶۰۰) اور (تریاق القلوب حاشیہ ص۱۲۴،و۱۲۷، خزائن ج۱۵ ص۴۲۴،۴۲۰) پر ہے۔ بنام مسیح جس کو مرزاصاحب نے محقق اور صحیح مانا ہے۔ پس مرزاصاحب اور مختار مدعا علیہ کا یسوع کو فرضی کہنے کا افسانہ لغو اور فرض ہے اور محض مسلمانوں کو دھوکا دینا ہے۔

رہ گئی یہ بات کہ مرزاصاحب نے کسی مناظرانہ ضرورت کے ماتحت یہ بدزبانی کی ہے تو یہ بھی بالکل غلط ہے۔ مختار مدعیہ نے تریاق القلوب کے حوالہ سے لکھا ہے کہ مرزاصاحب کہتے ہیں کہ یہ بدزبانی گورنمنٹ کے مصالح ملکی کی غرض سے وقوع میں آئی ہے۔ یہ بے شک مرزاصاحب کے کلام کا مفہوم ہے۔ اسی طرح ہم نے اس جواب میں مرزاصاحب کے ان مطاعن اور فواحش کی علت غائی واضح طور پر بیان کردی ہے جو مرزاصاحب نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف منسوب کئے ہیں۔ یعنی فاحشہ عورتوں کی حرام کمائی کا استعمال کرنا اور جوان حسین اور نامحرم عورتوں کے اعضاء سے اپنے اعضاء کو ملانا۔ (العیاذ باللہ)

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیش گوئیوں کی توہین استخفاف اور انتہائی بدزبانی کا باعث جو مرزاصاحب سے ضمیمہ انجام آتھم میں سرزد ہوئی یہ ہے کہ مرزاصاحب کی پیش گوئی متعلقہ پادری عبداللہ آتھم جب صاف طور پر جھوٹی نکلی جس پر مرزاصاحب نے بڑے زور وشور سے تحدی کر کے دنیا کو اس کا منتظر بنا رکھا تھا اور اس پر بصورت جھوٹی ہونے کے اپنے لئے بڑی بڑی شرطیں اور سزائیں تجویز کی ہوئی تھیں کہ مجھ کو روسیاہ کیا جائے گلے میں رسہ ڈالا جائے اور تمام بدکاروں اور لعینوں سے زیادہ بدکار اور لعنتی سمجھا جائے تو اس پر ہر مذہب وملت کے عوام وخواص نے اور خصوصاً مسلمانوں اور عیسائیوں نے اشتہاروں اخباروں، رسالوں، نظموں وغیرہ سے مرزاصاحب کی بہت کچھ تواضع کی اور

ملامت اور تکذیب کی۔ چاروں طرف سے بوچھاڑیں مرزاصاحب پر پڑئیں جس پر مرزاصاحب نے مسلمانوں کو عموماً اور عیسائیوں کو خوب کوسا اور سب وشتم کو کمال تک پہنچایا۔ اسی تقریب سے مرزاصاحب نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر بدزبانی کی۔ جو حوالہ جات گواہان ومختاران فریقین میں بحوالہ ضمیمہ انجام وغیرہ پیش ہوئی ہیں۔ انجام آتھم اور ضمیمہ انجام آتھم جو مرزاصاحب کی کتابیں ہیں۔ ان کا نام ہی ہمارے اس بیان کی تصدیق کر رہا ہے کہ اس بدزبانی کا باعث آتھم صاحب کی پیش گوئی ہے۔

اس کے علاوہ اس کی مزید تصدیق خاص اس حاشیہ میں موجود ہے جس میں یہ بدزبانی کی گئی ہے۔ ملاحظہ ہو شروع (حاشیہ ص۳) مرزاصاحب لکھتے ہیں: ''ایک مردہ پرست فتح مسیح نام نے فتح پور تحصیل بٹالہ ضلع گورداس پور سے پھر اپنی بے حیائی کو دکھلا کر ایک گندہ اور بدزبانی سے بھرا ہوا خط لکھا ہے جس میں وہ پھر اپنی بے شرمی سے کام لے کر یہ ذکر بھی درمیان لاتا ہے کہ آتھم کی نسبت پیش گوئی پوری نہیں ہوئی۔''

اس کے بعد اپنی تحریروں کے حوالہ دے کر لکھتے ہیں کہ پیش گوئی پوری ہوگئی۔ بعدازاں انتقاماً حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر کئی صفحات تک سب وشتم کرتے گئے ہیں۔ ملاحظہ ہو۔ (ص۴ کا حاشیہ تاص۹، خزائن ج۱۱ص۲۸۸، ص۲۹۲)

اور (حاشیہ ص۸، خزائن ج۱۱ص۲۹۲) پر لکھتے ہیں: ''سوعیسائیوں کی یہ حماقت ہے کہ ایسی (یعنی مسیح علیہ السلام کی) پیش گوئیوں پر تو ایمان لاویں اور آتھم کی پیش گوئی کی نسبت جو صاف اور صریح طور پر پوری ہوگئی، اب تک انہیں شک ہو۔'' اور اسی صفحہ پر لکھتے ہیں: ''یہ مردہ پرست لوگ کیسے جاہل اور خبیث طینت ہیں کہ سیدھی بات کو بھی نہیں سمجھتے، فتح مسیح کو یاد رکھنا چاہئے کہ آتھم تمام پادریوں کا منہ کالا کر کے قبر میں داخل ہو چکا ہے۔ اب کالک کا ٹیکا عیسائیوں کی پیشانی سے اتر نہیں سکتا۔''

نوٹ: مسٹر آتھم مرزاصاحب کی میعاد پیش گوئی (جو پندرہ ماہ تھی) تک نہیں مرے تھے۔

ان حوالہ جات اور بیان سابق سے یہ بات واضح طور پر ثابت ہو رہی ہے کہ مرزاصاحب نے جو بدزبانی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نسبت ضمیمہ انجام آتھم میں کی ہے۔ وہ محض نفسانی جوش اور اپنے ذاتی انتقام لینے کے لئے مرزاصاحب نے کی، نہ کسی اسلامی حمایت کی خاطر اور صحیح نیت سے البتہ مختار مدعا علیہ نے جو اسی صفحہ سے مرزاصاحب کا جو حوالہ پیش کیا جس میں مرزاصاحب لکھتے ہیں کہ فتح مسیح نے آنحضرت ﷺ کو بھی گالیاں دی ہیں۔ اس کا کوئی ثبوت نہیں اور نہ یہ مرزاصاحب کے کہنے سے قابل تسلیم ہے۔ کیونکہ مرزاصاحب اپنی اغراض نفسانیہ پر پردہ ڈالنے کے لئے اسلام یا آنحضرت ﷺ کے انتقام کا بہانہ کر دیا کرتے ہیں۔ چنانچہ مسٹر عبداللہ آتھم کی پیش گوئی مذکورہ بالا میں بھی آپ نے وطیرہ اختیار کیا تھا کہ پیش گوئی تو محض اپنے آپ کو معجزاتی ثابت کرنے کے لئے کی گئی تھی۔ لیکن جب وہ جھوٹی ہوگئی تو معیاد گزرنے کے بعد کہہ دیا کہ چونکہ مسٹر آتھم نے اپنی گستاخی سے توبہ کر لی تھی جو درحقیقت پیش گوئی کی بناء تھی۔ اس لئے موت کا عذاب بھی ٹل گیا اور ایک قصہ گھڑ لیا کہ مسٹر آتھم نے آنحضرت ﷺ کی نسبت ایک مکروہ سخت لفظ کا استعمال جو اپنی کسی کتاب میں کیا تھا اور میں نے اس کو عین پیش گوئی کے وقت کہہ دیا تھا کہ تمہاری موت کی پیش گوئی کی بناء پر یہ لفظ ہے تو اس نے اسی مجمع میں دونوں ہاتھ کانوں پر رکھ کر زبان منہ سے نکالی اور کہا کہ میں نے یہ لفظ ہرگز نہیں لکھا ملاحظہ ہو حقیقت الوحی۔

میں کہتا ہوں کہ اگر پیش گوئی کی بناء وہ خبیث لفظ ہوتا تو مرزاصاحب پندرہ ماہ تک بلکہ بعد میں بھی عرصہ دراز تک یہ کیوں لکھتے رہے کہ: ''جو فریق عمداً جھوٹ کو اختیار کر رہا ہے اور عاجز انسان کو خدا بنا رہا ہے وہ پندرہ ماہ تک بسزائے موت ہاویہ میں گرایا جائے گا۔'' اور جب آتھم میعاد مذکور میں نہ مرا، بلکہ تقریباً دو سال بعد میں مرا تو مرزاصاحب کے لئے نہایت سہل بات تھی کہ مرزاصاحب یہ جواب دے کر تمام تکلیفوں اور تکلفات سے مخلصی حاصل کر لیتے کہ پیش گوئی کی بناء فلاں خبیث لفظ تھا جو آتھم نے کہا تھا اور ایام پیش گوئی میں ہی اس نے اس سے رجوع کر لیا تھا۔ لہٰذا پیش گوئی غلط نہ ہوئی، بلکہ شرط رجوع کے ماتحت سچی نکلی۔ پس یہ باتیں اس بات کو واضح کرتی ہیں کہ مرزا

صاحب نے یہ افسانہ بطور حیلہ گھڑ لیا تھا۔ پھر اس پر مزید لطف یہ ہے کہ بقول مرزاصاحب آتھم نے اسی وقت یہ صاف کہہ دیا کہ میں نے یہ لفظ آنحضرت ﷺ کی نسبت ہرگز نہیں کہے جس کا صاف مطلب یہ ہے کہ آپ مجھ پر افتراء کر رہے ہیں اور لطف پر لطف یہ کہ مرزاصاحب نے اس تکذیب کا کوئی جواب نہیں دیا اور خاموش رہ کر اپنے افتراء اور کذب بیانی کی تصدیق کر دی۔

اس واقعہ سے ثابت ہوگیا کہ مرزاصاحب اپنی اغراض کے لئے عیسائیوں پر افتراء کر دیا کرتے تھے کہ انہوں نے آنحضرت ﷺ کو یہ گالی دی ہے کہ وہ کیا ہے۔ لہٰذا مرزاصاحب کا یہ کہنا کہ فتح مسیح نے آنحضرت ﷺ کو بھی کوئی گالی دی تھی، قابل اعتبار نہیں اور اصل وجہ وہی ہے جو اوپر مذکور ہو چکی کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر جو زبان درازی مرزاصاحب نے ضمیمہ انجام آتھم میں کی محض جوش نفسانی سے کی ہے اور انتقام ذاتی ہی اس سے مقصود و مطلوب ہے۔

معجزات عیسیٰ علیہ السلام کی تکذیب جو مرزاصاحب سے سرزد ہوئی ہے۔ اس کا باعث بھی اغراض ذاتیہ ہیں نہ تائید اسلام جس کا بیان کسی قدر اوپر گزر چکا ہے جس کا ملخص یہ ہے۔ جب اہل اسلام کی طرف سے مرزاصاحب سے مطالبہ کیا گیا کہ تم جو مسیح موعود ہونے کا دعویٰ کرتے ہو تو مسیح علیہ السلام کے سے معجزات تو دکھلاؤ جس کے جواب میں مرزاصاحب نے وہ جواب دیا جس کا خلاصہ یہ ہے کہ مسیح سے کوئی معجزہ ظہور میں نہیں آیا۔ ملاحظہ ہو (ازالہ اوہام ص۶،۷ حاشیہ، ص۲۹۵ تا ۳۲۲، خزائن ج۳ ص۲۳۱ تا ۲۶۳) اور مسیح کے پاس صرف عمل التراب مسمریزم شعبدہ بازی اور مکروفریب وغیرہ ہی تھا۔

مرزاصاحب نے انکار معجزات مسیح علیہ السلام کا اور ان کی تحقیر اور استہزاء کا ایک یہ بھی جواب دیا ہے جس کو ہم (حمامۃ البشریٰ ص۷۷، خزائن ج۷ ص۲۹۴) سے سامنے لاتے ہیں۔ مرزاصاحب فرماتے ہیں: ''ومن اعتراضاتهم انهم قالوا ان هٰذا الرجل يحقر معجزات المسيح ويستهزء بها ويقول انها ليست بشئ والواردات لا رى مثلها بل اكبر منها ولكنى اكره ولا اتوجه اليها كما الشايقين اما لجواب فاعلم يا اخى ان المعجزة ليس من فعل العباد بل من افعال اللّٰه تعالىٰ فما كان لرجل ان يقول انى افعل كذا وكذا باختيارى وارادتى وما يفعل انسان باختياره وارادته وتدبيره فهو فعل من افعال الانسان ولا نسمية معجزة بل هو مكيدة وسحر فافهم يا اخى زادك اللّٰه رشداً''

یعنی ان مسلمانوں کے اعتراضوں میں سے مجھ پر ایک یہ اعتراض بھی ہے کہ کہتے ہیں یہ شخص معجزات مسیح علیہ السلام کی تحقیر کرتا ہے اور ان سے استہزاء کرتا ہے اور کہتا ہے کہ اگر میں چاہوں تو اس طرح کے بلکہ اس سے بڑے بڑے معجزات بھی دکھا سکتا ہوں۔ لیکن میں انہیں ناپسند کرتا ہوں اور شائقین کی طرح ان کی طرف توجہ نہیں کرتا تو اس کا جواب یہ ہے کہ معجزہ انسانی فعل کا نام نہیں بلکہ وہ اللہ تعالیٰ کا فعل ہوتا ہے۔ پس کسی آدمی کا حق نہیں کہ وہ یہ دعویٰ کرے کہ میں اپنے اختیار اور ارادہ سے ایسا ایسا کر سکتا ہوں (یعنی معجزہ دکھلا سکتا ہوں) اور جس چیز کو انسان اپنے اختیار وارادہ اور تدبیر سے کرے وہ انسانی فعل ہوگا۔ اس کا نام ہم معجزہ نہیں رکھ سکتے۔ بلکہ وہ مکر یا جادو ہے۔ اے بھائی اس بات کو سمجھ لو خدا تجھ کو زیادہ ہدایت دیوے۔

ماحصل اس کا یہ ہوا کہ جو امور خارقہ مسیح سے سرزد ہوئے ہیں جن کو معجزات کے نام سے نامزد کیا جاتا ہے اور میں نے ان کی نسبت لکھا ہے کہ اگر میں چاہوں تو ان سے بڑھ کر دکھا سکتا ہوں۔ لیکن میں انہیں مکروہ جانتا ہوں۔ وہ بسبب اس کے کہ انسانی تدبیروں اور حیلوں کا نتیجہ ہیں درحقیقت معجزات نہیں، بلکہ مکر اور جادو ہیں۔ معجزات تو خدا کا فعل ہوتے ہیں نہ انسان کا اس نکتہ کو خوب سمجھ لو خدا تمہیں زیادہ ہدایت دے۔

ہمارے اس بیان کی مزید تائید اور تصدیق کے لئے ملاحظہ ہو (ازالہ اوہام ص۶،۷، خزائن ج۳ ص۱۰۶ و حاشیہ ص۳۲۱،۳۲۲، خزائن ج۳

ص۲۶۳ وص۳۰۹، خزائن ج۳ص۲۵۷ وضمیمہ انجام آتھم ص۶،۷ حاشیہ، خزائن ج۱۱ص۲۹۱) اور جو بیان مذکورہ بالا کو ان حوالہ جات سے ملا کر یکجائی نظر سے دیکھا جائے تو صاف ثابت ہوتا ہے کہ جہاں کہیں مرزاصاحب نے حضرت مسیح علیہ السلام کے حق میں معجزہ کا ہونا تسلیم کیا ہے وہ صرف بمعنی عجوبہ ہے جو انسانی تدبیروں اور حیلہ گری سے پیدا ہوگیا تھا۔ یعنی عمل الترب مسمریزم یا تالاب کی مٹی کی تأثیر سے وہ درحقیقت معجزہ نہیں تھا، بلکہ شعبدہ بازی مکر اور قابل نفرت امر تھا اور حمامۃ البشریٰ کی عبارت محوّلہ بالا کی تعریف کے رو سے وہ مکر اور جادو تھا۔

ان توضیحات اور تصریحات کے بعد اب ہم قرآن کریم کی طرف رجوع کرتے ہیں تو پتہ چلتا ہے کہ بڑے شدومد کے ساتھ وہ معجزات مسیح علیہ السلام کو بیان کرتا ہے کہیں کہتا ہے: ’’واتینا عیسیٰ ابن مریم البینٰت وایدناہ بروح القدس (البقرۃ:۸۷)‘‘ کہیں ارشاد ہوتا ہے اور اس وقت ارشاد ہوتا ہے جب کہ آپ کا وجود بھی دنیا میں نہیں تھا بلکہ آپ کی والدہ صدیقہ کو بطور بشارت کہا جاتا۔ ’’اذ قالت الملآئکۃ ان اللہ یبشرک بکلمۃ منہ اسمہ المسیح عیسیٰ ابن مریم وجیھا فی الدنیا والاخرۃ ومن المقربین ویکلم الناس فی المھد وکھلا ومن الصالحین قالت رب انی یکون لی ولد ولم یمسسنی بشر قال کذالک اللہ یخلق مایشآء اذاقضیٰ امرا فانما یقول لہ کن فیکون ویعلمہ الکتاب والحکمۃ والتورتہ والانجیل ورسولا الی بنی اسرآئیل انی قد جئتکم بایۃ من ربکم انی اخلق لکم من الطین کھیئۃ الطیر فانفخ فیہ فیکون طیراً باذن اللہ وابرئ الاکمہ والابرص واحی الموتیٰ باذن اللہ وانبئکم بما تاکلون وما تدخرون فی بیوتکم ان فی ذلک لایۃ لکم ان کنتم مؤمنین (آل عمران:۴۵تا۴۹)‘‘

پھر ملاحظہ ہو کہ اوّلین وآخرین کے روبرو قیامت کے دن بھی کس شاندار صفائی کے ساتھ اللہ تعالیٰ ان معجزات کا ذکر فرماتا ہے:

’’یوم یجمع اللہ الرسل فیقول ماذا اجبتم قالوا لاعلم لنا انک انت علام الغیوب اذ قال اللہ یعیسیٰ ابن مریم اذکر نعمتی علیک وعلی والدتک اذ ایدتک بروح القدس تکلم الناس فی المھد وکھلا واذ علمتک الکتاب والحکمۃ والتورٰۃ والانجیل واذتخلق من الطین کھیئۃ الطیر باذنی فتنفخ فیھا فتکون طیرابا ذنی وتبری الاکمہ ولابرص باذنی واذ تخرج الموتی باذنی واذ کففت بنی اسرائیل عنک اذ جئتھم بالبینات فقال الذین کفروا منھم ان ھٰذا الا سحر مبین (المائدۃ:۱۰۹،۱۱۰)‘‘

اب ایک طرف مرزاصاحب کا عقیدہ جو اوپر مذکور ہوا، سامنے رکھ لیا جائے اور ایک طرف قرآن کریم کو پیش نظر رکھا جائے تو صاف معلوم ہو جائے گا کہ مرزاصاحب نے معجزات مسیح کا انکار تحقیر اور استہزاء کر کے اور ان کو سحر قرار دے کر ان کفار یہود کے زمرہ میں اپنے آپ کو داخل کر لیا ہے جن کا ذکر اس آخری آیت مائدہ میں ہے کہ (اے مسیح) جب تو ان کے پاس معجزات لے کر گیا تو انہوں نے کہہ دیا کہ یہ صاف جادو ہے۔

مختار مدعا علیہ نے اپنے اس دعویٰ کے اثبات پر کہ کسی قوم کے غلط خیالات کی بناء پر کسی فرضی آدمی کو برا بھلا کہنا جائز ہے۔ جیسا کہ مرزاصاحب نے یسوع فرضی سے سلوک کیا ہے۔ دو دلیلیں قرآن کریم سے پیش کر کے یہ ظاہر کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے بھی ایسا یہ کیا ہے۔

لیکن مختار مذکور کی یہ سراسر غلط فہمی ہے یا اس نے عمداً مغالطہ کیا ہے۔ فرضی انسان پر طعن کرنے کی صورت تو یہ ہے کہ کسی قوم کے غلط خیالات کی بناء جو کسی انسان کی نسبت وہ رکھتے ہوں۔ ایک انسان کو ان سے متصف قرار دے کر جس کا وجود حقیقت میں نہیں ہے۔ پھر اس پر طعن کیا جائے۔ مثلاً عیسائیوں کا عقیدہ حضرت مسیح علیہ السلام کی نسبت الوہیت کا ہے۔ پس اگر کوئی شخص ان سے خطاب کرتا ہوا کہے کہ تمہارا مسیح چنیں چناں ہے اور دل میں اس باطل دعویٰ الوہیت کا مدعی کا ارادہ کرے اور شرط وغیرہ کا ذکر نہ کرے تو یہ ہوگا فرضی انسان پر طعن اور اگر وہ

اس شرط مفروضہ کو ذکر کر کے طعن کرے گو وہ نفس الامر میں محال ہو تو یہ اور صورت ہے۔ غرض کسی حکم کو شرط کے ساتھ مشروط کر کے ذکر کرنا اور چیز ہے اور بغیر شرط کے ذکر کرنا اور چیز ہے۔ پہلی کو یعنی ایک امر معدوم کو فرضی طور پر بطور شرط ذکر کر کے حکم لگانا تو اللہ تعالیٰ کے کلام میں پایا جاتا ہے۔ لیکن اس سے نہ ہمیں انکار نہ مختار مذکور کو فائدہ اور دوسری صورت کا ذکر قرآن میں نہیں نہ مختار نے اس کی مثال پیش کی ہے۔ پہلی آیت جو مختار نے پیش کی ہے اس میں صاف شرط موجود ہے۔ ''ومن یقل منھم (الآیۃ)'' یعنی جو دعویٰ الوہیت ان میں سے کرے گا اس کو سزائے جہنم ملے گی۔ یہ بالکل صاف بات ہے اور اس کی مثالیں قرآن میں بکثرت بلکہ عام محاورات میں آتی رہتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ''ولقد اوحی الیک والی الذین من قبلک لئن اشرکت لیحبطن عملک ولتکونن من الخاسرین (الزمر:۶۵)'' یعنی اے محمد ﷺ تیری طرف اور تجھ سے پہلے لوگوں کی طرف یہی وحی کی گئی ہے کہ اگر شرک کرو گے تو تمہارے عمل باطل ہو جائیں گے اور خاسرین سے ہو جاؤ گے۔ اب ظاہر ہے کہ اس میں کسی قوم کے خیالات کا لحاظ نہیں کیا اور نہ کسی مسلمان کا خیال ہے کہ آپ سے شرک سرزد ہوا، لیکن ایک محال کو بطور شرط ذکر کر کے حکم دیا گیا ہے۔ اسی طرح مختار مدعا علیہ کی پیش کردہ آیت۔ مختار صاحب کو لازم تھا کہ مرزا صاحب کے دستور العمل کی طرح بغیر ذکر شرط کے کوئی آیت پیش کرتے جو قطعاً ناممکن ہے۔ پس اس آیت کے ذکر میں انہوں نے دھوکا کھایا ہے یا دھوکا دیا ہے۔

دوسری آیت میں یہی غلطی مختار مدعا علیہ نے کی ہے۔ اس میں بھی شرط کا صریح ذکر ہے۔ ''ان اراد ان یھلک المسیح'' یعنی اگر مسیح کو ہلاک کرنا چاہے یعنی مارنا چاہے۔ لہٰذا یہ آیت مختار مذکور کے مدعیٰ کے مطابق نہیں ہے۔ علاوہ بر آں اس آیت کا ترجمہ بھی اس نے غلط کیا ہے اور اس میں اپنی طرف سے زیادتی کی ہے۔ ''یھلک'' کے معنی میں لکھا ہے: ''عذاب دے کر استیصال کرے۔'' عذاب دے کر کسی لفظ کا ترجمہ نہیں اور ہلاک کرنے سے مراد موت دینا ہے۔ جیسے دوسری جگہ یوسف علیہ السلام کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''حتیٰ اذا ھلک (مؤمن:۳۴)'' یعنی جس وقت وہ فوت ہوئے اس کے یہ معنی نہیں کہ وہ عذاب دیئے گئے اور ان کا استیصال ہوا۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ: ''ان امرء ھلک (نساء:۱۷۶)'' یعنی اگر کوئی آدم مرے تو اس کا ورثہ کا یہ حکم ہے۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ''قل ارأیتم ان اھلکنی اللہ ومن معی او رحمنا فمن یجیر الکافرین من عذاب الیم (ملک:۲۸)'' اے محمد ﷺ ان کافروں سے کہو بتلاؤ اگر اللہ تعالیٰ مجھ کو اور میرے ساتھیوں کو مار دیوے یا رحم کرے تو کافروں کو عذاب الیم سے کون بچائے گا۔ مختار مدعا علیہ کے معنی کے مطابق تو یہ مطلب ہوگا کہ مجھے اور صحابہ رضی اللہ عنہم کو عذاب کر کے استیصال کر دیوے۔ (معاذ اللہ) کیا آنحضرت ﷺ کی نسبت بھی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم الوہیت کا اعتقاد رکھتے تھے، جیسے عیسائی بہ نسبت عیسیٰ علیہ السلام کے۔

الغرض مختار مدعا علیہ نے جو کچھ قرآن کی طرف منسوب کیا ہے وہ سراسر مغالطہ ہے۔ علاوہ بر آں جب کہ ہم نے دلائل واضحہ اور حوالہ جات صریحہ سے فرضی یسوع کے افسانہ کو ہی باطل کر دیا ہے اور مختار مدعا علیہ اور مرزا صاحب کے عذرات باطلہ کا بکلی استیصال کر دیا ہے تو بالفرض اگر ان آیات سے یہ ثابت بھی ہو جاتا تو مدعا علیہ کو کچھ بھی مفید نہ ہوتا اور نہ ہمیں مضر۔ مختار مدعا علیہ نے ۴؍مارچ ۱۹۳۴ء کی بحث میں لکھا ہے کہ ایسی باتیں جو کسی کے منشاء اور تصریحات کے خلاف استنباط کر کے کسی کے کلام سے نکالی جائیں۔ وہ لازم مذہب ہوتی ہیں نہ کہ مذہب ان کی بناء پر تکفیر نہ کرے اور مختار مدعیہ نے امانت اور دیانت کے خلاف مرزا صاحب کے کلام سے غلط استنباط کر کے الزامات کے قائم کئے ہیں۔ پھر اس کی پانچ نظیریں پیش کی ہیں لیکن ان پانچویں نظائر میں امور ضروریہ کی نسبت ہم ثابت کر چکے ہیں کہ مختار مدعیہ کے استنباط بالکل صحیح اور درست ہیں اور بڑی صفائی سے یہ ثابت کیا گیا ہے کہ مرزا صاحب کا عقیدہ اکثر الزامات کے مطابق ہے اور بعض میں لزوم بیّن ہے اور ان کے متعلق مرزا صاحب کے اور مختار مدعا علیہ کے عذر بالکل ناکافی اور محض حیلہ جوئی پر مبنی ہیں۔ مختار مدعیہ کی

بحث اور اس جواب البحث میں غور کرنے سے یہ بات بخوبی ظاہر ہوسکتی ہے۔ گواہ مدعیہ نمبر۱ کا جواب جرح کہ ملزم کی دیگر تصانیف کو بھی دیکھ کر اس کا عندیہ معلوم کرنا چاہئے جو مختار مدعا علیہ نے حوالہ میں پیش کیا ہے وہ بھی کسی طرح ہمیں مضر نہیں۔ کیونکہ ہم نے تو کئی کتابوں سے حوالہ باہم موافق پیش کر کے الزام قائم کئے ہیں اور بالخصوص اس مسئلہ متنازعہ توہین عیسیٰ علیہ السلام میں تو مرزاصاحب کی تصریحات کا کافی ذخیرہ پیش کیا گیا ہے۔

مختار مدعا علیہ نے گزشتہ بزرگوں سے دو حوالے اس مضمون کے پیش کئے ہیں کہ صرف استنباط لازم مذہب نہیں ہوتا اور اس کی بناء پر کسی کی تکفیر جائز نہیں۔ ایک ابن حزم کی (کتاب الفصل ج۳ ص۲۵۰) اور دوسرا عبدالوہاب شعرانی کی (کتاب یواقیت والجواہر ج۲ ص۱۲۸) کا۔

اسی طرح گواہان مدعیہ کے حوالے پیش کئے ہیں۔ لیکن یہ حوالے کسی طرح اس کو مفید نہیں ہیں۔ چنانچہ ہم پہلے کہہ چکے ہیں کہ مرزاصاحب کی تکفیر اس قسم کے لزوم اور غلط استنباط پر ہرگز مبنی نہیں، بلکہ عموماً ان کی تصریحات پر ہے اور جہاں لزوم پر بناء ہے، وہاں لزوم غیر صریح نہیں ہے بلکہ بالکل بیّن اور بدیہی ہے جس پر مرزاصاحب کو علماء اسلام نے بار بار تنبیہ کی اور لزوم کفر کو اظہر من الشمس کر کے اتمام حجت کو احسن اور اکمل طور پر پورا کر دیا۔ لیکن مرزاصاحب نے محض ہٹ وعناد سے اس کو قبول نہ کیا، بلکہ اس پر بڑی سختی کے ساتھ اصرار کیا۔ مرزاصاحب پر جو اتمام حجت کیا گیا ہے وہ کسی طرح اس اتمام حجت سے کم نہیں جو کفار اور مشرکین پر کیا گیا۔ اگر فرق ہے تو یہ کہ جس طرح آنحضرت ﷺ کے ہم عصر کفار کو معجزات نبوت دیکھنے کا موقعہ حاصل تھا وہ یہاں پر موجود نہیں۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے اس کا بدل یہاں پر یہ رکھ دیا کہ مسلمانوں کے مقابل پر مرزاصاحب نے جو مباہلے وغیرہ کئے، اس میں ان کو ناکام ثابت کر کے معجزات کی مانند اپنی فعلی شہادت دے دی اور مرزاصاحب کو ان کی قطعی اور حتمی پیش گوئیوں میں ناکام رکھ کر ان کے کذب پر اپنی فعلی شہادت عیاں اور واضح کر دی۔ پس اس حالت میں نہ ابن حزم کا قول تکفیر مرزاصاحب کے خلاف ہے نہ یواقیت کا حوالہ نہ کسی اور کا۔

علاوہ برآں ابن حزم اپنی اس کتاب میں لکھتے ہیں کہ جو شخص کسی ایسی بات کا خلاف کرے جو اس کے نزدیک ثابت ہو چکا ہے۔ یہ کہ بات خدا نے کہی ہے یا اس سے رسول نے کہی ہے خواہ وہ آنحضرت ﷺ سے اجماع تواتر کی نقل یا خبر واحد کی نقل سے ثابت ہوئی تو پھر وہ شخص اس کے خلاف عقیدہ یا بدمذہبی وغیرہ اختیار کرتا ہے وہ کافر ہے۔ ’’**فوجب ان لایکفر الا بقول قاله الا ان یخاف (الی) تکفیر مخالفته**‘‘ (کتاب الفصل ج۳ ص۲۴۷)

اسی طرح مختار مدعا علیہ کے حوالے سے پہلے لکھتے ہیں کہ جو شخص آنحضرت ﷺ کے بعد حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام کے سواء کسی اور نبی کا قائل ہو وہ کافر ہے جس کے کفر میں دو آدمی بھی آپس میں مخالف نہیں ہوئے۔ (ج۳ ص۲۴۹) اور ان کے بعد محمد ﷺ (الی) **بکل هٰذا علی کل احد**) اور اسی صفحہ میں اس سے ماقبل لکھتے ہیں کہ اگر کوئی شخص جہالت یا تاویل سے کفریہ قول کہے۔ پھر اس پر اتمام حجت کر دیا جائے اور وہ عناد سے نہ مانے تو وہ کافر ہے۔ اس پر احکام مرتد جاری ہوں گے اسی طرح فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا قول: ’’**ولکن رسول الله وخاتم النّبیین**‘‘ اور آنحضرت ﷺ کا قول ’’**لانبی بعدی**‘‘ سن لینے کے بعد بھی کوئی مسلمان کس طرح آنحضرت ﷺ کے بعد کسی کو نبی ثابت کر سکتا ہے۔ سوائے عیسیٰ بن مریم علیہما السلام کے جن کو آخری زمانہ میں نازل ہونے کی احادیث صحیح مسندہ میں خبر دی ہے۔

’’**هٰذا ما سماعهم قول الله تعالیٰ ولکن الرسول الله وخاتم النّبیین (الیٰ) فی نزول عیسی ابن مریم فی آخر الزمان**‘‘ (کتاب الفصل ج۴ ص۱۸۰)

گواہان مدعیہ نے اپنے بیانوں میں ابن حزم کے حوالے پیش کئے جن کی بناء پر تکفیر مرزاصاحب قادیانی لازمی ہے اور اس سے حوالہ مختار مدعا علیہ کی حقیقت بھی ظاہر ہوگئی کہ اس سے مراد وہ لزوم ہے جس کا قائل کلمہ کفر کو علم نہ ہو۔ اگر علم ہو یا اس پر اتمام حجت ہو جائے تو

ایسا شخص ابن حزم کے نزدیک صاف کافر ہے جس پر مرتدین کے احکام جاری ہوں گے۔

مختار مدعا علیہ نے یواقیت سے جو حوالہ پیش کیا ہے، اس میں سخت مغالطہ اور خیانت سے کام لیا ہے۔ آدھی بات کو نقل کر دیا اور بقیہ کو جو اس کے مدعا اور منشاء کو باطل کرتی تھی چھوڑ دیا ہے اور ''لا تقربوا الصلوٰۃ'' کی مثال کو اپنے آپ پر منطبق کیا ہے۔ ملاحظہ ہو حوالہ مذکورہ: ''قال الکمال (والصحیح ان لازم المذہب لیس بمذہب وانہ لا یکفر بمجرد الزوم) لان اللزوم وغیر الالتزام وقد وقع فی المواقف ما یقتضی تقییدہ بما اذا لم یعلم ذو المذہب اللزوم وبان اللازم کفر فانہ قال من یلزمہ الکفر ولا یعلم بہ لیس بکافر انتہی ومفہومہ ان علمہ کفر لا لتزامہ ایاہ واللہ اعلم انتہی''

مختار صاحب نے صرف اتنی عبارت نقل کر دی جو بین القوسین ہے اور بقیہ کو ترک کر دیا۔ کیونکہ ان کے مطلب کے مخالف اور ہماری مؤید تھی اور اس سے یہ امر صاف ہو جاتا ہے کہ لزوم سے کفر نہ ہونے کا اور لازم مذہب کے مذہب نہ ہونے کا مطلب وہ نہیں ہے جس سے مختار صاحب کی غرض پوری ہو سکے۔ بلکہ مطلب یہ ہے اس لزوم سے کفر نہیں ہوتا جس لزوم کا اس صاحب قول ومذہب کو علم نہ ہو اور نہ اس لازم کے کفر ہونے کا علم ہو جس کا مطلب یہ ہے کہ اس بات کو جان لینے کے بعد وہ لزوم نہیں رہ جاتا، بلکہ التزام ہو جاتا ہے، جو بالاتفاق کفر ہے۔

مختار مدعا علیہ نے کمال کی، بقیہ عبارت چھوڑ دی جو اس نے علم عقائد کی مشہور کتاب مواقف کی پیش کی تھی جس سے اس کا مقصود یہ تھا کہ لزوم مجرد کا کفر نہ ہونا اسی وقت تک ہے، جب تک صاحب مذہب بے خبر ہو، لزوم کا علم ہو جانے کے بعد وہ التزام اور کفر بن جاتا ہے۔ پس ہم کہتے ہیں کہ مرزا صاحب پر جو الزامات قائم کئے گئے، وہ اسی قسم کے ہیں یا تو ان میں لزوم بیّن اور بدیہی ہے جس کا عدم علم قابل تسلیم نہیں یا اتمام حجت ہو کر مفید علم ہو کر التزام اور کفر ہو گئے ہیں اور اکثر وجوہ کفر تصریحات پر مبنی ہیں۔ لہٰذا مرزا صاحب بلا شک کافر اور دائرہ اسلام سے خارج ہیں۔ ان پر مرتدین کے احکام نافذ ہوں گے وبس جو اجراء احکام ارتداد کو مانع نہیں ہو سکتا۔

یواقیت والجواہر میں سے کمال کے قول میں سے مؤقف کی جس عبارت کو مختار مدعا علیہ نے بطور خیانت چھوڑ دیا تھا۔ وہی عبارت نبراس کے تعلیقات یعنی حواشی میں موجود ہے۔ نبراس میں ہے۔ ''البحث الاوّل انہ تقرر فی الشرع ان التزام الکفر کفر لا لزومہ'' یعنی التزام کفر کا کفر ہے نہ کہ لزوم۔ (نبراس ص ۱۹۹)

اس پر حاشیہ نمبر ۱ میں ہے: ''کما صرح فی المواقف حیث قال من یلزمہ الکفر ولا یعلم بہ فلیس بکافر'' اس کا مطلب حوالہ یواقیت میں گزر چکا ہے۔

نبراس میں اس بحث کا جواب دو طرح دیا گیا ہے۔ چنانچہ لکھا ہے: ''اجیب بوجہین احدہما ان النصاریٰ التزموہ بعد ماظہر بہم لزومہ'' یعنی نصاریٰ کے لزوم کفر کی جو بحث تھی کہ لزوم کفر تو عندالشرع کفر نہیں ہوتا۔ پھر وہ کافر کیونکر ہو گئے۔ اس کا جواب دو طرح پر ہے۔ ایک تو یہ کہ لزوم کفر کے ظہور ہو جانے کے بعد نصاریٰ نے اس کا التزام کر لیا ہے۔ اس پر تعلیقات کے نمبر میں ہے ''ولزوم الشیٔ مع العلم بہ التزام والتزام الکفر مع العلم بالکفر کفر'' یعنی جب لزوم کا علم ہو جائے تو وہ التزام ہو جاتا ہے اور التزام کفر مع العلم کفر ہے۔

نبراس کا دوسرا جواب: ''وثانیہا ان اللزوم البدیہی فی حکم الالتزام'' یعنی ایسا لزوم جو بالکل صاف اور بدیہی ہو التزام کے حکم میں داخل ہے۔

پس ان حوالہ جات علم کلام سے جو ہم نے پیش کئے ہیں اور مختار مدعا علیہ نے پیش کئے ہیں یہ ثابت ہو گیا کہ وہ لزوم کفر تو کفر نہیں ہوتا جس کا پتہ صاحب مذہب کو نہ ہو۔ اگر اس کو علم ہو یا اس پر لزوم کفر کو ظاہر کر دیا جائے اور وہ ہٹ دھرمی اور عناد سے قبول نہ کرے یا لزوم

ہی بالکل صاف واضح اور بدیہی ہو تو ان صورتوں میں لزوم نہ رہے گا۔ بلکہ التزام ہو جائے گا اور التزام کفر بالاتفاق کفر ہوتا ہے۔ پس مرزا صاحب بناء بر بیانات گواہان مدعیہ بحث ومختار مدعیہ اور اس جواب البحث کے کفر کا التزام کرنے والے تھے۔ لہٰذا وہ بالاتفاق کافر ہیں۔ ان پر اور ان کے متبعین پر ارتداد کے احکام جاری ہوں گے۔

## صحابہ کرامؓ

گواہان ومختار مدعیہ نے مرزا صاحب کے متعلق خود مرزا صاحب کے حوالہ جات ازالہ، اعجاز احمدی سے یہ ثابت کیا تھا کہ مرزا صاحب نے حضرت ابو ہریرہؓ کو غبی وحضرت عبداللہ بن مسعودؓ کو معمولی انسان جوش میں آ کر غلطی کھانے والا کہا ہے۔ اس کے جواب میں مختار مدعا علیہ نے جو کچھ کہا اس کا خلاصہ حسب ذیل ہے:

۱...... مرزا صاحب نے سر الخلافہ میں صحابہ کی تعریف کی ہے۔

۲...... یہ الفاظ توہین کی نیت سے نہیں کہے۔

۳...... غبی کا معنی نہ سمجھنے والا ہے۔ نور الانوار واصول شاشی، فتاویٰ رشیدیہ، تفسیر مظہری کے حوالہ جات سے ثابت ہے کہ حضرت ابو ہریرہؓ مجتہد صحابہ میں نہیں تھے۔

۴...... مرزا صاحب نے ابن مسعودؓ کو معمولی انسان، نبیوں کے مقابلہ میں کہا ہے۔

۵...... حضرت عباسؓ نے حضرت علیؓ کے حق میں سخت الفاظ استعمال کئے۔

__الجواب:__ میں ہر ایک نمبر کا جواب ترتیب بالا کے مطابق عرض کرتا ہوں۔

۱...... مختار مدعا علیہ نے ان توہینی الفاظ کو بحق صحابہ استعمال کرنا تسلیم کر لیا۔ مگر اس کو تعریفی کلمات کی وجہ سے دفع کرنا چاہا جو دو وجہ سے غلط ہے۔

(وجہ اوّل) گویا مرزا صاحب نے حضرات صحابہ کی توہین اور تعریف دونوں کا ارتکاب کیا ہے جو ہمارے قائم کردہ الزام کے خلاف نہیں۔ کیونکہ نفسی توہین تو ثابت ہوگئی جو ہمارا مدعا تھا۔ باقی رہا یہ کہ مرزا صاحب نے کہیں صحابہ کی تعریف بھی کی ہے۔ اوّلاً نہ ہمیں اس سے کوئی انکار ہے اور نہ یہ ہمارے مدعاء کے خلاف ہے۔ ثانیاً صحابہ جیسی واجب الاحترام جماعت کی شان میں گستاخی اور توہین کرنا پھر ان کی مدح سرائی بھی کرنا۔ ایک پکے مسلمان کی شان سے ایسا ہی بعید ہے۔ جیسا محض تحقیر وتوہین کرنا۔ مثلاً ایک بیٹا اپنے باپ کی تعریف میں ہزاروں جملے اور سینکڑوں قصیدے بھی کہتا ہے۔ مگر ساتھ کبھی کبھی والد کے سامنے گستاخی بھی کرتا ہے اور قبیح کلمات بھی بولتا ہے تو کیا وہ بیٹا عقوق والد کی زد میں نہیں آئے گا یا ''لا تقل لہما اف'' کا وعید اس کو شامل نہیں ہوگا۔ یقیناً ہوگا۔ علی ہذا مرزا صاحب باوجود صحابہ کی تعریف کرنے کے بھی ان توہینی کلمات کی وجہ سے توہین صحابہ کے مرتکب ہیں۔

(وجہ ثانی) توہین صحابہ اور تعریف صحابہ جمع کرنا گویا کہ حق کے ساتھ باطل کو ملانا ہے جس کو مرزا صاحب دجال کی علامت بتلاتے ہیں۔ چنانچہ (تبلیغ رسالت ج۳ ص۲۰۰، مجموعہ اشتہارات ج۲ ص۱۳۱) میں لکھتے ہیں کہ: ''دجال کے لئے ضروری ہے کہ کسی نبی برحق کا تابع ہو کر پھر سچ کے ساتھ باطل کو ملاوے۔''

۲...... مختار مدعا علیہ نے تسلیم کر لیا کہ حضرت ابو ہریرہؓ کو غبی اور حضرت ابن مسعودؓ کو معمولی انسان کہنا اگرچہ توہینی الفاظ ہیں۔ مگر مرزا صاحب نے توہین کی نیت سے نہیں کہے۔ باقی رہا یہ امر یہ کہ مرزا صاحب نے یہ کلمات کس نیت سے کہے۔ اس پر مرزا صاحب کی تصریح کی ضرورت تھی جو مختار مدعا علیہ نے پیش نہیں کی۔ مختار مدعا علیہ مرزا صاحب کی نیت جو امر مخفی اور اسرار قلب سے ہے کا مبین نہیں

ہوسکتا۔ خصوصاً احکام شریعت کی مدار ظاہر پر ہے۔ نیز یہ الفاظ مقام مدح میں استعمال نہیں کئے۔ بلکہ ان حضرات کے اقوال اور آراء کی تردید میں استعمال کئے ہیں جو توہین وتحقیر کا زبردست قرینہ ہے۔

۳...... ایک ایسا جلیل القدر صحابی جس کی مرویات تمام صحابہ سے زیادہ ہوں۔ اس کو بات کا نہ سمجھنے والا کہنا کس قدر گستاخی اور جرأت ہے۔ بہرحال غبی توہین کا لفظ ہے جو مقام مدح میں کبھی استعمال نہیں ہوتا۔ تمام اسلامی لٹریچر کا مطالعہ کیا جائے۔ کسی مقتداء مہتداء کے متعلق اس لفظ کی استعمال نہیں ملے گی۔ کیونکہ غباوت کے مقابلہ میں فطانت ہے جس کے معنی زیرکی کے ہیں جو مقام مدح میں ہے کتب لغت عربی کے حوالہ جات پیش کرتا ہوں۔ (منتہی الارب ج۳ ص۲۹۷) میں ہے۔ ''غبی کم فہم الغروق'' (ص۲۲۷) میں ہے۔ ''الغبی، الجاھل'' (مصباح ص۴۴) میں ہے۔ ''غبی عن الخبر ای جھلہ''

ان حوالہ جات سے واضح ہے کہ غبی کا معنی کم فہم اور جاہل ہے۔ پس ایک جلیل القدر صحابی کو کم فہم اور جاہل کہنا کس قدر توہین اور گستاخی ہے۔

کیا مختار مدعا علیہ اس لفظ کا استعمال خلیفہ اوّل اور ثانی کے لئے جائز سمجھتا ہے۔ جب وہ مرزاصاحب کے صحابہ کے حق میں اس لفظ کے استعمال کو ناجائز اور موجب توہین سمجھتا ہے تو پھر حضورﷺ کے صحابہ کے حق میں یہ لفظ کیوں توہین نہیں ہوگا۔

مختار مدعا علیہ نے محض طول دینے کے لئے نہایت بے محل نورالانوار اور اصول شاشی وفتاویٰ رشیدیہ وتفسیر مظہری کے حوالہ جات پیش کئے ہیں۔ حالانکہ ان حوالہ جات میں حضرت ابوہریرہؓ کے متعلق غبی کا لفظ قطعاً استعمال نہیں ہوا اور نہ اس کا کوئی ادنیٰ شائبہ ملتا ہے۔ ان حوالہ جات میں صرف اس قدر ذکر ہے کہ حضرت ابوہریرہؓ مجتہد نہیں تھے۔ اصول شاشی کے الفاظ ہیں: ''القسم الثانی من الرواۃ ھم المعروفون بالحفظ والعدالۃ دون الاجتھاد والفتویٰ کابی ھریرۃ وانس بن مالک'' (اصول شاشی ص۸۲) علیٰ ہذا! فتاویٰ رشیدیہ وتفسیر مظہری کے حوالہ جات کا بھی منشاء یہی ہے۔ نورالانوار کی دون الفقہ کا معنی بھی دون الاجتہاد ہے۔ حضرت ابوہریرہ کا متقدم فی الاجتہاد نہ ہونا ان کی کوئی توہین نہیں، مجتہد ہونا یا نہ ہونا متنازعہ فیہ نہیں۔ بحث لفظ غبی کے متعلق ہے جس کے معنی کم فہم اور جاہل کے ہیں۔ مختار مدعا علیہ کے پیش کردہ حوالہ جات میں غبی کا لفظ قطعاً نہیں۔ سو یہ الزام بھی لاجواب رہا۔ میں عدالت کی توجہ مختار مدعا علیہ کے طریق استدلال کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں جو اس نے بے محل حوالہ جات کو پیش کرنے کے بعد لکھا ہے: ''یہ سب لوگ کافر اور مرتد تھے اور اپنے ان اقوال سے صحابہ کی توہین کے مرتکب ہوئے تھے یا نہیں۔''

۴...... بے شک حضرت ابن مسعودؓ نبی اور رسول نہیں۔ کیا جو شخص رسول اور نبی نہ ہو، اس کی توہین توہین نہیں کہلاتی اور کیا اس کو معمولی انسان کہہ کر اپنی رائے کے مقابل اس کی رائے کو خطاء وار اور جوش نفسانی کا اثر کہہ کر ٹھکرانا، حضرات صحابہ کے جلالت شان اور علوّ مرتبت کے منافی نہیں۔ مختار مدعا علیہ کے خلیفہ اوّل اور ثانی جو اس کے نزدیک بھی نبی نہیں۔ کیا ان کو معمولی انسان جوش نفسانی میں آکر خطاء وار کہنا، اس کے نزدیک ان کی توہین ہے یا نہ۔ نیز ازالہ اوہام کی جو عبارت پیش کی گئی ہے۔ اس میں مرزاصاحب حضرت ابن مسعود کے قول کی تردید کر رہے ہیں۔ بناء تردید یہ ہے کہ حضرت ابن مسعود نے جو مباہلہ کی درخواست کی تھی۔ مرزاصاحب کے نزدیک اس میں سخت خطاء کی اور خطاء کا موجب محض جوش تھا اور ابن مسعود سے ایسا ہونا کوئی تعجب کی بات نہیں۔ کیونکہ وہ معمولی انسان تھا، نبی اور رسول نہیں تھا۔ ملاحظہ ہو اصل عبارت (ازالہ اوہام ج۲ ص۵۹۶، خزائن ج۳ ص۴۲۲) مقام تردید میں ان الفاظ کا استعمال سواء توہین وتحقیر کے اور کوئی مفہوم نہیں رکھتا۔ رسول خداﷺ نے صحابہ کو نجوم ہدایت واہتداء قرار دیتے ہوئے فرمایا: ''اصحابی کالنجوم بایھم اقتدیتم اھتدیتم'' اور ان کی اقتداء کا حکم دیا۔ اگر ان کو یونہی معمولی انسان سمجھ کر ان کا تخطیہ کیا جائے اور اپنی رائے کے مقابلہ میں ابن مسعودؓ جیسے جلیل القدر مجتہد

صحابی کے قول کوٹھکرایا جائے تو اسلامی اصول روایت ونقل پر کس قدر سنگین زد ہے اور اس میں شان صحابہ کی کس قدر توہین۔ ’’اعاذنا اللہ تعالیٰ من ذالک‘‘

قابل غور امر یہ ہے علماء اصول نے حضرات صحابہؓ کے دوقسم مقرر کئے ہیں، ایک متقدم فی الاجتہاد جیسے حضرت ابن مسعودؓ، دوسرے غیر متقدم فی الاجتہاد جیسے حضرت ابی ہریرہؓ۔ مرزاصاحب نے دونوں قسم کے صحابہ پر ہاتھ صاف کیا ہے۔ ابوہریرہؓ کو غبی کہا اور ابن مسعودؓ کو جوش میں خطاء کرنے والا بتایا۔

مختار مدعاعلیہ نے حضرت عباسؓ اور حضرت علیؓ کے طولانی قصہ کو بیان کر کے مرزاصاحب کے اس قائم کردہ اصول کی اور بھی توثیق کر دی ہے۔ حالانکہ کتب عقائد میں تصریح کر دی گئی ہے کہ مشاجرات صحابہ پر سکوت کرنا چاہئے اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ’’اللہ اللہ فی اصحابی‘‘ یعنی میرے صحابہ پر نکتہ چینی کرنے کے معاملہ میں خدا سے ڈرنا اور سب سے زیادہ قابل غور یہ امر ہے کہ حضرات صحابہؓ کا تخطیہ مرزاصاحب اس لئے کر رہے ہیں کہ حضرت ابن مسعودؓ اور حضرت ابوہریرہؓ کا قول مرزاصاحب کی رائے کے خلاف ہے۔ مرزاصاحب کی رائے حق ہے۔ اسی کے مقابل حضرت ابوہریرہؓ کا قول غلط ہے۔ کیونکہ وہ غبی کم فہم اور جاہل ہے اور مرزاصاحب کی رائے صحیح ہے اور حضرت ابن مسعودؓ کا قول خطاء ہے۔ کیونکہ وہ ایک معمولی انسان ہے۔ اس نے جوش میں آ کر خطا کی ہے۔

باقی رہا یہ امر کہ مختار مدعاعلیہ نے مرزاصاحب کے ان الفاظ ’’نبی ورسول نہ تھا‘‘ کی آڑ لے کر مرزاصاحب کو توہین انبیاء کے الزام سے بچانا چاہا ہے۔ یہ بھی اس کا مغالطہ ہے۔ کیونکہ صحابہ نجوم اہتداء اور واجب الاقتداء بنص صریح ہیں۔ افراد امت کے لئے ان کا احترام واجب اور ان کی اقتداء لازم ہے۔ پس ان کا نبی یا رسول نہ ہونا، ان کے استخفاف اور تحقیر کا متقاضی نہیں۔ اگر ایک زندیق کسی نبی کا استخفاف کرتے ہوئے یہ کہہ دے کہ آخر یہ بھی عام انسانوں کی طرح انسان ہیں خدا تو نہیں۔ کیا یہ آڑ اس کو کوئی فائدہ دے سکتی ہے؟ ہرگز نہیں۔ بحمداللہ! حضرت ابن مسعودؓ کی توہین کا الزام بھی لاجواب رہا۔ پھر براہین قاطعہ کا بے محل حوالہ دے کر بے سود بحث کو لمبا کیا ہے اور اس کی جسارت سے غلط استنباط کر کے حضور ﷺ کی ذات پاک کی نسبت جگر سوز اور روح فرسا الفاظ استعمال کئے ہیں۔ پھر نتیجہ ان الفاظ میں نکالا جب مختار مدعاعلیہ کے نزدیک ایسی باتوں سے بھی کفروارتداد لازم آتا ہے تو ان کا یہ فتویٰ اس زمانہ کے لوگوں تک نہیں، بلکہ بڑوں بڑوں تک پہنچے گا۔ مختار مدعاعلیہ کے اس بہانے نتیجہ کے جواب میں اس کے پیشواؤں کے کفریات صریحہ اور توہین انبیاء وصالحین کی ایک مکمل فہرست پیش کر دیتا اور ایسے ہی الفاظ بھی استعمال کرتا جیسے کہ مختار مدعاعلیہ نے استعمال کئے ہیں۔ مگر عدالت کے وقت کا احترام کرتے ہوئے مختار مدعاعلیہ کے طریق استدلال کی طرف توجہ دلانے پر اکتفاء کرتا ہوں۔

## توہین صحابہ کا الزام اور اس کا جواب

مختار مدعیہ: میں نے خطبہ الہامیہ کی یہ عبارت ’’جو شخص میری جماعت میں داخل ہوا وہ درحقیقت میرے سردار خیرالمرسلین کے صحابہ میں داخل ہوا۔‘‘ (ص۱۷۱، خزائن ج۱۶ ص۲۵۹،۲۶۰) پیش کر کے ثابت کیا تھا کہ مرزاصاحب نے تمام صحابہ کی توہین کی ہے۔ مختار مدعاعلیہ نے اس کے جواب میں وجوہ ذیل بیان کئے ہیں۔

۱...... اکابر اسلام نے امام مہدی کو حضور ﷺ کی روحانیت کا بروز مانا ہے۔ اس بروز روحانیت کے لحاظ سے امام مہدی کے اصحاب کو صحابہ میں داخل ہونے والا کہنا موجب توہین نہیں ہوسکتا۔

الجواب: یہ محض افتراء اور بہتان ہے۔ امام مہدی کا حضور ﷺ کی روحانیت کا بروز ہونا نہ قرآن میں ہے، نہ احادیث سے ثابت ہے، نہ ائمہ اہل بیت کا قول ہے، نہ ائمہ مجتہدین سے مصرح ہے، نہ سلف صالحین سے مروی ہے۔ یہی وجہ کہ مختار مدعاعلیہ اپنے استدلال کی تائید میں

ضعیف سے ضعیف بھی ایک قول نہیں پیش کر سکا اور یہ عقیدہ بلحاظ حقائق شرعیہ بھی صحیح نہیں۔ کیونکہ یہ اجماعی عقیدہ سے ''افضل البشر بعد الانبیاء ابوبکر ثم عمر ثم عثمان ثم علی ''امام مہدی سے باجماع امت حضرت ابوبکر بلکہ تمام صحابہ افضل ہیں۔ اگر امام مہدی کے اصحاب رسول اللہ ﷺ کے صحابہ میں داخل ہو سکتے تو حضرات صحابہ کے ملنے اور دیکھنے والے بطریق اولیٰ صحابہ میں شامل ہوں گے۔

مگر غالباً مرزاصاحب اور ان کی امت یہ فضیلت اپنی ہی جماعت کے لئے مختص سمجھتے ہیں اور بفرض محال امام مہدی کے اصحاب کے لئے یہ حکم مجازاً اگر ثابت ہو بھی جائے تو مرزاصاحب امام مہدی نہیں بن سکتے۔ کیونکہ اوّلاً تو مرزاصاحب امام مہدی کی آمد کی تمام احادیث کو ضعیف موضوع ناقابل حجۃ قرار دے چکے ہیں۔ چنانچہ (حقیقت المہدی ص۲۰، خزائن ج۱۴ ص۴۵۵) کو ملاحظہ کیا جائے۔

ثانیاً یہ کہ صحیح (براہین احمدیہ حصہ پنجم ص۱۸۵، خزائن ج۲۱ ص۳۵۶) میں مرزاصاحب اس مہدی ہونے سے انکار کر چکے ہیں جس کے متعلق احادیث میں ذکر ہے۔ اس کا نام (محمد) اور اس کے والد کا نام حضور ﷺ کے نام مبارک اور آپ کے والد کے نام پر اور آل فاطمہ پر ہوگا۔

الغرض اوّلاً: بروز کا عقیدہ اسلامی عقیدہ نہیں۔ ثانیاً: امام مہدی کا حضور ﷺ کا بروز ہونا غیر صحیح اور مفاسد عدیدہ کا مستلزم ہے۔ ثالثاً: مرزاصاحب کا مہدی ہونا بالکل غلط ہے۔ کیونکہ مرزاصاحب کے نزدیک امام مہدی کے متعلق جس قدر احادیث ہیں سب ضعیف اور موضوع ہیں اور قابل حجت نہیں۔ رابعاً: احادیث سے جس مہدی کا جن صفات سے ثابت ہونا ہے۔ اس سے مرزاصاحب انکار صریح کر چکے ہیں۔ لہٰذا بروز کی توجیہ سے مرزاصاحب کے اصحاب کا صحابہ میں داخل ہونا صحیح نہ ہوا اور بدستور توہین صحابہ کا الزام باقی رہا۔ اگر بفرض محال بروز کا مسئلہ مان ہی لیا جائے تو اگر امام مہدی کے اصحاب بروز کے طور پر صحابہ میں داخل ہو سکتے ہیں تو پھر امام مہدی بھی بروز کے طور پر محمد رسول اللہ ﷺ ہو سکتے ہیں اور پھر امام مہدی کو خاتم المرسلین، سید الاوّلین والآخرین، رحمۃ للعالمین، صاحب شفاعت کبریٰ، صاحب معراج، سید ولد آدم، مخاطب ''لولاک لما خلقت الافلاک ''نبی صاحب شریعت، ناسخ للشرائع، صاحب قرآن، ناسخ کتب سماویہ اور مبعوث الی الناس کافۃ، مہبط نزول جبرئیل علیہ السلام کو ماننا پڑے گا۔ العیاذ باللہ اور کوئی بعید نہیں کہ مرزاصاحب کے متبعین اسی توجیہ باطل کی وجہ سے مرزاصاحب کو ان صفات سے متصف سمجھتے ہوں اور مرزاصاحب کے الہامات اور دعاوی بھی اسی قسم کے ہیں۔

۲...... مرزاصاحب کے قول: ''ومن دخله فی جماعتی ...... الخ!'' کو حدیث: ''علماء امتی کانبیاء بنی اسرائیل'' پر قیاس کر کے مشابہات اور مماثلت لینا بوجوہ ذیل باطل ہے۔

الف...... حدیث میں کاف حرف تشبیہ موجود ہے جو مشابہت اور مماثلت کے لئے موضوع ہے۔ مرزاصاحب کے قول میں حرف تشبیہ نہیں۔

ب...... حدیث میں علماء امت کو انبیاء بنی اسرائیل سے تشبیہ دی گئی ہے۔ علماء کو حضرات انبیاء کرام کے زمرہ میں داخل نہیں کیا گیا اور مرزاصاحب کے قول میں تصریح موجود ہے کہ جو میری جماعت میں داخل ہوا وہ حضور ﷺ کے صحابہ میں داخل ہوگیا۔ یعنی صحابی ہوگیا۔ مثلاً ایک طالب علم جب ہائی سکول بہاولپور میں داخل ہوگیا تو درحقیقت ہائی سکول کا طالب علم ہوگیا۔ نہ یہ کہ ہائی سکول کے طالب علموں سے اس کو کوئی مشابہت ہوگئی اور درحقیقت وہ ہائی سکول کا طالب علم نہیں ہوا۔

ج...... خود مرزاصاحب کی تصریح موجود ہے کہ صحابہ کے بعض خواص خصوصی ایسے ہیں جن کو مرزاصاحب نہیں پا سکتے۔ پھر ان کے متبعین مریدوں کی کیا شمار چنانچہ (ازالہ اوہام ص۱۳۸، خزائن ج۳ ص۱۷۰) میں ہے: ''اور ہم اس بات پر بھی ایمان رکھتے ہیں کہ جو راست باز اور کامل لوگ شرف صحبت آنحضرت ﷺ سے مشرف ہو کر بطور ظل کے واقع ہیں اور ان میں بعض ایسے جزوی فضائل ہیں جو اب ہمیں کسی طرح سے حاصل نہیں ہو سکتے۔''

مولانا شیخ الہند صاحب کے شعر کا جواب حسام الحرمین وغیرہ کے حوالہ جات کے جواب میں دیا جائے گا۔

## توہین اہل بیت رضی اللہ عنہم

مختار مدعا علیہ سے توہین اہل بیت کے الزام کا جواب بجز اس کے اور کچھ نہیں ہوسکا کہ اس نے نہایت بے دردی سے آقائے دوجہاں، سرورانس وجان کی ذات والاصفات پر توہین کشتی نوح کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر اس تعلیم کو بحکم خداوندی کشتی نوح قرار دینے سے اہل بیت کی توہین لازم آتی ہے تو اہل بیت کو کشتی نوح قرار دینے اہل کشتی نوح کی تو ضرور توہین لازم آئے گی۔ پس مختار مدعیہ کے طرز استدلال سے ہوسکتا ہے کہ اس کا یہ فتویٰ کہاں جا کر لگتا ہے۔

حضور سرور عالم ﷺ نے اپنی اہل بیت کو کشتی نوح قرار دیتے ہوئے فرمایا کہ: ''**الا ان مثل اھل بیتی کسفینة نوح من رکبھا نجاومن تخلف ھلک** '' (رواہ احمد) مرزا صاحب نے اپنی تعلیم کو کشتی نوح قرار دیا اور امت کی نجات کو اس سے وابستہ کر دیا۔ جس کی وجہ سے مرزا صاحب پر اعتراض کیا گیا کہ مرزا صاحب خلاف تعلیم حضور ﷺ اپنی تعلیم کو کشی نجات قرار دیتے ہیں یا اس کے مقابل اپنی امت کے لئے دوسری کشتی نوح بتارہے ہیں۔ بہرنہج اہل بیت کی توہین کی ہے۔ مختار مدعا علیہ نے حضور ﷺ پر وہی الزام قائم کر دیا کہ حضور نے اپنے اہل بیت کو کشتی نوح قرار دے کر اصل کشتی نوح کی توہین کی ہے۔

__الجواب:__ حضور ﷺ صاحب شریعت نبی ہیں اور کون ومکان کے مالک ہیں۔ حضور جس چیز کو ذریعہ نجات قرار دیں اور جس کو تفصیل وتشریح قرار دیں مجاز ومختار ہیں۔ صاحب شریعت کا معنی بھی یہی ہے کہ جدید احکام وشرائع لا سکتے ہیں۔ مگر مرزا صاحب ان کی جماعت کے زعم میں بھی صاحب شریعت نبی نہیں بلکہ وہ تمام احکام وشرائع میں حضور ﷺ کے تابع ہیں۔ پس خود مرزا صاحب اور اس کی جماعت کو اپنے اختراعی دعویٰ کی بنیاد پر بھی حضور ﷺ کی مقرر کردہ کشتی نجات کے خلاف کوئی اور کشتی نجات بنانے کا کوئی حق نہیں تھا۔ پس جب کہ انہوں نے اپنے ادّعا منصب سے تجاوز کر کے تعلیم نبویہ کے خلاف کشتی نجات اپنی تعلیم کو قرار دیا تو لابد اہل بیت کی توہین کا ارتکاب کیا۔ جس کا کوئی جواب مختار مدعا علیہ سے نہ بن آیا تو حضور ﷺ پر اصل کشتی نوح کی توہین کا الزام ٹھہرا کر مسلمانوں کے قلوب کو مجروح کیا اور عدالت میں اسلام کی دشمنی اور حضور ﷺ کے جھوٹے دعویٰ غلامی کی حقیقت کو ظاہر کر دیا۔

## امام حسین رضی اللہ عنہ کی توہین

مختار مدعا علیہ نے اس الزام واقعی کو دفع کرنے میں نہایت مغالطہ دہی اور فریب کاری سے کام لیا ہے اور چند غلط توجیہات کی ہیں۔

۱...... اعجاز احمدی میں ان غالی شیعوں سے خطاب ہے۔

__الجواب:__ یہ سراسر کذب اور دروغ ہے کہ اعجاز احمدی درحقیقت مناظرہ میں جو مولوی سرور شاہ صاحب کو مولانا ثناء اللہ صاحب امرتسری سے مقابلہ میں شکست فاش نصیب ہوئی۔ اس کو چھپانے کے لئے مرزا صاحب نے یہ رسالہ لکھا ہے (اعجاز احمدی ص۱، خزائن ج۱۹ص۱۰۷) میں موجود ہے۔ ''**ایھا الناظرون ارشدکم اللہ** '' آپ صاحبان پر واضح ہو کہ اس مضمون کے لکھنے کی اس لئے ضرورت پیش آئی کہ موضع مدضلع امرتسر میں باصرار منشی محمد یوسف صاحب کے میرے دو مخلص دوست ایک مباحثہ میں گئے۔ ہماری طرف سے مولوی محمد سرور صاحب مقرر ہوئے اور فریق ثانی نے مولوی ثناء اللہ صاحب کو امرتسر سے طلب کر لیا۔'' مرزا صاحب کی تصریح ناطق کہ اعجاز احمدی مولوی ثناء اللہ صاحب امرتسری کے بالمقابل لکھی گئی ہے۔ ہاں! ٹائٹل پیج پر مولوی ثناء اللہ صاحب، حضرت قبلہ پیر مہر علی شاہ صاحب، مولانا اصغر علی روحی صاحب کے علاوہ مولوی علی حائری صاحب شیعہ کا نام بھی ہے۔ مگر تالیف وغیرہ کا سبب شیعہ نہیں۔ نیز جس شعر سے مرزا صاحب کے دعویٰ افضلیت سے توہین ثابت کی گئی ہے۔ اس شعر میں قطعاً مولوی علی الحائری صاحب مخاطب نہیں۔ کیونکہ اشعار کے حاشیہ پر علماء مخاطبین کے نام

علیحدہ علیحدہ لکھے گئے ہیں۔ تفصیل کا شعر ۴۳واں شعر ہے اور علی الحائری سے خطاب ۳۱۴ سے شروع ہوتا ہے۔

۲...... شیعہ کے مقابلہ میں جو کچھ لکھا گیا ہو اس کو موجب توہین قرار دینا درست نہیں۔

الجواب: پاک اور مقدس ہستیوں کے حق میں گستاخی اور سخت کلامی کرنا خواہ کسی کے مقابلہ میں ہو توہین ہے۔ حقائق اشیاء اعتباری نہیں حقائق واقعیہ ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ مختار مدعا علیہ نے مرزا صاحب کے لٹریچر کو بھی اچھی طرح نہیں دیکھا۔ ورنہ ایسا غلط جواب نہ دیتا۔ ملاحظہ ہو۔ (تبلیغ الحق اشتہار مرزا صاحب مجموعہ اشتہارات ج سوم ص ۵۴۵)

۳...... مولانا محمد قاسم صاحب دیوبندی نے شیعہ کے مقابلہ میں ایسے الفاظ استعمال کئے۔

الجواب: کلام اس میں ہے کہ مرزا صاحب نے اپنے تئیں امام حسین سے بہتر قرار دے کر امام حسین کی توہین کی ہے۔ مولانا محمد قاسم صاحب نے اپنی فضیلت کا کوئی دعویٰ نہیں کیا وہ ایک الزامی جوابات ہیں۔ جو اپنے قرائن سیاق وسباق وطرز استدلال وطریق بیان سے واضح طور پر دال ہیں کہ شیعہ مرویہ کے روایت واقوال کو بطور الزام پیش کیا گیا ہے نیز مولوی محمد قاسم صاحب احاد امت میں سے ایک ہیں نہ مدعی نبوت ہیں نہ مدعی مہدیت ان کے طریق استدلال پر مرزا صاحب کی غلطیوں کو قیاس کرنا کس قدر مضحکہ خیز ہے۔

۴...... رہا فضیلت کا اعتراض تو ایک کی فضیلت سے دوسرے کی توہین کا نتیجہ نکالنا کسی طرح درست نہیں۔

الجواب: بے شک مفضول پر افضل کی فضیلت کا اظہار موجب توہین نہیں ہوتا۔ اسی اصول پر ان احادیث کا جواب ہے جن میں حضرت سرور کائنات ﷺ کی فضیلت تمام انبیاء پر بیان کی گئی ہے۔ ہاں! اگر مفضول کو افضل پر فضیلت دی جائے تو لامحالہ توہین ہے۔ مثلاً اگر کوئی شخص یہ کہہ دے کہ حضرت سید عبدالقادر جیلانی حضرت ابوبکرؓ سے افضل ہیں تو لابد اس میں حضرت ابوبکرؓ کی توہین ہے۔ کیونکہ مسلمانوں کا اجماعی عقیدہ ہے اور احادیث صحاح سے ثابت ہے کہ امت محمدیہ میں سب سے افضل حضرت ابوبکرؓ ہیں۔ پھر یہ ایک اسلامی اصول ہے کہ غیر اصحابی صحابی کی فضیلت کو نہیں پاسکتا تو مرزا صاحب جو کہ غیر صحابی ہیں حضرت امام حسینؓ سے جو کہ قطعی بہشتی، سید شباب اہل الجنۃ اور صحابی ہیں۔ کسی طرح فضیلت پا سکتے ہیں۔ خصوصاً جب کہ مرزا صاحب بوجہ ادّعاء نبوت بحکم نبوی ''سیکون فی امتی ثلاثون کذابون دجالون کلهم یزعم انه نبی الله وانا خاتم النّبیین ولا نبی بعدی'' خارج از دائرہ اسلام ہیں۔

۵...... امام مہدی کے متعلق تو تمام اکابر علماء نے تسلیم کیا ہے کہ وہ صحابہ بلکہ بعض انبیاء سے بھی افضل ہیں۔ جیسے کہ نواب صدیق حسن خان صاحب نے حجج الکرامہ میں محمد بن سیرین کا قول نقل کیا ہے۔

الجواب: یہ مختار مدعا علیہ کا عدالت میں صریح جھوٹ ہے۔ کیونکہ تمام امت کا اجماعی عقیدہ ہے کہ حضرت ابوبکرؓ تمام امت میں افضل اعلیٰ ہیں۔ عقائد نسفی میں ہے۔ ''افضل البشر بعد الانبیاء ابوبکر'' (شرح عقائد) کس قدر جسارت اور دروغ گوئی ہے کہ تمام اکابر علماء وصلحاء کی طرف سے یہ عقیدہ منسوب کیا جاتا ہے۔ محض طوالت کے خوف سے حوالہ جات کو ترک کرتا ہوں۔ مختار مدعا علیہ نے حجج الکرامہ کے حوالہ سے محمد بن سیرین کا جو قول نقل کیا ہے اس میں بھی کتمان حق کیا ہے۔ کیونکہ اسی کتاب کے اسی صفحہ پر اس کی تردید موجود ہے۔ ''لیس المراد بهٰذا التفضیل الراجع الیٰ زیادة الثواب واقعة عند الله تعالیٰ فالاحادیث الصحاح والاجماع علیٰ ان ابابکر وعمر افضل الخلق بعد النّبیین والمرسلین......'' یعنی اس سے مراد تفضیل جو بہ زیادت الثواب اور خداوند کی طرف بلندی مقام ہے، مراد نہیں۔ کیونکہ احادیث صحاح اور اجماع اس بات پر ہو چکا ہے کہ حضرت ابوبکر وعمر انبیاء اور مرسلین کے بعد سب سے افضل ہیں۔ پھر نواب صاحب چند سطور کے بعد لکھتے ہیں: ''گویم کہ قول ابن سریرین اگر چہ سندش صحیح باشد واما نحن فیہ وقتے حجۃ است کہ ماخذ ان مشکوٰۃ نبوت است والا فلا۔''

یعنی محمد بن سیرین کا قول خواہ اس کی سند صحیح کیونکہ نہ ہو، اس مسئلہ میں حجت اس وقت ہوتا جب مشکوٰۃ نبوت سے ماخوذ ہوتا، ورنہ تو نہیں۔ مختار مدعا علیہ صرف ایک محمد بن سیرین کا قول جو کہ احادیث صحاح اور اجماع امت کے خلاف ہے۔ اس کو تمام علماء، صلحاء، اولیاء، امت کی طرف منسوب کرتا ہے۔ حالانکہ اس قول کی تردید وہیں موجود ہے جہاں سے یہ قول نقل کیا گیا ہے۔ اوّلاً تو محمد بن سیرین کا قول صحیح نہیں۔ کیونکہ اجماع اور صحاح کے خلاف ہے۔ ثانیاً اگر فرض محال اس کو تسلیم کیا جائے تو بھی مرزاصاحب کی فضیلت امام حسینؓ سے ثابت نہیں ہوتی۔ کیونکہ احادیث سے امام مہدی کا نام محمد اور ان کے والد کا نام عبداللہ قوم سید، مقام پیدائش مدینہ طیبہ، مقام ظہور مکہ معظّمہ ثابت ہے اور مرزاصاحب کا نام غلام احمد والد کا نام غلام مرتضیٰ، قوم مغل، مقام پیدائش وظہور قادیان ہے جو کسی طرح بھی مرزاصاحب پر منطبق نہیں ہوتے۔

۶...... مرزاصاحب نے اعجاز احمدی اور آئینہ کمالات میں امام حسینؓ کی تعریف کی ہے۔

<u>الجواب:</u> مرزاصاحب کا امام حسینؓ کی تعریف کرنا پھر توہین کرنا بھی حق وباطل کو ملانا ہے جو بقول مرزاصاحب دجال کی علامت ہے۔ ملاحظہ ہو۔ (تبلیغ رسالت ج سوم ص۳۰۰، مجموعہ اشتہارات ج۲ ص۱۳۱)

اگر واقعی مرزاصاحب کو حضرت امام حسینؓ کا احترام تھا تو پھر اس قدر تعلّیانہ دعویٰ اور ’’شتان بینی و بین حسین کم ‘‘ کہنے کی کیا ضرورت تھی۔ حقیقت یہ ہے کہ مرزاصاحب اپنی تعلّیٰ اور فخر کے جوش میں اکابر امت بلکہ انبیاء علیہم السلام تک کی بھی توہین کر جاتے ہیں۔ پھر جب علماء اور عام مسلمانوں کی طرف سے مرزاصاحب پر نکتہ چینی ہوتی ہے تو وہ ان کی تعریف بھی کر دیتے ہیں۔ آج ان کی امت مرزاصاحب کی اس حکمت عملی سے بے جا فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں۔ جہاں کسی کی توہین کا اعتراض ہو جھٹ مرزاصاحب کی کتابوں سے کوئی عبارت اس کے خلاف نقل کر دیتے ہیں۔ کبھی خدا کے ان بندوں کو اس امر کے سوچنے کی توفیق نہیں ہوتی کہ اگر مرزاصاحب کو ان حضرات کا واقعی احترام اور ان کی عظمت تھی تو پھر ان کے خلاف توہین الفاظ کہنے کی کیا حاجت تھی۔ کسی صحیح العقل انسان سے یہ نہیں ہوسکتا کہ وہ جس کو اپنا بزرگ اور واجب الاحترام سمجھتا ہو اور اس کی مدح وستائش میں رطب اللسان ہو۔ مگر گاہے گاہے اس بزرگ محترم کے متعلق سخت نکتہ چینی کرے اور اس کی توہین وتحقیر میں بھی حصہ لے۔

۷...... مختار مدعا علیہ نے کربلائے است سیر ہر آنم کی تین توجیہہ کی ہیں۔

الف...... امام حسینؓ کی طرح مظلوم۔

ب...... جماعت سے بعض لوگ مبتلا آلام ہوں گے۔

ج...... واقعہ شہادت کی عظمت کا جتلانا مقصود ہے۔

<u>الجواب:</u> مختار مدعا علیہ کی توجیہات قابل تعجب ہیں۔ مرزاصاحب نہایت تعلّی سے اپنی فضیلت وبرتری بیان کرتے ہیں اور حضرت امام حسینؓ کے ایثار اور عظیم الشان قربانی اور مظلومیت کی شہادت کی تحقیر کرتے ہیں اور اپنے مراتب ومدارج کو حضرت امام حسینؓ سے اعلیٰ اور افضل بتاتے ہوئے شتان بینی و بین حسین کہتے ہیں۔ میں یہاں صرف مرزاصاحب کے اشعار کا ترجمہ مرزاصاحب کے الفاظ میں پیش کرتا ہوں، اس ترجمہ کی روشنی میں مختار مدعا علیہ کی بے جا توجیہات کی حقیقت عدالت کے نزدیک واضح ہوجائے گی۔ ’’مجھ میں اور تمہارے حسینؓ میں بہت فرق ہے۔ کیونکہ مجھے تو ہر ایک وقت خدا کی تائید اور مدد مل رہی ہے۔ مگر حسینؓ پس تم دشت کربلاء کو یاد کرلو اب تک روتے ہو۔ پس سوچ لو، میں حجت کا کشتہ ہوں، مگر تمہارا حسین دشمنوں کا کشتہ ہے۔ پس فرق بیّن اور ظاہر ہے۔‘‘

(اعجاز احمدی ص۶۹، خزائن ج۱۹ ص۱۸۱)

## اولیاء کی توہین

۱…… اگر مرزا صاحب کے اس شعر سے تمام اولیاء کی توہین ہوتی ہے تو دین اسلام نے دیگر ادیان کو منسوخ کر کے ان سب ادیان کی توہین کی ہے۔

الجواب: مختار مدعا علیہ نے ہمارے قائم کردہ الزام توہین کی علت کو صحیح تسلیم کرتے ہوئے یہ جواب دیا ہے کہ اگر مرزا صاحب کے قائم کردہ ارشاد وہدایت سے باقی تمام ارشاد وہدایت کے منسوخ ہونے سے توہین لازم آتی ہے تو اسلام نے بھی باقی ادیان کو منسوخ کرنے میں ان ادیان کی توہین کی ہے۔ گویا جس طرح اسلام کے باقی ادیان کو منسوخ کرنے سے ان ادیان کی توہین نہیں ہوئی۔ اسی طرح مرزا صاحب کے طرق فیوض وسبل ہدایت سے سابقین کے تمام طرق اور سبل کے منسوخ ہوجانے سے سابقین کی توہین نہیں ہوتی۔ گویا مختار مدعا علیہ نے یہ تسلیم کر لیا کہ مرزا صاحب کا طرق اوّلین کے طرق کے لئے ایسا ہی ناسخ ہے۔ جیسا کہ اسلام دیگر ادیان کے لئے۔ الحمدللہ! مختار مدعا علیہ نے اس سچائی کو کھلے الفاظ میں ظاہر کر دیا جس کو ابتداء سے پوشیدہ کرنا چاہتا ہے۔ عدالت خود غور فرمائے کہ مختار مدعا علیہ کے اس جواب میں ثابت ہوگیا کہ مرزا صاحب کی امت درحقیقت مرزا صاحب کی تعلیم اور طریق کو اوّلین کی تعلیم وطریق کے لئے ناسخ مانتی ہے۔

۲…… چونکہ حضور ﷺ تمام انبیاء سے افضل ہیں، اس لئے گویا آپ نے تمام انبیاء کی توہین کی ہے۔

الجواب: سب سے پہلے میں عدالت کی توجہ اس طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ مختار مدعا علیہ مرزا صاحب کی برأت ثابت کرنے کے لئے کس بے دردی کے ساتھ میرے قائم کردہ وجوہ توہین کو حضور سرور عالم ﷺ کی طرف پھیر دیتا ہے۔ گویا اس کو حضور ﷺ سے علاقہ تک نہیں۔ باقی رہا یہ امر کہ حضور ﷺ کا اپنی ذات کو دیگر انبیاء علیہم السلام سے افضل فرمانا ان انبیاء علیہم السلام کی توہین نہیں۔ کیونکہ افضل کی فضیلت کا بیان مفضول کی توہین نہیں ہوا کرتی اور حضور ﷺ کی افضلیت بدلائل قاطعہ وبراہین ساطعہ نصوص قطعیہ سے ثابت ہے جس میں ایک مسلمان کو بھی کلام نہیں۔ مگر مرزا صاحب کے لئے یہ وجہ نہیں ہوسکتی۔ کیونکہ حضرت ابوبکرؓ کی افضلیت تمام امت میں احادیث صحاح اور اجماع امت میں ثابت ہے اور اسلامیان عالم کا متفقہ اجماعی عقیدہ ہے کہ: ’’**افضل البشر بعد الانبیاء ابوبکر**‘‘ لہٰذا مرزا صاحب کے اس قسم کے دعاوی اخیار امت کی توہین کا موجب ہیں۔

۳…… اگر مرزا صاحب کے شعر سے توہین لازم آتی ہے تو حضرت سید عبدالقادر جیلانی کے اس شعر **افلت شموس الاوّلین** سے بھی توہین لازم آتی ہے۔

الجواب:

الف…… حضرت پیران پیر سید عبدالقادر جیلانی مدعی نبوت نہیں، بلکہ کبار اولیاء امت سے ہیں جو بہرحال کتاب وسنت کے تابع ہیں، نہ ان پر نزول جبرئیل ہوتا تھا اور نہ مہبط وحی الٰہی ہونے کے مدعی تھے، نہ کوئی نئی تعلیم جاری کی اور نہ کوئی نیا فرقہ قائم کیا اور نہ کوئی کشتی نجات بنائی۔ پس ان کے شعر میں شمسنا سے حقیقتاً مراد اسلام ہے۔ شعر کا مطلب یہ ہے کہ پہلے لوگوں کے شموس یعنی ادیان منسوخ ہوگئے اور کہ ہمارا شمس یعنی اسلام کبھی غروب نہیں ہوگا۔ مرزا صاحب کے دعاوی اور ان کی تعلّیان اور تمام کارخانہ دگرگوں ہے۔ وہ نئی دنیا اور نیا آسمان اور نئی زمین نیا موسیٰ، نیا عیسیٰ، نیا محمد ﷺ حتیٰ کہ نیا خدا تعالیٰ بنانے کے خواہاں ہیں۔ اس لئے مرزا صاحب کے شعر کا مطلب بجز اس کے اور کچھ نہیں ہوسکتا کہ یا تو پہلی تعلیمیں منسوخ ہوگئیں یا یہ کہ اب موصل الی اللہ صرف مرزا صاحب کا ایجاد کردہ مذہب احمدیت ہے۔ چنانچہ مختار مدعا علیہ نے اس پر تصریح کی ہے جو آگے عرض کرتا ہوں۔

ب…… حضرت سید عبدالقادر جیلانی ولی کامل تھے، مگر مدعی نبوت نہ تھے۔ صوفیاء کرام کی تصریحات کے مطابق سکر میں بعض کلمات اہل

اللہ کی زبان سے بے اختیار نکل جاتے ہیں تو ان کو پسند نہیں فرماتے۔ جیسا کہ کتب تصوف میں مصرح ہے اور چونکہ انبیاء کی بعثت مخلوقات کی ہدایت وارشاد کے لئے ہوتی ہے اور ان کا تقرب الی اللہ نہایت اعلیٰ اور موثق ہوتا ہے اور ان کا قول وفعل قابل حجت ہوتا ہے۔ اس لئے انبیاء علیہم السلام کے لئے کسی وقت بھی سکر نہیں ہوتا۔ پس چونکہ مرزاصاحب مدعا علیہ اور اس کے مختار کے نزدیک نبی ہیں۔ لہٰذا مرزاصاحب کے لئے یہ عذر بھی نہیں ہوسکتا کہ سکر کی حالت میں ایسا کہا ہو۔ پس مرزاصاحب کے اس شعر کا قیاس حضرت پیر صاحب کے شعر اور قول پر قیاس کرنا قیاس مع الفارق ہے۔

۴...... مرزاصاحب کے شعر کا صرف یہ مطلب ہے کہ پہلے اولیاء وغیرہ نے جو طریق نکالے تھے وہ سب طرق اب بند کئے گئے ہیں۔ اب کوئی شخص ان طرق کے ذریعہ سے خداتعالیٰ تک نہیں پہنچ سکتا۔ جب تک کہ وہ میرا طریق اختیار نہ کرے جو طریقہ میرے سید ومولیٰ محمد ﷺ کا تھا۔

الجواب: مختار مدعا علیہ نے مرزاصاحب کے شعر کا معنی کر کے ہمارے مقصد کی بکلی تائید وتوثیق کردی ہے۔ بحمد اللہ العلیم اس نے اس بات کو تسلیم کرلیا جو ہمارا دعویٰ یعنی مرزاصاحب سے اخیار امت واکابر کے نزدیک جو خداتعالیٰ تک پہنچنے کے جو طریق اور ذریعے تھے، دو حال سے خالی نہ ہوئے یا تو وہ حضور ﷺ کے طریق کے مخالف تھے یا موافق۔ اگر موافق تھے تو ناحق ان ذرائع اور طرق کی بندش کا حکم دے کر اخیار امت کی توہین کی ہے، یا اگر پہلے بزرگوں کے طرق کے مخالف تھے تو اس سے بڑھ کر اکابر واخیار کی تحقیر وتوہین اور کیا ہوسکتی ہے کہ وہ بغیر استثناء احدے خود بھی اور دیگر مسلمانوں کو بھی ایک ایسے طریق پر چلایا جو حضور ﷺ کا طریق نہ تھا۔ پھر اس میں کسی ایک کا استثناء نہیں۔ اوّلین رہنمایان اسلام حضرات صحابہ ہیں جنہوں نے صحرائے عرب سے نکل کر قیصر وکسریٰ کی مملکتوں کو پائمال کر کے لوگوں کو مشرف باسلام کیا اور دورہ افتادہ انسانوں کو خدارسیدہ بنایا۔ پھر تابعین اور تبع تابعین کا دور ہے جن کی مساعی سے اقصیٰ مشرق ومغرب کے لوگ مشرف باسلام ہوکر خداتعالیٰ تک پہنچے اور پھر علماء امت اور ائمہ مجتہدین ہیں جنہوں نے کتاب وسنت کے حقائق ومعارف وماٰ رب کے ذریعہ سے قلوب کو منور کیا اور پھر اصحاب السلاسل اربعہ چشتیہ نقشبندیہ قادریہ وسہروردیہ ہیں جنہوں نے باتباع طریق محمدیہ لاکھوں کاملین اور واصلین الی اللہ بنائے جن میں مختار مدعا علیہ کے مسلم بزرگ حضرت مجدد الف ثانی اور امام شعرانی وغیرہ حضرات ہیں۔ الغرض مرزاصاحب نے کوئی نیا طریق ارشاد وہدایت ایجاد کیا ہے جس پر سابقین کا عمل نہیں تھا اور جس کی وجہ سے پہلے مذاہب بند اور بے کار ہوگئے تو یہ نسخ شریعت محمدیہ ہے یا وہی طریق ارشاد وہدایت ہے جو حضور ﷺ سے مأثور ومنقول ہے اور جو نسلاً بعد نسلٍ صحابہ اور تابعین اور تبع تابعین اصحاب شریعت وارباب طریقت کا معمول ومسلک رہا ہے۔ پس اس صورت میں ان کے چشموں کو خشک کہنا اور ان کے طریق کو خداتعالیٰ کی طرف نہ پہنچانے والا سمجھنا اور خداتعالیٰ تک پہنچنے کا ذریعہ صرف اپنے طریق ارشاد کو سمجھنا نہ صرف اخیار وابرار امت کی توہین ہے۔ بلکہ مفاسد عدیدہ کو مستلزم ہے۔ کیونکہ اس توجیہ پر یہ بھی لازم آتا ہے کہ امت محمدیہ جو مرزاصاحب کے سلسلہ میں داخل نہیں ہوئے وہ خداتعالیٰ کا تقرب اور وصول اللہ ہرگز نہیں پاسکتے اور ان کے تمام مجاہدے اور تمام اعمال صالحہ اور ان کا تقویٰ وطہارت اور ان کا عرفان معرفت اور زہد وعبادت خداتعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ کے بیان کردہ تعلیم کی پیروی وپابندی کے باوجود ذریعہ ہدایت ووسیلہ نجات نہ ہو، تاوقتیکہ ان اصول اور تعلیم کا اتباع نہ کیا جائے جو مرزاصاحب کی طبع زاد تعلیم ہے۔

۵...... مجدد الف ثانی صاحب نے ہزار سال کے سر پر آنے والے مجدد کو صدی کے سر پر آنے والے مجدد پر اتنی فضیلت دی ہے، جتنی سو اور ہزار میں نسبت ہے تو گویا اس قول میں مجدد صاحب نے سابق مجددین کی توہین کی ہے۔

الجواب:

الف…… مختار مدعا علیہ نے اگرچہ حضرت مجدد صاحب کو مسلم بزرگ مانا ہے۔ مگر اس کو اپنے مسلم بزرگ کا مقرر کردہ اصول بھی تسلیم نہیں ورنہ اس کو ماننا پڑے گا کہ مرزا صاحب نے (حقیقت الوحی ص۱۹۸، خزائن ج۲۲ ص۲۰۵) کے بیان میں بے شک توہین کی ہے۔ کیونکہ خود مرزا صاحب کا اقرار ہے اور مختار مدعا علیہ کا عقیدہ ہے کہ مرزا صاحب چودھویں صدی کے مجدد ہیں اور حضرت مجدد صاحب سرہندی مجدد الف ثانی ہیں۔ یعنی دوسرے ہزار سال کے آغاز پر مجدد ہورہے ہیں۔ چودھویں صدی کے مجدد یعنی مرزا صاحب اور دوسرے ہزار سال کے مجدد یعنی مجدد صاحب سرہندی کے درمیان حسب تصریح مجدد صاحب ۱۰/۱ کی نسبت ہوگی۔ یعنی مجدد الف ثانی صاحب مرزا صاحب سے دس گنا افضل واکمل ہوں گے۔ پھر مرزا صاحب کا یہ کہنا کہ جس قدر مجھ سے پہلے اولیاء، ابدال اور اقطاب اس امت میں سے گزر چکے ہیں۔ ان کو یہ حصہ کثیر اس نعمت کا نہیں دیا گیا۔ سراسر توہین وتحقیر ہے جو ہمارا مدعا ہے۔

ب…… حضرت مجدد صاحب کے قول مجدد میں سابقین کی قطعاً توہین نہیں بلکہ توہین کا ادنیٰ سا شائبہ بھی نہیں۔ حضرت مجدد صاحب کے قول کا معنی یہ ہے کہ ہزار سال کے سر پر جو مجدد آتا ہے وہ ان تمام مجددین سے دس گنا افضل ہوتا ہے جو اس ہزار سال کے ہر صدی پر آتے ہیں۔ بالکل صحیح اور مسلم سن ہجری کے پہلے ہزار سال کی پہلی کا مجدد حضرت عمر بن عبدالعزیز اموی ہیں۔ جیسا کہ نواب صدیق حسن صاحب نے حجج الکرامہ میں اور مرزا صاحب کی امت میں سے عبدالرحمٰن خادم نے اپنی پاکٹ بک میں لکھا ہے۔ پس پہلے ہزار سال میں جس قدر مجددین صدی بصدی آئے ان سب سے حضرت عمر بن عبدالعزیز افضل ہیں۔ کیونکہ تابعی اور خیر القرون میں سے ہیں۔ پہلے ہزار اسلامی ختم ہونے پر دوسرے ہزار اسلامی کے پہلی صدی پر جو مجدد آیا وہ اس ہزار سال کے ان تمام مجددین سے افضل ہے جو اس ہزار سال کی ہر ایک صدی کے سر پر آتے رہیں گے۔

پس مجدد صاحب کے اس قول سے حضرت مجدد صاحب الف ثانی کی فضیلت صرف ان مجددین پر ثابت ہوگی جو ہزار ثانی کے ہر صدی کے سر پر آتے رہیں گے۔ پس مجدد صاحب کی فضیلت صرف آئندہ آنے والے مجددین پر ثابت ہوئی نہ پہلے ہزار سال کے مجددین پر۔ مجدد صاحب کے اس قول کے مطابق مرزا صاحب نے برتری اور فضیلت ظاہر کر کے مختار مدعا علیہ کے مسلم بزرگوں حضرت مجدد صاحب الف ثانی اور علامہ عبدالوہاب شعرانی وغیرہ کی توہین کی۔

## اے بدذات فرقہ مولویان

مختار مدعا علیہ نے اس الزام کے جواب میں اپنے نبی مرزا صاحب کی سنت پر عمل کرتے ہوئے علماء امت کے حق میں نہایت مغلظ الفاظ استعمال کئے ہیں۔ ہم اپنے پیغمبر ﷺ کے اس اسوہ حسنہ ''لم یکن النبی فاحشاً ولا متفاحشاً'' اتباع کرتے ہوئے مختار مدعا علیہ کی سخت کلامی بھی برداشت کرتے ہیں۔ چونکہ مختار مدعا علیہ نے اس بحث کو بے جا طول دیا ہے اور اس قسم کا مغالطہ بار بار دیا ہے۔ اس لئے مختار مدعا علیہ کے مغالطہ کو ظاہر کرنے اور اصل حقیقت کو دکھلانے کے لئے ذرا تفصیل سے عرض کرتا ہوں۔

خلاصہ جواب مختار مدعا علیہ:

۱…… مرزا صاحب نے شرفاء وعلماء کو گالیاں نہیں دیں یہ گالیاں ان علماء کو دیں ہیں جن کا شیوہ خباثت وشرارت ہے۔

۲…… مرزا صاحب کی یہ گالیاں ایسے علماء کو ہیں جن کے متعلق حدیث میں آیا ہے کہ میری امت پر ایک ایسا زمانہ آئے گا……الخ!

۳…… شاہ ولی اللہ صاحب نے اپنے وقت کے علماء کو یہود کا نمونہ بتلایا ہے۔

۴…… یہ گالیاں ان مولویوں کے حق میں ہیں جنہوں نے سخت مخالفت کی اور ان کی زبان درازی انتہاء کو پہنچ گئی اور فحش مضمون کے اشتہار دیئے۔

۵...... مسیح اسرائیلی نے جس طرح اپنے وقت کے مولویوں اور فقیہوں کو سانپ اور سانپ کے بچے حرام کار وشریر کہا، اسی طرح مسیح محمدی نے اسی قسم خبیث فطرت ممسوح القلب، سیاہ باطن مولویوں کے حق میں یہ الفاظ اے بدذات فرقہ مولویان...... الخ! استعمال کئے۔

۶...... یہ الفاظ مولوی محمد حسین صاحب بٹالوی اور ان کے ہم مشرب مولویوں کے حق میں ہیں۔

۷...... ان العدی صاروا...... الخ! سے مراد وہ مولوی ہیں جنہوں نے مرزاصاحب کو گالی دیں جو خنزیر صفت ہیں۔

۸...... کنزالعمال میں حدیث ہے کہ امت میں ایک خوف آئے گا۔ لوگ علماء کی طرف رجوع کریں گے تو وہ خنزیر اور بندر ہو چکے ہوں گے۔

۹...... ایسے مولویوں سے مراد وہ مولوی ہیں جو نقول کے پابند ہوں گے۔

۱۰...... اگر مرزاصاحب کی دشنام دہی گالی ہیں تو قرآن میں بھی بہت سے گالیاں ہیں۔ ’’**ذالک مثل الذین کذبوا بآیات اللہ...... الخ!**‘‘

۱۱...... عورتوں سے جن کو کتیاں کہا ہے وہ مراد جنہوں نے گالی دیں۔

الجواب: نمبروار ہر ایک شق کے جواب دینے سے پہلے ایک اجمالی جواب دیتا ہوں کہ علماء وقت کو مرزاصاحب نے کیوں گالی دیں اور علماء وقت اور مرزاصاحب کی عداوت کیوں تھی۔ اصل حقیقت یہ ہے کہ تیرہ سو سال سے بنصوص قطعیہ کتاب وسنت واجماع امت اسلامیان عالم کا متفقہ عقیدہ تھا کہ حضور خاتم الانبیاء ہیں۔ ان کے بعد کوئی نبی نہیں بنایا جائے گا۔

اور حضور ﷺ نے فرمایا تھا کہ میری امت سے تیس دجال کذاب پیدا ہوں گے۔ ہر ایک کا یہ دعویٰ ہوگا کہ وہ نبی ہے۔ حالانکہ میں خاتم الانبیاء ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں۔ اس پیش گوئی کے مطابق کئی ایک مدعیان نبوت پیدا ہوئے۔ علماء امت نے ان کو کذاب ودجال قرار دیا۔ اسلامی حکومت نے ان سے جہاد کیا۔ آخر ان کو قتل کر کے فتنہ کو فرو کیا۔ مسیلمہ کذاب مدعی نبوت کو کافر ودجال قرار دیا۔ بحکم خلیفہ اوّل حضرت ابوبکر ؓ نے جہاد کیا اور قتل کیا علیٰ ہذا جب بھی کسی نے دعویٰ نبوت کیا، علماء نے اس کو دجال وکذاب کا فتویٰ دے کر اس کے قتل کا حکم دیا تا آنکہ مرزاصاحب نے انگریزی حکومت کے زیر سایہ دعویٰ نبوت کیا۔ اسلامی حکومت نہیں تھی جو اس پر احکام شرعی جاری کرتی۔ صرف علماء امت موجود تھے جنہوں نے حیات دین متین کے لئے مرزاصاحب کو بروی حدیث: ’’**سیکون فی امتی دجال و کذاب**‘‘ کہا اور مرزاصاحب کے تمام دجل اور ان کے پردوں کو پارہ پارہ کیا۔ امت محمدیہ کو کفر وارتداد کے اس فتنہ عظیمہ سے بچانے کے لئے مرزاصاحب کو مناظروں میں شکستیں دیں اور ان کی تردید میں مستقل کتابیں لکھیں اور مرزاصاحب کی پیش گوئیوں کی فریب کاریوں کو آشکارا کیا۔ اس جہاد فی الدین میں حضرت مولانا محمد حسین صاحب بٹالوی نے نہایت گرانقدر خدمات ادا کیں۔ مرزاصاحب کا جادو ان کے منشاء اور تخیل کے مطابق نہ چل سکا اور مرزاصاحب کو یقین ہوگیا کہ اس فتنہ عظیمہ کی سرکوبی کے لئے علماء وقت نے ’’**علماء امتی کانبیاء بنی اسرائیل**‘‘ کا شان دکھایا ہے جب تک طبقہ علماء موجود ہے۔ میری دعوت حسب منشاء اشاعت نہیں ہوسکتی اور علماء کا وجود میری قبولیت کے لئے سنگ راہ ہے تو پھر کیا تھا کہ مرزاصاحب نے علماء امت اور بزرگان وقت کو نہایت غلیظ گالیاں دینی شروع کر دیں۔

## علماء کو گالیاں دینے کے تفصیلی جواب

مولوی الٰہی بخش صاحب نے اپنی کتاب عصاء موسیٰ میں مرزاصاحب کی گالیاں کو خوب حروف تہجی کی ترتیب سے جمع کر دیا ہے۔ اس کے لئے (عصاء موسیٰ ص۱۴۴، ۱۴۵، ۱۴۶) ملاحظہ کیا جائے۔ کتاب عصائے موسیٰ اب محاسبہ قادیانیت جلد اوّل میں شائع ہوگئی ہے۔ (مرتب) اب تفصیلاً ہر ایک شق کا جواب دیتا ہوں۔

۱...... یہ جواب بالکل مہمل وبے سود ہے پہلے شرافت اور خباثت کا ایک معیار مقرر کیا ہوتا جس معیار پر تنقید کی جاتی کہ فلاں شریر ہے اور

فلاں شریف۔ شرافت نسب، شرافت علم، شرافت تقویٰ کے با کمال انسانوں کو مرزاصاحب نے سخت فحش گالی دی ہیں۔ مثلاً پیر سید مہر علی شاہ صاحب گولڑوی، حضرت مولانا عبدالجبار صاحب غزنوی، حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی، مولانا محمد حسین صاحب بٹالوی، مولانا عبداللہ صاحب ٹونکی و مولانا اصغر علی صاحب روحی وغیرہ اکابر علماء اور برگزیدہ بزرگوں کو گالی دینا اور پھر ان کو شریر کہنا کس قدر تعدی ہے۔ ان حضرات نے محض نصرت دین اور اعلاء حق اور محافظت احوال اسلام و بحکم نبوی ''سیکون فی امتی ثلاثون...... الخ!''

مرزاصاحب پر فتویٰ تکفیر دیا جو محض اصول اسلام کے مطابق اور حکم شرعی کی پابندی تھی، ایسے علماء کے متعلق حضورﷺ نے بشارت فرمائی تھی۔ ''لا تزال طائفۃ من امتی...... الخ!''

۳...... حضرت شاہ صاحب کا قول یقیناً مرزاصاحب کے مخالف علماء پر چسپاں نہیں۔ کیونکہ اس وقت مرزاصاحب کا وجود اور دعویٰ اور نہ علماء کا ان کے متعلق فتویٰ تھا۔ ہاں! حضرت شاہ صاحب کا قول ان مولویوں کے متعلق ہے جو کہ کتاب وسنت کو چھوڑ کر آیات قرآنیہ اور احادیث نبویہ کی تحریف کر کے اصول دین میں فتنہ ڈالتے ہیں۔ اب معاملہ بالکل صاف ہے ایک طرف تو وہ علماء جو آیات قرآنی اور احادیث نبویہ کا وہی معنی کرتے ہیں جو حضورﷺ اور صحابہ کرام سے مروی ہیں اور اجماع امت سے ثابت ہیں اور اسی اصول اور روشنی میں مرزاصاحب کی تکفیر کرتے ہیں اور دوسری طرف مولوی صاحب ہیں جو تصریحات الٰہیہ اور تصیفات نبویہ اور اقوال اجماعیہ کے خلاف مرزاصاحب کے ہمنوا ہو کر آیات واحادیث میں تحریف کر کے مرزاصاحب کی نبوت ثابت کرنے کے پیچھے لگے ہوئے ہیں۔ اسی لئے شاہ صاحب کے قول میں ایسے مولویوں کو یہودی صفت کہا گیا ہے۔

۴...... مرزاصاحب نے جس قدر علماء وصلحاء کو گالی دی ہیں۔ اس کا ہزارواں حصہ بھی کوئی عالم دین نہ دے سکتا ہے۔

مرزاصاحب کو دجال وکذاب کہا مگر یہ وہ الفاظ ہیں جو حضورﷺ کی زبان مبارک سے آپ کے بعد مدعی نبوت کے لئے صادر ہوئے ہیں۔ اس میں علماء کا کیا قصور ہے۔ یہ ایک فتویٰ شرعی ہے۔ ہر ایک مسلمان ایسا کہنے کے لئے شرعاً مجبور ہے۔

۵...... یہ مرزاصاحب کا حضرت مسیح علیہ السلام پر بہتان ہے۔ انبیاء علیہم السلام اخلاق مرضیہ کامل سے متصف اور خلق اعلیٰ کا نمونہ ہوتے ہیں۔ اگر کسی انجیل میں ایسا لکھا ہوا ہے تو ہم اس کے مکلف نہیں۔ اس لئے کہ انجیل میں تحریف ہو چکی ہے جو مرزاصاحب کو بھی تسلیم ہے۔ قرآن وحدیث اور آثار صحابہ میں اس کا کوئی اصل نہیں، باقی رہا یہ کہ مختار مدعا علیہ نے مرزاصاحب کے مخالف علماء کے حق میں خبیث فطرت ممسوح القلب اور سیہ باطن کے الفاظ استعمال کئے ہیں، ہم ان کو برداشت کرتے ہیں۔ کیونکہ ہمارے مولیٰ اور آقاﷺ نے اس طریق گفتگو سے منع فرمایا ہے۔

۶...... حضرت مولانا محمد حسین صاحب بٹالوی کی مرزاصاحب سے کوئی عداوت نہیں تھی۔ پہلے پہل جب مرزاصاحب نے اسلام کی خدمت کرنے کا ارادہ ظاہر کیا تو مولانا محمد حسین صاحب نے ان کی تعریف وتوصیف کر دی، جب رفتہ رفتہ مرزاصاحب اسلامی تعلیم سے دور ہوتے گئے تو مقدسین پر زبان درازی کی۔ مجدد ومہدی بنتے بنتے مسیح نبی رسول بنتے گئے تو چاروناچار مولوی صاحب نے تمام اکابر وافاضل علماء ہند سے استفتاء کیا۔ سب نے بالاتفاق مرزاصاحب پر کفر کا فتویٰ دیا اور قرآن واحادیث صحابہ کرام، ائمہ عظام کے اقوال وآثار کی روشنی میں یہ فتویٰ مرتب ہوا۔ اس لئے ہماری گزارش ہے کہ اس فتویٰ کو جو ایک کتابی صورت میں ملاحظہ فرمائے تاکہ یہ تمام حقیقت واضح ہو جائے۔ اگر اس وقت کے علماء مرزاصاحب کی تکفیر نہ کرتے تو کیا ناموس اسلام کی خیانت اور روایات اسلامی کی حفاظت جہال اور بے علم لوگ کرتے کیا ادوار ماضیہ کے علماء وائمہ نے مدعیان نبوت کی تکذیب وتکفیر نہیں کی تھی۔ مرزاصاحب کے وقت کے علماء نے مرزاصاحب کی تکفیر وتکذیب میں کوئی نیا کام نہیں کیا۔ مقام تعجب ہے کہ مسیلمہ کذاب اور اسود عنسی اور عجلی وباب وبہاء اللہ مدعیان نبوت کو کافر کہنے والے

علماء تو ’’علماء امتی کانبیاء بنی اسرائیل‘‘ کا مصداق ہوئے اور چودھویں صدی کے مدعی نبوت مرزاصاحب کی تکفیر کرنے والے علماء بدترین خلائق ٹھہریں؟

۷...... اوّلاً یہ سراسر بہتان اور افتراء ہے۔ کیونکہ مختار مدعاعلیہ نے اس کا کوئی ثبوت نہیں پیش کیا۔ محض دعویٰ بلادلیل ناقابل سماعت ہے۔ مرزاصاحب کی عادت تھی کہ وہ پہلے ایک قابل مواخذہ بات کردیتے۔ جب اعتراضات ہوتے افتراء کے طور اس کی ابتداء اوران کی طرف منسوب کردیتے تھے۔ ہاں! مرزاصاحب نے نبوت کا دعویٰ کیا علماء نے بموجب فرمان نبوی ان کو کذاب ودجال ضرور کہا یا مرزاصاحب کی پیش گوئیوں پر نکتہ چینی کی۔ مرزاصاحب کے دلائل لاطائل کی حقیقت کھول کر رکھ دی تاکہ لوگ اس فتنہ والحاد سے بچ جائیں جس پر مرزاصاحب نے دلائل کا جواب دشنام دہی سے دیا جو ہر مفتری کا طریق کار ہے۔

۸...... مختار مدعاعلیہ نے کنزالعمال کی حدیث نقل کر کے مرزاصاحب کے مخالف علماء کو خنزیر اور بندر بتلایا ہے۔ بندر اس لئے کہ نقل اتارنے کے عادی ہوں۔ یعنی لکیر کے فقیر اور پرانی روایات کے پابند ہوں گے اور خنزیر اس لئے، جواب سے عاجز ہوکر خنزیری صفات یعنی گالی دیں گے۔ یہ ہے مختار مدعاعیہ کا سلیقہ جو اس نے اپنے پیشوا مرزاصاحب سے وراثتاً پایا ہے۔ اب میں حدیث کا جواب دیتا ہوں اور مختار مدعاعلیہ کی غلط فہمی کا ازالہ کر کے ثابت کرتا ہوں کہ مختار مدعاعلیہ نے ناحق اس حدیث کو مرزاصاحب کے مخالف علماء پر چسپاں کیا ہے۔ حالانکہ یہ حدیث صاف طور پر ان مولویوں پر منطبق ہے جنہوں نے قرآن وحدیث میں تحریف کر کے مرزاصاحب کی تصدیق کی ہے کہ حضورﷺ اخیر زمانہ کے متعلق پیش گوئی فرماتے ہیں کہ میری امت میں ایک خوفناک فتنہ اٹھے گا جو اس فتنہ قادیانیہ کی طرف اشارہ ہے۔ ناواقف لوگ اپنے علاقہ کے مولویوں کی طرف اس فتنہ کی فریاد لے جائیں گے کہ اس فتنہ کی سرکوبی کے لئے اٹھیں ان میں بعض مولوی پہلے اس فتنہ میں مبتلاء ہوکر بنی اسرائیل کے بعض مغضوب علیہم لوگوں کی طرح ممسوح ہوکر خنزیر وبندر ہوچکے ہوں گے۔ یعنی رسول خداﷺ کا بتلایا صراط مستقیم چھوڑ کر اس فتنہ کو قبول کر کے ’’کونوا قردۃً خاسئین‘‘ کا مصداق ہوچکے ہوں گے اور لوگوں کو بھی اس فتنہ عظیمہ کی دعوت دیں گے یا معنی ہے کہ اس گروہ کے مولویوں میں بندروں کی نقل اور خنزیروں کی بے غیرتی پائی جائے گی۔ چنانچہ روزمرہ کا مشاہدہ ہے کہ اس فرقہ کے مولوی مرزاصاحب کی برأت کے لئے مختلف نقلیں اتارتے رہتے ہیں اور حاطب لیل ہوکر کہیں تورات کا قول، کہیں انجیل کے حوالے، کبھی جنم ساکھوں کی عبارتیں، کسی وقت صوفیاء کرام کے اقوال پیش کرتے ہیں تاکہ مرزاصاحب کی برأت کا سامان ہوجائے۔ اس فرقہ کے مولویوں کو مناظرہ واستدلال کے میدان میں جو روز اوّل سے شکستیں اور ذلتیں نصیب ہوتی رہی ہیں۔ متقضائے غیرت یہ تھا کہ کبھی نام نہ لیتے، مگر ہمارے آقاﷺ نے ان کو خنزیر صفت بتلاء کر بطور پیش گوئی فرمایا تھا کہ ان میں غیرت نہیں ہوگی۔ یہ ہے حدیث کا مطلب جس کو مختار مدعاعلیہ نے غلط بیان کر کے مرزاصاحب کے مخالف علماء پر چسپاں کیا تھا۔ رسول خداﷺ نے ان علماء کو بشارت دی ہے کہ جو اس فتنہ میں مبتلاء نہ ہوں گے اور صراط مستقیم پر قائم رہیں گے۔ ’’لا یزال طائفۃ من امتی...... الخ!‘‘

۹...... مختار مدعاعلیہ اپنے پیشواء سے کس قدر تنزل کر کے کہتا ہے کہ اگر مرزاصاحب کی کلام میں گالیاں ہیں تو ماننا پڑے گا کہ قرآن کریم میں گالیاں ہیں۔ ورنہ خود مرزاصاحب نے تو یہاں تک فرمادیا تھا کہ ماننا پڑے گا کہ قرآن گالیوں سے پر ہے۔ پس ان ہر دو عبارات سے عدالت خود غور فرماسکتی ہے کہ ان لوگوں کا تعلق اسلام اور بانی اسلام اور قانون اسلام یعنی قرآن کریم سے کس قدر ہے کہ اگر مرزاصاحب کی تعلیم پر اعتراض کیا جائے تو ویسا اعتراض اسلام پر کردیتے ہیں۔ اگر الزام مرزاصاحب سے ثابت ہوتو اسی قسم کا اعتراض حضورﷺ کی ذات اقدس پر کردیتے ہیں اور اگر کوئی اعتراض مرزاصاحب کی کلام پر وارد ہوتو ویسا ہی اعتراض قرآن حکیم پر عائد کردیتے ہیں۔ پھر لطف یہ کہ دعویٰ بھی موجود ہے۔ ’’ما مسلمانیم از فضل خدا‘‘

۱۰...... قرآن کی بیان کردہ مثال ’’ذالک مثل الذین کذبوا بآیات اللہ (الآیۃ)‘‘ بھی حرف بحرف مرزاصاحب کی جماعت کے مولویوں پر صادق آتی ہے۔ کیونکہ کتابیں پڑھنے کے بعد ان مولویوں نے اللہ تعالیٰ کے فرامین اور محمد مصطفیٰ ﷺ کے ارشاد وہدایت کو پس پشت ڈال کر ختم نبوت کا قرآنی اور نبوی اور اجماعی عقیدہ چھوڑ کر محض ہوائے نفس میں علم ربانی سے کوئی فائدہ نہ اٹھایا اور پھر علماء ربانیین نے ان کے عقیدہ باطل کی تردید میں روزروشن کی طرح دلائل وبراہین قائم کر دیئے۔ وہ صم بکم عم رہ کر ہدایت سے محروم رہے۔

۱۱...... مختار مدعاعلیہ نے تو اس جواب میں کمال ہی کر دیا۔ مرزاصاحب اپنے مخالفوں کو خنزیر کہتے ہیں اور ان کی بیویوں کو کتیاں۔ مگر مختار مدعاعلیہ کہتا ہے کہ وہ عورتیں مراد ہیں۔ جو مرزاصاحب کو گالی دیتی ہیں۔ میں کہتا ہوں کہ اوّلاً اس ملک کی عورتوں کو مشاجرات مذہبی کا علم بھی نہیں ہوتا۔ اگر فرض بھی کر لیا جائے کہ ان سب مخالفین کی عورتوں کو مرزاصاحب اور ان کے اپنے خاوندوں کے ذریعہ مخالفات مذہبی کا علم بھی ہوگیا ہو تو یہ کہاں سے لازم آیا کہ مخالفوں کی عورتیں مرزاصاحب کو گالی بھی دیتی ہوں گی۔ پھر مرزاصاحب کا بلا استثناء مخالفوں کی عورتوں کو کتیاں کہنا کس قدر بلاوجہ الزام ہے۔

## ذریۃ البغایا

مختاران مدعیہ نے لغت کے مستند اور معتبر کتب سے ثابت کر کے بتلایا کہ ذریۃ لبغایا کے معنی حرام کار عورتوں کے بیٹے کے ہیں۔ مرزاصاحب نے اپنے تمام مخالفوں کو جو ان کے دعویٰ نبوت کی تصدیق نہیں کرتے اور اس دعویٰ میں ان کو جھوٹا مانتے ہیں۔ ان کو زنا کار عورتوں کی اولاد بتلایا ہے۔ حالانکہ کوئی شریف انسان اپنے کسی مخالف کو صرف اختلاف دعویٰ کی وجہ سے زانیہ عورت کی اولاد یا حرامزادے نہیں کہتا۔ کیونکہ مذہبی اختلاف کی بنیاد عقائد پر ہے نہ مخالف کے نطفۂ حرام اور زانیہ عورت کے اولاد ہونے پر۔ مختاران مدعاعلیہ نے دیدہ ودانستہ اس حقیقت نفس الامری کو چھپانے کے لئے مرزاصاحب کے قول الّا ذریۃ البغایا کی چند رکیک توجیہیں کی ہیں۔ پہلے اس سے کہ میں ان توجیہات کا بطلان ثابت کروں، خود مرزاصاحب کے مصنفات سے بغی وبغیہ وبغایا۔ بمعنی زانیہ زناکار، بازاری حرام کار فاحشہ عورتیں پیش کرتا ہوں۔ جہاں کہیں مرزاصاحب نے ان الفاظ کو استعمال کیا ہے۔ ان کا ترجمہ زناکار حرام کار عورتیں کیا ہے۔ میں مرزاصاحب کے صرف ایک رسالہ لجۃ النور سے چودہ حوالے پیش کرتا ہوں جس میں مرزاصاحب نے بغی وبغیۃ وبغایا جس کا ترجمہ زناکار، بدکار، بازاری عورتیں کیا ہے۔ چنانچہ:

۱...... (لجۃ النورص۳۱، خزائن ج۱۶ص۳۷۱) میں ہے: ’’یسرون بتلک البغایا‘‘ جس کا ترجمہ مرزاصاحب نے خود کیا ہے، بلکہ ’’بدیدن زن ہائے زانیہ خوش مے شوند‘‘

۲...... اور (لجۃ النورص۶۹، خزائن ج۱۶ص۴۱۰) میں ہے: ’’ویجتراؤن کا لبغایا علی انواع الخبائث‘‘ جس کا ترجمہ مرزاصاحب نے یہ کیا ہے کہ ہم ’’چوزنان بازاری بر ہرنوع ناپاکی دلیری مے نمائند۔‘‘

۳...... اور (لجۃ النورص۸۵، خزائن ج۱۶ص۴۲۷) میں ہے: ’’وقد تجتمع الیھم فی بعض لیالیھم بغایا السوق‘‘ جس کا ترجمہ خود مرزاصاحب نے یہ لکھا ہے: ’’وگاہے در بعض شب زنان بازاری مے آیند۔‘‘

۴...... اور (لجۃ النورص۸۶، خزائن ج۱۶ص۴۲۸) میں ہے: ’’یتزوجون البغایا‘‘ جس کا ترجمہ مرزاصاحب نے یہ کہا ہے: ’’ودر نکاح خود مے آرند زنان بازاری را۔‘‘

۵...... اور اسی صفحہ میں ہے: ’’نعم یوجہ کالبغایا نوع من الجلادۃ‘‘ جس کا ترجمہ مرزاصاحب نے یہ کیا ہے کہ: ’’ہاں ہمچو زنان بازاری قسمے از چالاکی در ایشان یافتہ میشود۔‘‘

۶...... (لجۃ النور ص۸۸، خزائن ج۱۶ ص۴۳۰) میں ہے: ’’فان نطفة البغايا قد خامر اكثر ولد ‘‘جس کا ترجمہ خود مرزاصاحب نے یہ لکھا ہے: ’’چراکہ نطفہ زنان بازاری باکثر بچگان مخلوط شدہ۔‘‘

۷...... اوراسی صفحہ میں ہے: ’’ويتلون تلو البغايا و ككارى الحانته ‘‘جس کا ترجمہ خود مرزاصاحب نے ’’وپس زنان فاسقہ ہمچو مستان شراب خانہ می روند۔‘‘

۸...... اور (لجۃ النور ص۸۹، خزائن ج۱۶ ص۴۳۱) نے یہ لکھا ہے کہ: ’’زنان فاحشہ ودجال درحیلہ جوئی وکارسازی مشابہت می دارند۔‘‘

۹...... اور (لجۃ النور ص۹۰، خزائن ج۱۶ ص۴۳۲) میں ہے: ’’ان نساء دار ان كن بغايا ‘‘جس کا ترجمہ مرزاصاحب نے یہ کیا ہے کہ اگر ’’درخانہ زنان آن خانہ فاسقہ باشند‘‘

۱۰...... اور (لجۃ النور۹۶، خزائن ج۱۶ ص۴۳۷) میں ’’وما اهلكهم الا البغايا ‘‘جس کا ترجمہ مرزاصاحب نے خود یہ کیا ہے: ’’ہلاک نہ کرد ایشانرامگر زنان فاحشہ۔‘‘

۱۱...... ’’وقد كثرت البغايا لشقوة الناس فى هذاالزمان ‘‘جس کا ترجمہ یہ لکھا ہے: ’’وبرائے بدبختی مردزنان فاحشہ دریں زمان بسیارشدہ اند۔‘‘

۱۲...... اور (لجۃ النور ص۹۶، خزائن ج۱۶ ص۴۳۷) میں ہے: ’’وربما تسقط بغى من كثرة الخمر فى وسط السوق وبرالزم‘‘ جس کا ترجمہ مرزاصاحب نے یہ لکھا ہے: ’’وبسااوقات زن فاحشہ ازکثرت شراب خوری دروسط بازاردگزرمردم بیہوش مے شود۔‘‘

۱۳...... اور (لجۃ النور ص۹۷، خزائن ج۱۶ ص۴۳۸) میں ہے: ’’ويبذل فى مداوات بغى جهد اسى ‘‘جس کا مرزاصاحب نے یہ ترجمہ لکھا ہے: ’’وخرچ مے کند درعلاج زنان فاحشہ کوشش طبیب۔‘‘

۱۴...... اور (لجۃ النور ص۱۱۸، خزائن ج۱۶ ص۴۶۰) میں ہے: ’’واشتغلوا من شرح الوقاية والهداية الى العواهر والبغايا‘‘ جس کا ترجمہ مرزاصاحب نے یہ لکھا ہے کہ: ’’وازشرح وقایہ وہدایہ روتافتہ سوئے زنان بدکار۔‘‘

ہم نے مرزاصاحب کے ایک رسالہ سے چودہ حوالے ایسے پیش کردیئے ہیں جس میں مرزاصاحب نے بغیہ، بغی، بغایا کا ترجمہ زن ہائے بازاری، زن ہائے زانیہ، زن ہائے فاحشہ، زنان بدکار کیا ہے۔

اب (آئینہ کمالات ص۵۴۸، خزائن ج۵ ص۵۴۸) کے لفظ ذریۃ البغایا کی تشریح اورتعین معنی میں مختاران مدعاعلیہ کے پیشواء غلام احمد صاحب کے استعمالات اورمحاورات اور بیان کردہ معنی سے صاف ظاہر ہے۔ مختاران مدعاعلیہ کو یقین صریح ہے کہ مرزاصاحب کی پچاس الماریاں ان محاوروں کی تشریح اور بیان معنی سے خالی ہیں۔ اگر مختاران مدعاعلیہ کو اپنے مقتداء مرزاغلام احمد صاحب کی کسی عبارت میں بغیہ اور بغایا کے وہ معنی ملتے جومختاران مدعاعلیہ مرزاصاحب کے قول الذریۃ البغایا کے کرتے ہیں تو مرزاصاحب کی کسی ایک عبارت یا اس کے ترجمہ سے دکھلاتے۔ حالانکہ ان کے پیشواء ومقتداء مرزاغلام احمد صاحب کو بغیہ اور بغایا، بغی زن فاحشہ، زنان بدکاری وغیرہ الفاظ لکھنے کا بکثرت اتفاق ہوا۔ چنانچہ صرف ایک رسالہ لجۃ النور سے چودہ حوالے پیش کئے گئے ہیں، بلکہ ہم مرزاغلام احمد صاحب قادیانی کے مصنفات سے چندایسے حوالے پیش کرتے ہیں۔ مختاران مدعاعلیہ کے مسلم مقتداء وپیشواء مرزاغلام احمد صاحب قادیانی نے ذریۃ البغایا کے معنی یعنی اولاد حرام اورحرامزادے کے صریح الفاظ اپنے مخالفوں اورمنکروں کے حق میں استعمال کئے ہیں۔ ذریۃ البغایا کا معنی اولاد حرام اورحرامزادے کے متعلق مختاران مدعاعلیہ ناجائز حیلے کررہے ہیں اور یہ ثابت کرنے کی ناکام کوشش میں لگے ہوئے ہیں کہ مرزاصاحب نے منکرین کے حق میں ذریۃ البغایا بمعنی اولاد حرام کے استعمال نہیں کیا۔ ہم نے ان کی تسکین کے لئے لجۃ النور سے ۱۴حوالے پیش کردیئے ہیں

کہ مرزا صاحب بغیہ اور بغایا کے معنی زنان بازاری اور زنا کار، بدکار کرتے ہیں۔ اگر ان کی تسکین کے لئے کافی نہیں تو اپنے مقتداء و پیشواء کے حوالہ جات ذیل پڑھ لیں کہ کس طرح اپنے مخالفوں اور منکروں کے حق میں ذریۃ البغایا کے مترادف الفاظ صریح کہتے ہیں۔

۱...... ’’پھر بھی کوئی ہماری تکذیب کرے اور اس معیار کی طرف متوجہ نہ ہو اور ناحق سچائی پر پردہ ڈالنا چاہے تو بے شک وہ حلال زادہ نہیں ہوگا۔‘‘ (انوار اسلام ص۲۹، خزائن ج۹ ص۳۱)

۲...... ’’جو شخص اس فیصلہ کے خلاف بکواس کرے گا اور ہماری فتح کا قائل نہیں ہوگا تو صاف سمجھا جائے گا کہ اس کو ولدالحرام بننے کا شوق ہے اور حلال زادہ نہیں۔‘‘ (انوار اسلام ص۳۰، خزائن ج۹ ص۳۱)

۳...... ’’اگر وہ ولدالحرام نہیں اور حلال زادہ ہیں تو اس مضمون کو پڑھ کر اس فیصلہ کے لئے اٹھ کھڑے ہوں۔‘‘

(انوار اسلام ص۴۳، خزائن ج۹ ص۳۸)

۴...... ’’اب ہم دیکھتے ہیں کہ ہمارے مخالفوں سے کون بلاتوقف اس فیصلہ کے لئے سعی کرتا ہے اور کون ولدالحرام بننے کے لئے سعی کرتا ہے۔‘‘ (انوار اسلام ص۳۷، خزائن ج۹ ص۳۹)

۵...... ’’کہ اگر اب بھی کوئی مخالف مولوی یا کوئی عیسائی یا ہندو یا آریہ یا گیسو والہ سکھ ہماری اس فتح نمایاں کا قائل نہ ہوا تو اس کے لئے طریق یہ ہے کہ مسٹر عبداللہ صاحب کو قسم مقدم الذکر کے کھانے پر آمادہ کرے...... اور اگر ایسا نہ کرے تو سمجھا جائے گا کہ وہ شریف نہیں۔ اس کی فطرت میں خلل ہے۔ یہ نہایت صفائی کا فیصلہ اور کسی حلال زادہ کا کام نہیں جو بغیر رعایت اس فیصلہ کے ہم کو جھوٹا شکست خوردہ قرار دے۔‘‘

(مختصر تقریر متعلق فتح اسلام مجموعہ اشتہارات ج۲ ص۵۴)

ان پنجگانہ حوالہ جات کے ملاحظہ کے بعد عدالت کے سامنے یہ امر بخوبی آجاتا ہے کہ ذریۃ البغایا کے معنی وہی ہیں جو مختار مدعیہ اور گواہان مدعیہ نے بیان کئے ہیں اور مختاران مدعا علیہ نے جو غلط اور لغو تاویلات بیان کئے ہیں وہ بالکل صحیح اور قابل اعتناء نہیں۔ کیونکہ مرزا صاحب کی عادت مستمرہ ہے کہ جو شخص ان کی افترائی اور خود ساختہ باتوں کو تسلیم نہ کرے تو فوراً اس کو حرام زادہ اور ولدالزنا کہہ دیتے ہیں۔

باقی رہا مختاران مدعا علیہ کا یہ کہنا کہ ابن الفاعلہ اور ابن الزانیہ وغیرہ بول کر اس سے بدخصلت انسان مراد ہوتا ہے۔ اگر اس کو صحیح بھی مان لیا جائے تاہم ان کو کوئی فائدہ نہیں دیتا۔ کیونکہ ان کے مقتداء اور پیشواء کا استعمال کردہ لفظ ذریۃ البغایا ہے جس کے معنی زانیہ عورتوں کی اولاد کے ہیں اور اس لفظ البغایا کے استعمال کا کوئی محاورہ بمعنی بدخصلت انسان کے نہیں پیش کیا۔ متنازعہ فیہ لفظ ذریۃ البغایا ہے نہ ابن الفاعلہ اور ابن الزانیہ وغیرہ۔

علی ہذا متنبّی کا یہ شعر:

تنکر موتهم وانا سهیل　　طلعت بموت اولاد الزناء

ان کو مفید نہیں، اس لئے مختاران مدعا علیہ نے اس شعر کا غلط یہ ترجمہ کیا ہے: ’’یعنی اے علی بن اسحاق آپ حاسدوں اور چغل خوروں کی موت پر تعجب کرتے ہیں۔ حالانکہ سہیل ستارہ ہوں جو ان حیوان سرشت بد باطنوں کے لئے طلوع ہوا ہوں۔‘‘

حالانکہ مولانا ذوالفقار علی صاحب نے تسہیل البیان شرح متنبّی میں یہ ترجمہ کیا ہے: ’’اور تو حاسدوں کی موت کا انکار کرتا ہے۔ حالانکہ میں سہیل ہوں کہ میں بہائم اولاد الزناء کی موت لے کر آیا ہوں۔‘‘

مختار مدعا علیہ نے پہلے تسہیل البیان کا ترجمہ نہایت طمطراق سے پیش کیا تھا۔ اب چونکہ تسہیل البیان کا ترجمہ ان کے مدعا کی تردید کرتا ہے۔ لہٰذا اس ترجمہ سے اعراض کر کے ازخود ترجمہ کیا اور حیوان سرشت بد باطنوں کا لفظ ازخود بڑھا لیا جو تسہیل البیان کے ترجمہ کے بالکل

خلاف ہے۔ تسہیل البیان میں لکھا ہے: ’’اراد باولاد الزناء البھائم والعرب تقول اذا طلع سھیل وقع العرباء فی البھائم‘‘ یعنی اولاد الزناء سے مراد جانور ہیں اور عرب کہتے ہیں کہ جب سہیل ستارہ نکلتا ہے تو جانوروں میں وباء پھیل جاتی ہے۔ یعنی جس طرح سہیل ستارہ کے طلوع سے اولاد الزناء یعنی جانوروں میں موت بڑھ جاتی ہے۔ اسی طرح میرا وجود حاسدوں کے لئے موت کا موجب ہے۔

مگر مختار مدعا علیہ کی دلیری قابل دید ہے کہ عدالت کے سامنے دیوان متنبیّ جیسی مشہور عالم کتاب کے شعر کے معنی کے متعلق غلط بیانی کر کے دھوکا دینا چاہا ہے۔

مختار مدعا علیہ نے اپنے پیشواء اور مقتداء مرزاغلام احمد صاحب جس نے اسلام اور بانی اسلام کی مقدس تعلیم اور روایات سے تمسخر کیا۔ اپنی خرافات اور ہزلیات کے بچاؤ کے لئے حضرت سرور عالم ﷺ کی مقدس زندگی کو نشانہ بنایا۔ تمام شعائر اسلام پر ہاتھ صاف کیا، جہاں کہیں مرزاصاحب کے فعل وقول پر اعتراض ہوا، فوراً بے دردی سے حضرت آقاء نامدار کی ذات بابرکات پر ویسا حملہ کر دیا ہے۔ حتیٰ کہ مرزاصاحب کے اس طریق جواب سے پادری بغلیں بجا رہے ہیں۔ چنانچہ پادری ایس۔ ایم۔ پال مدیر اخبار نورافشاں نے کتاب معذرت نامہ مرزا لکھ کر عیسائیت کی بڑی خدمت کی ہے جو کچھ وہ اسلام اور بانی اسلام اور قرآن حکیم کے متعلق برملا نہیں کہہ سکتے تھے وہ مرزاغلام احمد صاحب کے الفاظ میں کہہ گیا ہے اور ساتھ ہی یہ لکھ دیا ہے: ’’بالآخر اس قدر اور گزارش کی جاتی کہ اس کتاب کے جمع اور تالیف میں ہم نے اپنے آپ کو بالکل غیر جانب دار رکھا ہے اور اپنی طرف سے ایک جملہ بھی نہیں لکھا ہے اور ہر قسم کے تصرف سے بالکل اجتناب کیا ہے۔ اس لئے مسیحی مناظرین کی خدمت میں بھی یہی عرض ہے کہ اگر کبھی ان کو اس کتاب سے کام لینے کی ضرورت پڑ جائے تو وہ اس کے حوالے پیش کریں کہ مرزاصاحب یا مرزاصاحب کا فلاں مرید یہ کہتا ہے از خود ان اعتراضات کے پیش کرنے کی مطلق ضرورت نہیں۔

مسلمان بھائیوں کی خدمت میں بھی یہ گزارش ہے کہ اگر ان کو اس کتاب کے جواب لکھنے کی ضرورت پڑ جائے تو ہمارا ذکر مطلق درمیان نہ لایا جائے، کیونکہ ہم صرف حوالوں کے ذمہ دار ہیں نہ کسی اور امر کے، بلکہ براہ راست قادیانیوں کو خطاب کریں۔‘‘

(معذرت نامہ مرزا ص۱۰)

ارادہ تھا کہ پادری صاحب کے اس رسالہ کے اقتباسات بطور نمونہ پیش کر دیئے جائیں۔ مگر اختصار کی خاطر اس رسالہ کے چند اقتباسات پیش کرتا ہوں۔

۱۱...... ’’معذرت سوم: آنحضرت ﷺ کی پیش گوئیاں بھی غلط نکلیں۔ (ص۲۵)

۱۲...... آنحضرت کی پیش گوئیوں کی غلطیاں مرزا کے مریدوں کے زبانی...... (ص۲۷)

۱۳...... مرزاجی کی دشنام دہی کی معذرت کہ سارا قرآن شریف گالیوں سے پر ہے...... (ص۴۱)

۱۵...... قرآن وحدیث میں بھی تناقض ہے...... (ص۴۵)

۱۹...... مرزاصاحب کے فرزند دلبند یعنی موجودہ قادیانی خلیفہ کی طرف سے معذرت کہ اگر مرزاصاحب نے اپنی پھوپھی کی بیٹی سے شادی کرنی چاہی تو آنحضرت ﷺ نے بھی ایسا کیا۔ (ص۵۲)

۲۱...... معذرت اوّل: اگر میری کلام میں سرقہ ہے تو قرآن میں بھی ہے...... (ص۵۶)

۲۲...... معذرت دوم: قرآن میں بھی غلطیاں ہیں...... (ص۵۶)

۲۷...... آنحضرت کی دعائیں قبول نہیں ہوئیں...... (ص۶۳)

۳۳...... اگر مرزاصاحب مجنون تھے تو آنحضرت بھی محسور تھے...... (ص۶۸)

۳۳...... اگر مرزاصاحب نے اپنی کوئی بات چھپائی تو آنحضرت نے بھی چھپائی...... (ص۶۹)

۳۴...... اگر مرزاصاحب کی مراد پوری نہیں ہوئی تو آنحضرت کی مراد بھی پوری نہیں ہوئی۔ (ص۷۱)

۳۵...... اگر مرزاصاحب کے الہامات میں غیر زبان الفاظ ہیں تو قرآن میں بھی ہیں۔'' (ص۷۴)

اس فہرست کے مطالب پر نظر ڈالنے اور پادری صاحب کی گزارش محولہ بالا پر غور کرنے سے بالکل واضح ہے کہ مرزاصاحب اور اس کے مریدوں نے حضرت سرور عالم ﷺ اور آپ کی ذات پاک اور قرآن حکیم اور اسلام پر کس قدر ناپاک حملے صرف اس لئے کئے ہیں کہ مرزاصاحب کے ہزلیات پر جو اعتراض وارد ہوتے ہیں وہ حضور ﷺ اور اسلام اور قرآن پر واضح چسپاں کر دیئے جائیں تاکہ کسی طرح مرزاصاحب کی برأت ہو جائے۔ پادری صاحب نے معذرت نامہ کی تمہید میں ایک خط نقل کیا ہے جو لاہوری مرزائیوں کے اخبار پیغام صلح میں شائع ہوا ہے جس کا خاص حصہ ملاحظہ عدالت کے لئے پیش کرتا ہوں: ''جب کسی معترض نے مرزاصاحب کی خصلت یا قول یا فعل پر اعتراض کیا اور کوئی عیب یا نقص یا بدی ان کی طرف منسوب کی تو (قادیان سے) اس کے جواب میں کبھی مرزاصاحب کی برأت یا صفائی نہیں بیان کی گئی، بلکہ یہ جواب دیا گیا کہ یہ باتیں رسول کریم ﷺ میں اور قرآن میں بھی پائی جاتی ہیں۔ ایسے جوابوں سے کوئی امید ہے، سارے مسلمان جو اس کی حقیقت سے زیادہ واقف نہیں ہیں، مطمئن ہو جاتے ہوں گے، مگر غیر مسلمین کے لئے تو صرف مرزاصاحب ہی نہیں، بلکہ اسلام بھی سخت اعتراضوں کا نشانہ بن گیا۔'' (معذرت نامہ ص۱۰)

الحاصل مرزاصاحب اور ان کے مریدوں نے مرزاصاحب کے قابل اعتراض اور غلط افعال واقوال کے الزامات کے جواز اور برأت کے لئے حضرت سرور عالم ﷺ قرآن حکیم پر ویسے سنگین حملے کر دیئے۔

یہ نکتہ قابل توجہ ہے۔ اس تیرہ سو سال کے عرصہ میں مسلمانوں کے مختلف فرقوں میں سے کسی ایک فرقہ یا فرد واحد نے اپنے فعل یا قول یا اپنے مقتداء مرشد واستاذ کے فعل وقول پر اعتراضات اور مخالفوں کی گرفت اور الزامات کو آنحضرت ﷺ یا قرآن حکیم پر عائد کر کے حضور کی زندگی کو یا قرآن پاک کی تعلیم کو معرض طعن اور مورد الزام نہیں بنایا۔ ہاں! بعض پادریوں اور چند متعصب آریوں نے بے شک یہ طریق اختیار کیا مگر اس سے وہ نقصان متصور نہیں ہو سکتا جو مرزاصاحب اور جماعت مرزاصاحب کی تحریرات سے ہوتا ہے۔ اوّلاً پادری اور آریہ مسلمانوں کے اشتعال سے خائف ہو کر اس بے باکی سے حملے نہیں کر سکتے۔ ثانیاً اگرچہ مرزائیوں کا تعلق اسلام سے ویسا ہے، جیسا عیسائیوں اور ہندوؤں کا اور عامۃ المسلمین کے حملوں کو بھی عیسائیوں اور ہندوؤں کے حملوں کی طرح اعداء کے حملے سمجھتے ہیں۔ مگر عیسائی اور آریہ ان حملوں کی وجہ سے خوشی سے پھولے نہیں سماتے اور جو کچھ وہ اسلام اور بانیٔ اسلام کی ذات مقدس پر کھلے لفظوں اعتراض اور حملے نہ کر سکتے تھے وہ مرزاصاحب کے الفاظ میں کر کے اپنی اسلام کی دشمنی کا ثبوت دیتے ہیں۔

باقی رہا مختار مدعا علیہ کا یہ دعویٰ اور اس کی ان کتابوں کو جن میں اسلام کی صداقت ظاہر کی گئی ہے۔ کس قدر لغو اور فضول ہے مرزاصاحب کی چھوٹی بڑی کتابیں اور رسالے تقریباً ۸۲ ہیں۔ ان تمام کتابوں اور رسالوں میں مرزاصاحب نے بلا ربط اور مناسبت جو کچھ لکھا وہ اپنی مجددیت، مہدویت، مسیحیت اور رسالت ونبوت کے ثبوت میں مختلف رنگ اور گوناگوں پینترے بدلے رفتہ رفتہ اسلام اور اسلامی روایات اور انبیاء علیہم السلام اور صالحین پر ہاتھ صاف کرتے گئے۔ مرزاصاحب کے دجل اور کذب کو ظاہر کرنے کے لئے علماء نے اپنا فریضہ ادا کیا تو گالی گلوچ پر اتر آئے۔ اگر کسی نے اس بدخلقی پر اعتراض کیا تو جواب دیا کہ قرآن گالیوں سے پر ہے۔ حضور ﷺ نے مخالفوں کو گالی دی تھیں۔ علماء نے ختم نبوت وغیرہ استدلال بالحدیث پیش کیا تو حدیث کو یہ کہہ کر ردی کی ٹوکری میں پھینکنے کے قابل ہیں، جھوٹے اور جعلی معجزات اور نشانوں کا پلندہ تیار کیا۔

واقعات نے اس کو غلط ثابت کیا تو کہہ دیا کہ پہلے انبیاء کی پیش گوئیاں بھی غلط نکلی تھیں۔ رسول اللہ ﷺ نے بھی بعض الہامات کو صحیح نہیں سمجھا۔

محمدی بیگم اور عبداللہ آتھم وغیرہ کی پیش گوئیاں جو بالکل صاف غلط ثابت ہوئیں، ان کی توجیہات وتاویلات میں سرتوڑ کوشش کی علماء اور اکابرامت کے سب وشتم میں پورازور صرف کردیا اور ان کے اوراق سیاہ کرتے گئے اور ساتھ ہی اصول اور روایات اسلام کا انکار اور اپنی مدح سرائی اور اسلاف کا تخطیہ کرتے گئے۔ مرزاصاحب کے مصنفات، مثلاً: سراج منیر، نزول المسیح، تریاق القلوب، تحفہ گولڑویہ، اعجاز احمدی وغیرہ کو ملاحظہ کیا جائے۔ اسلام کی حقانیت اور حضور ﷺ کی رسالت اسلامی عقائد اور روایات کے ثبوت میں ایک دلیل ایک برہان بھی نہیں ملے گا۔ کہیں کہیں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ممات پر کچھ بیان ہوگا جس میں دلائل اور براہین کا رنگ نہیں، بلکہ اس اولوالعزم کی شان میں استہزاء وتمسخر کا پہلو قوی ہوگا۔ اللہ اکبر!

کس قدر عدل وانصاف سے عاری ہوا مختار مدعاعلیہ۔ مرزاصاحب کی کتابوں کو بھی اسلام کی صداقت پر تصنیفات کہتا ہے۔ اگر ان کو اسلامی روایات کی تردید اور دشمنانہ تمسخر سے تعبیر کیا جائے تو زیبا ہے۔ اگر ان مصنفات میں کہیں کہیں حضور ﷺ کے متعلق کوئی مدح کا لفظ آتا ہے تو وہ بھی آنحضرت ﷺ کی سیرت مبارک اور اخلاق عالیہ اور تعلیم میں اور اس کے فلسفہ وحکمت پر بیان نہیں، بلکہ اس میں اپنی صفائی منوانے کے لئے فدائیت اور غلامی کا دعویٰ کر کے حضور ﷺ کی عینیت وہمسری تک پہنچنا مقصود ہوتا ہے اور بس۔

مرزاصاحب اور ان کے مریدوں کے مصنفات میں مذہب اسلام اور بانیٔ اسلام سے جو دشمنی کی گئی ہے اور عیسائیوں اور آریوں کو کھلے لفظوں میں حملے کرنے کا موقع دیا گیا ہے وہ پادری ایس. پال مدیر نور افشاں کی معذرت نامہ مرزاصاحب اور اس کے دیباچہ کے ملاحظہ سے ظاہر ہے۔

پھر مختار مدعاعلیہ نے الذریۃ البغایا کی دوسری توجیہ یہ کی ہے کہ جو لوگ حضور ﷺ کو چھوڑ کر عیسیٰ علیہ السلام کو باپ مانتے ہیں۔ اس لئے استعارۃً ان کو ذریۃ البغایا کہا گیا اور مسلمانوں پر جن کا اعتقاد حضور ﷺ کے متعلق یہ ہے کہ:

بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

یہ الزام غلط عائد کیا۔" اور آنحضرت ﷺ جو امت کے حقیقی اور روحانی باپ ہیں انہیں چھوڑ کر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو حضور ﷺ پر فضیلت دینا اور حضور کو چھوڑ کر ان کو اپنا باپ تسلیم کرنا ہے تو وہ بھی اس بدکار عورت کے مشابہ ہے۔ پس ایسے لوگوں کو استعارۃً ذریۃ البغایا قرار دیا جانا، بالکل درست ہے۔"

یہ مختار مدعاعلیہ کی خیانت ہے کہ اس نے مسلمانوں پر ایک واجب الاحتراز الزام لگایا ہے کہ وہ حضرت عیسیٰ کو حضور ﷺ پر فضیلت دیتے ہیں اور حضور ﷺ کو چھوڑ کر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو باپ بناتے ہیں۔ **ان ھذا الا بھتان عظیم!** مگر بایں ہمہ مختار مدعاعلیہ نے بغایا کا معنی بدکار عورت تو تسلیم کرلیا ہے۔ لیکن محض فریب اور خدع کر کے مسلمانوں کو ذریۃ البغایا کہنے کی جواز کی وجہ حضور ﷺ کا چھوڑنا اور عیسیٰ علیہ السلام کو ان پر فضیلت دینا بتلایا ہے۔ حالانکہ مرزاصاحب نے ان لوگوں کو ذریۃ البغایا کہا جو مرزا کے دعویٰ کو نہ مانیں اور اس کی مہمل مصنفات کو بنظر محبت نہ دیکھے۔ اصل عبارت مرزاصاحب کی یہ ہے: "**تلک کتب ینظر الیھا کل مسلم بعین المحبۃ والمودۃ وینتفع من معارفھا ویقلبنی ویصدق دعوتی الا ذریۃ البغایا الذین ختم اللہ علیٰ قلوبھم فھم لا یقبلون**" (آئینہ کمالات اسلام ص۵۴۷،۵۴۸، خزائن ج۵ ص ایضاً) جس کا ترجمہ لفظی یہ ہے: یہ کتابیں ہیں ان میں ہر ایک مسلمان محبت اور مودت کی آنکھ سے نظر کرے گا

اوران کے معارف سے نفع اٹھائے گا۔مگروہ زانیہ عورتوں کی اولاد جن کے دلوں میں اللہ تعالیٰ نے مہر ماردی ہے سووہ قبول نہیں کریں گے۔

آئینہ کمالات کی اصل عبارت اوراس کے لفظی ترجمہ سے واضح ہے۔مرزاصاحب نے ان تمام مسلمانوں کو ذریۃ البغایا یعنی زانیہ عورتوں کی اولاد کہا ہے جو مرزاصاحب کے دعاوی یعنی مہدی ہونا، مسیح ہونا، نبی ورسول ہونا عین محمد ﷺ ہونا نہیں مانتے۔

مسلمان اپنی دینی اور دنیاوی فلاح کی مدار حضور ﷺ کی غلامی سمجھتے ہیں۔مگر مرزائی حضور ﷺ کی غلامی پر اکتفاء نہ کر کے مدارایمان اور مدارنجات مرزاصاحب کی غلامی سمجھتے ہیں۔اس لئے مختار مدعا علیہ کے استدلال پر استعارۃً مرزاصاحب کی امت کو ذریۃ البغایا کہنے کی ایک وجہ ہوسکتی ہے۔مگر مسلمان اس حقیقت الامری سے بخوبی واقف ہیں کہ جب سے مذہب اور تہذیب کا سنگ بنیاد رکھا گیا ہے اور باہمی مشاجرات اوراختلافات کا سلسلہ شروع ہوا ہے۔کسی مہذب اور شائستہ انسان نے اپنے مخالف کو اپنی بات منوانے کے لئے کبھی یہ نہیں کہا کہ جو میری بات نہ مانے گا اور میرے دعویٰ کو تسلیم نہ کرے گا وہ حرامزادہ ہے۔ہاں! چھوٹے نادان بچے کھیلتے وقت ایک دوسرے کو ایسا کہہ دیتے ہیں۔حضرات انبیاء علیہم السلام کی قابل اقتداء سیرت ان سفیہانہ حرکات سے مقدس ہوا کرتی ہے۔یہ مرزاصاحب کے اخلاق کا نمونہ ہے۔بایں ہمہ رسول اللہ ﷺ کی ہمسری اور عینیت کا دعویٰ ہے:

چہ نسبت خاک را بعالم پاک

مختار مدعا علیہ کا یہ کہنا کہ مرزاصاحب ان کتابوں کے متعلق (جن میں اسلام کی حقانیت اور حضور ﷺ کی فضیلت کا ذکر ہے) فرماتے ہیں کہ:''ہرایک مسلمان ان کو بنظر استحسان دیکھتا ہے۔''یہ بالکل جھوٹ ہے اصل عبارت اوپر لکھی جاچکی ہے جس کا ترجمہ یہ ہے کہ ہرایک مسلمان محبت کی نگاہ سے دیکھے گا،مگر جو زانیہ عورتوں کی اولاد ہیں جن کے دلوں پر مہر لگی ہوئی ہے۔مختار مدعا علیہ نے (ایام الصلح ٹائٹل پیج،خزائن ج۱۴ص ۲۲۸) کی یہ عبارت:''ہماری اس کتاب میں اور رسالہ فریاد درد میں وہ نیک چلن پادری اور دوسرے عیسائی مخاطب نہیں جو اپنی شرافت ذاتی کی وجہ سے فضول گوئی اور بدگوئی سے کنارہ کرتے ہیں اور دل دکھانے والے لفظوں سے ہمیں دکھ نہیں دیتے اور نہ ہمارے نبی ﷺ کی توہین کرتے ہیں اور نہ ان کی کتابیں سخت گوئی اور توہین سے بھری ہوئی ہیں،ایسے لوگوں کو بلاشبہ ہم عزت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور وہ ہماری ذاتیات پر بدگوئی سے حملہ کرتے یا ہمارے نبی ﷺ کی شان بزرگ میں توہین آمیز باتیں منہ پر لاتے ہیں اوراپنی کتابوں میں شائع کرتے ہیں۔سو ہماری اس کتاب اور دوسری کتابوں میں کوئی لفظ یا کوئی اشارہ ایسے معزز لوگوں کی طرف نہیں جو منہ پر بدزبانی اور کمینگی کے طریق کو اختیار نہیں کرتے۔''

اور (لجۃ النور ص ۶۷،خزائن ج۱۶ص ۴۰۹) کے ترجمہ کی یہ عبارت:''ہم خدا کی پناہ مانگتے ہیں نیک علماء کی ہتک سے اور شرفاء اور مہذب لوگوں پر اعتراض کرنے سے خواہ وہ مسلمانوں میں سے ہوں یا عیسائیوں یا آریوں میں سے بلکہ ہم ان تینوں اقوام کے لئے بیوقوفوں میں سے بھی صرف ان لوگوں کا ذکر کرتے ہیں جو اپنی بدزبانی اور برائی ظاہر کرنے میں لوگوں میں مشہور ہوچکے ہیں۔لیکن وہ جو اس قسم کی برائی سے بری ہے اوراپنی زبان کو روکتا ہے،ہم بھلائی سے یاد کرتے ہیں اور بھائیوں کی طرح اس سے محبت کے ساتھ پیش آتے ہیں۔''

اوراسی طرح (الہدیٰ ص ۶۸،خزائن ج۱۸ص ۳۱۴ حاشیہ) کی عبارت:''ولیس کلامنا ہذا فی اخیارھم بل فی اشرارھم ''یعنی''ہمارا ایسا کلام نیک علماء کے حق میں نہیں ہے بلکہ صرف شریروں کے حق میں ہے''نقل کر کے یہ دھوکا دینا چاہا ہے کہ الذریۃ البغایا سے مراد وہی لوگ ہیں جو مرزاصاحب کے حق میں بدزبانی اور برائی ظاہر کرتے تھے اوراس کی تائید میں''ایام الصلح''اور''لجۃ النور''اور''الہدیٰ''کی عبارتیں پیش کردی ہیں۔حاشاوکلا......ان عبارتوں کو اصل الزام کے دفع کرنے میں ادنیٰ تناسب بھی نہیں۔

اس عبارت میں مرزاصاحب کہتے ہیں ہرایک مسلمان میری کتابوں کو محبت کی نگاہ سے دیکھے گا اور میرے دعویٰ کی تصدیق کرے

گا مگر حرامزادے لوگ جن کے دلوں پر اللہ تعالیٰ نے مہر لگا دی ہے۔

مرزا صاحب کی دشنام دہی کی علت مرزا صاحب کے دعویٰ کو نہ ماننا ہے اور اس کی تصدیق نہ کرنا ہے۔ اب مرزا صاحب کا دعویٰ ہے کہ میں نبی ہوں۔ پس وہ مسلمان (خواہ عالم ہوں یا جاہل ہو یا عربی یا عجمی) جو مرزا صاحب کو نہیں مانتا وہ مرزا صاحب کے اس بیان کے مطابق الذریۃ البغایا میں سے ہے۔

## ازواج مطہراتؓ کی توہین

ہمارا اعتراض یہ تھا کہ امہات المومنین کا لقب صرف حضور سرور عالم ﷺ کی ازواج مطہرات کے لئے خاص ہے۔ دوسرے انبیاء علیہم السلام کی ازواج کو امہات المومنین نہیں کہا جاتا۔ مرزا صاحب کی امت، مرزا صاحب کی بیوی کو ام المومنین (جو لقب خصوصی ازواج مطہرات) کہہ کر ازواج مطہرات کی توہین کرتے ہیں۔ اس کے جواب میں مختار مدعا علیہ ایک بھی سند شرعی پیش نہ کر سکا۔ نہ کتاب سے، نہ حدیث سے، نہ کتب عقائد سے، نہ تصریحات فقہاء سے۔ محض اپنے قیاس سے ایک اختراعی نتیجہ پیش کیا ہے کہ جب کہ ہر ایک نبی امت کے لئے باپ ہیں تو اس کی بیوی ضرور اس امت کی ماں ہوگی۔ حالانکہ یہ قیاس نہیں۔ حضرت لوط علیہ السلام اور حضرت نوح علیہ السلام کی بیویاں کافرہ تھیں۔ وہ کیونکر مومنین کی مائیں ہوسکتی ہیں۔ چونکہ حضور ﷺ کی ازواج کی تطہیر نص قرآنی سے ثابت تھی۔ اس لئے بنص قطعی قرآن حکیم ان کو امہات المومنین کہا گیا۔ لہٰذا اس خصوصیت کو عام کر کے اس ام المومنین کا لقب کسی دوسرے شخص کی بیوی کے لئے استعمال کرنا یقیناً ازواج مطہرات کی توہین ہے۔ نیز صرف سوال یہ تھا کہ کسی نبی حتیٰ کہ حضرت آدم کی زوجہ مطہرہ ام بنی آدم کو بھی ام المومنین کا لقب عطاء نہ ہوا، اس کا کوئی بھی ایک نقل ضعیف سے ضعیف پیش کر کے جواب نہ دیا۔ لہٰذا توہین بہر حال قائم رہی۔

## حضرت فاطمۃ الزہراءؓ کی توہین

مختار مدعا علیہ نے مرزا صاحب کا واقعہ کشفی بیان کر کے حضرت پیر سید عبدالقادر جیلانی اور مولانا فضل الرحمٰن صاحب گنج مراد آبادی کے خوابوں کو الزاماً پیش کیا ہے اور اس سے مرزا صاحب کے کشف کو خواب کا واقعہ قرار دینا کافی سمجھتا ہے۔ حالانکہ مختار مدعا علیہ کا یہ قیاس قیاس مع الفارق ہے۔ یہ دونوں بزرگ نہ نبی ہیں اور نہ مدعی نبوت اور مرزا صاحب مدعی نبوت اور مختار مدعا علیہ کے نزدیک نبی ہیں، نبیوں کے خواب وحی ہوتے ہیں اور وساوس شیطانی سے پاک۔ جیسا کہ خود مرزا صاحب (حمامۃ البشریٰ ص۱۳، خزائن ج۷ ص۱۹۰) میں لکھتے ہیں: ''ولا یخفی علیک ان رؤیا الانبیاء وحی'' اور (ازالہ اوہام ص۲۱۱، خزائن ج۳ ص۲۰۴) میں ہے۔ نبی کی خواب تو ایک قسم کی وحی ہوتی ہے اور اسلامی عقیدہ بھی یہی ہے۔ چنانچہ (روح المعانی پارہ۱۶ ص۳۳) میں ہے: ''ان رویاء الانبیاء والھاماتھم وحی'' نیز گواہان مدعا علیہ نے جرح میں بھی اسے تسلیم کر لیا ہے۔ جب کہ مرزا صاحب مختار مدعا علیہ کے نزدیک نبی ہیں اور نبی کی وحی الٰہی ہیں اور وہ دخل شیطانی سے پاک ہوتی ہے اور مرزا صاحب کا حضرت فاطمۃ الزہراءؓ کی ران مبارک پر سر رکھنا مشاہدہ عینی سے بھی کہیں زیادہ قوی الثبوت ہوگا۔ یہی وجہ ہے کہ انبیاء علیہم السلام کی خوابیں ایسے واقعات سے پاک ہوتی ہیں۔

## بیت اللہ کی توہین

مرزا صاحب نے سرزمین قادیان کو ارض حرم قرار دیا ہے:

زمین قادیان اب محترم ہے    ہجوم خلق سے ارض حرم ہے

(درثمین اردو ص۵۶)

نیز مرزا صاحب کے بیت الفکر کو ''من دخلہ کان آمنا'' ماننا جس پر ہماری طرف سے یہ اعتراض ہوا کہ مرزا صاحب نے قادیان کو ارض حرم قرار دے کر بیت اللہ کی توہین کی ہے اور مختار مدعا علیہ جواب جرح میں کہہ چکا ہے کہ یہ ہمارا عقیدہ ہے اس کے جواب میں مختار مدعا علیہ نے یہ بیان کیا ہے۔

۱...... گواہ مدعا علیہ نمبر ۱ نے جرح کے جواب میں ہرگز یہ نہیں کہا کہ ہمارا عقیدہ ہے بلکہ گواہ مدعا علیہ نمبر ۱ نے یہ تسلیم کیا تھا کہ شعر مذکورہ مرزا صاحب کا ہے۔

الجواب: یہ مختار مدعا علیہ کی غلط بیانی ہے ورنہ جرح مارچ ۱۹۳۳ء کو اپنا عقیدہ ہونا تسلیم کر چکا ہے۔ عدالت خود فرمائے یہ اس کا انکار بھی قابل تعجب ہے۔ ایک طرف مرزا صاحب کو نبی مانتا ہے جس کا ہر قول وفعل حجت ہوتا ہے۔ دوسری طرف مرزا صاحب کے صریح حکم کہ: ''قادیان کی زمین ارض حرم ہے'' پر عقیدہ ہونے سے انکار کیا ہے۔ مرزا صاحب کی نبوت بھی ایک عجیب چیز ہے کہ مرزا صاحب کہتے ہیں کہ قادیان کی زمین ارض حرم ہے، مگر ان کی امت کا ایک فرد یہ کہتا ہے کہ میرا یہ عقیدہ نہیں۔

۲...... ''مرزا صاحب نے زمین قادیان کو ہجوم خلق کی وجہ سے ارض حرم کے ساتھ تشبیہ دی ہے۔''

الجواب: مختار مدعا علیہ کا دیدہ ودانستہ یہ ایک مغالطہ ہے یا علوم عربیہ کی ناواقفی ہے۔ کیونکہ علماء عربیت نے تصریح کی ہے کہ تشبیہ میں عموماً حرف تشبیہ کا ہونا ضروری ہے اور مرزا صاحب کے شعر میں کوئی حرف تشبیہ نہیں۔

۳...... یعنی جس طرح لوگ محض دین کی خاطر حج کے لئے ارض حرم ہجوم کرتے ہیں۔ یہاں بھی ہجوم کرنا دین ہی کے لئے ہے۔ کیونکہ اعلاء دین کے لئے تجویزیں سوچی جاتی ہیں۔ اسلام کی اور نبی کریم ﷺ کے فضائل بیان ہوتے ہیں۔

الجواب: بالکل غلط ہے قادیان میں خداتعالیٰ کی تعلیم اور رسول خدا ﷺ کے ارشادات کی تحریف اسلامی روایات کی تکذیب، عقائد اسلامی کی تعطیل سکھلائی جاتی ہے۔ پھر سب سے زیادہ نقصان رساں پہلو یہ ہے کہ یہ سب کچھ اسلام کے نام پر کیا جاتا ہے۔ عیسائی اور آریہ جو اسلام کے دشمن ہیں وہ مشن قادیان کے کاموں سے بہت خوش ہیں اور مرزا صاحب اور ان کی جماعت کے شکرگزار ہیں۔ عیسائیوں کے خیالات وافکار ذریۃ البغایا کے ضمن میں بیان کر چکا ہوں۔ اب آریہ کی اخبار آریہ دھرم کا ایک حوالہ پیش کرتا ہوں۔ ''اسلامی عقائد کو متزلزل کرنے میں احمدیت نے آریہ سماج کو ایسی امداد دی ہے جو کام آریہ سماج صدیوں میں انجام دینے کے قابل ہوتا وہ احمدی جماعت کی جدوجہد نے برسوں میں کر دکھایا۔ بہرحال آریہ سماج کو مرزا صاحب اور ان کے مقلد اور مرید مرزائیوں کا مشکور ہونا چاہئے۔

(آریہ ویر ۲۲/۱۴؍ مارچ ۱۹۳۲ء ص۱۴ کالم۱)

یہ ہے سرزمین قادیان کے کارنامے جس کو مختار مدعا علیہ اعلائے دین کے تجاویز اور فضائل نبی کریم ﷺ کے بیان کرنے کا مرکز بتلا رہا ہے۔ قادیان وہ زمین ہے، جہاں کے مدعی نبوت نے رسول اللہ ﷺ کی عینیت کا دعویٰ کیا۔ حضور ﷺ کے ظہور کو ہلال اور اپنے ظہور کو چودھویں کا چاند بتلایا ہے۔ حضور ﷺ کی اجتہادی غلطیاں گنوائیں، مگر اپنی غلطیوں کی کوئی لسٹ نہیں۔ مرزا صاحب پر اعتراض کو حضور ﷺ کی ذات مقدس پر چسپاں کیا۔ قادیان کی زمین سے یہ آواز نہیں اٹھی:

محمد پھر اتر آئے ہیں ہم میں ۔۔۔ اور پہلے سے بڑھ کر اپنی شان میں
محمد دیکھنے ہوں جس نے اکمل ۔۔۔ غلام احمد کو دیکھے قادیاں میں

(اخبار البدر قادیان مؤرخہ ۲۵؍ اکتوبر ۱۹۰۶ء ص۱۴)

۴...... اور کسی چیز کو کسی سے تشبیہ دینے سے مشبہ کی توہین نہیں ہوا کرتی، بلکہ مشبہ بہ سے اس کی فضیلت اور برتری ثابت ہوتی ہے۔

الجواب: اوّلاً مرزا صاحب کے شعر میں تشبیہ نہیں۔ کیونکہ تشبیہ کے لئے حرف تشبیہ کا ہونا شرط ہے جو یہاں مفقود ہے۔ ثانیاً قادیان میں جو ہجوم خلق ہوتا ہے وہ اعلائے دین اور ذکر فضائل رسول مدنی نہیں ہوتا، بلکہ بنیاد کے اکھیڑنے اور رسول قدنی کی برتری کے لئے ہوتا ہے۔

ثالثاً بفرض محال اگر مختار مدعا علیہ کے زعم کے مطابق بھی مان لیا جائے تو کیا کسی وصف کے پائے جانے سے حقائق شرعیہ اور مصطلحات دینیہ کا اطلاق بھی ہو جاتا ہے۔ انبیاء کو سچی خوابیں آتی ہیں۔ پس جس شخص کو سچی خوابیں آئیں کیا مختار مدعا علیہ اس کو بھی رسول اور نبی کہے گا جس کتاب میں خدا تعالیٰ اور اس کے رسول علیہ السلام کا ذکر ہو۔ مختار مدعا علیہ اس کو قرآن حکیم کہے گا اور ساتھ ہی یہ بھی کہے گا کہ سچی خواب دیکھنے والے شخص کو نبی کہنے اور اس کتاب کو قرآن کہنے میں انبیاء اور قرآن کی فضیلت و برتری ثابت ہے۔ غالباً ہرگز نہیں کہے گا۔ یہ تو تمام جھوٹے مدعیان نبوت کو سلیقہ رہا ہے کہ مصطلحات اسلامی کو ہمیشہ اپنے لئے ثابت کرتے رہتے ہیں۔

۵...... لیکن بزرگان اسلام نے ایک شعر میں دل کو کعبہ بلکہ ہزار کعبہ سے بہتر بتایا ہے مشہور شعر:

دل بدست آور کہ حج اکبر است...... الخ!

الجواب: مختار مدعا علیہ نے ایک شعر نقل کیا جس کو بزرگان دین و اسلام کا شعر بتایا ہے یہ کس قدر بدیہی مغالطہ ہے کہ یہ شعر بہرحال کسی ایک شاعر کا ہوگا نہ مجموعہ بزرگان اسلام نے مل کر یہ شعر بنایا ہوگا۔ محض دھوکا دینے اور اس شعر کو بلند پایہ ظاہر کرنے کی خاطر بزرگان اسلام کی طرف منسوب کر دیا ہے۔

یہ شعر اس قدر بے اصل ہے کہ کب مختار مدعا علیہ نے اس شعر کو پیش کیا تو میرے سخت اصرار اور مطالبہ کے باوجود یہ نہ بتلا سکا کہ یہ کس شخص کا شعر ہے اور کس کتاب میں ہے۔ پس ایک ایسے قول سے کہ نہ جس کے قائل کا پتہ ہے اور نہ کسی کتاب کا حوالہ ہے۔ استدلال کرنا کتنا ہی لغو ہے۔ احکام و مسائل اصول و دلائل سے ثابت ہوتے ہیں نہ زید و بکر کے اقوال سے۔

۶...... بعض نے فرمایا کہ حقیقی کعبہ تو دل ہی ہے۔ چنانچہ علم الکتاب میں لکھا ہے...... الخ!

الجواب: یہ صرف ان کی کتب سے ناواقفی ہے۔ ان کی اصطلاح میں ہر مہبط تجلیات کعبہ کہلاتا ہے یا کوہ طور مگر اسے مقام حج ''من دخلہ کان آمنا'' مصداق نہیں بناتے۔ بخلاف مرزا صاحب اور مرزا محمود صاحب کے کہ سالانہ جلسہ ہی کی حاضری حقیقی حج بتاتے ہیں۔ جیسا کہ آگے آئے گا۔ پس یہ لوازم بتاتے ہیں کہ وہاں مجازی معنی شاعرانہ تخیل کی بناء پر مراد نہیں، بلکہ حقیقی مقابلہ ہے۔

مزید برآں اور تمام حرمین کے مقامات مقدسہ کے بھی نمونہ و نام بنا رکھے ہیں۔

۳...... نیز جب کہ اس کے نزدیک قرآن مجید میں صرف بیت اللہ کو حرم قرار دیا گیا ہے تو کیا رسول اللہ ﷺ کے مدینہ منورہ کو حرم قرار دینے سے بھی توہین حرم کعبہ لازم آتی ہے؟

الجواب: عدالت خود غور فرمائے کہ مختار مدعا علیہ نے مرزا صاحب اور آنحضرت ﷺ کے ساتھ شان ہمسری دکھلاتے ہوئے کس طریقہ سے کہہ دیا ہے کہ اگر مرزا صاحب کے قادیان کو حرم بنانے سے توہین کعبہ لازم آتی ہے تو رسول اللہ ﷺ کے مدینہ منورہ کو حرم قرار دینے سے بھی کعبہ کی توہین لازم آتی ہے۔ گویا مرزا صاحب کا قادیان کو حرم قرار دینا ایسا ہے جیسا رسول اللہ ﷺ کا مدینہ منورہ کو حرم قرار دینا اگر حضور ﷺ کا فعل توہین ہے تو یہ بھی توہین ہو سکتا ہے، ورنہ نہیں۔ مختار مدعا علیہ کے اس جواب سے یہ ثابت ہوگیا کہ قادیان کا حرم ہونا بطور تشبیہاً نہیں، بلکہ علی سبیل الحقیقۃ ہے۔ مختار مدعا علیہ نے جو پہلے توجیہ کی تشبیہ کی تھی وہ غلط ہے۔ کیونکہ مدینہ منورہ کا حرم ہونا حقیقتاً ہے نہ تشبیہاً۔

جیسا کہ بخاری میں ہے آنحضرت ﷺ فرماتے ہیں کہ اے اللہ! حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مکہ کو حرم بنایا اور میں مدینہ کو عیر وثور کے مابین حرم قرار دیتا ہوں......الخ! (الحدیث)

نیز یہ ثابت ہوگیا کہ مختار مدعا علیہ مرزاصاحب کو نبی تشریع مانتا ہے کسی شہر یا زمین کو حرم قرار دینا ایک حکم شرعی ہے اور جس کی قرارداد سے کوئی نیا حکم شرعی ثابت ہو جائے۔ اس کو لابد نبی صاحب شریعت ماننا پڑے گا۔ ملاحظہ ہو (اربعین نمبر۴ ص۷،۸، خزائن ج۱۷ ص۴۳۶) ''اللہ نے اپنے نفس پر یہ حرام نہیں کیا کہ تجدید کے طور پر کسی مامور سے یہ احکام صادر کرے کہ جھوٹ مت بولو، زنا نہ کرو، خون نہ کرو۔ ظاہر ہے ایسا بیان کرنا بیان شریعت ہے جو مسیح موعود کا بھی کام ہے۔''

شریعت اسلامیہ میں ارض حرم صرف مکہ اور مدینہ منورہ ہیں۔ اب مرزاصاحب نے قادیان کی زمین کو بھی ارض حرم قرار دیا ہے۔ سو اس کا جواب یہ ہے کہ حضور ﷺ صاحب شریعت رسول اور شارع ہیں۔ آپ ﷺ کے تخصیص وتعین سے احکام ثابت ہوتے ہیں۔ آپ کا قول وفعل اصول دین میں سے ایک اصل ہے جس سے احکام شرعیہ کا ثبوت ہوتا ہے۔ آپ کا شان'' ما ینطق عن الھویٰ'' ہے۔

۴...... کیا مختار مدعیہ مولوی عبدالمالک صاحب پنشنر مشیر مال ریاست بہاولپور والد ماجد مولوی اختر علی صاحب منتظم آبادی کو بھی کافر ومرتد قرار دے گا، جنہوں نے جامع مسجد بہاولپور کے قریب ایک چھوٹی سی مسجد کو مسجد اقصیٰ کی مثال اور کعبہ قرار دیا ہے......الخ!

الجواب: مولوی اختر علی صاحب منتظم آبادی کے والد ماجد مولوی عبدالملک صاحب کے اشعار میں نہ کوئی کفر وارتداد کا کلمہ ہے اور نہ مختار مدعیہ کے نزدیک وہ کافر ومرتد ہیں۔ ہاں! مختار مدعا علیہ اپنے مذہب اور اصول کو اور اپنے رسول قدنی اور اپنے واجب الاطاعۃ خلیفہ ثانی مرزامحمود صاحب کی تصریحات کے مطابق مولوی صاحب ممدوح کو دیگر کروڑہا مسلمانوں کی طرح کافر سمجھنے پر مجبور ہے۔ کیونکہ مولوی صاحب مرزاصاحب کو نہ نبی مانتے ہیں اور نہ اس کی بیعت میں داخل ہیں اور مرزامحمود صاحب (آئینہ صداقت ص۳۵) میں فرماتے ہیں: ''ہر وہ مسلمان جو حضرت مسیح موعود کی بیعت میں داخل نہیں ہوا، خواہ اس نے مسیح کا نام تک بھی نہ سنا ہو، وہ کافر دائرہ اسلام سے خارج ہے۔ میں تسلیم کرتا ہوں کہ یہ میرے عقائد ہیں۔'' پھر (ص۸۶) پر ''پکا کافر'' بتاتے ہیں۔

باقی رہا کہ اس مسجد کو مسجد اقصیٰ کی مثال اور کعبہ کہنا کوئی توہین نہیں۔ کیونکہ جس طرح کعبہ اور مسجد اقصیٰ کو بیت اللہ کہا جاتا ہے، ایسا ہی تمام مساجد کو بیت اللہ اور خدا کا گھر بھی کہا جاتا ہے۔ اس میں بیت اللہ کی کوئی توہین نہیں ہوتی۔ بخلاف زمین قادیان کے وہ زمین حرم نہیں ہوسکتی۔

حضرت شیخ الہند مرحوم کے اشعار کا جواب حوالہ جات حسام الحرمین وغیرہ کے سلسلہ میں دیا جائے گا اور معلوم ہو جائے کہ محض یہ مغالطہ ہی مغالطہ ہے۔

۵...... مرزاصاحب کے الہام ''من دخلہ کان آمنا'' سے جو مسجد مبارک کے متعلق ہے، حرم بیت اللہ کی خصوصیات میں کوئی نہیں......الخ!

الجواب: مرزاصاحب کا قادیان کی زمین کو ارض حرم قرار دینا، پھر ''من دخلہ کان آمنا'' کا الہام ایجاد کرنا، صاف طور پر ظاہر کر رہا ہے کہ مرزاصاحب قادیان کو مکہ معظمہ اور مسجد مبارک کو خانہ کعبہ قرار دیتے ہوئے نئی دنیا، نیا آسمان، نئی زمین، نیا موسیٰ، نیا عیسیٰ اور نیا محمد ﷺ حتیٰ کہ نیا خدا کے اصول پر نیا کعبہ اور نئی حرم بنا رہے ہیں۔ باقی رہا یہ کہ مرزاصاحب سوء خاتمہ سے امن کی تصریح کرتے ہیں۔ اس کی وجہ ظاہر ہے کہ قادیان زیرنگین حکومت انگیریزی تھا۔ اس کے سامنے مرزاصاحب کو اپنے الہامات کی قدر وقیمت بخوبی معلوم تھی کہ حکومت انگریزی کسی ایسے مجرم کو جو مسجد مبارک میں جاکر پناہ لے مواخذہ سے مامون نہیں چھوڑے گی۔ پھر کیوں مرزاصاحب اپنے الہام کی

ایسی تشریح کرتے جو قانون انگریزی کے مزاحم ہو۔ ہاں! مرزا صاحب کو ایسا اقتدار حاصل ہو جاتا تو پھر اس الہام میں ہر طرح کی امن کا روح بھی پھونک دیتے۔

الغرض قادیان کی زمین کو ارض حرم قرار دینا پھر ’’من دخلہ کان آمنا ‘‘ کا الہام ہونا یہ سب کچھ مکہ معظّمہ اور مسجد الحرام سے استغناء حاصل کرنے کا سنگ بنیاد ہے جس سے یقیناً ارض حرم اور بیت اللہ کی توہین ہوتی ہے۔

## حج کی توہین

مختار مدعا علیہ نے اس کے جواب میں چند وجوہ بیان کی ہیں جن کے حوالہ جات پیش کر کے علیحدہ علیحدہ جواب دینے کی ضرورت نہیں۔ ان سب وجوہ کا محیط جواب یہ ہے کہ حج مصطلحات شرعیہ میں سے ایک لفظ ہے جس کے معنی بشرائط مخصوصہ، ایام مخصوصہ میں ارکان مخصوصہ کو امکنہ مخصوصہ میں ادا کرنا ہے۔ مصطلحات شرعیہ اپنے اپنے معنوں میں حقیقت ہوا کرتے ہیں۔ پس سالانہ جلسہ قادیان کو حج کہنا، گویا ایک مصطلح شرعی لفظ کو اس کے معنی میں استعمال کرنا ہے جس میں مصطلح معنی کی توہین ہے۔ خصوصاً جب کہ قادیان کی زمین ارض حرم قرار دی گئی اور مسجد مبارک کو مسجد الحرام کی طرح ’’من دخلہ کان آمنا ‘‘ کا مصداق ٹھہرایا گیا ہو اور سالانہ جلسہ کو حج بلکہ حقیقی حج کہا گیا ہو تو اب حج کی توہین میں کیا کسر باقی رہی۔

کسی کا نام محمد یا احمد یا اسماعیل رکھنا، اس میں توہین کا شائبہ تک نہیں۔ کیونکہ اعلام میں وضع جدید ہوتی ہے۔ جیسا کہ علوم عربیہ میں مصرح ہے۔

## مقبرہ بہشتی

مختار مدعا علیہ نے مقبرہ بہشتی کی ایجاد کے جواز میں حسب ذیل مغالطے دیئے ہیں۔ اوّل: یہ کہ مرزا صاحب نے وحی الٰہی پر یہ کہا کہ اس جگہ وہی دفن ہو جو اللہ تعالیٰ کے علم میں بہشتی ہوگا۔ دوم: حضرت مجدد صاحب کا قول کہ جو شخص میرے روضہ کی ایک مشت خاک اپنی قبر میں ڈالے اس کے نجات کے واسطے امید عظیم ہے۔ سوم: مجدد صاحب کے ایک گورستان میں جانے کی وجہ سے عذاب موقوف ہوگیا۔

(مقامات امام ربانی)

الجواب: مغالطہ اوّل مختار مدعا علیہ کا موجب تعجب ہے۔ مرزا صاحب کہتے ہیں کہ جو اس گورستان میں دفن ہوگا وہ بہشتی ہو جائے گا۔ گویا اس گورستان میں داخل ہونا بہشتی بننے کا کفیل ہے اور مختار مدعا علیہ مرزا صاحب کے خلاف منشاء یہ بیان کر رہا ہے۔ جو بہشتی ہوگا اس گورستان میں دفن ہوگا۔ پھر لطف یہ کہ مرزا صاحب نے مقبرہ بہشتی کا داخلہ بیمہ کمپنی کے اصول پر رکھا ہے کہ اس گورستان میں وہی دفن کیا جائے جو اپنی جائیداد کا ۱۰/۱ حصہ سلسلہ کی ملکیت میں منتقل کر دے اور پھر ضابطہ اس کے اور بھی شرائط ہیں۔ مگر اپنی اولاد مستثنٰی ہے۔

اور پھر لطف یہ کہ مرزا صاحب خود اور ان کا خاندان اس ٹکٹ داخلہ کی فیس سے مستثنٰی ہے۔ آج قادیان کے کاروبار کا اکثر دارومدار اسی قبرستان کی آمدنی پر چل رہا ہے۔ حضور ﷺ نے روضہ اور منبر کے درمیانی حصہ کو بہشت فرمایا تھا۔ مرزا صاحب نے تمام گورستان کو بہشت قرار دے کر مقبرہ نبوی کی سخت توہین کی۔ اس کے احترام خصوصی کے مقابل اس سے کئی حصہ بڑا اور ٹکڑا زمین لے کر اس کے ہمسر بنایا۔

مغالطہ دوم یہ کہ مقامات امام ربانی کا حوالہ اس انداز میں نقل کیا، گویا مقامات امام ربانی مجدد صاحب کی تصنیف ہے۔ حالانکہ کسی اور شخص کی تصنیف ہے جو ارباب علم کے نزدیک معتبر نہیں اور خوش اعتقادی کا مجموعہ ہے۔ دوسرے غور کرنے سے معلوم ہوگا کہ دونوں میں بڑا

کچھ زیادہ فرق ہے۔ مغالطہ سوم کو اصل جواب سے کوئی تعلق نہیں۔ اس میں تخفیف اور رفع عذاب کا ذکر ہے۔ کسی قبرستان کے بہشتی ہونے کا کوئی ذکر نہیں۔ نیز یہ حوالہ بھی مقامات امام ربانی کا ہے جس کا حال اوپر بیان ہوچکا۔

بہرحال اس توہین کا بھی کوئی معقول جواب نہ ہوسکا۔ صرف تاویلات پر اکتفاء کی گئی۔ مفصل اثبات توہین کے لئے ملاحظہ ہو بحث ابتدائی مختار مدعیہ۔

## کیا تکفیر وجہ ارتداد وفسخ نکاح ہوسکتی ہے

تعجب ہے کہ بلاوجہ اس میں اس قدر طول طویل بحث شروع کر دی۔ جب کہ گواہان مدعا علیہ اور خود مرزاصاحب کو ''احد المکفرین'' کا کافر ہونا مسلم ہے۔

ملاحظہ ہو جرح گواہ مدعا علیہ نمبر۱، مؤرخہ ۱۱؍مارچ ۱۹۳۳ء ''جو مسلمان کی تکفیر کرتا ہے۔ مگر وہ مسلمان کافر نہیں تو کفر عود کرتا ہے۔''

''نیز گواہ نمبر۲، مؤرخہ ۲۱؍مارچ ۱۹۳۳ء جس میں تکفیر سے عود کفر کا حدیث کی تائید سے اقرار کیا ہے۔''

نیز ملاحظہ ہو قول مرزاصاحب۔

اور یہ تو متفقہ مسئلہ ہے۔ بخاری ومسلم میں مصرح حدیث میں موجود ہے کہ: ''**من قال لاخیہ یا کافر**'' (الحدیث) وغیرہ کہ دوسرے کو کافر کہنے والا اگر وہ کافر نہیں تو یہ ضرور کافر ہو جاتا ہے۔ اب ایک صورت تھی کہ اس کا جواب دیا جاتا کہ مرزاصاحب نے یا خلیفہ صاحب نے یہ نہیں لکھا یا کوئی معقول توجیہ کرتے۔ مگر بلاوجہ طویل بحث چھیڑی۔ لہٰذا مرزاصاحب اوران کے خلیفہ کے مندرجہ ذیل عبارات کے بعد اس میں کوئی بھی شبہ نہیں رہ سکتا کہ تمام مسلمان روئے زمین اولیا، علماء، صلحاء، سلاطین اسلام سب بہ یک قلم ان کے نزدیک کافر ودائرہ اسلام سے خارج ہیں، پکے کافر شیطان اور جہنمی ہیں۔

## کفر کا فتویٰ

''بہرحال جب کہ خدائے تعالیٰ نے مجھ پر ظاہر کیا ہے کہ ہر ایک شخص جس کو میری دعوت پہنچی ہے۔ اس نے مجھے قبول نہیں کیا وہ مسلمان نہیں۔''
(حقیقت الوحی ص۱۶۳، خزائن ج۲۲ ص۱۶۷)

''کفر دو قسم پر ہے...... تابس۔ اس لئے کہ وہ خدا اور رسول کے فرمان کا منکر ہے، کافر ہے اور اگر غور سے دیکھا جائے تو یہ دونوں قسم کے کفر ایک ہی قسم میں داخل ہیں۔''
(حقیقت الوحی ص۱۷۹، خزائن ج۲۲ ص۱۸۵)

اس عبارت کا مفہوم صاف ہے کہ مرزاصاحب کے منکر اسی قسم کے کافر ہیں جس قسم کے کافر حضرت نبی کریم ﷺ کے منکر ہیں۔ کیونکہ محولہ بالا دونوں قسم کے کفر ایک ہی قسم میں داخل ہیں۔

## مرزاصاحب کا منکر شیطان ہے

اپنے بے شمار نشانات ظاہر وبیان کر کے لکھتے ہیں: ''لیکن پھر بھی جو لوگ انسانوں میں سے شیطان ہیں وہ نہیں مانتے۔''
(چشمہ معرفت ص۳۱۷، خزائن ج۲۳ ص۳۳۲)

ملاحظہ فرمائیں کہ دنیا کے چالیس کروڑ مسلمان جو مرزاصاحب کے نشانات یا ان کے مجدد ومسیح وغیرہ ہونے پر ایمان نہیں رکھتے اور نہیں مانتے وہ سب شیطان ہیں۔

## مرزاصاحب کی بیعت میں نہ داخل ہونے والاجہنمی ہے

۱...... ’’مجھے خدا کا الہام ہوا ہے جوشخص تیری پیروی نہ کرے گا اور تیری بیعت میں نہ شامل ہوگا اور تیرا مخالف رہے گا وہ خدا اور رسول کی نافرمانی کرنے والا جہنمی ہے۔‘‘ (مجموعہ اشتہارات ج۳ص۲۷۵)

۲...... ’’اب ظاہر ہے کہ ان الہامات میں میری نسبت بار بار بیان کیا گیا ہے کہ یہ خدا کا فرستادہ خدا کا ماموراور خدا کا امین اور خدا کی طرف سے آیا ہے، جوکچھ کہتا ہے، اس پر ایمان لاؤ اور اس کا دشمن جہنمی ہے۔‘‘ (انجام آتھم ص۶۲، خزائن ج۱۱ص۶۲ حاشیہ)

اس میں تمام روئے زمین کے مسلمانوں کوصرف اپنے نہ ماننے کی وجہ سے جہنمی قرار دے دیا۔

## خلیفہ محمود صاحب کا تمام مسلمانوں کو کافر دائرہ اسلام سے خارج ہونے کا فتویٰ

’’سوم یہ کہ کل مسلمان جو حضرت مسیح موعود کی بیعت میں شامل نہیں ہوئے، خواہ انہوں نے حضرت مسیح موعود کا نام بھی نہیں سنا وہ کافر دائرہ اسلام سے خارج ہیں۔ میں تسلیم کرتا ہوں کہ میرے یہ عقائد ہیں۔‘‘ (آئینہ صداقت ص۳۵، انوارالعلوم ج۶ص۱۱۰)

## جوبھی مرزاصاحب کونہیں مانتا اور بیعت میں نہیں وہ پکا کافر ہے

’’جولوگ مرزاصاحب کورسول نہیں مانتے، خواہ آپ کوراست باز ہی منہ سے کیوں نہ کہتے ہوں، وہ پکے کافر ہیں۔‘‘

(آئینہ صداقت ص۸۶، انوارالعلوم ج۶ص۱۵۱)

اب ملاحظہ فرمائیں کہ تمام روئے زمین کے چالیس کروڑ مسلمان، اولیاء، صوفیاء، علماء وسلاطین اسلام ونوابان سب بلاتأمل پکے کافر ہے اور گواہ مدعاعلیہ نمبر۱ نے مؤرخہ ۱۲؍مارچ ۱۹۳۳ء میں کہہ دیا کہ چاہے وہ کروڑوں کیا سنکھوں ہوں۔ اب اس کے بعد جس قدر بھی تاویلات مختار مدعاعلیہ نے کی ہیں وہ سب اصولاً بالکل غیر متعلق اور طبع زاد ہوگئیں۔ مرزاصاحب اور خلیفہ دوم صاحب کی تصریحات نے ان کا خاتمہ کر دیا۔ پس تمام دنیا کو کافر کہہ کر جوخود بتسلیم مرزاصاحب وگواہان مدعاعلیہ کافر اور مرتد ہوئے جس کے بعد فسخ نکاح تو مسلم مسئلہ ہے۔

## مختار مدعاعلیہ کی تاویلات کا خلاصہ

۱...... اگر تکفیر وجہ ارتداد اور فسخ نکاح ہوسکتی ہے تو تمام فرقہ ہائے اسلام ایک دوسرے کی تکفیر کر کے مرتد ہوجائیں گے...... الخ!

۲...... (منہاج السنۃ ج۳ص۶۱) پر ہے کہ خوارج حضرت علیؓ کو بالاتفاق کافر کہتے تھے، مگر یہ ثابت نہیں کہ حضرت علیؓ نے تکفیر کی وجہ سے انہیں مرتد قرار دیا ہو۔

۳...... گواہ مدعیہ نمبر۱ نے مؤرخہ ۲۱؍اگست کو تسلیم کیا کہ جن ائمہ نے اس حدیث کی بناء پر کسی کو کافر کہا، ان کو کافر نہیں کہا جاسکتا۔

۴...... گواہ مدعیہ نمبر۱ کا اقرار ہے کہ ہم مولوی احمد رضا خان صاحب کو کافر نہیں کہتے نہ کافر سمجھتے ہیں۔

۵...... اوّل تو بحث نہیں کہ احمدی مسلمانوں کو کیا سمجھتے ہیں اور تصحیح بھی کرلیں تو محض تکفیر وجہ کفر وارتداد نہیں بنا سکتی۔

۶...... آئینہ صداقت کی تاویلات مختلف عبارات سے۔

۷...... میرا دشمن جہنمی ہے۔ اس پر حوالہ (منصب امامت ص۶۳،۶۴)

۸...... مختار مدعیہ کا اس کو اس پر محمول کرنا کہ یہ وہ ہیں جولوگ دعویٰ اسلام کا کرتے ہیں اور ان کا ایمان اور اسلام ظاہر اور کفر پوشیدہ اور دعویٰ کی تصدیق اسلامی شعائر سے کرتے ہیں۔ شریعت سے دست بردار نہیں درست نہیں۔ عبارت! (منصب امامت ص۹۴)

۹...... پس جب ان لوگوں سے بقول حضرت مولانا شہید معاملات جائز ہیں تو احمدی مردوں سے جو مسلمان ہوں گے، مدعی اور شریعت اسلامیہ سے دست بردار نہیں اور اپنے دعویٰ کی تصدیق اسلامی شعائر بجالا کر کرتے ہیں۔ ان سے نکاح وغیرہ حرام کیوں قرار دیا جاتا ہے۔

الجوب:

۱...... جو فرقہ اسلام کے ایک دوسرے کو کافر کہتے ہیں، اس کی بناء کوئی اصول کا اختلاف نہیں بلکہ محض غلط فہمی ہے۔ مثلاً علماء بریلی اور علماء دیوبند کا متفقہ اصول ہے کہ ادنیٰ سی توہین نبی کریم ﷺ کفر ہے۔ پھر بریلی کے علماء کو ایک عبارت سے غلط فہمی ہوئی اور اسی اصول پر فتویٰ کفر لگا دیا۔ علماء دیوبند کو اطلاع ہوئی، انہوں نے انکار اور صفائی پیش کر دی۔ بس صرف غلط فہمی ہے۔ ورنہ تکفیر کوئی بھی نہیں۔ برابر ایک دوسرے کے پیچھے نمازیں پڑھتے۔ شادی بیاہ کے تعلقات قائم، جنازوں کی شرکت موجود کسی مسجد پر آج تک کوئی بھی مقدمہ نہ ہوا۔ بخلاف مرزاصاحب کے متبعین سے کتنے مقدمات ہوئے۔ شاہ جہان پور کی مسجد کا مقدمہ تولاء جرنل الہ آباد میں چھپ کر نظیر بن چکا ہے۔

پس تکفیر کرنے والا بوجہ غلط فہمی معذور ہے۔ کافر نہیں اور جس کی تکفیر کی وہ بوجہ خلاف واقعہ ہونے اور اس سے ملوث ہونے کی وجہ سے مسلمان ہے، کسی کا کفر لازم نہ آیا...... صرف مغالطہ و غلط فہمی رہی۔

بخلاف مرزاصاحب کے متبعین کے ان کے ساتھ ہمارا اصولی اختلاف ہے۔ ان کے نزدیک بعد آنحضرت ﷺ کے نبی ماننا جزو ایمان ہمارے نزدیک کفر خالص، ان کے نزدیک مرزاصاحب کی بیعت میں داخل ہونا ایمان، ہمارے نزدیک کفر۔ پس وہ ہمیں کافر کسی غلط فہمی پر نہیں کہتے، بلکہ اصولی اختلاف مرزاصاحب کے ماننے اور بیعت میں نہ شامل ہونے سے کافر خارج از اسلام اور پکا کافر سمجھتے ہیں۔ پس اگر ہم چالیس کروڑ مسلمانوں کے کفر کا فیصلہ ہو جائے تو ضرور مرزاصاحب کے متبعین تو بلا کسی غلط فہمی کے اصولاً انہیں باوجود مسلمان ہونے کے دائرہ اسلام سے خارج اور پکا کافر کہنے والے یقیناً اور قطعاً کافر و مرتد ہوں گے جن کا نکاح مسلمہ طور پر فسخ ہونا چاہئے۔

۲...... منہاج السنۃ کے حوالہ میں صرف یہ ہے کہ انہیں ثابت نہ ہوا کہ حضرت علیؓ نے اس وجہ سے انہیں مرتد قرار دیا ہے۔ یہ بزرگ حنفی نہیں بلکہ حنبلی ہیں۔ ملاحظہ ہو (جرح گواہ مدعاعلیہ نمبر۱، مؤرخہ ۱۲؍مارچ ۱۹۳۳ء) اور ان کی یہ ذاتی رائے ہے کہ ان سے اسلامی تعلقات قائم رہے۔ مگر (مسلم شریف ج۱، باب بیان الخوارج ص۳۳۰، ۳۴۳) میں صریح حدیث موجود ہے کہ انہیں مرتد قرار دے کر اور سخت ترین دشمن اسلام سمجھ کر حضرت علیؓ نے ان سے جہاد کیا ہے۔ لہٰذا یہ حوالہ کچھ بھی مختار مدعاعلیہ کو مفید نہیں، کیونکہ صحیح مسلم میں ان سے جہاد ثابت ہے کیا مسلمانوں سے بھی جہاد ہوتا ہے؟

۳...... گواہ مدعیہ نمبر۱ نے ''مولوی احمد رضا خان صاحب کو کافر نہیں سمجھتے۔'' ضرور کہا اسی کے ساتھ مندرجہ ذیل کوٹیشن بھی اسی تاریخ کی جرح اور سوالات مکرر کے ملاحظہ ہوں۔

اگر ''کسی کی عبارت سے ضروریات دین کا انکار سمجھا جائے تو اس کو کافر کہنے والا معذور سمجھا جائے گا۔''

''جن لوگوں نے ضروریات دین سے انکار سمجھ کر کافر ٹھہرایا یہ مسلمان رہیں گے۔ گو یہ فی نفسہ غلط ہو۔''

''لیکن تحقیقات میں غلطی ممکن بلکہ اکثر واقع ہے۔''

''احمد رضا خان صاحب کے اقوال کو کفر نہیں کہتے۔ ممکن ہے ان کا فتویٰ اس بناء پر ہو کہ دیوبند والوں نے کسی ضروریات دین کا انکار کیا۔ ہمارے نزدیک ان کا فرض تھا بلکہ ہر ایک کا فرض ہے کہ ضروریات دین کے منکر کو کافر کہے، گو وہ تحقیق فی الواقع صحیح نہیں۔''

''تکفیر دیوبند والوں کی غلط فہمی اور مسلمہ اصول پر ہے جسے وہ بھی کفر کہتے ہیں اور برأت ظاہر کرتے ہیں۔'' اسی طرح حدیث: ''من ترک الصلوٰۃ'' کے ظاہری مفہوم سے کسی کو کافر کہنے کا حکم۔ پس یہ نمبر۳،۴ دونوں کا جواب ہوگیا۔ (سوالات مکرر)

۵،۴...... تکفیر مسلمین بھی منجملہ وجوہ کفر کی ایک وجہ کفر ہے۔ جیسا کہ اوپر تمہید میں مسلمات سے پیش کر چکا ہوں بلکہ اسے منجملہ وجوہ پنجگانہ کفریہ کے وجہ پنجم قرار دیا ہے۔ اب تو مختار مدعا علیہ کو ہی مسلم ہونا چاہئے۔

۶...... آئینہ صداقت کی عبارت میں تاویلات ناممکن ہیں، عدالت میری پیش کردہ عبارات اصل کتاب سے ملاحظہ فرمائے، کہیں بھی کسی قسم کی تاویل کی گنجائش نہیں۔ یہ صرف مغالطہ ہے۔ جیسا کہ اوپر معلوم ہو چکا۔

۸،۷...... اوپر بھی اس سے قبل یہ (منصب امامت ص۶۳،۶۴) کا حوالہ حل ہو چکا ہے۔ وہاں کہیں بھی امام وقت کے نہ ماننے پر تکفیر اور کافر خارج از اسلام، پکا کافر، کافر، شیطان، جہنمی نہیں قرار دیا۔ عبارت کا مطلب بالکل واضح ہے۔ اصل عبارت ملاحظہ فرمالیجئے۔ نیز مولانا شہید کا حوالہ بھی جوڈیشل اصولی پر غیر مسلم ہے۔

۹...... مولانا شہید نے جن لوگوں سے تعلقات جائز رکھے ہیں، ان کا کفر پوشیدہ اور اسلام ظاہر تھا اور یہاں کفر اظہر من الشمس ہے۔ نیز وہ مسلمانوں کے پیچھے نماز پڑھتے تھے اور یہاں اعلان ہے کہ: ''ہمارا فرض ہے کہ ہم غیر احمدیوں کو مسلمان نہ سمجھیں اور ان کے پیچھے نماز نہ پڑھیں۔ ہمیں ہندوؤں کی طرح سمجھ کر لڑکی نہ دیں۔ ہمارے بچہ تک کی نماز جنازہ حرام سمجھیں۔'' پھر تمام ضروریات دین کا کھلا ہوا انکار اور کوئی کفر یہ نہیں جسے نہ کرتے ہوں۔ پھر یہ ان پر کیونکر قیاس کئے جاسکتے ہیں۔ حضرت مولانا نے تو انہیں منافقین کی طرح قرار دیا ہے۔ اصل بحث میں منصب امامت کی یہ تمام عبارات معہ اظہار خیانت پیش کر چکا ہوں اعادہ نہیں کرتا۔

## کیا غیر احمدی یعنی مسلمان اہل کتاب نہیں

یہاں اہل کتاب کا لفظ لغوی معنی کی حیثیت سے زیر بحث نہیں بلکہ گفتگو یہ ہے کہ باوجود اس امت میں نہ ہونے یا کافر ہونے کے نکاح کن اہل کتاب سے جائز ہے اور قرآن پاک نے لفظ اہل کتاب کن لوگوں کے واسطے استعمال کیا ہے۔ اس لحاظ سے مسلمان ہرگز اہل کتاب نہیں بلکہ پہلی امتوں کے لوگ اہل کتاب کہلاتے ہیں۔ ملاحظہ ہو (جرح گواہ نمبر۲ مدعا علیہ مؤرخہ ۲۱؍مارچ ۱۹۳۳ء) بجواب سوال اہل کتاب کسے کہتے ہیں: ''قرآن سے پہلے جن قوموں کو کتاب کی صورت میں ہدایت دی گئی اور وہ اسی کتاب کو مانتے ہیں، وہ خدا کی طرف سے اتری ہیں۔ وہ اہل کتاب ہیں۔'' اسی میں خصوصیت سے لفظ قرآن سے پہلے کا قابل غور ہے۔ پس مسلمان کسی طرح اہل کتاب کی تعریف میں نہیں آسکتے۔

نیز گواہ مدعا علیہ نمبر۱ قرآن میں اہل کتاب کا لفظ یہود ونصاریٰ پر استعمال ہوا ہے نہ مسلمانوں پر۔ (جرح گواہ مدعا علیہ نمبر۱، مؤرخہ ۷؍مارچ ۱۹۳۳ء) الخ! پس مسلمان ان کے نزدیک بھی وہ اہل کتاب نہیں کہ جن کی لڑکیوں سے نکاح جائز ہو جائے، بلکہ کافر ہے اور کافر کی لڑکی سے نکاح جائز ہی نہیں۔ پس اس وجہ سے بھی ان کے مسلمات سے نکاح فسخ ہونا چاہئے۔

خلاصہ تاویلات:

۱...... قرآن بھی تو کتاب ہے اور غیر محرف ہے۔ پس جب محرف کتاب والے اہل کتاب ہوئے تو مسلمان اہل کتاب کیوں نہ ہوں۔

۲...... پس مسلمان کی لڑکیاں ہم اہل کتاب سمجھ کر لیتے ہیں۔ لہٰذا مدعی کا دعویٰ خارج ہونا چاہئے۔

الجواب:

۱...... مسلمان کافر ومرتد ہونے کے بعد اہل کتاب نہیں رہتا جب کہ مسلمان اس کے نزدیک ایسا کافر ہے کہ اس کو لڑکی دینا یوں ہے جیسے ہندو کافر کو ملاحظہ ہو (ملائکۃ اللہ ص۴۶، انوار العلوم ج۵ ص۴۴۰) تو اسے صرف اپنی مطلب برآری اور ان کی لڑکیاں لینے کے واسطے اہل کتاب کیونکر قرار دے سکتے ہیں جب تک ان پر سے فتویٰ کفر واپس لینے کا اعلان نہ کریں۔ ان کے نزدیک اہل کتاب نہیں ہوسکتے۔

۲...... کا جواب بھی ضرور نہیں۔ اوّل تو یہ اٹکل اور قیاس محض ہے۔ دوسرے گواہ نمبر۲ مدعا علیہ کا قول (جرح مؤرخہ ۲۱/مارچ ۱۹۳۳ء) اس کی صاف تردید کررہا ہے۔ لہٰذا یہ لڑکی کسی طرح ان کے نکاح میں نہیں رہ سکتی۔ وہ ان کے نزدیک کافر ہے تو بھی یہ اس کے نزدیک کافر ہیں تو بھی، کیونکہ مسلمان اور کافر میں سلسلہ ازدواج ناممکن ہے۔ ''**لاھن حل لھم ولاھم یحلون لھن** (الآیۃ)''

## کیا مدعیہ مشرکہ ہے

اس کا تعلق حیات مسیح سے تھا اور اس کے خارج کرنے پر عدالتی نوٹ موجود ہے۔ لہٰذا اس پر کچھ عرض نہیں کرتا۔

## علاوہ اختلاف عقائد کے بھی نکاح فسخ ہونا چاہئے

اس سلسلہ میں مندرجہ ذیل مسلم کش احکام مرزا صاحب اور ان کے متبعین کے پیش کئے گئے تھے۔

### (۱) تمام اہل اسلام کافر خارج از دائرہ اسلام ہیں

۱...... ''سوم یہ کہ کل مسلمان جو حضرت مسیح موعود کی بیعت میں داخل نہ ہوئے، خواہ انہوں نے ان کا نام بھی نہ سنا ہو وہ کافر اور دائرہ اسلام سے خارج ہیں۔ میں تسلیم کرتا ہوں کہ یہ میرے عقائد ہیں۔'' (آئینہ صداقت ص۳۵، انوار العلوم ج۶ ص۱۱۰)

۲...... ''جو لوگ مرزا صاحب کو رسول نہیں مانتے، خواہ آپ کو راستباز ہی منہ سے کیوں نہ کہتے ہوں وہ پکے کافر ہیں۔''

(آئینہ صداقت ص۸۶، انوار العلوم ج۶ ص۱۵۱)

۳...... ''لکھنؤ میں ایک آدمی سے ہم ملے جو بڑا عالم ہے۔ اس نے کہا کہ آپ لوگوں کے بڑے دشمن ہیں جو یہ مشہور کرتے پھرتے ہیں کہ آپ ہم لوگوں کو کافر کہتے ہیں، میں یہ نہیں مان سکتا کہ آپ ایسے وسیع حوصلہ رکھنے والے ایسا کہتے ہوں، اس سے شیخ یعقوب علی صاحب باتیں کررہے تھے۔ میں نے ان لوگوں کو کہا کہ آپ کہہ دیں کہ واقع میں ہم آپ لوگوں کو کافر کہتے ہیں، یہ سن کر وہ حیران سا ہوگیا۔''

(انوار خلافت ص۹۲، انوار العلوم ج۳ ص۱۴۹،۱۵۰)

### (۲) دینی معاملات میں کوئی بھی اتحاد نہیں

''دنیا کے معاملات میں ہم دوسروں کے ساتھ ایک ہیں۔ لیکن دین کے معاملہ میں فرق ہے۔ اس میں ایک نہیں ہوسکتے اور سمجھدار آدمی اس کو خوب سمجھتے ہیں۔'' (انوار خلافت ص۹۲، انوار العلوم ج۳ ص۱۶۹)

### (۳) آپس میں اصولی اختلاف بھی ہے اور فروعی بھی

''احمدیوں اور غیراحمدیوں میں اصولی اختلاف ہے۔'' (نہج المصلی ص۲۷۴)

(جرح گواہ مدعا علیہ مؤرخہ یکم/مارچ ۱۹۳۳ء) ''احمدی اور غیراحمدی میں اصولی اختلاف بھی ہے اور فروعی بھی۔''

(جرح گواہ مدعا علیہ نمبر۲، مؤرخہ ۲۰/مارچ و نمبر۱ مؤرخہ یکم/مارچ ۱۹۳۳ء)

### (۴) کسی مسلمان کے پیچھے نماز جائز نہیں

''ہمارا یہ فرض ہے کہ ہم غیراحمدیوں کو مسلمان نہ سمجھیں اور ان کے پیچھے نماز نہ پڑھیں۔''

(انوار خلافت ص۹۰، انوار العلوم ج۳ ص۱۴۸)

’’غیراحمدی کے پیچھے نماز پڑھنا جائز نہیں، جائز نہیں، جائز نہیں۔‘‘ (انوارخلافت ص۸۹، انوارالعلوم ج۳ص۱۴۷)

## (۵) غیراحمدی کے بچہ کا بھی جنازہ مت پڑھو

’’پس غیراحمدی کا بچہ بھی غیراحمدی ہی ہوا۔اس لئے اس کا جنازہ بھی نہیں پڑھنا چاہئے۔‘‘

(انوارخلافت ص۹۳، انوارالعلوم ج۳ص۱۵۰)

## (۶) مسلمانوں سے رشتہ وناطہ جائز نہیں

’’غیراحمدیوں کولڑکی دینے سے بڑا نقصان پہنچتا ہے اور علاوہ اس کے کہ وہ نکاح جائز ہی نہیں تا اسی کے خیالات واعتقادات کو اختیار کر لیتے ہیں اور اس طرح اپنے دین کو برباد کر لیتے ہیں۔‘‘ (برکات خلافت ص۷۳، انوارالعلوم ج۲ص۲۱۰)

’’حضرت مسیح موعود کا حکم اور زبردست حکم ہے کہ کوئی احمدی غیراحمدی کو اپنی لڑکی نہ دے۔‘‘

(برکات خلافت ص۷۵، انوارالعلوم ج۲ص۲۱۱)

## (۷) غیراحمدی مسلمان ہندو اور عیسائی کی طرح کافر ہیں اس لئے انہیں لڑکی نہ دو

’’جو شخص غیراحمدی کو رشتہ دیتا ہے، وہ یقیناً حضرت مسیح موعود کو نہیں سمجھتا اور نہ یہ جانتا ہے کہ احمدیت کیا چیز ہے؟ کیا کوئی غیراحمدیوں میں ایسا بے دین ہے جو کہ ہندو عیسائی کو اپنی لڑکی دے۔ان لوگوں کو تم کافر کہتے ہو مگر تم سے اچھے رہے کہ کافر ہو کر بھی کسی کافر کو لڑکی نہیں دیتے۔مگر تم احمدی کہلا کر کافر کو دیتے ہو۔‘‘ (ملائکۃ اللہ ص۴۶، انوارالعلوم ج۵ص۴۴۰)

جرح گواہ مدعا علیہ نمبر۱، مؤرخہ ۱۱؍مارچ ۱۹۳۳ء

## (۸) مخالفین کو موت کے گھاٹ اتارنا

’’اب زمانہ بدل گیا ہے۔دیکھو پہلے جو مسیح آیا تھا اسے دشمنوں نے صلیب پر چڑھایا، مگر اب مسیح اس لئے آیا کہ اپنے مخالفین کو موت کے گھاٹ اتار دے۔‘‘ (عرفان الٰہی ص۹۳،۹۴)

## (۹) مخالفین کو سولی پر لٹکانا

’’خداتعالیٰ نے آپ کا نام عیسیٰ رکھا ہے تاکہ پہلے عیسیٰ کو تو یہودیوں نے سولی پر لٹکایا تھا، مگر آپ (مرزاغلام احمد صاحب) اس زمانہ کے یہودی لوگوں کو سولی پر لٹکائیں۔‘‘ (تقدیر الٰہی ص۲۹)

## (۱۰) ساری دنیا کو جب تک پورے طور پر احمدی نہ ہو دشمن سمجھیں گے

’’ساری دنیا ہماری دشمن ہے۔جب تک ایک شخص خواہ ہم سے کتنی ہمدردی کرنے والا ہو، پورے طور پر احمدی نہیں ہو جاتا، وہ ہمارا دشمن، ہماری بھلائی کی صرف ایک صورت ہے، وہ یہ کہ تمام دنیا کو اپنا دشمن سمجھیں۔‘‘

(خطبہ خلیفہ قادیان مندرجہ الفضل جرح گواہ مدعا علیہ نمبر۱، مؤرخہ ۲؍مارچ ۱۹۳۳ء)

## (۱۱) ظاہری محبت کا اظہار صرف مسلمانوں کو شکار کرنے کے واسطے ہے

’’شکاری (احمدی) کو کبھی غافل نہ ہونا چاہئے اور اس امر کا برابر خیال رکھنا چاہئے کہ شکاری (مسلمان) بھاگ نہ جائے یا ہم پر

ہی حملہ نہ کردے۔‘‘ (خطبہ جمعہ خلیفہ دوم جرح مؤرخہ ۱۲؍مارچ ۱۹۳۳ء)

## (۱۲) تمام مسلمانوں کی جان ومال وایمان سے عزیز ترین ہستی کی توہین

’’بالکل صحیح بات ہے کہ ہر شخص ترقی کرسکتا ہے اور بڑے سے بڑا درجہ پاسکتا ہے۔ حتیٰ کہ محمد ﷺ سے بھی بڑھ سکتا ہے۔‘‘

(ڈائری خلیفہ قادیان الفضل مؤرخہ ۱۷؍جولائی ۱۹۲۲ء)

’’ظلی نبوت نے مسیح موعود کے قدم کو پیچھے نہیں ہٹایا بلکہ آگے بڑھایا اور اس قدر آگے بڑھایا کہ نبی کریم کے پہلو بہ پہلو کھڑا کیا۔‘‘ (کلمۃ الفصل ص۱۱۳)

## (۱۳) مرزاصاحب اور ﷺ میں (عیاذاً باللہ) ذرابرابر فرق نہیں

’’من فرّق بینی وبین المصطفی فما عرفنی وما رای‘‘ (خطبہ الہامیہ ص۱۷۱، خزائن ج۱۶ ص۲۵۹)

اور جو شخص مجھ میں اور محمد مصطفیٰ ﷺ میں فرق سمجھتا ہے اس نے نہ مجھے دیکھا اور نہ مجھے پہچانا۔

(خطبہ الہامیہ ص۱۷۱، خزائن ج۱۶ ص۲۵۹)

## مرزاصاحب کے خلیفہ کی سرور کائنات ﷺ سے انتہائی دشمنی

’’مرزاصاحب بلحاظ ذہنی استعداد اور ارتقاء حضور ﷺ سے فضیلت رکھتے ہیں۔‘‘ (قادیانی ریویو جون ۱۹۳۰ء)

دیگر حوالہ جات بسلسلہ ہیڈنگ محمد رسول اللہ ﷺ گزرچکے ہیں۔

مسلمان لڑکیاں اس کے نزدیک کتیوں سے بدتر ہیں۔

’’ہمارے دشمن جنگلوں کے سور ہوگئے اور ان کی عورتیں کتیوں سے بدتر ہیں۔‘‘ (نجم الہدیٰ ص۱۰، خزائن ج۱۴ ص۵۳)

## حوالہ جات مذکورہ بالا کی تصدیق وتوثیق

’’میرے نزدیک مرزاصاحب اور خلیفہ اور خلیفہ ثانی کے اقوال سند ہیں اور اس کے سواء میرے نزدیک کوئی اور شئے سند نہیں۔

گواہ مدعاعلیہ نمبر۲ نے مرزامحمود صاحب اور ان کی تصانیف پر اپنا ایمان ہونا بتایا ہے۔

اب ان مذکورہ بالا اصولی وفروعی اسلام وکفر کے اختلاف اور رسول ﷺ کی دشمنی کے ہوتے ہوئے وہ لڑکی اس کے گھر کیونکر بس سکتی ہے۔ نماز اس کے ساتھ جائز نہیں وہ مرجائے تو جنازہ بھی نہ پڑھا جائے، اس جیتی کو موت کے گھاٹ اتارنے کے واسطے مرزاصاحب مبعوث ہوئے ہیں۔ انتہائی خلوص کے بعد بھی اسے دشمن سمجھنا ان کا اوّلین فرض، اسے سولی دینا، ان کا کار منصبی، وہ غریب ان کے گھر کتیوں سے بدتر رہے گی وہ دشمن ہے۔ جب تک پورے طور پر احمدی نہ ہوجائے۔ نیز اور اختلافات مذکورہ ان حالات میں دنیا کی کوئی بھی عدالت اس قسم کا نکاح باقی نہیں رکھ سکتی بلکہ فوراً اس کا فسخ کرانا ضروری ہوگا۔

مزید برآں یہ امر بھی قابل لحاظ ہے کہ وہ لوگ اپنی لڑکیاں ہمیں ہندوؤں کی طرح سمجھ کر صرف اس لئے نہیں دیتے کہ لڑکیاں چونکہ کمزور طبع ہوتی ہیں۔ ان کے عقائد سے فطرۃً متاثر ہوکر دین برباد کرلیں گی۔ پھر مسلمانوں کی لڑکیاں کیوں طلب کرتے ہیں وہ غریب بھی یہی عذر مساویانہ رکھتے ہیں کہ یہ لوگ چونکہ کافر ومرتد اللہ اور اس کے رسول اللہ ﷺ، انبیاء کرام، صحابہ وائمہ واولیاء امت کے دشمن ہیں۔ پس ہماری لڑکیاں بھی ویسی ہی ہوجائیں گی۔ اس لحاظ سے بھی فسخ نکاح لازم ہے۔

خلاصہ تاویلات:

۱...... مختار مدعیہ نے جس سادگی سے اس شبہ کا اظہار کیا ہے وہ قابل داد ہے۔ احمدیوں کے گھر سولی کھڑی ہوتی ہیں جہاں کوئی مسلمان عورت پہنچی انہوں نے سولی لٹکائی۔

۲...... خلیفہ ثانی نے جس دشمنی کا ذکر فرمایا ہے وہ وہی ہے جو مولوی لوگوں کی طرف سے ہو رہی ہے...... الخ!

۳...... مختار مدعیہ کو مسلم ہے کہ ایک مسلمان بنص قرآن ایک یہودی عورت سے نکاح کر سکتا ہے۔ حالانکہ یہود مسلمانوں اور اسلام سے اشدالناس عداوت رکھتے ہیں۔ پھر احمدی مرد سے نکاح کیوں درست نہیں۔

۴...... چونکہ اوّلاً بہر حال احمدی ہوگی۔ پس اس کی نماز جنازہ کا سوال پیدا نہیں ہوسکتا۔

۵...... اگر اس قسم کے امور جواز شادی میں مانع ہوئے ہیں تو یہودی ونصرانی سے بھی رشتہ جائز ہونا چاہئے۔

۶...... جب کہ یہودی اور نصرانی سے جائز ہے تو احمدی کی اسلامی فرقوں کی لڑکی سے کیوں جائز نہ ہوگی۔

۷...... مرزاصاحب نے عورتوں کے ساتھ سلوک کرنے کا لکھا ہے۔　　(کشتی نوح ص۱۷، خزائن ج۱۹ ص۱۹)

<u>الجواب:</u>

۱...... اس طرز خطاب کو عدالت خود ہی ملاحظہ فرمائے۔ باقی یہ امر تو واقعاتی شہادت سے متعلق رکھتا ہے۔ کیا مستری حاجی محمد حسین صاحب بٹالوی شہید کی شہادت اس کے واسطے کافی نہیں۔ کیا وہ سینکڑوں اس قسم کے واقعات جو زمیندار اور مباہلہ کے فائل پر تمام دنیا میں طشت از بام ہو چکے ہیں اور ایک بھی تردید نہ کر سکے۔ اس تاویل کو باطل قرار نہیں دیتے۔ عدالت اجازت نہ دے گی۔ ورنہ تفصیلاً تمام حوالے خلیفہ محمود صاحب کے اس حکم پر عملدرآمد کے پیش کر سکتا ہوں۔

۲...... ہرگز مولوی لوگوں والی دشمنی کا وہاں ذکر نہیں۔ وہاں تو صاف صاف لفظ ہیں کہ: ''ساری دنیا ہماری دشمن ہے۔ جب تک ایک شخص خواہ ہم سے کتنی ہمدردی رکھنے والا ہو، پورے طور پر احمدی نہیں ہوجاتا، وہ ہمارا دشمن ہے۔'' ملاحظہ فرمائیں انتہائی ہمدردی رکھنے والے کو بھی دشمن فرما رہے ہیں۔ جب تک پورے طور پر احمدی نہ ہوجائے۔ اس میں تو کسی تاویل کی گنجائش ہی نہیں۔ شاید یہ عبارت دیکھے بغیر مختار مدعا علیہ نے یہ تاویل گھڑی ہو۔ ورنہ یہاں تو تمام تاویلات کا انہوں نے خود ہی سدباب کر دیا ہے۔

۳...... دشمنان اسلام یہودیوں کی لڑکی لینا مسلم ہے۔ مگر اپنی لڑکی انہیں دینا تو حرام قطعی ہے۔ پس اگر مرزاصاحب کے متبعین اپنی لڑکی مسلمانوں کو دینا چاہیں تو یہ عذر تاویل شاید ایک حد تک مفید ہو۔ یہاں تو دشمنان اسلام اور کافر ومرتد ہو کر مسلمان کی لڑکی لینا چاہتے ہیں جو بالاتفاق حرام ہے۔ مسلم لڑکی کسی مرتد، کافر کی کسی اہل کتاب یہودی ونصرانی کے نکاح میں بھی بالاتفاق نہیں جاسکتی۔ قطعاً حرام ہے۔

۴...... اولاد کا احمدی ہونا ہی نکاح کے فسخ کو چاہتا ہے کہ مسلمہ کے بطن کا بچہ کافر ہوگا۔ یہ وجہ بھی مدعیہ کے فسخ نکاح کی ایک کڑی ہے۔ نیز مدعیہ کے جنازہ کی نماز اور مسلمانوں کی طرح تو بہر حال بتسلیم مختار مدعا علیہ تجہیز وتکفین نہیں ہوسکتی۔ پس کس طرح اس کے گھر بس سکتی ہے جہاں اس کے جنازہ سے بھی کفار والا معاملہ کیا جائے گا اور بلانماز جنازہ کافروں اور مرتدوں کی طرح وہ گڑھے میں ڈال دی جائے گی۔

۵...... یہودی ونصرانی سے رشتہ صرف اسی قدر جائز ہے کہ ہم مسلمان ان کی لڑکی لے سکتے ہیں۔ باقی مسلمہ لڑکی اس کے نکاح میں دینا حرام قطعی ہے اور یہاں سوال مسلم لڑکی کا کافر کے نکاح میں باقی رکھنے کا ہے۔ نیز ابتداء سے کافر ہونے کا اور حکم ہے اور مرتد ہونے کا اور۔ ایک مسلمہ کا شوہر اگر یہودی اور نصرانی نکاح کے بعد ہوجائے وہ نکاح بھی بالاجماع فسخ ہوگا بلکہ ایک مسلمہ منکوحہ لڑکی خدانخواستہ مرتد ہوکر

عیسائی و یہودی ہو جائے، اس کا بھی نکاح فوراً فسخ ہو جائے گا۔ گواہ نمبر۲ مدعا علیہ کو بھی جرح میں مسلم ہے اور دنیا میں روزمرہ اس قسم کے کیس فیصل ہوتے رہتے ہیں۔ کتنے نظائر تو صرف جزل الہ آباد میں موجود ہیں جس کے شوہر نے زائد تنگ کیا، وہ یہودی نصرانی ہو کر مرتد ہو گئی اور نکاح کے فسخ کا فیصلہ رہا۔

۶...... نہ یہودی و نصرانی سے مسلمان لڑکی کا نکاح جائز ہے نہ مرزا صاحب کے کسی امتی سے وہ بھی فسخ ہو جائے اور یہ بھی، بلکہ چونکہ مرزا صاحب کے امتی مرتد ہیں۔ لہٰذا ان کی لڑکی بھی مسلمانوں کو لینا جائز نہیں۔ کیونکہ شریعت اسلامیہ میں مرتد سے رشتہ مناکحت کسی صورت پر قائم نہیں ہوسکتا۔ نہ پہلے کا، نہ بعد ارتداد باقی رہ سکتا ہے بلکہ عنداللہ بلا قضاء قاضی فسخ ہو جاتا ہے۔ جیسا کہ بیانات گواہان مدعیہ میں بصراحت مدلل معتبر حوالوں سے گزر چکا۔

۷...... کشتی نوح میں اس کی تصریح نہیں کہ مرزا صاحب مسلمان لڑکیوں کے حق میں یہ فرماتے ہیں کہ سلوک کرنا چاہئے جن سے دشمنی یہاں تک ہے کہ وہ کتیوں سے بدتر ہیں۔ وہاں تو اپنی جماعت کا ذکر اور اپنی جماعت کو وصیت ہے اور اپنی جماعت کی بیویوں کے ساتھ حسن سلوک کا حکم ہے۔ یہ مسلمہ لڑکی تو کافر دائرہ اسلام سے خارج، بلکہ پکی کافرہ و دشمن اور موت کے گھاٹ اتارنے کے لائق ہے، جس کی نماز جنازہ تک نہیں پڑھ سکتے، جس سے کسی قسم کا دینی سلوک روا نہیں رکھتے، نہ رکھ سکتے ہیں۔ ملاحظہ ہو (انوار خلافت ص۹۲، انوار العلوم ج۳ ص۱۴۹)

نیز یہ لڑکی جب کہ اس شوہر کے نبی کو مرتد، کافر، دائرہ اسلام سے خارج، دجال وغیرہ سمجھتی ہے اور اس کا اعلان عرضی دعویٰ کی تصریح میں موجود ہے تو اس لڑکی کے ساتھ بھی کوئی باغیرت مرزا صاحب کا امتی کسی قسم کا سلوک کر سکتا ہے۔ ایک امتی کے نبی کو یوں سمجھا جائے اور وہ اس سے مراعات حاصل کرے، کبھی عقل باور نہیں کر سکتی۔ پس کوئی اگر وجہ نہ بھی ہوتی تو بھی صرف یہ وجہ ہی تفریق و فسخ نکاح کی شرعاً اخلاقاً و قانوناً ثابت تھی اور نکاح ضرور فسخ ہونا چاہئے تھا۔

## بہرحال نکاح فسخ ہونا چاہئے

گزشتہ ہیڈنگ کے ساتھ ہی میں نے ہیڈنگ پیش کیا تھا کہ یہ تو مسلم ہے کہ مدعیہ اور اس کا فریق مرزا صاحب اور ان کی امت کو کافر دائرہ اسلام سے خارج خیال کرتا ہے اور ادھر مدعا علیہ مرزا صاحب اور ان کے امتی تمام مسلمانوں کو بشمول مدعیہ اور اس کے فریق کو کافر خارج از اسلام بتاتے ہیں۔ اس صورت میں اگر مدعیہ اپنے دعویٰ تکفیر و ارتداد میں سچی ہو تو فسخ نکاح ہونا چاہئے اور اگر مدعا علیہ سچا ہے تو بھی فسخ نکاح ہوگا۔ کیونکہ ایک مسلمان کو کافر بنانے کے بعد یہ خود کافر و مرتد ہو گئی جو موجب فسخ نکاح بالاتفاق ہے۔ یوں ہی اگر مدعا علیہ اپنے ادّعاء میں جھوٹا ہے تو وہ اس طرح مسلمہ کی تکفیر کر کے مرتد ہو گیا۔ پھر بھی فسخ نکاح لازم ہے۔ کیونکہ ارتداد کا موجب فسخ نکاح ہونا مسلم ہے۔ اسی پر دونوں کے جھوٹے اور دونوں کے سچے ہونے کا حکم خیال فرمالیں۔ بہرحال مدعیہ اپنے دعویٰ میں سچی ہو یا مدعا علیہ یوں ہی مدعا علیہ جھوٹا ہو یا مدعیہ یا ہر دو سچے ہوں یا دونوں جھوٹے، بہرحال فسخ نکاح اور مقدمہ بحق مدعیہ ڈگری ہونا چاہئے۔

یہ دلیل نہایت واضح اور مقدمات مسلمہ پر مبنی تھی۔ اس کا جواب کجا مختار مدعا علیہ نے تذکرہ تک نہ کیا اور گویا کہ اسے تسلیم کر لیا۔

## احمدی شریعت اسلامیہ کے پابند ہیں

میں نے یہ پیش کیا تھا کہ مرزا صاحب کے متبعین ایک طرف مسلمانوں کو کافر اہل کتاب بتاتے ہیں اور دوسری طرف اپنی لڑکیوں کا نکاح اگر ان کا شوہر غیر احمدی ہو جائے تو بھی جائز و باقی مانتے ہیں۔ یہ اوّلاً صحیح نہیں۔ (کیونکہ مسلمانوں سے ان کی لڑکی کا نکاح اسی طرح ناجائز ہے جیسے ہندو کافر سے) ملاحظہ ہو۔ (ملائکۃ اللہ ص۴۶، انوار العلوم ج۵ ص۵۴۰)

نیز خود مدعا علیہ نے اپنی ہمشیرہ کا دوسرا نکاح اس کے شوہر کے مسلمان ہونے کی وجہ سے بلا طلاق اپنی جماعت کے ایک ممبر سے کر دیا جو مشہور ہے۔ نیز اس کا ضمنی تذکرہ جرح گواہان مدعا علیہ متعلقہ تنقیح جدید میں آ چکا ہے اور اگر یہ صحیح بھی تسلیم کر لیا جائے کہ وہ مسلمانوں کو باجود احمدی ہونے کے لڑکی دیتے یا بعد احمدی ہو جانے کے انہیں اہل کتاب سمجھ کر لڑکی کا نکاح فسخ نہیں کراتے ہیں تو شریعت محمدیہ میں ایک نئی شریعت جدیدہ کا اضافہ لازم آیا کہ ان کے گمان پر مسلمہ لڑکی کتابی کے نکاح میں دی گئی یا مرتد کے نکاح میں بعد ارتداد باقی رکھی گئی جو خلاف شریعت جدید حکم اور بالاتفاق کفر ہے۔

اس کا کچھ بھی جواب نہ ہو سکا اور مندرجہ ذیل تاویلات کیں۔

خلاصہ تاویلات:

۱...... مختار مدعیہ کا مغالطہ ہے۔ گواہان مدعا علیہ نے بالکل نہیں کہا کہ احمدی لڑکی کا غیر احمدی سے نکاح جائز ہے بلکہ ناجائز بتایا ہے۔ گواہ مدعا علیہ نمبر۱، مؤرخہ یکم مارچ۔

۲...... ہمارے نزدیک نکاح جائز نہیں۔ اگر کوئی کر دے تو فسخ نہ ہوگا۔

۳...... جب کوئی اسلامی شریعت ہو تو شریعت کے مطابق فسخ ہوگا اور جہاں کوئی شریعت اسلامیہ قائم نہ ہو، وہاں رائج الوقت قانون کے مطابق فیصلہ ہوگا اور اس کی رو سے فسخ نہ ہوگا۔

۴...... اسلامی ریاست ہو تو اس کا قانون جاری ہوگا۔

۵...... ایک اپنی طرف سے فرضی مثال خلاف فقہ حنفیہ حنفیوں کی طرف منسوب کر کے پیش کی۔

۶...... گواہان مدعیہ کے نزدیک تو ان مسلمان فرقوں کا نکاح جنہیں وہ اپنے زعم میں کافر و مرتد خیال کرتے ہیں، باطل اور ان کی اولاد حرام کی اولاد ہوگی۔ (الکوکب الیمانی ٹائٹل پیج ص۷، ازالہ وانوار ص۵، فتاویٰ رشیدیہ حصہ دوم ص۳۲)

۷...... پس گواہان مدعیہ اور ان کے ہم خیالوں کے نزدیک رافضی اور دیوبندیوں کے نزدیک رضاخانی اور رضاخانیوں کے نزدیک دیوبندی، مقلدوں کے نزدیک غیر مقلد و بالعکس نکاح باطل اور زنا محض ہے اور آج کل مسلمان فرقوں کا گزارہ ان کے نزدیک زنا پر ہی چل رہا ہے اور ان کی اولادیں بھی حرام کی اولادیں ہیں۔

۸...... پھر ریاستی قانون پر یوں نکتہ چینی کی ہے کہ: ''اگر ریاست مولویوں کی اس خاص شریعت کو جس کے بعض فتاووں کا اوپر ذکر کیا گیا ہے، جاری کرنا چاہتی ہے تو اسے اختیار ہے۔ لیکن کسی مقدمہ پر اس قانون خاص کے جاری کرنے سے پہلے شرعاً و قانوناً و عقلاً یہ ضروری ہے کہ وہ اس قانون کو اپنی ریاست میں شائع کرے۔

۹...... فقہ حنفی کی پابندی کا مطلب یہ نہیں کہ ہر چیز میں ہم اس کے پابند ہیں، بہت ہمیں اختلاف ہے۔

الجواب:

۱...... اوّلاً تو یہ صحیح نہیں اس کے متعارض بھی اقوال جرح میں موجود ہیں۔ جیسا کہ متعارض گواہان کے سلسلہ میں عرض کیا تھا اور اگر تسلیم بھی کر لیں تو بھی ہمارا مدعا ثابت ہے کہ جب ان کی لڑکی ہمارے نکاح میں چونکہ ہم ہندوؤں کی طرح ہیں، نہیں آ سکتی تو ہماری لڑکی ان کے نکاح میں جب کہ وہ مرتد اور تمام کافروں سے بدتر ہیں، کیونکر رہ سکے گی۔ اس میں مغالطہ کوئی نہیں یہ میرے اعتراض کی پہلی شق ہے۔

۲...... باوجود نکاح ناجائز و باطل ہونے کے فسخ نہ ہونا یہی تو شریعت جدیدہ کا ادّعاء ہے جس کا خود اعتراف ہے۔ شریعت کا تو حکم یہ ہے

کہ جو نکاح ناجائز حرام باطل ہے، وہ فسخ ہے، بلکہ وہ ہوا ہی نہیں اور یہ لوگ اسے باقی رکھتے ہیں۔ لہٰذا شریعت میں نئے حکم کا اضافہ ہوا جو بالاتفاق کفر ہے اور یہ ایک متفقہ وجہ کفر باقرار گواہ ومختار مدعا علیہ ثابت ہوگئی۔

۳...... یہ کہنا کہ جہاں اسلامی شریعت ہو وہاں اس کے مطابق اور جہاں نہ ہو وہاں رائج الوقت قانون کے مطابق یہ بھی شریعت میں اضافہ ہے۔ دینی معاملات اور شرعی احکام کسی دنیوی قانون سے ترمیم نہیں ہو سکتے۔ نکاح کے بھی اسلامی پرسنل لاء ہیں۔ برٹش گورنمنٹ نے بھی شمار کیا ہے اور وراثت طلاق ونکاح ووقف وغیرہ برٹش قانون سے مستثنیٰ اور شریعت محمدیہ ﷺ اور فقہ حنفی کی رو سے برٹش حدود میں ہونے کا معاہدہ واعلان ہے اور محمڈن لاء میں بھی اس کی تصریح موجود ہے۔

پس نکاح کے معاملہ میں کسی اور قانون کے تحت فیصلہ چاہنا یقیناً دین میں اضافہ اور ''**ومن لم یحکم بما انزل اللہ فاولٓئک ھم الکافرون**'' کا مصداق اور کفر ہے۔

۴...... اسلامی ریاست کا اگر قانون مسلم ہے تو اسلامی سلطنتوں اور ریاستوں میں مرزا صاحب کے متبعین کا ارتداد بلکہ رجم اور ان کے فسخ نکاح کے فیصلہ ہو چکے ہیں۔ لہٰذا یہاں بھی حکم ارتداد اور فسخ نکاح ہونا چاہئے اور ملاحظہ ہو فیصلہ امیر امان اللہ خان وریاست پٹیالہ وغیرہ۔

۵...... ان طبع زاد فرضی مثالوں سے کام نہیں چلتا۔ فقہ حنفی کی تصریحات اس کے خلاف موجود ہیں جس کے حوالے بیان گواہان مدعیہ اور جرح گواہان مدعا علیہ میں متعدد پیش ہو چکے ہیں۔

۶...... گواہان مدعیہ نے کسی مسلمان فرقہ یا شخص کو سوائے مرزا غلام احمد صاحب اور ان کے مریدین کے کافر نہیں بتایا۔ نہ ان کے کفر کا کوئی فتویٰ دیا۔ اس کے متعلق گواہ مدعیہ نمبر۱،۲،۳ کا اقرار جرح میں صاف صاف موجود ہے۔ نیز اپنے کافر کہنے والوں کی تکفیر بھی غلط فہمی پر مبنی کر کے انہیں بھی مسلمان اور معذور بتایا ہے۔ ملاحظہ ہو (جرح بر گواہ مدعیہ نمبر۱،۲)

ایسی تصریح کے بعد مختار مدعا علیہ کا مغالطہ عدالت خود ملاحظہ فرمائے۔

اس سلسلہ میں کوکب یمانی اور فتاویٰ رشیدیہ حصہ دوم کے غیر مسلم اور بالکل جدید دو تین حوالے بھی پیش کر کے مغالطہ کی سعی کی ہے۔ مگر عدالت ان رسائل کو خود ملاحظہ فرما سکتی ہے کہ محض مغالطہ کے سواء وہاں کچھ نہیں۔

کوکب یمانی حضرت مولانا سید مرتضیٰ حسن صاحب مدظلہ العالی کا ایک رسالہ ہے جس میں انہوں نے مولوی احمد رضا خان صاحب کو مخاطب کر کے لکھا ہے کہ جو یہ فرماتے ہیں کہ جو حضرت مولانا شہید کے کفر میں شک کرے وہ بھی کافر اور اس کا نکاح فسخ اور اولاد غیر ثابت النسب اس سے تو بڑی خرابی لازم آئے گی۔ کیونکہ آپ ہی اپنی کتاب تمہید ایمان اور کوکب الشہابیہ میں انہیں مسلمان مانتے ہیں۔ پھر اس مغالطہ سے آپ کے مسلمات کی بناء پر آپ کے نزدیک آپ اور آپ کے متبعین کا اور ان کے نکاح واولاد کا کیا حکم ہوگا۔ انہوں نے دوسرے رسالہ میں اس کی صفائی پیش کر دی اور بناء غلط فہمی رفع ہوگئی۔ کبھی کسی عالم دیوبند نے کسی عالم بریلوی کو کافر نہیں کہا۔ نہ ان کے کفر کا فتویٰ دیا۔ غرض کوکب یمانی میں ان کے کفر کا فتویٰ نہیں بلکہ ان کے مسلمات پر ان سے استفسار ہے۔ ملاحظہ ہوں کوٹیشن مندرجہ ذیل۔

''خان صاحب ہی کے فتویٰ سے ثابت کیا گیا ہے...... تا لازم آتا ہے۔'' (ٹائٹل پیج)

''اور خوبی یہ ہے کہ اپنی طرف سے کوئی بات نہیں خان صاحب ہی کے فتویٰ کا حاصل ہے۔'' (ٹائٹل پیج کوکب یمانی)

''خان صاحب کے ایسے فتویٰ کے بعد۔'' (ص۴)

''خان صاحب اور ان کے معتقدین پر تو ان کے قول کے موافق۔'' (ص۵)

’’مولوی احمد رضا خان صاحب اپنے ہی قول کے موافق۔‘‘ (ص۹)

’’اب اپنے ہی فرمان کے مطابق کافر ہوئے۔‘‘ (ص۱۰)

’’تو اپنے ہی فتویٰ کے مطابق کافر ہوئے۔‘‘ (ص۱۳)

’’ہم نے تکفیر نہیں کی اور نہ ہمارا کام تکفیر اہل قبلہ ہے۔‘‘ (ص۲۲)

’’جو اوپر بیان ہوا ان امور کو تو فرمائیں کہ لازم آتے ہیں یا نہیں...... اگر لازم نہیں تو خان صاحب بیان فرمائیں ہم اقرار کرلیں گے کہ خان صاحب سچے۔‘‘ (ص۲۲)

چنانچہ جب خان صاحب نے صفائی پیش کردی غلط فہمی ختم ہوگئی جس کا اقرار جرح میں موجود ہے کہ ہم کافر نہیں کہتے، بلکہ صرف غلط فہمی طرفین سے تھی۔

اب تصریحات کے بعد بھی اگر کوئی بہتان باندھے اور مغالطہ دے تو اس کا کیا علاج۔

مؤلف مذکورہ کے دوسرے رسائل سے بھی اس کے متعلق اطمینان کیا جاسکتا ہے۔ کہیں بھی علماء بریلی کی تکفیر کا فتویٰ نہ ملے گا۔ باوجودیکہ سینکڑوں اختلافی رسائل لکھے۔

فتاویٰ رشیدیہ وہاں تو صرف یہ ہے کہ جس کے نزدیک رافضی کافر ہے یا ضرورت دین یا قرآن کا منکر یا تکفیر صحابہ کرنے والا ہے اس کے نزدیک سنی کا نکاح اس سے ناجائز ہوگا۔ وہاں کوئی فتویٰ اپنا نہیں دے رہے۔ فتویٰ کے متعلق دوسرے ان کے خود تصنیف کردہ رسائل اس سلسلہ میں ملاحظہ ہوں جہاں پوری تفصیل موجود ہے۔ غرض اس سے بھی مدعا ثابت نہ ہوا۔

ازالۃ العارفین ختم نبوت کے منکر پر کفر کا فتویٰ (ص۵) پر درج ہے۔ اس سے کیا استدلال ہوسکتا ہے وہ تو ہمارا مؤید ہے۔

یہ کہنا محض غلط بیانی ہے کہ مقلدین کے نزدیک غیر مقلدین اور غیر مقلدین کے نزدیک مقلدین کا نکاح باطل اور زناء محض ہے۔ ایک بھی تمام دنیا میں اس کے متعلق فتویٰ نہیں۔ وہاں تو صرف تقلید یا رفع یدین یا آمین بالجہر وغیرہ کا اختلاف ہے۔ کفر واسلام فسخ نکاح کا اختلاف ہی نہیں نہ اس کا کوئی فتویٰ نہ مقدمہ۔

اس کے بعد اس اوچھے طرز خطاب کو عدالت خود ملاحظہ فرمالے۔ ’’اور آج کل کے مسلمانوں کا گزارہ ان کے نزدیک زنا پر ہی چل رہا ہے۔‘‘

آپس کی تکفیر اور اس کی غلط فہمی اور کسی کے کافر نہ ہونے کی مکمل تشریح ہیڈنگ ’’کیا تکفیر وجہ ارتداد وفسخ نکاح ہوسکتی ہے‘‘ کے تحت میں کر چکا ہوں اعادہ کی ضرورت نہیں۔ اس میں نمبر(۷) کا بھی جواب آ گیا۔

۸...... مختار مدعا علیہ کا یہ کہنا کہ: ’’اگر ریاست مولویوں کی اس خاص شریعت کو جس کے بعض فتاووں کا ذکر اوپر کیا گیا ہے، جاری کرنا چاہتی ہے تو اس کے اختیار میں ہے۔ لیکن کسی مقدمہ پر اس قانون خاص کے جاری کرنے سے پہلے شرعاً عقلاً قانوناً یہ ضروری ہے کہ وہ اس قانون کو اپنی ریاست میں شائع کرے۔‘‘ محض لغو ہے۔ ریاستی قانون سے نہ ہم واقف نہ ہمیں تبصرہ کا حق۔ مختار مدعا علیہ جو چاہے اس پر نکتہ چینی کرے۔ ہمیں تو صرف یہ گزارش کرنا ہے کہ نہ اب یہاں فتوؤں پر دارومدار نہ کسی مولوی کی شریعت پر اب تو قرآن وحدیث وفقہ حنفی سے شریعت محمدیہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام پیش کی گئی ہے اور اسلامی عدالت شریعت محمدیہ کی پابند ہے۔ خصوصاً نکاح وطلاق وغیرہ میں سوائے شریعت محمدیہ اور فقہ حنفی کے ریاست میں بھی کسی اور قانون پر مسلمانوں کے معاملہ میں عملدرآمد نہیں ہوسکتا۔ جب کہ برٹش حدود میں بھی یہ مسلم ہے۔ اس غلط پروپیگنڈا کی تردید میں گزارش ہے کہ:

جب کہ مرزا صاحب اور کے خلفاء کی تصریحات ہیں کہ جو مرزا صاحب کو نبی نہیں مانتے اور ان کی بیعت میں داخل نہیں۔ خواہ ان کا نام بھی نہ سنا ہو، خواہ عمر بھر مدح سرائی کی ہو، کافر دائرہ اسلام سے خارج اور پکا کافر شیطان اور جہنمی اور حرامی اور سور ہے۔

تو اگر اس جماعت کو مسلمان مان لیا جائے اور ان کے اسلام کا کسی اسلامی ریاست میں فیصلہ کیا جائے تو اس کے یہ معنی ہوں گے کہ تمام چالیس کروڑ مسلمان عرب وعجم صوفیاء اور علماء وسجادہ نشین ومخادیم سلاطین ونوابان وحکام سب کے سب کافر خارج از اسلام جہنمی وغیرہ ہونے کا فیصلہ کردیا گیا جو کسی طرح مناسب نہیں۔

۹...... فقہ حنفی کی پابندی کے اقرار کی توجیہہ محض فضول ہے۔ کیونکہ جب گواہ نمبر۲ نے ۲۱؍مارچ ۱۹۳۳ء کو یہ تسلیم کرلیا کہ: ''جہاں قرآن وحدیث میں مسئلہ مصرح نہ ہو، وہاں فقہ حنفی پر عمل کریں گے۔'' اور اسی تاریخ یہ بھی تسلیم کر چکا کہ: ''مسئلہ فسخ نکاح قرآن وحدیث کا مصرح نہیں۔'' اور یہ بھی تسلیم ہے کہ فقہ حنفی کا متفقہ مسئلہ مرتد کے فسخ نکاح کا ہے تو اب اس تسلیم کے بعد تاویل اور اس سے گریز ناممکن ہے اور اس پر ہمیں مزید بحث کی ضرورت ہی نہیں۔

## اصولی اختلاف

اس اصولی اختلاف کا حوالہ (نہج المصلی ص۲۷۷) سے اور اصولی وفروعی دونوں قسم کے اختلاف ہونے کی تصریح (گواہ مدعا علیہ نمبر۲ کی جرح ۲؍مارچ ۱۹۳۳ء) سے پیش کر چکا ہوں۔

اس کے بعد مندرجہ ذیل تاویلات کہ:

۱...... مدعا علیہ نے اپنے بیان میں یہ بتایا ہے کہ مسلمانوں ہوں اور کوئی عقیدہ اسلام کے خلاف نہیں۔

۲...... اصولی اختلاف سے خلیفہ اوّل کی یہ مراد نہیں کہ نماز وروزہ وغیرہ میں اختلاف ہے۔

۳...... گواہ مدعا علیہ نے کہا تھا کہ ایک لحاظ سے فروعی اختلاف بھی ہوسکتا ہے۔

الجواب:

۱...... یہ دعویٰ مدعا علیہ جب صحیح ہوتا ہے کہ اس کا ایمان مرزا صاحب اور اس کے خلفاء پر نہ ہوتا۔ مگر ان پر ایمان لانے اور اس پر قائم رہنے کی حالت میں وہ اس کا پابند ہے اور یہ زبانی اقرار محض مغالطہ اور الفاظ بے معنی ہیں۔ جیسا کہ مفصل شہادت وبحث میں گزر چکا۔

۲...... ہم کب کہتے ہیں کہ اس کی مراد نماز وروزہ کا اختلاف ہے، بلکہ اصل اصول دین توحید ورسالت واسلام وکفر کا اختلاف ہم بھی مانتے ہیں۔ ان کے نزدیک مرزا صاحب کا ماننا ایمان نہ لانا کفر۔ ہمارے نزدیک نہ ماننا ایمان اور مرزا صاحب کا ماننا خالص کفر ہے نہ معلوم یہ غلط فہمی مختار مدعا علیہ کو کہاں سے لگی۔

۳...... یہ تو گواہ مدعا علیہ نمبر۱ کے الفاظ پیش کئے اور میں نے حوالہ (گواہ مدعا علیہ نمبر۲، مؤرخہ ۲؍مارچ ۱۹۳۳ء) سے دیا ہے اور اس کے بجنسہ الفاظ بھی اوپر پیش ہوچکے ہیں۔ پس یہ تمام تاویلات لاطائل اور ناقابل التفات ہیں۔

## کیا مدعا علیہ اور مدعیہ کا علیحدہ علیحدہ مذہب ہے

تعجب ہے کہ مختار مدعا علیہ کو اس میں بھی تأمل ہے اور تاویل کی سعی کرتا ہے۔ حالانکہ دونوں میں اصولی وفروعی اختلاف ہے۔ مدعا علیہ اپنے زعم میں مسلمان اور مدعیہ اس کے نزدیک پکے کافر وخارج از اسلام ہیں۔ نہ نماز اس کی جائز، نہ مناکحت۔ بخلاف مدعیہ کے کہ اس کا مذہب اسی طرح مدعا علیہ کو کافر ومرتد اور قرار دیتا ہے۔ نیز مدعیہ کے نزدیک مدار نجات نبی کریم ﷺ کی تعلیم ہے اور مدعا علیہ کے

نزدیک مرزاصاحب کی تعلیم۔ مدعیہ کے نزدیک مرزاصاحب کا ماننا کفر، مدعاعلیہ کے نزدیک اسلام۔ اگرچہ زبان سے دونوں مدعی اسلام اور مقر پابندی قرآن وحدیث ہیں۔ مگر مدعیہ کے نزدیک وہی قرآن قابل عمل ہے، جو نبی کریم ﷺ لائے اور مدعاعلیہ کے نزدیک قرآن آسمان پر اٹھ گیا تھا۔ مرزاصاحب دوبارہ آسمان سے لائے۔ نبی کریم ﷺ کی احادیث صحیح کسی اور کی وحی والہام سے مدعیہ کے نزدیک رد نہیں ہوسکتی۔ مگر مدعاعلیہ کے نزدیک جو احادیث (اگرچہ صحیح ہوں)

مرزاصاحب کے وحی والہام کے خلاف ہیں وہ ردی کی طرح پھینک دی جائیں گی۔ مدعاعلیہ کے نزدیک قرآن پاک کا وہی مطلب صحیح اور قابل عمل وحجت ہے جو مرزاصاحب کے اسلام ومذہب کے مطابق ہو۔ یعنی جو مرزاصاحب اور اس کے دونوں خلفاء بیان کریں اور بس ملاحظہ جو(جرح گواہ مدعاعلیہ نمبر۲، مؤرخہ ۲۳،۲۱، ۲۷،۲۹؍مارچ ۱۹۳۳ء) نیز گواہ نمبر۱ مدعاعلیہ کا جواب کہ مرزاصاحب کی وحی سب صحیح ہے مگر احادیث کل صحیح نہیں۔

مگر مدعیہ کا اسلام ومذہب یہ ہے کہ قرآن پاک کا وہی مطلب قابل ایمان وعمل ہے جو کہ نبی کریم ﷺ نے بیان فرمایا جو صحابہ کرام، اہل بیت عظام، ائمہ دین، اولیائے امت، علمائے ربانیین وبزرگان دین سمجھے اور کسی کا سمجھنا قابل اعتقاد وعمل نہیں۔

اس کے بعد مختار مدعاعلیہ کی تمام تاویلات کا خاتمہ ہوجاتا ہے۔ پھر یہ کہتا ہے کہ:

۱...... گواہ مدعاعلیہ نمبر۱ کا جرح میں یہ مطلب نہ تھا، بلکہ صرف حدیث کے قرآن سے مطابقت کے سوال کا جواب تھا۔

۲...... بہرحال خلفاء کا فیصلہ ہمارے لئے درست اور قابل تسلیم ہے۔ آخر ہر شخص اپنے مقتداء اور امام کے فیصلہ کا پابند ہوگا۔

۳...... علامہ محمد قاسم صاحب بانی دیوبند کا بھی یہی مذہب ہے جو گواہان مدعاعلیہ نے بیان کیا۔

الجواب: یہ محض تاویلات ناقابل التفات ہیں، کسی جواب ہی کی ضرورت نہیں۔ تاہم میں مختصراً جواب ترتیب وار عرض کرتا ہوں۔

۱...... میں نے اس سلسلہ میں جرح (گواہ نمبر۲ مدعاعلیہ مؤرخہ ۲۱،۲۳، ۲۷،۲۹؍مارچ ۱۹۳۳ء) کے جوابی فقرات پیش کئے ہیں اور مختار مدعاعلیہ گواہ نمبر۱ کے قول کو لے کر شرح کر رہا ہے۔ اسے وہاں کوئی خاص دلیل قرار نہیں دیا گیا۔ نیز جو جواب بطور ضابطہ کلیہ کے لکھا جاتا ہے وہ سوال تک ہی محدود نہیں ہوتا۔ بلکہ اس کا عام مفہوم معتبر اور مراد ہوتا ہے۔

علاوہ بریں جب کہ حدیث وہ معتبر ہوئی جو قرآن کے مفہوم کے موافق ہو اور قرآن کا وہی مفہوم درست ہے جو مرزاصاحب یا ان کے خلفاء بیان کریں تو مطلب تو پھر وہی ہوگیا کہ حدیث وہی معتبر ہوگی جو مرزاصاحب اور ان کے خلفاء کے بیان کے موافق ہو اور قرآن میں اﷲ کی بھی مراد وہی ہے جو ان ہرسہ اصحاب کے بیانوں میں ہے۔ بہرحال تمام دین کا دارومدار یہی صحابہ ثلاثہ ٹھہرے اور بس۔

۲...... بہرحال مختار مدعاعلیہ مرزاصاحب کے خلفاء ہی کا فیصلہ درست مانتا ہے، کیونکہ وہ اس کے امام ہیں۔ پس مدعی کو بھی حق ہے کہ بہرحال فیصلہ نبی کریم ﷺ ان کے خلفاء راشدین، صحابہ وائمہ ہدیٰ وامام ابوحنیفہ کا فیصلہ درست مانے۔ کیونکہ وہ اس کے امام اور مقتداء ہیں۔ اس طور پر بھی دونوں کے مذہب کا فرق بکلی واضح رہا اور اتحاد کا دعویٰ باطل۔

۳...... حضرت مولانا نانوتوی نے عیاذاً باﷲ کسی کتاب میں بھی اشارۃً وکنایۃً وہ مذہب نہیں لکھا جو گواہان مدعاعلیہ بیان کرتے ہیں، نہ ان کے نزدیک صحیح احادیث کسی امتی کی وحی یا الہام کے خلاف ہونے سے ردی کی طرح پھینک دینے کے لائق ہیں۔ وہ صرف حدیث پر روایۃً ودرایۃً تنقید کا ذکر فرمارہے ہیں اور شیعوں کے مقابل اہل سنت کا یہ اصول پیش کر رہے ہیں کہ حدیث قرآن کے خلاف اہل سنت نہیں مانتے۔ نہ یہ کہ کسی کی وحی کے مخالف احادیث صحیحہ تک ردی کی طرح پھینکنے کو فرمارہے ہیں۔ مفصل تو ہین احادیث کے سلسلہ میں ملاحظہ فرمایا جائے۔

یہ محض حضرت مولانا پر بہتان اور مختار مدعا علیہ کا صریح مغالطہ ہے۔

## مرتد کے معنوں میں تاویل

اس کے بعد کچھ مرتد کے معنوں میں ترمیم کر کے مدعا علیہ کا اقرار اسلام کو پیش کر کے اسے ارتداد سے بچانا چاہتے ہیں۔ مگر واضح رہے کہ ضروریات دین سے انکار اور مدعی نبوت بعد آنحضرت ﷺ اور اس کے دعاوی والہامات کی تصدیق کے بعد ہزار زبان سے اقرار ہو۔ بہر حال شرح محمدی میں وہ مرتد اور کافر ہی ہوگا۔ جیسا کہ اوپر اصل بحث اور جوابی سلسلہ پر بیانات گواہان مدعیہ میں مفصل حوالے گزر چکے ہیں اور یہ مقدمہ مسل واپس ہونے کے بعد از روئے شرع شریف فیصل ہو رہا ہے۔ وہ قانونی نظائر جس میں مسلمان ہونے کے واسطے صرف زبان سے مسلمان کہنا کافی تھا وہ تمام اسلامی شعائر کا منکر اور کافروں سے بدتر کافر ہو، وہ قانون غیر متعلق کا مقدمہ کے اس دور میں کوئی علاقہ نہیں۔ نہ مسل کے واپس ہونے کے بعد پہلی کوئی کارروائی سوائے عرض دعویٰ و جواب دعویٰ و تنقیح کے حجت ہے۔

## مختار مدعیہ کے نزدیک فسخ نکاح کی ایک اور وجہ

اس ہیڈنگ کے تحت لایعنی تاویلات سے اس نظیر کو مختارات مدعا علیہ رلانا چاہتا ہے جو میں نے مدعا علیہ کے ہی جناب مرزا غلام احمد صاحب کی کتاب (چشمہ معرفت ص ۲۷۵،۲۷۶، خزائن ج ۲۳ ص ۲۸۸،۲۸۹) سے پیش کی تھی اور اسی قسم کی تاویل گواہان مدعا علیہ نے جرح میں اس کے پیش ہونے کے بعد کی تھی۔ باوجودیکہ ان تاویلات کا جواب اصل ابتدائی بحث میں دے چکا ہوں۔ مگر پھر بھی وہی ایک دوسرے رنگ میں پیش کر دیں۔ لہٰذا اب دوسرے جوابی رنگ میں جواب بھی عرض ہے۔

مقدمات مسلمہ:

۱...... مدعا علیہ نے جو پہلے احمدی نہ تھا اور بعد نکاح اس نے احمدیت اختیار کی۔

۲...... غیر احمدی سے احمدی یا احمدی سے غیر احمدی ہونا، دوسرا مذہب اختیار کرنا یا مذہب بدلنا کہا جاتا ہے۔

(جرح گواہ نمبر۲ مدعا علیہ مؤرخہ ۲۳؍مارچ ۱۹۳۳ء)

۳...... ان دونوں مقدمات مسلم ہونے کے بعد میں نے مندرجہ ذیل نظیر مرزا صاحب کی کتاب چشمہ معرفت سے پیش کی تھی۔

’’جب عورت مرد کو ظالم پاوے یا وہ اس کو ناحق مارتا ہو یا اور طرح سے ناقابل برداشت بدسلوکی کرتا ہو یا کسی اور وجہ ناموافقت ہو یا وہ مرد دراصل نامرد ہو یا تبدیل مذہب کرے یا ایسا ہی کوئی اور سبب پیدا ہو جائے جس کی وجہ سے عورت کو اس کے گھر میں آباد رہنا ناگوار ہو تو ان تمام حالتوں میں عورت یا اس کے ولی کو چاہئے کہ حاکم وقت کے پاس یہ شکایت کرے اور حکم وقت پر یہ لازم ہوگا کہ اگر عورت کی شکایت واقعی درست سمجھے تو اس عورت کو اس مرد سے اپنے حکم سے علیحدہ کر دے اور نکاح کو توڑ دے۔ لیکن اس حالت میں اس مرد کو بھی عدالت میں بلانا ضروری ہوگا کہ کیوں نہ اس کی عورت کو اس سے علیحدہ کیا جائے۔‘‘ (چشمہ معرفت ص ۲۷۵،۲۷۶، خزائن ج ۲۳ ص ۲۸۸،۲۸۹)

جس کے بعد نتیجہ ظاہر ہے کوئی بھی تاویل ممکن نہیں جب کہ مدعا علیہ نے احمدیت اختیار کر کے باقرار وتسلیم اپنے گواہ کے مذہب بدلا یا اور مذہب بدلنے پر مرزا صاحب بھی اس کی منکوحہ کو حاکم مجاز کے پاس درخواست فسخ نکاح کی اجازت دیتے ہیں اور حاکم مجاز کو ہدایت فرماتے ہیں کہ اس پر لازم ہے نکاح فسخ کر دے۔

لہٰذا مقدمہ مرزا صاحب کے مسلک پر بھی بحق مدعیہ ہونا چاہئے اور نکاح فسخ، خلاصہ تاویلات ہٰذا۔

۱…… مدعا علیہ نے ان مضمون میں مذہب تبدیل نہیں کیا، بلکہ یہ معنی تو منصف احمد پورشرقیہ کے نتیجہ غلط اخذ کرنے سے پیدا ہوگئے۔ اس کی ۹؍فروری ۱۹۲۷ء کی درخواست ملاحظہ ہو۔

۲…… مذہب کا لفظ اسلامی فرقوں اور دین دونوں کے معنی میں آتا ہے، چند امثلہ۔

۳…… مدعا علیہ چونکہ اسلام پر قائم ہے اس لئے مقدمہ خارج ہونا چاہئے۔

۴…… گواہ نے مذہب بدلنا دین بدلنے کے معنی میں نہیں لیا، بلکہ مذہب کے معنی روش اور طریقہ کے ہیں۔ اس نے طریقہ بدلنے کے معنی میں لیا ہے۔

۵…… مرزا صاحب کی غرض مذہب بدلنے سے چشمہ معرفت میں وہ تبدیلی ہے جو اسلام کو چھوڑ کر کوئی دوسرا دین عیسوی وموسوی وغیرہ اختیار کرے۔ کیونکہ وہ کتاب ہی غیر مذاہب کے مقابلہ پر ہے۔

الجواب: عدالت خود میری اصل بحث سے ان تاویلات کا مقابلہ فرمائے ایک بھی وہاں سے ربط نہیں رکھتی کہ ان سے اصل بحث کے مضمون پر کوئی زیادہ زد پڑتی ہے۔ تاہم جواب الجواب کے رنگ میں مختصراً ترتیب وار عرض کرتا ہوں تاکہ مختار مدعا علیہ کا مغالطہ واضح ہوجائے۔

۱…… مدعا علیہ کے کسی خاص معنی یا لفظ تبدیل مذہب پر اس کی بناء نہیں قرار دی گئی وہ تو تائید تھی، بلکہ صرف اس کا احمدی ہونے کا اقرار ہمارے مدعا کا مثبت اور اس پروہ جواب دعویٰ سے اپنی آخری شہادت تک قائم رہا۔ لہٰذا ہمیں منصف احمد پورشرقیہ کے نتیجہ کی صحت وسقم اور اس کی ۹؍فروری ۱۹۲۷ء کی درخواست سے کوئی سروکار نہیں۔ مقدمہ اولیٰ تو صرف یہ ہے کہ پہلے غیراحمدی تھا اور بعد نکاح احمدیت اختیار کرلیا۔

۲…… مذہب کا لفظ جن معانی میں آتا ہو اس سے غرض نہیں۔ یہاں اس نے جو مذہب ترک کیا ہے وہ اس کے نزدیک دین واسلام ہی نہ تھا، بلکہ اس پر رہنا اسلام سے خروج اور کفر تھا اور اب احمدی ہونا دین اسلام ہے۔ لہٰذا یہاں اس کے نقطۂ نظر سے صرف مسلک بدلنا نہیں، بلکہ دین بدلنا ہے۔

نیز اسلامی فرقوں کی تبدیلی میں جہاں لفظ مذہب استعمال ہوتا ہے۔ جیسے حنفی، شافعی، مالکی، حنبلی۔ وہاں اس میں کوئی اصولی اختلاف نہیں، بلکہ فروعی ہے اور ایک دوسرے کے پیچھے بلاکراہت نماز پڑھتے اور ایک دوسرے کو نہ صرف مسلمان بلکہ حق پر جانتے ہیں اور وہاں لفظ مذہب ان مذکورہ بالا قرائن کی وجہ سے مجازاً بمعنی مسلک بولا گیا ہے۔ بخلاف احمدیت اور غیراحمدی مسلمانوں کے کہ یہاں اسلام وکفر کا فرق ہے۔ اصولی وفروعی دونوں قسم کے اختلافات مسلم، نہ ایک دوسرے کے پیچھے نماز جائز نہ سلسلہ مناکحت۔ جیسا کہ تفصیلاً حوالوں سے اوپر گزر چکا۔ پس یہاں اگر لفظ مسلک بھی بولا جاتا تو مجازاً مذہب ودین بدلنے کے معنی میں لیا جاتا۔ چہ جائے کہ صاف مذہب بدلنے کا لفظ موجود ہے۔

۳…… یہ فیصلہ قبل از وقت ہے کہ مدعا علیہ اسلام پر قائم ہے۔ لہٰذا مقدمہ خارج ہونا چاہئے۔ اس کے اسلام وکفر وارتداد کا مسئلہ زیر بحث ہے، یہی تنقیح ہے۔ اس پر شہادت وبحث ہے۔ لہٰذا اس کا یہاں تذکرہ ہی فضول ہے۔ شہادت سے تو اس کا کفر ہی ثابت ہے۔ مرزا صاحب کی اتباع کے بعد اس کے ارتداد وکفر میں شک وشبہ کی گنجائش ہی نہیں۔ جیسا کہ مدلل بیانات گواہان مدعیہ میں گزر چکا اور وہ تمام حوالے مرزا صاحب اور دیگر کتب کے جرح میں بھی پیش ہوچکے اب اعادہ کی ضرورت نہیں۔

۴…… گواہ نے ہرگز روش اور طریقہ بدلنے کے معنی میں نہیں لیا۔ ورنہ وہ اپنے معتقدات کی بناء پر لے سکتا ہے۔ کیونکہ غیراحمدی ہونا اس کے نزدیک صریح کفر اور خروج از دائرہ اسلام، بلکہ پکا کفر ہے اور اس پر وہ اپنا ایمان زوردار لفظوں میں جرح آئینہ صداقت کے سلسلہ میں ۱۹۳۳ء میں بتاچکا ہے۔ پھر طریقہ بدلنے کے معنی میں کیونکر ہوسکتا ہے۔ طریقہ اور روش بدلنا وہاں ہوتا ہے، جہاں دونوں اصولاً متحد

ہوں۔ اسلام وکفر کا فرق نہ ہو۔ بعض جزئیات وفروع میں اختلاف ہو۔ جیسے حنفی، شافعی، چشتی ونقشبندی کہ سب ایک دوسرے کے نزدیک مسلمان اور حق پر ہیں۔ ایک دوسرے کے پیچھے نماز بلاکراہت جائز شادی بیان کا تعلق قائم۔ وغیرہ وغیرہ!

پس مختار مدعا علیہ کی یہ توجیہہ گواہ کی مراد سے بالکل خلاف ہے۔ یہاں مذہب بدلنا یوں ہے جیسے کہ یہودی ونصرانی یا ہندو ہونا یا اس سے پھرنا۔ چنانچہ مسلمانوں کو عیسائی یہودی، ہندوؤں کی طرح اس نے خود بحوالہ (ملائکۃ اللہ ص۴۶) تسلیم کیا ہے۔ لہٰذا ایمان مذہب بدلنا بمعنی دین بدلنے کے ہے نہ کہ روش اور طریقہ بدلنے کے معنی میں۔ واقعات اور گواہ نمبر۲ کا عقیدہ اس کی زبردست تردید کرنے کو کافی ہیں۔

۵...... جو غرض مرزا صاحب کی چشمہ معرفت میں مذہب بدلنے کی مختار مدعا علیہ بیان کرتا ہے۔ اوّلاً اس کی طبع زاد ہے۔ وہاں کوئی بھی کسی قسم کا سیاق وسباق میں قرینہ نہیں اور یہ کہنا کہ وہ غیر مذاہب کے مقابلہ پر لکھی گئی ہے۔ بداہۃً غلط اور قرینہ نہیں۔ کیونکہ اس میں غیر مذاہب سے کچھ کم مسلمانوں کی تردید نہیں اور اگر بفرض محال ہم انہیں کے قول کو تسلیم کر لیں کہ وہ تبدیلی مراد ہے کہ اسلام کو چھوڑ کر دوسرا دین عیسائی یہودی وغیرہ اختیار کرے تو بھی ہمارا مدعا اسی طرح ثابت ہے۔ کیونکہ غیر احمدی مسلمان ان حضرات اور ان کے خلفاء کے نزدیک یہودی نصرانی اور ہندوؤں کی طرح کافر ہیں۔ ملاحظہ ہو (ملائکۃ اللہ ص۴۶) اور اس کی تائید مرزا صاحب کے کلام سے لی گئی ہے۔ پس غیر احمدیوں اور احمدیوں میں ویسا ہی اختلاف رہا۔ جیسا کہ اسلام اور یہودیت ونصرانیت وہندویت میں۔ لہٰذا بہرحال تبدیلی مذہب کا لفظ واقعہ زیر بحث سے متعلق اور اس کے پورے طور حاوی رہا۔ لہٰذا اس کی رو سے مسلمہ طور پر مرزا صاحب کے فیصلہ کے مطابق نکاح ضرور فسخ اور مقدمہ بحق مدعیہ ہونا چاہئے۔

## فسخ نکاح کی ایک اور وجہ

اس سلسلہ میں مختار مدعا علیہ نے میری ایک زبردست وجہ فسخ نکاح کو جو نہایت بدیہی اور واضح تھی، مخدوش کرنا چاہا ہے میں نے عرض کیا تھا کہ ابتدائی مرحلہ میں مقدمہ مدعیہ کے خلاف دو وجوہ سے ہوا۔ پہلا ممالک غیر کا فتویٰ نہیں پیش ہو سکا نمبر۲ دوسرے قانونی بعض نظائر موجود تھے۔ مگر اب جب کہ ممالک اسلامیہ کا ایک زبردست فتویٰ علماء حرمین مکہ ومدینہ کا ''مسمی بحسام الحرمین'' مختار مدعا علیہ نے خود علماء دیوبند کی تکفیر کے سلسلہ میں پیش کر دیا جس کے کہ شروع میں مرزا غلام احمد صاحب اور ان کے متبعین کے معتقدات لئے ہیں اور اسی لین میں انہیں عقائد میں چونکہ علماء دیوبند کا تذکرہ تھا۔ لہٰذا ان پر بھی کفر آ گیا۔ جب انہیں وہ غلط فہمی رفع ہوگئی اور اس کی تردید ہوگئی تو وہ فتویٰ واپس لے لیا جس کے لئے غایۃ المامول علامہ برزنجی مدنی کا پیش کیا تھا۔ بہرحال وہ فتویٰ مرزا صاحب کے حق میں اب تک باقی ہے اور خود مدعا علیہ کے شاہد کا پیش کیا ہوا ہے اور نہ صرف ممالک اسلامی، بلکہ حجاز وحرمین کے مسلم علماء ومشائخ کا۔ دوسرا فتویٰ علماء شام کا جو گواہ مدعیہ نمبر۳ نے پیش کیا اور فیصلہ دربار میں یہ موجود ہے کہ کفر واسلام کا معاملہ علماء اسلام ہی حل کر سکتے ہیں۔ پس علماء حرمین وممالک اسلامیہ کے فیصلہ وفتویٰ کے بعد مرزا صاحب اور ان کے متبعین کا ارتداد بلاشبہ ثابت ہے۔ نیز علماء اسلام میں کوئی ایک مسلم عالم یا کوئی ایک اسلامی فرقہ بھی اس کے خلاف نہیں۔ دوسرے نظائر پیش کردہ کو فیصلہ دربار معلّٰی نے غیر متعلق قرار دے دیا۔ ملاحظہ ہو فیصلہ دربار معلّٰی پس اب یقیناً نکاح فسخ اور مقدمہ بحق مدعیہ ڈگری ہونا چاہئے۔

## خلاصہ تاویلات

۱...... وہ شام کے علماء کا فتویٰ نہیں، بلکہ میرے ایک ٹریکٹ کا جواب ہے جو رشید قاسم نے لکھا ہے اور وہ ایک تاجر ہے۔ اس کی قابلیت اور دماغی حالت معلوم کرنے کے واسطے یہی کافی ہے۔

۲...... گواہ مدعیہ نمبر۳ سے جب جرح میں دریافت کیا تو رشید قاسم سے لاعلمی ظاہر کی۔

الجواب:

۱...... یہ عجیب بات ہے کہ وہ فتویٰ نہیں ہے۔ کیونکہ رشید قاسم ایک تاجر آدمی ہیں اور تاجر عالم نہیں ہوسکتا۔ حالانکہ تمام انبیاء حتیٰ کہ سید الانبیاءﷺ نے بھی تجارت کی۔ تاجر ہونا نہ نبوت کے منافی ہے، نہ خلافت ولایت کے، نہ علم وکمال وافتاء کے۔ باقی چونکہ انہوں نے ممالک اسلامیہ اور خصوصاً شام میں مرزاصاحب کے خلاف ایک بیداری پیدا کردی ہے اور ان کے مشن کو ان سے سخت صدمہ ہوا ہے۔ یہ ان کی دماغی حالت پر جو بھی تبصرہ کرے، بجا ہے۔ بہرحال وہ ایک عالم کا فتویٰ ہے اور دوسرے علماء اس کے مؤید ہیں۔ وہ مفصل فتویٰ اور اس ترجمہ اخبار مدینہ بجنور اور اخبار زمیندار لاہور میں متعدد مرتبہ علماء شام کے فتویٰ کے ہیڈنگ سے شائع ہوچکا ہے۔ اس کے نیچے دیگر علماء کے بھی دستخط ہیں۔

۲...... گواہ مدعیہ نمبر۳ نے اپنی ذاتی ملاقات کا انکار کیا ہے۔ باقی ان کے علم وفضل کا کوئی انکار اور اس سے لاعلمی نہیں اور نہ کسی کی علمی شہرت معلوم کریں۔ اس سے بلاواسطہ ملاقات کی شرط ہے۔ ملاحظہ اصلی الفاظ (جرح گواہ نمبر۳، مؤرخہ ۲۹؍اگست ۱۹۳۳ء) اور اگر بالفرض مختار مدعاعلیہ کے یہ شبہات ہم صحیح تسلیم کرلیں گو صحیح نہیں۔ جیسا کہ ابھی عرض کرچکا ہوں تو بھی ہمارا اصلی استدلال بحالہ موجود ہے۔ کیونکہ اوّلاً تو میں نے انہیں کا پیش کردہ فتویٰ علماء مکہ ومدینہ حسام الحرمین کو بناء استدلال بنایا ہے۔ اس کا جواب بھی نہ دے سکے۔ بہرحال ایک فتویٰ نہ صرف علماء ممالک اسلامیہ بلکہ خیرالبلاد حجاز کے مسلم علماء ومشائخ گواہ مدعاعلیہ کا پیش کردہ موجود اور لاجواب ومسلم ہے۔ پس فتویٰ ممالک اسلامیہ کا ثابت ہے اور نظائر قانونی بروئے فیصلہ دربار معلٰی غیر متعلق ہے۔ پس مقدمہ بحق مدعیہ یقیناً ڈگری ہونا چاہئے۔

نوٹ: اس کے بعد حسام الحرمین اور علماء دیوبندوبریلی کا طولانی قصہ ہے جسے میں اخیر بحث میں جب کہ اپنے گواہوں پر سے اعتراضات دفع کروں گا۔ اس وقت لوں گا اور وہیں سے یہ دراصل متعلق بھی ہے۔

## گواہان مدعاعلیہ پر تنقید کا جواب

اس سلسلہ میں جو میں نے مکمل لسٹ پیش کی تھی اس کے بعض نمبروں کی کچھ تاویلیں مختار مدعاعلیہ نے کرنی چاہی ہیں اور اکثر تو لاجواب اور گواہوں کے ناقابل اعتبار ثابت کرنے کو کافی ووافی ہیں۔ میں تاویلات کا خلاصہ لے کر نمبروار جواب مگر نہایت ہی مختصر عرض کرتا ہوں۔ ہاں! پہلے اپنے اصل اعتراضات اور تنقید کا خلاصہ بھی مختصر الفاظ میں پیش کردوں تاکہ بعد کو متعدد مرتبہ اسے نہ لانا پڑے۔

### خلاصہ تنقید

یہ اصل فریقین کو مسلم ہے کہ کسی کا مذہب دریافت کرنے کے لئے ضروری ہے کہ اس کی تمام کتابوں کو دیکھ کر حکم لگایا جائے۔ ملاحظہ ہو (بیان گواہ مدعاعلیہ نمبر۱) عنوان علماء کفر کا فتویٰ۔ لہٰذا کوئی کسی سلسلہ کا تمام لٹریچر دیکھے بغیر اس کے اسلام کے متعلق اخیر فیصلہ نہیں دے سکتا۔ کیوں کہ اس کے اسلام کا پتہ تو جب چل سکتا ہے۔ جب کہ اس کے تمام معتقدات کا علم ہو اور معلوم ہو جائے کہ اس کا کوئی بھی عقیدہ کفریہ اسلام کے خلاف نہیں۔ بخلاف کفر کا حکم لگانے کے واسطے اگر قطعی طور پر ایک کسی کا صریح وصاف کفریہ معلوم ہو جائے تو کفر کا حکم ان کفریات پر لگا سکتے ہیں۔ گو دیگر کفریات یا اس کے تمام معتقدات کا علم نہ ہو۔ کیونکہ اسلام تو مجموعہ اعتقادات کے بعد ثابت ہوگا اور کفر کے واسطے ایک صریح وجہ بھی کافی۔ گو اور کسی چیز کا علم نہ ہو۔

مثلاً ایک شخص صراحۃً نماز کی فرضیت کا انکار یا قرآن کا انکار یا بت کو سجدہ کرے تو ہم صرف اسی پر حکم کفر لگا سکتے ہیں۔ گو دوسرے حالات کا ہمیں علم بھی نہ ہو۔ اسی اصول پر مرزامحمود صاحب نے تمام چالیس کروڑ مسلمانوں کو کافر اور دائرہ اسلام سے خارج۔ صرف مرزا صاحب کی بیعت میں داخل نہ ہونے سے قرار دیا ہے۔ حالانکہ ان تمام مسلمانوں کے تمام معتقدات کا ان کو پتہ بھی نہیں اور گواہ مدعا علیہ نمبر۱ جو سلسلہ احمدیت یا مذہب مرزائیت اور اس کے بانی و متبعین کا اسلام ثابت کرنے کے واسطے پیش ہوا ہے۔ اس کا یکم؍مارچ ۱۹۳۳ء بجواب جرح اقرار ہے کہ سلسلہ احمدیہ کے سب لٹریچر نظر سے نہیں گزرے جو اس وقت تک شائع ہوئے۔ اب اس معاملہ میں اس کی گواہی کا ناقابل اعتبار ہونا بالکل واضح تھا۔ مگر اس میں بھی غیر متعلق تاویلات کیں۔

## خلاصہ تاویلات

۱...... گواہ مدعیہ کی جرح کی عبارت محرف کر کے پیش کی اور عدالت کو مغالطہ دیا۔ اصل الفاظ یہ ہیں: سلسلہ احمدیہ کی طرف سے اس وقت تک جس قدر لٹریچر شائع ہو چکے ہیں وہ سب میری نظر سے نہیں گزرے۔

۲...... اس سے دیگر مصنّفین کی تصانیف مراد ہیں جن کا دیکھنا ضروری نہیں، نہ کتب مرزاصاحب۔

۳...... مختار مدعیہ کا یہ کہنا کہ کسی کا کفر ثابت کرنے کے واسطے اس کی تمام تصانیف کا دیکھنا ضروری نہیں قطعاً باطل ہے۔ بلکہ مبہم وذوالوجوہ عبارات دوسری عبارات سے حل ہوں گی۔ نیز اس کے سیاق وسباق و دیگر تصانیف سے۔

۴...... مختار مدعا علیہ کا اصول گواہ مدعیہ نمبر۱ کے خلاف ہے۔ ملاحظہ ہو جرح ۲۰؍اگست ۱۹۳۳ء ایک مصنف کا جب تک ماقبل ومابعد معلوم نہ ہو اور اس کی دوسری تصانیف سے اس کا صحیح عقیدہ معلوم نہ کر لیا جائے۔

۵...... اور واضح رہے کہ فتویٰ دینے کے بارہ میں گواہ مدعیہ نمبر۱ کا قول بہ نسبت مختار مدعا علیہ کے قول کے زیادہ معتبر اور ماننے کے قابل ہے۔ کیونکہ گواہ مدعیہ نمبر۱ بقول اس کے دارالعلوم دیوبند کا مفتی ہے اور مختار مدعیہ ایک معمولی آدمی ہے جو کسی یونیورسٹی کا سند یافتہ نہیں۔

۶...... پھر گواہ مدعیہ نمبر۱ کو بھی اس کی جرح سے ایک فقرہ سے مجروح کرنے کی سعی کی۔

**الجواب:**

۱...... میں نے کوئی بھی عبارت محرف نہیں کی۔ عدالت کو خود ملاحظہ مسل کے وقت معلوم ہو جائے گا۔ میں نے وہاں بھی اصل عبارت پیش کی تھی۔ حوالہ یہ محض مغالطہ ہے۔

۲...... یہ تاویل کہ سلسلہ احمدیہ کے لٹریچر سے مرزاصاحب کے سوائے دوسرے مصنّفین کے مراد ہیں۔ محض غلط اور اب بحث ناقابل التفات ہے۔ گواہ اپنے الفاظ کا پابند ہے۔ نیز کسی سلسلہ یا مذہب کے لٹریچر میں اس کے بانی سلسلہ کا لٹریچر سب سے مقدم آتا ہے۔ لہٰذا یہ تخصیص علاوہ بے ربط ہونے کے تحقیق کے بھی خلاف ہے۔ پھر سلسلہ احمدیہ میں جس طرح مرزاصاحب کی تصانیف قابل ایمان لانے کے ہیں۔ یوں ہی ان کے خلفاء کی۔ پس مرزاصاحب کے سواء مطلقاً دیگر تصانیف کا اخراج بھی نافع نہیں اور گواہ آئینہ صداقت مرزامحمود صاحب کے مطالعہ سے صراحۃً انکار کر چکا ہے۔ بہرحال یہ تاویلیں فضول ہیں اور سلسلہ کی کل کتب یقیناً اس نے نہیں پڑھیں۔ جیسا کہ جرح میں جابجا آیا ہے اور اس قدر لاعلمی کے ساتھ اس سلسلہ کی صفائی کے گواہ ہرگز قابل نہیں ہو سکتے۔

۳...... میں نے اس مسئلہ کو مدلل امثلہ سے بیان کیا ہے۔ کسی حاشیہ آرائی کا وہ محتاج نہیں۔ مصرح کفر ہونے کے لئے کل عقیدے یا کل کتب کے مطالعہ کی حاجت نہیں اور آنحضرت ﷺ کے بعد مطلقاً دعویٰ نبوت یا آنحضرت ﷺ کا مطلقاً آخر نبی ہونا، وغیرہ! ایسا مصرح ہے کہ کسی کتاب میں ۱۹۰۱ء کے بعد اس کے خلاف نہیں۔ وغیرہ ذلک! باقی مبہم عبارات کے حل کے لئے ضرور اس عبارت یا مخصوص اسی مسئلہ

کے متعلق اس شخص کی دیگر تصانیف دیکھنی ہوں گی۔ تمام دیگر مسائل کے متعلق اس کی تصانیف دیکھنا کوئی ضروری نہیں اور یہی مطلب صرف گواہ مدعیہ نمبرا کا ہے۔ اصل بحث وجرح سے عدالت خود ملاحظہ فرمائے یہ تاویل محض بیکار ہے۔

خیر فتویٰ کے متعلق مولانا محمد شفیع صاحب گواہ مدعیہ نمبرا کو زیادہ معتبر اور ماننے کے لائق تسلیم کرلیا اور انہیں ہندوستان کی مرکزی درسگاہ کا مفتی بھی اس سے تو ہمارے گواہ کی توثیق ہے۔ بہر حال ان کا فتویٰ تکفیر مرزاصاحب اور ان کی جماعت کے متعلق مذہبی نقطہ نگاہ سے مختار مدعاعلیہ کے نزدیک بھی سب سے زیادہ معتبر اور قابل ماننے کے ہوگا۔ باقی رہا مختار مدعیہ کا معاملہ وہ تو نہ گواہ ہے، نہ شاہد، نہ اس پر جرح۔ کہیں پر کوئی اثر ڈالے، اس کے متعلق یہ کہنا کہ اور مختار مدعیہ ایک معمولی آدمی ہے جو کسی یونیورسٹی کا سند یافتہ نہیں۔'' یہ بھی اس کی عزت افزائی ہے۔ ورنہ مرزاصاحب تو ہم لوگوں کو بدذات فرقہ اور جنگلی سور اور نہ معلوم کیا کیا کہتے ہیں۔ ہمیں تو مختار مدعاعلیہ کا شکر یہ ادا کرنا چاہئے۔ آدمی تو مان لیا معمولی آدمی ہی سہی۔ ہمیں کب برابر ہونے کا دعویٰ ہے۔ مرزاصاحب تو ابن مسعودؓ جیسے جلیل القدر صحابی کو فرماتے ہیں کہ ایک معمولی آدمی تھا۔ کسی یونیورسٹی کا سند یافتہ نہ ہونا معمولی آدمی ہونے کو کافی نہیں۔ نہ مختار مدعاعلیہ کے نبی کسی یونیورسٹی کے سند یافتہ تھے، نہ خلیفہ اوّل ودوم۔ البتہ یہ اس کی غلط بیانی یا ناواقفی ہے کہ مختار مدعیہ کسی یونیورسٹی کا سند یافتہ نہیں۔ اسے معلوم ہونا چاہئے کہ جس کے متعلق وہ کہہ رہا ہے وہ منشی فاضل ومولوی فاضل الہ آباد یونیورسٹی ولکھنؤ یونیورسٹی وپنجاب یونیورسٹی تینوں جگہوں کا ہے۔ اگر عدالت ضرورت محسوس فرمائے تو تمام سرٹیفکیٹ بھی پیش کئے جاسکتے ہیں۔ میری غرض صرف مختار مدعاعلیہ کے اوچھے پن کا اختیار کرنا ہے۔ ورنہ وکیل پر تنقید کا کوئی اثر مؤکل یا کیس پر نہیں پڑتا۔ ہاں! اب یہ اصول تنقید مختار مدعاعلیہ کے متعلق نہ بحیثیت مختار بلکہ گواہ سلسلہ تنقید گواہان مدعاعلیہ ان شاءاللہ پیش کیا جائے گا۔

۴...... کل کتب مرزاصاحب کی بالاستیعاب نہ دیکھنا اور چیز ہے اور عبارت کا سیاق وسباق نہ دیکھنا اور چیز۔ اس مغالطہ سے گواہ مجروح نہیں ہوسکتا۔ دوسرے گواہ مدعیہ نمبرا بحیثیت مفتی اسلام پیش ہوا ہے اور وہ شرعی مسائل کا دراصل شاہد ہے۔ اگر وہ یہ عبارات بھی نہ دیکھتا جب بھی اس کی ان متنازعہ مسائل ختم نبوت، وحی نبوت، توہین انبیاء، تکفیر امت، انکار حشر اجساد وغیرہ میں معتبر اور بقول مختار مدعاعلیہ قابل ماننے کے تھے۔ مرزاصاحب کی عبارات کے واسطے تو گواہ الف ونمبر۲،۳ پیش ہوئے ہیں جنہوں نے غالباً مرزاصاحب کے متبعین سے بہت زائدان کی کتب کا مطالعہ کیا ہے۔

## (۲) دربار معلّٰی کی توہین

یہ عدالت نے غیر متعلق قرار دے کر خارج کر دیا ہے۔ لہٰذا اس پر کچھ بحث کی ضرورت نہیں۔ البتہ اس کے تحت دو امر اور پیش کئے ہیں۔ ایک تو اپنی صریح غلط بیانی کی تردید کرنے کی سعی کی ہے، دوسرے دو غیر مجروح شاہدوں پر فرضی یا ظلی وبروزی جرح قائم کی ہے۔ اس کے الفاظ کا خلاصہ لے کر جواب عرض کروں گا۔

### خلاصہ تاویل مختار مدعاعلیہ

۱...... یہ کہنا کہ فتویٰ کفر کی بنیاد صرف علماء کے اقوال پر رکھی گئی ہے۔ بجائے خود بالکل صحیح اور درست ہے۔

۲...... شیخ الجامعہ صاحب نے جو دلائل پیش کئے تھے جب کہ مدعاعلیہ کی طرف سے ان کا جواب ہوگیا تو گویا علماء کے اقوال ہی رہ گئے۔

۳...... گواہان مدعاعلیہ نے مدعاعلیہ کے ایمان اور اس کا عقیدہ قرآن مجید اور حدیث اور سلف کے موافق ثابت کر دیا ہے۔ لہٰذا مختار مدعیہ کا مذکورہ بالا اعتراض باطل ہے۔

۴...... گواہ نمبر الف، ب کی شہادتوں میں وہی امور تھے جو دوسرے شاہدوں نے بیان کئے ہیں۔ دوسروں کی جرح گویا ان پر ہے۔ لہٰذا وہ بھی مجروح باطل نا قابل التفات ہوگئیں۔

الجواب:

۱...... یقیناً یہ کہنا کہ اس جدید دور میں تکفیر کی بنیاد صرف علماء کے اقوال پر رکھی گئی۔''

عدالت کے سامنے ایسی صریح غلط بیانی ہے کہ اس کے بعد اس گواہ کی گواہی قبول ہی نہیں ہوسکتی۔ عدالت خود مسل سے ملاحظہ فرمائے کہ کہیں کوئی بھی فتویٰ پیش نہیں کیا گیا۔ تذکرہ علماء شام کے فتویٰ کا صرف دو لفظوں میں ذکر ہے۔ باقی تمام مسائل آیات قرآنی احادیث نبویہ، آثار صحابہ وتابعین وائمہ فیصلہ متکلمین واسلاف سے بوضاحت بلاکسی تاویل کے ثابت کئے گئے جس میں ہر اقسام سے تقریباً (۵۰) دلائل تو لاجواب ہیں جس کے جواب کا اس میں عمومی وخصوصی کسی طور پر تذکرہ تک نہ آیا۔ پھر کیا یہ مذکورہ بالا اقوال کہ صرف بنا علماء کا فتویٰ ہے۔ محض دروغ اور غلط بیانی نہیں۔

۲...... یہ کہنا کہ شیخ الجامعہ صاحب کے دلائل کا جواب دے دیا۔ بس گویا کہ صرف فتاویٰ رہ گئے۔ یہ کیسی بے ربط تاویل ہے۔ اس بناء پر تو یہ کہنا چاہئے کہ کوئی بھی دلیل نہیں رہی۔ کیونکہ یہاں پر فتویٰ کا پتہ ہی نہیں۔

نیز حضرت شیخ الجامعہ صاحب کے دلائل کا کوئی بھی جواب بن نہ سکا۔ جیسا کہ اوپر مفصل پیش کر چکا۔ علاوہ بریں سوائے ایک آدھ باتوں کے شیخ الجامعہ صاحب نے جو تمام گواہوں سے علیحدہ آیات واحادیث پیش کی تھیں، ان کا جواب کجا جوابی بحث میں تذکرہ یا اصولاً بھی تردید نہ آئی۔ لہٰذا ان کا بیان تو بہر حال لاجواب ہے۔ نہ وہ ٹوٹ سکتا ہے اور نہ یہ مختار مدعا علیہ کا صریح جھوٹ سچ ہوسکتا ہے۔

۳...... عدالت خود واقف ہے کہ گواہان مدعا علیہ کا عقیدہ کہاں تک قرآن وحدیث واسلاف کے مطابق ثابت کر سکے۔ مدعا علیہ کیا صرف مرزا صاحب اور ان کے خلفاء کا ایمان تو حیدو رسالت اور ضروریات دین پر ثابت نہ ہوسکا۔ بس اصل اعتراض بحالہ موجود ہے۔

۴...... شاید مختار مدعا علیہ کو معلوم نہیں کہ بعض گواہوں کے مجروح ہونے سے دوسرے جرح سے سالم گواہ قانوناً مجروح نہیں ہوا کرتے۔ نہ اس قسم کی تاویلات کو کوئی جوڈیشنل حیثیت حاصل ہے۔

لہٰذا وہ دونوں شہادتیں بالکل جرح سے سالم ہیں اور اس طور پر کہ باوجود وقت دیئے جانے کے مدعا علیہ نے جرح سے انکار کر دیا۔ مزید برآں ان شہادتوں پر دیوبندی ہونے کا بھی اعتراض نہیں۔ پس جوڈیشنل حیثیت سے وہ گواہان بہت ہی قابل وقعت ہیں۔ خصوصاً نمبر الف کا پوزیشن بھی ہائی پوزیشن ہے۔

## (۳) گواہ مدعا علیہ نمبر ا ...... معلومات پر بحث

اس سلسلہ میں من جملہ اور اعتراضات کے صرف میرے ایک اعتراض کی تاویل کرنے کی لاحاصل کوشش کی ہے۔

### پیش کردہ کتب سے مختار مدعا علیہ کی واقفیت

| | | |
|---|---|---|
| ۱...... فتوحات مکیہ کل نہیں دیکھی۔ | گواہ مدعا علیہ نمبر ا | یکم مارچ ۱۹۳۳ء |
| ۲...... شرح فقہ اکبر کا علم نہیں کسی کی ہے۔ | // // | ۷ مارچ ۱۹۳۳ء |
| ۳...... بحرالرائق کا اصول تکفیر معلوم نہیں۔ | // // | // // |
| ۴...... اشارات فریدی تمام کا مطالعہ نہیں کیا۔ | // // | ۹ مارچ ۱۹۳۳ء |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۵...... منصب امامت پورا نہیں پڑھا۔ | // | // | | ۱۲/مارچ ۱۹۳۳ء |
| ۶...... مبسوط دیکھا ہی نہیں۔ | // | // | // | // |
| ۷...... ہدیہ مجددیہ کا مصنف نا معلوم۔ | // | // | // | // |
| ۸...... جامع الشواہد کا مصنف نا معلوم۔ | // | // | // | // |
| ۹...... بھونچال بر لشکر دجال کا مصنف نا معلوم۔ | // | // | // | // |
| ۱۰...... تحذیر الناس کل مطالعہ نہیں کی بلکہ اکثر۔ | // | // | | ۸/مارچ ۱۹۳۳ء |

اس سے گواہ کی لاعلمی اور قابلیت نیز جو حوالے جس مسئلہ کے متعلق پیش کئے۔ ان کی حقیقت آشکارا تھی اور کسی تاویل کی حاجت بھی نہ تھی۔ مگر پھر بھی تاویلیں پیش کیں کہ ان سے گواہ نمبر ا مدعا علیہ کی شہادت پر اثر نہیں پڑتا۔

## خلاصہ تاویلات مختار مدعا علیہ

۱...... یہ خلاف واقعہ ہے۔ کیونکہ ۷/مارچ ۱۹۳۳ء کو گواہ نے یہ بھی کہا ہے کہ بحرالرائق میں یہ ہے کہ اکثر کے متعلق میں فتوے نہیں دیتا اور کسی کے کلام کا...... الخ!

۲...... فتوحات مکیہ اتنی ضخیم کتاب ہے کہ جس غرض کے واسطے گواہ مدعا علیہ نمبرا نے اس کا مطالعہ کیا تھا۔ اس کے لئے کل پڑھنا ضروری نہ تھا۔

۳...... دوسری کتب کے متعلق یہ ہے کہ ان کی جو عبارت پیش کی گئی۔ اس کے اندر اس کے خلاف کوئی عبارت نہیں جس سے اس کے مفہوم میں فرق آئے۔ لہٰذا بالاستیعاب پڑھنے کی ضرورت نہ تھی۔

۴...... ہدیہ مجددیہ کے مصنف کا نام اس وقت یاد نہ تھا۔ کتاب پر لکھا ہوا ہے یہ بتایا تھا۔

۵...... جامع الشواہد اور بھونچال بر لشکر دجال کے مصنّفین کے متعلق ان کی کتابوں سے معلوم ہو سکے گا کہ مقلد تھے یا غیر مقلد گواہ مدعا علیہ نمبرا نے بھی یہ لفظ ۱۲/مارچ کو کہے تھے نہ مختار مدعیہ کے پیش کردہ۔

۶...... گواہ مدعیہ نمبرا جو مفتی دارالعلوم ہے، اسے بھی مندرجہ ذیل امور معلوم نہیں۔

الف...... مجھے نہیں معلوم کہ دیوبندیوں نے سوائے قادیانیوں کے کسی کو کافر کہا ہو۔

ب...... مسیلمہ نہ نبوت مستقلہ کا مدعی تھا نہ اس نے کوئی شریعت اسلام کے مقابل قائم کی تھی نہ میرے علم میں قرآن کے مقابل کوئی آیات قائم کیں۔

ج...... امام شافعی، احمد، بخاری، نسائی، سید عبدالقادر جیلانی، ابن عربی پر کفر کے فتویٰ کا مجھے علم نہیں۔

د...... مسلم کے شارحین کو میں نہیں جانتا۔ مجھے نہیں معلوم محمد حسین صاحب بٹالوی نے کس سن میں فتویٰ دیا اور کس نے خاتم کے معنی خاتم النّبیین میں مہر کے لئے اور خاتم الاولیاء مرزا صاحب نے کہا ہے یا نہیں۔

<u>الجواب:</u> اجمالاً صرف اس قدر گزارش ہے کہ عدالت خود ان تاویلات کو ملاحظہ فرمائے کہ کیا کتب پیش کردہ سے ناواقفی کا الزام دفع ہوگیا۔ بلکہ اور اقرار ہوگیا۔ ہاں! اس کی حکمتیں مصالح بیان کیں کہ اس وجہ سے نہیں دیکھا مگر جواب تو نہ ہو سکا۔ لاعلمی تو بحال رہی۔ مفصل جواب ترتیب وار۔

۱...... بحرالرائق کا اصول تکفیر تو نہ معلوم ہو سکا۔ گواور امور بتائے اس کے متعلق تو یہی اقرار ہے کہ: ''بحرالرائق کے متعلق مجھے کوئی علم نہیں کہ اس کا کوئی اصول ہے یا نہ۔'' جس کتاب سے فتاویٰ کفر نقل کئے، اس کے اصول تک کا پتہ نہیں۔ ایسے شخص کے نقل کا کیا اعتبار اور پھر

جو نتیجہ مرتب کیا وہ بوجہ اصول سے ناواقفی کے محض غلط خلاف واقعہ۔ جیسا کہ علماء وفتویٰ تکفیر کے تحت بحث میں پیش کر چکا۔

۲...... اتنی ضخیم کتاب جب پڑھ نہیں سکتے تھے تو اس کا حوالہ اور غلط مطلب متکلم کی مراد کے خلاف پیش کرنے کی کیا ضرورت تھی۔ نیز اس لئے کل کے مطالعہ کی ضرورت تھی کہ ان کی عادت ہے اپنی اصطلاحات مختلف ابواب میں معمولی سے تعلق سے بیان کر جاتے ہیں۔ پس جب تک کل پر عبور نہ ہو۔ ان کی عبارات کا مطلب بھی ان کی اصطلاح اور مسلک کے مطابق معلوم نہیں ہوسکتا۔ (اس سلسلہ میں کبریت ویواقیت سے اوپر حوالے پیش کر چکا ہوں) بہرحال کسی وجہ سے لاعلمی وناواقفی کا اعتراض بحال ہی رہا۔

۳...... جب بالاستیعاب کتاب ہی نہیں دیکھی تو کیا پتہ کہ اس میں کوئی عبارت اس کے متعلق یا اس کے خلاف ہے یا نہیں۔ علاوہ اس علت کے مہمل ہونے کے ناواقفی کا اقرار ہے۔

۴...... کتاب پر لکھا ہو یا نہ مصنف اور اس کے مسلک کی لاعلمی تو بہرحال اس کتاب سے ناواقفی کا ثبوت ہے۔

۵...... یہ کہنا کہ کتاب پر لکھا ہوگا دیکھ لیا جائے کس خیال کے آدمی ہیں۔ اس سے زائد ناواقفی کیا ہوگی۔ پھر اس وقت کہا تھا کہ بحث میں پیش کریں گے۔ اس میں بھی باوجود مطالعہ کے نہ پیش کر سکے۔ نیز مختار مدعیہ نے غلط مفہوم یا الفاظ پیش نہیں کئے۔ عدالت خود مسل سے معائنہ فرمالے جہاں کہیں مفہوم جرح کا لیا ہے۔ وہاں بھی خلاف نہیں۔

۶...... گواہ مدعیہ نمبر۱ پر فرضی اعتراض کرنے سے گواہ مدعا علیہ نمبر۱ کی جرح کی توصفائی نہیں ہوسکتی۔

نیز گواہ مدعا علیہ کی اپنی پیش کردہ کتب سے ناواقفی ثابت ہے جنہیں وہ خود شہادت میں استدلالی رنگ میں پیش کر رہا ہے۔ بخلاف گواہ مدعیہ نمبر۱ کے کہ اس کی لاعلمی غیر متعلق امور میں ہے جن کے جواب کا بھی وہ جوڈیشنل اصول اور ایکٹ شہادت کی رو سے مکلّف نہ تھا۔

## تفصیلاً گواہ مدعیہ نمبر۱ کی صفائی

الف...... یہ بالکل صحیح ہے کہ علماء دیوبند نے سوائے مرزاصاحب اور ان کے متبعین کے کسی کو کافر کہا ہی نہیں۔ پس ایک غیر ثابت شدہ چیز کا علم کیونکر ہوسکتا ہے۔ نیز اس کے علم کی مقدمہ اور شہادت کے سلسلہ میں ضرورت ہی کیا تھی، ایک غیر متعلق سوال تھا۔

ب...... گواہ نے اپنے علم اور اپنی تحقیق کا جواب بالکل صحیح تحقیق کے مطابق جواب دیا ہے اور گواہ اپنی ہی علم کی شہادت دیتا ہے نہ کسی سنی سنائی۔ اس میں اعتراض ہی کیا ہے۔

ج...... ان بزرگوں پر کسی مسلم بزرگ نے فتویٰ کفر نہیں دیا۔ غیر ذمہ دارانہ فتاویٰ کفریہ کی مکمل لسٹ کا حفظ کب ضروری تھا۔

پھر یہ سوال بھی غیر متعلق تھا جس کا جواب اصولاً ان پر ضروری نہ تھا اور نہ اس کے واسطے پیش ہوئے تھے۔ نہ ان بزرگوں کا کفر واسلام زیر بحث تھا اور جرح میں اس کی کافی تفصیل بھی دی ہے اور مستقل اس کے متعلق ایک اصول بھی بتلا دیا ہے جس کے بعد تفصیل جزئیات کی ضرورت ہی نہیں۔ عدالت خود جرح سے ملاحظہ فرمائے۔

و...... مسلم کے متعدد شارحین ہیں اور سب غیر حنفی ہیں۔ پس حنفی مفتی کو ان سے کیا تعلق۔

نیز انہوں نے شرح مسلم سے کوئی حوالہ ہی نہیں دیا۔ حتیٰ کہ کتب پیش کردہ سے لاعلمی یا ناواقفی ثابت ہو اور عالم جمیع ''ما کان وما یکون'' سوائے اللہ عالم الغیب والشہادات کے کوئی بھی نہیں۔ پھر یہ اعتراض کیا ہے۔ فقہ حنفی اور شریعت اسلامیہ سے تو پورے واقف ہیں۔ ان کے قابل اعتبار اور ماننے کے لائق ہونے کا تو مختار مدعا علیہ کو بھی اعتراف ہے۔

ہ...... محمد حسین بٹالوی کا فتویٰ نہ انہوں نے پیش کیا نہ اس کے معہ صفحہ بتانے کے مکلّف نہ ان کے منصب وحیثیت پر اس سے کوئی زد۔ وہ ساری دنیا کے تو گماشتہ نہیں۔

خاتم کے معنی اس آیت میں مہر کے اسلاف نے جن پر اعتماد کیا جاسکے نہیں کئے۔ ہرکس وناکس کی تحقیقات کا تو کوئی مکلّف نہیں۔ مرزاصاحب کے تمام لٹریچر کے حفظ کا ان سے کیا تعلق تھا۔ جب کہ گواہ مدعاعلیہ نمبر ا باوجود مبلغ جماعت ہونے کے تمام لٹریچر سے آج تک ناواقف ہے۔ اگر وہ یہ پیش کرتے اور حوالہ نہ بتاسکتے۔ جیسا کہ گواہان مدعاعلیہ نے کیا تو ضروران پر زد آتی۔ بہرحال یہ صرف مغالطہ تھا وہ بھی بحمداللہ! بالکل صاف ہوگیا۔

## گواہ مدعاعلیہ نمبرا کے جوابات میں تعارض کارد

### (۱)

خلاصہ قول مختار مدعاعلیہ:

اجماع کے متعلق کہ پہلے یہ کہا کہ بلا استثناء تمام امت اجماع کرلے اور پھر اکابر اور بزرگ کا اجماع قرار دیا جواب یہ ہے کہ گواہ کے اصل الفاظ وہ نہیں بلکہ یہ ہیں۔ لہٰذا تعارض نہیں۔

الجواب: میں اس کے جواب میں جرح سے ہردوعبارات نقل کرکے فیصلہ عدالت کی امتیازی رائے پر چھوڑتا ہوں کسی منصوص مسئلہ پر تمام کی تمام امت بغیر استثناء کے اجماع کرے تو اس کی تسلیم ضروری ہے۔ (جرح گواہ مدعاعلیہ نمبرا، مؤرخہ ۹؍مارچ ۱۹۳۳ء)

پھر اس سے خلاف اس تاریخ میں یہ بھی کہا۔

ہمارے نزدیک اجماع امت وہ ہے کہ تمام امت کے بزرگ اور مسلمہ اکابر اس کو مانتے چلے آتے ہوں۔ جرح گواہ مدعاعلیہ نمبرا، مؤرخہ ۹؍مارچ۔ اوّل قول میں تمام کی تمام امت بلا استثناء اجماع کے لئے بتائی ہے اور دوسرے میں صرف امت کے مسلمہ بزرگ واکابر، تعارض ظاہر ہے۔

### (۲)

اصل اعتراض مؤرخہ ۹؍مارچ ۱۹۳۳ء الجواب جرح کہا۔ (اشارات فریدی ج۳) خواجہ محمد بخش صاحب نے مولوی رکن الدین سے سبقاً سبقاً نہیں سنی۔

پھر ۱۲؍مارچ ۱۹۳۳ء سوالات مکرر کے جواب میں کہا کہ یہ صحیح نہیں بلکہ خواجہ غلام فرید صاحب نے سبقاً سبقاً سنی اور تصحیح کی ہے۔

حالانکہ یکم؍مارچ ۱۹۳۳ء کو جواب جرح میں یہ تسلیم کرچکا ہے کہ:

اشارات فریدی میں خواجہ صاحب کے اپنے اقوال ہیں جو ان کے بعد مرتب کئے گئے اور بعد وفات ہی شائع ہوئے۔ اب تعارض دفعہ ہی نہیں ہوسکتا۔ پہلے دونوں اقوال میں یہ توضیح کی تھی کہ میں نے خود ہی سوالات مکرر میں اصلاح وتصحیح کردی تھی۔ مگر مختار مدعیہ کی غرض دوسرے اور تیسرے کا تعارض ہے جو بدستور قائم ہے دفع نہ ہوسکا۔

### (۳)

چندہ ادا نہ کرنے والا بیعت سے خارج ہے اور پھر بھی اسے احمدی مسلمان بتایا گیا۔ نظام جماعت سے خارج۔ حالانکہ (آئینہ صداقت ص۳۵، انوارالعلوم ج۶ ص۱۱۰) سے تسلیم کرچکا جو بیعت نہیں کرتا وہ کافر دائرہ اسلام سے خارج۔ اس میں جو نظام جماعت اور احمدیت کا فرق قائم کرنا چاہا وہ باطل ہے۔ کیونکہ بیعت سے خارج ہونے کی مرزاصاحب تصریح فرماچکے ہیں۔ وہاں نظام جماعت وغیرہ کا کوئی پتہ

نہیں، یہ صرف اپنی تصنیف وایجاد ہے۔

(۴)

مسیح موعود نبی ہیں اور نبی مشرکانہ عقیدہ پر کبھی نہیں رہ سکتا۔۲؍مارچ ۱۹۳۳ء مگر پھر بھی مرزاصاحب باوجودیکہ براہین میں مسیح کہا جاچکا تھا۔ تیرہ سال تک برابر مسئلہ حیات مسیح کے مشرکانہ بلکہ شرک عظیم کے عقیدہ پر باقرار خود قائم رہے۔ اب اس کے جواب میں یہ کہنا کہ مسیح تو تھے اور وحی بھی آتی تھی اور مسیح موعود نبی بھی ہوتا ہے۔ مگر اس وقت حقیقت نہ کھلی تھی۔ اس تاویل سے تعارض نہ اٹھا بدستور قائم رہا۔

(۵)

بخاری شریف میں احادیث مخالف قرآن غیر معتبر ہونے کا امکان (جرح) حالانکہ اصح الکتب بعد کتاب اللہ الصحیح البخاری بتصریح مرزاصاحب گواہ کو مسلم، اس میں بھی قطعی وظنی وغیرہ کی تاویل وتفریق کی ہے اور سبیل الرشاد اور الحق لدھیانہ کا حوالہ دیا ہے۔ مگر صرف تاویل ہی تاویل ہے۔ تعارض الفاظ کا قائم ہے۔

(۶)

گواہ نمبر۱: ’’اگر کوئی حکم بذریعہ جبرئیل بھی نازل ہو تو کوئی حرج نہیں۔۴؍مارچ ۱۹۳۳ء اور مرزاصاحب کا قول ہے۔‘‘

’’اور صرف ایک ہی فقرہ حضرت جبرئیل لاویں اور پھر چپ ہو جاویں یہ امر بھی ختم نبوت کا منافی ہے...... الخ!‘‘

’’اور اگر یہ کہو کہ جو احکام نازل ہوں گے...... الخ!‘‘ (ازالہ اوہام ص۵۷۷، خزائن ج۳ ص۴۱۱)

اور اسی صفحہ میں ہے کہ: ’’اگر یہ کہو کہ مسیح کو وحی کے ذریعہ سے صرف اتنا کہا جائے گا کہ تو قرآن پر عمل کر...... الخ!‘‘

(ازالہ ص۵۷۷، خزائن ج۳ ص۴۱۱)

اس کی تاویل عیسیٰ علیہ السلام کی نبوت مستقل مان کر بھی درست نہیں۔ کیونکہ ان کا امتی ہوکر اترنا بھی ختم نبوت کے منافی (ایام الصلح ص۱۴۶، خزائن ج۱۴ ص۳۹۲) پر بتایا ہے اور ازالہ کے اسی صفحہ پر اس مضمون کی تصریح ہے کہ جبرئیل بھی آکر کہیں کہ پہلی شریعت پر عمل کرو۔ گو شریعت اور وحی جدیدہ نہ یہ بھی ختم نبوت کے منافی ہے۔ اس کے بعد وحی وغیرہ کی طول طویل تاویل سب بیکار ہو جاتی ہے اور کبریت احمر یا گواہ نے جن اولیاء پر بھی فرشتہ کو بتایا ہے۔ اس کے فرشتہ وحی نہ ہونے کی تصریح کردی ہے۔ بلکہ وہ فرشتہ الہام ہے اور دونوں کا فرق بسلسلہ وحی یواقیت اور فتوحات سے پیش کر چکا۔ نیز علم الکتاب کے متعلق بھی اوپر مفصل بحث اور ان کی اصطلاح انہیں کی کتاب سے واضح پیش کر چکا اس سے۔

(۷)

کا بھی جواب ہوگیا اور معلوم ہوا کہ وحی قطعی اور الہام ظنی ہے۔ ایک جیسا مطلقاً نہیں ہوسکتا اور تعارض دفع نہ ہوسکا۔

(۸)

چونکہ نعمت اللہ شاہ ولی اللہ پر مرزاصاحب کی طرح کثرت سے امور غیبیہ کا اظہار نہیں ہوا۔ لہٰذا وہ نبی نہ ہوئے۔ یہ نبوت وہبی ہونے کے منافی ہے۔

امور غیبیہ کو شرط بناکے ناقابل التفات تاویل کی ہے۔ اصل تعارض اس سے دفع نہیں ہوسکتا۔

(۹)

اہل کتاب کی تعریف گواہ نمبر۱ مدعاعلیہ ’’کہ جن کو کتاب ملی حتیٰ کہ مسلمان بھی ۷؍مارچ اور گواہ نمبر۲ نے کہا۔‘‘ جنہیں مسلمانوں سے پہلے کتاب مل چکی……الخ! ۲۰؍مارچ ۱۹۳۳ء اس کی تاویل میں گواہ نمبر۴ کے سوالات مکرر سے یہ نقل کیا کہ: ’’مسلمان اہل کتاب ہیں۔‘‘ اس سے بجائے دفع تعارض کے اور زائد ہوگیا۔ بعض گواہ نمبر۴ سے خلاف ہونے کے اپنے قول کے بھی معارض ہے۔ لہٰذا دونوں میں سے ایک بھی قابل اعتبار نہ رہا۔

(۱۰)

گواہ مدعا علیہ نمبر۱ عبداللہ بن مسعودؓ بڑے جلیل القدر صحابی ہیں۔ مرزا صاحب ازالہ اوہام میں فرماتے ہیں: ’’عبداللہ بن مسعود ایک معمولی آدمی تھا۔‘‘ تطبیق یہ نکالی کہ گواہ کا قول باعتبار صحابی ہونے کے ہے اور مرزا صاحب کا قول مقابلہ میں رسول ونبی کے۔ مگر یہ تاویل قابل التفات نہیں، اس سے اقراری تعارض اٹھ نہیں سکتا۔

مولانا نانوتوی نے ہدیۃ الشیعہ میں معمولی آدمی کا تنقیصی کلمہ نہیں کہا، بلکہ صرف آدمی بتایا ہے۔ بمعنی بشر وہ یعنی خدا نہیں۔ بہرحال تمام متعارضات بدستور ہیں۔

## گواہ مدعا علیہ نمبر۱ کے علم کے متعلق اعتراضات کا جواب

(۱)

قرآن میں ملائکہ کی تعریف سے گواہ کی لاعلمی حالانکہ وہاں موجود ہے۔ اس کی تاویل یہ کی کہ اصل الفاظ گواہ کے اور ہیں اور ’’بل عباد مکرمون‘‘ پر طویل بحث کی۔ اب چونکہ قرآن وحدیث سے ملائکہ کی تعریف گزر چکی۔ عدالت خود یہ تعارض اسی روشنی میں ملاحظہ فرمائے۔ یہ کہنا کہ قرآن میں ان کے کام مذکور ہیں۔ نہ تعریف غلط ہے، بلکہ تعریف موجود ہے۔ جیسا کہ مفصل آیات اوپر پیش ہوچکیں۔

(۲)

گواہ اہل سنت والجماعت وہ ہے کہ جو اپنے کو اہل سنت کہے، یہ غلط ہے۔ غنیۃ الطالبین میں ہے۔ اہل سنت والجماعت وہ ہیں جو سنت رسول اور طریقہ متفقہ صحابہ پر جو زمانہ خلفاء راشدین کا ہو اس پر قائم ہوں۔

تاویل یہ کہ گواہ سے سوال اہل سنت والجماعت کا تھا اور غنیۃ الطالبین میں صرف سنت وجماعت کی تعریف ہے، نہ اہل سنت والجماعت اس سے اور بھی علمیت پر روشنی پڑ گئی۔ اسی پیش کردہ حوالے میں شروع ہی میں ہے۔

’’علی المسلم الکیس ان یتبع باھل السنۃ والجماعۃ‘‘ اور پھر انا لفظ تفسیر سے اہل سنت والجماعت کی تعریف علیحدہ علیحدہ دونوں لفظ کی شرح سے کی ہے۔ اس تاویل سے غنیۃ الطالبین سے لاعلمی اور اس میں خیانت ثابت ہوئی۔

(۳)

قول گواہ مدعا علیہ: ’’جو بھی کسی حدیث کو واقعی طور پر قرآن کے موافق ہونا ثابت کرے۔ اس کا قول مسلم ہے۔‘‘

مختار مدعیہ: ’’اگر یہی اصول ہے تو دین تو بازیچہ اطفال ہوجائے گا۔ اس کی تاویل میں خلاف واقعہ تعلّیاں اور ہدیۃ الشیعہ کا

قرآن کے حدیث پر راجح ہونے کا ایک حوالہ پیش کیا۔

مگر اعتراض یہ نہیں بلکہ اعتراض تو یہ ہے کہ اگر ہر کس وناکس کی توفیق وتطبیق سے قرآن وحدیث معتبر ہو جائے تو دین ایک کھیل ہو جائے گا۔ وہ بدستور موجود ہے۔

(۴)

گواہ نے صحیح احادیث کو جو وحی غیر متعلق ہیں۔ بتایا ہے کہ قرآن کے معارض ہوسکتی ہیں۔ مگر مرزاصاحب کی تمام وحیاں قرآن کے مطابق مانتا ہے اور اس کے مقابل حدیث رسول اللہ ﷺ کو ردی کی طرح پھینکتے ہیں۔

اس کی تاویل میں وہی حدیث: ''فاعرضوا علی کتاب اللّٰہ'' کی آڑ لی ہے جس کی پوری شرح آگے ان شاءاللہ! آئے گی۔

(۵)

گواہ نے ''ان من امة الا خلافیها نذیر'' کے عموم سے کرشن کو نبی مانا ہے۔ پس اس عمومی اصول سے قرآن کے مطابق ''ما اٰتاکم الرسول فخذوه'' کے لحاظ سے کوئی بھی حدیث قرآن کے معارض نہ ہوگی بلکہ اس آیت کے عموم کے تحت سراسر وہ قرآن ہی کا حکم ہوگا۔

اس کی تاویل میں نبوت کرشن کی غیر متعلق بحث شروع کر دی اور معیار صحت احادیث کا سلسلہ شروع کر دیا۔ حالانکہ بات صاف ہے کہ محدثین کے معیار پر جو صحیح حدیث ہو، اسے ہم اپنی عقل ناقص سے قرآن کے خلاف نہیں بتا سکتے۔ نیز بظاہر خلاف معلوم ہو پھر بھی بعد تسلیم صحت اس آیت کی رو سے موافق ہو جائے گی۔

## اس سلسلہ کے لاجواب امور جن کا کوئی تذکرہ نہ کیا

۱...... تمام جرح میں باوجود سوالات مختار مدعیہ اور سوال عدالت کے کفر واسلام کے معنی بتا نہ سکے اور اصطلاحاً صاف نہ ہوئے۔

۲...... بخاری جیسی صحیح کتاب میں بھی قیود کا اضافہ (۲؍مارچ) حالانکہ مرزاصاحب اور ان کے خلفاء کی کتب مسلم ہیں۔ (۱۱؍مارچ ۱۹۳۳ء)

۳...... ابن عربی کی فتوحات وفصوص الحکم کے قول کی تطبیق۔

## گواہ مدعا علیہ نمبر۲ پر تبصرہ کا جواب

(۱)

گواہ نمبر۲ ''جو قرآن پڑھتا ہے وہ قرآن حدیث میں تطابق کر سکتا ہے۔ (۲۳؍مارچ ۱۹۳۳ء)

''اور میرے نزدیک میرے واجب الاطاعت اماموں اور میری اپنی مطابقت مسلم ہے۔''

''میرے نزدیک مرزاصاحب اور ان کے دونوں خلفاء کی تحریرات ان کی اپنی کتابوں سے حجت ہیں کسی دوسرے کی نہیں...... الخ!''

(۲؍مارچ ۱۹۳۳ء)

اس کی جوابی تاویل میں یہ کہا ہے کہ ان میں کوئی تعارض نہیں اور بعض الفاظ محرف بتائے۔ مگر مختار مدعا علیہ کو غالباً غلط فہمی ہوگی۔ اس پر تعارض کا اعتراض نہیں، بلکہ اعتراض یہ ہے کہ ان اقوال کا نتیجہ یہ نکلا کہ: ''سوائے مرزاصاحب اور ان کے خلفاء کے فیصلہ کے قرآن کے معنی اور حدیث واقوال ائمہ اور تمام کتب اسلامیہ کچھ بھی حجت نہیں۔ یعنی گواہ صرف مرزاصاحب کا نمائندہ ہے۔ یہ اعتراض بحالہ قائم رہا نہ تعارض وتناقض کا اعتراض تھا اور نہ تطبیق کی توجیہہ نافع ہوسکتی ہے۔''

(۲)

گواہ نمبر۲ مدعا علیہ نے اپنے اصل بیان میں عنوان نمبر۳ کے ختم اور نمبر۴ سے کچھ قبل جو ضروریات دین کی تعریف کی ہے۔ کیونکہ ضروریات دین...... تا یہ معنی ضروریات دین میں سے ہیں۔

اس پر اعتراض یہ تھا کہ یہ معنی علاوہ خودتراشیدہ ہونے کے اسلاف اور شریعت کی اصطلاح ''ضرورت دین'' سے گواہ کی ناواقفی کابیّن ثبوت ہیں جس کے بعد وہ عالم دین کی حیثیت سے نکل جاتا ہے اور اس کی علمی و مذہبی شہادت بے وقعت ہو جاتی ہے۔

(ملاحظہ ہو اصل بحث)

اس کا کوئی جواب نہ ہو سکا سوائے اس کے کہ جرح ۲۳؍مارچ سے نقل کر دیا کہ اس نے ضروریات دین کی تعریف کی ہے۔

ضروریات دین ...... تا ...... حاصل ہے۔　(۲۳؍مارچ ۱۹۳۳ء)

اور پھر یہ کہا کہ اگر یہ غلط تھی تو پہلے لازم تھا کہ غلط ثابت کرتے۔

ہمیں اس کے جواب کی بھی حاجت نہیں۔ بیانات گواہان مدعیہ خصوصاً گواہ مدعیہ نمبر۳ میں ضروریات دین کی تعریف ائمہ دین کے حوالوں سے منقول ہے۔ عدالت اس تعریف سے خود مقابلہ فرمالے کہ تمام ائمہ کی تصریح کے خلاف اور علم سے کس قدر بعید یہ بیان گواہ مدعا علیہ نمبر۲ کی تعریف ضروریات دین ہے اور اس روزمرہ کے مسئلہ سے جب ناواقف ہے تو اس کا ان پیش کردہ مسائل میں کیا حال ہوگا۔ غالباً اسی وجہ سے مختار مدعا علیہ نے اپنی بحث کو صرف گواہ مدعا علیہ نمبر۱ کے بیان پر مبنی کیا اور بیان گواہ نمبر۲ کو تقریباً بالکل نظرانداز کر دیا۔ حالانکہ اس میں بہت سی جدید اور عجیب وغریب اور گواہ مدعا علیہ نمبر۱ سے اکثر متعارض امور ہیں جیسا کہ اپنی جگہ پر آئے گا۔

(۳)

گواہ مدعا علیہ نمبر۲: نبوت کے لغوی معنی خبر دینا یعنی خدا کی طرف سے غیب کی اطلاع پا کر خبر دینا۔　(۲۱؍مارچ ۱۹۳۳ء)

نیز اس کے ساتھ اس سے اگلا سوال و جواب ملاحظہ ہو۔

اس پر اعتراض یہ تھا کہ نہ یہ تعریف لغوی ہے اور نہ یہ اصطلاحی۔ پس معلوم ہوا کہ گواہ نمبر۲ لغوی اصطلاحی نبوت سے بھی ناواقف ہے۔ حالانکہ اکثر و بیشتر اس کی شہادت نبوت ہی کے متعلق ہے۔

اس کی تاویل میں منجد سے یہ حوالہ نقل کر دیا کہ: ''النبوءة والنبوة الاخبار عن الغیب او المستقبل بالهام من الله الاخبار عن الله وما یتعلق به تعالیٰ والنبی المخبر عن الغیب او المستقبل بالهام من الله''

حالانکہ یہ تاویل محض باطل ہے۔ اوّل یہ کتاب جیسا کہ جرح میں اقرار موجود ہے، عیسائیوں کی تالیف ہے اور انہوں نے دین عیسوی کے پروپیگنڈے کے واسطے اسلامی اصطلاحات میں بہت کچھ لغت کی آڑ لے کر تحریف کی ہے جس پر علمائے مصر نے ایک تبصرہ بھی شائع کیا ہے۔ لہٰذا اس کا کوئی اعتبار نہیں اور نہ یہ علماء میں متعارف ومقبول ہے۔ مسلم کسی بھی لغت میں یہ نہیں اور نہ گواہ یا مختار مدعا علیہ پیش کر سکے۔

نیز اس غلط تعریف سے بھی گواہ مدعا علیہ نمبر۲ کے الفاظ کا اثبات نہ ہوا جسے عدالت خود ہی ملاحظہ فرما سکتی ہے۔ بہرحال اعتراض بدستور قائم رہا۔

(۴)

گواہ مدعا علیہ نمبر۲ علاوہ کتب مذکورہ جن سے گواہ نمبر۱ ناواقف تھا اور بھی متعدد کتب ضروریہ پیش کردہ مثلاً شرح شفاء بھی اس نے

نہیں پڑھی اور اکثر کے مصنفین کے نام ومسلک سے واقف نہیں۔ پھر ان کے کلام کا اس ناواقفی سے کوئی ٹکڑا کا ٹکڑا استدلال کرنا قابل التفات نہیں۔ اس کا کوئی جواب نہ ہوسکا۔ صرف پہلے جواب اور اسی بیکار تاویل پر حوالہ دے دیا۔

(۵)

گواہ مدعا علیہ نمبر۴ نے خواجہ غلام فرید صاحب کے متعلق ابتدائی تعارف میں تو بہت کچھ القاب وآداب پیش کئے۔ مگر بجواب جرح کہا مسلم نہیں۔ پھر سوالات مکرر میں بتایا کہ خواجہ صاحب احمدی ہونے کے بعد سلسلہ کے دوسرے احمدیوں کی طرح ہوں گے۔

اس میں علاوہ تعارض کے خواجہ صاحب کی نسبت بھی ان کے ابتدائی الفاظ کا خلاف واقع ہونا معلوم ہوگیا اور یہ بھی واضح ہوگیا کہ قطب الوقت حضرت خواجہ غلام فرید صاحب دراصل ان کی نگاہ میں معمولی دوسرے احمدیوں کی طرح ہیں وہ بھی جب کہ احمدی ہوجائیں۔ ورنہ بقول مرزامحمود صاحب جب تک کوئی مرزاصاحب کی بیعت میں داخل ہو اور نبی اور رسول انہیں نہ مانتا ہو۔ خواہ عمر بھر مدح سرائی کرے کافر ودائرہ اسلام سے خارج اور پکا کافر ہے۔

اور مرزاصاحب نے تو حضرت خواجہ کو اپنی کتاب (انجام آتھم ص۳۸، خزائن ج۱۱ص۳۲۲) میں اپنے مکفرین کی فہرست میں شمار کیا ہے۔

اس کا جواب یہ دیا گیا کہ یہ بھی مختار مدعیہ کا ایک خلاف واقعہ قول ہے۔ گواہ کے اصل الفاظ یہ ہیں: ’’واجب الاطاعت ہونے کے لحاظ سے (خواجہ صاحب) مسلم بزرگ نہیں ہیں، ویسے مسلم بزرگ ہیں۔ جیسے سلسلہ احمدیہ کے اور سابقین احمدی حضرات میرے بزرگ ہیں۔‘‘ باوجودیکہ اس میں بھی قطع وبرید کی ہے۔ عدالت خود مسل سے ملاحظہ فرمائے۔ پھر بھی اعتراض تو وہی قائم رہا کہ واجب الاطاعت مسلم بزرگ نہیں۔ بلکہ دیگر احمدیوں کی طرح ہیں۔ بہرحال اعتراض رفع نہ ہوا۔

(۶)

گواہ مدعا علیہ نمبر۲ نے ۱۱؍مارچ ۱۹۳۳ء کو بجواب جرح کہا کہ: ’’احمدیت سے ارتداد ظاہر کرنے والا اسلام سے مرتد نہیں۔ پھر سوالات مکرر کے جواب میں اس کے خلاف کہا کہ اسلام سے ارتداد اور احمدیت سے ارتداد بلحاظ ارتداد کے ایک ہی ہے، قطعاً کوئی فرق نہیں۔‘‘

یہ کھلا ہوا تعارض ہے جس کے بعد اس کی شہادت کی وقعت نہیں رہتی۔ اس کا جواب سوائے اس کے کچھ نہیں دیا کہ چونکہ اصل الفاظ جرح پر کوئی اعتراض لازم نہیں آتا اور کسی جواب کی ضرورت نہیں۔ محض مختار مدعیہ نے الفاظ کی تحریف سے مغالطہ دیا ہے۔ عدالت خود ہی ملاحظہ فرمائے کہ جہاں کہیں خلاصہ یا نتیجہ لیا گیا ہے، وہاں کوئی بھی اس کا اصل مفہوم نہیں بدلا اور اکثر تو بعینہٖ الفاظ ہی لئے گئے ہیں۔ کہیں کہیں صرف طوالت سے بچنے کے واسطے زائد الفاظ حذف کر کے ضروری اور ملخص لئے گئے ہیں۔ بہرحال اس تعارض کا جواب نہیں ہوسکتا۔

(۹)

گواہ مدعا علیہ نمبر۲ نے ۲۰؍مارچ ۱۹۳۳ء میں ہندوستان میں احمدی کا لفظ صرف مرزاصاحب کے متبعین کے واسطے مستعمل بتایا۔

پھر سوالات مکرر میں مولانا رشید احمد صاحب کا فرقہ بھی احمدی قرار دیا جو کھلا ہوا تعارض ہے۔

جواب میں اصل الفاظ نقل کئے اور دوسرا قول صرف فوائد فریدی کے متعلق قرار دیا، مگر جواب نہ ہوسکا۔ بہرحال ہندوستان میں دوسرا فرقہ بھی احمدی ثابت ہوگیا جو اوّل قول سے متعارض ہے۔ نیز خلاف واقع ہے جیسا کہ خواجہ صاحب کی شہادت کے سلسلہ میں القول الصحیح کے حوالہ سے پیش کر چکا کہ مولانا رشید احمد صاحب کے مرید ہیں رشیدی کہلاتے ہیں، نہ احمدی۔ بہرحال اعتراض تعارض بحالہ ہے۔

(۱۰)

گواہ مدعا علیہ نمبر۳ نے پھر ۲۳؍مارچ ۱۹۳۳ء کو کہا کہ خواجہ صاحب کی وفات کے قبل تریاق القلوب اور بیسیوں کتابیں شائع ہو چکی تھیں اور پھر مکرر بیان میں اس کے خلاف کہا کہ تریاق القلوب حضرت خواجہ صاحب کی وفات کے بعد شائع ہوئی۔

اصل الفاظ جواب کے واسطے نقل کر کے یہ نتیجہ نکالا کہ لوگوں کے الفاظ سے ظاہر ہے کہ تریاق چھپ تو چکی تھی۔ مگر شائع نہیں ہوئی تھی۔

مگر عدالت خود الفاظ جواب جرح کے ملاحظہ فرمالے تعارض واضح ہے اور یہ تاویل بعد کی تصنیف ہے۔ ورنہ وہاں اس سے کوئی تعلق نہیں۔

## مختاران مدعیہ کی صریح غلط بیانیاں

اس سلسلہ میں تقریباً (۱۰) نمبر قطع و برید کر کے پیش کئے ہیں۔ اوّلاً یہاں اس سے کوئی زائد تعلق نہیں۔ کیونکہ مختار مقدمہ پر تنقید کا اثر اصل کیس پر نہیں پڑتا۔ البتہ گواہان مقدمہ پر تنقید ضرور قابل لحاظ ہوتی ہے۔ تاہم میں مختصراً اس کی حقیقت قریب پیش کرتا ہوں۔

## خلاصہ اعتراضات

۱...... بحرالرائق کے اصول تکفیر نہ معلوم ہونے کا غلط الزام۔

۲...... چندہ نہ دینے والے کے بیعت سے خارج ہونے اور احمدی ہونے کا تعارض۔

۳...... لو کے متعلق گواہ نمبر۱ پر الزام کہ لو جس جگہ داخل ہوتا ہے وقوع نہیں ہوتا۔ حالانکہ اس کی عبارت میں لفظ اکثر کا ہے۔

۴...... مختار مدعیہ نے ۱۰؍اکتوبر کی بحث میں کہا کہ تفاسیر میں انبیاء کی عصمت کے خلاف جو باتیں درج ہیں وہ تردید کے لئے ہیں، نہ تائید کے۔ یہ غلط ہے۔ جیسا کہ تفاسیر کے عنوان کے تحت آگے بیان کیا جائے گا۔

۵...... ۱۰؍اکتوبر میں گواہ مدعا علیہ نمبر۱ کے متعلق کہا کہ اس نے ۹؍مارچ کو تسلیم کیا کہ خواجہ صاحب کے سامنے نبوت کا ذکر نہیں آیا۔ محدثین کا ذکر آیا یہ غلط ہے۔ گواہ کے یہ الفاظ ہیں، حضرت مرزا صاحب...... الخ!

۶...... یہ بھی مختار مدعیہ نے غلط بیانی کی کہ مرزا صاحب مسیلمہ کذاب سے بڑھ کر ہیں، کیونکہ اس کا کوئی کلمہ نہ تھا اور مرزا صاحب کا ''لا الہ الا اللہ احمد جری اللہ کلمہ ہے۔''

حالانکہ سب جانتے ہیں کہ مرزا صاحب کا کوئی نیا کلمہ نہ تھا۔ پھر ازالہ اوہام اور انوار اسلام و چشمہ معرفت کے حوالے پیش کئے ہیں۔

۷...... ۱۰؍اکتوبر میں مختار مدعیہ نے یہ غلط بیانی کی کہ گواہان مدعا علیہ نے عقائد کے متعلق جو حوالے دیئے ہیں وہ ۱۹۰۱ء کے قبل کے ہیں۔ حالانکہ مواہب الرحمٰن ۱۹۰۳ء اور کشتی نوح ۱۹۰۲ء کی ہے۔

۸...... مختار مدعیہ نے ائمہ و اکابر پر تکفیر کے فتاویٰ کا ذکر کر کے ۱۰؍اکتوبر کی بحث میں کہا کہ گواہ مدعا علیہ نمبر۱ نے ۷؍مارچ کو تسلیم کیا کہ جس وجہ سے ان کی تکفیر کی گئی وہ ان وجوہات سے برأت کا اظہار کرتے رہے۔ حالانکہ اصل الفاظ یہ ہیں کہ: ''باوجودیکہ...... الخ!''

جن کا مطلب یہ ہے کہ بعض سے برأت ظاہر کی اور کوئی صحیح تسلیم کرتے رہے...... الخ!

یہ اس نے غلط بیانی کی۔

۹...... مختار مدعیہ نے ۱۰؍اکتوبر کی بحث میں یہ غلط بیانی کی کہ گواہ مدعا علیہ نمبر۱ کے نزدیک مرید کا قول مطلقاً پیر کے حق میں معتبر نہیں۔ اصل الفاظ گواہ کے یہ ہیں کہ ہر مرید کا بیان معتبر نہیں، بلکہ اس کی حیثیت اور مرتبہ دیکھا جائے گا۔

۱۰...... ۱۱؍اکتوبر کی بحث میں یہ غلط بیانی کی کہ گواہ نے کوئی ایسی مثال پیش نہیں کی جس سے ثابت ہو کہ ضروریات دین میں تاویل کرنے والے کو کافر نہیں کہا گیا۔ حالانکہ یہ گواہ مدعیہ نمبر۳ کی جرح اور (منہاج السنۃ ص۶۱،۶۲) اور بہ تسلیم حوالہ گواہ مدعیہ نمبر۳ کے خلاف ہے اور پھر بحرالرائق کا حوالہ بھی اسی سلسلہ میں نقل کیا۔

۱۱...... مختار مدعیہ نے ۱۱؍اکتوبر کو یہ غلط کہا کہ: ''اولیاء اللہ نے یہ کہیں نہیں کہا یا لکھا کہ ہم پر آیات نازل ہوئیں صرف علم الکتاب کا حوالہ پیش کیا تھا...... الخ! حالانکہ گواہ مدعا علیہ نے اثبات الالہام والبیعۃ اور فتوح الغیب اور مقامات امام ربانی کے بھی حوالے پیش کئے تھے، یہ صریح غلط بیانی ہوئی۔

الجواب: اوّلاً یہ تمام مباحث اوپر جواب الجواب میں گزر چکے جن کے بعد یہ شبہات ہی نہیں پیدا ہوتے۔ پھر بھی مغالطہ دفع کرنے کے واسطے نہایت مختصراً جواب عرض ہے۔

۱...... اس کا جواب اس سے قبل کے ہیڈنگ گواہ مدعا علیہ نمبر۱ پر تنقید کے جواب'' کے تحت میں مفصل گزر چکا۔ اب کسی جواب کی حاجت نہیں اور جو مغالطہ مختار مدعا علیہ یہاں دینا چاہتا ہے۔ وہی وہاں بھی دیا ہے۔ بس وہی جواب کافی ہے۔''

۲...... اس کا بھی تعارض اس سے قبل کے ہیڈنگ میں ثابت کر چکا۔ لہٰذا غلط بیانی نہیں۔ بلکہ مختار مدعا علیہ کا صرف مغالطہ ہے۔

۳...... لفظ لو کے معنی گواہ مدعا علیہ نمبر۲ سے نقل کئے گئے تھے اور نمبر۱ کے اکثر ی نقل ہوئے تھے۔ غلط فہمی سے اسے غلط بیانی سمجھ لیا۔ عدالت اصل بحث سے ملاحظہ فرمائے۔

۴...... یہ غلط بیانی نہیں بلکہ اس کا ثبوت (تفسیر خازن ج۳ ص۲۲۵) ہی سے پیش کیا تھا اور اسی عبارت کے متعلق جسے اس نے بیان مطبوعہ میں دی تھی۔ البتہ مختار مدعا علیہ کی یہ صریح غلط بیانی ہے کہ یہ آگے تفاسیر کے عنوان کے بحث میں آئے گا۔ یہ اصل شہادت میں بھی مسل پر نہیں بلکہ مطبوعہ کاپی پر یہ مثالیں ہیں۔

۵...... یہ مختار مدعا علیہ کی غلط بیانی ہے۔ عدالت خود اصلی مسل سے الفاظ جرح ملاحظہ فرمائے، وہاں یہ شعر بھی درج ہے جو خواجہ صاحب کو مرزا صاحب نے ایک قصیدہ میں لکھا تھا:

ہر　　نبوت　　رابر　　وشد　　اختتام

نیز جب کہ ۱۹۰۱ء میں یہ پردہ نبوت سے اٹھا اور حضرت خواجہ صاحب کی وفات ۱۹۰۱ء سے قبل ہوئی۔ ملاحظہ ہو جرح گ۲،۳؍مارچ ۱۹۳۳ء اور دراصل تو نبوت کا دعویٰ صراحۃً انہیں پہنچ ہی کب سکتا ہے۔

۶...... عدالت خود اصل بحث سے ملاحظہ فرمائے۔ ظہیرالدین اروپی سے یہ نقل پیش کی ہے کہ وہ مرزا صاحب کا نیا کلمہ لا الہ الا اللہ احمدی جری اللہ پڑھتے اور قادیان کی طرف منہ کر کے نماز پڑھتے ہیں اور اسے مرزا صاحب کی صریح عبارات اور الہامات سے اپنے رسائل میں ثابت کیا ہے۔ اصل رسائل جرح میں پیش ہوئے تھے۔ وہ بھی ایک مستقل پارٹی ہے۔ پس یہ اصل مختار مدعا علیہ کی غلط بیانی اور مغالطہ ہے۔

نیز ازالہ اوہام اور انوار اسلام سے اس کے خلاف پیش کرنا خلاف ہے۔ کیونکہ مرزا صاحب کا کلام متعارضات سے پر ہے۔

۷...... یہ صریح مختار مدعا علیہ کی غلط بیانی ہے۔ میری بحث کے یہ الفاظ ہیں۔

یہ تمام بڑھ چڑھ کے ادّعاء اسلام اس وقت تک تھا جب ادّعائے نبوت کھل کے نہ تھا اور نبوت کے متعلق یہ خیال تھا کہ جو (ایام الصلح ص۱۴۶، خزائن ج۱۴ ص۳۹۲) اور (آسمانی فیصلہ ص۴، خزائن ج۴ ص۳۱۳) و (سراج منیر ص۳،۴، خزائن ج۱۲ ص۶) وغیرہ وغیرہ میں موجود ہے۔ صرف دو کتابیں کشتی نوح و مواہب الرحمٰن دعویٰ کی وضاحت کے بعد کی ہیں۔ پھر ہر دو کا یہ جواب دیا ہے کہ:

۱...... یہ صرف الفاظ ہیں معانی متعارف مراد نہیں۔ جیسا کہ آگے آئے گا۔

۲...... نیز یہ خود بھی ان کا کفر ثابت کرتی ہیں۔

۳...... اس کے بعد انتقال سے قبل بھی کفر یہ دعویٰ موجود ہے۔ (البدر ۵؍مارچ ۱۹۰۸ء نیز حقیقت الوحی ۱۹۰۸ء، لیکچر سیالکوٹ ۱۹۰۴ء، براہین پنجم ۱۹۰۵ء) میں کافی کفریہ عقائد موجود ہیں۔ ملاحظہ ہو بحث ابتدائی کا شروع حصہ۔ بس جب کہ میں نے خود ہی یہ کتب مستثنیٰ کر دیں تو یہ مختار مدعاعلیہ کی صرف غلط بیانی ہوئی جس کا مختار مدعیہ کسی طرح ذمہ دار نہیں۔

۸...... مطلب کی تاویل سے جواب نہیں ہوسکتا، عدالت خود مسل سے اصل عبارات ملاحظہ فرمائے تاکہ مختار مدعاعلیہ کا مغالطہ واضح ہوجائے۔

۹...... مختار مدعیہ نے خلاصہ پیش کیا تھا۔ عدالت خود ملاحظہ فرمائے کہ وہ اصل الفاظ کے مفہوم کے سرمو خلاف نہیں۔ یہ بھی مختار مدعاعلیہ کا مغالطہ ہے۔

۱۰...... اس کا مفصل جواب جس سے یہ شہادت خود زائد ہوجاتے ہیں۔

’’کیا ضرورت دین کا منکر کافر ہے‘‘ کے تحت میں گزر چکا ہے اعادہ کی ضرورت نہیں۔

۱۱...... اس کا بھی جواب گزر چکا اثبات والبیعۃ اور مقامات امام ربانی غیر مسلم ہیں۔ نیز ہمارے مخالف نہیں۔ فتوح الغیب میں یہ کہیں نہیں، صرف حضرت شیخ پر بہتان ہے۔ صرف علم الکتاب سے مغالطہ دیا تھا۔ اس کا مکمل جواب دیا جاچکا اصل بحث میں بھی اور جواب الجواب میں بھی۔ اعادہ کی ضرورت نہیں۔ وحی کے ہیڈنگ کے تحت عدالت خود ملاحظہ فرمائے۔ اس کے بعد مختار مدعیہ کا قول بالکل صحیح ہے، کوئی بھی غلط بیان نہیں صرف مختار مدعاعلیہ کا مغالطہ ہے۔ یا غلط فہمی ہے۔

## الزام خیانت کا رد

خیانت ثابت کرنے کے واسطے مختار مدعیہ نے صرف تین حوالے تحذیر الناس، حج الکرامہ اور بحرالرائق پیش کئے ہیں۔

الجواب: یہ محض مختار مدعاعلیہ کی غلط بیانی ہے۔ علاوہ خیانات کی اس مفصل یادداشت کے جو مختار مدعیہ نمبر۲ نے پیش کیں۔ مختار مدعیہ نمبر۱ نے تفسیر اتقان سے لفظ قال و کے ابتداء سے اور ’’وفیہ نظر‘‘ انتہاء سے قطع کرکے اور ابن خلدون کی طرف سے غلط طور پر تفاسیر المتقدمین مملوۃ بالغث والسمین‘‘ کی نسبت غلط بیان کرکے جو وہاں نہیں۔ نیز فوائد کے مجموعہ حوالہ کی شرمناک خیانت پیش کی تھی جس کے جواب کا میں نے یہاں کوئی تذکرہ تک نہیں کیا۔

نیز شاید ہی کوئی حوالہ ہو جس کا ماقبل ومابعد باوجود ربط شدید کے نہ کاٹا ہو۔

## تحذیر الناس کا حوالہ

اس حوالہ میں خیانت کی بحث مفصل اس سے قبل بھی آچکی اوّل (ص۳) کا ایک ٹکڑا پیش کیا۔ پھر (ص۱۰) کی تشریح جس میں صاف اپنے مسلک اور ختم نبوت زمانی کا مدلل اقرار اور منکر کو کافر بتایا چھوڑ کے (ص۲۸) کا درمیان سے ناتمام فقرہ جو لفظ بلکہ اگر یا سے شروع ہوتا ہے لیا۔ یہ خیانت نہیں تو اور کیا ہے۔

یہ کہنا کہ (ص۱۰) کی عبارت (ص۲۸) کی تشریح کیسے ہوسکتی ہے، محض لغو ہے۔ کیونکہ جب خود مصنف نے (ص۱۰) پر اپنا صحیح مسلک بیان کردیا تو (ص۲۸) کی فرضی مثال سے اس کے مسلک اصلی اور صحیح کے خلاف استنباط کیونکر درست ہوگا۔ پھر یہ شرمناک خیانت نہیں تو اور

کیا ہے۔ نیز اس سلسلہ میں اس کی شرح جو خود مصنف نے کی ہے۔ مناظرہ عجیبہ اس کا بھی حوالہ پیش ہو چکا۔

## حجج الکرامہ کا حوالہ

۱...... (حجج الکرامہ ص۲۳۲) سے گواہ مدعا علیہ نے یہ ٹکڑا لیا ہے کہ: ’’در حدیث ابن عمر سی است کذاب۔‘‘ اور اسی کے ساتھ جو اصل مدعا علیہ سے متعلق ’’یا زیادہ‘‘ کا لفظ تھا خیانتاً کاٹ دیا اس کا جواب یہ دیا کہ وہاں نقطہ ڈال دیا ہے۔ گزارش یہ ہے کہ صرف ایک لفظ کے واسطے نقطہ ڈالنا اور مقصود بالذات لفظ جو صرف ’’یا زیادہ‘‘ ہے۔ نہ ذکر کرنا خیانت نہیں تو اور کیا ہے؟ پھر جو اس جگہ پھر مکرر بحث دجال اور اسی کی سند کے متعلق شروع کر دیا ہے وہ غیر متعلق اور ماقبل گزر چکی ہے۔ لہٰذا اس کا ذکر ہی فضول ہے۔

۲...... بالمقابل کا لفظ حجج الکرامہ کی عبارت میں اضافہ کر کے بلا کسی امتیازی نشان کے مختار مدعا علیہ نے مغالطہ دیا۔ جواب یہ دیا کہ یہ ترجمہ بطور خلاصہ کے دیا تھا۔ حالانکہ عدالت خود ملاحظہ فرمائے وہاں ملخص وغیرہ کا کوئی لفظ نہیں نہ کوئی خلاصہ ترجمہ ہونے کا قرینہ ہے۔ یہ محض بعد کی تاویل ہے جو قابل قبول نہیں۔ بہرحال گواہ مدعا علیہ نمبر۲ کا اس خیانت کا تو جواب نہیں بن سکتا اور اصل مسئلہ اپنی جگہ پر گزر چکا ہے۔

## بحرالرائق کا حوالہ

گواہ مدعا علیہ نے (بحرالرائق ج۵ ص۱۳۰ و ص۱۳۶) سے تو عبارتیں تکفیر کے سلسلہ کی نقل کیں۔ مگر درمیان میں جہاں اس کا اصول تھا اور حقیقت امر جس سے منکشف ہوتا تھا۔ (ص۱۳۴) حذف کر دیا۔ اس شرمناک خیانت کا جواب باوجود طول طویل تاویلات کے نہ ہو سکا اور جواب جو پیش کیا جا رہا ہے۔ اس کی بناء پر اس کا تکفیر علماء کے سلسلہ میں بیان کرنا درست نہیں۔ زیادہ تفصیل تو اصل بحث میں گزر چکی ہے اور گواہ مدعا علیہ نمبر۱ نے بھی جرح میں صاف کر دیا تھا۔ کسی کلمہ کا کفریہ ہونا اور بات ہے اور اس پر حکم کفر کا لگانا اور امر ہے۔ غرض کہ یہ خیانت بھی اصل مسلک مصنف کا پوشیدہ رکھنے کے واسطے کی گئی جو کسی طرح روا نہ تھی اور اس کے بعد شاہد، شاہد عادل نہیں رہ سکتا۔ اس سلسلہ میں مختار مدعیہ پر جس ناراضگی و خفگی کا اظہار فرمایا ہے۔ وہ عدالت خود ہی ملاحظہ فرمائے۔

## (۱۳)

## تفسیروں کے متعلق

اس سلسلہ میں گواہان مدعا علیہ کی مندرجہ ذیل خیانتیں پیش کی گئی تھیں۔

۱...... علامہ ابن خلدون نے اپنی تاریخ کے مقدمہ میں علم تفسیر کے عنوان کے ماتحت نہایت عمدہ رباعی لکھی ہے۔ پھر کوٹیشن با قاعدہ دے کر لکھا کہ: ’’تفاسیر المتقدمین مملوة بالغث والسمین‘‘ آ گے تھا ’’وهذاه فی الحکایات‘‘ اسے بھی کاٹ دیا۔ حالانکہ یہ پیش کردہ الفاظ بلکہ یہ مفہوم کسی نسخہ میں نہیں۔ بحث پر متعدد نسخہ پیش کئے ہیں۔

۲...... اتقان کا حوالہ دوسرے کا قول روایۃً تردید کے لئے نقل کر کے تردید پیش کی ہے اور گواہ مدعا علیہ نے اوّل سے لفظ ’’قال اور آخر سے فیہ نظر‘‘ حذف کر کے شرمناک خیانت کی ہے۔ پہلے کا یہ جواب دیا۔ گواہ نمبر۱ نے صرف مفہوم نقل کیا تھا نہ کہ الفاظ پھر رشید یہ سے یہ نقل کی تعریف پیش کی ہے۔ مگر یہ سب بیکار ہیں۔ تاویلات میں باقاعدہ علامت اصل قول کے نقل کی دے کر مفہوم نقل نہیں کیا کرتے۔ نیز یہ مفہوم بھی غلط ہے، کیونکہ اس میں تو ہے کہ رطب و یابس سے پر ہیں اور وہاں ہے کہ ان پر مشتمل ہیں اور وہ بھی قصص ہیں، نہ احکام وغیرہ میں جسے قطع

وبرید کیا ہے۔ بہرحال اس جواب سے خیانت کا جواب کیا ہوا۔ بلکہ پہلے اگر لفظی صرف خیانت تھی تو اب لفظی ومعنوی دونوں خیانتیں ہیں۔ جس کے بعد کسی طرح گواہ قابل شہادت نہیں کیونکہ عدالت کے روبرو غلط بیانی ثابت ہونے سے اس کی تمام شہادت ناقابل اعتبار ہوجاتی ہے۔ گواہ نمبر۲ پر یہ اعتراض نہیں، بلکہ اس پر دوسرا ہے جو اپنی جگہ پر ضمناً گزرچکا۔ یہ کہنا کہ تفاسیر میں خلاف عصمت انبیاء بہت سی باتیں گواہ مدعاعلیہ نے پیش کی تھیں اور مختار مدعیہ نے صرف ایک مثال اس میں لے کر سب پر ایک حکم لگایا۔ صریح غلط بیانی ہے۔ مسل سے عدالت ملاحظہ فرمائے۔ ایک بھی مثال نہیں سب کٹ چکی ہیں۔ ہاں! مطبوعہ کاپی پر ضرور ہیں اور سب میں ہیں، خیانت کی ہے۔ مگر وہ زیربحث نہیں۔ عدالت جب بھی حکم فرمائے ان امثلہ کی خیانتیں تمام پیش کی جاسکتی ہیں۔ سب نے تردیداً وہ اقوال نقل کر کے روایتاً ودرایتاً باطل کیا ہے۔

ابن جریر میں بھی اس کی تردید موجود ہے۔ چونکہ عدالت نے اپنے نوٹ سے اصل بیان میں اس سوال کو روک دیا ہے۔ اس لئے نہیں پیش کرتا۔

یہ کہنا کہ ''وفیہ نظر'' اس کے بعد والے قول ابن جریر سے متعلق ہیں۔ محض غلط ہے۔ عدالت خود ملاحظہ فرمائے۔ نیز ابتداء سے قال وکما قطع کرنا تسلیم کرلیا جو شرمناک خیانت ہے جس کے بعد شہادت قبول نہیں ہوسکتی۔ اس کے بعد فوائد مجموعہ کا حوالہ تو نقل کیا۔ مگر مختار مدعیہ کی پیش کردہ اس خیانت کا کوئی جواب نہ دیا کہ اسی کے آگے یہ عبارت ہے۔

''**قال الخطابی وھذا محمول علی کتب مخصوصة...... الخ!**'' سے کاٹا گیا ہے۔ گویا یہ خیانت بھی مسلم ہے۔ بہرحال شہادت ناقابل قبول ہی رہی۔

## آیت قرآنیہ کے ترجمہ میں خیانت کا الزام

۱...... گواہ مدعاعلیہ نمبر۱ نے آیت: ''**فلما جآء تھم رسلھم بالبینات فرحوا بما عندھم من العلم وحاق بھم ما کانوا بہ یستھزء ون (المؤمن:۸۳)**'' کا ترجمہ یہ کیا۔ ''اور جب ان کے پاس ان کے رسول کھلے دلائل لے کر آئے تو یہ لوگ اپنی لیاقت علمی پر نازاں ہوئے اور جس بات کی وہ ہنسی اڑاتے تھے۔ وہ ان پر الٹ پڑے۔'' اور ترجمہ میں باوجود معمولی ترمیم کے بہرحال گزشتہ کا ایک واقعہ امم سابقہ کا مانا ہے۔ پھر اس سے نتیجۃً ایک ضابطہ بنا کر موجودہ علماء پر منطبق کرنے کے واسطے مفہوم میں یہ تحریف کی۔

''پس ظاہر ہے کہ علماء ہمیشہ خدا کے فرستادوں کے مقابلہ میں کھڑے ہوتے رہے اور ان کا علم ان کے لئے حجاب اکبر بن گیا۔ اس کے بعد جو بھی منہ میں آیا علماء کو کہا اور تفصیلی امثلہ تکفیر پیش کیں۔ وغیرہ وغیرہ!''

پس اس آیت کے مطلب میں خیانت کی اور تکفیر علماء کی وجہ سے مرزاصاحب کو خدا کا فرستادہ اور ان علماء کو جنہوں نے ان کے کفر وارتداد پر بندگان خدا کو مطلع کیا تھا۔ انہیں اس آیت کا مصداق بنایا۔ حالانکہ یہ آیت امم سابقہ مثل یہود ونصاریٰ کے حق میں ہے۔

اس کا جواب صرف یہ دیا کہ علماء پر کچھ اور فقرے کس دیئے اور یہود ونصاریٰ کے متعلق ہونے سے انکار کر دیا۔ حالانکہ آیت کا سیاق وسباق اور صیغہ ماضی بتاتا ہے کہ یہ امم سابقہ کے متعلق ہے۔ پھر بھی اسے اپنی رائے سے غلط معنی پہنانے تحریف معنوی ہے جو جائز نہیں۔

اور ''بدذات فرقہ مولویان'' کے تحت جس قسم کی موجودہ زمانہ کے علماء وصلحاء کے واسطے فقرات اور سخت کلامی ودشنام طرازی اختیار کی تھی۔ یہاں اس سے زائد کی ہے۔ ہمارا اصولی جواب نہایت نرم لہجہ میں پیش ہوچکا عدالت اسے خود ہی ملاحظہ فرمائے۔ ہم مکرر نقل بھی نہیں کرتے۔ اس سلسلہ میں آیت: ''**صراط الذین انعمت علیھم**'' کا بھی ترجمہ تھا کہ ہمیں ان لوگوں سے بنا جن پر تو نے انعام کیا۔ یعنی نبی بنانے کی دعا کرنے کا حکم ہے۔ یہ سب تحریف کلام الٰہی ہے اس کا جوابی بحث میں کوئی تذکرہ تک نہیں کیا۔ یوں ہی اکثر آیات واحادیث واقوال سلف میں خودتراشیدہ ترجموں سے مغالطے دیئے ہیں۔

(۱۴)

## مندرجہ ذیل کتب فریقین کو غیر مسلم ہیں

| | | |
|---|---|---|
| ۱...... حجج الکرامہ۔ | ۲...... اقتراب الساعۃ۔ | ۳...... فتح البیان۔ |
| ۴...... جامع الشواہد۔ | ۵...... بھونچال برلشکر دجال۔ | ۶...... انوار احمدیہ۔ |
| ۷...... حیات جاوید۔ | ۸...... ہدیہ مجددیہ۔ | ۹...... تفسیر صافی۔ |
| ۱۰...... ابلیس۔ | | |

اس کے علاوہ اور بھی اس اس قسم کی ہیں۔ کیونکہ مقدمہ مرزا صاحب کے متبعین اور اہل سنت احناف میں ہے اور یہ کتب غیر مقلدین، نیچری یا رافضیوں کی ہیں۔ پس نہ حنفیوں کی مسلم ہوئیں، نہ مرزا صاحب کے متبعین پر، بلا وجہ ان کے حوالے دیئے۔ نیز مرزا صاحب کے متبعین تو ظاہری ادّعاء کے مطابق قرآن کے اور جو حدیث ان کے زعم میں ان کے اور مرزا صاحب کی وحی کے مطابق ہوں۔ نیز مرزا صاحب اور ان کے خلفاء کی کتب کے سواء کچھ نہیں مانتے۔ جیسا کہ جرح میں بار بار آچکا ہے۔ پس یہ کتابیں صرف اس لئے کارآمد ہوسکتی تھیں کہ وہ فریق مدعیہ پر حجت ہوتیں اور اسے مسلم نہیں، نہ اس کے فرقہ کی ہیں۔ پس فریقین کو غیر مسلم ہیں۔

اس پر بلاوجہ غلط بیانی کا الزام دے کر مختار مدعا علیہ نے بیکار تاویلیں کیں جو قابل التفات بھی نہیں۔ نیز یہ کہا کہ شہاب وروح المعانی کے متعلق بھی یہی کہا۔ حالانکہ یہ مختار مدعا علیہ کی صریح غلط بیانی ہے۔ بلکہ شہاب کے متعلق یہ کہا ہے: ’’ہمارے نزدیک وہ حاشیہ معتبر نہیں۔‘‘ نیز ایک مفسر کی رائے علم حدیث میں ماہرین فن کے مقابلہ پر بالاتفاق معتبر نہ ہوگی۔

روح المعانی کے متعلق ہرگز غیر مسلم یا غیر مسلمہ فریقین کا لفظ نہیں کہا گیا۔ ہاں! فتح البیان کے متعلق کہا گیا۔ شاید مختار مدعا علیہ کو مغالطہ ہوا ہو۔

گواہ مدعیہ نے شہاب کے اس بیضاوی پر کے حاشیہ کا حوالہ نہیں دیا جو حاشیہ غیر معتبر ہے۔ بلکہ ان کی کتاب نسیم الریاض کا حوالہ دیا ہے۔ اسے غیر معتبر نہیں کہا گیا۔ ایک مصنف کی تمام تصانیف ایک جیسی معتبر ہونا ضروری نہیں، امام بخاری کی کتاب صحیح بخاری جس پایہ کی ہے، اس طرح ان کی دوسری تصانیف تاریخ بخاری، ادب المفرد جزو قرأت خلف الامام وغیرہ نہیں۔ بلکہ اکثر حجت ہی نہیں۔ مختار مدعیہ نے حجج الکرامہ واقتراب الساعۃ وفتح البیان کے غیر مسلم ہونے کی وجہ یہ پیش کی تھی کہ ان کا مصنف غیر مقلد ہے جن سے کافی اختلاف مسئلہ تقلید وغیرہ میں یہاں تک کہ تقلید کو شرک تک کہتے ہیں۔ لہٰذا مدعیہ اور اس کے فریق مقلد پر مخالف کی کتب کیونکر حجت ہوں گے۔ مختار مدعا علیہ نے اس کا یہ جواب دیا کہ جب وہ اس فریق کو مشرک کہتے ہیں تو پھر فریق مدعیہ کو انہیں کافر بتانا چاہئے۔ حالانکہ گواہ مدعیہ نمبر۱ نے انہیں مسلمان مانا ہے اور حجج الکرامۃ کی بعض عبارات کی تصدیق کی ہے کہ اس میں ہیں۔

نیز یہی حوالہ اقتراب الساعۃ میں بھی ہے اور ملّا علی قاری کا بھی نیز مولانا گنگوہی نے فتاویٰ رشیدیہ میں ان کے حوالے دیئے ہیں۔ پھر مختار مدعیہ کو کیا حق ہے کہ انہیں تعصب اور غیر مقلدیت کی وجہ سے غیر مسلم بتائے۔

الجواب: باوجودیکہ یہ بات بار بار صاف ہوچکی مگر مکرر لا رہے ہیں۔ یقیناً ہمارا فریق سوائے مرزا صاحب اور ان کی امت کو جو قطعاً کافر ہیں کسی اور کو کافر نہیں کہتا بلکہ ان کے فتاویٰ غلط فہمی پر مبنی بتاتا ہے۔ جیسا کہ اوپر گزر چکا اور یہی گواہ نمبر۱ نے جرح میں بتایا ہے۔ ملاحظہ ہو جرح گواہ نمبر۱۔

مسلمان اس قدر تکفیر کے دلدادہ نہیں کہ صرف ایک شخص کی بیعت میں تأمل کی وجہ سے تمام چالیس کروڑ مسلمانوں کو بلا استثناء یک قلم دائرہ اسلام سے خارج اور پکا کافر بنادیں۔ جیسے کہ مرزامحمود صاحب خلیفہ قادیان نے کیا۔ (آئینہ صداقت ص۳۵ وص۵۶، انوار العلوم ج۶ ص۱۱۰، ۱۲۷) باقی کسی کتاب کے متعلق یہ کہنا کہ اس میں فلاں چیز ہے، اس سے اس کا مسلم ہونا تو لازم نہ آیا۔ ورنہ ماننا پڑے گا کہ جرح میں جو کتب گواہان مدعا علیہ کے سامنے پیش ہوئیں اور ان میں عبارت مسئولہ بتائی وہ سب ان کی مسلم ہوگئیں۔

نیز الساعۃ کب مسلم ہے اور ملّا علی قاری کا قول تو اسی حجج الکرامۃ سے نقل ہے جس کا وثوق کے ساتھ اعتماد نہیں۔ نواب صاحب بھی نقل حوالوں میں پختہ کار نہ تھے۔ ملاحظہ ہو (تذکرۃ الراشد مولانا عبدالحئی)

فتاویٰ رشیدیہ میں حوالے ان غیر مقلدین پر حجت قائم کرنے کو نقل کئے گئے ہیں جو انہیں مانتے ہیں یہ کہیں نہیں کہ یہ ہمیں مسلم ہیں مفصل اپنی جگہ پر گزر چکا۔ بہرحال یہ کتب ہمیں تو مسلم نہیں اور نہ فریق ثانی تسلیم کر رہا ہے۔ بس فریقین کے غیر مسلم ہونے میں کیا شبہ ہوسکتا ہے۔ یہ کہنا کہ جامع الشواہد، بھونچال بر لشکر دجال، حیات جاوید، وغیرہ کے مسلم وغیر مسلم ہونے کا سوال بھی نہیں، اس سے تو اسی کی تکفیر دکھانا ہے۔ مگر جب تک متعدد مسلم کتب سے نہ دکھائیں۔ ان غیر ذمہ دار غیر مسلم رسائل کا اعتبار کیا۔ بہرحال جب کہ یہ ہمیں اور انہیں دونوں کو مسلم نہیں تو ان کا لانا ہی بے جا طوالت کے سواء کوئی سودمند نہیں۔

ہدیہ مجددیہ وانوار احمدیہ جن کے مصنف کا نام جرح میں نہ بتا سکے نہ اصل کتاب پیش کر سکے۔ اب یہ کہا جارہا ہے کہ ان کے غیر مسلم ہونے کی کوئی وجہ نہیں بیان کی۔ اس سے زائد کیا وجہ ہوگی کہ مدعیہ یا اس کے فریق کے کسی مسلم بزرگ کی نہیں، ایک غیر معروف شخص حکیم وکیل احمد سکندر پوری کی ہے جن کے حالات کا بھی پتہ نہیں۔ ہرکس وناکس کے رسائل تالیفات حجت ومسلم نہیں ہوسکتیں۔

## مسلّم اور مسلمان کا فرق

مختار مدعیہ نے پیش کیا تھا کہ نواب صدیق حسن خان صاحب وغیرہ کے مسلمان ماننے سے ان کا مسلّم ہونا کیسے تسلیم ہوگیا۔ مسلمان اور مسلّم ہونے میں فرق ہے۔ کتنے مسلمان ہیں مگر مسلّم نہیں۔ ملاحظہ ہو محمد علی صاحب ایم.اے، خواجہ کمال الدین صاحب اور ان کی جماعت مدعا علیہ اور اس کے فریق کے نزدیک مسلمان تو ہیں۔ مگر مسلّم نہیں۔ یوں ہی حنفیہ کے نزدیک غیر مقلدین وعلماء بریلوی وغیرہ مسلمان تو ہیں مگر مسلّم نہیں۔

اس کے متعلق یہ کہنا کہ بحث صرف اسلام وکفر کی تھی۔ اس لئے مسلمان ہونے کا سوال کیا گیا۔ ورنہ جن کے متعلق دریافت کیا گیا وہ مسلم امام ہیں، محض غلط اور سراسر مغالطہ ہے۔ کبھی بھی نواب صدیق حسن خان صاحب غیر مقلد یا دوسرے ان جیسے مدعیہ یا اس کے فریق کے امام نہیں ہوسکتے۔ ورنہ مختار مدعا علیہ کو تسلیم کرنا ہوگا کہ محمد علی صاحب ایم.اے اور ظہیر الدین اروپی اس کے مسلم امام ہیں۔

یہ نظر یہ اتنا واضح تھا کہ کسی بحث کی ضرورت ہی نہ تھی۔ بلا وجہ تاویلات دیں، عدالت اصل بحث سے ملاحظہ فرمائے۔ ان تاویلات کے بعد بھی تقریباً اس سلسلہ کے آٹھ دس نمبر لاجواب رہے۔

## گواہ مدعا علیہ کی شہادت ہرگز قابل قبول نہیں

ہر دو گواہ مدعا علیہ مرزا صاحب اور جماعت احمدیہ کی صفائی پیش کرنے کے واسطے پیش ہوئے ہیں۔ حالانکہ دونوں اس کے تنخواہ دار ملازم اور ایسی صفائی پیش کرنے اور ملک میں اسی پروپیگنڈہ کرنے کے نوکر ہیں۔ پس ایکٹ شہادت کے بموجب نوکر کی شہادت آقا کے حق میں مؤثر وقابل التفات نہیں۔ (ملاحظہ ہو جرح گواہ مدعا علیہ نمبر۲، مؤرخہ ۲۱؍مارچ ۱۹۳۳ء) یہ تنقید لاجواب اور بالکل ضابطہ کے مطابق۔ لہٰذا ان کی شہادت معتبر نہ ہونی چاہئے۔

نیز ہمارے بعض گواہوں کو دیوبندی خیال کے بتا کر کافر بنانا اور علماء اسلام جن کی شہادت کا حکم تھا۔ اس کے زمرہ سے خارج کرنا چاہا ہے۔ حالانکہ گواہ مدعا علیہ نمبر۲، مؤرخہ ۲۰ر مارچ ۱۹۳۳ء کی جرح میں کسی ایک کو بھی دیوبندی خیال کا ثابت نہ کر سکا۔

نیز گواہ مدعیہ نمبر الف ۲،۴ کا تو دیوبندیاان کے علماء سے کسی قسم کا تعلق نہیں اور اوّل الذکر دو شہادتیں جرح سے بھی صاف ہیں۔ لٰہذا یقیناً قابل لحاظ و قابل قبول ہیں۔

اور اوپر گزر چکا نیز اپنی جگہ پر آئے گا کہ بعض علماء دیوبند کے متعلق غلط فہمی سے بعض اشخاص نے انفرادی فتوے دیئے اور اکثر نے بعد اطلاع حقیقت حال واپس لے لئے۔ جیسا کہ غایۃ المامول وغیرہ سے پیش کر چکا ہوں۔

اور تسلیم بھی کر لیا جائے کہ کسی کا ان پر فتویٰ کفر ہے۔ لٰہذا وہ علماء اسلام نہ رہے۔ پس جب کہ کسی ایک دو کے انفرادی فتویٰ سے بھی علماء اسلام سے نکل سکتا ہے تو گواہان مدعا علیہ تمام دنیا کے اسلامی فرقوں شیعہ، مقلد، غیر مقلد، حنفی شافعی، مالکی، حنبلی، عرب وعجم کے متفقہ کفر کے فتویٰ کے بعد علماء اسلام کیونکر رہ سکتے ہیں۔

مختار مدعا علیہ اور گواہان نے یہ بحث بے جا یہاں شروع کی۔

گواہان مدعیہ کی حیثیت کسی طرح مجروح نہیں۔ مگر گواہان مدعا علیہ اور خصوصاً گواہ مدعا علیہ نمبر۲ کی شہادت تو اس قدر مجروح ہے کہ مختار مدعا علیہ نے بھی اسے محسوس کیا اور اپنی بحث میں اکثر گواہ نمبر۱ کے حوالہ پر اکتفاء کی۔ نیز اس پر جرح کے ایک دو جواب غیر متعلق دے کر باقی تنقید کو گویا کہ لاجواب مان لیا۔ بس مدعا علیہ کی طرف اصولاً صرف ایک ہی گواہ رہ گیا۔ اس کا بیان بھی سخت متعارض حوالے غلط، قطع وبرید، ترجموں میں شرمناک خیانتیں جس کے بعد شہادت کی کوئی بھی وقعت نہیں رہتی۔ عدالت خود مسل اور اصل بحث مختار مدعیہ سے ملاحظہ فرمائے۔

## (۵)

## بشارت احمد

مختار مدعیہ نے احمد ﷺ کا مصداق متعیّن کرنے کو غایۃ غلطی ہونے تک تسلیم کیا ہے اور اس مصداق کے تعین کو انکار آیت کے استلزام کا مضحکہ اڑایا ہے۔ حالانکہ مختار مدعیہ کا مطلب یہ ہے کہ اس آیت میں لفظ احمد سے مراد سید الاوّلین والآخرین سیدنا ومولانا محمد مصطفیٰ ﷺ خود قرآن کا مدلول ہے۔ چونکہ قرآن کو بیان فرمایا گیا ہے وہ خود اپنی تفسیر ہے اور اس لئے اس کو تفصیلاً ''لکل شئ'' بھی کہا گیا ہے۔ قرآن شریف میں سورہ اعراف میں فرمایا ہے: ''الذین یتبعون الرسول النبی الامی'' اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ جس نبی کی پیش گوئی انجیل میں کی گئی ہے وہ امی ہے۔ اب اس صورت میں وہ ذات البرکات والحسنات سید الکائنات علیہم افضل الصلوٰۃ واکمل التحیات ہی اس کا مصداق بن سکتی ہیں۔ کیونکہ وہی ایک شئے ہے جو باوجود امی ہونے کے ایک ٹھوکر سے کروڑوں فلسفی پیدا کر سکتے ہیں۔ جناب مرزا صاحب غلام احمد صاحب قادیان امی بالکل نہیں تھے۔ گل علی شیعہ کے شاگرد تھے۔ مولوی عالم خوب اہلمدی کر سکتے تھے، بلکہ بقول مرزائی صاحبان سلطان القلم تھے۔ ایک ایک موضوع پر پچاس پچاس الماریاں ان کی تصانیف کی ہوسکتی ہیں۔ ایسا شخص امی نہیں ہوسکتا۔

یاد رہے کہ عیسیٰ علیہ السلام نے ایک ہی شخص کی پیش گوئی کی ہے۔ لٰہذا ان کی پیش گوئی سے اگر حضور مراد نہ ہوں گے تو قرآن کی تکذیب ہوگئی۔ اب ظاہر ہے کہ جو شخص اسمہ احمد کا مصداق کسی غیر کو بنائے گا وہ قرآن کا منکر ہوگا اور سورہ اعراف کا عین مخالف۔

مختار مدعا علیہ نے یہ بھی کہا ہے کہ مرزا محمود صاحب کا یہ مطلب نہیں تھا کہ مرزا صاحب بہرحال وبہرلحاظ مراد ہیں، بلکہ اصالۃً مرزا صاحب ظلاً وتبعاً حضور ہیں۔ بخلاصہ اوّلاً تو یہ امر خلاف واقع ہے۔ یہاں بشارت احمد سے عبارت نقل کرتے۔

اس سے صاف ثابت ہوتا ہے کہ اس آیت کا مصداق بہرحال اور بہرلحاظ مرزا ہے۔ ثانیاً یہ غیر ممکن ہے۔ آیت میں اسمہ احمد واقع ہے۔ احمد کو علم اور جزئی حقیقی کہا جاتا ہے اور علم کا موضوع لواحد بعینہٖ ہونا کافیہ خوانوں کے نزدیک بھی مسلم ہے۔ پس اگر اس سے مراد مرزاصاحب کو لیا جائے تو حضور مراد نہیں ہوتے اور اگر مراد حضور ہیں۔ جیسے کہ قرآن شریف کا صاف مدلول ہے تو مرزاصاحب نہیں ہوسکتے۔ کیونکہ احمد علم اور جزئی حقیقی ہے کلی نہیں۔

ثالثاً بلکہ مرزاصاحب کا نام احمد ہرگز نہیں غلام احمد ہے۔

مختار مدعاعلیہ نے کہا کہ اگر لفظ احمد سورۂ صف میں مرزاغلام احمد صاحب کو مراد لیا جائے۔ جیسا کہ خلیفہ ثانی نے کہا ہے تو اس سے اظہار آیت کا استدلال قابل مضحکہ ہے۔ غایت الامر فریق مخالف اس کو غلطی قرار دے سکتا ہے۔ نیز خلیفہ ثانی نے یہ بالکل نہیں کہا کہ بہرحال اور بہرلحاظ سے اس سے مرزاغلام احمد صاحب مراد ہیں بلکہ اصالۃً تو مرزاصاحب مراد ہیں اور وصف کے لحاظ سے آپ ﷺ مراد ہیں۔

دراصل مختار مدعاعیہ نے مختار مدعیہ کا مطلب نہیں سمجھا۔ مختار مدعیہ کی یہ غرض نہیں کہ کسی مبہم چیز کی تعیین اس کے انکار کو مستلزم ہے۔ بلکہ ان کی غرض یہ ہے۔ اس آیت میں بلحاظ سیاق حضور ﷺ مراد ہیں: قال اللہ تعالیٰ: ’’فلما جآء تھم بالبینات قالوا ھٰذا سحر مبین ومن اظلم ممن افتریٰ علی اللہ الکذب وھو یدعیٰ الی الاسلام واللہ لا یھدی القوم الظالمین یریدون لیطفئوا نور اللہ بافواھھم واللہ متم نورہ ولو کرہ الکافرون ھو الذی ارسل رسولہ (الصف:۶تا۹)‘‘

ان آیات سے صاف ظاہر ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی بشارت کے بعد جب ان کے پاس احمد مبشر بہ تشریف لائے اور بینات اور دلائل واضح کے ساتھ تشریف تو لائے تو جن لوگوں کو اس بشارت کا علم حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے ہوچکا تھا۔ احمد مبشر بہ ﷺ کو جھٹلایا اور کہہ دیا کہ یہ جادو ہے۔ ظاہر اور اللہ تعالیٰ پر بہتان اور افتراء باندھا کہ یہ بشارت متعلق ہے وہ کوئی ہے اور کون اس سے بڑا ظالم ہے جو اللہ تعالیٰ پر افتراء کرے۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی عیسیٰ علیہ السلام کی وساطت سے جس ذات مقدس کے لئے بشارت دی تھی، اس کو کسی دوسرے کے حق میں بتادے۔ حالانکہ وہ اسلام کی طرف دعوت دیا گیا ہے اور اسلام ایک محقق اور سچا راہ ہے جس کا مدعی بشارت کا صحیح مصداق ہے اور وہی اللہ تعالیٰ کی مراد ہے۔ مگر اللہ تعالیٰ ظالمین کو جو وضع شیٔ فی غیر محلّہ کے مرتکب ہوئے ہیں اور بشارت کے اصلی مصداق کو ترک کر کے کسی غیر کو مصداق تراشتے کبھی ہدایت نہیں دے گا۔ اس واسطے کہ وہ کوئی بھولے ہوئے نہیں، بلکہ وہ تو ازروئے ہٹ دھرمی خواہش کرتے ہیں کہ اس بشارت کا مصداق دوسرا قرار دے کر اس اللہ تعالیٰ کے نور کو منہ کی پھونکوں سے بجھادیں۔ یعنی یہ تفسیر مصداق بشارت محض قول ہونے پر منحصر ہے۔ اس کی کوئی اصلیت نہیں اور اللہ تعالیٰ اپنے نور کو جو فاران سے ظاہر ہوا ہے، پورا کامل کر کے چھوڑ گیا اور اس بشارت کے تصدیق کرنے والے پیدا ہوتے ہی رہیں گے۔ جیسے کہ بخاری کے دوسرے صفحہ والی روایت سے ثابت ہے کہ حضور پرنور کے زمانہ میں ہی رومہ کے بڑے اسقف نے علی الاعلان کہہ دیا کہ جس کی بشارت دی گئی، وہ آ گیا اور وہی پھر محمد ﷺ اگرچہ وہ لوگ جو کافروں میں حضور سرور دو عالم ﷺ کو بشارت کا مصداق بنانے میں کراہت محسوس کریں گے اور کھینچا تانی کر کے دوسروں کو مصداق بناتے پھریں گے، وہی (جس نے عیسیٰ علیہ السلام پر بشارت محمد یہ نازل فرمائی ہے) تو ہے جس نے (اس بشارت کے مطابق) نیا رسول بھیجا۔ آہ! الغرض اس آیت کا سیاق دلالت صریح سے ثابت کر رہا ہے کہ اس بشارت کا مصداق آ گیا ہے اور اس کا مصداق کوئی دوسرا تجویز کرنا افتراء ہے اور سخت ظلم ہے اور جو لوگ دوسرا مصداق بشارت تلاش کرتے ہیں وہ کافر ہیں اور ہٹ دھرمی سے ایسا کرتے ہیں۔ پس معلوم ہوا کہ اس بشارت کا مصداق جو اللہ تعالیٰ نے متعین کیا ہے وہ ذات، ذات الحسنات والبرکات آقائے کائنات سیدنا محمد ﷺ ہیں۔ پس اب جو شخص کسی دوسرے کو مصداق قرار دیتا ہے وہ اس آیت کا منکر ہے۔ کیونکہ حسب تعین خداوندی اب کوئی دوسرا مراد تو ہو نہیں سکتا اور جو کسی آیت کے ایسے معنی کا انکار کرے جس

کا سیاق ہو تو اس کو بجز منکر آیت کے اور کیا کہا جاوے گا۔ گو منہ سے آیت کا ماننا تسلیم کرتا ہو۔

قرآن شریف کو بالاستیعاب دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام نے ایک ہی نبی کی بشارت دی ہے۔ بخلاف دیگر انبیاء کے انہوں نے متعدد انبیاء کی بشارتیں دی ہیں۔ ملاحظہ ہو بیان گواہ مدعیہ نمبر۲۔

اور قرآن شریف میں سورۃ اعراف میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ: ''الذین یتبعون الرسول النبی الامی ''اس سے پایا جاتا ہے کہ انجیل میں جس نبی کی بشارت ہے وہ امی ہے اور رسول اور نبی بھی ہے اور تمام مخلوق میں فقط ایک ہستی ہے جو امی بھی ہے اور رسول بھی اور نبی۔ مگر مرزا صاحب بالکل امی نہیں تھے۔ وہ انبالہ کے ایک شیعہ عالم کے شاگرد تھے جس سے شرح جامی تک کتابیں پڑھی تھیں اور مولوی عالم پنجاب یونیورسٹی کا امتحان بھی دیا جس میں فیل ہوگئے۔ اہلحدی بھی کی تھی اور بقول مرید صاحبان سلطان القلم تھے اور بقول ذات شریف ایک ایک موضوع پر پچاس پچاس الماریاں تصانیف چھوڑ مرے ہیں۔ پس ظاہر ہے کہ اس بشارت کو مرزا صاحب پر منطبق کرنا قرآن شریف کا انکار ہے جو اسے مبشر بہ نبی امی قرار دیتا ہے اور اگر احادیث کو بھی دیکھا جائے تو عرباض بن ساریہ سے بخاری ومسلم میں ایسی روایات مل جائیں گی جن سے حضور کا ارشاد ذیل ملتا ہے۔

''ساخبر کم باول امری دعوۃ ابراھیم وبشارۃ عیسیٰ ابن مریم (الحدیث)''

پس معلوم ہوا کہ بشارت اسمہ احمد کا مصداق جو اللہ تعالیٰ کے نزدیک اور خود مبشر بہ ﷺ کے نزدیک حضور پرنور ہیں ﷺ اور جو کوئی اس کا مصداق کسی دوسرے کو تجویز کرے۔ چاہے اس کا نام احمد ہی کیوں نہ رکھ لیا جائے وہ قرآن شریف اور حضرت رسالت مآب ﷺ کے بتائے ہوئے معنی اور مصداق کے مخالف ہے۔ پس اس نے انکار آیت کیا اور یہی مختار مدعیہ کا مطلب ہے۔

رہا امر ثانی کہ خلیفہ ثانی کے نزدیک بہرحال اور بہر لحاظ مرزا صاحب مراد نہیں یہ بھی غلط ہے۔ میں جناب خلیفہ ثانی کی کتاب (القول الفصل ص۲۷،۲۸،۲۹) کی طرف توجہ عدالت مبذول کراتا ہوں۔

حضرت مسیح موعود نے اپنے آپ کو احمد لکھا ہے اور لکھا کہ اصل مصداق پیش گوئی کا میں ہی ہوں۔ کیونکہ یہاں صرف احمد کی پیش گوئی ہے اور آنحضرت ﷺ دونوں تھے۔ چنانچہ ازالہ اوہام میں لکھتے ہیں: ''اور اس آنے والے کا نام جو احمد رکھا گیا ہے وہ بھی اس کے مثیل ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ کیونکہ محمد ﷺ جلالی نام ہے اور احمد جمالی اور احمد اور عیسیٰ اپنے جمالی مضمون کے رو سے ایک ہی ہے۔ اس کی طرف اشارہ ہے۔ ''ومبشراً برسول یاتی من بعدی اسمہ احمد '' مگر ہمارے نبی ﷺ فقط احمد ہی نہیں، بلکہ محمد بھی ہیں۔ یعنی جامع الجلال والجمال لیکن آخری زمانہ میں برطبق پیش گوئی مجرد احمد جو اپنے اندر حقیقت عیسویت رکھتا ہے، بھیجا گیا۔''

(ازالہ اوہام ج دوم ص۶۷۳، خزائن ج۳ ص۴۶۳)

اسی طرح اعجاز المسیح میں لکھتے ہیں اور عیسیٰ نے ''کزرع اخرج شطأہ الایہ میں آخرین منھم الی قولہ''

(اعجاز المسیح ص۱۲۳،۱۲۴، خزائن ج۱۸ ص۱۲۷)

اس سے خلیفہ ثانی اور مرزا صاحب نے تسلیم کیا ہے کہ آنحضرت ﷺ مراد نہیں ہوسکتے اور بہرحال اور بہر لحاظ اس سے مراد مرزا صاحب ہیں۔

اور دو شخص اس سے مراد ہو بھی نہیں سکتے۔ اس واسطے کہ احمد علم ہے اور علم کی وضع ایک معین شخص کے لئے ہوتی ہے اور یہ نکرہ اور کلی نہیں۔ پس اگر اس سے دونوں شخص مراد لئے جائیں تو اسم کی وضع کا خلاف ہوگا۔ نیز آنکہ مرزا غلام احمد صاحب کا نام احمد ہرگز نہیں۔ ان کا نام تو ان کے والد صاحب نے غلام احمد رکھا ہے۔ اگر قرآن شریف میں اسمہ غلام احمد ہوتا تو پھر کوئی وجہ تھی اور مختار مدعاعلیہ کا یہ کہنا کہ مرزا

صاحب احمد کے نام پر بیعت لیتے تھے اور مرزامحمود کا یہ ادّعاء کہ خدا نے آپ کا نام احمد رکھا اور آپ نے نام کا یہی حصہ اپنی اولاد کے ناموں کے ساتھ ملایا۔ سب شاعرانہ باتیں ہیں۔ ان کو استدلال نہیں کہا جاتا۔ احمد کے نام پر بیعت لینا تو اس وقت شروع کیا جب کہ آپ نے اپنے آپ کو بشارت کا مصداق فرض کیا اور یہی دلیل ہے اس کے مصداق نہ ہونے کی۔ اس واسطے آیت میں اس کی بشارت دی گئی ہے جو احمد کے نام سے ابتداءً مسمّی ہوگا۔ اس واسطے کہ اسمہ احمد جملہ اسمیہ ہے جو دوام پر دلالت کرتا ہے۔

اور اگر حضور پرنور ﷺ پر ہی صادق آتا ہے کہ حضور کا نام آمنہ صدیقہ نے احمد رکھا اور عبدالمطلب نے محمد رکھا اور یہ کہنا کہ مرزا صاحب کا نام احمد رکھا۔ اگر یہ مراد ہے کہ اس پیش گوئی میں میرا یہ نام ہے تو مصادرہ علی المطلوب ہے۔ اس پیش گوئی میں وہ شخص مراد ہے جس کا نام کسی دوسری دلیل سے ثابت کیا جائے اور اگر اس بشارت کا مصداق ثابت کرنے کے لئے بشارت کو پیش کیا جائے تو یہ توقف الشی علی نفسہ ہوگا اور اگر کہیں دوسری جگہ اللہ تعالیٰ نے یہ نام رکھا ہے، یہ محض فرض ہی فرض ہے۔ اصلیت سے کوئی تعلق نہیں رکھتا۔ خداتعالیٰ کی قدرت دیکھئے کہ آخر خلیفہ ثانی کے منہ سے سچ نکل ہی گیا، کہتے ہیں آپ کا نام۔ یعنی مرزاصاحب کا نام مرکب ہے اور اس کا ایک حصہ اور جزء احمد کا لفظ ہے جو اولاد کے ناموں کے ساتھ ملایا ہے۔ معلوم ہوا کہ مرزاصاحب کا نام احمد نہیں۔ بلکہ یہ ایک جزء ہے۔ پس سارا نام غلام احمد ہے۔ جیسا کہ مرزاصاحب (کتاب البریہ ص۱۳۴، خزائن ج۱۳ ص۱۶۲) میں لکھتے ہیں: ’’میرا نام غلام احمد والد کا نام غلام مرتضیٰ ہے۔‘‘

الغرض مرزا صاحب اور اس کے خلیفہ ثانی مرزا محمود صاحب کا دعویٰ یہی ہے کہ اس بشارت میں مراد مرزا صاحب ہیں، حضور پرنور ﷺ نہیں۔

باقی انوار خلافت کے طویل طویل حوالے بلفظہ نقل کر کے بلاوجہ مسئلہ کو طول دیا اور بزعم خود اپنے اس پر ادّلہ پیش کئے۔ حالانکہ گفتگو اس قدر تھی کہ اس آیت: ’’مبشراً برسول‘‘ کا حقیقی مصداق اور احمد کے نام کا حقیقی مسمّی مرزاصاحب ہیں یا رسول اکرم محمد رسول اللہ ﷺ؟ اس کو شروع میں مرزاصاحب نے تسلیم کرلیا کہ اس آیت کے حقیقی مصداق صرف مرزاصاحب ہیں، نہ رسول اللہ ﷺ اور احمد بھی نام رسول اللہ ﷺ کا نہیں، بلکہ مرزاصاحب کا ہے۔

ا...... پہلا مسئلہ یہ ہے کہ آیا حضرت مسیح موعود کا نام احمد تھا یا آنحضرت ﷺ کا اور کیا سورہ صف کی آیت جس میں ایک رسول کی جس کا نام احمد ہوگا بشارت دی گئی ہے۔ آنحضرت ﷺ کے متعلق ہے یا حضرت مسیح موعود کے متعلق، میرا یہ عقیدہ ہے کہ یہ آیت مسیح موعود کے متعلق ہے اور احمد آپ ہی ہیں۔ لیکن اس کے خلاف کہا جاتا ہے کہ احمد نام رسول کریم ﷺ کا ہے اور آپ کے سوا کسی اور شخص کو احمد کہنا آپ کی ہتک ہے۔ لیکن میں جہاں تک غور کرتا ہوں، میرا یقین بڑھتا جاتا ہے اور میں ایمان رکھتا ہوں کہ احمد کا جو لفظ قرآن کریم میں آیا ہے وہ حضرت مسیح موعود کے متعلق ہی ہے۔ (ملاحظہ ہو: انوار خلافت ص۱۸، انوار العلوم ج۳ ص۸۳)

اور جب کہ ہم نے قرآن کو نص قطعی اور صحیح مرفوع متصل حدیث سے ثابت کردیا کہ صرف رسول اللہ ﷺ اس کے مصداق ہیں اور احمد، بخاری شریف وغیرہ میں آپ ہی کے اسماء میں شمار ہے۔ پھر اس قول کے خلاف نصوص قرآنیہ وتصریحات سنت نبویہ موجود ہیں۔ پس اب اس کے کفر وارتداد ہونے میں کیا شبہ رہ جاتا ہے۔

(۹)

## قرآن وحدیث اور وحی مسیح موعود

اس سلسلہ میں میں نے (اعجاز احمدی ص۳۰، خزائن ج۱۹ ص۱۴۰) کا حوالہ پیش کیا تھا۔ مختار مدعا علیہ نے اس کی ایک غلط اور ناقابل توجیہہ

یہ کی ہے کہ یہ کلام ان احادیث کی بابت ہے جو مرزاصاحب کے دعویٰ کے متعلق ہیں، ان کی دو قسمیں بنا کر جو قرآن کے مطابق ہیں، ان کی تائید دعویٰ میں قبول کرتے ہیں اور جن کے متعلق ردی کی ٹوکری میں پھینکنے کے متعلق کہا ہے، وہ وہی احادیث ہیں جو قرآن کے مخالف ہیں۔

الجواب: مختارمدعاعلیہ کا یہ جواب بالکل غلط اور خلاف تصریح مرزاصاحب ہے۔ کیونکہ شرع محمدیہ کے احکام ومسائل کے اصول میں سے اصل اوّل قرآن اور اصل دوم حدیث ہے۔ مگر مرزاصاحب کہتے ہیں: ''اور ہم اس کے جواب میں خدا تعالیٰ کی قسم کھا کر بیان کرتے ہیں کہ میرے اس دعویٰ کی بنیاد حدیث نہیں، بلکہ قرآن اور وحی ہے جو میرے پر نازل ہوئی۔'' (اعجاز احمدی ص۳۰، خزائن ج۱۹ ص۱۴۰)

عبارت بالکل صاف اور واضح ہے کہ مرزاصاحب نے حدیث کو اصول وبنیاد میں سے خارج سمجھ کر حدیث کی توہین کی۔ نیز حدیث سے اپنی وحی کو مقدم سمجھ کر قرآن کے بعد اپنی وحی کو اصول دین میں اصل ثانی قرار دیا جس میں حدیث کی سخت توہین ہوئی۔ قرآن کے بعد مرزاصاحب کی وحی کا رتبہ رہا نہ حدیث کا اور نیز اس میں تشریع کا دعویٰ بھی پایا گیا۔ کیونکہ اصول دین میں مرزاصاحب کی وحی کا اضافہ ہوگیا، جو اصل جدید ہے۔ اصول شرعیہ میں کہیں اس کا ذکر تک نہیں۔ پھر مرزاصاحب حدیث کا درجہ اصول وبنیاد دین سے گرا کر اس کو محض تائید کا درجہ دیتے ہیں جس میں حدیث کی توہین ہے۔ اسی پر اکتفاء نہیں، بلکہ تائید کا رتبہ بھی اس وقت حاصل ہے کہ جب حدیث میں دو شرطیں پائی جائیں۔ اوّل یہ کہ قرآن کے مطابق ہو۔ دوم یہ کہ مرزاصاحب کی وحی کے بھی معارض نہ ہو۔ اگر حدیث مرزاصاحب کی وحی کے معارض ہو تو اگرچہ قرآن کے موافق بھی ہو تو بھی تائید کی حیثیت نہیں رکھتی۔ اس میں حدیث کی سخت توہین ہے۔ پھر مرزاصاحب کہتے ہیں کہ دوسری حدیثوں کو ہم ردی کی طرح پھینک دیتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ دوسری حدیثوں سے مراد وہ حدیثیں ہیں جو اوپر بیان کردہ شرطوں پر نہ ہوں۔ یعنی یا قرآن کے موافق نہ ہوں یا موافق تو ہوں مگر مرزاصاحب کی وحی کے معارض ہوں، ان تمام حدیثوں کو مرزاصاحب ردی کی طرح پھینکتے ہیں۔ عدالت غور فرمائے کہ احادیث نبویہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کی کس قدر توہین ہے کہ صحت حدیث کا ایک یہ بھی اصل ہوا کہ مرزاصاحب کی وحی کے معارض نہ ہو، ورنہ پھینکنے کے قابل ہیں۔ اس سے زیادہ حدیث کی توہین کیا ہوسکتی ہے؟ مختارمدعاعلیہ مغالطہ دینے کے لئے دوسری حدیثوں سے وہ احادیث مراد لیتا ہے جو قرآن کے مخالف ہیں۔ حالانکہ مرزاصاحب کی عبارت میں دوسری حدیثوں سے مراد وہ حدیثیں ہیں جو قسم اوّل کے مقابل ہیں اور قسم اوّل کی وہ حدیثیں ہیں جو نہ قرآن کے مخالف ہوں اور نہ مرزاصاحب کی وحی کے معارض ہوں۔ پروہ احادیث جو صرف قرآن کے مخالف ہوں یا وہ احادیث قرآن کے موافق مگر مرزاصاحب کی وحی کے معارض ہیں، وہ سب قسم دوسری حدیثوں میں داخل ہیں۔ میں اپنے تئیں جواب کی صحت کے لئے مرزاصاحب کی اصل عبارت لکھ دیتا ہوں۔ عدالت خود غور فرمالے گی کہ کس طرح حرف بحرف ہمارا دعویٰ مرزاصاحب سے ثابت ہے۔

''اور ہم اس کے جواب میں خدا تعالیٰ کی قسم کھا کر بیان کرتے ہیں کہ میرے اس دعویٰ کی حدیث بنیاد نہیں، بلکہ قرآن اور وہ وحی ہے جو میرے اوپر نازل ہوئی۔ ہاں! تائیدی طور پر ہم وہ حدیثیں بھی پیش کرتے ہیں جو قرآن شریف کے مطابق ہیں اور میری وحی کے معارض نہیں اور دوسری حدیثوں کو ہم ردی کی طرح پھینک دیتے ہیں۔'' (اعجاز احمدی ص۳۰،۳۱، خزائن ج۱۹ ص۱۴۰)

پھر مختارمدعاعلیہ ایک مغالطہ اور دیتا ہے کہ مرزاصاحب کی وحی قرآن کے بالکل موافق ہے۔ ممکن ہے کہ مختارمدعاعلیہ کا ایسا اعتقاد ہو اور ایمان ہو جس کی کلام زیر بحث ہے۔ یعنی مرزاصاحب کا اعتقاد ایسا معلوم نہیں ہوتا۔ کیونکہ اگر مرزاصاحب اپنی وحی کو بالکل قرآن کے موافق سمجھتے تو تائیدی حدیثوں کے لئے دو شرطیں نہ لگاتے کہ قرآن کے موافق ہو اور میری وحی کے معارض نہ ہو۔ اس قید کا فائدہ صرف یہ ہے کہ صرف قرآن کی موافقت کافی نہیں بلکہ اس کے علاوہ یہ بھی ضرور ہے کہ میری وحی کے معارض نہ ہو۔ یہ فائدہ اس وقت مرتب ہوسکتا ہے جب کہ موافقت قرآن کے بعد بھی مرزاصاحب کی وحی معارض نہ ہونے کا احتمال باقی ہو اور یہ احتمال اس وقت پیدا ہوسکتا کہ جس

وقت موافقت اور تعارض کا اجتماع ممکن ہو۔

میں نے توہین حدیث کے سلسلہ میں (اعجاز احمدی ص ۵۷، خزائن ج ۱۹ ص ۱۸۸) کی عبارت پیش کی جس کے جواب میں مختار مدعا علیہ نے یہ جواب دیا ہے کہ یہ ان حدیثوں کے متعلق ہے جو قرآن کے مخالف ہیں۔ مختار مدعا علیہ کا یہ جواب نہ صرف غلط ہے بلکہ بدیہی البطلان ہے۔ کیونکہ منشاء توہین یہ ہے کہ مرزا صاحب اپنے علم کو احادیث نبویہ پر بدیں علت وجہ ترجیح قرار دیتے ہیں کہ ہم نے براہ راست خداوند حکیم سے حاصل کیا اور تمہاری حدیث مردوں سے مروی ہیں جو بہرحال ہمارے علم کی برابری نہیں کر سکتیں۔

اب مختار مدعا علیہ کے مغالطہ پر غور فرمائیے کہ قرآن کی موافقت اور مخالفت کو دخل دے رہا ہے۔ مرزا صاحب احادیث کی تحقیر اس بناء پر کر رہے ہیں کہ وہ مردوں سے مروی ہیں۔ پس جس قدر سلسلہ احادیث موجود ہیں، خواہ قرآن کے موافق ہو یا مخالف سب کا سب مرزا صاحب کے معیار امتیاز پر مرزا صاحب کے علم کے سامنے بے حقیقت ہیں۔ کیونکہ یہ سب ان لوگوں سے مرویات ہیں جو فوت ہو چکے ہیں۔ کیا مختار مدعا علیہ کے نزدیک یہ مسلم ہے کہ جو حدیثیں قرآن کے موافق ہیں فوت شدہ لوگوں سے مروی نہیں یا وہ مرزا صاحب کے الہامات ووحی سے زیادہ صحیح اور بلند مرتبہ ہیں۔ بات بالکل صاف اور واضح ہے کہ مرزا صاحب احادیث کو اپنے الہام ووحی کے مقابلہ میں بے اعتبار اور کم پایہ ثابت کر رہے ہیں۔ خواہ قرآن کے موافق ہوں یا مخالف۔ جو احادیث نبویہ کی نہایت درجہ کی توہین وتحقیر ہے۔ پھر مختار مدعا علیہ نے اپنے جواب کی تائید میں مرزا صاحب کی عبارت پیش کی ہے: ''اے گمراہ کرنے والے! کیا تو قرآن کی شان سے انکار کرتا ہے اور بجز قرآن کے ہمارے ہاتھ میں کیا ہے۔''

<u>الجواب:</u> مختار مدعا علیہ کی پیش کردہ عبارت ہمارے مدّعا کی زبردست دلیل ہے کہ کیونکہ مرزا صاحب اس عبارت میں اصل دین صرف قرآن کو بتلا رہے ہیں اور بجز قرآن کے سب چیز سے انکار کر رہے ہیں۔ حالانکہ احادیث نبویہ اصول دین میں ایک اصل محکم ہے جس سے انکار الحاد زندقہ ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ''**ما اتاکم الرسول فخذوہ وما نھاکم عنہ فانتھوا**'' مگر مرزا صاحب احادیث کو بے اصل اور بے اعتبار ثابت کرنے کے لئے برملا کہتے ہیں کہ بجز قرآن ہمارے ہاتھ کیا ہے۔ یہ سراسر احادیث نبویہ کی توہین، بلکہ ملحدانہ انکار ہے۔ **اعاذنا اللہ تعالیٰ من ذالک!** مختار مدعا علیہ نے اپنی تائید میں مرزا صاحب کی یہ عبارت پیش کی ہے: ''پس اے مخالفو! نقلوں کے ساتھ خوش ہو جاؤ اور بہتیری نقلیں اور حدیثیں دھوکا باز نے بنائی ہیں۔''

سو مختار مدعا علیہ کی عبارت بھی ہمارے مدّعا کی زبردست تائید ہے۔ کیونکہ مرزا صاحب اپنے علم وبیان کے نقول کے قبول سے روکتے ہیں اور علت یہ بیان کرتے ہیں کہ بہترین حدیثیں موضوع ہیں۔ ہمارا تعلق حکم سے ہے جو بالکل صاف ہے کہ نقول پر خوش نہ ہوں اور یہ حکم عام ہے۔ صحیح، موضوع، ضعیف وقوی تمام احادیث کو شامل ہے۔ بعض احادیث کے موضوع ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ تمام نقول واحادیث قابل اعتبار نہیں۔ بہرحال مرزا صاحب نے یہ عام حکم کر کے احادیث کی سخت توہین کی ہے۔ پھر مختار مدعا علیہ نے اپنی تائید میں مرزا صاحب کی یہ عبارت نقل کی ہے اور خدا تعالیٰ کی وحی کے بعد نقل کی کیا حقیقت ہے۔ پس خدا تعالیٰ کی وحی کے بعد کس حدیث کو مان لیں۔ بحمد اللہ! مختار مدعا علیہ کی پیش کردہ یہ عبارت نہایت صراحت سے توہین احادیث پر دال ہے۔ کیونکہ سرے سے ہمارا دعویٰ یہ ہے کہ مرزا صاحب نے اپنی وحی کے مقابلہ حضور ﷺ کی احادیث کو کم درجہ ثابت کر کے احادیث نبویہ کی توہین کی ہے۔ اب تک مختار مدعا علیہ ادھر ادھر کی توجیہات کرتا رہا کہ ان احادیث سے مراد وہ احادیث ہیں جو قرآن کے مخالف ہیں نہ احادیث صحیح، مگر مرزا صاحب کی اس عبارت نے مختار مدعا علیہ کی تمام توجیہات کا خاتمہ کر دیا۔ مرزا صاحب اپنی وحی کے مقابلہ میں تمام احادیث نبویہ کو کس شان وعظمت وجلال سے بے

حقیقت بتلاتے ہیں۔ ملاحظہ ہو عبارت مرقومہ بالا۔

غالباً مختار مدعاعلیہ کو یہ ضرور احساس ہوا کہ یہ عبارت مختار مدعیہ کے الزام کی زبردست دلیل ہے۔ مگر وہ یہ آیت پیش کر کے مغالطہ دینا چاہتا ہے۔ ''فبای حدیث بعدہ یؤمنون'' مگر اس کا جواب اس قدر بتلا دینا کافی ہے کہ حدیث سے مراد احادیث نہیں۔ ملاحظہ ہو تفسیر روح المعانی و کبیر وغیرہ۔

پھر مختار مدعاعلیہ نے ایک حوالہ پیش کیا کہ حضرت بایزید بسطامی نے ایسا فرمایا ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ اوّلاً یہ قول غیر معتبر ہے۔ ثانیاً نہ اس کو شہادت میں پیش کیا گیا نہ جرح میں آیا ہے۔ ثالثاً یہ حدیث صحیح علیکم بسنتی...... الخ! کے خلاف ہے۔

رابعاً یہ حضرت بایزید پر افتراء ہے۔ جیسا کہ اقتصار میں لکھا ہے: ''شیخ الاسلام ابواسماعیل ہروی گفتہ بر بایزید دروغہا بستہ۔''

خامساً اگر یہ صحیح بھی مان لیا جائے تو حضرت بایزید پر بسا اوقات حالت سکر طاری ہوتی تھی اور حالت سکر میں ایسے کلمات صادر ہوجاتے ہیں اور سکر کے زائل ہونے کے بعد استغفار فرماتے تھے۔ چنانچہ امام شعرانی طبقات کبریٰ میں لکھتے ہیں: ''سئل ابوغیلی الجوزجانی عن الالفاظ امتی تحکی عن ابی یزید فقال رحمة اللہ ابویزید لہ حالہ ولعلہ بھا تکلم علی حد غلبة اوحال سکر''

پھر مختار مدعاعلیہ نے مرزاصاحب کی متعدد کتب سے چند جدید حوالہ جات نقل کر کے بطور نتیجہ کے یہ بتلایا ہے کہ جن احادیث کو رد کرنے کے لئے مرزاصاحب نے اعجاز احمدی میں کہا ہے، وہی حدیثیں ہیں جو مولوی محمد حسین بٹالوی وغیرہ قرآن مجید کے خلاف آپ کے دعویٰ مہدویت ومسیحیت کو باطل ثابت کرنے کے لئے پیش کرتے تھے۔ جن کا ظنی ہونا سب کو مسلم ہے۔ مختار مدعاعلیہ نے اس قول میں نہ صرف احادیث کے رد کرنے کی توہین کے الزام کو تسلیم کرلیا، بلکہ اس غرض وغایت کو بھی بتلا دیا کہ مرزاصاحب کو ردی کی طرح احادیث نبویہ کو پھینکنے کی ضرورت کیوں لاحق ہوئی تھی۔ یعنی مولانا محمد حسین صاحب بٹالوی نے مرزاصاحب کے دعاوی مہدویت ومسیحیت کے بطلان پر احادیث کو پیش کیا۔ چونکہ مرزاصاحب کا دعویٰ مہدویت ومسیحیت ان احادیث کی رد سے باطل ثابت ہوتا تھا۔ اس لئے مرزاصاحب نے ایسی احادیث کو ردی کی طرح پھینکنے کا حکم دیا۔ گویا مرزاصاحب کا یہ حکم صرف توہی نہیں، بلکہ خودغرضی اور اپنے دعاوی کی خاطر سے ہے۔ باقی رہا یہ امر کہ مولانا محمد حسین صاحب نے کن احادیث کو پیش کیا۔ یہ وہ احادیث ہیں جو صحاح ستہ میں مروی ہیں اور جیسے کہ علامہ شوکانی توضیح میں لکھتے ہیں۔

پھر مختار مدعاعلیہ نے تحفہ گولڑویہ کی چند احادیث کے مضامین بیان کئے ہیں جن میں دابۃ الارض وغیرہ کی بھی حدیثیں ہیں نامعلوم کہ مختار مدعاعلیہ دجال وغیرہ کی حدیثوں کو پیش کر کے کیا ثابت کرنا چاہتا ہے۔ غالباً وہ ان احادیث کو پیش کر کے ان کے الفاظ ظاہری معانی پر استعجاب اور بعید از عقل ہونا دکھلانا چاہتا ہے۔ ''مگر جو جماعت مرزاصاحب کے مریم ہونے پھر حاملہ ہونے پھر وضع حمل کے لئے جزع کی طرف جانے اور پھر مریم سے عیسیٰ پر ایمان رکھتی ہو۔'' ان احادیث پر کیوں استعجاب ہوتا ہے۔

پھر مختار مدعاعلیہ نے مرزاصاحب کے وہ اقوال پیش کئے ہیں جن میں احادیث کی عظمت اور علو مرتبت بیان کی گئی ہے۔ حتیٰ کہ مسئلہ میں یہی اختیار کیا جس کی مذمت ہے۔ اس کی مدح بھی موجود ہے جس کو صاف الفاظ میں بھی کہنا پڑتا ہے۔

## حدیث: ''فاعرضوا علیٰ کتاب اللہ''

اعجاز احمدی میں مرزاصاحب نے ان احادیث کو ردی میں پھینکنے کا حکم دیا مرزاصاحب پر توہین احادیث کا الزام قائم کیا تو مختار ان مدعاعلیہ نے مرزاصاحب کے حکم کی وجہ اصول کتب کی بیان کردہ ایک حدیث کو پیش کیا۔ جرح میں دریافت کیا گیا تو اس حدیث کو کتب

حدیث میں سے کسی کتاب کا حوالہ نہ دے سکے۔ سند دریافت کی گئی کوئی نہ بتلا سکے۔ مجموعہ الفوائد سے شوکانی کا یہ قول اس حدیث کے متعلق پیش کیا گیا۔ وضعتہ الزنادقۃ تو کوئی اس پر جواب نہ بن آیا۔ شوکانی نے اس حدیث کو موضوع زنادقہ کہا۔ یعنی اس پر مندرجہ ذیل جروح پیش کی گئیں۔

۱...... یہ احادیث کی کتب میں مروی نہیں۔

۲...... حدیث بلاسند ہے جو غیر معتبر اس پر عبداللہ بن مبارک کا قول صحیح مسلم سے پیش کیا گیا۔

۳...... شوکانی نے فوائد المجموعہ میں لکھا ہے کہ اس حدیث کو زنادقہ نے وضع کیا ہے۔

۴...... شوکانی نے فوائد میں کہا ہے یہ حدیث: قولہ تعالیٰ ما اٰتاکم الرسول'' سے رد ہے۔

مختاران مدعاعلیہ سے کسی کا جواب نہ ہوسکا۔ اب بحث میں بجائے اس کے کہ ہمارے جروح کا جواب دیتے۔ ایک بے فائدہ بحث شروع کردی ہے اور ایسے اقوال پیش کئے گئے جو مسل پر نہیں آئے تاہم اس کا جواب بھی دیتے ہیں۔

اس بحث کا ایک جواب اجمالی عرض کیا جاتا ہے کہ یہ حدیث اور اس قسم کی دیگر احادیث کا مفہوم خود اپنی تردید کرتا ہے۔ کیونکہ پہلے ہم ان احادیث کو کتاب اللہ پر پیش کرتے ہیں۔ اگر کتاب اللہ کے موافق پڑیں گی تو لیں گے، ورنہ ان کو رد کردیں گے۔ پس ان احادیث کو جب کتاب اللہ پر پیش کرتے ہیں تو مخالف ہوتی ہیں۔ کیونکہ کتاب اللہ کا ارشاد ہے۔ ''**ما اٰتاکم الرسول فخذوہ وما نھاکم عنہ فانتھوا** ''یعنی جو کچھ حضورﷺ فرمادیں اس کو مان لو اور جس سے روکیں اس سے رک جاؤ۔ کلمہ ما عام ہے جو ہر ایک امر کو شامل ہے۔ پس قرآن شریف کی یہ آیت ان احادیث کو رد کرتی ہے۔ جیسا کہ علامہ شوکانی نے فوائد المجموعہ میں تصریح کی ہے۔ پس ان احادیث کا رد ان ہی سے ہوگیا۔

تفصیلی جواب یہ ہے کہ حدیث صحیح اصول دین میں اصل کافی ہے۔ جس طرح قرآن سے احکام ثابت ہوتے ہیں، اسی طرح احادیث سے بھی احکام ثابت ہوتے ہیں اور جیسا کہ قرآن موجب علم وعمل ہے ویسا ہی احادیث۔ ابوداؤد میں حضرت مقدام سے روایت ہے کہ آنحضرتﷺ نے فرمایا سن رکھو۔ مجھے قرآن دیا گیا ہے اور اس کے ساتھ ایک ایسی چیز جو اس کی مثل ہے۔ یعنی (حدیث) سن رکھو عنقریب ایک شخص پیٹ بھرا چھپر کھٹ پر بیٹھا یہ کہے گا کہ لوگو! تم (صرف) قرآن کو لازم پکڑو۔ اس میں جو حلال پاؤ اسے حلال سمجھو اور جو حرام پاؤ اسے حرام سمجھو۔ (یعنی جو حکم قرآن میں نہ ہو حدیث میں ہو اس کو نہ مانو) حالانکہ جس چیز کو رسولﷺ نے حرام کیا ہے۔ وہ ایسی ہی حرام ہے جو خدا نے حرام کی ہے۔ سن رکھو تمہارے لئے آبادی کے گدھے حلال نہیں اور نہ دانت کاٹنے والے درندہ اور نہ مسلمانوں کی امان وپناہ میں رہنے والے کافر کی کوئی گری ہوئی چیز۔ بجز اس حالت کے کہ وہ اس سے بے پرواہ ہو اور جو شخص کسی قوم کا مہمان ہو، ان پر لازم ہے کہ وہ اسے کھانے کو دیں۔ وہ نہ دیں تو اسے حق پہنچتا ہے کہ وہ اپنے کھانے کے مقدار خود بخود ان کے مال سے لے لے۔''

طیبی نے شرح مشکوٰۃ میں کہا: اس حدیث میں بڑی زجر وملامت ہے جو بڑے غصہ سے پیدا ہوئی ہے۔ اس شخص کے لئے جو صرف کتاب اللہ کو کافی سمجھ کر حدیث کے عمل سے بے پروا ہوجائے اور اس کا عمل ترک کردے۔ اس حدیث کو دارمی نے بھی نقل کیا ہے اور اس نے یہ مسئلہ استنباط کیا ہے کہ حدیث کتاب کے اجمال وابہام کا فیصلہ کرنے والی ہے۔

مرزاصاحب نے حق وباطل کو ملایا ہے اور مرزاصاحب (تبلیغ رسالت ج۳ ص۳۰۰، مجموعہ اشتہارات ج۲ ص۱۳۱) میں دجال کی علامت قرار دیتے ہوئے بجز اس کے اور کوئی توجیہہ نہیں ہوسکتی۔ اگر احادیث کا انکار قرآن کا انکار تھا تو پھر کس نے مرزاصاحب کو مجبور کیا کہ احادیث کو مردوں کی مرویات کہہ کر استخفاف کرتے اور کیوں نہ صاف الفاظ میں کہتے کہ قرآن کے سواء ہمارے ہاتھ کیا ہے۔

پھر مختار مدعا علیہ نے بے شمار ایسے حوالہ جات پیش کر کے بحث کو طول دیا ہے جن کا مسل میں ذکر تک نہیں۔ جن میں اکثر کا مفہوم یہ ہے کہ مرزا صاحب ان احادیث کو چھوڑتے ہیں جو مرزا صاحب کی وحی کے خلاف ہیں اور بعض حوالہ جات میں ترک احادیث کی وجہ یہ بیان کی گئی ہے کہ مرزا صاحب چونکہ مسیح موعود ہیں اور احادیث مسیح کو حکم قرار دیا گیا ہے۔ پس مرزا صاحب کو اختیار ہے کہ جس کو لیں اور جس کو چاہیں رد کر دیں۔ وغیرہ! ان حوالہ جات کا اجمالی جواب یہ ہے کہ مرزا صاحب کا اپنی مزعومہ وحی کے مقابلہ میں احادیث نبویہ کا رد کرنا یہ حدیث نبویہ کی توہین ہے۔

مختار مدعا علیہ نے اشراق الابصار کا حوالہ پیش کیا ہے۔ اس میں نہایت سخت خیانت کی ہے۔ کیونکہ اوّل سے لفظ مع اور آخر سے ''وھو من اوضع الموضوعات'' کو کاٹ کر مغالطہ دیا۔ حالانکہ اشراق میں تصریح ہے کہ مدخل میں جو حدیث باسناد تحقیقی ہے۔ وہ سخت ترین موضوعات میں سے ہے۔ پھر مختار مدعا علیہ نے چند احادیث نقل کر دی ہیں جن کو اصل مسئلہ سے کوئی تعلق نہیں۔ اس لئے ہمیں جواب دینے کی ضرورت نہیں۔ پھر مختار مدعا علیہ نے محض اپنے خیال و وہم سے یہ جواب دینا چاہا ہے کہ حدیث زنادقہ وضع کردہ نہیں ہوسکتی......الخ!

مختار مدعا علیہ دیدہ و دانستہ مغالطہ دیتا ہے۔ کیونکہ ہم نے اصول حدیث کے قواعد پر کبار محدثین کے اقوال سے اس حدیث کا موضوع ہونا ثابت کر دیا ہے۔ اس کا جواب یہ ہوسکتا ہے کہ وہ ائمہ حدیث کے اقوال سے اس کی صحت پیش کرتا۔ اس کو یقین تھا کہ ائمہ محدثین اس حدیث کو زنادقہ یعنی بے دینوں کی موضوع حدیث بتاتے ہیں۔ اب مختار مدعا علیہ محض اپنی بات کرنا چاہتا ہے کہ یہ حدیث زنادقہ کی موضوع نہیں ہوسکتی جو قطعاً ناقابل التفات ہے۔

ثانیاً مختار مدعا علیہ کا قیاس ہی غلط ہے۔ کیونکہ جب کبھی اسلام میں فتنہ اٹھا تصریحات مصطفویہ اور ارشادات نبویہ سے بچنے کے لئے اسی حدیث کو آڑ بنایا معتزلہ کی دارومدار یہی حدیث ہے۔ فرقہ نیچریہ کے خیالات اور آزادی کا سنگم یہی حدیث ہے۔ عبداللہ چکڑالوی اسی کو پیش کرتے ہیں اور مرزا صاحب اسی حدیث کے سہارے اپنی مسیحیت اور نبوت کا سکہ رائج کرنا چاہتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ زنادقہ اور ملحدوں کا یہ اصول ہو چکا ہے کہ احادیث اور آثار صحابہ کو بے حقیقت ثابت کرنے میں اس حدیث سے یوں فائدہ اٹھایا جاتا ہے کہ قرآن حکیم کے ایک معنی از خود کئے جاتے ہیں اور اس کو قرآن کا متعین معنی فرض کئے جاتے ہیں۔ مگر پھر احادیث میں ان آیات کی جو تفسیر طرق صحیح سے ثابت ہوتی ہے۔ اس کا انکار اس لئے کر لیا جاتا ہے کہ یہ حدیث قرآن کے مخالف ہے، اس لئے قابل قبول نہیں۔ اس حدیث سے نہ صرف حدیث صحیحہ کے انکار کا ارتکاب کیا جاتا ہے۔ بلکہ اس کے ذریعہ قرآن کے معانی حسب منشاء کئے جاتے ہیں۔

مختار مدعا علیہ نے اس حدیث کے بے سند ہونے کا ایک نہایت لغو جواب دیا ہے۔ چنانچہ لکھتا ہے کہ اب دیکھنا یہ ہے کہ جن کتب میں یہ حدیث آئی۔ آیا ان کے مصنفوں نے یہ حدیث وضع کر لی ہے یا فی الواقع اسے رسول کریم کی حدیث سمجھتے ہیں۔ مختار مدعیہ بھی یہی کہے گا کہ انہوں نے صحیح سمجھ کر یہ حدیث نقل کی ہے۔

الجواب: یہ جواب مختار مدعا علیہ کی ناواقفیت اور کتب حدیث میں عدم بصیرت پر دال ہے۔ کیونکہ احادیث موضوعہ کے موضوع ہونے کی یہ وجہ نہیں ہوتی کہ نقل کرنے والے اس کو موضوع سمجھیں اور وہ موضوع نہ سمجھیں تو صحیح ہو جائے۔ موضوع کی تعریف اور اس کے احکام کتب اصول حدیث میں مذکور ہیں جن کی بناء پر علماء محدثین اس حدیث کو موضوع قرار دے رہے ہیں۔ مختار مدعا علیہ سے اگر کچھ ہوسکتا تھا تو اس کی توثیق و تصحیح کرتا۔ ان لوگوں کے اقوال کے برخلاف اکابر محدثین کے نقل پیش کرتا جو اس کو زنادقہ کی موضوع حدیث بتلاتے ہیں۔ نقول صحیح کا جواب نقول سے ہوتا ہے نہ محض خیالات اور اوہام سے۔

اصول شاشی میں سے جو حضرت علی کا قول نقل کیا ہے۔ اوّلاً تو وہ خود ہی بے سند ہے۔ کتب احادیث کا حوالہ نہیں۔ ثانیاً عرض علی

الکتاب کا سوال وہاں پیدا ہوتا جہاں روایت منافق سے ہو۔

عمدۃ الحواشی حاشیہ اصول الشاشی سے جو جواب نقل کیا ہے وہ اس حدیث کی تصحیح نہیں کرتا۔ کیونکہ امام بخاری نے صحیح بخاری میں احادیث کی روایت میں جو صحت کا اہتمام کیا ہے وہ دیگر مصنفات میں نہیں کیا۔ یہ حدیث صحیح بخاری میں نہیں یہ مختار مدعاعلیہ کا مغالطہ ہے یا نافہمی سے بخاری سے صحیح بخاری مراد لی ہے۔ علامہ تفتازانی نے تلویح میں اس حدیث کے متعلق بہت کلام کی ہے۔ ''وقد طعن فیہ'' (تلویح ص۲۲۹) میں ہے۔ مولانا بحرالعلوم شرح مسلم الثبوت میں لکھتے ہیں کہ صاحب سفرالسعادۃ نے فرمایا کہ یہ حدیث سخت موضوعات سے ہے۔ شیخ ابن حجر عسقلانی نے فرمایا ہے یہ حدیث کئی سندوں سے مروی ہے جو گفتگو سے خالی نہیں۔ بعض محدثین نے کہا ہے کہ اس کو زندیقوں نے وضع کیا۔ یعنی از خود بنالیا اور نیز یہ اس قول خداوندی کے مخالف...... الخ!

علامہ ابن طاہر پٹنی صاحب مجمع البحار تذکرہ میں فرماتے ہیں کہ ان اصولیوں نے جو آنحضرت ﷺ کا یہ قول نقل کیا ہے۔ مزی نے اس حدیث کی جس دوسری حدیث سے تائید ظاہری کی ہے۔ اوّلاً تو موضوعات کی کسی دوسری حدیث کی تائید سے صحیح نہیں ہو جاتیں۔ ثانیاً جس حدیث کو تائید میں پیش کیا جاتا ہے اس کا حال پہلی حدیث سے اچھا نہیں۔

اس لئے تمام امت کا اس پر اتفاق ہے کہ حدیث قرآن حکیم کے معانی کی تعیین اور وجوہات واختلافات کا فیصلہ کرنے والی ہے۔ کیونکہ حدیث بمنزلہ خادم کے ہے۔ خدمت کرنا خادم کا کام ہے نہ کہ مخدوم کا۔

چنانچہ مختار مدعاعلیہ کے مسلم بزرگ شعرانی میزان المبین میں لکھتے ہیں کہ امت محمدیہ کا اس پر اتفاق ہے کہ حدیث قرآن مجید کی وجوہ مختلف کی فیصلہ کرنے والی ہے۔ نمبرا: ''اجتمعت الامۃ علی ان السنۃ قاضیۃ علی کتاب اللہ'' (سنن دارمی ص۷۷)

پھر مختار مدعاعلیہ نے میری جرح جو اس حدیث کی سند کے متعلق تھی، اس کا جواب اس طریق پر دیا ہے کہ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ سند کوئی چیز نہیں اور ائمہ جرح وتعدیل کی تصریحات کا کوئی اعتبار نہیں۔ کسی جرح سے کوئی مجروح نہیں ہوا نہ کسی توثیق وتعدیل سے کسی کو قوت حاصل ہوتی ہے جس سے مختار مدعاعلیہ کا مطلب صاف ہے کہ امت نے جس چیز کو آج تک معیار صحۃ وضعف حدیث سمجھا وہ لغو ہے۔ گویا جرح وتعدیل کا سرے سے اعتبار نہیں۔ جو شخص جس حدیث کو اپنے مطابق پائے قبول کر لے اور جس کو خلاف پائے انکار کر لے، اس اصول پر مراتب حدیث اور اس کی تمیز بھی ناممکن ہو جائے۔

## قیامت کے متعلق

مختار مدعیہ نے اس ہیڈنگ کے تحت دو آیتیں: ''قل انما علمہا عند ربی ...... الخ!'' اور ''ان اللہ عندہ علم الساعۃ'' اور ایک مسلم اور بخاری کی متفق علیہ حدیث ''فی خمس لا یعلمھن الا اللہ'' سے یہ ثابت کیا تھا کہ قیامت کا علم صرف خدا ہی کو ہے اور کسی کو نہیں۔ کیونکہ احادیث اور تفاسیر میں ''استاثرہ اللہ'' کا لفظ آیا ہے کہ اس کا علم صرف خدا نے اپنے واسطے تنہاء بلاشرکت غیر رکھا ہے اور مرزا صاحب (لیکچر سیالکوٹ ص۸، خزائن ج۲۰ ص۲۰۹) پر اس کے خلاف یہ لکھتے ہیں کہ: ''یہ صحیح نہیں ہے جو بعض لوگوں کا خیال ہے کہ قیامت کا کسی کو علم نہیں۔'' جس سے نصوص قطعیہ کا انکار اور قرآن سے لاعلمی ظاہر ہو رہی ہے۔ مختار مدعاعلیہ نے اس کا جواب دیتے ہوئے عدالت کو مغالطہ دینا چاہا ہے کہ مرزاصاحب کا اس سے مقصد جو مختار مدعیہ لے رہا ہے وہ نہیں ہے۔ بلکہ اس کا مقصد مختار مدعاعلیہ نے اپنے لفظوں میں یہ بتایا کہ: ''یہ صحیح نہیں کہ قیامت کا کسی وجہ سے بھی کسی کو علم نہیں بلکہ علامات وآثار قیامت کے ذریعہ سے ایک قسم کا علم حاصل ہوتا ہے۔'' جس سے یہ ثابت کرنا چاہا ہے کہ مرزاصاحب کا بھی یہی مقصد ہے۔ حالانکہ عبارت (ص۸، خزائن ج۲۰ ص۲۰۹) کی بالکل صاف اور صریح ہے اور اس سے یہ مقصد جو مختار مدعاعلیہ لے رہا ہے بالکل نہیں نکلتا۔ مرزاصاحب صاف یہ فرما رہے ہیں کہ: ''یہ صحیح نہیں ہے۔ جو بعض لوگوں کا خیال ہے کہ

قیامت کا کسی کو علم نہیں۔'' یہاں قیامت کے علم کے متعلق سوال ہے نہ علامات قیامت۔ قیامت سے علامات قیامت مراد لینا غلط ہے۔

ہاں! البتہ (لیکچر سیالکوٹ ص۹، خزائن ج۲۰ ص۲۱۰) پر ایک فقرہ اس قسم کا موجود ہے جس میں علامات قیامت ہیں۔ مگر وہ فقرہ اس کی شرح ہرگز نہیں بن سکتا۔ کیونکہ (ص۱۰) پر لکھتے ہیں: ''اسی طرح دنیا کے خاتمہ پر گو اب ہزار سال باقی ہے۔ لیکن اس گھڑی کی خبر نہیں۔ جب قیامت قائم ہوگی۔'' خط کشیدہ جملہ گو اب ہزار سال باقی ہے قابل غور ہے کس صفائی کے ساتھ قیامت کی تعیین ہورہی ہے۔ اسی وجہ سے مختار مدعا علیہ نے (ص۹، خزائن ج۲۰ ص۲۱۰) کا تو حوالہ دیا مگر (ص۱۰، خزائن ج۲۰ ص۲۱۱) کو چھوڑ دیا جس سے اس کے جواب کی اصل حقیقت کا پردہ فاش ہوتا تھا۔ لہٰذا مختار مدعیہ کا یہ دعویٰ کہ مرزا صاحب قیامت کے متعلق یہ عقیدہ رکھتے ہیں۔ یہ صحیح نہیں کہ اس کا علم کسی کو نہیں (ص۲۰، خزائن ج۱۰ ص۲۱۱) کی اس عبارت سے کہ اب قیامت سے ہزار سال باقی ہے، بالکل واضح ہو جاتا ہے اور یہ الزام کہ یہ عقیدہ نصوص قطعیہ کے خلاف ہے بحالہ باقی رہا۔

علاوہ ازیں اگر تھوڑی دیر کے لئے قول مختار مدعا علیہ کو تسلیم ہی کر لیا جائے جب بھی اس کو مفید نہیں۔ کیونکہ اوّل تو نصوص قطعیہ قرآن اور حدیث سے جن علامات کا پتہ چلتا تھا۔ مثلاً خروج دجال، یاجوج و ماجوج و نزول عیسیٰ بن مریم۔ وغیرہ وغیرہ! ان سب سے مرزا صاحب منکر ہیں اور دجال اور یاجوج و ماجوج سے کبھی تو پادری اور کبھی قوم نصاریٰ اور کبھی روس اور برطانیہ کی تو ہین مراد لے رہے ہیں جو بعثت نبی کریم ﷺ سے پہلے موجود ہیں اور بعض خود ساختہ علامتیں جو خود بیان فرما رہے ہیں۔ مثلاً: ''آخری زمانہ میں بکثرت نہریں جاری ہوں گی۔'' (لیکچر سیالکوٹ ص۹، خزائن ج۲۰ ص۲۱۰)

''کتابیں بہت شائع ہوں گی جن میں اخبار شامل ہے۔'' (لیکچر سیالکوٹ ص۹، خزائن ج۲۰ ص۲۱۰)

''اونٹ بیکار ہو جائیں گے۔'' (لیکچر سیالکوٹ ص۹، خزائن ج۲۰ ص۲۱۰)

ان علامات کو بیان کرنے کے بعد میں لکھتے ہیں اور ''سوہم دیکھتے ہیں کہ یہ سب باتیں ہمارے زمانہ میں پوری ہوگئیں۔''

اور پھر اس کے بعد (لیکچر سیالکوٹ ص۱۰، خزائن ج۲۰ ص۲۱۱) پر اس کے متعلق لکھتے ہیں: ''اسی طرح دنیا کے خاتمہ پر گو اب ہزار سال باقی ہے۔''

تو اس میں علامات نصوص قطعیہ کا انکار اور خود ساختہ علامتوں کے پورا ہو جانے کے بعد قیامت کی تعیین ہزار سال کے ساتھ کر رہے ہیں۔ اس سے بھی مختار مدعیہ کا اعتراض اور بھی قوی ہو جاتا ہے اور جواب مختار مدعا علیہ کو اور اس کی تاویل کی حقیقت ظاہر ہو جاتی ہے۔

## عقیدہ اوتار

اوتار کے متعلق بلاوجہ غیر مربوط جوابوں اور بے ربط دلائل سے طول دیا۔ حالانکہ معاملہ صرف اس قدر ہے کہ اوتار کے معنی صرف یہ ہے کہ خدا کسی کے اندر اتر آئے یا حلول کرے یا عبادت کرتے کرتے اس مرتبہ کو پہنچ جائے کہ خدا اس کے روپ میں نمودار ہو۔ وغیرہ وغیرہ!

یہ اہل ہنود کا اصطلاحی لفظ ہے اور اس کی تعریف ان کی مستند کتاب گیتا فارسی میں ہے۔

چون بنیاد دین سست گرد بسے　نمائیم خود رابشکلے کسے

مرزا صاحب نے اپنے آپ کو اہل ہنود و آریوں کے مقابلہ میں انہیں کی اصطلاح کے مطابق اوتار کہا ہے اور یہ اوتار کا عقیدہ اسلام میں کفریہ عقیدہ ہے۔ جیسا کہ اپنی جگہ پر موجود ہے۔

مرزا صاحب کے حوالے اپنے اوتار ہونے کے متعلق۔

۱...... اور برہمن خدا تیرے اندر اتر آیا۔ (کتاب البریہ ص۷۶، خزائن ج۱۳ ص۱۰۲)

۲...... برہمن اوتار سے مقابلہ اچھا نہیں۔ (حقیقت الوحی ص ۹۷، خزائن ج ۲۲ ص ۱۰۱)

۳...... ایسا ہی میں ہندوؤں کے لئے بطور اوتار کے ہوں۔ (لیکچر سیالکوٹ ص ۳۳، خزائن ج ۲۰ ص ۲۲۸)

کرشن کے متعلق (حقیقت الوحی ص ۸۵، خزائن ج ۲۲ ص ۳۲۱، لیکچر سیالکوٹ ص ۳۴، خزائن ج ۲۰ ص ۲۲۹) کے حوالے اس سے زائد اس پر بحث کی ضرورت ہی نہیں۔

## مرزاصاحب کے اقوال میں تعارض نہیں

قول مختار مدعا علیہ کہ مختار مدعیہ نے مغالطہ سے کام لیا ہے اور مرزاصاحب کے کلام (ازالہ اوہام ص ۱۹۰، خزائن ج ۳ ص ۱۹۲) کہ میں نے مثیل مسیح ہونے کا دعویٰ کیا ہے جس کو کم فہم لوگوں نے مسیح موعود سمجھ لیا ہے اور (تحفہ گولڑویہ ص ۱۱۸، خزائن ج ۱۷ ص ۲۹۵) کے دعویٰ مسیح موعود میں کوئی تعارض نہیں ہے۔ کیونکہ ازالہ اوہام میں بھی مسیح موعود کا دعویٰ موجود ہے اور اس پر چار حوالے پیش کر کے کہا ہے کہ اصل بات یہ ہے کہ مسلمانوں کے خیال کی بناء پر مرزاصاحب نے یہ کہا ہے کہ میں مثیل مسیح ہوں۔ نہ وہی مسیح ابن مریم۔ گویا مختار مدعا علیہ کے خیال میں مسیح موعود ہونے کی نفی مرزاصاحب نے ان علماء کی غلط فہمی دور کرنے کے لئے کی ہے جو مرزاصاحب کو اصلی عیسیٰ بن مریم صاحب انجیل ہونے کا مدعی سمجھ بیٹھے تھے۔

__الجواب:__ مختار مدعا علیہ کی یہ توجیہہ بالکل غلط اور جھوٹ محض ہے جو اس نے خلاف واقعہ مسلمانوں کا اپنی طرف سے ایک خیال گھڑ کر مرزاصاحب کے تعارض کو رفع کرنے کے لئے ایجاد کی ہے۔ کیا اس امر کا کوئی ثبوت ہے کہ علماء مرزاصاحب کو اس امر کا مدعی سمجھتے تھے کہ آپ بعینہٖ وہی عیسیٰ علیہ السلام جو انیس سو سال پہلے بنی اسرائیل میں مبعوث ہوئے تھے۔ یہ تو بداہۃً باطل اور افتراء ہے۔ کسی نے بھی مرزاصاحب کا یہ دعویٰ نہیں سمجھا تھا۔ بلکہ علماء کا یہی خیال تھا کہ مرزاصاحب نے مسیح موعود ہونے کا دعویٰ بوجہ مشابہت کیا ہے اور اصلی عیسیٰ علیہ السلام کو آپ فوت شدہ سمجھ کر اپنے آپ کو وہی مسیح موعود سمجھتے ہیں جس کے نزول کی خبر نصوص اسلامیہ میں دی گئی ہے۔ مرزاصاحب خود کئی جگہ لکھتے ہیں۔ چنانچہ (ازالہ اوہام ص ۶، خزائن ج ۳ ص ۱۰۵) پر ہے کہ: ''مشابہت کے لئے جو مسیح کی پہلی زندگی کے معجزات طلب کئے جاتے ہیں۔'' اس سے صاف ثابت ہوگیا کہ علماء نے آپ کو اصلی عیسیٰ ابن مریم کا مدعی نہیں سمجھا، بلکہ بوجہ مشابہت مسیح موعود ہونے کا مدعی سمجھا تھا۔ لیکن مرزاصاحب نے یہاں پر اپنے مسیح موعود ہونے کا انکار کر دیا اور مثیل مسیح ہونے کا دعویٰ کیا جس طرح کہ براہین میں دعویٰ تھا کہ میں صرف مثیل مسیح ہوں نہ کہ مسیح موعود۔

۱...... مختار مدعا علیہ کا یہ کہنا کہ ازالہ میں بھی مسیح موعود ہونے کا دعویٰ موجود ہے۔ ہمیں اس سے کیا نقصان ہے، بلکہ ہم کہتے ہیں یک نہ شد دوشد۔ اثبات تعارض کے لئے تحفہ گولڑویہ تک جانے کی ضرورت بھی نہ رہی اور اسی کتاب میں تعارض ثابت ہوگیا۔ ہاں! البتہ تحفہ گولڑویہ کے زمانہ تک مرزاصاحب کبھی آگے کبھی پیچھے قدم رکھنے کے حدود سے گزر چکے تھے۔

۲...... قول مختار مدعا علیہ مرزاصاحب نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق نہیں لکھا کہ وہ اس معنی کے لحاظ سے امتی ہیں جس معنی سے (براہین حصہ پنجم ص ۱۹۲، خزائن ج ۲۱ ص ۳۶۴) میں ان کو امتی قرار دینا کفر لکھا ہے۔

__الجواب:__ مختار مدعا علیہ کا یہ جواب ناکافی ہے جو مختار مدعیہ کے بیان کردہ تعارض کو رفع نہیں کر سکتا۔ کیونکہ اس نے اس سے انکار نہیں کیا کہ مرزاصاحب نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو امتی قرار دیا ہے جس سے تسلیم مفہوم ہوئی۔ اب رفع تعارض تو تب ہوتا کہ (ازالہ اوہام ص ۵۸۷، خزائن ج ۳ ص ۴۱۶) میں مرزاصاحب کے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو امتی قرار دینے کے یہ معنی ہیں اور ان کو امتی قرار دینا تو کوئی چیز نہیں ہے۔ پھر اس کا یہ کہنا کہ ازالہ اوہام میں بھی ان کے امتی نہ ہونے کی تصریح کر دی ہے اور یہ تعارض کو پختہ کرنا ہے نہ کہ رفع تعارض۔

۳...... قول مختار مدعا علیہ:

مختار مدعیہ کا یہ تعارض کہ آنے والا ابن مریم نبی نہیں ہوگا۔ جیسا کہ (ازالہ ص۵۸۷، خزائن ج۳ ص۴۱۶) میں ہے اور آنے والا مسیح نبی ہوگا۔ جیسا کہ (حقیقت الوحی ص۲۹، خزائن ج۲۲ ص۳۱) میں ہے یہ بھی مغالطہ ہے۔ کیونکہ جیسے حقیقت الوحی میں آنے والے کا نشان ...... ہوتا ہے۔ ایسا ہی ازالہ اوہام میں ہے۔ پھر ازالہ اوہام کے دو حوالے پیش کئے ہیں۔ ایک (ص۵۸۷، خزائن ج۳ ص۴۱۶) کا، دوسرا (ص۷۰۱، خزائن ج۳ ص۴۷۳) کا۔

الجواب: مختار مدعیہ نے کوئی مغالطہ نہیں دیا، بلکہ مختار مدعا علیہ خود مغالطہ دے کر تعارض کو رفع کرنا چاہتا ہے جو ہو نہیں سکتا۔ کیونکہ پہلے حوالہ میں جو مختار مدعا علیہ نے پیش کیا اس میں اگر لفظ نبی اللہ موجود ہے۔ مگر مرزاصاحب نے خود اس کی تفسیر کر دی ہے کہ اس سے نبوت تامہ کاملہ مراد نہیں۔ بلکہ وہ نبوت مراد ہے جو محدثیت کے مفہوم تک محدود ہے۔ بالفاظ دیگر محدثیت ہے نہ نبوت۔ لیکن حقیقت الوحی میں نبوت مراد ہے نہ محدثیت تو تعارض رفع نہ ہوا بلکہ بحال رہا۔ مختار مدعا علیہ نے اپنے حوالے کا پورا مطلب نہ بیان کر کے دھوکا دیا ہے۔ اسی طرح حوالہ (ازالہ اوہام ص۷۰۱، خزائن ج۳ ص۴۷۸) میں بھی صاف تصریح کی گئی ہے کہ نبی اللہ سے مراد امتی ہے جو محدثیت کا درجہ رکھتا ہو نہ نبی اللہ۔ حقیقتاً جیسا کہ حقیقت الوحی میں مراد ہے اس حوالہ میں بھی مختار مدعا علیہ نے دھوکا دیا ہے اور تعارض ویسے کا ویسا موجود ہے۔ کیونکہ مرزاصاحب کی تصریحات سے یہ بات ثابت ہے کہ محدثیت نبوت سے نیچے اور لوگوں سے اوپر ایک برزخ کا سا مقام ہے۔ (ازالہ اوہام ص۵۷۰، خزائن ج۳ ص۴۰۶) محدث نبی نہیں ہوسکتا۔ کیونکہ نبوت کے دروازے بند ہو چکے ہیں۔ (حمامۃ البشریٰ ص۸۱،۸۲، خزائن ج۷ ص۳۰۰) میں ہے: ”**ولو لم یکن سد باب النبوۃ لکان نبیاً بالفعل**“ یعنی اگر دروازہ نبوت بند نہ ہو گیا ہوتا تو محدث بھی نبی ہو جاتا۔

پس دعویٰ محدثیت سے جو ازالہ میں دعویٰ نبوت جو (حقیقت الوحی ص۲۹، خزائن ج۲۲ ص۳۱) میں ہے، لازم نہیں آتا۔ چنانچہ مرزاصاحب اسی (ازالہ ص۴۲۲، خزائن ج۳ ص۳۲۰) پر لکھتے ہیں: ”سوال: رسالہ فتح اسلام میں نبوت کا دعویٰ کیا ہے۔“

اما الجواب: دعویٰ نبوت نہیں بلکہ دعویٰ محدثیت ہے جو خداتعالیٰ کے حکم سے کیا گیا ہے۔ (الیٰ) تو کیا اس سے نبوت کا دعویٰ لازم آ گیا۔ غرض مختار مدعا علیہ نے غلط بیانی سے کام لیا ہے اور تعارض بدستور ہے۔

۴...... مختار مدعیہ کی طرف سے اعتراض تھا کہ مرزاصاحب نے ازالہ اوہام میں لکھا ہے کہ نبوت کا دعویٰ نہیں اور (بدر ۵؍مارچ ۱۹۰۸ء، ملفوظات ج۱۰ ص۱۲۷) میں ہے کہ ہمارا دعویٰ ہے ہم نبی اور رسول ہیں۔

اس تعارض کا جواب مختار مدعا علیہ نے یہ دیا ہے کوئی تعارض نہیں ہے۔ کیونکہ جہاں دعویٰ ہے کہ نبی ہیں وہاں نبوت غیر تشریعی مراد ہے اور جہاں نبوت کی نفی ہے، وہاں نبوت مستقلہ کی نفی ہے۔ پس کوئی تعارض نہ رہا اور جس قسم کی نبوت کا دعویٰ بدر میں کیا گیا ہے۔ اس سے آپ نے کبھی انکار نہیں کیا۔ جیسا کہ آپ نے (ایک غلطی کا ازالہ ص۲، خزائن ج۱۸ ص۲۰۷) میں تصریح فرما دی ہے۔

الجواب: مختار مدعا علیہ اور مرزاصاحب نے ایک غلطی کا ازالہ میں جو کہا ہے سب جھوٹ ہے جس میں ایک ذرہ بھی سچ کا شائبہ نہیں ہے۔ مرزاصاحب ہمیشہ نبوت کا انکار کرتے رہے۔ البتہ محدثیت کا دعویٰ کرتے رہے جس کو وہ کبھی جزوی نبوت، مجازی نبوت اور کبھی شعبہ نبوت اور کبھی ناقص نبوت وغیرہ الفاظ سے تعبیر کرتے رہے اور نبوت حقیقی کا بلاتخصیص تشریعی غیر تشریعی اور مستقل غیر مستقل کے انکار کرتے رہے۔ اس قسم کے حوالے اس مقدمہ میں پیش ہو چکے۔ ابھی جو حوالے ازالہ اوہام وغیرہ کے گزر چکے ہیں۔ ان میں سے صاف طور پر سمجھا جاتا ہے کہ محدثیت اور چیز ہے اور نبوت اور چیز ہے۔ محدثیت کا مفہوم محدود ہے جو نبوت سے نیچے بطور برزخ کے ہے۔ مرزاصاحب نے یہ بھی تصریح کر دی تھی کہ محدث اس امت میں کئی ہوئے من جملہ ان کے حضرت عمرؓ ہیں جن کی محدثیت کی نص آ چکی ہے اور یہ بھی تصریح کر دی کہ ختم نبوت کے بعد کوئی محدث نبی نہیں ہوسکتا۔ اگر باب نبوت بند نہ ہو گیا ہوتا تو حضرت عمرؓ بھی نبی ہوتے اور محدث کا نبی نہ

ہوسکنا بھی باب نبوت کے مسدود ہوجانے کی وجہ سے ہے۔

(حمامۃ البشریٰ ص۸۱،۸۲، خزائن ج۷ص۳۰۰)''**وانی واللہ آمن باللہ ورسولہ (الی) من مکمن القوۃ الی خیر الفعل**''اوراس سے پہلے اسی (ص۸۱، خزائن ج۷ص۳۰۰) پر لکھتے ہیں کہ میں نے یہ ذکر کیا تھا کہ مقام تحدیث مقام نبوت سے مشابہ ہوتا ہے (جس کا میں نے دعویٰ کیا ہے) توان لوگوں نے کہا کہ یہ شخص نبوت کا دعویٰ کرتا ہے۔ یہ خالص جھوٹ ہے جس میں سچ کا شائبہ بھی نہیں اور نہ اس کی کوئی اصل ہے۔انہوں نے محض میری تکفیر اورسب ولعن طعن کرانے کے لئے یہ جھوٹ گھڑلیا ہے۔ملاحظہ ہو:''**وانی کتبت فی بعض کتبی (الی) ویفرقوا بین المومنین**''

یہی مضمون (ص۲۹، خزائن ج۷ص۲۹۷) میں ہے۔اس میں یہ بھی ہے کہ مجھ کو کیا ہوگیا ہے کہ میں دعویٰ نبوت کروں اوراسلام سے بالکل نکل جاؤں اورکافروں میں مل جاؤں اور (ص۸۳، خزائن ج۷ص۳۰۲) میں ہے کہ اے بھائی خیال بھی نہ کرکہ میں نے کوئی ایسا کلمہ کہا ہے جس میں سے دعویٰ نبوت کی بو بھی آتی ہو۔''**فلا تظن یا اخی (الی) راعۃ ادعأ النبوۃ**''

غرض مرزاصاحب کی کتابوں سے اگرانکار نبوت کے حوالے نقل کئے جائیں تو ایک کتاب تیار ہوجاتی ہے۔

جس میں کوئی تفریق اس بات کی موجود نہیں کہ میں مستقل نبوت یا تشریعی نبوت سے انکار کرتا ہوں اورغیر مستقل اورغیر تشریعی کا مدعی ہوں۔پس صرف اسی نبوت کا دعویٰ تھا جو محدثیت کے مرادف ہے۔جس میں دوسرے محدث حضرت عمرؓ وغیرہ بھی مرزاصاحب کے شریک ہیں۔ایسی ہیر پھیر کرتے کرتے جب مرزاصاحب نے دیکھا کہ مرید ہر بات کو سہارنے اورسہنے لگ گئے ہیں تو جھٹ محدثیت سے اوپر نبوت حقیقی کا دعویٰ کردیا اورنبوت کے بند دروازے کو توڑکر اندر جاگھسے۔ایسے صاف اورصریح بے شمار دفعہ انکار کے بعد مرزاصاحب اورمختار صاحب کا یہ کہہ دینا کہ ہم نے کبھی نبوت حقیقی غیر تشریعی سے انکار نہیں کیا۔وہ جھوٹ ہے۔جس کی نظیر دنیا میں تلاش کرنی عبث ہے اورمختار مدعیہ کا الزام تناقض بدستور قائم اوربحال ہے۔

قول مختار مدعاعلیہ:

مختار مدعیہ کا یہ کوئی نیا اعتراض نہیں کہ مرزاصاحب نے لوگوں کی برداشت کو دیکھ کراپنے دعووں میں ترقی کی ہے۔پہلے انبیاء پر بھی یہی اعتراض کیا گیا ہے۔

<u>الجواب:</u> یہ بالکل غلط ہے۔پہلے انبیاء پر اس طرح کا اعتراض نہ کسی نے کیا اور نہ ہوسکتا ہے۔کیونکہ کوئی نبی تدریجاً نبی نہیں بنا۔جیسا مرزاصاحب کہ پہلے جزوی نبی بنے، محدث بنے، ایک پہلو سے نبی، دوسرے سے امتی، مجازی نبی، پھر کلی نبی ہوئے۔پہلے آدھے نبی تھے پھر سارے نبی بن گئے۔مجازی سے حقیقی ہوگئے۔وغیرہ وغیرہ! یہاں تک کہ عین محمد اورحقیقی طور پر خاتم النّبیین ہوگئے اور پہلے جن باتوں کو کفر جانتے تھے انہیں باتوں کا دعویٰ کرکے ان کو ایمان کہنے لگے۔

قول مختار مدعاعلیہ:

اور چونکہ انبیاء کو اپنی بڑائی کا کچھ خیال نہیں ہوتا۔اس لئے وہ ان خطابات کو جو خداتعالیٰ کی طرف سے ان کو ملتے ہیں اپنے لئے استعمال کرنے میں نہایت احتیاط سے کام لیتے ہیں اور ہر پہلو پر غور کرتے ہیں اورابتداء میں ڈرتے بھی ہیں کہ مبادا یہ ان کے نفس کا ہی دھوکا ہو۔

<u>الجواب:</u> مختار مدعاعلیہ کا یہ قول بالکل غلط ہے اورسراسر افتراء اورکفر عظیم ہے اور یہ اصول جو اس نے وضع کیا ہے تمام کارخانہ نبوت کو درہم برہم کردیتا ہے۔کیونکہ اس سے صاف ثابت ہوتا ہے کہ انبیاء کو اپنے دعویٰ نبوت اورخداتعالیٰ کے اس کلام پر جس سے ان کو نبی بنانے کی اطلاع دی جاتی ہے یقین نہیں ہوتا کہ یہ سچ مچ خداتعالیٰ کا کلام ہے۔بلکہ ان کو اس بات کا ڈر ہوتا ہے کہ یہ نفس کا دھوکا ہے۔نہ وحی رہی گویا

ان کو اتنی شناخت کی قوت نہیں ہوتی کہ وحی الٰہی اور دھوکہ نفس میں تمیز کر سکیں۔ اگر بقول مختار مدعا علیہ یہ بات تسلیم کر لی جائے تو ہر ایک وحی الٰہی پر جوان کو ہوگی، یہی احتمال قائم ہوگا۔ جس سے وحی الٰہی کا شکی اور ظنی ہونا ثابت ہوگیا اور انبیاء علیہم السلام کی کوئی وحی بھی بوجہ ظنی ہونے کے واجب الیقین والایمان نہ ہوگی۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ’’وان الظن لایغنی من الحق شیئا‘‘

یعنی ظن مفید یقین نہیں ہوسکتا۔ مختار مدعا علیہ نے مرزاصاحب کی ذات پر مختار مدعیہ کا اعتراض اٹھانے کے لئے تمام انبیاء پر ہاتھ صاف کر دیا اور کارخانہ نبوت کو درہم برہم کر دیا اور کفر عظیم کا ارتکاب کیا اور اس کے اس اصول سے تمام انبیاء کی نبوت کا ہی ابطال ہوگیا۔

ہم کہتے ہیں کہ یہ سراسر افتراء اور مخالف اور مکذب قرآن کریم ہے۔ اللہ تعالیٰ تو فرماتا ہے کہ: ’’ومایـنـطق عن الهوىٰ ان هوالاوحی یوحی (النجم)‘‘ اور فرماتا ہے: ’’اٰمن الرسول بما انزل الیه من ربه والمومنون (البقرۃ:۲۸۵)‘‘ نیز فرماتا ہے: ’’فانه یسـلک من بین یدیه ومن خلفه رصداليعلم ان قد ابلغوا رسالات ربهم (جن:۲۸،۲۷)‘‘ جن کا صاف مفہوم یہ ہے کہ انبیاء علیہم السلام کی وحی میں خواہش نفسانی کو دخل نہیں ہوتا اور وہ ملائکہ کی حراست میں پہنچائی جاتی ہے اور انبیاء پر ایمان ہوتا ہے۔ نہ شک وشبہ اور بقول مختار مدعا علیہ اگر ان کو منصب نبوت پر ہی یقین نہیں ہوتا بلکہ نفس کے دھوکا ہونے کا ڈر ہوتا ہے تو پھر بحکم:

خشت اول چوں نہد معمار کج    تا ثریا میرود دیوار کج

سارا نبوت کا کارخانہ ہی بے اعتبار ہوگیا۔

مختار مدعا علیہ نے کوئی حوالہ کسی نبی کا اس بارہ میں پیش نہیں کیا کہ دیکھو اس کو اپنے نبی ہونے میں مرزاصاحب کی طرح پندرہ بیس سال تک تردد رہا۔ نہ صرف تردد بلکہ اس کا انکار کرتا رہا ہو۔ ہاں! صرف ایک مثال پیش کی ہے۔ یعنی صرف سیدالمرسلین خاتم النّبیین ﷺ جس کا جواب آگے آئے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ! لیکن ہم اس سے پہلے مرزاصاحب کے چند حوالے اس مضمون پر پیش کرتے ہیں کہ مختار مدعا علیہ نے جو کچھ بیان کیا ہے۔ اگر اس کو صحیح تسلیم کر لیا جائے تو نبوت انبیاء باطل ہو جاتی ہے۔ کیونکہ جس شخص کو نبوت ملتی ہے اور وہ وحی الٰہی کا مورد ہوتا ہے تو اس کو مطلقاً کوئی تردد اور شک نہیں ہوسکتا۔ بلکہ وہ شک کو کفر سمجھتا ہے اور جس کو نفس یا شیطان کا دھوکا کا دل میں خیال وتردد ہو، وہ درحقیقت شیطانی وحی ہوتی ہے نہ وحی الٰہی۔

مرزاصاحب (نزول المسیح ص۸۶، خزائن ج۱۸ ص۴۶۴) پر لکھتے ہیں: ’’اگر ایک کلام انسان سنے یعنی اس کے دل پر پہنچے اور اس کی زبان پر جاری ہو اور اس کو شبہ باقی رہ جائے کہ شاید شیطانی آواز ہے یا حدیث النفس ہے تو درحقیقت وہ شیطانی آواز ہوگی یا حدیث النفس ہوگی۔ (الی) بجائے خود ایک معجزہ قرار دیتا ہے۔‘‘

اسی حوالہ کے اندر ہے: ’’کیونکہ خدا کا کلام جس قوت اور روشنی اور تاثیر اور لذت اور خدائی طاقت اور چمکتے ہوئے چہرے کے ساتھ دل پر نازل ہوتا ہے وہ خود یقین دلا دیتا ہے کہ میں خدا کی طرف سے ہوں۔‘‘ اور اسی حوالہ میں ہے: ’’اس لئے ممکن ہی نہیں ہوتا کہ ایسی وحی کے مورد کے دل میں شبہ پیدا ہو سکے۔ بلکہ وہ شبہ کو کفر سمجھتا ہے۔‘‘

اس کے ساتھ ملاحظہ ہو (نزول المسیح ص۸۹، خزائن ج۱۸ ص۴۶۷) مرزاصاحب فرماتے ہیں کہ: ’’مگر ابھی ہم لکھ چکے ہیں۔ (الی) کیا خالص نور کے ساتھ ظلمت رہ سکتی ہے۔‘‘ اور (ص۱۱۴،۱۱۵، خزائن ج۱۸ ص۴۹۲) پر ہے: ’’اکثر لوگ پوچھا کرتے ہیں کہ پھر رحمانی الہام کی نشانی کیا ہے۔ (الی) کیونکہ شیطان اس سے بازی کرتا ہے اور چاہتا ہے کہ اس کو ہلاک کرے۔‘‘

خلاصہ: مطلب ان حوالہ جات کا یہ ہے کہ وحی الٰہی کے ساتھ ایک ایسی قوت اور نور اور لذت اور تاثیر وغیرہ وغیرہ ہوتی کہ مورد وحی کو اس کے منجانب اللہ ہونے کا کامل یقین ہو جاتا ہے اور کسی قسم کا شک یا شبہ نفسانی یا شیطانی وسوسہ اس کے دل میں باقی نہیں رہ جاتا، بلکہ وہ ایسے

شبہ کو کفر سمجھتا ہے۔

ان حوالہ جات کے بعد مختار مدعاعلیہ کے قائم کردہ اصول کا وہ نتیجہ جو ہم نے بیان کیا ہے۔ روز روشن کی طرح ثابت ہوگیا کہ مختار مدعاعلیہ نے مرزا صاحب کی حمایت میں آ کر تمام انبیاء کی نبوت کا ابطال اور قرآن کریم کی تکذیب کی ہے اور اس سے بڑھ کر کوئی کفر متصور نہیں ہوسکتا۔

قول مختار مدعاعلیہ:

چنانچہ تدریجی دعویٰ کی مثال خود آنحضرت ﷺ کی ذات مبارک میں ہمیں ملتی ہے۔ سب سے پہلے جب آپ پر غار حراء میں فرشتہ کا ظہور ہوا اور اس نے آپ کو خوب بھینچا اور تین بار پڑھنے کے لئے کہا اور ’’اقراء باسم ربک الذی خلق‘‘ کی وحی آپ پر نازل ہوئی تو آپ کانپتے ہوئے دل کے ساتھ خدیجہؓ کے پاس آئے اور کپڑا اوڑھانے کے لئے ان سے ارشاد فرمایا اور جب کچھ تسلی ہوئی تو فرمایا: ’’ولقد خشیت علی نفسی‘‘ (بخاری ج۱ ص۳)

یعنی میں ڈرا میرے نفس کا دھوکہ نہ ہو یا اپنی جان کا خوف ہو...... الخ!

الجواب: اس قول میں مختار مدعاعلیہ نے مندرجہ ذیل باتیں کہی ہیں:

۱...... آنحضرت ﷺ نے اپنی نبوت کا دعویٰ تدریجاً کیا ہے۔

۲...... آنحضرت ﷺ کو جب جبرئیل علیہ السلام نے پہلی دفعہ غار حراء میں آ کر تین دفعہ بھینچا اور قرآن کریم کی پہلی پانچ آیتیں آنحضرت ﷺ پر نازل ہوئیں تو حضور گھر تشریف فرما ہوئے اور کانپتے کانپتے حضرت خدیجہؓ سے فرمایا مجھے کپڑا اوڑھا دو۔

۳...... پھر کچھ تسلی ہونے پر فرمایا کہ مجھے جو کچھ پیش آیا یعنی جبرئیل کا آنا اور قرآن کی آیتوں کا نازل ہونا یہ میرے نفس کا دھوکا ہی نہ ہو مجھے یہ اندیشہ اور ڈر ہے۔

۴...... اس کے بعد خدیجہؓ آپ کو ورقہ بن نوفل کے پاس لے گئیں جس نے آپ کو کہا کہ یہ وہی فرشتہ ہے جو موسیٰ پر نازل ہوا تھا تو آپ کو حقیقت حال معلوم ہوئی کہ درحقیقت یہ فرشتہ تھا اور وہ آیتیں وحی الٰہی تھیں۔

۵...... لیکن پھر بھی آپ کو پورا یقین نہ آیا اور فترت الوحی کے زمانہ میں اپنے آپ کو پہاڑ کی چوٹیوں سے گرانے کا بار بار ارادہ کیا۔ لیکن ہر بار جبرائیل آ کر تسلی دیتا تھا کہ اے محمد ﷺ تم اللہ کے سچے رسول ہو۔

۶...... پھر آنحضرت ﷺ کے ان واقعات کو بیان کر کے یہ نتیجہ نکالا ہے اور اس کو رسول قرار دیا ہے کہ انبیاء کو ابتداءً اپنے دعویٰ کی شناخت میں بڑی مشکلات ہوتی ہیں اور جب تک بارش کی طرح ان پر متواتر وحی نہ ہو، اپنے دعویٰ نبوت کی صحت کا ان کو یقین نہیں ہوتا۔

الجواب: مختار مدعاعلیہ نے مرزا صاحب کے تدریجی دعویٰ کے لئے جو اصول وضع کیا تھا جس سے تمام انبیاء کی نبوتوں کا ابطال ایک لازمی امر ہے۔ جیسا کہ ہم اوپر بیان کر چکے ہیں۔ اس کی مثال مختار مدعاعلیہ کو کہیں نہ ملی اور حضرت آدم علیہ السلام سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام تک کوئی نبی اس کو ایسا نہ ملا جس سے وہ اپنے اس کفریہ اصول کا ثبوت دیتا تو سید المرسلین خاتم النّبیین ﷺ کی ذات گرامی کو اس نے بڑے تکلف اور افتراء کے ساتھ (معاذ اللہ) اس لعنتی عقیدہ کی مثال قرار دیا۔ گویا دنیا میں بقول اس کے یا مرزا صاحب تدریجاً نبی بنے ہیں یا (معاذ اللہ) آنحضرت ﷺ۔ صحیح بخاری کی جس حدیث کی دستاویز سے اس نے یہ افتراء کیا ہے اور اس کے فقرہ ’’ولقد خشیت علی نفسی‘‘ میں تحریف کر کے اس نے آنحضرت ﷺ کی نبوت کا ابطال کی دلیل قائم کی ہے۔ یہ درحقیقت اس کی محض ذاتی رائے نہیں ہے۔ بلکہ یہ مرزا صاحب کا عقیدہ ہے جس کو اس نے مرزا صاحب کا متبع اور وکیل ہونے کی حیثیت سے پیش کیا ہے۔ مرزا صاحب اپنی کتاب (تتمہ حقیقت الوحی

ص۱۴۰، خزائن ج۲۲ص۵۷۸) پر لکھتے ہیں: ’’آنحضرتﷺ کو دیکھو کہ جب آپ پر فرشتہ جبرئیل ظاہر ہوا تو آپ نے فی الفور یقین نہ کیا، بلکہ حضرت خدیجہ کے پاس ڈرتے ڈرتے آئے اور فرمایا کہ: ’’خشیت علی نفسی ‘‘یعنی مجھے اپنے نفس کی نسبت بڑا اندیشہ ہوا ہے کہ کوئی شیطانی مکر نہ ہو۔‘‘

اس میں بھی وہی بات ہے جو مختار مدعاعلیہ نے کہی ہے۔ مختار صاحب نے نفس کا دھوکا کہا تھا۔ مرزا صاحب نے شیطانی مکر کہا۔ حاصل دونوں کا ایک ہی ہے کہ آنحضرتﷺ کو نہ اپنے نبی ہونے کا یقین تھا نہ قرآن کے وحی الٰہی ہونے پر ایمان اور نہ جبرئیل کے فرشتہ اور ناموس الٰہی کا اعتبار۔ بلکہ نعوذ باللہ! آپ کو یہ سب کچھ نفس اور شیطان کا دھوکا اور مکر معلوم ہوتا اور مرزا صاحب کے ان اصول اور معیار شناخت وحی کے لحاظ سے جو نزول المسیح کے مذکورہ بالا حوالوں سے ثابت ہیں، وہ درحقیقت سب کچھ شیطان کا مکر اور نفس کا دھوکا تھا اور آنحضرتﷺ معاذ اللہ! مورد وحی شیطانی ہیں اور قرآن کریم الہام شیطانی ہے۔ (اعاذنا اللہ من ھذا)

مختار مدعاعلیہ نے جو’’ولقد خشیت علی نفسی ‘‘کے معنی میں مرزا صاحب کی تقلید کرتے ہوئے جو تحریف کی ہے، وہ محض خودغرضی پر مبنی ہے۔ ورنہ حدیث کے الفاظ میں نہ شیطانی مکر کا ذکر، نہ نفسانی دھوکا کا بیان۔ حاشا وکلا یہ وسوسہ آنحضرتﷺ کو ہوا ہو۔

مختار مدعاعلیہ کا یہ کہنا کہ ورقہ بن نوفل سے آپ کو یہ پتہ چلا کہ درحقیقت یہ فرشتہ تھا، نہ شیطانی مکر۔ یہ بھی سراسر افتراء اور آنحضرتﷺ کی توہین اور تکذیب ہے۔ تعجب ہے کہ جس کو اللہ تعالیٰ نے تمام دنیا کی ہدایت کے لئے قیامت تک کے لئے منتخب فرمایا اور جبرئیل کو بھیج کر قرآن اس پر اتارا جائے۔ اس کو تو پتہ نہ چلے کہ میں رسول ہوں اور یہ جبرئیل ہے اور یہ قرآن ہے اور ایک نصرانی کو پتہ چل جائے اور اس کے کہنے سے حقیقت حال کا آپ کو علم ہو۔ مختار مدعاعلیہ کے اس افتراء اور خواہش نفسانی کا بھی حدیث میں کوئی وجود نہیں ہے۔

لیکن غضب تو یہ ہے کہ بقول مختار مدعاعلیہ ورقہ بن نوفل کے بیان سے حقیقت حال معلوم ہو جانے کے بعد بھی آنحضرتﷺ فترت الوحی کے ایک لمبے عرصہ میں پھر اسی شک اور تردد میں مبتلا ہوگئے۔ یہاں تک کہ جب جبرئیل نے بار بار آ کر کہا: ’’یا محمد انک رسول اللہ حقا‘‘ کہ اے محمدؐ آپ سچ مچ اللہ کے رسول ہیں تو آپ کو یقین آیا۔

ان افترأت کے بعد مختار مدعاعلیہ نے یہ اصول وضع کیا ہے کہ انبیاء علیہم السلام کو اپنی نبوت کی صحت کا یقین اس وقت تک نہیں ہوسکتا جب تک بارش کی طرح ان پر وحی نہ ہو۔

اب ہم حدیث کا بقدر ضرورت اصل مطلب بیان کرتے ہیں آنحضرتﷺ کو اپنی نبوت کا قطعاً اور یقیناً علم ہوگیا تھا، نہ شیطانی مکر کا اندیشہ تھا، نہ نفسانی دھوکا کا اندیشہ۔ کیونکہ اس بارہ میں مرزا صاحب نے جو فرمایا ہے کہ وحی الٰہی بڑی قوت اور زور اور تاثیر اور لذت اور چمکتے ہوئے چہرے سے اس طرح نازل ہوتی ہے کہ مورد وحی کو یقین اور اطمینان سے بھر دیتی ہے اور وہ شک کو کفر سمجھتا ہے۔ یہ بالکل درست ہے جس کو اللہ تعالیٰ نبی بنا کر جبرئیل کے ذریعہ سے ان پر اپنا نورانی کلام نازل فرماتا ہے۔ اس کے دل میں ایک ضروری علم اس بات کا پیدا کر دیا جاتا ہے کہ جس سے اس کو قطعی یقین ہو جاتا ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کا کلام ہے اور وہ اوّل المؤمنین ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ’’اٰمن الرسول بما انزل الیہ من ربہ والمؤمنون ‘‘اس میں لفظ ما عام ہے۔ یعنی رسول اور مؤمن ہر اس چیز پر ایمان لائے جو اس کے رب کی طرف سے اس پر نازل کی گئی۔ اگر بعض کلام الٰہی کی نسبت مدت تک اور اپنی نبوت میں ہی شک ہو جو منافی اور ضد ایمان ہے تو خدا تعالیٰ کی قرآن کریم میں یہ نازل کردہ آیت جھوٹ اور خلاف واقعہ ہوگی اور یہ امر قطعاً محال ہے۔ نیز اللہ تعالیٰ، رسول اللہﷺ کی زبان سے قرآن کریم میں ارشاد فرماتا ہے: ’’وانا اوّل المسلمین ‘‘یعنی میں سب سے پہلا مسلمان ہوں۔ مگر یہاں تو بقول مختار مدعاعلیہ ومرزا صاحب اوّل المؤمنین ورقہ بن نوفل ہوا اور معاذ اللہ! آنحضرتﷺ اوّل الکافرین۔

پس ان اصول محکمہ قرآنیہ اور مصدقہ مرزا صاحب کے بعد حدیث: ''ولقد خشیت علی نفسی'' کے معنی بغیر کسی تکلف اور تاویل کے یہ ہیں کہ: ''مجھے اپنی جان کا خوف ہورہا ہے۔'' باقی رہا یہ امر کہ کیا خوف تھا اور کس وجہ سے تھا، اس بات کی حدیث میں کوئی تصریح نہیں ہے۔ لیکن قرائن حالی اور مقالی سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ یہ خوف دو وجہ سے تھا۔ پہلی وجہ تو جسمانی تھی جو جبرئیل کے پر رعب وجلال شکل میں نمودار ہونے اور تین دفعہ بھینچنے اور انتہائی کلفت جسمانی کے پیدا ہوجانے سے ہوئی تھی، جس سے حضور ﷺ کو جاڑا لگ گیا اور گھر تشریف لاکر کپڑا اوڑھانے کا حکم دیا تھا۔ دوسری وجہ نبوت کی ذمہ داریوں کا احساس اور قوم کے انکار اور ایذاء رسانیوں کا نقشہ جو نبوت کے ساتھ ہی خیال مبارک میں آگیا تھا اور اس پر ضعف بشریت کا خیال دامن گیر تھا۔ غرض ان دونوں امور حسی اور قلبی کا مجموعہ آنحضرت ﷺ کے اس قول کا باعث ہے، نہ شیطانی مکر اور نفسانی دھوکا کا اندیشہ۔ چنانچہ اس پر آنحضرت ﷺ کو ام المؤمنین حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے تسلی دی کہ معاذ اللہ! آپ کو کوئی رسوائی نہ ہوگی۔ آپ میں یہ اوصاف حمیدہ اور مکارم اخلاق ہیں۔ پھر حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا اظہار خوشی کے لئے ورقہ بن نوفل کے پاس آپ کو لے گئیں۔ کیونکہ وہ ایک پاک نفس انسان تھا تو اس نے آنحضرت ﷺ سے کیفیت سن کر بطور تصدیق کہا کہ یہ سب سچ ہے اور یہ وہ ناموس ہے جو موسیٰ علیہ السلام کے پاس آیا تھا۔ یہ ورقہ بن نوفل حضرت خدیجہ کا قریبی رشتہ دار تھا اور نصرانی تھا۔ مختار مدعا علیہ نے جو کہا ہے کہ آنحضرت ﷺ کو اصل حقیقت کا علم ورقہ سے ہوا، قطعاً غلط اور لغو ہے۔ بلکہ اس واقعہ کے بیان کے لئے جانا اس کے اشد اور قریبی رشتہ داری کی وجہ سے تھا تاکہ وہ بھی اس نعمت خداوندی کی بشارت میں شریک ہو۔ جیسا کہ عموماً یہ قاعدہ ہے کہ کسی نعمت کے حصول پر قریبیوں اور خیرخواہوں کو اطلاع دی جاتی ہے، تاکہ وہ بھی شریک خوشی ہوں۔ ورقہ بن نوفل کا قول خود اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ آنحضرت ﷺ کو اپنی نبوت کا اس وقت یقین تھا۔ چنانچہ اس نے کہا: ''یالیتنی اکون حیاً اذیخرجک قومک فقال رسول اللہ ﷺ اومخرجی ھم قال نعم لم یأت رجل قط بمثل ماجئت بہ...... الخ!''

یعنی ورقہ بن نوفل نے کہا: کاش! میں اس وقت زندہ ہوتا جس وقت تیری قوم تجھے نکال دے گی تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا وہ مجھے گھر سے بھی نکال دیں گے تو اس نے کہا کہ جو کوئی تیری طرح (نبوت) لے کر آیا، اس سے دشمنی کی گئی اور اگر مجھے وہ دن مل گیا تو میں آپ کی پوری مدد کروں گا اور اس مکالمہ سے یہ بات بخوبی معلوم ہورہی ہے کہ آنحضرت ﷺ جو خیال دن میں لے کر گئے تھے، وہ یقین نبوت تھا جس پر اس نے کہا جو شخص تیری مانند لے کر آیا۔ اس کے ساتھ عداوت ہوا ہی کرتی ہے۔ اگر آنحضرت ﷺ کے دل میں معاذ اللہ! کوئی نفسانی یا شیطانی وسوسہ ہوتا تو اس مکالمہ میں اس کا ضرور کوئی ذکر ہوتا۔ لیکن یہاں جو ذکر ہوا، اس میں سے سراسر اس خیال مدعا علیہ کے خلاف یقین اور ایمان آنحضرت ﷺ کا پتہ ملتا ہے۔

آنحضرت ﷺ کو جو اندیشہ ہوا وہ اس کی صحیح تعبیر جو ہم نے کی وہ سراسر شان نبوت کے مطابق ہے اور اس قسم کا خوف اور اندیشہ حضرات انبیاء علیہم السلام کو ہونا ایک طبعی امر ہے جس سے شان نبوت میں کوئی قدح لازم نہیں آتی۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا واقعہ جو قرآن کریم میں وارد ہوا جب کہ ان پر پہلے پہل تجلی رب العالمین ہوکر ان کو نبوت سے مشرف کیا گیا تو بھی اندیشہ انہوں نے اللہ تعالیٰ کے حضور میں پیش کیا اور عصا کو دفعۃً سانپ بنا ہوا دیکھ کر خوف زدہ ہوگئے اور بھاگ نکلے۔ چنانچہ ارشاد ہوتا ہے: ''فلما راٰھا تھتز کانّھا جآن ولیٰ مدبراً ولم یعقب یٰموسیٰ اقبل ولا تخف انک من الآمنین'' پس یہ طبعی خوف تھا جو دفعۃً اور پہلی بار ایک غیر مالوف واقعہ سے پیش آیا اور موسیٰ علیہ السلام بھاگ کھڑے ہوئے اور مڑ کر بھی نہ دیکھا اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اے موسیٰ لوٹ آ اور مت ڈر تو امن والوں سے ہے۔ اسی طرح آنحضرت ﷺ نے اگر جبرئیل کے بھینچنے سے جو انتہائی جسمانی مشقت اٹھائی جو موسیٰ علیہ السلام کو پیش نہ آئی تھی اور اس وجہ سے ''ولقد خشیت علی نفسی'' فرمایا ہو تو اس سے موسیٰ علیہ السلام کے برخلاف بدگمانی اور شیطانی مکر اور نفسانی دھوکا پر محمول کرنا بالکل شرارت ہے۔

دوسری وجہ ’’خشیت علی نفسی‘‘ کی جو ہم نے بیان کی وہ بھی موسیٰ علیہ السلام کی طرف سے اسی جگہ قرآن کریم میں بیان ہوئی ہے۔ معجزہ عصاء اور ید بیضاء کے عطاء کرنے کے بعد جب اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ ان دونشانوں کے ساتھ فرعون اور فرعونیوں کی طرف جاؤ تو باوجود معجزات حضرت موسیٰ عرض کرتے ہیں کہ چونکہ میں نے ان کا ایک آدمی ماردیا تھا۔ مجھے ڈر ہے کہ مجھے قتل نہ کردیں جس پر اللہ تعالیٰ نے بطور تسلی فرمایا کہ ہرگز نہیں تم اور تمہارے تابعین غالب ہوں گے۔ پس جب کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے باوجود معجزات کے فرعون کی ایذاء قتل وغیرہ کا اندیشہ ظاہر کیا تو اگر آنحضرت نے اپنی قوم کی ایذارسانیوں کے اندیشہ سے ولقد خشیت علی نفسی فرمایا ہے تو اس کو کیوں کسی غلط محمل پر حمل کیا جائے بلکہ آپ کا خشیت علی نفسی فرمانا اس امر کی بیّن دلیل ہے کہ آنحضرت ﷺ کو اپنی نبوت کا کامل یقین ہوگیا تھا اور ان باتوں کو جو آپ کو اس منصب کی ادائیگی میں قوم کے نہ ماننے اور ایذاء رسانی کی قسم سے پیش آنے والی تھیں مدنظر رکھ کر ’’ولقد خشیت علی نفسی‘‘ فرمادیا جس پر حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے تسلی دی اور جن الفاظ میں آپ نے تسلی دی وہ بھی اسی امر کا صاف قرینہ ہے جو ہم نے بیان کیا۔ باقی رہا آنحضرت ﷺ کا فترت الوحی یعنی زمانہ التوء میں پہاڑ پر جانا اور بے چینی وغیرہ جو معمر کی روایت میں ہے۔ بخاری نے اس کو باسناد بیان نہیں کیا، بلکہ حسب تصریح شرّاح حدیث حافظ ابن حجر اور قسطلانی وغیرہ یہ بلاغات زہری میں سے ہے اور موصول نہیں ہے اور نہ آنحضرت ﷺ کا قول۔ حالانکہ اس میں آنحضرت ﷺ کے ارادہ کو ذکر کیا گیا ہے جو بغیر تصریح آپ کے قابل تسلیم نہیں اور آپ کی تصریح ندارد مع ہذا! جتنا واقعہ عینی شہادت سے تعلق رکھتا ہے، اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ آنحضرت ﷺ کو وحی کے نہ آنے سے بے چینی اور کرب تھا اور اشتیاق بے حد زیادہ تھا جس کی وجہ سے آپ انہی پہاڑوں پر تشریف لے جاتے تھے تاکہ پھر وہی لذت نزول وحی حاصل ہو۔ پس یہ تو ایک بیّن دلیل اس امر کی ہے کہ آنحضرت ﷺ کو کسی قسم کا کوئی خطرہ مکر شیطانی اور دھوکا نفس کا نہ تھا۔ جیسا کہ مختار مدعا علیہ کا خیال فاسد ہے۔ اگر اس قسم کا خطرہ آپ ﷺ کے قلب مقدس میں ہوتا تو آپ ﷺ اس خطرہ کے مقام میں بار بار کیوں جاتے۔ خطرہ کے مقام سے تو انسان بھاگتا ہے نہ کہ اس کی طرف دوڑتا ہے۔

بیان مذکور بالا سے ثابت ہوگیا کہ مختار مدعا علیہ کا وہ اصول جو اس نے بڑے تکلف اور تحریف کر کے مرزاصاحب کی تقلید میں ایجاد کیا ہے، اس سے آنحضرت ﷺ کی نبوت اور قرآن کریم کا بدیہی طور پر ابطال ہوتا ہے اور درحقیقت اس حدیث میں جس کو اس نے اپنی دستاویز بنایا ہے، یہ خبیث مضمون نہیں ہے۔ لیکن میں کہتا ہوں کہ بفرض محال اگر اس میں یہ مضمون بھی ہوتا تو بھی مرزاصاحب کے اصول کے مطابق یہ لازم تھا کہ اس حدیث کو ردی کی ٹوکری میں مختار مدعا علیہ اور مرزاصاحب پھینک دیتے۔ کیونکہ اس سے آنحضرت ﷺ اور قرآن کریم کی تکذیب لازم آتی ہے اور تکذیب بھی ایسی صاف۔ جیسا کہ آفتاب نیم روز اور جب کہ مرزاصاحب اپنے الہام کے مخالف جو حدیث ہو اس کو ردی میں ڈال دیتے ہیں تو قرآن کریم اور آنحضرت ﷺ کی نبوت اور صداقت کے برخلاف حدیث کو کیوں نہ ردی میں پھینکا۔ بلکہ اس کو ایک اصل اصول قرار دیا اور نہایت تکلف اور انتہائی تکلف سے اپنی مطلب برآری کی تاکہ مرزاصاحب کی ذات سے وہ اٹل اعتراض دور ہوسکے جو مختار مدعیہ نے کیا۔ لیکن ایں خیال است ومحال است وجنوں وہ اعتراض ہرگز دفع نہیں ہوسکتا۔ کیونکہ دنیا میں کوئی نبی ایسا نہیں گزرا کہ جس نے پندرہ بیس سال مامور من اللہ ہوکر دعویٰ نبوت کا انکار کیا ہو۔ بلکہ اس دعویٰ کو کفر قرار دیا ہو اور بیس برس کے بعد اسی کفر کو ایمان اور ایمان کو کفر قرار دیا ہو۔ ’’وان فی ذالک لعبرۃ الاولی الالباب‘‘

قول مختار مدعا علیہ:

دیکھنا چاہئے کہ اس کے بعد خداتعالیٰ نے کس حکمت سے آہستہ آہستہ آپ کو تبلیغ کرنے کے لئے ارشاد فرمایا ہے۔ پھر آہستہ آہستہ تبلیغ کے آگے کچھ تفصیل کی ہے۔

الجواب: یہ بالکل بحث سے غیر متعلق ہے۔ کیونکہ بحث مرزا صاحب کے خاص تدریجی دعویٰ میں جس کی کیفیت اوپر مذکور ہوئی ہے۔ تدریجی تبلیغ میں بحث نہیں ہے۔ لیکن تدریجاً تبلیغ سے تدریجی دعویٰ کا نتیجہ اخذ کرنا، جیسا کہ مختار مدعا علیہ نے کیا ہے اور کہا ہے مذکورہ بالا ترتیب سے ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کیسے تدریجی طور پر اپنے رسول سے اپنا دعویٰ لوگوں تک پہنچانے کے لئے ارشاد فرمایا۔ اس کی خوش فہمی ہے یا صریح مغالطہ کیا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول سے مرزا صاحب کی طرح یہ فرمایا تھا کہ بیس سال رسالت کا دعویٰ نہ کرو اور محدثیت کا دعویٰ کرو اور دعویٰ نبوت کو کفر کہو اور بیس سال کے بعد جو دعویٰ نبوت کرو اور جو نہ مانے اس کو کافر قرار دو، یا پہلے آدھے نبی بنو پھر تمام نبی بن جاؤ۔

مختار مدعا علیہ نے اس کے بعد بعض حدیثیں پیش کی ہیں کہ پہلے آپ نے فرمایا کہ مجھے موسیٰ پر بڑائی نہ دو۔ پھر فرمایا کہ اگر موسیٰ علیہ السلام زندہ ہوتے تو میری پیروی کرتے اور آپ نے خاتم النّبیین ہونے کا دعویٰ کیا اور فرمایا کہ مجھے حضرت یونس علیہ السلام سے افضل نہ کہو۔ پھر تمام اوّلین وآخرین کا سردار ہونے کا دعویٰ کیا۔

جواباً گزارش ہے کہ یہ چیزیں مختار مدعا علیہ کے تدریجی دعویٰ مرزا صاحب کو ثابت نہیں کرتیں اور نہ آپ ﷺ نے کوئی ایسا دعویٰ کیا جس کو پہلے کفر قرار دیا ہو۔

یونس علیہ السلام پر فضیلت نہ دو، کا حکم محض بطور تواضع کے تھا اور اس تعلیم کے لئے کہ مجھے بھی کہیں بعد میں عیسیٰ علیہ السلام کی طرح غلو سے شان عبودیت اور نبوت سے بڑھایا نہ جائے اور تاکہ یونس علیہ السلام کے اس مواخذہ الٰہی کی وجہ سے جو مچھلی کے پیٹ میں جانے کی شکل میں ہوا ان کی تحقیر کا خیال غلط فہمی سے کسی کے دل میں نہ آنے پائے۔ اس لئے فرمایا کہ نفس نبوت کے لحاظ سے ہم دونوں یکساں ہیں۔ یہ مطلب نہیں کہ پہلے آپ یونس علیہ السلام سے شان میں کم ہونے کے مدعی تھے، بعد میں زیادہ ہونے کے مدعی بنے۔

موسیٰ علیہ السلام کا ایک خاص واقعہ ذکر کر کے فرمایا کہ مجھے ان پر فضیلت مت دو۔ یعنی اس خاص واقعہ مذکورہ میں ان کو فضیلت جزئی حاصل ہے اور دوسری حدیث میں اپنی فضیلت کلی کا بیان ہے اور یہ امر مسلم فریقین کہ مفضول کو فاضل پر فضیلت جزئی ہوسکتی ہے۔ پس کوئی نیا دعویٰ نہیں۔

خاتم النّبیین آپ ابتداء نبوت سے تھے۔ لیکن آپ نے فرمایا ہے کہ میں اللہ کے نزدیک اس وقت خاتم النّبیین تھا جب کہ آدم علیہ السلام اپنی مٹی میں تھے۔ البتہ اس کے قرآن میں نزول کا وقت مسئلہ متبنیٰ کے ابطال کے موقع پر علم الٰہی میں تھا۔ کیا آپ نے کبھی خاتم النّبیین ہونے سے انکار کیا تھا اور اپنے خاتم النّبیین ہونے کو کفر قرار دیا تھا تاکہ مرزا صاحب کے استدراجات پر اس سے دلیل پکڑی جائے۔ غرض مختار مدعا علیہ کی یہ سب غیر متعلق اور بے ربط باتیں ہیں جن کو استدلال کے مقام میں پیش کرنا غلط فہمی ہے۔ مختار مدعیہ کا اعتراض اس سے دفع نہیں ہوسکتا۔

مختار مدعا علیہ مرزا صاحب کے دعاوی مختلف اور متناقضہ کی توجیہہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ: براہین احمدیہ میں آپ کو مثیل مسیح ہونے کا الہام ہو چکا تھا اور چونکہ آپ پر وفات مسیح کا مسئلہ منکشف نہ ہوا تھا۔ اس لئے آپ نے لکھ دیا کہ مسیح علیہ السلام زندہ ہیں۔

اور چونکہ نبی اور رسول کے معنی یہ سمجھے جاتے تھے جو نئی شریعت لائے یا بعض احکام شریعت سابقہ کو منسوخ کرے اور آپ پر نبی ورسول کی تعریف صادق نہ آتی تھی۔ اس لئے اپنے آپ کو محدث کہتے رہے۔

لیکن جب آپ پر وفات مسیح کی حقیقت کا انکشاف ہوا اور معنی نبوت بھی بتلائے گئے جو آپ پر صادق آتے تھے تو آپ نے کہہ دیا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام فوت ہوگئے اور میں محدث نہیں بلکہ نبی اور رسول ہوں۔

الجواب: بارہ برس تک تو آپ پر قرآن اور الہام سے اور احادیث واجماع سے یہ ثابت ہوتا رہا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام زندہ ہیں اور وہ مسیح موعود ہیں اور مثیل مسیح آپ جیسا کہ ہم ''عقیدہ حیات مسیح شرک عظیم ہے'' کی بحث کے جواب میں ثابت کر آئے ہیں۔ جب دیکھا کہ مرید

یہاں تک معتقد ہو چکے ہیں کہ بات مان جائیں گے تو کہہ دیا کہ مجھے الہام ہوگیا کہ مسیح ابن مریم رسول فوت ہو چکا ہے اور ہم مثیل مسیح نہیں، بلکہ مسیح موعود ہیں۔ غرض پہلے عقیدہ کا نقیض عقیدہ شائع کیا۔

اور بقول مختار مدعا علیہ جب کہ درحقیقت مسیح علیہ السلام فوت ہو چکے تھے تو اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی اور رسول مرزا صاحب کو مسلمانوں کے غلط اور مشرکانہ عقیدہ سے کیوں نہ روکا۔ کیا اللہ تعالیٰ کا اپنے نبی کو بارہ برس تک مشرک بنا رکھا کوئی پرلطف مشغلہ تھا اور بحکم ''لا ینال عہدی الظالمین'' یعنی ظالم مشرک کو نبوت نہیں مل سکتی۔ اللہ تعالیٰ کو یہ منظور تھا کہ مرزا صاحب کے ابطال نبوت پر دلیل قائم کرنے کے بعد اس کو نبوت دے دے۔ خدا کے فعل میں یہ تناقض کیونکر جائز ہے اور چونکہ اللہ تعالیٰ کی شان ایسے اقوال اور افعال متناقضہ سے ارفع اور بلند ہے۔ لہٰذا ثابت ہوا کہ مختار مدعا علیہ کی توجیہہ باطل اور مختار مدعاعیہ کا اعتراض درست ہے۔

اسی طرح یہ کیونکر ممکن ہے کہ ایک شخص مامور من اللہ ہونے کا دعویٰ کرے اور قسمیں کھا کھا کر کہے میں مجازی نبی ہوں، جزئی نبی ہوں، صرف محدث ہوں اور یہ بھی کہے کہ محدث نبی نہیں ہوسکتا۔ کیونکہ کہ نبوت کا دروازہ بند ہو چکا ہے اور جو دعویٰ نبوت کرے وہ کافر اور خارج از اسلام ہے۔ پندرہ بیس سال کا عرصہ دراز سے وہ یہی کہتا رہے۔ لیکن اتنے سال گزرنے کے بعد وہ یہ کہہ دے کہ میں چونکہ یہ نہیں جانتا تھا کہ نبی کس کو کہتے ہیں۔ اس لئے میں نبوت کے دعویٰ سے انکار کرتا رہا ہوں۔ ورنہ میں تو بیس سال سے نبی ہوں اور اللہ تعالیٰ نے مجھے پہلے سے نبی بنا رکھا تھا۔ میں محدث نہیں تھا اور نہ دروازہ نبوت بند تھا۔ بلکہ وہ صاف چوپٹ کھلا تھا۔ عقل اور شرع ہرگز یہ باور نہیں کرسکتی کہ اللہ تعالیٰ ایک ایسے شخص کو نبی بنادے جو یہ بھی نہیں جانتا کہ نبوت کیا چیز ہے۔ خدا نے تو اس کو نبی بنایا ہے۔ لیکن وہ کہتا ہے کہ میں دعویٰ نبوت کروں تو کافر ہوتا ہوں، بلکہ میں تو محدث ہوں اور نہ عقل یہ باور کرسکتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کسی شخص کو نبی بنا کر اس کو نبوت کا مفہوم بھی بیس سال تک نہ سمجھائے۔ لہٰذا مختار مدعا علیہ کی یہ توجیہہ بالکل لغو اور باطل ہے اور مختار مدعیہ کا اعتراض بالکل درست ہے کہ مرزا صاحب مریدوں کی برداشت کے مطابق آگے آگے قدم بڑھائے چلے گئے۔ مرزا صاحب بقول خود پہلے اپنی نبوت کا انکار کر کے کافر ہوئے اور چونکہ کافر نبی نہیں ہوسکتا۔ بحکم ''لا ینال عہدی الظالمین'' اس لئے دوبارہ دعویٰ نبوت کر کے ڈبل کافر ہوئے اور تمام امت سیدالابرار کی تکفیر کر کے مثلث کافر ہوئے۔

## گواہان مدعیہ کی شہادتیں

اس ہیڈنگ کے تحت (۷) نمبر نقل کر کے مدعیہ کی گواہوں کو ناقابل اعتبار ثابت کرنے کی لاحاصل سعی کی ہے جن کا خلاصہ کل چار (۴) امور ہیں۔

۱...... مولویوں کی شہادت معتبر نہیں۔

۲...... بعض بزعم خود تعارضات وکذب بیانی۔

۳...... ان علماء پر خود فتویٰ کفر ہے، لہٰذا علماء اسلام ہوں۔

۴...... ان کے خلاف خواجہ صاحب کی شہادت موجود ہے۔ مگر میں مختار مدعا علیہ کے قائم کردہ قانونی نمبروں پر اسی ترتیب سے بحث کرتا ہوں تاکہ عدالت عالیہ کو مختار مدعا علیہ کا مغالطہ تفصیلاً معلوم ہو جائے۔ گواہان مدعیہ کی عدم قبول شہادت کے وجوہات۔

وجہ اوّل: خلاصہ۔

۱...... گواہان مدعیہ مرزا صاحب اور ان کی جماعت سے اظہار بغض وعناد کرتے رہے اور ان پر حکم کفر وارتداد لگایا۔ حالانکہ یہ عدالت کا حق تھا نہ ان کا۔

۲...... ہدیہ مجددیہ سے مبسوط میں ہے کہ امام مالک کا یہ مذہب ہے کہ مخالف علماء کی شہادت قبول کرنا جائز نہیں۔

۳...... مخالف علماء کی شہادت فاضل جج مدراس ہائی کورٹ احمدیوں کے خلاف مقدمہ مندرجہ عنوان ذیل میں قبول نہیں کی اور پھر انڈین کیسز سے وہ حوالہ اور کچھ عبارت نقل کی۔

الجواب:

۱...... اگر امور متنازعہ جس کے واسطے شاہد پیش ہوئے تھے۔ اس کے سواء کوئی اور وجہ عناد ذاتی عداوت پہلے کی مقدمہ بازی تو کوئی اور دوسری رنجش نکل آئی تو ضرور اس سے ان شاہدوں اور ان کی شہادت پر زد آتی۔ مگر جب کہ یہ شاہد صرف مرزاصاحب اور ان کی جماعت کا کفر وارتداد قرآن وحدیث واقوال سلف سے ثابت کرنے کے واسطے پیش ہوئے ہیں۔ پس ان کا ان دلائل کو مرزاصاحب اور ان کے متبعین پر منطبق کر کے کفر وارتداد کا نتیجہ نکالنا نہ عدالت کے اختیارات میں مداخلت ہے نہ ان کا کسی سے بغض عناد کا اظہار ہے جو ان کی شہادت کو خراب کر سکے۔

بخلاف مرزاصاحب کی جماعت کے کہ ان کا شیوہ ہی حسد وعناد ہے۔ اس کے واسطے خود مرزاصاحب کی شہادت پیش کرتا ہوں۔ ملاحظہ ہو اشتہار ملحقہ شہادت القرآن میں اوپر سے اپنی جماعت کا ذکر کر کے کہتے ہیں: ’’اخی مکرم! ہماری جماعت کے اکثر لوگوں نے کوئی خاص اہلیت اور شخصیت اور پاک دلی اور پرہیزگاری اور للّٰہی محبت باہمی پیدا نہیں کی میں (مرزاصاحب) دیکھتا ہوں کہ وہ ادنیٰ ادنیٰ خود غرضی کی بناء پر لڑتے اور ایک دوسرے سے دست بدامن ہیں اور ناکارہ باتوں کی وجہ سے ایک دوسرے پر گلہ ہوتا ہے، بلکہ بسا اوقات گالیوں تک نوبت پہنچتی ہے اور دلوں میں کینے پیدا کراتے ہیں اور کھانے پینے کی قسموں پر نفسانی بحثیں ہوتی ہیں۔‘‘

(اشتہار ملحقہ شہادت القرآن ص۲، خزائن ج۶ ص۳۹۵)

’’بلکہ بعض میں ایسی بے تہذیبی ہے کہ اگر ایک بھائی ضد سے اس کی چارپائی پر بیٹھا ہے تو وہ شخص اس کو اٹھانا چاہتا ہے اور اگر نہیں اٹھتا چارپائی الٹا دیتا ہے اور اس کو نیچے گرادیتا ہے۔ پھر دوسرا فرق نہیں کرتا اور وہ اس کو گندی گالیاں دیتا ہے اور تمام بخارات نکالتا ہے۔ یہ حالات ہیں جو میں اس مجمع میں مشاہدہ کرتا ہوں تو دل کباب ہوتا ہے اور جلتا ہے اور بے اختیار دل میں یہ خواہش پیدا ہوتی ہے کہ اگر میں درندوں میں رہوں تو انسان آدم سے اچھا ہے۔‘‘ (اشتہار ملحقہ شہادت القرآن ص۳، خزائن ج۶ ص۳۹۶)

پس گواہان مدعیہ کا تو بغض وعناد ثابت نہ ہوا، مگر گواہان مدعاعلیہ کا بے اعتبار ہونا ضرور ثابت ہے۔

نیز ان کی شہادت جماعت احمدیہ یا اس کے کسی ممبر کے حق میں اس لئے قبول نہیں کہ ان کے یہ گواہ ایک ممبر ہیں اور غیراحمدیوں کے خلاف اس لئے وقعت نہیں کہ ان کا فرض ہے کہ ساری دنیا کو دشمن سمجھیں جب تک کوئی احمدی نہ ہو جائے۔ گو کتنا ہی ہمدرد ہو۔ ملاحظہ ہو خطبہ۔ (خلیفہ محمود صاحب بحوالہ سابق)

لہٰذا ان گواہوں کی شہادت محض ناقابل التفات ہے۔

باقی ہدیہ مجددیہ کا حوالہ۔

۱...... اوّلاً ہدیہ مجددیہ کوئی مسلّم کتاب ہی نہیں نہ جرح میں مطالبہ پر پیش کر سکے نہ مصنف کا نام بتا سکے نہ اب تک اس کے مسلک سے واقفیت۔

۲...... دوسرے اس میں جو مبسوط کا حوالہ ہے اسے گواہ مدعاعلیہ نے دیکھا ہے نہ واقفیت ہے نہ یہ پتہ کہ اس میں یہ عبارت ہے بھی یا نہیں۔

۳...... دوسری کتب فقہ میں امام مالک سے اس کے خلاف روایات موجود ہیں اور علماء کی شہادتوں کو غیراہل علم پر راجح مانتے ہیں۔

۴...... یہ عقلاً بھی غیرمعقول ہے کہ بلا استثناء تمام علماء کی شہادت نامقبول ہو پھر تو شہادت کے لئے جہالت بھی ایک شرط لگادینی ہوگی اور

صرف جہّال کی شہادت قبول ہوا کرے گی۔

۵...... یہ حکم صریح قرآن کے بھی خلاف ہے۔ کیونکہ وہاں علماء کے مدارج، علماء کا تذکرہ اور انہیں کو صرف خدا کا خوف خشیۃ رکھنے والا قرر دیا گیا ہے۔

''یرفع اللہ الذین آمنوا منکم......تا......والذین اوتوا العلم درجات''

''انما یخشی اللہ من عبادہ العلماء''

۶...... احادیث کے بھی خلاف ہے:''فضل العالم علی العابد کفضلی علی ادناکم'' عالم کی عابد پر وہ فضیلت ہے جو میری تم میں ادنیٰ پر۔

۷...... اگر امام مالک کے زمانہ کے علماء مراد ہوں تو یہ بھی غلط ہے۔ زمانہ تابعین اور بنص حدیث خیر القرون ہے۔ اس زمانہ کے علماء کو مصابیح الہدیٰ مستقل ہدایت قرار دیا گیا ہے۔

۸...... اور اگر تسلیم بھی کر لیا جائے تو بھی نہ فریق مدعیہ مالکی نہ عدالت نہ مدعا علیہ۔ پس یہ حجت کس پر ہوگا اور اگر صرف مسلمان امام کسی جماعت کا ہونا حجت کے لئے کافی ہے تو محمد علی صاحب ایم۔اے باوجود احمدی ہونے کے فریق مدعا علیہ کو کیوں مسلّم نہیں۔

غرض یہ حوالہ کوئی بھی مدعیہ کے گواہوں کی شہادت کو ناقابل اعتبار نہیں ثابت کر سکتا۔ مفصل اصل بحث وجرح گواہان مدعا علیہ میں موجود ہے۔

۹...... یہ مدارس ہائی کوٹ کی نظیر مقدمہ زیر سماعت سے بوجوہ ذیل غیر متعلق ہے۔

الف...... یہ عدالت فوجداری کی ہے اور عدالت فوجداری کا فیصلہ عدالت دیوانی میں بطور حجت صرف بریت یا سزایابی ثابت کرنے کے لئے پڑھا جا سکتا ہے۔ سوائے اس کے اور کسی کام کے لئے نہیں پڑھا جا سکتا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جو دلائل ووجوہ اور شہادت اس فوجداری کے مقدمہ میں ہوئی ہیں وہ دیوانی کے مقدمہ میں غیر متعلق سمجھی جاتی ہیں۔

ب...... جو فیصلہ عدالت فوجداری میں ہوتا ہے وہ مابین سرکار بقبضہ ہند اور ملزم کے ہوتا ہے اور عدالت دیوانی میں سرکار فریق نہیں ہوتی۔ اس لئے عدالت فوجداری کا فیصلہ درمیان ایک ہی فریق کے ہونا پایا نہیں جاتا نہ حجت میں پیش ہو سکتا ہے۔

ج...... جو تنقیحات عدالت فوجداری کے سامنے ہوتی ہیں اور جو طریقہ ان کے ثابت کرنے اور ان پر حکم کرنے کا ضابطہ فوجداری میں ہے وہ عدالت دیوانی کے سامنے نہیں ہوتا ہے۔ عدالت دیوانی کے سامنے تنقیحات بھی دوسری قسم کی ہوتی ہیں اور طریقہ تصفیہ تنقیحات بھی ضابطہ دیوانی کے مطابق ہوتا ہے۔

مثال کے طور پر گزارش ہے ایک شخص نے عدالت فوجداری میں دوسرے شخص پر چوری کا دعویٰ کیا اور وہ دعویٰ خارج ہو گیا۔ اب اگر وہ دوسرا شخص عدالت دیوانی میں پہلے شخص پر پرچہ کی نالش کر کے کچھ وصول کرنا چاہے تو اس کو عدالت دیوانی میں پوری شہادت اس بات کی پیش کرنا پڑے گی کہ جو دعویٰ اس کے خلاف پہلے شخص نے کیا تھا وہ جھوٹا تھا۔ فیصلہ سے صرف اس کی بریت ثابت ہوگی۔ یہ ہرگز نہیں ثابت ہو سکتا کہ پہلے شخص کا دعویٰ جھوٹا تھا۔

ملاحظہ ہو (قانون شہادت امیر علی مطبوعہ ۱۹۲۱ء ص ۳۹۵ تا ۳۹۸) لہٰذا یہ نظیر بالکل غیر متعلق اور گواہان مدعیہ پر کسی طرح اثر انداز نہیں۔

وجہ دوم: خلاصہ۔

گواہان مدعیہ کے بیانات اصول مسائل میں ایک دوسرے سے متناقض ہیں۔

## تناقض نمبر۱

گواہ مدعیہ نمبر۳ نے ۲۹؍اگست بجواب جرح کہا کہ: ''عیسیٰ کو ہم پہلے نبی مانتے ہیں۔ اس کے سوا جو وحی ہے وہ وحی نبوت نہیں ہے۔ لفظ وحی کا اس پر اطلاق ہوگا۔'' اس کے خلاف گواہ مدعیہ نمبر۴ نے ۳۱؍اگست بجواب جرح کہا وحی نبوت نہیں آئے گی نہ کسی نئے پر نہ پرانے پر۔

الجواب: یہ تناقض کوئی نہیں، صرف مختار مدعا علیہ کی غلط فہمی سے پیدا ہوگیا۔ اس نے غالباً اس کے سوا کے لفظ سے جملہ کو علیحدہ مانا اور لفظ سوا سے عیسیٰ کی وحی کے سوا سمجھا۔ حالانکہ وہاں اس سے قبل وحی کا ذکر تک نہیں ہے۔ بلکہ صرف عیسیٰ کے نبی ہونے کا ذکر ہے۔ لفظ اس کے سوا کے معنی بغیر اس کے نہیں اور اس سے وہ وحی مراد ہے جس کو وحی نبوت قرار نہیں دیا، بلکہ صرف اطلاق لفظ وحی اس پر بتایا ہے وہی عیسیٰ علیہ السلام والی وحی ہے۔ کل پہلے قول کا مطلب یہ ہے کہ عیسیٰ کو ہم پہلے نبی مانتے ہیں سوا اس کے کہ بغیر اس کے کہ جو ان پر وحی ہو وہ وحی نبوت ہو (بلکہ لفظ وحی کا (صرف) اس پر اطلاق ہوگا۔ لہٰذا گواہ نمبر۳ کا مطلب اور اس کی عبارت بالکل صاف ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام پہلے نبی تو ہیں مگر ان کی وحی نبوت نہیں اور بعض احادیث میں جو اس کی نسبت لفظ وحی ہے وہ صرف لفظ وحی کا اعجازاً اطلاق کیا گیا ہے۔ ورنہ وہ دراصل بمعنی الہام ہے جیسا کہ وحی کے بیان اور نیز اسی جرح میں مصرح ہے اور یہی گواہ نمبر۴ بھی کہہ رہا ہے کہ وحی نبوت کسی پر نہ آئے گی نہ کسی نئے پر نہ پرانے پر۔ دونوں بعد آنحضرت ﷺ وحی نبوت کا مطلقاً انسداد فرمارہے ہیں۔ پس تعارض کب ہے نہ آپس میں تعارض ہے نہ بیانات سے۔ یہ مختار مدعا علیہ نے لفظ اس کے سوا کے غلط معنی لے کر تعارض کا مغالطہ دے دیا ہے ورنہ یہاں تعارض کا شبہ تک نہیں۔

## تناقض نمبر۲

گواہ مدعیہ نمبر۱ نے ۱۲؍اگست بجواب جرح تسلیم کیا کہ: ''مسیح پر اگر کوئی جبرئیل کے نزول کا قائل ہو تو اس کو کافر نہیں کہا جاسکتا اور پھر حجج الکرامہ کی عبارت کی تردید نہیں کرتا۔ اس کے خلاف گواہ مدعیہ نمبر۴ نے ۳۱؍اگست کو کہا کہ جبرئیل وحی لے کر رسول اللہ ﷺ کے بعد کسی شخص پر نازل نہیں ہوسکتے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کے وقت ان پر جبرئیل علیہ السلام نہ آئیں گے۔

الجواب: اس میں بھی تناقض کا کوئی احتمال تک نہیں۔ جو عقیدہ گواہ نمبر۴ نے بیان کیا بعینہٖ یہی گواہ نمبر۱ کا ہی عقیدہ ہے۔ جیسا کہ اس کے بیانات وجرح سے مصرح ہے۔ البتہ مختار مدعا علیہ نے اس کی جرح کا جو ٹکڑا نقل کیا ہے اس سے وہ مغالطہ دے کر اسے گواہ کا عقیدہ قرار دیتا ہے۔ حالانکہ اس میں وہ عقیدہ نہیں بتارہا ہے، بلکہ یہ مسئلہ بتارہے ہیں کہ اگر کوئی عیسیٰ علیہ السلام پر نزول جبرئیل کا قائل ہو تو صرف اس وجہ سے وہ کافر نہ ہوگا (یہ نہیں کہ میں نزول جبرئیل کا قائل ہوں) کیونکہ لفظ وحی کو مجازاً صحیح حدیثوں میں آیا ہے۔ لہٰذا اس مغالطہ سے وہ معذور ہے اور اس اشتباہ کی وجہ سے وہ ضروریات دین کے ان قطعی شعبوں سے نہ رہا جن کا منکر کافر ہو جائے۔ جب تک دوسرے قرآئن متعین مراد کے نہ ہوں۔

اس کمزوری اور مثبت مدعا نہ ہونے کا احساس مختار مدعا علیہ کو یہی ہوا کہ اس سے تو عقیدہ ثابت نہ ہوگا بلکہ یہ تو دوسرے کے متعلق فتویٰ بتارہے ہیں۔ لہٰذا اکمل مغالطہ کے لئے فوراً یہ اضافہ کیا کہ: ''حجج الکرامہ کی عبارت ظاہر است...... تانے کنم کی تردید نہیں کرتا...... الخ!''

وہاں تو تردید وتسلیم کا سوال ہی نہیں۔ صرف اس کتاب میں ہونے کا سوال ہے۔ اسی کا اقرار نہ اس کی تسلیم کا سوال تھا نہ تردید کا نہ سوال ہوسکتا تھا۔ کیونکہ نواب صاحب پہلے سے معلوم ہے کہ ہمارے مسلّم نہیں۔ پھر ہم پر ان کا قول کیوں حجت ہوسکتا ہے۔ عدالت خود اصل جرح سے مقابلہ فرمائے۔ وہاں تسلیم وتردید کا کوئی سوال نہیں اور نہ گواہ نے اسے تسلیم کیا نہ اسے اپنا عقیدہ قرار دیا، بلکہ اس کے خلاف جرح اور اس کے بیان میں تصریح ہے۔ پس ہر دو گواہوں کا عقیدہ ایک ہی ہوا کہ بعد آنحضرت ﷺ نزول جبرئیل نہ ہوگا۔ اب ان کا نہ ماننے والا کافر ہوگا یا نہ، یہ اور بحث ہے جیسا کہ بیان وحی میں گزر چکا۔

## تناقض نمبر۳

گواہ مدعیہ نمبرب نے بیان میں لکھوایا ہے کہ کتب لغت میں سے کوئی حوالہ ایسا نہیں ملتا کہ جس سے قطعاً ویقیناً یہ ثابت ہو کہ خاتم النّبیین کے معنی آخرالنّبیین کے سوا اور بھی ہو سکتے ہیں۔ پس لغت وقواعد کی رو سے اس کے معنی آخرالنّبیین ہی کے ہوتے ہیں۔

اس کے خلاف گواہ مدعیہ نمبر۳ نے ۲۹؍اگست بجواب جرح تسلیم کیا کہ لغت والوں نے تصریح کی ہے کہ ’’خاتم‘‘ بفتح التاء مہر کے معنوں میں بھی آتا ہے۔

الجواب: عدالت خود ملاحظہ فرمائے کہ اس تعارض کے ثابت کرنے میں مختار مدعا علیہ نے کس قدر شرمناک مغالطہ دیا ہے اور صریح غلط بیانی کی ہے۔ گواہ مدعیہ نمبرب تو پورے لفظ خاتم النّبیین کے معنی لغت سے صراحۃً صرف آخرالنّبیین بتاتا ہے اور گواہ مدعیہ نمبر۳ صرف لفظ خاتم مفرد کے معنی مہر کے بھی بتاتا ہے۔ اس میں تعارض کب ہے۔ ہاں! دونوں لفظ خاتم مفرد کے معنی بتاتے یا دونوں اسی لفظ خاتم النّبیین کے معنی مختلف بتاتے تو تناقض بھی ہوسکتا تھا۔ یہاں پہلے قول کا موضوع اور ہے اور دوسرے قول کا اور۔ ایک مضاف اور مخصوص لفظ کے معنی بتاتا ہے دوسرا مفرد کے۔ اس اختلاف موضوع کے بعد تناقض کہاں رہا۔ تناقض کے واسطے آٹھ شرطیں ہیں جن میں وحدت موضوع بھی ہے۔

در تناقض　ہشت　وحدت　شرط　دان　وحدت　موضوع　ومحمول　ومکان

وحدت　شرط　واضافت　جزو　کل　قوت　وفعل　است　در　آخر　زمان

یہاں نہ وحدت موضوع نہ وحدت محمول نہ وحدت شرط پھر تناقض کیا۔

علاوہ اس کے مختار مدعا علیہ نے گواہ مدعیہ نمبر۳ کے الفاظ بھی غلط نقل کئے ہیں۔ اس کے اصل الفاظ یہ ہیں کہ: ’’لغت میں خاتم بمعنی مہر وآخر دونوں معنوں میں ہے۔‘‘

اس کے الفاظ بدل کر غلط بیانی کی ورنہ کوئی شبہ ہی نہیں تھا۔

## تناقض نمبر۴

گواہ مدعیہ الف وب کا بیان ہے کہ وحی نہیں ہوسکتی۔ اس لئے کہ نبوت نہیں۔ کیونکہ وحی لازم نبوت ہے۔ اس کے خلاف گواہ مدعیہ نمبر۴ نے بجواب جرح ۲۴؍اگست تسلیم کیا کہ: ’’آنحضرت ﷺ کے بعد مطلق وحی کے دعویٰ کو کفر نہیں کہا جاسکتا۔‘‘

گواہ مدعیہ نمبر۳ نے ۲۹؍اگست کو یہ بھی تسلیم کیا کہ: ’’مسیح پر وحی نبوت ہوگی اور اس کے سوا جو وحی ہے وہ وحی نبوت نہیں۔‘‘

پھر گواہ مدعیہ نمبر۱ نے بحوالہ فتوحات اور نمبر۴، ۳ نے کہا کہ: ’’آنحضرت ﷺ کے بعد وحی ہوسکتی ہے۔‘‘

اور گواہ نمبر۴ نے کہا کہ: ’’مسیح علیہ السلام پر غیر تبلیغی وحی ہوگی۔‘‘

الجواب: گواہ الف وب وگواہ نمبر۴ کے قولوں میں کوئی تناقض نہیں، محض مغالطہ ہے۔ کیونکہ فریق اوّل یعنی نمبرا الف وب نے جس وحی کی نفی کی ہے وہ وہی ہے جو لازمہ نبوت۔ یعنی وحی نبوت نہ مطلق وحی اور گواہ نمبر۳ صاف آنحضرت ﷺ کے بعد مطلق وحی کے دعویٰ کا کفر نہ ہونا بتاتا ہے نہ وحی نبوت کا۔ اگر دونوں مطلق وحی کے نہ ہونے یا دونوں وحی نبوت کے ہونے نہ ہونے میں اختلاف کرتے تو ضرور تناقض ہوتا۔ یہاں تو اوّل وحی نبوت کی نفی کرتا ہے اور دوم یعنی گواہ نمبر۲ مطلق وحی کا اثبات۔ پس کسی طرح بھی تناقض وتعارض کا شائبہ نہیں۔ محض مغالطہ ہے۔

یوں ہی گواہ مدعیہ نمبر۳ سے ۲۹؍اگست کا جو فقرہ نقل کیا ہے کہ مسیح پر وحی نبوت ہوگی اور اس کے سواء...... الخ!

یہ محض غلط ہے یہ وہی فقرہ ہے جس کا حل تناقض نمبر۱ میں پیش کر چکا۔ عدالت مختار مدعا علیہ کی اس خیانت کو خود ملاحظہ فرمائے کہ یہ ایک فقرہ تناقض نمبر۱ میں دوسرے الفاظ میں نقل کیا اور پھر اس نمبر۴ میں دوسرے الفاظ میں اور بات صرف اس قدر ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام نبی تو ہوں گے سوا اس کے کہ ان پر وحی نبوت ہوگی گو اطلاق لفظ وحی مجازاً ہو جیسا کہ مکمل تشریح تناقض نمبر۱ میں کر چکا ہوں اب اس کا کوئی بھی تعارض گواہ مدعیہ نمبر۱، ۲، ۳ سے نہیں رہا۔ کیونکہ وہ بعد آنحضرت ﷺ وحی نبوت نہیں بتلاتے بلکہ مطلق وحی کا ہوسکنا کہتے ہیں۔ یوں ہی گواہ نمبر۴ غیر تبلیغی وحی بتاتا ہے جو بمعنی الہام ہے نہ کہ وحی نبوت جو تبلیغی وحقیقی ہوتی ہے۔ پس گواہوں کے بیانات وجرح اور ایک دوسرے میں ایک ذرہ برابر تعارض نہیں اور ایسے واضح ہیں کہ اگر جواب نہ دیا جائے تو بھی عدالت ملاحظہ کے وقت مختار مدعا علیہ کا مغالطہ سمجھتی ہے۔

## تناقض نمبر۵

گواہ نمبر۲ نے ۲۴؍اگست کو بجواب جرح کہا کہ: ''عیسیٰ رسول الیٰ بنی اسرائیل تھے اور ہیں نہ پہلے وہ ہماری طرف مبعوث ہوئے تھے نہ اب اور جب آئیں گے تو وہ منصب نبوت پر نہ ہوں گے۔''

اس کے خلاف گواہ مدعیہ نمبر۴ نے ۳۱؍اگست کو بجواب جرح کہا کہ: ''حضرت عیسیٰ علیہ السلام جب نازل ہوں گے تو وہ رسول ہوں گے اور ان کے نزول کے وقت جو شخص نہ مانے گا وہ مسلمان نہ ہوگا۔''

الجواب: گواہ مدعیہ نمبر۲ بھی انہیں رسول بنی اسرائیل مانتے ہیں اور نمبر۴ بھی۔ مسلوب النّبوۃ ورسالت کوئی بھی نہیں مانتا۔ یہ کہنا کہ یقیناً کفر ہے۔ ہاں! منصب نبوت پر کسی کے نزدیک نہیں۔ پس وہ رسول بمعنی اس کے ہیں کہ رسالت سلب نہیں ہوئی اور امتی باعتبار اس موجودہ زمانہ کے بھی جو انہیں پہلے کا رسول نہ مانے یعنی مسلوب النّبوۃ کہے وہ یقیناً کافر ہوگا مسلمان نہیں۔ جیسا کہ گواہ نمبر۴ نے کہا اور اب اس امت میں جو انہیں منصب نبوت یا رسالت پر مانے وہ ختم نبوت کے خلاف کہہ رہا ہے۔ اس کے بھی اسلام کا اعتبار نہیں اور نبوت ومنصب نبوت یا رسالت ومنصب رسالت کا مفصل بیان اسی گواہ مدعیہ نمبر۲ نے بوضاحت اپنی شہادت میں خارجی امثلہ ودلائل واضح سے دیا ہے۔ اس کے بعد تناقض خیال کرنا کھلا ہوا مغالطہ ہے۔ ہرگز کسی قسم کے تعارض کا شائبہ تک نہیں۔ نیز جرح کے نقل الفاظ میں بھی خیانت کی ہے۔ خصوصاً گواہ مدعیہ نمبر۴ کے اس کے اصل الفاظ یہ ہیں: ''جب عیسیٰ بن مریم آئیں گے تو جو ان کو تسلیم نہ کرے گا وہ مسلمان نہیں، اب بھی اگر اس کو کوئی نہیں مانتا۔ ہم اسے مسلم نہیں مانتے۔''

یہاں ان کے رسول وغیر رسول ہونے کا کوئی ذکر نہیں، اپنی طرف سے اضافہ کر کے مغالطہ دے دیا ہے اور جہاں رسول ہونے کا ذکر ہے وہاں یہ الفاظ ہیں کہ: ''رسول ہوں گے ان پر وحی نہ ہوگی۔''

یہاں ان کے منکر کے کفر واسلام کا ذکر نہیں۔ بہرحال پیش کردہ وہ الفاظ جرح کے الفاظ نہیں۔ اپنی طرف سے حاشیہ لگا کر مغالطہ دیا اور تعارض وتناقض ثابت کرنے کی لاحاصل سعی کی۔ حالانکہ کسی طرح گواہان مدعیہ کی شہادتوں میں تناقض ثابت نہیں ہوسکتا اور باوجود اس قدر شرمناک خیانتوں کے مختار مدعا علیہ کوئی ایک بھی تناقض نہ ثابت کر سکا۔

## تناقض نمبر۶

گواہ نمبر۱ نے ۲۱؍اگست کو بجواب جرح کہا کہ آیت: ''ماکان لبشر'' میں جو طرق بیان کئے گئے ہیں وہ امت محمدیہ پر بند ہیں۔

اس کے خلاف گواہ مدعیہ نمبر۳ نے ۲۹؍اگست کو بجواب جرح تسلیم کیا کہ: ''ام موسیٰ ومریم پر جو وحی ہوئی وہ قرآن کے بیان کردہ تین طرق میں داخل ہے۔''

اور گواہ نمبر۲ کے نزدیک ''وہ وحی جو وحی نبوت نہ ہو وہ امت محمدیہ کے افراد کو ہوسکتی ہے۔ جیسا کہ حضرت مریم اور ام موسیٰ کو ہوئی کیونکہ وہ نبی نہ تھیں۔''

اور یہی وحی گواہ مدعیہ نمبر۴ کے نزدیک آیت:''ماکان لبشر'' کے طرق میں داخل ہے جو گواہ مدعیہ نمبر۱ کے قول کے بالکل خلاف ہے۔

الجواب: گواہ مدعیہ نمبر۱ نے مخصوص اسی آیت کے مذکورہ طرق جو اس میں خصوصیت سے مراد ہیں، مراد لئے ہیں اور ظاہر ہے کہ یہ آیت آنحضرت ﷺ کے متعلق ہے اور اس میں وحی نبوت مراد ہے۔ پس وحی نبوت کے یہ طرق مذکورہ بند ہیں۔ اگر وحی بمعنی الہام ہو گوا نہی طرق سے بظاہر کیوں نہ مسدود نہیں۔ اس کے واسطے اسی جرح کے مندرجہ ذیل کوٹیشن ملاحظہ ہوں۔

۱...... رسول اللہ ﷺ کے بعد وحی شرعی کا دروازہ بالکل منقطع ہے۔
۲...... وحی شرع کسی قسم کی نہیں ہوسکتی کوئی الہام کا نام وحی رکھ دے تو دوسری چیز ہے۔
۳...... وحی بواسطہ فرشتہ وحی جو وحی کا فرشتہ لائے نہیں ہوسکتی۔ (نہ فرشتہ الہام والی)

پس گواہ مدعیہ نمبر۱ نے یہ طرق مذکورہ بہ پیرایہ وحی نبوت امت محمدیہ پر بند بتایا ہے اور گواہ نمبر۲،۳ نے ام موسیٰ وغیرہ پر جو وحی بتائی وہ بمعنی الہام بہ پیرایہ وحی الہام ان طرق سے باقی بتائی نہ وحی نبوت بہ پیرایہ وحی نبوت، پس کوئی بھی تعارض نہ ہوا۔ وحی نبوت طرق مذکورہ ثلاثہ سے بالاتفاق بند اور وحی الہام ہر طور سے جاری۔

گواہ مدعیہ نمبر۴ کا ہرگز کوئی تعارض وتناقض گواہ مدعیہ نمبر۱ کے ساتھ نہیں۔ یہ اس کے غلط الفاظ نقل کر دیئے ہیں۔ اصل جرح کے اس کے الفاظ یہ ہیں۔ بجواب سوال''اوحینا الی ام موسیٰ'' وغیرہ کہ یہ وحی وہی ہے جسے الہام کہا جاتا ہے۔ ایسے ہی اللہ تعالیٰ نے نحل کے لئے کہا ہے۔ یہ الہام انسان کے ساتھ مخصوص نہیں، غیر انسانوں کو بھی ہوسکتا ہے۔ جیسے کہ سورۃ نحل کی اس آیت سے معلوم ہوتا ہے۔ ''واوحیٰ ربک الی النحل...... الخ!''

اب عدالت خود ملاحظہ فرمائے کہ گواہ مدعیہ نمبر۱ وحی نبوت بہ پیرایہ وحی نبوت بطرق ثلاثہ مذکورہ بند بتاتا ہے اور گواہ مدعیہ نمبر۴ وحی بمعنی الہام جو نحل کو بھی ہوسکتی ہے، باقی مانتا ہے تناقض کدھر سے ہوا۔

بہر حال یہ تمام مختار مدعا علیہ کی غلط بیانی یا غلط فہمی یا محض مغالطہ تھا۔ ورنہ بیانات گواہان مدعیہ بالکل تناقض سے پاک وصاف ہیں کہ کسی قسم سے مخدوش ومجروح نہیں۔ عدالت خود ہی ملاحظہ فرمائے۔ بخلاف اس کے کہ مختار مدعا علیہ نے جو تناقض کا اعتراض گواہان مدعا علیہ پر کیا تھا وہ بدستور قائم ہے اور اکثر کا تو جواب میں تذکرہ تک نہیں تاویل کیا کر سکتے۔

## گواہ مدعیہ کا خود اپنے بیان سے تعارض

اس سلسلہ میں صرف گواہ نمبر۱ و۲ و۳ کا حوالہ پیش کیا ہے۔

گواہ مدعیہ نمبر۱ نے ۲۱؍اگست کو بجواب جرح کہا کہ حدیث:''من ترک الصلوٰۃ'' میں امت یہ معنی سمجھتی ہے کہ کفر کا سا فعل کیا یعنی عمداً نماز کا تارک، امت کے نزدیک کافر نہیں ہوگا۔ اس کے بعد پھر یہ اقرار کیا کہ بعض ائمہ برحق نے عمداً نماز کے تارک کو کافر قرار دے کر ان سے نکاح وغیرہ معاملات کو حرام قرار دیا ہے۔

الجواب: اوّلاً یہ الفاظ جرح نہیں بلکہ قطع وبرید وروایت بامعنی ہے۔ وہاں علیحدہ علیحدہ مندرجہ ذیل فقرات ہیں۔

حدیث:''من ترک الصلوٰۃ'' میں مراد کفر جیسا فعل کیا۔

’’لیکن ائمہ نے کافر بھی کہا ہے۔‘‘

کافر کہنے والے بھی امام برحق ومسلمان ہیں ان کے نزدیک فسخ نکاح بھی ہوگا۔

عدالت خود اصل الفاظ مسل سے ملاحظہ فرمائے۔

اس میں کسی قسم کا تعارض نہیں بلکہ خود مختار مدعاعلیہ کے پیش کردہ الفاظ بھی تسلیم کر کے تعارض نہیں۔ کیونکہ اگر پہلے قول میں تمام امت یا اجماع کا لفظ ہوتا تو کسی ایک امام برحق کا خلاف اس کے منافی تھا اور تناقض ہو جاتا تو وہاں تو صرف امت کا لفظ اور بعض امام کی رائے آ گے ہے۔ یہاں تناقض کا شبہ تک نہیں محض مغالطہ ہے۔

## گواہ مدعیہ نمبر۲

گواہ مدعیہ نمبر۲ نے اپنے بیان میں ۲۵؍اگست کو کہا کہ: ’’مسخ نسخ بروز وغیرہ یہ پانچوں اصطلاحیں آسمان دنیوی میں کوئی حقیقت نہیں رکھتے۔‘‘

اور پھر ۲۹؍اگست بجواب جرح تسلیم کیا کہ: ’’کونوا قردۃ خاسئین‘‘ کے متعلق میرا عقیدہ ہے کہ مسخ ہوگئے تھے۔

الجواب: ان دونوں قولوں میں تناقض ثابت کرنا صرف مختار مدعاعلیہ کا حصہ ہے۔ ورنہ دنیا کا کوئی بھی عقل مند آدمی ان دونوں قولوں میں تناقض نہیں سمجھ سکتا۔ اوّل قول میں ان پانچ چیزوں کی اصطلاح کو دینی اصطلاح اور آسمانی ادیان میں ہونے سے انکار کیا ہے اور دوسرے میں ’’کونوا قردۃ خاسئین‘‘ کی تفسیر یہ بتائی ہے کہ واقعی ان کے چہرہ وغیرہ بدل گئے تھے۔ آیت میں تو مسخ کا لفظ بھی نہیں کہ مغالطہ ہی رفع ہو اور کہا جائے کہ آسمانی کتاب میں یہ اصطلاحی لفظ آ گیا۔ صرف مخصوص الفاظ کی مخصوص اصطلاح سے آسمانی کتب وادیان میں ہونے سے انکار ہے۔ یہ معنی نہیں کہ اللہ نے دنیا میں کسی کو مسخ ہی نہیں کیا۔ یہاں کسی قسم کے تناقض کا شائبہ تک نہیں اور نہ کوئی احتمال مغالطہ تھا۔ خواہ مخواہ مغالطہ دیا گیا۔ پھر یہ بھی قابل لحاظ ہے کہ گواہ کے بعینہٖ الفاظ نقل نہیں کئے گئے مفہوم لیا گیا۔ ورنہ مطلب بالکل صاف ہے۔

اب اس جواب الجواب سے بحمد اللہ! اچھی طرح واضح ہوگیا کہ نہ گواہان مدعیہ کا تعارض ایک دوسرے گواہ سے ہے اور نہ ایک گواہ کہیں سے اپنے قول سے ٹکرایا ہے۔ بخلاف گواہان مدعاعلیہ کے کہ ان کے بیانات میں تو اب تک لاجواب متعدد ہر دو قسم کے تناقضات موجود ہیں جن کی کوئی تاویل نہ ہوسکی۔ جیسا کہ اوپر گزر چکا ہے۔ عدالت خود مسل ملاحظہ فرمائے۔ پس گواہان مدعاعلیہ کی شہادت یقیناً ناقابل قبول ہے۔

وجہ سوم:

مرزاصاحب کی تمام کتب کا سوائے ان عبارات کے جن پر انہوں نے اعتراض کیا ہے، مطالعہ نہیں کیا...... تا...... لیکن گواہان مدعیہ جن کا ذکر آ چکا ہے معترف ہیں کہ انہوں نے مرزاصاحب کی کتابوں کا کماحقہ مطالعہ نہیں کیا...... الخ!

الجواب: محض غلط ہے۔ ان الفاظ میں تو کسی کا جواب نہیں۔ نہ تمام گواہوں نے مرزاصاحب کی کتب کے کافی مطالعہ سے انکار کیا، بلکہ گواہ نمبر۴ نے تو اس قدر مطالعہ بتایا ہے کہ شاید مرزاصاحب کے متبعین سے زیادہ ہی ثابت ہو۔

صرف گواہ نمبر۱ نے ضرور یہ مفہوم ادا کیا ہے مگر وہ بحیثیت مفتی اسلام مسائل شرعیہ کے شاہد ہیں۔ ان کو تمام کتب مرزاصاحب کا مطالعہ لازمی بھی نہیں۔

مرزاصاحب کے اقوال وعقائد کے شاہد دوسرے ہیں۔ انہوں نے خوب مرزاصاحب کی کتب کا مطالعہ کیا ہے۔ یہ محض مغالطہ دینے کے واسطے تمام گواہوں کی طرف غلط خود بنا کے منسوب کر دیا۔ بہرحال اس وجہ سے بھی گواہان مدعیہ کی شہادت مجروح نہیں۔

اصل الفاظ جرح گواہ مدعیہ نمبر۳، ۴ سے ملاحظہ ہوں کہ ان کی کتب کے مطالعہ کو بتایا ہے جس کا شمار بھی محفوظ نہیں رہ سکتا۔

## حسام الحرمین وغیرہ

وجہ چہارم:

دربار معلّٰی کے فیصلہ کی رو سے علماء اسلام کی آراء حاصل کرنی چاہئیں اور یہ گواہ دیوبندی ہیں۔ ان پر حسام الحرمین اور علماء ہند کے کفر کے فتویٰ ہیں۔

الجواب: یہ محض جھوٹ اور غلط ہے۔ گواہ نمبرالف ونمبرب ونمبر۴ کا تو کوئی بعید سا تعلق بھی علماء دیوبند سے نہیں اور نہ گواہان مدعا علیہ کسی ایک کو ان کے علاوہ بھی دیوبندی خیال کا ثابت کر سکے۔ صرف گواہ نمبر۱ کو مفتی دیوبند ہونے کی وجہ سے دیوبندی خیال کا بتایا۔ ملاحظہ ہو جرح گواہ مدعا علیہ نمبر۲۔ اب میں اس فتویٰ حسام الحرمین اور ’’اشتہار تین سو علماء کے فتویٰ کی حقیقت پیش کرتا ہوں۔

۱...... اشتہار منسلکہ مسل عنوان ’’وہابیہ دیوبندیہ عقائد والوں کی نسبت تین سو علماء اہل سنت والجماعت کا فتویٰ جس کے معلن محمد ابراہیم بھاگل پوری ہیں۔‘‘

الجواب:

۱...... اوّلاً جوڈیشنل اصول پر یہ غیر مصدقہ ہے۔

۲...... یہ دوران مقدمہ میں جعلی تیار کرایا گیا۔ اسی واسطے اس پر کوئی تاریخ طبع نہیں۔

۳...... مطبع کی ہمارے پاس شہادتیں ہیں۔ عدالت کی طلبی پر پیش کر سکتا ہوں۔ یہ دوران مقدمہ کا ہے۔

۴...... اس میں اکثر فرضی غیر متعارف نام ہیں۔ بعض وہ ہیں جن کے انتقال کو دس بارہ سال ہو چکے ہیں۔ بعض وہ ہیں جن کی عمرا بھی ۱۲سال سے زائد نہیں۔ طالب علم مبتدی ہیں۔

۵...... علماء اہل سنت میں عبدالنبی بہاول پوری ورحیم بخش رضوی بہاول پوری بھی ہیں جس سے عدالت اس کی حقیقت کا اندازہ فرمائے۔

۶...... ان میں غلام احمد اختر احمدی کے دستخط بھی غلام احمد فریدی کے ساتھ ہیں جس طرح وہ دستخط کیا کرتے ہیں۔

۷...... عبدالعلیم شاہجہانپوری سے جو بدچلنی میں سزا یافتہ ہے۔

۸...... خود شائع کنندہ سے بھی گواہ واقف نہ تھا جب مختار مدعیہ نے اس کی سزایابی کا حوالہ پیش کیا تو کہا کہ شاید وہی ہو۔

۹...... اس کے حوالہ تقویۃ الایمان وغیر اصل کتاب سے جرح میں نہ ثابت کر سکے، بلکہ اس میں اس کے خلاف نکلا۔ بحث میں اصل کتاب سے دکھانے کو کہا تھا مگر اس کا نام تک نہ لیا۔

۱۰...... غرض عدالت خود ملاحظہ فرمائے یہ کسی طرح قابل اعتماد نہیں نہ قانوناً نہ شرعاً۔

باقی حسام الحرمین اس کے متعلق بحث میں مکمل جواب دے چکا ہوں۔ اب صرف اس قدر گزارش ہے کہ میرے اس دعویٰ پر کہ یہ فتویٰ بعد اطلاع حقیقت حال علماء حرمین نے علماء دیوبند پر سے واپس لے لیا۔ صرف مرزا صاحب اور ان کی جماعت پر باقی ہے۔ دو کتابیں پیش کی گئی تھیں۔ ایک المہند دوسرے علامہ برزنجی مدنی کی غایۃ المامول۔ پہلی میں تو ناقابل التفات تاویلات کیں اور ثانی کو بلاتامل قبول کرلیا جواب میں نام تک نہ لیا۔ پس یہ فتویٰ علماء دیوبند کے حق میں بہ تصریح غایۃ المامول علامہ برزنجی کے جس کے آخر میں انہیں علماء کے دستخط سے واپس ہونا ثابت ہے۔ حسام الحرمین میں اوّلاً مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی کی ایک عبارت پیش کی گئی جو اس طور پر ان کی کتاب تحذیر الناس میں کہیں بھی موجود نہیں۔ نیز اس کا پہلا فقرہ (ص۲۸) کا دوسرا (ص۳) کا اور تیسرا (ص۱۴) کا بے ربط قطع وبرید کر کے ایک

کفریہ مضمون بنایا جس کے خلاف اسی کتاب کے (ص۱۰) پر تصریح موجود ہے۔ بحث ختم نبوت میں اس پر بحث گزر چکی تفصیل کے واسطے شہاب ثاقب، السحاب المدرار ملاحظہ ہو۔

دوسرا اتہام خدا کے جھوٹے ماننے کا مولانا گنگوہی پر فرضی ہے کہ ان کا کہیں کوئی فتویٰ یا اس کا فوٹو نہ دیکھا۔ حالانکہ آپ کی مطبوعہ فتاویٰ رشیدیہ حصہ اوّل کے (ص۱۱۸) پر اس کی زبردست تردید موجود ہے اور قطع الوتین کے (ص۹) پر اس فتویٰ کے بے اصل بہتان ہونے کی ان کے اپنے خط سے تصریح موجود ہے۔

تیسرا حوالہ براہین قاطعہ کا چوتھا حفظ الایمان کا ہے جن کا بہتان اور مغالطہ (علم میں مقابلہ) کے عنوان کے تحت پیش کر چکا ہوں۔ مولانا شیخ الہند کے شعر میں لفظ ثانی بمعنی تابع اور دوئم کے معنی میں ہے۔ جیسا کہ حضرت حسانؓ نے آنحضرت ﷺ کی فرمائش پر صدیق اکبرؓ کی شان میں پڑھا کہ۔

وثانی اثنین فی الغار المنیف وقد ... طاف العدو به اذا الجبلا

وکان حب رسول اللہ وقد علموا ... من البریة لم یعدل به رجلا

جس کی آنحضرت ﷺ نے تائید فرمائی کہ: ’’صدقت یا حسان هو کما قلت‘‘ (درمنثور ج۳ ص۲۴۱)

پس یہاں مغالطہ صرف لفظ ثانی معنی مثل کے استعمال میں تھا وہ دفع ہوگیا کہ بمعنی تابع اور دوئم کے مستعمل ومراد ہے۔

یوں ہی دوسرے اشعار بھی بے غبار ہیں، تنگی وقت کی وجہ سے ترک کرتا ہوں۔ کیونکہ وہ کیس سے زیادہ متعلق نہیں۔ فتاویٰ رشیدیہ کے میلاد وغیرہ کی نسبت حوالہ جات چونکہ غیر متعلق ہیں۔ لہٰذا تفصیل کی ضرورت نہیں۔ صرف یہ گزارش ہے کہ وہ سب قطع وبرید کر کے متکلم کی اسی کتاب کی تصریحات کے خلاف نقل کئے گئے ہیں۔ تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو سیف یمانی۔ الحمدللہ! کہ اس بہتان کا بھی بے بنیاد ہونا ثابت ہوگیا۔

## گواہان مدعیہ کے صریح کذب

پنجم:

پھر خود گواہان مدعا علیہ نیز اس کے مختار نے متعدد غلط بیانیاں کی تھیں۔ اس لئے فرضی اس پر پردہ ڈالنے کے واسطے فرضی کذب کے بہتان صریح کذب کا نام دے کر (۱۵) نقل کئے جن میں سے ایک نمبر (۱۵) عدالت نے کاٹ دیا۔ اب صرف (۱۴) نمبر رہے جن کا مرتب مختصر جواب پیش ہے۔ گو وہ زیادہ جواب کے لائق ہی نہ تھے۔ مگر بہرحال مغالطہ کا انکشاف ضروری ہے۔

### پہلا کذب

گواہ مدعیہ نمبر الف نے کہا کہ مرزاصاحب نے خدا ہونے کا دعویٰ کیا اور اپنے آپ کو خالق جانا...... الخ!

اور حوالہ (آئینہ کمالات ص۵۶۴، خزائن ج۵ ص۵۶۴) کا دیا۔ حالانکہ وہیں ہے کہ یہ خواب ہے اور اس کی یہ تعبیر ہے۔ یہ صریح کذب ہے۔

الجواب: یہ صرف بہتان اور غلط بیانی ہے۔ اوپر ’’لا الہ الا اللہ‘‘ کی ہیڈنگ کے تحت اس کا ثبوت مفصل گزر چکا۔ اس میں نہ صرف خدائی کا ذکر ہے بلکہ ’’تیقنت اننی هو‘‘ بھی ہے کہ میں نے یقین کامل کر لیا کہ یقیناً ہو بہو خدا ہوں۔ باقی یہ کہنا کہ وہیں اس کو خواب قرار دیا ہے یہ بھی مغالطہ ہے۔ اوّلاً تو مرزاصاحب کا خواب بھی وحی ہے، جیسا کہ مسلمات سے گزر چکا۔

نیز مرزاصاحب نے خود اس کا ترجمہ (کتاب البریہ ص۷۸، خزائن ج۱۳ ص۱۰۳) میں یہ کیا کہ: ’’میں نے اپنے ایک کشف میں دیکھا۔‘‘ بہرحال اس میں ایک حرف بھی جھوٹ نہیں۔ کشف وتعبیر وغیرہ کی تاویلات ومغالطہ سب نہایت بسط وتفصیل کے ساتھ جواب

الجواب کے ابتدائی اوراق میں گزر چکے۔ عدالت خود وہیں سے ملاحظہ فرمائے تمام تاویلات کا مرزا صاحب کی تصریحات سے خاتمہ کر دیا گیا ہے۔

## دوسرا کذب

گواہ مدعیہ نمبر الف نے مرزا صاحب کی طرف بحوالہ (البشریٰ ج۲ ص۷۹) منسوب کیا ہے کہ خدا نے ان سے کہا کہ: ''جس طرح میں قدیم وازلی ہوں۔ اس طرح تیرے لئے میں نے ازلیت کے انوار کر دیئے ہیں اور تو ہی ازلی ہے۔'' یہ عبارت البشریٰ میں نہیں۔

الجواب: یہ بھی محض بہتان ہے۔ اس کا مفصل جواب ''واصلی واصوم واسہر وانام'' کے تحت گزر چکا اور یہ بھی بتلا چکا کہ گواہ نمبر الف نے وہاں کی عربی عبارت کا ترجمہ اپنے الفاظ میں کیا ہے۔ البشریٰ کا ترجمہ نقل نہیں کیا اور نہ وہ ترجمہ اردو مرزا صاحب کے متبعین کو مسلم ہے۔ خود مختار مدعا علیہ بابو منظور الٰہی کو جو محکمہ تار کے کلرک ہیں عربی سے ناواقف بتایا ہے۔ پس وہاں عربی الفاظ موجود ہیں۔ گواہ مدعیہ نمبر الف نے مطلب خیز ترجمہ کر دیا، اس میں کذب کا شائبہ بھی نہیں۔ مفصل بحث اوپر گزر چکی وہیں سے ملاحظہ فرمائی جائے۔

## تیسرا کذب صریح

گواہ مدعیہ نمبر ب نے بحوالہ توضیح المرام مرزا صاحب کی نسبت بیان کیا کہ مرزا صاحب ''ملائکہ سیاروں کی روح کو مانتے ہیں۔''

الجواب: اب جب کہ بسلسلہ عنوان ملائکہ اس کے تمام حوالے پیش ہو چکے اور ثابت ہو چکا کہ مرزا صاحب کے نزدیک ملائکہ نفوس فلکیہ وارواح کواکب ہی کا نام ہے۔ پس اب اس کی تصدیق کے واسطے کسی اور شئے کی ضرورت نہیں اور غالباً اب تو مختار مدعا علیہ کا بھی غلط فہمی کا ازالہ ہو چکا ہو۔

## چوتھا کذب صریح

گواہ مدعیہ ب نے بحوالہ توضیح المرام یہ ظاہر کیا کہ مرزا صاحب کے نزدیک ''دنیا میں جو کچھ ہو رہا ہے وہ نجوم کی تأثیر سے ہو رہا ہے...... الخ!　(ملخص ص۳۷،۳۸، خزائن ج۳ ص۷۰)

الجواب: یہ بھی غلط بیانی ہے۔ اس کی توضیح بھی بسلسلہ عنوان ملائکہ گزر چکی۔ ایک اور عبارت مرزا صاحب کی (توضیح المرام ص۳۸، خزائن ج۳ ص۷۰،۷۱) سے پیش کی ہے۔ ''اور آج تک کسی نے اس امر میں اختلاف نہیں کیا کہ جس قدر آسمانوں میں سیارات اور کواکب پائے جاتے ہیں وہ کائنات الارض کی تکمیل اور تربیت کے لئے ہمیشہ کام میں مشغول ہیں تا آسمانی کواکب کا دن رات پر اثر پڑتا ہے۔'' غرض اس میں کذب کوئی نہیں۔

یہ دوسری بات ہے کہ مختار مدعا علیہ اس میں کچھ تاویل کرے مگر تمام تاویلات کا مفصل جواب ہیڈنگ ملائکہ کے تحت پیش کر چکا ہوں۔

## پانچواں کذب

گواہ مدعیہ نمبر ا بجواب جرح ۲۱ راگست کو یہ جھوٹ بولا کہ: ''مسیلمہ کذاب نبوت مستقلہ کا مدعی نہیں۔ اس نے اسلامی شریعت کے خلاف کوئی شریعت قائم نہیں کی...... الخ!''

الجواب: اس میں ایک حرف بھی غلط نہیں۔ وہ تو تابع یا شریک نبی بننا چاہتا تھا۔ یہی قرآن پڑھتا تھا، یہی نماز، یہی اذان تھی، یہی روزہ

وحی۔ اسی شریعت پر عمل ادّعاء معمولی ترمیمات اس سے زائد نہ تھیں جو مرزا صاحب نے کیں۔ بہرحال یہ صرف مغالطہ ہے۔ کوئی بھی کذب نہیں۔ باقی گواہ نمبر۳ اور حجج الکرامہ سے اس کے خلاف دکھانا اس کا جھوٹ ثابت نہیں کر سکتے۔ کیونکہ اس میں متقدمین نے اختلاف کیا ہے اور دونوں طرف اکابر ہیں اور اصول ہے جب اسلام میں کوئی مسئلہ مختلف فیہ ہو جائے تو اسلاف جیسے چاہیں عمل درآمد بنائیں۔ پس گواہ نمبر۱ نے اپنی تحقیق اپنے علم کے مطابق اور نمبر۳ نے اپنی تحقیق پیش کر دی۔ نہ اس میں کوئی جھوٹ ہے نہ تعارض۔

## چھٹا کذب صریح

گواہ مدعیہ نمبر۱ نے ۱۲؍اگست کو بجواب جرح کہا کہ: ''ہم احمد رضا خان بریلوی کے فرقہ کو کافر نہیں کہتے۔ احمد رضا خان کو بھی کافر نہیں کہتے۔ اس کے کلام میں تاویل کرتے ہیں۔ یہ سراسر جھوٹ ہے۔

الجواب: جھوٹ جب ہوتا کہ اس کی یا اس کے کسی مسلم بزرگ کی تحریر وتقریر اس کے خلاف پیش کرتے۔ حالانکہ نہ پیش کر سکے۔ کوکب یمانی جو اس مرحلہ پر پیش کی تھی۔ اس کی غلط بیانی عیاں ہو چکی ہے کہ وہ ان سے ان کی مسلمات پر استفسار رہے نہ ان پر فتویٰ کفر۔ اس سے قبل مفصل گزر چکا وہیں سے ملاحظہ ہو۔ نیز حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی فیض آبادی کے شہاب ثاقب کے (ص۱۲۷) کا جو حوالہ دیا ہے، اس میں کہیں بھی ان کی تکفیر نہیں کی۔ ہاں! سختی سے جواب ضرور دیا اور ان کی خیانتیں واضح کی ہیں۔

## ساتواں کذب

گواہ مدعا علیہ نمبر۱ نے ۲۱؍اگست بجواب جرح کہا کہ حدیث: ''من ترک الصلوٰۃ متعمداً فقد کفر'' یہ کہا کہ امت اس کے معنی یہ سمجھتی ہے کہ کفر کا سا فعل کیا...... الخ!

الجواب: اس کا مفصل جواب متعارضات کے سلسلہ میں اس سے قبل گزر چکا، اب اعادہ کی ضرورت نہیں۔ بہرحال یہ بھی قول سرتاپا صداقت ہے۔ کذب کا شائبہ تک نہیں بلکہ اسے کذب بتانا ہی ایک کھلی ہوئی کذب بیانی ہے۔

## آٹھواں کذب

گواہ مدعیہ نمبر۲ نے بجواب جرح ۲۴؍اگست کو کہا کہ مرزا صاحب نے اپنی کسی کتاب میں وحی کو جمع نہیں کیا اور نہ انہوں نے کسی خاص کتاب کو شریعت قرار دیا۔ لیکن ان کی جو وحی جس جس کتاب میں درج ہے وہ وحی شریعت جدیدہ ہے۔

الجواب: اس میں جھوٹ کیا ہے جب کہ اپنی تمام وحی کو قرآن پاک کی طرح سمجھتے ہیں۔ جیسا کہ اوپر حوالوں سے گزر چکا تو اب شریعت جدیدہ ہونے میں کیا شک ہے۔

نیز اربعین کا حوالہ متعلقہ نبوت تشریعی کو بھی کہ: ''سوچو شریعت کسے کہتے ہیں...... الخ!'' (اربعین نمبر۴ ص۶، خزائن ج۱۷ ص۴۳۵) بھی اس سے ملا لیا جائے تو صداقت اظہر من الشمس ہو جاتی ہے۔

## نواں کذب

گواہ مدعیہ نمبر۲ نے ۲۴؍اگست کو بجواب جرح کہا کہ: ''مرزا صاحب نے ازالہ اوہام کے بعد قرآن کو آخر الکتاب نہیں مانا۔''

الجواب: اس میں جھوٹ ہی کیا ہے۔ اس کے بعد مدعی نبوت ووحی نبوت ہوئے اور اپنی وحی قرآن کی طرح ماننے لگے۔ پھر قرآن آخری وحی اور آخری کتاب کیونکر رہا؟

## دسواں کذب

گواہ مدعیہ نمبر۳ نے مؤرخہ ۲۹؍اگست بجواب جرح کہا کہ:’’(مکتوبات ج۲ص۹۹ مکتوب ۵۱) میں جو کچھ لکھا ہے وہ کشفی ہے یا الہامی۔‘‘

الجواب: یہ بالکل صحیح ہے۔ مختار مدعاعلیہ کی اس سے خود ناواقفی ہے۔ اوپر حوالہ پیش کر چکا ہوں کہ یہی مکتوب جس جگہ ختم کیا ہے۔ وہی فرمایا ہے کہ یہ مجھے بطور علم لدنی سکھایا گیا ہے جو صراحت ہے اس امر کی کہ یہ کشفی ہے۔ نیز کشفی کے اور بھی ثبوت اوپر جہاں یہ حوالہ آیا ہے پیش کر چکا ہوں۔ صرف اپنی ناواقفی سے دوسری تحقیق غلط اور کذب بتانا نامناسب امر ہے۔ نیز مختار مدعاعلیہ نے حوالہ آخر سے کاٹ کر نقل کیا تاکہ اصل حقیقت پوشیدہ رہے یہ بھی ایک خیانت ہے۔

## گیارہواں کذب

گواہ مدعیہ نمبر۳ نے ۲۸؍اگست بجواب جرح (مسلم الثبوت ج۲ص۱۹۵) پھر اس کا مفہوم اس سے نقل کیا اور تبصرہ یہ کیا کہ یہ مفہوم غلط ہے۔

الجواب: مختار مدعاعلیہ کی سمجھ میں نہ آئے یہ دوسری بات ہے۔ باقی مفہوم بالکل صحیح مراد متکلم کے موافق دوسری تصحیح کے مطابق ہے۔

## بارہواں کذب

گواہ مدعیہ نمبر۳ نے ۲۸؍اگست کو بجواب عبارت (فقہ اکبر ص۱۴۷) کی عبارت ہے...... الخ! یہ مفہوم صحیح نہیں۔

الجواب: یہ مفہوم بالکل صحیح ہے اور اگر مغالطہ دینا مقصود نہیں تو مختار مدعاعلیہ کی غلط فہمی ہے۔ یہ دوسری بات کہ اس کے نزدیک کفرواسلام کا کوئی اور معیار ہو۔ پھر خود جو مفہوم پیش کیا ہے، اس سے اس کی واقفیت کا بھی پتہ چلتا ہے۔ کسی ایک ٹکڑے کو لے کر مطلب بیان کرنا اور بات ہے اور مصنف کے مسلک کا لحاظ کرتے ہوئے اس کا مفہوم ادا کرنا اور ہے۔

## تیرہواں کذب

گواہ مدعیہ نمبر۴ نے ۳۱؍اگست کو بجواب جرح حدیث علماء ہم...... الخ!

الجواب: گواہ مدعیہ نمبر۴ نے جو مفہوم حدیث لکھایا ہے وہ دیگر احادیث صحیح کی روشنی میں ہے اور وہی صحیح ودرست ہے۔ مگر مختار مدعاعلیہ اپنے تصنیف کردہ مطلب کو صحیح بتاتا ہے، اسے اختیار ہے۔ مگر اسے جھوٹ نہیں کہہ سکتے۔ اسلاف کے مطابق وہی ہے۔ مفصل طوالت طلب ہے۔ لہٰذا ترک کرتا ہوں عدالت خود ملاحظہ فرمائے۔

## چودہواں کذب

گواہ مدعیہ نمبر۴ نے ۳۱؍اگست بجواب جرح کہا کہ (مکتوب ج دوم ص۱۰۷) میں جو لکھا ہے مکاشفہ ہے...... الخ!

الجواب: اس کا جواب نمبر(۱۰) میں دے چکا۔ اس مکتوب کے آخر میں اس کی تشریح ہے کہ یہ ان کی خصوصیت علم لدنی اور کشفی سے ہے۔ آخر مکتوب کے لفظ حذف کر کے مختار مدعاعلیہ نے اوپر حوالہ پیش کیا ہے جب کہ عرض کر چکا۔

غرض یہ کہ ایک بھی جھوٹ ثابت نہ ہو سکا اور بحمد اللہ! گواہان مدعیہ کی شہادتیں بالکل بے لوث رہیں۔

وجہ ہفتم:

## قطب الوقت حضرت خواجہ غلام فرید صاحب کی شہادت

اس سلسلہ میں مختار مدعا علیہ نے وہی استدلال انہیں مصنوعی الفاظ کے ساتھ نمائشی حضرت خواجہ صاحب کے محامد ذکر کرتے ہوئے جس طرح شہادت میں اشارات فریدی کے بعض حوالے پیش کئے تھے یہاں بھی وہی پیش کئے۔

حالانکہ جرح میں جب کہ حضرت قبلہ خواجہ صاحب کے متعلق دریافت کیا گیا تو یہ جواب دیا کہ میرے واجب الاطاعت مسلم بزرگ نہیں اور احمدی (مرزائی) ہونے کے بعد دیگر احمدیوں (مرزائیوں) کی طرح ہوں گے۔یعنی خدانخواستہ جب کہ ان کے متبعین یعنی مرزا صاحب کی امت میں رسول اکرم ﷺ کی امت سے خارج ہوکر مل جائیں تو دوسرے احمدیوں کی طرح ہوسکیں گے۔

اور ظاہر ہے کہ حضرت خواجہ صاحب مرزا صاحب کی بیعت میں باوجود دعوت پہنچنے کے شامل نہ ہوئے۔پس مرزا صاحب کا فتویٰ ان کے متعلق ان کے اس اصول سے معاذ اللہ! یہ رہا کہ بہرحال جب کہ خدا تعالیٰ نے مجھ پر ظاہر کیا ہے کہ ایک شخص جس کو میری دعوت پہنچی اور اس نے مجھے قبول نہیں کیا وہ مسلمان نہیں اور خدا تعالیٰ کے نزدیک قابل مؤاخذہ ہے۔　(فتاویٰ احمدیہ ص۳۰۸)

## حضرت خواجہ مرزا محمود قادیانی کی نگاہ میں

’’کل مسلمان جو حضرت مسیح موعود کی بیعت میں شامل نہ ہوئے، خواہ انہوں نے ان کا نام تک بھی نہ سنا ہو، وہ کافر اور دائرہ اسلام سے خارج ہیں۔میں تسلیم کرتا ہوں کہ میرے یہ عقائد ہیں۔‘‘　(آئینہ صداقت ص۳۵، انوار العلوم ج۶ ص۱۱۰)

اور باقرار گواہان مدعا علیہ حضرت خواجہ صاحب قدس سرہ العزیز مرزا صاحب کی بیعت میں شامل نہ ہوئے۔(باوجود بزعم فریق مدعا علیہ حضرت قبلہ قدس سرہ العزیز بھی مرزا محمود صاحب کے نزدیک عیاذاً باللہ پکے کافر ہیں)’’جو آپ کو رسول نہیں مانتا خواہ زبان سے کتنی ہی مدح سرائی کرتا ہو وہ بھی پکا کافر ہے۔‘‘　(آئینہ صداقت ص۸۶، انوار العلوم ج۶ ص۱۵۱)

پس صرف اپنی مطلب برآری اور حکام ریاست کو فریق مدعیہ کی طرف سے بدظن کرنے کے واسطے یہ شہادت انہوں نے اس انداز میں پیش کی۔حالانکہ ان کے متعلق ان کے اصولی وہی خیالات بلکہ اس سے بڑھ کر ہیں جو اوپر نقل ہوئے۔بخلاف فریق مدعیہ کے وہ ان کو درحقیقت قطب وقت، شیخ طریقت اپنا مقتداء وپیشواء اور مسلم بزرگ تسلیم کرتا ہے اور انہیں کی تصریح کے مطابق فرقہ احمدیہ کو فرقہ ناریہ یقین کرتا ہے اور دنیا میں ان کا متبع اور آخرت میں ان کے ساتھ اپنے حشر کا متمنی ہے۔

مختار مدعیہ نے اس شہادت کے متعلق گواہان مدعا علیہ کے مسلمہ اقرار واصول اور حقائق کی روشنی میں جو اس پر بحث کی تھی، اس کی مندرجہ ذیل تاویلات کیں۔

خلاصہ تاویلات:

۱…… مختار مدعیہ نے حضرت خواجہ صاحب کے تقدس پر بے جا طعن کیا کہ آپ نے فیصلہ کے وقت کوئی تخصیص نہ کی تھی۔

۲…… آپ نے کافر کہنے والوں کو غلطی پر بتایا جو بلا اعلیٰ درجہ کی تحقیق کے نہیں ہوسکتا۔

۳…… مختار مدعیہ کا یہ کہنا کہ خط میں صرف مرزا غلام احمد لکھا نہ کہ مسیح موعود ومہدی مسعود یا کوئی اور ایسا لفظ نہیں۔کیونکہ مرزا صاحب اسے پسند نہیں کرتے تھے۔پھر بھی آپ کو اعز الاحباب لکھا۔

۴…… دیگر خطوط میں مجموعہ محاسن وغیرہ کے الفاظ ہیں۔

۵…… مندرجہ ذیل الفاظ استعمال فرمائے ہیں:’’واقف علی مقام تعظیمک قبل الرؤیۃ وماجرت کلمۃ علی لسانی

الخ معترف بصلاح الخ. موقن بانک من عباداللہ الصالحین اوتیت الفضل ...... الخ!''

''مرزاصاحب مرد نیک وصالح است'' نیک مرد کہ اہل سنت والجماعت است...... الخ!

''وتمام کلام اومملو...... الخ!'' ''مرزاصاحب میں مہدی وعیسیٰ علیہ السلام ابن مریم کے اوصاف پائے جاتے ہیں...... الخ!

۶...... مندرجہ ذیل امور دال ہیں کہ مرزاصاحب کے متعلق بعد تحقیق فتویٰ دیا۔

۱...... الفاظ مذکورہ بالا۔

۲...... خلیفہ اوّل کی ملاقات اور مرزاصاحب کے متعلق گفتگو۔

۳...... مرزاصاحب سے خط وکتابت جاری رہی جس میں اس کا ذکر ہے۔

۴...... لیکچر جلسہ اعظم کا پڑھنا۔

۵...... مخالف علماء کا جانا اوران کے وجوہات کفریہ کو کفر نہ سمجھنا اور علماء کو غلطی پر بتانا علی وقت...... الخ! (ص۱۷۸،ص۶۹،۷۰)

۶...... عبارت مرزاغلام احمد قادیانی...... الخ! (ص۱۷۹)

۷...... نورفراست سے بھی اولیاء صادق کو پہنچانتے ہیں۔

۸...... انجام آتھم جو ۱۸۹۷ء میں شائع ہوئی اوراس میں دعاوی وچیلنج مباہلہ تھا وہ بھی آپ کو پہنچی۔

۹...... کچھ قابل اعتراضات الہامات کا بھی اس میں جواب تھا۔

۱۰...... مسیلمہ کے متعلق فرماتے ہیں۔

الف...... کافروا کفراست۔ (اشارات فریدی ج۳ص۱۰۹)

ب...... ہفتاد فرقہ کہ مردود اندواہل نار۔ (فوائد فریدی ص۳۰)

۱۱...... چوڑھے چمار کو عباداللہ الصالحین فرمانے کا کوئی بھی ثبوت پیش نہ کیا۔

۱۲...... مختار مدعیہ کو مسلم ہے کہ عباداللہ الصالحین بھی ایک شہادت ہے۔ پھر خواجہ صاحب کی طرف کسی اور نے اس کی نسبت کیوں نہ شہادت دی۔

__الجواب:__

۱...... یہ غلط اور محض جھوٹ ہے۔ بلکہ جس قدران کے سامنے تحقیق حکیم نورالدین صاحب یا مرزاصاحب کی کتاب انجام آتھم جس قدر بھی سنی، اس سے ہوئی۔ ان پر حکم نہ دیا۔ دیگر کفریات خصوصاً دعویٰ نبوت اور ختم نبوت کا انکار اور حقیقت الوحی کے ناقابل برداشت کفریات اس وقت نہ تھے اور نہ انہیں پہنچے۔

یہی کب ثابت ہے کہ یہ خط من وعن حضرت خواجہ صاحب کا ہے، بلکہ اغلب یہ ہے کہ ان کا نہیں بلکہ غلام احمد اختر احمدی کا اس میں اضافہ ہے اور جعل سازی۔ ورنہ حضرت صاحب ہرگز اپنے قلم مبارک کی تصنیف یعنی نسخہ مبارکہ فوائد فریدی میں احمدی فرقہ کو فرقہ مردودہ اور ناری وجہنمی قرار نہ دیتے۔

۲...... ان دلائل کی روسے جو وہ پیش کرتے تھے، ضرور خاطی بتایا ہوگا۔ اس وقت ان کے تمام کفریات قطعیہ سامنے نہ تھے، صرف انجام آتھم کی توہین عیسیٰ تھی۔ اس پر مرزاصاحب کا اپنے بچاؤ کا ایک مصنوعی نوٹ بھی۔

پھر غلام احمد اختر نے نیز حکیم نورالدین صاحب نے ان کفریات کے خلاف واقع شہادت دی۔ حکم ظاہر پر دیا جاتا ہے نہ کسی کے

باطن پر۔ علمائے اسلام نے بھی جب تک صرف وہی امر تھا، کفر میں احتیاط اور متفقہ فتویٰ نہ دیا۔ مگر بعد میں کفر بے نقاب ہونے کے خصوصاً ۱۹۰۱ء سے متفقہ تمام علماء ومشائخ نے تکفیر کی۔ اگر حضرت قبلہ قدس سرہ العزیز! اس عالم ظاہر میں رونق افروز ہوتے تو وہ بھی مرزاصاحب کو کافر بتا کر ناموس نبی کریم ﷺ کی حفاظت میں کافی سے زائد حصہ لیتے۔

۳...... اب اس پر لکھنے کی ضرورت نہیں۔ اس کے اجزاء سب مفصل آرہے ہیں۔

۴...... پس اگر نبی کریم ﷺ اور مقدس اسلام کی درحقیقت مرزاصاحب نے جس قدر توہین عظیم کی ہے اور تمام صحابہ ؓ اور اہل بیت کرام اور اولیاء اللہ کو جو منہ میں آیا کہا ہے۔ حضرت قبلہ قدس سرہ کو پہنچتی تو مرزاصاحب کے فتویٰ تکفیر پر سب سے پہلے حضور قبلہ کے دستخط ہوتے اور ان کے تمام متبعین کو اسی وقت نہ صرف ریاست بلکہ تمام ان کے حلقہ اثر سے شہر بدر کرایا جاتا۔ انہیں تو حکیم نورالدین صاحب نے خلاف واقع بیان اور مرزاصاحب نے اپنے قول: ہر نبوت را بروشد اختتام سے مغالطہ دیا ہے اور اگرچہ صاحب نسبت حضرات پر ایسے امور غیبیہ ہی منکشف ہوتے ہیں۔ مگر یہ ہر وقت لازمی اور اختیاری نہیں:

گہے بر طارم اعلیٰ نشینم　　گہے بر پشت پائے خود نہ بینم
گاہے گاہے بر کام چشم پردۂ شود　　دیدہ ام ہر دو صاحباں رابنگاہے گاہے
ولے دور است بسے عشق منزلے　　شود جادۂ صد سالہ بگاہے گاہے

نیز مقربان بارگاہ اسرار الٰہیہ اور امور غیبیہ کو عوام پر واضح کر کے پردہ فاش نہیں کرتے۔ حکم ظاہری پر لگاتے ہیں تاکہ ناموس شرع پر کوئی حرف نہ آئے۔ پھر اس فرقہ احمدیہ کو مردود ناری بتانا اور مرزاصاحب کو کشف والہام میں خاطی ماننا اسی زمرہ سے ہے۔

۵...... مرزاصاحب پسند کرتے یا نہ مگر مسیح موعود ومہدی مسعود مان کر صرف الٰی مرزاصاحب غلام احمد بلا کسی القاب وآداب کے لکھنا کبھی عقل باور نہیں کر سکتی۔ معمولی معمولی انسانوں کو تو اعلیٰ القاب لکھے جائیں، مگر مسیح دوران ومہدی زمان کو کچھ نہیں۔ صرف مرزاغلام احمد صاحب معلوم ہوا کہ ان دعاوی کی تصدیق کا الزام محض بہتان ہے۔ بلکہ اغلب یہ ہے کہ ان تک یہ پہنچی ہی نہیں۔ کیونکہ بالاستیعاب کسی کتاب کا سننا یا دیکھنا ثابت ہی نہیں اور خود اپنی فوائد فریدی میں حضرت قبلہ قدس سرہ نوراللہ مرقدہ عیسیٰ ابن مریم کی حیات ونزول اور عیسیٰ علیہ السلام اور مہدی علیہ الرضوان کو دو علیحدہ علیحدہ شخصیتیں اور مہدی کو آنحضرت کے محمد کے نام کے ہم نام ان کے والد کا نام عبداللہ اور والدہ آمنہ اہل بیت نبی کریم ﷺ سے ہونا بلکہ تمام اہل سنت والجماعت کے معتقدات مفصلاً اپنے عقائد کے سلسلہ میں بیان فرماتے ہیں جس کے بعد ظاہر ہے۔ اگر یہ دعاوی اسے پہنچتے تو ہرگز مسیح موعود نہیں تسلیم کرتے بلکہ تکذیب وتکفیر میں سب سے پیش پیش ہوتے۔

۶،۷...... اوّلاً یہ تمام الفاظ غلام احمد اختر احمدی یا ان کے دوست ملّا رکن الدین صاحب کے بڑھائے ہوئے ہیں جن سے حضرت قبلہ نوراللہ مرقدہ کا دامن اقدس پاک ہے اور آپ کے صاحبزادے خواجہ محمد بخش جب ان الفاظ پر مطلع ہوئے تو فرمایا اس سے رکن الدین نے اپنی عاقبت خراب کر دی۔ وہ قلمی تحریرات اب تک ان کے خلفاء کے پاس ہیں۔ نیز وہ روایات ان کے متوسلین میں مشہور ہیں۔ ہم تحریرات پیش کرنا چاہتے تھے۔ عدالت نے حسب ضابطہ اجازت نہ دی، آج عدالت اجازت دے ہم پیش کر سکتے ہیں۔

نیز ان میں کوئی بھی لفظ ان کی نبوت وغیرہ کی تصدیق کے نہیں۔ معلوم ہوا کہ دراصل تمام حقیقت حال کی آپ کو اطلاع نہ دی گئی۔ ملّا رکن الدین صاحب اور غلام احمد اختر نے مل ملا کر یہ سازشیں کیں۔

۸...... ہرگز نہیں یہ امور تحقیق مکمل پر دلالت نہیں کرتے۔ الفاظ مذکورہ کے متعلق اوپر عرض کر چکا ہوں۔ مفصل ابتدائی بحث میں ملاحظہ ہو۔ حکیم صاحب کی ملاقات ہی اس امر کی دلیل ہے کہ اصل واقع پیش نہیں ہوا بلکہ حسن عقیدت اور صفائی کا حکیم صاحب نے اظہار فرمایا۔

حضرت صاحب نوراللہ قدسہ نے باور کرلیا اولیاء اللہ کے ایسے ہی وسیع اخلاق ہوتے ہیں۔ وہ دنیا داروں کی طرح امور میں کرید نہیں کرتے اور نہ اس کے مکلّف ہیں۔ حضور قبلہ تو دنیا سے کنارہ کشی، مراقب ذات صفات تھے۔ انہیں ان امور سے شغف تھا اور مہلت ہی کب تھی۔ صوفیائے کرام کسی کو برا نہیں کہتے۔ حتیٰ کہ اپنے دشمن کو۔ ریاست کے باشندے بھی واقف ہیں کہ ان کے معاملات ان لوگوں کے ساتھ کیا رہے، جنہوں نے انہیں گالیاں دیں اور برا کہا۔ خط وکتابت اور تقریر جلسہ اعظم میں کوئی بھی کفریہ دعویٰ والہام نہیں خط وکتابت میں تو اسلامی عقیدہ: ہر نبوت را بروشد اختتام سے مغالطہ دیا ہے۔ اس کے بعد پھر ہر نبوت کے عموم کو باطل قرار دے کر خود نبی اور انبیاء سابقین سے افضل اور سید الانبیاء کے ہم سر بلکہ کچھ بڑھ کر بن گئے ہیں۔

یوں ہی اس تقریر کے بعد اپنی کتب میں کوئی بھی کفر نہ چھوڑا جو نہ لکھا ہو۔ خصوصاً ۱۹۰۱ء کے بعد۔ مخالف علماء کے وجوہ کفر انجام آتھم کے نوٹ اور غلام احمد اختر اور حکیم نورالدین صاحب مغالطہ آمیز صفائی کے بعد یقیناً قابل اعتماد نہ سمجھے ہوں گے۔ حضور قبلہ نوراللہ مرقدہ کا یہ سمجھنا اس وقت حق بجانب ہے اور اس وقت دیگر علماء کا بھی متفقہ فتویٰ نہ تھا اور نہ صرف اسی کتاب پر فتویٰ کفریہ ہے۔ اصل معاملہ تو ۱۹۰۱ء کے بعد جب نبوت سے پردہ اٹھا اور کھل کے تمام اپنی گول مول دعاوی والہامات کفریہ کی شرح کی اور دین کی بنیادوں پر زبردست ضرب کاری لگائی اور انبیاء کرام حتیٰ کہ سید الانبیاء ﷺ اور تمام صحابہ، اہل بیت واولیاء اقطاب وابدال کی توہین کیں۔ اس وقت متفقہ عرب وعجم کے علماء ومشائخ غرض کہ تمام فرق اسلامیہ نے کافر بنایا اور آج روئے زمین پر کوئی بھی فرقہ انہیں مسلمان نہیں کہتا۔ بلکہ اسلام کا سب سے زیادہ دشمن انہیں کو شمار کرتا ہے۔ اس سلسلہ کے دیگر امور کا بھی اس میں جواب آچکا۔

۹...... انجام آتھم پہنچی ہو مگر اوّل سے آخر تک بالاستیعاب مطالعہ کا ثبوت نہیں، نہ کل کے سننے کا۔ نیز اس میں تمام دعاوی بھی نہیں ۱۹۰۱ء کے جب کہ تمام دعاوی کفریہ بے نقاب ہوئے۔ اس وقت جیسی کوئی کتاب نہ پہنچی اور نہ تھی اور علماء اسلام کا متفقہ فتویٰ کفر دعویٰ نبوت کے پورے اظہار کے بعد اور کثریات کے قطعی الثبوت ہو جانے پر ہوا ہے۔

۱۰...... جب ہی تو مغالطہ ہوا اور کفر کا فتویٰ نہ دیا گیا۔ ورنہ اس کے بعض الہامات حضور قبلہ قدس سرہ العزیز جیسے صاحب بصیرت کے فتویٰ کفر کے واسطے کافی ہوئے۔ اس میں پردہ ڈالنے کو کچھ غلط تاویلات مغالطہ آمیز بھی تھیں۔

۱۱...... مسیلمہ کذاب کو جس طرح کافر اکفر بتایا بوجہ دعویٰ نبوت کے اگر مرزا صاحب کا دعویٰ نبوت پہنچتا تو انہیں بھی اسی طرح کافر اکفر بتاتے۔ ہفتاد فرقہ جنہیں مردود ناری بتایا، ان میں مدعا علیہ کا فرقہ احمدیہ بھی تو ہے اور گواہ نمبر۲ کا جواب جرح کا اقرار ہے کہ ہندوستان میں فرقہ احمدیہ صرف مرزا صاحب ہی کا فرقہ ہے نہ کوئی اور۔

۱۲...... چوڑھے چمار کے عباد اللہ الصالحین ہونے کا ثبوت بحمداللہ! ہمارے پاس قطعی اور تحریری موجود ہے اور ہم پیش کررہے تھے۔ عدالت نے حسب ضابطہ وقت گزر جانے کی وجہ سے اجازت نہ دی تھی، آج اگر بے ضابطہ اجازت ہو جائے تو ہم آج پیش کر سکتے ہیں۔

۱۳...... یقیناً عباد اللہ الصالحین اگر حضور قبلہ فرماتے تو سوائے ان سازشی حضرات اور خصوصاً غلام احمد اختر احمدی کے علاوہ کوئی ایک تو خلفاء ومریدین ومتوسلین میں تو شاید ہوتا۔ مگر ایک بھی نہیں بلکہ خلفاء اور خصوصاً صاحبزادہ تو اس کی وجہ سے ملّا (رکن الدین) صاحب کو فرماتے ہیں کہ انہوں نے اپنی عاقبت خراب کرلی۔

نیز اگر حضور قبلہ انہیں مسیح ومہدی سمجھتے تو ہندوستان اور خصوصاً پنجاب اور بالخصوص حضرت کے متوسلین اس سے ناواقف رہتے یا وہ حضرت کی مخالفت کرتے، بلکہ سب کے سب اور سب سے پہلے خلفاء داخل سلسلہ ہوتے۔ مگر بحمداللہ! آج تک سوائے غلام اللہ اختر کے جو پہلے سے احمدی تھا ایک بھی احمدی نہ ہوا۔ معلوم ہوا کہ یہ سب سازشی کارروائی تھی۔ حضور قبلہ کا دامن اقدس اس سے بالکل پاک ہے۔ فاللہ الحمد!

## بعض اعتراضات کے جواب کا جواب الجواب

۱...... صرف انجام آتھم یا اس کے ضمیمہ میں خطوط کا شائع ہونا اور اس کی تائید صرف اسی سازشی کارروائی غلام احمد اختر پر منحصر ہونا، ان خطوط کے مشکوک ہونے پر کافی تھا۔ پھر کسی خلیفہ کی تائید نہ حاصل ہونا بلکہ اپنی مجلسوں میں زبردست تردید۔ حتیٰ کہ اسے ملاّ صاحب کی بربادی عاقبت کا سبب بتانا، ایسے واضح امور تھے کہ جس کا جواب ہی ناممکن تھا۔

مختار مدعا علیہ سے کوئی معقول تاویل بھی نہ بن سکی۔ صرف یہ کہہ کر ٹالا کہ اس سے کیا اگر کسی دوسرے نے نہ شائع کیا اور کسی نے تردید تو نہ کی۔ اوّلاً مرزاصاحب کی کتابیں کون مسلمان بلاضرورت دیکھتا ہے۔ پھر اشارات میں ان خطوط سے کسے دلچسپی ہوگی۔ نیز میں تو عرض کر چکا کہ خلفاء اور خصوصاً صاحبزادہ بھی بعد اطلاع اس سے اظہار بیزاری فرماتے رہے اور اسے ملاّ صاحب کا افتراء اور سوء عاقبت کا سبب فرماتے رہے۔ آج بحمداللہ! چاچڑاں شریف کی گدی آباد ہے اور اس کے زیب سجادہ سے تصدیق کی جاسکتی ہے۔

یہ کہنا کہ شائع کیوں نہ کیا، اس کا جواب یہ ہے کہ صوفیائے کرام کو اشاعت واشتہارات وطباعت کی فرصت نہیں ہوتی۔ وہ ہمہ وقت ذکر وشغل میں مشغول ہوتے ہیں اور ذکر وشغل میں مصروف رہتے ہیں۔ پھر زبانی اشاعت اتنی ہوچکی تھی کہ اشتہارات کی ضرورت ہی نہ تھی۔ اسی کا تواثر ہے کہ ایک بھی خواجہ صاحب کا غلام، مرزاصاحب کے زمرہ میں نہ شامل ہوا، بلکہ سب کے سب تمام مسلمانوں کی طرح انہیں مرتد وکافر سمجھتے رہے اور سمجھتے ہیں۔ یہ کہنا کہ خواجہ صاحب کو یہ رسالہ وخطوط پہنچے آپ نے تردید نہ کی، یہ بھی غلط ہے۔ کیونکہ اور موثق ثبوت سواء اس مشتبہ اشارات فریدی کے نہیں جس پر اعتماد ہوسکے۔ اگر تائید کرتے تو ایک تو شاہد اور مؤید ہوتا۔

۲...... مرزاصاحب کے کشف کو جب غلطی پر محمول فرماتے رہے تو یہ کہنا کہ انہوں نے تصدیق کی محض مغالطہ ہے اور کہنا کہ لوگوں کے سمجھانے کو کہا کہ زیادہ سے زیادہ خطاء کشف میں مان لو۔ اس سے زائد مضحکہ خیز ہے اور کیا یہ پھر کشف کی غلطی کے مطالب کی توضیح مکتوب وغیرہ سے سب بے کار رہے۔ مسیح موعود اور مہدی مانتے، پھر ان کے کشف جو بمنزلہ وحی کے تھا غلط اور خطاء بتاتے، ناممکن نہ تھا یہ سب بیکار تاویلیں ناقابل التفات ہیں۔

۳...... اس کا جواب کہ مرزاصاحب کے آدمیوں نے سازشی طور پر خلاف واقعہ صفائی پیش کر کے حضور قبلہ قدس سرہ العزیز! کو مطمئن کردیا۔ کچھ نہ ہوسکا بلکہ غلط پروپیگنڈے کے طور پر تاویلیں کیں کہ اس سے تو یہ قول بہرحال تسلیم ہی کر لیا۔ حالانکہ یہ جواب برتقدیر تسلیم وبطور فرض محال تھا۔ ورنہ اس کا ثبوت ہی نہیں۔ جیسا مختصراً اوپر اور مفصل اصل بحث میں عرض کر چکا۔

یہ کہنا اس سے زائد ناقابل التفات ہے کہ اس میں حضور قبلہ پر حملہ ہے کہ آپ سے جو شخص جو بھی چاہتا تھا لکھا لیتا تھا اور صادق وکاذب میں فرق نہ کرتے تھے۔ یہ محض مہمل جواب ہے، بلکہ مختار مدعیہ کے قول کا ماحصل یہ ہے کہ خواجہ صاحب کے روبرو مرزاصاحب کے متعلقین ان کے خلیفہ اوّل یا ان کے معتقدین کی شہادتیں ان کی صفائی میں تھیں اور اس وقت اس کے خلاف کوئی مدلل آپ کے روبرو شہادت نہ گزر سکی۔ مولوی غلام دستگیر قصوری بناء تکفیر انجام آتھم کی عبارت کو قرار دیا تھا۔ وہاں توضیحی مرزاصاحب کا نوٹ موجود ہے اور یسوع کی توہین کی تاویل کی ہے۔ پس وہ تنہا بلاکسی دوسرے خارجی شہادت کے تکفیر، جیسے اہم مسئلہ میں کافی وقابل اطمینان نہ تھا۔ پس فتویٰ کفر سے احتراز کیا، مگر انہیں بھی عباداللہ الصالحین میں سے فرمادیا جو مرزاصاحب کے مکفر تھے۔ اس سے خواجہ صاحب کا صوفیانہ مسلک بھی واضح ہوگیا۔ ورنہ مسیح موعود اور مہدی مسعود کو کافر بتانے والے کو عباداللہ الصالحین کہنے کے کیا معنی۔ عجیب بات مسیح موعود بھی عبداللہ الصالحین سے اور ان کو کافر ماننے والے بھی عباداللہ الصالحین میں؟ یقیناً خواجہ صاحب کا دامن قدس اس سے پاک ہے۔ کبھی بھی وہ مرزاصاحب کو مسیح موعود اور مہدی نہیں مانتے تھے۔

۴...... اس کا کوئی جواب ہی نہیں ہوسکتا کہ بعد تسلیم اس امر کے کہ خواجہ صاحب نے مسلمان ہی مانا، مگر قبل دعویٰ نبوت واظہار نبوت کے یعنی ۱۹۰۱ء سے پہلے جب کہ ان کو بھی یہی لکھا تھا کہ: ہر نبوت را بروشد اختتام۔ ورنہ ان پر بھی وہ ہی فتویٰ ہوتا جو مسیلمہ مدعی نبوت پر بوجہ دعویٰ نبوت کے ارشاد فرمایا کہ: ''کافر اکفر است'' ملاحظہ ہو (اشارات فریدی ج۳ص۱۰۹) لہٰذا مرزا صاحب اور تمام مدعیان نبوت بعد آنحضرت ﷺ پر مرزا صاحب کا فتویٰ اس میں کافر اکفر ہونا موجود ہے۔ **فاعتبروا یا اولی الابصار!**

اب یہ توجیہ کہ اس قسم کا دعویٰ اور اس قسم کا یا الہامات میں ''**هو الذی ارسل رسوله...... الخ!**'' بھی تھا۔ نیز ''**لاغلبن انا ورسلی...... الخ!**'' یا اور اسی قسم کے یہ سب بوجہ نبوت نہ ہونے کے مستور تھے اور دوسرے معانی پر محمول یا خطاء وغلطی پر۔ جیسا کہ اسی اشارات میں کشوف والہام میں خاطی قرار دیا ہے، یہ سب تاویلات ہی فضول ہیں۔ جب نبوت پر پردہ پڑا تھا اور بالکل مسلمانوں کی طرح ہر قسم کے مدعی نبوت پر لعنت بھیجتے اور ہر قسم کے امتی وغیر امتی نئے یا پرانے نبی کا آنا، بعد آنحضرت ﷺ خاتم النّبیین کے منافی اور کفر بتاتے تھے۔ جیسا کہ ختم نبوت کی بحث میں مفصل گزر چکا۔

۵...... مولوی رکن الدین صاحب سے غلام احمد اختر احمدی کا تعلق اور انہی کا مسودہ خطوط لکھنا تو مسلم ہے۔ اب یہ تاویل احتمالات کسی طور پر نافع نہیں، ثبوت بہر حال مشتبہ ہوگیا۔

۶...... اس کا بھی کوئی جواب نہ ہوسکا، بلکہ تسلیم کرلیا کہ سوائے غلام احمد صاحب اختر کے اور کسی مرید، حتیٰ کہ خود ملاّ رکن الدین بھی مرزا صاحب کی بیعت میں شامل نہ ہوئے۔ یہ کہہ دیا کہ یہود نے کب آنحضرت ﷺ کو باوجود اپنے انبیاء کی خبر کے مانا، گویا یہ سب حضرات جو حضرت قبلہ کے مرید ہیں جنہوں نے مرزا صاحب کی بیعت نہ کی یا تصدیق نہ کی۔ عیاذاً باللہ! یہود کی طرح ہوئے۔

۷...... خواجہ محمد بخش صاحب کا برادر دینی کہنا یقیناً اس کی تمام تحریرات اور ہر قول وفعل کی تائید وتوثیق نہیں کرتا۔ بخلاف غلام احمد اختر کو اخویکم کہنا ملاّ رکن الدین صاحب کا تعلق ضرور ثابت کرتا ہے۔ تعلق ہونا اور چیز ہے، غلام احمد اختر کو اخویکم کہنا وتوثیق اور شئے ہے۔

۸...... خواجہ محمد بخش صاحب کی تقریظ میں کہیں بھی یہ نہیں کہ میں نے اسے از اوّل تا آخر کما حقہ مطالعہ کیا ہے، نہ عموماً تقریظات میں یہ ہوتا ہے۔ معمولی نظر ڈال کر مؤلف کے اعتماد پر تصدیق وتقریظ لکھ دی جاتی ہے۔

باقی مریدوں کا طبع کے واسطے اصرار تو حضرت خواجہ صاحب کے ملفوظات کی وجہ سے تھا نہ مرزا صاحب تصدیق کی سازش کارروائی کے لئے۔

اس سے توثیق کیا ہوئی، مرزا صاحب کا قول اشارات حضرت خواجہ صاحب کی تصنیف ہے اور گواہان مدعا علیہ کے بہ قول وہ ملاّ رکن الدین صاحب کی ہے۔ اس تناقض پر کوئی معقول توجیہ نہ پیش کرسکے، صرف تاویلات ناقابل التفات کیں۔

پھر گواہ کا کبھی یہ کہنا کہ خواجہ محمد بخش صاحب نے سبقاً سبقاً سنی اور پھر سوالات مکرر میں اس کی اصطلاح کہ نہیں خود خواجہ صاحب نے سنی دونوں غلط ہیں۔ کیونکہ گواہ نمبر۱ نے بجواب جرح ۹؍مارچ ۱۹۳۳ء تسلیم کا ہے کہ اشارات مرتب ہی خواجہ صاحب کے بعد ہوئے اور طباعت واشاعت بھی۔

زیادہ تعجب تو یہ ہے کہ ملاّ رکن الدین صاحب یا غلام اختر صاحب احمدی کے اقوال تو قابل قبول بلاتأمل وشک وشبہ ہیں۔ مگر خود حضرت خواجہ صاحب کی تصنیف اشارات فریدی جس میں آنحضرت ﷺ کو مطلقاً سب سے آخری نبی ہونا لکھا ہے اور تمام عقائد مرزا صاحب اور ان کی جماعت کے خلاف اہل سنت والجماعت کے موافق لکھے ہیں اور اس کے (ص۲۹،۳۰) پر فرقہ احمدیہ کو مردود وناری فرقہ

بتایا ہے۔اس میں بے کار اور بے ربط تاویلات وشبہات نکالے جاتے ہیں۔اس کا صاف یہ مطلب ہے کہ جو اپنے مطلب کے موافق ہو وہ تو قبول، ورنہ رد اور ناقابل قبول۔جس سے مرزاصاحب کی تصدیق ہو، وہ صحیح۔خواہ سازشی اور فرضی ہی کیوں نہ ہو اور نہایت مستند ومعتبر بھی۔ اگر مرزاصاحب کی تصدیق نہ ہو تو غلط بلکہ احادیث صحیح تک ردّی کی طرح پھینکنے کے لائق۔

یہ کہنا کہ مرزاصاحب کے فرقہ کا نام فوائد فریدیہ کی تصنیف تک فرقہ احمدیہ نہ تھا۔محض مغالطہ ہے اور اس کی تائید تریاق القلوب کے سنہ طباعت سے بھی کافی نہیں۔کیونکہ زائد سے زائد بفرض تسلیم اس سے یہی ثابت ہوگا کہ گورنمنٹ میں اس نام کی مردم شاری کے لئے رجسٹرڈ کرنے کی درخواست بعد کو کی ہے مگر یہ نہیں کہ یہ نام ایجاد ہی اس سنہ سے ہوا بلکہ پہلے اور ہمیشہ سے ہندوستان میں نام صرف مرزا صاحب کے متبعین کے واسطے باقرار گواہ مدعا علیہ نمبر۲، مؤرخہ ۲۰؍مارچ مخصوص ہے۔

نیز براہین احمدیہ جو سب سے پہلی کتاب ہے۔اس کی نسبت بھی اس کا قرینہ مؤید ہے کہ جماعت کا نام بھی ابتداء سے ہی احمدیہ تھا۔بہرحال گواہ کے اقرار کے بعد اب یہ تمام احتمالات بے معنی ہیں اور یقیناً حضرت قبلہ مدظلہ تعالیٰ نے اس فرقہ یعنی فرقہ احمدیہ کو فرقہ مردود وناریہ قرار دیا ہے اور باقرار گواہ ہندوستان میں کوئی اس نام کا فرقہ ہی نہ تھا۔مولانا رشید احمد صاحب کے متبعین رشیدیہ کے نام سے موسوم ہیں۔جیسا القول الصحیح سے بحث میں پیش کر چکا۔

بہرحال یہ تمام تاویلیں محض بے سود ہیں۔

## خلاصہ جواب الجواب متعلقہ شہادت حضرت خواجہ صاحب

اوّلاً یہ شہادت شہادتی اصول پر محقق اور ثابت نہیں بلکہ اغلب یہ ہے کہ خواجہ صاحب کی نہیں۔یقیناً غلام احمد اختر احمدی کی سازش ہے۔جیسا کہ مفصل اصل بحث میں پیش کر چکا ہوں۔نیز مرزاصاحب کا ان کو مکفرین کی فہرست میں شمار کرنا، اس امر کو کافی ہے کہ خواجہ صاحب انہیں کافر سمجھتے تھے۔دوسرے اس پر کسی خلیفہ یا مرید نے اعتماد نہ کیا، نہ مرزاصاحب سے وابستہ ہوئی، نہ تصدیق کی نہ بیعت۔

تیسرے یہ بھی ثابت نہیں کہ مرزاصاحب کی کوئی کتاب ’’من اوّلہ الاآخرہ ‘‘حضرت خواجہ صاحب نے دیکھی یا سنی ہو۔ چوتھے ان کے وصال کے بعد مرتب ہوئی۔ملا رکن الدین جامع اشارات کی توثیق کے متعلق خواجہ صاحب سے کچھ منقول نہیں۔پانچویں ان کے کلام کو طاقت بشری سے خارج بتایا ہے جو خواجہ صاحب سے متصور نہیں۔تمام مرزاصاحب کے دعاوی ومعتقدات خواجہ صاحب کی اپنی کتاب فوائد فریدی کے سراسر مخالف ہیں۔بلکہ ان کے مخالف عقائدوں سے آخر تک موجود ہیں۔نبوت، دجال، یاجوج وماجوج، نزول عیسیٰ وغیرہ میں مرزاصاحب کے خلاف اہل سنت کے موافق ہیں۔جیسا کہ جرح میں حوالے پیش کر چکا۔

پھر خود فوائد فریدی میں احمدیوں کو فرقہ مردودہ اور ناریہ میں شمار کیا۔جیسا کہ گواہوں کے مسلمات سے اصل بحث میں پیش کر چکا۔

ان دلائل وبراہین کی روشنی میں ان خطوط کی نسبت حضرت خواجہ صاحب کی طرف کرنا بہتان عظیم ہے۔

اور اگر بفرض تسلیم ہی کرلیں تو یہ اس وقت تھا، جب تک دعویٰ نبوت نہ تھا اور انہیں یہ لکھ بھیجا کہ ہر نبوت را بروشد اختتام۔ورنہ بعد دعویٰ نبوت وہی مسیلمہ مدعی نبوت پر کا فتویٰ اکفر کافر ہونے کا موجود ہے کہ مرزاصاحب بھی مسیلمہ کی طرح کافر ہیں۔لہٰذا ایک طرف تو مدعا علیہ اور اس کی جماعت کے دو مبلغ مرزاصاحب کو مسلمان اور ان کے فرقہ کو اسلامی فرقہ ثابت کر رہے ہیں اور دوسروں کی طرف ایک خدا رسیدہ بزرگ اور تمام پنجاب وہندوستان کا مسلم تاجدار بہاولپور کے پیرومرشد حضرت خواجہ غلام فرید صاحب نوراللہ مرقدہ ہیں۔

جن کا احترام تمام ریاست کے راعی ورعایا پر ضروری ہے۔ وہ اپنی کتاب فوائد فریدی میں فرقہ احمدیہ کو مردود ونار یہ اور مدعی نبوت مسئلہ جیسے کو گمراہ کافر فرمارہے ہیں۔ پس اس جماعت کے کفر وارتداد میں اب کون سا شبہ رہ جاتا ہے۔

## آخری گزارش

تنگی وقت اور تحدید کی وجہ سے اب کوئی جنرل جواب الجواب تمام جوابی بحث پر پیش نہیں کرسکتا اور نہ جدید حوالوں اور خیانتوں میں تیز کلامی کی فہرست پیش کرنا ممکن ہے۔ عدالت کو خود ہی ملاحظہ مسل کے وقت معلوم ہوجائے گا۔ دوران جواب میں اشارات کرتا رہا ہوں۔

## استدعا

تنقیح اوّل کا حصہ اوّل مدعاعلیہ احمدی ہونا یا قادیانیت ومرزائیت اختیار کرنا تو اقراری ہے۔ حصہ دوم یعنی اس سے ارتداد وکفر کا لازم آنا تمام تاویلات مختار مدعاعلیہ کا مدلل جواب دے کر اور مغالطوں کا انکشاف کر کے تقریباً دوسو سے زائد قطعی دلائل آیات قرآنیہ قطعی الدلالت وقطعی المعنی والمراد اور احادیث صحیحہ مشہورہ ومتواترہ واجماع صحابہ وائمہ وتمام امت واقوال سلف وخلف وعلماء صوفیہ واکابر سے مدلل ثابت کر دیا کہ نہ صرف وجوہات پنجگانہ بلکہ اور بھی وجوہات کثیرہ سے مدعاعلیہ اور اس کے مقتداء وجماعت کافر مرتد دائرہ اسلام سے خارج ہیں۔

اب صرف تنقیح دوم باقی رہی کہ کیا اس سے فسخ نکاح لازم آتا ہے؟ اس کے واسطے ہر دو گواہوں کا اقرار پیش کر چکا ہوں کہ: ’’اگر مرتد ہوجائے تو عام حکم یہی ہے کہ نکاح فسخ ہوجائے گا۔‘‘ (جرح گواہ مدعاعلیہ نمبر۱، مؤرخہ یکم؍مارچ ۱۹۳۳ء)

’’تعامل تمام مسلمانوں کا یہی ہے کہ ارتداد سے نکاح فسخ سمجھا جاتا ہے۔‘‘ (جرح گواہ مدعاعلیہ نمبر۲، مؤرخہ ۲۱؍مارچ ۱۹۳۳ء)

## پس مقدمہ ہٰذا میں

نکاح مدعیہ کا فسخ اور مقدمہ بحق مدعیہ ڈگری ہونا چاہئے۔

’’واٰخر دعوٰنا ان الحمد للہ رب العالمین، وصلی اللہ علی حبیبہ اوّلاً وآخراً دائماً متوالیاً علیٰ اٰلہ وصحبہ واولیاء امتہ اجمعین‘‘ (ابوالوفاء نعمانی عفاء اللہ عنہ، شاہجہانپوری)

۱۰؍مئی پنجشنبہ ۱۹۳۴ء

__نوٹ:__ قارئین! فائنل پروف پڑھتے ہوئے اختتام سے چھ سطریں پہلے فقیر کے دل میں یہ داعیہ وارد ہوا کہ اگر اس کام اور مولانا ابوالوفاء نعمانی شاہجہانپوری کی تحریر سے کوئی تطابق ہوجائے تو فقیر کے اس کام کی عنداللہ قبولیت اور فقیر کی مغفرت کی امید کا باعث ہو گا۔ اس وقت میرے خیال میں صرف مہینہ کے توافق کی بات تھی۔ جب دیکھا تو تاریخ کا تطابق بھی ساتھ ہوگیا۔

قارئین! دوسرا عجیب وغریب توافق یہ سامنے آیا کہ مولانا ابوالوفاء شاہجہانپوری نے یہ بیان ۱۰؍مئی ۱۹۳۴ء کو عدالت میں جمع کر دیا۔ عدالت کا فیصلہ ۷؍فروری ۱۹۳۵ء کو صادر ہوا۔ مولانا ابوالوفاء کی تدفین بھی ۷؍فروری ۱۹۸۰ء کو ہوئی۔ مالک ارض وسماء یا رب العالمین میرا آپ کی ذات کے متعلق یہی عقیدہ ہے کہ اگر آپ نے کام کی توفیق دی ہے۔ یہ تیری جناب میں عمل مقبول ہے تو میری نجات بھی فرما۔ امین بحرمۃ النبی الامی الکریم خاتم النّبیین یا ارحم الراحمین! فقیر: اللہ وسایا بہاول پوری

۱۶؍رمضان المبارک ۱۴۴۱ھ، مطابق ۱۰؍مئی ۲۰۲۰ء یکشنبہ

# فیصلہ

مقدمہ مرزائیہ بہاول پور مصدرہ ۷؍فروری ۱۹۳۵ء

جس میں

جناب محمد اکبر خان صاحب بی.اے، ایل.ایل.بی

ڈسٹرکٹ جج بہاول پور

نے

مرزائیت کو ارتداد قرار دے کر

مسلمہ کا نکاح مرزائی سے فسخ فرمایا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۱۹۳۴ء کے اواخر میں جب کہ شہادت فریقین ختم ہوکر فیصلہ زیرغور تھا۔ جلال الدین شمس مختار مدعاعلیہ کی جانب سے ایک درخواست مؤرخہ ۴؍دسمبر ۱۹۳۴ء بدیں مضمون پیش کی گئی کہ عبدالرزاق مدعاعلیہ مؤرخہ ۱۰؍نومبر ۱۹۳۴ء کوفوت ہوگیا ہے۔ لہٰذا مقدمہ زیر بحث میں کسی تجویز کی ضرورت نہ ہے۔ مثل مقدمہ داخل دفتر کردی جائے۔

ایک طرف مرزائی جماعت کو اپنے دنیاوی اسباب پر بھروسا تھا تو دوسری جانب اہل ایمان کو مسبب الاسباب پر کامل یقین۔ وہ چاہتے تھے کہ حق وباطل کے اس عظیم مقدمہ پر فیصلہ ہرصورت بحق یا برخلاف مدعاعلیہ ضرور صادر ہونا چاہئے۔

ابتداً مختاران مدعیہ نے عبدالرزاق کی اچانک موت کو تسلیم نہ کیا، لیکن جب بعد تحقیق موت کی تصدیق ہوگئی تو مختاران مدعیہ نے مستند قانونی حوالہ جات ونظائر پیش کر کے ثابت کیا کہ کسی ایک فریق کی موت واقع ہوجانے کی صورت میں بھی بروئے قانون مروجہ شرع شریف عدالت کے لئے لازم ہے کہ اس مرحلے پر اپنا فیصلہ صادر کرے۔

## درخواست جلال الدین صاحب شمس مختار مدعاعلیہ
## مؤرخہ ۴؍دسمبر ۱۹۳۴ء

جس میں تحریر کیا گیا کہ عبدالرزاق فوت ہوگیا ہے۔ لہٰذا اب مقدمہ ہذا میں کسی مزید کارروائی کی ضرورت نہ ہے۔

### بعدالت ڈسٹرکٹ جج بہادر بہاول پور

بمقدمہ غلام عائشہ بنام عبدالرزاق ...... زیرآرڈر ۲۲ رول۔ اضابطہ دیوانی

جناب عالی!

مقدمہ مندرجہ عنوان میں مدعاعلیہ مؤرخہ ۱۰؍نومبر ۱۹۳۴ء کو رحلت فرماگئے ہیں اور ان حالات میں مقدمہ مندرجہ عنوان میں کسی تجویز کی ضرورت نہیں رہتی۔ مدعیہ آزاد ہے کہ جہاں چاہے شادی کرے اور چونکہ مدعاعلیہ کو کبھی خلوت صحیحہ حاصل نہیں ہوئی۔ اس لئے عدت وغیرہ کا سوال بھی پیدا نہیں ہوتا اور نہ ہی مقدمہ ہذا کی اغراض کے لئے مدعاعلیہ کا کوئی قائم مقام قانون کی نگاہ میں مقرر ہوسکتا ہے اور ان حالات میں یہ بے معنی ہوگا کہ کوئی فیصلہ بحق مدعاعلیہ یا برخلاف مدعاعلیہ صادر کیا جائے اور یہ قرین انصاف ہوگا کہ مسل مقدمہ داخل دفتر فرمائی جائے۔

خاکسار: جلال الدین شمس

۴؍دسمبر ۱۹۳۴ء

# درخواست ہائے مسماۃ غلام عائشہ

## مؤرخہ ۲۰؍دسمبر ۱۹۳۴ء و ۱۲؍جنوری ۱۹۳۵ء

جس میں قانونی حوالہ جات پیش کئے جاکر ثابت کیا گیا کہ
بروئے قانون عدالت فیصلہ سنانے کی مجاز ہی نہیں بلکہ پابند ہے۔

## بعدالت عالیہ ڈسٹرکٹ جج بہاول نگر (ریاست بہاول پور)

مسماۃ عائشہ مدعیہ　　بنام　　عبدالرزاق مدعاعلیہ

دعویٰ تنسیخ نکاح ازیوم ارتداد

جناب عالی!

۱...... من جانب مختار مدعاعلیہ ایک درخواست پیش ہوئی ہے کہ مدعاعلیہ فوت ہوچکا ہے۔ جس پر عدالت نے مدعیہ کو ہدایت فرمائی ہے کہ وہ قانون پیش کرے کہ اس مرحلہ پر عدالت فیصلہ نہیں سنا سکتی یا سنا سکتی ہے۔

۲...... مختار مدعیہ نہایت ادب سے التماس کرتی ہے کہ عدالت زیر قاعدہ ۶ آرڈر ۲۲ ضابطہ دیوانی فیصلہ سنا سکتی ہے۔ خواہ بنائے دعویٰ رہے یا نہ رہے اور استحقاق نالش قائم رہے یا نہ۔ گو یہاں اس مقدمہ میں استحقاق نالش قائم ہے۔ دفعہ ماسبق آرڈر ۲ میں قائم مقام کی ضرورت ہے لیکن اس قاعدہ ۶ میں قائم مقام کی بھی ضرورت نہیں ہے۔ ملاحظہ ہو فیصلہ جات ۱۰۶، ۱۹۱۵ء پنجاب ریکارڈ ۲۶ جلد، مدراس صفحہ ۱۰۱۔ الہ آباد سال ۱۹۳۳ء صفحہ ۱۱۱۔ لاہور سال ۱۹۳۳ء صفحہ ۱۰۷ و آرڈر ۶ رول ۲۲ ضابطہ دیوانی۔

۳...... اس مقدمہ میں فیصلہ سنانا اس لئے بھی ضروری ہے کہ یہ مقدمہ ایک دفعہ عدالت ہائے ریاست ہذا سے مدعاعلیہ کے حق میں فیصلہ ہوچکا تھا۔ لیکن انتہائی عدالت نے وہ تمام فیصلہ جات اس لئے منسوخ کردیئے کہ یہ ایک شرعی معاملہ ہے۔ ریاست ہذا میں اسلامی ضابطہ کے مطابق فیصلہ ہونا چاہئے تھا۔ لہٰذا اب بموجب ضابطہ اسلامی مقدمہ کا فیصلہ کیا جائے۔

۴...... اگر عدالت عالیہ مدعاعلیہ کو فوت تسلیم کرنے کی بناپر فیصلہ ملتوی کردے تو اس کے معنی یہ ہوں گے کہ عدالت مدعیہ کے حقوق دادرسی عطائے خرچہ سے بھی انکار کرتی ہے۔

لہٰذا التماس ہے کہ بوجوہات بالا اس مقدمہ کا لازماً فیصلہ سنایا جائے تاکہ مدعیہ کی دادرسی فرمائی جاوے۔ مؤرخہ ۳۰؍دسمبر ۱۹۳۴ء

عرضے

مسماۃ عائشہ بذریعہ حاجی محمود مختار خاص

نقل درخواست مختار مدعیہ مؤرخہ ۲۶؍دسمبر ۱۹۳۴ء

بہ محکمہ ڈسٹرکٹ جج بہاول نگر

مسمات عائشہ　　بنام　　عبدالرزاق مدعاعلیہ

دعویٰ دلاپانے ڈگری استقراریہ فسخ نکاح فریقین　　بوجہ　　ارتداد شوہر مدعاعلیہ ازیوم ارتداد

جناب عالی!

بمقدمہ صدر قانون بحث طلب یہ ہے۔ بغرض تسلیم موت مدعاعلیہ فیصلہ عدالت سنا سکتی ہے یا نہ۔

مختار مدعیہ حسب ذیل عرض کرتا ہے:

۱...... یہ مسلمہ امر ہے کہ موت احد الفریقین بعد سماعت مقدمہ قبل از اجراء فیصلہ وقوع میں آئی ہے۔ اس کے متعلق قاعدہ نمبر۶ آرڈر نمبر۲۲ ضابطہ دیوانی اس مرحلہ مقدمہ کے لئے خاص وضع کی گئی چنانچہ رپورٹ سلیکٹ کمیٹی کی جو مجموعہ ضابطہ دیوانی کی ترمیمات پر غور کرنے کے لئے مقرر ہوئی تھی۔ وہ تشریح کرتی ہے کہ واقعہ موت کو مقدمہ کے تصفیہ سے کچھ سروکار نہیں ہے۔ اس لئے اس آرڈر ۲۲ کے متعلق جو رپورٹ کمیٹی نے کی ہے۔ وہ درخواست میں بعینہٖ حرف بحرف نقل کی جاتی ہے:

''جو دفعات کہ قانون موجود میں مقدمہ کی سماعت کی نسبت ہیں، ان میں ہمارے نزدیک اہم تغیر کی ضرورت نہیں۔ مگر ہم نے اس صورت خاص کا بصراحت لکھ دینا ضروری سمجھا جبکہ کوئی فریق بعد سماعت مقدمہ مگر قبل اجراء فیصلہ کے فوت ہو جائے۔ ظاہر ہے کہ اس واقعہ کو مقدمہ کے تصفیہ سے کچھ سروکار نہ رکھنا چاہئے۔ پس اس غرض سے ہم نے اس مضمون کی دفعہ داخل کر دی کہ فیصلہ باوصف وفات فریق کے بھی سنایا جاسکے۔'' (ملاحظہ ہو رپورٹ)

۲...... آرڈر ۲۲ کے متعلق ضابطہ دیوانی میں صاف درج ہے کہ آرڈر ہذا تغیرات بدوران دعویٰ سے متعلق ہے۔ استحقاق نالش یا عدم استحقاق نالش کی شرط دوران مقدمہ میں ہے، اس لئے اگر استحقاق نالش قائم ہے تو بذریعہ قائم مقام کے مقدمہ کی سماعت جاری رہے۔ اگر استحقاق نالش قائم ہی نہیں۔ مقدمہ ختم ہو جاتا ہے اور قائم مقام کی ضرورت بھی نہیں رہتی۔ آرڈر ۲۲ میں جس قدر رول بجز رول ۶ کے ہیں۔ متعلق دوران مقدمہ کے ہیں اور قاعدہ ۶ میں صاف تحریر کیا گیا ہے یہ قاعدہ جدید ہے جیسا کہ رپورٹ کمیٹی سلیکٹ نے ظاہر کیا ہے (پس اس غرض سے ہم نے اس مضمون کی دفعہ داخل کر دی) کہ وہ دفعہ ۶ و ۲۲ کی ہیں۔ اس رول نمبر۶ میں استحقاق نالش کی شرط کا نہیں ہے۔

۳...... جو مقدمہ ہذا میں جبکہ موت مدعاعلیہ بعد سماعت مقدمہ قبل اصدار فیصلہ وقوع میں آئی ہے۔ استحقاق نالش کے قائم یا نا قائم رہنے کا تعلق نہیں ہے۔ بوجوہات ذیل:

(الف) دعویٰ مدعیہ یہ ہے کہ مدعاعلیہ سال ۱۹۲۶ء میں مرتد ہو چکا ہے۔ یوم ارتداد سے مدعیہ اس کی منکوحہ نہیں رہی۔ ڈگری استقراریہ عدالت سے بھی طلب کرتی ہے کہ بباعث ارتداد مدعیہ اس کی منکوحہ نہیں رہی۔ ملاحظہ فقرہ نمبر۳،۴،۵ عرضی دعویٰ۔

(ب) شرعاً ارتداد طلاق فسخ نکاح وحرمت مظاہرہ ورضا وغیرہ کے متعلق مختلف نہیں۔ ارتداد کا یہ حکم ہے۔ ارتداد کے وقت نکاح بلاحکم قاضی خود بخود فسخ ہو جاتا ہے اور دعویٰ فسخ نکاح خیار البلوغ وغیرہ میں فسخ نکاح حکم قاضی وقت سے ہوگی ارتداد میں عدت نہیں ہوا کرتی۔ صرف ایک حیض استبراء ہوا کرتا ہے اور موت میں عدت ہے۔ مقدمہ ہذا میں اگر مدعاعلیہ دوران مقدمہ میں مرجاتا ہے۔ تاہم بھی مدعیہ کا استحقاق نالش قائم رہتا۔ کیونکہ مدعیہ کی دادرسی یہ ہے کہ وہ یوم ارتداد سے فیصلہ صادر فرمایا جاوے اور اگر ان نظائر سے تشفی نہ ہو تو مزید بحث کے لئے مسٹر خالد لطیف گا۔ بہ صاحب بیرسٹرایٹ لاء پیش کئے جاسکتے ہیں جو آج چند مجبوریوں کی وجہ سے حاضر نہیں ہو سکے۔

تحریر ۶ر شوال المعظم ۱۳۰۳ھ ۱۲ر جنوری ۱۹۳۵ء

عرضے

محمود مختار خاص مدعیہ محمود بقلم خود

**عدالت**

میں نے نظائر پیش کردہ کو دیکھا ہے ان میں سے آل انڈیا رپورٹر ۱۹۲۷ء اودھ صفحہ ۵۶۱ کو مدنظر رکھتے ہوئے۔ یہ قرار پایا جاسکتا ہے کہ صورت موجودہ میں واقعات پر فیصلہ صادر کیا جاسکتا ہے۔ لہٰذا مختار مدعیہ کو مزید بحث کے لئے کسی قانون کے پیشہ ور شخص کو پیش کرنے کی ضرورت نہیں۔ اصل ہذا شامل مسل ہو۔ مختار مدعیہ کو تاریخ فیصلہ سے بعد میں مطلع کیا جائے گا۔ ۱۲؍جنوری ۱۹۳۵ء دستخط: جج صاحب

**عدالت**

مختار مدعیہ کو مطلع کیا جاوے کہ وہ بقرار ۷؍فروری ۱۹۳۵ء فیصلہ مقدمہ سننے کے لئے عدالت ہذا میں بمقام بہاول پور حاضر ہو۔

یکم؍فروری ۱۹۳۵ء دستخط: محمد اکبر ڈسٹرکٹ جج

فاضل جج نے فریقین کے پیش کردہ قانونی حوالہ جات ونظائر کا پوری تحقیق سے جائزہ لینے کے بعد مسماۃ غلام عائشہ مدعیہ کے مؤقف سے اتفاق فرماتے ہوئے ۷؍فروری ۱۹۳۵ء کو فیصلہ صادر فرما کر قرار دیا کہ قرآن پاک، احادیث نبویہ ﷺ اور قانون حکومت کی روشنی میں مرزا غلام احمد قادیانی اوراس کے متبعین اپنے عقائد اور اعمال کی بناء پر مسلمان نہیں بلکہ کافر اور خارج از اسلام ہیں۔

قارئین گرامی! اب ملاحظہ فرمائیے حق وباطل کے درمیان ۹ سالہ قانونی جنگ کے نتیجہ میں صادر ہونے والا تاریخی عدالتی فیصلہ مؤرخہ ۷؍فروری ۱۹۳۵ء۔

مسماۃ غلام عائشہ بنت مولوی الٰہی بخش ذات ملانہ عمر ۱۹؍۱۸سال سکنہ احمد پور شرقیہ
بمختاری الٰہی بخش ولد محمود ذات ملانہ ساکن احمد پور شرقیہ معلم مدرسۃ عربیہ۔

بنام

عبدالرزاق ولد مولوی جان محمد ذات باجہ عمر ۲۳سال ساکن موضع مہند تحصیل احمد پور شرقیہ حال مقیم میلسی شہر گنج ریڈر سب ڈویژن انہار میلسی ضلع ملتان

دعویٰ دلا پانے ڈگری استقرار یہ مشعر تنسیخ نکاح

فریقین بوجہ ارتداد شوہرم مدعاعلیہ

تجویز اخیر باجلاس عالی جناب محمد اکبر خان صاحب بہادر بی.اے، ایل.ایل.بی

ڈسٹرکٹ جج بہاولنگر

بمقدمہ مسمات غلام عائشہ مدعیہ بنام عبدالرزاق مدعاعلیہ

دعویٰ تنسیخ نکاح

یہ ایک خاص نوعیت اور اہمیت کا مقدمہ ہے جو سال ۱۹۲۶ء میں دائر ہوکر ایک دفعہ انتہائی مراحل اپیل طے کر چکا ہے اور سال ۱۹۳۲ء سے پھر ایک نئی شان اور نئے اسلوب سے ابتدائی حیثیت میں عدالت ہٰذا میں زیر سماعت چلا آیا ہے۔ واقعات مختصراً یہ ہیں کہ مولوی الٰہی بخش والد مدعیہ اور مولوی عبدالرزاق مدعاعلیہ باہمی رشتہ دار ہیں اور ابتداءً یہ دونوں علاقہ ڈیرہ غازی خان میں رہتے تھے۔ عبدالرزاق کی ہمشیرہ مولوی الٰہی بخش سے بیاہی ہوئی تھی اور مولوی الٰہی بخش نے اپنی لڑکی مسماۃ غلام عائشہ مدعیہ کا نکاح اس کے ایام نابالغی میں عبدالرزاق مدعاعلیہ سے کردیا تھا۔

یہ لڑکی اس کی ایک سابقہ بیوی کے بطن سے تھی اور اس کا نکاح وہیں فریقین کے ابتدائی مسکن پر ہوا تھا۔ اس کے بعد مولوی الٰہی بخش وہاں سے ترک سکونت کر کے علاقہ ریاست ہذا میں چلا آیا اور سال ۱۹۱۷ء میں اس نے موضع مہند تحصیل احمد پور شرقیہ میں ایک زمیندار کے ہاں عربی تعلیم دینے پر ملازمت اختیار کر لی۔ مدعیہ کی طرف سے کہا جاتا ہے کہ اس سے ایک سال کے بعد مدعا علیہ بھی بمعہ اپنی والدہ اور دو ہمشیرگان کے وہاں سے ترک سکونت کر کے مولوی الٰہی بخش کے پاس موضع مہند میں آ گیا اور اپنے کنبہ کو وہاں چھوڑ کر خود حصول معاش کے لئے مختلف مقامات پر پھرتا رہا۔ دوران قیام موضع مہند میں اس نے اپنے سابقہ اعتقادات سے انحراف کر کے مرزائی مذہب اختیار کر لیا اور وہاں اپنے قادیانی، مرزائی ہونے کا اعلان بھی کرتا رہا۔ اس کے بعد اس نے مولوی الٰہی بخش سے مدعیہ کے رخصتانہ کے متعلق استدعا کی تو اس نے یہ جواب دیا کہ جب تک وہ مرزائی مذہب ترک نہ کرے گا۔ مدعیہ کا بازو اس کے حوالے نہیں کیا جائے گا۔ چنانچہ مدعا علیہ کچھ عرصہ مدعیہ کے رخصتانہ کے درپے رہا۔ لیکن اسے یہی جواب دیا جاتا رہا کہ اس کے مرزائی مذہب پر قائم رہنے کی صورت میں مدعیہ اس کے حوالے نہیں کی جاسکتی۔ جب اسے کامیابی کی امید نظر نہ آئی تو وہ پھر ریاست ہذا سے ترک سکونت کر کے علاقہ برٹش انڈیا میں چلا گیا اور حدود ریاست ہٰذا کے قریب علاقہ تحصیل لودھراں میں سکونت اختیار کر لی۔

ان سوالات پر کہ مدعا علیہ نے حدود ریاست سے سکونت کب ترک کی اور اس نے مرزائی یا احمدی مذہب کہاں اور کب اختیار کیا؟ آگے بحث کی جائے گی۔ یہاں اب صرف یہ درج کیا جاتا ہے کہ مدعیہ کے اس رخصتانہ کے سوال پر والد مدعیہ اور مدعا علیہ کے درمیان کشیدگی پیدا ہوگئی اور والد مدعیہ نے مدعیہ کی طرف سے بحیثیت اس کے مختار کے ۲۴؍جولائی ۱۹۲۶ء کو مدعا علیہ کے خلاف یہ دعویٰ بدیں بیان دائر کیا کہ مدعیہ اب تک نابالغ رہی ہے۔ اب عرصہ دو سال سے بالغ ہوئی ہے۔ مدعا علیہ ناکح مدعیہ نے مذہب اہل سنت والجماعت ترک کر کے قادیانی، مرزائی مذہب اختیار کر لیا ہے اور اس وجہ سے وہ مرتد ہوگیا ہے۔ اس کے مرتد ہو جانے کے باعث مدعیہ اب اس کی منکوحہ نہیں رہی۔ کیونکہ وہ شرعاً کافر ہوگیا ہے اور بموجب احکام شرع شریف بوجہ ارتداد مدعا علیہ مدعیہ مستحق انفراق زوجیت ہے۔ اس لئے ڈگری تنسیخ نکاح بحق مدعیہ صادر کی جائے اور یہ قرار دیا جائے کہ مدعیہ بوجہ مرزائی ہو جانے مدعا علیہ کے اس کی منکوحہ جائز نہیں رہی اور نکاح مدعیہ بوجہ ارتداد مدعا علیہ قائم نہیں رہا۔ مدعا علیہ نے اس کے جواب میں یہ کہا ہے کہ اس نے کوئی مذہب تبدیل نہیں کیا اور نہ ہی وہ دائرہ اسلام سے خارج ہے۔ بلکہ وہ بدستور مسلمان اور احکام شرعی کا پورا پابند ہے۔ احمدی کوئی علیحدہ مذہب نہیں نہ وہ مرزائی ہے نہ قادیانی۔ نکاح ہر صورت میں جائز اور قابل تکمیل ہے۔ عقائد احمدیہ کی وجہ سے جو صلاحیت مذہبی کی طرف رجوع دلاتے ہیں وہ مرتد نہیں ہو جاتا۔ عدالت عالیہ چیف کورٹ بہاولپور، مدراس اور دیگر ہائی کورٹوں سے یہ امر فیصلہ پا چکا ہے کہ جماعت احمدیہ کے مسلمان اصلاح یافتہ فرقہ میں سے ہیں، مرتد یا کافر نہیں ہیں۔ دعویٰ ناجائز اور قابل اخراج ہے اور کہ بنائے دعویٰ بمقام مہند ریاست بہاولپور قائم نہیں ہوسکتی۔ کیونکہ نہ فریقین کی وہاں سکونت رہی ہے اور نہ مدعا علیہ نے وہاں سرمیل کی کوئی تحریک کی۔ علاوہ ازیں کسی مقام پر سرمیل کی تحریک کئے جانے سے وہ مقام قانوناً بنائے دعویٰ تصور نہیں کیا جاسکتا۔ دعویٰ وہاں ساعت ہونا چاہئے، جہاں مدعا علیہ کی مستقل سکونت ہو یا بناء دعویٰ پیدا ہوئی ہو۔ مقدمہ حال میں مدعا علیہ کی مستقل سکونت چونکہ علاقہ ملتان میں ہے اور نکاح ضلع ڈیرہ غازی خان میں ہوا تھا۔ اس لئے دعویٰ حدود ریاست ہذا میں ساعت نہیں ہوسکتا۔

یہ دعویٰ ابتداً منصفی احمد پور شرقیہ میں دائر ہوا تھا۔ منصف صاحب احمد پور شرقیہ نے فریقین کے مختصر سے بیانات قلمبند کرنے کے بعد ۴؍نومبر ۱۹۲۶ء کو حسب ذیل امور تنقیح طلب قرار دیئے۔

۱...... کیا مدعا علیہ مذہب قادیانی یا مرزائیت اختیار کر چکا ہے اور اس لئے ارتداد لازم آتا ہے۔

۲...... اگر تنقیح بالا بحق مدعیہ ثابت ہو تو کیا نکاح فیما بین فریقین قابل انفساخ ہے؟ ان تنقیحات کے ثبوت میں مدعیہ نے مدعا علیہ کو عدالت مذکور میں بحیثیت گواہ خود پیش کیا تو مدعا علیہ نے ۵؍دسمبر ۱۹۲۶ء کو یہ بیان کیا کہ یہ درست ہے کہ وہ مرزا غلام احمد صاحب کو مسیح موعود تسلیم کرتا ہے اور ساتھ ہی انہیں نبی بھی مانتا ہے۔ اس معنی میں کہ مرزا صاحب نبی کریم ﷺ (حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ) کے تابعدار ہیں اور آپ کی شریعت کے پیرو ہیں اور آنحضرت ﷺ کی غلامی کی وجہ سے آپ نبوت کے درجہ پر فائز ہوئے اور اس وقت تک اس کا یہی اعتقاد ہے۔ گویا وہ سلسلہ احمدیت میں منسلک ہو چکا ہے۔ وہ مرزا صاحب کو ان معنوں میں نبی کہتا ہے، جن معنوں میں کہ قرآن کریم نبوت کو پیش کرتا ہے۔ جیسا کہ دیگر انبیاء علیہم السلام ہیں کہ ان پر وحی اور الہام وارد ہوتے ہیں۔ چونکہ وہ مرزا غلام احمد صاحب کو نبی تسلیم کرتا ہے، اس لئے وہ یہ بھی مانتا ہے کہ ان پر بمثل دیگر انبیاء علیہم السلام کے نزول ملائکہ و جبرئیل علیہ السلام ہوتا تھا۔

اس بیان کو مدنظر رکھتے ہوئے منصف صاحب احمد پور شرقیہ نے ۲۰؍جنوری ۱۹۲۷ء کو یہ امر مزید تنقیح طلب قرار دیا کہ کیا اس اعتقاد کی صورت میں جو مدعا علیہ نے بیان کیا ہے کہ وہ مرزا غلام احمد کو نبی تسلیم کرتا ہے۔ اس معنی میں کہ بمثل دیگر انبیاء علیہم السلام مرزا صاحب پر وحی اور الہام وارد ہوتے تھے۔ کوئی شخص مذہب اسلام میں شامل رہ سکتا ہے؟ اور اس کا بار ثبوت مدعا علیہ پر عائد کیا۔ اس کے بعد مدعا علیہ نے ۱۹؍فروری ۱۹۲۷ء کو ایک درخواست پیش کی کہ سابقہ تاریخ پر اس نے بیان دیا تھا۔ اس میں اس نے اپنے اعتقادات مذہبی کو بخوبی واضح کر دیا تھا۔ لیکن عدالت نے اس سے جو خلاصہ اخذ کیا ہے وہ اس کے اصلی اعتقاد مذہبی کے مغائر ہے۔ چونکہ اعتقاد مذہبی کی غلط تعبیر سے مقدمہ پر کافی اثر پڑتا ہے۔ اس لئے اپنے اعتقاد مذہبی کو من مدعا علیہ ذیل میں بیان کرتا ہے تاکہ غلط فہمی نہ رہے۔

میں خداوند تعالیٰ کو واحد لاشریک مانتا ہوں۔ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کو خاتم النّبیین تسلیم کرتا ہوں۔ قرآن کو کامل الہامی کتاب مانتا ہوں۔ کلمہ طیبہ پر میرا ایمان ہے اور حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی برکت اور آپ کے توسط سے اور آپ کی شریعت مقدسہ کی اطاعت سے حضرت مرزا صاحب کو امتی نبی تسلیم کرتا ہوں۔ حضرت مرزا صاحب کوئی نئی شریعت نہیں لائے۔ بلکہ شریعت محمدی کے تابع اور اشاعت کرنے والے ہیں۔ ان پر وحی اور الہام بابرکت حضرت نبی ﷺ وارد ہوتے تھے۔

اس درخواست میں یہ استدعا کی گئی کہ جو امر تنقیح سابقہ تاریخ پر وضع کیا گیا ہے وہ درست نہیں ہے۔ تنقیح بالفاظ ذیل وضع ہونا چاہئے کہ آیا مدعا علیہ جس کا مذہبی اعتقاد یہ ہو جو کہ اوپر بیان کیا گیا ہے مرتد ہے اور مسلمان نہیں ہے؟ اور اس کا ثبوت بذمہ مدعیہ عائد کیا جاوے، مگر عدالت نے اس درخواست پر کوئی التفات نہ کی اور اسے شامل مسل کر دیا۔

اس کے بعد بحکم ۷؍مئی ۱۹۲۷ء عدالت عالیہ چیف کورٹ یہ مقدمہ عدالت ہذا میں منتقل ہوا اور عدالت ہذا میں ۷؍دسمبر ۱۹۲۷ء کو مدعا علیہ نے اپنے عقائد کی پھر ایک فہرست پیش کی جن کا ذکر مناسب جگہ پر کیا جائے گا۔

یہ مقدمہ عدالت ہذا سے بحکم ۲۱؍نومبر ۱۹۲۸ء اس بناء پر خارج کیا گیا کہ عدالت عالیہ چیف کورٹ بہاولپور سے اسی قسم کے ایک مقدمہ بعنوان مسماۃ جندوڈی بنام کریم بخش میں باتباع فیصلہ جات عدالت ہائے اعلیٰ مدراس، پٹنہ و پنجاب کے یہ قرار دیا جا چکا ہے کہ احمدی مسلمانوں کا ایک فرقہ ہیں نہ کہ اسلام سے باہر اور یہ کہ مرزائی مذہب اختیار کرنے سے کسی سنی عورت کا نکاح اس شخص کے ساتھ جو اس مذہب کو قبول کرلے فسخ نہیں ہو جاتا اور کہ مدعیہ کی طرف سے ان فیصلہ جات کے خلاف کوئی سند پیش نہیں کی گئی۔

عدالت ہذا کا یہ حکم برطبق اپیل عدالت عالیہ چیف کورٹ سے بحال رہا۔ لیکن اپیل ثانی پر عدالت معلّیٰ اجلاس خاص سے یہ قرار دیا گیا کہ عدالت ہذا سے فریقین کے پیش کردہ اسناد پر بحث کئے بغیر دعویٰ مدعیہ خارج کر دیا گیا ہے اور فاضل ججان چیف کورٹ نے اپنے فیصلہ میں یہ تسلیم کیا ہے کہ پٹنہ و پنجاب ہائی کورٹوں کے فیصلہ جات مقدمہ ہذا میں حاوی نہیں ہو سکتے۔ کیونکہ ان میں غیر متعلق سوال زیر بحث

رہے ہیں۔ البتہ مدراس ہائی کورٹ کے فیصلہ مندرجہ ۱۷ انڈین کیسز ۶۶ میں سوال زیر بحث بجنسہ یہی تھا کہ آیا احمدی ہو جانے سے ارتداد واقع ہوتا ہے یا نہ، لیکن ہم نے اس فیصلہ کو بغور مطالعہ کیا ہے۔ ہم فاضل ججان چیف کورٹ کی رائے سے اختلاف کرتے ہیں کہ فیصلہ مذکورہ بالا مکمل چھان بین سے طے پایا تھا۔ کیونکہ فاضل ججان مدراس ہائی کورٹ خود فیصلہ میں تسلیم کرتے ہیں کہ ان کے پاس کوئی خاص سند اس بات کی پیش نہیں کی گئی کہ فلاں فلاں اسلام کے بنیادی اصول ہیں اور ان سے اس حد یا اس سے درجہ تک اختلاف کرنے سے ارتداد واقع ہوتا ہے یا کن اسلامی عقائد کی پیروی یا کن عقائد کے نہ ماننے سے ارتداد واقع ہوتا ہے۔ اس فیصلہ میں پھر فاضل ججان یہ تسلیم کرتے ہیں کہ اس سوال کو کہ آیا عقائد قادیانی سے ارتداد واقع ہوتا ہے یا نہ۔ علماء اسلام بہتر فیصلہ کر سکتے ہیں۔ اس لئے ہماری رائے میں فاضل ججان ہائی کورٹ کا فیصلہ سوال زیر بحث پر قطعی نہیں ہے اور ہمیں مقدمہ ہذا میں اس کی پیروی کرنے کی ضرورت نہیں۔

اس قرارداد کے ساتھ یہ مقدمہ اس ہدایت کے ساتھ واپس ہوا کہ گو مولوی غلام محمد صاحب شیخ الجامعہ جامعہ عباسیہ بہاولپور کے بیان سے واضح ہوتا ہے کہ اگر کسی شخص کا قادیانی عقائد کے مطابق یہ ایمان ہو کہ حضرت محمد ﷺ کے بعد کوئی اور نبی آیا اور اس پر وحی نازل ہوئی ہے تو ایسا شخص چونکہ ختم نبوت حضرت محمد ﷺ کا منکر ہے اور ختم نبوت اسلام کے ضروریات میں سے ہے۔ لہٰذا وہ کافر ہے اور دائرہ اسلام سے خارج ہے۔ لیکن ہم اس مقدمہ کا فیصلہ کرنے کے لئے شیخ الجامعہ صاحب کی رائے کو کافی نہیں سمجھتے۔ جب کہ دیگر ہندوستان کے بڑے بڑے علماء دین بھی اس رائے سے اتفاق نہ رکھتے ہوں۔ اس لئے مقدمہ مزید تحقیقات کا محتاج ہے اور مدعا علیہ کو بھی موقع دینا چاہئے کہ شیخ الجامعہ صاحب کے بالمقابل اپنے دلائل پیش کرے۔

واپسی پر اس مقدمہ میں فریقین کے ہم مذہب اور ہم خیال اشخاص کی فرقہ بندی شروع ہوگئی اور تقریباً تمام ہندوستان میں اس کے متعلق ایک ہیجان پیدا ہوگیا اور طرفین سے ان کی جماعت کے بڑے بڑے علماء بطور مختاران فریقین وبطور گواہان پیش ہونے لگے۔ ان کے اس طرح میدان میں آنے سے قدرۃً یہ سوال عوام کے لئے جاذب توجہ بن گیا اور پبلک کو اس میں ایک خاص دلچسپی پیدا ہوگئی اور ہر تاریخ سماعت پر لوگ جوق در جوق کمرہ عدالت میں آنے لگے۔ چنانچہ عوام کی اس دلچسپی اور مذہبی جوش کو مدنظر رکھتے ہوئے حفظ امن قائم رکھنے کی خاطر پولیس کی امداد کی ضرورت محسوس کی گئی اور عدالت ہذا کی تحریک پر صاحب بہادر کمشنر پولیس کی طرف سے ہر تاریخ پیشی پر پولیس کا خاطر خواہ انتظام کیا جاتا رہا۔ امر مابہ النزاع حل وحرمت سے تعلق رکھنے کے علاوہ ضمناً چونکہ مدعا علیہ کے ہم خیال جماعت کی تکفیر پر بھی مشتمل ہے۔ اس لئے طرفین کو اس مقدمہ میں کھلے دل سے اپنے دلائل سندات اور بحث ہائے تحریری وتقریری پیش کرنے کا کافی موقع دیا گیا ہے۔ حتیٰ کہ مدعا علیہ کی طرف سے ایک ایک گواہ کے بیان اور جرح پر بعض دفعہ مسلسل ایک ایک مہینہ بھی صرف ہوا ہے اور اس کی طرف سے جو بحث تحریری پیش ہوئی ہے وہ کئی سو ورق پر مشتمل ہے اور فیصلہ میں تعویق زیادہ تر مسل کے اس قدر ضخیم بن جانے کی وجہ سے بھی ہوئی ہے۔ دوران سماعت مقدمہ ہذا میں مدعا علیہ نے مدعیہ اور اس کے والد مولوی الٰہی بخش کے خلاف ۲۳؍اگست ۱۹۳۲ء کو عدالت سب جج صاحب درجہ دوم ملتان میں دعویٰ اعادہ حقوق ان وشوئی دائر کر کے عدالت موصوف سے ان ہر دو کے خلاف ۱۷؍جون ۱۹۳۳ء کو ڈگری یک طرفہ حاصل کر لی اور اس مقدمہ میں جب کہ شہادت فریقین ختم ہو کر مدعیہ کی طرف سے بحث بھی سماعت ہو چکی تھی۔ مدعا علیہ کی طرف سے یہ عذر برپا کیا گیا کہ عدالت ہذا کو اختیار سماعت مقدمہ ہذا حاصل نہیں، کیونکہ بناء دعویٰ حدود ریاست ہذا میں پیدا نہیں ہوئی اور نہ ہی مدعا علیہ کی رہائش عارضی یا مستقل ریاست ہذا کے اندر ہوئی ہے۔

دوسرا عدالت سرکار برطانیہ سے مدعا علیہ کے حق میں ڈگری استقرار حق زوجیت برخلاف مدعیہ والٰہی بخش والدش کے صادر ہو چکی ہے۔ اس لئے بروئے دفعہ ۱۱ ضابطہ دیوانی عدالت ہذا کو اس کے متعلق فیصلہ کرنے کا حق نہیں ہے اور کہ بموجب دفعات ۱۳،۱۴ ضابطہ دیوانی

ڈگری مذکور قطعی ہو چکی ہے اور اس کے صادر ہونے کے بعد مقدمہ زیر سماعت عدالت ہذا نہیں چل سکتا۔

مدعاعلیہ کے ان عذرات کو بوجہ اس کے کہ وہ عدالت ہذا کے اختیار سماعت سے تعلق رکھتے تھے۔ اہم سمجھا جا کر اس مقدمہ میں ۸؍نومبر ۱۹۳۳ء کو حسب ذیل مزید تنقیحات ایزاد کی گئیں۔

۱...... کیا مدعاعلیہ کی سکونت بوقت دائری دعویٰ ہذا حدود ضلع ہذا میں تھی یا یہ کہ بناء دعویٰ حدود ضلع ہذا میں پیدا ہوئی۔ اس لئے دعویٰ قابل سماعت عدالت ہذا ہے۔

۲...... اگر تنقیح بالا بخلاف مدعیہ طے ہو تو کیا عدالت ہذا کے اختیار سماعت کا سوال اس مرحلہ پر جب کہ مقدمہ پہلے عدالت ہائے اعلیٰ تک پہنچ چکا ہے اور مدعاعلیہ برابر پیروی کرتا رہا ہے نہیں اٹھایا جا سکتا۔

۳...... کیا ڈگری ملک غیر کی بناء پر جو بحق مدعاعلیہ برخلاف مدعیہ صادر ہوئی ہے۔ سماعت مقدمہ ہذا میں دفعات ۱۳،۱۴ ضابطہ دیوانی عارض نہیں ہیں۔ ان تنقیحات کے وضع کرنے سے قبل مدعاعلیہ کی طرف سے محکمہ معلیٰ وزارت وزارت عدلیہ میں پیش گاہ حضور سرکار عالی دام اقبالہ وملکہ میں پیش کئے جانے کے لئے ایک درخواست مشتمل برعذرات مذکورہ بالا موصول ہوئی جو بمراد غور عدالت ہذا میں بھجوادی گئی۔ اس درخواست کے مطالعہ سے یہ ضروری خیال کیا گیا کہ مدعاعلیہ کی طرف سے بحث پیش ہونے سے قبل ان قانونی عذرات مذکورہ بالا کو طے کر لیا جائے۔ اس لئے ۳؍نومبر ۱۹۳۳ء کو فریقین کے نام نوٹس بایں اطلاع جاری کئے جانے کا حکم دیا گیا کہ وہ تاریخ مقررہ پر اپنے علماء کو ہمراہ نہ لائیں بلکہ خود حاضر ہوں، تاکہ ان قانونی سوالات پر غور کی جا کر انہیں طے کر لیا جائے۔ مدعیہ کی طرف سے عدالت ہذا کے اس حکم کی ناراضی سے محکمہ معلیٰ اجلاس خاص میں درخواست نگرانی کی گئی ہے اور محکمہ معلیٰ نے بحکم ۷؍نومبر ۱۹۳۳ء یہ قرار دیا کہ فریق مدعیہ پر تعمیل نوٹس درست نہیں ہوئی۔ لہٰذا یہ ہدایت کی گئی کہ سلسلہ بحث اور جدید امور کی دریافت کو ساتھ ساتھ جاری رکھا جائے اور اگر کسی فریق کے حق میں التواء مقدمہ ضروری خیال کیا جائے تو دوسرے فریق کو اس فریق سے مناسب ہرجانہ دلایا جائے۔ باتباع اس حکم کے فریقین کو جدید تنقیحات کے متعلق اپنا اپنا ثبوت پیش کرنے کی ہدایت کی گئی اور مختاران مدعاعلیہ کو حکم دیا گیا کہ وہ اپنی طرف سے سلسلہ بحث کو بھی جاری رکھیں۔ اس کے بعد جب جدید تنقیحات مذکورہ بالا کے متعلق طرفین کی شہادت ہو چکی تو مدعاعلیہ نے پھر ۲؍جنوری ۱۹۳۴ء کو ایک درخواست کے ذریعہ یہ عذر برپا کیا کہ امور ذیل کو بھی زیر تنقیح لایا جائے۔

کہ کیا مدعاعلیہ کی وطنیت ریاست بہاولپور میں واقع ہے؟

اگر تنقیح بالا مدعیہ کے خلاف ثابت ہو تو پھر بھی عدالت ہذا کو اختیار سماعت حاصل ہے۔ اس درخواست کو اس بناء پر مسترد کیا گیا کہ مدعاعلیہ کی طرف سے اس قسم کا پہلے کوئی عذر نہیں اٹھایا گیا۔ حالانکہ وہ پہلے قانونی مشورہ حاصل کر کے پیروی کرتا رہا ہے۔ علاوہ ازیں جہاں تک اس جدید عذر کا قانونی پہلو ہے۔ اس کے متعلق وہ اپنی بحث کے وقت قانون پیش کر سکتا ہے۔ واقعات کے لحاظ سے فریقین کی طرف سے مثل پر جو مواد لایا جا چکا ہے۔ وہ اس سوال پر بھی بحث کرنے کے کافی ہے۔ لہٰذا کسی مزید تنقیح کے وضع کرنے کی ضرورت خیال نہیں کی جاتی۔

اس سے قبل دوران شہادت میں مدعاعلیہ کی طرف سے ایک حجت یہ بھی پیدا کی گئی تھی کہ مدعیہ بوقت ارجاع نالش نابالغ تھی۔ اس لئے اب اس سے خود دریافت ہونا چاہئے کہ وہ مقدمہ چلانا چاہتی ہے یا نہ۔ لہٰذا اس سوال کے متعلق بھی یکم؍مارچ ۱۹۳۳ء کو ایک تنقیح بایں الفاظ وضع کیا گیا تھا کہ کیا مدعیہ بوقت ارجاع نالش نابالغ تھی اور اس کا بار ثبوت مدعاعلیہ پر عائد کیا گیا۔ کیونکہ مدعیہ کی طرف سے اسے بالغ ظاہر کیا جا کر بمختاری والدش دعویٰ دائر کیا گیا تھا۔ لیکن بعد میں اس تنقیح کو بحکم ۲۹؍مارچ ۱۹۳۳ء خارج کیا گیا۔ کیونکہ قانوناً مدعاعلیہ کا

یہ عذر نا قابل پذیرائی تھا۔ ملاحظہ ہو (۷۴ انڈین کیسز ص ۳۰۹) اب ذیل میں دیگر قانونی سوالات پر بحث کی جاتی۔

مدعا علیہ کا اہم عذر یہ ہے کہ اس نے کبھی حدود ریاست ہذا میں سکونت اختیار نہیں کی اور نہ ہی اس نے یہاں احمدی مذہب قبول کیا ہے، بلکہ وہ ۵،۶ سال تک شیخ واہ میں رہا ہے۔ وہاں سے اس نے سال ۱۹۲۲ء میں ایک خط کے ذریعہ مرزا صاحب کے خلیفہ ثانی کے ساتھ بیعت کی تھی اور بیعت کرنے کے ۵،۶ ماہ بعد اس نے اپنے موجودہ مسکن واقعہ علاقہ لودھراں میں آ کر سکونت اختیار کی۔ یہاں اس نے آ کر ایک مکان تعمیر کرایا اور اس وقت سے یہاں مقیم ہے۔

مدعیہ کی طرف سے کہا جاتا ہے کہ مدعا علیہ ضلع ڈیرہ غازی خان سے ترک سکونت کرنے کے بعد سیدھا مولوی الٰہی بخش والد مدعیہ کے پاس حدود ریاست ہذا میں آیا اور یہاں بودوباش شروع کی۔ مرزائی مذہب اس نے ایک شخص مولوی نظام الدین کی ترغیب پر قبول کیا جو موضع مہند مسکن والد مدعیہ کے قریب رہتا ہے اور دعویٰ ہذا دائر ہونے کے بعد وہ حدود ریاست ہذا کے باہر چلا گیا ہے۔ ان امور کے متعلق فریقین کی طرف سے جو شہادت پیش ہوئی ہے، اس سے حسب ذیل نتائج اخذ ہوتے ہیں۔

مدعا علیہ کی یہ حجت درست نہیں پائی جاتی کہ وہ کبھی ریاست ہذا میں نہیں آیا، بلکہ مدعیہ کی پیش کردہ شہادت سے جس کی مدعا علیہ کی طرف سے کوئی خاطر خواہ تردید نہیں کی گئی۔ یہ ثابت ہے کہ مدعا علیہ مولوی الٰہی بخش کے یہاں آنے کے بعد اپنے مسکن واقعہ علاقہ ضلع ڈیرہ غازی خان سے سیدھا حدود ریاست ہذا میں مولوی الٰہی بخش والد مدعیہ کے پاس آیا اور اپنی والدہ اور ہمشیرگان کو اس کے ہاں چھوڑ کر خود حصول معاش کے لئے حدود ریاست ہذا کے اندر مختلف مقامات پر پھرتا رہا اور کچھ عرصہ کے بعد پھر مولوی الٰہی بخش کے پاس آ کر ٹھہرتا رہا۔ اس کے جب مدعیہ کے رخصتانہ کا سلسلہ شروع ہوا تو وہ ترک سکونت کر کے یہاں سے چلا گیا اور غالباً صحیح یہی ہے کہ وہ مقدمہ ہذا دائر ہونے سے قبل ہی چلا گیا۔ کیونکہ خود مدعیہ نے عرضی دعویٰ میں اس کی سکونت بمقام میلسی درج کرائی ہے۔ چنانچہ اس پتہ پر جب سمن جاری کیا گیا تو مختار مدعیہ نے پھر ۱۴؍اگست ۱۹۲۶ء کو منصفی احمد پور شرقیہ میں ایک درخواست پیش کی کہ مدعا علیہ کی سکونت گو دعویٰ میں بمقام میلسی لکھی ہوئی ہے۔ لیکن اب مدعا علیہ یہاں احمد پور شرقیہ میں موجود ہے۔ پھر تعمیل نہیں ہو سکے گی۔ اب اس پتہ پر سمن جاری کی جا کر تعمیل کرائی جائے۔ چنانچہ اسی روز عدالت سے سمن جاری کیا، جا کر مدعا علیہ کی اطلاع یابی کرائی گئی۔ مدعا علیہ کہتا ہے کہ اسے وہاں دھوکہ سے بلوایا گیا۔ لیکن یہ سوال چنداں اہم نہیں۔ وہ چاہے جس طرح احمد پور شرقیہ میں آیا یہ امر واقعہ ہے کہ سمن پر اس کی اطلاع یابی وہاں کرائی گئی۔ اس سے پایا جاتا ہے کہ دائری دعویٰ کے وقت اس کی رہائش حدود ریاست ہذا کے اندر نہ تھی۔ لہٰذا اس بناء پر مدعا علیہ کی یہ حجت درست ہے کہ دائری دعویٰ کے وقت چونکہ حدود ریاست ہذا کے اندر اس کی عارضی یا مستقل سکونت نہ تھی۔ اس لئے یہاں اس کے خلاف دعویٰ دائر نہیں ہوسکتا تھا۔ لیکن اس کے ساتھ ہی مدعیہ کی پھر یہ حجت ہے کہ مدعا علیہ نے اپنا مذہب چونکہ حدود ریاست ہذا کے اندر تبدیل کیا ہے۔ اس لئے اسے مدعا علیہ کے تبدیل مذہب سے بناء دعویٰ پیدا ہوتی ہے اور اس لحاظ سے مدعا علیہ کے خلاف یہاں دعویٰ درست طور پر دائر کیا گیا ہے۔

مدعا علیہ بیان کرتا ہے کہ اس نے احمدی مذہب شیخ واہ ضلع ملتان میں قبول کیا تھا اور کہ ابتداً وہ ضلع ڈیرہ غازی خان سے شیخ واہ میں ہی گیا تھا۔ اس کی طرف سے بیعت کا ایک خط پیش کیا گیا ہے۔ جو ڈاک خانہ دنیا پور سے ۲۱؍جنوری ۱۹۲۲ء کو خلیفہ صاحب ثانی کی خدمت میں بھجوایا گیا اور جس پر بغیر کسی ولدیت، قومیت کے صرف عبدالرزاق احمدی لکھا ہوا ہے۔ اس سے یقینی طور پر یہ اقرار نہیں دیا جا سکتا ہے کہ یہ خط اسی عبدالرزاق مدعا علیہ کا تحریر شدہ ہے۔ شناخت خط کے بارہ میں مدعا علیہ کی طرف سے دو گواہان پیش ہوئے ہیں جن میں ایک اللہ بخش بالکل نوعمر لڑکا ہے۔ وہ بیان کرتا ہے کہ وہ شیخ واہ میں مدعا علیہ کے پاس پڑھا کرتا تھا۔ اس وقت وہ مدعا علیہ کو لکھتا ہوا دیکھا کرتا تھا۔ شناخت خط کے بارہ میں پہلے تو اس نے یہ کہا یہ شاید وہ نہ پہچان سکے۔ لیکن پھر بیان کیا کہ وہ شناخت کرتا ہے کہ خط مشمولہ مسل مدعا علیہ کا تحریر

کردہ ہے۔ لیکن اوّل تو جس وقت یہ گواہ مدعا علیہ کو لکھتا ہوا دیکھنا بیان کرتا ہے۔ اس وقت خود اس کی اپنی عمر کوئی ۱۳، ۱۴ سال کے قریب ہوگی۔ غیر اغلب ہے کہ اس عمر میں اس نے مدعا علیہ کی طرز تحریر کو بخوبی ذہن نشین کر لیا ہو۔ دوسرا وہ اس خط کی شناخت کے متعلق کوئی خاص وجوہات بیان نہیں کر سکا۔ علاوہ ازیں جب اس کی تذبذب بیانی کو مدنظر رکھا جائے تو اس کی شہادت بالکل ناقابل اعتبار ہو جاتی ہے۔ اسی طرح دوسرے گواہ کی شہادت بھی سرسری قسم کی ہے اور اس پر بھی پورا بھروسہ نہیں کیا جا سکتا۔

مدعا علیہ بیان کرتا ہے کہ وہ شیخ واہ میں ۵، ۶ سال رہا۔ لیکن وہاں کی سکونت ثابت کرنے کے لئے بھی اس کی طرف سے یہی اللہ بخش گواہ پیش ہوا ہے۔ دیگر گواہان صرف سماعی طور پر بیان کرتے ہیں کہ وہ لودھراں میں وہاں سے آیا تھا۔ لہٰذا اس ضمن میں مدعا علیہ کی طرف سے مسل پر جو مواد لایا گیا ہے، اس سے یہ قرار دینا مشکل ہے کہ مدعا علیہ اپنے موجودہ مسکن پر سکونت پذیر ہونے سے قبل شیخ واہ میں رہتا تھا اور کہ اس نے احمدی مذہب بھی وہیں اختیار کیا تھا۔ اس کی طرف سے بیعت کا جو خط پیش کیا گیا ہے۔ اس کے متعلق قابل اطمینان طریق پر یہ ثابت نہیں کیا گیا کہ وہ اسی عبدالرزاق مدعا علیہ کا ہے۔ ان تمام واقعات سے یہ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ مدعا علیہ نے علاقہ لودھراں میں سکونت اختیار کرنے سے قبل جہاں پہلے سکونت اختیار کی ہوئی تھی۔ احمدی مذہب اس نے وہاں قبول کیا۔ مدعا علیہ حسب ادّعا خود یہ ثابت کرنے میں کامیاب نہیں رہا کہ اس کی یہ سابقہ سکونت شیخ واہ میں تھی۔ برعکس اس کے مدعیہ کی طرف سے یہ ثابت ہے کہ مدعا علیہ اپنی موجودہ سکونت اختیار کرنے سے قبل حدود ریاست ہذا میں سکونت پذیر تھا۔ اس لئے مدعا علیہ کے اپنے بیان سے ہی یہ ثابت قرار دیا جا سکتا ہے کہ اس نے احمدی مذہب حدود ریاست ہذا میں اختیار کیا اور اس کی تائید مدعیہ کی پیش کردہ شہادت سے بھی ہوتی ہے۔ لہٰذا یہ قرار دیا جاتا ہے کہ مدعا علیہ کا مذہب تبدیل کرنا چونکہ حدود ریاست ہذا کے اندر اس کی جائے سکونت موضع مہند میں وقوع میں آیا ہے۔ اس لئے اس بنا پر مدعیہ کو ضلع ہذا کے اندر بنائے دعویٰ پیدا ہوئی ہے۔ لہٰذا عدالت ہذا کو اس مقدمہ کی سماعت کا مکمل اختیار حاصل ہے۔

مدعا علیہ کے اس اعتراض کے جواب میں کہ اس کی چونکہ حدود ریاست ہذا کے اندر سکونت نہیں رہی۔ اس لئے عدالت ہذا کو اس کے خلاف سماعت مقدمہ ہذا کا اختیار حاصل نہیں ہوتا۔ مدعیہ کی طرف سے یہ بھی کہا گیا ہے کہ مدعا علیہ نے گو ابتداءً یہ عذر اٹھایا تھا۔ لیکن بعد میں عدالت ہائے اپیل میں جا کر اس نے اسے ترک کر دیا اور شروع سے لے کر اخیر تک وہ برابر اس کی پیروی کرتا رہا۔ اس لئے سمجھا جائے گا کہ اس نے عدالت ہذا کے اختیار سماعت کو قبول کر لیا تھا۔ اس لئے اب وہ اس پر کوئی اعتراض نہیں کر سکتا۔ اس بارہ میں فیصلہ ۱۲۹ انڈین کیسز (ص۴۵۶) بطور سند پیش کیا گیا ہے۔ اس کے متعلق مدعا علیہ کی طرف سے یہ کہا جاتا ہے کہ اپیلیں چونکہ مدعیہ کی طرف سے ہوتی رہیں تھیں۔ اس لئے اسے اعتراض کرنے کی ضرورت نہ تھی۔ علاوہ ازیں مقدمہ چونکہ دوبارہ ابتدائی حیثیت میں عدالت ہذا کے زیر سماعت آ گیا ہے۔ اس لئے وہ اس سوال پر عدالت کو متوجہ کر سکتا ہے۔ مگر مدعا علیہ کی یہ حجت درست معلوم نہیں ہوتی کہ اسے اپیل میں یہ عذر اٹھانے کی ضرورت نہ تھی۔ کیونکہ فیصلہ اس کے خلاف ہونا ممکن تھا۔ اس لئے اسے ہر پہلو سے اپنی جواب دہی کرنی چاہئے تھی اور گو کہ مقدمہ اب پھر ابتدائی حیثیت میں سماعت کیا گیا ہے۔ تاہم اس مقدمہ کے سابقہ مراحل کی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا اور اگر اس حجت کو درست بھی تسلیم کر لیا جائے تو چونکہ اوپر یہ قرار دیا جا چکا ہے کہ مدعا علیہ کے تبدیل مذہب سے بناء دعویٰ حدود ریاست ہذا میں پیدا ہوئی ہے۔ اس لئے اس سوال پر مزید کسی بحث کی ضرورت نہیں رہتی اور عدالت ہذا اسے مدعا علیہ کے خلاف یہ دعویٰ درست طور پر سماعت کیا گیا ہے۔

اس قرارداد سے ان تنقیحات میں سے پہلے دو کا جو ۸؍نومبر ۱۹۳۳ء کو وضع کی گئی تھیں، فیصلہ ہو جاتا ہے۔ باقی تیسری تنقیح کے متعلق جو ڈگری ملک غیر کی بابت ہے۔ صرف یہ درج کر دینا کافی ہے کہ عدالت صادر کنندہ ڈگری کے روبرو یہ سوال کہ مدعا علیہ تبدیل مذہب کی وجہ سے مرتد ہو چکا ہے اور اس لئے مدعیہ اس کی منکوحہ نہیں رہی۔ زیر بحث نہیں آیا اور نہ ہی پایا جاتا ہے کہ اس عدالت کو یہ جتلایا گیا کہ اس

نکاح کے بارہ میں مدعیہ کی طرف سے عدالت ہذا میں بھی مقدمہ دائر ہے۔ اس لئے سمجھا جائے گا کہ وہ فیصلہ صحیح واقعات پر صادر نہیں ہوا اور ڈگری دھوکے سے حاصل کی گئی۔ لہٰذا وہ ڈگری بروئے ضمن (ب) و (ہ) دفعہ ۱۳ ضابطہ دیوانی قطعی قرار نہیں دی جاسکتی۔ اسی طرح دفعہ ۱۱ ضابطہ دیوانی کا اطلاق واقعات مقدمہ ہذا پر نہیں ہوتا۔ کیونکہ جیسا کہ اوپر قرار دیا گیا ہے۔ ایک تو وہ ڈگری قطعی نہیں، دوسرا وہ کسی عدالت واقع اندرون حدود ریاست ہذا کی صادر شدہ نہیں۔ اس لئے یہ تیسری تنقیح بھی بحق مدعیہ و برخلاف مدعا علیہ طے کی جاتی ہے۔

مدعا علیہ کی طرف سے اس امر پر زور دیا گیا ہے کہ فریقین چونکہ درحقیقت اپنی شہریت اور وطنیت کے لحاظ سے برٹش انڈیا سے تعلق رکھنے والے ہیں اور والد مدعیہ نے خود یا اس کے کسی گواہ نے یہ دعویٰ نہیں کیا کہ وہ ہمیشہ کے لئے برٹش شہریت اور وطنیت چھوڑ چکا ہے۔ کیونکہ شہریت اور وطنیت کو ترک کرنے کے لئے لازمی ہے کہ یہ فعل علانیہ طور پر اور پبلک اظہار کے بعد قانونی حیثیت سے کیا جائے۔ اس لئے تاوقتیکہ یہ ثابت نہ ہو۔ ایسے نکاح متنازعہ کے متعلق قانون میں بین الاقوامی یہ ہے کہ وہ نکاح جو اس ملک کے قانون کے لحاظ سے جائز ہے، جہاں سے وہ منعقد ہوا وہ ساری دنیا میں جائز اور درست ہے اور کوئی دوسرے ملک کی عدالت اسے ناجائز قرار نہیں دے سکتی اور پھر ایسے نکاح کی تنسیخ کے متعلق بھی قانون بین الاقوامی یہ ہے کہ جس ملک میں ہر دو زوجین کو وطنیت حاصل ہو، صرف وہیں کی عدالت تنسیخ کا مقدمہ سن سکتی ہے اور اس قانون کی رو سے بیوی کی وطنیت وہی جگہ تصور ہوگی، جہاں خاوند کی وطنیت ہو۔

فریقین کی طرف سے جو شہادت پیش ہوئی ہے اس کا ماحصل یہ ہے کہ فریقین اپنی ابتدائی برطانوی شہریت و وطنیت پر قائم ہیں۔ گو حصول معاش کے لئے ایک فریق نے اپنی رہائش بہاول پور میں رکھی ہوئی ہے۔ مگر محض دوسری جگہ رہائش رکھنے سے اصل وطنیت کا ترک ہونا لازم نہیں آتا۔ مدعیہ کا نکاح علاقہ انگریزی میں ہوا۔ جہاں کہ مدعیہ کی بیان کردہ وجہ ارتداد کو تسلیم نہیں کیا جاتا۔ اس وجہ سے علاقہ انگریزی کے قانون کی رو سے یہ نکاح صحیح اور جائز ہے۔

لیکن مدعا علیہ کی یہ حجت اس لئے وزن دار نہیں کہ اوّل تو یہ ثابت ہے کہ مولوی الٰہی بخش بہت مدت سے اپنے سابقہ مسکن سے ترک سکونت کر کے حدود ریاست ہذا میں رہائش پذیر ہے۔ اس کے کافی مدت کے بود و باش اور دیگر افعال سے یہ بخوبی اخذ ہوتا ہے کہ وہ حدود ریاست ہذا میں مستقل سکونت اختیار کر چکا ہے اور اس کا اپنے سابقہ مسکن پر واپس جانے کا ارادہ نہیں۔ کیونکہ اس بارہ میں جو شہادت پیش ہوئی ہے، اس سے پایا جاتا ہے کہ علاقہ ضلع ڈیرہ غازی خان میں اب اس کا اپنا کوئی گھر موجود نہیں۔ مدعیہ چونکہ اس وقت نابالغ تھی اور بطور زوجہ مدعا علیہ کے حوالہ نہ کی گئی تھی۔ اس لئے اس کا اپنے والد کے ہمراہ یہاں چلے آنے اور اس کے ساتھ بود و باش رکھنے سے یہ سمجھا جائے گا کہ اس نے بھی اب بمثیل اپنے والد کے یہاں کی وطنیت اختیار کر لی ہے۔ علاوہ ازیں یہ پایا جاتا ہے کہ جب وہ بالغ ہوئی تو اس نے مدعا علیہ کی زوجیت سے انکار کر دیا اور یہ حجت کی کہ ضلع ڈیرہ غازی خان میں اس کا جو نکاح مدعا علیہ سے ہوا تھا وہ بوجہ ارتداد مدعا علیہ قائم نہیں رہا۔ اس لئے کیونکر کہا جاسکتا ہے کہ مدعیہ کی وطنیت بھی اب وہی شمار ہوگی جو کہ مدعا علیہ نے اختیار کی ہوئی ہے۔ کیونکہ وہ وہاں نہ بطور زوجہ اس کے ساتھ آباد رہی اور نہ اب حقوق زوجیت کو تسلیم کر کے اس کے ساتھ وہاں آباد ہونے کو آمادہ ہے۔ اس لئے لامحالہ یہ قرار دینا پڑے گا کہ مدعیہ نے بھی اب یہی وطنیت اختیار کی ہوئی ہے اور اگر بفرض محال مدعا علیہ کی اس حجت کو درست بھی مان لیا جائے تو بھی مدعا علیہ کامیاب نہیں رہ سکتا۔ کیونکہ اس مقدمہ کی کارروائی یہاں بھی اس ضابطہ دیوانی کے تحت کی گئی ہے، جو علاقہ میں جاری ہے اور نکاح زیر بحث کا تصفیہ اسی شخصی قانون کے تحت کیا جارہا ہے کہ جس انگریزی کی رو سے قانون مروجہ علاقہ انگریزی کی رو سے تصفیہ کئے جانے کی ہدایت ہے۔ یعنی بروئے شرح محمدی، اس لئے کیونکر کہا جاسکتا ہے کہ ریاست ہذا کا قانون جس کے تحت مقدمہ ہذا میں کارروائی کی جارہی ہے وہ برٹش انڈیا کے قانون سے مختلف ہے۔ ہاں! قانون کی تعبیر کا سوال دوسرا ہے۔ کسی قانون کی تعبیر اس قانون کا جزو شمار نہیں ہوسکتی۔

اس لئے کسی عدالت کو مجبور نہیں کیا جاسکتا کہ وہ کسی خاص قانون کی تعبیر وہی کرے جو دوسری عدالت نے کی ہے۔ تاوقتیکہ وہ اس کی ماتحت عدالت نہ ہو۔ یہی وجہ ہے کہ ایک ہی مسئلہ پر مختلف ہائی کورٹوں کی مختلف قراردادیں پائی جاتی ہیں۔ مقدمہ حال میں عدالت معلیٰ اجلاس خاص نے مدراس ہائی کورٹ کے فیصلہ کو معاملہ زیر بحث کے متعلق قطعی نہ سمجھتے ہوئے قابل پیروی خیال نہیں کیا اور عدالت معلیٰ کی یہ قرارداد قانوناً بالکل درست ہے۔ اس لئے نہیں کہا جاسکتا کہ قانون بین الاقوامی کی اگر یہ سمجھا بھی جائے کہ وہ ریاست ہذا اور برٹش انڈیا کے مابین حاوی ہے۔ کوئی خلاف ورزی کی گئی ہے۔ کیونکہ یہاں اسی قانون پر عمل کیا جارہا ہے جو برٹش انڈیا میں مروج ہے اور اگر وطنیت کو ہی معیار سماعت دعویٰ قرار دیا جائے تو چونکہ مدعیہ کی وطنیت حدود ریاست ہذا کے اندر پائی جاتی ہے، اس لئے اس لحاظ سے بھی ریاست ہذا کی عدالتوں کو اس مقدمہ کی سماعت کا اختیار حاصل ہے۔ لہٰذا یہ مقدمہ عدالت ہذا میں درست طور رجوع ہوکر زیر سماعت لایا گیا ہے۔

ان قانونی امور کو طے کرنے کے بعد اب اصل معاملہ مابہ النزاع کی طرف رجوع کیا جاتا ہے اور قبل اس کہ اس سوال پر فریقین کی پیش کردہ شہادت اور دلائل پر بحث کی جائے، یہ سمجھنے کے لئے کہ قادیانی یا مرزائی یا احمدی مذہب کیا ہے اور مذہب اسلام کے ساتھ اس کا کیا لگاؤ ہے اور اس مذہب کو قبول کرنے والے کو کیوں مرتد سمجھا گیا ہے، کچھ مختصر تمہید کی ضرورت ہے۔

یہ بات کچھ خلاف واقع نہ ہوگی۔ اگر یہ کہا جائے کہ ہر مذہب وملت کے نزدیک ابتدائے آفرینش اور وجود باری تعالیٰ کا علم کتب سماوی سے ہوا ہے۔ ممکن ہے کہ تمام مذاہب کے متعلق یہ رائے صحیح نہ ہو تو کم ازکم یہود ونصاریٰ اور مسلمانوں کے متعلق بلاخوف تردید یہ کہا جاسکتا ہے کہ ان کے مذاہب کی رو سے نہ صرف امور مذکورہ بالا کا علم کتب سماوی سے ہوا ہے۔ بلکہ ابتدائے آفرینش کے بارہ میں ان کی کتب سماوی کا قریباً قریباً باہمی اتفاق بھی ہے۔ اس بحث سے کچھ یہ دکھلانا بھی مقصود ہے کہ صرف مسلمان ہی ایک ایسی قوم نہیں جو کہ اپنی مذہبی کتاب قرآن مجید کو منزل من اللہ کہنے والی ہے۔ بلکہ اس قسم کا عقیدہ دیگر اقوام میں بھی پایا جاتا ہے اور وہ بھی اپنے مذاہب کی بنیادی کتابوں کے منزل من اللہ ہونے کے قائل ہیں۔ مسئلہ زیر بحث کا چونکہ صرف مسلمانوں سے تعلق ہے۔ اس لئے یہاں صرف ان کی آسمانی کتاب قرآن مجید کا ہی ذکر کیا جاتا ہے۔ قرآن مجید کے مطالعہ سے پایا جاتا ہے کہ خداوند تعالیٰ نے جب آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا تو انہیں ایک خاص درخت کے پھل کھانے سے منع فرمایا گیا۔ اس کے بعد جب آدم علیہ السلام نے غلطی سے اس پھل کو کھالیا تو ان کو باغ جنت سے بے دخل کردیا گیا اور شیطان کو بھی جس کی ترغیب پر انہوں نے وہ پھل کھایا تھا، وہاں سے نکالا گیا اور یہ ارشاد ہوا کہ: ’’قلنا اهبطوا منها جميعا فاما ياتينكم منى هدىً فمن تبع هداى فلا خوف عليهم ولاهم يحزنون (البقرة)‘‘

نیچے جاؤ یہاں سے تم سب پھر اگر پہنچے میری طرف سے کوئی ہدایت تو جو چلا میری ہدایت پر نہ خوف ہوگا ان پر اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔

باری تعالیٰ کی طرف سے یہ ہدایت پھر اس کے رسولوں کے ذریعہ سے جو کہ انسانوں میں سے منتخب کئے جاتے ہیں، پہنچتی رہی۔ حتیٰ کہ رسولوں کا یہ سلسلہ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ تک جاری رہا۔ موسیٰ علیہ السلام کے بعد آئندہ سلسلۂ رسالت جاری رہنے میں لوگوں میں اختلاف ہونے لگا اور عیسیٰ علیہ السلام کے مبعوث ہونے پر جن لوگوں نے انہیں نہ مانا اور جو موسیٰ علیہ السلام کی ہدایت پر قائم رہ وہ یہود کہلائے اور جنہوں نے عیسیٰ علیہ السلام کو نبی تسلیم کرلیا اور نصاریٰ کہلائے اور ان کے بعد جب حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کو نبوت ملی تو انہیں جن لوگوں نے نبی تسلیم کرکے ان کی تعلیم پر چلنا شروع کیا وہ مسلمان کہلاتے ہیں۔ اب مدعیہ کی طرف سے یہ کہا جاتا ہے کہ مسلمانوں کا یہ عقیدہ اور ایمان ہے کہ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ آخری نبی ہیں اور ان کے بعد اور کوئی نیا نبی نہیں ہوسکتا۔ ہاں! البتہ آخری زمانہ میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام جو آسمان پر زندہ ہیں، آسمان سے نزول فرمائیں گے اور حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی شریعت پر چل کر لوگوں کو راہ ہدایت دکھلائیں گے اور رسول اللہ کی شریعت پر چلنے

کی وجہ سے امتی نبی کہلائیں گے۔

اب انیسویں صدی کے اخیر میں مرزا غلام احمد صاحب قادیانی نے جو مدعا علیہ کے پیشواء ہیں۔ ان روایات کی جو نزول عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق مسلمانوں میں مشہور چلی آتی تھیں، یہ تعبیر کی ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام جو مسیح ناصری تھے فوت ہو چکے ہیں۔ انہوں نے واپس نہیں آنا اور نہ ان کا واپس آنا بروئے آیات قرآنی ممکن ہے اور نہ وہ نبی ہو کر امتی ہو سکتے ہیں۔ بلکہ امتی نبی سے یہ مراد ہے کہ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے کمال اتباع اور فیض سے ان کے کسی امتی کو نبوت کا درجہ عطاء کیا جائے گا اور اس تعبیر کے ساتھ انہوں نے اس درجہ کا اپنے مختص ہونے کا دعویٰ کیا ہے۔ اس دعویٰ کی تائید میں فریق ثانی کی طرف سے جو دلائل اور سندات وغیرہ پیش کی گئی ہیں، ان پر آگے بحث کی جائے گی۔ اب صرف یہ دکھلانا مقصود ہے کہ جن لوگوں نے مرزا صاحب کے اس دعویٰ کو صحیح تسلیم کر کے ان کی تعلیم پر چلنا شروع کر دیا ہے، انہیں لوگ مرزا صاحب کے ساتھ اور ان کے مسکن قادیان کے ساتھ تعلق رکھنے کی وجہ سے بعض اوقات مرزائی کہتے ہیں اور بعض اوقات قادیانی اور قادیانی مرزائی کہنے سے ایک اور تعبیر بھی لی جاتی ہے وہ یہ کہ مرزا صاحب کے متبعین کے دو فرقے ہیں۔ ایک لاہوری اور دوسرے قادیانی۔ لاہوری انہیں نبی نہیں مانتے، قادیانی انہیں نبی مانتے ہیں۔ اس لئے قادیانی مرزائی کہنے سے یہ مراد لی جاتی ہے کہ وہ شخص جس کے متعلق یہ الفاظ استعمال کئے گئے ہیں، وہ مرزا صاحب کے ان متبعین میں سے ہیں جو انہیں نبی مانتے ہیں۔ مقدمہ ہذا میں مدعا علیہ پر اسی مفہوم کے تحت یہ الفاظ استعمال کئے گئے ہیں۔

اس فرقہ کا تیسرا نام احمدی ہے جس کے متعلق فریق ثانی کی طرف سے کہا جاتا ہے کہ اس جماعت کے امیر نے اپنی جماعت کے لئے تجویز کر کے گورنمنٹ سے اس جماعت کو موسوم کئے جانے کی منظوری حاصل کی ہوئی ہے۔

مسلمانوں کے نزدیک قرآن مجید کے بعد سند اور اعتبار کے لحاظ سے احادیث کا درجہ ہے جو حضرت رسول کریم ﷺ کے اقوال کا مجموعہ ہیں۔ اب مدعیہ کی طرف سے یہ کہا جاتا ہے کہ مرزا صاحب کا دعویٰ غلط ہے۔ قرآن مجید اور احادیث کی رو سے حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ خاتم النّبیین ہیں ان کے بعد اور نیا نبی نہیں ہو سکتا۔ مرزا صاحب کے اعتقادات شرعاً درست نہیں ہیں۔ بلکہ کفر کی حد تک پہنچتے ہیں۔ اس لئے ان کو نبی تسلیم کرنے والا اور ان کی تعلیم پر چلنے والا بھی کافر ہے اور دائرہ اسلام سے خارج اور مرتد ہو جاتا ہے اور کسی سنی عورت کا نکاح جو قبل از ارتداد اس کے ساتھ ہوا ہو، شرعاً قائم نہیں رہتا اور اس اصول کے تحت مدعیہ کا نکاح مدعا علیہ کے قادیانی، مرزائی ہو جانے کی صورت میں اس کے ساتھ قائم نہیں رہا۔ لہٰذا ڈگری انفراق زوجیت دی جائے۔

مدعا علیہ کی طرف سے کہا جاتا ہے کہ قادیانی مذہب، مذہب اسلام کے کوئی مغائر مذہب نہیں ہے بلکہ اس مذہب کے صحیح اصولوں کی صحیح تعبیر ہے۔ اس تعبیر کے مطابق عمل پیرا ہونے سے وہ خارج از اسلام نہیں ہوا۔ اس کا نکاح قائم ہے اور دعویٰ مدعیہ قابل اخراج ہے۔

چنانچہ فریقین نے اپنے اپنے اس ادّعا کے مطابق شہادت پیش کی ہے جس پر آگے بحث کی جائے گی۔ مقدمہ ہذا میں ابتدائی تنقیحات جن کا اوپر ذکر کیا جا چکا ہے۔ چاہے جس شکل یا جن الفاظ میں وضع شدہ ہیں، ان کا نفس معاملہ پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔ ان کا مفہوم بھی ہے کہ کیا مدعا علیہ نے قادیانی یا مرزائی مذہب اختیار کر لیا ہے اور کیا اس مذہب میں داخل ہونے سے ارتداد واقع ہو جاتا ہے اور کیا اس صورت میں مدعیہ کا نکاح فسخ سمجھا جائے گا۔ اس لئے ان تنقیحات کی ترمیم کے متعلق مدعا علیہ کے عذرات کو وزن دار خیال نہیں کیا گیا۔ اس لئے ان تنقیحات کے الفاظ میں کسی ردوبدل کی ضرورت نہیں سمجھی گئی اور خصوصاً ان میں ترمیم کی ضرورت اس لئے بھی نہیں رہی کہ اگر مدعا علیہ کے ادّعا کے مطابق یہی صورت تنقیحات قائم کی جائے تو مسل پر اس قدر مواد آ چکا ہے کہ اس کی رو سے اس صورت میں بھی بحث کی جا سکتی ہے۔ اس سوال پر اب چنداں بحث کی ضرورت نہیں رہی کہ آیا مدعا علیہ قادیانی مرزائی ہے یا نہ۔ کیونکہ اس نے اپنے اعتقادات کی جو

فہرست پیش کی ہے، اس میں اس نے صاف طور پر درج کیا ہے کہ وہ حضرت مرزا صاحب کو امتی نبی تسلیم کرتا ہے اور ان پر وحی اور الہام بہ برکت حضرت نبی کریم ﷺ وارد ہوتے تھے۔ اس لئے اس سے یہ قرار دیا جاسکتا ہے کہ وہ مرزا صاحب کے قادیانی متبعین میں سے ہے۔

اب بحث طلب صرف یہ امر ہے کہ آیا یہ عقیدہ کفریہ ہے اور اس عقیدہ کے رکھنے والا دائرہ اسلام سے خارج اور مرتد قرار دیا جاسکتا ہے؟

اس سلسلہ میں مدعیہ کی طرف چھ (۶) گواہان ذیل مولوی غلام محمد صاحب شیخ الجامعہ عباسیہ بہاولپور، مولوی محمد حسین صاحب سکنہ گوجرانوالہ، مولوی محمد شفیع صاحب مفتی دارالعلوم دیوبند، مولوی مرتضیٰ حسن صاحب چاند پوری، سید محمد انور شاہ صاحب کشمیری، مولوی نجم الدین صاحب پروفیسر اورنٹیل کالج لاہور پیش ہوئے ہیں اور مدعا علیہ کی طرف سے دو گواہان مولوی جلال الدین صاحب شمس اور مولوی غلام احمد صاحب مجاہد پیش ہوئے ہیں۔ ہر دو گواہان قادیانی مبلغین میں سے ہیں۔ ان جملہ گواہان کی شہادتیں کئی معاملات شرعی پر مشتمل ہیں اور بہت طویل ہیں۔ ان کا اگر معمولی اختصار بھی یہاں درج کیا جائے تو اس سے نہ صرف فیصلہ کا حجم بڑھ جائے گا، بلکہ اصل معاملہ کے سمجھنے میں بھی الجھن پیدا ہو جائے گی۔ اس لئے ان شہادتوں سے جو اصول اور دلائل اخذ ہوتے ہیں وہ یہاں درج کئے جاتے ہیں اور زیادہ تر دربار معلّٰی کی ہدایت کے مطابق ان شہادتوں کی رو سے یہ دیکھنا ہے کہ اسلام کے وہ کون سے بنیادی اصول ہیں کہ جن سے اختلاف کرنے سے ارتداد واقع ہو جاتا ہے یا یہ کہ کن اسلامی عقائد کی پیروی نہ کرنے یا نہ ماننے سے ایک شخص مرتد سمجھا جاسکتا ہے اور کہ کیا عقائد قادیانی سے ارتداد واقع ہو جاتا ہے یا نہ؟

مدعیہ کی طرف سے مذہب اسلام کے جو اہم اور بنیادی اصول بیان کئے گئے ہیں وہ سید انور شاہ صاحب گواہ مدعیہ کے بیان میں مفصل درج ہیں۔ یہاں ان کا مختصراً اعادہ کیا جاتا ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ ایمان کے معنی یہ ہیں کہ کسی کے قول کو اس کے اعتماد پر باور کر لیا جائے اور کہ غیب کی خبروں کو انبیاء کے اعتماد پر باور کر لینے کو ایمان کہتے ہیں اور حق شناسی یا منکر ہو جانے یا مکر جانے کو کفر کہتے ہیں۔ ہمارے دین کا ثبوت دو طرح سے ہے یا تو اتر سے یا خبر واحد سے تواتر اسے کہتے ہیں کہ کوئی چیز نبی کریم سے ایسی ثابت ہوئی ہو اور ہم تک علی الاتصال پہنچی ہو کہ اس میں خطاء کا احتمال نہ ہو۔ یہ تواتر چار قسم کا ہے۔ تواتر اسنادی، تواتر طبقہ، تواتر قدر مشترک اور تواتر توارث۔

تواتر اسنادی اسے کہا جاتا ہے کہ جو صحابہ سے بسند صحیح مذکور ہو۔

تواتر طبقہ اسے کہتے ہیں کہ جب یہ معلوم نہ ہو کہ کس نے کس سے لیا، بلکہ یہی معلوم ہو کہ پچھلی نسل نے اگلی سے سیکھا۔ جیسا کہ قرآن مجید کا تواتر۔

تواتر قدر مشترک یہ ہے کہ حدیثیں کئی ایک خبر واحد آئی ہوں۔ اس میں قدر مشترک متفق علیہ حصہ وہ حاصل ہوا جو تواتر کو پہنچ گیا۔ مثلاً نبی کریم ﷺ کے معجزات جو کچھ تواتر ہیں اور کچھ خبر احاد ہیں۔ ان اخبار احاد میں اگر کوئی مضمون مشترک ملتا ہے تو وہ قطعی ہو جاتا ہے اس کی مزید تشریح مولوی مرتضیٰ حسن صاحب گواہ مدعیہ نے یہ کی ہے کہ بعض ایسی احادیث جو باعتبار معنی اور سند کے متواتر نہیں ہیں وہ باعتبار معنی کے متواتر ہو جاتی ہیں۔ اگر ان معنوں کو اتنی سندوں سے اور اتنے راویوں نے بیان کیا ہو کہ جن کا جھوٹ پر جمع ہونا محال ہو۔

تواتر توارث اسے کہتے ہیں کہ نسل نے نسل سے لیا ہو اور یہ تواتر اس طرح سے ہے کہ بیٹے نے باپ سے لیا اور باپ نے اپنے باپ سے۔ ان جملہ اقسام کے تواتر کا انکار کفر ہے۔ اگر تواترات کے انکار کو کفر نہ کہا جائے تو اسلام کی کوئی حقیقت نہیں رہتی۔ ان متواترات میں تاویل کرنا مطلب بگاڑنا، کفر صریح ہے اور متواترات کو تاویل سے پلٹنا بھی کفر ہے۔ کفر کبھی قولی ہوتا ہے اور کبھی فعلی مثلاً کوئی شخص ساری عمر نماز پڑھتا رہے اور ۳۰ سال کے بعد ایک بت کے آگے سجدہ کر دے تو کفر فعلی ہے۔ کفر قولی یہ ہے کوئی شخص یہ کہہ دے کہ خدا کے ساتھ صفتوں میں یا فعل میں کوئی شریک ہے۔ اسی طرح یہ کہنا بھی کفر قولی ہے کہ رسول اللہ ﷺ (حضرت محمد مصطفیٰ) کے بعد کوئی اور نیا پیغمبر آئے

گا۔ کیونکہ تواتر تو ارث کی ذیل میں ساری امت اس علم میں شریک رہی ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے بعد اور کوئی نبی نہیں آئے گا۔

اسی طرح کوئی شخص اگر اپنے مساوی سے کہہ دے کہ ’’کلمہ بکا‘‘ تو وہ کوئی چیز نہیں۔ استاد اور باپ سے کہے تو اسے عاق کہتے ہیں۔ پیغمبر کے ساتھ یہ معاملہ کرے تو کفر صریح ہے۔

نبوت کے ختم ہونے کے بارے میں ہمارے پاس کوئی دوسو حدیثیں ہیں۔ قرآن مجید اور اجماع بالفعل ہے اور ہر نسل اگلی نے پچھلی سے اس کو لیا ہے اور کوئی مسلمان جو اسلام سے تعلق رکھتا ہے وہ اس عقیدہ سے غافل نہیں رہا۔ اس عقیدہ کی تحریف کرنا اور اس سے انحراف کرنا صریح کفر ہے۔ اسلام ہے شناخت مسلمانوں کی اور مسلمانوں کے اشخاص شناخت ہیں اسلام کی۔ اگر اجماع کو درمیان میں سے اٹھا دیا جائے تو دین سے وہ گیا۔

جو دین محمدی ﷺ کا اقرار نہ کرے اسے کافر کہتے ہیں جسے اندر سے اعتقاد نہ ہو زبان سے کہتا ہو اسے منافق کہتے ہیں۔ جو زبان سے اقرار کرتا ہو لیکن دین کی حقیقت بدلتا ہو، اسے زندیق کہتے ہیں اور وہ پہلی دو قسموں سے زیادہ شدید کافر ہے۔

ارتداد کا معنی یہ ہیں کہ دین اسلام سے ایک مسلمان کلمہ کفر کہہ کر اور ضروریات و متواترات دین میں سے کسی چیز کا انکار کر کے خارج ہو جائے گا اور ایمان یہ ہے۔ سرور عالم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ جس چیز کو اللہ تعالیٰ کی جانب سے لائے ہیں اور اس کا ثبوت بدیہات اسلام سے ہے اور ہر مسلمان خاص وعام اسے جانتے ہیں، اس کی تصدیق کرنا۔

ضروریات دین وہ چیز ہیں کہ جن کو خواص وعوام پہچانیں کہ یہ دین سے ہیں۔ جیسے اعتقاد توحید کا رسالت کا اور پانچ نمازوں کا اور مثل ان کے اور چیزیں۔

شریعت کے اگر کسی لفظ کو بحال رکھا جا کر اس کی حقیقت کو بدل دیا جائے اور وہ معاملہ متواترات سے ہو تو وہ کفر صریح ہے۔ کفر وایمان کی اس شرعی حقیقت کے بیان کرنے سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ ایک مسلمان بعض قسم کے افعال یا اقوال کی وجہ سے کافر اور خارج از اسلام ہو جاتا ہے۔

ختم نبوت کا عقیدہ بایں معنی کہ آنحضرت ﷺ کی نبوت کے بعد کسی کو عہدہ نبوت نہ دیا جائے گا۔ بغیر کسی تاویل اور تخصیص کے ان اجماعی عقائد میں سے ہے جو اسلام کے اصولی عقائد میں سے سمجھا گیا ہے اور آنحضرت ﷺ کے عہد سے لے کر آج تک نسلاً بعد نسلٍ ہر مسلمان اس پر ایمان رکھتا ہے۔

اور یہ مسئلہ قرآن مجید کی بہت سی آیات اور احادیث متواتر المعنی سے اور قطعی اجماع امت سے روز روشن کی طرح ثابت ہے اور اس کا منکر قطعاً کافر مانا گیا ہے اور کوئی تاویل وتخصیص اس میں قبول نہیں کی گئی۔ اس میں اگر کوئی تاویل وتخصیص نکالی جائے تو وہ شخص ضروریات دین میں تاویل کرنے کی وجہ سے منکر ضروریات دین سمجھا جائے گا۔

یہ اصول ہیں جن کے تحت میں اور بھی ایسے بہت سے فروع موجود ہیں جو مستقل موجبات کفر ہو سکتے ہیں۔

فریق ثانی کی طرف سے یہ کہا جاتا ہے کہ ایمان یہ ہے اللہ تعالیٰ پر، اس کے فرشتوں پر، اس کی کتابوں پر، اس کے رسولوں پر اور بعد الموت پر اور تقدیر پر یقین رکھا جائے اور اسلام گواہی دیتا ہے اس بات کی کہ سوائے اللہ کے کوئی معبود نہیں اور محمد ﷺ اس کے رسول ہیں اور نماز کا ادا کرنا اور زکوٰۃ کا دینا اور رمضان کے روزے رکھنا اور بیت اللہ شریف کا حج ادا کرنا اگر استطاعت ہو اور جو شخص زبان سے ’’لا اله الا الله محمد رسول الله‘‘ کہے اور دل سے اس کے مطالب کی تصدیق کرے تو ایسا شخص یقینی طور پر مؤمن ہے۔ اگرچہ وہ فرائض اور محرمات سے بے خبر ہو اور اسلام کے معنی یہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے جو فرائض اور محرمات بیان کئے ہیں کہ بعض اشیاء حلال اور بعض حرام ہیں۔

ان پر بلاکسی اعتراض کے اپنی رضا مندی کا اظہار کیا جائے اور جو شخص ان اعمال صالحہ کا پابند ہو کہ جو قرآن مجید میں ایک مؤمن کا طغرائے امتیاز قرار دیئے گئے ہیں، وہ شخص مومن اور مسلمان ہے۔

یہ باتیں ایسی ہیں کہ جو ارکان اسلام سے تعلق رکھتی ہیں اور جن کے جزو ایمان ہونے میں فریق مدعیہ کو بھی کوئی کلام نہیں۔ دیکھنا یہ ہے کہ آیا ان باتوں پر فریق ثانی کا عقیدہ ان اصولوں کے تحت جو فریق مدعیہ کی طرف سے بیان کئے گئے ہیں۔ ویسا ہی ہے، جیسا کہ دیگر عام مسلمانوں کا یا کہ اس سے مختلف۔ کیونکہ مدعیہ کی طرف سے کہا جاتا ہے کہ جو شخص عقائد اسلام ظاہر کرے اور قرآن وحدیث کے اتباع کا دعویٰ بھی کرے۔لیکن ان کی ایسی تاویل اور تحریف کردے کہ جس سے ان کے حقائق بدل جائیں تو وہ مسلمان نہیں سمجھا جاسکتا۔

مدعیہ کی طرف سے دین اسلام کے ثبوت کے متعلق جو بنیادی اصول اور قواعد بیان کئے گئے ہیں۔ ان کا مدعا علیہ کی طرف سے کوئی اطمینان بخش جواب نہیں دیا گیا۔ حالانکہ تواتر اور اجماع کے اصولوں کو خود ان کے پیشواء مرزاغلام احمد نے بھی تسلیم کیا ہے۔

چنانچہ وہ اپنی کتاب (ایام الصلح ص۸۷، خزائن ج۱۴ص۳۲۳) میں لکھتے ہیں کہ وہ امور جو اہل سنت کی اجماعی رائے سے اسلام کہلاتے ہیں، ان سب کا ماننا فرض ہے۔ایک دوسری کتاب (انجام آتھم ص۱۴۴، خزائن ج۱۱ص۱۴۴) میں لکھتے ہیں کہ:''جو شخص اس شریعت پر مقدار ایک ذرہ کے زیادتی کرے یا اس میں کمی کرے یا کسی عقیدہ اجماعیہ کا انکار کرے۔ اس پر اﷲ کی لعنت اور ملائکہ کی لعنت اور تمام آدمیوں کی لعنت۔ یہ میرا اعتقاد ہے۔'' اور کتاب (ازالۃ الاوہام ص۵۵۶، خزائن ج۳ص۳۹۹) پر لکھتے ہیں کہ:''تواتر کی جو بات ہے وہ غلط نہیں ٹھہرائی جاسکتی اور تواتر اگر غیر قوموں کا بھی ہو تو وہ بھی قبول کیا جائے گا۔'' مدعیہ کے گواہان کے بیان کردہ اصول اور قواعد کے مقابلہ میں مدعا علیہ کے گواہان نے جو کچھ بیان کیا ہے وہ یہ ہے کہ علماء اور ائمہ کی اندھی تقلید نہایت مذموم ہے۔ یہ ضروری نہیں کہ پہلے علماء جو کچھ تفسیروں میں لکھ گئے ہیں ہم آنکھ بند کر کے ان پر ایمان لے آئیں۔ بلکہ یہ ہمارا فرض ہے کہ ہم ان کے فتاویٰ اور اقوال کو کتاب اﷲ اور سنت رسول اﷲ ﷺ اور عقل سلیم کی کسوٹی پر پرکھیں اور جو قرآن اور سنت سے صحیح ثابت ہو، اسے اختیار کریں اور مخالف کو چھوڑ دیں کہ جو شخص کسی حدیث کو یا قول کو قرآن مجید کے واقعی طور پر خلاف ثابت کردے تو اس کا قول معتبر ہوگا اور یہ کہ اگر کوئی شخص کسی فن کا امام ہو یا نہ ہو، اگر کوئی بات کسی دلیل کے ساتھ ثابت کردے تو وہ مان لی جائے گی۔ صحابہ بھی تفسیر میں غلطی کرتے تھے۔ یہ بیان مولوی جلال الدین صاحب شمس گواہ مدعا علیہ کا ہے۔اس کا دوسرا گواہ بیان کرتا ہے کہ کوئی شخص جو کلام کرتا ہے، اس کلام کے معنی وہی بہتر سمجھتا ہے اور اس کلام کے معنی جو وہ بیان کرے گا یا تاویل کرے گا وہی مقدم ہوگی اور کہ گواہ مذکور کے نزدیک قرآن مجید کے سواء اور کوئی چیز مسلم نہیں۔سوائے اس کے کہ جو قرآن مجید سے تطابق رکھتی ہو اور جو قرآن شریف کو پڑھتا ہے وہ خود تطابق کرسکتا ہے اور میرے لئے قرآن شریف کی مطابقت دیکھنے کے لئے میرے واجب الاطاعت اماموں کی بیان فرمودہ مطابقت یا میری اپنی مطابقت مسلم ہے اور کہ ہر وہ بات جس کی تائید قرآن شریف سے نہیں ہوتی اور قرآن شریف کی تصدیق یافتہ احادیث نبویہ سے بھی جس کلام کی تصدیق نہیں ہوتی یا اماموں کے ایسے اقوال کہ جن اقوال کی تصدیق قرآن اور حدیث سے نہیں ہوتی۔ اس کے علاوہ اور مصنّفین کی کتابیں جن کی تصدیق قرآن اور حدیث سے نہیں ہوتی وہ مجھ پر حجت نہیں ہیں اور کہ قرآن کی تفسیر کے لئے کسی خاص شخص کی تعیین نہیں کہ وہ جو معنی کرے گا۔ خواہ وہ کیسے ہی ہوں، اس کو مانا جائے اور اس کے خلاف معنی کو رد کیا جائے۔ اگر صحابہ سے کوئی صحیح تفسیر ثابت ہو جائے جس کے خلاف قرآن کی کوئی تصریح نہ ہو اور صحیح مرفوع متصل حدیثوں کی بھی تصریح نہ ہو۔ زبان عربی کی بھی کوئی تصریح ان معنوں کے خلاف نہ ہو۔ وہ بہر حال مقدم ہوگی اور اس کے خلاف معنی کرنے والے کو محض اس لئے کہ وہ ان معنوں کے خلاف کر رہا ہے۔ خاطی نہیں کہا جاسکتا جب تک کہ قرآنی تصریح کے خلاف معنی نہ کئے جائیں۔ صحابہ کرام کی طرف منسوب شدہ بات کہ انہوں نے کی ہے یا کہی ہے یا تحقیق کی ہے۔ اگر قرآن شریف کے مطابق ہے تو قابل قبول ہے۔ اگر صحابہ

کرام ﷺ کی طرف منسوب شدہ بات کو ثابت شدہ اس لحاظ سے کہا جاتا ہے کہ ان تک روایت پہنچتی ہے تو اس کی کوئی حقیقت نہیں۔ اگر کسی غیر صحابی کی تحقیق بشرطیکہ قرآن شریف کی صحیح نصوص کے مطابق ہو، عربی زبان کی سند ساتھ رکھتی ہو۔ دیگر احادیث میں بھی تائید رکھتی ہو تو صحابی کی تحقیق سے مقدم ہے۔ ان شرائط کے بغیر اگر کوئی غیر صحابی کوئی تحقیق پیش کرتا ہے۔ اگر وہ پیش کرنے والا خدا کی طرف سے ملہم اور مامور نہیں ہے کہ جس کی وحی والہام کی تصدیق قرآن پاک کی تصریحات سے ہوچکی ہو۔ بلکہ عام شخص ہے تو اس کی ذاتی رائے اوپر کی شرائط سے علیحدہ کر کے صحابی کی بیان کردہ تصریح سے سننے والے اور ماننے والے کے اختیار پر ہوگی کہ اسے راجح سمجھے یا نہ سمجھے۔ کسی حدیث کو قرآن کی مطابقت میں صحیح قرار دینے والا خود مختار ہے کہ وہ اپنے استدلال کی رو سے اسے مطابق قرار دے یا تصریح کے لحاظ سے مطابق قرار دے۔

اس سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ ہر دو فریق کے بیان کردہ اصولوں میں سے معقولیت کس میں ہے۔ ایک تو اپنے دین کی بنیاد چند منظم اصولوں پر کہ جن کو قدامت کی قوت حاصل ہے۔ قائم کر کے اسے بطور ایک ضابطہ اور قانون کے پیش کرتا ہے۔ دوسرا اسے ایک کھلونا بنا کر ہر کس وناکس کے ہاتھ میں دے دیتا ہے اور بجائے اس کے کہ دین کو ایک مستقل لائحہ عمل سمجھا جائے۔ اسے ہر لحہ وہر آن تغیر تبدل کا متحمل قرار دیتے ہوئے۔ ایک بازیچۂ اطفال بنا دیتا ہے۔ کیونکہ اس کے نزدیک ہر شخص اس بات کا اہل اور مجاز ہوسکتا ہے کہ وہ جب چاہے بلا روک ٹوک اپنے اجتہاد کی بناء پر ایک نیا رستہ نکال کر اس پر چلنا شروع کر دے اور نہ کسی صحابی، نہ کسی امام، نہ کسی بزرگ، نہ کسی دوسرے ماہر فن کی کوئی پرواہ کرے۔ بلکہ شارع کے جس قول کو وہ درست سمجھے اور اس کا معنی جو وہ قرار دے۔ اس کے مطابق عمل کرے اور اگر اسے کوئی گرفت کرے تو فوراً اپنے قول کی کوئی تاویل گھڑ کر پیش کر دے اور چونکہ وہ تاویل مقدم سمجھی جائے گی۔ اس لئے کوئی بھی اس کا کچھ نہ بگاڑ سکے گا اور وہ بیچارہ گرفت کرنے والا منہ کی کھا کر چپ ہو جائے گا۔ اس اصول کے تحت نہ صرف کسی دین کی بلکہ کسی قانون کی کوئی حقیقت نہیں رہتی، کیونکہ اس قسم کی وسعت ہر اس ضابطہ میں کہ جس کا اجراء بطور قانون مقصود ہو متصور ہوسکتی ہے اور اس صورت میں اس پر کبھی بھی عمل درآمد نہیں ہوسکتا اور وہ محض لفظ ہی لفظ رہ جاتا ہے۔

اگر ان اصولوں کو جو فریق ثانی کی طرف سے بیان کئے گئے ہیں بروئے کار لایا جائے تو دین نہ صرف دین کہلائے جانے کا ہی مستحق نہیں رہتا۔ بلکہ ایک مضحکہ انگیز چیز بن جاتا ہے اور بجائے اس کے کہ اس میں کوئی یکسانیت پیدا کی جاسکے ہر شخص انفرادی حیثیت سے اپنی منشاء کے مطابق اپنے لئے ایک علیحدہ دین بنا سکے گا۔

مذکورہ بالا تصریحات سے یہ بھی واضح ہو جاتا ہے کہ مرزاصاحب کے دعویٰ سے قبل دین اسلام جن باتوں پر قائم تھا۔ اب کوئی ان کی اصلیت اور بنا نہیں رہی اور اب بناء صرف مرزاصاحب اور ان کے خلفاء کے اقوال وعقائد پر ہی ہے۔ کیونکہ فریق ثانی کے نزدیک اب ان اصحاب کے سواء نہ کسی پہلے صحابی کی، نہ امام کی، نہ بزرگ کی کوئی بات مقدم ہے اور صحیح ہے، بلکہ جو کچھ مرزاصاحب اور ان کے خلفاء نے کہا ہے اور لکھا ہے وہی درست ہے اور ان کی کتابوں کے سواء اور کوئی کتاب حجت نہیں ہے۔ اس سے صاف طور پر یہ نتیجہ اخذ ہوتا ہے کہ مرزاصاحب کا دین اس دین اسلام سے مختلف ہے جو مرزاصاحب کے دعویٰ سے قبل مسلمان سمجھتے آئے ہیں۔ اس لئے مدعیہ کی طرف سے بجا طور پر کہا گیا ہے کہ مذہب کے لحاظ سے ہر دو فریق میں قانون کا اختلاف ہے اور مدعیہ کی طرف سے بھی یہ تسلیم کیا گیا ہے کہ ان کے درمیان اصولی اختلاف بھی ہے اور فروعی بھی اور سید انور شاہ صاحب گواہ مدعیہ بیان کرتے ہیں کہ احمدی مذہب والے نے مہمات دین کے بہت سے اصولوں کو تبدیل کر دیا ہے اور بہت سے اسماء کا مسمی بدل دیا ہے۔ آگے ظاہر ہو جائے گا کہ اس میں کہاں تک صداقت ہے۔

اب وہ عقائد بیان کئے جاتے ہیں کہ جن کی بناء پر فریق ثانی کی نسبت یہ کہا جاتا ہے کہ وہ مرتد اور کافر ہے۔ اس ضمن میں اہم

وجہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ وہ مرزاغلام احمد صاحب کو نبی مانتا ہے۔ اس لئے یہ دکھانا پڑے گا کہ مرزا صاحب کے اعتقادات کیسے ہیں اور کیا وہ نبی ہو سکتے ہیں یا نہ اور ان کو نبی ماننے سے کیا قباحت لازم آتی ہے اور کیا ان کے اقوال ایسے ہیں کہ ان کی بناء پر انہیں مسلمان قرار نہیں دیا جاسکتا۔ اس لئے ان کے اتباع سے مدعا علیہ کو بھی مسلمان نہیں سمجھا جاسکتا۔

سید انور شاہ صاحب گواہ مدعیہ نے ان اصولوں کے تحت جو ان کے بیان کے حوالہ سے اوپر بیان کئے جاچکے ہیں چھ(۶) وجوہات ایسی بیان کی ہیں کہ جن کی بناء پر ان کے نزدیک مرزا صاحب باجماع امت کافر اور مرتد قرار دیئے جاسکتے ہیں اور جن کی وجہ سے ان کی رائے میں ہندوستان کے تمام اسلامی فرقے باوجود سخت اختلاف خیال اور اختلاف مشرب کے ان کے کفر وارتداد اور ان کے متبعین کے کفر وارتداد پر متفق ہیں۔

۱...... ختم نبوت کا انکار اور اس کے اجماعی معنی کی تحریف اور جس مذہب میں سلسلہ نبوت منقطع ہو، اس کو لعنتی اور شیطانی مذہب قرار دینا۔

۲...... دعویٰ نبوت مطلقہ وتشریعیہ۔

۳...... دعویٰ وحی اور اپنی وحی کو قرآن کے برابر قرار دینا۔

۴...... حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی توہین۔

۵...... آنحضرت ﷺ کی توہین۔

۶...... ساری امت کو بجز اپنے متبعین کے کافر کہنا۔

تقریباً یہی وجوہات دیگر گواہان مدعیہ نے بھی بیان کی ہیں۔ اب ذیل میں حسب بیانات گواہان مذکوران وجوہات کی تشریح درج کی جاتی ہے۔

امور نمبر ۱ تا ۳ ایک ہی نوعیت کے ہیں۔ لہٰذا ان پر جو بحث کی گئی ہے وہ یکجا درج کی جاتی ہے۔ اس ضمن میں مرزا صاحب کے حسب ذیل اقوال پر جو ان کی مطبوعہ کتب میں موجود ہیں۔ اعتراض کیا گیا ہے۔

۱...... ’’اوائل میں میرا بھی یہی عقیدہ تھا کہ مجھ کو مسیح ابن مریم سے کیا نسبت، وہ نبی ہے اور خدا کے بزرگ مقربین میں سے ہے اور اگر کوئی امر میری فضیلت کی نسبت ظاہر ہوتا تو اس کو جزوی فضیلت قرار دیتا تھا۔ مگر بعد میں جو خدا تعالیٰ کی وحی بارش کی طرح میرے پر نازل ہوئی۔ اس نے مجھے اس عقیدہ پر قائم نہ رہنے دیا اور صریح طور پر نبی کا خطاب مجھے دیا گیا۔‘‘ (حقیقت الوحی ص۱۴۹،۱۵۰، خزائن ج۲۲ ص۱۵۳)

۲...... ’’الہامات میں میری نسبت بار بار بیان کیا گیا کہ یہ خدا کا فرستادہ، خدا کا مامور، خدا کا امین اور خدا کی طرف سے آیا ہے جو کچھ کہتا ہے، اس پر ایمان لاؤ اور اس کا دشمن جہنمی ہے۔‘‘ (انجام آتھم ص۶۲، خزائن ج۱۱ ص۶۲)

۳...... ’’مجھے اپنی وحی پر ویسا ہی ایمان ہے۔ جیسا کہ توراۃ، انجیل اور قرآن مجید پر اور کیا انہیں مجھ سے یہ توقع ہوسکتی ہے کہ میں ان کی ظنیات بلکہ موضوعات کے ذخیرہ کو سن کر اپنے یقین کو چھوڑ دوں گا۔‘‘ (اربعین نمبر۴، خزائن ج۱۷ ص۴۵۴)

۴...... ’’میں اس پاک وحی پر ایسا ہی ایمان لاتا ہوں۔ جیسا کہ ان تمام خدا کی وحیوں پر ایمان لاتا ہوں جو مجھ سے پہلے ہو چکی ہیں۔‘‘ (حقیقت الوحی ص۱۵۰، خزائن ج۲۲ ص۱۵۴)

۵...... ’’ہاں نبوت تشریعی نہیں جو کتاب اللہ کو منسوخ کرے اور نئی کتاب لائے ایسے دعویٰ کو تو ہم کفر سمجھتے ہیں۔‘‘ (ضمیمہ حقیقت النبوت ص۲۷۲، انوار العلوم ج۲ ص۵۸۲)

۶...... ’’اگر کہو کہ صاحب شریعت افتراء کر کے ہلاک ہوتا ہے کہ نہ کہ مفتری تو اوّل تو یہ دعویٰ بلا دلیل ہے۔ خدا نے افتراء کے ساتھ

شریعت کی قید نہیں لگائی۔ ماسواء اس کے یہ بھی تو سمجھو کہ شریعت کیا چیز ہے جس نے اپنی وحی کے ذریعہ سے چند امر و نہی بیان کئے اور اپنی امت کے لئے ایک قانون مقرر کیا وہی صاحب شریعت ہوگا۔ پس اس تعریف کی رو سے بھی ہمارے مخالف ملزم ہیں۔ کیونکہ میری وحی میں امر بھی ہے اور نہی بھی اور ایسا ہی اب تک میری وحی میں امر بھی ہوتے ہیں اور نہی بھی اور اگر کہو کہ شریعت سے وہ شریعت مراد ہے جس میں نئے احکام ہوں تو یہ باطل ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ''ان ھذا لفی الصحف الاولیٰ صحف ابراھیم وموسیٰ'' یعنی قرآن تعلیم توراۃ میں بھی موجود ہے اور اگر یہ کہو کہ شریعت وہ ہے جس میں باستیفاء امر و نہی کا ذکر ہو تو یہ بھی باطل ہے۔ کیونکہ اگر توراۃ اور قرآن مجید میں باستیفاء احکام شریعت کا ذکر ہوتا تو پھر اجتہاد کی گنجائش نہ رہتی۔ غرض یہ سب خیالات فضول اور کوتاہ اندیشیاں ہیں۔''

(اربعین نمبر۴ ص۶، خزائن ج۱۷ ص۴۳۵،۴۳۶)

۷...... اس کتاب کے (حاشیہ ص۶، خزائن ج۱۷ ص۴۳۵) پر لکھتے ہیں: ''کیونکہ میری تعلیم میں امر بھی ہیں اور نہی بھی اور شریعت کے ضروری احکام کی تجدید ہے۔ اس لئے خدا تعالیٰ نے میری تعلیم کو اور اس وحی کو جو میرے پر ہوتی ہے۔ فلک یعنی کشتی کے نام سے موسوم کیا ہے۔ جیسا کہ ایک الہام کی یہ عبارت ہے۔ اس کا ترجمہ یہ ہے کہ اس کشتی کو ہماری آنکھوں کے سامنے اور ہماری وحی سے بناء جو لوگ تجھ سے بیعت کرتے ہیں۔ یہ خدا سے بیعت کرتے ہیں۔ یہ خدا کا ہاتھ ہے جو ان کے ہاتھوں پر ہے۔ اب دیکھو خدا نے میری وحی تعلیم اور میری بیعت کو نوح کی کشتی قرار دیا ہے اور تمام انسانوں کے لئے اس کو مدار نجات ٹھہرایا ہے جس کی آنکھیں ہوں دیکھے جس کے کان ہوں سنے۔''

۸...... ''نبی کے حقیقی معنوں پر غور نہیں کیا گیا۔ نبی کے معنی صرف یہ ہیں کہ خدا سے بذریعہ وحی خبر پانے والا ہو اور شرف مکالمہ ومخاطبہ الٰہیہ سے مشرف ہو۔ شریعت کا لانا اس کے لئے ضروری نہیں اور نہ یہ ضروری ہے کہ صاحب شریعت رسول کا متبع ہو۔ بلکہ فساد اس حالت میں لازم آتا ہے کہ اس امت کو آنحضرت ﷺ کے بعد قیامت تک مکالمات الٰہیہ سے بے نصیب قرار دیا جائے۔ وہ دین، دین نہیں، نہ وہ نبی نبی ہے جس کی متابعت سے انسان خدا تعالیٰ سے اس قدر نزدیک نہیں ہوسکتا کہ مکالمات الٰہیہ سے مشرف ہو سکے۔ وہ دین لعنتی اور قابل نفرت ہے جو یہ سکھلاتا ہے کہ صرف چند منقولی باتوں پر انسانی ترقیات کا انحصار ہے اور وحی الٰہی آگے نہیں بلکہ پیچھے رہ گئی۔ اگر کوئی آواز بھی غیب سے کسی کے کان تک پہنچتی ہے تو وہ ایسی مشتبہ آواز ہے کہ نہیں کہہ سکتے کہ وہ خدائی آواز ہے یا شیطان کی۔ سو ایسا دین بہ نسبت اس کے کہ اس کو رحمانی کہیں شیطانی کہلانے کا زیادہ مستحق ہے۔'' (ضمیمہ براہین احمدیہ پنجم ص۱۳۸،۱۳۹، خزائن ج۲۱ ص۳۰۶)

۹...... ''سچا خدا وہی خدا ہے جس نے قادیان میں اپنا رسول بھیجا۔'' (دافع البلاء ص۱۱، خزائن ج۱۸ ص۲۳۱)

۱۰...... ''اور مجھے بتلایا گیا تھا کہ تیری خبر قرآن وحدیث میں موجود ہے اور تو ہی اس آیت کا مصداق ہے: ''ھو الذی ارسل رسوله بالهدیٰ...... الخ!'' (اعجاز احمدی ص۷، خزائن ج۱۹ ص۱۱۳)

۱۱...... ''میں صرف پنجاب کے لئے ہی مبعوث نہیں ہوا ہوں، بلکہ جہاں تک دنیا کی آبادی ہے، ان سب کی اصلاح کے واسطے مامور ہوں۔'' (حاشیہ حقیقت الوحی ص۱۹۳، خزائن ج۲۲ ص۲۰۰)

۱۲...... ''یہ نکتہ یاد رکھنے کے قابل ہے کہ اپنے دعویٰ کے انکار کرنے والے کو کافر کہنا یہ صرف ان نبیوں کی شان ہے جو خدا تعالیٰ کی طرف سے شریعت اور احکام جدیدہ لاتے ہیں۔ لیکن صاحب شریعت کے سواء جس قدر ملہم، محدث ہیں۔ گو وہ کیسے ہی جناب الٰہی میں شان اعلیٰ رکھتے ہوں اور خلعت مکالمہ الٰہیہ سے سرفراز ہوں ان کے انکار سے کوئی کافر نہیں بن جاتا۔''

(حاشیہ تریاق القلوب ص۱۳۰، خزائن ج۱۵ ص۴۳۲)

(حقیقت الوحی ص۱۰۳، خزائن ج۲۲ ص۱۰۶ حاشیہ) پر عبارت ذیل جاءنی آئیل واشار کے تحت ایک نوٹ ہے جس میں لکھا ہے کہ

’’اس جگہ آئیل خدا تعالیٰ نے جبرئیل کا نام رکھا ہے۔ اس لئے بار بار رجوع کرتا ہے۔‘‘

۱۴...... ’’غرض اس حصہ کثیر وحی الٰہی اور امور غیبیہ میں اس امت میں سے میں ہی ایک فرد مخصوص ہوں اور جس قدر مجھ سے پہلے اولیاء، ابدال اور اقطاب اس امت میں سے گزر چکے ہیں۔ ان کو یہ حصہ کثیر اس نعمت کا نہیں دیا گیا۔ پس اس وجہ سے نبی کا نام پانے کے لئے میں ہی مخصوص کیا گیا اور دوسرے تمام لوگ اس نام کے مستحق نہیں ہیں۔ کیونکہ کثرت وحی اور کثرت امور غیبیہ اس میں شرط ہے اور وہ شرط ان میں پائی نہیں جاتی۔‘‘ (حقیقت الوحی ص۳۹۱، خزائن ج۲۲ ص۴۰۶)

۱۵...... ’’حسب تصریح قرآن کریم رسول اس کو کہتے ہیں جس نے احکام وعقائد دین جبرئیل کے ذریعہ سے حاصل کئے ہوں۔‘‘

(ازالہ اوہام ص۵۳۴، خزائن ج۳ ص۳۸۷)

۱۶...... ’’ایک وحی بالفاظ ذیل درج ہے۔ محمد رسول اللہ اس کے متعلق لکھتے ہی کہ اس وحی میں میرا نام محمد رکھا گیا اور رسول بھی۔‘‘

(ایک غلطی کا ازالہ ص۱، خزائن ج۱۸ ص۲۰۷)

۱۷...... (حقیقت الوحی ص۲۸، خزائن ج۲۲ ص۳۰) پر لکھتے ہیں کہ: ’’مگر ظلی نبوت جس کے معنی ہیں کہ محض فیض محمدی سے وحی پانا۔ وہ قیامت تک باقی رہے گی۔‘‘

۱۸...... کتاب (حق الیقین ص۱۰۲) پر مرزا صاحب کا یہ قول نقل کیا گیا ہے کہ علماء کو نبوت کا مفہوم سمجھنے میں غلطی ہوئی ہے۔ قرآن کریم میں جو خاتم النّبیین کا لفظ آیا ہے جس پر الف لام پڑے ہیں۔ اس سے بھی صاف معلوم ہوتا ہے کہ شریعت لانے والی نبوت اب بند ہو چکی ہے۔ پس اگر کوئی نئی شریعت کا مدعی ہوگا وہ کافر ہے۔‘‘

ان حوالہ جات سے جو نتائج اخذ کئے گئے ہیں وہ بالفاظ مولوی مرتضیٰ حسن صاحب گواہ مدعیہ ذیل میں درج کئے جاتے ہیں۔ وہ بیان کرتے ہیں کہ جناب مرزا صاحب اور مرزا محمود صاحب اور ان کے تمام متبعین کا یہ عقیدہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے بعد نبوت تشریعی کا دروازہ بند ہے۔ آپ کے بعد جو نبوت تشریعی کا دعویٰ کرے وہ کافر اور اسلام سے خارج ہے۔ قول نمبر۶ میں مرزا صاحب نے اپنی تشریعی نبوت کا کھلے الفاظ میں دعویٰ کیا ہے اور اس میں چند باتوں کی تشریح مرزا صاحب نے خود فرمائی۔ ایک یہ کہ شریعت کیا چیز ہے جس کی وحی میں امر یا نہی ہو، جس نے اپنی امت کے لئے کوئی قانون مقرر کیا ہو، وہی صاحب شریعت ہوگیا۔ یہ تعریف کر کے مرزا صاحب اپنا صاحب شریعت ہونا ثابت کرتے ہیں۔ اس لئے مرزا صاحب اپنے اقرار سے خود کافر ہوگئے۔ مرزا صاحب نے یہ بھی صاف فرما دیا ہے کہ وحی میں جو حکم ہو یا نہی ہو۔ یہ ضروری نہیں کہ وہ حکم نیا ہو۔ بلکہ اگر پہلی شریعت کا بھی حکم اس کے پاس بذریعہ وحی کے آئے تو بھی یہ صاحب شریعت ہونے کے لئے کافی ہے۔ مرزا صاحب نے اپنی بہت سے وحی وہ بیان کی ہے جو کہ آیات قرآنی ہیں۔ اس لئے وہ بھی مرزا صاحب کی شریعت ہوگئی۔ مرزا صاحب نے اس شبہ کا بھی جواب دے دیا کہ صاحب شریعت کے لئے یہ ضروری نہیں کہ اس کی شریعت میں نئے احکام ہوں۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں فرمایا ہے کہ یہ قرآن پہلی کتابوں میں بھی ہے۔ ابراہیم اور موسیٰ علیہما السلام کے صحیفوں میں بھی۔ اب اگر شریعت جدید کے لئے یہ ضروری ہو کہ اس نبی کی شریعت اور وحی اور کتاب میں سب نئے احکام ہوں تو لازم آتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ بھی صاحب شریعت نہ ہوں۔ کیونکہ قرآن میں سارے احکام نئے نہیں۔ اس کلام کا صاف مطلب یہ ہے کہ جس طرح پہلے انبیاء اور رسول اللہ ﷺ صاحب شریعت نبی ہیں۔ ویسے ہی مرزا صاحب بھی صاحب شریعت نبی ہیں۔

مرزا صاحب نے یہ بھی صاف کر دیا کہ اگر کوئی یہ کہے کہ شریعت کے لئے یہ ضروری ہے کہ تمام اوامر ونواہی اس شریعت اور کتاب اور وحی میں پورے پورے بیان ہونے چاہئیں تو یہ بھی باطل ہے۔ کیونکہ تمام احکام تورات اور قرآن مجید میں بھی مذکور نہیں۔ اگر

تمام احکام قرآن مجید میں مذکور ہوتے تو پھر اجتہاد کی گنجائش باقی نہ رہتی۔ اس سے معلوم ہوگیا کہ اگر کوئی مدعی نبوت ایک امرونہی کا بھی دعویٰ کرے۔ اگرچہ وہ امرونہی پرانی ہو تو وہ نبی صاحب شریعت کہلایا جائے گا اور اس میں اور رسول اللہ میں بایں معنی کچھ فرق نہیں کہ یہ دونوں صاحب شریعت ہیں۔

یہ بات بھی ثابت ہوگئی کہ اگر کسی نبی کو خدا کا بھی حکم آوے کہ تجھ کو ہم نے نبی کر کے بھیجا ہے اور تو لوگوں پر اس حکم کی تبلیغ کر اور جو کوئی اس حکم کو نہ مانے گا وہ کافر ہے، تو وہ نبی بھی صاحب شریعت اور نبی تشریعی ہوگیا۔ اس سے یہ بھی ثابت ہوگیا کہ جو نبی حقیقی ہے اور جو نبی شرعی ہے، اس کے لئے نبی تشریعی ہونا ضروری ہے۔ اس لئے مرزاصاحب اپنی تحریر اور اس اقرار کے مطابق کافر ہوئے۔ اس کے علاوہ مرزاصاحب نے یہ بھی فرمایا کہ میری کشتی کو کشتی نوح قرار دیا گیا ہے۔ جو اس میں ہوگا وہ نجات پائے گا اور جو ایسا نہ ہوگا وہ ہلاک ہوگا۔ یہ مرزاصاحب کی شریعت کا نیا حکم ہے، جس نے شریعت محمدیہ کو منسوخ کیا۔ مرزاصاحب نے ایک نیا حکم یہ بھی دیا ہے کہ ان کی عورتوں کا نکاح غیراحمدیوں سے جائز نہیں۔ یہ بھی حکم شریعت محمدیہ کے خلاف ہے۔

(یہ نتیجہ بحوالہ کتاب انوار خلافت مرتبہ مرزامحمود صاحب ص۹۳،۹۴، انوار العلوم ج۳ ص۱۵۰،۱۵۱ سے اخذ کیا گیا ہے)

مرزاصاحب کی شریعت میں ایک نیا حکم اور یہ بھی ہے جو تمام اسلام کے خلاف ہے کہ مرزاصاحب نے اپنے مریدوں سے چندہ کی تحریک فرما کر یہ حکم فرمایا ہے کہ جو کوئی چندہ تین ماہ تک ادا نہ کرے گا وہ میری بیعت سے خارج ہے اور بیعت سے خارج ہونے کا مطلب یہ ہے کہ وہ اسلام سے خارج ہے اور کافر ہے۔ حالانکہ زکوٰۃ کے لئے بھی خدا نے یہ حکم نہیں دیا کہ اگر تین ماہ تک کوئی زکوٰۃ نہ دے تو وہ اسلام سے خارج ہو جائے گا۔ یہ حوالہ مرزاصاحب کے ایک فرمان سے جو لوح ہدیٰ میں قادیان سے ۵؍مارچ ۱۹۰۲ء میں شائع ہوئی دیا گیا ہے۔ اس فرمان کے چیدہ چیدہ الفاظ حسب ذیل ہیں۔

’’مجھے خدا نے بتلایا ہے کہ میری انہی سے پیوند ہے۔ یعنی وہی خدا کے دفتر میں مرید ہیں جو اعانت اور نصرت میں مشغول ہیں…… ہر ایک شخص جو مرید ہے اس کو چاہئے کہ وہ اپنے نفس پر کچھ ماہوار مقرر کردے…… جو شخص کچھ بھی مقرر نہیں کرتا…… وہ منافق ہے۔ اب اس کے بعد وہ اس سلسلہ میں نہیں رہ سکے گا…… اگر تین ماہ تک کسی کا جواب نہ آیا تو سلسلہ بیعت سے اس کا نام کاٹ دیا جائے گا۔‘‘

اس کے آگے گواہ مذکورہ آیت: ’’ما کان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول اللہ وخاتم النّبیین‘‘ کے حوالہ سے بیان کرتا ہے کہ یہ آیت اس امر کی تصریح کرتی ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے بعد کوئی نبی نہیں اور جب کوئی نبی آپ کے بعد نہیں تو کوئی رسول بھی آپ کے بعد بطریق اولیٰ نہیں۔ کیونکہ رسول نبی ہوتا ہے، لیکن یہ ضروری نہیں کہ جو نبی ہو وہ رسول بھی ہو اور اس کی تائید میں احادیث متواترہ ہیں جن کو صحابہ کی ایک جماعت نے روایت کیا ہے۔ ایسی احادیث کا انکار کرنے والا ویسا ہی کافر ہے۔ جیسا کہ قرآن کا انکار کرنے والا۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ جو ختم نبوت کا انکار کرتا ہے وہ قرآن کا منکر ہوکر بھی کافر ہوا۔ اس کی تائید میں انہوں نے چند ائمہ دین کے اقوال نقل کئے ہیں اور ان سے یہ دکھلانا چاہا ہے کہ احادیث متواترہ میں یہ خبر درج ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے بعد کوئی نبی پیدا ہونے والا نہیں ہے اور کہ ہر وہ شخص جو آپ کے بعد اس مقام نبوت کا دعویٰ کرے وہ جھوٹا اور افتراء پرداز ہے۔ دجال اور گمراہ کرنے والا ہے۔ اگرچہ شعبدہ بازی کرے۔ قسم قسم کے جادو اور طلسم اور نیرنگیاں دکھلائے اور کہ جو شخص دعویٰ نبوت کرے وہ کافر ہے اور پھر ان حوالہ جات سے یہ نتیجہ نکالا ہے کہ یہ عقیدہ کہ رسول اللہ ﷺ خاتم النّبیین ہیں یقینی ہے اور اجماعی ہے۔ کسی کا اس میں اختلاف نہیں ہے۔ کتاب اور سنت سے ثابت ہے اور آپ ﷺ کے بعد کوئی کسی قسم کی نبوت میں نبی نہ بنے گا۔ عیسیٰ علیہ السلام کا آنا اس کا منافی نہیں۔ کیونکہ وہ پہلے نبی بن چکے ہیں۔ خاتم الانبیاء کے معنی بھی یہی ہیں کہ اپنے عموم سے کسی نبی کو نبوت آپ ﷺ کے بعد نہیں مل سکتی۔

اس کی تائید میں چند دیگر آیات قرآنی اور احادیث بھی پیش کی گئی ہیں جن کی یہاں تفصیل کی ضرورت نہیں اور ان کا حوالہ دیا جا کر یہ نتیجہ اخذ کیا گیا ہے کہ انکار ختم نبوت، کفر ادّعا نبوت بھی کفر اور ادّعا وحی بھی کفر ہے۔ البتہ ایک حدیث کا یہاں حوالہ دینا ضروری معلوم ہوتا ہے کہ جس پر آگے مدعا علیہ کے جواب کے وقت بحث کی جائے گی وہ حدیث بایں مطلب ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے کہ میری مثال اور ان انبیاء کی مثال جو مجھ سے پہلے تھے، اس شخص کی سی ہے کہ جس نے ایک مکان تعمیر کیا اور بہت اچھا اور بہت خوبصورت اس کو بنایا۔ مگر اس کے کونے میں ایک اینٹ کی جگہ باقی رہی۔ لوگ اس مکان کو دیکھتے ہیں اور تعجب کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ اینٹ کی جگہ خالی ہے۔ اس کو کیوں پر نہ کر دیا گیا۔ سو میں ہوں وہ اینٹ اور میں ہوں خاتم النّبیین۔ اس حدیث سے یہ نتیجہ اخذ کیا گیا ہے کہ تعمیر بیت نبوت جو ابتدائے آفرینش سے ہوئی تھی وہ بدوں سرور عالم ﷺ کے ناقص تھی۔ سرور عالم کے وجود باجود سے وہ مکمل ہوگئی اور بیت النبوت سے کوئی جگہ باقی نہیں رہی۔ اب اگر کوئی اینٹ ہوگی تو وہ بیت النبوت سے نہیں ہوسکتی۔ اگر کوئی شخص مدعی نبوت ہوگا تو خدا نے جو نبوت کا گھر تعمیر کیا ہے وہ اس کا جزو نہیں ہوسکتی۔

مرزاصاحب کے قول نمبر۱۵ سے یہ استدلال کیا گیا ہے کہ قرآن کریم سے صراحۃً یہ بات معلوم ہوئی کہ رسول اس کو کہتے ہیں۔ جس نے احکام وقواعد دین جبرئیل علیہ السلام کے ذریعہ سے حاصل کئے ہوں۔ اگر مرزاصاحب نے احکام وقواعد اس ذریعہ سے حاصل نہیں کئے تو دعویٰ نبوت جھوٹ ہوا اور جھوٹا مدعی نبوت باتفاق کافر ہوتا ہے۔

مرزاصاحب کے قول نمبر۱۳ سے مولوی نجم الدین صاحب گواہ مدعیہ نے یہ نتیجہ اخذ کیا ہے کہ مرزاصاحب اپنے پر جبرئیل علیہ السلام کے نزول کے مدعی ہیں اور صرف دعویٰ پر ہی اکتفاء نہیں کیا، بلکہ اپنی شان نبوت ورسالت کا سکہ جمانے کے لئے تمام خصوصیات نبوت ولوازمات رسالت کو نہایت جزم اور وثوق کے ساتھ اپنی ذات کے لئے ثابت کرنے میں کسر نہیں چھوڑی۔ جن خصوصیات کی وجہ سے انبیاء علیہم السلام کی جماعت دوسرے مقربان بارگاہ الٰہی سے ممتاز ہوسکتی ہے۔ انبیاء علیہم السلام پر بھی نزول جبرئیل ہوا کرتا ہے اور ان کی وحی والہام قطعی ویقینی ہوا کرتے ہیں۔ اس طرح مرزاصاحب بھی اپنے وحی کو خدا کا کلام کہتے ہیں اور قرآن شریف کی طرح قطعی کہتے ہیں۔ یہ خصوصیات مذکورہ ایسی ہیں جو سوائے انبیاء علیہم السلام اصحاب شریعت کے اور کسی دوسرے مقرب بارگاہ الٰہی میں جمع نہیں ہوسکتیں۔ اس سے ثابت ہوا کہ مرزاصاحب حقیقی نبوت کے مدعی تھے اور اپنے آپ کو اس معنی میں نبی اور رسول ظاہر کرتے تھے جس معنی میں دوسرے انبیاء علیہم السلام کو نبی یا رسول کہا گیا ہے۔

گواہان مدعیہ نے خود مرزاصاحب کی اپنی تحریرات سے بھی یہ دکھلایا ہے کہ وہ خود قبل از دعویٰ نبوت یہی عقیدہ رکھتے تھے کہ رسول اللہ ﷺ کے بعد کوئی نبی نہیں آسکتا اور کہ آپ آخری نبی ہونے کے معنوں میں خاتم النّبیین ہیں۔ چنانچہ (ازالہ الاوہام ص۵۲۲، خزائن ج۳ ص۳۸۰) پر مرزاصاحب لکھتے ہیں کہ نبی کیونکر آسکتا ہے اور خاتم النّبیین کی دیواریں اس کو آنے سے روکتی ہیں۔

آگے اس کتاب کے (ص۵۳۴، خزائن ج۳ ص۳۸۷) پر لکھتے ہیں: لیکن وحی نبوت پر تو تیرہ سو برس سے مہر لگ چکی۔ کیا یہ مہر اس وقت ٹوٹ جائے گی؟

اور کتاب (حمامۃ البشریٰ ص۲۰، خزائن ج۷ ص۲۰۰) میں آیت: ’’ماکان محمد ...... خاتم النّبیین‘‘ کی تشریح میں لکھتے ہیں:

’’ہمارے نبی ﷺ خاتم النّبیین ہیں۔ بغیر کسی استثناء کے اور ہمارے نبی ﷺ نے بھی ارشاد فرمایا ہے کہ ہمارے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا اور ہمارے نبی ﷺ کے بعد اگر ہم کسی نبی کے ظہور کے مجوز بنیں گے تو نبوت کا دروازہ بند ہونے کے بعد اس کو کھولنے کے قائل ہو جائیں گے اور یہ اللہ کے وعدہ کے خلاف ہے۔ ہمارے نبی ﷺ کے بعد کس طرح کوئی نبی آسکتا۔ حالانکہ آپ ﷺ کے بعد وحی کا انقطاع ہو چکا ہے

اور نبی آپ ﷺ کے ساتھ ختم ہو چکے ہیں۔‘‘

پھر اس کتاب کے (ص۲۱، خزائن ج۷ ص۲۰۱) پر لکھتے ہیں کہ: ہزار ہا سال گزرنے کے بعد کسی ایسی حالت کا انتظار کیا جاسکتا ہے جس میں دین کی تکمیل ہو۔ اگر یہ مانا جائے تو دین کی تکمیل اور اس کے کمال سے فراغت کا سلسلہ بالکل غلط ہو جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ کا یہ قول کہ: ’’الیوم اکملت لکم دینکم‘‘ جھوٹی خبر ہوگئی اور خلاف واقع ہوگئی۔

اسی کتاب کے (ص۹۷، خزائن ج۷ ص۲۹۷) کے حوالہ سے یہ دکھلایا گیا ہے کہ مرزاصاحب بھی پہلے دعویٰ نبوت کو کفر سمجھتے تھے۔ چنانچہ لکھتے ہیں: ’’مجھ سے یہ نہیں ہوسکتا کہ میں نبوت کا دعویٰ کروں اور اسلام سے نکل جاؤں اور قوم کافرین کے ساتھ مل جاؤں۔‘‘

(ازالہ الاوہام ص۵۸۳، خزائن ج۳ ص۴۱۴) پر لکھتے ہیں کہ: ’’یہ ظاہر ہے کہ یہ بات مستلزم محال ہے کہ خاتم النّبیین کے بعد پھر جبرئیل کی وحی رسالت کے ساتھ زمین پر آمد ورفت شروع ہو جائے۔ ایک نئی کتاب اللہ گو مضمون قرآن مجید سے توارد رکھتی ہو پیدا ہو جائے جو امر مستلزم محال ہے وہ محال ہو جاتا ہے۔‘‘

لیکن اس کے بعد پھر (براہین احمدیہ پنجم) میں یہ تحریر فرمایا ہے کہ: ’’میں بھی تمہاری طرح بشریت کے محدود علم کی وجہ سے یہی اعتقاد رکھتا تھا کہ عیسیٰ ابن مریم آسمان سے نازل ہوگا اور باوجود اس بات کے کہ خدا تعالیٰ نے براہین احمدیہ حصص سابقہ میں میرا نام عیسیٰ رکھا اور جو قرآن شریف کی آیتیں پیش گوئی کے طور پر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف منسوب تھیں وہ سب آیتیں میری طرف منسوب کر دیں اور یہ فرمایا کہ تمہارے آنے کی خبر قرآن اور حدیث میں موجود ہے۔ مگر پھر بھی میں متنبہ نہ ہوا اور براہین احمدیہ حصص سابقہ میں وہی غلط عقیدہ اپنی رائے کے طور پر لکھ دیا اور شائع کر دیا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمان سے نازل ہوں گے اور میری آنکھیں اس وقت تک بالکل بند رہیں۔ جب تک کہ خدا نے بار بار کھول کر مجھ کو نہ سمجھایا کہ عیسیٰ علیہ السلام ابن مریم اسرائیلی تو فوت ہو چکا اور وہ واپس نہیں آئے گا۔‘‘

(براہین احمدیہ حصہ پنجم ص۸۵، خزائن ج۲۱ ص۱۱۱)

ایک اور جگہ کتاب (حقیقت النبوت ص۲۶۵،۲۶۶، انوار العلوم ج۲ ص۵۷۶، ایک غلطی کا ازالہ ص۴،۵، خزائن ج۱۸ ص۲۱۲) پر لکھتے ہیں کہ: ’’آنحضرت ﷺ کے بعد جو درحقیقت خاتم النّبیین تھے مجھے نبی اور رسول کے لفظ سے پکارا جانا کوئی اعتراض کی بات نہیں ہے اور نہ ہی اس سے مہر ختمیت ٹوٹتی ہے۔ کیونکہ میں بارہا بتلا چکا ہوں کہ میں بموجب آیت: ’’وآخرین منهم لما یلحقوا بهم‘‘ بروزی طور پر وہی خاتم النّبیین ہوں اور خدا نے آج سے بیس برس پہلے براہین احمدیہ میں میرا نام محمد اور احمد رکھا اور مجھے آنحضرت ﷺ کا ہی وجود قرار دیا ہے۔ پس اس طور سے آنحضرت ﷺ کے خاتم النّبیین ہونے میں میری نبوت سے کوئی تزلزل نہیں آیا۔ کیونکہ ظل اپنے اصل سے علیحدہ نہیں ہوتا۔‘‘ آگے (ص۶، خزائن ج۸ ص۲۱۵) پر لکھتے ہیں کہ: ’’یہ ممکن ہے کہ آنحضرت ﷺ نہ ایک دفعہ بلکہ ہزار دفعہ دنیا میں بروزی رنگ میں اور کمالات کے ساتھ اپنی نبوت کا بھی اظہار کریں اور یہ بروز خدا کی طرف سے ایک قرار یافتہ عہد تھا۔‘‘ پھر اسی صفحہ پر لکھتے ہیں کہ: ’’چونکہ وہ بروز محمدی جو قدیم سے موعود تھا وہ میں ہوں۔ اس لئے بروزی رنگ کی نبوت مجھے عطاء کی گئی ہے اور اس نبوت کے مقابل پر اب تمام دنیا بے دست وپاء ہے کیونکہ نبوت پر مہر ہے۔‘‘ ایک اور جگہ لکھا ہے کہ: ’’کمالات متفرقہ جو تمام دیگر انبیاء میں پائے جاتے ہیں وہ سب حضرت رسول کریم میں ان سب سے بڑھ کر موجود تھے اور اب وہ سارے کمالات حضرت رسول کریم سے ظلی طور ہم کو عطاء کئے گئے ہیں۔ پہلے تمام انبیاء ظل تھے۔ نبی کریم کے خاص خاص صفات میں اور اب ہم ان تمام صفات میں نبی کریم کے ظل ہیں۔‘‘ (ملفوظات ج۳ ص۲۷۰)

اس عبارت سے یہ نتیجہ نکالا گیا ہے کہ ظل اور بروز کے الفاظ محض الفاظ ہی الفاظ ہیں۔ مراد ان سے حقیقت کاملہ نبوت ہے۔

ان تصریحات سے مولوی نجم الدین صاحب گواہ مدعیہ کا یہ استدلال ہے کہ مرزاصاحب نے قرآن حکیم کی آیات اور احادیث

نبوی سے اپنی نبوت کے لئے جو دلائل پیش کئے ہیں وہ محض لاطائل اور بے معنی سعی ہے۔ کیونکہ مرزاصاحب براہین احمدیہ کے لکھتے وقت اور اس سے مدتوں پہلے اپنی قرآن دانی اور حکم فہمی کے مدعی تھے۔ اگر ان کو اس سے پہلے قرآن کی رو سے کسی نئے نبی کے آنے کا انکار تھا تو بعد میں قرآن کی کون سی آیت اتری یا نبی کریم ﷺ کی کون سی حدیث پیدا ہوئی جس کی بناء پر مرزاصاحب نے نبوت کا اعادہ کیا۔ ''خاتم النّبیین'' کی آیت اور ''الیوم اکملت لکم'' کی آیت اس وقت بھی قرآن میں موجود تھیں۔ یہ ہر دو آیتیں قسم اخبار میں سے ہیں اور امرونہی کے ساتھ ان کا کوئی تعلق نہیں۔ اگر ادّعائے نسخ سے پناہ لے کر کوئی تاویل کی جائے تو اوامر ونواہی میں جاری ہوسکتی ہے۔ اخبار میں نہیں ہوسکتی۔ یہ مسئلہ تمام اہل اسلام کے نزدیک مسلمہ اور متفق علیہ ہے۔ پھر کیونکر از روئے قرآن یا حدیث اپنے کو ادّعا نبوت میں صادق کہہ سکتے ہیں۔

ختم نبوت کے معنی کو جیسا کہ عام عقیدہ ہے مرزاصاحب تسلیم کرتے ہیں اور اپنے کلام میں اس طرح اس کو استعمال کرتے ہیں۔ لیکن صرف اپنی خوش خیالی کو باقی رکھنے کے لئے بے محل اور خلاف محاورات عرب تاویل کر کے جان بچانے کی کوشش کی ہے۔

آگے وہ کہتے ہیں کہ مرزاصاحب نے خاتم النّبیین کے بعد بروزی طور پر اپنے آپ کو نبی ثابت کرنے کی کوشش کی ہے۔ مگر خود انہی کے کلام سے ثابت ہوتا ہے کہ جو شخص خاتم ہو، اس کا بروز بھی نہیں ہوسکتا۔ چنانچہ وہ اپنی (تریاق القلوب ص۱۵۶، خزائن ج۱۵ ص۴۷۷) حاشیہ پر لکھتے ہیں: ''مگر مہدی معہود بروزات کے لحاظ سے بھی دنیا میں نہیں آئے گا۔ کیونکہ وہ خاتم الاولاد ہے۔''

اس کتاب کے اسی صفحہ پر لکھتے ہیں کہ: ''یہ بعض اکابر اولیاء کے مکاشفات ہیں اور اگر احادیث نبویہ کو بغور دیکھا جائے تو بہت کچھ ان سے ان مکاشفات کو مدد ملتی ہے۔ لیکن یہ قول اس حالت میں صحیح پڑتا ہے۔ جب مہدی معہود اور مسیح موعود کو ایک ہی شخص مان لیا جائے۔'' اس حوالہ سے مرزاصاحب کا بروزی اور ظلی نبی ہونے کا دعویٰ بھی غلط ثابت ہوتا ہے اور یہ ثابت ہے کہ حضرت محمد رسول اللہ ﷺ خاتم النّبیین والمرسلین ہیں۔ آپ کے جو شخص اپنے لئے ادّعا نبوت کرلے یا کسی دوسرے کو نبی مانے تو وہ تمام اہل اسلام کے نزدیک کافر، مرتد اور خارج از اسلام ہے۔ اس کی تائید کہ ظلی اور بروزی الفاظ محض الفاظ ہی ہیں اور کہ دراصل مرزاصاحب کی مراد حقیقی نبوت سے ہے۔ مرزاصاحب کے صاحبزادے بشیر محمود صاحب کی ایک تحریر سے ہوتی ہے جو اخبار الفضل مؤرخہ ۲۶ر نومبر ۱۹۱۳ء کے حوالہ سے مدعیہ کے گواہ مولوی مرتضیٰ حسن صاحب نے نقل کی ہے اور جو بالالفاظ ذیل ہے: ''ہم جیسے خداتعالیٰ کی دوسری وحیوں میں حضرت اسماعیل، حضرت ادریس علیہ السلام کو نبی پڑھتے ہیں۔ ایسے ہی خدا کے آخری وحی میں مسیح موعود کو بھی یا نبی اللہ کے خطاب سے مخاطب دیکھتے ہیں اور اس نبی کے ساتھ کوئی لغوی یا ظلی یا جزوی کا لفظ نہیں پڑھتے کہ اپنے آپ کو خود بخود ایک مجرم فرض کر کے اپنی بریت کرنے لگ جائیں، بلکہ جیسے اور نبیوں کی نبوت کا ثبوت ہم دیتے ہیں بلکہ اس سے بڑھ کر۔ کیونکہ ہم چشم دید گواہ ہیں۔ مسیح موعود کی نبوت کا ثبوت دے سکتے ہیں۔'' پھر لکھا ہے کہ: ''خداتعالیٰ نے صاف لفظوں میں آپ کا نام نبی اور رسول رکھا اور کہیں بروزی اور ظلی نبی نہیں کہا۔ پس ہم خدا کے حکم کو مقدم کریں گے اور آپ کی تحریریں جن میں انکساری اور فروتنی کا غلبہ ہے اور جو نبیوں کی شان ہے اس کو ان الہامات کے تحت کریں گے۔'' اس سے یہ نتیجہ اخذ کیا گیا ہے کہ مرزاصاحب نے یہ الفاظ انکساری اور تواضع کے طور پر لکھ دیئے ہیں۔ ورنہ ان کے معنی مراد نہیں ہیں۔ مرزاصاحب جہاں اپنے آپ کو بروزی یا ظلی یا مجازی نبی کہتے ہیں اس کا مطلب صرف حقیقی نبی سمجھنا چاہئے۔

اسی طرح خلیفہ دوم اخبار الفضل مؤرخہ ۲۹ر جون ۱۹۱۵ء ہینڈبل ص۳ کی سطر میں تحریر فرماتے ہیں کہ: ''مسیح موعود کو نبی اللہ تسلیم نہ کرنا اور آپ کو امتی قرار دینا یا امتی گروہ میں سمجھنا گویا آنحضرت ﷺ کو جو سید المرسلین وخاتم النّبیین ہیں امتی قرار دینا ہے اور امتیوں میں داخل کرنا ہے جو کفر عظیم اور کفر بعد کفر ہے۔''

ختم نبوت اور انقطاع وحی پر مولوی محمد حسین صاحب گواہ مدعیہ نے ایک اور دلیل پیش کی ہے وہ یہ کہ قرآن شریف پر مجموعی طور پر نظر ڈالنے سے یہ بات بالکل واضح ہو جاتی ہے کہ آنحضرت ﷺ آخری نبی ہیں اور آپ ﷺ کے بعد کوئی نبی نہیں آ سکتا۔ جس کی توجیہہ یہ ہے کہ اللہ جل شانہ نے آدم علیہ السلام سے وحی نبوت کے جاری ہونے کے سلسلہ کی خبر دی ہے۔ یہ ابتداء وحی اور آغاز وحی ہے۔ اس کے بعد ہم نوح علیہ السلام کے زمانہ تک پہنچتے ہیں۔ قرآن شریف سے یہ پتہ لیتے ہیں کہ آیا سلسلہ نبوت جاری ہے یا نہ۔ جواب ملتا ہے کہ ہاں! جاری ہے۔ چنانچہ ارشاد فرمایا گیا ہے: ''ولقد ارسلنا نوحاً وابراھیم وجعلنا فی ذریتھم النبوۃ والکتاب (الحدید:۲۶)'' اس سے معلوم ہوا کہ حضرت نوح علیہ السلام کی ذریت میں سلسلہ نبوت جاری ہے اور ذریت ابراہیم میں بھی ابھی سلسلہ نبوت جاری ہے۔ دوسری بات اس سے یہ ثابت ہوئی کہ نبوت کا ظرف اور محل آل ابراہیم ہی ہے جس کا عملی ثبوت یہ ہے کہ اللہ عزاسمہ نے حضرت ابراہیم کی اولاد میں دو شعبہ قرار دیئے ہیں۔ ایک ''بنی اسحاق'' جن میں پہلے نبوت کا سلسلہ جاری رہا اور بہت انبیاء ان میں آئے اور یہ سلسلہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر ختم ہوا، دوسرے ''بنی اسماعیل'' جن میں آنحضرت ﷺ تک کوئی نبی نہ آیا۔ اس کے بعد موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ کی طرف نگاہ کی جائے تو قرآن شریف سے یہ معلوم ہوگا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بعد سلسلہ نبوت جاری ہے۔ چنانچہ ارشاد ہے: ''ولقد اٰتینا موسیٰ الکتاب وقفینا من بعدہ بالرسل'' اس آیت سے یہ ثابت ہوا کہ موسیٰ علیہ السلام کے بعد سلسلہ نبوت جاری ہے اور کئی ایک رسولوں کے آنے کا وعدہ ہے۔ جیسا کہ لفظ ''الرسل'' سے ظاہر ہے۔ اس کے بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا وقت آتا ہے تو قرآن کریم سے سوال ہوتا ہے کہ آیا بکثرت انبیاء ابھی آئیں گے؟ یا کیا ہوگا...... تو خداتعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: ''واذقال عیسیٰ بن مریم...... الخ!'' خداوند سبحانہ تعالیٰ نے یہاں پر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی زبان پر اسلوب جواب کو بالکل بدل دیا ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام فرماتے ہیں کہ: ''اے بنی اسرائیل! میں اللہ کا رسول تمہاری طرف ہو کر آیا ہوں اور مجھ سے پہلے موسیٰ علیہ السلام کی کتاب تورات جو خدا کی طرف سے ان کو عطا ہوئی ہے، اس کی تصدیق کرتا ہوں اور خوشخبری دیتا ہوں ایک رسول کی کہ جو میرے بعد آئے گا۔ نام اس کا احمد ہوگا۔ قرآن کریم نے اس سے پہلے رسل کے لفظ سے عام طور پر رسولوں کے آنے کی خبر دی تھی اور یہاں ایک خاص رسول کی خبر دے کر اس کے نام سے مشخص اور معین فرمایا۔ یہ اسلوب صاف اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ خداوند تعالیٰ احمد ﷺ پر نبوت کو ختم کر رہا ہے اور عام طور پر جو رسولوں کے آنے کا اسلوب تھا، اس کو بدل کر ایک خاص معین مشخص کے آنے کی اطلاع دیتا ہے۔ اس کے بعد آنحضرت ﷺ کا زمانہ آتا ہے تو ہم قرآن سے پوچھتے ہیں کہ آنحضرت کے آنے کے بعد سلسلہ نبوت جاری ہے یا بند ہو جاتا ہے تو قرآن کریم فرماتا ہے: ''ماکان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول اللہ وخاتم النّبیین'' یہ بات قابل غور ہے کہ خداوند تعالیٰ نے مختلف انبیاء کے زمانہ میں سلسلۂ نبوت جاری رہنے اور رسل کے آنے کی اطلاع دی اور آنحضرت ﷺ پر آ کر اس اطلاع کے برخلاف جو بصورت اجراء نبوت بمثل سابق ایسی اطلاع دی جانی ضروری تھی جیسا کہ پہلے دی گئی۔ ختم نبوت کا اعلان کر دیا جس سے قطعاً اور یقیناً یہ بات معلوم ہوئی کہ قرآن کریم مجموعی طور پر ختم نبوت کا اعلان کر رہا ہے۔

اس ضمن میں دو احادیث کا حوالہ جو گواہ مذکور نے دیا ہے اور دیگر گواہان مدعیہ کے بیانات میں بھی موجود ہے، دیا جانا ضروری معلوم ہوتا ہے۔ کیونکہ فریق ثانی کے جواب میں یہ حدیثیں بحث طلب ہیں۔ ایک حدیث یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ بنی اسرائیل میں انبیاء آتے رہے۔ جب ایک نبی فوت ہو جاتا تو دوسرا نبی آ جاتا۔ لیکن میرے بعد کوئی نبی نہیں اور خلیفہ ہوں گے۔ پس بہت ہوں گے۔

دوسری حدیث یہ ہے کہ جنگ تبوک پر جاتے ہوئے آپ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اہل بیت کی نگرانی کے لئے چھوڑا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ آپ ﷺ مجھ کو عورتوں اور بچوں میں چھوڑے جاتے ہیں تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ تو مجھ سے وہی نسبت رکھتا ہے جو کہ ہارون علیہ السلام کو موسیٰ علیہ السلام سے تھی۔ البتہ میرے بعد کوئی نبی نہیں ہو سکتا۔ اگر نبوت آنحضرت ﷺ کے بعد تشریعی یا غیر تشریعی

جاری ہوتی تو حضرت علیؓ کو رسول اللہ ''لا نبی بعدی'' کہہ کر اس وصف سے محروم نہ کرتے۔

گواہ مذکور نے قرآن مجید سے ختم نبوت کی ایک اور یہ دلیل بھی پیش کی ہے کہ سورہ آل عمران پارہ تیسرا کی آیت: ''اٰمنا باللہ وما انزل الیک...... الخ!'' سے اللہ تعالیٰ نے یہ ظاہر فرمایا ہے کہ جو کچھ انبیاء علیہم السلام پر وحی نازل کی گئی وہ زمانہ ماضی میں ہوئی اور اللہ تعالیٰ نے ہمیں انہی انبیاء پر ایمان لانے کی ترغیب دی جو آنحضرت ﷺ سے پہلے ہو چکے ہیں اور کسی ایسے نبی کے لئے ایمان لانے کی تاکید نہیں کی جو آپ کے بعد ہو۔ اگر کوئی نبی آنحضرت ﷺ کے بعد آنے والا ہوتا تو ضرور اللہ تعالیٰ ہمیں اس پر ایمان لانے کی تاکید فرماتا۔

سورہ بقرہ کی ایک اور آیت: ''والذین یؤمنون بما انزل الیک...... الخ!'' میں بھی خداوند تعالیٰ نے انہیں کو ہدایت پر قائم رہنے والا اور ''مفلحون'' فرمایا ہے جو آنحضرت ﷺ کی وحی پر اور آپ ﷺ سے پہلے انبیاء علیہم السلام کی وحی پر اور آخرت پر ایمان رکھتے ہوں اور قرآن کریم نے یہ التزام کیا ہے کہ ہر جگہ وحی کے ساتھ لفظ قبل کو ملایا ہے تاکہ یہ بات ثابت ہو کہ آنحضرت ﷺ سے پہلے وحی نبوت اور انبیاء علیہم السلام آئے ہیں۔ چنانچہ اس کی تائید میں مولوی نجم الدین صاحب گواہ مدعیہ نے سورہ سبا پارہ نمبر ۲۲ کی آیت: ''وما ارسلناک الا کآفۃ للناس...... الخ!'' سے یہ استدلال کیا ہے کہ متقی بننے کے لئے صرف ان چار چیزوں کی ضرورت ہے جو اس آیت میں بیان کی گئی ہیں۔ ایک تو وہ وحی ہے جو آنحضرت ﷺ کی طرف نازل کی گئی۔ دوسری وہ جو آپ سے پہلے لوگوں پر نازل کی گئی۔ اگر آنحضرت ﷺ کے بعد کسی وحی پر انسانوں کی نجات اور ارتقاء کی مدار ہوتی تو اللہ تعالیٰ اسے بھی یہاں ذکر فرما دیتا۔ مگر ایسا نہیں کیا گیا، معلوم ہوتا ہے کہ کسی اور نئی بات کی یا نئی وحی کی متقی بننے کے لئے حاجت نہیں اور نہ ہی اس کے آنے پر یا اس کے ماننے پر انسانوں کی نجات کا دارومدار ہے۔

ختم نبوت کے بارہ میں مرزا صاحب کی ایک اور تحریر بہت واضح ہے جس کا ذکر مولوی مرتضیٰ حسن صاحب گواہ مدعیہ کے بیان میں ہے۔ مرزا صاحب اپنی کتاب (ازالہ الاوہام ص۵۴۴، خزائن ج۳ ص۳۹۳) پر لکھتے ہیں کہ: ''یہ بات ہم کئی مرتبہ لکھ چکے ہیں کہ خاتم النّبیین کے بعد مسیح ابن مریم رسول کا آنا فساد عظیم کا موجب ہے۔ اس سے یا تو یہ ماننا پڑے گا کہ وحی نبوت کا سلسلہ پھر جاری ہو جائے گا یا قبول کرنا پڑے گا کہ خدا تعالیٰ مسیح ابن مریم کو لوازم نبوت سے الگ کر کے اور محض ایک امتی بنا کر بھیجے گا اور یہ دونوں صورتیں ممتنع ہیں۔''

اسی طرح (ص۵۷۶، ۵۷۷، خزائن ج۳ ص۴۱۱، ۴۱۲) پر لکھتے ہیں کہ: ''ہم ابھی لکھ چکے ہیں کہ خدا تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے کہ کوئی رسول دنیا میں مطیع اور محکوم ہو کر نہیں آیا۔ بلکہ وہ مطاع اور صرف اپنی اس وحی کا متبع ہوتا ہے جو اس پر بذریعہ جبرئیل علیہ السلام نازل ہوتی ہے۔ اب یہ سیدھی سیدھی بات ہے کہ جب حضرت مسیح ابن مریم نازل ہوئے اور حضرت جبرئیل لگاتار آسمان سے وحی لانے لگے اور وحی کے ذریعہ انہیں تمام اسلامی عقائد اور صوم، صلوٰۃ اور زکوٰۃ اور حج اور جمیع مسائل فقہ کے سکھلائے گئے تو پھر بہرحال یہ مجموعہ احکام دین کا کتاب اللہ کہلائے گا۔ اگر یہ کہو کہ مسیح کو وحی کے ذریعہ صرف اتنا کہا جائے گا کہ تو قرآن پر عمل کر اور پھر وحی مدت العمر تک منقطع ہو جائے گی اور کبھی جبرئیل نازل نہ ہوں گے۔ بلکہ وہ مسلوب النبوت ہو کر امتیوں کی طرح بن جائیں گے۔ تو یہ طفلانہ خیال ہنسی کے لائق ہے۔ ظاہر ہے کہ اگرچہ ایک ہی دفعہ وحی کا نزول فرض کیا جائے اور صرف ایک ہی فقرہ حضرت جبرئیل لائیں اور پھر چپ ہو جائیں۔ یہ امر بھی ختم نبوت کے منافی ہے۔ کیونکہ جب ختمیت کی مہر ہی ٹوٹ گئی اور وحی رسالت پھر نازل ہونی شروع ہوگئی تو پھر تھوڑا بہت نازل ہونا برابر ہے۔ ہر ایک دانا سمجھ سکتا ہے کہ اگر خداوند تعالیٰ صادق الوعد ہے اور جو آیت خاتم النّبیین میں وعدہ دیا گیا ہے اور جو حدیثوں میں بتصریح بیان کیا گیا ہے کہ اب جبرئیل بعد وفات رسول اللہ ﷺ ہمیشہ کے لئے وحی نبوت لانے سے منع کیا گیا ہے۔ یہ تمام باتیں سچ اور صحیح ہیں تو پھر کوئی شخص بحیثیت رسالت ہمارے نبی ﷺ کے بعد ہرگز نہیں آ سکتا۔''

اس سے مدعیہ کی طرف سے یہ نتیجہ اخذ کیا گیا ہے کہ مرزاصاحب نے اس کی تصریح کر دی ہے کہ کوئی نبی مطیع یعنی امتی نہیں بن سکتا۔ بلکہ وہ مطاع اور صرف اپنی اس وحی کا متبع ہوتا ہے جو اس پر بذریعہ جبرئیل علیہ السلام نازل ہوتی ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ جب مرزا صاحب نبی ہوئے تو انہوں نے اس وحی کی اتباع کی جو ان پر نازل ہوئی یا قرآن کی۔ اگر قرآن کی اتباع کی تب بھی مرزاصاحب کافر، کیونکہ ان کو اپنی وحی کی اتباع کرنی چاہئے تھی اور اگر اپنی وحی کی اتباع کی، تب بھی کافر، کیونکہ قرآن کو چھوڑا۔ کتاب ازالہ الاوہام مرزا صاحب کے دعویٰ کے کچھ عرصہ بعد تحریر ہوئی ہے اور اس وقت تک وہ خاتم النّبیین کے وہی معنی سمجھتے رہے جو ساری دنیا نے سمجھے اور ایک نبی کا آنا اور ایک دفعہ جبرئیل علیہ السلام کا اترنا اور ایک فقرہ کہنا کہ تم قرآن کا اتباع کرو۔ یہ سب چیزیں مرزاصاحب کے نزدیک ختم النبوت کے مخالف تھیں اور اس سے مہر نبوت ٹوٹتی تھی۔

ہر صدی میں کم از کم ایک مجدد آتا ہے، ان کا یہ فرض ہوتا ہے کہ دنیا میں جو لوگوں سے غلطی ہوگئی ہے، اس پر لوگوں کو متنبہ کریں اور بالخصوص ایسے امور اور عقائد کی نسبت کہ جن سے انسان کافر ہو جائے۔ علاوہ ازیں امت میں بے شمار اولیاء، ابدال، اقطاب گزرے اور تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ان میں سے کسی نے خاتم النّبیین کے یہ معنی نہیں کئے جو مرزاصاحب نے اب بیان کئے ہیں۔ اس لئے جو معنی ختم النبوت کے اب تجویز کئے ہیں جس کی بناء پر نبوت کا جاری رہنا اور وحی نبوت کا اری رہنا ضروری ہے اور جس مذہب میں وحی نبوت نہ ہو وہ مذہب مرزاصاحب کے نزدیک لعنتی اور شیطانی مذہب کہلانے کا مستحق ہے۔

اس بناء پر اگر یہ معنی صحیح ہیں تو جب تک مرزاصاحب کا مذکورہ بالا عقیدہ رہا۔ مرزاصاحب بھی کافر ہوئے اور ان سے پہلے جتنے مسلمان اس عقیدہ پر گزرے وہ سب کے سب کافر ہوئے اور اگر مسلمانوں کا اور مرزاصاحب کا عقیدہ سابقہ صحیح تھا تو پھر لوگ تو مسلمان اور مرزاصاحب اس عقیدہ کے بدلنے کے بعد کافر ہوگئے۔ یہ نتائج مولوی مرتضیٰ حسن صاحب کے بیان سے اخذ ہوتے ہیں۔ آگے وہ یہ کہتے ہیں کہ مرزاصاحب نے یہ کہا ہے کہ جو امر مستلزم محال ہے وہ محال ہوتا ہے۔ اس سے اگر مراد محال عقلی ہے تو اس کا اخفاء ناجائز ہے۔ بالخصوص تیرہ سو برس تک جب کہ صحابہ، تابعین، ائمہ مجتہدین اور ائمہ فقہاء کہ جنہوں نے عقلی امور کی بال کی کھال نکال دی ہے اور اگر محال سے مراد شرعی ہے تو وہ بھی مخفی نہیں رہ سکتا۔ بالخصوص اتنے زمانہ تک اور اتنے علماء متبحرین پر اور مجددین پر اس سے ثابت ہوتا ہے کہ مرزاصاحب کا اس کلام کے لکھنے تک یہی عقیدہ تھا کہ خاتم النّبیین کے معنی یہ ہیں کہ کوئی جدید یا قدیم نبی آ ہی نہیں سکتا۔ علمائے امت نے جو مسئلہ ختم النبوت پر اجماع بیان کیا ہے اور جس آیت کے معنی لکھے ہیں اور وہ معنی مرزاصاحب کے مسلمات میں سے ہیں۔ وہی حق ہیں اور اب جو اس معنی سے انکار کرے وہ کافر اور بے شک کافر ہے۔

ایک اور کتاب (حمامۃ البشریٰ ص۱۹،۲۰، خزائن ج۷ ص۲۰۰) پر مرزاصاحب نے جو کچھ لکھا ہے اس کا مطلب یہ بیان کیا ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کے بارہ میں کسی مسلمان کو جائز نہیں کہ اس کلام کو جو احادیث میں آیا ہے۔ ظاہری پر حمل کرے۔ اس واسطے کہ یہ آیت: ''**ماکان محمد ابا احدا...... الخ!**'' خاتم النّبیین کے مخالف ہے۔ کیا تمہیں یہ معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کا نام خاتم الانبیاء رکھا ہے اور اس میں کسی کی استثناء نہیں کی اور پھر اس خاتم الانبیاء کی خود اپنے کلام میں تفصیل فرمائی۔ ''لا نبی بعدی'' سے جو سمجھنے والوں کے لئے بیان واضح ہے اور اگر ہم یہ جائز رکھیں کہ آپ کے بعد کوئی نبی کیسے آسکتا تو لازم آتا ہے کہ دروازہ وحی نبوت کا بعد بند ہونے کے کھل جائے اور آپ کے بعد کوئی نبی کیسے آسکتا ہے۔ حالانکہ وحی منقطع ہوچکی ہے اور اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ تمام نبیوں کو ختم کر دیا ہے۔ کیا ہم اس کا اعتقاد رکھیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام آئیں گے اور خاتم الانبیاء وہ بنے نہ ہمارے رسول مقبول ﷺ۔

اس سے یہ نتیجہ اخذ کیا گیا ہے کہ مرزا صاحب نے اس میں اس بات کی تصریح کر دی ہے کہ خاتم الانبیاء کی تفسیر بغیر کسی استثناء کے رسول اللہ ﷺ نے اس کلام میں فرمائی کہ ’’لا نبی بعدی‘‘ اور معلوم ہوا کہ مرزا صاحب کے نزدیک خاتم النّبیین کی تفسیر ’’لا نبی بعدی‘‘ ہے اور خاتم النّبیین کے معنی یہ ہیں کہ آپ ﷺ کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا۔ اس میں کسی نبی بروزی ظلی وغیرہ کی قید نہیں اور اب ’’لا نبی بعدی‘‘ کا یہ معنی لینے کہ اس سے مراد خاص وہ نبی ہے جو مستقل نبی ہو اور رسول اللہ ﷺ سے الگ ہو کر اس نے نبوت حاصل کی ہو۔ کیونکہ یہ معنی مرزا صاحب کے نزدیک بھی غلط ہیں اور اب یہ معنی کرنے ہرگز قابل پذیرائی نہیں۔

مرزا صاحب خاتم کے یہ معنی کرتے ہیں کہ رسول کریم مہر ہیں اور آپ کے منظور کرنے سے نبی بنتے ہیں۔ کتاب (حقیقت النبوت ص ۲۶۶ حصہ اوّل ضمیمہ نمبر۱، انوار العلوم ج۲ ص ۵۷۶) پر لکھتے ہیں کہ: ’’چونکہ میں ظلی طور پر محمد ہوں۔ پس اس طور سے خاتم النّبیین کی مہر نہیں ٹوٹی۔ کیونکہ محمد ﷺ کی نبوت محمد ﷺ تک ہی محدود رہی۔ یعنی بہرحال محمد ﷺ ہی نبی رہا، نہ کوئی اور۔ سید انور شاہ صاحب گواہ مدعیہ اس سے یہ مطلب اخذ کرتے ہیں کہ میں آئینہ بن گیا ہوں محمد رسول اللہ ﷺ کا اور مجھ میں تصویر اتر آئی ہے رسول کریم کی، اس سے مہر نبوت نہ ٹوٹی۔ یہ تمسخر ہے خدا اور خدا کے رسول ﷺ کے ساتھ۔

اب باقی ماندہ وجوہات تکفیر میں سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی توہین۔ آنحضرت ﷺ کی توہین اور دیگر انبیاء علیہم السلام کی توہین کے بارہ میں گواہان مدعیہ کے بیانات کا خلاصہ ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔ اس ضمن میں مرزا غلام احمد صاحب کی حسب ذیل تحریروں پر اعتراض کیا گیا ہے۔ مرزا صاحب اپنی کتاب (دافع البلاء ٹائٹل ۲، خزائن ج۱۸ ص ۲۲۰) پر لکھتے ہیں: ’’لیکن مسیح کی راست بازی اپنے زمانہ میں دوسرے راست بازوں سے بڑھ کر ثابت نہیں ہوتی۔ بلکہ یحییٰ نبی کو اس پر ایک فضیلت ہے۔ کیونکہ وہ شراب نہیں پیتا تھا اور کبھی یہ نہیں سنا گیا کہ کسی فاحشہ عورت نے آکر اپنی کمائی کے مال سے اس پر عطر ملا تھا یا اپنے ہاتھوں یا سر کے بالوں سے اس کو چھوا تھا یا کوئی بے تعلق جوان عورت اس کی خدمت کرتی تھی۔ اس وجہ سے خدا نے قرآن میں یحییٰ علیہ السلام کا نام ’’حصور‘‘ رکھا مگر مسیح کا یہ نام نہ رکھا۔ کیونکہ ایسے قصے اس نام کے رکھنے سے مانع تھے۔‘‘

(حاشیہ ضمیمہ انجام آتھم ص۴، خزائن ج۱۱ ص ۲۸۸) پر لکھتے ہیں کہ: ’’پس اس نادان اسرائیلی نے ان معمولی باتوں کا پیشین گوئی نام کیوں رکھا۔‘‘

آگے (حاشیہ ص۵، خزائن ج۱۱ ص ۲۸۹) پر لکھتے ہیں کہ: ’’آپ کو گالیاں دینے اور بدزبانی کی اکثر عادت تھی۔‘‘

اس صفحہ پر آگے کہتے ہیں کہ: ’’میرے نزدیک آپ کی یہ حرکات جائے افسوس نہیں۔ کیونکہ آپ تو گالیاں دیتے تھے اور یہودی ہاتھ سے کسر نکال لیا کرتے تھے۔‘‘

آگے ہے کہ: ’’یہ بھی یاد رہے کہ آپ کو کس قدر جھوٹ بولنے کی عادت تھے۔‘‘

(ضمیمہ انجام آتھم ص۷، خزائن ج۱۱ ص ۲۹۱ حاشیہ) پر ہے کہ: ’’آپ کا خاندان بھی نہایت پاک اور مطہر ہے۔ تین دادیاں اور تین نانیاں آپ کی زنا کار اور کسبی عورتیں تھیں جن کے خون سے آپ کا وجود ظہور پذیر ہوا۔‘‘

آگے لکھتے ہیں کہ: ’’آپ کا کنجریوں سے میلان اور صحبت بھی شاید اس وجہ سے ہو کہ جدی مناسبت درمیان ہے۔ ورنہ کوئی پرہیزگار انسان ایک جوان کنجری کو یہ موقع نہیں دے سکتا کہ وہ اس کے سر پر اپنے ناپاک ہاتھ لگا دے۔‘‘ آگے ہے کہ: ’’سمجھنے والے سمجھ لیں کہ ایسا انسان کس چلن کا آدمی ہو سکتا ہے۔‘‘

یہ گالیاں یسوع کے نام لے کر ضمیمہ انجام آتھم میں درج کی گئی ہے۔ لیکن بیان کیا جاتا ہے کہ مرزاصاحب کے نزدیک یسوع اور مسیح ایک تھے۔ کیونکہ مرزاصاحب اپنی کتاب (توضیح المرام ص۳، خزائن ج۳ ص۵۲) پر فرماتے ہیں کہ: ’’مسیح ابن مریم جن کو عیسیٰ اور یسوع بھی کہتے۔‘‘

اسی طرح اپنی کتاب (کشتی نوح ص۶۵، خزائن ج۱۹ ص۷۱ حاشیہ) پر لکھتے ہیں کہ: ’’یورپ کے لوگوں کو جس قدر شراب سے نقصان پہنچا ہے، اس کا سبب تو یہ تھا کہ عیسیٰ علیہ السلام شراب پیا کرتے تھے، شاید کسی بیماری کی وجہ سے۔ اے مسلمانو! تمہارے نبی ﷺ تو ہر ایک نشہ سے پاک اور معصوم تھے۔‘‘

(حاشیہ ضمیمہ انجام آتھم ص۵، خزائن ج۱۱ ص۲۸۹) پر ہے: ’’جن جن پیشین گوئیوں کا اپنی ذات کی نسبت توراۃ میں پایا جانا آپ نے بیان فرمایا، ان کتابوں میں ان کا نام ونشان بھی نہیں پایا جاتا۔‘‘

(حاشیہ ص۶، خزائن ج۱۱ ص۲۹۰) پر لکھتے ہیں: ’’اور نہایت شرم کی بات ہے کہ آپ نے پہاڑی تعلیم کو جو انجیل کا مغز کہلاتی ہے۔ یہودیوں کی کتاب ’’طالمود‘‘ سے چرا کر لکھا ہے اور پھر ایسا ظاہر کیا ہے کہ گویا میری تعلیم ہے۔‘‘

آگے ہے کہ آپ کے حقیقی بھائی آپ کی ان حرکات سے آپ سے سخت ناراض رہتے تھے اور ان کو یقین تھا کہ آپ کے دماغ میں ضرور کچھ خلل ہے۔‘‘

کتاب (ست بچن ص۱۷۱، خزائن ج۱۰ ص۲۹۵ حاشیہ) پر لکھتے ہیں کہ: ’’یہ درخواست بھی صریح اس بات پر دلیل ہے کہ یسوع درحقیقت بوجہ بیماری مرگی کے دیوانہ ہوگیا تھا۔‘‘

(ضمیمہ انجام آتھم حاشیہ ص۶، خزائن ج۱۱ ص۲۹۰) پر ہے کہ: ’’عیسائیوں نے بہت سے آپ کے معجزات لکھے ہیں۔ مگر حق بات یہ ہے کہ آپ سے کوئی معجزہ نہیں ہوا۔‘‘

اس کتاب کے (ص۷، خزائن ج۱۱ ص۲۹۱) پر ہے کہ: ’’آپ نے معمولی تدبیر کے ساتھ کسی شب کور وغیرہ کو اچھا کیا ہو یا کسی ایسی بیماریوں کا علاج کیا۔ مگر آپ کی بدقسمتی سے اس زمانہ میں ایک تالاب بھی موجود تھا جس سے بڑے بڑے نشان ظاہر ہوتے تھے۔ خیال ہوسکتا ہے کہ اس تالاب کی مٹی آپ بھی استعمال کرتے ہوں گے۔ اس تالاب سے آپ کے معجزات کی پوری پوری حقیقت کھلتی ہے اور اس تالاب نے فیصلہ کر دیا ہے کہ آپ سے کوئی معجزہ ظاہر ہوا ہو تو وہ معجزہ آپ کا نہیں ہے۔ بلکہ اس تالاب کا معجزہ ہے اور آپ کے ہاتھوں میں سوائے مکروفریب کے اور کچھ نہ تھا۔‘‘

اسی کتاب (ضمیمہ انجام آتھم حاشیہ ص۹، خزائن ج۱۱ ص۲۹۳) پر آگے مسلمانوں کو مخاطب کر کے لکھتے ہیں کہ: ’’خداوند تعالیٰ نے قرآن شریف میں کوئی خبر نہیں دی کہ یسوع کون تھا اور پادری اس بات کے قائل ہیں کہ یسوع وہ شخص تھا کہ جس نے خدائی کا دعویٰ کیا اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کا نام ڈاکو اور بٹ مار رکھا اور آنے والے نبی کے مقدس وجود سے انکار کیا اور کہا کہ میرے بعد سب جھوٹے نبی آئیں گے۔ پس ہم ایسے ناپاک خیال اور متکبر اور راستبازوں کے دشمن کو ایک بھلے مانس آدمی بھی قرار نہیں دے سکتے۔ چہ جائیکہ اس کو نبی قرار دیں۔‘‘

اور کتاب (ست بچن ص۱۶۷، خزائن ج۱۰ ص۲۹۱) پر لکھتے ہیں: ’’اور بالخصوص یسوع کے دادا صاحب داؤد نے تو سارے برے کام کئے۔ ایک بے گناہ کو اپنی شہوت رانی کے لئے فریب سے قتل کرایا اور دلّالہ عورتوں کو بھیج کر اس کی جورو کو منگوایا اور اس کو شراب پلائی اور اس سے زنا کیا اور بہت سا مال حرام کاری میں ضائع کیا۔‘‘

(اعجاز احمدی ص۱۴، خزائن ج۱۹ ص۱۲۱) پر ’’حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تین پیشین گوئیوں کو غلط قرار دیا گیا ہے۔‘‘

(ازالہ الاوہام ص۳۰۳، خزائن ج۳ص ۲۵۴،۲۵۵) کے حاشیہ پر درج ہے کہ: ''حضرت عیسیٰ علیہ السلام اپنے باپ یوسف کے ساتھ بائیس سال تک نجاری کا کام کرتے رہے ہیں۔''

(کشتی نوح ص۱۶، خزائن ج۱۹ص ۱۸) پر لکھتے ہیں کہ: ''مریم علیہا السلام کی وہ شان ہے جس نے ایک مدت تک اپنے تئیں نکاح سے روکا۔ پھر بزرگان قوم کے نہایت اصرار سے بوجہ حمل کے نکاح کر لیا۔ گو لوگ اعتراض کرتے ہیں کہ برخلاف تعلیم تورات عین حمل میں کیونکر نکاح کیا گیا اور بتول ہونے کے عہد کو کیوں توڑا گیا اور تعداد ازواج کی کیوں بناء ڈالی گئی۔ مگر میں کہتا ہوں کہ یہ سب مجبوریاں تھیں جو پیش آگئیں۔ اس صورت میں وہ لوگ قابل رحم تھے۔ نہ قابل اعتراض۔

(ازالہ اوہام ص۷، خزائن ج۳ص ۱۰۶) پر مرزاصاحب مولویوں کو مخاطب کر کے کہتے ہیں کہ: ''اس سے زیادہ تر قابل افسوس یہ امر ہے کہ جس قدر حضرت مسیح کی پیشین گوئیاں غلط نکلیں اس قدر صحیح نکل نہیں سکیں۔''

(دافع البلاء ص۱۳، خزائن ج۱۸ص ۲۳۳) پر لکھتے ہیں کہ: ''خدا نے اس امت میں سے مسیح موعود بھیجا جو اس سے پہلے مسیح سے اپنی تمام شان میں بہت بڑھ کر ہے اور اس نے اس دوسرے کا نام غلام احمد رکھا۔''

(حقیقت الوحی ص۱۵۵، خزائن ج۲۲ص ۱۵۹) پر لکھتے ہیں کہ: ''جب کہ خدا نے اور اس کے رسول نے اور تمام نبیوں نے آخری زمانہ کے مسیح کو ان کے کارناموں کی وجہ سے افضل قرار دیا ہے تو پھر یہ وسوسہ شیطانی ہے کہ کہا جائے کہ کیوں تم اپنے تئیں مسیح ابن مریم علیہما السلام سے افضل قرار دیتے ہو۔''

مولوی انور شاہ صاحب نے لفظ یسوع کی اصل یہ بتائی ہے کہ یہ دراصل عبرانی لفظ ہے اور عبرانی میں ایشوع بمعنی نجات دہندہ تھا۔ ایشوع سے یسوع بنا اور زبان عربی میں آکر لفظ عیسیٰ بنا اور یہ تعریب قرآن سے شروع نہیں ہوئی۔ بلکہ نزول قرآن سے پہلے عرب کے نصاریٰ عیسیٰ علیہ السلام کو عیسیٰ ہی بولتے تھے۔

(ازالہ الاوہام ص۲۰۴ حاشیہ، خزائن ج۳ص ۲۵۵،۲۵۶) پر لکھتے ہیں: ''ماسواء اس کے یہ بھی قرین قیاس ہے کہ ایسے ایسے اعجاز طریق عمل ترب یعنی مسمریزمی طریق سے بطور لہو ولعب نہ بطور حقیقت ظہور میں آسکیں۔ کیونکہ عمل ترب میں جس کو زمانہ حال میں مسمریزم کہتے ہیں۔ ایسے ایسے عجائبات ظہور میں آتے رہتے ہیں۔ اگر یہ عاجز اس عمل کو مکروہ اور قابل نفرت نہ سمجھتا تو اللہ تعالیٰ کے فضل وتوفیق سے امید قوی رکھتا تھا کہ ان عجوبہ نمائیوں میں حضرت مسیح ابن مریم سے کم نہ رہتا۔ لیکن مجھے وہ روحانی طریق پسند ہے۔''

ان عبارات سے یہ نتائج نکالے گئے ہیں کہ مرزاصاحب یہ بخوبی جانتے تھے۔ یسوع مسیح ایک ہی شخص ہے۔ جیسا کہ ان کی اپنی تحریرات سے ثابت ہوتا ہے۔ اس لئے وہ یہ نہیں کہہ سکتے کہ انہوں نے یسوع کے نام سے جو کچھ کہا ہے۔ اس سے عیسیٰ علیہ السلام مراد نہیں۔

اور اگر یہ کہا جائے کہ ان میں سے بعض فقرات عیسائی پادریوں کے جوابات میں الزامی صورت میں بیان کئے گئے ہیں تو یہ جواب بھی صحیح نہیں ہے۔ کیونکہ ان فقرات میں اس قسم کے الفاظ کہ ''حق بات یہ ہے'' وغیرہ وغیرہ الزامی جوابات نہیں ہوسکتے۔ بلکہ مرزاصاحب کی اپنی تحقیق کا نتیجہ شمار ہوں گے۔

نیز دافع البلاء کے حوالہ سے جو عبارت نقل کی گئی ہے۔ اس سے صاف ظاہر ہے کہ خدا کے نزدیک بھی عیسیٰ علیہ السلام کو ''حصور'' نہ کہنے کے لئے مذکورہ بالا قصے مانع تھے۔ اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک بھی جو عالم الغیب ہے یہ بات محقق تھی کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام میں یہ عیوب موجود ہیں۔ اس لئے اس کا نام ''حصور'' نہ رکھا اور جو گالیاں مرزاصاحب نے پہلے انجام آتھم'' میں عیسیٰ علیہ السلام کو دی تھیں وہی یہاں مذکور ہیں۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پاکبازی اور راست گوئی کا ثبوت احادیث سے ملتا ہے اور قرآن نے ان کی شان میں کہا ہے کہ: ’’وجیہا فی الدنیا والاخرۃ ومن المقربین ‘‘رسولوں کو دنیا میں صرف اس لئے بھیجا جاتا ہے کہ لوگ ان کے نقش قدم پر چلیں اور ان کی شان اطاعت کریں۔ مرزاصاحب نے عیسیٰ علیہ السلام کے حق میں نہایت گستاخانہ الفاظ استعمال کئے ہیں۔ ان کے معجزات کو مسمریزم کہا ہے۔ حالانکہ مسمریزم اقسام سحر اور توجہ نفسانی کا ایک شعبہ ہے کہ جس کا کسی پاکباز نیک آدمی کے ساتھ اختصاص نہیں کیا جاسکتا، ہر بداخلاق بلکہ کافر تک اس کا عمل کرسکتا ہے اور پھر ایسے معجزات کو جس کو قرآن کریم نے نہایت شان اور عظمت سے ذکر فرمایا ہے۔ عمل ترب یا مسمریزم کہنا نہایت گستاخی اور بےادبی ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے جو معجزات ثابت کئے گئے ہیں ان کو آج تک تمام علمائے امت اور عامۃ المسلمین قبول کرتے رہے۔ مرزاصاحب نے ان کو مسمریزم وغیرہ کی طرف منسوب کر کے خواہ مخواہ ایک رخنہ اندازی فرمائی۔ ان کا عیسیٰ علیہ السلام کی اس طرح توہین کرنی ایک وجہ کفر ہے۔

چنانچہ مرزاصاحب نے اپنی کتاب (ضمیمہ چشمہ معرفت ص۱۸، خزائن ج۲۳ ص۳۸۹،۳۹۰) پر جو عبارت بالفاظ ذیل ’’شاید کسی صاحب کے دل میں یہ بھی خیال آوے...... تا موجب نزول غضب الٰہی درج کی ہے۔ اس میں صاف لکھا ہے کہ اسلام میں کسی نبی کی تحقیر کفر ہے اور سب پر ایمان لانا فرض ہے اور کسی نبی کا اشارہ سے بھی تحقیر کرنا سخت معصیت ہے اور موجب نزول غضب الٰہی۔‘‘

اس کی تائید میں منجانب گواہان مدعیہ چند سندات، قرآن احادیث اور اقوال بزرگان پیش کئے گئے ہیں جن کی یہاں تفصیل درج کرنے کی ضرورت نہیں۔ صرف مختصراً یہ درج کیا جاتا ہے کہ سیدانورشاہ صاحب گواہ مدعیہ نے یہ کہا ہے کہ سب اور ناسزا کہنا پیغمبروں کو اور طعن کہنا، سرچشمہ ہے جمیع انواع کفر کا اور مجموعہ ہے۔ جملہ گمراہیوں کا اور ہر کفر اس کی شاخ ہے اور کسی نبی کی ادنیٰ توہین کرنا بھی کفر ہے اور کہ امام احمد فرماتے ہیں کہ: جس نے ناسزا کہا نبی کریم کو یا تنقیص کی، مسلمان ہو یہ شخص یا کافر، سزا اس کی قتل ہے اور علماء نے کہا ہے کہ تعریض کرنا خدا کی سب کا، یا رسول کی سب کا ارتداد ہے اور موجب قتل ہے۔ آگے بیان کرتے ہیں کہ علماء نے جب توراۃ اور انجیل محرف سے کوئی چیز محرف نقل کی ہے۔ ان سے نتیجہ نکالا ہے کہ یہ کتابیں تحریف شدہ ہیں۔ مرزاصاحب یہ نتیجہ نکالتے ہیں کہ عیسیٰ علیہ السلام نالائق تھے۔ علماء کے طریق میں اور مرزاصاحب کے طریق میں کفر اور اسلام کا فرق ہے۔

مولوی نجم الدین صاحب گواہ مدعیہ نے بیان کیا ہے کہ مرزاصاحب نے اپنے آپ کو یوسف علیہ السلام سے بھی افضل کہا ہے اور کتاب (دافع البلاء ص۲۰، خزائن ج۱۸ ص۲۴۰) پر مرزاصاحب کہتے ہیں کہ: ’’ابن مریم کے ذکر کو چھوڑو اس سے بہتر غلام احمد ہے۔‘‘ اور یہ کہ باتیں شاعرانہ نہیں بلکہ واقعی ہیں۔

(کتاب ازالہ الاوہام ص۱۵۸، خزائن ج۳ ص۱۸۰) سے مرزاصاحب کا ایک اور شعر نقل کیا گیا ہے جو بالفاظ ذیل ہے ۔

اینک منم کہ حسب بشارات آمدم　　عیسیٰ کجا است تا بنہد پا بمنبرم

مولوی انورشاہ صاحب فرماتے ہیں کہ قرآن شریف نے یہود اور نصاریٰ کے عقائد کی بیخ کنی کی ہے اور ایک حرف موسیٰ وعیسیٰ علیہ السلام کی ہتک کا اشارۃً یا کنایۃً نہیں فرمایا۔

اب اس عنوان توہین انبیاء کے دوسرے ہیڈنگ پر گواہان مدعیہ کے پیش کردہ دلائل بیان کئے جاتے ہیں۔

توہین انبیاء کے تحت گواہان مدعیہ نے یہ دکھلایا ہے کہ مرزاصاحب نے یہ صرف عیسیٰ علیہ السلام کی توہین کی ہے بلکہ حضور علیہ السلام کی بھی توہین کی ہے۔ بحوالہ کتاب (حقیقت النبوت ص۲۶۵،۲۶۶) مرزاصاحب کے اس قول سے کہ: ’’میں بروزی طور پر وہی خاتم الانبیاء ہوں اور خدا نے آج سے بیس برس پہلے براہین احمدیہ میں میرا نام محمد اور احمد رکھا ہے اور مجھے آنحضرت ﷺ کا ہی وجود قرار دیا۔ پس اس طور سے

آنحضرتﷺ کے خاتم النّبیین ہونے میں میری نبوت سے کوئی تزلزل نہیں آیا۔ کیونکہ ظل اپنے اصل سے علیحدہ نہیں ہوتا۔ یہ نتیجہ نکالا گیا ہے کہ مرزاصاحب کو نبوت ملنے سے خاتمیت محمدیہ میں فرق نہ آنے کے یہی معنی ہوسکتے ہیں کہ مرزاصاحب اور سرورعالمﷺ ایک ہوں جو عقلاً اور نقلاً باطل ہے اور اگر رسول اللہﷺ بطریق تناسخ معاذ اللہ مرزاصاحب ہوئے۔ تو تناسخ کفر اور اگر یہ معنی ہیں کہ سایہ ذی سایہ کا عین ہوتا ہے تو یہ ایسی باطل بات ہے کہ دنیا جانتی ہے کہ کسی شخص کا سایہ ذی سایہ نہیں ہوسکتا تو اب مرزاصاحب کا نبی ہونا رسول اللہﷺ کا نبی ہونا نہیں ہے۔ اگر بفرض محال یہ مان لیا جائے کہ سایہ اور ذی سایہ ایک ہوتا ہے تو رسول اللہﷺ ظل اللہ ہیں اور اس طرح وہ نعوذ باللہ! عین خدا ہیں اور مرزاصاحب عین محمدﷺ ہیں تو اس سے صاف یہ نتیجہ ہے کہ مرزاصاحب عین خدا ہوئے۔ اگر ظل ہونے کے یہ معنی ہیں کہ ذی ظل کی کوئی صفت اس میں آجائے تو ایسی ظلیت تمام دنیا کو حاصل ہے۔ بہرحال مرزاصاحب کا دعویٰ اتحاد رسول اللہﷺ کے ساتھ۔ رسول اللہﷺ کی کھلی توہین ہے۔

مرزاصاحب کے اس قول سے کہ: ’’تمام کمالات متفرقہ جو تمام دیگر انبیاء میں پائے جاتے ہیں...... نبی کریم کے ظل ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ بروزی اور ظلی نبوت کوئی کم یا گھٹیا درجہ کی نبوت نہیں۔ کیونکہ ظل اور بروز کے لفظ سے یہ دھوکا پڑسکتا تھا کہ مرزاصاحب کی مراد یہ ہوگی کہ آئینہ میں جیسے کسی شخص کا عکس پڑتا ہے۔ اسی طرح مرزاصاحب میں بھی کمالات محمدیہ اور نبوت کا عکس پڑا ہے۔ مگر مرزاصاحب نبی نہیں ہیں۔ اس واسطے کہ کسی شخص کا عکس جو آئینہ میں ہے۔ اس ذی عکس کی کوئی حقیقی صفت نہیں ہوسکتی۔ مرزاصاحب کی اس عبارت نے اس شبہ کو ایسا صاف اور حل کردیا ہے کہ شبہ کی گنجائش نہیں رہی اور مرزاصاحب کا لفظ ظل عکس اور بروز کا ہے۔ مگر مراد ہے۔ حقیقت کاملہ نبوت، کیونکہ وہ فرماتے ہیں کہ جتنے انبیاء گزرے ہیں وہ سب رسول اللہﷺ کی ایک ایک صفت میں ظل تھے اور باوجود اس ایک صفت میں ظل ہونے کے وہ مستقل نبی صاحب شریعت تھے اور حقیقی نبی تھے اور مرزاصاحب تمام صفات میں ظل ہیں تو ثابت ہوگیا کہ مرزاصاحب تمام نبیوں سے بڑے تھے اور یہ ایک بہت بڑا کفر ہے۔ مرزاصاحب باربار تحریر کرتے ہیں کہ پہلے نبیوں کی نبوت براہ راست اور میری نبوت فیض محمدی کا اثر ہے۔ ان کا یہ قول بھی غلط ہوجاتا ہے۔ اس واسطے کہ جب ہر ایک نبوت ان کے نزدیک آپﷺ کا فیض تھا۔ اسی طرح مرزاصاحب کی نبوت بھی آپﷺ کا فیض ہے۔ لہٰذا یہ فرق کرنا بھی باطل ہوا۔

مرزاصاحب کے ایک اور قول سے جو (تریاق القلوب حاشیہ ص۱۵۶، خزائن ج۱۵ ص۴۷۷) سے نقل کیا گیا ہے اور جو بالفاظ ذیل ہے۔

’’غرض جیسا کہ صوفیوں کے نزدیک مانا گیا ہے کہ مراتب وجود دوریہ ہیں۔ اسی طرح ابراہیم نے اپنی خو، طبیعت اور دلی مشابہت کے لحاظ سے قریباً اڑھائی ہزار برس اپنی وفات کے بعد پھر عبداللہ پسر عبدالمطلب کے گھر میں جنم لیا اور محمد کے نام سے پکارا گیا۔‘‘

سید انور شاہ صاحب گواہ مدعیہ نے یہ استدلال کیا ہے کہ:

الف...... اس قول سے یہ لازم آتا ہے کہ سرورعالمﷺ کوئی چیز نہیں رہتے اور آپﷺ کا تشریف لانا بعینہٖ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا تشریف لانا ہے۔ گویا کہ ابراہیم علیہ السلام کے یہ دور ہیں۔ گویا اصل ابراہیم علیہ السلام رہے اور آئینہ رسول اللہﷺ ہوئے اور چونکہ ظل اور صاحب ظل میں مرزاصاحب کے نزدیک عینیت ہے اور اس وجہ سے وہ اپنے کو عین محمد کہتے ہیں تو جب محمدﷺ بروز ابراہیم علیہ السلام ہوئے تو عین ابراہیم علیہ السلام ہوئے۔ اس سے صاف لازم آتا ہے کہ معاذ اللہ! رسول اللہﷺ کا کوئی وجود بالاستقلال نہیں اور نہ ان کی نبوت کوئی مستقل شئے ہے۔

ب...... رسول اللہﷺ ابراہیم علیہ السلام کے بروز ہوئے اور خاتم النّبیین آپ ہوئے کہ خاتم بروز اور ظل ہوتا ہے۔ صاحب ظل اور اصل نہیں ہوتا۔ اسی طرح مرزاصاحب آنحضرتﷺ کے بروز ہوئے تو خاتم النّبیین مرزاصاحب ہوئے نہ کہ آنحضرتﷺ۔

ج...... جب رسول اللہ ﷺ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بروز ہوئے تو جملہ کمالات نبوت اگر مجتمع ہوں گے تو حضرت ابراہیم میں ہوں گے نہ کہ آنحضرت ﷺ میں، یہ باطل اور بے معنی ہے۔

اس کے علاوہ یہ مضمون بھی فی نفسہ کہ آنحضرت ﷺ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بروز ہوں اور ابراہیم علیہ السلام آنحضرت ﷺ کے بروز ہوں، بے معنی اور فضول ہے۔ اسلام میں جنم کا عقیدہ کفر ہے اور یہ ہے حقیقت مرزا صاحب کے نزدیک مجازی اور ظلی اور بروزی کی۔

رسول اللہ ﷺ کی توہین کے سلسلہ میں مولوی نجم الدین صاحب گواہ مدعیہ نے حسب ذیل مزید واقعات بیان کئے ہیں۔

کسی کی توہین کرنے کے یہ معنی ہیں کہ یا تو اس میں کوئی عیب جسمانی ظاہر کیا جائے یا کسی بداخلاقی کے ساتھ اس کو متہم کیا جائے یا کسی کے لقب کو جس کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے اسے سرفراز فرمایا ہے، اس کا اپنے لئے دعویٰ کیا جائے یا کوئی ایسی چیز اس کے سامنے یا اس کی شان میں کہی جائے جس سے اس کی دل آزاری ہو۔ چنانچہ چند آیات قرآنی جن میں اللہ تعالیٰ سبحانہ وتعالیٰ نے نبی پاک محمد ﷺ کو چند مراتب اور مقالات عالیہ سے مشرف فرمایا ہے۔ اگر کوئی شخص اپنے اوپر چسپاں کرے تو لامحالہ رسول اللہ ﷺ کی شان میں گستاخی اور بے ادبی سمجھی جائے گی۔ چنانچہ آیات ذیل:

۱...... ’’سبحان الذی اسریٰ بعبدہ...... الخ (بنی اسرائیل:۱)‘‘ جس میں حضور ﷺ کے شان معراج کا ذکر فرمایا گیا۔

۲...... ’’ثم دنا فتدلیٰ...... الخ! (النجم:۸)‘‘ جس میں کہ حضور ﷺ کے لئے جو قرب الٰہی جناب رب العزت سے حاصل ہوا تھا یا بقول دیگر جبرئیل علیہ السلام سے ہوا ذکر ہوا ہے۔

۳...... ’’انا فتحنا لک فتحا مبینا...... الخ! (فتح:۱)‘‘

۴...... ’’قل ان کنتم تحبون اللہ...... الخ! (آل عمران:۳۲،۳۳)‘‘

۵...... ’’انا اعطیناک الکوثر...... الخ! (کوثر:۱)‘‘

مرزا صاحب نے اپنے اوپر نازل ہونی بیان کی ہیں اور مقام محمود کو بھی اپنے حق میں تجویز کیا ہے اور ان اشعار میں جو آگے بیان کئے گئے ہیں کسی نبی کی استثناء نہیں کی گئی۔ ہمارے نبی کریم بھی انبیاء کی جماعت میں داخل ہیں۔ لفظ انبیاء کسی خاص نبی کے ساتھ مختص نہیں بلکہ تمام پر حاوی اور مشتمل ہے۔ دوسرے شعر کے مصرع ثانی میں اپنی افضلیت کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔ (حقیقت الوحی ص۸۹، خزائن ج۲۲ ص۹۲) پر لکھتے ہیں: ’’آسمان سے کئی تخت اترے پر تیرا تخت سب سے اوپر بچھایا گیا۔‘‘ اس میں بھی رسول اللہ ﷺ کی توہین ہے۔

مرزا صاحب کتاب (تحفہ گولڑویہ ص۴۰، خزائن ج۱۷ ص۱۵۳) پر لکھتے ہیں کہ: ’’مثلاً کوئی شریر النفس ان تین ہزار معجزات کا کبھی ذکر نہ کرے جو ہمارے نبی ﷺ سے ظہور میں آئے۔‘‘

اور (براہین احمدیہ حصہ پنجم ص۵۶، خزائن ج۲۱ ص۷۲) میں لکھتے ہیں کہ: ’’ان چند سطروں میں جو پیشین گوئیاں ہیں وہ اس قدر نشانوں پر مشتمل ہیں جو دس لاکھ سے زائد ہوں گے اور نشان بھی ایسے کھلے کھلے ہیں جو اوّل درجہ پر خرق عادت ہیں۔‘‘

ان عبارات سے یہ نتیجہ نکالا گیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے معجزات کو تین ہزار قرار دینا اور اپنے معجزات دس لاکھ۔ کیونکہ معجزہ خرق عادت ہوتا ہے۔ مرزا صاحب نے رسول اللہ ﷺ پر اپنی کتنی بڑی فضیلت بیان کی۔ اس قسم کی توہین کو توہین لزومی کہا گیا ہے جس سے مراد یہ ہے کہ عبارت اس لئے نہیں لائی گئی کہ تنقیص کرے۔ مگر وہ عبارت صادق نہیں آتی۔ جب تک تنقیص موجود نہ ہو مذکورہ بالا عبارات میں اس قسم کی تنقیص پائی جاتی ہے۔

اس ضمن میں مرزا صاحب کا ایک قول (تتمہ حقیقت الوحی ص ۱۳۶، خزائن ج ۲۲ ص ۵۷۴) سے نقل کیا گیا ہے جو بالفاظ ذیل ہے:
’’ہاں! اگر یہی اعتراض ہو کہ اس جگہ وہ معجزات کہاں ہیں تو میں صرف یہی جواب نہیں دوں گا کہ میں معجزات دکھلا سکتا ہوں، بلکہ خدا کے فضل وکرم سے میرا جواب یہ ہے کہ اس نے میرا دعویٰ ثابت کرنے کے لئے اس قدر معجزات دکھلائے ہیں کہ بہت ہی کم نبی ایسے آئے ہیں جنہوں نے اس قدر معجزات دکھلائے ہوں۔‘‘

کتاب (اعجاز احمدی ص ۷۱، خزائن ج ۱۹ ص ۱۸۳) پر مرزا صاحب کا ایک شعر ہے جو الفاظ ذیل سے شروع ہوتا ہے: ’’لہ خسف القمر المنیر وان لی‘‘ جس کا یہ مطلب ہے کہ اس کے لئے چاند کے خسوف کا نشان ظاہر ہوا اور میرے لئے چاند اور سورج کا۔ اس میں شق القمر کے معجزہ کو چاند گرہن سے تعبیر کیا گیا ہے۔ اس میں رسول اللہ ﷺ کی توہین اور شق القمر کا انکار ہے۔ زیادہ تر توہین لفظ ’’لہ‘‘ کے استعمال اور طرز خطاب سے اخذ کی جاتی ہے جس سے صاف طور پر تقابل دکھا کر اپنی فضیلت دکھلائی گئی ہے۔

اس طرح (خطبہ الہامیہ ص (ت)، خزائن ج ۱۶ ص ۳۱۲ حاشیہ سطر نمبر ۲) کے مقولہ سے ظاہر کیا گیا ہے کہ اس میں آدم علیہ السلام کی توہین کی گئی ہے اور اس میں جو یہ الفاظ درج ہیں کہ یہ وعدہ قرآن میں لکھا ہوا ہے کہ مسیح موعود شیطان کو شکست دے گا، یہ بالکل خلاف واقع جھوٹ ہے۔ قرآن شریف میں اس قسم کی کوئی آیت نہیں ہے۔

اشعار محولہ بیان مولوی نجم الدین صاحب گواہ مدعیہ حسب ذیل ہیں:

آنچہ داداست ہر نبی راجام　　داد آں جام رامرا بتمام
انبیاء گرچہ بودہ اند بسے　　من بہ عرفان نہ کمترم زکسے
کم نیم زاں ہمہ بروئے یقین　　ہر کہ گوید دروغ ہست ولعین

(نزول المسیح ص ۹۹، ۱۰۰، خزائن ج ۱۸ ص ۴۷۷، ۴۷۸)

اور جو مضمون ان اشعار میں ادا کیا گیا ہے اس کے متعلق سید انور شاہ صاحب گواہ کی طرف سے کہا گیا ہے کہ باہمی فضیلت کا باب انبیاء میں فرق مراتب کا ہے اور جو پیغمبر افضل ہے وہ کسی قرینہ سے ظاہر ہو جائے گا کہ وہ کسی دوسرے سے افضل ہے اور نبی کریم ﷺ نے اپنی امت کو یہ پہنچایا ہے۔ مگر اس احتیاط کے ساتھ کہ اس سے فوق متصور نہیں اور ایسی فضیلت دینا ایک پیغمبر کو اگرچہ واقعی ہو کہ جس میں دوسرے کی توہین لازم آتی ہو، کفر صریح ہے۔

چھٹی وجہ تکفیر میں مدعیہ کی طرف سے یہ کہا گیا ہے کہ مرزا صاحب (ازالہ الاوہام ص ۵۵۶، خزائن ج ۳ ص ۳۹۹) پر لکھتے ہیں کہ: ’’تواتر کی جو بات ہے وہ غلط نہیں ٹھہرائی جاسکتی اور تواتر اگر غیر قوموں کا ہو تو وہ بھی قبول کیا جائے گا۔‘‘ پھر اس کے ساتھ اگلے (ص ۵۵۷، خزائن ج ۳ ص ۴۰۰) پر جو کچھ لکھتے ہیں: اس سے یہ اخذ ہوتا ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام کے دوبارہ تشریف لانے کی پیش گوئی ایسی متواتر پیشین گوئیوں سے ہے جو خیر القرون میں تمام ممالک اسلام میں پائی گئی تھی اور مسلمات میں سے سمجھی گئی اور یہ اوّل درجہ کی پیشین گوئی ہے جس کو سب نے قبول کرلیا تھا اور جس قدر صحاح میں پیش گوئیاں لکھی گئی ہیں، کوئی اس کے ہم پہلو نہیں۔ انجیل بھی اس کی مصدق ہے۔ مگر اس کے بعد جب مرزا صاحب کو اس پیشین گوئی کا انکار مطلوب ہوا تو انہوں نے یہ کہا کہ یہ بہت بے ادبی کی بات ہے کہ یہ کہا جائے کہ عیسیٰ علیہ السلام نہیں مرے۔ یہ نہیں ہے مگر شرک عظیم۔ یہ عقیدۂ حیات کا مسلمانوں میں نصرانیوں سے آیا ہے۔ پھر اس عقیدہ کو نصاریٰ نے بہت مال خرچ کر کے مسلمانوں میں شائع کیا۔ شہروں میں اور گاؤں میں اس وجہ سے کہ ان میں کوئی شخص عقل مند نہ تھا اور پہلے مسلمانوں سے یہ قول نہیں صادر ہوا۔ مگر لغزش کے طور پر وہ لوگ معذر ہیں، اللہ کے نزدیک اس واسطے کہ وہ لوگ گنہگار تھے، مگر قصداً نہ تھے اور خطاء کی وجہ یہ ہوئی کہ وہ سادہ

لوح آدمی تھے۔ اگر کوئی مجتہد خطاء کر دے تو اللہ اس کی غلطی کو معاف بھی کرتا ہے۔ ہاں! جن کے پاس امام آیا، حکم بینات کے ساتھ اور جس نے رشد کو گمراہی سے ظاہر کر دیا اور پھر بھی انہوں نے اعتراض کیا وہ لوگ ماخوذ ہوں گے۔ اس سے یہ نتیجہ اخذ کیا گیا ہے کہ مرزاصاحب حیات عیسیٰ علیہ السلام شرک نہیں بلکہ شرک عظیم فرماتے ہیں اور وعدہ الٰہی کے مطابق بمنشاء آیت: ''ان اللہ لا یغفر ان یشرک …… الخ!'' شرک کا معاف ہونا قطعاً محال ہے۔ اس سے لازم آتا ہے کہ مرزاصاحب کے اس قول کی بناء پر ساری امت گمراہ تھی اور ساری امت مشرک وکافر تھی اور جو شخص تمام امت کو گمراہ اور کافر کہے وہ خود کافر ہوتا ہے۔ مرزاصاحب کے اس قول سے اسلام پر اتنا بڑا حملہ ہوا ہے کہ اسلام کی ایک ذرہ بھر وقعت نہیں رہ سکتی۔ جب کہ یہ ثابت بھی ہوگیا کہ یہ عقیدہ بطریق تواتر تمام ممالک اسلام میں پھیل گیا تھا اور سب نے قبول بھی کرلیا اور کسی چھوٹے بڑے کو اس کی برائی کی اطلاع نہ ہوئی۔ اگر مرزاصاحب تشریف نہ لاتے تو جیسے پہلی ساری امت معاذ اللہ! شرک عظیم میں مبتلا تھی۔ آگے اسی طرح شرک عظیم میں مبتلا رہتی اور ممکن ہے کہ آئندہ کوئی اور شخص مجدد یا رسول اللہ ﷺ کا بروز بن کر ۲۰،۲۵ اور شرک ثابت کر دے تو جب قرآن اور حدیث اور مسلمانوں کا ایسا مذہب ہے کہ شرک عظیم کا اس میں تیرہ سو برس تک پتہ نہ لگا تو پھر اس مذہب کا کیا اعتبار رہے گا۔

چنانچہ مرزاصاحب ایک اور (استفتاء ضمیمہ حقیقت الوحی ص۴۴، خزائن ج۲۲ ص۶۶۶) پر لکھتے ہیں کہ: ''جو شخص بالقصد اس کا خلاف کرے اور یہ کہے کہ عیسیٰ علیہ السلام زندہ ہے۔ پس ان لوگوں میں سے ہے کہ جو قرآن کے کافر ہیں۔ ہاں! جو لوگ مجھ سے پہلے گزر گئے وہ اپنے اللہ کے نزدیک معذور ہیں۔''

دوسری کتاب (دافع البلاء ص۱۵، خزائن ج۱۸ ص۲۳۵) پر لکھتے ہیں کہ: ''ہم نے سنا ہے کہ وہ بھی دوسرے مولویوں کی طرح اپنے مشرکانہ عقیدہ کی حمایت میں کہ تا کسی طرح حضرت مسیح ابن مریم کو موت سے بچالیں اور دوبارہ اتار کر خاتم الانبیاء بنادیں۔ بڑی جانکاہی سے کوشش کر رہے ہیں۔''

(الفضل ج۳ نمبر۳ مؤرخہ ۲۹؍جون ۱۹۱۵ء ص۷) پر درج ہے: ''پس ان معنوں میں مسیح موعود جو آنحضرت ﷺ کی بعثت ثانی کے ظہور کا ذریعہ ہے۔ اس کے احمد اور نبی اللہ ہونے سے انکار کرنا گویا آنحضرت ﷺ کی بعثت ثانی اور نبی اللہ ہونے سے انکار کرنا ہے جو منکر کو دائرہ اسلام سے خارج اور پکا کافر بنا دینے والا ہے۔''

اس ضمن میں مولوی نجم الدین صاحب گواہ مدعیہ نے ایک وجہ کفریہ بیان کی ہے کہ مرزاصاحب نے تمام مسلمانان عالم کو جو ان کی جماعت میں داخل نہیں خواہ وہ ان کو کافر کہیں یا نہ کہیں اور بقول خلیفہ ثانی ان کو دعوت پہنچے یا نہ، خارج از اسلام قرار دیا ہے جو شخص تمام امت محمدیہ کو اسلام سے خارج کہتا ہے وہ کس طرح خود کفر کی زد سے بچ سکے گا۔

ان وجوہ تکفیر کے علاوہ مرزاصاحب کے حسب ذیل اعتقادات بھی عامۃ المسلمین کے اعتقادات کے خلاف بیان کئے گئے ہیں۔

مرزاصاحب یہ کہتے ہیں کہ قیامت کے معنی جو مسلمان اب تک سمجھتے تھے، اس معنی پر قیامت نہیں ہونے کی۔ قرآن میں جو نفخ صور آیا ہے نہ اس سے یہ مراد ہے کہ واقعی کوئی نفخ صور ہے اور نہ یہ مراد ہے کہ قیامت قائم ہوگی۔ بلکہ اس سے مراد مرزاصاحب کا تشریف لانا ہے۔ قیامت کے متعلق جتنی آیات قرآن مجید میں ہیں اور جتنی احادیث میں ہیں، ان تمام امور کا انکار ہے۔ صرف لفظوں کا انکار نہیں۔ مگر جن معنوں سے قرآن اور حدیث قیامت کو بیان کرتے ہیں، ان چیزوں کا انکار ہے۔ مردوں کا قبروں سے اٹھنا جو بہت سی آیات میں مذکور ہے، اس کا بھی انکار ہے۔ وغیرہ وغیرہ!

مولوی غلام محمد صاحب شیخ الجامعہ گواہ مدعیہ نے مرزاصاحب کے چند دیگر اقوال بھی خلاف شریعت بیان کئے ہیں جو حسب ذیل ہیں۔

مثلاً مرزاصاحب اپنی کتاب (آئینہ کمالات ص۵۶۴،۵۶۵، خزائن ج۵ص ایضاً) پر لکھتے ہیں کہ: ’’میں نے خواب میں اپنے آپ کو اللہ کا عین دیکھا اور یقین کیا کہ میں وہی ہوں اور خدائی والوہیت میرے رگ وریشہ میں گھس گئی اور میں نے اس حالت میں دیکھا کہ ہم نیا نظام بنانا چاہتے ہیں۔ نئی زمین، نیا آسمان۔ پس پہلے میں نے آسمان اور زمین کو اجمالی صورت میں پیدا کیا جس میں کوئی تفریق وترتیب نہ تھی۔ پھر میں نے ان کو مرتب کیا اور میں اپنے دل سے جانتا تھا کہ میں ان کے پیدا کرنے پر قدرت رکھتا ہوں۔ پھر میں نے سب سے قریبی آسمان کو پیدا کیا۔ پھر میں نے کہا کہ: ’’انا زینا السمآء الدنیا بمصابیح‘‘ پھر میں نے کہا کہ ہم انسان کو کیچڑ میں سے پیدا کریں گے۔‘‘

اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ مرزاصاحب نے الوہیت کا دعویٰ کیا اور اپنے آپ کو خالق جانا اور کوئی شخص جب خدائی دعویٰ کرے اور اپنے آپ کو خالق جانے تو وہ اسلام سے مرتد ہو جاتا ہے۔

(حقیقت الوحی ص۸۶، خزائن ج۲۲ص۸۹) پر لکھتے ہیں کہ: ’’خدا نے مجھے فرمایا کہ تو مجھ سے بمنزلہ میرے فرزند کے ہے۔‘‘

اسی کتاب (حقیقت الوحی ص۱۰۳، خزائن ج۲۲ص۱۰۴) پر لکھتے ہیں کہ: ’’میں رسول کے ساتھ ہوکر جواب دوں گا، کبھی خطاء کروں گا، کبھی ثواب کو پہنچوں گا۔‘‘ اس سے خدا کو غلطی کرنے والا قرار دیا گیا ہے۔

اسی کتاب کے (ص۷۵، خزائن ج۲۲ص۷۸) پر لکھتے ہیں کہ: ’’اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ جیسے زمین وآسمان میرے ساتھ ہیں اسی طرح وہ تیرے ساتھ بھی ہیں۔ اس سے مرزاصاحب نے اللہ تعالیٰ کی طرح اپنے آپ کو حاضر وناظر جانا۔‘‘

اسی کتاب کے (ص۱۰۵، خزائن ج۲۲ص۱۰۸) پر لکھتے ہیں کہ: ’’اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ تو جس چیز کو بنانا چاہے، پس ’’کن‘‘ کہہ دے وہ ہو جائے گی۔‘‘

(البشریٰ ج دوم ص۷۹) پر لکھتے ہیں کہ: ’’میں نماز بھی پڑھتا ہوں، روزے بھی رکھتا ہوں، جاگتا بھی ہوں اور سوتا بھی ہوں جس طرح میں ازلی ہوں، اسی طرح تیرے لئے بھی میں نے ازلیت کے انوار کردیئے ہیں اور تو بھی ازلی ہے۔‘‘

(توضیح المرام کے ص۷۵، خزائن ج۳ص۹۰) پر لکھتے ہیں کہ: ’’قیوم العالمین ایک ایسا وجود اعظم ہے کہ جس کے بے شمار ہاتھ اور بے شمار پیر ہیں اور ہر ایک عضو اس کثرت سے ہے کہ تعداد سے خارج اور لاانتہاء عرض وطول رکھتا ہے اور تیندوے کی طرح اس وجود اعظم کی تاریں بھی ہیں جو صفحۂ ہستی کے تمام کناروں تک پھیل رہی ہیں اور کشش کا کام دے رہی ہیں۔‘‘

اس سے معلوم ہوا کہ مرزاصاحب خداوندتعالیٰ کو تیندوے کے ساتھ تشبیہ دیتے ہیں۔ (کتاب ضمیمہ تریاق ص س، خزائن ج۱۵ ص۴۹۷) پر مرزاصاحب لکھتے ہیں کہ: ’’نئی زندگی ہرگز حاصل نہیں ہوسکتی، جب تک ایک نیا یقین پیدا نہ ہوا اور کبھی نیا یقین پیدا نہیں ہوسکتا جب تک مسیح اور ابراہیم اور یعقوب اور محمد مصطفیٰ ﷺ کی طرح نئے معجزات نہ دکھائے جائیں، نئی زندگی انہی کو ملتی ہے جن کا خدا نیا ہو۔‘‘

اس سے مرزاصاحب نے خدا کو حادث بتلایا اور یہ عقائد وہ ہیں جو مرزاصاحب نے اللہ تعالیٰ کے متعلق رکھے ہیں اور ان سے یقیناً ایک مسلمان مرتد ہو جاتا ہے۔

قرآن مجید کے متعلق مرزاصاحب کا عقیدہ حسب ذیل ہے۔

(حقیقت الوحی ص۸۴، خزائن ج۲۲ص۸۷) پر لکھتے ہیں کہ: ’’قرآن شریف خدا کی کتاب اور میرے منہ کی باتیں ہیں۔‘‘ ان دلائل کے علاوہ مدعیہ کی طرف سے چند نظائر بمثل مسیلمہ کذاب وغیرہ کے بھی پیش کی گئی ہیں کہ انہوں نے دعویٰ نبوت کیا تھا اور اس بناء پر انہیں قتل کیا گیا۔ ان کی زیادہ تفصیل درج کرنے کی ضرورت نہیں۔

اس تمام بحث سے جو اوپر بیان ہوئی۔ حسب ذیل نتائج برآمد کئے گئے ہیں۔

۱…… مرزا صاحب نے دعویٰ نبوت شرعیہ تشریعیہ کیا جو باتفاق امت اور باتفاق مرزا صاحب کفر ہے۔ مرزا صاحب نے اپنے کلام میں شریعت کی تشریح بھی کر دی ہے۔

۲…… مرزا صاحب نے اقرار فرمایا کہ خاتم النّبیین کے بعد مطلق نبوت منقطع ہے اور جو دعویٰ نبوت کرے وہ کافر ہے۔ مرزا صاحب نے دعویٰ نبوت کیا اس لئے کافر ہوئے۔

۳…… مرزا صاحب نے یہ بھی فرمایا کہ خاتم النّبیین کے بعد کوئی نبی جدید یا قدیم نہیں آسکتا اور اس کو قرآن کا انکار کرنا بتلایا ہے۔ لیکن پھر خود دعویٰ نبوت کیا۔

۴…… مرزا صاحب نے فرمایا کہ آنحضرتﷺ کے بعد کوئی نبی نہیں آسکتا۔ آپ کا خاتم الانبیاء ہونا، خاتم النّبیین اور ’’لا نبی بعدی‘‘ سے ثابت ہے اور پھر اس کے بعد یہ کہا کہ جو ایسا کہے کہ آپ کے بعد نبوت نہیں آسکتی وہ خود کافر ہے۔ اس لئے بھی مرزا صاحب کافر ہوئے۔

۵…… مرزا صاحب نے جواز نبوت کو رسول اللہﷺ کے بعد کفر قرار دیا ہے۔ اب مرزا صاحب اس نبوت کو فرض قرار دیتے ہیں۔ یہ اس سے بڑھ کر کفر ہے۔

۶…… مرزا صاحب دروازہ نبوت کو کھول کر اپنے ہی تک محدود نہیں رکھتے۔ بلکہ یہ کہتے ہیں کہ قیامت تک کھلا رہے گا۔ اس وجہ سے بھی کافر ہوئے۔

۷…… مرزا صاحب یہ نہیں کہتے کہ رسول اللہﷺ کے بعد کوئی دوسرا نبی آئے گا۔ بلکہ یہ کہتے ہیں کہ ممکن ہے کہ ہزار بار محمد رسول اللہﷺ ہی خود بروز فرمائیں گے۔ گویا رسول اللہﷺ جیسے ہزاروں لوگ یا ہزاروں نبی اب واقع ہو سکتے ہیں۔ امکان ذاتی نہیں بلکہ امکان وقوعی ہے۔ پھر مرزا صاحب نے یہ کہا کہ سرور عالم کی ایک بعثت پہلے تھی۔ ایک بعثت ثانیہ ہوئی۔ اس کا حاصل تناسخ ہے جو تناسخ کا قائل ہے وہ کافر ہے۔

۸…… مرزا صاحب کہتے ہیں کہ میں عین محمد ہوں۔ اس میں سرور عالم کی توہین ہے۔ اگر واقعی عین ہیں تو کھلا ہوا کفر۔ اگر عین محمد نہیں ہیں تو ان کے بعد دوسرے نبی ہوئے اور ختم نبوت کی مہر ٹوٹ گئی یہ اور وجہ کفر کی ہوئی۔

۹…… مرزا صاحب نے دعویٰ وحی کیا اور ساتھ ہی دعویٰ وحی نبوت کیا جو کفر ہے۔

۱۰…… مرزا صاحب نے اس وحی کو قرآن، تورات اور انجیل کے برابر کہا۔ اس بناء پر قرآن آخر الکتب باقی نہیں رہتا یہ بھی وجہ کفر ہے۔

۱۱…… مرزا صاحب نے اپنے اقرار سے اور تمام علماء نے اس کی تصریح کی جو شخص کسی نبی کو گالی دے یا توہین، وہ کافر ہے۔ مرزا صاحب نے عیسیٰ علیہ السلام کی کئی وجوہ سے توہین کی، ہر توہین موجب کفر ہے۔ علاوہ ازیں مرزا صاحب نے آدم علیہ السلام کی، سرور عالم کی توہین کی۔ اس لئے بھی کافر ہوئے۔

۱۲…… مرزا صاحب نے احکام شریعت کو بدلا۔ لہٰذا اس وجہ سے بھی مرزا صاحب پر کفر لازم آتا ہے۔ مرزا صاحب فرمایا کہ کسی احمدی عورت کا غیر احمدی سے نکاح جائز نہیں۔ نیز یہ کہ کسی غیر احمدی کا جنازہ پڑھنا جائز نہیں۔ نیز فرمایا کہ: ’’پس یاد رکھو کہ خدا نے مجھے اطلاع دی ہے۔ تمہارے پر حرام اور قطعی حرام ہے کہ کسی مکفر مکذب یا متردد کے پیچھے نماز پڑھو۔ بلکہ چاہئے کہ تمہارا وہی امام ہو جو تم میں سے ہو (حاشیہ ضمیمہ تحفہ گولڑویہ ص۱۸، خزائن ج۱۷ ص۶۴) مرزا صاحب نے فرمایا ہے کہ: ’’جو مجھے نہ مانے وہ کافر ہے۔‘‘

۱۳…… مرزا صاحب نے نفخ صور کا انکار کیا، مردوں کے قبروں سے اٹھنے کا انکار ہے جس طریق سے قیامت کی خبر قرآن اور حدیث میں ہوئی۔ ان سے بالکل انکار ہے۔ صرف ظاہری الفاظ ہی رکھے۔ مگر معنی الٹ بیان کئے یہ وجوہ بھی مرزا صاحب کی تکفیر کے ہیں۔ لہٰذا ان

وجوہ پر کسی مسلمان مرد و عورت کا کسی احمدی مرد و عورت سے نکاح جائز نہیں۔ اگر نکاح ہو گیا اور نکاح کے بعد کوئی اس مذہب میں داخل ہو جائے تو نکاح فوراً فسخ ہو جائے گا۔

اور اپنے اس ادّعا کی تائید میں چند دیگر علماء کے فتاویٰ بھی پیش کئے گئے ہیں جو مسل کے ساتھ شامل ہیں اور سید انور شاہ صاحب گواہ نے مصر اور شام کے دو مطبوعہ فتوؤں کا حوالہ بھی اپنے بیان میں دیا ہے۔

تحریری فتوے جو مسل پر لائے گئے ہیں حسب ذیل مقامات کے علماء ہیں۔ مکہ معظّمہ، ریاست رام پور، دارالافتاء، ریاست بھوپال، ہمایوں (سندھ) بریلی، ڈابھیل، دہلی، سہارنپور، تھانہ بھون، ملتان، علماء کی فہرست میں شیخ عبداللہ صاحب رئیس القضاۃ مکہ معظّمہ، مفتی کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند اور مولوی اشرف علی صاحب کے اسماء بھی ہیں۔

فریق ثانی کی طرف سے ان دلائل کا جو مرزا صاحب کی تکفیر کے متعلق مدعیہ کی طرف سے پیش کئے گئے ہیں۔ تین طریق پر جواب دیا گیا ہے۔

اوّل یہ کہ مرزا صاحب کی جن عبارات سے یہ دکھلایا گیا ہے کہ ان سے ان کے عقائد کفریہ ظاہر ہوتے ہیں۔ ان عبارات کے ماسبق اور مابعد کی عبارات کو مدنظر نہیں رکھا گیا اور نہ ہی سیاق سباق عبارت کو زیرغور لایا گیا ہے۔ اگر ان امور کو مدنظر رکھتے ہوئے ان عبارات پر غور کیا جائے تو ان سے وہ نتائج اخذ نہیں ہوتے جو گواہان مدعیہ نے بیان کئے ہیں۔

دوسرا یہ کہ مرزا صاحب نے خود دیگر مقامات پر ان عبارات کی تشریح کر دی ہے۔ اس لئے ان عبارات سے وہی مفہوم لیا جائے گا جو انہوں نے خود بیان کیا اور کہ دیگر مقامات پر ایسی عبارات بھی موجود ہیں کہ جن کو مدنظر رکھتے ہوئے نہیں کہا جا سکتا کہ ان عبارات زیر اعتراض سے مرزا صاحب کا وہی مدعا تھا جو گواہان مدعیہ نے اخذ کیا۔

تیسرا یہ کہ مرزا صاحب کے اقوال زیر بحث میں سے بعض اقوال ایسے ہیں جو دیگر بزرگان دین سے بھی سرزد ہوئے۔ لیکن فریق مدعیہ کے نزدیک وہ بزرگان مسلمان تھے۔ اس لئے ان اقوال کی بناء پر مرزا صاحب کے خلاف کیونکر فتویٰ تکفیر لگایا جا سکتا ہے۔ یہ تمام امور تشریح طلب ہیں اور اپنے اپنے موقعہ پر ان کی تفصیل بیان کی جائے گی اور وہاں ان کا پورا جواب بھی دیا جائے گا۔ یہاں ان کے متعلق مختصراً یہ درج کیا جاتا ہے کہ عبارات زیر بحث میں سے بعض ایسی ہیں کہ جو اپنے اندر ایک مستقل مفہوم لئے ہوئے ہیں اور ان میں کوئی ایسا ابہام نہیں ہے کہ جو کسی تشریح یا توجیہہ کا محتاج ہو۔ اس لئے ایسی عبارات کے نہ ماسبق اور مابعد دیکھنے کی ضرورت ہے اور نہ سیاق وسباق معلوم کرنے کی۔ لہٰذا ان فقرات کی اپنی ترتیب سے ہی جو مفہوم اخذ ہوگا، وہی مراد لیا جائے گا۔

امر دوم کے متعلق اوّل تو مرزا صاحب کی کتابوں کے مطالعہ سے یہ پایا جاتا ہے کہ ان کے بہت سے اقوال میں تعارض ہے اور اس تعارض کو کسی صاف تشریح یا وضاحت سے رفع نہیں کیا گیا۔ دوسرا جیسا کہ اوپر درج کیا گیا ہے۔ بعض عبارات فی نفسہٖ ایسے مستقل جملے ہیں کہ جو اپنے مفہوم کی خود وضاحت کر رہے ہیں۔ اس لئے تاوقتیکہ یہ نہ دکھلایا جائے کہ یہ کلمات واپس لئے گئے۔ دیگر کلمات نہ ان کے قائم مقام تصور ہو سکتے ہیں اور نہ ان کی تشریح بن سکتے ہیں۔ اس لئے یہ کہنا غلط ہے کہ ان اقوال کو ان اقوال کے تحت سمجھا جائے جو مرزا صاحب نے دوسری جگہ بیان کئے ہیں۔ کیونکہ وہ اقوال اقوال زیر بحث کو مسترد نہیں کرتے۔ بلکہ جیسا کہ مدعیہ کے گواہ سید انور شاہ صاحب نے بیان کیا ہے۔ معلوم یہ ہوتا ہے کہ روش مرزا نے عمداً اختیار کی۔ تاکہ نتیجہ گڑبڑ رہے اور ان کو بوقت ضرورت مخلص اور مفر باقی رہے۔

امر سوم کے متعلق اوّل تو ان بزرگان کے اقوال بعینہٖ ان الفاظ میں نہیں جو مرزا صاحب نے بیان کئے ہیں۔ دوسرا مقدمہ ہذا میں ان بزرگان کے مسلمان یا نہ مسلمان ہونے کا سوال زیر بحث نہیں ہے اور نہ ہی ان کے دیگر حالات پیش نظر ہیں۔ اس لئے مرزا صاحب کے

مقابلہ میں ان کے الفاظ پیش کرنا ایک سعی لاحاصل ہے۔

علاوہ ازیں سید انور شاہ صاحب گواہ مدعیہ نے یہ بیان کیا ہے کہ صوفیاء کے ہاں ایک باب ہے جس کو شطحیات کہتے ہیں جس کا حاصل یہ ہے۔ ان پر حالات گزرتے ہیں اور ان حالات میں کوئی کلمات ان کے منہ سے نکل جاتے ہیں جو ظاہری قواعد پر چسپاں نہیں ہوتے اور بسا اوقات غلط راستہ لینے کا سبب ہوجاتے ہیں۔ صوفیاء کی تصریح ہے کہ ان پر کوئی عمل پیرا نہ ہو اور تحسین کرتے ہیں کہ جس پر یہ احوال نہ گزرے ہوں وہ ہماری کتاب کا مطالعہ نہ کرے۔ مجملاً ہم بھی یہ سمجھتے ہیں کہ کوئی شخص جو کسی حال کا مالک ہوتا ہے۔ دوسرا خالی آدمی ضرور اس سے الجھ جائے گا۔ لیکن دین میں کسی زیادتی، کمی کے صوفیاء میں سے بھی کوئی قائل نہیں اور ایسے مدعی کو کافر بالاتفاق کہتے ہیں۔

فریق ثانی کی طرف سے مرزا صاحب کی کتابوں سے ان کے چند عقائد بیان کئے جاکر یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ قرآن مجید اور احادیث وفقہ کی رو سے جن باتوں کو ایک شخص کے مؤمن اور مسلمان ہونے کے لئے ضروری قرار دیا گیا ہے وہ سب مرزا صاحب میں اور ان کی جماعت میں پائی جاتی ہیں اور وہ ان سب پر خلوص دل اور صمیم قلب سے یقین اور اعتقاد رکھتے ہیں اور جن اعمال صالحہ کے بجالانے کا حکم دیا گیا ہے وہ سب بجالاتے ہیں اور ان کا دین وہی جو آنحضرت ﷺ خدا کی طرف سے لائے اور وہ ایمان رکھتے ہیں کہ دین اسلام کے سواء اگر کوئی شخص کوئی اور دین اختیار کرے تو وہ عنداللہ ہرگز مقبول نہیں۔ گواہان مدعیہ نے انہیں کافر، مرتد، ضال اور خارج از اسلام قرار دیا ہے اور ضروریات دین کا منکر ٹھہرایا ہے۔ لیکن جن امور کی بناء پر انہوں نے کافر اور مرتد کہا ہے، ان کا ضروریات دین سے ہونا قرآن مجید اور احادیث صحیحہ سے ثابت نہیں کیا۔ بلکہ انہوں نے اپنے فتویٰ تکفیر کی بناء بعض علماء کے اقوال پر رکھی ہے اور اس ضمن میں ان علماء کے طرز افتاء پر اعتراض کرتے ہوئے چندہ کتب فقہ کے حوالوں سے یہ دکھلایا گیا ہے کہ اگر ان امور کو جو ان حوالہ جات میں درج ہیں، مدنظر رکھا جائے تو اس سے بڑے بڑے بزرگ اور تمام شیعہ اور وہ نئے تعلیم یافتہ نوجوان جو یہ کہتے سنے جاتے ہیں کہ اگر جنت میں ان موجودہ مولویوں نے جانا ہے تو ہمیں ایسی جنت نہیں چاہئے اور وہ تمام مسلمان جو سرکاری دفتر میں ملازم ہیں اور اپنے ہندو یا عیسائی افسران کو تحائف دیتے ہیں کافر ہیں اور ان عورتوں کے لئے جو اپنے خاوندوں کی بدسلوکی سے تنگ ہیں اور ان کے عقد نکاح سے نکلنا چاہتی ہیں۔ یہ اچھی ترکیب بتلائی گئی ہے کہ اگر ان میں سے کوئی عورت یہ کہہ دے کہ میں کافر ہوئی تو معاً وہ کافر ہوجائے گی اور اس کا نکاح فسخ ہوجائے گا اور وہ تمام مسلمان جو گاندھی ٹوپی یا ہیٹ لگاتے ہیں، کافر ہیں اور اس طرح وہ مسلمان بھی جو ہندو اور انگریز افسروں کو سلام کرتے ہیں اور اس طرح سکول اور کالجوں کے وہ مسلمان طلباء جو اپنے ہندو یا عیسائی استادوں کو تعظیماً سلام کرتے ہیں اور اس طرح ہزارہا وہ تعلیم یافتہ اشخاص جو مولویوں کی دقیانوسی باتوں پر جنہیں یہ لوگ علم اور دین خیال کرتے ہیں، ہنستے ہیں، کافر ہیں اور اسی طرح وہ مسلمان کو کسی غیر مسلم کو اس کے سوال کرنے پر کہ مجھ پر اسلام کی صداقت بیان کر کسی مولوی کے پاس برائے جواب لے جاتے ہیں کافر ہیں۔ وغیرہ وغیرہ!

پس اگر ان علماء اور مولویوں کے کہنے پر کسی کو کافر بنایا جاسکتا ہے تو مذکورہ بالا امور کے تحت تمام ایسے مسلمان جو اوپر بیان کئے گئے ہیں، کافر ہیں اور ان کا نکاح فسخ ہونا چاہئے۔ لیکن اصول مذکورہ بالا پر علماء کا موجودہ زمانہ میں عمل نہیں اور ان امور کو جو ان حوالہ جات میں درج ہیں، ضروریات دین میں سے سمجھا گیا ہے اور ان کے منکر کو کافر اور مرتد کہا گیا ہے۔ اس کے بعد یہ بیان کیا گیا ہے کہ گواہان مدعیہ نے اپنے بیانات کی تائید میں چند مفسرین کے اقوال نقل کئے ہیں۔ لیکن یہ بہت بڑی غلطی ہے کہ مفسرین کے اقوال کو بلاسوچے سمجھے من وعن تسلیم کرلیا جائے اور جو کچھ وہ اپنے خیال وعقیدہ کے مطابق لکھ گئے، اسے حرف بحرف مان لیا جائے۔ اس لئے ہمیں حسب تعلیم قرآن مجید ضروری ہوا کہ ہم خود بھی قرآن مجید کی آیات میں غور وتدبر کریں اور تحقیق کے بعد جو اقرب الی الصواب ہو، اس کو اختیار کریں۔ پس مفسرین کے اقوال پر عقائد کی بنیاد رکھنا صحیح نہیں ہے۔ علماء اور ائمہ کی اندھی تقلید نہایت مذموم ہے۔ پس یہ ضروری نہیں کہ پہلے علماء جو کچھ

تفسیروں میں لکھ گئے، ہم آنکھیں بند کر کے ان پر ایمان لے آئیں۔ بلکہ ہمارا فرض ہے کہ ہم ان فتوؤں اور اقوال کو کتاب اللہ، سنت رسول اللہ ﷺ اور عقل سلیم کی کسوٹی پر پرکھیں اور جو قرآن اور سنت سے صحیح ثابت ہوا سے اختیار کریں اور مخالف کو چھوڑ دیں اور امت کے ان علماء کے متعلق ہمارا مذہب یہ ہے کہ انہوں نے اپنی نیک نیتی سے جو باتیں موافق اور مخالف پائیں یا جو وہ سمجھ سکے وہ ہم تک پہنچائیں جس کے لئے وہ تمام ہمارے شکریہ کے مستحق ہیں۔

اس کے آگے پھر وجوہات تکفیر کا جواب شروع ہو جاتا ہے۔ اس لئے تحت میں اس بحث کا جواب درج کیا جاتا ہے۔

مرزاصاحب کے عقائد کے متعلق سید انورشاہ صاحب گواہ مدعیہ نے نہایت عمدہ جواب دیا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ مرزاصاحب چونکہ مادرزاد کافر نہ تھے اور ابتداءً ان کی تمام اسلامی عقائد پر نشوونما ہوئی۔ اس لئے انہی کے وہ پابند تھے اور وہی کہے پھر تدریجاً ان سے الگ ہونا شروع ہوا۔ یہاں تک کہ آخری اقوال میں بہت سی ضروریات دین کے قطعاً مخالف ہوگئے۔ دوسرا یہ کہ انہوں نے باطل اور جھوٹے دعوؤں کو رواج دینے کے لئے یہ تدبیر اختیار کی کہ اسلامی عقائد کے الفاظ وہی قائم رکھے جو قرآن اور حدیث میں مذکور ہیں اور عام وخاص مسلمانوں کی زبانوں پر جاری ہیں۔ لیکن ان کے حقائق کو ایسا بدل دیا، جس سے بالکل ان عقائد کا انکار ہوگیا۔ اس لئے مرزاصاحب کی کتابوں سے ایسے اقوال پیش کرنا جن سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ بعض عقائد میں اہل سنت والجماعت کے ساتھ شریک ہیں۔ ان کے اقوال وافعال کفریہ کا کفارہ نہیں بن سکتے۔ جب تک اس کی تصریح نہ ہو کہ ان عقائد کی مراد بھی وہی ہے جو جمہور امت نے سمجھی اور پھر اس کی تصریح نہ ہو کہ جو عقائد کفریہ انہوں نے اختیار کئے تھے۔ ان سے توبہ کر چکے ہیں اور جب تک توبہ کی تصریح نہ ہو۔ چند عقائد اسلام کے الفاظ کتابوں میں لکھ کر کفر سے نہیں بچ سکتے۔ کیونکہ زندیق اس کو کہا جاتا ہے کہ جو عقائد اسلام ظاہر کرے اور قرآن وحدیث کے اتباع کا دعویٰ کرے، لیکن اس کی ایسی تاویل اور تحریف کردے جن سے اس کے حقائق بدل جائیں۔ اس لئے جب تک اس کی تصریح نہ دکھلائی جائے کہ مرزاصاحب ختم نبوت اور انقطاع وحی کے ان معنی کے لحاظ سے قائل ہیں جس معنی سے کہ صحابہ، تابعین اور تمام امت محمدیہ قائل ہے۔ اس وقت تک ان کی کسی ایسی عبارت کا مقابلہ میں پیش کرنا مفید نہیں ہوسکتا جس میں خاتم النّبیین کے الفاظ کا اقرار کیا۔ اسی طرح نزول مسیح وغیرہ عقائد کے الفاظ کا کسی جگہ اقرار کر لینا یا لکھ دینا بغیر تصریح مذکور کے ہرگز مفید نہیں ہے۔ خواہ وہ عبارت تصنیف میں مقدم ہو یا مؤخر۔

یہ بات ثابت ہوچکی کہ مرزاصاحب اپنی اخیر عمر تک دعویٰ نبوت پر قائم رہے اور اپنے کفریہ عقائد سے کوئی توبہ نہیں کی۔ علاوہ ازیں اگر یہ ثابت بھی نہ ہو تو کلمات کفریہ اور عقائد کفریہ کہنے اور لکھنے کے بعد اس وقت تک ان کو مسلمان نہیں کہہ سکتے جب تک ان کی طرف سے ان عقائد سے توبہ کرنے کا اعلان نہ پایا جائے اور یہ اعلان ان کی کسی کتاب یا تحریر سے ثابت نہیں پایا گیا۔

عدالت ہذا کی رائے میں مرزاصاحب کے عقائد کی بابت یہ جواب بہت جامع اور مدلل ہے اور گو کہ مختار مدعیہ نے اپنی بحث میں ان کے ہر عقیدہ پر تفصیلی بحث بھی کی ہے۔ لیکن اس کی موجوگی میں ان عقائد پر مزید کسی بحث کی ضرورت نہیں رہتی۔ مختار مدعیہ نے بحث کی ہے کہ مرزاصاحب کا خود کلمہ طیبہ پر بھی پورا ایمان نہ تھا۔ کیونکہ اس کلمہ پر اس صورت میں ہی مکمل ایمان تصور ہوسکتا ہے۔ جب کہ خداوند تعالیٰ کی صفات اور رسول اللہ ﷺ کی خصوصیات پر پورا ایمان ہو۔ مرزاصاحب کے بعض اقوال سے یہ پایا جاتا ہے کہ انہوں نے اپنے اندر الوہیت کو موجزن پایا اور اپنے آپ میں خدائی طاقتیں اور صفتیں موجود دیکھیں اور اپنے آپ کو رسول اللہ ﷺ کی خصوصیات اور مدارج میں شریک بتلاتے ہیں اور انہیں خاتم النّبیین بمعنی آخری نبی تسلیم نہیں کرتے۔ اس لئے نہیں کہا جاسکتا کہ وہ کلمہ طیبہ پر انہیں لوازم کے تحت ایمان رکھتے ہیں۔ جیسا کہ دیگر مسلمان، اس لئے بھی انہیں مسلمان تصور نہیں کیا جاسکتا۔

لیکن عدالت ہذا کی رائے میں ایسی تفصیلی بحث میں جانے کی ضرورت نہیں۔ کیونکہ مرزاصاحب کی تکفیر کا سوال مقدمہ ہذا میں

اصل سوال مابہ النزاع نہیں بلکہ ایک ضمنی سوال ہے۔ اصل سوال مدعاعلیہ کے ارتداد اور تکفیر کا ہے۔ اس لئے مرزا صاحب کے اعتقادات کے متعلق صرف اس حد تک بحث کی ضرورت ہے جس حد تک کہ مدعاعلیہ کے خلاف امور مذکورہ بالا کے تصفیہ کے لئے روشنی پڑسکتی ہے۔

علاوہ ازیں اگر اس بحث کو بفرض محال صحیح بھی تسلیم کر لیا جائے تو پھر یہ دکھلانا پڑے گا کہ مدعاعلیہ کا کلمہ طیبہ پر بھی ویسا ہی ایمان ہے۔ جیسا کہ مرزا صاحب کا اور اس کا حل مشکلات سے خالی نہیں ہوگا۔ کیونکہ مدعاعلیہ کی نیت کا اندازہ پورے طور پر نہیں لگایا جاسکتا۔

مدعاعلیہ کی طرف سے یہ کہا گیا ہے کہ جن امور کی بناء پر مرزا صاحب اور ان کی جماعت کو ضروریات دین کا منکر قرار دیا جاکر کافر اور مرتد کہا گیا ہے۔ ان کا ضروریات دین سے ہونا، قرآن مجید یا احادیث صحیحہ سے ثابت نہیں کیا گیا۔ معلوم ہوتا ہے کہ مدعاعلیہ کی طرف سے یا تو مدعیہ کی پیش کردہ شہادت اور بحث کو بغور ذہن نشین نہیں رکھا گیا یا دیدہ دانستہ مغالطہ پیدا کرنے کی کوشش کی گئی۔ گواہان مدعیہ نے بہت تکرار اور شدومد کے ساتھ اور خود مرزا صاحب کے اپنے حوالوں سے یہ دکھلایا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے خاتم النّبیین ہونے کا عقیدہ بایں معنی کہ آپ ﷺ کے بعد کوئی نیا نبی نہیں آسکتا۔ نص قرآن سے اور احادیث متواترہ سے اور اجماع امت سے ضروریات دین سے ہے اور اس کا انکار کفر ہے اور اس کی تائید میں انہوں نے بہت سی آیات قرآن اور احادیث پیش کی ہیں کہ جن میں سے بعض کی صحت کے متعلق جیسا کہ آگے دکھلایا جائے گا۔ خود مدعاعلیہ کو بھی انکار نہیں۔ پھر سمجھ میں نہیں آتا کہ کیونکر یہ کہا گیا ہے کہ انہوں نے قرآن یا حدیث سے اس کا کوئی ثبوت پیش نہیں کیا۔ البتہ اگر یہ کہا جاتا کہ وہ ثبوت قوی نہیں تو کچھ بات بھی تھی۔ لیکن یہ کہنا بالکل خلاف واقع ہے کہ ان کی طرف سے قرآن اور احادیث سے کوئی ثبوت پیش نہیں کیا گیا۔ مدعیہ کی طرف سے بیان کردہ وجوہات تکفیر اوپر درج کی جاچکی ہیں۔ ممکن ہے کہ ان میں سے بعض کے متعلق (گوکہ ایسا نہیں ہے جیسا کہ آگے دکھلایا جائے گا) یہ کہا جاسکتا ہے کہ وہ ضروریات دین سے نہیں ہے۔ مگر مسئلہ ختم نبوت کے متعلق یہ نہیں کہا جاسکتا کہ ضروریات دین سے نہیں، ضروریات دین کی اگرچہ ایک وسیع اصطلاح ہے اور ممکن ہے کہ بعض علماء نے اس کے تحت میں اپنی دانست کے مطابق بہت سے ایسے امور بھی داخل کر دیئے ہوں کہ جو بحث طلب ہوں۔ تاہم اس سے انکار نہیں کیا جاسکتا کہ ختم نبوت کا مسئلہ اسلام کے اہم اور بنیادی مسائل سے ہے۔ ضروریات دین کا مفہوم گواہان مدعیہ نے اپنے بیانات میں ظاہر کر دیا ہے جو اوپر گزر چکا ہے۔ اگر اس اصطلاح کے لفظی معنی بھی مراد لئے جائیں تو ان الفاظ کا یہ مطلب ہوسکتا ہے کہ وہ امور جو کسی دین میں داخل رہنے کے لئے ضروری ہوں اور جن کے نہ ماننے سے وہ شخص اس دین کا پیرو نہ سمجھا جاسکے۔ ضروریات دین سے ہوتے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ کا خاتم النّبیین ماننا بایں معنی کہ آپ آخری نبی ہیں۔ مذہب اسلام میں داخل رہنے کے لئے ضروری اور لابدی ہے۔ کیونکہ آپ کے بعد اگر کوئی نبی مانا جائے تو مدعیہ اور اس کے گواہان کے نزدیک نہ یہ صرف نص قرآن اور احادیث متواترہ کا انکار ہوگا۔ بلکہ معمول بہ اس نئے نبی کی وحی ہوجائے گی نہ کہ قرآن، اور اس سے وہ شخص مذہب اسلام سے خارج ہوجائے گا اور یہ بات کہ رسول اللہ ﷺ کا آخری نبی ماننا نہ صرف مسلمانوں کے نزدیک ان کے مذہب کے بنیادی مسائل میں سے ہے۔ بلکہ اس کی نظیر مذاہب میں بھی ملتی ہے۔ مثلاً یہود اور نصاریٰ جن کے مذاہب کی تفریق محض اس بناء پر ہے کہ وہ اپنے اپنے پیشواؤں کے بعد اور کسی نبی کو تسلیم نہیں کرتے۔ اس طرح مسلمانوں کا یہ عقیدہ چلا آیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے بعد اور کوئی نبی نہیں۔ اب اگر کوئی مسلمان کسی اور کو نبی مانے تو وہ مذہب اسلام کا پیرو نہیں سمجھا جائے گا۔ اس لئے ختم نبوت سے بڑھ کر اور کون سا مسئلہ ضروریات دین میں سے ہوسکتا ہے۔ یہ آگے دکھلایا جائے گا کہ اس بارہ میں جو اسناد پیش کی گئی ہیں وہ کس فریق کی معتبر اور زیادہ وزن دار ہیں۔

یہاں میں یہ درج کرنا مناسب سمجھتا ہوں کہ موجودہ زمانہ میں بہت سے مسلمان نبی کی حقیقت سے بھی ناآشنا ہیں۔ اس لئے بھی ان کے دلوں میں یہ مسئلہ گھر نہیں کرسکتا کہ مرزا صاحب کو نبی ماننے میں کیا قباحت ہوتی ہے کہ جس پر اس قدر چیخ وپکار کی جاری ہے۔ اس

لئے ضروری ہے کہ اس کی کچھ تھوڑی سے حقیقت بیان کر دی جائے۔

مدعیہ کی طرف سے نبی کی کوئی تعریف بیان نہیں کی گئی۔ صرف یہ کہا گیا ہے کہ نبوت ایک عہدہ ہے۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کے برگزیدہ بندوں کو عطاء کیا جاتا رہا ہے اور نبی اور رسول میں فرق بیان کیا گیا ہے کہ ہر رسول نبی ہوتا ہے اور نبی کے لئے لازمی نہیں کہ وہ رسول بھی ہو۔ فریق ثانی نے بحوالہ (نبراس ص۸۹) بیان کیا ہے کہ رسول ایک انسان ہے جسے اللہ تعالیٰ احکام شریعت کی تبلیغ کے لئے بھیجتا ہے۔ بخلاف نبی کے کہ وہ عام ہے۔ کتاب لائے یا نہ لائے رسول کے لئے کتاب لانا شرط ہے۔ اسی طرح رسول کی ایک تعریف یہ بھی کی گئی ہے کہ رسول وہ ہوتا ہے کہ جو صاحب کتاب ہو یا شریعت سابقہ کے بعض احکام کو منسوخ کرے۔

یہ تعریفیں چونکہ اس حقیقت کے اظہار کے لئے کافی نہ تھیں۔ اس لئے میں اس جستجو میں رہا کہ نبی یا رسول کی کوئی ایسی تعریف مل جائے جو تصریحات قرآن کی رو سے تمام لوازم نبوت پر حاوی ہو۔ اس سلسلہ میں مجھے مولانا محمود علی صاحب پروفیسر رانڈھیر کالج کی کتاب ’’دین وآئین‘‘ دیکھنے کا موقع ملا۔ انہوں نے معترضین کے خیالات کو مدنظر رکھتے ہوئے نبوت کی حقیقت یہ بیان کی کہ: ’’جس شخص کے دل میں کوئی نیک تجویز بغیر ظاہری وسائل اور غوروفکر کے پیدا ہوں۔ ایسا شخص پیغمبر کہلاتا ہے اور اس کے خیالات کو وحی سمجھا جاتا ہے۔‘‘ لیکن یہ تعریف بھی مجھے دلچسپ معلوم نہ ہوئی۔ آخر کار ایک رسالہ میں ایک مضمون بعنوان میکائیلی اسلام از جناب چودھری غلام احمد صاحب پرویز میری نظر سے گزرا۔ اس میں انہوں نے مذہب اسلام کے متعلق آج کل کے روشن ضمیر طبقہ کے خیالات کی ترجمانی کی ہے اور پھر خود ہی اس کے حقائق بیان کئے ہیں۔ اس سلسلہ میں نبوت کی جو حقیقت انہوں نے بیان کی ہے۔ میری رائے میں اس سے بہتر اور کوئی بیان نہیں کی جاسکتی اور میرے خیال میں فریقین میں سے کسی کو اس پر انکار بھی نہیں ہوسکتا۔ اس لئے میں ان کے الفاظ میں ہی اس حقیقت کو بیان کرتا ہوں، وہ لکھتے ہیں کہ: ’’آج کل کے معقولیت پسندوں کی جماعت کے نزدیک رسول کا تصور یہ ہے کہ ایک سیاسی لیڈر اور ایک مصلح قوم ہوتا ہے۔ جو اپنی قوم کی نکبت اور زبوں حالی سے متاثر ہوکر انہیں فلاح وبہبود کی طرف بلاتا ہے اور تھوڑے ہی دنوں میں ان کے اندر انضباط وایثار کی روح پھونک کر زمین کے بہترین خطوں کا ان کو مالک بنادیتا ہے۔ اس کی حقیقت قوم کے ایک امیر کے قسم کی ہوتی ہے۔ جن کے ہر حکم کا اتباع اس لئے لازمی ہوتا ہے کہ انحراف سے قوم کی اجتماعی قوت میں انتشار پیدا ہوجانے کا خطرہ ہوتا ہے اور وہ دنیاوی نعمتیں جو اس کے حسن تدبیر سے حاصل ہوئی تھیں۔ ان کے چھن جانے کا احتمال ہوتا ہے۔ اس کا حسن تدبر، عقل، حکمت ذہنی انسانی کے ارتقاء کی بہترین کڑی ہوتا ہے۔ اس لئے وہ اپنے ماحول کا بہترین مفکر شمار کیا جاتا ہے۔ کثرت ریاضت سے برائی کی قوتیں اس سے سلب ہوجاتی ہیں اور نیکی کی قوتیں نمایاں طور پر ابھر آتی ہیں۔ انہیں قوتوں کا نام ان کے نزدیک ابلیس اور ملائکہ ہے۔‘‘ اس کا جواب پھر انہوں نے بحوالہ آیات قرآنی یہ دیا ہے۔

کہ رسول بلاشبہ مصلح اور مدبر ملت ہوتا ہے۔ لیکن اس کی حقیقت دنیاوی مصلحین اور مدبرین سے بالکل جداگانہ ہوتی ہے۔ دنیاوی مفکرین ومدبرین اپنے ماحول کی پیداوار ہوتے ہیں اور ان کا فلسفہ اصلاح وبہبود ان کی اپنی پرواز فکر کا نتیجہ ہوتا ہے کو جو کبھی صحیح اور کبھی غلط ہوا ہے۔ برعکس اس کے انبیاء کرام مامور من اللہ ہوتے ہیں اور ان کا سلسلہ اس دنیا میں خاص مشیت باری تعالیٰ کے ماتحت چلتا ہے۔ وہ نہ اپنے ماحول سے متاثر اور نہ احوال وظروف کی پیداوار ہوتے ہیں۔ بلکہ ان کا انتخاب مملکت ایزدی سے ہوتا ہے اور ان کا سرچشمۂ علوم وہدایت علم باری تعالیٰ سے ہوتا ہے جس میں کسی سہووخطاء کی گنجائش نہیں۔ ان کا سینہ علم لدنی سے معمور اور ان کا قلب تجلیات نور ازلی سے منور ہوتا ہے۔

دنیاوی سیاست وتفکر صفت ہے جو اکتساباً حاصل ہوتی ہے اور مشق ومہارت سے یہ ملکہ بڑھتا ہے۔ لیکن نبوت ایک موہبت ربانی

اور عطائے یزدانی ہے جس میں کسب و مشق کو کچھ دخل نہیں۔ قوم و امت کی ترقی ان کے بھی پیش نظر ہوتی ہے۔ لیکن سب سے مقدم اخلاق انسانی کی اصلاح مقصود ہوتی ہے۔ اس کا پیغام زمان و مکان کی قیود سے بالا ہوتا ہے اور وہ تمام انسانوں کو راستہ دکھلانے والا اور ان کا مطاع ہوتا ہے۔ اس کی اطاعت میں خدا کی اطاعت اور اس کی معصیت خدا کی معصیت ہے اور جو لائحہ حیات اس کی وساطت سے دنیا کو ملتا ہے۔ اس میں کوئی دنیاوی طاقت ردوبدل نہیں کر سکتی۔ بلکہ دنیا بھر کی عقول میں جہاں کہیں اختلاف ہو۔ اس کا فیصلہ بھی اس کی مشعل ہدایت سے ہوسکتا ہے۔ ان کو خدائی پیغام ملائکہ کی وساطت سے ملتے ہیں جو اگرچہ عالم امر سے متعلق ہونے کی وجہ سے سرحد ادراک انسانی سے بالاتر ہیں۔ لیکن ان کا وجود محض انسان کی ملکوتی قوتیں نہیں ہیں۔

اس حقیقت کو ذہن نشین رکھنے کے بعد یہ بات آسانی سے سمجھ میں آ سکتی ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے بعد کسی دوسرے نبی کو تسلیم کرنے سے کیا قباحت لازم آئے گی۔ تصریحات قرآنی کی رو سے نیا نبی مطاع ہو جائے گا۔ اس سے اختلاف نہیں کیا جا سکے گا۔ اس کی ہر بات کے آگے سر تسلیم خم کرنا پڑے گا۔ وہ جو حکم دے گا، اس کی تعمیل لازمی ہوگی۔ ورنہ اعمال کے حبط ہونے کا اندیشہ ہوگا۔ اس کی شان میں ذرا بھر گستاخی نہیں کی جا سکے گی۔ بلکہ اس کے سامنے اونچا بولنا بھی گناہ ہوگا۔ اس کی اطاعت عین خدا کی اطاعت ہوگی اور اس سے روگردانی ایمان سے خارج ہونے کا باعث اور موجب عذاب الٰہی ہوگی۔

اس لئے مدعیہ کی طرف سے بحوالہ آیات قرآنی واحادیث یہ کہا گیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے بعد اور کوئی نیا نبی نہیں ہوسکتا اور اگر کوئی مسلمان کسی اور شخص کو نبی مانے تو دائرہ اسلام میں داخل نہیں رہ سکتا۔ مدعاعلیہ کی طرف سے کتب فقہ سے جن عبارات کا حوالہ دیا جا کر علماء کے طرز افتاء پر اعتراض کیا گیا ہے۔ ان کے متعلق ایک تو خود مدعاعلیہ کے گواہان کا بیان ہے کہ فی زمانہ ان پر علماء کا عمل نہیں۔ دوسرا مدعیہ کی طرف سے ان حوالہ جات کے متعلق یہ کہا جاتا ہے کہ وہ کلمات کفر ہیں نہ کہ فتاویٰ تکفیر۔ کلمہ کفر اور چیز ہے اور فتویٰ کفر اور چیز۔ کسی شخص پر ان کلمات کی بناء پر محض ان الفاظ کے استعمال سے ہی فتویٰ نہیں لگا دیا جائے گا۔ بلکہ فتویٰ ان اصولوں کے تحت لگایا جائے گا جو اس غرض کے لئے مجوز ہیں۔

عدالت ہذا کی رائے میں مدعیہ کا یہ جواب وزن رکھتا ہے۔ علاوہ ازیں علماء کے اقوال سند کے لحاظ سے وہ حیثیت نہیں رکھتے جو متواترات کی بیان کی گئی ہے۔ کلمات زیر بحث کو ریکارڈ پر لانے اور اپنے خیال کے مطابق ان کی تشریح کرنے سے گواہان مدعاعلیہ کا منشاء سوائے اس کے اور کوئی معلوم نہیں ہوتا کہ مسئلہ زیر بحث کی نوعیت اور اہمیت کو خفیف کر کے دکھلایا جائے۔ حالانکہ مسئلہ نبوت کا ان مسائل سے کوئی تعلق نہیں جن پر اعتراض کیا گیا ہے۔

اور غالباً وہ یہ چاہتے ہیں کہ عام لوگوں کے دلوں میں علماء کے متعلق ایک حقارت پیدا کی جا کر ان کے طرز افتاء کی مذمت ظاہر کی جائے اور ہر فرقہ اور ہر طبقہ کے لوگوں کے جذبات ان کے خلاف ابھارے جائیں اور موجودہ زمانہ کے روشن خیال طبقہ کی جو اپنے آپ کو ہر اصلاح کا علم بردار سمجھتا ہے۔ ہمدردی حاصل کی جائے۔

مذہب کے متعلق فی زمانہ جو بے اعتنائی برتی جارہی ہے وہ محتاج بیان نہیں۔ قرآن مجید کے نزول کے زمانہ میں جو لوگ اس پر ایمان نہیں لائے تھے وہ اسے اضغاث احلام اور اساطیر الاوّلین کہا کرتے تھے۔ موجودہ زمانہ میں جو لوگ کہ مذہب کا جوا اپنی گردن سے نہیں نکال پھینکنا چاہتے گو وہ ان الفاظ کو اپنے منہ سے تو نکالنے کی تو جرأت نہیں کرتے۔ لیکن حقائق و معارف قرآنی پر اپنے دل میں پورا یقین نہیں رکھتے اور بقول مولانا محمود علی صاحب یہ کہتے ہوئے سنے جاتے ہیں کہ اسلام میں زمانہ کے ساتھ چلنے کی صلاحیت نہیں ہے اور انقلاب حالات سے جو جدید ضرورتیں پیدا ہوتی ہیں اور جن کی وجہ سے اقوام عالم کو اپنی طرز روش میں تغیر و تبدل کرنا پڑتا ہے۔ اسلام ایسے انقلابوں

کے اندر اپنی روش کو بدل کر دوسری روش پر چلنے کی قابلیت نہیں رکھتا اور اس کے ماننے والے اپنے حالات کے اندر کوئی اصلاح یا ترمیم نہیں کر سکتے اور کسی تہذیب جدید کا ساتھ نہیں دے سکتے۔

ان کے اس اعتراض کا جواب تو مولانا صاحب موصوف نے اپنی کتاب دین و آئین میں دے دیا ہے۔ مجھے اس سے کوئی سروکار نہیں۔ یہاں صرف یہ دکھلانا مقصود تھا کہ اس قسم کے خیالات آج کل عام ہیں اور چونکہ فریق مدعا علیہ کے بیان کردہ اصولوں کے مطابق اس طبقہ کے خیالات کی رو سے اسلام میں اصلاح کرنے کی کافی وسعت ہے۔ اس لئے مدعا علیہ کی طرف سے علماء کے خلاف بدظنی پیدا کی جا کر اس طبقہ کے دل میں ان کے خلاف حقارت اور نفرت پیدا کرنے کی سعی کی گئی ہے اور یہ کوشش کی گئی ہے کہ اس مقدمہ میں مدعیہ کی طرف سے جو علماء پیش ہوئے ہیں انہیں دقیانوسی خیالات کا پیرو اور مرض تکفیر میں مبتلا دیکھلایا جا کر ان کی بیان کردہ وجوہات تکفیر کو تمسخر میں اڑا دیا جائے اور یہ دکھلایا جائے کہ ان کی بیان کردہ وجوہات تکفیر کوئی حقیقت نہیں رکھتیں اور انہوں نے محض اس وجہ سے کہ جماعت احمدیہ کے اصول صلاحیت مذہبی کی طرف رجوع دلاتے ہیں۔ اپنی پرانی عادت سے مجبور ہو کر براہ بغض اور کینہ انہیں کافر کہا ہے۔ ورنہ دراصل ان کا کوئی عقیدہ یا عمل کفر کی حد تک نہیں پہنچتا۔ حالانکہ مسئلہ زیر بحث ایسا نہیں کہ اسے اس طرح مذاق میں اڑا دیا جائے میں یہ نہیں کہتا کہ علماء غلطی نہیں کرتے یا یہ کہ وہ انسانی کمزوریوں سے پاک ہیں۔ لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ ان کی کسی رائے کو وقعت کی نگاہ سے نہ دیکھا جائے اور ان کی کسی بات پر کان نہ دھرا جائے۔ بلکہ چاہئے کہ ان کے اقوال پر ٹھنڈے دل سے غور کی جائے اور یہ دیکھا جائے کہ کہاں تک راستی پر ہیں۔ مسئلہ ختم نبوت کے بارہ میں انہوں نے جو کچھ کہا ہے، وہ صداقت سے خالی نہیں۔

مدعا علیہ کی طرف سے کتب تفاسیر کے حوالوں پر جو اعتراض کیا گیا ہے۔ اس کے متعلق صرف یہ لکھ دینا کافی ہے کہ ان حوالوں کو نہ یہاں درج کیا گیا ہے اور نہ ہی اس فیصلہ کا انحصار ان حوالوں پر رکھا گیا ہے اور سند کے اعتبار سے صرف قرآن مجید اور احادیث کو ہی معیار تصفیہ قرار دیا گیا ہے اور یہ عمل اس لئے اختیار کرنا پڑا ہے کہ فریقین کی طرف سے اپنے اپنے ادّعا کی تائید میں بے شمار کتابیں جن کی تعداد سینکڑوں تک پہنچتی ہے، پیش کی گئیں ہیں۔ مدعا علیہ نے مدعیہ کی پیش کردہ کتب میں سے کسی کو بھی اپنے اوپر حجت تسلیم نہیں کیا۔ سوائے مرزا صاحب اور ان کے خلفاء کی کتابوں کے اور اسے اپنے اعتقاد کے مطابق ایسا ہی کرنا چاہئے تھا۔ کیونکہ جب وہ مرزا صاحب کو نبی مانتا ہے تو اس کے لئے معمول بہ مرزا صاحب کی وحی کے سواء اور کوئی چیز نہیں ہو سکتی۔ اس کے لئے اس کا دوسری کتابوں کو بطور حجت تسلیم نہ کرنا کوئی تعجب کی بات نہیں۔ باقی قرآن اور احادیث کے متعلق اس نے یہ روّیہ اختیار کئے رکھا ہے کہ آیات قرآنی کا جو مفہوم مدعیہ کی طرف سے بیان کیا گیا ہے، اس کے متعلق اس نے یا تو یہ بیان کیا ہے کہ وہ درست نہیں ہے یا اس کی کوئی اور تاویل کر دی ہے اور احادیث کے بارہ میں بھی جو حدیث اس کے مفید مطلب تھی وہ تو لے لی اور جو اس کے خلاف تھی اس کی صحت کے متعلق یا تو اس نے انکار کر دیا ہے یا اس کی بھی کوئی تاویل کر دی اور اس کا یہ عمل بھی مرزا صاحب کی تعلیم کے خلاف نہیں۔ کیونکہ مرزا صاحب فرماتے ہیں کہ:''جو حدیث میری وحی کے معارض ہے وہ ردی کی ٹوکری میں پھینکنے کے قابل ہے۔'' (اعجاز احمدی ص۳۰، خزائن ج۱۹ ص۱۴۰)

اس کے علاوہ مدعا علیہ نے جن دیگر مصنّفین کی کتابوں کے حوالے پیش کئے ہیں، ان کے متعلق بھی اس کا یہ ادّعا ہے کہ وہ چونکہ مدعیہ کے ہم مذہب اشخاص کی تصنیف شدہ ہیں۔ اس نے انہیں مدعیہ کے خلاف بھی بطور حجت پیش کیا ہے۔ اس کے لئے وہ کوئی حجت نہیں۔ اس لئے ان حوالوں پر بحث کرنی نہ صرف غیر ضروری خیال کی گئی ہے۔ بلکہ اسے مشکلات سے بھی خالی نہیں پایا گیا۔ کیونکہ فریقین نے ایک دوسرے کے خلاف خیانت کے بھی الزام لگائے ہیں اور یہ بھی اعتراض کئے ہیں کہ بعض مصنّفین کی کتابیں انہیں مسلّم نہیں ہیں۔ اس لئے یہ طے کرنے کے لئے کہ کہاں تک خیانت ہوئی اور کس کس مصنف کی کتاب فریقین کے عقائد کے مطابق ہے اور آیا وہ فریقین کے مسلمات

میں سے بھی ہیں یا نہ اور کہ ان سے جو نتائج اخذ کئے گئے ہیں وہ درست ہیں یا نہ اور کہ فریقین کو ان کی رائے کا پابند قرار دیا جاسکتا ہے یا نہ۔ بہت وقت وسیع مطالعہ اور کافی محنت کی ضرورت ہے اور پھر اس سے نتیجہ کے بھی پورے طور پر واضح اور عام فہم ہونے کی توقع نہیں۔ اس لئے ایک طرف قرآن مجید اور احادیث پر اور دوسری طرف مرزا صاحب اور ان کے خلفاء کی کتابوں پر حصر رکھا جا کر دیگر تمام حوالہ جات کو نظر انداز کر دیا گیا ہے۔

مدعا علیہ کی طرف سے یہ کہا گیا ہے کہ گواہان مدعیہ کا یہ کہنا کہ ادّعاوحی کفر ہے اور اگر کوئی شخص مطلق وحی کا دعویٰ کرے، خواہ نبوت کا مدعی نہ بھی ہو تو تب بھی وہ کافر ہے اور کہ نبی آدم میں وحی پیغمبروں کے ساتھ مختص ہے اور غیر کے لئے کشف، الہام یا وحی معنوی ہوسکتی ہے، درست نہیں ہے۔ کیونکہ قرآن مجید کی آیت: ''وما کان لبشر ...... الخ! (الشوریٰ:۵۱)'' میں اللہ تعالیٰ نے یہ نہیں فرمایا کہ وہ صرف پیغمبروں کے ساتھ ہی ان تین طرق مندرجہ آیت مذکور سے کلام کرتا ہے اور غیر پیغمبروں سے نہیں کرتا۔ بلکہ اس آیت میں بشر کا لفظ رکھا ہے جس میں نبی اور غیر نبی دونوں داخل ہیں۔

''واوحینا الیٰ ام موسیٰ...... الخ! (القصص:۷)'' سے ظاہر ہوتا ہے کہ اگر وحی صرف پیغمبروں کے ساتھ مخصوص ہوئی تو ام موسیٰ پر خدا کی طرف سے یہ وحی نازل نہ ہوتی۔

اس طرح: ''فارسلنا الیها روحنا...... الخ! (مریم:۱۷) واذقالت الملائکۃ......مع الراکعین واذقالت الملائکۃ...... مقربین (آل عمران:۴۲تا۴۵)'' اور ''قلنا یاذالقرنین...... حسنا (کهف:۸۶)'' کے حوالہ جات پیش کئے جا کر یہ دکھلایا گیا ہے کہ:

۱...... وحی انبیاء سے مخصوص نہیں بلکہ غیر انبیاء پر بھی وحی ہوسکتی ہے بلکہ ہوتی ہے جیسا کہ اوپر مذکور ہوا۔

۲...... جن طریقوں سے اللہ تعالیٰ، انبیاء علیہم السلام سے کلام کرتا ہے، انہیں طریقوں سے غیر انبیاء یعنی اولیاء وغیرہ کے ساتھ بھی ہم کلام ہوتا ہے۔ جیسا کہ آیت نمبر۱ سے ظاہر ہوتا ہے۔

۳...... فرشتوں کا نزول انبیاء علیہم السلام سے خاص نہیں۔ بعض اوقات غیر انبیاء پر بھی ایسی وحی نازل ہو جاتی ہے جس میں امر ونہی ہوتے ہیں اور کہ غیر انبیاء کی وحی بھی غیب کی خبروں پر مشتمل ہوتی ہے۔

اس کے آگے مدعا علیہ کے گواہ کا یہ بیان ہے کہ مدعیہ کے گواہان نے جو یہ کہا ہے کہ آنحضرت ﷺ کے بعد کسی پر وحی نہیں ہوسکتی۔ جو اس کا دعویٰ کرے، وہ کافر۔ اس کی انہوں نے قرآن مجید یا احادیث سے کوئی دلیل پیش نہیں کی۔ ہاں! صرف ایک گواہ نے بحوالہ آیت: ''والذین یؤمنون...... من قبلک (البقرۃ:۴)'' پیش کر کے کہا ہے کہ آنحضرت ﷺ کے بعد بھی کوئی وحی نازل ہونی ہوتی تو اس آیت میں ضرور اس کا ذکر کر دیا جاتا۔ چونکہ ذکر نہیں کیا گیا۔ اس لئے معلوم ہوا کہ آپ کے بعد وحی نہیں ہوسکتی۔

اس کا جواب یہ ہے کہ اس آیت میں تشریعی وحی کا ذکر ہے اور چونکہ آنحضرت ﷺ کے بعد ایسی وحی جو آپ کی شریعت کی ناسخ ہو، منقطع تھی۔ اس لئے اس کا ذکر کیا گیا۔ اس کی تائید میں پھر چند علماء کے اقوال نقل کئے جا کر یہ کہا گیا ہے کہ علماء کہتے ہیں کہ ہمارے پاس کوئی ایسی خبر نہیں آئی جس سے معلوم ہو کہ آنحضرت ﷺ کے بعد وحی تشریعی ہوگی۔ بلکہ وحی الہام ہوگی۔ دوسرا جواب یہ ہے کہ اکابر علماء لکھ چکے ہیں کہ مسیح موعود پر وحی ہوگی اور حدیث میں آنحضرت ﷺ فرماتے ہیں کہ مسیح موعود پر خدا کی طرف سے وحی ہوگی۔ تیسرا جواب یہ ہے کہ جو قرآن مجید پر ایمان رکھتا ہے اور یہ تسلیم کرتا ہے کہ مسیح موعود آئے گا تو ان پر وحی ہوگی تو اسے خدا کی طرف سے یقین کرے گا۔ پس اس لحاظ سے یہ آیت تشریعی وحی کے انقطاع پر دلالت کرتی ہے۔ غیر تشریعی وحی کے انقطاع پر دلالت نہیں کرتی۔ اس امر کی دلیل میں کہ

آنحضرت ﷺ کے بعد غیر شریعت والی وحی ہوسکتی ہے اور آنحضرت ﷺ کے کامل متبعین پر اس کا دروازہ بند نہیں ہے۔ آیات ذیل: ’’الم یروا انہ…… سبیلاً (الاعراف:۱۴۸) ‘‘ اور ’’افلا یرون…… قولا (طٰہٰ:۸۹) ‘‘ کے حوالے دیا جاکر یہ کہا گیا ہے کہ ان آیات سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ بندوں سے خدا کا کلام کرنا ضروری ہے۔ پس کیونکر مان لیا جائے کہ حرم کعبہ کا رب اور قرآن کے اتارنے والا خدا جو بچھڑے کی عبودیت اور الوہیت کا ابطال اس کے عدم تکلم کی وجہ سے کرتا ہے۔ خود اپنے پیارے بندوں سے ویسا سلوک کرے۔ نیز آیت: ’’ومن اضل ممن…… غافلون (احقاف:۵) ‘‘ سے یہ نتیجہ نکالا گیا ہے کہ خداوند تعالیٰ اپنے بندوں کی پکار سنتا اور ان کو جواب دیتا ہے اور آیت: ’’قل ان کنتم تحبون اللہ…… الخ! (آل عمران:۳۱) ‘‘ سے یہ نتیجہ اخذ کیا گیا ہے کہ خدا اپنے بندوں سے پیار کرتا ہے اور یہ بدیہی بات ہے کہ محبّ اپنے محبوب سے ہم کلام ہو اور اس کی باتیں سنے اور اپنی کہے۔ ورنہ عدم کلام نقص محبت پر دلیل ہوگا۔ کیونکہ محبوب کا کلام نہ کرنا دلیل ناراضگی ہے اور خدا جو اپنے بندوں پر ماں باپ سے بڑھ کر مہربان ہے۔ ضرور اپنے پیارے بندوں سے کلام کرتا ہے اور کوئی وجہ نہیں کہ جب وہ اپنے پیاروں سے کلام کرتا تھا تو اب نہ کرے۔ اللہ تعالیٰ کی ایک صفت جو اس کی خدائی پر ایک اعلیٰ دلیل ہے۔ وہ اس کا متکلم ہونا ہے۔ پس یہ کس طرح ہوسکتا ہے کہ اب قیامت تک اس صفت کا تعطل مان لیا جائے اور کہا جائے کہ اس کی صفت تکلم زائل ہوچکی۔ یعنی کہ وہ اب کسی سے کلام نہ کرے گا۔ تو اس کا سمیع ہونا کیونکر معلوم ہوگا۔ کہنے والے پھر بھی کہہ دیں گے کہ وہ پہلے سمیع تھا اور اب نہیں۔ اس کی تائید میں پھر یہ ایک دنیاوی مثال دی گئی ہے۔ اگر کوئی عاشق اپنے کسی محبوب کے دروازہ پر آہ و بکا اور گریہ وزاری کرتے ہوئے بے قراری کی حالت میں جائے مگر محبوب نہ دروازہ کھولے اور نہ اندر سے کوئی آواز آوے تو یقیناً وہ عاشق ناامید ہوکر لوٹے گا اور خیال کرے گا کہ یا تو میرا محبوب مرچکا یا مجھے دھوکا دیا گیا۔ پس اس طرح اللہ تعالیٰ جس کا دیدار بوجہ اس کے وراء الوراء اور لطیف ہونے کے ہم نہیں کرسکتے۔ اگر وہ گفتار سے بھی اپنے عشاق کو تسلی نہیں دے سکتا تو آخر وہ ایک دن ناامید ہوکر اسے چھوڑ دیں گے۔ تعشق اور محبت کا مادہ انسان کی فطرت میں ودیعت کیا گیا ہے اور وہ ایسے محبوب کو جس کے دیدار اور گفتار سے اپنے آپ کو ہمیشہ کے لئے محروم سمجھے۔ اسے کبھی اپنے عشق کا محل نہیں ٹھہرایا۔ حقیقی عاشق اپنے محبوب سے ہم کلام ہونے کے لئے اپنے دل میں از حد تڑپ رکھتا ہے اور اس کے کلام کو اپنے لئے تریاق اور آب حیات سمجھتا ہے۔ پس وہ علیم خبیر ہستی جو انسانوں کے اندر احساسات جذبات کا پیدا کرنے والا ہے۔ کس طرح اپنے عشاق کو اپنی ہم کلامی سے محروم رکھ سکتا ہے اور اس کی تائید میں آیات ذیل: ’’واذا سألک عبادی عنی فانی قریب…… الخ! (البقرۃ:۱۸۶) ‘‘ اور ’’ان الذین قالوا…… تتنزل الملائکۃ (حم سجدہ:۳۰) ‘‘ پیش کی گئی ہیں۔ اس کے بعد پھر آیات: ’’رفیع الدرجات ذوالعرش…… یوم التلاق (مؤمن:۱۵) ‘‘ اور ’’تنزل الملائکۃ بالروح من امرہ علی من یشآء…… فاتقون‘‘ سے یہ استدلال کیا گیا ہے کہ جس طرح اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو ازمنہ سابقہ میں اپنے وحی سے مشرف کرتا رہا ہے، آئندہ بھی کرے گا۔ کیونکہ آیت میں نزول وحی کا موجب اللہ تعالیٰ کا رفیع الدرجات وذوالعرش ہونا ہے اور ضرورت انداز قرار دیا گیا ہے۔ پس جب کہ اللہ تعالیٰ اب بھی رفیع الدرجات اور ذوالعرش ہے۔ اس میں تغیر نہیں آیا اور لوگ بھی بلحاظ روحانیت مردہ ہوگئے تو پھر وحی کا انقطاع کیونکر مان لیا جائے تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ: ’’کنتم خیر امۃ اخرجت للناس…… الخ! (آل عمران:۱۱۰) ‘‘ یعنی امت محمدیہ تمام امتوں سے بہتر ہے اور نعمت بھی اس پر پوری ہوچکی اور دعا بھی خدا نے ہمیں یہ سکھلائی کہ: ’’صراط الذین انعمت علیھم (الفاتحہ:۶) ‘‘ کہ اے خدا تو ہمیں اپنے پیارے اور مقرب بارگاہ بندوں یعنی انبیاء صدیقین اور شہداء اور صالحین کے راستہ پر چلا تو عقل سلیم کیونکر تسلیم کرسکتی ہے کہ امت محمدیہ جو سب امتوں سے بہتر ہو، لیکن انعامات الٰہیہ سے محروم ہو پہلی امتوں کے مردوں کے علاوہ اللہ تعالیٰ نے عورتوں کو بھی اپنے کلام سے مشرف کیا اور ان پر فرشتے نازل ہوئے۔ لیکن امت محمدیہ کے بڑے سے بڑے درجہ کے مرد کو بھی یہ انعام نہ ملے۔ پس یہ کہنا کہ امت

مرحومہ پر وحی الٰہی کا دروازہ بند ہے اور خدا اس سے کلام نہیں کرتا تو پھر یہ خیرالامم کیسے ہوئی اور یہ کہنا غلطی ہے کہ خداتعالیٰ نے آنحضرت ﷺ کے بعد جو تمام عالم کے لئے رحمت ہوکر آئے تھے۔ اس انعام کو لوگوں سے چھین لیا ہے اور امت میں سے کسی ایک فرد کو بھی اپنے ہم کلام ہونے کے مبارک شرف سے ہمیشہ کے لئے محروم کردیا ہے۔ اﷲتعالیٰ اور اس کا پاک رسول اور اولیاء امت یہ کہہ رہے ہیں کہ یہ فیضان الٰہی اس امت پر بند نہیں ہیں اور آنحضرت ﷺ فرماتے ہیں کہ تم میں سے پہلے قوم بنی اسرائیل میں ایسے لوگ ہوئے ہیں کہ باوجودیکہ وہ نبی نہ تھے۔ لیکن اﷲتعالیٰ ان سے کلام کرتا تھا۔ میری امت میں ایسے لوگوں میں اگر کوئی ہے تو عمرؓ ہے۔ دوسری روایت میں محدث کا لفظ آیا ہے۔ صحابہ نے حضور ﷺ سے دریافت فرمایا کہ یا رسول اﷲ ﷺ محدث سے کیا مراد ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ فرشتے اس کی زبان پر کلام کرتے ہیں۔

اس کے بعد حضرت شیخ ابن عربی، حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی اور مولانا روم کی کتابوں کے حوالوں سے یہ بیان کیا گیا ہے کہ ان کے نزدیک بھی یہ پایا جاتا ہے کہ تمام اقسام وحی کی جو قرآن میں مذکور ہیں۔ خدا کے بندوں اولیاء سب میں پائی جاتی ہیں اور وحی جو نبی میں ہے وہ خاص ہے اور شریعت والی وحی ہے اور کہ جو وحی انبیاء علیہم السلام کو ہوتی ہے اور اس امت کے بعض کامل افراد کو بھی ہوتی ہے اور جیسا کہ مولانا روم نے کہا ہے ہوتی تو وہ وحی حق ہے۔ لیکن صوفیاء عام لوگوں سے پردہ کرنے کی خاطر اسے وحی دل بھی کہہ دیتے ہیں اور کہ جن طرق سے انبیاء علیہم السلام کو وحی الہام ہوتا ہے انہیں طرق سے اولیاء اﷲ کو ہوتا ہے۔ اگرچہ اصطلاحاً ان کا نام رکھنے میں فرق کیا گیا ہے اور یہ علماء کی اپنی اصطلاح ہے اور اصطلاح فرق مراتب کے لحاظ سے قرار پا گئی ہے کہ انبیاء کی وحی کو وحی اور اولیاء کی وحی کو الہام کہتے ہیں اور کہ ولی پر بھی وحی بواسطہ ملک ہوتی ہے اور مدعیہ کے اعتقاد کے مطابق عیسیٰ علیہ السلام کے نزول پر ان پر وحی نازل ہوگی اور اس کے متعلق علماء کا جو قول ہے کہ وہ حضرت جبرئیل علیہ السلام کی زبان پر ہوگی اس کے آگے یہ کہا گیا ہے کہ مرزا صاحب کی کتب سے جو یہ دکھلایا گیا ہے کہ وہ بھی آنحضرت ﷺ کے بعد سلسلہ وحی کو منقطع مانتے ہیں تو وہاں ان کی مراد وحی شریعت سے ہے نہ کہ دوسری وحی سے جسے وہ جاری سمجھتے ہیں۔ ان تصریحات سے یہ نتیجہ اخذ کیا گیا ہے کہ آنحضرت ﷺ کے بعد ایسی وحی کہ جس میں نئے اوامر اور نواہی نہ ہوں جاری ہے اور جن علماء نے یہ کہا ہے کہ آپ کے بعد وحی اور الہام کا سلسلہ بند ہے تو اس سے مراد ایسی وحی ہے جو شریعت محمدیہ کے مخالف نئے اوامر ونواہی پر مشتمل ہو، نہ مطلق وحی جس کا امت محمدیہ میں باقی رہنا قرآن مجید وحدیث وبزرگان دین کے اقوال سے ثابت ہے۔ اس کے آگے پھر دوسرا ہیڈنگ شروع ہو جاتا ہے اس کے تحت میں اس بحث کا جواب درج کیا جاتا ہے۔

مدعیہ کی طرف سے جس وحی کے متعلق یہ کہا گیا ہے کہ اس کا ادّعا کفر ہے۔ اس سے مراد وحی نبوت سے ہی ہے۔ فریق مدعیہ کے نزدیک وحی کا لفظ صرف انبیاء کے لئے ہی مختص ہے اور وہ اس امر کے قائل نہیں کہ جو وحی نبی کی ہوتی ہے وہ غیرانبیا کو بھی ہوسکتی ہے۔ اس لئے اب مدعاعلیہ کے بحث سے ہی یہ طے کرنا ہے کہ آیا اس قسم کی وحی جو انبیاء کو ہوتی ہے، غیرانبیاء کو بھی ہوسکتی ہے یا نہ۔ اس کے متعلق جن آیات قرآنی کا حوالہ مدعاعلیہ کی طرف سے پیش کیا گیا ہے۔ ان کے ظاہری الفاظ سے یہ پایا جاتا ہے کہ حضرت ام موسیٰ پر وحی ہوئی، حضرت مریم پر فرشتے اترے اور ذوالقرنین سے اﷲتعالیٰ نے کلام فرمایا۔ لیکن اگر یہ نتیجہ محض ان الفاظ: ’’اوحینا، قالت الملائکۃ‘‘ اور ’’قلنا‘‘ کے استعمال سے اخذ کیا جاتا ہے تو یہ درست نہیں۔ کیونکہ وحی کا لفظ قرآن مجید میں نہ صرف ذوی العقول کی بابت استعمال فرمایا گیا ہے، بلکہ غیرذوی العقول کی بابت بھی۔ جیسا کہ سورۂ نحل میں ہے کہ شہد کی مکھی کو وحی کی گئی۔ یہاں میرے خیال میں مدعاعلیہ کے نزدیک بھی وحی سے مراد وہ وحی نہیں ہوسکتی جو انبیاء کو ہوتی ہے۔ یہاں یقیناً اس کے کوئی اور معنی بمثل فطرت میں داخل کرنا یا اسے سوجھانا کئے جائیں گے۔ اس طرح قرآن مجید میں وحی کا لفظ اور بھی کئی مقامات پر استعمال ہوا ہے جس کے سیاق وسباق سے یہ نتیجہ اخذ نہیں ہوتا کہ وہاں

اس لفظ سے مراد اس قسم کی وحی ہے جو انبیاء کو ہوتی ہے اور غالباً اس شبہ کو زائل کرنے کے لئے حضور ﷺ کے متعلق قرآن مجید میں بتصریح یہ فرمایا گیا کہ ہم نے تیری طرف اس قسم کی وحی بھیجی ہے۔ جیسا کہ حضرت نوح، ابراہیم، اسحٰق، اسماعیل، یعقوب اور ان کی اولاد کی طرف بھیجی گئی۔''انا اوحینا الیک کما اوحینا الی نوح...... زبورا (نساء:۱۶۳)''اس لئے ان مواقعات پر جہاں کہ لفظ وحی کے استعمال سے وحی نبوت کے معنی اخذ نہیں ہو سکتے۔ اس لفظ سے مراد جیسا کہ علماء نے لی ہے القاء کرنا یا دل میں ڈالنا ہی لی جائے گی۔ اسی طرح قرآن مجید میں ایک اور جگہ ہے:''وان الشیطن لیوحون الیٰ اولیآء ھم (الانعام:۱۲۱)''تو کیا یہاں بھی لفظ وحی کے استعمال سے وحی انبیاء لی جاسکے گی۔

قرآن مجید میں اس قسم کے اور بھی کئی الفاظ ہیں کہ جن کے ظاہری معنی مراد نہیں لئے گئے۔ مثلاً فتنہ کا لفظ جس کے معنی عام طور پر آزمائش کے لئے گئے ہیں۔ اسی طرح اس کی سند بیان نہیں کی گئی کہ فرشتے ہر حال میں ذات باری کی طرف سے ہی بحیثیت رسول اترتے اور کلام کرتے رہے۔ ممکن ہے کہ نیک آدمیوں پر ان کا اترنا عام انتظامات کائنات کے سلسلہ میں ہو یا روحانی ترقی کے مدارج میں داخل ہو۔ اس لئے حضرت مریم پر فرشتوں کے اترنے سے یہ نتیجہ لازمی طور پر برآمد نہیں ہوتا کہ اللہ تعالیٰ غیر انبیاء سے اس طریق پر کلام کرتا ہے، جیسا کہ انبیاء کے ساتھ۔ باقی رہی وہ آیات جو ذوالقرنین کے متعلق ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ بعض کے نزدیک وہ نبی تھے۔ اگر نبی تھے تو انہیں وحی نبوت ہوئی ہوگی اور اگر نبی نہ تھے تو ان کے متعلق محض لفظ قال کا استعمال عمومیت کے طور پر یہ نتیجہ اخذ کرنے کے لئے کافی نہیں کہ غیر انبیاء ساتھ بھی اللہ تعالیٰ ہم کلام ہوسکتا ہے۔ علاوہ ازیں اگر یہ مان بھی لیا جائے کہ حضرت ام موسیٰ اور حضرت مریم کو ایسی ہی وحی ہوئی، جیسا کہ انبیاء کو ہوتی ہے تو اس سے لازمی طور پر یہ نتیجہ نہیں نکلتا کہ ایسی وحی ہر غیر انبیاء کو ہوسکتی ہے۔ کیونکہ یہ بیبیاں پیغمبروں کی مائیں تھیں اور ان ہر دو پیغمبروں کے متعلق یہ خطرہ تھا کہ انہیں پیدا ہونے کے بعد ہلاک نہ کر دیا جائے۔ اس لئے ان کی ماؤں کو تسکین دینے کے لئے اگر اللہ تعالیٰ نے اپنی ہم کلامی سے مشرف فرمادیا ہو تو کوئی عجب نہیں۔ اس کے ساتھ ہی پھر یہ بات بھی قابل غور ہے کہ یہ واقعات حضور ﷺ کی بعثت سے قبل کے ہیں۔ ممکن ہے خاص حالات کے تحت خاص خاص اشخاص کے ساتھ ہم کلام ہونا مشیت ایزدی سے ضروری سمجھا گیا ہو اور اس کی تائید خود مدعا علیہ کی اپنی بحث سے ہوتی ہے۔ جیسا کہ وہ کہتا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہے کہ بنی اسرائیل میں ایسے لوگ ہوئے ہیں کہ باوجودیکہ وہ نبی نہ تھے۔ اللہ تعالیٰ ان سے کلام کرتا تھا۔ چنانچہ ذوالقرنین بھی اسی ذیل میں داخل سمجھے جاسکتے ہیں۔ لیکن اس کے بعد جب حضور ﷺ نے فرمایا کہ میرے بعد نبوت میں سے سوائے مبشرات کے اور کچھ باقی نہیں تو پھر کیونکر کہا جاسکتا ہے کہ غیر انبیاء کو بھی وہی وحی ہوتی ہے جو انبیاء کو ہوتی ہے۔ اس حدیث کو فریق مدعا علیہ نے صحیح تسلیم کیا ہے۔ لیکن اس کی یہ تاویل کی ہے کہ یہ عام اشخاص کے متعلق ہے۔ خواص کے لئے نہیں۔ اگر خواص اس سے مستثنیٰ تھے تو کوئی وجہ نہ تھی کہ رسول اللہ ﷺ اس کی تصریح نہ فرمادیتے۔ یہ حدیث حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے بھی روایت کی گئی ہے۔

باقی رہے صوفیائے کرام کے اقوال اور تحریریں۔ ان کے متعلق ایک جواب تو اوپر سید انور شاہ صاحب کے بیان کے حوالہ سے دیا جاچکا ہے کہ انہوں نے ان اشخاص کو جو ان کی اصطلاحات سے واقف نہ ہوں، اپنی کتابوں میں نظر کرنے سے منع فرمایا ہے اور اس کا دوسرا جواب بھی شاہ صاحب مذکور کے الفاظ میں نقل کیا جاتا ہے۔

وہ کہتے ہیں کہ صوفیائے کرام نے نبوت کو بمعنی لغوی لے کر مقسم بنایا اور اس کی تفسیر خدا سے اطلاع پانا، دوسرے کو اطلاع دینا کی اور اس کے نیچے انبیاء علیہم السلام اور اولیاء کرام دونوں کو داخل کیا اور نبوت کو دو قسم کر دیا۔ نبوت شرعی اور نبوت غیر شرعی۔ نبوت شرعی کے نیچے وحی اور رسل دونوں درج کر دیئے اور اب ان کے لئے نبوت غیر شرعی اولیاء کے کشف اور الہام کے لئے نکھر گیا اور مخصوص ہوگیا۔ صوفیائے کرام

کی تصریح ہے کہ کشف کے ذریعہ مستحب کا درجہ بھی ثابت نہیں ہوتا۔ صرف اسرار معارف، مکاشف اس کا دائرہ ہیں اور تصریح فرماتے ہیں کہ ہمارا کشف دوسرے پر حجت نہیں۔ ہمارا کشف ہمارے لئے ہے۔ گواہ مذکور نے کشف الہام اور وحی کی یہ تعریف بیان کی ہے کہ کشف اسے کہتے ہیں کہ کوئی پیرایہ آنکھوں سے دکھلایا جس کی مراد کشف والا خود نکالے۔ دل میں کچھ مضمون ڈال دیا اور سمجھا دیا جائے، یہ الہام ہے۔

خدا نے پیغام بھیجا اپنے ضابطہ کا وہ وحی ہے اور وحی قطعی ہے اور کشف والہام ظنی ہیں۔ بنی نوع آدم میں وحی پیغمبروں کے ساتھ مخصوص ہے۔ غیروں کے لئے کشف یا الہام ہے یا معنوی وحی ہوسکتی ہے، شرعی نہیں۔

وحی کے شرعی یا غیرشرعی ہونے کی جو تفریق مدعا علیہ کی طرف سے کی گئی ہے۔ اس کی تائید میں اس نے سوائے اقوال بزرگان کے اور کوئی سند پیش نہیں کی اور ان اقوال کی گومدعیہ کی طرف سے توجیہہ اور تشریح کی گئی ہے اور یہ دکھلایا گیا ہے کہ ان بزرگان کی ان اقوال سے کیا مراد ہے اور ان کے دیگر صریح اقوال پیش کئے گئے ہیں کہ جن میں وہ رسول اللہ ﷺ کو خاتم النّبیین بمعنی آخری نبی تسلیم کرتے ہیں اور آپ ﷺ کے بعد کسی اور نبی کا آنا ممکن نہیں سمجھتے۔ لیکن ان پر اس لئے بحث کی ضرورت نہیں کہ وہ قرآن مجید اور احادیث کے مقابلہ میں کوئی حجت نہیں ہوسکتے اور مدعا علیہ کی طرف سے جو اعتراض مدعیہ پر عائد کیا گیا تھا کہ اس نے وجوہات تکفیر کے ضروریات دین ہونے کے متعلق قرآن یا حدیث سے کوئی ثبوت پیش نہیں کیا۔ وہ بدرجہ اولیٰ خود مدعا علیہ پر وارد ہوتا ہے کہ اس نے شرعی اور غیرشرعی وحی کی جو تقسیم کی ہے۔ اس کے متعلق کوئی ثبوت قرآن واحادیث سے پیش نہیں کیا۔ محض قیاسات سے ہی یہ کہا گیا کہ جس آیت کا حوالہ مدعیہ کی طرف سے دیا گیا ہے کہ اس میں آئندہ وحی کا ذکر نہیں وہ شریعت والی وحی کے انقطاع پر دلالت کرتی ہے۔

مدعیہ کی طرف سے درست طور پر کہا گیا ہے کہ صوفیائے کرام نے نبوت کی جو قسمیں بیان کی ہیں وہ ان کی اپنی قائم کردہ اصطلاحات کے مطابق ہیں۔ اس لئے ان کی قائم کردہ اصطلاحات کو عام امت کے مقابلہ میں حجت قرار دینا درست نہیں ہے۔ مسیح موعود پر وحی کا ہونا مستثنیات سے ہے جس کی استثناء خود حضور ﷺ نے کردی۔ اس سے وحی نبوت کے اجراء کا عمومیت کے ساتھ نتیجہ نکالنا ایک غلطی ہے۔

آیت: ''وما کان لبشر...... الخ! (الشوریٰ:۵۱)'' میں بشر کے لفظ کے متعلق مدعیہ کی طرف سے کہا گیا ہے کہ مراد انبیاء علیہم السلام سے ہے۔ لیکن اگر عام بشر بھی مراد لئے جائیں تو اس سے یہ نتیجہ نہیں نکلتا کہ خدا بالعموم آدمیوں سے کلام کرتا رہتا ہے۔ بلکہ اس میں اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کے ساتھ ہمکلام ہونے کے طریق بتلائے ہیں۔ باقی کلام کا کرنا یا نہ کرنا اس کی اپنی مشیت پر منحصر ہے۔ لہٰذا گواہان مدعیہ نے یہ درست کہا ہے کہ حضور ﷺ کے بعد وحی نبوت جاری ہوتی تو قرآن مجید میں ضرور اس کی صراحت فرمادی جاتی۔ کیونکہ اس پر امت کی فلاح کا دارومدار تھا۔ باقی مولانا روم کی کتاب مثنوی کے حوالے سے جو یہ بیان کیا گیا ہے کہ وہ لکھتے ہیں کہ اولیاء کو جو وحی ہوتی ہے وہ دراصل وحی حق ہوتی ہے اور اولیاء عام لوگوں سے پردہ کرنے کی خاطر اسے وحی دل کہہ دیا کرتے ہیں۔ یہ ان کے شاعرانہ خیالات اور شاعر کی نیت میں جیسا کہ سید انور شاہ صاحب گواہ مدعیہ نے کہا ہے کہ منوانا اس کا عالم کو منظور نہیں ہوتا اور پھر جہاں انہوں نے وحی حق کے الفاظ لکھے ہیں۔ ان کے ساتھ ہی ''واللہ اعلم بالصواب'' کا جملہ بھی موجود ہے۔ اس سے ان کے مفہوم کا خود اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔ (پارہ نمبر۹، رکوع نمبر۸ اور پارہ ۱۶، رکوع نمبر۱۳) کی آیات محولہ بالا سے بھی یہ استدلال درست نہیں کیا گیا کہ آنحضرت ﷺ کے بعد غیرشریعت والی وحی ہوسکتی ہے۔ کیونکہ اوّل تو آیات اس زمانہ اور ان حالات سے تعلق رکھتی ہیں۔ جو نزول قرآن کے وقت موجود تھے اور ان میں ان لوگوں کو خطاب ہے جو عبادت الٰہی سے ناآشنا اور غافل ہوں اور اب رسول اللہ ﷺ کی تعلیم کے بعد کسی ادنیٰ سے مسلمان کا بھی یہ عقیدہ نہیں ہوسکتا کہ خداوند تعالیٰ سمیع بصیر اور علیم نہیں۔ باقی رہا اس کا آدمیوں سے کلام کرنا وہ اس کی مشیت پر منحصر ہے۔ اسے کسی کی آہ وبکا، فریاد وفغاں سے ہم کلام کرنے پر مجبور نہیں کیا جاسکتا۔ دنیاوی عاشق ومعشوق کی مثال عشق الٰہی پر نہایت ہی نازیبا طریق

پر عائد کی گئی۔ تاہم اس مثال کو بھی اگر مدنظر رکھا جائے تو رسول اللہ ﷺ کی تعلیم ایسی ناقص نہیں کہ عاشقان الٰہی اگر فی الحقیقت وہ پورے معنوں میں عاشقان الٰہی بن چکے ہیں۔ خداوند تعالیٰ کے دروازہ سے ناامید ہوکر لوٹیں یا نعوذ باللہ! یہ تصور کریں کہ ان کا محبوب مرچکا یا انہیں دھوکا دیا گیا۔ دنیاوی معشوق بھی اگر اپنے عاشق کی آہ وبکا سن کر اندر سے اسے کوئی تحفہ بھیج دے یا اس کی بات کوسن کر اس کا کوئی کام سرانجام کردے تو باوجود اس کے کہ وہ اس سے ہم کلام نہ ہو یا اپنا دیدار نہ کرائے۔ اس کا عاشق ضرور سمجھ لے گا کہ اس کا معشوق زندہ ہے اور اس سے محبت کرتا ہے۔ دنیا میں عاشقان الٰہی کی تعداد حضور ﷺ کے بعد آج تک کوئی تھوڑی نہیں سمجھی جاسکتی اور ویسے تو ایسے عشاق نہ صرف مذہب اسلام میں بلکہ ہر مذہب میں سینکڑوں کی تعداد میں پائے جائیں گے۔ اگر اللہ تعالیٰ کے ہم کلام ہونے کا ذریعہ اس کے عشاق کے دل کی تڑپ ہی قرار دی جائے تو ضرور ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس عرصہ میں ہر ایک عاشق سے نہ سہی، سوویں ہزارویں سے سہی، دس پندرہ بیس سال کے بعد نہ سہی، سو ہزار سال کے بعد سہی، کسی نہ کسی ایک سے تو ہم کلامی فرمائی ہوتی نہ یہ کہ تیرہ سو سال تک یکدم خاموشی اختیار کئے رکھنے کے بعد صرف ایک شخص سے ہم کلام ہونا منظور فرمایا گیا اور وہ بھی زیادہ تر پرانی تیرہ سو سال والی زبان میں گویا اب اس کے پاس الفاظ اور معانی کا ذخیرہ ختم ہو چکا ہے۔ اگر نعوذ باللہ! خدا کے پاس ہم کلامی کے لئے نہ کوئی اور نیا مواد ہے اور نہ نئے الفاظ تو پھر بچارے مولویوں کا کیا قصور ہے کہ انہیں پرانی لکیر کا فقیر قرار دیا جاکر کوسا جاتا ہے۔ کیونکہ انہوں نے خدا کے اس پرانے کلام کی تعبیر وہی کرنی ہے جو پہلے سے ہوتی آئی ہے۔

اگر عشاق کی تسلی محض گفتگو سے ہوتی اور وجود باری تعالیٰ کے علم کا ذریعہ بھی یہی ہوتا کہ جب کبھی اس کا کوئی عاشق بے قراری کی حالت میں آہ وبکا کرتا ہوا اس کے دروازہ پر پہنچے تو اس کے لئے فوراً دروازہ کھل جائے تو اسلام صفحۂ ہستی سے کبھی کا نابود ہو چکا ہوتا۔ کیونکہ تیرہ سو سال کا زمانہ ایسا نہیں کہ عشاق نعوذ باللہ! خداوند تعالیٰ کی اس بے اعتنائی کو دیکھ کر اس کے دروزاہ پر پڑے رہتے، بلکہ بقول گواہ مدعاعلیہ عرصہ سے ناامید ہوکر لوٹ چکے ہوتے اور پھر اس کی کیا گارنٹی ہے کہ اللہ تعالیٰ صرف ان عشاق سے ہی گفتگو کرتا ہے کہ جو مذہب اسلام سے تعلق رکھتے ہیں اور دوسرے سے نہیں کرتا۔ علاوہ ازیں عشاق کی تسلی محض گفتگو سے نہیں ہوا کرتی۔ بلکہ جیسا کہ مدعاعلیہ کے گواہ نے بھی ظاہر کیا ہے۔ دیدار یاران کا مطمع نظر ہوتا ہے۔ اس لئے ممکن ہے کہ گفتگوئے یار سے بہرہ اندوز ہوں تو پھر بھی اپنے عشق کی مستی میں قوم موسیٰ کی طرح ''ارنا اللہ جھرۃً'' کی رٹ لگانی شروع کردیں اور بجائے اس کے کہ دیدار یار سے لذت اندوز ہوں۔ اپنا بیڑہ بھی غرق کر بیٹھیں۔ شک نہیں کہ حقیقی عشاق کے دلوں میں ضرور اپنے محبوب کے متعلق ایک تڑپ ہوتی ہے۔ اس تڑپ کے فرو کرنے کا علاج یہ نہیں کہ محبوب سے ہم کلامی ہو۔

باری عزاسمہ نے اپنے عشاق کی تڑپ فرو کرنے کا علاج خود ہی اپنے زندہ کلام قرآن پاک میں یہ فرمایا ہے: ''الا بذکر اللہ تطمئن القلوب (الرعد:۲۸)'' یعنی خدا کی یاد سے دل مطمئن ہوتے ہیں اور زیادہ اضطراب پیدا ہونے کی صورت میں فرمایا: ''واذا سالک عبادی عنی فانی قریب...... الخ! (البقرۃ:۱۸۶)''

گواہ مدعاعلیہ نے اس آیت کو بقاوحی پر دلیل پکڑا ہے۔ لیکن وحی سے مراد اگر اس قسم کی استجابت لی جائے جو اس آیت میں مذکور ہے تو پھر خداوند تعالیٰ کا ہر فرد بشر کے ساتھ کلام کرنا ممکن ہوسکتا ہے اور ہر شخص محل وحی بھی بن سکتا ہے۔ اس قسم کے استدلال اختیار کرنے سے مذہب کی کوئی عظمت ووقعت ظاہر نہیں ہوسکتی اور نہ اس کی کوئی حقیقت منکشف کی جاسکتی ہے۔ گواہ مدعاعلیہ نے بیان کیا ہے کہ خدا کا کلام نہ کرنا غضب اور ناراضگی کی علامت ہے تو کیا اس سے سمجھا جائے گا کہ جن لوگوں سے پہلے خداوند تعالیٰ نے کلام نہیں کی۔ کیا ان سب پر خداوند تعالیٰ ناراض رہا ہے اور وہ مورد عتاب الٰہی ہیں۔ استغفر اللہ!

بقاء وحی کے سلسلہ میں باقی ماندہ جن دو آیات (سورۂ مومن اور پارہ ۱۴، رکوع ۷) کا حوالہ دیا گیا ہے۔ ان سے بھی وحی کا جاری رہنا ثابت نہیں ہوتا۔ بلکہ یہ آیات مدعا علیہ کی اپنی تقسیم کے مطابق وحی تشریعی ہی سے تعلق رکھتی ہیں۔ کیونکہ ان میں یہ مذکور ہے کہ جس شخص کو وحی کی جاتی ہے۔ اس کو یہ حکم دیا جاتا ہے کہ وہ لوگوں کو قیامت کے دن سے ڈرائے۔ اس لئے اس قسم کی وحی کو مدعا علیہ کی اپنی تعریف کے مطابق وحی تشریعی ہی سمجھا جائے گا اور یہ سلسلہ مدعیہ کے ادّعا کے مطابق اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ پر آ کر ختم کر دیا اور مدعا علیہ کے نزدیک بھی اب تشریعی نبی نہیں آ سکتا۔ اس لئے ان آیات سے وحی مطلق کے اجراء کا استدلال نہیں کیا جا سکتا۔ باقی رہی مدعا علیہ کی یہ حجت کہ اللہ تعالیٰ نے جب ہمیں یہ دعا سکھلائی ہے کہ اللہ ہمیں راہ مستقیم پر چلا اور ان لوگوں کی راہ پر چلا جن پر تو نے اپنے انعام کئے ہیں اور پھر دوسری سورت میں اس کی تشریح فرمائی کہ وہ کون لوگ ہیں جن پر خدا کا انعام ہوا۔ اس کے متعلق فرمایا کہ وہ نبی، صدیق، شہید اور صالح ہیں۔ اس سے یہ تلقین کی گئی کہ اللہ اور اس کے رسول محمد مصطفیٰ ﷺ کی پیروی سے یہ چاروں مراتب تم کو حسب حیثیت مل سکتے ہیں۔ لہٰذا یہ نہیں ہو سکتا کہ امت محمد یہ تین مراتب کا تو انعام پائے اور چوتھے مرتبہ یعنی نبوت کا حصول اس کے لئے ناممکن ہو۔ حالانکہ اس سے پہلے امتوں نے اس انعام کو بار بار حاصل کیا۔ پھر یہ خیر الامم کس طرح ہوئی اور نہیں کہا جا سکتا کہ امت مرحومہ پر وحی الٰہی کا دروازہ بند ہے اور آنحضرت ﷺ کے بعد جو تمام عالم کے لئے رحمت ہو کر آئے۔ اس انعام کو لوگوں سے چھین لیا گیا۔

اس کا جواب مدعیہ کی طرف سے یہ دیا گیا ہے کہ آیت: ’’من یطع اللہ ورسولہ …… والصالحین‘‘ میں الفاظ: ’’مع الذین‘‘ سے مراد رفاقت سے ہے نہ کہ عطائے درجہ سے۔ مدعا علیہ کے اعتراض کا مطلب یہ ہے کہ جب نبی کے علاوہ دیگر مدارج جو اس آیت میں مذکور ہیں رسول اللہ ﷺ کی پیروی سے مل سکتے ہیں تو کیا وجہ ہے کہ نبوت کا درجہ نہ مل سکے۔ اگر اس بحث کو بفرض محال صحیح تسلیم کر لیا جائے تو پھر اس سے یہ لازم آئے گا کہ نبوت ایک کسبی چیز ہے جو اتباع سنت اور ریاضت سے حاصل ہو سکتی ہے۔ حالانکہ قرآن شریف کی نصوص سے یہ ثابت ہے کہ نبوت کسبی نہیں اور مرزا صاحب نے بھی اسے مانا ہے۔ چنانچہ وہ اپنی کتاب (ضمیمہ النبوت فی الاسلام ص۸۴) پر لکھتے ہیں کہ نبوت ایک صفت اصلی قائم ہے۔ نبی کی ذات کے ساتھ نہ وہ کسب سے حاصل ہوا اور نہ کبھی سلب ہو۔ اگر نبوت حضور ﷺ کے اتباع سے حاصل ہو سکتی تھی تو کوئی وجہ معلوم نہیں ہوتی کہ آج تک جس قدر اولیاء، ابدال، اقطاب گزرے ہیں۔ ان میں سے کسی کو بھی یہ مرتبہ حاصل نہ ہوتا۔ علاوہ ازیں اگر یہ سمجھا جائے کہ حضور کے کمال اتباع اور فیض سے یہ مرتبہ حاصل ہو سکتا ہے اور حضور بھی اسے جائز سمجھتے تھے تو ضرور ہے کہ حضور ﷺ نے جہاں کئی دیگر مراتب اور مدارج کے حصول کے لئے اپنی امت کو ادعیہ اور اوراد کی تلقین فرمائی ہے اور وہاں اس مرتبہ کے لئے بھی کوئی دعا وغیرہ بھی تلقین فرماتے۔ تاکہ امت کے افراد کو اس کے حاصل کرنے میں کوئی آسانی میسر آتی۔ کیونکہ حضور کی شفقت سے یہ بعید تھا کہ وہ امت کو اس قدر پریشانی اور محنت شاقہ میں ڈالتے کہ مدت مدید کی انتظار اور عبادات کے بعد صرف ایک ہی فرد کو جا کر یہ نعمت عطاء فرمائی۔ اگر کوئی دعا وغیرہ تلقین کرنا آپ ﷺ کے نزدیک مناسب نہ تھا تو کم از کم اس کی صراحت تو فرما دیتے کہ تم کو یہ درجہ مل سکتا ہے۔ تمہیں اس کے حصول کے متعلق کوشاں رہنا چاہئے۔ آپ ﷺ نے نہ اس قسم کی کوئی صراحت فرمائی۔ نہ ہی اس کے لئے کوئی راستہ بتلایا۔ بلکہ یہی فرماتے رہے کہ ’’لا نبی بعدی وانا اخر انبیآء‘‘ وغیرہ گویا کہ امت کو نعوذ باللہ! از دست دھوکے میں رکھتے رہے۔ تاکہ وہ کہیں یہ درجہ حاصل کر کے آپ ﷺ کے مقابلہ میں نہ کھڑے ہو جائیں۔

بلکہ آپ ﷺ کا رحمۃ للعالمین ہونا اس بات کا متقاضی تھا کہ آپ سابقہ انبیاء کے مقابلہ میں اپنی امت میں سے زیادہ انبیاء پیدا کر کے اپنے افضل الانبیاء ہونے کا ایک اعلیٰ اور بیّن ثبوت بہم پہنچاتے۔ لہٰذا قرآن شریف کی دیگر تصریحات کو مدنظر رکھتے ہوئے آیت محولہ بالا کا مفہوم یہی لیا جائے گا کہ وہ لوگ انبیاء کی رفاقت میں ہوں گے اور چونکہ مدعا علیہ کو دنیاوی امثال کا بہت شوق ہے۔ اس لئے اس کی

مثال یہ ہوسکتی ہے کہ جیسے حکومت کسی شخص کو اس کی ذاتی وجاہت اور مرتبہ کے لحاظ سے اپنے دربار میں اپنے کسی ممتاز عہدہ دار کے ساتھ جگہ دے دے تو نہیں کہا جاسکتا کہ اس شخص نے اس عہدہ دار کا رتبہ حاصل کر لیا ہے یا یہ کہ وہ اس کا رتبہ حاصل کرنے کا اہل بنا دیا گیا ہے۔ اس طرح اللہ تعالیٰ نے یہ فرمایا کہ وہ لوگ جن کی آیات ماسبق میں فضیلت بیان کی گئی ہے۔ انبیاء شہداء صدیقین اور صلحاء کے ہمراہ ہوں گے۔ اس لئے مدعا علیہ کا یہ استدلال کوئی وقعت نہیں رکھتا کہ اگر امت محمدیہ کو نبوت کا درجہ نہ ملے تو وہ خیر الامم نہیں رہتی۔ اس کے خیر الامم ہونے کے لئے خدا نے اسے اور کئی مدارج عطاء فرمائے ہیں۔ قرآن مجید میں اسے اس بات کا محتاج نہیں رہنے دیا کہ وہ نبوت کو حضور ﷺ کی غلامی پر ترجیح دے۔ بلکہ بڑے بڑے جلیل القدر انبیاء علیہم السلام آپ کی امت میں داخل ہونے کے متمنی رہے ہیں۔ افسوس کہ قرآن کی تعلیم کو پوری طرح مدنظر نہیں رکھا گیا۔ ورنہ یہ اعتراض نہ کیا جاتا۔

قرآن حکیم میں حیات انسانی کی پوری انتہاء واضح نہیں فرمائی گئی اور جیسا کہ چودھری غلام احمد صاحب پرویز مضمون محولہ بالا میں لکھتے ہیں: جنت بھی جو بالعموم منزل مقصود سمجھی جاتی ہے، درحقیقت اصل منزل مقصود نہیں بلکہ راستہ کا ایک خوش نما منظر ہے۔ جیسا کہ قرآن مجید میں جنتیوں کی اس دعاء سے ظاہر ہوتا ہے۔ ’’یقولون ربنا اتمم لنا نورنا‘‘ اس منتہیٰ کو ایک راز رکھا گیا۔ نہ معلوم کہ حضور کے فیض سے امت کو کیا کچھ عطاء فرمایا جائے گا۔ لہٰذا مدعا علیہ یہ ثابت کرنے میں کامیاب نہیں رہا کہ جو وحی انبیاء علیہم السلام کو ہوتی ہے وہ اس وقت تک جاری ہے، بلکہ صرف الہام اور کشف وغیرہ باقی ہیں۔ جیسا کہ مدعیہ کا ادّعا ہے اور ان کو لغوی طور وحی کہا جاسکتا ہے۔

اس مقدمہ کے فیصلہ کا دارومدار زیادہ تر رسول اللہ ﷺ کے خاتم النّبیین بمعنی آخری نبی ماننے کے عقیدہ پر ہی ہے۔ مدّعیہ کی طرف سے جیسا کہ اوپر درج کیا گیا۔ بحوالہ آیات قرآنی واحادیث واجماع امت یہ دکھلایا گیا ہے کہ حضور علیہ السلام کے بعد اور کوئی نبی نہیں ہوسکتا۔ بجز اس کے کہ اس کی استثناء حضور ﷺ نے خود کر دی۔ یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور کہ مرزا صاحب کے دعویٰ سے قبل اور اب بھی سوائے مرزا صاحب کے پیروؤں کے دیگر جملہ مسلمانوں کا یہ عقیدہ ہے کہ حضور ﷺ انبیاء کی تعداد اور بعثت کے لحاظ سے آخری نبی ہیں اور آپ ﷺ کے بعد اور کوئی نبی نہیں ہوسکتا۔ اگر کوئی مسلمان کسی اور کو نبی مانے تو وہ کافر اور مرتد ہو جاتا ہے۔

مدعا علیہ کی طرف سے کہا جاتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے کمال اتباع اور فیض سے نبوت کا مرتبہ عطاء ہوسکتا ہے اور خاتم النّبیین کے معنی عام مسلمانوں کے اعتقاد کے خلاف یہ کرتا ہے کہ اللہ جل شانہ نے آنحضرت ﷺ کو صاحب خاتم بنایا۔ یعنی آپ ﷺ کو اضافہ کمال کے لئے مہر عطاء کی جو کسی اور نبی کو ہرگز نہیں دی گئی۔ اس وجہ سے آپ ﷺ کا نام خاتم النّبیین ٹھہرا۔ یعنی آپ ﷺ کی پیروی کمالات نبوت بخشتی ہے اور آپ ﷺ کی توجہ روحانی نبی تراش ہے اور قرآن مجید کی جس آیت میں یہ الفاظ درج ہیں۔ اس کے معنی مدعا علیہ کی طرف سے یہ کئے گئے ہیں کہ اس آیت میں رسول اللہ کے بعد الفاظ خاتم النّبیین اس لئے لائے گئے کہ ہر نبی اپنی امت کا روحانی باپ ہوتا تھا۔ صرف اتنا کہہ دینے سے کہ آپ بحیثیت رسول اپنی امت کے باپ ہیں۔ آپ کی دوسرے رسولوں پر کوئی فضیلت ظاہر نہ ہوتی تھی۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے آپ کو خاتم النّبیین فرما کر آپ کو دوسرے رسولوں سے ممتاز فرما دیا کہ اور نبی تو اپنی امت کے صرف مومنوں کے باپ تھے مگر آپ ایسے عظیم الشان اور جلیل القدر نبی ہیں کہ انبیاء کے بھی باپ ہیں۔ یعنی آپ کی اتباع اور توجہ روحانی کمالات نبوت بخشتی ہے اور اگر اس کے معنی آخر کے لئے جائیں، تو اس میں آپ ﷺ کی کوئی فضیلت نہیں ہے۔

اس تصریح سے اس حد تک تو مدعا علیہ کی یہ توجیہ درست ہے کہ اللہ تعالیٰ کو چونکہ دیگر انبیاء سے حضور ﷺ کو افضل دکھلانا مقصود تھا۔ اس لئے الفاظ خاتم النّبیین استعمال فرمائے گئے۔ لیکن یہ سمجھ نہیں آتا کہ محض لفظ خاتم کے استعمال سے آپ ﷺ کا نبی تراش ہونا کس طرح مفہوم لے لیا گیا ہے۔ کیونکہ اگر خاتم کے معنی مہر بھی کئے جائیں تو اس کے یہ معنی کرنے سے بھی آپ انبیاء سابقہ پر مہر ہیں۔ حضور ﷺ کی فضیلت

نمایاں ہوسکتی ہے اور محض یہ توجیہہ بھی کہ آپ ﷺ انبیاء کے باپ ہیں۔ آپ کی فضیلت ظاہر کردینے کے لئے کافی ہے۔ پھر معلوم نہیں ہوتا کہ آپ کے اس تفصیلی علاقہ ابوت سے آئندہ توالد انبیاء کا سلسلہ جاری ہونا کس طرح اخذ کیا گیا اور پھر تولد بھی صرف ایک نبی کا۔ اس میں شک نہیں کہ خاتم کے معنی مہر دیگر علماء نے بھی کئے ہیں اور حال ہی میں قرآن مجید کا جو ترجمہ مولانا محمود حسن صاحب دیوبندی کا شائع ہوا ہے۔ اس میں بھی خاتم کے معنی درج ہیں اور خاتم النّبیین کے معنی انہوں نے یہ لکھے ہیں کہ مہر ہیں تمام نبیوں پر اور میری رائے میں سیاق سباق عبارت سے یہی معنی درست معلوم ہوتے ہیں۔ اس پر مدعا علیہ کا یہ اعتراض ہوگا کہ پھر رسول اللہ ﷺ کا آخری نبی ہونا کہاں سے اخذ کیا جائے گا۔

اس کا جواب یہ ہے ایک تو رسول اللہ ﷺ کا آخری نبی ہونا، احادیث سے اور امت کے اجماعی عقیدہ سے اخذ کیا جائے گا۔ امت آج تک آپ کو آخری نبی سمجھتی آئی اور جیسا کہ مولوی مرتضیٰ حسن صاحب گواہ مدعیہ نے بیان کیا ہے آج تک جس قدر اولیاء، ابدال، اقطاب، مجتہدین مجدد ہوتے رہے ہیں۔ کسی نے اس عقیدہ کی تغلیظ نہیں کی۔ دوسرے مدعا علیہ کو بھی اس سے انکار نہیں کہ خاتم کے معنی آخری بھی ہیں اور اس معنی پر امت کا اجماع چلا آیا ہے۔

مدعا علیہ کی طرف سے اس اجماع کی حقیقت کو توڑنے کی کوشش کی گئی، لیکن وہ اس سے انکار نہیں کرسکتا کہ مرزاصاحب کے دعویٰ سے قبل جمہور امت کا عقیدہ اس طرح چلا آیا ہے۔ اس لئے ایک امر واقع کو غلط کہنا ایک بے جا حجت ہے۔

مدعا علیہ کی طرف سے لغت اور عربی زبان کے محاورات سے یہ دکھلایا گیا ہے کہ لفظ خاتم جب ت کی زبر سے پڑھا جائے تو انگوٹھی یا مہر کے معنوں میں استعمال یا مہر کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے اور اگر زیر سے پڑھا جائے تو اس کے معنی ختم کرنے والا۔ دوسرا مہر لگانے والا ہوتے ہیں اور خاتم کا لفظ کمال کے معنوں میں بکثرت استعمال ہوتا ہے۔

اور کہ خاتم کے اصل معنی آخر کے نہیں ہیں۔ اگر آخر کا معنی بھی لئے جائیں تو پھر لازم معنی کہلائیں گے، نہ اصل معنی اور جب اصل معنی لئے جاسکتے ہیں تو لازم معنی کیوں لئے جائیں۔ خاتم اگر کہیں آخر کے معنوں میں استعمال کیا جاتا ہے تو لازم معنی لے کر کیا جاتا ہے اور جب کہ قرآن مجید میں کوئی ایسا صریح قرینہ موجود نہیں، جو لازم معنی لینے پر ہی دلالت کرے تو اس کے باقی سب معنی چھوڑ کر صرف آخر کے معنی میں لینا کسی طرح صحیح نہیں۔ لیکن مقدمہ ہذا میں سوال زیر بحث عقیدہ سے تعلق رکھتا ہے۔ الفاظ کے معنی یا مراد سے تعلق نہیں رکھتا۔ دیکھنا یہ ہے کہ عقیدہ کس معنی پر قائم ہوا۔ جب مدعا علیہ کے نزدیک خاتم کے معنی آخر کے ہوسکتے ہیں اور عقیدہ بھی تیرہ سو سال تک اس پر قائم رہا ہے تو اب ان الفاظ پر بحث کرنا کہ ان کے معنی آخر کے نہیں، بلکہ مہر کے ہیں۔ سوائے ایک علمی دلچسپی کے اور کوئی حیثیت نہیں رکھتا۔ علاوہ ازیں جو علماء اس کے معنی قبل ازیں آخر کے کرتے آئے ہیں۔ ان کی نسبت نہیں کہا جاسکتا کہ وہ اس کی لغت یا اصل سے واقف نہ تھے۔ اس لئے اس لفظ کے معنی پر بحث لاحاصل ہے۔ علاوہ ازیں مرزاصاحب بھی اپنے دعویٰ سے قبل خاتم النّبیین کے معنی آخری کرتے آئے ہیں۔ جیسا کہ مدّعیہ کے گواہان کے بیانات میں دکھلایا جاچکا ہے۔ بعد کے معنی محض تاویلی ہیں اور اپنے دعویٰ کو رنگ دینے کی خاطر کئے گئے ہیں اور اب مدعا علیہ کی طرف سے یہ کہنا کہ مرزاصاحب نے جہاں جہاں آنحضرت ﷺ کے بعد سلسلہ وحی کو منقطع مانا ہے، وہاں ان کی مراد وحی شریعت سے ہے، نہ کہ دوسری وحی سے، درست نہیں ہے۔ کیونکہ جہاں انہوں نے وحی کو منقطع مانا ہے، وہاں انہوں نے اس کی تصریح نہیں کی اور سیاق وسباق سے پتہ چلتا ہے کہ وہ ہر قسم کی وحی کے انقطاع کے متعلق کہہ رہے ہیں۔ ان کے یہ اقوال اس قسم کے ہیں جن کے متعلق کہ مدعا علیہ کی بحث کے شروع میں فقرہ نمبر۲ میں تشریح کی گئی ہے کہ وہ اپنے اندر ایک مستقل مفہوم لئے ہوئے ہیں۔ اس مرزاصاحب کے دیگر اقوال ان کی توضیح یا تشریح نہیں بن سکتے۔ اس قسم کے اقوال جن سے مرزاصاحب انقطاع وحی کے قائل پائے جاتے ہیں۔ گواہان مدعیہ کے بیانات میں مفصل درج ہیں جو اوپر درج کئے جاچکے ہیں۔

مدعا علیہ کی طرف سے اس مسئلہ ختم نبوت کے متعلق پھر یہ کہا گیا ہے کہ احادیث پر نظر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے آیت خاتم النّبیین کے نبوت کو بکلی مسدود نہیں سمجھا۔ جیسا کہ حدیث: ’’**لو عاش ابراھیم لکان صدیقاً نبیا**‘‘ سے ظاہر ہوتا ہے۔ کیونکہ آیت: ’’خاتم النّبیین‘‘ کے نزول سے پانچ سال کے بعد حضور ﷺ نے یہ فرمایا ہے۔ لیکن اوّل تو اس حدیث کے صحیح ہونے میں شبہ ہے جس کا اظہار خود گواہ مدعا علیہ نے کر دیا ہے۔ دوسرا اس میں ’’لو‘‘ کا ایک شرطیہ لفظ موجود ہے اور قواعد عربی کی رو سے مدعا علیہ کی طرف سے یہ تسلیم کیا گیا ہے، جہاں لو داخل ہو وہاں وقوع نہیں ہوتا۔ تیسرا اس میں نبوت کی کوئی تفصیل نہیں کہ کیسی نبوت ہوگی۔ چوتھا نبوت کا امکان حضرت ابراہیم کی زندگی پر تھا، جب وہ وفات پا گئے، نبوت کا امکان بھی چلا گیا۔ اس سے کسی طرح بھی آئندہ نبوت جاری رہنے کا نتیجہ نہیں نکالا جاسکتا۔ مدعا علیہ کی طرف سے حضرت عائشہ ؓ کا ایک قول ’’**قولوا خاتم النّبیین ولا تقولو لا نبی بعدہ**‘‘ نقل کیا جا کر یہ نتیجہ اخذ کیا گیا ہے کہ اس قول سے ظاہر ہے کہ وہ لوگ جو الفاظ ’’خاتم النّبیین‘‘ اور ’’لا نبی بعدی‘‘ سے یہ سمجھتے ہیں کہ آپ ﷺ کے بعد کوئی نبی نہیں آسکتا، غلطی پر ہیں۔ اس ضمن میں پھر یہ کہا گیا ہے کہ دوسری شہادت حضرت علی ؓ کی ہے جو یہ ہے کہ ایک دفعہ آپ ﷺ کے صاحبزادے استاد کے پاس بیٹھے پڑھ رہے تھے۔ اتفاقاً حضرت علی ؓ وہاں سے گزرے اور فرمایا کہ ان دونوں کو خاتم النّبیین کا لفظ ت کی زبر سے پڑھاؤ۔ دوسری قرأت میں خاتم ت کی زیر سے بھی آیا ہے۔ پس اگر حضرت علی ؓ کے نزدیک ت کی زیر سے بھی خاتم کے معنی آخری نبی کے بنتے تھے تو آپ نے زیر کے پڑھانے سے منع کیوں کیا۔ کیونکہ زیر سے ختم کرنے کے معنی زیادہ واضح ہو جاتے تھے۔ کیا اس سے ثابت نہیں ہوتا کہ دونوں میں آپ فرق سمجھتے تھے اور زبر پڑھانے سے آپ کو اس کا خطرہ تھا کہ کہیں بچوں کے ذہن میں نبوت کے متعلق خلاف عقیدہ نہ بیٹھ جائے۔

حضرت علی ؓ کے متعلق جو حدیث: ’’**لا نبی بعدی**‘‘ والی بیان کی گئی ہے اور جو مولوی محمد حسین صاحب گواہ مدعیہ کے حوالہ سے اوپر گزر چکی ہے۔ اسے مدعا علیہ کی طرف سے صحیح مانا گیا ہے۔ مگر اس کی تاویل یہ کی گئی ہے کہ بعدی سے مراد یہاں موت کے بعد نہیں جیسا کہ عام طور پر سمجھا گیا ہے۔ بلکہ بعدی سے مراد جنگ تبوک کا عرصہ ہے۔ یعنی اس عرصہ میں آپ کے بعد کوئی نبی نہ ہوگا اور اس سلسلہ میں ایک اور حدیث کا حوالہ دیا جا کر یہ بیان کیا گیا ہے کہ ان کا مطلب یہ ہے کہ اے علی ؓ تم اس بات پر راضی نہیں کہ میرے خلیفہ بنو۔ جیسے ہارون موسیٰ کے خلیفہ تھے۔ مگر ہاں! تم نبی نہیں ہوگے اور اس سے یہ نتیجہ اخذ کیا گیا ہے کہ اس جملہ کے فرمانے کی ضرورت یہ تھی کہ حضرت علی ؓ کو ہارون علیہ السلام سے مشابہت دی گئی۔ اس سے شبہ پڑ سکتا تھا کہ آپ ہارون علیہ السلام کی طرح نبی بھی ہوں گے۔ اس لئے آنحضرت ﷺ نے وضاحت فرما دی کہ تم میرے بعد خلیفہ ہوگے۔ نبی نہیں ہوگے۔

تمام دلائل محض قیاسی ہیں اور کوئی علمی حیثیت نہیں رکھتے۔ ان کا جواب بھی قیاس ہوسکتا ہے۔ حضرت علی ؓ کے صاحبزادوں کا جو قصہ بیان کیا گیا ہے ممکن ہے کہ حضرت علی ؓ نے ت کی زیر سے اس لئے پڑھانا منع کیا ہو کہ زیر سے حضور ﷺ کی فضیلت کا پہلو پوری طرح سے ظاہر نہیں ہوتا اور زبر سے پڑھانے سے دونوں پہلو پوری طرح نمایاں ہو جاتے ہیں اور اگر یہ سمجھا جائے کہ اس وقت حضرت علی ؓ کے ذہن میں یہ بات تھی کہ زیر سے پڑھانے سے نبوت منقطع ہونے کا مغالطہ پڑتا ہے اور کہ ان کے نزدیک حضور ﷺ کے بعد نبوت جاری رہے گی تو جنگ تبوک کے موقعہ پر جب حضور ﷺ نے انہیں ہارون علیہ السلام سے تشبیہ دے کر یہ فرمایا تھا کہ ’’لا نبی بعدی‘‘ تو وہ عرض کر سکتے تھے کہ حضور جب آپ مثل موسیٰ علیہ السلام ٹھہرے اور میں مثل ہارون علیہ السلام تو میں بھی آپ کا چچازاد بھائی ہوں۔ اس لئے آپ موسیٰ علیہ السلام کی کیوں میرے حق میں دعا نہیں فرما دیتے کہ خدا مجھے بھی نبی بنا دے اور باہمی مماثلت کی بناء پر کوئی عجب نہ تھا کہ حضور ﷺ کی دعا سے انہیں بھی نبوت کا مرتبہ عطاء فرما دیتا۔

یہ محض ایسے قیاسات ہیں کہ جو ظنیات کی حد تک بھی نہیں پہنچتے اور مذہب میں جیسا کہ خود مدعا علیہ کی طرف سے تسلیم کیا گیا ہے، قطعیات کا اعتبار ہوتا ہے، نہ ظنیات یا قیاسات کا۔ باقی رہا حضرت عائشہؓ کا قول اس کے متعلق مدعیہ کی طرف سے تین جواب دیئے گئے ہیں۔ ایک تو یہ ''لا نبی بعدی'' کے کہنے سے چونکہ یہ اندیشہ تھا کہ کہیں کوئی بدعقیدہ شخص حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول سے انکار نہ کردے۔ اس لئے آپ نے فرمایا کہ ''خاتم النّبیین'' کہو، ''لا نبی بعدی'' نہ کہو۔ دوسرا یہ کہ خاتم النّبیین کے کہنے سے چونکہ دونوں مدعا حضورﷺ کا آخری اور افضل ہونا ظاہر ہوتے ہیں۔ اس لئے آپ نے فرمایا کہ ''لا نبی بعدی'' نہ کہو بلکہ ''خاتم النّبیین'' کہو۔

تیسرا یہ کہا جاتا ہے کہ حضرت عائشہؓ نے یہ حدیث خود روایت کی ہے کہ حضورﷺ نے فرمایا کہ نبوت ختم ہوچکی ہے۔ سوائے اس کے اب مبشرات ہوں گے اور مبشرات کی تشریح آپ نے یہ فرمائی کہ اچھی خوابیں۔ اس لئے مدعیہ کی طرف سے یہ کہا جاتا ہے کہ جب حضرت عائشہؓ کو خود اس حدیث کا علم تھا تو کس طرح کہا جاتا ہے کہ انہوں نے ''لا نبی بعدہ'' کہنے سے اس لئے منع کیا کہ وہ آپ کے بعد نبوت کو جاری سمجھتی تھیں۔ یہ ایک بہت معقول جواب ہے۔ اس کے علاوہ جن لوگوں کو آپ نے منع کیا ہوگا کہ وہ ''لا نبی بعدہ'' نہ کہیں تو انہوں نے آخر کوئی وجہ تو دریافت کی ہوگی۔ کیونکہ اس سے شبہ پڑ سکتا تھا کہ کیا آپ کے بعد نبوت جاری ہے جو وہ ایسا کرنے سے منع کرتے ہیں۔ ایسی کوئی تفصیل بیان نہیں کی جاتی۔ اس لئے ان کے اس قول سے یہ کوئی دلیل نہیں پکڑی جاسکتی کہ وہ آپﷺ کے بعد نبوت کا سلسلہ جاری سمجھتی تھیں۔

اس سلسلہ میں پھر مدعا علیہ کی طرف سے یہ کہا گیا ہے کہ یہ بھی واضح رہے کہ قرآن مجید میں الفاظ خاتم النّبیین ہیں، آخر النّبیین نہیں۔ آخر کچھ تو بھید ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کے لئے آخر النّبیین نہیں کہا بلکہ خاتم النّبیین کہا۔

اس میں اوّل تو کوئی بھید نہیں پایا جاتا، کیونکہ آخر النّبیین کا لفظ خاتم النّبیین کے مقابلہ میں زیادہ فصیح معلوم نہیں ہوتا اور قرآن مجید میں کوئی ایسا لفظ استعمال نہیں ہوا جو غیر فصیح ہو۔ دوسرا اللہ تعالیٰ کو چونکہ حضورﷺ کی دونوں فضیلتوں یعنی آپ کا آخر ہونا اور افضل ہونا دکھلانا مقصود تھیں۔ اس لئے خاتم النّبیین کا لفظ استعمال فرمایا گیا۔

اور اگر اللہ تعالیٰ کو اس میں کوئی بھید رکھنا منظور تھا تو پھر اس بھید کا کیا حل ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جب قرآن مجید کو نور، ہدایت اور فرقان فرمایا اور یہ بھی فرمایا کہ رسولوں پر ایمان لانے اور ان کی اطاعت کرنے میں تمہاری فلاح ہے اور گزشتہ بہت سے انبیاء کی تفصیل بھی بیان فرمادی۔ لیکن آئندہ آنے والے نبیوں کے متعلق نہ کوئی صراحت فرمائی اور نہ یہ فرمایا کہ ان پر بھی ایمان لانا فرض ہوگا تو پھر قرآن کیونکر نور اور ہدایت ٹھہرا۔

مدعا علیہ کے ایک گواہ کا بیان ہے کہ جس حدیث میں آخر الانبیاء کا لفظ آیا ہے وہ خبر واحد ہے جو ظن کا مرتبہ رکھتی ہے اور عقائد میں ظنیات کام نہیں دیتے۔ لیکن افسوس کہ یہ کہتے وقت اسے شاید اپنے طریق استدلال پر نظر نہیں رہی کہ وہ کہاں تک قطعیات کی رو سے بحث کر رہا ہے۔

اسی طرح اس نے ان احادیث کی بہت سے تاویلیں کی ہیں جن میں حضورﷺ کے متعلق آخر کے الفاظ پائے جاتے ہیں اور عربی، فارسی، اردو شعراء اور مصنّفین کے اقوال کے حوالوں سے یہ دکھلایا ہے کہ لفظ آخر اکثر بمعنی کمال استعمال ہوتا ہے۔ لیکن جیسا کہ اوپر درج کیا گیا ہے۔ یہ تمام بحث ایک علمی دلچسپی کے سواء اور کوئی حیثیت نہیں رکھتی۔ کیونکہ یہاں بحث عقائد سے ہے نہ کہ الفاظ کے معنی سے اور چونکہ الفاظ زیر بحث سے حضورﷺ کا آخری ہونا بھی پایا جاتا ہے۔ اس لئے اس معنی پر ہی آج تک امت کا عقیدہ چلا آیا ہے اور یہ عقیدہ جیسا کہ اوپر دکھلایا گیا ہے۔ اسلام کے اہم اور بنیادی مسائل میں سے ہے۔ اس لئے اس عقیدہ کو تبدیل کرانا۔ کسی ادیب، عالم، مفتی یا قاضی کا کام نہیں۔ بلکہ یہ عقیدہ سوائے اس شخص کے جو مامور من اللہ ہو اور کوئی تبدیلی نہیں کرا سکتا۔ اس پر پیچھے کافی بحث ہوچکی ہے کہ آیا

مرزاصاحب نبی اور مامور من اللہ ہیں یا نہ اور آخیر نتیجہ میں بھی اس پر بحث کی جائے گی۔

مدعاعلیہ کی طرف سے شیخ محی الدین ابن عربی اور دیگر بزرگان کے اقوال نقل کئے جاکر یہ دکھلایا گیا ہے کہ ان کے نزدیک بھی نبوت مرتفع ہونے سے یہ مراد ہے کہ شریعت والی نبوت مرتفع ہوگئی نہ کہ مقام نبوت اور کہ وہ حضور کے قول ''لا نبی بعدی'' کا یہ مطلب سمجھتے ہیں کہ آپ کے بعد کوئی ایسا نبی نہیں ہوگا جو آپ کی شریعت کے خلاف ہو۔ بلکہ جب بھی ہوگا آپ کی شریعت کے ماتحت ہوگا۔

مدعیہ کی طرف سے ان اقوال کی توجیہیں بیان کی گئی ہیں اور ان بزرگان کے دیگر اقوال سے یہ دکھلایا گیا ہے کہ وہ حضور ﷺ کے آخری نبی ہونے کے قائل تھے۔ لیکن قطع نظر اس کے یہ ممکن ہے کہ یہ اقوال لکھتے وقت حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول ان لوگوں کے ذہن میں ہو اور اس لئے یہ کہا گیا ہو کہ آپ کے بعد جب بھی کوئی نبی ہوگا وہ آپ کی شریعت کے ماتحت ہوگا۔ اس کا فیصلہ تو ان کی کتابوں کے دیکھنے سے پوری طرح کیا جاسکتا ہے۔ ان حوالوں کو چونکہ اس فیصلہ میں بحث سے نظر انداز کر دیا گیا ہے۔ اس لئے ان پر زیادہ رائے زنی کی ضرورت نہیں اور اگر ان تحریروں کا مطلب مدعاعلیہ کے ادّعا کے مطابق صحیح تسلیم کر لیا جائے تو پھر دیکھنا یہ ہے کہ آیا یہ ان کی ذاتی رائے ہے یا امت کا عقیدہ۔ اگر ان تحریروں کے بعد امت نے اپنا عقیدہ تبدیل نہیں کیا اور ان کا عقیدہ جوں کا توں رہا ہے اور اس میں ذرہ برابر فرق نہیں آیا تو پھر یہ تحریریں ان کی ذاتی اور شخصی رائے کے سواء اور کوئی وقعت نہیں رکھتیں اور اگر ان کے یہ اقوال ان کا کشف بھی سمجھے جائیں تو بھی جیسا کہ سید انور شاہ صاحب گواہ مدعیہ نے کہا ہے دین کے معاملہ میں وہ دوسروں پر کوئی حجت نہیں ہوسکتے۔ کیونکہ دینی معاملات میں سوائے نبی کی وحی کے اور کوئی بات قطعی نہیں ہے۔

رسول اللہ ﷺ کی دوسری حدیث پر جس میں آپ نے بنی اسرائیل کے نبیوں کے متعلق کہا ہے کہ جب ان میں ایک نبی فوت ہو جاتا تھا تو فوراً اس کا خلیفہ نبی ہوتا تھا۔ مدعاعلیہ کی طرف سے کہا گیا ہے کہ یہاں حضور ﷺ کی مراد بعدیت متصلہ ہے۔ یعنی آپ کے فوراً بعد ایسا نہیں ہوگا اور امت محمدیہ میں فوراً نبی کی ضرورت نہ ہوگی۔ لیکن اوّل تو اس حدیث کے یہ معنی تاویلی ہیں۔ دوسرا نہیں کہا جاسکتا کہ تیرہ سو سال کے عرصہ میں ایسا کوئی زمانہ نہیں آیا کہ جس میں نبی کی ضرورت محسوس نہ کی گئی ہو۔ علاوہ ازیں مرزاصاحب کے لئے مدعاعلیہ جس قسم کی نبوت ثابت کرنا چاہتا ہے۔ اس کی اس معنی سے تائید نہیں ہوتی۔ کیونکہ اس کے نزدیک مرزاصاحب کو جو نبوت ملی وہ حضور ﷺ کے کمال اتباع اور فیض سے ملی ہے اور یہ پایا جاتا ہے کہ حضور ﷺ کے زمانہ میں ہی حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضور ﷺ کے ایسے متبعین میں سے تھے کہ جن کی زبان پر فرشتے کلام کرتے تھے اور ان کی بابت حضور ﷺ نے یہ بھی فرمایا کہ اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ ہوتے اور یہ بھی کہا کہ اگر میں مبعوث نہ ہوتا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ مبعوث ہوتے تو کیا حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے بڑھ کر اس وقت حضور ﷺ کے اتباع کے لحاظ سے کوئی شخص نبوت کا مستحق ہوسکتا تھا۔ لیکن مدعاعلیہ کی مذکورہ بالا صراحت کے مطابق وہ حضور ﷺ کے بعد اس لئے نبی نہ بنے کہ اس وقت نبی کی ضرورت نہ تھی۔

اس سے یہ معلوم ہوا کہ حضور ﷺ کے اتباع سے نبوت ملنے کے ساتھ مشیت میں یہ بھی مقدر ہے کہ اس قسم کی نبوت اس وقت دی جائے، جس وقت کہ اس کی ضرورت ہو اور اس سے مدعاعلیہ کے اس اصول کی نفی ہو جاتی ہے کہ حضور ﷺ کے کمال اتباع اور فیض سے نبوت مل سکتی ہے۔ کیونکہ ایسا ہوتا تو ضرور ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو نبوت عطاء ہو جاتی۔ کیونکہ وہ نہ صرف کامل متبعین میں سے تھے، بلکہ حضور کے خاص مورد الطاف تھے اور جیسا کہ حضور ﷺ کے الفاظ سے اخذ ہوتا ہے۔ حضور ﷺ یہ چاہتے تھے کہ وہ نبی ہوں۔ لیکن چونکہ آپ ﷺ کے بعد نبوت منقطع ہو چکی تھی۔ اس لئے آپ ﷺ نے فرمایا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نبی نہیں ہوسکتے۔

مدعاعلیہ کی طرف سے اس حدیث کو کہ میرے بعد اگر نبی ہوتا تو عمر رضی اللہ عنہ ہوتے۔ ضعیف کہا گیا ہے اور پھر اس ضمن میں لفظ کے بعد بہت سے تاویلی معنی کئے گئے ہیں اور شاید اس لئے کہ یہ حدیث مدعاعلیہ کے منشاء کے بالکل مخالف تھی۔ حدیث کے الفاظ ایسے مبہم نہیں کہ ان

کے مفہوم کے لئے کسی تاویل کی ضرورت ہو، ان سے ہر شخص سمجھ سکتا ہے کہ وہاں بعد سے کیا مراد ہے۔

ختم نبوت کے بارہ میں مدعیہ کی طرف سے جو حدیث بیت النبوت والی پیش کی گئی ہے۔ اس کے متعلق مدعا کی طرف سے یہ کہا گیا ہے۔ اس میں من قبلی کے الفاظ ہیں اور ان الفاظ سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ یہ مثال ان انبیاء کی نسبت سے ہے جو حضورﷺ سے پہلے ہوگزرے ہیں۔ آئندہ کسی نبی کے آنے یا نہ آنے کا، اس میں ذکر نہیں۔ لیکن یہ حجت اس لئے درست نہیں کہ اس حدیث میں نبوت کو ایک گھر سے تشبیہ دی گئی ہے اور اس کی تکمیل کے سلسلہ میں یہ کہا گیا ہے کہ وہ آپﷺ کے وجود باجود سے قبل غیر مکمل تھا۔ آپ کے تشریف لانے پر مکمل ہوگیا۔ اگر آئندہ انبیاء کا سلسلہ جاری رہنا تسلیم کیا جائے تو پھر اس گھر کی تکمیل لازم نہیں آتی۔ یہ سمجھانے کے لئے کہ اب سلسلہ انبیاء میں سے اور کوئی باقی نہیں۔ نبوت کو ایک گھر سے تشبیہ دی گئی اور جیسا کہ گھر کی چنائی اینٹوں سے کی جاتی ہے۔ اس بیت نبوت کی چنائی انبیاء سے ہوئی اور جو ایک اینٹ اس گھر کی تکمیل کو ناقص بنائے ہوئے تھی۔ وہ حضورﷺ کے تشریف لانے پر پوری ہوگئی۔ اس مثال سے یہ دکھلایا گیا ہے کہ مشیت ایزدی میں جو تعداد انبیاء مقرر تھی۔ وہ آپ کے تشریف لانے سے پوری ہوچکی اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا دوبارہ آنا بھی یہ ظاہر کرتا ہے کہ انبیاء کی تعداد میں اب کوئی عدد باقی نہیں رہا۔ اس لئے سابقہ اعداد میں سے ایک کو واپس لانا پڑا ہے۔ اس پر مدعا علیہ کی طرف سے یہ اعتراض کیا گیا ہے کہ اگر عیسیٰ علیہ السلام کا آنا تسلیم کیا جائے تو پھر یہ ماننا پڑے گا کہ مکان کی تعمیر ادھوری رہ گئی۔ لیکن یہ حجت اس لئے قائم نہیں رہ سکتی کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اس مکان کی تعمیر میں پہلے شامل ہوکر اسے مکمل کر چکے ہیں اور نئے نبی اگر ابھی اور آنے باقی ہوں تو پھر اس عمارت کی تعمیر مکمل نہیں سمجھی جاسکتی۔ اس کی تکمیل اس وقت سمجھی جائے گی جب تمام انبیاء ختم ہوچکیں۔ اس لئے اسے اس وقت میں مکمل سمجھا جائے گا۔ جب کہ تمام انبیاء کا سلسلہ ختم نہ ہونے، حضورﷺ کا اس عمارت کو اپنی تشریف آوری سے مکمل فرمادینا اس بات کی دلیل ہے کہ آپ کے بعد تعداد انبیاء میں سے اور کچھ باقی نہیں۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا آنا ایسا ہے کہ جیسے کوئی شخص اپنے تکمیل شدہ مکان میں سے کچھ اینٹیں اکھاڑ کر بشرط ضرورت دوسری جگہ لگادے۔ اس پر یہ کہا جائے گا کہ اس نے اپنے مکان کو اکھیڑا، یہ نہ کہا جائے گا کہ اس نے مکان کو مکمل نہیں کیا۔ کیونکہ اس کی تکمیل پہلے ہوچکی تھی۔

مدعا علیہ کی طرف سے کہا گیا ہے کہ مرزاصاحب کا نبی ہونا، اس مکان کی تعمیر کا منافی نہیں۔ کیونکہ انہیں حضور کے فیض سے نبوت ملی ہے۔ اس لئے یہ نبوت اس مکان بیت النبوت کی تکمیل کا سلسلہ شمار ہوگی۔ ظاہر ہے کہ ایک مکمل چیز پر اگر کوئی اور زائد چیز بطور اضافہ شامل کی جائے تو اس سے دو ہی صورتیں پیدا ہوں گی۔ یا تو وہ زائد چیز اس کی زینت کو بڑھادے گی یا اسے بدزیب کردے گی۔ اب اگر مرزا صاحب کو بیت النبوت پر چسپاں کیا جائے، تو وہ یا تو اس کی زینت کو بڑھائیں گے، اسے بدزیب کریں گے۔ اگر سمجھا جائے کہ ان سے اس کی زینت بڑھے گی تو اس سے وہ افضل الانبیاء ہوجائیں گے، نہ کہ حضورﷺ اور یہ بات ان کے اپنے عقیدہ کے بھی خلاف ہے۔ اب صاف ہے کہ ان کے اس بیت النبوت پر چسپاں ہونے سے دوسری ہی صورت پیدا ہوگی اور اس گھر کی تکمیل میں وہ زائد از ضرورت ہی رہیں گے۔ اس لئے اس حدیث سے جس کی صحت سے مدعا علیہ کو بھی انکار نہیں۔ حضورﷺ کا آخری نبی ہونا پوری طرح ثابت ہوجاتا ہے۔

مدعیہ کی طرف سے ایک اور حدیث کا حوالہ دیا گیا ہے کہ آپﷺ نے فرمایا کہ میری امت میں تیس کذاب ہوں گے۔ ان میں سے ہر ایک اپنے آپ کو نبی خیال کرے گا۔ حالانکہ میرے بعد کوئی نبی نہیں۔ اس کے متعلق مدعا علیہ کی طرف سے یہ کہا گیا ہے کہ اس حدیث سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ آپﷺ کے بعد قیامت جو بھی دعویٰ نبوت کرے وہ ضرور جھوٹا ہے۔ کیونکہ آخرزمانہ میں آنے والے مسیح موعود کو خود حضور نے بھی نبی اللہ کے لقب سے ملقب فرمایا ہے۔ دوسرا تیس کی تعیین بھی بتلا رہی ہے کہ کوئی سچا بھی آسکتا ہے۔ تیسرا اس حدیث کا مضمون آج سے قریباً پانچ سو برس پہلے پورا ہوچکا ہے۔ کیونکہ ۳۰ دجال وکذاب گزر چکے ہیں۔ اس کا جواب ایک تو خود گواہ مدعا علیہ نے ہی دے

دیا ہے کہ اس کے علاوہ اور بھی حدیثیں ہیں کہ جس میں کذابوں کی تعداد کم وبیش ۷۰ تک بیان کی گئی ہے۔ اس لئے سمجھا جائے گا کہ حضور نے ۳۰ کی کوئی متعین تعداد بیان نہیں فرمائی۔ بلکہ اس قسم کے اعداد بیان کرنے سے حضور ﷺ کی مراد کذابوں کی کثرت بیان کرنے سے تھی۔ کیونکہ اگر مدعا علیہ کی بحث کی رو سے یہ قرار دیا جاوے کہ ایسے کذابوں کی کثرت بیان کرنے سے تھی۔ کیونکہ اگر مدعا علیہ کی بحث کی رو سے یہ قرار دیا جائے کہ ایسے کذابوں کی صحیح تعداد ۲۷ ثابت ہے تو پھر یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ جو تیس کذاب اس سے قبل گزرنے بیان کئے جاتے ہیں، ان میں سے تین ضرور سچے ہوں گے۔ لیکن ایسا ثابت نہیں ہوتا اور ان باقی ماندہ تین کو بھی دنیا نے جھوٹا ہی سمجھا اور انہیں بھی کذابوں کی ذیل میں داخل کیا گیا۔ دوسرا مسیح موعود کے آنے کی استثناء خود حضور ﷺ نے فرمادی اور ساتھ ہی اس کا نام عیسیٰ ابن مریم بتلا کر اسے نام سے ہی مشخص فرمادیا۔ علاوہ ازیں اگر سچے نبی ہو سکتے تھے تو کوئی وجہ معلوم نہیں ہوتی کہ جہاں حضور ﷺ نے جھوٹے نبیوں کی آمد اور ان کی تعداد کی اطلاع دی تھی۔ وہاں اس کی تصریح کیوں نہ فرمائی کہ اس کے بعد سچے نبی بھی آئیں گے اور اس قدر آئیں گے۔ ناممکن معلوم ہوتا ہے کہ امت کو ایک گمراہی سے بچا کر دوسری گمراہی میں ڈال دیا جاتا اور انہیں جھوٹے اور سچے نبی میں تمیز کرنے کے لئے کوئی معیار نہ بتلایا جاتا۔ اس لئے یہ حدیث بھی مشیت اڈعا مدعیہ اور مدعا علیہ کی حجت کے منافی ہے۔

لہٰذا اس تمام بحث سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ حضور ﷺ آخری نبی ہیں اور آپ ﷺ کے بعد اور کوئی نیا نبی نہیں ہوسکتا۔ اس کے بعد مدعا علیہ کی طرف سے یہ کہا گیا ہے کہ مسیلمہ کذاب وغیرہ کاذب مدعیان نبوت کے جو حوالے مدعیہ کی طرف سے پیش کئے گئے ہیں اور یہ کہا گیا ہے کہ انہیں اس بناء پر قتل کیا گیا کہ انہوں نے دعویٰ نبوت کیا تھا۔ یہ درست نہیں ہے۔ کیونکہ ان لوگوں کے ساتھ صحابہ کا جنگ کرنا محض اس وجہ سے تھا کہ انہوں نے بغاوت کی تھی اور اسلامی حکومت کا مقابلہ کر کے خود بادشاہ بننا چاہا تھا اور نبوت کے دعویٰ کو اس کے حصول کے لئے انہوں نے صرف ایک ذریعہ بنایا تھا۔ اگر مدعا علیہ کا یہ اڈعا درست بھی سمجھ لیا جائے تو چونکہ اس کے ساتھ ہی وہ بیان کرتا ہے کہ انہوں نے دعویٰ نبوت کو حصول حکومت کے لئے ایک ذریعہ بنایا تھا تو اس سے یہ نتیجہ بھی نکالا جاسکتا ہے کہ جس بناء پر وہ اپنے آپ کو حکومت کا حق دار سمجھتے تھے، صحابہ نے اسے بھی نادرست سمجھا تھا۔ اگر صحابہ کے ذہن میں یہ ہوتا کہ حضور ﷺ کے بعد نبوت ہوسکتی ہے تو وہ ان کی نبوت کے متعلق پورا اطمینان کرتے اور اس کے بعد ان کے ساتھ جنگ کرنے کا فیصلہ کرتے۔ خلافت ارضی جلیل القدر انبیاء کی نبوت کا ایک جزو لاینفک رہی ہے اور ممکن ہے کہ مذکورہ بالا مدعیان نبوت خلافت ارضی کو لوازمات نبوت میں سے سمجھتے ہوئے دعویٰ نبوت کے بعد اس کے لئے کوشاں ہوئے ہوں تو اس صورت میں صحابہ کا ان کے ساتھ جنگ کرنا دعویٰ نبوت کی بناء پر متصور ہوگا، نہ کہ بغاوت کی بناء پر۔ کیونکہ انہیں باغی مرتد اور کافر قرار دیا جاکر سمجھا گیا۔

اس سلسلہ میں مزید کسی بحث کی ضرورت نہیں۔ مدعا علیہ نے اپنی بحث میں آگے یہ دکھلایا ہے کہ مرزاصاحب نے ظلی اور بروزی کی اصطلاحات یہ دکھلانے کے لئے قائم کی ہیں کہ جس قسم کی نبوت کے وہ مدعی ہیں وہ شریعت والی نبوت نہیں اور نہ اس سے قرآن مجید کا منسوخ ہونا لازم آتا ہے۔ بلکہ آپ کا مطلب ان سے صرف یہ تھا کہ ان کو بلاواسطہ نبوت نہیں ملی۔ بلکہ آنحضرت ﷺ کے اتباع اور آپ ﷺ میں فنا ہوکر اور آپ ﷺ کی غلامی میں یہ مرتبہ نبوت ملا ہے۔ اس لئے اپنے آپ کو ظلی نبی لکھا تاکہ آئندہ لوگ نبی کا لفظ سن کر چونک نہ پڑیں اور اس ظلی وبروزی کے لفظ سے سمجھ لیں کہ آپ ویسے نبی نہیں جو معروف اصطلاح میں لئے جاتے ہیں۔ بلکہ یہ کہ ہر ایک کمال آپ کو آنحضرت ﷺ کے اتباع اور ذریعہ سے ملا ہے۔ آپ نے صرف اپنی نبوت کی حقیقت سمجھانے کے لئے ظلی، بروزی اور امتی نبی کی اصطلاحیں مقرر کیں تاکہ لوگ نبی کے لفظ سے دھوکہ نہ کھا جائیں اور اصطلاحوں کا قائم کرنا، ہر ایک کے لئے جائز ہے۔ بروز وغیرہ کے الفاظ صوفیاء نے بھی قائم کئے ہیں۔ مرزاصاحب تناسخ کے اس معنی میں جس معنی میں کہ اہل ہنود سمجھتے ہیں قائل نہ تھے۔ ان کے اس قول سے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنی

خو، طبیعت اور مشابہت کے لحاظ سے عبداللہ پسر عبدالمطلب کے گھر جنم لیا، سے یہ، مراد نہیں کہ آنحضرت ﷺ کی پیدائش حضرت ابراہیم ہی کی پیدائش تھی۔ چنانچہ انہوں نے (تریاق القلوب ص۱۵۵، خزائن ج۱۵ ص۴۷۷ حاشیہ) پر وجود دوریہ کی تفسیر خود ہی بیان کی ہے اور تناسخ کے مسئلہ کا رد مرزاصاحب نے اپنی بہت سے کتابوں میں کیا ہے۔ مہدی موعود کی بروزی نبوت کے متعلق مولوی نجم الدین صاحب نے جو اعتراض کیا ہے۔ اس کے متعلق کہا گیا ہے کہ اس نے اس حوالہ کے آگے کی عبارت نہیں پڑھی۔ اس میں خاتم الاولاد کا مطلب یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ اس کے خاتمہ کے بعد نسل انسان کوئی کامل فرزند پیدا نہیں کرے گا۔ باستثناء ان فرزندوں کے جو اس کی حیات میں ہوں۔

سوائے ظلی اور بروزی اصطلاحات کے باقی تمام بحث فروعی امور کے متعلق ہے جن کا امر مابہ النزاع پر چنداں کوئی اثر نہیں پڑتا۔ لیکن اس سے جواب میں اگر مدعیہ کی بحث کو جو اوپر بیان کی جاچکی ہے دیکھا جائے تو اس سے یہ نتیجہ درست طور پر برآمد ہوتا ہے کہ ظلی اور بروزی اور امتی وغیرہ کی اصطلاحات محض الفاظ ہی الفاظ ہیں۔ دراصل مرزاصاحب کا دعویٰ حقیقی نبوت کے متعلق ہی تھا۔ جیسا کہ اس کی تشریح بعد میں ان کے خلیفہ ثانی کی تحریر میں جس کا حوالہ اوپر گزر چکا کی گئی ہے۔ خلیفہ صاحب کی اس تحریر کے متعلق مدعا علیہ نے ان کی ایک اور تحریر کا حوالہ دیتے ہوئے یہ کہا ہے کہ وہ لکھتے ہیں کہ میں نے مثال کے طور پر لکھا تھا کہ اگر حقیقی نبی کے یہ معنی کئے جائیں کہ وہ بناوٹی یا نقلی نبی نہ ہو تو ان معنوں کی رو سے حضرت مسیح موعود کو میں حقیقی نبی مانتا ہوں۔ یعنی صادق اور منجانب اللہ اور غیر تشریعی نبی مانتا ہوں۔ لیکن اس سے ان کی وہ تحریر جس کا حوالہ مدعیہ کی طرف سے دیا گیا ہے، رد نہیں ہوئی۔ وہ تحریر بذاتہٖ ایسی ہے کہ جس سے خود ایک مستقل مفہوم پیدا ہوتا ہے۔ اس میں انہوں نے مرزاصاحب کے حقیقی نبی ہونے کا ثبوت دینے کی بھی آمادگی ظاہر کی ہے اور پھر ساتھ ہی یہ کہا ہے کہ انہوں نے ظلی بروزی کے الفاظ محض بطور انکسار کے استعمال فرمائے ہیں اور کہ اس قسم کی فروتنی نبیوں کی شان میں داخل ہے۔ ان کے ان الفاظ کی مدعا علیہ کی طرف سے کوئی تردید نہیں کی گئی اور نہ ان کی کوئی تردید ہوسکتی ہے۔ مرزاصاحب نے اپنے ایک اعلان میں یہ لکھا ہے کہ خدا نے مجھے آنحضرت ﷺ کا وجود ہی قرار دیا۔ اس لئے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بروزات کے سلسلہ میں مرزاصاحب کے جن اقوال کا حوالہ گواہان مدعیہ کے بیانات میں دیا گیا ہے اور ان سے جو نتائج انہوں نے برآمد کئے ہیں اور جو ان کی بحث میں اوپر بیان کئے جاچکے ہیں۔ ان سے واقعی یہ اخذ ہوتا ہے کہ مرزاصاحب اپنے ان اقوال میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کا اس قسم کا جنم مراد لیتے ہیں کہ جو بطریق تناسخ سمجھا جاتا ہے نہ کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی خو، طبیعت اور دیگر خصائل کے ودیعت ہونے سے۔ ان سوالات پر زیادہ بحث کی ضرورت نہیں۔ کیونکہ یہ سوالات مرزاصاحب کی اپنی تکفیر سے تعلق رکھتے ہیں جو کہ اس مقدمہ میں ایک ضمنی سوال ہے۔ اس لئے ان کے ایسے عقائد پر کہ جن پر مقدمہ ہذا کے تصفیہ کا زیادہ دارومدار نہیں ہے۔ تفصیلی بحث بلاضرورت ہے۔

ذیل میں مدعا علیہ کی طرف سے مدعیہ کے ان اعتراضات کا جواب درج کیا جاتا ہے جو مرزاصاحب کے دعویٰ نبوت تشریعہ کے متعلق عائد کئے گئے ہیں۔

اس کی طرف سے بیان کیا گیا ہے کہ مرزاصاحب نے جہاں اپنے لئے رسول کا لفظ لکھا ہے۔ وہاں انہوں نے اس لفظ کے ساتھ کسی جگہ شریعت کا لفظ استعمال نہیں کیا۔ بلکہ انہوں نے صاف لکھا ہے کہ آسمان کے نیچے بجز فرقان حمید اور کوئی کتاب نہیں۔ دعویٰ نبوت کے متعلق انہوں نے صاف کہا ہے کہ میں ان معنوں میں نبی ہوں کہ میں نے اپنے رسول مقتداء سے باطنی فیوض حاصل کر کے اور اپنے لئے اس کا نام پاکر اس کے واسطہ سے خدا کی طرف سے علم غیب پایا ہے۔ رسول اور نبی ہوں مگر بغیر کسی جدید شریعت کے اور جہاں انہوں نے یہ کہا ہے کہ مجھے نبی کا خطاب دیا گیا۔ وہاں آگے یہ الفاظ بھی ہیں۔ مگر اس طرح سے کہ ایک پہلو سے نبی اور ایک پہلو سے امتی۔

جہاں مرزاصاحب نے یہ کہا ہے کہ وہ اپنی وحی پر اس طرح ایمان لاتے ہیں جس طرح کہ قرآن اور دوسری وحیوں پر۔ اس سے

ان کا صاحب شریعت نبی ہونے کا دعویٰ اخذ نہیں ہوتا بلکہ اس قسم کے اقوال سے یہ مراد ہے کہ آپ اپنی وحی کو منجانب اللہ اور اس کے دخل شیطانی اور خطاء سے پاک ومنزہ ہونے پر کامل یقین رکھتے ہیں اور اس کا وہ اظہار کر رہے ہیں اور یہ اس بات کو مستلزم نہیں کہ آپ صاحب شریعت ہونے کے مدعی ہیں۔

مرزاصاحب نے یہ نہیں کہا کہ میری وحی شرعی اور قرآن کی مثل ہے۔ مرزاصاحب کا اپنی وحی کو مدار نجات ٹھہرانا بھی ان کا مدعی نبوت تشریعیہ ہونا ثابت نہیں کرتا۔ کیونکہ ان کی جو وحی اور تعلیم ہے، وہ وہی تعلیم ہے جو عین قرآن مجید اور اسلام کی ہے۔ لیکن اتنی بات ضرور ہے کہ اب قرآن مجید کی اس تعلیم پر کاربند ہو کر وہی نجات پاسکتا ہے جو آپ کے حلقہ بیعت میں داخل ہو، دوسرا نہیں۔ مرزاصاحب نے یہ نہیں فرمایا کہ میری وحی میں کوئی نئی شریعت ہے یا میری وحی ناسخ شریعت محمدیہ ہے۔ بلکہ فرمایا کہ شریعت محمدیہ کے ہی بعض ضروری احکام کی تجدید ہے۔ قرآن مجید کی بیسیوں آیتیں دوبارہ امت محمدیہ کے اولیاء اللہ پر نازل ہوئیں۔ اسی طرح مرزاصاحب پر قرآن مجید کے بہت سے اوامر ونواہی نازل ہوئے اور انہی کے متعلق مرزاصاحب نے لکھا ہے کہ میری وحی میں امر بھی ہے اور نہی بھی۔

مرزاصاحب کے قول نمبر۶ مذکورہ بالا کے متعلق یہ کہا گیا ہے کہ اولیاء امت نے اس امر کو تسلیم کیا ہے کہ شریعت محمدی کے اوامر ونواہی کا بطور تجدید کے کسی بزرگ پر نازل ہو جانا جائز ہے۔ صرف ایسے اوامر ونواہی کا جو شریعت محمدیہ کے مخالف ہوں اور آنحضرت ﷺ کی پیروی کا نتیجہ نہ ہوں اترنا ممنوع ہے۔ اس قول میں مرزاصاحب نے شریعت کا لفظ صرف مخالفین کے مقابل پر بطور الزام استعمال کیا ہے اور فرضی طور پر معترضین کو ملزم کرنے کے لئے فرماتے ہیں کہ یہ عذر بھی مخالفین کا باطل ہے۔ کیونکہ شریعت اوامر ونواہی کا نام ہے اور میرے الہامات میں امر اور نہی دونوں موجود ہیں۔

قول نمبر۱۲ کے متعلق یہ کہا گیا ہے کہ اس سے جو مرزاصاحب کے صاحب شریعت نبی ہونے کا استدلال کیا گیا ہے۔ وہ درست نہیں۔ کیونکہ اس جگہ انہوں نے صرف صاحب شریعت نبی، محدث اور ملہم کے انکار کا حکم بیان کیا ہے اور دوسرے انبیاء جو شریعت یا احکام جدیدہ نہیں لائے۔ ان کا حکم اس عبارت میں مذکور نہیں۔ اس سے گواہان مدعیہ نے جو نتیجہ نکالا ہے وہ مرزاصاحب کی دوسری تحریروں کے مخالف ہے۔ کیونکہ دوسری جگہ مرزاصاحب نے کہا ہے کہ میری مراد نبوت سے یہ نہیں ہے کہ میں آنحضرت ﷺ کے مقابلہ پر کھڑا ہو کر نبوت کا دعویٰ کرتا ہوں یا کوئی نئی شریعت لایا ہوں۔ صرف میری مراد نبوت سے کثرت مکالمت ومخاطبت الٰہیہ ہے اور دوسری جگہ لکھتے ہیں کہ جو شخص مجھے نہیں مانتا وہ اس وجہ سے نہیں مانتا کہ وہ مجھے مفتری قرار دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ خدا پر افتراء کرنے والا سب کافروں سے بڑھ کر کافر ہے۔ پس جب کہ میں نے ایک مکذب کے نزدیک خدا پر افتراء کیا تو اس صورت میں، میں نہ صرف کافر بلکہ بڑا کافر ہوا اور اگر میں مفتری نہیں تو بلاشبہ وہ کفر اس پر پڑے گا۔

مرزاصاحب کے مدعی صاحب شریعت ہونے کی بابت مدعیہ کی طرف سے جو ان کے ماہواری چندہ دیئے جانے کے حکم کا حوالہ دیا جا کر بحث کی گئی ہے، اس کے متعلق مدعا علیہ کا یہ جواب ہے کہ وہ کوئی نیا حکم نہیں اور نہ اس میں تعمیل نہ کرنے والے کے متعلق کافر، مرتد یا ملعون وغیرہ کے الفاظ استعمال کئے گئے ہیں بلکہ یہ حکم قرآن مجید کی تعلیم کے مطابق ہے۔ کیونکہ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے انفاق فی سبیل اللہ پر بہت زور دیا ہے۔ مرزاصاحب نے اس قرآنی تعلیم کے ماتحت فرمایا کہ ایسا شخص جو راہ خدا پر خرچ نہیں کرتا اور باوجود مقدرت ۳،۲ ماہ تک اس ربانی حکم سے غافل رہتا ہے اور کچھ پرواہ نہیں کرتا تو اس کا سلسلہ سے کوئی تعلق نہیں اور گواہان مدعیہ کا یہ کہنا کہ زکوٰۃ نہ دینے والے کے متعلق ایسا حکم نہیں ہے، درست نہیں۔ کیونکہ حضرت ابوبکر صدیق ؓ نے ان لوگوں کے متعلق جنہوں نے زکوٰۃ دینے سے انکار کیا تھا فرمایا کہ اللہ کی قسم کہ اگر انہوں نے ایک معمولی رسی بھی جس سے اونٹ باندھا جاتا ہے اور جسے وہ رسول اللہ ﷺ کے وقت میں ادا

کرتے تھے، روکی تو میں قتال کروں گا۔ دیکھئے کہ زکوٰۃ میں سے کچھ ادا نہ کرنے پر کتنی سخت سزا مقرر کی گئی۔ ان دلائل کے زیادہ تفصیلی جواب دینے کی ضرورت نہیں۔ ان کو اگر گواہان مدعیہ کی پیش کردہ دلائل کی روشنی میں دیکھا جائے گا کہ تو ان کا ابطال خود بخود ہی ثابت ہو جائے گا۔ تاہم ان کے مختصراً جوابات درج کئے جاتے ہیں۔ رسول کی تعریف خود گواہ مدعاعلیہ نے یہ کی ہے کہ جو صاحب کتاب ہو اور نبی عام ہوتا ہے چاہے کتاب لائے یا نہ لائے۔ اب مرزاصاحب کے اپنے آپ کو رسول کہنے سے یہی مراد لی جائے گی کہ وہ صاحب کتاب نبی ہیں۔ علاوہ ازیں جو وحی کہ دخل شیطانی سے منزہ قرار دی جائے تو وہ منجانب اللہ ہونے کی وجہ سے اسی طرح قطعی ہوگی۔ جیسا کہ دیگر انبیاء کی وحی۔ چنانچہ مرزاصاحب خود بھی فرماتے ہیں کہ اگر ان کی وحی کو جمع کیا جائے تو وہ کوئی جزئیں بن جائے۔ اب اس قسم کی وحی اگر کتابی صورت میں نہ بھی لائی جائے تو بھی کتاب اللہ کہلائے گی۔ کیونکہ اس میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے اوامرونواہی بیان کئے جاتے ہیں۔ مرزاصاحب کی ایسی وحی جس میں شریعت محمدیہ کے اوامرونواہی کی تجدید ہے، بہت تھوڑی ہے۔ اس کے علاوہ ان کی جو دیگر وحی ہے۔ اس کی قطعیت کے لحاظ سے اس پر بھی اسی طرح ایمان لانا ضروری ہوگا۔ جیسا کہ قرآن مجید پر اور وہ بھی شریعت کا جزو تصور ہوگی۔ اس لئے مرزاصاحب نے رسول کے لفظ کے ساتھ شریعت کا لفظ استعال نہیں کیا تو بھی ان کی تصریحات سے یہی سمجھا جائے گا کہ وہ صاحب شریعت رسول ہیں چاہے وہ صاف الفاظ میں یہ کہیں یا نہ کہیں۔ ان کے دیگر اقوال جن میں انہوں نے اپنی نبوت کی تشریح کی ہے یا یہ کہا ہے کہ جدید شریعت نہیں لائے۔ ان اقوال کا کہ جن سے مذکورہ بالا نتائج اخذ ہوتے ہیں، رد نہیں بن سکتے، کیونکہ جیسا کہ شروع بحث میں دکھلایا گیا جو اقوال کہ اپنے اندر مستقل مفہوم لئے ہوئے ہیں۔ ان کے مطالب وہی سمجھے جائیں گے جو ان اقوال کی اپنی طرز بیان سے اخذ ہوتے ہیں اور تاوقتیکہ اس بات کی صراحت نہ ہو کہ وہ اقوال واپس لئے جاچکے ہیں۔ دیگر اقوال نہ ان کے قائم مقام بن سکتے ہیں اور نہ ان کی تشریح۔

مرزاصاحب چاہے یہ کہیں یا نہ کہیں کہ ان کی وحی شرعی اور قرآن کی شکل ہے۔ وہ جب اسے دخل شیطانی سے پاک سمجھتے ہیں اور دوسروں پر حجت قرار دے کر اسے مدار نجات ٹھہراتے ہیں اور اپنے نہ ماننے والے کو بھی کافر سمجھتے ہیں اور بقول گواہ مدعاعلیہ اب آئندہ کے لئے مرزاصاحب کی بیعت میں داخل ہونا بھی ضروری ہے تو پھر کیونکر کہا جاسکتا ہے کہ ان کی وحی شرعی نہیں۔ خصوصاً جب کہ صاحب شریعت کی تعریف بھی خود مرزاصاحب یہ کرتے ہیں کہ جس نے اپنی وحی کے ذریعہ چند امرونہی بیان کئے اور اپنی امت کے لئے ایک قانون مقرر کیا وہی صاحب شریعت ہوگیا اور پھر آگے یہ بھی کہتے ہیں یہ ضروری نہیں کہ وہ اوامرونواہی نئے ہوں۔ ان کی اس تعریف کی رو سے صاف قرار دیا جاسکتا ہے کہ وہ اپنی وحی کو شرعی سمجھتے ہیں اور جب وہ شرعی وحی ہوئی تو اس پر ایمان لانا اسی طرح واجب ہوا۔ جیسا کہ قرآن مجید پر یہ ضرور ہے کہ قرآن مجید کی آیات کا نزول دیگر اولیاء اللہ پر بھی ہوتا ہے۔ لیکن ان میں سے کسی نے ان کو اپنے اوپر چسپاں نہیں کیا اور نہ ان کو دوسروں پر بطور حجت پیش کیا ہے۔ اس لئے دیگر اولیاء اللہ کی مثال مرزاصاحب کے مقابلہ میں پیش نہیں کی جاسکتی۔

قول نمبر۶ میں صاحب شریعت کے الفاظ مرزاصاحب کی طرف سے فرضی طور پر استعال نہیں کئے گئے۔ جیسا کہ مدعاعلیہ کا ادّعا ہے، بلکہ بڑی شدومد سے صاحب شریعت کی تعریف کی جاکر اپنا صاحب شریعت ہونا دکھلایا گیا ہے۔ اس قول کی عبارت پڑھنے سے معلوم ہوسکتا ہے کہ وہاں صاحب شریعت کے الفاظ فرضی ہیں یا اصلی اس قول کی مزید تائید پھر قول نمبر۱۲ سے ہوتی ہے۔ اس قول کے مرزاصاحب کے دیگر اقوال متناقض ہونے کو خود گواہ مدعاعلیہ نے بھی مانا ہے اور مرزاصاحب کے دیگر اقوال سے اس نقیض کو رفع کرنے کی کوشش کی ہے۔ لیکن یہ قول بذاتہ کسی شرح کا محتاج نہیں اور اپنا مفہوم آپ ہی بیان کر رہا ہے۔ اس قول میں مرزاصاحب نے اپنی عظمت اور شان دکھلا کر یہ ثابت کیا ہے کہ وہ صاحب شریعت نبی ہیں اور اپنے دعویٰ کے انکار کرنے والوں کو وہ اس بناء پر کافر کہتے ہیں۔ یہ ان کی طرف سے ایک دوسری توجیہہ ہے کہ وہ اس شخص کو جو انہیں نہیں مانتا اس بناء پر کافر کہتے ہیں کہ وہ انہیں مفتری سمجھتا ہے۔

اور چونکہ وہ مفتری نہیں ہیں۔اس لئے وہ کفر اس پر لوٹتا ہے۔

مرزا صاحب نے اپنی جماعت کو جو ماہواری چندہ دینے کا حکم دیا ہے اور اس سلسلہ میں ان کی طرف سے جو فرمان شائع ہوا ہے اور جس کا حوالہ اوپر دیا جا چکا ہے۔اس کے ملاحظہ سے پایا جاتا ہے کہ انہوں نے یہ حکم اللہ تعالیٰ سے مطلع ہوکر دیا ہے۔گویا یہ حکم دراصل ان کا حکم نہیں۔اللہ تعالیٰ کا حکم ہے۔چنانچہ گواہ مدعا علیہ بھی تسلیم کرتا ہے کہ یہ ایک ربانی حکم ہے اور اس ربانی حکم کی تعمیل نہ کرنے والے کو مرزا صاحب نے منافق کہا ہے۔اب اگر مرزا صاحب نے صاف الفاظ میں یہ نہیں کہا کہ وہ مرتد اور ملعون ہے تو اس سے ان کے اس حکم کے نتیجہ پر کہ وہ منافق ہے کوئی اثر نہیں پڑ سکتا۔کیونکہ منافق کو خداوند تعالیٰ نے کافروں کی ذیل میں شامل کیا ہے۔بلکہ بہت بڑا کافر کہا ہے۔اس لئے قاصر کو سوائے اس کے کہ اسے مرتد اور ملعون سمجھا جائے اور کیا کہا جائے گا۔کیونکہ اس کا بیعت سے خارج ہو جانا بھی مثل ارتداد ہے۔

اگر مرزا صاحب کے باوجود اسے منافق کہنے اور بیعت سے خارج کرنے کے گواہ مدعا علیہ کے نزدیک پھر بھی وہ مسلمان رہتا ہے تو اس کے یہ معنی ہیں کہ وہ مرزا صاحب کو نبی اللہ نہیں مانتا۔کیونکہ نبی کے حکم کی تعمیل عین خدا کی تعمیل ہوتی ہے اور اس کی ناراضگی موجب غضب الٰہی معلوم ہوتا ہے کہ یہ حکم دیتے وقت مرزا صاحب نے بھی اپنے مرتبے کو پوری طرح مدنظر نہیں رکھا اور اپنی طاقت کے ساتھ خدا کی طاقت کو بھی شامل کرنے کے باوجود قاصر کو صرف یہی سزا دے سکتے ہیں کہ اسے سلسلہ بیعت سے خارج کر دیا جائے گا۔حالانکہ خدا نے نبی کی وہ شان بنائی ہے کہ اس کے حکم کی عدم تعمیل تو بجائے خود اس کے آگے اونچا بولنے سے بھی تمام اعمال کے ضائع ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے اور عدم تعمیل احکام تو دین و دنیا میں کہیں کا نہیں چھوڑتی۔اس سلسلہ میں مدعیہ کی طرف سے یہ درست کہا گیا ہے کہ زکوٰۃ کے متعلق بھی اس قسم کا کوئی شرعی حکم نہیں جس حکم کا حوالہ گواہ مدعا علیہ نے دیا ہے وہ رسول اللہ ﷺ کے خلیفہ اوّل کا ہے نہ کہ خدا اور اس کے رسول کا۔گواہ مدعا علیہ کا اس بارہ میں مرزا صاحب کا حضرت ابوبکر صدیقؓ کے ساتھ مقابلہ کرنا مرزا صاحب کے مرتبہ کی ایک اور تنقیص ظاہر کرتا ہے۔ایک طرف تو وہ انہیں نبی مانتا ہے اور پھر ان کے احکام کے مقابلہ میں ایک غیر نبی کے احکام پیش کرتا ہے۔یہ معمہ سمجھ میں نہیں آتا کہ ان لوگوں نے مرزا صاحب کو باوجود نبی ماننے کے ان کی کیا شان سمجھ رکھی ہے۔کچھ شک نہیں کہ مرزا صاحب کا یہ حکم زکوٰۃ پر مستزاد ہونے کی وجہ سے ایک نیا حکم ہے اور اس بناء پر مرزا صاحب اپنی بیان کردہ تعریف کی رو سے بھی شرعی نبی ہوئے۔ہر حکم انفاق فی سبیل اللہ کی ترغیب نہیں، بلکہ اللہ تعالیٰ کے حکم کی تعمیل میں نافذ ہونا بیان کیا گیا ہے اور خود مدعا علیہ کی طرف سے اسے ایک ربانی حکم ہونا مانا گیا ہے اور پھر اس کی سزا بھی محض دنیاوی مقرر نہیں، بلکہ قاصر کو منافق قرار دیا جا کر اور مرتد بنایا جا کر اسے عذاب آخرت کا مستوجب قرار دیا گیا ہے۔تو ان حالات میں کیونکر کہا جا سکتا ہے کہ یہ کوئی شرعی حکم نہیں، بلکہ محض انفاق فی سبیل اللہ میں ایک ترغیب ہے۔اگر نبیوں کے احکام کی اس طرح تعبیر کی جانی لگے تو پھر نبی اور رسولوں کے احکام تو بجائے خود احکام خداوندی کی بھی کوئی حقیقت نہیں رہتی اور نبوت کا تمام سلسلہ ہی ایک بے معنی سی چیز دکھائی دینے لگتا ہے۔لہٰذا مرزا صاحب کی ان تحریروں سے جن کا اوپر حوالہ دیا گیا ہے۔یہ نتیجہ درست طور پر اخذ کیا گیا ہے کہ وہ صاحب شریعت نبی ہونے کے بھی دعوے دار ہیں۔گو بعد میں انہوں نے اپنے اس دعویٰ میں کامیاب نہ ہونے کی صورت دیکھ کر اس پر زیادہ زور نہیں دیا اور اپنے ان اقوال کی جن سے ان کے صاحب شریعت نبی ہونے کے نتائج اخذ ہوتے، مختلف توجیہیں شروع کر دیں۔

اس کے بعد مدعا علیہ کی طرف سے مرزا صاحب کے قیامت، نفخ صور اور حشر اجساد وغیرہ اعتقادات کے متعلق یہ کہا گیا ہے کہ گواہان مدعیہ کی طرف سے ان عقائد کی نسبت جو اعتراضات وارد کئے گئے ہیں، وہ درست نہیں۔کیونکہ مرزا صاحب نے ان عقائد نسبت جو کچھ بیان کیا ہے وہ قرآن مجید اور احادیث کی رو سے درست ہے۔ان عقائد کے متعلق زیادہ تفصیلی بحث کی ضرورت نہیں صرف یہ لکھ دینا کافی ہے کہ اگر مرزا صاحب کو نبی تسلیم نہ کیا جائے تو پھر تو ان عقائد کے متعلق ان کی رائے ایک ذاتی رائے تصور ہوگی اور اس سے اختلاف کیا جانا

ممکن ہوگا اور اگر انہیں نبی تسلیم کر لیا جائے تو پھر ان کی رائے تعلیم وحی کا نتیجہ شمار ہوکر قابل پابندی ہوگا اور اس صورت میں اس سے ذرا بھر اختلاف نہیں ہوسکے گا بلکہ اختلاف کرنے والا عاصی سمجھا جائے گا۔ ان کے نبی نہ ہونے کی صورت میں ان کے یہ عقائد امت کے خلاف ہونے کی وجہ سے تحقیق طلب ہوں گے اور ممکن ہے کہ اس صورت میں ان کے خلاف فتویٰ کی صورت بھی بدل جائے۔ مگر ان کے مدعی نبوت ہونے کی حالت میں ان کے یہ عقائد جمہور امت کے عقائد کے خلاف ہونے کے باعث وجوہات تکفیر میں مزید اضافہ کا سبب بن سکیں گے۔

اب ذیل میں توہین انبیاء کے سلسلہ میں مدّعیہ کی طرف سے پیش کردہ دلائل کا جو جواب مدعا علیہ کی طرف سے دیا گیا ہے وہ درج کیا جاتا ہے۔

مدعا علیہ کی طرف سے کہا جاتا ہے کہ مرزاصاحب نے کسی نبی کی توہین نہیں کی۔ کیونکہ یہ ممکن نہیں کہ جو شخص اپنے آپ کو جن لوگوں سے مشابہت دیتا ہے اور کہتا ہے کہ میں بھی اس پاک گروہ کا ایک فرد ہوں۔ پھر کیونکر ان کی توہین کرسکتا ہے، کیونکہ وہ توہین اس کی اپنی توہین ہوگی۔

اصول کے لحاظ سے تو یہ بات درست ہے، لیکن اس کا فیصلہ مرزاصاحب کے اقوال سے ہوتا ہے۔ گواہان مدعیہ کے بیانات میں اس کی مفصل بحث پائی جاتی ہے۔ اس لئے یہاں اس کے اعادہ کی ضرورت نہیں۔

مدعا علیہ کی طرف سے یہ کہا جاتا ہے کہ مرزاصاحب کے جن اشعار کو باعث توہین قرار دیا گیا ہے۔ اس سے کوئی توہین پیدا نہیں ہوتی۔ بلکہ مرزاصاحب کی ان اشعار سے مراد یہ ہے کہ جام عرفان الٰہی اور ایقان ہر نبی کو دیا گیا تھا اور خداوند تعالیٰ نے وہ پورے کا پورا مجھے بھی دیا ہے اور کہ میں اپنی معرفت اور عرفان الٰہی میں اور اپنے یقین میں کسی نبی اور رسول سے کم نہیں ہوں اور یہ کمال جو مجھے حاصل ہوا ہے وہ آنحضرت ﷺ کے اتباع سے بطریق وراثت ملا ہے۔

مرزاصاحب پر یہ غلط اتہام لگایا گیا ہے کہ انہوں نے آنحضرت ﷺ کی بھی توہین کی ہے۔ بلکہ آپ کی کتب آنحضرت ﷺ کی تعریف سے پر ہے جن آیات قرآنیہ کے متعلق یہ کہا جاتا ہے کہ مرزاصاحب نے اپنے اوپر چسپاں کی ہیں۔ ان کے متعلق مولوی محمد حسین بٹالوی رئیس طائفہ اہل حدیث نے لکھا ہے کہ مرزاصاحب نے یہ دعویٰ نہیں کیا کہ ان آیات کا مورد نزول ومخاطب وہ ہیں، بلکہ ان کو کامل یقین اور صاف اقرار ہے کہ قرآن اور پہلی کتابوں میں ان آیات میں مخاطب ومراد وہی انبیاء ہیں جن کی طرف ان میں خطاب ہے اور ان کمالات کے محل وہی حضرات ہیں جن کو خداوند تعالیٰ نے ان کمال کا محل ٹھہرایا ہے۔

لیکن یہ جواب اس وقت کے متعلق ہے جب تک کہ مرزاصاحب نے دعویٰ نبوت نہیں کیا تھا۔ مدعا علیہ کی طرف سے کہا گیا ہے کہ مرزاصاحب پر یہ الزام بھی غلط لگایا گیا ہے کہ انہوں نے عین محمد ہونے کا دعویٰ کیا ہے۔ بلکہ انہوں نے اپنی کتابوں میں صاف کہا ہے کہ میں ان کا خادم ہوں اور وہ میرے مخدوم ہیں، میں ان کا ظل ہوں اور وہ اصل ہیں۔ میں آپ کی خدمت اور آپ کی شاگردی اور آپ کے اتباع میں اس قدر فناء ہوا ہوں کہ گویا میرا وجود آپ کے وجود سے بلحاظ روحانیت علیحدہ نہیں ہے اور بزرگان دین نے یہ لکھا ہے کہ انبیاء علیہم السلام کے کامل متبع بہ سبب کمال متابعت انہیں میں جذب ہوجاتے ہیں اور ان کے رنگ میں ایسے رنگین ہوتے ہیں کہ تابع اور متبوع یعنی نبی اور امتی میں کوئی فرق نہیں رہتا۔ سوائے اوّل آخر ہونے کے مرزاصاحب نے یہ نہیں کہا کہ میں عین محمد ہوں، بلکہ بروزی طور پر فرمایا ہے اور لکھتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ کی روحانیت نے ایک ایسے شخص کو اپنے منتخب کیا کہ جو خلق، ہمت، ہمدردی، خلائق میں اس کے مشابہ تھا اور ظاہری طور پر اپنا نام احمد اور محمد اس کو عطاء کیا۔ تا یہ سمجھا جائے کہ گویا اس کا ظہور بعینہٖ آنحضرت ﷺ کا ظہور تھا۔ لیکن صوفیاء نے اس مقام کو غیبت کے لفظ سے تعبیر کیا ہے۔ اس پر بھی مزید کچھ لکھنے کی ضرورت نہیں۔ اس استدلال کو مدعیہ کے پیش کردہ استدلال کی روشنی میں دیکھا جاسکتا ہے۔

مدعا علیہ کی طرف سے آگے یہ کہا گیا ہے کہ مرزاصاحب کے اس شعر سے کہ ’’لہٗ خسف القمر المنیر وان لی‘‘ سے

آنحضرت کی توہین نہیں نکلتی۔ کیونکہ اگر مرزا صاحب کے لئے چاند اور سورج کا گرہن نشان ہوا تو وہ اس لئے کہ احادیث کی کتب میں سچے مہدی کی علامات میں سے یہ قرار دیا گیا ہے۔ پس یہ نشان بھی آنحضرت ﷺ کی طرف منسوب ہوگا۔ مگر مدعیہ کا استدلال اس پر نہیں کہ مرزا صاحب نے چاند گرہن کے نشان کو اپنے لئے تجویز کیا ہے بلکہ اس کی طرف سے توہین کے مؤجب یہ بات سمجھی گئی ہے کہ اس شعر میں رسول اللہ ﷺ کے معجزہ شق القمر کا استخفاف کیا گیا ہے۔ رسول اللہ ﷺ کے معجزات کے متعلق مدّعیہ کی طرف سے مرزا صاحب کے جن اقوال پر اعتراض کیا گیا ہے۔ اس کا مدعا علیہ کی طرف سے یہ جواب دیا گیا ہے کہ مرزا صاحب نے دوسری کتاب میں جہاں آنحضرت ﷺ کے تین ہزار معجزات بتلائے ہیں، وہاں اپنی پیش گوئیاں سو کے قریب لکھی ہیں اور آپ نے اپنے دس لاکھ نشانات بتلائے ہیں کہ اگر ویسے نشانات آنحضرت ﷺ کے شمار کئے جائیں تو دس ارب سے بھی زیادہ ہوں۔

مدّعیہ کی طرف سے یہ کہا گیا ہے کہ چونکہ معجزہ خرق عادات ہوتا ہے اور مرزا صاحب نے اپنے نشانات کے متعلق یہ کہا ہے کہ وہ اوّل درجہ کے خرق عادت ہیں۔ اس لئے ان نشانات کو بھی معجزات ہی شمار کیا جائے گا۔ ہر دو فریق کے دلائل اس بارہ میں مسل پر موجود ہیں۔ ان سے نتیجہ نکالا جاسکتا ہے کہ صداقت کس میں ہے۔ میں ان سوالات پر اس لئے بھی زیادہ بحث کی ضرورت نہیں سمجھتا کہ یہ سوالات مرزا صاحب کی اپنی ذات کے متعلق ہیں اور امر مابہ النزاع سے ان کا بہت تھوڑا تعلق پایا جاتا ہے۔ اس طرح مدعا علیہ کا یہ ادّعا ہے کہ مرزا صاحب نے حضرت یوسف اور حضرت آدم علیہ السلام کی بھی کوئی توہین نہیں کی۔ اس کے بعد پھر اس کی طرف سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی توہین کے سلسلہ میں یہ دکھلایا گیا ہے کہ مرزا صاحب نے جہاں عیسیٰ علیہ السلام پر اپنی فضیلت بیان کی ہے۔ وہ آنحضرت ﷺ کے متبع اور امتی ہونے کی وجہ سے کی ہے اور علماء خود مانتے چلے آئے ہیں کہ حضرت موسیٰ نے بھی یہ خواہش کی تھی کہ وہ رسول اللہ ﷺ کی امت میں سے ہوں اور دوسرے شعراء اور صوفیاء کے اقوال سے یہ دکھلایا گیا ہے کہ وہ بھی رسول اللہ ﷺ کے متبع ہونے کے باعث حضرت عیسیٰ پر اپنی فضیلت ظاہر کرتے آئے ہیں۔ مگر اسے توہین نہیں سمجھا گیا اور اس ضمن میں شیخ محمود حسن صاحب کے چند اشعار جو انہوں نے مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی کے مرثیہ میں لکھے ہیں، درج کئے جاکر یہ بحث کی گئی ہے کہ ان اشعار سے انبیاء کی توہین نہیں ہوتی تو پھر مرزا صاحب کے اشعار سے کیونکر توہین اخذ کی جاتی ہے۔

اس کا جواب سید انور شاہ صاحب گواہ مدعیہ نے دیا ہے کہ جو مدعیہ اشعار ہوں وہ تحقیقی نہیں ہوتے۔ بلکہ بشری کلام میں اٹکل کے ہوتے ہیں اور شاعرانہ محاورہ نئی نوع کلام کی تسلیم کیا گیا ہے۔ فرق اس میں یہ ہے کہ جو خدا کی کلام ہوگی تو وہ عقیدہ ہوگا اور تحقیقی ہوگی اور وہ کسی طرح اٹکل نہ ہوگی۔ حقیقت حال ہوگی نہ کم نہ بیش۔ بشر انتہائی حقیقت کو نہیں پہنچتا تخمینی لفظ کہتا ہے اور دنیا نے اس کو تسلیم کیا ہے کہ شاعرانہ نوع تعبیر عام اطلاق الفاظ نہیں اور وہ تخمینہ پر عبارت کہہ دیتے ہیں جو آس پاس ہوتی ہے۔ ٹھیک حقیقت نہیں ہوتی اور خود شاعر کی نیت میں اور ضمیر میں منوانا اس کا عالم کو منظور نہیں ہوتا۔

جھوٹے اور شاعر میں یہ فرق ہے کہ جھوٹا کوشش کرتا ہے کہ میری کلام کو لوگ سچ مان لیں اور شاعر کی اصلاً یہ کوشش نہیں ہوتی۔ بلکہ وہ سمجھتا ہے کہ حاضرین بھی میرے اس کلام کو حقیقت پر نہیں سمجھیں گے۔ بلکہ اگر کوئی حقیقت پر سمجھے تو دوسرے وقت وہ اس کی اصلاح کے درپے ہوتا ہے اور ایسے وقائع دنیا میں بہت پیش آچکے ہیں۔ مبالغہ شاعروں کے ہاں ہوتا ہے اور یہ ایک قسم ہے کلام کی جو فنون علمیہ میں درج ہے اور اس مبالغہ کی حقیقت یہ ہے کہ چھوٹی چیز کو بڑا ادا کرنا اور بڑی چیز کو چھوٹا۔ بشرطیکہ نہ اعتقاد ہوا اور نہ مخلوق کو منوانا ہو۔ پس اگر کوئی شخص کوئی ایسی چیز کہتا ہے کہ جس سے مغالطہ پڑتا ہے، نبوت کے باب میں اور وہ ساری کوشش اس میں خرچ کرتا ہے۔ تو وہ اور جہاں کا ہے اور حضرت شاعر اور جہاں میں۔

چنانچہ مرزاصاحب اپنی کتاب (دافع البلاء ص۲۰، خزائن ج۱۸ ص۲۴۰) پر لکھتے ہیں کہ یہ باتیں شاعرانہ نہیں، بلکہ واقعی ہیں۔ علاوہ ازیں سمجھ میں نہیں آتا کہ مرزاصاحب نے شاعری کا شیوہ کس طرح اختیار فرمایا اور کیوں انہیں اس معاملہ میں حضور ﷺ کی صفات علیہ سے بطور ظل کے حصہ نہ ملا۔ کیونکہ حضور ﷺ کے متعلق قرآن مجید کی سورہ یٰسین میں فرمایا گیا ہے کہ: ''**وما علمنٰہ الشعر وما ینبغی لہ**'' اور سورۃ شعراء میں شعراء کی مذمت کی جاکر یہ فرمایا گیا ہے کہ: ''**الم تر انہم**...... **یفعلون**'' اس حکم کے تحت میں تو مرزاصاحب کے نہ صرف وہ اقوال جو اشعار میں درج ہیں بلکہ کوئی قول بھی معتبر نہیں رہتا۔

مدّعیہ کے اس اعتراض کے جواب میں کہ مرزاصاحب نے حضرت مسیح کے معجزات کو مسمریزم کی قسم سے کہا ہے۔ مدعاعلیہ کی طرف سے یہ جواب دیا گیا ہے کہ حضرت مسیح کے اعجازی خلق کو مانتا ہوں۔ ہاں! اس بات کو نہیں مانتا کہ حضرت مسیح نے خداتعالیٰ کی طرح حقیقی طور پر کسی مردہ کو زندہ کیا یا حقیقی طور پر کسی پرندہ کو پیدا کیا۔ کیونکہ اگر حقیقی طور پر حضرت مسیح علیہ السلام کے مردہ کو زندہ کرنے یا پرندے پیدا کرنے کو تسلیم کیا جائے تو اسی سے خداتعالیٰ کی خلق اور اس کا احیاء مشتبہ ہو جائے گا اور عمل ترب کے متعلق وہ اپنے ایک الہام کے حوالہ سے یہ لکھتے ہیں کہ یہ عمل الترب ہے جس کی اصل حقیقت کی زمانہ حال کے لوگوں کو کچھ خبر نہیں۔ آپ نے اس عمل کو اپنے لئے۔ اس لئے پسند نہ کیا کہ اس علمی زمانہ میں ایسے معجزات دکھلانے کی ضرورت نہ تھی اور حضرت مسیح کے متعلق وہ لکھتے ہیں کہ انہوں نے اس عمل جسمانی کو یہودیوں کے جسمانی اور پست خیالات کی وجہ سے جو ان کی فطرت میں مرکوز تھے۔ باذن وحکم الٰہی اختیار کیا تھا، ورنہ انہیں بھی یہ عمل پسند نہ تھا۔

اس جواب کے متعلق بھی مزید کسی تشریح کی ضرورت نہیں۔ ہر دو فریق کی طرف سے اس بارہ میں جو مواد پیش کیا گیا ہے وہ اوپر دکھلایا جاچکا ہے۔ اس سے ہر دو کے دلائل کا موازنہ کیا جاسکتا ہے۔

عیسیٰ علیہ السلام کی توہین کے متعلق مرزاصاحب کے جو دیگر اقوال ان کی کتب (دافع البلاء ص۲۰، خزائن ج۱۸ ص۲۴۰) اور (ضمیمہ انجام آتھم ص۷، خزائن ج۱۸ ص۲۹۱) وغیرہ سے پیش کئے جاکر یہ دکھلایا گیا ہے کہ ان میں بہت ہی سب وشتم درج ہے۔ ان کی بابت مدعاعلیہ کی طرف سے یہ کہا گیا ہے کہ ان میں عیسائی مخاطب ہیں اور ان اقوال میں ان لوگوں کے اعتقادات کے مطابق جو ان کی کتابوں میں درج ہیں، انہیں الزامی جواب دیئے گئے ہیں اور فن مناظرہ میں اس قسم کی روش عام طور پر اختیار کی جاتی ہے اور اس کی تائید میں مدعاعلیہ کی طرف سے دیگر علماء کے اقوال نقل کئے گئے ہیں۔ مرزاصاحب کے ان اقوال کو اگر سیاق وسباق عبارت سے ملا کر دیکھا جائے تو مدعاعلیہ کا یہ جواب حقیقت سے خالی معلوم نہیں ہوتا۔ علاوہ ازیں ان دشنام آمیز الفاظ کو سید انور شاہ صاحب گواہ مدعیہ نے اپنی شہادت میں بسلسلہ توہین عیسیٰ علیہ السلام بیان نہیں کیا۔ وہ کہتے ہیں کہ میں موجب ارتداد مرزاصاحب میں اس قسم کی کوئی چیز پیش نہیں کرتا جس میں کہ مجھے نیت سے بحث کرنی پڑے۔ بلکہ میں نے اس چیز کو لیا ہے جسے انہوں نے قرآن کی تفسیر بنایا ہے اور اسے حق کہا ہے اور جن چیزوں میں مجھے نیت کی تلاش رہتی وہ میں نے اپنی بحث سے خارج کر دیئے ہیں اور انہیں موجب ارتداد قرار نہیں دیا۔

میں نے مرزاصاحب کی نیت پر گرفت نہیں کی زبان پر کی ہے اور نہ ہی وجہ ارتداد میں تعریض کو لیا ہے بلکہ جس ہجو کو انہوں نے قرآن مجید سے مستند کیا اور اسے قرآن مجید کی تفسیر گردانا اور جس ہجو کو اپنی جانب سے حق کہا۔ وہ اسے وجہ ارتداد سمجھتے ہیں اور اس ضمن میں انہوں نے مرزاصاحب کے حسب ذیل اقوال داخل کئے ہیں۔ ''مگر میرے نزدیک آپ کی یہ حرکات جائے افسوس نہیں۔ کیونکہ آپ تو گالیاں دیتے تھے اور یہودی ہاتھ سے کسر نکال لیا کرتے تھے۔'' اور کہا ہے کہ اس سے تعریض اور تصریح دونوں قسم کی توہین ظاہر ہوتی ہے اور یہ کہ: ''عیسائیوں نے آپ کے بہت سے معجزات لکھے ہیں۔ مگر حق بات یہ ہے کہ آپ سے معجزہ نہیں ہوا۔'' اس سے صریح عیسیٰ علیہ السلام کی توہین ٹپکتی ہے۔ کیونکہ حق بات کے الفاظ سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ مرزاصاحب کے اپنے فیصلہ کے الفاظ ہیں۔ شاہ صاحب کی یہ رائے عین حق

شناسی پر مبنی ہے اور جن اقوال سے انہوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی توہین کا نتیجہ نکالا ہے۔ ان سے واقعی ان کی توہین اخذ ہوتی ہے۔ باقی رہا کسی نبی کا دوسرے نبی سے افضل ہونے کا سوال اس کے متعلق شاہ صاحب کے بیان کردہ حوالہ سے اوپر جواب دیا جاچکا ہے۔

چھٹی وجہ تکفیر بیان کردہ گواہان مدعیہ کا مدعا علیہ کی طرف سے یہ جواب دیا گیا ہے کہ مرزاصاحب نے یہ کہیں نہیں لکھا کہ تمام امت محمدیہ مشرک ہے۔ بلکہ جس عبارت کا حوالہ گواہان مدعیہ کی طرف سے دیا جاکر یہ نتیجہ نکالا گیا ہے۔ اس کے ساتھ ہی مرزاصاحب نے لکھا ہے کہ پہلے مسلمانوں سے یہ قول غلطی سے صادر ہوا ہے اور وہ لوگ خدا کے نزدیک معذور ہیں۔ کیونکہ انہوں نے عمداً غلطی نہیں کی اور انہوں نے حیات مسیح کے عقیدہ کو مبداء شرک یا منجرالی الشرک قرار دیا ہے اور اس کو شرک عظیم کہنا باعتبار مایؤل الیہ کے ہے اور اس امر کو حق بلاغت میں مجاز مرسل سے شمار کیا گیا ہے۔ اس ضمن میں زیادہ بحث کی ضرورت نہیں۔ صرف یہ درج کیا جاتا ہے کہ حیات عیسیٰ کے مسئلہ پر فریقین کو بحث کرنے سے روک دیا گیا ہے۔ کیونکہ ان جس قسم کی حیات کے تمام مسلمان قائل ہیں وہ ادراک انسانی سے باہر ہے۔ اس لئے اسے امر واقع کے طور پر ثابت کرنا ایک لاحاصل سعی ہے۔ البتہ یہ ضرور ہے کہ قرآن مجید کی رو سے اس ظاہر زندگی کے علاوہ ایک اور قسم کی زندگی بھی ہے جس کو انسانی فہم اور عقل احاطہ نہیں کر سکتے۔ جیسا کہ شہداء کے متعلق بیان کیا گیا ہے کہ وہ خدا کے نزدیک زندہ ہیں اور اس کے ہاں انہیں رزق ملتا ہے۔ ملاحظہ ہو آیت: ’’**لاتحسبن الذین قتلوا…… من فضلہ** (آل عمران:۱۶۹)‘‘

مدّعیہ کی طرف سے یہ بھی کہا گیا ہے کہ مرزاصاحب نے ایک لفظ ذریۃ البغایا استعمال کر کے تمام مسلمانوں کو ولدالزنا قرار دیا ہے۔ اس کا جواب مدعا علیہ کی طرف سے یہ دیا گیا ہے کہ ذریۃ البغایا کے معنی وہ نہیں جو فریق مخالف نے لئے ہیں۔ کیونکہ ان معنوں کے لئے کوئی قرینہ موجود نہیں۔ ظاہر میں اس کے معنی ایک تو یہ ہیں کہ ہدایت سے دور اور ناشائستہ آدمی جن کی حالت یہ ہے ان کے دلوں پر مہریں ہیں وہ انہیں قبول نہ کریں گے یا یہ کہ وہ لوگ جو اپنے آپ کو لوگوں کا پیشواء اور امام سمجھتے ہیں۔ یعنی مولوی لوگ جو کفر کے فتویٰ لے کر شہر بشہر پھرتے ہیں۔ یہ لوگ ایمان نہیں لائیں گے۔ کیونکہ بغایا کے معنی ہر اوّل کے بھی ہوتے ہیں۔ نیز بغایا مطلق عورتوں کو بھی کہتے ہیں چاہے وہ فاجر ہوں یا نہ ہوں۔ لیکن اس پر بھی زیادہ بحث کی ضرورت نہیں۔ اس لفظ کے استعمال اور طرز خطاب سے سمجھا جاسکتا ہے کہ وہاں اس لفظ سے کیا مراد ہے۔

مرزاصاحب اپنے مکذبین اور منکرین کو کافر کہنے سے مدعیہ کی طرف جو انہیں کافر کہا گیا ہے۔ اس کے متعلق مدعا علیہ کی طرف سے یہ کہا گیا ہے کہ مرزاصاحب اپنے نہ ماننے والوں کو اس لئے کافر کہتے ہیں کہ جو شخص انہیں نہیں مانتا وہ انہیں مفتری قرار دے کر نہیں مانتا۔ اس لئے ان کی تکفیر کی وجہ سے وہ خود کافر بنتا ہے۔ لیکن یہ کوئی معقول جواب نہیں۔ کیونکہ ایک شخص اگر واقعہ میں کافر ہو تو اسے کیوں کافر نہ کہا جائے۔ اس طرح تو کسی پر بھی کفر کا فتویٰ نہیں لگایا جاسکتا۔ کیونکہ اسے کافر کہنے والا خود کافر ہو جائے گا۔ مرزاصاحب کے سچے یا جھوٹے نبی ہونے کے متعلق اوپر بحث کی جاچکی ہے۔ لہٰذا ان دلائل کی رو سے اگر کوئی شخص ان کو کافر کہتا ہے تو معلوم نہیں ہوتا کہ وہ خود پھر کیونکر کافر ہو جائے گا اور اگر بالفرض محال یہ رائے درست بھی ہو، تو پھر صرف ان لوگوں کو کافر کہنا چاہئے جو مرزاصاحب کو کاذب یا کافر کہیں جو ان کی نہ تکذیب کرتے ہیں ورنہ تکفیر انہیں کیوں کافر کہا جاتا ہے۔ لہٰذا معلوم ہوا کہ انہیں کافر کہنے کی یہ وجہ نہیں کہ وہ مرزاصاحب کو مفتری جان کر کافر کہتے ہیں۔ بلکہ اس کی وجہ خود مرزاصاحب نے اپنی کتاب (فتاویٰ احمدیہ ج اوّل، ص۲۷۰) پر یہ بیان کی ہے کہ ’’کسی کا کوئی عمل میرے دعویٰ اور دلیلوں اور میرے پہنچانے کے بغیر مفید نہیں ہوسکتا۔‘‘ پھر آگے اس کتاب کے (ص۲۷۱ اور ۳۰۸) پر لکھتے ہیں کہ: ’’بہرحال حکم خدا تعالیٰ نے مجھ پر ظاہر کیا ہے کہ ایک شخص کو جس کو میری دعوت پہنچی ہے اور اس نے مجھے قبول نہیں کیا وہ مسلمان نہیں اور خدا کے نزدیک قابل مواخذہ ہے۔‘‘ ان عبارات سے صاف اخذ ہوتا ہے کہ جو شخص مرزاصاحب کو نہیں مانتا خواہ ان کو کافر کہے یا نہ کہے وہ

مسلمان نہیں اور اس کا کوئی عمل بارہ گاہ الٰہی میں قبول نہیں ہے۔ مدعا علیہ کے گواہان نے ریاست ہذا کے لوگوں کی توجہ اپنی طرف مبذول کرانے اور یہ دکھلانے کے لئے کہ گواہان مدعیہ نے مرزا صاحب اور ان کے متبعین کے خلاف فتویٰ تکفیر محض اپنے بغض اور عناد کی بناء پر اور اپنے بزرگان کے اقتدار کا خوگر ہونے کی وجہ سے دیا ہے۔ ورنہ دراصل مرزا صاحب ضروریات دین میں سے کسی چیز کے منکر نہیں ہیں۔ حضرت خواجہ غلام فرید صاحب کہ جن کا نہ صرف ریاست بہاولپور کا ایک حصہ معتقد اور مرید ہے۔ بلکہ جن کے سندھ، بلوچستان اور پنجاب میں بھی بکثرت مرید پائے جاتے ہیں کہ ایک کتاب اشارات فریدی سے یہ دکھلایا ہے کہ ان کے نزدیک مرزا صاحب کسی عقیدہ اہل سنت والجماعت اور ضروریات دین میں سے کسی چیز کے منکر نہیں پائے جاتے، بلکہ آپ ان کے متعلق یہ لکھتے ہیں کہ وہ اپنے تمام اوقات خدا تعالیٰ کی عبادت میں گزارتے ہیں اور حمایت دین پر کمربستہ ہیں اور کہ علماء وقت تمام مذاہب باطلہ کو چھوڑ کر اس نیک آدمی کے پیچھے پڑ گئے ہیں جو اہل سنت والجماعت میں سے ہے اور صراط مستقیم پر قائم ہے۔

اور خواجہ صاحب کی اس تحریر پر بڑی شرح اور بسط سے بحث کی جا کر یہ دکھلایا گیا ہے کہ یہ الفاظ خواجہ صاحب کے اپنے ہی ہیں اور انہوں نے مرزا صاحب کی کتابیں دیکھنے کے بعد یہ رائے قائم کی تھی۔ مدعیہ کی طرف سے بھی اس کا مفصل جواب دیا گیا ہے اور یہ کہا گیا ہے کہ مرزا صاحب کی جو کتابیں خواجہ صاحب نے اس وقت تک دیکھیں تھیں۔ ان میں مرزا صاحب کا دعویٰ نبوت درج نہ تھا۔ چنانچہ مرزا صاحب کی ایک تحریر سے جو آپ کی کتاب (انجام آتھم ص۳۶، خزائن ج۱۱ص۳۲۰) پر درج ہے پایا جاتا ہے کہ حضرت خواجہ صاحب بھی بعد میں مرزا صاحب کے مکفر اور مکذب ہوگئے تھے۔ مرزا صاحب اس تحریر میں لکھتے ہیں کہ اب ہم ان مولوی صاحبان کے نام ذیل میں لکھتے ہیں کہ جن میں سے بعض تو اس عاجز کو کافر بھی کہتے ہیں اور مفتری بھی اور بعض کافر کہنے سے تو سکوت اختیار کرتے ہیں۔ مگر مفتری اور کذاب اور دجال نام رکھتے ہیں۔ بہرحال یہ تمام مکفرین اور مکذبین مباہلہ کے لئے بلائے گئے ہیں اور ان کے ساتھ وہ سجادہ نشین بھی ہیں جو مکفر اور مکذب ہیں اور اس کے ساتھ مرزا صاحب نے ہر دو گروہوں کی فہرستیں دی ہیں۔ اس فرست میں میاں غلام فرید صاحب چشتی چاچڑاں علاقہ بہاولپور کا نام بھی درج ہے۔

فریقین کی ان بحث ہائے کو مدنظر رکھتے ہوئے حسب ذیل نتائج اخذ ہوتے ہیں۔ مسلمانوں کے ایک مقدس اور نیک لوگوں کے گروں کا نام صوفیاء ہے۔ ان صوفیاء کرام کو ذکر الٰہی عبادت اور ریاضت سے جو ذوق اور حظ حاصل ہوتا ہے۔ اس میں ان پر تجلیات الٰہی وارد ہوتی ہیں اور ان کے قلب کی کچھ اس قسم کی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے کہ جس سے وہ کچھ غیب کی خبروں پر مطلع ہو جاتے ہیں۔ اس کو وہ الہام یا کشف کہتے ہیں اور بعض صوفیائے کرام نے اسے مجازی طور پر وحی سے بھی تعبیر کیا ہے۔ یہ لوگ اپنے نبی کی تعلیم کے تحت عمل پیرا ہوتے ہیں۔ نبی مامور من اللہ ہوتا ہے اور اسے اللہ تعالیٰ کی جانب سے براہ راست غیب کی خبروں کی اطلاع دی جاتی رہتی ہے اور اسے حکم ہوتا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے احکام لوگوں تک پہنچائے۔ انہیں قیامت کے دن سے ڈرائے اور آئندہ زندگی کے حالات سے مطلع کرے اور جس ذریعہ سے انہیں یہ اطلاع ہوتی ہے۔ اسے وحی کہا جاتا ہے اور وحی کی یہ اصطلاح انبیاء کے لئے ہی مختص ہے۔ دوسری جگہ اگر یہ لفظ استعمال کیا جاتا ہے کہ تو اس سے مجازی یا لغوی معنی لئے جاتے ہیں۔ انبیاء کو یہ وحی تین طریق پر ہوتی ہے یا تو اللہ تعالیٰ کوئی بات کسی نبی کے دل میں ڈال دیتا ہے یا فرشتوں میں سے کوئی قاصد بھیج کر اس کے ذریعہ مطلع فرماتا ہے یا پس پردہ خود کلام فرماتا ہے۔ یہ وحی چونکہ دخل شیطانی سے منزہ ہوتی ہے۔ اس لئے اسے قطعی سمجھا جاتا ہے اور اس کا نہ ماننا کفر ہے۔ اولیاء کا الہام یا کشف گو دخل شیطانی سے پاک بھی ہو، تاہم نہ وہ قطعی ہوتا ہے اور نہ ہی دوسروں پر کوئی حجت ہوتا ہے۔ بلکہ الہام اور کشف کے ذریعہ قرآن مجید کے معارف اور اسرار سمجھائے جاتے ہیں اور اس سلسلہ میں بعض اکابر صوفیائے کرام پر آیات قرآنی کا نزول بھی ہوتا ہے۔ ان آیات کو وہ اپنے اوپر چسپاں نہیں کرتے، بلکہ جیسے کسی

سیاح کو دوران سیاحت میں اعلیٰ مقامات دکھلائے جائیں، اس طرح ان کو اعلیٰ مراتب روحانی کی سیر کرائی جاتی ہے۔

معلوم ہوتا ہے کہ مرزاصاحب جب اس میدان میں گامزن ہوئے اور ان پر مکاشفات کا سلسلہ جاری ہونے لگا تو وہ اپنے آپ کو نہ سنبھال سکے اور صوفیائے کرام کی کتابوں میں وحی اور نبوت کے الفاظ موجود پا کر انہوں نے سابقہ اولیاء اللہ سے اپنا مرتبہ بلند دکھلانے کی خاطر اپنے لئے نبوت کی ایک اصطلاح تجویز فرمائی۔ جب لوگ یہ لفظ سن کر چونکنے لگے تو انہوں نے یہ کہہ کر انہیں خاموش کرنا چاہا کہ تم گھبراتے کیوں ہو۔ آنحضرت ﷺ کے اتباع سے جس مکالمہ اور مخاطبہ کے تم لوگ قائل ہو میں اس کی کثرت کا نام بموجب حکم الٰہی نبوت رکھتا ہوں۔ یہ صرف لفظی نزاع ہے۔ سو ہر شخص کو حق حاصل ہے کہ وہ کوئی اصطلاح مقرر کرے۔ گویا انہوں نے نبی کے لفظ کو برعکس اس کی اصل اور عام فہم مراد کے یہاں اصطلاحی طور پر کثرت مکالمہ اور مخاطبہ پر حاوی کیا اور یہ اصطلاح بھی اللہ تعالیٰ کے حکم سے قائم کی۔ اس کے بعد معلوم ہوتا ہے کہ جب وہ اس لفظ کا استعمال کثرت سے اپنے متعلق کرنے لگے تو لوگ پھر چونکے۔ اس پر انہوں نے پھر یہ کہہ کہ انہیں خاموش کیا کہ میں کوئی اصلی نبی تو نہیں، بلکہ اس معنی میں کہ میں نے تمام کمال آنحضرت ﷺ کے اتباع اور فیض سے حاصل کیا ہے۔ ظلی اور بروزی نبی ہوں اور اس کے بعد انہوں نے ان آیات قرآنی کو جو شاید کسی اچھے وقت میں ان پر نازل ہوئی تھیں، اپنے اوپر چسپاں کرنا شروع کر دیا اور شدہ شدہ تشریعی نبوت کے دعویٰ کا اظہار کر دیا۔ لیکن صریح آیات قرآنی اور احادیث اور اقوال بزرگان سے جب انہیں اس میں کامیابی نظر نہ آئی تو انہوں نے اس دعویٰ کو ترک کر کے اپنا مقر نزول عیسیٰ علیہ السلام کی احادیث میں جا تلاش کیا اور عیسیٰ علیہ السلام کی وفات کو بذریعہ وحی ثابت کر کے یہ دکھلایا کہ ان احادیث کا اصل مفہوم یہ ہے کہ حضور ﷺ کی امت میں کسی شخص کو نبوت کا درجہ عطاء کیا جائے گا۔ نہ یہ کہ حضرت مسیح ناصری واپس آئیں گے۔ مدعا علیہ کے ایک گواہ کے بیان سے یہ اخذ ہوتا ہے اور نا معلوم اس نے بطور خود یا مرزاصاحب کی کسی تحریر کی رو سے یہ بیان دیا ہے کہ احادیث میں جو عیسیٰ ابن مریم کے نزول کی خبر آئی ہے، اس میں رسول اللہ ﷺ سے ایک اجتہادی غلطی ہوگئی ہے۔ چنانچہ وہ کہتا ہے کہ بعض پیش گوئیاں ایسی ہوتی ہیں جو آئندہ زمانہ سے تعلق رکھتی ہیں۔ لیکن حقیقت ان کے ظہور کے وقت نمایاں ہوتی ہے اور اجتہادی غلطی پیش گوئیوں کے سمجھنے میں یعنی کیفیت تحقق وقوع کے لحاظ سے ہر نبی سے ممکن ہے۔ حتیٰ کہ رسول اللہ ﷺ سے بھی، اس کی مثال اس نے بخاری کی ایک حدیث کا حوالہ دے کر یہ دی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک رؤیاء کی بناء پر یہ سمجھا کہ وہ حجر یمامہ کی طرف ہجرت فرمائیں گے۔ لیکن آپ جس وقت مدینہ کی طرف ہجرت کر کے تشریف لے گئے تو اس وقت آپ پر اس پیش گوئی کی حقیقت کھلی کہ اس سے مراد مدینہ تھا اور کہ جب نبی سے اجتہادی غلطی ممکن ہوئی پیش گوئی کے پورا ہونے کے وقت اصل حقیقت پیش گوئی کی منکشف ہو جائے گی اور کہ امتی کو پیش گوئی کے تحقق وقوع کا علم ہو جاتا ہے۔ غرض مرزاصاحب نے سابقہ مراحل سے گزرنے کے بعد بڑھ چڑھ کر اپنے مسیح موعود ہونے کے دعویٰ کا اظہار شروع کر دیا اور نبوت کو پھر ایک ایسا گورکھ دھندہ بنا دیا کہ جو نہ تو لوگوں کی سمجھ میں آسکا ہے اور نہ ہی ان کے اپنے متبعین جیسا کہ اوپر دکھلایا جا چکا ہے۔ ان کے مرتبہ کو بخوبی سمجھ سکے ہیں۔ بلکہ خود خدا کو بھی نعوذ باللہ! ان کے نبی بنانے میں بڑی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ کیونکہ جب خداوند تعالیٰ نے یہ محسوس فرمایا کہ نعوذ باللہ! اس کے حبیب سے ایک اجتہادی غلطی ہوگئی ہے۔ اب ان کی آن رکھنے کے لئے اور مرزاصاحب کو نبوت کا مرتبہ عطاء فرمانے کے لئے اللہ تعالیٰ نے بقول مرزاصاحب پہلے تو ان تمام پیش گوئیوں کو جو قرآن میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق تھیں۔ مرزاصاحب کی طرف پھیر دیا اور پھر انہیں کبھی مریم علیہا السلام بنایا اور کبھی عیسیٰ علیہ السلام اور اس کے بعد بارش کی طرح وحی کر کے یہ جتلایا کہ عیسیٰ ابن مریم فوت ہو چکے ہیں۔ اب تم بلا خوف وخطر نبی ہونے کا دعویٰ کر دو اور جہاں پہلے وہ ''فاستمع لما یوحی'' اور ''یا ایھا المدثر قم فانذر'' کی تحکمانہ وحی کے ذریعہ سے نبیوں کو چوکنا کر کے اپنی طرف سے مامور فرمایا کرتا تھا۔ وہاں مرزاصاحب کے لئے اسے نعوذ باللہ! مختلف حیل اختیار کرنے پڑے۔ مرزاصاحب کے اس طرز عمل سے نبی بننے سے یہ

بات خود واضح ہو جاتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں نبوت کے عہدے ختم ہو چکے تھے۔ کیونکہ اس نے پہلے تو مرزا صاحب کے لئے نبوت کی اصطلاح تجویز فرمائی۔ پھر وہ جب اس سے خوش نہ ہوئے تو ان کو نبی کا خطاب عطاء فرمایا دیا۔ جیسا کہ نواب اور راجہ کے خطابات گورنمنٹ سے ان لوگوں کو بھی عطاء فرمائے جاتے ہیں جو صاحب ریاست نہ ہوں۔ لیکن جب مرزا صاحب کی اس سے بھی تشفی نہ ہوئی باوجودیکہ اللہ تعالیٰ انہیں یا ولدی بھی فرما چکا تھا اور اس خیال سے کہ رسول اللہ ﷺ کو چونکہ اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں خاتم النّبیین کہہ چکا تھا، وہ بھی کسی دوسرے نبی کے بننے سے خفاء نہ ہوں۔ مرزا صاحب کو آپ کا ظل بنا دیا گیا اور آخرکار جب ان کی خوشی نبی بننے میں ہی دیکھی اور یہ بھی خیال آیا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو آخر زمانہ میں بھجوانے کا وعدہ ہو چکا ہے تو انہیں مار کر مرزا صاحب کو نبی بنا دیا گیا۔ استغفراللہ!

گواہ مدعا علیہ نے یہ بیان کیا ہے کہ نبی سے بھی اجتہادی غلطی ہو سکتی ہے تو پھر اس کا کیا اعتبار ہے کہ مرزا صاحب سے یہ غلطی نہ ہوئی ہوگی۔ خصوصاً جب کہ مرزا صاحب رسول اللہ ﷺ کے ظل بھی ہیں۔ غیر اغلب ہے کہ اصل کی فطرت ظل کی فطرت پر اثر انداز نہ ہوئی ہو اور علاوہ ازیں مرزا صاحب اپنے اقرار کے مطابق آنحضرت ﷺ سے زیادہ ذکی بھی نہیں پائے جاتے۔ کیونکہ خداوند تعالیٰ کی کئی سال کے متواتر وحی کے بعد انہوں نے یہ جا کر سمجھا کہ وہ نبی ہو چکے۔ اس لئے ممکن ہے کہ انہوں نے وحی الٰہی کا مفہوم غلط سمجھ کر دعویٰ نبوت کر دیا ہو۔ مرزا صاحب کی اپنی تصریحات سے یہ پایا جاتا ہے کہ انہیں امتی ہونے کے وقت نزول مسیح کے متعلق وقوع کا علم نہیں ہوا، بلکہ جب ان کو نبوت کا خطاب مل چکا۔ اس کے بعد انہیں یہ جتلایا گیا کہ مسیح ناصری فوت ہو چکے ہیں۔ اس لئے مدعا علیہ کے گواہ کا یہ کہنا کہ امتی کو وقوع کے وقت تحقق وقوع کا علم ہو جاتا ہے۔ مرزا صاحب کی اپنی تصریحات سے باطل ہو جاتا ہے۔ گواہ مذکور نے رسول اللہ ﷺ کی جس حدیث کا حوالہ دے کر یہ کہا ہے، آپ سے اجتہادی غلطی کا وقوع ممکن ہے۔ اس سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ آپ نے ہجرت کے وقت کوئی غلطی فرمائی۔ گواہ مذکور کی یہ حجت اس وقت صحیح ہوتی کہ جب آپ بجائے مدینہ کے حجر یمامہ کی طرف تشریف لے جاتے اور پھر وہاں سے مدینہ عالیہ کی طرف لوٹتے۔ وہاں جانے کے متعلق آپ کا صرف ایک خیال تھا جو وقوع میں نہ آیا اور اس رؤیا پر عمل اس طرح ہوا جس طرح مشیت ایزدی میں مقدر تھا۔ خود اس مثال سے یہ اخذ ہوتا ہے کہ اگر نبی کو کسی طرح غلط فہمی ہو بھی جائے تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے اسے فوراً رفع کر دیا جاتا ہے۔ یہ نہیں ہوتا کہ صدیوں تک وہ غلطی چلی جائے اور نہ خود نبی پر اور نہ اس کے کامل متبعین پر اس کا افشاء ہو۔ اس لئے یہ کہنا بڑی دیدہ دلیری ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے نزول عیسیٰ علیہ السلام کی پیش گوئی بیان کرنے میں اجتہادی غلطی ہوئی ہے۔

معلوم ہوتا ہے کہ مرزا صاحب نے پھر آخر عمر میں جا کر اپنے دعویٰ کی غلطی کو محسوس کیا اور پھر اصطلاحی نبوت کو ہی جا کر قائم کیا۔ جس سے انہوں نے اپنے دعویٰ کی ابتداء شروع کی تھی۔ جیسا کہ ان کے اس خط سے جو انہوں نے وفات سے دو تین یوم قبل اخبار عام کے ایڈیٹر کے نام لکھا تھا، ظاہر ہوتا ہے۔ اس میں درج ہے کہ سو میں صرف اس وجہ سے نبی کہلاتا ہوں کہ عربی اور عبرانی زبان میں نبی کے یہ معنی ہیں کہ خدا سے الہام پا کر بکثرت پیش گوئی کرنے والا ان تمام واقعات کو مدنظر رکھتے ہوئے۔ سید انور شاہ صاحب گواہ مدعیہ نے بجا طور یہ کہا ہے کہ مرزا صاحب کی کتابیں دیکھنے سے یہ بات پوری طرح روشن ہو جاتی ہے کہ ان کی ساری تصانیف میں صرف چند ہی مسائل کا تکرار اور دور ہے۔ ایک ہی مسئلہ اور ایک ہی مضمون کو بیسیوں کتابوں میں مختلف عنوانوں سے ذکر کیا ہے اور پھر سب اقوال میں اس قدر تفاوت اور تعارض پایا جاتا ہے اور خود مرزا صاحب کی ایسی پریشان خیالی ہے اور بالقصد ایسی روش اختیار کی ہے کہ جس سے نتیجہ گڑبڑ ہے اور ان کو بوقت ضرورت مخلصی اور مفر باقی رہے۔ چنانچہ کہیں وہ تو ختم نبوت کے عقیدہ کو اپنے مشہور اور اجماعی معنی کے ساتھ قطعی اور اجماعی عقیدہ کہتے ہیں اور کہیں ایسے عقیدہ بتلانے والے مذہب کو لعنتی اور شیطانی مذہب قرار دیتے ہیں۔ کہیں عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کو تمام امت محمدیہ کے عقیدہ کے موافق متواترات دین میں داخل کرتے ہیں اور اس پر اجماع ہونا نقل کرتے ہیں اور کہیں اس عقیدہ کو مشرکانہ عقیدہ بتلاتے ہیں۔

ختم نبوت کا عقیدہ جیسا کہ اوپر بیان کیا جاچکا ہے۔اسلام کے اہم اور بنیادی مسائل میں سے ہے اور خاتم النّبیین کے جو معنی مدعا علیہ کی طرف سے بیان کئے گئے ہیں آیات قرآنی اور احادیث صحیح سے اس کی تائید نہیں ہوتی بلکہ اس کے صحیح معنی وہی ہیں جو گواہان مدعیہ نے بیان کئے ہیں۔مدعا علیہ کی طرف سے اس ضمن میں یہ کہا گیا ہے کہ یہ حدیث ہے کہ قرآن شریف کی ہر آیت کے ایک ظاہری معنی ہیں اور ایک باطنی اور کہ تاویل کرنے والے کو کافر نہیں سمجھا گیا۔اس کا جواب سید انور شاہ صاحب گواہ مدعیہ نے یہ دیا ہے کہ یہ حدیث قوی نہیں اور باوجود قوی نہ ہونے کے اس کی مراد میرے نزدیک صحیح ہے۔اس حدیث میں لفظ بطن سے تو جو کچھ رسول اللہ ﷺ کے دل میں تھا وہ سب منکشف نہیں ہے۔مجملاً ہم سمجھتے ہیں کہ قرآن کی مراد وہ ہے کہ قواعد لغت اور عربیت سے اور ادّلہ شریعت سے علماء شریعت سمجھ لیں اور اس کے تحت میں قسمیں ہیں اور بطن سے یہ مراد ہے کہ حق تعالیٰ اپنے ممتاز بندوں کو ان حقائق سے سرفراز کردے اور بہتوں سے وہ خفی رہ جائیں۔لیکن ایسا کوئی بطن جو مخالف ظاہر کے ہو اور قواعد شریعت رد کرتے ہوں، مقبول نہ ہوگا اور رد کیا جائے گا اور بعض اوقات باطنیت اور الحاد کی حد تک پہنچا دے گا۔ حاصل یہ ہے کہ ہم مکلّف فرمانبردار بندے اپنے مقدور کے موافق ظاہر کی خدمت کریں اور بطن کو سپرد کریں خدا کے۔تاویل کے متعلق ان کا یہ جواب ہے کہ اخبار احاد کی تاویل اگر کوئی شخص قواعد کے مطابق کرے تو اس کے قائل کو بدعتی نہیں کہیں گے۔اگر قواعد کی رو سے صحیح نہیں تو وہ خاطی ہے۔آیات قرآنی متواتر ہیں اور قرآن وحدیث جو نبی کریم سے ہم تک پہنچا اس کی دو جانبین ہیں۔ایک ثبوت کی، دوسری دلالت کی ثبوت قرآن کا متواتر ہے۔اس تواتر کا اگر کوئی انکار کرے تو پھر قرآن کے ثبوت کی اس کے پاس کوئی صورت نہیں اور ایسا ہی جو شخص تواتر کی صحت کا انکار کرے۔اس نے دین ڈھادیا۔دوسری جانب دلالت ہے۔جس کا معنی یہ ہے کہ مطلب پر رہنمائی کرنا۔دلالت قرآن کی کبھی قطعی ہوتی ہے اور کبھی ظنی۔اگر اجماع ہوجائے صحابہ کا اس کی دلالت پر یا کوئی اور دلیل عقلی یا نقلی قائم ہوجائے کہ مدلول یہی ہے تو پھر وہ دلالت بھی قطعی ہے۔حاصل یہ ہے کہ قرآن سارا ''بسم اللہ'' سے لے کر ''والناس'' تک قطعی الثبوت ہے۔دلالت میں کہیں ظنیت ہے اور کہیں قطعیت لیکن قرآئن کے معنی سے دلالت بھی قطعی ہوجاتی ہے۔علاوہ ازیں تاویل اوامر ونواہی میں ہوسکتی ہے۔اخبار میں نہیں ہوسکتی۔جیسا کہ مدعیہ کے گواہ مولوی نجم الدین صاحب نے بیان کیا ہے، اس بحث سے یہ اخذ ہوتا ہے کہ آیت خاتم النّبیین قطعی الدلالت ہے اور اس کے بطن کے معنی ایسے نہیں ہوسکتے کہ جو رسول اللہ ﷺ کے خاتم النّبیین بمعنی آخری نبی سمجھنے کے منافی ہوں اور چونکہ یہ اجماعی عقیدہ ہے۔اس لئے مذکورہ بالا معنی سے انکار کفر ہے۔مدعا علیہ کی طرف سے جو یہ کہا گیا ہے کہ تاویل کرنے والے کو کافر نہیں سمجھا گیا اور جن مسائل کی بناء پر اس نے ایسا کہا ہے۔وہ اس قبیل کے نہیں۔جیسا کہ مسئلہ ختم نبوت۔لہٰذا یہ قرار دیا جاتا ہے کہ خاتم النّبیین کے جو معنی مدعیہ کی طرف سے کئے گئے ہیں اور اس معنی کے تحت جو عقیدہ ظاہر کیا گیا ہے۔اس عقیدہ سے انحراف وارتداد کی حد تک پہنچا ہے اور کہ آنحضرت ﷺ کے بعد عہدہ نبوت اور وحی نبوت منقطع ہوچکے ہیں۔مرزاصاحب صحیح اسلامی عقائد کی رو سے نبی نہیں ہوسکتے اور ان کے نبی نہ ہونے کی تائید میں ایک یہ امر بھی ہے کہ ان کے متبعین میں سے ایک گروہ جو لاہوری کہلاتے ہیں، انہیں نبی تسلیم نہیں کرتے۔لہٰذا ان کے مخالف جملہ فرقوں کے نزدیک اور ان کے ایک موافق فرقہ کی رائے میں رسول اللہ ﷺ کا خاتم النّبیین بمعنی آخری نبی ہونا ثابت ہے۔اس لئے مرزاصاحب کی نبوت کا دعویٰ کسی حالت میں بھی درست نہیں۔ظلی اور بروزی نبی اگر آنحضرت ﷺ کے کمال اتباع سے ہونے ممکن ہوتے تو اس قسم کے نبی مرزاصاحب کے آنے سے قبل کئی آچکے ہوتے۔علاوہ ازیں مرزاصاحب کو درجہ کمال بھی اس وقت حاصل ہوسکتا تھا کہ اس قسم کے اور کئی نبی پیدا ہوچکے ہوتے۔کیونکہ ہر جنس کا کمال اس بات کو مستلزم ہے کہ اس کے اور ناقص افراد موجود ہیں۔چنانچہ رسول اللہ ﷺ بھی اسی لئے افضل انبیاء ہیں کہ سلسلہ رسالت اور نبوت میں دیگر انبیاء منسلک ہیں۔مرزاصاحب نے اپنے آپ کو خاتم الاولیاء ظاہر کر کے یہ بیان کیا ہے کہ وہ ولایت ختم کر چکے۔لیکن اس سے وہ ولی ہی شمار ہوں گے۔نبی نہیں سمجھے جائیں گے۔حضور ﷺ کے افاضہ روحانی سے اگر نبوت مل سکتی ہے تو ضرور ہے کہ ان سے قبل ایسے

نبی آتے کہ جن کے بعد انہیں درجہ کمال حاصل ہوتا۔ مدعیہ کی طرف سے یہ درست کہا گیا ہے کہ ظلی اور بروزی کی اصطلاحیں دراصل الفاظ ہیں۔ ورنہ دراصل مرزاصاحب کی مراد اس سے اصل نبوت سے ہے۔ جیسا کہ اس کی تشریح بعد میں ان کے خلیفہ ثانی نے کی کچھ شک نہیں کہ یہ الفاظ مغالطہ پیدا کرنے کے لئے استعمال کئے گئے ہیں۔ ورنہ ان کی کوئی حقیقت نہیں اور نہ ہی شرع میں اس قسم کے الفاظ پر کسی عقیدہ کا حصر ہے۔ مرزاصاحب نے یہ بیان کر کے کہ اس قسم کی نبوت قیامت تک جاری ہے، اسلام میں ایک فتنہ کی بناڈالی ہے اور ناممکن نہیں کہ ان کے بعد کوئی اور شخص دعویٰ نبوت کرے۔ ان کی کارگزاری کو بھی ملیامیٹ کردے۔ اس طرح مذہب سے امان اٹھ جائے گی اور سوائے اس کے وہ ایک کھیل اور تمسخر بن جائے، اس کی کوئی حقیقت بحیثیت دین کے قائم نہ رہے گی۔ اس لئے بھی رسول اللہ ﷺ کا آخری نبی ماننا علاوہ عقائد صحیح میں سے ہونے کے ازبس ضروری ہے۔ مرزاصاحب رسول اللہ ﷺ کو آخری نبی نہیں مانتے۔ اس لئے ان کا اسلام کے اس بنیادی مسئلہ سے انکار کفر کی حد تک پہنچا ہے۔ اس کے علاوہ ان کے دیگر عقائد بھی ان عقائد کے مطابق نہیں پائے جاتے جس کی آج تک امت مرحومہ پابند چلی آئی ہے۔ خدا کا تصور اس نے تیندوے سے تشبیہ دے کر ایسا پیش کیا ہے کہ جو سراسر نص قرآنی کے خلاف ہے اور اس طرح یہ بیان کر کے کہ خدا خطاء بھی کرتا ہے اور صواب بھی اور روزے بھی رکھتا ہے اور نماز پڑھتا ہے۔ انہوں نے ایک ایسے عقیدہ کا اظہار کیا ہے کہ جو سراسر نصوص قرآنی کے خلاف ہے۔ انہوں نے آیات قرآنی کو اپنے اوپر چسپاں کیا ہے۔ جیسا کہ ایک آیت: ’’ھو الذی ارسل رسولہ...... الخ!‘‘ کے متعلق انہوں نے یہ کہا ہے کہ اس میں میرا ذکر ہے اور دوسرے الہام بالفاظ محمد رسول اللہ بیان کر کے یہ کہا ہے اس میں میرا نام محمد رکھا گیا ہے اور رسول بھی۔ اس طرح اور کئی ایسی تصریحیں ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ آیات قرآنی کو اپنے اوپر چسپاں کرتے تھے۔ اس سے بھی رسول اللہ ﷺ کی توہین کا نتیجہ درست اخذ کیا گیا۔

اس طرح ان کے بعض اقوال سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی بھی توہین ظاہر ہوتی ہے اور حضرت مریم کی شان میں مرزاصاحب نے جو کچھ کہا ہے اور جن کا حوالہ شیخ الجامعہ صاحب گواہ مدعیہ کے بیان میں ہے اور جس کا مدعاعلیہ کی طرف سے کوئی جواب نہیں دیا گیا۔ اس سے قرآن شریف کی صریح آیات کی تکذیب ہوتی ہے۔ یہ تمام امور ایسے ہیں جن سے سوائے مرزاصاحب کو کافر قرار دینے اور کوئی نتیجہ اخذ نہیں ہوتا۔

مدعاعلیہ کی طرف سے مرزاصاحب کی بعض کتب کے حوالے دیئے جاکر یہ کہا گیا ہے کہ مرزاصاحب نے کسی نبی کی توہین نہیں کی۔ اس کا جواب سید انور شاہ صاحب گواہ مدعیہ نے خوب دیا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جب ایک جگہ کلمات توہین ثابت ہوگئے تو اگر ہزار جگہ کلمات مدحیہ لکھے ہوں اور ثناء خوانی بھی کی ہو تو وہ کفر سے نجات نہیں دلا سکتے۔ جیسا کہ تمام دنیا اور دین کے قواعد مسلمہ اس پر شاہد ہیں کہ اگر ایک شخص تمام عمر کسی کا اتباع اور اطاعت گزاری کرے اور مدح وثناء کرتا رہے۔ لیکن کبھی کبھی اس کی سخت توہین بھی کردے تو کوئی انسان اس کو مطیع اور معتقد واقعی نہیں کہہ سکتا۔

مدعاعلیہ کی طرف سے دیگر صوفیائے کرام کے بعض ایسے اقوال جو مرزاصاحب کے بعض اقوال کے مشابہ ہیں، بیان کئے جاکر یہ کہا گیا ہے کہ ان اقوال کی بناء پر پھر ان بزرگان کو کیونکر مسلمان سمجھا جاتا ہے۔ اس کا جواب بالفاظ سید انور شاہ صاحب گواہ مدعیہ درج کیا جاتا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم نے اولیاء اللہ کو ان کی طہارت تقویٰ اور تقدس کی خبریں سن کر اور ان کے شواہد افعال واعمال اور اخلاق سے تائید پاکر ولی مقبول تسلیم کرلیا ہے اور قرائن اور نشانیوں سے جو خارج معبوث عنہ سے ہوں۔ یعنی انہی شطحیات سے ان کی ولایت ثابت نہ کرتی ہو۔ بلکہ ولایت کو ان کی خارج سے پایۂ ثبوت کو پہنچی ہو جو طریقہ ثبوت کا ہے۔ اس کے بعد کہ ہم نے کسی کی ولایت تسلیم کی اور ہم اس تسلیم میں صواب پر تھے تو اس کے بعد اگر کوئی کلمہ مغائر یا موہم ہمارے سامنے پڑتا ہے تو ہم اس کی کوشش کرتے ہیں کہ اس کی توجیہہ کریں اور محل نکالیں اور یہ کہ اس کا ٹھکانہ کیا ہے۔ شطحیات کو ہی پہلے پیش کرنا اور اس پر دلالت کا جھمگٹ جمانا نافہم اور جاہل کا کام ہے۔ کسی شخص کی

راست بازی اگر جداگانہ تجارب سے اور جو طریقہ راست بازی ثابت کرنے کا ہے۔ ثابت ہوئی ہو تو پھر اگر کوئی کلمہ موہم اور مغالطہ میں ڈالنے والا اس کا سامنے آ گیا تو منصف طبیعتوں کے ذہن اس کی توضیح کریں گے اور عمل نکالیں گے۔ یہ عاقل کا کام نہیں ہے کہ راست بازی کسی کی ثابت ہونے سے پیشتر وہی کلمات مغالطہ پیش کر کے مسلم الثبوت مقبولوں پر قیاس کرے اور کہے کہ فلاں نے ایسا کیا۔ فلاں نے ایسا کیا۔ اس کا جواب مختصر یہ ہوگا کہ فلاں کی راست بازی جداگانہ اگر ہمیں کسی طریقہ اور دلیل سے معلوم ہے تو ہم محتاج توجیہ ہوں گے اور اگر زیر بحث یہی کلمات ہیں اور اس سے پیشتر کچھ سامان خیر کا ہے ہی نہیں تو ہم یہ کھوٹی پونجی اس کے منہ پر ماریں گے۔

مدعا علیہ کی طرف سے یہ بھی کہا گیا ہے کہ علماء نے یہ کہا ہے کہ اہل قبلہ کی تکفیر جائز نہیں اور کہ جو ''لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ'' کہے اس کو بھی کافر کہنا درست نہیں۔ وغیرہ وغیرہ! ان شبہات کا جواب بھی شاہ صاحب گواہ مدعیہ نے خود دیا ہے جو انہی کے الفاظ میں درج کیا جاتا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ یہ بات کہ اہل قبلہ کی تکفیر جائز نہیں بے علمی اور ناواقفیت پر مبنی ہے۔ کیونکہ حسب تصریح واتفاق علماء اہل قبلہ کے یہ معنی ہیں کہ جو قبلہ کی طرف منہ کرے وہ مسلمان ہے۔ چاہے سارے عقائد اسلام کا انکار ہی کرے۔ قرآن مجید میں منافقین کو عام کفار سے زیادہ کافر ٹھہرایا گیا ہے۔ حالانکہ وہ فقط قبلہ ہی کی طرف منہ ہی نہیں کرتے تھے۔ بلکہ تمام ظاہری احکام اسلام ادا کرتے تھے۔ اہل قبلہ سے مراد وہ لوگ ہیں، جنہوں نے کہ اتفاق کیا ضروریات دین پر اور یہ جو مسئلہ ہے کہ اہل قبلہ کی تکفیر نہیں، اس کی مراد یہ ہے کہ کافر نہیں ہوگا۔ جب تک کہ نشانی کفر کی اور علامتیں کفر کی اور کوئی چیز موجبات کفر میں سے نہ پائی گئی ہو۔

دوسرا شبہ یہ کہ یہ کہا جاتا ہے کہ یہ لوگ نماز، روزہ، حج اور زکوٰۃ تمام ارکان اسلام کے پابند اور تبلیغ اسلام میں کوشش کرنے والے ہیں، پھر ان کو کیسے کافر کہا جائے۔

اس کے جواب میں انہوں نے ایک حدیث کا حوالہ دیتے ہوئے یہ فرمایا ہے کہ اس حدیث میں یہ تصریح ہے کہ یہ قوم جس کے متعلق آنحضرت ﷺ فرماتے ہیں کہ دین اسلام سے صاف نکل جائے گی اور ان کے قتل کرنے میں بڑا ثواب ہے۔ یہ لوگ نماز، روزے کے پابند ہوں گے۔ بلکہ ظاہری خشوع اور خضوع کی کیفیات بھی ایسی ہوں گی کہ ان کے نماز، روزے کے مقابلے میں مسلمان اپنے روزے کو بھی ہیچ سمجھیں گے۔ لیکن اس کے باوجود جب کہ بعض ضروریات دین کا انکار ان سے ثابت ہوا تو ان کی نماز، روزہ وغیرہ ان کو حکم کفر سے رہا نہ کر سکی۔

تیسرا شبہ یہ ہے کہ یہ کہا جاتا ہے کہ فقہاء نے ایسے شخص کو مسلمان ہی کہا ہے جس کی کلام میں ۹۹ وجہ کفر کی موجود ہو اور صرف ایک وجہ اسلام کی، اس کا جواب یہ ہے کہ اس کا منشاء بھی یہی ہے کہ بعض فقہاء کے الفاظ دیکھ لئے گئے اور اس کے معنی سمجھنے کی کوشش نہ کی گئی اور ان کے وہ اقوال دیکھے جن میں صراحتاً بیان کیا گیا ہے کہ یہ حکم اپنے عموم پر نہیں، بلکہ اس وقت ہے جب کہ قائل کا صرف ایک کلام میں مفتی کے سامنے آئے اور قائل کا دوسرا حال معلوم نہ ہو اور نہ اس کے کلام میں کوئی ایسی تصریح ہو جس سے معنی کفر متعین ہو جائے تو ایسی حالت میں مفتی کا فرض ہے کہ معاملہ تکفیر میں احتیاط برتے اور اگر کوئی خفیف سے خفیف احتمال ایسا نکل سکے۔ جس کی بناء پر یہ کلام کلمہ کفر سے بچ جائے تو اس احتمال کو اختیار کر لے اور اس شخص کو کافر نہ کہے۔ لیکن اگر ایک شخص کا یہی کلمہ کفر اس کی سینکڑوں تحریرات میں بعنوانات والفاظ مختلف موجود ہو جس کو دیکھ کر یہ یقین ہو جائے کہ یہی معنی کفری مراد لیتا ہے یا خود اپنے کلام میں معنی کفری کی تصریح کر دے تو باجماع فقہاء اس کو ہرگز مسلمان نہیں کہہ سکتے۔ بلکہ قطعی طور پر ایسے شخص پر کفر کا حکم لگایا جائے گا۔

چوتھا شبہ یہ ہے کہ اگر کوئی کلمۂ کفر کسی تاویل کے ساتھ کہا جائے تو کفر کا حکم نہیں۔

اس کا جواب یہ ہے کہ اس میں بھی تصریحات فقہاء سے ناواقفیت کار کن ہے۔ حضرات فقہاء اور متکلمین کی تصریحات موجود ہیں کہ تاویل اس کلام اور اس چیز میں مانع تکفیر ہوتی ہے جو ضروریات دین میں سے نہ ہو۔ لیکن ضروریات دین میں اگر کوئی تاویل کرے اور

اجماعی عقیدہ کے خلاف کوئی نیا معنی تراشے تو بلا شبہ اس کو کافر کہا جائے گا۔ اسے قرآن مجید نے الحاد اور حدیث نے اس کا نام زندیق رکھا ہے۔ زندیق اسے کہتے ہیں جو مذہبی لٹریچر بدلے، یعنی الفاظ کی حقیقت بدل دے۔ مرزا صاحب نے جیسا کہ اوپر دکھلایا جاچکا ہے۔ بہت سے اسلامی عقائد کے حقائق بدل دیئے ہیں۔ گوان کے الفاظ وہی رہنے دیئے ہیں۔ اس لئے ان کو حسب تصریحات مذکورہ بالا کافر ہی قرار دینا پڑے گا اور ان عقائد کے تحت ان کا اتباع کرنے والا بھی اس طرح ہی کافر سمجھا جائے گا۔

مدعاعلیہ کی طرف سے گواہان مدعیہ پر ایک یہ اعتراض بھی وارد کیا گیا ہے کہ وہ دیوبندی عقائد سے تعلق رکھنے والے ہیں اور علماء دیوبند کے خلاف فتویٰ تکفیر شائع ہو چکا ہے۔ اس لئے ایک شخص جو خود کافر ہو وہ کس طرح دوسرے کے متعلق کفر کا فتویٰ دے سکتا ہے۔

اس کا جواب مدعیہ کی طرف سے ایک تو یہ دیا گیا ہے کہ اس کے تمام گواہان دیوبندی صاحبان نہیں ہیں۔ مثلاً شیخ الجامعہ صاحب، مولوی محمد حسین صاحب اور مولوی نجم الدین صاحب۔ دوسرا دیوبندی صاحبان کے خلاف فتویٰ تکفیر ایک غلط فہمی کی بناء پر دیا گیا تھا جو بعد میں واپس لیا جاچکا ہے۔ اگر یہ صحیح نہ بھی ہو تو بھی مدعاعلیہ کی حجت اس بناء پر صحیح نہیں کہ ان کی رائے کو بطور فتویٰ قبول نہیں کیا گیا۔ بلکہ ان کی پیش کردہ دلائل پر مدعاعلیہ کے پیش کردہ دلائل کے مقابلہ میں تنقید کی جائز رائے قائم کی گئی ہے۔ اس لئے چاہے وہ کسی فرقہ سے تعلق رکھنے والے ہوں۔ ان کی ذاتی رائے پر کوئی عمل نہیں کیا گیا۔ بلکہ دیکھا گیا ہے کہ قرآن شریف اور احادیث کی رو سے کس فریق کے دلائل صحیح ہیں اور کس کے غلط۔ اس لئے ان کے خلاف اگر کوئی فتویٰ تکفیر ہو بھی تو اس معاملہ میں اثر انداز نہیں ہوسکتا۔

اس کے علاوہ مدعاعلیہ کی طرف سے یہ کہا گیا ہے کہ مدراس ہائی کورٹ نے اپنے فیصلہ میں یہ قرار دیا تھا کہ اس سوال کو عقائد قادیانی سے ارتداد واقع ہوتا ہے یا نہ۔ علماء اسلام ہی بہتر فیصلہ کر سکتے ہیں۔ لہٰذا علماء اسلام کی تحقیق کے لئے یہ دیکھنا ضروری ہے کہ جن لوگوں نے اس مقدمہ میں شہادتیں دی ہیں اور اس پر فتویٰ کفر لگایا ہے، وہ خود بھی مسلمان ہیں یا نہ اور اس طرح فیصلہ کرنے والے کا مسلمان ثابت ہونا بھی ضروری ہے۔

اس کا جواب یہ ہے کہ ہر دو فریق کا ادّعا ہے کہ وہ مذہب اسلام سے تعلق رکھتے ہیں۔ لیکن چند اہم اور بنیادی مسائل کے متعلق ہر دو کا اختلاف ہے اور وہ ایک دوسرے کو کافر کہتے ہیں۔ لہٰذا اس بارہ میں عام دنیاوی اصول کے مطابق رائے اس فرقہ کی غالب سمجھی جائے گی، جس میں اکثریت ہو۔ یہ اکثریت بحق مدعیہ پائی جاتی ہے۔ اس لئے فریق مدعیہ کی رائے ہی غالب رہے گی اور اسے مسلمان اور اقلیت کو کافر سمجھا جائے گا۔ لہٰذا اس قرارداد کے تحت مدعیہ کے کسی گواہ کے خارجی طور پر مسلمان ثابت کئے جانے کی ضرورت نہیں اور فیصلہ کنندہ بھی اس ذیل میں مسلمان شمار ہوگا۔ علاوہ ازیں مدعاعلیہ نے اپنی بحث میں جب مدراس ہائی کورٹ کے فیصلہ کو شرعاً درست تسلیم کر کے اپنے اوپر حجت مان لیا ہے تو کوئی وجہ معلوم نہیں ہوتی کہ شرعاً عدالت ہذا کا فیصلہ اس پر حجت نہ ہو سکے۔

گواہان مدعیہ پر مدعاعلیہ کی طرف سے کنایۃً اور بھی کئی ذاتی حملے کئے گئے ہیں۔ مثلاً انہیں علماء سوء کہا گیا ہے اور یہ کہا گیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے خود ہی ایسے مولویوں کو جو ذریۃ البغایا میں مخاطب ہیں۔ بندر اور سور کا لقب دیا ہے اور دوسری حدیث میں فرمایا ہے کہ وہ آسمان کے نیچے سب سے بدتر مخلوق ہوں گے۔ لیکن ملاحظہ مثل سے ہر عقل مند آدمی اندازہ لگا سکتا ہے کہ طرفین کے علماء میں سے ان احادیث کا صحیح مصداق کون ہیں۔

مرزا صاحب کے دعویٰ نبوت کے سلسلہ میں ایک اور مسئلہ پر بھی مختصر بحث کی ضرورت ہے وہ یہ کہ مرزا صاحب اپنے آپ کو اس لئے بھی نبی سمجھتے ہیں کہ انہیں مسیح موعود ہونے کا بھی دعویٰ ہے اور مسیح موعود کو چونکہ احادیث میں نبی اللہ کہا گیا ہے۔ اس لئے مرزا صاحب نبی اللہ ہوئے۔ اس کے متعلق جیسا کہ اوپر دکھلایا گیا ہے۔ مسلمانوں کا عقیدہ یہ ہے کہ مسیح موعود حضرت عیسیٰ بن مریم ہی ہیں اور آخر زمانہ میں

وہی آسمان سے نزول فرمائیں گے اور وہ چونکہ پہلے سے نبی اللہ ہیں۔ اس لئے پھر بھی نبی اللہ ہوں گے۔ مگر وہ عمل شریعت محمدیہ پر کریں گے۔ اپنی شریعت پر نہیں چلیں گے۔ اس کی مثال مدعیہ کی طرف سے یہ دی گئی ہے کہ جیسے کسی دوسرے علاقہ کا گورنر، کسی دوسرے گورنر کے علاقہ میں چلا جائے تو وہاں اپنے عہدہ سے گو وہ گورنر شمار ہوگا۔ لیکن دوسرے گورنر کے علاقہ میں وہ اس گورنر کی حکومت کے تابع ہوکر رہے گا۔ اپنے علاقہ کے قوانین یا آئین پر عمل پیرا نہیں ہوسکے گا۔ اس لئے رسول اللہ ﷺ چونکہ قیامت تک کے لوگوں کے لئے مبعوث ہوئے ہیں۔ اس لئے قیامت تک آپ کی شریعت ہی نافذ رہے گی اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام اس شریعت کے تحت عمل پیرا ہوں گے۔

اس مثال سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا امتی نبی ہونا تو واضح ہو جاتا ہے۔ لیکن آج کل کے تعلیم یافتہ لوگوں کو نزول مسیح کا عقیدہ بہت عجب معلوم ہوتا ہے اور ان کے ذہن اس بات کو قبول نہیں کرتے کہ کس طرح ایک شخص کئی ہزار سال کے بعد دنیا میں واپس آسکتا ہے۔ شک نہیں کہ علوم جدیدہ کی روشنی میں یہ مسئلہ بہت کچھ قابل اعتراض معلوم ہوتا ہے اور جیسا کہ مولانا محمود علی صاحب اپنی کتاب دین وآئین میں لکھتے ہیں۔ اس قسم کے اعتراضات سے عہدہ برآ ہونے کے لئے جواب دینے والے بالعموم یہ روش اختیار کرتے ہیں کہ جن قباحتوں کے چہرہ پر موجودہ مسلمات کا روغن قازل دیا جاتا ہے، ان کو قباحت سمجھنے کے سواء کوئی چارہ کار نہیں دیکھتے اور جس جملہ کے ساتھ فلسفہ اور سائنس کا نقارہ بجتا ہوا سن پاتے ہیں، اپنے ہوش وحواس کو اس کے مقابلہ پر قائم رکھنے کی جرأت نہیں کرتے اور ایک مجرم کی طرح اپنی بریت کی یہی صورت دیکھتے ہیں کہ اپنے فعل کو دلیری کے ساتھ حق بجانب ثابت کرنے کی بجائے ہاتھ جوڑ کر اس کے ارتکاب سے انکار کریں اور مذہب کی حمایت میں صرف یہ کہہ کر دامن چھڑائیں کہ جس مسئلہ پر اعتراض ہے وہ اسلامی اصولوں میں داخل نہیں۔ مولانا موصوف آگے لکھتے ہیں، ایسے اعتراضوں کے ایسے جواب آج کل فیشن میں داخل ہیں اور جواب دینے والے گویا یقین کر لیتے ہیں کہ تہذیب جدید جس امر پر قبیح ہونے کا فتویٰ صادر کرتی ہے۔ اس میں کوئی حسن باقی نہ رہا ہوگا۔ ان کا بس چلتا ہے تو قرآن وحدیث پر ان دونوں سے جس طرح بن پڑتا ہے۔ رہائی پانے کی سبیل نکال لیتے ہیں۔ اپنے ذاتی خیالات کو اسلام اور ایسے اسلام کو سب اعتراضوں سے پاک تصور کر لیتے ہیں۔

مسئلہ نزول مسیح بھی اسی قبیل کا ہے کہ جس پر اس قسم کے اعتراض وارد کئے جاتے ہیں۔ لیکن جو شخص قرآن پر اعتماد رکھتا ہے اس سے پر یقین رکھنے میں کوئی تردد نہیں ہوسکتا۔ کیونکہ قرآن مجید میں ایک شخص کو سوسال کے بعد زندہ کرنے کا واقعہ موجود ہے۔ اسی طرح اصحاب کہف تین سوسال سے زائد عرصہ تک غار میں بحالت خواب پڑے رہے۔ اس لئے وہ امور اگر ذات باری کے لئے ناممکنات میں سے نہ تھے تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا دوبارہ دنیا میں بھیجنا بھی اس کے آگے کوئی مشکل نہیں۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش جس طرح غیرمعمولی طریق پر ہوئی، اس طرح ان کے نزول کو بھی غیرمعمولی طریق پر وقوع میں آنا تصور کیا جاسکتا ہے۔ باقی رہا اس پیش گوئی کی صداقت کا سوال، سو اس کے صحیح ہونے میں کوئی شبہ نہیں کیا جاسکتا۔ اگر یہ پیش گوئی صحیح نہ ہوتی تو مرزاصاحب نے جہاں کئی دیگر متواترات کا انکار کیا تھا۔ وہاں اس کا بھی انکار فرمادیتے۔ لیکن وہ بھی اس کی صحت سے انکار نہیں کر سکے اور اس کی ممکن سے ممکن جو بھی تاویل ہوسکتی تھی وہ بیان کرنے میں انہوں نے کوئی دریغ نہیں کیا۔ لیکن اوپر بحث سے پایا جاتا ہے کہ قرآن واحادیث کی رو سے وہ تاویل درست ثابت نہیں ہوئی اور سوائے اس کے کہ یہی عقیدہ رکھا جائے کہ اس پیش گوئی کی رو سے حضرت عیسیٰ ابن مریم ہی دنیا میں واپس تشریف لائیں گے۔ اس کا اور کوئی حل نہیں ہوسکتا۔ کیونکہ ان کے سواء آنحضرت ﷺ کے بعد اور کوئی نیا نبی نہیں ہوسکتا۔ اس لئے اس عقیدہ کو اگر قائم رکھا جائے تو جو لوگ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کے وقت زندہ ہوں گے انہیں خود اس پیش گوئی کی تصدیق ہو جائے گی اور جو اس سے قبل فوت ہوں گے۔ خداوند تعالیٰ ان کے ساتھ وہی معاملہ فرمائے گا کہ جو ان سے قبل اس عقیدہ پر وفات پاتے رہے۔ البتہ اس عقیدہ کو چھوڑنے والا ضرور گنہگار رہوگا۔ کیونکہ وہ حضور ﷺ کے فرمان کا مکذب سمجھا جائے گا۔

باقی رہا یہ سوال کہ آیا حضور ﷺ نے یہ فرمایا بھی ہے یا نہ۔ کیونکہ شکی طبیعتیں یہ کہہ سکتی ہیں کہ احادیث کی تدوین چونکہ بہت مدت کے بعد ہوئی۔ اس لئے کیونکر پورے اطمینان سے یہ کہا جاسکتا ہے کہ راویوں کو احادیث کے پورے الفاظ یاد رہے ہیں یا یہ کہ ان الفاظ سے رسول اللہ ﷺ کی مراد وہی تھی جو کہ ان راویوں نے سمجھی۔ اس کا جواب تو علماء ہی بہتر دے سکتے ہیں۔ میرے نزدیک اس کا موٹا جواب یہ ہے کہ اگر یہ حدیث ہو صحیح اور ہم نے اس کا عقیدہ دیا چھوڑ تو قیامت کے دن ہم جواب دہ ہوں گے اور اگر یہ حدیث صحیح نہ بھی ہو تو اس پر محض ایک عقیدہ رکھنے سے جو قرآن کے کسی صورت میں بھی مخالف نہیں پایا جاتا، ہمارا کیا بگڑتا ہے۔ لہٰذا بہرحال ہمیں اس پر عقیدہ رکھنا لازمی ہے۔

مدعاعلیہ کی طرف سے ایک یہ مغالطہ پیدا کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ اگر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول مانا جائے تو اس سے یہ سمجھا جائے گا کہ رسول اللہ ﷺ کی امت میں سے ایسا کوئی شخص اہلیت نہ رکھتا تھا کہ اسے لوگوں کی اصلاح کے لئے مامور فرمایا جاتا اور اس سے امت کی توہین لازم آئے گی۔

اس کا ایک جواب تو یہ ہے کہ خداوندتعالیٰ کی طرف سے کسی شخص کا مامور ہونا، اس کے کسی استحقاق کی بناء پر نہیں ہوتا۔ دوسرا احادیث سے پتہ چلتا ہے کہ اس وقت امت کی حالت بہت ابتر ہوگی۔ اس لئے ممکن ہے کہ اس وقت تک کوئی بھی اس فرض کے سرانجام دینے کا اہل نہ پایا جائے۔ اس لئے مخلوق کی اصلاح کے لئے سابقہ انبیاؤں میں سے ہی ایک کو واپس لایا جانا ضروری سمجھا گیا ہو۔ یہ باتیں مشیت ایزدی سے تعلق رکھتی ہیں۔ اس لئے ان میں کوئی رائے زنی نہیں کی جاسکتی۔

ہمارے دلوں میں شکوک دراصل اس لئے پیدا ہوتے ہیں کہ ہم ہدایت قرآنی پر پوری طرح پابند نہیں ہیں۔ اگر ہم تمام احکام ربانی پر عمل کریں تو اس حالت کے نتائج ہی اعتراض کرنے والوں کو خاموش کر دیتے ہیں اور جیسا کہ مولانا محمود علی صاحب نے اپنے ایک اور مضمون میں تحریر فرمایا ہے۔ جب تک مسلمان ''لقد کان لکم فی رسول اللہ اسوۃ حسنہ'' پر عمل عامل رہے۔ انہیں نہ خود کوئی تکلیف پیش آئی اور نہ دوسروں پر اثر ڈالنے کے لئے کسی دشواری کا سامنا ہوا اور جب قوم کی قوم ہی ایک رنگ میں رنگین ہو تو ایسا منظر شکوک کو غبار بنا کر اڑا دیتا ہے اور اعتراض کی گنجائش نہیں چھوڑتا۔ مگر افسوس! جیسا کہ مولانا اپنی کتاب محولہ بالا میں تحریر فرماتے ہیں کہ سب سے بڑی ضرورت بلکہ زندگی کا واحد مقصد آج کل یہ قرار پا گیا ہے کہ انسانی زندگی کی ہر ساعت اور ہر ثانیہ کے اندر تمام تر توجہ اس مادی سامان کے مہیا کرنے، اس کو کام میں لانے اور اس کے نتائج سے لطف اٹھانے پر مبذول رہے اور موجودہ زندگی کے بعد کوئی خیال اور اس کے لئے کسی عمل اور کسب کا کوئی ارادہ اور اس دنیا سے باہر کسی ہستی کے ساتھ تعلق رکھنے کا کوئی وہم بھی دل میں نہ آنے پائے اور اپنی تمام کوششوں کا محور اس دنیا کو اور یہاں کی چندروزہ زندگی کو سمجھنا صحیح اصول کار رہے۔ یہ حالت کیوں پیش آئی۔

اس کا جواب بھی مولانا محمود علی صاحب کی ایک تحریر سے دیا جاتا ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ: ''قرآن کے پیش کرنے والے جو زبان سے کہتے ہیں وہ کر کے نہیں دکھلاتے اور وعظ ونصیحت میں فصاحت قرآنیہ پر انسانی طرز کلام کو ترجیح دے کر منطقی موشگافیوں اور شاعرانہ مبالغوں سے کام لیتے ہیں اور رہنمائی سے زیادہ اپنے فضل وکمال کی نمائش چاہتے ہیں۔ حالانکہ اہل ایمان پر نہ بحث نہ مناظرہ فرض ہے نہ منطقیانہ موشگافیوں اور فلسفیانہ معرکہ آرائیوں کی ضرورت۔ وہی روشنی ہدایت جو کلام الٰہی نے پیش کی ہے اس طرز ادا سے جو اس ہادی برحق نے اختیار کی ہے، ہر عالم وجاہل تک پہنچا دینے کی ضرورت ہے۔ سب کا ہدایت پانا اور تمام مخلوق کا ایک راہ اختیار کرنا ممکن نہیں۔ ورنہ کلام الٰہی میں اب بھی وہی کشش ہے اور قرآن کریم کے اندر جذب قلوب کا وہی اثر غافل انسانوں کو خواب غفلت سے جگانے والا اور تشنہ گان

ہدایت کو شراب معرفت سے سیراب کرنے والا اگر ہے، تو صرف قرآن کریم اور اس کلام مبارک کا ایک ایک لفظ چشم بینا کو محو حیرت کرنے اور دل دانا کا دامن کھینچنے میں وہ تأ ثیر دکھاتا ہے جو آئینہ پر جمال یار اور پر کاہ پر کہربا۔‘‘

مدعا علیہ کی طرف سے اس بات پر بہت زور دیا گیا ہے کہ علماء وائمہ کی اندھی تقلید درست نہیں۔ یہ ٹھیک ہے۔ قرآن مجید میں ہر شخص کو خود بھی تدبر کرنا چاہئے۔ لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ تمام قواعد ودیگر لوازمات کو جو معنی اخذ کرنے کے لئے ضروری ہیں۔ پس پشت ڈال کر اپنی سمجھ پر چلنا شروع کر دیا جائے۔ جیسا کہ خود مدعا علیہ کے اپنے گواہان کے طرز عمل سے ظاہر ہوتا ہے کہ ایک تو آیت:’’وبالاخرۃ ھم یوقنون‘‘ کے یہ معنی کرتا ہے کہ یوم آخرت پر بھی ایمان رکھتے ہیں اور دوسرا آخرت کے معنی زمانہ آخر کی وحی بتلاتا ہے۔ ذرا احمدی صاحبان خود بھی تو سوچیں کہ انہوں نے دین کو کیا مذاق بنا رکھا ہے۔ اس بحث کے بعد اب اصل معاملہ متنازعہ کو طے کرنے کے لئے یہ بتلانا ہے کہ اسلام کے وہ کون سے بنیادی اصول ہیں کہ جن سے اختلاف کرنے سے ارتداد واقع ہو جاتا ہے یا یہ کہ کن اسلامی عقائد کی پیروی نہ کرنے سے ایک شخص مرتد سمجھا جاسکتا ہے اور کہ عقائد قادیانی سے ارتداد واقع ہوتا ہے یا نہ۔

اوپر کی تمام بحث سے یہ ثابت کیا جاچکا ہے کہ مسئلہ ختم نبوت اسلام کے بنیادی اصولوں میں سے ہے اور کہ رسول اللہ ﷺ کو خاتم النّبیین بایں معنی نہ ماننے سے کہ آپ آخری نبی ہیں ارتداد واقع ہو جاتا ہے اور کہ عقائد اسلام کی رو سے ایک شخص کلمہ کفر کہہ کر بھی دائرہ اسلام سے خارج ہو جاتا ہے۔ مدعا علیہ مرزا غلام احمد صاحب کو عقائد قادیانی کی رو سے نبی مانتا ہے اور ان کی تعلیم کے مطابق یہ عقیدہ رکھتا ہے کہ امت محمدیہ میں قیامت تک سلسلہ نبوت جاری ہے۔ یعنی کہ وہ رسول اللہ ﷺ کو خاتم النّبیین بمعنی آخری نبی تسلیم نہیں کرتا۔ آنحضرت ﷺ کے بعد کسی دوسرے شخص کو نیا نبی تسلیم کرنے سے جو قباحتیں لازم آتی ہیں۔ ان کی تفصیل اوپر بیان کی جاچکی ہے۔ اس لئے مدعا علیہ اس اجماعی عقیدہ امت سے منحرف ہونے کی وجہ سے مرتد سمجھا جائے گا اور اگر ارتداد کے معنی کسی مذہب کے اصولوں سے بکلی انحراف کے لئے جاویں تو بھی مدعا علیہ مرزا صاحب کو نبی ماننے سے ایک نئے مذہب کا پیرو سمجھا جائے گا۔ کیونکہ اس صورت میں اس کے لئے قرآن کی تفسیر اور معمول بہ مرزا صاحب کی وحی ہوگی نہ کہ احادیث واقوال فقہاء جن پر یہ اس وقت تک مذہب اسلام قائم چلا آیا ہے اور جن میں سے بعض کے مستند ہونے کو خود مرزا صاحب نے بھی تسلیم کیا ہے۔

علاوہ ازیں احمدی مذہب میں بعض احکام ایسے ہیں کہ جو شرع محمدی پر مستزاد ہیں اور بعض اس کے خلاف ہیں۔ مثلاً چندہ ماہواری کا دینا جیسا کہ اوپر دکھلایا گیا ہے۔ زکوٰۃ پر ایک زائد حکم ہے۔ اس طرح غیر احمدی کا جنازہ نہ پڑھنا کسی احمدی کی لڑکی غیر احمدی کو نکاح میں نہ دینا۔ کسی غیر احمدی کے پیچھے نماز نہ پڑھنا شرع محمدی کے خلاف اعمال ہیں۔

مدعا علیہ کی طرف سے ان امور کی توجیہیں بیان کی گئی ہیں کہ وہ کیوں غیر احمدی کا جنازہ نہیں پڑھتے۔ کیوں ان کو نکاح میں لڑکی نہیں دیتے اور کیوں ان کے پیچھے نماز نہیں پڑھتے۔ لیکن یہ توجیہیں اس لئے کار آمد نہیں کہ یہ امور ان کی پیشواؤں کے احکام میں مذکور ہیں۔ اس لئے وہ ان کے نقطۂ نگاہ سے شریعت کا جزو سمجھے جائیں گے جو کسی صورت میں بھی شرع محمدی کے موافق تصور نہیں ہوسکتے۔ اس کے ساتھ جب یہ دیکھا جائے کہ وہ تمام غیر احمدی کو کافر سمجھتے ہیں تو ان کے مذہب کو مذہب اسلام سے ایک جدا مذہب قرار دینے میں کوئی شک نہیں رہتا۔ علاوہ ازیں مدعا علیہ کے گواہ مولوی جلال الدین شمس نے اپنے بیان میں مسیلمہ وغیرہ کاذب مدعیان نبوت کے سلسلہ میں جو کچھ کہا ہے۔ اس سے یہ پایا جاتا ہے کہ گواہ مذکورہ کے نزدیک دعویٰ نبوت کاذبہ ارتداد ہے اور کاذب مدعی نبوت کو جو مان لے وہ مرتد سمجھا جاتا ہے۔

مدعیہ کی طرف سے یہ ثابت کیا گیا ہے کہ مرزا صاحب کاذب مدعی نبوت ہیں۔ اس لئے مدعا علیہ بھی مرزا صاحب کو نبی تسلیم

کرنے سے مرتد قرار دیا جائے گا۔لہٰذا ابتدائی تنقیحات جو ۴؍نومبر ۱۹۲۶ء کو عدالت منصفی احمد پور شرقیہ سے وضع کی گئی تھیں۔بحق مدعیہ ثابت قرار دے جا کر یہ قرار دیا جاتا ہے کہ مدعا علیہ قادیانی عقائد اختیار کرنے کی وجہ سے مرتد ہو چکا ہے۔لہٰذا اس کے ساتھ مدعیہ کا نکاح تاریخ ارتداد مدعا علیہ سے فسخ ہو چکا ہے اور اگر مدعا علیہ کے عقائد کو بحث مذکورہ بالا کی روشنی میں دیکھا جائے تو بھی مدعا علیہ کے ادّعا کے مطابق مدعیہ یہ ثابت کرنے میں کامیاب رہی ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے بعد کوئی امتی نبی نہیں ہوسکتا اور کہ اس کے علاوہ جو دیگر عقائد مدعا علیہ نے اپنے طرف منسوب کئے ہیں۔وہ گو عام اسلامی عقائد کے مطابق ہیں۔لیکن ان عقائد پر وہ انہیں معنوں میں عمل پیرا سمجھا جائے گا جو معنی مرزا صاحب نے بیان کئے ہیں اور یہ معنی چونکہ ان معنوں کے مغائر ہیں جو جمہور امت آج تک لیتی آئی۔اس لئے بھی وہ مسلمان نہیں سمجھا جاسکتا ہے اور ہر دو صورتوں میں وہ مرتد ہی ہے اور مرتد کا نکاح چونکہ ارتداد سے فسخ ہو جاتا ہے۔لہٰذا ڈگری بدیں مضمون بحق مدّعیہ صادر کی جاتی ہے کہ وہ تاریخ ارتداد مدعا علیہ سے اس کی زوجہ نہیں رہی۔مدّعیہ خرچہ مقدمہ بھی ازاں مدعا علیہ لینے کی حقدار ہوگی۔

اس ضمن میں مدعا علیہ کی طرف سے ایک سوال یہ پیدا کیا گیا ہے کہ ہر دو فریق چونکہ قرآن مجید کو کتاب اللہ سمجھتے ہیں اور اہل کتاب کا نکاح جائز ہے۔اس لئے بھی مدعیہ کا نکاح فسخ قرار نہیں دینا چاہئے۔اس کے متعلق مدعیہ کی طرف سے یہ کہا گیا ہے کہ جب دونوں فریق ایک دوسرے کو مرتد سمجھتے ہیں تو ان کو اپنے اپنے عقائد کی رو سے بھی ان کا باہمی نکاح قائم نہیں رہتا۔علاوہ ازیں اہل کتاب عورتوں سے نکاح کرنا جائز ہے نہ کہ مردوں سے بھی۔مدعیہ کے دعویٰ کے رو سے چونکہ مدعا علیہ مرتد ہو چکا ہے۔اس لئے اہل کتاب ہونے کی حیثیت سے بھی اس کے ساتھ مدعیہ کا نکاح قائم نہیں رہ سکتا۔مدعیہ کی یہ حجت وزن دار پائی جاتی ہے۔لہٰذا اس بناء پر بھی وہ ڈگری پانے کی مستحق ہے۔

مدعا علیہ کی طرف سے اپنے حق میں چند نظائر قانونی کا بھی حوالہ دیا گیا تھا۔ان میں سے پٹنہ اور پنجاب ہائی کورٹ کے فیصلہ جات کو عدالت عالیہ چیف کورٹ نے پہلے واقعات مقدمہ ہذا پر حاوی نہیں سمجھا اور مدراس ہائی کورٹ کے فیصلہ کو عدالت معلّٰی اجلاس خاص نے قابل پیروی قرار نہیں دیا۔باقی رہا عدالت عالیہ چیف کورٹ بہاول پور کا فیصلہ بمقدمہ مسمات جندوڈی بنام کریم بخش اس کی کیفیت یہ ہے کہ یہ فیصلہ جناب مہتہ اودھو داس صاحب جج چیف کورٹ کے اجلاس سے صادر ہوا تھا اور اس مقدمہ کا صاحب موصوف نے مدراس ہائی کورٹ کے فیصلہ پر ہی انحصار رکھتے ہوئے فیصلہ فرمایا تھا اور خود ان اختلافی مسائل پر جو فیصلہ مذکور میں درج تھے۔کوئی محاکمہ نہیں فرمایا تھا۔مقدمہ چونکہ بہت عرصہ سے دائر تھا۔اس لئے صاحب موصوف نے اسے زیادہ عرصہ معرض تعویق میں رکھنا، پسند نہ فرما کر باتباع فیصلہ مذکور اسے طے فرما دیا۔دربار معلّٰی نے چونکہ اس فیصلہ کو قابل پابندی قرار نہیں دیا جس فیصلہ کی بناء پر کہ وہ فیصلہ صادر ہوا۔اس لئے فیصلہ زیر بحث بھی قابل پابندی نہیں رہتا۔

فریقین میں سے مختار مدعیہ حاضر ہے۔اسے حکم سنایا۔مدعا علیہ کارروائی مقدمہ ہذا ختم ہونے کے بعد جب کہ مقدمہ زیر غور تھا۔فوت ہوگیا ہے۔

اس کے خلاف یہ حکم زیر آرڈر ۲۲، رول ۶ ضابطہ دیوانی تصور ہوگا۔پرچہ ڈگری مرتب کیا جائے اور مسل داخل دفتر ہو۔

۷؍فروری ۱۹۳۵ء مطابق ۳؍ذیقعدہ ۱۳۵۳ھ

بمقام بہاول پور

دستخط: محمد اکبر ڈسٹرکٹ جج

ضلع بہاول نگر، ریاست بہاول پور